وما ينطق عن الهوى ○ إن هو إلا وحي يوحى ○

مصنف ابن ابی شیبہ مترجم

مؤلف

الامام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابی شیبہ العبسی الکوفی

المتوفی ۲۳۵ھ

جلد نمبر ۷

حدیث نمبر ۲۳۳۸۰ تا حدیث نمبر ۲۷۳۶۰

مترجم

مولانا محمد ادریس سرور غفرلہ

مکتبہ رحمانیہ (رجسٹرڈ)

اردو بازار لاہور

وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى ○ اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْيٌ يُّوْحٰى ○ سورہ نجم 4,3:27

مُصنّف ابنِ ابی شیبہ مترجم

جلد نمبر ۷

حدیث نمبر ۲۳۸۸۰ تا حدیث نمبر ۲۷۲۶۰

مؤلف

الامام ابی بکر عبداللہ بن محمد بن ابی شیبہ العبسی الکوفی

المتوفی ۲۳۵ھ

مترجم

مولانا محمد اویس سرور مدظلہ

MAKTABA-E-REHMANIA

مکتبہ رحمانیہ (رجسٹرڈ)

اقرا سنٹر غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور

فون: 042-37224228-37355743

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جملہ حقوق ملکیت بحق ناشر محفوظ ہیں

مکتبہ رحمانیہ (رجسٹرڈ)

نام کتاب ÷ مُصنّف ابن ابی شیبہ مترجم (جلد نمبر ۷)

مترجم ÷ مولانا محمد اویس سرور ظلہٗ

ناشر ÷ مکتبہ رحمانیہ (رجسٹرڈ)

مطبع ÷ خضر جاوید پرنٹرز لاہور

ضروری وضاحت

ایک مسلمان جان بوجھ کر قرآن مجید، احادیث رسول ﷺ اور دیگر دینی کتابوں میں غلطی کرنے کا تصور بھی نہیں کر سکتا بھول کر ہونے والی غلطیوں کی تصحیح و اصلاح کے لیے بھی ہمارے ادارہ میں مستقل شعبہ قائم ہے اور کسی بھی کتاب کی طباعت کے دوران اغلاط کی تصحیح پر سب سے زیادہ توجہ اور عرق ریزی کی جاتی ہے۔ تاہم چونکہ یہ سب کام انسانوں کے ہاتھوں ہوتا ہے اس لیے پھر بھی غلطی کے رہ جانے کا امکان ہے۔ لہٰذا قارئین کرام سے گزارش ہے کہ اگر ایسی کوئی غلطی نظر آئے تو ادارہ کو مطلع فرما دیں تاکہ آئندہ ایڈیشن میں اس کی اصلاح ہو سکے۔ نیکی کے اس کام میں آپ کا تعاون صدقہ جاریہ ہوگا۔ (ادارہ)

تنبیہ

ہمارے ادارے کا نام بغیر ہماری تحریری اجازت بطور ملنے کا پتہ، ڈسٹری بیوٹر، ناشر یا تقسیم کنندگان وغیرہ میں نہ لکھا جائے۔ بصورت دیگر اس کی تمام تر ذمہ داری کتاب طبع کروانے والے پر ہوگی۔ ادارہ ہذا اس کا جواب دہ نہ ہوگا اور ایسا کرنے والے کے خلاف ادارہ قانونی کارروائی کا حق رکھتا ہے،

اِقرأ سنٹر۔ غزنی سٹریٹ۔ اُردو بازار لاہور
فون: 042-37224228-37355743

اجمالی فہرست

جلد نمبر ۱

حدیث نمبر ۱ ابتدا تا حدیث نمبر ۴۰۳۶ باب: إذا نسی أن یقرأ حتی رکع، ثم ذکر وھو راکع

جلد نمبر ۲

حدیث نمبر ۴۰۳۷ باب: فِی کَنْسِ الْمَسَاجِدِ تا حدیث نمبر ۸۱۹۶ باب: فِی الْکَلَامِ فِی الصَّلَاۃ

جلد نمبر ۳

حدیث نمبر ۸۱۹۷ باب: فِی مَسِیْرَۃٍ کَمْ تُقصر الصَّلَاۃ

تا

حدیث نمبر ۱۲۲۷۱ باب: مَنْ کَرِہَ أَنْ یُسْتَقَی مِنَ الآبَارِ الَّتِی بَیْنَ الْقُبُوْرِ

جلد نمبر ۴

حدیث نمبر ۱۲۲۷۲ کتَابُ الأَیْمَانِ وَالنُّذُوْر

تا

حدیث نمبر ۱۶۱۵۱ کِتَابُ الْمَنَاسِکِ: باب: فِی الْمُحْرِمِ یَجْلِسُ عَلَی الْفِرَاشِ الْمَصْبُوغ

جلد نمبر ۵

حدیث نمبر ۱۶۱۵۲ کِتَابُ النِّکَاح تا حدیث نمبر ۱۹۶۴۸ کِتَابُ الطَّلَاقِ باب: مَا قَالُوْا فِی الْحَیْضِ؟

جلد نمبر ۶

حدیث نمبر ۱۹۶۴۹ کِتَابُ الْجِھَادِ

تا

حدیث نمبر ۲۳۸۷۹ کِتَابُ الْبُیُوعِ باب: الرّجل یقول لِغُلَامِہٖ مَا أَنْتَ إِلَّا حُرّ

جلد نمبر ۷

حدیث نمبر ۲۳۸۸۰ کِتَابُ الطِّبّ

تا

حدیث نمبر ۲۷۲۶۰ کِتَابُ الْأَدَبِ باب: مَنْ رَخَّصَ فِي الْعِرَافَةِ

جلد نمبر ۸

حدیث نمبر ۲۷۲۶۱ کِتَابُ الدِّيَاتِ

تا

حدیث نمبر ۳۰۹۴۴ کِتَابُ الْفَضَائِلِ وَالْقُرْآنِ باب: فِي نَقْطِ الْمَصَاحِفِ

جلد نمبر ۹

حدیث نمبر ۳۰۹۴۵ کِتَابُ الْإِيمَانِ وَالرُّؤْيَا

تا

حدیث نمبر ۳۳۴۸۷ کتَابُ السِّيَرِ باب: مَا قَالُوا فِي الرَّجُلِ يَسْتَشْهِدُ يغسّل أم لا؟

جلد نمبر ۱۰

حدیث نمبر ۳۳۴۸۸ باب: مَنْ قَالَ يُغَسَّلُ الشَّهِيدُ

تا

حدیث نمبر ۳۶۸۸۲ کِتَابُ الزُّهْدِ باب: مَا قَالُوا فِي الْبُكَاءِ مِنْ خَشْيَةِ اللهِ

جلد نمبر ۱۱

حدیث نمبر ۳۶۸۸۳ کِتَابُ الْأَوَائِلِ تا حدیث نمبر ۳۹۰۹۸ کِتَابُ الْجُمَلِ

فہرست مضامین

کِتَابُ الطِّبِّ

- جن لوگوں نے دوائی اور طب میں رخصت کا کہا ہے (ان کے دلائل) ۲۵
- جو لوگ علاج کو ناپسند سمجھتے ہیں (ان کے دلائل) ۲۷
- دست آور دواء کے پینے کے بارے میں (روایات) ۲۹
- جن روایات میں رخصت دی گئی ہے ۳۰
- جو لوگ حقنہ کو ناپسند کرتے ہیں (ان کے دلائل) ۳۱
- جن لوگوں نے حقنہ کی اجازت دی ہے (ان کے دلائل) ۳۲
- دھاگے اور تعویذات باندھنے (اور لٹکانے) کے بارے میں (روایات) ۳۳
- عجوہ کھجور کے بارے میں جو احادیث مروی ہیں کہ یہ زہر وغیرہ کے لئے مفید ہے ۳۶
- نومولود بچہ کو کھجور کے ذریعہ تحنیک کرنے کے بارے میں احادیث ۳۷
- سوتے وقت اثمد سرمہ لگانے کا کہنے والے حضرات کے دلائل ۳۸
- ہر آنکھ میں کتنی مرتبہ سرمہ لگایا جائے؟ ۳۹
- شراب اور عرقِ کھجور کے ذریعہ علاج کرنے کے بارے میں (احادیث) ۳۹
- بھوسے اور شہد سے بنے ہوئے حریرہ کے بیان میں ۴۱
- پچھنے سر میں کس جگہ لگوائے جائیں؟ ۴۲
- کسی کو پلانے کے لئے قرآن مجید لکھنے کے جواز کے بیان میں (احادیث) ۴۳
- جن لوگوں نے اس کو ناپسند کیا ہے۔ (ان کی احادیث) ۴۴
- اس آدمی کے بارے میں جس کو سحر یا زہر ہو جائے اور وہ علاج کروائے ۴۵

- جوحضرات کاہن، جادوگر اور نجومی کے پاس جانے کو پسند نہیں کرتے (ان کی احادیث) ۴۸
- جن لوگوں نے بچھو اور زہر کے تعویذ میں اجازت دی ہے (ان کے دلائل) ۴۹
- پہلو کے پھوڑے کے تعویذ کی اجازت دینے والے حضرات ۵۱
- جن لوگوں نے تعویذات لٹکانے کی اجازت دی ہے ۵۲
- بچھو کے تعویذ کے بیان میں، وہ تعویذ کیا ہے؟ ۵۳
- جوحضرات تعویذات میں پھونک مارنے کو پسند نہیں کرتے ۵۴
- جولوگ دم تعویذات میں پھونک مارنے کی اجازت دیتے ہیں ۵۵
- مریض کے بارے میں، کس چیز سے دم کیا جائے اور کس سے تعویذ دیا جائے ۵۷
- دم پر کچھ (عوض) لینے میں اجازت دینے والوں کا بیان ۶۲
- جولوگ نظر کے دم کی اجازت دیتے ہیں ۶۵
- اس آدمی کے بارے میں جو کسی شئی سے ڈرتا ہو ۶۸
- داغنے کے بارے میں جن لوگوں نے اجازت دی ہے ۷۱
- داغنے اور تعویذ کرنے کی کراہت کے بیان میں ۷۴
- جولوگ رگوں کو کاٹنے میں رخصت دیتے ہیں ۷۶
- جولوگ رگوں کے کاٹنے کو ناپسند کرتے ہیں ۷۷
- پھوڑے توڑنے کے بارے میں محدثین جو کچھ کہتے ہیں ۷۷
- حلق کے کوے کو کاٹنے کے بیان میں ۷۷
- جن لوگوں نے گدھی کے دودھ کو جائز قرار دیا ہے اور جن لوگوں نے اس کو مکروہ سمجھا ہے (ان کا بیان) ۷۸
- اونٹوں کے پیشاب کو پینے کا بیان ۷۹
- زہر کے اثر کو ختم کرنے والی دواء ۸۱
- جولوگ تریاق کو ناپسند سمجھتے ہیں ۸۲
- مریض کے لئے پرہیز کا بیان ۸۳
- بخار زدہ کے لئے پانی کا استعمال ۸۴
- کس دن میں حجامت کروانا (یعنی پچھنے لگوانا) مستحب ہے ۸۵
- حجامت (پچھنے) کے بارے میں، جولوگ اس کو بہترین علاج کہتے ہیں ۸۶
- شہد کے بارے میں جو روایات ہیں ۸۸

- کھمبی کے بارے میں ۹۰
- جانور کے زخم پر خنزیر کا بال رکھنے کے بارے میں ۹۱
- عقیقہ کے خون کے ذریعہ سر کی مالش کرنا ۹۱
- بھیڑیے کے پتے کے ذریعہ علاج کرنے کے بیان میں ۹۱
- بواسیر کاٹنے کے بیان میں ۹۱
- جانور پر غلبہ پا کر جانور کا علاج کرنے والے شخص کے بیان میں ۹۲
- جندبادستر کے بارے میں ۹۲
- کتے کے گوشت کے ذریعہ علاج کرنے کے بیان میں ۹۲
- چوتھے دن آنے والا بخار اور اس کے بارے میں اقوال ۹۳
- مینڈک کے گوشت کے ذریعہ علاج کرنے کے بیان میں ۹۳
- لومڑی کے گوشت کے ذریعہ علاج کرنے کے بیان میں ۹۴
- جس آدمی کے لئے یہ تجویز کیا گیا ہو کہ وہ اپنا خون پیے ۹۴
- عورت مرجائے اور اس کے پیٹ میں بچہ ہو تو اس عورت کے ساتھ کیا کیا جائے گا؟ ۹۴
- جو لوگ دھوپ کو ناپسند کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ بیماری ہے ۹۵
- جو لوگ کہتے ہیں زمزم کے پانی میں شفاء ہے ۹۶
- پانی کو مشکیزہ میں رکھنے کا بیان اور یہ بات کہ کس وقت اس کو بہایا جائے گا ۹۶
- جب آدمی کھانا کھائے اور دائیں کروٹ پر تکیہ لگائے ۹۷
- فرات اور دجلہ کے پانی کے بارے میں ۹۷
- جو لوگ دوائی میں پیشاب ملانے کو مکروہ سمجھتے ہیں ۹۷
- عورت کی ٹوٹی ہوئی ہڈی وغیرہ کو مرد کا جوڑنا ۹۸
- کمزوری کا علاج ۹۹
- گھوڑے کے سُم کے زخم کا تعویذ ۹۹

كِتَابُ الْأَشْرِبَةِ

- جو لوگ نشہ آور چیز کو حرام قرار دیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ حرام ہے اور اس سے منع کرتے ہیں ۱۰۰

- نبی کریم ﷺ نے برتنوں کی ممانعت کے بارے میں مروی احادیث ۱۰۹
- جولوگ سبز گھڑے کو مکروہ سمجھتے ہیں اور اس سے منع کرتے ہیں ۱۱۶
- کھجور کا غیر پختہ عرق کیا ہے؟ ۱۲۰
- کشمش بھگویا ہوا شراب اور انگور کی نبیذ ۱۲۲
- عصری (کسی شئی کا شیرہ، عرق وغیرہ) پینے کے بیان میں جولوگ اس کو ناپسند کرتے ہیں جب کہ یہ جوش مارنے لگے ... ۱۲۵
- نبیذ میں رخصت اور اس کو پینے والوں کا ذکر ۱۲۷
- جن لوگوں نے سبز گھڑے کی نبیذ کی اجازت دی ہے ۱۳۶
- باب: برتنوں میں پینے کے بارے میں ۱۴۲
- برتنوں کی جو تفسیر کی گئی ہے اور یہ برتن کون سے ہیں؟ ۱۴۵
- سیسہ میں نبیذ جولوگ اس کو مکروہ سمجھتے ہیں ۱۴۶
- شیشہ میں نبیذ پینے کی رخصت دینے والے حضرات ۱۴۷
- بوتلوں میں نبیذ، اور بوتلوں میں پینا ۱۴۸
- نبیذ کی تلچھٹ میں رخصت دینے والے حضرات ۱۴۹
- جولوگ نبیذ میں تلچھٹ کو ناپسند کرتے تھے ۱۵۱
- طلاء کے بارے میں جن لوگوں نے کہا ہے کہ جب اس کے دو تہائی ختم ہو جائیں تو پھر تم اس کو پی لو ۱۵۱
- کچی، پکی کھجور اور کشمش کو ملانے کے بارے میں، جولوگ اس سے منع کرتے ہیں ۱۵۷
- جو حضرات طلاء کو نصف رہ جانے پر پینے میں رخصت دیتے ہیں ۱۶۲
- طلا اور پختہ عصیر نبیذ بنانے کا بیان ۱۶۳
- کھولی ہوئی گندم کی علیحدہ نبیذ کے بارے میں ۱۶۴
- چٹنی میں شراب ڈالنے کے بارے میں ۱۶۵
- شراب کے بارے میں آمدہ روایات ۱۶۵
- خمر کو سرکہ بنانے کے بارے میں ۱۷۲
- جو شراب سرکہ بن جائے ۱۷۳
- جولوگ کھڑے ہو کر پینے کی اجازت دیتے ہیں ۱۷۴
- جولوگ کھڑے ہونے کی حالت میں کچھ پینے کو مکروہ سمجھتے ہیں ۱۷۷
- مشک کے منہ سے پانی پینے کے بارے میں ۱۷۸

- جولوگ برتن کے منہ سے پینے کی اجازت دیتے ہیں ۱۷۹
- سونے اور چاندی کے برتن میں پینے کا بیان ۱۷۹
- چاندی چڑھے ہوئے برتن کے بارے میں جوحضرات رخصت دیتے ہیں ۱۸۱
- جوحضرات چاندی چڑھے ہوئے برتن میں پینے کومکروہ سمجھتے ہیں ۱۸۳
- پیالہ میں ٹوٹی ہوئی جگہ سے پینے کے بارے میں ۱۸۴
- جوحضرات ایک سانس میں پینے کی رخصت دیتے ہیں ۱۸۵
- جولوگ برتن کے اندر سانس لینے کو ناپسند سمجھتے ہیں ۱۸۶
- جولوگ برتن میں سانس لینے کو درست سمجھتے ہیں ۱۸۶
- جولوگ کھانے پینے میں پھونک مارنے کو ناپسند سمجھتے ہیں ۱۸۸
- کھانے، پینے کی چیز میں جولوگ پھونک مارنے کی اجازت دیتے ہیں ۱۸۹
- مشروب پیش کرنے کے بارے میں ۱۹۰
- جوآدمی پانی پیئے تو وہ دائیں طرف سے آغاز کرے ۱۹۰
- مشروبات میں جو پسندیدہ ہیں ۱۹۱
- گیہوں سے بنایا ہوا مشروب ۱۹۳
- جوحضرات کہتے ہیں جب (کوئی مشروب) تمہیں سخت محسوس ہوتو تم اس کو پانی ملا کر توڑ ڈالو ۱۹۳
- منہ لگا کر..... نہر وغیرہ سے..... پینے کے بیان میں ۱۹۵
- مشروب کو ڈھانپنا اور مشکیزہ کو باندھنا ۱۹۶
- بادام کے ستو پینے کے بارے میں ۱۹۷
- لوگوں کو پلانے والا ۱۹۷
- صدقہ کے پانی میں سے پینے کے بارے میں ۱۹۸

كِتَابُ الْعَقِيقَةِ

- جولوگ عقیقہ کو مانتے ہیں ۱۹۹
- عقیقہ کے بارے میں، بچہ کی طرف سے کتنے اور بچی کی طرف سے کتنے (جانور) ۲۰۱
- جولوگ کہتے ہیں کہ بچہ اور بچی میں برابری کی جائے گی ۲۰۲

- کون سے دن عقیقہ ذبح کیا جائے گا ۲۰۳
- عقیقہ کے بارے میں کہ اس کا گوشت کھایا جائے گا ۲۰۴
- جولوگ کہتے ہیں کہ عقیقہ کی ہڈی نہیں توڑی جائے گی ۲۰۵
- جوحضرات کہتے ہیں جب بچہ کی طرف سے قربانی ہوتو یہ عقیقہ کی طرف سے بھی کافی ہوجاتی ہے ۲۰۶
- جب عقیقہ کو ذبح کیا جائے تو کیا کہا جائے ۲۰۶
- جولوگ اونٹنی کو عقیقہ میں ذبح کرتے ہیں ۲۰۷
- جولوگ کہتے ہیں بچی کا عقیقہ نہیں ہوتا ۲۰۷

كِتَابُ الأَطْعِمَةِ

- خرگوش کھانے کے بارے میں ۲۰۸
- جولوگ خرگوش کھانے کو ناپسند کرتے ہیں ۲۱۰
- بجّو کھانے کے بارے میں ۲۱۱
- عتیرہ اور فرعہ کے بارے میں ۲۱۲
- گھوڑے کا گوشت کھانے کے بارے میں جو اقوال ہیں ۲۱۵
- خچروں کے گوشت کے بارے میں اقوال ۲۱۷
- پالتو گدھوں کے بارے میں ۲۱۸
- جولوگ کہتے ہیں پالتو گدھے کھائے جائیں گے ۲۲۰
- گوہ کھانے کے بارے میں جو اقوال ہیں ۲۲۱
- تلی کھانے کے بارے میں ۲۲۷
- مجوس کے کھانے سے کھانے کے بارے میں اقوال ۲۲۸
- کفار کے برتنوں میں کھانے کے بارے میں ۲۳۰
- گھی میں چوہا گر جائے تو اس میں اقوال ۲۳۱
- پنیر اور اس کے کھانے والے کے بارے میں ۲۳۴
- جوحضرات کہتے ہیں کہ جب تم اپنے مسلمان بھائی کے ہاں جاؤ تو تم اس کے کھانے سے کھاؤ ۲۳۸
- بائیں ہاتھ سے کھانا، پینا ۲۴۰

- انگلیاں چاٹنے کے بارے میں ۲۴۲
- گر جانے والے لقمہ کے بارے میں جولوگ کہتے ہیں کہ کھالیا جائے اور چھوڑا نہ جائے ۲۴۴
- پیالہ کے درمیان سے کھانے کے بارے میں ۲۴۵
- آدمی بیت الخلاء سے نکلے اور وضو کرنے سے قبل کھانا کھائے ۲۴۵
- کتنی انگلیوں سے کھانا ہے؟ ۲۴۶
- جو حضرات کہتے ہیں کہ تھوم کھایا جائے گا ۲۴۷
- جو حضرات تھوم کھانے کو ناپسند کرتے ہیں ۲۴۸
- دو دو کھجوریں ملانے کے بارے میں ۲۵۱
- جو حضرات، اپنے گھر میں کھجور رکھنے کو مستحب سمجھتے ہیں ۲۵۲
- کھانے پر بسم اللہ پڑھنا ۲۵۳
- جو لوگ تکیہ لگا کر کھاتے تھے ۲۵۶
- جو شخص اپنے اہل خانہ کے لئے گوشت خریدتا ہے ۲۵۸
- جو حضرات گوشت کی مداومت کو ناپسند کرتے تھے ۲۵۹
- جذام والے آدمی کے ساتھ کھانا ۲۶۰
- جو حضرات مجذوم سے پرہیز کرتے تھے ۲۶۲
- جو لوگ کہتے ہیں کہ مومن ایک آنت میں کھاتا ہے ۲۶۳
- جو حضرات کہتے ہیں کہ ایک کا کھانا دو کو کافی ہوتا ہے ۲۶۴
- ایسی دو چیزوں کا باب، جن میں سے ایک، دوسرے کے ساتھ کھائی جاتی ہے ۲۶۴
- کوئی آدمی کسی آدمی کے پاس آئے اور وہ اس کو کوئی شئی تحفہ کرے ۲۶۵
- بندر کے گوشت کے بارے میں ۲۶۵
- سیہہ کے گوشت کے بارے میں ۲۶۵
- ٹڈی کھانے کے بارے میں ۲۶۶
- جو حضرات ٹڈی نہیں کھاتے ۲۶۸
- ہانڈی میں پرندہ گر کر مر جائے تو کیا حکم ہے ۲۶۹
- بام مچھلی کے بارے میں ۲۷۰
- چھوٹے کچھوے اور بڑے کچھوے کے گوشت کے بارے میں ۲۷۱

- کھانے کے بعد خلال کرنے کا بیان ۲۷۲
- گندگی کھانے والے جانوروں کے گوشت کے بارے میں ۲۷۲
- جولوگ کہتے ہیں: بہترین سالن سرکہ ہے ۲۷۴
- جو شخص مردار کھانے پر مجبور ہو جائے اس کے لیے کیا حکم ہے؟ ۲۷۵
- دسترخوان پر کھانا کھانے کا بیان ۲۷۵
- مجوسی عورت آدمی کی خدمت کر سکتی ہے ۲۷۵
- درندہ کھانے کے بارے میں ۲۷۶

کِتَابُ اللِّبَاسِ

- جو حضرات ریشم سے بنے ہوئے کپڑے کی اجازت دیتے ہیں ۲۷۷
- ریشم پہننے کے بارے میں اور اس کے پہننے میں کراہت کے بارے میں ۲۸۱
- جو حضرات دوران جنگ عذر والے شخص کو ریشم پہننے کی اجازت دیتے ہیں اور جو حضرات اس کو ناپسند کرتے ہیں ۲۸۶
- جو عورتوں کے لئے (بھی) ریشم کو ناپسند کرتے ہیں ۲۸۸
- جولوگ کپڑے میں ریشم میں سے نشانی لگانے کی اجازت دیتے ہیں ۲۸۹
- جولوگ ریشم کی نشانی لگانے کو (بھی) مکروہ سمجھتے ہیں اور اس کی اجازت نہیں دیتے ۲۹۱
- عورتوں کے لئے خام ریشم اور اعلیٰ قسم کے ریشم کا بیان ۲۹۲
- باریک اور عمدہ کپڑے کے پہننے کے بارے میں ۲۹۳
- مردوں کے لئے معصفر (زرد رنگ) کپڑا پہننے کے بارے میں، اور جو حضرات اس میں رخصت کے قائل ہیں ۲۹۴
- جولوگ مردوں کے لئے معصفر کو ناپسند کرتے ہیں ۲۹۶
- عورتوں کے لئے معصفر کے بارے میں ۲۹۸
- مردوں کے لئے زرد کپڑوں کے بارے میں ۳۰۰
- پوستین لگا کپڑا پہننے کے بارے میں ۳۰۲
- مردار کی دباغت دی ہوئی کھال سے بنائے ہوئے لباس کے بارے میں ۳۰۴
- جو حضرات عورتوں کے لئے ریشم پہننے میں رخصت کے قائل ہیں ۳۰۶
- عورتوں کے لئے قباطی (مقامِ قبط کی طرف منسوب) لباس کے پہننے کا بیان ۳۰۸

- ایسا کپڑا پہننے کے بارے میں جس میں صلیب ہو ۳۰۹
- جو حضرات قمیص پہنتے ہیں اور اس پر بٹن نہیں لگاتے ۳۰۹
- شلوار کو کھینچنے کے بارے میں اور اس کے متعلق روایات ۳۱۰
- ازار کی جگہ کہاں پر ہے؟ ۳۱۳
- جو حضرات غیر مزکی موزے اور جوتے پہننے کو مکروہ سمجھتے تھے ۳۱۷
- قمیص کی لمبائی میں کہ کتنی ہو اور اپنے کھینچنے میں کہاں تک ہو ۳۱۷
- قمیص کی آستین کی لمبائی میں کہ وہ کہاں تک ہو ۳۱۸
- ازار کے بارے میں کہ اس کی کمر پر کون سی جگہ ہے؟ ۳۱۹
- بڑی ٹوپی پہننے کے بارے میں ۳۲۰
- جانگیہ پہننے کے بیان میں ۳۲۱
- پائجامہ پہننے کے بارے میں ۳۲۲
- جو حضرات یہ کہتے ہیں۔ جب تک تم اسراف اور تکبر نہ کرو تو جو چاہو پہنو ۳۲۳
- عورت کے دامن کے بارے میں۔ وہ کتنا ہو ۳۲۶
- مرد ارکی اُون کے بارے میں ۳۲۷
- اُون اور چادروں وغیرہ کے پہننے میں ۳۲۸
- جو حضرات مہنگے کپڑے خریدتے تھے ۳۳۰
- سوتی کپڑا پہننے کے بارے میں ۳۳۰
- جب آدمی جوتے پہنے تو کون سا پاؤں پہلے پہنے؟ ۳۳۱
- ایک جوتے میں چلنے کے بارے میں، جو حضرات اس کو مکروہ سمجھتے ہیں ۳۳۲
- جو حضرات ٹوٹا جوتا درست کرنے تک ایک جوتے میں چلنے کی اجازت دیتے ہیں ۳۳۳
- کھڑے ہونے کی حالت میں آدمی کا جوتا پہننا ۳۳۴
- اُن حضرات کے جوتوں کے بیان میں کہ وہ کیسے ہوتے تھے؟ ۳۳۵
- بچوں کے لئے گھونگرو کے بارے میں ۳۳۶
- سیاہ عماموں کے بارے میں ۳۳۷
- سفید عمامہ پہننے کے بارے میں ۳۴۰
- خز (ریشم اور اُون سے کپڑا) کا عمامہ ۳۴۰

- دو کندھوں کے درمیان عمامہ کو لٹکانے کا بیان ۳۴۱
- جو حضرات ایک بل کے ساتھ عمامہ باندھتے تھے ۳۴۲
- لمبی (سائبان والی) ٹوپی پہننے کے بارے میں ۳۴۳
- بُرنس (لمبی ٹوپی) پہننے کے بارے میں ۳۴۴
- لومڑیوں (کی کھالوں سے بنے ملبوس) کو پہننے کے بیان میں ۳۴۴
- مہندی سے رنگنے کا بیان ۳۴۴
- جو لوگ سیاہ خضاب کرنے کی اجازت دیتے ہیں ۳۴۸
- جو لوگ سیاہ خضاب کو ناپسند کرتے ہیں ۳۴۹
- داڑھی کو زرد خضاب کرنے کے بارے میں ۳۵۱
- جو حضرات داڑھی کو سفید ہی رہنے دیتے تھے اور خضاب نہیں کرتے تھے ۳۵۴
- بڑے بال اور زلفیں رکھنے کے بارے میں ۳۵۶
- جب آدمی نیا کپڑا پہنے تو کیا کہے؟ ۳۵۹
- جو حضرات زیادہ بالوں کو ناپسند کرتے ہیں ۳۶۱
- انگوٹھی کا نقش اور جو کچھ اس کے بارے میں ہے ۳۶۲
- انگوٹھی میں قرآن کی آیت نقش کروانے کے بارے میں ۳۶۵
- چاندی کی انگوٹھی کے بارے میں ۳۶۶
- لوہے کی انگوٹھی کے بارے میں ۳۶۷
- جو حضرات لوہے کی انگوٹھی کو ناپسند کرتے ہیں ۳۶۸
- جو حضرات سونے کی انگوٹھی کو ناپسند کرتے ہیں ۳۶۸
- جو حضرات اس کی اجازت دیتے ہیں ۳۷۱
- جو حضرات نگینہ کو ہتھیلی کی طرف رکھتے ہیں ۳۷۳
- جو حضرات بائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہنتے تھے ۳۷۳
- جو حضرات دائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہننے کی اجازت دیتے ہیں ۳۷۴
- جو لوگ سیاہ موزے کی اجازت دیتے اور اس کو پہنتے ہیں ۳۷۵
- مزین تلواروں کو استعمال کرنے کا حکم ۳۷۶
- جو لوگ اپنی تلوار کو لوہے سے مزین کرتے ہیں ۳۷۷

- گھر میں تصویروں کا بیان ۳۷۸
- جو حضرات گھروں میں تصاویر کے ہوتے ہوئے اندر داخل ہونے کی اجازت دیتے ہیں ۳۸۱
- تصویر بنانے والے کے بارے میں جو وارد ہے ۳۸۱
- لباس میں سے جو مکروہ ہے ۳۸۳
- بال جوڑنے والی اور بال جڑوانے والی کے بارے میں ۳۸۵
- سرخ بچھونوں اور سرخ زینوں پر سوار ہونا ۳۸۷
- چیتوں (کی کھالوں) پر سوار ہونے کے بارے میں ۳۸۹
- دیواروں کو کپڑوں سے ڈھانپنے کا بیان ۳۹۰
- عورتوں کا زین پر سوار ہونا ۳۹۱
- عورت کے بارے میں کہ وہ ازار کیسے باندھے ۳۹۱
- لوہے کی جوتی کا حکم ۳۹۲
- دانتوں پر سونا چڑھانے کا بیان ۳۹۲
- جن حضرات کے نزدیک شہرت کے لئے لباس اختیار کرنا مکروہ ہے ۳۹۳
- بچوں کے سروں پر کچھ بال بلا مونڈے چھوڑنے کا بیان ۳۹۴
- جو حضرات انگوٹھی نہیں پہنا کرتے تھے ۳۹۴
- جو حضرات مردہ جانور کی کھال اور ہڈیوں سے کسی قسم کا فائدہ حاصل کرنے کے قائل نہ تھے ۳۹۵
- خنزیر کے بالوں کو موزے میں استعمال کرنے کا حکم ۳۹۶
- تشہد کی انگلی میں یا درمیانی انگلی میں انگوٹھی پہننے کا بیان ۳۹۶
- تصویروں والے تکیے پر ٹیک لگانا کیسا ہے؟ ۳۹۷

كِتَابُ الأَدبِ

- ان روایات کا بیان جو نرمی اور محبت کرنے کے بارے میں ذکر کی گئیں ۴۰۰
- ان روایات کا بیان جو اچھے اخلاق اور بُرے اخلاق کے مکروہ ہونے کے بارے میں ذکر کی گئیں ۴۰۲
- ان روایات کا بیان جو حیا اور اس کی فضیلت کے بارے میں ذکر کی گئیں ۴۰۷
- ان روایات کا بیان جو رحم کے ثواب کے بارے میں ذکر کی گئیں ۴۱۰

- اس بات کا بیان کہ آدمی کے لئے مناسب نہیں کہ وہ اپنے بھائی سے قطع تعلقی کرے ۴۱۲
- ان روایات کا بیان جو غصہ کے بارے میں ہیں، اور آدمی غصہ میں کیا کہے ۴۱۴
- بعض لوگوں نے نیکی اور صلہ رحمی کے بارے میں یوں فرمایا ۴۱۷
- ان روایات کا بیان جو والدین سے نیک سلوک کے بارے میں ذکر کی گئیں ۴۲۰
- والد پر بچہ کے حق کا بیان ۴۲۳
- ان روایات کا بیان جو پڑوسی کے حق کے بارے میں منقول ہیں ۴۲۴
- ان روایات کا بیان جو نیکی کرنے کے بارے میں منقول ہیں ۴۲۶
- لڑکیوں پر نرمی کرنے کا بیان ۴۲۷
- جن لوگوں نے صبح کے وقت سونے کو نومۃ الضحیٰ کہا، اور اس بارے میں جو روایات منقول ہیں ۴۲۹
- جن لوگوں نے صبح کے سونے کی رخصت دی ۴۳۰
- اس آدمی کا بیان جو اپنی بیوی کو ادب سکھلاتا ہو ۴۳۱
- ان روایات کا بیان جو دو چہروں والے کے بارے میں منقول ہیں ۴۳۲
- آدمی ناک کیسے صاف کرے اور کون سے ہاتھ سے صاف کرے؟ ۴۳۳
- بعض لوگوں نے کہا کہ آدمی اپنی سواری کے سینہ کا اور اپنے بستر کا زیادہ حق دار ہے ۴۳۴
- جو لوگ اپنی مونچھیں نہیں کتروا تے تھے ۴۳۵
- بعض لوگوں نے داڑھی چھانٹنے کے بارے میں یوں کہا ۴۳۶
- بعض لوگوں نے داڑھی برابر کرنے اور اس کے کناروں کے بال چھانٹنے کے بارے میں یوں کہا ۴۳۸
- ان روایات کا بیان جن میں آدمی کو داڑھی بڑھانے اور مونچھ کے چھانٹنے کا حکم دیا گیا ۴۳۸
- اس آدمی کا بیان جو اس طریقہ سے بیٹھے کہ اپنی ایک ٹانگ دوسری ٹانگ پر رکھ لے ۴۴۰
- جنہوں نے ایک پاؤں کو دوسرے پاؤں پر رکھنے کو مکروہ سمجھا ہے ۴۴۳
- کسی آدمی کو مجلس میں جن باتوں کا حکم دیا گیا ہے ۴۴۴
- اس آدمی کا بیان جو کسی آدمی سے کوئی چیز لے تو اس کو چاہیے کہ وہ اسے دکھا دے ۴۴۶
- کسی آدمی کو برا بھلا کہنے اور اس کی غیبت سے رکنے کا بیان ۴۴۶
- اس آدمی کا بیان جو ہاتھی کے دانت کی بنی ہوئی کنگھی سے بال کنگھی کرے، اور ہاتھی کے دانت کی بنی ہوئی شیشی میں سے تیل لگائے ۴۵۰
- روزانہ تیل لگانے کا بیان ۴۵۱

- ان تین کا بیان جن میں سے دو سرگوشی کریں تیسرے کو چھوڑ کر ۴۵۱
- آدمی کو مسجد میں اسلحہ ظاہر کرنے اور سونتی ہوئی تلوار کے لینے سے روکا گیا ۴۵۲
- کسی آدمی کا دوسرے آدمی کے لیے اپنی جگہ سے اٹھ جانے کی کراہت کا بیان ۴۵۴
- اس آدمی کا بیان جو کسی آدمی کو دیکھ کر کھڑا ہو جائے ۴۵۵
- آدمی کے لیے تکیہ لگانے کا بیان ۴۵۶
- جو شخص یوں کہے: تم کسی بات کی سمجھ اسی سے حاصل کرو جس سے تم نے اس بات کو سنا ۴۵۷
- اس آدمی کا بیان جس کو مجلس اختیار کرنے اور دخل دینے کا حکم دیا گیا ہو ۴۵۷
- جو شخص یوں کہے: جب تم کسی قوم کے پاس جاؤ تو وہ جس جگہ تمہیں بٹھائیں تم بیٹھ جاؤ ۴۵۸
- جو آدمی کو کھ پر ہاتھ رکھ کر چلے ۴۵۹
- جو شخص یوں کہے: کہ جب کوئی آدمی کسی دوسرے آدمی کو کوئی بات بیان کرے اور کہے میری بات کو چھپانا تو یہ امانت ہے .. ۴۵۹
- ان روایات کا بیان جو جھوٹ کے بارے میں آئی ہیں ۴۶۰
- ان روایات کا بیان جو نفاق کی نشانیوں کے بارے میں ذکر کی گئیں ۴۶۲
- اس بات کا بیان کہ آدمی کے لیے ہر سنی ہوئی بات کا بیان کرنا مکروہ ہے ۴۶۴
- بردباری کا بیان اور اس بارے میں جو احادیث ذکر کی گئیں ۴۶۵
- جو یوں کہے: کہ حدیث بیان نہ کی جائے مگر اس شخص کو جو اس کا طالب ہو ۴۶۶
- اثمد سرمہ لگانے کا بیان ۴۶۶
- سرمہ لگانے کا بیان اور ہر آنکھ میں کتنی مرتبہ لگایا جائے اور جس نے اس کا حکم دیا ۴۶۷
- اس آدمی کا بیان جو کسی آدمی کے لیے لگام کو پکڑ لے ۴۶۸
- علم نجوم کی تعلیم کا بیان بعض لوگوں نے اس بارے میں کیا فرمایا؟ ۴۶۹
- اس شخص کا بیان جو تعلیم سکھلائے اور غلطی کرنے پر مارے ۴۷۰
- جو شخص یوں کہنے کو مکروہ سمجھے، نہیں اللہ کا شکر ۴۷۱
- جب کوئی آدمی بال کٹوائے یا پچھنے لگوائے یا اپنے ناخون کاٹے یا اپنی داڑھ کو اکھیڑ دے تو اس کو اس بات کا حکم دیا گیا ہے ... ۴۷۱
- اس آدمی کا بیان جو دوسرے آدمی کے پاس اجازت لینے سے قبل ہی بیٹھ جائے ۴۷۳
- اجازت مانگنے کا بیان ۴۷۴
- اس آدمی کا بیان جو دوسرے آدمی کے سلام کا جواب دے تو وہ کس طرح جواب دے؟ ۴۷۵
- اس آدمی کا بیان جو کسی دوسرے آدمی کو سلام پہنچائے تو اس کو یوں کہا جائے ۴۷۸

- جو شخص مکروہ سمجھے سلام کے جواب میں السلام علیک کہنے کو، یہاں تک کہ علیکم کہا جائے ۴۷۹
- اس آدمی کا بیان جو یوں کہے: کہ فلاں آدمی کو سلام کہہ دینا ۴۸۱
- جو شخص علیک السلام کہنے کو مکروہ سمجھے ۴۸۱
- اس آدمی کا بیان جو دوسرے آدمی سے جب بھی ملتا ہے تو سلام کرتا ہے ۴۸۲
- جن لوگوں نے سلام کے وقت مصافحہ کرنے کی رخصت دی ہے ۴۸۳
- مشرک سے مصافحہ کرنے کا بیان ۴۸۵
- دو آدمیوں کا ملاقات کرتے وقت گلے ملنے کا بیان ۴۸۵
- جن لوگوں نے یوں کہا: اس شخص کے بارے میں جس کو پیشاب کرتے ہوئے سلام کیا گیا ہو ۴۸۶
- سلام پھیلانے کا بیان ۴۸۷
- ان ذمیوں کا بیان جو سلام میں پہل کریں ۴۸۹
- اس شخص کا بیان جو سلام میں پہل کرے ۴۹۱
- ذمیوں کو سلام کا جواب دینے کا بیان ۴۹۱
- اس آدمی کا بیان جو دوسرے آدمی کو حیّاك الله کہے اور جنہوں نے اس کو مکروہ سمجھا یہاں تک کہ وہ سلام کر لے ۴۹۳
- اس آدمی کا بیان جو کسی آدمی کو سلام کرے تو اپنے ہاتھ سے اشارہ بھی کرے ۴۹۴
- بچوں کو سلام کرنے کا بیان ۴۹۴
- عورتوں کو سلام کرنے کا بیان ۴۹۵
- جو شخص یوں کہنے کو مکروہ سمجھے: زعموا انہوں نے گمان کیا ۴۹۷
- جن لوگوں نے لفظ "زعموا" کے استعمال میں رخصت دی ۴۹۸
- اس آدمی کا بیان جس سے یوں پوچھا جائے۔ تو نے کیسے صبح کی؟ ۴۹۹
- جو شخص اپنے پیچھے چلنے کو ناپسند سمجھے ۵۰۱
- اس آدمی کا بیان جو گھر میں داخل ہو تو وہ یوں کہے ۵۰۲
- یہودی اور نصرانی کے لیے یوں دعا کی جائے گی ۵۰۳
- اس آدمی کا بیان جو اجازت طلب کرے اور سلام نہ کرے ۵۰۴
- اس آدمی کا بیان جس کو یوں کہا جائے کہ سلامتی کے ساتھ داخل ہو جاؤ ۵۰۶
- اس آدمی کا بیان جو ایسے گھر میں داخل ہو جس میں کوئی نہ ہو ۵۰۶
- اس آدمی کا بیان جو یوں خط لکھے: اللہ کے نام کے ساتھ فلاں شخص کے لیے ۵۰۷

- اس آدمی کا بیان جو کسی آدمی کو خط لکھنا چاہتا ہے تو وہ کیسے خط لکھے ۵۰۸
- اس آدمی کا بیان جو خط میں ''امابعد'' لکھے ۵۰۹
- ذمیوں پر سلام کرنے کا بیان اور جو یوں کہے کہ ہم نشینی کا بھی کچھ حق ہے ۵۱۲
- سوار کا پیدل چلنے والے کو سلام کرنے کا بیان ۵۱۳
- کسی نصرانی کو کاتب بنانے کا بیان ۵۱۴
- جس شخص کا کوئی کاتب ہو اور جس نے کاتب رکھ لینے میں رخصت دی ۵۱۴
- جب کوئی شخص خط لکھے تو اپنی ذات سے ابتدا کرے ۵۱۵
- اس آدمی کا بیان جو کسی آدمی کی طرف خط لکھے اور اسی کے نام سے خط کی ابتدا کرے ۵۱۶
- ناموں کے بدلنے کا بیان ۵۱۷
- مکروہ ناموں کا بیان ۵۱۹
- پسندیدہ ناموں کا بیان ۵۲۰
- جن لوگوں نے ابوالقاسم کنیت رکھنے کی اجازت دی ۵۲۱
- سونے کے وقت آگ بجھانے کا بیان ۵۲۱
- گھر اور راستہ کو جھاڑو لگانے اور صاف کرنے کا بیان ۵۲۲
- نبی کریم ﷺ کی کنیت اور نام کو جمع کرنے کا بیان ۵۲۳
- جانور کو برا بھلا کہنے کا بیان ۵۲۵
- جو شخص اس بات کو مستحب سمجھتا ہو کہ وہ جب بھی بیٹھے تو قبلہ رخ ہو کر بیٹھے ۵۲۶
- عقل والے کی غیر عاقل پر فضیلت کا بیان ۵۲۷
- سفید بال اکھیڑنے کا بیان ۵۲۹
- سائے اور سورج کے درمیان میں بیٹھنے کا بیان ۵۳۰
- اس شخص کا بیان جو لوگوں کی بات غور سے سنتا ہے ۵۳۱
- جانور کو دیر تک کھڑا رکھنے کا بیان ۵۳۱
- اجازت طلب کرنے کا بیان۔ کتنی مرتبہ اجازت طلب کی جائے گی؟ ۵۳۲
- ان لوگوں کا بیان جن میں ایک آدمی اجازت مانگے تو کیا سب کے لیے یہ کافی ہے؟ ۵۳۳
- چھینکنے والے کو یرحمك الله کہہ کر دعا دینے کا بیان۔ اور جو شخص یوں کہتا ہے کہ یرحمك الله نہیں کہا جائے گا یہاں تک کہ چھینکنے والا الحمد لله کہے ۵۳۳

- کتنی مرتبہ یرحمک اللہ کہا جائے گا؟ ۵۳۵
- ذمیوں سے اجازت لینے کا بیان ۵۳۷
- جو مکروہ سمجھے کہ چھینکنے والا اپنی چھینک کے بعد یوں کہے ۵۳۸
- اس شخص کا بیان جو اکیلا چھینکے تو وہ کیا کہے؟ ۵۳۸
- جب چھینک آئے تو یوں کہے اور اس کو یوں کہا جائے گا ۵۳۸
- شعر کہنے میں رخصت کا بیان ۵۴۰
- جو شخص شعر کے آغاز میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لکھنے کو مکروہ سمجھے ۵۶۰
- جو توریہ کو مکروہ سمجھتا ہے اور جو اس کو پسند کرتا ہے ۵۶۲
- کسی کا اپنے بھائی کے لیے ان الفاظ کا استعمال کرنا مکروہ ہے ۵۶۳
- آدمی کے لیے مکروہ ہے کہ وہ خود کو کسی کی طرف منسوب کرے حالانکہ ایسی بات نہ ہو ۵۶۴
- ان روایات کا بیان جو علم سیکھنے اور سکھانے کے بارے میں آتی ہیں ۵۶۶
- اس آدمی کا بیان جو علم سیکھتا ہے، لوگوں کو دکھلانے اور بیان کرنے کے لیے ۵۶۸
- علم کی طلب میں سفر کرنے کا بیان ۵۶۹
- حدیث کا مذاکرہ کرنے کا بیان ۵۷۰
- چوسر کھیلنے کا بیان اور اس بارے میں جو روایات منقول ہیں ۵۷۱
- شطرنج کھیلنے کا بیان ۵۷۴
- چودہ گوٹ کھیلنے کا بیان ۵۷۴
- بچوں کے اخروٹ سے کھیلنے کا بیان ۵۷۶
- چوسر کھیلنے والوں کو سلام کرنے کا بیان ۵۷۶
- جو شخص پہلی بارش میں بھیگتا ہو ۵۷۷
- قصہ گو لوگوں کے پاس آنا اور ان کی مجلس اختیار کرنے کا بیان، اور جو شخص ایسا کرتا ہو اس کا بیان ۵۷۸
- جو شخص قصہ سنانے کو مکروہ سمجھتا ہے اور ایسا کرنے کی صورت میں مارے ۵۸۰
- اس آدمی کا بیان جو سلام کے وقت آدمی کے ہاتھ کا بوسہ لیتا ہو ۵۸۳
- اس آدمی کا بیان جو کسی آدمی کا نام حقارت سے لے ۵۸۴
- کپڑا لپیٹنے کا بیان اور اس بارے میں جو روایات ذکر کی گئیں ۵۸۴
- اس آدمی کا بیان جو رات گزارے اس حال میں کہ اس کے ہاتھ میں گوشت کی چکناہٹ لگی ہو ۵۸۵
- لوگوں سے مل جل کر رہنے اور خوش اخلاقی کا برتاؤ کرنے کا بیان ۵۸۵

- رسول اللہ ﷺ کی حدیث کے رعب کا بیان ۵۸۶
- آدمی کا دوسرے آدمی پر جھانکنے کی کراہت کا بیان ۵۸۸
- جان بوجھ کو نبی کریم ﷺ کی طرف جھوٹی بات منسوب کرنے کا بیان اور اس بارے میں جو روایات ذکر کی گئیں ۵۹۰
- اس شخص کا بیان جس سے سوال کیا جائے کہ تم بڑے ہو یا فلاں؟ تو وہ جواب میں کیا کہے؟ ۵۹۴
- اس آدمی کا بیان جو کسی آدمی کی تعریف کرے ۵۹۴
- جس نے مشورہ کرنے کا حکم دیا ۵۹۷
- ان روایات کا بیان جو ضروریات طلب کرنے کے بارے میں ذکر کی گئیں ۵۹۸
- اس آدمی کا بیان جو حدیث کو صحیح سندوں سے بیان کرے ۵۹۹
- جو شخص فارسی زبان میں کلام کرنے کو مکروہ سمجھے ۵۹۹
- جس نے فارسی میں بات کرنے کی رخصت دی ۵۹۹
- اس آدمی کا بیان جو لڑکا پیدا ہونے سے پہلے ہی کنیت اختیار کرلے اور اس بارے میں جو روایات منقول ہیں ۶۰۰
- کلام کی پسندیدہ چیزوں کا بیان ۶۰۱
- مصیبت میں مبتلا شخص کو اعوذ باللہ سنانا مکروہ ہے ۶۰۲
- آدمی کے لیے مناسب نہیں ہے کہ وہ یوں دعا کرے ۶۰۳
- خطوط کو جلانے اور ان کو مٹا دینے کا بیان ۶۰۳
- اس آدمی کا بیان جو خط پائے کیا وہ اس کو پڑھ لے یا نہ پڑھے؟ ۶۰۴
- کاپیوں میں حدیث لکھنے کا بیان ۶۰۴
- آدمی کو ان چیزوں کو گالی دینے سے منع کیا گیا ہے ۶۰۴
- مکروہ ہے آدمی کے لیے کہ اس کے پیچھے چلا جائے یا اس کے پاس جمع ہوا جائے ۶۰۵
- آدمی کے لیے مناسب ہے کہ وہ خود سیکھے اور اپنے بچہ کو سکھلائے ۶۰۶
- جو شخص تیراندازی سیکھے پھر اسے چھوڑ دے تو اس نے نعمت کی ناشکری کی ۶۰۷
- آدمی کے لیے مستحب ہے کہ اس سے ایسی خوشبو پائی جائے ۶۰۹
- جو عورت کے گھر سے نکلتے وقت خوشبو لگانے کو مکروہ سمجھتے ہیں ۶۱۱
- راستہ سے تکلیف دہ چیز ہٹا دینے کا بیان ۶۱۲
- راستہ پر قضائے حاجت کرنے کا بیان ۶۱۴
- مشک خوشبو لگانے کا بیان ۶۱۵
- جو مشک لگانے کو مکروہ سمجھتے ۶۱۶

- چھت پر رات گزارنے کا بیان ۶۱۶
- اس آدمی کا بیان جو اس شخص سے صلہ رحمی کرے جس سے اس کا والد صلہ رحمی کرتا ہے ۶۱۶
- لکھے ہوئے پر مٹی چھڑکنے کا بیان ۶۱۷
- خط کا جواب دینے کا بیان ۶۱۸
- ایک سواری پر تین لوگوں کے سوار ہونے کا بیان ۶۱۸
- جو سواری پر تین لوگوں کے سوار ہونے کو مکروہ سمجھے ۶۱۹
- جو شخص اپنے گھر والوں میں سے کسی کو نہیں چھوڑتا کہ وہ فجر کے بعد سے سورج طلوع ہونے تک سو جائیں ۶۲۰
- اس آدمی کا بیان جو تنہا گھر میں رات گزارے ۶۲۲
- جو شخص اپنی بات گھر والوں سے چھپاتا ہو ۶۲۲
- بدفالی کا بیان ۶۲۳
- جس نے بدفالی میں رخصت دی ۶۲۶
- جو شخص پسند کرتا ہے کہ اس سے پوچھا جائے اور یوں کہتا ہے کہ مجھ سے سوال کرو ۶۲۷
- جو اہل کتاب کی کتابوں کو دیکھنے کو مکروہ سمجھے ۶۲۸
- جس نے علم لکھنے کی رخصت دی ۶۳۰
- جو علم لکھنے کو مکروہ سمجھتا ہو ۶۳۲
- اس آدمی کا بیان جو علم کو چھپائے ۶۳۵
- جو شخص پسند کرتا ہے کہ وہ کیسے ہی حدیث کو بیان کرے جیسے اس نے سنی، اور جو اس بارے میں رخصت کے قائل ہیں ۶۳۵
- اس آدمی کا بیان جو اپنے ہاتھ میں دھاگہ باندھتا ہے تاکہ اس کے ذریعے یاد دہانی حاصل کرے ۶۳۶
- جو دف بجانے کو مکروہ سمجھے ۶۳۷
- ختنہ کرنے کا بیان اور جس نے ختنہ کیا ۶۳۷
- رخصتوں پر عمل کرنے کا بیان ۶۳۸
- جو یوں کہے: قوم کا بھانجا انہیں میں سے ہوتا ہے ۶۴۰
- اسرائیلی روایات بیان کرنے کی رخصت کے بارے میں ۶۴۱
- ان روایات کا بیان جو منسوخ بنانے کے بارے میں ذکر کی گئیں ۶۴۲
- زبان کو قابو رکھنے کا بیان ۶۴۳
- آدمی کے لیے مکروہ ہے کہ وہ ایسی بات کرے ۶۴۵
- اچھی تعریف کرنے کا بیان ۶۴۶

- لوگوں کو بیان کرنا اور ان کی توجہ حاصل کرنا ۶۴۶
- آدمی کا اپنے بھائی کو یوں کہنا: جزاك الله خيراً (اللہ تمہیں بہترین بدلہ عطا کرے) ۶۴۸
- آدمی جب سوئے اور جب بیدار ہو تو یہ دعا پڑھے ۶۴۸
- جو شخص یوں کہتا ہو: جب تم اپنے بستر پر لیٹنے لگو تو اپنا دایاں ہاتھ اپنے داہنے رخسار کے نیچے رکھو ۶۵۳
- آدمی جب صبح کرے تو وہ کون سی دعا پڑھے ۶۵۴
- گنے سے سرکہ بنانے اور نازبو کی لکڑی سے مسواک کرنے کا بیان ۶۵۷
- مجلسوں میں بیٹھنے کا بیان ۶۵۷
- اس آدمی کا بیان جو غیر کے بیٹے کو کہے: اے میرے بیٹے ۶۵۸
- جو شخص کسی دوسرے کے بیٹے کو یوں کہنا مکروہ سمجھے: اے میرے بیٹے! ۶۶۰
- جس جھوٹ کی رخصت دی گئی ہے ۶۶۰
- آدمی کی پردہ پوشی کرنا اور آدمی کا اپنے بھائی کی مدد کرنے کا بیان ۶۶۱
- آدمی کی بات کا دل میں اتر جانے کا بیان ۶۶۳
- جو یوں کہے: تم کسی کو گالی مت دو اور نہ کسی کو لعنت کرو ۶۶۳
- ان روایات کا بیان جو تکبر کے بارے میں ذکر کی گئیں ۶۶۴
- ان روایات کا بیان جو چغل خوری کے بارے میں منقول ہیں ۶۶۶
- ان روایات کا بیان جو احسان جتانے والے کے بارے میں منقول ہیں ۶۶۷
- ان روایات کا بیان جو حسد کے بارے میں منقول ہیں ۶۶۸
- فضول خرچی کا بیان ۶۶۹
- ان روایات کا بیان جو بخل کے بارے میں ذکر کی گئیں ۶۷۱
- ستون سے ٹیک لگا کر بیٹھنے کا بیان ۶۷۴
- جو ستون سے ٹیک لگا کر نہیں بیٹھتے تھے ۶۷۵
- ستارے کے پیچھے اپنی نظریں لگانے کا بیان ۶۷۵
- جو مکروہ سمجھے کسی چیز کے متعلق یوں کہنا۔ کوئی چیز نہیں ۶۷۶
- اس شخص کے بارے میں جس سے علم حاصل کیا جاتا ہے ۶۷۶
- جو مکروہ سمجھے یوں کہنے کو: گھر میں کوئی نہیں ہے ۶۷۷
- حدیث کو دوبارہ دہرانے کا بیان ۶۷۷
- جو شخص ایک آدمی کو وضو کرواتا ہے تو وہ کس جانب کھڑا ہو؟ ۶۷۷

- جو شخص ایک آدمی سے ملتا ہے اور سوال کرتا ہے کہ وہ کہاں سے آیا؟ ۶۷۸
- جھکی ہوئی دیوار کے نزدیک جلدی چلنے کا بیان ۶۷۸
- جو شخص دوسرے آدمی سے بھلائی کرتا ہے، وہ اس سے اس کا نام پوچھ لے ۶۷۸
- آدمی کا اپنے گھر والوں اور اپنی ذات پر خرچ کرنے کا بیان ۶۷۹
- اس شخص کا بیان جس کے چپل کا تسمہ ٹوٹ جائے تو وہ انا للہ وانا الیہ راجعون پڑھتا ہو ۶۸۰
- جو یوں کہنے کو مکروہ سمجھے کہ نبی کریم ﷺ کے بعد کوئی نبی نہیں ۶۸۱
- چیونٹی کو مارنے کا بیان ۶۸۲
- حدیث کی عبارت کا دوسری حدیث سے مقابلہ کرنے کا بیان ۶۸۲
- اس آدمی کا بیان جو کسی آدمی کو قصہ بیان کرے ۶۸۳
- اس آدمی کا بیان جو نماز کے علاوہ میں دائیں طرف تھوکتا ہو، اور کیسے تھوکا جائے ۶۸۳
- اس آدمی کا بیان جو دوسرے آدمی کے سامنے اظہار براءت کرتا ہے اس خبر سے جو اس شخص کو اس کے متعلق پہنچی ۶۸۴
- آدمی کے لیے اس کنیت کا اختیار کرنا مکروہ ہے ۶۸۵
- ان روایات کا بیان جو ہنسنے اور کثرت سے ہنسنے کے متعلق ذکر کی گئیں ۶۸۶
- ان روایات کا بیان جو آدھے دن کے وقت قیلولہ کرنے کے بارے میں ذکر کی گئیں ۶۸۶
- اس آدمی کا بیان جو منہ کے بل اوندھا لیٹتا ہو ۶۸۷
- مستحب ہے کہ کلام کی ابتدا ایسے کی جائے ۶۸۷
- جو بچہ آدمی کے پیچھے بھاگ رہا ہو اس حال میں کہ وہ سوار ہو ۶۸۸
- یتیم بچہ کو ادب سکھانے کا بیان ۶۸۹
- اس آدمی کا بیان جو یوں کہے: جو اللہ نے چاہا اور فلاں نے چاہا ۶۸۹
- آدمی کے جسم کے جس حصہ کا ظاہر ہونا مکروہ ہے ۶۹۰
- ان لوگوں کا بیان نبی کریم ﷺ نے جن کے درمیان بھائی چارہ قائم کیا ۶۹۱
- اس آدمی کا بیان جو اپنے بھائی کا مال لے لے ۶۹۲
- جو آدمی دوسرے شخص کو کہے: لبیک (میں حاضر ہوں) ۶۹۲
- جن لوگوں نے یوں کہا اس آدمی کے بارے میں جو اپنے لڑکے کو مقید کر دے ۶۹۳
- نگران بننے کی کراہت کا بیان ۶۹۴
- جس نے نگران بننے میں رخصت دی ۶۹۵

كِتَابُ الطِّبِّ

(۱) مَنْ رَخَّصَ فِي الدَّوَاءِ وَالطِّبِّ

جن لوگوں نے دوائی اور طب میں رخصت کا کہا ہے (ان کے دلائل)

(۲۳۸۸۰) حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ ، قَالَ : حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ ، عَنْ هِلاَلِ بْنِ يَسَافٍ قَالَ : جُرِحَ رَجُلٌ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، فَقَالَ : ادْعُوا لَهُ الطَّبِيبَ ، فَقَالُوا : يَا رَسُولَ اللهِ ، هَلْ يُغْنِي عَنْهُ الطَّبِيبُ؟ قَالَ : نَعَمْ ، إِنَّ اللَّهَ تَبَارَكَ وَتَعَالَى لَمْ يُنْزِلْ دَاءً ، إِلاَّ أَنْزَلَ مَعَهُ شِفَاءً. (احمد ۵/ ۲۷۱)

(۲۳۸۸۰) حضرت ہلال بن یساف سے روایت ہے۔ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں ایک آدمی زخمی ہو گیا تھا تو آپ ﷺ نے فرمایا۔ ''اس کے لئے طبیب کو بلاؤ'' صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا۔ کیا طبیب اس کو فائدہ دے گا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ''ہاں'' بلاشبہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے کوئی بیماری نہیں اتاری مگر یہ کہ اس کے ساتھ اس کی شفاء بھی اتاری ہے۔''

(۲۳۸۸۱) حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ ، قَالَ : حَدَّثَنَا حَرْبُ بْنُ مَيْمُونٍ ، قَالَ : سَمِعْتُ عِمْرَانَ الْعَمِّيَّ ، يَقُولُ : سَمِعْتُ أَنَسًا رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ يَقُولُ : إِنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ : إِنَّ اللَّهَ حَيْثُ خَلَقَ الدَّاءَ خَلَقَ الدَّوَاءَ ، فَتَدَاوَوْا. (احمد ۳/ ۱۵۶)

(۲۳۸۸۱) حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''یقیناً اللہ تعالیٰ نے جہاں بیماری پیدا کی ہے۔ دوائی بھی پیدا کی ہے۔ پس تم دواء استعمال کرو۔''

(۲۳۸۸۲) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الأَسَدِيُّ ، عَنْ عُمَرَ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي حُسَيْنٍ ، قَالَ : حَدَّثَنَا عَطَاءٌ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَا أَنْزَلَ اللَّهُ مِنْ دَاءٍ إِلاَّ أَنْزَلَ لَهُ شِفَاءً.

(بخاری ۵۶۷۸۔ ابن ماجه ۳۴۳۹)

(۲۳۸۸۲) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ نے کوئی بیماری نازل نہیں کی مگر یہ کہ اس کے لئے شفاء بھی پیدا کی ہے۔''

(۲۳۸۸۳) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلاَقَةَ ، عَنْ أُسَامَةَ بْنِ شَرِيكٍ ، قَالَ :شَهِدْتُ الأَعْرَابَ يَسْأَلُونَ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، فَقَالَ :تَدَاوَوْا عِبَادَ اللهِ ، فَإِنَّ اللَّهَ لَمْ يَضَعْ دَاءً إِلاَّ وَضَعَ مَعَهُ شِفَاءً ، إِلاَّ الْهَرَمَ.

(ابو داؤد ۳۸۵۱۔ ترمذی ۲۰۳۸)

(۲۳۸۸۳) حضرت اسامہ بن شریک سے روایت ہے۔ کہتے ہیں کہ کچھ دیہاتیوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہو کر سوال کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ ''اے اللہ کے بندو! دوائی، استعمال کرو، کیونکہ اللہ تعالیٰ نے بڑھاپے کے سوا کوئی بھی بیماری نہیں اتاری مگر یہ کہ اس کے ساتھ شفاء بھی نازل کی ہے۔''

(۲۳۸۸٤) حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ ، قَالَ :حَدَّثَنَا شَبِيبُ بْنُ شَيْبَةَ ، قَالَ :حَدَّثَنَا عَطَاءُ بْنُ أَبِي رَبَاحٍ ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ :إِنَّ اللَّهَ لَمْ يُنْزِلْ دَاءً ، أَوْ لَمْ يَخْلُقْ دَاءً إِلاَّ وَقَدْ أَنْزَلَ ، أَوْ خَلَقَ لَهُ دَوَاءً ، عَلِمَهُ مَنْ عَلِمَهُ ، وَجَهِلَهُ مَنْ جَهِلَهُ ، إِلاَّ السَّامَ ، قَالُوا :يَا رَسُولَ اللهِ ، وَمَا السَّامُ ؟ قَالَ :الْمَوْتُ. (طبرانی ۹۲)

(۲۳۸۸۴) حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ نے کوئی بیماری نازل نہیں فرمائی یا کوئی بیماری پیدا نہیں کی مگر یہ کہ اس کے لئے دوائی نازل کی ہے یا پیدا کی ہے۔ جس نے اس کو جان لیا سو جان لیا اور جو اس سے جاہل رہا وہ جاہل رہا سوائے سام کے۔'' صحابہ رضی اللہ عنہم نے پوچھا۔ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! سام کیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''موت''۔

(۲۳۸۸۵) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ ، قَالَ :قَالَ عَبْدُ اللهِ :لَمْ يُنْزِلِ اللَّهُ دَاءً، أَوْ لَمْ يَخْلُقْ دَاءً إِلاَّ وَقَدْ أَنْزَلَ مَعَهُ شِفَاءً، جَهِلَهُ مَنْ جَهِلَهُ ، وَعَلِمَهُ مَنْ عَلِمَهُ. (احمد ۱/ ۴۱۳)

(۲۳۸۸۵) حضرت ابو عبد الرحمٰن سے روایت ہے۔ کہتے ہیں کہ حضرت عبد اللہ نے فرمایا۔ اللہ تعالیٰ نے کوئی بیماری نہیں اتاری یا بیماری نہیں پیدا کی مگر یہ کہ اس کے ساتھ شفاء بھی اتاری ہے۔ جو اس سے جاہل رہا وہ جاہل رہا اور جس نے اس کو جان لیا، اس نے جان لیا۔

(۲۳۸۸٦) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ ؛ أَنَّ رَجُلاً أَصَابَهُ جُرْحٌ ، فَاحْتُقِنَ الدَّمُ ، وَإِنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَعَا لَهُ رَجُلَيْنِ مِنْ بَنِي أَنْمَارٍ فَقَالَ :أَيُّكُمَا أَطَبُّ ؟ فَقَالَ رَجُلٌ :يَا رَسُولَ اللهِ ، أَوَفِي الطِّبِّ خَيْرٌ ؟ فَقَالَ :إِنَّ الَّذِي أَنْزَلَ الدَّاءَ أَنْزَلَ الدَّوَاءَ. (مالك ۹۴۳)

(۲۳۸۸٦) حضرت زید بن اسلم سے روایت ہے کہ ایک آدمی کو زخم لگ گیا پس خون منجمد ہو گیا۔ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے

لئے بنو انمار کے دو آدمیوں کو بلایا اور آپ ﷺ نے فرمایا۔ ''تم میں سے کون بڑا طبیب ہے؟'' ایک آدمی نے پوچھا۔ یا رسول اللہ ﷺ! کیا طب میں بھی کوئی خیر ہے؟ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''یقیناً جس ذات نے بیماری اتاری ہے اس نے دوائی بھی اتاری ہے۔''

(۲۳۸۸۷) حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ شَبِيبٍ ، عَنْ أَبِي قِلاَبَةَ ؛ (وَقِيلَ مَنْ رَاقٍ) ، قَالَ :مَنْ طَبِيبٌ.

(۲۳۸۸۷) حضرت ابوقلابہ سے " وقیل من راق" کے بارے میں روایت ہے کہتے ہیں۔ اس سے مراد طبیب ہے۔

(۲۳۸۸۸) حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ ، عَنِ ابْنِ مُبَارَكٍ ، عَنْ خَالِدٍ ، عَنْ أَبِي قِلاَبَةَ ، عَنْ كَعْبٍ ، قَالَ :إِنَّ اللَّهَ يَقُولُ :أَنَا الَّذِي أُصِحَّ وَأُدَاوِي.

(۲۳۸۸۸) حضرت کعب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ کہتے ہیں کہ حق جل شانہ کا فرمان ہے۔ میں ہی وہ ذات ہوں جو صحت دیتا ہوں اور علاج کرتا ہوں۔

(۲) مَنْ كَرِهَ الطِّبَّ وَلَمْ يَرَهُ

جو لوگ علاج کو ناپسند سمجھتے ہیں (ان کے دلائل)

(۲۳۸۸۹) حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ ، عَنِ ابْنِ أَبْجَرَ ، عَنْ إِيَادِ بْنِ لَقِيطٍ ، عَنْ أَبِي رِمْثَةَ ، قَالَ :انْطَلَقْتُ مَعَ أَبِي وَأَنَا غُلاَمٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ :فَقَالَ لَهُ أَبِي :إِنِّي رَجُلٌ طَبِيبٌ ، فَأَرِنِي هَذِهِ السِّلْعَةَ الَّتِي بِظَهْرِكَ ، قَالَ :مَا تَصْنَعُ بِهَا ؟ قَالَ :أَقْطَعُهَا ، قَالَ :لَسْتَ بِطَبِيبٍ وَلَكِنَّكَ رَفِيقٌ ، طَبِيبُهَا الَّذِي وَضَعَهَا ، وَقَالَ غَيْرُهُ :الَّذِي خَلَقَهَا. (ابوداؤد ۴۲۰۴۔ ترمذی ۲۸۱۲)

(۲۳۸۸۹) حضرت ابورمثہ سے روایت ہے۔ کہتے ہیں کہ میں چھوٹا تھا اور اپنے والد کے ہمراہ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ ابورمثہ کہتے ہیں۔ میرے والد نے نبی کریم ﷺ سے کہا۔ میں حکیم آدمی ہوں لہٰذا آپ کی پشت پر جو ابھرا ہوا گوشت ہے۔ وہ آپ مجھے دکھائیں۔ آپ ﷺ نے پوچھا۔ ''تم اس کو کیا کرو گے؟'' میرے والد نے جواب دیا، میں اس کو کاٹ دوں گا، آپ ﷺ نے فرمایا۔ ''تم طبیب نہیں ہو، ہاں مگر تم دوست ہو۔ اس کا طبیب وہی ہے جس نے اس کو بنایا ہے۔ یا فرمایا۔ جس نے اس کو پیدا کیا ہے۔

(۲۳۸۹۰) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنِ الْحَسَنِ ؛ أَنَّهُ كَانَ يَكْرَهُ شُرْبَ الأَدْوِيَةِ كُلِّهَا ، إِلاَّ اللَّبَنَ وَالْعَسَلَ.

(۲۳۸۹۰) حضرت حسن کے بارے میں روایت ہے کہ وہ دودھ اور شہد کے علاوہ تمام ادویات کے پینے کو ناپسند سمجھتے تھے۔

(۲۳۸۹۱) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنْ مُحَمَّدٍ ؛ أَنَّهُ كَانَ يَكْرَهُ شُرْبَ الأَدْوِيَةِ الْمَعْجُونَةِ إِلاَّ شَيْئًا يَعْرِفُهُ ، وَكَانَ إِذَا أَرَادَ شَيْئًا مِنْهُ وَلِيَهُ بِنَفْسِهِ.

(۲۳۸۹۱) حضرت محمد کے بارے میں روایت ہے کہ وہ مرکب دواؤں کے پینے کو ناپسند سمجھتے تھے۔ ہاں مگر جس دوائی کو وہ پہچانتے تھے (اس کو ناپسند نہیں سمجھتے تھے) اور آپ جب کوئی ایسی دوائی لینا چاہتے تو بذات خود اس کا انتظام کرتے۔

(٢٣٨٩٢) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ الْوَلِيدِ ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ الْحَسَنِ ، عَنِ ابْنِ مَعْقِلٍ ؛ أَنَّهُ كَرِهَ الدَّوَاءَ الْخَبِيثَ الَّذِي إِذَا عُلِقَ قَتَلَ صَاحِبَهُ.

(۲۳۸۹۲) حضرت بن معقل کے بارے میں روایت ہے کہ وہ ایسی خبیث دوائی (کے استعمال) کو ناپسند سمجھتے تھے کہ جب وہ آدمی کی عادت بن جائے تو اس کو مار ڈالے۔

(٢٣٨٩٣) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ يُونُسَ بْنِ أَبِي إِسْحَاقَ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، قَالَ :نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الدَّوَاءِ الْخَبِيثِ. (ابن ماجه ٣٤٥٩۔ احمد ٢/ ٤٤٦)

(۲۳۸۹۳) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خبیث دوا سے منع فرمایا۔

(٢٣٨٩٤) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمُحَارِبِيُّ ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ ، قَالَ :قِيلَ لِلرَّبِيعِ بْنِ خُثَيْمٍ فِي مَرَضِهِ :أَلاَ نَدْعُو لَكَ الطَّبِيبَ ؟ فَقَالَ :انْظُرُونِي ، ثُمَّ تَفَكَّرَ فَقَالَ :﴿وَعَادًا وَثَمُودَ وَأَصْحَابَ الرَّسِّ وَقُرُونًا بَيْنَ ذَلِكَ كَثِيرًا وَكُلًّا ضَرَبْنَا لَهُ الأَمْثَالَ وَكُلًّا تَبَّرْنَا تَتْبِيرًا﴾ فَذَكَرَ مِنْ حِرْصِهِمْ عَلَى الدُّنْيَا وَرَغْبَتِهِمْ فِيهَا ، قَالَ :فَقَدْ كَانَتْ مَرْضَى ، وَكَانَ فِيهِمْ أَطِبَّاءُ ، فَلاَ الْمُدَاوِي ، وَلاَ الْمُدَاوَى ، هَلَكَ النَّاعِتُ وَالْمَنْعُوتُ لَهُ ، وَاللَّهِ لاَ تَدْعُوا لِي طَبِيبًا.

(۲۳۸۹۴) حضرت عبدالملک بن عمیر سے روایت ہے۔ کہتے ہیں کہ ربیع بن خثیم کو ان کی بیماری میں پوچھا گیا کہ کیا ہم آپ کے لئے طبیب کو بلائیں؟ انہوں نے فرمایا۔ تم مجھے مہلت دے دو، پھر انہوں نے غور وفکر فرمایا اور کہا: ﴿وَعَادًا وَثَمُودَ وَأَصْحَابَ الرَّسِّ وَقُرُونًا بَيْنَ ذَلِكَ كَثِيرًا وَكُلًّا ضَرَبْنَا لَهُ الأَمْثَالَ وَكُلًّا تَبَّرْنَا تَتْبِيرًا﴾ پھر انہوں نے ان لوگوں دنیا پر حرص اور ان کی دنیا میں دلچسپی کا ذکر کیا، فرمایا: یہ لوگ بھی مریض تھے۔ اور ان میں اطباء بھی تھے۔ پس نہ کوئی دوائی لینے والا ہے نہ کوئی دوائی دینے والا ہے۔ تعریف کرنے والا بھی ہلاک ہو گیا اور جس کی تعریف کی گئی وہ بھی ہلاک ہو گیا۔ خدا کی قسم! تم لوگ میرے لئے طبیب کو نہ بلاؤ۔

(٢٣٨٩٥) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنْ مُحَمَّدٍ ؛ أَنَّهُ كَانَ يَكْرَهُ السَّكَرَ وَيَأْبَاهُ.

(۲۳۸۹۵) حضرت محمد کے بارے میں روایت ہے کہ وہ کھجور کے عرق کو ناپسند کرتے تھے اور اس سے انکار کرتے تھے۔

(٢٣٨٩٦) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ أَبِي هِلاَلٍ ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ ، قَالَ :مَرِضَ أَبُو الدَّرْدَاءِ فَعَادُوهُ ، فَقَالُوا لَهُ :نَدْعُو لَكَ الطَّبِيبَ ؟ فَقَالَ :هُوَ أَضْجَعَنِي.

(۲۳۸۹۶) حضرت معاویہ بن قرہ سے روایت ہے۔ کہتے ہیں کہ حضرت ابوالدرداء بیمار ہوئے تو لوگ اُن کی عیادت کو گئے۔ لوگوں

نے ان سے کہا۔ ہم آپ کے لئے طبیب نہ بلائیں؟ حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ اس نے تو مجھے بستر پر ڈالا ہے۔

(۳) فِي شُرْبِ الدَّوَاءِ الَّذِي يُمْشِي

دست آور دواء کے پینے کے بارے میں (روایات)

(۲۳۸۹۷) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، قَالَ : كَانُوا لاَ يَرَوْنَ بِالاسْتِمْشَاءِ بَأْسًا ، قَالَ : وَإِنَّمَا كَرِهُوا مِنْهُ مَخَافَةَ أَنْ يُضْعِفَهُمْ.

(۲۳۸۹۷) حضرت ابراہیم سے روایت ہے۔ کہتے ہیں کہ حضرات اہل علم مُسہل دوائی لینے میں کوئی حرج نہیں سمجھتے تھے۔ راوی کہتے ہیں۔ صرف اسی وجہ سے کچھ اہل علم اس کو ناپسند کرتے تھے کہ کہیں یہ مُسہل دواء آدمی کو کمزور نہ کردے۔

(۲۳۸۹۸) حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنِ ابْنِ أَبِي نَجِيحٍ ، عَنْ عَطَاءٍ ، قَالَ : لاَ بَأْسَ أَنْ يَسْتَمْشِيَ الْمُحْرِمُ.

(۲۳۸۹۸) حضرت عطاء سے روایت ہے۔ کہتے ہیں کہ احرام باندھے ہوئے آدمی کے لئے دست آور دواء استعمال کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

(۲۳۸۹۹) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ زَكَرِيَّا ، عَنِ الشَّعْبِيِّ ، قَالَ : كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ : خَيْرُ الدَّوَاءِ ؛ اللَّدُودُ ، وَالسَّعُوطُ ، وَالْمَشِيُّ ، وَالْحِجَامَةُ ، وَالْعَلَقُ. (ترمذی ۲۰۵۳)

(۲۳۸۹۹) حضرت شعبی سے روایت ہے۔ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ فرمایا کرتے تھے۔ ''بہترین دواء وہ ہے جو منہ کے گوشہ میں ڈال کر استعمال کی جائے اور وہ دواء جو ناک کے راستے سے لی جائے اور مسہل دواء اور پچھنے لگوانا اور عَلَق۔ جونک لگانا۔ ہے۔

(۲۳۹۰۰) حَدَّثَنَا عَبْدُ الأَعْلَى ، عَنْ دَاوُدَ ، عَنِ الشَّعْبِيِّ ؛ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، بِمِثْلِهِ.

(۲۳۹۰۰) حضرت شعبی نے نبی کریم ﷺ سے اسی کے مثل روایت کی ہے۔

(۲۳۹۰۱) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ جَعْفَرٍ ، عَنْ زُرْعَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ ، عَنْ مَوْلًى لِمَعْمَرٍ التَّيْمِيِّ ، عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ عُمَيْسٍ ، قَالَتْ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : بِمَاذَا كُنْتِ تَسْتَمْشِينَ ؟ قُلْتُ : بِالشُّبْرُمِ ، قَالَ : حَارٌّ جَارٌّ ، ثُمَّ اسْتَمْشَيْتُ بِالسَّنَا ، فَقَالَ : لَوْ كَانَ شَيْءٌ يَشْفِي مِنَ الْمَوْتِ كَانَ السَّنَا ، أَوِ السَّنَا شِفَاءٌ مِنَ الْمَوْتِ. (طبرانی ۳۹۷۔ ترمذی ۲۰۸۱)

(۲۳۹۰۱) حضرت اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہا سے روایت ہے۔ کہتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے (مجھ سے) پوچھا۔ ''تم کس چیز سے جُلاب لیتی تھی۔؟'' میں نے جواب دیا۔ شُبرم کے ذریعہ۔ آپ ﷺ نے فرمایا۔ یہ تو گرم کھینچنے والی چیز ہے''۔ پھر میں نے سَنا کے ذریعہ جلاب لیئے تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ ''اگر موت سے کوئی چیز شفاء دیتی تو سنا ہوتی''۔ یا فرمایا: ''سنا موت سے بھی شفا ہے''۔

(٤) مَا رُخِّصَ فِيهِ مِن الأَدوِيةِ

جن روایات میں رخصت دی گئی ہے

(٢٣٩٠٢) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ ، عَنْ أُمِّ قَيْسٍ ابْنَةِ مِحْصَنٍ ، قَالَتْ: دَخَلْتُ بِابْنٍ لِي عَلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، وَقَدْ أَعْلَقْتُ عَلَيْهِ مِنَ الْعُذْرَةِ ، فَقَالَ :عَلاَمَ تَدْغَرْنَ أَوْلاَدَكُنَّ ؟ عَلَيْكُنَّ بِهَذَا الْعِلاَقِ ، عَلَيْكُنَّ بِهَذَا الْعُودِ الْهِنْدِيِّ ، فَإِنَّ فِيهِ سَبْعَةَ أَشْفِيَةٍ ، يُسْعَطُ بِهِ مِنَ الْعُذْرَةِ ، وَيُلَدُّ بِهِ مِنْ ذَاتِ الْجَنْبِ. (بخاری ۵۶۹۲۔ مسلم ۱۷۳۴)

(۲۳۹۰۲) حضرت ام قیس بنت محصن سے روایت ہے۔ کہتی ہیں: کہ میں اپنے ایک بیٹے کو لے کر جناب نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئی اور میں نے حلق کے درد کی وجہ سے اس کو جونک لگا رکھی تھی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''تم اپنی کا گلا کیوں گھونٹ رہی ہو؟ تم یہ علاج کرو۔ تم یہ عود ہندی کو استعمال کرو۔ کیونکہ اس میں سات بیماریوں سے شفاء ہے۔ حلق کا درد ہو تو اس کو بذریعہ ناک کھینچا جائے اور ذات الجنب ہو تو اس کو منہ کے گوشہ سے استعمال کیا جائے۔

(٢٣٩٠٣) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ ، عَنْ جَابِرٍ ، قَالَ :دَخَلَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى أُمِّ سَلَمَةَ وَعِنْدَهَا صَبِيٌّ يَبْتَدِرُ مَنْخَرَاهُ دَمًا ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :مَا هَذَا ؟ قَالُوا : بِهِ الْعُذْرَةُ ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :عَلاَمَ تُعَذِّبْنَ أَوْلاَدَكُنَّ ؟ إِنَّمَا يَكْفِي إِحْدَاكُنَّ أَنْ تَأْخُذَ قُسْطًا هِنْدِيًّا ، فَتَحُكَّهُ بِمَاءٍ سَبْعَ مَرَّاتٍ ، ثُمَّ تُوجِرَهُ إِيَّاهُ ، قَالَ :فَفَعَلُوهُ فَبَرَأَ. (احمد ۳/ ۳۱۵۔ بزار ۳۰۲۴)

(۲۳۹۰۳) حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے پاس تشریف لے گئے اور ان کے پاس ایک بچہ تھا جس کے نتھنوں سے خون جاری تھا۔ آپ ﷺ نے پوچھا۔ ''یہ کیا ہے؟'' لوگوں نے بتایا۔ اس کو حلق کی بیماری ہے۔ اس پر نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''تم عورتیں کس بات پر اپنی اولادوں کو عذاب دیتی ہو؟ تم میں سے کسی ایک کے لئے صرف یہی کافی ہے کہ وہ ہندی لکڑی لے لے اور اس کو سات مرتبہ پانی میں رگڑ لے پھر اس کو بچے کے حلق میں ٹپکا دے'' راوی کہتے ہیں۔ لوگوں نے اس بچہ کے ساتھ ایسا ہی کیا اور وہ بچہ صحت یاب ہو گیا۔

(٢٣٩٠٤) حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ ، عَنْ حُمَيْدٍ ، عَنْ أَنَسٍ ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ :إِنَّ أَمْثَلَ مَا تَدَاوَيْتُمْ بِهِ الْحِجَامَةُ ، وَالْقُسْطُ الْعَرَبِيُّ لِصِبْيَانِكُمْ مِنَ الْعُذْرَةِ ، وَلاَ تُعَذِّبُوهُمْ بِالْغَمْزِ.

(بخاری ۵۶۹۶۔ مسلم ۶۴)

(۲۳۹۰۴) حضرت انس رضی اللہ عنہ، نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ ''جو تم دوائیاں استعمال کرتے ہو ان میں سے بہترین دوائی حجامت (پچھنے لگوانا)، اور عربی لکڑی ہے۔ تمہارے بچوں کے حلق کی تکلیف کے لئے۔ اور تم

بچوں کو گھونٹ کر عذاب نہ دو۔''

(٢٣٩٠٥) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنِ الزُّهْرِيِّ ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، قَالَ :عَلَيْكُمْ بِهَذِهِ الْحَبَّةِ السَّوْدَاءِ ، فَإِنَّ فِيهَا شِفَاءً مِنْ كُلِّ دَاءٍ، قِيلَ لَهُ:عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ:نَعَمْ. (مسلم ٨٨۔ احمد ٢/ ٢٦٨)

(۲۳۹۰۵) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ کہتے ہیں کہ ''تم ان سیاہ دانوں (کلونجی) کو لازمی استعمال کرو کیونکہ ان میں ہر بیماری سے شفاء ہے'' ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے پوچھا گیا۔ یہ بات آپ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کر کے کہہ رہے ہیں؟ انہوں نے جواب دیا: ہاں۔

(٢٣٩٠٦) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ مُسْلِمٍ ، عَنْ قَتَادَةَ ، وَمَطَرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ بُرَيْدَةَ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ :الشُّونِيزُ فِيهِ شِفَاءٌ مِنْ كُلِّ دَاءٍ إِلاَّ السَّامَ ، قَالُوا :يَا رَسُولَ اللهِ ، مَا السَّامُ ؟ قَالَ :الْمَوْتُ. (احمد ٥/ ٣٤٦)

(۲۳۹۰۶) حضرت عبداللہ بن بریدہ اپنے والد کے واسطہ سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''کلونجی میں سام کے سوا ہر بیماری کی شفاء ہے'' لوگوں نے پوچھا۔ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! سام کیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''موت''۔

(٢٣٩٠٧) حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ ، قَالَ :أَخْبَرَنَا إِسْرَائِيلُ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنْ خَالِدِ بْنِ سَعْدٍ ، عَنِ ابْنِ أَبِي عَتِيقٍ ، عَنْ عَائِشَةَ ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ :عَلَيْكُمْ بِهَذِهِ الْحَبَّةِ السَّوْدَاءِ ، فَإِنَّ فِيهِ شِفَاءً مِنْ كُلِّ دَاءٍ ، يَعْنِي الشُّونِيزَ. (بخاری ٥٦٨٧۔ احمد ٦/ ١٣٨)

(۲۳۹۰۷) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتی ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم پر سیاہ دانے (کلونجی) لازم ہیں۔ کیونکہ اس میں ہر بیماری سے شفاء ہے۔

(٥) فِي الْحُقْنَةِ مَنْ كَرِهَهَا

جو لوگ حقنہ کو ناپسند کرتے ہیں (ان کے دلائل)

(٢٣٩٠٨) حَدَّثَنَا جَرِيرٌ ، عَنْ لَيْثٍ ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ ، عَنْ عَلِيٍّ ؛ أَنَّهُ كَانَ يَقُولُ فِي الْحُقْنَةِ أَشَدَّ الْقَوْلِ.

(۲۳۹۰۸) حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بارے میں روایت ہے کہ وہ حقنہ کے بارے میں سخت ترین بات کہا کرتے تھے۔ (حقنہ کا مطلب ہے: مقعد سے دوائی چڑھانا)۔

(٢٣٩٠٩) حَدَّثَنَا جَرِيرٌ ، عَنْ لَيْثٍ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ؛ أَنَّهُ كَانَ يَكْرَهُهَا.

(۲۳۹۰۹) حضرت مجاہد کے بارے میں روایت ہے کہ وہ حقنہ (مقعد سے دوائی چڑھانا) کو ناپسند سمجھتے تھے۔

(٢٣٩١٠) حَدَّثَنَا شَرِيكٌ ، وَعَبَّادٌ ، عَنْ حُصَيْنٍ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ، قَالَ :إِنِّي لأَتَفَحَّشُهَا.

(۲۳۹۱۰) حضرت مجاہد رحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہے کہتے ہیں کہ میں حقنہ کو بُرا قرار دیتا ہوں۔

(٢٣٩١١) حَدَّثَنَا شَرِيكٌ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ :سُئِلَ عَامِرٌ عَنِ الْحُقْنَةِ لِلصَّائِمِ؟ فَقَالَ :إِنِّي لأَكْرَهُهَا لِلْمُفْطِرِ، فَكَيْفَ لِلصَّائِمِ؟

(۲۳۹۱۱) حضرت جابر کہتے ہیں کہ حضرت عامر سے روزہ دار کے لئے حقنہ کے متعلق سوال کیا گیا تو انہوں نے جواب دیا۔ میں تو غیر روزہ دار کے لئے بھی حقنہ کو ناپسند سمجھتا ہوں۔ تو روزہ دار کے لئے کیسے اجازت دے سکتا ہوں؟

(٢٣٩١٢) حَدَّثَنَا شَرِيكٌ ، عَنْ مُغِيرَةَ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، قَالَ :إِنِّي لأَتَفَحَّشُهَا.

(۲۳۹۱۲) حضرت ابراہیم سے روایت ہے۔ کہتے ہیں کہ میں حقنہ کو بُرا قرار دیتا ہوں۔

(٢٣٩١٣) حَدَّثَنَا ابْنُ مُبَارَكٍ ، عَنْ مَعْمَرٍ ، عَنْ قَتَادَةَ ، وَالْحَسَنِ ؛ أَنَّهُمَا كَرِهَا الْحُقْنَةَ.

(۲۳۹۱۳) حضرت قتادہ اور حضرت حسن کے بارے میں روایت ہے کہ یہ دونوں حقنہ کو ناپسند سمجھتے تھے۔

(٢٣٩١٤) حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ عَمْرٍو ، قَالَ :حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنِ الْمَعْرُورِ، عَنْ عَلِيٍّ؛ أَنَّهُ كَرِهَ الْحُقْنَةَ.

(۲۳۹۱۴) حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بارے میں روایت ہے کہ وہ حقنہ کو ناپسند سمجھتے تھے۔

(٢٣٩١٥) حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ نُمَيْرٍ ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ الأَسْوَدِ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ، قَالَ :هِيَ طَرَفٌ مِنْ عَمَلِ قَوْمِ لُوطٍ ، يَعْنِي الْحُقْنَةَ.

(۲۳۹۱۵) حضرت مجاہد رحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہے کہتے ہیں کہ یہ قوم لوط کے کام کا ایک کنارہ ہے یعنی حقنہ کا عمل۔

(٢٣٩١٦) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ إِسْرَائِيلَ ، عَنْ جَابِرٍ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ، وَطَاوُوسٍ ؛ أَنَّهُمَا كَرِهَا الْحُقْنَةَ.

(۲۳۹۱۶) حضرت مجاہد رحمۃ اللہ علیہ اور طاؤس رضی اللہ عنہ کے بارے میں روایت ہے کہ یہ دونوں حقنہ کو ناپسند سمجھتے تھے۔

(٦) مَنْ رَخَّصَ فِي الْحُقْنَةِ

جن لوگوں نے حقنہ کی اجازت دی ہے (ان کے دلائل)

(٢٣٩١٧) حَدَّثَنَا جَرِيرٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، قَالَ :لاَ بَأْسَ بِهَا.

(۲۳۹۱۷) حضرت ابراہیم سے روایت ہے۔ کہتے ہیں کہ حقنہ میں کوئی حرج نہیں ہے۔

(٢٣٩١٨) حَدَّثَنَا شَرِيكٌ ، عَنْ جَابِرٍ ، عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ ، قَالَ :هِيَ دَوَاءٌ.

(۲۳۹۱۸) حضرت ابو جعفر سے روایت ہے کہ حقنہ تو ایک دوائی ہے۔

(٢٣٩١٩) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى ، عَنِ الْحَكَمِ ؛ أَنَّهُ احْتَقَنَ.

(۲۳۹۱۹) حضرت حکم کے بارے میں روایت ہے کہ انہوں نے حقنہ کروایا تھا۔

(۲۳۹۲۰) حَدَّثَنَا عُمَرُ ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ ، عَنْ عَطَاءٍ ؛ أَنَّهُ كَانَ لاَ يَرَى بِالْحُقْنَةِ بَأْسًا.

(۲۳۹۲۰) حضرت عطاء کے بارے میں روایت ہے کہ وہ حقنہ میں کوئی حرج نہیں دیکھتے تھے۔

(۲۳۹۲۱) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ ، قَالَ :حدَّثَنَا زُهَيْرٌ ، عَنْ مُغِيرَةَ ، قَالَ :حَدَّثَنِي أَبُو مَعْشَرٍ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ؛ أَنَّهُ كَانَ لاَ يَرَى بِالْحُقْنَةِ بَأْسًا.

(۲۳۹۲۱) حضرت ابراہیم کے بارے میں روایت ہے کہ وہ حقنہ کروانے میں کوئی حرج نہیں دیکھتے تھے۔

(۷) فِي تَعْلِيقِ التَّمَائِمِ وَالرُّقَى

دھاگے اور تعویذات باندھنے (اور لٹکانے) کے بارے میں (روایات)

(۲۳۹۲۲) حَدَّثَنَا جَرِيرٌ ، وَمُعْتَمِرٌ ، عَنِ الرُّكَيْنِ ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ حَسَّانَ ، عَنْ عَمِّهِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ حَرْمَلَةَ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ ، قَالَ : كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَكْرَهُ عَقْدَ التَّمَائِمِ. (احمد ۳۹۷۔ حاکم ۱۹۵)

(۲۳۹۲۲) حضرت عبداللہ سے روایت ہے۔ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ڈورے باندھنے کو ناپسند سمجھتے تھے۔

(۲۳۹۲۳) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى ، عَنْ عِيسَى ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُكَيْمٍ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :مَنْ تَعَلَّقَ عَلاَقَةً وُكِلَ إِلَيْهَا. (احمد ۴/ ۳۱۰۔ بیہقی ۳۵۱)

(۲۳۹۲۳) حضرت عبداللہ بن حکیم سے روایت ہے۔ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''جس نے کوئی چیز: دھاگہ وغیرہ لٹکائی تو وہ اسی کے سپرد کر دیا جاتا ہے''۔

(۲۳۹۲۴) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، قَالَ :حَدَّثَنَا الأَعْمَشُ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ ، قَالَ :دَخَلَ عَبْدُ اللهِ عَلَى امْرَأَتِهِ وَهِيَ مَرِيضَةٌ ، فَإِذَا فِي عُنُقِهَا خَيْطٌ مُعَلَّقٌ ، فَقَالَ :مَا هَذَا ؟ فَقَالَتْ :شَيْءٌ رُقِيَ لِي فِيهِ مِنَ الْحُمَّى ، فَقَطَعَهُ وَقَالَ :إِنَّ آلَ إِبْرَاهِيمَ أَغْنِيَاءُ عَنِ الشِّرْكِ.

(۲۳۹۲۴) حضرت ابوعبیدہ سے روایت ہے۔ کہتے ہیں کہ حضرت عبداللہ، اپنی بیوی کے پاس گئے اور وہ (اس وقت) بیمار تھیں۔ حضرت عبداللہ کو ان کی گردن میں ایک دھاگہ لٹکا ہوا نظر آیا تو آپ رضی اللہ عنہ نے پوچھا۔ یہ کیا ہے؟ بیوی نے جواب دیا۔ یہ ایسی چیز ہے جس میں بخار کا دم کیا گیا ہے۔ پس حضرت عبداللہ نے اس کو توڑ دیا اور فرمایا۔ بے شک آل ابراہیم شرک سے بری ہیں۔

(۲۳۹۲۵) حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ ، عَنْ مُغِيرَةَ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، قَالَ : رَأَى ابْنُ مَسْعُودٍ عَلَى بَعْضِ أَهْلِهِ شَيْئًا قَدْ تَعَلَّقَهُ ، فَنَزَعَهُ مِنْهُ نَزْعًا عَنِيفًا ، وَقَالَ :إِنَّ آلَ ابْنِ مَسْعُودٍ أَغْنِيَاءُ عَنِ الشِّرْكِ.

(۲۳۹۲۵) حضرت ابراہیم سے روایت ہے۔ کہتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے اپنے بعض اہل خانہ پر کوئی چیز لٹکی ہوئی دیکھی

تو آپ رضی اللہ عنہ نے اس کو غصہ سے کھینچ دیا اور فرمایا: بے شک ابن مسعود کے گھر والے شرک سے بے پرواہ ہیں۔

(٢٣٩٢٦) حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ ، قَالَ : أَخْبَرَنَا يُونُسُ ، عَنِ الْحَسَنِ ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ الْحُصَيْنِ ، أَنَّهُ رَأَى فِي يَدِ رَجُلٍ حَلْقَةً مِنْ صُفْرٍ ، فَقَالَ : مَا هَذِهِ ؟ قَالَ : مِنَ الْوَاهِنَةِ ، قَالَ : لَمْ يَزِدْكَ إِلاَّ وَهْنًا ، لَوْ مِتَّ وَأَنْتَ تَرَاهَا نَافِعَتَكَ لَمِتَّ عَلَى غَيْرِ الْفِطْرَةِ. (ابن ماجه ٣٥٣١۔ احمد ٤/ ٤٤٥)

(۲۳۹۲۶) حضرت عمران بن حصین کے بارے میں روایت ہے کہ انہوں نے ایک آدمی کے ہاتھ میں پیتل کا کڑا دیکھا۔ تو آپ رضی اللہ عنہ نے (اس سے) پوچھا۔ یہ کیا ہے؟ اس آدمی نے جواب دیا۔ یہ واہنہ (بازو کی بیماری) کی وجہ سے پہنا ہے۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ تو تم میں ضعف کو مزید بڑھائے گا۔ اور اگر تم اس حالت میں مرے کہ تم اس کو نافع خیال کرتے ہو تو یقیناً تم خلاف فطرت موت مرو گے۔

(٢٣٩٢٧) حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ ، قَالَ : أَخْبَرَنَا مَنْصُورٍ ، عَنِ الْحَسَنِ ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ الْحُصَيْنِ ؛ مِثْلَ ذَلِكَ.

(۲۳۹۲۷) حضرت حسن نے حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے ایسی ہی روایت نقل کی ہے۔

(٢٣٩٢٨) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ ، عَنْ يَزِيدَ ، قَالَ : أَخْبَرَنِي زَيْدُ بْنُ وَهْبٍ ، قَالَ : انْطَلَقَ حُذَيْفَةُ إِلَى رَجُلٍ مِنَ النَّخَعِ يَعُودُهُ ، فَانْطَلَقَ وَانْطَلَقْتُ مَعَهُ ، فَدَخَلَ عَلَيْهِ وَدَخَلْتُ مَعَهُ ، فَلَمَسَ عَضُدَهُ ، فَرَأَى فِيهِ خَيْطًا ، فَأَخَذَهُ فَقَطَعَهُ ، ثُمَّ قَالَ : لَوْ مِتَّ وَهَذَا فِي عَضُدِكَ مَا صَلَّيْتُ عَلَيْكَ.

(۲۳۹۲۸) حضرت زید سے روایت ہے کہتے ہیں: کہ مجھے زید بن وہب نے بتایا کہ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ ایک آدمی کی بلغم کی مرض میں عیادت کرنے کے لئے گئے۔ وہ چلے تو میں بھی ان کے ہمراہ چل پڑا۔ پس وہ اس کے پاس پہنچے تو میں بھی اس کے پاس پہنچ گیا۔ پھر حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے اس کی کلائی کو چھوا تو اس میں انہوں نے ایک دھاگہ دیکھا۔ آپ رضی اللہ عنہ نے اس دھاگہ کو پکڑا اور توڑ دیا۔ پھر آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ اگر تم اس حالت میں مر جاتے کہ یہ دھاگہ تمہاری کلائی میں ہوتا تو میں تمہارا جنازہ نہ پڑھتا۔

(٢٣٩٢٩) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ أَبِي ظِبْيَانَ ، عَنْ حُذَيْفَةَ ، قَالَ : دَخَلَ عَلِيٌّ عَلَى رَجُلٍ يَعُودُهُ ، فَوَجَدَ فِي عَضُدِهِ خَيْطًا ، قَالَ : فَقَالَ : مَا هَذَا؟ قَالَ : خَيْطٌ رُقِيَ لِي فِيهِ ، فَقَطَعَهُ ، ثُمَّ قَالَ : لَوْ مِتَّ مَا صَلَّيْتُ عَلَيْكَ.

(۲۳۹۲۹) حضرت حذیفہ سے روایت ہے۔ کہتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ ایک آدمی کے پاس اس کی عیادت کے لئے تشریف لے گئے۔ تو آپ رضی اللہ عنہ نے اس کی کلائی میں دھاگہ دیکھا۔ آپ رضی اللہ عنہ نے پوچھا۔ یہ کیا ہے؟ اس نے جواب دیا۔ یہ ایک دھاگہ ہے جس میں مجھے دم کر کے دیا گیا ہے۔ اس پر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اس کو توڑ دیا۔ پھر فرمایا: اگر تم مر جاتے تو میں تمہارا جنازہ نہ پڑھتا۔

(٢٣٩٣٠) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ الْمُهَاجِرِ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ ؛ أَنَّهُ كَرِهَ تَعْلِيقَ شَيْءٍ مِنَ الْقُرْآنِ.

(۲۳۹۳۰) حضرت عبداللہ کے بارے میں روایت ہے کہ وہ قرآن مجید میں سے بھی کچھ (آیت وغیرہ) لٹکانے کو ناپسند کرتے تھے۔

(٢٣٩٣١) حَدَّثَنَا شَبَابَةُ ، قَالَ :حَدَّثَنَا لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ ، عَنْ يَزِيدَ ، عَنْ أَبِي الْخَيْرِ ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ ، قَالَ :مَوْضِعُ التَّمِيمَةِ مِنَ الإِنْسَانِ وَالطِّفْلِ شِرْكٌ.

(۲۳۹۳۱) حضرت عقبہ بن عامر سے روایت ہے۔ کہتے ہیں کہ انسان اور بچے کے تعویذ کی جگہ شرک (کا ذریعہ) ہے۔

(٢٣٩٣٢) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ عِمْرَانَ ، عَنْ أَبِي مِجْلَزٍ ، قَالَ :مَنْ تَعَلَّقَ عَلاَقَةً وُكِلَ إِلَيْهَا.

(۲۳۹۳۲) حضرت ابومجلز سے روایت ہے۔ کہتے ہیں کہ جس کسی نے کوئی شئی۔ دھاگہ وغیرہ۔ لٹکایا تو اس کو اسی شئی کے سپرد کر دیا جائے گا۔

(٢٣٩٣٣) حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ ، قَالَ :أَخْبَرَنَا مُغِيرَةُ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، قَالَ : كَانُوا يَكْرَهُونَ التَّمَائِمَ كُلَّهَا ، مِنَ الْقُرْآنِ وَغَيْرِ الْقُرْآنِ.

(۲۳۹۳۳) حضرت ابراہیم سے روایت ہے۔ کہتے ہیں کہ (پہلے) اہل علم ہر قسم کے تعویذات کو ناپسند سمجھتے تھے چاہے وہ قرآن سے ہوں یا غیر قرآن سے۔

(٢٣٩٣٤) حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ ، قَالَ :أَخْبَرَنَا يُونُسُ ، عَنِ الْحَسَنِ ؛ أَنَّهُ كَانَ يَكْرَهُ ذَلِكَ.

(۲۳۹۳۴) حضرت حسن کے بارے میں روایت ہے کہ وہ ان (تعویذات) کو ناپسند سمجھتے تھے۔

(٢٣٩٣٥) حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ ، عَنْ مُغِيرَةَ ، قَالَ :قُلْتُ لإِبْرَاهِيمَ :أُعَلِّقُ فِي عَضُدِي هَذِهِ الآيَةَ :﴿يَا نَارُ كُونِي بَرْدًا وَسَلاَمًا عَلَى إِبْرَاهِيمَ﴾ مِنْ حُمَّى كَانَتْ بِي ؟ فَكَرِهَ ذَلِكَ.

(۲۳۹۳۵) حضرت مغیرہ سے روایت ہے۔ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابراہیم سے پوچھا۔ مجھے جو بخار ہوتا ہے میں اس سے (بچاؤ کے لئے) یہ آیت: ﴿يَا نَارُ كُونِي بَرْدًا وَسَلاَمًا عَلَى إِبْرَاهِيمَ﴾ اپنی کلائی پر (لکھ کر) لٹکا لوں؟ تو حضرت ابراہیم نے اس کو ناپسند کیا۔

(٢٣٩٣٦) حَدَّثَنَا شَرِيكٌ ، عَنْ هِلاَلٍ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ :مَنْ عَلَّقَ التَّمَائِمَ وَعَقَدَ الرُّقَى ، فَهُوَ عَلَى شُعْبَةٍ مِنَ الشِّرْكِ.

(۲۳۹۳۶) حضرت عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ، نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: ''جس نے تعویذات لٹکائے اور ڈورے باندھے تو یہ شخص شرک کے ایک شعبہ پر عمل پیرا ہے۔

(٢٣٩٣٧) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، قَالَ : كَانُوا يَكْرَهُونَ التَّمَائِمَ وَالرُّقَى وَالنُّشْرَ.

(۲۳۹۳۷) حضرت ابراہیم سے روایت ہے۔ کہتے ہیں کہ (پہلے) اہل علم تعویذات، ڈوروں اور آب زدہ کے تعویذ کو پسند نہیں کرتے تھے۔

(٢٣٩٣٨) حَدَّثَنَا عَبْدَةُ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سُوقَةَ ؛ أَنَّ سَعِيدَ بْنَ جُبَيْرٍ رَأَى إِنْسَانًا يَطُوفُ بِالْبَيْتِ فِي عُنُقِهِ خَرَزَةٌ

فَقَطَعَهَا.

(۲۳۹۳۸) حضرت محمد بن سوقہ سے روایت ہے کہ حضرت سعید بن جبیر نے ایک آدمی کو بیت اللہ کے گرد طواف کرتے دیکھا کہ اس کی گردن میں ڈورا تھا تو آپ رایشیلہ نے اس ڈورے کو توڑ ڈالا۔

(۲۳۹۳۹) حَدَّثَنَا حَفْصٌ ، عَنْ لَيْثٍ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ ، قَالَ :مَنْ قَطَعَ تَمِيمَةً عَنْ إِنْسَانٍ كَانَ كَعِدْلِ رَقَبَةٍ.

(۲۳۹۳۹) حضرت سعید بن جبیر سے روایت ہے۔ کہتے ہیں کہ جس آدمی نے کسی انسان سے ڈورے کو توڑا تو یہ (ثواب میں) ایک غلام کی آزادی کے برابر ہے۔

(۲۳۹٤۰) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ وَاقِعِ بْنِ سَحْبَانَ، قَالَ :قَالَ عَبْدُ اللهِ:مَنْ عَلَّقَ شَيْئًا وُكِلَ إِلَيْهِ.

(۲۳۹۴۰) حضرت واقع بن سحبان سے روایت ہے۔ کہتے ہیں کہ حضرت عبداللہ فرماتے ہیں۔ جو آدمی کوئی چیز لٹکاتا ہے تو وہ اس کے سپرد کر دیا جاتا ہے۔

(۲۳۹٤۱) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنِ أَبِي شِهَابٍ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ ، قَالَ : كَانَتْ بِهِ شَقِيقَةٌ ، قَالَ :فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ : أَرْقِيكَ مِنْهَا ؟ قَالَ :لَا حَاجَةَ لِي بِالرُّقَى.

(۲۳۹۴۱) حضرت سعید بن جبیر سے روایت ہے۔ کہتے ہیں کہ انہیں دردِ سر تھا۔ بتاتے ہیں کہ ان سے ایک آدمی نے کہا۔ میں آپ کو اس درد کا تعویذ دیتا ہوں؟ حضرت سعید بن جبیر نے فرمایا۔ مجھے تعویذ کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔

(۲۳۹٤۲) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ؛ أَنَّهُ كَانَ يَكْرَهُ الْمَعَاذَةَ لِلصِّبْيَانِ ، وَيَقُولُ :إِنَّهُمْ يَدْخُلُونَ بِهِ الْخَلَاءَ.

(۲۳۹۴۲) حضرت ابراہیم کے بارے میں روایت ہے کہ وہ بچوں کے لئے تعویذ کو پسند نہیں کرتے تھے۔ اور فرماتے تھے کہ بچے تعویذ کے ہمراہ ہی بیت الخلاء میں چلے جاتے ہیں۔

(۸) مَا ذَكَرُوا فِي تَمْرِ عَجْوَةٍ، هُوَ لِلسُّمِّ وَغَيْرِهِ

عجوہ کھجور کے بارے میں جو احادیث مروی ہیں کہ یہ زہر وغیرہ کے لئے مفید ہے

(۲۳۹٤۳) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ هَاشِمِ بْنِ هَاشِمٍ ، قَالَ :سَمِعْتُ عَامِرَ بْنَ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ يَقُولُ :سَمِعْتُ سَعْدًا يَقُولُ :سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ :مَنْ تَصَبَّحَ بِسَبْعِ تَمَرَاتِ عَجْوَةٍ ، لَمْ يَضُرَّهُ ذَلِكَ الْيَوْمَ سَمٌّ ، وَلَا سِحْرٌ. (بخاری ۵۴۴۵۔ مسلم ۱۵۴)

(۲۳۹۴۳) حضرت سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو کہتے ہوئے سنا کہ ”جو شخص بوقت صبح سات عجوہ کھجوریں کھالے گا تو اس کو اُس دن میں کوئی زہر یا جادو نقصان نہیں دے گا۔

(٢٣٩٤٤) حَدَّثَنَا يَزِيدُ ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ مَنْصُورٍ ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :الْعَجْوَةُ مِنَ الْجَنَّةِ ، وَهِيَ شِفَاءٌ مِنَ السَّمِّ. (ترمذی ٢٠٦٨۔ احمد ٣/ ٤٨)

(۲۳۹۴۴) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ ''عجوہ کھجور جنت سے ہے اور یہ زہر سے بھی شفاء ہے۔''

(٢٣٩٤٥) حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ ، قَالَ :أَخْبَرَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ عَائِشَةَ ؛ أَنَّهَا كَانَتْ تَأْمُرُ مِنَ الدَّوَامِ ، أَوِ الدُّوَارِ بِسَبْعِ تَمَرَاتٍ عَجْوَةٍ ، فِي سَبْعِ غَدَوَاتٍ عَلَى الرِّيقِ.

(۲۳۹۴۵) حضرت ہشام بن عروہ اپنے والد کے واسطے سے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا دورانِ سر سے افاقہ کے لئے سات صبح نہار منہ عجوہ کھجور کے ساتھ دانے کھانے کا فرمایا کرتی تھیں۔

(٢٣٩٤٦) حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ ، قَالَ :حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ ، قَالَ :حَدَّثَنَا شَرِيكُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ أَبِي نَمِرٍ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي عَتِيقٍ ، عَنْ عَائِشَةَ ، قَالَتْ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :فِي عَجْوَةِ الْعَالِيَةِ شِفَاءٌ أَوْ :إِنَّهَا تِرْيَاقٌ فِي أَوَّلِ الْبُكْرَةِ عَلَى الرِّيقِ. (مسلم ١٦١٩۔ نسائی ٦٧١٤)

(۲۳۹۴۶) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے۔ کہتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ: ''عجوہ عالیہ میں شفا ہے۔'' یا ارشاد فرمایا: ''عجوہ عالیہ، صبح کے وقت نہار منہ تریاق ہے۔''

(٩) فِي التَّمْرِ يُحَنَّكُ بِهِ الْمَوْلُودَ

نومولود بچہ کو کھجور کے ذریعہ تحنیک کرنے کے بارے میں احادیث

(٢٣٩٤٧) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، قَالَ :أَخْبَرَنَا ابْنُ عَوْنٍ ، عَنْ أَنَسِ بْنِ سِيرِينَ ، عَنْ أَنَسٍ ؛ أَنَّ أُمَّ سُلَيْمٍ وَلَدَتْ غُلَامًا ، فَقَالَ لِي أَبُو طَلْحَةَ :اعْمِلْهُ حَتَّى تَأْتِيَ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، فَأَتَى بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، وَبَعَثَ مَعَهُ بِتَمَرَاتٍ ، فَأَخَذَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ :مَعَهُ شَيْءٌ ؟ قَالُوا :نَعَمْ ، تَمَرَاتٌ ، فَأَخَذَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَضَغَهَا ، ثُمَّ أَخَذَ مِنْ فِيهِ فَجَعَلَهُ فِي فِيِّ الصَّبِيِّ ، ثُمَّ حَنَّكَهُ بِهِ ، وَسَمَّاهُ عَبْدَ اللهِ. (بخاری ٥٤٧٠۔ مسلم ١٦٨٩)

(۲۳۹۴۷) حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت ام سلیم رضی اللہ عنہا کا ایک بچہ پیدا ہوا تو مجھے ابوطلحہ نے کہا۔ اس بچہ کو نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لے جاؤ۔ پس یہ بچہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں لایا گیا اور اس بچہ کے ہمراہ چند کھجوریں بھی بھیجی گئی تھیں۔ چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بچہ کو لیا اور فرمایا ''اس کے ساتھ کوئی چیز ہے؟'' لوگوں نے جواب دیا۔ جی ہاں! کھجوریں ہیں۔ اس پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کھجوریں لیں اور ان کو چبایا پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے منہ مبارک سے (چبائی ہوئی کھجور) لی اور اس کو بچہ کے منہ میں

ڈال دیا۔ پھر آپ ﷺ نے اس کے تالو کو ملا اور اس کا نام آپ ﷺ نے عبداللہ رکھا۔

(٢٣٩٤٨) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ بُرَيْدِ بْنِ عَبْدِ اللهِ ، عَنْ أَبِي بُرْدَةَ ، عَنْ أَبِي مُوسَى ، قَالَ : وُلِدَ لِي غُلَامٌ ، فَأَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَمَّاهُ إِبْرَاهِيمَ ، وَحَنَّكَهُ بِتَمْرَةٍ. (بخاری ٦١٩٨۔ مسلم ٢٤)

(۲۳۹۴۸) حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ کہتے ہیں کہ میرے ہاں بچہ پیدا ہوا۔ میں (اسے لے کر) نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ ﷺ نے اس کا نام ابراہیم رکھا اور اس کو اپنی کھجور سے گھٹی دی۔

(٢٣٩٤٩) حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ ، عَنِ ابْنِ مُسْهِرٍ ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ أَبِي بَكْرٍ ؛ أَنَّهَا أَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِابْنِ الزُّبَيْرِ حِينَ وَضَعَتْهُ ، وَطَلَبُوا تَمْرَةً حَتَّى وَجَدُوهَا فَحَنَّكَهُ بِهَا ، فَكَانَ أَوَّلَ شَيْءٍ دَخَلَ بَطْنَهُ رِيقُ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. (بخاری ٣٩٠٩۔ مسلم ١٦٩١)

(۲۳۹۴۹) حضرت اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ وہ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں ابن زبیر رضی اللہ عنہ کو..... جب حضرت اسماء نے ان کو جنا..... لے کر حاضر ہوئیں۔ اور صحابہ رضی اللہ عنہم نے کھجور کی تلاش کی یہاں تک کہ مل گئی تو پھر آپ ﷺ ابن زبیر رضی اللہ عنہ کو کھجور کی گھٹی دی۔ پس جو چیز حضرت ابن زبیر رضی اللہ عنہ کے پیٹ میں گئی وہ آپ ﷺ کا لعاب مبارک تھا۔

(٢٣٩٥٠) حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ ، قَالَ : حَدَّثَنَا هِشَامٌ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ عَائِشَةَ ؛ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُؤْتَى بِالصِّبْيَانِ فَيُبَرِّكُ عَلَيْهِمْ وَيُحَنِّكُهُمْ. (بخاری ٦٠٠٢۔ مسلم ١٦٩١)

(۲۳۹۵۰) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ آپ ﷺ کی خدمت میں بچوں کو لایا جاتا تھا اور آپ ﷺ ان کے لئے برکت کی دعاء فرماتے اور ان کو گھٹی دیتے تھے۔

(١٠) فِي الإِثْمِدِ ، مَنْ أَمَرَ بِهِ عِنْدَ النَّوْمِ

سوتے وقت اثمد سرمہ لگانے کا کہنے والے حضرات کے دلائل

(٢٣٩٥١) حَدَّثَنَا عَبْدُالرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ مُسْلِمٍ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ ، عَنْ جَابِرٍ ، قَالَ : سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ : عَلَيْكُمْ بِالإِثْمِدِ عِنْدَ النَّوْمِ ، فَإِنَّهُ يَشُدُّ الْبَصَرَ وَيُنْبِتُ الشَّعْرَ.

(ابن ماجه ٣٤٩٦)

(۲۳۹۵۱) حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا کہ: ''سونے کے وقت اثمد (سرمہ) کو لازمی استعمال کرو۔ کیونکہ یہ نگاہ کو تیز کرتا ہے۔ اور بالوں کو اُگاتا ہے۔''

(٢٣٩٥٢) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ ، قَالَ : حَدَّثَنَا سُفْيَانُ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : خَيْرُ أَكْحَالِكُمُ الإِثْمِدُ ، يَجْلُو الْبَصَرَ ، وَيُنْبِتُ الشَّعْرَ.

(۲۳۹۵۲) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''تمہارے سرموں میں سے بہترین سرمہ اثمد ہے۔ نگاہ کو تیز کرتا ہے۔ اور بالوں کو اگاتا ہے۔''

(۱۱) كَمْ يُكْتَحَلُ فِي كُلِّ عَيْنٍ ؟

ہر آنکھ میں کتنی مرتبہ سرمہ لگایا جائے؟

(۲۳۹۵۳) حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ ، عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ جَعْفَرٍ ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ أَبِي أَنَسٍ ، قَالَ : كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَكْتَحِلُ بِالإِثْمِدِ ، وَيَكْحَلُ الْيُمْنَى ثَلاَثَ مَرَاوِد ، وَالْيُسْرَى مِرْوَدَيْنِ.

(ابن سعد ۴۸۴)

(۲۳۹۵۳) حضرت عمران بن ابی انس سے روایت ہے۔ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ اثمد سرمہ لگایا کرتے تھے۔ اور آپ ﷺ دائیں آنکھ میں تین سلائیاں سرمہ لگاتے تھے اور بائیں آنکھ میں دو سلائیاں سرمہ لگاتے تھے۔

(۲۳۹۵٤) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنْ عَاصِمٍ ، عَنْ حَفْصَةَ ، عَنْ أَنَسٍ ؛ أَنَّهُ كَانَ يَكْتَحِلُ ثَلاَثًا فِي كُلِّ عَيْنٍ.

(۲۳۹۵۴) حضرت انس رضی اللہ عنہ کے بارے میں روایت ہے کہ وہ ہر آنکھ میں تین تین مرتبہ سرمہ لگایا کرتے تھے۔

(۲۳۹۵۵) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنْ عَاصِمٍ ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ ؛ أَنَّهُ كَانَ يَكْتَحِلُ اثْنَتَيْنِ فِي ذِهِ ، وَاثْنَتَيْنِ فِي ذِهِ ، وَوَاحِدَةً بَيْنَهُمَا.

(۲۳۹۵۵) حضرت ابن سیرین کے بارے میں روایت ہے کہ وہ دو سلائیاں اس آنکھ میں اور دو سلائیاں اس آنکھ میں سرمہ لگایا کرتے تھے اور ایک سلائی دونوں آنکھوں کے درمیان لگاتے تھے۔

(۲۳۹۵٦) حَدَّثَنَا يَزِيدُ ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ مَنْصُورٍ ، عَنْ عِكْرِمَةَ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ، قَالَ : كَانَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُكْحُلَةٌ يَكْتَحِلُ بِهَا ثَلاَثًا فِي كُلِّ عَيْنٍ. (ترمذی ۲۰۴۸۔ ابن ماجه ۳۴۹۹)

(۲۳۹۵۶) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ کہتے ہیں کہ آپ ﷺ کے پاس ایک سرمہ دانی تھی جس سے آپ ﷺ ہر آنکھ میں تین تین سلائیاں سرمہ لگاتے تھے۔

(۱۲) فِي الْخَمْرِ يُتَدَاوَى بِهَا ، وَالسَّكَرِ

شراب اور عرقِ کھجور کے ذریعہ علاج کرنے کے بارے میں (احادیث)

(۲۳۹۵۷) حَدَّثَنَا شَبَابَةُ قَالَ : حَدَّثَنَا شُعْبَةُ ، عَنْ سِمَاكٍ ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ وَائِلٍ ، عَنْ أَبِيهِ ؛ أَنَّ رَجُلاً مِنْ جُعْفَى ، يُقَالُ لَهُ : سُوَيْد بْنُ طَارِقٍ ، سَأَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْخَمْرِ ؟ فَنَهَاهُ عَنْهَا ، فَقَالَ : يَا رَسُولَ اللهِ

، إِنَّمَا نَصْنَعُهَا لِدَوَاءٍ ، فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :إِنَّهَا دَاءٌ وَلَيْسَتْ بِدَوَاءٍ.

(۲۳۹۵۷) حضرت علقمہ بن وائل، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ جعفی کا ایک شخص جس کو سوید بن طارق کہا جاتا تھا۔ نے نبی کریم ﷺ سے شراب کے بارے میں سوال کیا؟ تو آپ ﷺ نے اس کو اس سے منع کر دیا۔ اس نے عرض کیا۔ یا رسول اللہ ﷺ! ہم تو اس کو دوائی کے لئے بناتے ہیں۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ ''یہ تو بیماری ہے۔ یہ دوائی نہیں ہے۔''

(۲۳۹۵۸) حَدَّثَنَا جَرِيرٌ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ ؛ أَنَّ رَجُلاً أَصَابَهُ الصَّفْرُ ، فَنُعِتَ لَهُ السَّكَرُ ، فَسَأَلَ عَبْدَ اللهِ عَنْ ذَلِكَ ؟ فَقَالَ :إِنَّ اللَّهَ لَمْ يَجْعَلْ شِفَائَكُمْ فِيمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمْ.

(۲۳۹۵۸) حضرت ابو وائل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی کو پیٹ کا وہ مرض لاحق ہوا جس میں چہرہ زرد ہو جاتا ہے تو کسی نے اس کے سامنے عرقِ کھجور کی تعریف کی۔ اس مریض نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے اس کے بارے میں دریافت کیا تو انہوں نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے جس چیز کو تم پر حرام کیا ہے اس چیز میں تمہاری شفا نہیں رکھی۔

(۲۳۹۵۹) حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ خَلِيفَةَ ، عَنْ أَبِي هَاشِمٍ ، عَنْ نَافِعٍ ، قَالَ : كَانَتْ لابْنِ عُمَرَ بُخْتِيَّةٌ ، وَإِنَّهَا مَرِضَتْ ، فَوُصِفَ لِي أَنْ أُدَاوِيَهَا بِالْخَمْرِ ، فَدَاوَيْتُهَا ، ثُمَّ قُلْتُ لابْنِ عُمَرَ :إِنَّهُمْ وَصَفُوا لِي أَنْ أُدَاوِيَهَا بِالْخَمْرِ ، قَالَ : فَفَعَلْتَ ؟ قُلْتُ :لاَ ، وَقَدْ كُنْتُ فَعَلْتُ ، قَالَ :أَمَا إِنَّكَ لَوْ فَعَلْتَ عَاقَبْتُكَ.

(۲۳۹۵۹) حضرت نافع سے روایت ہے۔ کہتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کے پاس ایک بختی اونٹ تھا۔ وہ بیمار ہو گیا، مجھے کسی نے کہا کہ میں اس کا شراب کے ذریعہ علاج کروں۔ چنانچہ میں نے اس کا علاج کیا۔ پھر میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے کہا۔ لوگوں نے مجھے کہا ہے کہ میں اس کا شراب کے ذریعہ علاج کروں! حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے پوچھا۔ پھر تم نے کیا؟ میں نے کہا۔ نہیں۔ حالانکہ میں تو علاج کر چکا تھا۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ اگر تم نے یہ کام کیا ہوتا تو میں تمہیں سزا دیتا۔

(۲۳۹۶۰) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، قَالَ :أَخْبَرَنَا ابْنُ عَوْنٍ ، عَنِ الْحَسَنِ ، قَالَ :قَالَ ابْنُ عَامِرٍ ، وَابْنُ زِيَادٍ :لاَ أُوتَى بِأَحَدٍ سَقَى صَبِيًّا خَمْرًا إِلاَّ جَلَدْتُهُ . قَالَ ابْنُ عَوْنٍ :وَحِفْظِي :ابْنُ زِيَادٍ.

(۲۳۹۶۰) حضرت حسن رحمہ اللہ سے روایت ہے۔ کہتے ہیں کہ ابن عامر اور ابن زیاد نے کہا کہ: میرے پاس کوئی ایسا آدمی لایا گیا جس نے کسی بچے کو شراب پلائی ہو تو میں اس کو ضرور کوڑے لگاؤں گا۔

(۲۳۹۶۱) حَدَّثَنَا عَبْدُالرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ عَبْدِاللهِ بْنِ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ؛ أَنَّهُ كَانَ يَكْرَهُ أَنْ تُسْقَى الْبَهَائِمُ الْخَمْرَ.

(۲۳۹۶۱) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کے بارے میں منقول ہے کہ وہ اس بات کو (بھی) ناپسند کرتے تھے کہ جانوروں کو شراب پلائی جائے۔

(۲۳۹۶۲) حَدَّثَنَا عَبْدُالرَّحِيمِ، عَنْ عُبَيْدَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ؛ أَنَّهُ كَانَ يَكْرَهُ أَنْ يُتَدَاوَى بِالْخَمْرِ، وَبِدَمِ الْحَلَمِ، وَبِالنَّارِ.

(۲۳۹۶۲) حضرت ابراہیم کے بارے میں منقول ہے کہ وہ اس بات کو ناپسند سمجھتے تھے کہ شراب اور چیچڑ کے خون کے ساتھ اور آگ کے ذریعہ سے علاج کیا جائے۔

(٢٣٩٦٢) حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عَطِيَّةَ ، قَالَ : سَمِعْتُ الْحَسَنَ وَسُئِلَ عَنْ صَبِيٍّ يَشْتَكِي ، نُعِتَ لَهُ قَطْرَةٌ مِنْ خَمْرٍ ؟ قَالَ : لاَ .

(۲۳۹۶۳) حضرت حکم بن عطیہ سے روایت ہے۔ کہتے ہیں کہ حضرت حسن رحمہ اللہ سے سوال کیا گیا کہ ایک بچہ تکلیف میں مبتلا ہے، کیا اسے شراب کا ایک قطرہ دیا جاسکتا ہے؟ انہوں نے فرمایا نہیں۔

(٢٣٩٦٤) حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ ، عَنِ ابْنِ أَبِي ذِئْبٍ ، عَنِ الزُّهْرِيِّ ؛ أَنَّ عَائِشَةَ كَانَتْ تَقُولُ : مَنْ تَدَاوَى بِالْخَمْرِ فَلاَ شَفَاهُ اللَّهُ .

(۲۳۹۶۴) حضرت زہری سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہا کرتی تھیں کہ جو شخص شراب کے ذریعہ سے علاج کرے تو اللہ تعالیٰ اس کو شفا ہی نصیب نہ کریں۔

(٢٣٩٦٥) حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عَدِيٍّ ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ ، عَنْ عَامِرٍ ، قَالَ : قَالَ ابْنُ عَامِرٍ : مَنْ سَقَى صَبِيًّا خَمْرًا جَلَدْنَا الَّذِي سَقَاهُ .

(۲۳۹۶۵) حضرت عامر سے روایت ہے۔ کہتے ہیں کہ حضرت ابن عامر نے فرمایا: جو شخص کسی بچے کو شراب پلائے گا تو ہم پلانے والے کو کوڑے ماریں گے۔

(٢٣٩٦٦) حَدَّثَنَا عَبْدَةُ ، عَنْ مِسْعَرٍ ، عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ ؛ أَنَّ ابْنَ عُمَرَ كَرِهَ أَنْ يُدَاوَى دَبَرُ الإِبِلِ بِالْخَمْرِ .

(۲۳۹۶۶) حضرت سعد بن ابراہیم سے روایت ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ اس بات کو ناپسند کرتے تھے کہ اونٹ کی پشت پر جو زخم لگا ہے اس کا علاج شراب سے کیا جائے۔

(١٣) فِي التَّلْبِينَةِ

بھوسے اور شہد سے بنے ہوئے حریرہ کے بیان میں

(٢٣٩٦٧) حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ ، قَالَ : حَدَّثَنَا أَيْمَنُ بْنُ نَابِلٍ ، عَنْ أُمِّ كُلْثُومٍ ابْنَةِ عَمْرٍو ، عَنْ عَائِشَةَ ، قَالَتْ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : عَلَيْكُمْ بِالْبَغِيضِ النَّافِعِ ، يَعْنِي التَّلْبِينَةَ ، فَوَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ ، إِنَّهُ لَيَغْسِلُ بَطْنَ أَحَدِكُمْ كَمَا يَغْسِلُ أَحَدُكُمْ وَجْهَهُ مِنَ الْوَسَخِ ، وَكَانَ إِذَا اشْتَكَى أَحَدٌ مِنْ أَهْلِهِ ، لَمْ تَزَلِ الْبُرْمَةُ عَلَى النَّارِ حَتَّى يَأْتِيَ عَلَى أَحَدِ طَرَفَيْهِ . (ترمذی ۲۰۳۹۔ احمد ۶/ ۳۲)

(۲۳۹۶۷) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے۔ کہتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''تم لوگ مبغوض لیکن نافع چیز یعنی تلبینہ (بھوسے اور شہد کا حریرہ) کو لازم پکڑو۔ پس قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے۔ یقیناً یہ چیز تمہارے پیٹ کو اس طرح دھوڈالتی ہے جیسا کہ تم میں سے کوئی ایک اپنے چہرہ سے میل کو دھوڈالتا ہے۔'' اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے گھر والوں

میں سے جب کسی کو کوئی تکلیف ہوتی تو ہانڈی مسلسل آگ پر دھری رہتی یہاں تک کہ مریض کسی ایک جانب..... موت یا حیات..... کی طرف آجاتا۔

(١٤) فِي الحِجَامَةِ أَيْنَ تُوضَعُ مِنَ الرَّأْسِ ؟

پچھنے سر میں کس جگہ لگوائے جائیں؟

(٢٣٩٦٨) حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ عُمَرَ ، عَنْ مَكْحُولٍ ، قَالَ : كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَحْتَجِمُ أَسْفَلَ مِنَ الذُّؤَابَةِ ، وَيُسَمِّيهَا مُنْقِذًا.

(۲۳۹۶۸) حضرت مکحول سے روایت ہے۔ کہتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ (اپنی) پیشانی کے بالوں کے نچلے حصہ میں پچھنے لگواتے تھے اور اس کو آپ ﷺ منقذ کا نام دیتے تھے۔

(٢٣٩٦٩) حَدَّثَنَا أَسْوَدُ بْنُ عَامِرٍ ، قَالَ : حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ ، عَنْ قَتَادَةَ ، عَنْ أَنَسٍ ، قَالَ : احْتَجَمَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلاَثًا عَلَى الأَخْدَعَيْنِ ، وَعَلَى الْكَاهِلِ وَاحِدَةً. (ترمذی ۲۰۵۱۔ ابوداؤد ۳۸۵۶)

(۲۳۹۶۹) حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے تین جگہ پر پچھنے لگوائے، دو رگیں گردن کے دونوں جانب اور ایک دو کندھوں کے درمیان۔

(٢٣٩٧٠) حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ ، قَالَ : حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلاَلٍ ، قَالَ : حَدَّثَنِي عَلْقَمَةُ بْنُ أَبِي عَلْقَمَةَ ، قَالَ : سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمَنِ الأَعْرَجَ ، قَالَ : سَمِعْتُ عَبْدَ اللهِ بْنَ بُحَيْنَةَ يَقُولُ : احْتَجَمَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِلَحْيِ جَمَلٍ وَهُوَ مُحْرِمٌ ، وَسَطَ رَأْسِهِ. (بخاری ۱۸۳۶۔ ابن ماجہ ۳۴۸۱)

(۲۳۹۷۰) حضرت عبداللہ بن بحینہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مقام لحی جمل میں پچھنے لگوائے اور (اس وقت) آپ ﷺ حالت احرام میں تھے اور سر کے درمیان لگوائے۔

(٢٣٩٧١) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، قَالَ : حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَزِيدَ ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ ؛ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ احْتَجَمَ بِمَكَانٍ بِطَرِيقِ مَكَّةَ ، بِمَعْدِنٍ يُدْعَى لَحْيَ جَمَلٍ وَهُوَ مُحْرِمٌ فَوْقَ رَأْسِهِ.

(۲۳۹۷۱) حضرت سلیمان بن یسار سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ مکہ کے عدن والے راستہ میں ایک مقام پر جس کا نام لحی جمل تھا۔ اس حالت میں اپنے سر مبارک پر پچھنے لگوائے کہ آپ ﷺ حالت احرام میں تھے۔

(٢٣٩٧٢) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ ، عَنْ حَسَنِ بْنِ صَالِحٍ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، قَالَ : قُلْتُ لِمُجَاهِدٍ : احْتَجَمَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ؟ قَالَ : إِلاَّ أَنَّ رِجْلَهُ وُثِئَتْ فَحَجَمَهَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

(۲۳۹۷۲) حضرت منصور سے روایت ہے۔ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت مجاہد سے پوچھا۔ رسول اللہ ﷺ نے پچھنے لگوائے تھے؟

انہوں نے جواب دیا۔ مگر آپ ﷺ کا پاؤں مبارک کمزور ہو گیا تھا تو آپ ﷺ نے اس کو سینگی لگوائی تھی۔

(٢٣٩٧٣) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، قَالَ : أَخْبَرَنَا هِشَامٌ ، عَنْ عِكْرِمَةَ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ؛ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ احْتَجَمَ وَهُوَ مُحْرِمٌ فِي رَأْسِهِ ، مِنْ أَذًى كَانَ بِهِ. (بخاری ۵۶۹۹۔ ابو داؤد ۱۸۳۲)

(۲۳۹۷۳) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے اپنے سر مبارک پر بوجہ تکلیف کے پچھنے لگوائے تھے جبکہ آپ ﷺ حالت احرام میں تھے۔

(١٥) فِي الرُّخْصَةِ فِي الْقُرْآنِ ، يُكْتَبُ لِمَنْ يُسْقَاهُ

کسی کو پلانے کے لئے قرآن مجید لکھنے کے جواز کے بیان میں (احادیث)

(٢٣٩٧٤) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ ، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى ، عَنِ الْحَكَمِ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ، قَالَ : إِذَا عَسِرَ عَلَى الْمَرْأَةِ وَلَدُهَا ، فَيَكْتُبُ هَاتَيْنِ الآيَتَيْنِ وَالْكَلِمَاتِ فِي صَحْفَةٍ ، ثُمَّ تُغْسَلُ فَتُسْقَى مِنْهَا : بِسْمِ اللهِ الَّذِي لاَ إِلَهَ إِلاَّ هُوَ الْحَلِيمُ الْكَرِيمُ ، سُبْحَانَ اللهِ رَبِّ السَّمَاوَاتِ السَّبْعِ وَرَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ : ﴿كَأَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَهَا لَمْ يَلْبَثُوا إِلاَّ عَشِيَّةً ، أَوْ ضُحَاهَا﴾ ، ﴿كَأَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَ مَا يُوعَدُونَ لَمْ يَلْبَثُوا إِلاَّ سَاعَةً مِنْ نَهَارٍ بَلاَغٌ فَهَلْ يُهْلَكُ إِلاَّ الْقَوْمُ الْفَاسِقُونَ﴾.

(۲۳۹۷۴) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ کہتے ہیں کہ جب کسی عورت کو بچہ کی ولادت میں تنگی ہو تو ان دو آیتوں اور کلمات کو ایک صفحہ پر لکھ دیا جائے پھر اس کو دھو کر یہ پانی عورت کو پلایا جائے۔ (الفاظ کا ترجمہ یہ ہے) شروع اس خدا کے نام سے جس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے جو بہت بردبار اور کرم کرنے والا ہے۔ پاک ہے اللہ، جو رب ہے ساتوں آسمانوں کا اور جو رب ہے عرش عظیم کا۔ ﴿كَأَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَهَا لَمْ يَلْبَثُوا إِلاَّ عَشِيَّةً ، أَوْ ضُحَاهَا﴾ اور ﴿كَأَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَ مَا يُوعَدُونَ لَمْ يَلْبَثُوا إِلاَّ سَاعَةً مِنْ نَهَارٍ بَلاَغٌ فَهَلْ يُهْلَكُ إِلاَّ الْقَوْمُ الْفَاسِقُونَ﴾.

(٢٣٩٧٥) حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ ، عَنْ مُغِيرَةَ ، عَنْ أَبِي مَعْشَرٍ ، عَنْ عَائِشَةَ ؛ أَنَّهَا كَانَتْ لاَ تَرَى بَأْسًا أَنْ يُعَوَّذَ فِي الْمَاءِ ، ثُمَّ يُصَبَّ عَلَى الْمَرِيضِ.

(۲۳۹۷۵) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے بارے میں روایت ہے کہ وہ پانی میں دم وغیرہ کرنے میں کوئی حرج محسوس نہیں کرتی تھیں کہ پھر وہ پانی مریض پر بہا دیا جائے۔

(٢٣٩٧٦) حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ ، عَنْ خَالِدٍ ، عَنْ أَبِي قِلاَبَةَ (ح) وَلَيْثٍ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ؛ أَنَّهُمَا لَمْ يَرَيَا بَأْسًا أَنْ يَكْتُبَ آيَةً مِنَ الْقُرْآنِ ، ثُمَّ يُسْقَاهُ صَاحِبُ الْفَزَعِ.

(۲۳۹۷۶) حضرت ابو قلابہ اور حضرت مجاہد کے بارے میں روایت ہے کہ یہ دونوں حضرات اس بات میں کوئی حرج محسوس نہیں

کرتے تھے کہ قرآن مجید کی کوئی آیت لکھی جائے اور پھر ڈرے ہوئے آدمی کو پلائی جائے۔

(٢٣٩٧٧) حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ ، قَالَ :أَخْبَرَنَا حَجَّاجٌ ، قَالَ :أَخْبَرَنِي مَنْ رَأَى سَعِيدَ بْنَ جُبَيْرٍ يَكْتُبُ التَّعْوِيذَ لِمَنْ أَتَاهُ ، قَالَ حَجَّاجٌ :وَسَأَلْتُ عَطَاءً ؟ فَقَالَ :مَا سَمِعْنَا بِكَرَاهِيَتِهِ إِلاَّ مِنْ قِبَلِكُمْ أَهْلَ الْعِرَاقِ.

(۲۳۹۷۷) حضرت حجاج کہتے ہیں کہ مجھ سے اس آدمی نے بیان کیا جس نے حضرت سعید بن جبیر کو دیکھا تھا کہ جوان کے پاس (بغرض تعویذ) آتا وہ اس کے لئے تعویذ لکھتے تھے۔ حجاج کہتے ہیں۔ میں نے حضرت عطاء سے پوچھا: تو انہوں نے جواباً ارشاد فرمایا: اے اہل عراق! ہم نے تو تمہارے علاوہ کسی سے اس کا ناپسند ہونا نہیں سُنا۔

(٢٣٩٧٨) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ شُعْبَةَ ، قَالَ :أَخْبَرَنَا قَتَادَةُ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ ، قَالَ :سَأَلْتُهُ عَنِ النُّشَرِ ، فَأَمَرَنِي بِهَا ، قُلْتُ :أَرْوِيهَا عَنْكَ ؟ قَالَ :نَعَمْ.

(۲۳۹۷۸) حضرت قتادہ، سعید بن المسیب رحمہ اللہ کے بارے میں بتاتے ہیں کہ میں نے ان سے آسیب کے تعویذ کے بارے میں سوال کیا تو انہوں نے مجھے اس کی اجازت دی۔ میں نے (ان سے) کہا۔ میں اس (تعویذ) کو آپ کی نسبت سے روایت کروں؟ انہوں نے فرمایا: ہاں۔

(٢٣٩٧٩) حَدَّثَنَا يَزِيدُ ، قَالَ :أَخْبَرَنَا ابْنُ عَوْنٍ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، عَنِ الأَسْوَدِ ؛ أَنَّ أُمَّ الْمُؤْمِنِينَ عَائِشَةَ سُئِلَتْ عَنِ النُّشَرِ ؟ فَقَالَتْ :مَا تَصْنَعُونَ بِهَذَا ؟ هَذَا الْفُرَاتُ إِلَى جَانِبِكُمْ ، يَسْتَنْقِعُ فِيهِ أَحَدُكُمْ سَبْعًا يَسْتَقْبِلُ الْجِرْيَةَ.

(۲۳۹۷۹) حضرت اسود سے روایت ہے کہ ام المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے آسیب کے تعویذات کے بارے میں سوال کیا گیا تو انہوں نے جواباً ارشاد فرمایا: تم لوگ اس سے کیا بناتے ہو؟ یہ تمہارے قریب فرات کا دریا ہے۔ اس میں (آ کر) تم میں سے کوئی ایک پانی کے بہاؤ کی طرف منہ کر کے سات مرتبہ غوطہ لگالے۔

(١٦) مَنْ كَرِهَ ذَلِكَ

جن لوگوں نے اس کو ناپسند کیا ہے۔ (ان کی احادیث)

(٢٣٩٨٠) حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ ، قَالَ :أَخْبَرَنَا ابْنُ عَوْنٍ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ؛ أَنَّهُ سُئِلَ عَنْ رَجُلٍ كَانَ بِالْكُوفَةِ يَكْتُبُ مِن الْفَزَعِ آيَاتٍ مِنَ الْقُرْآنِ ، فَيُسْقَاهُ الْمَرِيضُ ؟ فَكَرِهَ ذَلِكَ.

(۲۳۹۸۰) حضرت ابراہیم کے بارے میں روایت ہے کہ ان سے ایک آدمی کے بارے میں پوچھا گیا جو آدمی کوفہ میں تھا اور ڈرے ہوئے لوگوں کو قرآن کی آیات لکھ کر دیتا اور پھر ان آیات کو وہ مریض کو پلاتا تھا؟ تو حضرت ابراہیم نے اس کو پسند نہیں فرمایا۔

(٢٣٩٨١) حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عَطِيَّةَ ، قَالَ :سَمِعْتُ الْحَسَنَ وَسُئِلَ عَنِ النُّشَرِ ؟ فَقَالَ :سِحْرٌ.

(۲۳۹۸۱) حضرت حکم بن عطیہ سے روایت ہے۔ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت حسن کو سُنا جبکہ ان سے آسیب کے تعویذات کے

بارے میں پوچھا گیا؟ تو انہوں نے جواب دیا۔ یہ جادو ہے۔

(٢٣٩٨٢) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، وَأَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ أَبِي رَجَاءٍ ، قَالَ :سَأَلْتُ الْحَسَنَ عَنِ النَّشَرِ ؟ فَذَكَرَ لِي عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ :هِيَ مِنْ عَمَلِ الشَّيْطَانِ. (بزار ۳۰۳۴)

(۲۳۹۸۲) حضرت ابورجاء سے روایت ہے۔ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت حسن سے آسیب کے تعویذات کے بارے میں سوال کیا؟ تو انہوں نے میرے سامنے نبی کریم ﷺ سے متصل ایک حدیث ذکر فرمائی کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''یہ اعمال شیطانیہ میں سے ہے۔''

(١٧) فِي الرَّجُلِ يُسْحَرُ وَيُسَمُّ فَيُعَالِجُ

اس آدمی کے بارے میں جس کو سحر یا زہر ہو جائے اور وہ علاج کروائے

(٢٣٩٨٣) حَدَّثَنَا عَثَّامُ بْنُ عَلِيٍّ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، عَنِ الأَسْوَدِ ، عَنْ عَائِشَةَ ، قَالَتْ :مَنْ أَصَابَهُ نُشْرَةٌ، أَوْ سَمٌّ ، أَوْ سِحْرٌ ، فَلْيَأْتِ الْفُرَاتَ ، فَلْيَسْتَقْبِلِ الْجِرْيَةَ ، فَيَغْتَمِسْ فِيهِ سَبْعَ مَرَّاتٍ.

(۲۳۹۸۳) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے۔ کہتی ہیں کہ جس آدمی کو آسیب، جادو یا نہر چڑھ جائے تو اسے چاہیے کہ وہ فرات دریا پر آئے اور پانی کے بہاؤ کے رُخ کرے اور دریا میں سات مرتبہ غوطہ لگائے۔

(٢٣٩٨٤) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ حَيَّانَ ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ ، قَالَ :سَحَرَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ مِنَ الْيَهُودِ ، فَاشْتَكَى النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِذَلِكَ أَيَّامًا ، فَأَتَاهُ جِبْرِيلُ فَقَالَ :إِنَّ رَجُلاً كَذَا مِنَ الْيَهُودِ سَحَرَكَ ، عَقَدَ لَكَ عُقَدًا ، فَأَرْسَلَ إِلَيْهَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلِيًّا ، فَاسْتَخْرَجَهَا ، فَجَاءَ بِهِ ، فَجَعَلَ كُلَّمَا حَلَّ عُقْدَةً وَجَدَ لِذَلِكَ خِفَّةً ، قَالَ :فَقَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَأَنَّمَا نُشِطَ مِنْ عِقَالٍ ، فَمَا ذُكِرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَلِكَ الْيَهُودِيَّ ، وَلاَ رَآهُ فِي وَجْهِهِ قَطُّ.

(احمد ۴/ ۳۶۷۔ حاکم ۳۶۰)

(۲۳۹۸۴) حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ کہتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ پر ایک یہودی آدمی نے جادو کیا۔ جس کی جناب نبی کریم ﷺ کو چند دن تک شکایت رہی لیکن پھر حضرت جبرئیل آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا۔'' یہود کے فلاں شخص نے آپ پر جادو کیا ہے اور اس نے آپ کے لئے چند گرہیں لگائی ہیں'' چنانچہ آپ ﷺ نے ان گرہوں (والے دھاگہ) کی طرف حضرت علی رضی اللہ عنہ کو بھیجا اور حضرت علی رضی اللہ عنہ، اس کو نکال کر آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ پس نبی کریم ﷺ جب ان گرہوں میں سے کوئی گرہ کھولتے تو آپ ﷺ اس سے ہلکا پن محسوس کرتے۔ راوی کہتے ہیں۔ پس نبی کریم ﷺ یوں کھڑے ہوئے جیسا کہ آپ ﷺ کو کسی بندش سے کھول دیا گیا ہے۔ لیکن نبی کریم ﷺ نے اس یہودی آدمی

سے اس بات کا کبھی ذکر نہیں فرمایا اور نہ ہی اس یہودی نے کبھی اس بات کو آپ ﷺ کے چہرہ سے پہچانا۔

(٢٣٩٨٥) حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ نُمَيْرٍ ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ عَائِشَةَ ، قَالَتْ :سَحَرَ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَهُودِيٌّ مِنْ يَهُودِ بَنِي زُرَيْقٍ ، يُقَالُ لَهُ :لَبِيدُ بْنُ الأَعْصَمِ ، حَتَّى كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُخَيَّلُ إِلَيْهِ أَنَّهُ يَفْعَلُ الشَّيْءَ وَلاَ يَفْعَلُهُ ، حَتَّى إِذَا كَانَ ذَاتَ يَوْمٍ ، أَوْ ذَاتَ لَيْلَةٍ ، دَعَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، ثُمَّ دَعَا ، ثُمَّ قَالَ :يَا عَائِشَةُ ، أَشَعَرْتِ أَنَّ اللَّهَ قَدْ أَفْتَانِي فِيمَا اسْتَفْتَيته فِيهِ ؟ جَانَنِي رَجُلاَنِ ، فَجَلَسَ أَحَدُهُمَا عِنْدَ رَأْسِي ، وَالآخَرُ عِنْدَ رِجْلِي ، فَقَالَ الَّذِي عِنْدَ رَأْسِي لِلَّذِي عِنْدَ رِجْلِي ، أَوِ الَّذِي عِنْدَ رِجْلِي لِلَّذِي عِنْدَ رَأْسِي :مَا وَجَعُ الرَّجُلِ ؟ قَالُوا :مَطْبُوبٌ ، قَالَ :مَنْ طَبَّهُ ؟ قَالَ :لَبِيدُ بْنُ الأَعْصَمِ ، قَالَ :فِي أَيِّ شَيْءٍ ؟ قَالَ :فِي مُشْطٍ وَمُشَاطَةٍ ، وَجُفِّ طَلْعَةِ ذَكَرٍ ، قَالَ :وَأَيْنَ هُوَ ؟ قَالَ :فِي بِئْرِ ذِي أَرْوَانَ ، فَأَتَاهَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي أُنَاسٍ مِنْ أَصْحَابِهِ ، ثُمَّ جَاءَ فَقَالَ :يَا عَائِشَةُ ، كَأَنَّمَا مَاؤُهَا نُقَاعَةُ الْحِنَّاءِ ، وَلَكَأَنَّ نَخْلَهَا رُؤُوسُ الشَّيَاطِينِ ، قَالَ :فَقُلْتُ :يَا رَسُولَ اللهِ ، أَفَلاَ أَخْرَجْتَهُ ؟ فَقَالَ :لاَ ، أَمَّا أَنَا فَقَدْ عَافَانِي اللَّهُ ، وَكَرِهْتُ أَنْ أُثِيرَ عَلَى النَّاسِ مِنْهُ شَرًّا ، فَأَمَرَ بِهَا فَدُفِنَتْ.

(بخاری ۳۱۷۵۔ مسلم ۱۷۱۹)

(۲۳۹۸۵) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے۔ کہتی ہیں کہ بنو زریق کے یہودیوں میں سے ایک یہودی نے جناب نبی کریم ﷺ پر جادو کیا۔ جس کا نام لبید بن اعصم تھا۔ (اس کا اثر) یہاں تک (تھا) کہ آپ ﷺ کو خیال ہوتا کہ آپ ﷺ نے ایک کام کرلیا ہے۔ حالانکہ آپ ﷺ نے وہ کام نہیں کیا ہوتا تھا۔ یہاں تک کہ ایک مرتبہ دن کا وقت تھا یا رات کا وقت تھا۔ کہ رسول اللہ ﷺ نے آواز دی۔ پھر دوبارہ آواز دی پھر آپ ﷺ نے فرمایا: ''اے عائشہ رضی اللہ عنہا! تجھے معلوم ہے کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے وہ بات بتادی ہے جو میں نے اللہ تعالیٰ سے معلوم کی تھی؟ میرے پاس دو آدمی آئے اور ان میں سے ایک میرے سر کے پاس اور دوسرا میرے قدموں کے پاس بیٹھ گیا۔ پھر اس آدمی نے جو میرے سر کے پاس بیٹھا تھا اس آدمی سے جو میرے قدموں کے پاس بیٹھا تھا۔ کہا: یا جو آدمی میرے قدموں کے پاس تھا اس نے میرے سر کے پاس بیٹھے ہوئے سے کہا۔ اس آدمی کی تکلیف کیا ہے؟ لوگوں نے کہا: اس پر جادو ہوا ہے۔ اس نے پھر پوچھا۔ اس پر کس نے جادو کیا ہے؟ دوسرے نے کہا لبید بن اعصم نے۔ پہلے نے پھر پوچھا۔ کس چیز میں جادو کیا ہے؟ دوسرے نے جواب دیا۔ کنگھی میں اور اس میں آنے والے بالوں میں اور نر کھجور کی جڑ سے بنے ہوئے برتن میں۔ پہلے نے پھر پوچھا۔ یہ چیزیں کہاں ہیں؟ دوسرے نے کہا۔ بیئر ذی اروان میں'' چنانچہ رسول اللہ ﷺ اس کنویں کے پاس اپنے صحابہ رضی اللہ عنہم کی ایک جماعت کے ہمراہ تشریف لے گئے۔ پھر آپ ﷺ واپس آئے اور فرمایا: ''اے عائشہ رضی اللہ عنہا! گویا کہ اس کا پانی مہندی بھگویا ہوا پانی ہے اور اس کے کھجور تو گویا شیطانوں کے سر ہیں۔'' راوی کہتے ہیں: میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ ﷺ! آپ نے ان چیزوں کو باہر کیوں نہ نکلوایا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ''نہ'' کیونکہ مجھے تو اللہ تعالیٰ نے

صحت بخش دی ہے اور میں نے اس بات کو ناپسند سمجھا کہ میں اس کے ذریعہ سے لوگوں میں کوئی شر بھڑکاؤں۔'' چنانچہ آپ ﷺ نے ان کے بارے میں حکم دیا اور انہیں دفن کر دیا گیا۔

(٢٣٩٨٦) حَدَّثَنَا شَبَابَةُ ، قَالَ :حَدَّثَنَا لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، قَالَ :لَمَّا فُتِحَتْ خَيْبَرُ ، أُهْدِيَتْ لِرَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَاةٌ فِيهَا سَمٌّ ، فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اجْمَعُوا لِي مَنْ كَانَ هَاهُنَا مِنَ الْيَهُودِ ، فَقَالَ لَهُمْ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :هَلْ جَعَلْتُمْ فِي هَذِهِ الشَّاةِ سُمًّا ؟ قَالُوا :نَعَمْ ، قَالَ :مَا حَمَلَكُمْ عَلَى ذَلِكَ ؟ قَالُوا :أَرَدْنَا إِنْ كُنْتَ كَاذِبًا أَنْ نَسْتَرِيحَ مِنْكَ ، وَإِنْ كُنْتَ نَبِيًّا لَمْ يَضُرَّكَ. (بخاری ٣١٦٩۔ ابو داؤد ٤٥٠١)

(۲۳۹۸۶) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ کہتے ہیں کہ جب خیبر فتح ہوا تو رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں ایک بکری ہدیہ کی گئی جس میں زہر ملا ہوا تھا۔ رسول اللہ ﷺ نے حکم دیا۔ ''یہاں جتنے یہودی ہیں ان سب کو میرے پاس اکٹھا کرو۔'' پھر رسول اللہ ﷺ نے ان سے کہا۔ ''کیا تم نے اس بکری میں زہر ملایا ہے؟''۔ انہوں نے جواب دیا۔ جی ہاں۔ آپ ﷺ نے پوچھا۔ ''تمہیں اس کام پر کس چیز نے ابھارا ہے؟'' انہوں نے جواب دیا کہ ہم نے یہ چاہا کہ اگر آپ جھوٹے ہوں گے تو ہمیں آپ سے آرام مل جائے گا اور اگر آپ (واقعی) نبی ہوئے تو یہ بات (زہر ملانا) آپ کو نقصان نہیں دے گا۔

(٢٣٩٨٧) حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ ، عَنْ عَطَاءٍ ؛ أَنَّهُ كَانَ لاَ يَرَى بَأْسًا أَنْ يَأْتِيَ الْمُؤْخَذُ عَنْ أَهْلِهِ ، وَالْمَسْحُورُ ، مَنْ يُطْلِقُ عَنْهُ.

(۲۳۹۸۷) حضرت عطاء کے بارے میں روایت ہے کہ وہ اس میں کوئی حرج نہیں دیکھتے تھے کہ جادو کیا ہوا شخص اور وہ شخص کو اہل خانہ کی طرف سے جادو کیا گیا ہو۔ یہ (دونوں) اس کے پاس جائیں جو اس کو ختم کر دے (سحر کو)۔

(٢٣٩٨٨) حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ ، قَالَ :سَأَلْتُ عَطَاءً الْخُرَاسَانِيَّ عَنِ الْمُؤْخَذِ وَالْمَسْحُورِ ، يَأْتِي مَنْ يُطْلِقُ عَنْهُ ؟ قَالَ :لاَ بَأْسَ بِذَلِكَ إِذَا اضْطُرَّ إِلَيْهِ.

(۲۳۹۸۸) حضرت اسماعیل بن عیاش بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت عطاء خراسانی سے مسحور اور سحر میں گرفتار کے بارے میں پوچھا کہ اگر وہ کسی علاج کرنے والے کے پاس جائیں؟ حضرت عطاء نے فرمایا: جب آدمی اس درجہ مجبور ہو جائے تو پھر اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

(٢٣٩٨٩) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنْ قَتَادَةَ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ ، قَالَ :قُلْتُ لَهُ :رَجُلٌ طُبَّ بِسِحْرٍ ، يُحَلَّ عَنْهُ ؟ قَالَ :نَعَمْ ، مَنِ اسْتَطَاعَ أَنْ يَنْفَعَ أَخَاهُ فَلْيَفْعَلْ.

(۲۳۹۸۹) حضرت قتادہ، حضرت سعید بن مسیب کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ میں نے ان سے پوچھا۔ ایک آدمی ہے جس کو جادو کیا گیا ہے کیا اس کا علاج کیا جا سکتا ہے؟ سعید نے جواب دیا۔ ہاں۔ جو آدمی اپنے بھائی کو نفع دے سکے تو اسے

نفع دینا چاہیے۔

(۱۸) مَنْ كَرِهَ إِتيانَ الْكَاهِنِ وَالسَّاحِرِ وَالعرّافِ

جو حضرات کاہن، جادوگر اور نجومی کے پاس جانے کو پسند نہیں کرتے (ان کی احادیث)

(۲۳۹۹۰) حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنْ حَجَّاجٍ الصَّوَّافِ ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ ، عَنْ هِلاَلِ بْنِ أَبِي مَيْمُونَةَ ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ الْحَكَمِ السُّلَمِيِّ ، قَالَ :قُلْتُ :يَا رَسُولَ اللهِ ، إِنِّي حَدِيثُ عَهْدٍ بِجَاهِلِيَّةٍ ، وَقَدْ جَاءَ اللَّهُ بِالإِسْلاَمِ ، وَإِنَّ مِنَّا رِجَالاً يَأْتُونَ الْكُهَّانَ ، قَالَ :فَلاَ تَأْتِهِمْ. (مسلم ۳۸۱۔ ابوداؤد ۹۲۷)

(۲۳۹۹۰) حضرت معاویہ بن حکم سلمی سے روایت ہے۔ کہتے ہیں کہ میں نے عرض کیا۔ یارسول اللہ ﷺ! میں جاہلیت میں عہد قریب ہی میں (اسلام کی طرف) آیا ہوں۔ جبکہ اللہ تعالیٰ نے اسلام عطا فرمایا ہے۔ اور ہم میں کچھ لوگ نجومیوں کے پاس جاتے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''تو نجومیوں کے پاس نہ جانا۔''

(۲۳۹۹۱) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، قَالَ :حَدَّثَنَا الشَّيْبَانِيُّ ، عَنْ جَامِعِ بْنِ شَدَّادٍ ، عَنِ الأَسْوَدِ بْنِ هِلاَلٍ ، قَالَ :قَالَ عَلِيٌّ: إِنَّ هَؤُلاَءِ الْعَرَّافِينَ كُهَّانُ الْعَجَمِ ، فَمَنْ أَتَى كَاهِنًا يُؤْمِنُ بِمَا يَقُولُ ، فَقَدْ بَرِءَ مِمَّا أَنْزَلَ اللَّهُ عَلَى مُحَمَّدٍ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

(۲۳۹۹۱) حضرت اسود بن ہلال سے روایت ہے۔ کہتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کا ارشاد ہے۔ یقیناً یہ نجومی لوگ عجم کے کاہن ہیں۔ پس جو شخص کسی کاہن کے پاس آیا اور اس کی باتوں کی تصدیق کی تو تحقیق اس نے ان باتوں سے اظہار براءت کیا جو اللہ تعالیٰ نے محمد ﷺ پر نازل کی ہیں۔

(۲۳۹۹۲) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ مُسْلِمٍ ، عَنْ مَسْرُوقٍ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ ، قَالَ :لَدِرْهَمٌ مِينٍ خَيْرٌ مِنْ قَلْبِ رَجُلٍ يَأْتِي الْعَرَّافَ.

(۲۳۹۹۲) حضرت عبداللہ سے روایت ہے کہتے ہیں کہ جھوٹ کا درہم اس آدمی کے دل سے بہتر ہے جو کسی نجومی کے پاس آتا ہے۔

(۲۳۹۹۳) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنِ الزُّهْرِيِّ ، عَنْ أَبِي بَكْرٍ ، عَنْ أَبِي مَسْعُودٍ ؛ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ حُلْوَانِ الْكَاهِنِ.

(۲۳۹۹۳) حضرت ابومسعود سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے کاہن کے معاوضہ سے منع فرمایا۔

(۲۳۹۹٤) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ ، وَوَكِيعٌ ، قَالاَ :حَدَّثَنَا سُفْيَانُ ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ ، عَنْ هُبَيْرَةَ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ ، قَالَ :مَنْ مَشَى إِلَى سَاحِرٍ ، أَوْ كَاهِنٍ ، أَوْ عَرَّافٍ فَصَدَّقَهُ بِمَا يَقُولُ ، فَقَدْ كَفَرَ بِمَا أَنْزَلَ اللَّهُ عَلَى مُحَمَّدٍ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

(۲۳۹۹۴) حضرت عبداللہ سے روایت ہے۔ کہتے ہیں کہ جو شخص کسی سحار دوگر، کاہن یا نجومی کے پاس چل کر گیا اور اس کی باتوں کی تصدیق کی۔ تو تحقیق اس آدمی نے اس دین سے انکار کیا جو اللہ تعالیٰ نے محمد ﷺ پر نازل کیا۔

(۱۹) فِي رُقْيَةِ الْعَقْرَبِ وَالْحُمَةِ، مَنْ رَخَّصَ فِيهَا

جن لوگوں نے بچھو اور زہر کے تعویذ میں اجازت دی ہے (ان کے دلائل)

(۲۳۹۹۵) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنِ الشَّيْبَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الأَسْوَدِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَ: سَأَلْتُهَا عَنِ الرُّقْيَةِ مِنَ الْحُمَةِ؟ فَقَالَتْ: رَخَّصَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الرُّقْيَةِ مِنْ كُلِّ ذِي حُمَةٍ.

(بخاری ۵۷۴۱۔ مسلم ۱۷۲۴)

(۲۳۹۹۵) حضرت عبدالرحمٰن بن اسود، اپنے والد کے واسطہ سے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں۔ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے زہر کے تعویذ کے بارے میں سوال کیا؟ تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا۔ رسول اللہ ﷺ نے ہر زہر کے لیے تعویذ کی اجازت عطا فرمائی ہے۔

(۲۳۹۹۶) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الرُّقَى، وَكَانَ عِنْدَ آلِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ رُقْيَةٌ يَرْقُونَ بِهَا مِنَ الْعَقْرَبِ، قَالَ: فَأَتَوُا النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَرَضُوهَا عَلَيْهِ، وَقَالُوا: إِنَّكَ نَهَيْتَ عَنِ الرُّقَى، فَقَالَ: مَنِ اسْتَطَاعَ مِنْكُمْ أَنْ يَنْفَعَ أَخَاهُ فَلْيَفْعَلْ. (مسلم ۱۷۲۶۔ احمد ۳/ ۳۱۵)

(۲۳۹۹۶) حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے تعویذات سے منع فرمایا تھا اور عمرو بن حزم کے گھر والوں کے پاس ایک تعویذ تھا جس سے وہ بچھو کا تعویذ کرتے تھے۔ راوی کہتے ہیں، پس یہ لوگ نبی کریم ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے اور انہوں نے یہ تعویذ آپ ﷺ کے سامنے پیش کیا اور عرض کیا، آپ نے تو تعویذات سے منع کیا ہے۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''تم میں سے جو شخص اپنے بھائی کو نفع پہنچا سکے تو اسے چاہیئے کہ وہ نفع پہنچائے۔''

(۲۳۹۹۷) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ، عَنْ مُجَالِدٍ، عَنْ عَامِرٍ، عَنْ بَعْضِ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لاَ رُقْيَةَ إِلاَّ مِنْ عَيْنٍ، أَوْ حُمَةٍ. (ابوداؤد ۳۸۸۰۔ ترمذی ۲۰۵۷)

(۲۳۹۹۷) نبی کریم ﷺ کے بعض صحابہ میں سے کسی سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''نظر اور زہر کے علاوہ کسی شئی کا تعویذ (درست) نہیں ہے۔''

(۲۳۹۹۸) حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ: لَدَغَتْنِي عَقْرَبٌ، فَابْتَدَرَ مَنْخَرَايَ دَمًا، فَرَقَانِي الأَسْوَدُ فَبَرَأْتُ.

(۲۳۹۹۸) حضرت ابراہیم سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ مجھے ایک بچھو نے ڈس لیا تھا اور میرے نتھنوں سے خون بہنا شروع ہو گیا تھا مجھے اسود نے تعویذ دیا تو میں صحت یاب ہو گیا۔

(۲۳۹۹۹) حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ خَلِيفَةَ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنِ الْحَسَنِ ؛ أَنَّهُ كَانَ لاَ يَرَى بِرُقْيَةِ الْحُمَةِ بَأْسًا.

(۲۳۹۹۹) حضرت حسن رحمہ اللہ کے بارے میں روایت ہے کہ وہ زہر کے لئے تعویذ کرنے میں کوئی حرج نہیں محسوس کرتے تھے۔

(۲٤۰۰۰) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنْ مُحَمَّدٍ ، قَالَ :رُخِّصَ فِي الرُّقَى مِنَ الْحُمَةِ ، وَالنَّمْلَةِ ، وَالنَّفْسِ.

(۲۴۰۰۰) حضرت محمد سے روایت ہے کہتے ہیں کہ زہر، پہلو کے دانہ اور نظر کے بارے میں تعویذ کرنے کرانے کی اجازت دی گئی ہے۔

(۲٤۰۰۱) حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُمَارَةَ ، عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدٍ ؛ أَنَّ خَالِدَةَ بِنْتَ أَنَسٍ أُمَّ بَنِي حَزْمٍ السَّاعِدِي جَاءَتْ إِلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَرَضَتْ عَلَيْهِ الرُّقَى ، فَأَمَرَهَا بِهَا.

(۲۴۰۰۱) حضرت ابوبکر بن محمد سے روایت ہے کہ بنوحزم ساعدی کی والدہ، حضرت خالدہ بنت انس رضی اللہ عنہا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے ایک تعویذ پیش کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو اس تعویذ کی اجازت عطا فرمائی۔

(۲٤۰۰۲) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ ، قَالَ :حَدَّثَنَا سُفْيَانُ ، عَنْ عَاصِمٍ ، عَنْ يُوسُفَ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ الْحَارِثِ ، عَنْ أَنَسٍ ، قَالَ :رَخَّصَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الرُّقْيَةِ مِنَ الْعَيْنِ وَالْحُمَةِ.

(مسلم ۱۷۲۵۔ ترمذی ۲۰۵۶)

(۲۴۰۰۲) حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نظر اور زہر کے تعویذ کی اجازت عنایت فرمائی تھی۔

(۲٤۰۰۳) حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ ، عَنْ زَكَرِيَّا ، عَنْ عَامِرٍ ، قَالَ:رَأَى ابْنُ مَسْعُودٍ عَلَى ابْنِهِ قَصَبَةً مِنَ الْحُمَّى ، فَقَطَعَهَا ، فَقَالَ :لاَ رُقْيَةَ إِلاَّ مِنْ عَيْنٍ ، أَوْ حُمَةٍ.

(۲۴۰۰۳) حضرت عامر سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے اپنے بیٹے پر بخار کے (تعویذ کے طور پر) بانس کی نلکی دیکھی تو آپ رضی اللہ عنہ نے اس کو توڑ دیا اور ارشاد فرمایا: نظر اور زہر کے سوا کسی شئی کا تعویذ (درست) نہیں ہے۔

(۲٤۰۰٤) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ ، عَنْ نَافِعٍ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ ؛ أَنَّهُ اسْتَرْقَى مِنَ الْعَقْرَبِ.

(۲۴۰۰۴) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کے بارے میں روایت ہے کہ انہوں نے بچھو کے (ڈسنے پر) تعویذ حاصل کیا تھا۔

(۲٤۰۰٥) حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ مُغِيرَةَ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، قَالَ: كَانَ لآلِ الأَسْوَدِ رُقْيَةٌ يَرْقُونَ بِهَا فِي الْجَاهِلِيَّةِ مِنَ الْحُمَةِ ، قَالَ :فَعَرَضَهَا الأَسْوَدُ عَلَى عَائِشَةَ ، قَالَ :فَأَمَرَتْهُمْ أَنْ يَرْقُوا بِهَا ، قَالَ :وَقَالَتْ عَائِشَةُ :لاَ رُقْيَةَ إِلاَّ مِنْ عَيْنٍ ، أَوْ حُمَةٍ.

(۲۴۰۰۵) حضرت ابراہیم سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ آل سعود کے پاس زمانہ جاہلیت ہی سے زہر کا ایک تعویذ تھا، جو وہ لوگوں کو

دیتے تھے۔ راوی کہتے ہیں، پس حضرت اسود نے وہ تعویذ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے سامنے پیش کیا، راوی کہتے ہیں، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے انہیں حکم دیا کہ وہ اس تعویذ کے ذریعہ سے علاج کیا کریں۔ راوی کہتے ہیں، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے یہ بھی فرمایا: نظر اور زہر کے علاوہ کسی شئی کا تعویذ (درست) نہیں ہے۔

(۲۰) مَنْ رَخَّصَ فِي رُقْيَةِ النَّمْلَةِ

پہلو کے پھوڑے کے تعویذ کی اجازت دینے والے حضرات

(۲٤۰۰٦) حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ ، عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ سُلَيْمَانَ بْنِ أَبِي حَثْمَةَ ؛ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ لِجَدَّتِهِ الشِّفَاءِ بِنْتِ عَبْدِ اللهِ : عَلِّمِي حَفْصَةَ رُقْيَتَكِ ، قَالَ أَبُو بِشْر : يَعْنِي إِسْمَاعِيلَ ابْنَ عُلَيَّةَ : فَقُلْتُ لِمُحَمَّدٍ : مَا رُقْيَتُهَا ؟ قَالَ : رُقْيَةُ النَّمْلَةِ. (احمد ٦/ ٣٨٦)

(۲۴۰۰۶) حضرت ابوبکر بن سلیمان بن ابی حثمہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ان کی دادی حضرت شفاء بنت عبداللہ سے فرمایا تھا۔ ''تم حفصہ کو اپنا تعویذ بھی سکھا دو''۔ ابوبشر سلیمان ابن علیہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت محمد سے پوچھا، ان کا تعویذ کون سا تھا؟ محمد نے جواب دیا، پہلو کے پھوڑے کا تعویذ تھا۔

(۲٤۰۰۷) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ ، قَالَ : حَدَّثَنَا سُفْيَانُ ، عَنْ عَاصِمٍ ، عَنْ يُوسُفَ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ الْحَارِثِ ، عَنْ أَنَسٍ ، قَالَ : رَخَّصَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الرُّقْيَةِ مِنَ النَّمْلَةِ.

(۲۴۰۰۷) حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے پہلو کے پھوڑے کے تعویذ کی اجازت عنایت فرمائی ہے۔

(۲٤۰۰۸) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ ، قَالَ : حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عُمَرَ ، قَالَ : حَدَّثَنِي صَالِحُ بْنُ كَيْسَانَ ، عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ سُلَيْمَانَ بْنِ أَبِي حَثْمَةَ ، أَنَّ الشِّفَاءَ ابْنَةَ عَبْدِ اللهِ ، قَالَتْ : دَخَلَ عَلَيَّ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا قَاعِدَةٌ عِنْدَ حَفْصَةَ بِنْتِ عُمَرَ ، فَقَالَ : مَا يَمْنَعُكِ أَنْ تُعَلِّمِي هَذِهِ رُقْيَةَ النَّمْلَةِ كَمَا عَلَّمْتِيهَا الْكِتَابَةَ. (ابو داؤد ۳۸۸۳۔ احمد ۳۷۲)

(۲۴۰۰۸) حضرت ابوبکر بن سلیمان بن ابی حثمہ سے روایت ہے کہ حضرت شفا بنت عبداللہ فرماتی ہیں، رسول اللہ ﷺ میرے پاس تشریف لائے جبکہ میں حضرت حفصہ بنت عمر کے پاس بیٹھی ہوئی تھی تو آپ ﷺ نے فرمایا۔ ''تمہارے لیے اس بات سے کیا چیز مانع ہے کہ تم نے جس طرح حضرت حفصہ کو لکھنا سکھایا ہے اسی طرح تم اس کو یہ پہلو کے پھوڑے کا تعویذ بھی سکھا دو۔''

(٢١) مَنْ رخَّصَ فِي تعلِيقِ التَّعَاوِيذِ

جن لوگوں نے تعویذات لٹکانے کی اجازت دی ہے

(٢٤٠٠٩) حَدَّثَنَا عُقْبَةُ بْنُ خَالِدٍ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ أَبِي عِصْمَةَ ، قَالَ : سَأَلْتُ سَعِيدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ عَنِ التَّعْوِيذِ؟ فَقَالَ : لاَ بَأْسَ بِهِ إِذَا كَانَ فِي أَدِيمٍ.

(۲۴۰۰۹) حضرت ابوعصمہ سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ میں نے حضرت سعید بن المسیب رحمہ اللہ سے تعویذ کے بارے میں سوال کیا؟ تو انہوں نے فرمایا: جب تعویذ چمڑے میں بند ہو تو پھر کوئی حرج نہیں ہے۔

(٢٤٠١٠) حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ ، عَنْ عَطَاءٍ ؛ فِي الْحَائِضِ يَكُونُ عَلَيْهَا التَّعْوِيذُ ، قَالَ : إِنْ كَانَ فِي أَدِيمٍ ، فَلْتَنْزِعْهُ ، وَإِنْ كَانَ فِي قَصَبَةِ فِضَّةٍ ، فَإِنْ شَاءَتْ وَضَعَتْهُ ، وَإِنْ شَاءَتْ لَمْ تَضَعْهُ.

(۲۴۰۱۰) حضرت عطاء سے اس حائضہ کے بارے میں جس نے تعویذ لٹکایا ہو، روایت ہے، فرماتے ہیں کہ اگر تعویذ چمڑے میں ہو تو عورت کو چاہیئے کہ اس کو اتار دے اور اگر چاندی کے خول میں ہو تو پھر چاہے تو اتار دے اور چاہے نہ اُتارے۔

(٢٤٠١١) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ إِسْرَائِيلَ ، عَنْ ثُوَيْرٍ ، قَالَ : كَانَ مُجَاهِدٌ يَكْتُبُ لِلنَّاسِ التَّعْوِيذَ فَيُعَلِّقُهُ عَلَيْهِمْ.

(۲۴۰۱۱) حضرت ثویر سے روایت ہے کہتے ہیں کہ حضرت مجاہد، لوگوں کو تعویذ لکھ کر دیتے تھے اور پھر وہ تعویذ لوگوں کو پہناتے بھی تھے۔

(٢٤٠١٢) حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ ، عَنْ حَسَنٍ ، عَنْ جَعْفَرٍ ، عَنْ أَبِيهِ ؛ أَنَّهُ كَانَ لاَ يَرَى بَأْسًا أَنْ يَكْتُبَ الْقُرْآنَ فِي أَدِيمٍ ، ثُمَّ يُعَلِّقُهُ.

(۲۴۰۱۲) حضرت جعفر، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ وہ اس بات میں کوئی حرج محسوس نہیں کرتے تھے کہ قرآن مجید کو چمڑے میں لکھا جائے اور پھر اس کو (گلے میں) لٹکایا جائے۔

(٢٤٠١٣) حَدَّثَنَا عَبْدَةُ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ جَدِّهِ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : إِذَا فَزِعَ أَحَدُكُمْ فِي نَوْمِهِ فَلْيَقُلْ : أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّاتِ مِنْ غَضَبِهِ وَسُوءِ عِقَابِهِ ، وَمِنْ شَرِّ عِبَادِهِ ، وَمِنْ شَرِّ الشَّيَاطِينِ وَمَا يَحْضُرُونِ ، فَكَانَ عَبْدُ اللهِ يُعَلِّمُهَا وَلَدَهُ مَنْ أَدْرَكَ مِنْهُمْ ، وَمَنْ لَمْ يُدْرِكْ ، كَتَبَهَا وَعَلَّقَهَا عَلَيْهِ. (ابوداؤد ۳۸۸۹۔ ترمذی ۳۵۲۸)

(۲۴۰۱۳) حضرت عمرو بن شعیب، اپنے والد اور دادا سے روایت کرتے ہیں، کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''جب تم میں سے کوئی آدمی اپنی نیند میں ڈر جائے تو اُسے چاہیئے کہ وہ (یوں) کہے: (ترجمہ): میں اللہ تعالیٰ کے کلمات تامہ کے ساتھ، اللہ کے غصہ اور بُری سزا سے پناہ مانگتا ہوں اور اس کے بندوں کے شر سے اور شیطانوں کے شر سے اور جو کچھ حاضر ہیں ان کے شر سے بھی پناہ مانگتا ہوں۔'' چنانچہ حضرت عبداللہ، یہ کلمات اپنے سمجھدار بچوں کو سکھا دیتے تھے اور جو بچے ناسمجھ تھے، ان کے لئے یہ کلمات

حضرت عبداللہ لکھ کران کے (گلوں میں) لٹادیتے تھے۔

(٢٤٠١٤) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ مُسْلِمٍ ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ ؛ أَنَّهُ كَانَ لاَ يَرَى بَأْسًا بِالشَّىْءِ مِنَ الْقُرْآنِ.

(۲۴۰۱۴) حضرت ابن سیرین کے بارے میں روایت ہے کہ وہ قرآن کے کسی حصہ (کو تعویذ بنانے) پر کوئی حرج محسوس نہیں کرتے تھے۔

(٢٤٠١٥) حَدَّثَنَا عَفَّانُ ، قَالَ : حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ ، قَالَ : حَدَّثَنَا أَيُّوبُ ؛ أَنَّهُ رَأَى فِى عَضُدِ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ خَيْطًا.

(۲۴۰۱۵) حضرت ایوب بیان کرتے ہیں کہ انہوں نے حضرت عبیداللہ بن عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کے ہاتھ (کلائی) میں دھاگہ بندھا ہوا دیکھا۔

(٢٤٠١٦) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ ، قَالَ : حَدَّثَنَا حَسَنٌ ، عَنْ لَيْثٍ ، عَنْ عَطَاءٍ ، قَالَ : لاَ بَأْسَ أَنْ يُعَلَّقَ الْقُرْآنُ.

(۲۴۰۱۶) حضرت عطاء سے روایت ہے کہتے ہیں کہ اس بات میں کوئی حرج نہیں ہے کہ آدمی قرآن مجید کو (لکھ کر) لٹکائے۔

(٢٤٠١٧) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ ، عَنْ أَبَانَ بْنِ ثَعْلَبٍ ، عَنْ يُونُسَ بْنِ خَبَّابٍ ، قَالَ : سَأَلْتُ أَبَا جَعْفَرٍ عَنِ التَّعْوِيذِ يُعَلَّقُ عَلَى الصِّبْيَانِ ؟ فَرَخَّصَ فِيهِ.

(۲۴۰۱۷) حضرت یونس بن خباب سے روایت ہے کہتے ہیں کہ میں نے ابوجعفر سے اس تعویذ کے بارے میں سوال کیا جو بچوں پر لٹکائے جاتے ہیں؟ تو انہوں نے اس کی اجازت دی۔

(٢٤٠١٨) حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ الأَزْرَقُ ، عَنْ جُوَيْبِرٍ ، عَنِ الضَّحَّاكِ ؛ أَنَّهُ لَمْ يَكُنْ يَرَى بَأْسًا أَنْ يُعَلِّقَ الرَّجُلُ الشَّىْءَ مِنْ كِتَابِ اللهِ ، إِذَا وَضَعَهُ عِنْدَ الْغُسْلِ وَعِنْدَ الْغَائِطِ.

(۲۴۰۱۸) حضرت ضحاک کے بارے میں روایت ہے کہ وہ اس بات میں کوئی حرج نہیں محسوس کرتے تھے کہ آدمی کتاب اللہ میں سے کچھ (لکھ کر) لٹکائے بشرطیکہ غسل اور قضائے حاجت کے وقت اس کو اتار دے۔

(٢٢) فِى رُقْيَةِ الْعَقْرَبِ ، مَا هِىَ ؟

بچھو کے تعویذ کے بیان میں، وہ تعویذ کیا ہے؟

(٢٤٠١٩) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ ، عَنْ مُطَرِّفٍ ، عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِىٍّ ، عَنْ عَلِىٍّ ، قَالَ : بَيْنَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ لَيْلَةٍ يُصَلِّى ، فَوَضَعَ يَدَهُ عَلَى الأَرْضِ فَلَدَغَتْهُ عَقْرَبٌ ، فَتَنَاوَلَهَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنَعْلِهِ فَقَتَلَهَا ، فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالَ : لَعَنَ اللَّهُ الْعَقْرَبَ ، لاَ تَدَعُ مُصَلِّيًا ، وَلاَ

غَيْرَهُ ، أَوْ نَبِيًّا ، وَلاَ غَيْرَهُ ، ثُمَّ دَعَا بِمِلْحٍ وَمَاءٍ فَجَعَلَهُ فِي إِنَاءٍ ، ثُمَّ جَعَلَ يَصُبُّهُ عَلَى إِصْبَعِهِ حَيْثُ لَدَغَتْهُ ، وَيَمْسَحُهَا وَيُعَوِّذُهَا بِالْمُعَوِّذَتَيْنِ. (طبرانی ۸۳۰)

(۲۴۰۱۹) حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہتے ہیں کہ ایک رات نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھ رہے تھے کہ اس دوران آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا ہاتھ مبارک زمین پر رکھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو کسی بچھو نے ڈس لیا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بچھو کو اپنے جوتے سے قابو کر لیا اور مار ڈالا۔ پھر جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نماز سے فارغ ہوئے تو ارشاد فرمایا: ''اللہ کی لعنت ہو بچھو پر، نہ نمازی کو چھوڑتا ہے اور نہ غیر نمازی کو۔'' یا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: نبی کو چھوڑتا ہے نہ غیر نبی کو۔'' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نمک اور پانی منگوایا اور اس کو ایک برتن میں رکھ دیا۔ پھر جس جگہ بچھو نے ڈسا تھا اس جگہ یہ پانی ڈالنا شروع کیا اور اس کو ملنے لگے اور اس پر معوذتین پڑھ کر دم فرمایا۔

(٢٤٠٢٠) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عُبَيْدِاللهِ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، عَنِ الأَسْوَدِ ، قَالَ : كَانَ يَرْقِي بِالْحِمْيَرِيَّةِ.

(۲۴۰۲۰) حضرت اسود کے بارے میں روایت ہے کہ وہ حمیریہ کے ذریعہ تعویذ کیا کرتے تھے۔

(٢٤٠٢١) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنِ الْقَعْقَاعِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ: رُقْيَةُ الْعَقْرَبِ: شَجَّةٌ قَرَنِيَةٌ مِلْحَةٌ بَحْرٍ قفطا.

(طبرانی ۸۶۸۱)

(۲۴۰۲۱) حضرت ابراہیم سے روایت ہے کہتے ہیں کہ بچھو کا تعویذ یہ ہے۔ شَجَّةٌ قَرَنِيَةٌ مِلْحَةٌ بَحْرٍ قفطا.

(٢٤٠٢٢) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنِ الْقَعْقَاعِ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، عَنِ الأَسْوَدِ ، قَالَ : عَرَضْتُهَا عَلَى عَائِشَةَ ، فَقَالَتْ : هَذِهِ مَوَاثِيقُ.

(۲۴۰۲۲) حضرت اسود سے روایت ہے کہتے ہیں کہ میں نے تعویذ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے سامنے پیش کیا تو انہوں نے فرمایا یہ مضبوط باتیں ہیں۔

(٢٤٠٢٣) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ ، عَنْ حَجَّاجٍ ، عَنِ الزُّهْرِيِّ ، عَنْ طَارِقِ بْنِ أَبِي مُخَاشِنٍ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، قَالَ : أُتِيَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِرَجُلٍ لَدَغَتْهُ عَقْرَبٌ ، فَقَالَ : أَمَا إِنَّهُ لَوْ قَالَ : أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ، لَمْ يُلْدَغْ ، أَوْ لَمْ يَضُرَّهُ. (مسلم ۲۰۸۱۔ ابن حبان ۱۰۲۱)

(۲۴۰۲۳) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک ایسا آدمی لایا گیا جس کو بچھو نے ڈسا تھا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ ''اگر یہ آدمی یوں کہتا (ترجمہ) میں اللہ تعالیٰ کے کلمات تامہ کے ذریعے مخلوق کے شر سے پناہ مانگتا ہوں، تو یہ نہ ڈسا جاتا'' یا فرمایا: ''یہ بچھو اس کو نقصان نہ دیتا۔''

(٢٣) مَنْ كَانَ يَكْرَهُ أَنْ يَنْفُثَ فِي الرُّقَى

جو حضرات تعویذات میں پھونک مارنے کو پسند نہیں کرتے

(٢٤٠٢٤) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، قَالَ : كَانُوا يَرْقُونَ ، وَيَكْرَهُونَ النَّفْثَ فِي الرُّقَى.

(۲۴۰۲۴) حضرت ابراہیم سے روایت ہے۔ کہتے ہیں کہ پہلے لوگ دم تعویذ کرتے تھے لیکن تعویذات میں پھونک مارنے کو پسند نہیں کرتے تھے۔

(۲٤۰۲٥) حَدَّثَنَا عَرْعَرَةُ بْنُ الْبِرِنْدِ ، عَنْ أَبِي الْهَزْهَازِ ، قَالَ : دَخَلْتُ عَلَى الضَّحَّاكِ وَهُوَ وَجِعٌ ، فَقُلْتُ : أَلاَ أُعَوِّذُكَ يَا أَبَا مُحَمَّدٍ ؟ قَالَ : بَلَى ، وَلاَ تَنْفُثْ ، قَالَ : فَعَوَّذْتُه بِالْمُعَوِّذَتَيْنِ.

(۲۴۰۲۵) حضرت ابوالہزہاز سے روایت ہے کہتے ہیں کہ میں حضرت ضحاک کی خدمت میں حاضر ہوا جبکہ وہ تکلیف میں تھے، میں نے (ان سے) عرض کیا اے ابومحمد! کیا میں آپ کو دم نہ کروں؟ انہوں نے فرمایا: کیوں نہیں (بلکہ کرو) لیکن پھونک نہ مارنا، ابوالہزہاز کہتے ہیں: پس میں نے ان کو معوذتین کے ذریعہ دم کیا۔

(۲٤۰۲٦) حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنْ أَيُّوبَ ، قَالَ : قَالَ عِكْرِمَةُ : أَكْرَهُ أَنْ أَقُولَ فِي الرُّقْيَةِ ، بِسْمِ اللهِ ، أُفْ.

(۲۴۰۲۶) حضرت ایوب سے روایت ہے کہتے ہیں کہ حضرت عکرمہ کا ارشاد ہے، مجھے یہ بات پسند نہیں ہے کہ میں تعویذ، دم میں یوں کہوں، بسم اللہ! اُف۔

(۲٤۰۲۷) حَدَّثَنَا أَبُو قَطَنٍ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنِ الْحَكَمِ ، وَحَمَّادٍ ؛ أَنَّهُمَا كَرِهَا التَّفْلَ فِي الرُّقَى.

(۲۴۰۲۷) حضرت حکم اور حضرت حماد دونوں کے بارے میں روایت ہے کہ وہ دم، تعویذات میں تھتھکارنے کو پسند نہیں کرتے تھے۔

(٢٤) مَنْ رَخَّصَ فِي النَّفْثِ فِي الرُّقَى

جو لوگ دم تعویذات میں پھونک مارنے کی اجازت دیتے ہیں

(۲٤۰۲۸) حَدَّثَنَا شَرِيكٌ ، عَنْ سِمَاكٍ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ حَاطِبٍ ، قَالَ : دَبَبْتُ إِلَى قِدْرٍ لَنَا فَاحْتَرَقَتْ يَدَيَّ ، فَأَتَتْ بِي أُمِّي إِلَى شَيْخٍ بِالْبَطْحَاءِ ، فَقَالَتْ : هَذَا مُحَمَّدٌ ، قَدِ احْتَرَقَتْ يَدُهُ ، فَجَعَلَ يَنْفُثُ عَلَيْهَا وَيَتَكَلَّمُ بِكَلاَمٍ لاَ أَحْفَظُهُ ، فَلَمَّا كَانَ فِي إِمْرَةِ عُثْمَانَ ، قُلْتُ : مَنِ الشَّيْخُ الَّذِي ذَهَبْتِ بِي إِلَيْهِ ؟ قَالَتْ : رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. (احمد ۳/ ۲۵۹۔ ابن حبان ۲۹۷۶)

(۲۴۰۲۸) حضرت محمد بن حاطب سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ میں (بچپن میں) اپنی ایک ہانڈی کی طرف رینگتے ہوئے جا پہنچا اور میرا ہاتھ جل گیا، تو میری والدہ مجھے لے کر مقام بطحاء میں ایک شخص کے پاس آئیں اور عرض کیا یہ محمد ہے، اس کا ہاتھ جل گیا ہے، پس اس شیخ نے ہاتھ پر پھونکنا شروع کیا اور کچھ کلمات بھی پڑھے جن کو میں یاد نہ رکھ سکا، پھر جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی امارت کا زمانہ تھا تو میں نے (والدہ سے) کہا، وہ کون شیخ تھے جن کے پاس آپ مجھے لے کر گئی تھیں؟ والدہ نے کہا، وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تھے۔

(۲٤۰۲۹) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ ، قَالَ : حَدَّثَنِي عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عُمَرَ ، قَالَ : حَدَّثَنِي رَجُلٌ مِنْ بَنِي سَلاَمَانَ بْنِ سَعْدٍ ، عَنْ أُمِّهِ ؛ أَنَّ خَالَهَا حَبِيبَ بْنَ فُوَيْلٍ حَدَّثَهَا ، أَنَّ أَبَاهُ خَرَجَ بِهِ إِلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

وَعَيْنَاهُ مُبْيَضَّتَانِ ، لَا يُبْصِرُ بِهِمَا شَيْئًا ، فَسَأَلَهُ مَا أَصَابَهُ ؟ فَأَخْبَرَهُ ، فَنَفَثَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي عَيْنَيْهِ ، فَرَأَيْتُهُ يُدْخِلُ الْخَيْطَ فِي الإِبْرَةِ ، وَإِنَّهُ لَابْنُ ثَمَانِينَ ، وَإِنَّ عَيْنَيْهِ لَمُبْيَضَّتَانِ. (طبرانی ۳۵۴۶)

(۲۴۰۲۹) بنوسلامان بن سعد کے ایک آدمی، اپنی والدہ کے واسطہ سے روایت کرتے ہیں کہ ان کے ماموں حبیب بن فویک نے ان کی والدہ سے بیان کیا کہ ان (حبیب) کے والد انہیں لے کر رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے جبکہ ان کی آنکھیں بے نور تھیں، ان سے کوئی چیز دکھائی نہیں دیتی تھی، آپ ﷺ نے اُن (والد) سے پوچھا کہ اس (حبیب) کو کیا ہوا ہے؟ والد نے آپ ﷺ کو بتایا، آپ ﷺ نے اس (حبیب) کی آنکھوں میں پھونک ماری۔ پس میں نے (حبیب) کو دیکھا کہ وہ سوئی میں دھاگہ ڈال رہے تھے جبکہ ان کی عمر اسّی سال تھی اور ان کی آنکھیں سفید تھیں۔

(٢٤٠٣٠) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ ، عَنِ الزُّهْرِيِّ ، عَنْ عُرْوَةَ ، عَنْ عَائِشَةَ ؛ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَنْفُثُ فِي الرُّقْيَةِ. (بخاری ۱۳۱۔ مسلم ۱۷۲۳)

(۲۴۰۳۰) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ تعویذ، دم میں پھونک مارا کرتے تھے۔

(٢٤٠٣١) حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ ، قَالَ :حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ حَكِيمٍ ، قَالَ :أَخْبَرَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ ، عَنْ يَعْلَى بْنِ مُرَّةَ ، قَالَ :رَأَيْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَفَعَتِ امْرَأَةٌ إِلَيْهِ صَبِيًّا ، فَجَعَلَهُ بَيْنَهُ وَبَيْنَ وَاسِطَةِ الرَّحْلِ ، ثُمَّ فَغَرَ فَاهُ ، فَنَفَثَ فِيهِ. (حاکم ۶۱۷)

(۲۴۰۳۱) حضرت یعلی بن مرہ سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا: آپ ﷺ کے پاس ایک عورت نے بچہ کو اوپر اٹھایا تو آپ ﷺ نے اس بچہ کا کجاوہ اور اپنے درمیان کر لیا پھر آپ ﷺ نے اس کا منہ کھولا اور اس میں پھونک ماری۔

(٢٤٠٣٢) حَدَّثَنَا حَفْصٌ ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ قَيْسٍ ، عَنْ قَيْسِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الأَشْعَثِ ، قَالَ :ذُهِبَ بِي إِلَى عَائِشَةَ وَفِي عَيْنَيَّ سُوءٌ ، فَرَقَّتْنِي وَنَفَثَتْ.

(۲۴۰۳۲) حضرت قیس بن محمد بن اشعث سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ مجھے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں لے جایا گیا جبکہ میری آنکھوں میں تکلیف تھی تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے مجھے دم کیا اور پھونک ماری۔

(٢٤٠٣٣) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ ، قَالَ :سَأَلْتُ مُحَمَّدًا عَنِ الرُّقْيَةِ يُنْفَثُ فِيهَا ؟ فَقَالَ :لَا أَعْلَمُ بِهَا بَأْسًا.

(۲۴۰۳۳) حضرت ابن عون سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ میں نے محمد سے اس دم کے بارے میں سوال کیا جس میں پھونک (بھی) ماری جاتی ہے؟ تو آپ رحمہ اللہ نے جواب میں فرمایا: میں اس میں کوئی حرج محسوس نہیں کرتا۔

(٢٥) فِي الْمَرِيضِ ، مَا يُرْقَى بِهِ ، وَمَا يُعَوَّذُ بِهِ ؟

مریض کے بارے میں، کس چیز سے دم کیا جائے اور کس سے تعویذ دیا جائے

(٢٤٠٣٤) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُبَيْدِ اللهِ ، عَنْ زِيَادِ بْنِ ثُوَيْبٍ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، قَالَ : دَخَلَ عَلَيَّ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا أَشْتَكِي ، فَقَالَ : أَلاَ أَرْقِيكَ بِرُقْيَةٍ عَلَّمَنِيهَا جِبْرِيلُ ، بِسْمِ اللهِ أَرْقِيكَ ، وَاللَّهُ يَشْفِيكَ ، مِنْ كُلِّ إِرْبٍ يُؤْذِيكَ ، وَمِنْ شَرِّ النَّفَّاثَاتِ فِي الْعُقَدِ ، وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ إِذَا حَسَدَ.

(احمد ٢/ ٤٤٦۔ ابن ماجه ٣٥٢٤)

(۲۴۰۳۴) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس تشریف لائے جبکہ مجھے کوئی تکلیف تھی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ ''کیا میں تمہیں اس رقیہ کے ذریعہ دم نہ کروں جو مجھے جبرائیل نے سکھایا تھا، اللہ کے نام سے میں تمہیں دم کرتا ہوں اور اللہ تعالیٰ تمہیں شفاء دے ہر اس مصیبت سے جو تمہیں اذیت دے اور گرہوں میں پھونکنے والیوں کے شر سے اور حاسد کے شر سے جب کہ وہ حسد کرے۔''

(٢٤٠٣٥) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنْ عَبْدِ رَبِّهِ ، عَنْ عَمْرَةَ ، عَنْ عَائِشَةَ ؛ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ مِمَّا يَقُولُ لِلْمَرِيضِ يُبْزَاقِهِ بِإِصْبَعِهِ : بِسْمِ اللهِ ، تُرْبَةُ أَرْضِنَا ، بِرِيقَةِ بَعْضِنَا ، يُشْفَى سَقِيمُنَا ، بِإِذْنِ رَبِّنَا.

(بخاری ٥٧٤٥۔ مسلم ١٧٢٤)

(۲۴۰۳۵) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مریض کے لیئے (بطور دم) جو پڑھتے تھے اس میں یہ الفاظ بھی تھے جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے تھوک کو انگلی کے ساتھ لگا کر کہتے تھے۔'' (ترجمہ) اللہ کے نام سے، ہماری زمین کی مٹی ہم میں سے بعض کی تھوک کے ساتھ مل کر ہمارے پروردگار کے حکم سے ہمارے بیمار کو شفا دیتی ہے۔''

(٢٤٠٣٦) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ مُسْلِمٍ ، عَنْ مَسْرُوقٍ ، عَنْ عَائِشَةَ ، قَالَتْ : كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعَوِّذُ بِهَذِهِ الْكَلِمَاتِ : أَذْهِبِ الْبَاسَ رَبَّ النَّاسِ ، وَاشْفِ وَأَنْتَ الشَّافِي ، لاَ شِفَاءَ إِلاَّ شِفَاؤُكَ ، شِفَاءً لاَ يُغَادِرُ سَقَمًا ، قَالَتْ : فَلَمَّا ثَقُلَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مَرَضِهِ الَّذِي مَاتَ فِيهِ ، أَخَذْتُ بِيَدِهِ فَجَعَلْتُ أَمْسَحُهَا وَأَقُولُهَا ، قَالَتْ : فَنَزَعَ يَدَهُ مِنْ يَدِي ، وَقَالَ : اللَّهُمَّ اغْفِرْ لِي ، وَأَلْحِقْنِي بِالرَّفِيقِ الأَعْلَى ، قَالَتْ : فَكَانَ هَذَا آخِرَ مَا سَمِعْتُ مِنْ كَلاَمِهِ. (مسلم ١٧٢٢۔ ابن ماجه ١٦١٩)

(۲۴۰۳۶) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے، کہتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان کلمات کے ساتھ تعویذ (پناہ) دیا کرتے تھے۔'' اے لوگوں کے پروردگار! تکلیف دور کر دے، اور شفاء عطا فرما، تو ہی شفا دینے والا ہے، تیری شفاء کے علاوہ کوئی شفا نہیں ہے اور ایسی شفا دے جو کسی بیماری کو نہ چھوڑے'' حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں، پس جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اپنے مرض الموت میں

حالت زیادہ بوجھل ہوگئی تو میں نے آپ ﷺ کا ہاتھ پکڑا اور اس کو مسح کر کے یہ کلمات کہنے لگی، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں، آپ ﷺ نے میرے ہاتھ سے اپنا ہاتھ کھینچ لیا اور فرمایا: ''اے اللہ! تو میری مغفرت فرما اور مجھے تو رفیق اعلیٰ کے ساتھ ملا دے'' حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ پس یہ آخری بات تھی جو میں نے رسول اللہ ﷺ سے سُنی تھی۔

(٢٤٠٣٧) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ سَلِمَةَ ، عَنْ عَلِيٍّ ، قَالَ : اشْتَكَيْتُ فَدَخَلَ عَلَيَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا أَقُولُ : إِنْ كَانَ أَجَلِي قَدْ حَضَرَ فَأَرِحْنِي ، وَإِنْ كَانَ مُتَأَخِّرًا فَاشْفِنِي ، أَوْ عَافِنِي ، وَإِنْ كَانَ بَلاَءً فَصَبِّرْنِي ، قَالَ : فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَيْفَ قُلْتَ ؟ قَالَ : فَقُلْتُ لَهُ ، قَالَ : فَمَسَحَنِي بِيَدِهِ ، ثُمَّ قَالَ : اللَّهُمَّ اشْفِهِ ، أَوْ عَافِهِ ، فَمَا اشْتَكَيْتُ ذَلِكَ الْوَجَعَ بَعْدُ.

(ترمذی ۳۵۶۴۔ ابن حبان ۶۹۴۰)

(۲۴۰۳۷) حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ مجھے کچھ شکایت تھی کہ نبی کریم ﷺ میرے پاس تشریف لائے اور میں (اس وقت) کہہ رہا تھا۔ اگر میری موت کا وقت آچکا ہے تو تُو مجھے راحت دے دے اور اگر میری موت کا وقت ابھی دیر سے ہے تو پھر تو مجھے شفا دے دے یا عافیت بخش دے اور اگر یہ آزمائش ہے تو پھر تو مجھے صبر کی توفیق دے دے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ آپ ﷺ نے مجھ سے پوچھا ''تم کیا کہہ رہے ہو؟'' حضرت علی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں، میں نے یہ بات آپ ﷺ کے سامنے بھی کہی۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں۔ آپ ﷺ نے اپنا ہاتھ مجھ پر پھیرا پھر فرمایا: ''اے اللہ! اس کو شفا دے دے۔'' یا فرمایا، اس کو عافیت دے دے، پس اس کے بعد مجھے یہ تکلیف کبھی نہ ہوئی۔

(٢٤٠٣٨) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنِ الْحَجَّاجِ ، عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ الْحَارِثِ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ؛ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ : مَنْ دَخَلَ عَلَى مَرِيضٍ لَمْ تَحْضُرْ وَفَاتُهُ ، فَقَالَ : أَسْأَلُ اللَّهَ الْعَظِيمَ ، رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ أَنْ يَشْفِيَكَ ، سَبْعَ مَرَّاتٍ ، شُفِيَ. (احمد ۱/ ۲۳۹۔ ابوداؤد ۳۰۹۹)

(۲۴۰۳۸) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''جو شخص کسی ایسے مریض کے پاس حاضر ہو جس کی وفات کا وقت نہیں آیا اور یہ آدمی (جانے والا) سات مرتبہ یہ الفاظ کہے۔ (ترجمہ): ''میں عظمت والے اللہ سے جو عرش عظیم کا مالک ہے، یہ سوال کرتا ہوں کہ وہ تجھے شفاء عطا کرے۔'' تو مریض کو شفا مل جاتی ہے۔

(٢٤٠٣٩) حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ حُبَابٍ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ ثَوْبَانَ ، قَالَ : أَخْبَرَنِي عُمَيْرُ بْنُ هَانِءٍ ، قَالَ : سَمِعْتُ جُنَادَةَ بْنَ أَبِي أُمَيَّةَ يَقُولُ : سَمِعْتُ عُبَادَةَ بْنَ الصَّامِتِ يُحَدِّثُ عَنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ؛ أَنَّ جِبْرِيلَ رَقَاهُ وَهُوَ يُوعَكُ ، فَقَالَ : بِسْمِ اللهِ أَرْقِيكَ ، مِنْ كُلِّ دَاءٍ يُؤْذِيكَ ، مِنْ كُلِّ حَاسِدٍ إِذَا حَسَدَ ، وَمِنْ كُلِّ عَيْنٍ ، وَاسْمُ اللهِ يَشْفِيكَ. (احمد ۵/ ۳۲۳۔ ابن حبان ۹۵۳)

(۲۴۰۳۹) حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ، نبی کریم ﷺ سے سند اً روایت کرتے ہیں کہ جبرائیل نے آپ ﷺ کو دم کیا جب

کہ آپ ﷺ کی تکلیف زیادہ تھی، پس جبرائیل علیہ السلام نے کہا (ترجمہ) اللہ کے نام سے میں آپ کو دم کرتا ہوں، ہر اس بیماری سے جو آپ کو تکلیف دے اور ہر حاسد سے جب وہ حسد کرنے لگے اور ہر نظر سے، اور اللہ کا نام آپ کو شفا دے گا۔

(٢٤٠٤٠) حَدَّثَنَا أَبُو الأَحْوَصِ ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ ، عَنِ الْحَارِثِ ، عَنْ عَلِيٍّ ، قَالَ : كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا دَخَلَ عَلَى مَرِيضٍ ، قَالَ : أَذْهِبِ الْبَأْسَ رَبَّ النَّاسِ ، وَاشْفِ أَنْتَ الشَّافِي ، لاَ شِفَاءَ إِلاَّ شِفَاؤُكَ. (ترمذی ٣٥٦٥)

(۲۴۰۴۰) حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جب کسی مریض کے پاس تشریف لے جاتے تو فرماتے: (ترجمہ) ''اے لوگوں کے پروردگار! تکلیف دور فرما دے اور شفا دے دے، تو ہی شفا دینے والا ہے، تیری شفا کے بغیر کوئی شفا نہیں ہے۔

(٢٤٠٤١) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ الْعَبْدِيُّ ، قَالَ : حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا ، قَالَ : حَدَّثَنِي سِمَاكٌ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ حَاطِبٍ ، قَالَ : تَنَاوَلْتُ قِدْرًا لَنَا فَاحْتَرَقَتْ يَدَيَّ ، فَانْطَلَقَتْ بِي أُمِّي إِلَى رَجُلٍ جَالِسٍ فِي الْجَبَّانَةِ ، فَقَالَتْ : يَا رَسُولَ اللهِ، فَقَالَ : لَبَّيْكِ وَسَعْدَيْكِ ، ثُمَّ أَدْنَتْنِي مِنْهُ ، فَجَعَلَ يَنْفُثُ وَيَتَكَلَّمُ بِكَلاَمٍ لاَ أَدْرِي مَا هُوَ، فَسَأَلْتُ أُمِّي بَعْدَ ذَلِكَ : مَا كَانَ يَقُولُ؟ فَقَالَتْ : كَانَ يَقُولُ : أَذْهِبِ الْبَأْسَ رَبَّ النَّاسِ، وَاشْفِ أَنْتَ الشَّافِي، لاَ شَافِيَ إِلاَّ أَنْتَ.

(ابن سعد ٦٥٠)

(۲۴۰۴۱) حضرت محمد بن حاطب سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ میں نے اپنی ایک ہانڈی کو پکڑ لیا تھا اور میرا ہاتھ جل گیا تھا تو میری والدہ مجھے لے کر ایک آدمی کے پاس چلی گئی جو ایک ہموار زمین میں بیٹھا ہوا تھا، اور میری والدہ نے کہا، یا رسول اللہ ﷺ! انہوں نے جواب دیا: ''حاضر ہوں'' پھر میری والدہ نے مجھے ان کے قریب کیا، پس انہوں نے کچھ کلمات کہنا شروع کیے، مجھے معلوم نہیں ہوا کہ وہ کلمات کیا ہیں اور پھونک مارنا شروع کیا، پھر میں نے اس کے بعد اپنی والدہ سے پوچھا کہ وہ کیا پڑھ رہے تھے؟ تو والدہ نے بتایا۔ آپ ﷺ پڑھ رہے تھے۔ (ترجمہ) ''اے لوگوں کے پروردگار! تکلیف کو دور کر دے اور شفا دے دے تو ہی شفا دینے والا ہے، تیرے سوا کوئی شفا دینے والا نہیں ہے۔''

(٢٤٠٤٢) حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ ، قَالَ : حَدَّثَنَا أَبُو شِهَابٍ ، عَنْ دَاوُدَ ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ ، قَالَ : اشْتَكَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَقَاهُ جِبْرِيلُ ، فَقَالَ : بِسْمِ اللهِ أَرْقِيكَ ، مِنْ كُلِّ شَيْءٍ يُؤْذِيكَ ، مِنْ كُلِّ حَاسِدٍ وَعَيْنٍ ، وَاللَّهُ يَشْفِيكَ. (مسلم ١٧١٨۔ ترمذی ٩٨٢)

(۲۴۰۴۲) حضرت ابو سعید سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کو کوئی تکلیف ہو گئی تھی تو آپ ﷺ کو حضرت جبرائیل علیہ السلام نے دم کیا، پس انہوں نے کہا۔ ''اللہ کے نام سے میں آپ کو ہر اس چیز سے جو آپ کو تکلیف دے اور ہر حاسد سے اور نظر سے دم کرتا ہوں، اور اللہ تعالیٰ ہی آپ کو شفا دیں گے۔''

(٢٤٠٤٣) حَدَّثَنَا يَعْلَى ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنِ الْمِنْهَالِ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ، قَالَ : كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعَوِّذُ الْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ ، يَقُولُ : أُعِيذُكُمَا بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّةِ ، مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ وَهَامَّةٍ ، وَمِنْ كُلِّ عَيْنٍ لَامَّةٍ ، وَيَقُولُ ، هَكَذَا كَانَ إِبْرَاهِيمُ يُعَوِّذُ ابْنَيْهِ إِسْمَاعِيلَ وَإِسْحَاقَ.

(ترمذی ۲۰۶۰۔ ابوداؤد ۴۷۰۴)

(۲۴۰۴۳) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حضرت حسن اور حضرت حسین رضی اللہ عنہما کو ان کلمات کے ساتھ تعویذ دیتے تھے، فرماتے تھے: (ترجمہ) ''میں تم دونوں کو اللہ تعالیٰ کے کلمات تامہ کے ذریعہ ہر شیطان اور زہریلے جانور سے اور ہر بری نظر سے پناہ میں دیتا ہوں اور فرماتے تھے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام بھی اپنے دونوں بیٹوں، اسماعیل اور اسحاق، کو اسی طرح تعویذ (دم) دیا کرتے تھے۔

(٢٤٠٤٤) حَدَّثَنَا عَبِيدَةُ بْنُ حُمَيْدٍ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنِ الْمِنْهَالِ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ؛ بِمِثْلِهِ ، أَوْ نَحْوِهِ.

(۲۴۰۴۴) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی ایسی ہی روایت نقل کی ہے۔

(٢٤٠٤٥) حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ حُبَابٍ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي حَبِيبَةَ ، قَالَ : حَدَّثَنِي دَاوُدُ بْنُ الْحُصَيْنِ ، عَنْ عِكْرِمَةَ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ، قَالَ : كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعَلِّمُنَا مِنَ الأَوْجَاعِ كُلِّهَا وَمِنَ الْحُمَّى هَذَا الدُّعَاءَ : بِسْمِ اللهِ الْكَبِيرِ ، أَعُوذُ بِاللَّهِ الْعَظِيمِ ، مِنْ شَرِّ كُلِّ عِرْقٍ نَعَّارٍ ، وَمِنْ شَرِّ حَرِّ النَّارِ.

(ترمذی ۲۰۷۵۔ ابن ماجہ ۳۵۲۶)

(۲۴۰۴۵) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں ہر طرح کی تکالیف اور بخار کے لئے یہ دعا سکھایا کرتے تھے ''اللہ کے نام سے جو بہت بڑا ہے، میں پناہ پکڑتا ہوں اس اللہ سے جو بہت عظمت والا ہے، ہر تیز رگ سے اور ہر آگ کی شدت کے شر سے۔''

(٢٤٠٤٦) حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُوسَى ، قَالَ : حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ ، عَنْ فَرْقَدٍ السَّبَخِيِّ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ؛ أَنَّ امْرَأَةً جَاءَتْ بِابْنٍ لَهَا إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، فَقَالَتْ : يَا رَسُولَ اللهِ ، إِنَّ ابْنِي هَذَا بِهِ جُنُونٌ ، وَإِنَّهُ يَأْخُذُهُ عِنْدَ عَشَائِنَا وَغَدَائِنَا ، فَيَخْبُثُ ، قَالَ : فَمَسَحَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَدْرَهُ وَدَعَا لَهُ ، فَثَعَّ ثَعَّةً ، فَخَرَجَ مِنْ جَوْفِهِ مِثْلُ الْجَرْوِ الأَسْوَدِ. (احمد ۱/ ۲۳۹۔ طبرانی ۱۲)

(۲۴۰۴۶) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک عورت اپنا ایک بیٹا لے کر جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی اور عرض کیا، یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میرے اس بیٹے پر جنوں (کا اثر) ہے، اور یہ دورہ بچہ کو صبح وشام پڑتا ہے اور بہت بُرا منظر ہوتا ہے، راوی کہتے ہیں، پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بچہ کے سینہ کو ملا اور اس کے لئے دعا کی تو اس نے ایک مرتبہ اُلٹی (قے) کی اور اس

کے پیٹ سے سیاہ لکڑی کی طرح کوئی چیز نکلی۔

(٢٤٠٤٧) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ ، عَنْ عَمْرَةَ ابْنَةِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ ، قَالَتْ : اشْتَكَتْ عَائِشَةُ أُمُّ الْمُؤْمِنِينَ ، وَإِنَّ أَبَا بَكْرٍ دَخَلَ عَلَيْهَا وَيَهُودِيَّةٌ تَرْقِيهَا ، فَقَالَ :ارْقِيهَا بِكِتَابِ اللهِ.

(۲۴۰۴۷) حضرت عمرہ بنت عبدالرحمٰن سے روایت ہے۔ کہتی ہیں کہ ام المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو کوئی تکلیف تھی۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ ان کے پاس تشریف لائے تو (دیکھا) ایک یہودی عورت حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو دم کر رہی ہے تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس کو اللہ کی کتاب کے ذریعہ دم کرو۔

(٢٤٠٤٨) حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ ، عَنِ الْعَلاَءِ بْنِ الْمُسَيَّبِ ، عَنْ فُضَيْلِ بْنِ عَمْرٍو ، قَالَ : جَاءَ رَجُلٌ إِلَى عَلِيٍّ ، فَقَالَ : إِنَّ فُلاَنًا شَاكٍ ، قَالَ :فَيَسُرُّكَ أَنْ يَبْرَأَ ؟ قَالَ :نَعَمْ ، قَالَ :قُلْ يَا حَلِيمُ يَا كَرِيمُ ، اشْفِ فُلاَنًا.

(۲۴۰۴۸) حضرت فضیل بن عمرو سے روایت ہے کہتے ہیں کہ ایک آدمی حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس آیا اور اس نے کہا، فلاں آدمی کو تکلیف ہے، حضرت علی رضی اللہ عنہ نے پوچھا، تمہیں یہ بات اچھی لگتی ہے کہ وہ صحت یاب ہو جائے؟ آنے والے نے کہا۔ جی ہاں! آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم یوں کہو، اے حلیم! اے کریم! فلاں آدمی کو شفا عطا فرما۔

(٢٤٠٤٩) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِي بُكَيْرٍ ، قَالَ :حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ خُصَيْفَةَ ، عَنْ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ كَعْبٍ ، عَنْ نَافِعٍ ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ الثَّقَفِيِّ ، قَالَ :قَدِمْتُ عَلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبِي وَجَعٌ قَدْ كَادَ يُبْطِلُنِي ، فَقَالَ لِي رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :اجْعَلْ يَدَكَ الْيُمْنَى عَلَيْهِ ، ثُمَّ قُلْ :بِسْمِ اللهِ ، أَعُوذُ بِعِزَّةِ اللهِ وَقُدْرَتِهِ مِنْ شَرِّ مَا أَجِدُ ، سَبْعَ مَرَّاتٍ ، فَفَعَلْتُ ذَلِكَ ، فَشَفَانِي اللَّهُ.

(مسلم ٦٧۔ احمد ٤/ ٢١٧)

(۲۴۰۴۹) حضرت عثمان بن ابوالعاص ثقفی سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں اس حالت میں حاضر ہوا کہ مجھے ایسی تکلیف تھی جو قریب تھا کہ مجھے ہلاک کر دیتی، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا ''تم اپنے داہنے ہاتھ کو اس درد کی جگہ پر رکھ دو، پھر یہ الفاظ کہو' میں اللہ تعالیٰ کی عزت اور ان کی قدرت کی پناہ میں آتا ہوں ہر اس تکلیف سے جو میں محسوس کر رہا ہوں، سات مرتبہ کہو'' پس میں نے یہ عمل کیا تو اللہ تعالیٰ نے مجھے شفا عطا فرما دی۔

(٢٤٠٥٠) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي زِيَادٍ ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ عَمْرِو بْنِ الأَحْوَصِ ، عَنْ أُمِّهِ أُمِّ جُنْدَبٍ ، قَالَتْ :رَأَيْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَبِعَتْهُ امْرَأَةٌ مِنْ خَثْعَمَ مَعَهَا صَبِيٌّ لَهَا بِهِ بَلاَءٌ ، فَقَالَتْ :يَا رَسُولَ اللهِ ، إِنَّ هَذَا ابْنِي وَبَقِيَّةُ أَهْلِي ، وَبِهِ بَلاَءٌ لاَ يَتَكَلَّمُ ، فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :ائْتُونِي بِشَيْءٍ مِنْ مَاءٍ ، فَأُتِيَ بِهِ فَغَسَلَ فِيهِ يَدَيْهِ ، وَمَضْمَضَ فَاهُ ، ثُمَّ أَعْطَاهَا ، فَقَالَ :اسْقِيهِ مِنْهُ ، وَصُبِّي عَلَيْهِ مِنْهُ ، وَاسْتَشْفِي اللَّهَ لَهُ . فَلَقِيتُ الْمَرْأَةَ فَقُلْتُ :لَوْ وَهَبْتِ لِي مِنْهُ ، فَقَالَتْ :إِنَّمَا هُوَ لِهَذَا

الْمُبْتَلَى ، فَلَقِيتُ الْمَرْأَةَ مِنَ الْحَوْلِ ، فَسَأَلْتُهَا عَنِ الْغُلَامِ ؟ فَقَالَتْ :بَرَأَ ، وَعَقَلَ عَقْلاً لَيْسَ كَعُقُولِ النَّاسِ.

(ابن ماجه ۳۵۳۲۔ طبرانی ۲۵)

(۲۴۰۵۰) حضرت سلیمان بن عمرو بن احوص اپنی والدہ ام جندب سے روایت کرتے ہیں کہ وہ فرماتی ہیں، میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپ ﷺ کے پیچھے پیچھے ایک عورت آ رہی تھی اور اس کے پاس اس کا بچہ تھا جس کو کوئی بیماری تھی، یہ عورت کہہ رہی تھی یا رسول اللہ ﷺ! یہ میرا بیٹا ہے اور یہی میرے خاندان کا بقیہ (بچا ہوا) ہے، لیکن اس کو کوئی بیماری ہے کہ یہ گفتگو نہیں کرتا، رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''میرے پاس تھوڑا سا پانی لاؤ'' چنانچہ آپ ﷺ کے پاس پانی لایا گیا تو آپ ﷺ نے اس میں اپنے دونوں ہاتھ دھوئے اور کلی کی پھر آپ ﷺ نے یہ پانی عورت کو دے کر ارشاد فرمایا: ''اس پانی میں سے کچھ اس بچہ کو پلا دو اور کچھ پانی اس بچہ پر انڈیل دو اور اللہ تعالیٰ سے اس بچہ کے لئے شفا مانگو'' (راویہ کہتی ہیں) میں اس عورت سے ملی تھی اور میں نے اس سے کہا تھا۔ اگر تم یہ بچہ مجھے ہدیہ کر دو؟ اس عورت نے کہا یہ بچہ تو اسی مصیبت کا ہے پھر میں اس عورت سے اگلے سال ملی اور میں نے اس سے بچہ کے بارے میں پوچھا؟ تو اس نے کہا وہ صحت یاب ہو گیا اور وہ ایسی عقل کا مالک ہے کہ وہ عام لوگوں کی عقلوں سے جدا ہے۔

(۲۴۰۵۱) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي حَيَّةَ ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ رُفَيْعٍ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ أَبِي الْحُسَيْنِ ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ ؛ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ :نَزَلَ مَلَكَانِ ، فَجَلَسَ أَحَدُهُمَا عِنْدَ رَأْسِي وَالآخَرُ عِنْدَ رِجْلِي ، فَقَالَ الَّذِي عِنْدَ رِجْلِي لِلَّذِي عِنْدَ رَأْسِي :مَا بِهِ ؟ قَالَ :حُمَّى شَدِيدَةٌ، قَالَ:عَوِّذْهُ ، قَالَ :فَمَا نَفَثَ ، وَلاَ نَفَخَ ، فَقَالَ :بِسْمِ اللهِ أَرْقِيكَ ، وَاللَّهُ يَشْفِيكَ ، خُذْهَا فَلْتَهْنِيْكَ.

(طبرانی ۱۰۹۳)

(۲۴۰۵۱) حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''دو فرشتے نیچے آئے اور ان میں سے ایک میرے سر کے پاس بیٹھ گیا اور دوسرا میرے پاؤں کے پاس بیٹھ گیا، جو فرشتہ میرے پاؤں کے پاس بیٹھا ہوا تھا، اس نے میرے سر کی طرف بیٹھے ہوئے فرشتے سے پوچھا اس آدمی کو کیا ہوا ہے؟ اس نے جواب دیا، سخت بخار ہے، پہلے نے کہا، اس کو دم کرو۔ آپ ﷺ فرماتے ہیں، اس نے پھونک نہیں ماری..... چنانچہ اس نے کہا، اللہ کے نام سے میں آپ کو دم کرتا ہوں اور اللہ ہی آپ کو شفا دے گا، یہ دم لو اور تمہیں مبارک ہو۔''

(۳۶) فِي الأَخْذِ عَلَى الرُّقْيَةِ ، مَنْ رَخَّصَ فِيهِ

دم پر کچھ (عوض) لینے میں اجازت دینے والوں کا بیان

(۲۴۰۵۲) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ ، عَنْ زَكَرِيَّا ، عَنْ عَامِرٍ ، قَالَ :حَدَّثَنِي خَارِجَةُ بْنُ الصَّلْتِ ؛ أَنَّ عَمَّهُ أَتَى النَّبِيَّ

صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، فَلَمَّا رَجَعَ مَرَّ عَلَى أَعْرَابِيٍّ مَجْنُونٍ مُوثَقٍ فِي الْحَدِيدِ ، فَقَالَ بَعْضُهُمْ :أَعِنْدَكَ شَيْءٌ تُدَاوِيهِ بِهِ ؟ فَإِنَّ صَاحِبَكُمْ قَدْ جَاءَ بِخَيْرٍ ، فَرَقَيْتُهُ بِأُمِّ الْقُرْآنِ ثَلاَثَةَ أَيَّامٍ ، كُلَّ يَوْمٍ مَرَّتَيْنِ ، فَبَرَأَ ، فَأَعْطَوْنِي مِئَةَ شَاةٍ ، فَلَمَّا قَدِمْتُ أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرْتُهُ فَقَالَ :أَقُلْتَ غَيْرَ هَذَا ؟ فَقُلْتُ :لاَ ، قَالَ : كُلْهَا بِسْمِ اللهِ ، فَلَعَمْرِي لِمَنْ أَكَلَ بِرُقْيَةِ بَاطِلٍ ، لَقَدْ أَكَلْتَ بِرُقْيَةِ حَقٍّ. (ابوداؤد ۳۸۹۳۔ احمد ۵/ ۲۱۰)

(۲۴۰۵۲) حضرت خارجہ بن صلت بیان کرتے ہیں کہ ان کے چچا نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے پھر جب وہ واپس ہوئے تو ان کا گزر ایک ایسے دیہاتی پر ہوا جس کو بیڑیوں میں جکڑا ہوا تھا کچھ لوگوں نے (ان کے چچا سے) کہا۔ کیا تمہارے پاس کوئی ایسی چیز ہے۔ جس کے ذریعے تم اس کا علاج کر سکو؟ کیونکہ تمہارا ساتھی (مراد آپ ﷺ) خیر کی بات لے کر آیا ہے۔ پس میں نے اس دیہاتی کو تین مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر دو دن مسلسل دم کیا تو وہ صحت یاب ہو گیا۔ اس پر ان لوگوں نے مجھے سو بکریاں عطیہ میں دیں۔ پھر جب میں نبی کریم ﷺ کی خدمت میں پہنچا تو میں نے آپ ﷺ کو یہ بات بتائی۔ آپ ﷺ نے پوچھا۔ ''کیا تم نے اس کے علاوہ کچھ پڑھا تھا؟'' میں نے عرض کیا: نہیں۔ آپ ﷺ نے جواب میں ارشاد فرمایا: ''ان بکریوں کو کھاؤ، بسم اللہ کرو۔ میری عمر کی قسم! جس کسی نے باطل تعویذ کے ذریعہ کھایا (سو کھایا) لیکن تم یقیناً برحق تعویذ کے ذریعہ کھاؤ گے۔''

(۲۴۰۵۳) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ إِيَاسٍ ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ ، قَالَ :بَعَثَنَا النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلاَثِينَ رَاكِبًا فِي سَرِيَّةٍ ، قَالَ :فَنَزَلْنَا بِقَوْمٍ فَسَأَلْنَاهُمُ الْقِرَى ، فَلَمْ يَقْرُونَا ، قَالَ : فَلُدِغَ سَيِّدُهُمْ ، قَالَ :فَأَتَوْنَا فَقَالُوا :أَفِيكُمْ أَحَدٌ يَرْقِي مِنَ الْعَقْرَبِ ؟ قَالَ :قُلْتُ :نَعَمْ ، لَكِنِي لاَ أَرْقِيهِ حَتَّى تُعْطُونَا غَنَمًا ، قَالَ :فَقَالُوا :فَإِنَّا نُعْطِيكُمْ ثَلاَثِينَ شَاةً ، قَالَ :فَقَبِلْنَا ، قَالَ :فَقَرَأْتُ فَاتِحَةَ الكتاب سَبْعَ مَرَّاتٍ ، قَالَ :فَبَرَأَ ، فَقُلْنَا :لاَ تَعْجَلُوا حَتَّى تَأْتُوا رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ :فَلَمَّا قَدِمْنَا عَلَيْهِ، قَالَ :فَذَكَرْتُ لَهُ الَّذِي صَنَعْتُ ، قَالَ :أَوَ مَا عَلِمْتَ أَنَّهَا رُقْيَةٌ ؟ اقْسِمُوا الْغَنَمَ ، وَاضْرِبُوا لِي مَعَكُمْ بِسَهْمٍ.

(ترمذی ۲۰۶۳۔ احمد ۳/ ۱۰)

(۲۴۰۵۳) حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ہم تیس سواروں کو ایک سریہ میں بھیجا۔ فرماتے ہیں: پس ہم کچھ لوگوں کے پاس اُترے اور ہم نے ان سے مہمان نوازی کا کہا تو انہوں نے ہماری مہمان نوازی نہ کی۔ کہتے ہیں (اسی دوران) ان کے سردار کو ڈسا گیا۔ چنانچہ وہ ہمارے پاس آئے اور کہنے لگے۔ کیا تم میں کوئی ایسا شخص ہے جو بچھو کو دم کر سکتا ہو؟ ابو سعید رضی اللہ عنہ کہتے ہیں۔ میں نے جواب دیا۔ ہاں۔ لیکن اسکو تب تک دم نہیں کروں گا جب تک تم ہمیں بکریاں نہ دو۔ حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ کہتے ہیں۔ انہوں نے کہا۔ ہم آپ لوگوں کو تیس بکریاں دیں گے۔ کہتے ہیں۔ (اس سے) وہ صحت یاب ہو گیا تو ہم نے (آپس میں) کہا۔ جلدی نہ کرو یہاں تک کہ تم جناب نبی کریم ﷺ کی خدمت میں پہنچ جاؤ۔ راوی کہتے ہیں۔ پس جب ہم آپ ﷺ کی خدمت میں پہنچے۔ ابو سعید رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے جو کچھ کیا تھا اس کا ذکر آپ ﷺ کے سامنے کیا۔

آپ ﷺ نے فرمایا: ''کیا تو جانتا تھا کہ یہ دم (بھی) ہے؟ بکریاں تقسیم کرلو اور اپنے ساتھ میرا حصہ بھی نکالو۔''

(٢٤٠٥٤) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ ، عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِي حَازِمٍ ، قَالَ :أَتَى رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ فَقَالَ :إِنِّي رَقَيْتُ فُلاَنًا ، وَكَانَ بِهِ جُنُونٌ ، فَأُعْطِيتُ قَطِيعًا مِنْ غَنَمٍ ، وَإِنَّمَا رَقَيْتُهُ بِالْقُرْآنِ ، فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :مَنْ أَخَذَ بِرُقْيَةِ بَاطِلٍ ، فَقَدْ أَخَذْتَ بِرُقْيَةِ حَقٍّ.

(۲۴۰۵۴) حضرت قیس بن ابی حازم سے روایت ہے۔ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت اقدس میں ایک آدمی حاضر ہوا اور اس نے عرض کیا۔ میں نے فلاں شخص کو دم کیا تھا اور اس آدمی کو جنون تھا۔ مجھے (عوض میں) بکریوں کا ایک ریوڑ دیا گیا ہے۔ جبکہ میں نے صرف قرآن مجید کے ذریعہ سے دم کیا تھا۔ تو اس پر آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''جس کسی نے باطل تعویذ کے ذریعہ لیا (تو وہ جانے) لیکن یقیناً تو نے تو برحق تعویذ دم پر لیا ہے۔''

(٢٤٠٥٥) حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ ، قَالَ :حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ حَكِيمٍ ، قَالَ :أَخْبَرَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ ، عَنْ يَعْلَى بْنِ مُرَّةَ ، قَالَ :خَرَجْتُ مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرٍ حَتَّى إِذَا كُنَّا بِبَعْضِ الطَّرِيقِ مَرَرْنَا بِامْرَأَةٍ جَالِسَةٍ وَمَعَهَا صَبِيٌّ لَهَا ، فَقَالَتْ :يَا رَسُولَ اللهِ ، ابْنِي هَذَا بِهِ بَلاَءٌ ، وَأَصَابَنَا مِنْهُ بَلاَءٌ ، يُؤْخَذُ فِي الْيَوْمِ لاَ أَدْرِي كَمْ مَرَّةً ؟ فَقَالَ :نَاوِلِينِيهِ ، فَرَفَعَتْهُ إِلَيْهِ ، فَجَعَلَهُ بَيْنَهُ وَبَيْنَ وَاسِطَةِ الرَّحْلِ ، ثُمَّ فَغَرَ فَاهُ ، ثُمَّ نَفَثَ فِيهِ ثَلاَثًا :بِسْمِ اللهِ ، أَنَا عَبْدُ اللهِ ، اخْسَأْ عَدُوَّ اللهِ ، ثُمَّ نَاوَلَهَا إِيَّاهُ ، ثُمَّ قَالَ :الْقَيْنَا فِي الرَّجْعَةِ فِي هَذَا الْمَكَانِ ، فَأَخْبِرِينَا مَا فَعَلَ ؟ قَالَ :فَذَهَبْنَا ثُمَّ رَجَعْنَا فَوَجَدْنَاهَا فِي ذَلِكَ الْمَكَانِ مَعَهَا شِيَاهٌ ثَلاَثٌ ، فَقَالَ :مَا فَعَلَ صَبِيُّكِ ؟ فَقَالَتْ :وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ ، مَا أَحَسَسْنَا مِنْهُ بِشَيْءٍ حَتَّى السَّاعَةِ ، فَاجْتَزَرْ هَذِهِ الْغَنَمَ ، قَالَ :انْزِلْ فَخُذْ مِنْهَا وَاحِدَةً ، وَرُدَّ الْبَقِيَّةَ.

(۲۴۰۵۵) حضرت یعلی بن مرہ سے روایت ہے۔ کہتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کے ہمراہ ایک سفر میں گیا یہاں تک کہ جب ہم راستہ کے درمیان ہی میں تھے تو ہمارا گزر ایک ایسی عورت پر ہوا جو بیٹھی ہوئی تھی اور اس کے ہمراہ اس کا ایک بچہ تھا۔ اس عورت نے عرض کیا۔ یارسول اللہ ﷺ! میرا یہ بچہ ہے اور اس کو کوئی بلاء ہے اور اس کی وجہ سے ہمیں بھی تکلیف ہے۔ نامعلوم دن میں کتنی مرتبہ اس کو وہ بلاء تنگ کرتی ہے۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''یہ بچہ مجھے پکڑاؤ۔'' چنانچہ عورت نے وہ بچہ آپ ﷺ کی طرف بلند کیا تو آپ ﷺ نے اس بچہ کو اپنے اور سواری کے کجاوہ کے درمیان بٹھایا پھر آپ ﷺ نے اس کا منہ کھولا اور اس میں تین مرتبہ یہ الفاظ کہہ کر پھونکے: ''اللہ کے نام سے، میں اللہ کا بندہ ہوں، اے دشمن خدا دفع ہو جا۔'' پھر آپ ﷺ نے وہ بچہ اس عورت کو پکڑا دیا اور فرمایا: ''ہمارے اس جگہ واپسی پر تم ہمیں ملو اور بتاؤ کیا ہوا؟'' راوی کہتے ہیں۔ پس ہم وہاں سے چل پڑے پھر ہم جب لوٹے تو ہم نے اس عورت کو اسی جگہ پایا اور اس کے ساتھ تین بکریاں بھی تھیں۔ آپ ﷺ نے پوچھا: ''تیرے بچہ کا کیا بنا؟'' اس عورت نے عرض کیا۔ قسم اس ذات کی جس نے آپ کو حق کے ساتھ مبعوث کیا ہے۔ ہم نے ابھی تک اس بچہ سے کوئی تکلیف محسوس

نہیں کی ہے۔ پس آپ یہ بکریاں لے لیں اور ذبح کر دیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''اُترو! اور ان میں سے ایک بکری لے لو اور باقی بکریاں واپس کر دو۔''

(٢٤٠٥٦) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ ، قَالَ :أَخْبَرَنَا إِسْرَائِيلُ ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عَبْدٍ ، عَنْ عَلِيٍّ ، قَالَ : لاَ رُقْيَةَ إِلاَّ مِمَا أَخَذَ سُلَيْمَانُ مِنْه الْمِيثَاقَ.

(۲۴۰۵۶) حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ کہتے ہیں کہ ان کے سوا جن سے حضرت سلیمانؑ نے میثاق لیا تھا کسی سے دم، تعویذ جائز نہیں ہے۔

(٢٧) مَنْ رَخَّصَ فِي الرُّقْيَةِ مِنَ الْعَيْنِ

جو لوگ نظر کے دم کی اجازت دیتے ہیں

(٢٤٠٥٧) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنْ عَمْرٍو ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ عَامِرٍ ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ رِفَاعَةَ الزُّرَقِيِّ ، قَالَ :قَالَتْ أَسْمَاءُ لِرَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :إِنَّ بَنِي جَعْفَرٍ تُسْرِعُ إِلَيْهِمُ الْعَيْنُ ، فَأَسْتَرْقِي لَهُمْ مِنَ الْعَيْنِ ؟ قَالَ :نَعَمْ، فَلَوْ كَانَ شَيْءٌ سَابِقَ الْقَدَرِ لَسَبَقَتْهُ الْعَيْنُ. (ترمذی ۲۰۵۹۔ ابن ماجه ۳۵۱۰)

(۲۴۰۵۷) حضرت عبید بن رفاعہ زرقی سے روایت ہے۔ کہتے ہیں کہ حضرت اسماء رضی اللہ عنہا نے رسول اللہ ﷺ سے عرض کیا۔ جعفر کے بچوں کو نظر بہت جلد لگ جاتی ہے۔ تو کیا میں ان کو نظر کا دم، تعویذ کروالیا کروں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ''ہاں اور اگر کوئی چیز تقدیر پر سبقت پاتی تو نظر ہی تقدیر پر سبقت پاتی۔''

(٢٤٠٥٨) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ ، عَنْ نَافِعٍ ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ ؛ أَنَّ عُرْوَةَ بْنَ الزُّبَيْرِ أَخْبَرَهُ ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ بَيْتَ أُمِّ سَلَمَةَ ، فَإِذَا صَبِيٌّ فِي الْبَيْتِ يَشْتَكِي ، فَسَأَلَهُمْ عَنْهُ؟ فَقَالُوا :نَظُنُّ أَنَّ بِهِ الْعَيْنَ، فَزَعَمَ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ :أَلاَ تَسْتَرْقُونَ لَهُ مِنَ الْعَيْنِ.

(بخاری ۵۷۳۹۔ مالك ۴)

(۲۴۰۵۸) حضرت عروہ بن زبیر بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ، حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے گھر میں داخل ہوئے تو آپ ﷺ نے گھر میں ایک بچہ کو دیکھا جس کو تکلیف تھی؟ تو آپ ﷺ نے گھر والوں سے اس کے بارے میں پوچھا؟ لوگوں نے بتایا کہ ہمارے خیال میں اس کو نظر لگ گئی ہے، اس پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''تم نے اس کو نظر کا دم کیوں نہیں کروایا؟''۔

(٢٤٠٥٩) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ أَبِي نَجِيحٍ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ بَابَيْه ، مَوْلَى جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ ، قَالَ :قَالَتْ أَسْمَاءُ بِنْتُ عُمَيْسٍ :قُلْتُ :يَا رَسُولَ اللهِ ، إِنَّ الْعَيْنَ تُسْرِعُ إِلَى بَنِي جَعْفَرٍ ، فَأَسْتَرْقِي لَهُمْ ؟ قَالَ :نَعَمْ ، فَلَوْ قُلْتُ لِشَيْءٍ يَسْبِقُ الْقَدَرَ ، لَقُلْتُ :إِنَّ الْعَيْنَ تَسْبِقُهُ.

(۲۴۰۵۹) حضرت جبیر بن مطعم کے آزاد کردہ غلام، عبداللہ بن بابیہ سے روایت ہے کہتے ہیں کہ حضرت اسماء بنت عمیس بتاتی ہیں کہ میں نے عرض کیا۔ اے رسول خدا ﷺ! جعفر کے بچوں کو نظر بہت جلدی لگ جاتی ہے تو کیا میں ان کو دم کروالوں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ''ہاں'' اور اگر میں کہتا کہ کوئی چیز تقدیر پر بھی سبقت پاسکتی ہے تو میں کہتا کہ نظر، تقدیر پر سبقت پاسکتی ہے۔''

(٢٤٠٦٠) حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ ، قَالَ :حَدَّثَنَا عَمَّارُ بْنُ رُزَيْقٍ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عِيسَى ، عَنْ أُمَيَّةَ بْنِ هِنْدٍ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَامِرِ بْنِ رَبِيعَةَ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ :انْطَلَقْتُ أَنَا وَسَهْلُ بْنُ حُنَيْفٍ نَلْتَمِسُ الْخَمِرَ ، فَوَجَدْنَا خَمِرًا، أَوْ غَدِيرًا ، وَكَانَ أَحَدُنَا يَسْتَحْيِي أَنْ يَغْتَسِلَ وَأَحَدٌ يَرَاهُ ، فَاسْتَتَرَ مِنِّي حَتَّى إِذَا رَأَى أَنْ قَدْ فَعَلَ ، نَزَعَ جُبَّةً عَلَيْهِ مِنْ كِسَاءٍ ، ثُمَّ دَخَلَ الْمَاءَ ، فَنَظَرْتُ إِلَيْهِ فَأَعْجَبَنِي خَلْقُهُ ، فَأَصَبْتُهُ مِنْهَا بِعَيْنٍ ، فَأَخَذَتْهُ قَفْقَفَةٌ وَهُوَ فِي الْمَاءِ، فَدَعَوْتُهُ فَلَمْ يُجِبْنِي، فَانْطَلَقْتُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرْتُهُ الْخَبَرَ، فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قُومُوا، فَأَتَاهُ، فَرَفَعَ عَنْ سَاقِهِ، ثُمَّ دَخَلَ إِلَيْهِ الْمَاءَ، فَلَمَّا أَتَاهُ ضَرَبَ صَدْرَهُ، ثُمَّ قَالَ: اللَّهُمَّ أَذْهِبْ حَرَّهَا وَبَرْدَهَا وَوَصَبَهَا ، ثُمَّ قَالَ :قُمْ ، فَقَامَ :فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :إِذَا رَأَى أَحَدُكُمْ مِنْ نَفْسِهِ، أَوْ مَالِهِ ، أَوْ أَخِيهِ ، مَا يُعْجِبُهُ ، فَلْيَدْعُ بِالْبَرَكَةِ ، فَإِنَّ الْعَيْنَ حَقٌّ. (احمد ۴۴۷۔ حاکم ۲۱۵)

(۲۴۰۶۰) حضرت عبداللہ بن عامر بن ربیعہ، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ میں اور سہل بن حنیف چلے اور ہم کسی اوٹ کی تلاش میں تھے۔ چنانچہ ہم نے کوئی اوٹ یا کنواں پایا اور ہم میں سے ہر ایک اس بات سے شرماتا تھا کہ وہ غسل کرے اور اُسے کوئی دیکھے۔ چنانچہ انہوں نے میرے آگے پردہ کیا یہاں تک کہ جب انہوں نے یہ دیکھا کہ میں غسل کر چکا ہوں تو انہوں نے وہ چادر کا جبہ اتار دیا جو انہوں نے پہنا ہوا تھا۔ اور پھر وہ پانی میں داخل ہو گئے۔ پس میں نے ان کی طرف دیکھا تو مجھے ان کی ساخت بہت خوبصورت لگی جس کی وجہ سے انہیں میری نظر لگ گئی۔ پس انہوں نے پانی میں ہی خوب کپکپانا شروع کیا۔ میں نے انہیں بلایا لیکن انہوں نے مجھے کوئی جواب نہ دیا۔ چنانچہ میں نبی کریم ﷺ کی طرف چلا گیا اور میں نے آپ ﷺ کو ساری بات بتائی۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اٹھو''۔ پھر آپ ﷺ ان (سہل) کے پاس تشریف لائے اور آپ ﷺ نے اپنی پنڈلی مبارک سے (کپڑا) اٹھایا اور آپ ﷺ ان کی طرف پانی میں داخل ہو گئے۔ پس جب آپ ﷺ ان کے پاس پہنچے تو آپ ﷺ نے ان کے سینہ پر مارا اور پھر فرمایا: ''اے اللہ! اس کی سردی، گرمی اور درد کو دور کر دے۔'' پھر آپ ﷺ نے فرمایا: ''اٹھ کھڑا ہو'' چنانچہ وہ کھڑے ہو گئے، اس پر رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''جب تم میں سے کوئی اپنے آپ یا اپنے مال یا اپنے بھائی سے کوئی ایسی چیز دیکھے جو اس کو بہت پیاری لگے تو اُسے برکت کی دُعا کرنی چاہیے کیونکہ نظر برحق ہے۔''

(٢٤٠٦١) حَدَّثَنَا شَبَابَةُ ، قَالَ :حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي ذِئْبٍ ، عَنِ الزُّهْرِيِّ ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بن حُنَيْفٍ ، عَنْ أَبِيهِ ؛ أَنَّ عَامِرًا مَرَّ بِهِ وَهُوَ يَغْتَسِلُ ، فَقَالَ :مَا رَأَيْتُ كَالْيَوْمِ قَطُّ ، وَلاَ جِلْدَ مُخَبَّأَةٍ ، فَلُبِطَ بِهِ حَتَّى مَا يَعْقِلُ لِشِدَّةِ الْوَجَعِ ، فَأُخْبِرَ بِذَلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَدَعَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَغَيَّظَ عَلَيْهِ ، وَقَالَ :

قَتَلْتَهُ ، عَلاَمَ يَقْتُلُ أَحَدُكُمْ أَخَاهُ ؟ أَلاَ بَرَّكْتَ ؟ فَأَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِذَلِكَ ، فَقَالَ : اغْسِلُوهُ ، فَاغْتَسَلَ فَخَرَجَ مَعَ الرَّكْبِ.

وَقَالَ الزُّهْرِيُّ : إِنَّ هَذَا مِنَ الْعِلْمِ ، غَسَلَ الَّذِي عَانَهُ ، قَالَ : يُؤْتَى بِقَدَحِ مَاءٍ ، فَيُدْخِلُ يَدَهُ فِي الْقَدَحِ ، فَيُمَضْمِضُ وَيُمُجُّهُ فِي الْقَدَحِ ، وَيَغْسِلُ وَجْهَهُ فِي الْقَدَحِ ، ثُمَّ يَصُبُّ بِيَدِهِ الْيُسْرَى عَلَى كَفِّهِ الْيُمْنَى ، ثُمَّ بِيَدِهِ الْيُمْنَى عَلَى كَفِّهِ الْيُسْرَى ، وَيُدْخِلُ يَدَهُ الْيُسْرَى فَيَصُبُّ عَلَى مِرْفَقِ يَدِهِ الْيُمْنَى ، وَبِيَدِهِ الْيُمْنَى عَلَى مِرْفَقِ يَدِهِ الْيُسْرَى ، ثُمَّ يَغْسِلُ قَدَمه الْيُمْنَى ثُمَّ يَغْسِلُ يَدَهُ الْيُمْنَى ، فَيَغْسِلُ قَدَمه الْيُسْرَى ، ثُمَّ يَدَهُ الْيُمْنَى فَيَغْسِلُ الرُّكْبَتَيْنِ ، وَيَأْخُذُ دَاخِلَةَ إِزَارِهِ ، فَيَصُبُّ عَلَى رَأْسِهِ صَبَّةً وَاحِدَةً ، وَلاَ يَدَعُ الْقَدَحَ حَتَّى يَفْرُغَ.

(احمد ۳/ ۴۸۶۔ ابن حبان ۶۱۰۶)

(۲۴۰۶۱) حضرت ابوامامہ بن سہل بن حنیف، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عامر رضی اللہ عنہ، سہل کے پاس سے گذرے جبکہ سہل غسل کررہے تھے۔ حضرت عامر رضی اللہ عنہ نے کہا۔ میں نے آج کے دن (دکھائی دینے والے شخص کی طرح کبھی نہیں دیکھا اور نہ ہی اس قدر سفید چمڑی دیکھی۔ پس (اتنے میں) حضرت سہل رضی اللہ عنہ زمین پر گر گئے۔ یہاں تک کہ بوجہ شدت تکلیف کے انہیں کچھ سمجھ نہیں آرہا تھا۔ چنانچہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس بات کی اطلاع کی گئی تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عامر رضی اللہ عنہ کو بلایا اور ان پر غصہ کا اظہار کیا اور فرمایا: ''تم نے اس کو قتل کردیا ہے۔ تم میں سے کوئی اپنے بھائی کو کس بنیاد پر قتل کرتا ہے؟ تم نے اس کے لئے دعائے برکت کیوں نہیں کی؟'' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان (عامر رضی اللہ عنہ) کو حکم دیا اور فرمایا۔ ''اس کو غسل دو'' چنانچہ انہوں نے غسل کیا اور قافلہ کے ہمراہ چلے گئے۔ حضرت زہری رحمہ اللہ فرماتے ہیں۔ علم کی بات یہ ہے کہ غسل وہ شخص کرتا ہے جس نے نظر لگائی ہے۔ فرماتے ہیں کہ ایک پیالہ میں پانی لایا جائے اور پھر یہ اس پیالہ میں دھوئے۔ پھر اپنے بائیں ہاتھ سے اپنے دائیں ہاتھ پر پانی ڈالے پھر دائیں ہاتھ سے بائیں ہاتھ پر پانی ڈالے اور پھر اپنا بایاں ہاتھ ڈالے اور اپنی دائیں کہنی پر پانی ڈالے اور دایاں ہاتھ ڈالے اور اپنی بائیں کہنی پر پانی ڈالے پھر اپنا دایاں قدم دھوئے پھر اپنا دایاں ہاتھ دھوئے پھر اپنا بایاں قدم دھوئے۔ پھر دایاں ہاتھ ڈالے اور دونوں گھٹنے دھوئے۔ اور اس کے ازار کو پکڑ لے اور اس کے سر پر ایک ہی مرتبہ یہ پانی انڈیل دے۔ پیالے کو خالی ہونے تک انڈیلے رکھے۔

(۲۴۰۶۲) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ ، قَالَ : حَدَّثَنَا سُفْيَانُ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، عَنْ عَائِشَةَ ؛ أَنَّهَا كَانَتْ تَأْمُرُ الْمِعِينَ أَنْ يَتَوَضَّأَ ، فَيَغْتَسِلَ الَّذِي أَصَابَتْهُ الْعَيْنُ.

(۲۴۰۶۲) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے بارے میں روایت ہے کہ وہ نظر لگانے والے کو حکم دیتی تھیں کہ وہ وضو کرے اور پھر جس کو نظر لگی ہے اس کے بچے ہوئے پانی سے اسے غسل دیا جائے۔

(۲۴۰۶۳) حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِسْحَاقَ ، قَالَ : حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ ، عَنِ ابْنِ طَاوُوسٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ، قَالَ : قَالَ

رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :الْعَيْنُ حَقٌّ ، وَإِذَا اسْتُغْسِلَ فَلْيَغْتَسِلْ. (مسلم ۴۲۔ ابن حبان ۶۱۰۸)

(۲۴۰۶۳) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''نظر برحق ہے اور جب کسی کو نظر کی وجہ سے غسل کرنے کا کہا جائے تو اس کو غسل کرنا چاہیے۔''

(۲۸) فِي الرَّجُلِ يَفْزَعُ مِنَ الشَّيْءِ

اس آدمی کے بارے میں جو کسی شئی سے ڈرتا ہو

(۲۴۰۶۴) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى ؛ أَنَّ الْوَلِيدَ بْنَ الْوَلِيدِ بْنِ الْمُغِيرَةِ الْمَخْزُومِيَّ شَكَا إِلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدِيثَ نَفْسٍ وَجَدَه ، وَإِنَّهُ قَالَ :إِذَا أَتَيْتَ فِرَاشَكَ فَقُلْ :أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّةِ مِنْ غَضَبِهِ ، وَعِقَابِهِ ، وَشَرِّ عِبَادِهِ ، وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِينِ ، وَأَنْ يَحْضُرُونِ ، فَوَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لاَ يَضُرُّكَ شَيْءٌ حَتَّى تُصْبِحَ. (ترمذی ۳۵۲۸۔ احمد ۴/ ۵۷)

(۲۴۰۶۴) حضرت محمد بن یحییٰ سے روایت ہے کہ ولید بن ولید بن مغیرہ مخزومی نے رسول اللہ ﷺ نے اپنے خیالات کے بارے میں جو انہیں آتے تھے، شکایت کی تو آپ ﷺ نے فرمایا: ''تم اپنے بستر پر آؤ تو یوں کہو۔ میں اللہ تعالیٰ کے کلمات تامہ کے ذریعہ سے اس کے غضب اور سزا اور اس کے بندوں کے شر سے پناہ میں آتا ہوں۔ اور شیطانی وساوس سے بھی پناہ میں آتا ہوں۔ اور اس بات سے بھی پناہ میں آتا ہوں کہ وہ میرے پاس آئیں۔ پس قسم اس ذات کی جس کے قبضے میں میری جان ہے۔ تمہیں صبح تک کوئی چیز نقصان نہیں پہنچا سکے گی۔''

(۲۴۰۶۵) حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ ، عَنْ زَكَرِيَّا ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ شَيْبَةَ ، عَنْ يَحْيَى بْنِ جَعْدَةَ ، قَالَ : كَانَ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ يَفْزَعُ مِنَ اللَّيْلِ حَتَّى يَخْرُجَ وَمَعَهُ سَيْفُهُ ، فَخُشِيَ عَلَيْهِ أَنْ يُصِيبَ أَحَدًا ، فَشَكَا ذَلِكَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ :إِنَّ جِبْرِيلَ قَالَ لِي :إِنَّ عِفْرِيتًا مِنَ الْجِنِّ يَكِيدُكَ ، فَقُلْ :أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّةِ الَّتِي لاَ يُجَاوِزُهُنَّ بَرٌّ ، وَلاَ فَاجِرٌ مِنْ شَرِّ مَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَاءِ ، وَمَا يَعْرُجُ فِيهَا ، وَمِنْ شَرِّ مَا ذَرَأَ فِي الأَرْضِ وَمَا يَخْرُجُ مِنْهَا ، وَمِنْ شَرِّ فِتَنِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ ، وَمِنْ شَرِّ كُلِّ طَارِقٍ إِلاَّ طَارِقًا يَطْرُقُ بِخَيْرٍ يَا رَحْمَنُ ، فَقَالَهُنَّ خَالِد ، فَذَهَب ذَلِكَ عَنهُ.

(۲۴۰۶۵) حضرت یحییٰ بن جعدہ سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ خالد بن ولید رات کے وقت ڈر جاتے تھے اور ان کے پاس تلوار بھی ہوتی تھی اور وہ اس حال میں باہر نکل جاتے تھے، پھر انہوں نے یہ خوف محسوس کیا کہ یہ کسی کو زخمی نہ کر دیں تو انہوں نے نبی کریم ﷺ سے اس بات کی شکایت کی تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''مجھے جبرائیل نے کہا تھا کہ ایک بڑا جن آپ کے لیئے برائی کا ارادہ رکھتا ہے پس آپ (یہ) پڑھیں: ''میں اللہ تعالیٰ کے ان کلمات تامہ کے ذریعے سے پناہ پکڑتا ہوں جن سے کوئی نیک

اور بدتجاوز نہیں کرسکتا، ہر اس چیز کے شر سے جو آسمان سے اُترے اور جو آسمان میں چڑھے اور ہر اس چیز سے جو زمین میں داخل ہو اور جو زمین سے خارج ہو اور رات، دن کے فتنوں سے اور ہر رات کو آنے والی ہر چیز کے شر سے مگر وہ رات کو آنے والی چیز جو خیر کے ساتھ آئے، اے رحمٰن'' چنانچہ حضرت خالد نے یہ جملے کہے تو ان کی یہ حالت ختم ہوگئی۔

(٢٤٠٦٦) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ ، قَالَ : حَدَّثَنَا مَكْحُولٌ ؛ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا دَخَلَ مَكَّةَ تَلَقَّتْهُ الْجِنُّ بِالشَّرَرِ يَرْمُونَهُ ، فَقَالَ جِبْرِيل : يَا مُحَمَّدُ ، تَعَوَّذ بِهَؤُلَاءِ الْكَلِمَاتِ : فَزُجِرُوا عَنْهُ ، فَقَالَ : أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّاتِ الَّتِي لَا يُجَاوِزُهُنَّ بَرٌّ ، وَلَا فَاجِرٌ مِنْ شَرِّ مَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَاءِ ، وَمَا يَعْرُجُ فِيهَا ، وَمِنْ شَرِّ مَا بُثَّ فِي الأَرْضِ وَمَا يَخْرُجُ مِنْهَا ، وَمِنْ شَرِّ فِتَنِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ ، وَمِنْ شَرِّ كُلِّ طَارِقٍ إِلاَّ طَارِقًا يَطْرُقُ بِخَيْرٍ يَا رَحْمَنُ.

(۲۴۰۶۶) حضرت مکحول روایت کرتے ہیں کہ جب رسول اللہ ﷺ مکہ مکرمہ میں داخل ہوئے تو جنات آپ کو اس حالت میں ملے کہ وہ آپ ﷺ کی طرف شعلہ زنی کررہے تھے۔ اس پر حضرت جبرائیلؑ نے عرض کیا۔ ''اے محمد! آپ ان کلمات کے ذریعہ پناہ حاصل کرلیں۔'' چنانچہ جنات کو آپ ﷺ سے دُور کردیا گیا۔ آپ ﷺ نے (یہ کلمات) کہے تھے۔ ''میں اللہ تعالیٰ کے اُن کلمات تامہ کے ذریعہ، جن سے کوئی نیک اور بدتجاوز نہیں کرسکتا، آسمان سے اترنے والی اور آسمان پر چڑھنے والی ہر چیز کے شر سے پناہ پکڑتا ہوں اور ہر اس چیز سے پناہ پکڑتا ہوں جو زمین میں پھیلی ہوئی ہے اور جو زمین سے نکلتی ہے۔ اور رات، دن کے فتنوں کے شر سے اور رات کو آنے والی ہر چیز کے شر سے پناہ پکڑتا ہوں سوائے رات کو آنے والی اس چیز کے جو خیر لے کر آئے۔ اے رحمٰن۔''

(٢٤٠٦٧) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنِ الْجُرَيْرِيِّ ، عَنْ أَبِي الْعَلاَءِ ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ ؛ أَنَّهُ أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، فَقَالَ : يَا رَسُولَ اللهِ ، إِنَّ الشَّيْطَانَ قَدْ حَالَ بَيْنَ صَلاَتِي وَبَيْنَ قِرَاءَتِي ، قَالَ : ذَلِكَ شَيْطَانٌ يُقَالُ لَهُ : خِنْزَبٌ ، فَإِذَا مَا أَحْسَسْتَهُ فَاتْفِلْ عَلَى يَسَارِكَ ثَلاَثًا ، وَتَعَوَّذْ بِاللَّهِ مِنْ شَرِّهِ.

(مسلم ۱۷۲۹۔ احمد ۴/ ۲۱۶)

(۲۴۰۶۷) حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ کے بارے میں روایت ہے کہ وہ نبی کریم ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے اور انہوں نے عرض کیا۔ یارسول اللہ ﷺ! تحقیق شیطان میری نماز اور میری تلاوت کے درمیان حائل ہوجاتا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''یہ وہ شیطان ہے۔ جس کو خنزب کہا جاتا ہے۔ پس جب اس کو محسوس کرو تو تم اپنی بائیں جانب تین مرتبہ تھوک دو اور اللہ تعالیٰ سے اس کے شر کی پناہ مانگو۔''

(٢٤٠٦٨) حَدَّثَنَا عَفَّانُ ، قَالَ : حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ ، قَالَ : حَدَّثَنَا أَبُو التَّيَّاحِ ، قَالَ : سَأَلَ رَجُلٌ عَبْدَ اللهِ بْنَ خَنْبَشٍ : كَيْفَ صَنَعَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ كَادَتْهُ الشَّيَاطِينُ ؟ قَالَ : جَاءَتِ الشَّيَاطِينُ إِلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الأَوْدِيَةِ ، وَتَحَدَّرَتْ عَلَيْهِ مِنَ الْجِبَالِ ، وَفِيهِمْ شَيْطَانٌ مَعَهُ شُعْلَةٌ مِنْ

نَارٍ ، يُرِيدُ أَنْ يُحَرِّقَ بِهَا رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، فَأُرْعِبَ مِنْهُ ؟ قَالَ جَعْفَرٌ :أَحْسَبُهُ جَعَلَ يَتَأَخَّرُ ، وَجَاءَ جِبْرِيلُ فَقَالَ :يَا مُحَمَّدُ ، قُلْ ، قَالَ :وَمَا أَقُولُ ؟ قَالَ :قُلْ :أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّاتِ الَّتِي لَا يُجَاوِزُهُنَّ بَرٌّ ، وَلَا فَاجِرٌ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ، وَذَرَأَ وَبَرَأَ ، وَمِنْ شَرِّ مَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَاءِ ، وَمِنْ شَرِّ مَا يَعْرُجُ فِيهَا ، وَمِنْ شَرِّ مَا ذَرَأَ فِي الْأَرْضِ ، وَمِنْ شَرِّ مَا يَخْرُجُ مِنْهَا ، وَمِنْ شَرِّ فِتَنِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ ، وَمِنْ شَرِّ كُلِّ طَارِقٍ إِلَّا طَارِقًا يَطْرُقُ بِخَيْرٍ يَا رَحْمَنُ، قَالَ :فَطُفِئَتْ نَارُ الشَّيَاطِينَ ، وَهَزَمَهُمُ اللَّهُ.

(احمد ۳/ ۴۱۹۔ ابویعلی ۶۸۴۴)

(۲۴۰۶۸) حضرت ابوالتیاح بیان کرتے ہیں کہ کسی آدمی نے حضرت عبداللہ بن خنبش سے پوچھا۔ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ جب شیاطین نے مکر کرنا چاہا تو آپ ﷺ نے کیا کیا تھا؟ عبداللہ نے جواب دیا۔ آپ ﷺ کے پاس مختلف وادیوں سے اور مختلف پہاڑوں سے اُتر کر شیاطین آئے اور ان میں ایک ایسا شیطان بھی تھا جس کے پاس آگ کا ایک بڑا انگارہ تھا۔ اور اس کے ذریعہ سے وہ رسول اللہ ﷺ کو جلانا چاہتا تھا۔ لیکن پھر وہ شیطان آپ ﷺ سے مرعوب ہوگیا۔ جعفر راوی کہتے ہیں۔ میرا خیال ہے کہ وہ پیچھے ہٹنے لگا۔ حضرت جبرائیل تشریف لائے اور انہوں نے فرمایا: ''اے محمد ﷺ! کہو'' آپ ﷺ نے پوچھا۔ ''میں کیا کہوں؟'' جبرائیل نے کہا۔ ''آپ یہ کہو: میں اللہ تعالیٰ کے ان کلماتِ تامہ کے ذریعہ پناہ پکڑتا ہوں کہ جب کلمات سے مخلوق میں سے کوئی فاجر یا نیک تجاوز نہیں کرسکتا۔ اور کوئی پیدا ہونے والا اور نکلنے والا تجاوز نہیں کرسکتا۔ اور میں ہر اس چیز کے شر سے پناہ حاصل کرتا ہوں جو آسمان سے اترے اور آسمان میں چڑھے اور ہر اس چیز کے شر سے جو زمین میں داخل ہو اور زمین سے باہر آئے، اور رات، دن کے فتنوں کے شر سے اور رات کو آنے والی کسی بھی چیز کے شر سے مگر رات کو آنے والی وہ چیز جو خیر کے ساتھ آئے، اے رحمٰن''۔ راوی کہتے ہیں۔ پس شیطانوں کی آگ بجھ گئی اور اللہ تعالیٰ نے ان کو ناکام کردیا۔

(۲۴۰۶۹) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، قَالَ :حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ، قَالَ :كُنْتُ أَلْقَى مِنْ رُؤْيَةِ الْغُولِ وَالشَّيَاطِينِ بَلَاءً وَأَرَى خَيَالًا ، فَسَأَلْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ ؟ فَقَالَ :أَخْبِرْنِي عَلَى مَا رَأَيْتَ ، وَلَا تُفْرِقَنَّ مِنْهُ ، فَإِنَّهُ يُفْرِقُ مِنْكَ كَمَا تَفْرَقُ مِنْهُ ، وَلَا تَكُنْ أَجْبَنَ السَّوَادَيْنِ ، قَالَ مُجَاهِدٌ :فَرَأَيْتُهُ فَأَسْنَدْتُ عَلَيْهِ بِعَصًا حَتَّى سَمِعْتُ وَقْعَتَهُ.

(۲۴۰۶۹) حضرت مجاہد سے روایت ہے کہتے ہیں کہ مجھے شیاطین وغیرہ کی طرف برے برے خیالات وتصورات آتے تھے۔ میں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے (اس کے بارے میں) پوچھا۔ تو انہوں نے فرمایا: تم نے جو کچھ دیکھا ہے وہ مجھے بھی بتاؤ۔ اس سے ڈرو نہیں۔ کیونکہ جس طرح تم اس سے ڈرتے ہو وہ بھی تم سے ڈرتے ہیں۔ تم اس سے بھی زیادہ ڈرپوک نہ بنو۔ حضرت مجاہد کہتے ہیں۔ میں نے پھر دوبارہ یہ دیکھا تو میں نے اس کو لاٹھی ماری یہاں تک کہ میں نے ضرب کی آواز بھی سُنی۔

(۲۴۰۷۰) حَدَّثَنَا يَزِيدُ ، قَالَ :أَخْبَرَنَا ابْنُ عَوْنٍ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ النَّخَعِيِّ ، قَالَ :كَانُوا إِذَا رَأَى أَحَدُهُمْ فِي مَنَامِهِ مَا يَكْرَهُ ، قَالَ :أَعُوذُ بِمَا عَاذَتْ بِهِ مَلَائِكَةُ اللهِ وَرُسُلُهُ مِنْ شَرِّ مَا رَأَيْتُ فِي مَنَامِي ، أَنْ يُصِيبَنِي مِنْهُ شَيْءٌ

أَكْرَهُهُ فِي الدُّنْيَا وَالآخِرَةِ.

(۲۴۰۷۰) حضرت ابراہیم نخعی سے روایت ہے کہتے ہیں کہ پہلے لوگوں میں سے جب کوئی خواب کی حالت میں ناپسندیدہ چیز دیکھتا تو یہ کہتا تھا۔ (ترجمہ) میں اس ذریعہ سے پناہ پکڑتا ہوں جس ذریعہ سے اللہ تعالیٰ کے فرشتے اور رسول پناہ پکڑتے ہیں ہر اس چیز کے شر سے جو میں نے اپنی خواب میں دیکھی کہ مجھے اس کی وجہ سے کوئی ایسی بات دنیا یا آخرت میں پہنچے جس کو میں پسند نہیں کرتا۔

(٢٤٠٧١) حَدَّثَنَا عَبْدَةُ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ جَدِّهِ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : إِذَا فَزِعَ أَحَدُكُمْ فِي نَوْمِهِ ، فَلْيَقُلْ : بِسْمِ اللهِ ، أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّةِ مِنْ غَضَبِهِ ، وَسوء عِقَابِهِ ، وَشَرِّ عِبَادِهِ ، وَمِنْ شَرِّ الشَّيَاطِينِ وَمَا يَحْضُرُونِ.

(۲۴۰۷۱) حضرت عمرو بن شعیب، اپنے والد، اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''تم میں سے جب کوئی اپنی نیند میں ڈر جائے تو اس کو یہ کہنا چاہیے۔ (ترجمہ) ''میں اللہ تعالیٰ کے کلمات تامہ کے ذریعہ سے اس کے غضب اور اس کے سخت انتقام اور اس کے شریر بندوں اور شیطانوں کی شرارت اور جو کچھ یہ شیطان میرے پاس لائیں (ان سب) سے پناہ میں آتا ہوں۔

(٢٤٠٧٢) حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ ، قَالَ : حَدَّثَنَا سُفْيَانُ ، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى ، عَنْ أَخِيهِ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى ، قَالَ : إِذَا حَسَّ أَحَدُكُمْ بِالشَّيْطَانِ ، فَلْيَنْظُرْ إِلَى الأَرْضِ وَلْيَتَعَوَّذْ.

(۲۴۰۷۲) حضرت عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ جب تم میں سے کوئی شیطان (کے اثرات) کو محسوس کرے تو اس کو چاہیے کہ وہ زمین کو دیکھے اور اعوذ باللہ پڑھے۔

(٢٩) فِي الكَيِّ ، مَنْ رَخَّصَ فِيهِ

داغنے کے بارے میں جن لوگوں نے اجازت دی ہے

(٢٤٠٧٣) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ ، عَنْ جَابِرٍ ؛ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَوَى سَعْدًا فِي أَكْحَلِهِ مَرَّتَيْنِ. (ابو داؤد ۳۸۶۲۔ ابن ماجه ۳۴۹۴)

(۲۴۰۷۳) حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت سعد رضی اللہ عنہ کو ان کے ان کے بازو کی ایک رگ میں داغ دیا تھا۔

(٢٤٠٧٤) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ إِسْرَائِيلَ ، عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِي حَازِمٍ ، قَالَ : دَخَلْنَا عَلَى خَبَّابٍ نَعُودُهُ ، وَقَدِ اكْتَوَى سَبْعًا فِي بَطْنِهِ. (بخاری ۵۶۷۲۔ ترمذی ۹۷۰)

(۲۴۰۷۴) حضرت قیس بن ابی حازم سے روایت ہے کہتے ہیں کہ ہم حضرت خباب کی عیادت کرنے کے لئے ان کے ہاں گئے۔

انہوں نے اپنے پیٹ میں سات مرتبہ داغا ہوا تھا۔

(٢٤٠٧٥) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ ، عَنْ نَافِعٍ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ ؛ أَنَّهُ اكْتَوَى مِنَ اللَّقْوَةِ ، وَاسْتَرْقَى مِنَ الْعَقْرَبِ.

(۲۴۰۷۵) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کے بارے میں روایت ہے کہ انہوں نے لقوہ کے مرض کی وجہ سے اپنے بدن پر داغا اور بچھو کے ڈسنے پر دم کیا۔

(٢٤٠٧٦) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ أَبْجَرَ ، عَنْ سَيَّارٍ ، عَنْ قَيْسٍ ، عَنْ جَرِيرٍ ، قَالَ : أَقْسَمَ عَلَيَّ عُمَرُ لأَكْتَوِيَنَّ.

(۲۴۰۷۶) حضرت جریر سے روایت ہے کہتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے مجھے قسم دے کر کہا کہ میں ضرور اپنے بدن کو داغوں۔

(٢٤٠٧٧) حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنْ قَتَادَةَ ، عَنْ أَنَسٍ ؛ أَنَّهُ اكْتَوَى مِنَ اللَّقْوَةِ.

(۲۴۰۷۷) حضرت انس رضی اللہ عنہ کے بارے میں روایت ہے کہ انہوں نے لقوہ کے مرض کی وجہ سے (اپنے بدن پر) داغا تھا۔

(٢٤٠٧٨) حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ ، عَنْ ثَابِتٍ ، عَنْ أَنَسٍ ، قَالَ : كَوَانِي أَبُو طَلْحَةَ ، وَاكْتَوَى مِنَ اللَّقْوَةِ.

(۲۴۰۷۸) حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ مجھے ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے داغا اور انہوں نے بوجہ لقوہ کے مرض کے داغا۔

(٢٤٠٧٩) حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِالرَّحْمَنِ بْنِ سَعْدِ بْنِ زُرَارَةَ ، سَمِعْتُ عَمِّي يَحْيَى ، وَمَا أَدْرَكْتُ رَجُلاً مِنَّا بِهِ شَبِيهًا ، يُحَدِّثُ ، أَنَّ سَعْدَ بْنَ زُرَارَةَ أَخَذَهُ وَجَعٌ فِي حَلْقِهِ ، يُقَالُ لَهُ : الذَّبْحُ ، فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لأُبْلِغَنَّ ، أَوْ لأُبْلِيَنَّ فِي أَبِي أُمَامَةَ عُذْرًا ، فَكَوَاهُ بِيَدِهِ ، فَمَاتَ ، فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : ميتَةُ سَوْءٍ لِلْيَهُودِ ، يَقُولُونَ : فَهَلاَّ دَفَعَ عَنْ صَاحِبِهِ ، وَمَا أَمْلِكُ لَهُ وَلاَ لِنَفْسِي شَيْئًا.

(ابن ماجه ۳۴۹۲۔ حاکم ۲۱۴)

(۲۴۰۷۹) حضرت محمد بن عبدالرحمٰن بن سعد بن زرارہ سے روایت ہے کہ میں نے اپنے چچا حضرت یحییٰ..... اپنے میں سے کسی آدمی کو میں نے ان کے مشابہ نہیں پایا..... کو بیان کرتے سُنا کہ حضرت سعد بن زرارہ کو حلق میں ایک بیماری پیدا ہوگئی جس کو ذبح (سوزش) کہا جاتا ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''میں ضرور بالضرور ابوامامہ میں عذر کو پہنچاؤں گا یا فرمایا: میں ضرور بالضرور آزماؤں گا، چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو اپنے ہاتھ سے داغا اور وہ انتقال کر گئے، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''یہود کے لئے یہ (واقعہ) بری موت ہے، وہ کہیں گے، محمد نے اپنے ساتھی سے تکلیف کیوں نہ دور کی، حالانکہ میں تو اپنی جان کا مالک نہیں ہوں۔''

(٢٤٠٨٠) حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي حَفْصَةَ ، عَنْ شَيْبَانَ اللَّحَّامِ ، قَالَ : كَوَانِي ابْنُ الْحَنَفِيَّةِ فِي رَأْسِي.

(۲۴۰۸۰) حضرت شیبان لحام سے روایت ہے کہتے ہیں کہ حضرت ابن الحنفیہ نے میرے سر میں داغا تھا۔

(٢٤٠٨١) حَدَّثَنَا عَبْدُ السَّلاَمِ ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ ؛ أَنَّهُ دَخَلَ عَلَيْهِ وَقَدْ كَوَى غُلاَمًا.

(۲۴۰۸۱) حضرت عطاء بن سائب، ابوعبدالرحمٰن کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ عطاء، ابوعبدالرحمٰن کے ہاں گئے اور انہوں نے ایک غلام کو داغا تھا۔

(٢٤٠٨٢) حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ سُوَيْد ، عَنْ مُطَرِّفِ بْنِ شِخِّيرٍ ، قَالَ : كَانَ عِمْرَانُ بْنُ حُصَيْنٍ يَنْهَى عَنِ الْكَيِّ ، ثُمَّ اكْتَوَى بَعْدُ.

(۲۴۰۸۲) حضرت مطرف بن شخیر سے روایت ہے کہ حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ داغنے سے روکا کرتے تھے، لیکن پھر انہوں نے بعد میں اپنے بدن پر داغ لگوایا۔

(٢٤٠٨٣) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، قَالَ : أَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ حُدَيْرٍ ، عَنْ أَبِي مِجْلَزٍ ، قَالَ : كَانَ عِمْرَانُ بْنُ حُصَيْنٍ يَنْهَى عَنِ الْكَيِّ ، فَابْتُلِيَ فَاكْتَوَى ، فَجَعَلَ بَعْدَ ذَلِكَ يَعَجُّ ، وَيَقُولُ : اكْتَوَيْتُ كَيَّةً بِنَارٍ ، مَا أَبْرَأَتْ مِنْ أَلَمٍ ، وَلاَ أَشْفَتْ مِنْ سَقَمٍ.

(۲۴۰۸۳) حضرت ابومجلز سے روایت ہے کہ حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ داغنے سے روکا کرتے تھے لیکن پھر وہ (مرض میں) مبتلا ہوئے تو انہوں نے خود کو داغ لگایا۔ پھر اس کے بعد وہ اونچی آواز سے کہا کرتے تھے کہ میں نے خود کو آگ کے ذریعہ سے داغا ہے لیکن اس نے نہ تو تکلیف ختم کی اور نہ ہی بیماری میں شفا دی۔

(٢٤٠٨٤) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ ، عَنْ أَبِي الأَحْوَصِ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ ، قَالَ : أُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِرَجُلٍ نُعِتَ لَهُ الْكَيُّ ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اكْوُوهُ ، أَوْ ارْضِفُوهُ. (احمد ۱/ ۳۹۰۔ طبرانی ۱۰)

(۲۴۰۸۴) حضرت عبداللہ سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک شخص کو لایا گیا جس کے بارے میں داغنے کو کہا گیا تھا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو فرمایا: ''اس کو داغو یا فرمایا، اس کو گرم پتھر سے داغو۔''

(٢٤٠٨٥) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ حَيَّانَ ، عَنْ سَيَّارٍ أَبِي حَمْزَةَ ، عَنْ قَيْسٍ ، عَنْ جَرِيرٍ ، قَالَ : أَقْسَمَ عَلَيَّ عُمَرُ لأَكْتَوِيَنَّ.

(۲۴۰۸۵) حضرت جریر سے روایت ہے کہتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے مجھے قسم کھا کر کہا کہ میں ضرور بالضرور خود کو داغوں گا۔

(٢٤٠٨٦) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ أَبِي الْعُمَيْسِ ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ سَعْدٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ : كَانَتْ لِلْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ بُخْتِيَّةٌ ، قَدْ مَالَ سَنَامُهَا عَلَى جَنْبِهَا ، فَأَمَرَنِي أَنْ أَقْطَعَهُ وَأَكْوِيَهُ.

(۲۴۰۸۶) حضرت حسن بن سعد، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا: حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہ کے پاس ایک بختی اونٹنی تھی جس کا کوہان ایک جانب گر گیا تھا چنانچہ انہوں نے مجھے حکم دیا کہ میں اس کو کاٹ دوں اور داغ دوں۔

(٢٤٠٨٧) حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ؛ أَنَّ ابْنَ عُمَرَ كَوَى ابْنًا لَهُ وَهُوَ مُحْرِمٌ.

(۲۴۰۸۷) حضرت مجاہد رحمہ اللہ سے روایت ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے ایک بیٹے کو حالت احرام میں داغ دیا تھا۔

(۳۰) فِي كَرَاهِيَةِ الْكَيِّ وَالرُّقَى

داغنے اور تعویذ کرنے کی کراہت کے بیان میں

(۲۴۰۸۸) حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ ، عَنْ حُصَيْنٍ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :عُرِضَتْ عَلَيَّ الأُمَمُ ، فَإِذَا سَوَادٌ عَظِيمٌ ، فَقُلْتُ :هَذِهِ أُمَّتِي ؟ فَقِيلَ :هَذَا مُوسَى وَقَوْمُهُ ، قَالَ : ثُمَّ قِيلَ لِي :انْظُرْ إِلَى الأُفُقِ ، فَنَظَرْتُ فَإِذَا سَوَادٌ قَدْ مَلأَ الأُفُقَ ، قَالَ :فَقِيلَ :هَذِهِ أُمَّتُكَ ، وَيَدْخُلُ الْجَنَّةَ سِوَاهَا سَبْعُونَ أَلْفًا بِغَيْرِ حِسَابٍ.

ثُمَّ دَخَلَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ يُبَيِّنْ لَهُمْ ، فَأَفَاضَ الْقَوْمُ ، فَقَالُوا :نَحْنُ الَّذِينَ آمَنَّا بِاللَّهِ وَاتَّبَعْنَا رَسُولَهُ ، فَنَحْنُ هُمْ ، أَوْ أَوْلاَدُنَا الَّذِينَ وُلِدُوا فِي الإِسْلاَمِ ، قَالَ :فَبَلَغَ ذَلِكَ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ :هُمُ الَّذِينَ لاَ يَسْتَرْقُونَ ، وَلاَ يَتَطَيَّرُونَ ، وَلاَ يَكْتَوُونَ ، وَعَلَى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُونَ.

(بخاری ۶۵۴۱۔ مسلم ۳۷۴)

(۲۴۰۸۸) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''مجھ پر اُمتوں کو پیش کیا گیا۔ پس ایک بہت بڑی تعداد نظر آئی تو میں نے پوچھا۔ یہ میری امت ہے؟ کہا گیا۔ یہ حضرت موسیٰ علیہ السلام اور ان کی قوم ہے۔ آپ ﷺ فرماتے ہیں۔ پھر مجھے کہا گیا۔ آسمان کی طرف دیکھو۔ چنانچہ میں نے دیکھا تو ایک بڑی تعداد تھی جس نے افق کو بھر دیا تھا۔ آپ ﷺ فرماتے ہیں۔ کہا گیا۔ یہ آپ کی امت ہے اور ان میں سے ستر ہزار بغیر حساب کے جنت میں جائیں گے۔'' پھر جناب نبی کریم ﷺ اندر تشریف لے گئے اور آپ ﷺ نے ان کے بارے میں مزید بیان نہیں کیا۔ تو لوگ افاض اور کہنے لگے۔ ہم لوگ اللہ پر ایمان لائے ہیں اور ہم نے اس کے رسول کی اتباع کی ہے۔ پس ہم ہی وہ لوگ ہیں۔ یا اس کا مصداق ہمارے وہ بچے ہیں جو اسلام کی حالت میں پیدا ہوئے۔ راوی کہتے ہیں۔ یہ بات جناب نبی کریم ﷺ کو پہنچی تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''یہ وہ لوگ ہوں گے جو تعویذ نہیں کروائیں گے اور فال نہیں نکالیں گے اور نہ داغیں گے بلکہ اپنے پروردگار پر بھروسہ کریں گے۔''

(۲۴۰۸۹) حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ ، قَالَ :حَدَّثَنَا مُجَالِدٌ ، عَنِ الشَّعْبِيِّ ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ ، قَالَ :اشْتَكَى رَجُلٌ مِنَّا شَكْوَى شَدِيدَةً ، فَقَالَ الأَطِبَّاءُ :لاَ يَبْرَأُ إِلاَّ بِالْكَيِّ ، فَأَرَادَ أَهْلُهُ أَنْ يَكْوُوهُ ، فَقَالَ بَعْضُهُمْ :لاَ ، حَتَّى نَسْتَأْمِرَ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، فَاسْتَأْمَرُوهُ ، فَقَالَ :لاَ ، فَبَرِأَ الرَّجُلُ ، فَلَمَّا رَآهُ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ :هَذَا صَاحِبُ بَنِي فُلاَنٍ ؟ قَالُوا :نَعَمْ ، فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :إِنَّ هَذَا لَوْ كُوِيَ ، قَالَ النَّاسُ :إِنَّمَا أَبْرَأَهُ الْكَيُّ.

(۲۴۰۸۹) حضرت جابر بن عبداللہ سے روایت ہے۔ کہتے ہیں کہ ہم میں سے ایک آدمی کو (کسی مرض کی) شدید شکایت ہوگئی تو اطباء نے کہا۔ یہ آدمی صرف داغنے سے صحیح ہوگا۔ اس کے گھر والوں نے ارادہ کیا کہ وہ اس کو داغ لگوادیں۔ لیکن پھر بعض نے کہا۔ نہیں۔ یہاں تک کہ ہم رسول اللہ ﷺ سے پوچھ لیں۔ چنانچہ انہوں نے آپ ﷺ سے پوچھا تو آپ ﷺ نے فرمایا: ''نہیں'' پھر وہ آدمی ٹھیک ہوگیا۔ جب رسول اللہ ﷺ نے اس کو دیکھا تو ارشاد فرمایا: ''یہ فلاں قبیلہ کا آدمی ہے؟'' لوگوں نے کہا: جی ہاں۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''یہ آدمی اگر داغا جاتا تو لوگ یہی کہتے کہ اس کو داغنے نے صحت یاب کردیا ہے۔''

(۲٤.۹۰) حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ، عَنْ حَسَّانَ بْنِ أَبِي وَجْزَةَ ، قَالَ : حَدَّثَنِي عَقَّارٌ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ؛ أَنَّهُ قَالَ : لَمْ يَتَوَكَّلْ مَنِ اسْتَرْقَى وَاكْتَوَى.

(ترمذی ۲۰۵۵۔ احمد ۴/ ۲۵۱)

(۲۴۰۹۰) حضرت عقار اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ سے منقول ہے، آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''جو شخص تعویذ کروائے یا داغ لگوائے اس آدمی نے توکل نہیں کیا۔''

(۲٤.۹۱) حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُوسَى ، قَالَ : حَدَّثَنَا شَيْبَانُ ، عَنْ قَتَادَةَ ، عَنِ الْحَسَنِ ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ : قَالَ : تَحَدَّثْنَا عِنْدَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ لَيْلَةٍ ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : سَبْعُونَ أَلْفًا يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ لاَ حِسَابَ عَلَيْهِمْ : الَّذِينَ لاَ يَكْتَوُونَ ، وَلاَ يَسْتَرْقُونَ ، وَلاَ يَتَطَيَّرُونَ ، وَعَلَى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُونَ. (بخاری ۹۱۱۔ طبرانی ۹۷۶۹)

(۲۴۰۹۱) حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہتے ہیں کہ ہم ایک رات رسول اللہ ﷺ کے پاس گفتگو کر رہے تھے۔ اس دوران نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''ستر ہزار لوگ جنت میں یوں داخل ہوں گے کہ ان پر کوئی حساب و کتاب نہیں ہوگا۔ یہ وہ لوگ ہوں گے جو داغ نہیں لگوائیں گے اور نہ ہی تعویذ کروائیں گے اور نہ ہی بدفالی کریں گے بلکہ وہ اپنے پروردگار پر بھروسہ کریں گے۔

(۲٤.۹۲) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُدَيْرٍ ، عَنْ أَبِي مِجْلَزٍ ، قَالَ : مَنِ اكْتَوَى كَيَّةً بِنَارٍ خَاصَمَ فِيهِ الشَّيْطَانُ.

(۲۴۰۹۲) حضرت ابومجلز سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ جس آدمی نے آگ سے داغ لگوایا تو اس میں شیطان جھگڑے گا۔

(۲٤.۹۳) حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ جَدِّهِ ، قَالَ : أَخَذَتْنِي ذَاتُ الْجَنْبِ فِي زَمَنِ عُمَرَ ، فَدُعِيَ رَجُلٌ مِنَ الْعَرَبِ أَنْ يَكْوِيَنِي ، فَأَبَى إِلاَّ أَنْ يَأْذَنَ لَهُ عُمَرُ ، فَذَهَبَ أَبِي إِلَى عُمَرَ ، فَأَخْبَرَهُ الْقِصَّةَ ، فَقَالَ عُمَرُ : لاَ تَقْرَبِ النَّارَ ، فَإِنَّ لَهُ أَجَلاً لَنْ يَعْدُوَهُ ، وَلَنْ يَقْصُرَ عَنْهُ.

(۲۴۰۹۳) حضرت محمد بن عمرو، اپنے والد، اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ مجھے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں ذات الجنب ہو گیا۔ تو ایک اعرابی کو مجھے داغنے کے لئے بلایا گیا۔ اس نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی اجازت کے بغیر ایسا کرنے سے انکار کردیا۔ اس پر

میرے والد حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں گئے اور انہیں یہ واقعہ بتایا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا۔ تم آگ کے قریب نہ جانا کیونکہ اس مریض کا ایک وقت مقرر ہے جس سے یہ مریض نہ تو آگے ہو سکتا ہے اور نہ ہی پیچھے رہ سکتا ہے۔

(٢٤٠٩٤) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ جَعْفَرٍ ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ أَبِي أَنَسٍ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : أَنْهَى عَنِ الْحَمِيمِ ، وَأَكْرَهُ الْكَيَّ. (احمد ۴/ ۱۵۶۔ طبرانی ۱۷)

(۲۴۰۹۴) حضرت عمران بن ابی انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ''میں کھولتے ہوئے پانی سے منع کرتا ہوں اور داغنے کو ناپسند کرتا ہوں۔''

(٣١) مَنْ رَخَّصَ فِي قَطْعِ الْعُرُوقِ

جو لوگ رگوں کو کاٹنے میں رخصت دیتے ہیں

(٢٤٠٩٥) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ ، عَنْ جَابِرٍ ، قَالَ : بَعَثَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ طَبِيبًا ، فَقَطَعَ مِنْهُ عِرْقًا ، ثُمَّ كَوَاهُ عَلَيْهِ. (مسلم ۷۳۔ ابو داؤد ۳۸۶۰)

(۲۴۰۹۵) حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ کی طرف ایک طبیب بھیجا۔ اس نے حضرت اُبی کی رگ کاٹ دی اور اس نے اس رگ پر داغ دیا۔

(٢٤٠٩٦) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ أَبِي مَكِينٍ ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ ؛ أَنَّهُ قَطَعَ الْعُرُوقَ.

(۲۴۰۹۶) حضرت عمران بن حصین کے بارے میں روایت ہے کہ انہوں نے رگوں کو کاٹا۔

(٢٤٠٩٧) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ أَبِي مَكِينٍ ، قَالَ : رَأَيْتُ ابْنَ سِيرِينَ عِنْدَ مَائِي ، فَقُلْتُ لَهُ : أَيَّ شَيْءٍ تَصْنَعُ هَاهُنَا ؟ فَقَالَ : أَقْطَعُ عِرْقَ كَذَا لابْنِ أَخِي.

(۲۴۰۹۷) حضرت ابومکین سے روایت ہے کہ میں نے حضرت ابن سیرین رحمہ اللہ کو اپنے پانی کے پاس دیکھا تو میں نے ان سے پوچھا۔ آپ یہاں کیا کر رہے ہیں؟ انہوں نے جواب میں کہا۔ میں اپنے برادر زادہ کی فلاں رگ کو کاٹ رہا ہوں۔

(٢٤٠٩٨) حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ أَبِي سُلَيْمَانَ ، قَالَ : سَمِعْتُ مُجَاهِدًا يَقُولُ : قُطِعَتْ مِنِّي عِرْقٌ ، أَوْ عُرُوقٌ.

(۲۴۰۹۸) حضرت عبدالملک بن ابی سلیمان سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ میں نے حضرت مجاہد کو کہتے سنا کہ میری ایک رگ یا کئی رگیں کٹی ہوئی ہیں۔

(٢٤٠٩٩) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ ، قَالَ : رَأَيْتُ عُرْوَةَ أَصَابَهُ هَذَا الدَّاءُ ، يَعْنِي الأَكِلَةَ ، فَقَطَعَ رِجْلَهُ مِنَ الرُّكْبَةِ.

(۲۴۰۹۹) حضرت سعد بن ابراہیم سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عروہ کو دیکھا کہ انہیں یہ بیماری لگ گئی تھی .....یعنی عضو کو ختم کر دینے والی بیماری.....تو انہوں نے اپنا پاؤں ٹخنہ سے کٹوا دیا تھا۔

(٢٤١٠٠) حَدَّثَنَا عَبْدَةُ ، عَنِ ابْنِ أَبْجَر ، عَنْ عَامِرٍ ، قَالَ :يُمْسَحُ عَلَى الْعِرقِ.

(۲۴۱۰۰) حضرت عامر سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ رگ پر ہاتھ پھیر کر صاف کیا جائے گا۔

(٣٣) مَنْ كَرِهَ قَطْعَ الْعُرُوقِ

جو لوگ رگوں کے کاٹنے کو ناپسند کرتے ہیں

(٢٤١٠١) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ مُبَارَكٍ ، عَنِ الْحَسَنِ ؛ أَنَّهُ كَرِهَ الْبَطَّ ، وَقَطْعَ الْعُرُوقِ.

(۲۴۱۰۱) حضرت حسن رحمۃ اللہ علیہ کے بارے میں روایت ہے کہ وہ پھوڑے میں شگاف دینے اور رگوں کے کاٹنے کو ناپسند کرتے تھے۔

(٣٣) مَا قَالُوا فِي قَطْعِ الْخُرَاجِ

پھوڑے توڑنے کے بارے میں محدثین جو کچھ کہتے ہیں

(٢٤١٠٢) حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ يُوسُفَ ، عَنْ حُمَيْدٍ ، عَنْ ثَابِتٍ ، عَنْ أَبِي رَافِعٍ ، قَالَ :رَآنِي عُمَرُ مَعْصُوبَةً يَدَيَّ ، أَوْ رِجْلِيَّ ، فَانْطَلَقَ بِي إِلَى الطَّبِيبِ ، فَقَالَ :بُطَّهُ ، فَإِنَّ الْمِدَّةَ إِذَا تُرِكَتْ بَيْنَ الْعَظْمِ وَاللَّحْمِ أَكَلَتْهُ ، قَالَ :فَكَانَ الْحَسَنُ يَكْرَهُ الْبَطَّ.

(۲۴۱۰۲) حضرت ابو رافع سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے میرے ہاتھ یا میرے پاؤں پر پٹی باندھے ہوئے دیکھا تو مجھے لے کر ایک طبیب کے پاس چل پڑے اور کہا اس کو (دانہ کو) کاٹ دو، کیونکہ جب پیپ کو ہڈی اور گوشت کے مابین چھوڑ دیا جائے تو وہ اس کو کھا جاتی ہے۔ راوی کہتے ہیں، حضرت حسن رحمۃ اللہ علیہ پھوڑے میں شگاف لگانے کو ناپسند کرتے تھے۔

(٢٤١٠٣) حَدَّثَنَا مُعْتَمِر ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ ، عَنِ الْحَسَنِ ؛ أَنَّهُ كَانَ يَكْرَهُ أَنْ يَبُطَّ الْجُرْحَ ، وَيَقُولُ :يُوضَعُ عَلَيْهِ دَوَاءٌ.

(۲۴۱۰۳) حضرت حسن رحمۃ اللہ علیہ کے بارے میں منقول ہے کہ وہ زخم میں شگاف لگانے کو ناپسند کرتے تھے اور کہتے تھے، زخم پر دوائی رکھی جائے۔

(٣٤) فِي قَطْعِ اللَّهَاةِ

حلق کے کوے کو کاٹنے کے بیان میں

(٢٤١٠٤) حَدَّثَنَا أَزْهَرُ ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ ، قَالَ :كَانَ مُحَمَّدٌ يَكْرَهُ قَطْعَ اللَّهَاةِ ، وَلَا أُرَاهُ كَرِهَهُ لِشَيْءٍ مِنَ الدِّينِ.

(۲۴۱۰۴) حضرت ابن عون سے روایت ہے کہتے ہیں کہ حضرت محمد رحمۃ اللہ علیہ حلق کے کوے کو کاٹنے کو ناپسند کرتے تھے اور میرے خیال

میں ان کی ناپسندیدگی کی کوئی دینی وجہ نہیں تھی۔

(٢٤١٠٥) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنِ الْمَسْعُودِيِّ ، عَنْ سَهْلٍ أَبِي الأَسَدِ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُتْبَةَ ، قَالَ : جَاءَ ظِئْرٌ لَنَا إِلَى عَبْدِ اللهِ بِصَبِيٍّ لَهُمْ قَدْ سَقَطَتْ لَهَاتُهُ ، فَأَرَادُوا أَنْ يَقْطَعُوهَا ، فَقَالَ ابْنُ مَسْعُودٍ : لاَ تَقْطَعُوهَا ، وَلَكِنْ إِنْ كَانَ فِي أَجَلِهِ تَأْخِيرٌ بَرَأَ ، وَإِلاَّ لَمْ تَكُونُوا قَطَعْتُمُوهَا.

(۲۴۱۰۵) حضرت عبداللہ بن عتبہ سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ ہماری ایک دائی، حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس اپنا ایک بچہ لے کر حاضر ہوئی جس کے حلق کا کوا گر چکا تھا اور ان لوگوں کا ارادہ اس گرے ہوئے کوے کو کاٹنے کا تھا۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا تم اس کو نہ کاٹو۔ ہاں اگر اس کی موت میں کچھ تاخیر ہوئی تو یہ صحت یاب ہو جائے گا بصورت دیگر تم نے اس کو کاٹا تو نہیں ہوگا۔

(٣٥) مَنْ أَجَازَ أَلْبَانَ الأُتُنِ ، وَمَنْ كَرِهَهَا

جن لوگوں نے گدھی کے دودھ کو جائز قرار دیا ہے اور جن لوگوں نے اس کو مکروہ سمجھا ہے (ان کا بیان)

(٢٤١٠٦) حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ الْمُخْتَارِ ، قَالَ : سُئِلَ الْحَسَنُ عَنْ أَلْبَانِ الأُتُنِ ؟ فَقَالَ : حَرَّمَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لُحُومَهَا وَأَلْبَانَهَا.

(۲۴۱۰۶) حضرت عبداللہ بن مختار سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ حضرت حسن بصری سے گدھیوں کے دودھ کے بارے میں سوال کیا گیا؟ تو انہوں نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے گدھیوں کے گوشت اور ان کے دودھ کو حرام قرار دیا ہے۔

(٢٤١٠٧) حَدَّثَنَا شَرِيكٌ ، عَنْ سَالِمٍ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ ، قَالَ : لُحُومُ الْحُمُرِ وَأَلْبَانُهَا حَرَامٌ.

(۲۴۱۰۷) حضرت سعید بن جبیر رحمہ اللہ سے روایت ہے کہ وہ فرماتے ہیں کہ گدھیوں کے گوشت اور ان کے دودھ حرام ہیں۔

(٢٤١٠٨) حَدَّثَنَا حَفْصٌ ، عَنْ حَجَّاجٍ ، عَنْ عَطَاءٍ ؛ أَنَّهُ كَانَ لاَ يَرَى بِشُرْبِ أَلْبَانِ الأُتُنِ بَأْسًا.

(۲۴۱۰۸) حضرت عطاء کے بارے میں روایت ہے کہ وہ گدھیوں کا دودھ پینے میں کوئی حرج نہیں محسوس کرتے تھے۔

(٢٤١٠٩) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنِ الْحَسَنِ ، وَمُحَمَّدٍ ؛ أَنَّهُمَا كَانَا يَكْرَهَانِ أَنْ يُتَدَاوَى بِأَلْبَانِ الأُتُنِ ، وَقَالاَ : هِيَ حَرَامٌ.

(۲۴۱۰۹) حضرت حسن اور حضرت محمد رحمہما اللہ کے بارے میں روایت ہے کہ یہ دونوں گدھیوں کے دودھ کو بطور دواء استعمال کرنے کو (بھی) مکروہ سمجھتے تھے اور کہتے تھے کہ یہ حرام ہے۔

(٢٤١١٠) حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ الأَسْوَدِ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ، قَالَ : سَأَلْتُهُ عَنْ شُرْبِ أَلْبَانِ الأُتُنِ ؟ فَكَرِهَ ذَلِكَ.

(۲۴۱۱۰) حضرت عثمان بن اسود، حضرت مجاہد کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ میں نے ان سے گدھیوں کے دودھ کے پینے کے بارے میں سوال کیا تو انہوں نے اس کو ناپسند بیان کیا۔

(٢٤١١١) حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ ، عَنْ إِسْرَائِيلَ ، عَنْ مَجْزَأَةَ بْنِ زَاهِرٍ ، عَنْ أَبِيهِ ؛ أَنَّهُ اشْتَكَى رُكْبَتَيْهِ ،فَنُعِتَ لَهُ أَنْ يَسْتَنْقِعَ فِي أَلْبَانِ الأُتُنِ ، فَكَرِهَ ذَلِكَ.

(۲۴۱۱۱) حضرت مجزأۃ بن زاہر، اپنے والد کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ انہیں اپنے گھٹنوں میں شکایت ہوئی تو ان کے لئے گدھیوں کے دودھ میں ٹھہرنا تجویز کیا گیا تو انہوں نے اس بات کو ناپسند سمجھا۔

(٢٤١١٢) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمٍ الطَّائِفِيُّ ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أُمَيَّةَ ، عَنْ عَطَاءٍ ، قَالَ : كَانَ لاَ يَرَى بِأَلْبَانِ الأُتُنِ بَأْسًا أَنْ يُتَدَاوَى بِهَا.

(۲۴۱۱۲) حضرت اسماعیل بن امیہ، حضرت عطاء کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ گدھیوں کے دودھ میں اس لحاظ سے کوئی حرج نہیں دیکھتے تھے کہ گدھیوں کے دودھ سے علاج معالجہ کیا جائے۔

(٢٤١١٣) حَدَّثَنَا شَبَابَةُ ، قَالَ : حَدَّثَنَا شُعْبَةُ ، قَالَ : سَأَلْتُ الْحَكَمَ ، وَحَمَّادًا عَنْ أَلْبَانِ الأُتُنِ ؟ فَقَالاَ : مَنْ كَرِهَ لُحُومَهَا كَرِهَ أَلْبَانَهَا.

(۲۴۱۱۳) حضرت شعبہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت حکم اور حضرت حماد سے گدھیوں کے دودھ کے متعلق سوال کیا تو ان دونوں حضرات نے جواب دیا، جو علماء ان کے گوشت کو مکروہ سمجھتے ہیں وہ ان کے دودھ کو بھی مکروہ سمجھتے ہیں۔

(٢٤١١٤) حَدَّثَنَا شَبَابَةُ ، قَالَ : حَدَّثَنَا شُعْبَةُ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ؛ مِثْلَهُ.

(۲۴۱۱۴) حضرت شعبہ نے حضرت ابراہیم سے اسی طرح کی روایت نقل کی ہے۔

(٣٦) فِي شُرْبِ أَبْوَالِ الإِبِلِ

اونٹوں کے پیشاب کو پینے کا بیان

(٢٤١١٥) حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنْ حَجَّاجٍ بْنِ أَبِي عُثْمَانَ ، قَالَ : حَدَّثَنِي أَبُو رَجَاءٍ ، مَوْلَى أَبِي قِلاَبَةَ ، عَنْ أَبِي قِلاَبَةَ ، قَالَ : حَدَّثَنِي أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ ؛ أَنَّ نَفَرًا مِنْ عُكْلٍ ثَمَانِيَةً قَدِمُوا عَلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، فَبَايَعُوهُ عَلَى الإِسْلاَمِ ، فَاسْتَوْخَمُوا الأَرْضَ ، وَسَقِمَتْ أَجْسَادُهُمْ ، فَشَكَوْا ذَلِكَ إِلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، فَقَالَ : أَلاَ تَخْرُجُونَ مَعَ رَاعِينَا فِي إِبِلِهِ فَتُصِيبُوا مِنْ أَبْوَالِهَا وَأَلْبَانِهَا ؟ قَالُوا : بَلَى ، فَخَرَجُوا فَشَرِبُوا مِنْ أَبْوَالِهَا وَأَلْبَانِهَا. (بخاری ۶۸۹۹۔ مسلم ۱۲)

(۲۴۱۱۵) حضرت ابوقلابہ روایت کرتے ہیں کہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے مجھ سے بیان کیا کہ قبیلہ رعل کے آٹھ افراد کا ایک

گروہ جناب نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور اس نے آپ ﷺ سے اسلام پر بیعت کی۔ لیکن انہیں (مدینہ کی) زمین موافق نہیں آئی چنانچہ ان کے جسم بیمار پڑ گئے اور انہوں نے اس بات کی شکایت جناب رسول اللہ ﷺ سے کی۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''تم لوگ ہمارے چرواہے کے ہمراہ اس کے اونٹوں میں کیوں نہیں چلے جاتے کہ تم ان اونٹوں کے دودھ اور پیشاب کو استعمال کرو؟'' انہوں نے کہا: کیوں نہیں، چنانچہ وہ لوگ چلے گئے اور انہوں نے اونٹوں کے پیشاب اور دودھ کو پیا۔

(٢٤١١٦) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمُحَارِبِيُّ ، عَنْ لَيْثٍ ، عَنِ ابْنِ طَاوُوسٍ ؛ أَنَّ أَبَاهُ كَانَ يَشْرَبُ أَبْوَالَ الإِبِلِ وَيَتَدَاوَى بِهَا.

(۲۴۱۱۶) حضرت ابن طاؤس سے روایت ہے کہ ان کے والد اونٹوں کے پیشاب کو پیتے تھے اور اس کے ذریعہ علاج معالجہ کرتے تھے۔

(٢٤١١٧) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ إِسْرَائِيلَ ، عَنْ جَابِرٍ ، عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ ، قَالَ : لاَ بَأْسَ بِأَبْوَالِ الإِبِلِ أَنْ يُتَدَاوَى بِهَا.

(۲۴۱۱۷) حضرت ابو جعفر سے روایت ہے کہ وہ فرماتے ہیں، اس بات میں کوئی حرج نہیں ہے کہ اونٹوں کے پیشاب کے ذریعہ علاج معالجہ کیا جائے۔

(٢٤١١٨) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي عَدِيٍّ ، عَنْ أَشْعَثَ ، عَنِ الْحَسَنِ ؛ أَنَّهُ كَرِهَهَا.

(۲۴۱۱۸) حضرت حسن کے بارے میں روایت ہے کہ وہ اونٹوں کے پیشاب کو ناپسند سمجھتے تھے۔

(٢٤١١٩) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي عَدِيٍّ ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ ، قَالَ : كَانَ مُحَمَّدٌ يُسْأَلُ عَنْ شُرْبِ أَبْوَالِ الإِبِلِ ؟ فَيَقُولُ : لاَ أَدْرِي مَا هَذَا ؟.

(۲۴۱۱۹) حضرت ابن عون سے روایت ہے کہتے ہیں کہ محمد رحمہ اللہ سے اونٹوں کا پیشاب پینے کے بارے میں سوال کیا جاتا تھا؟ تو انہوں نے جواب دیا، مجھے نہیں معلوم کہ یہ کیا چیز ہے۔

(٢٤١٢٠) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ إِسْرَائِيلَ ، عَنْ جَابِرٍ ، عَنْ عَامِرٍ ، قَالَ : كَانَ جُبَارٌ الْمَشْرَقِيُّ يَصِفُ أَبْوَالَ الإِبِلِ ، وَلَوْ كَانَ بِهِ بَأْسٌ لَمْ يَصِفْهَا.

(۲۴۱۲۰) حضرت عامر سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ جبار المشرقی اونٹوں کے پیشاب کی تعریف کرتے تھے۔ اگر اس میں کوئی (غلط) بات ہوتی تو وہ اس کی تعریف نہ کرتے۔

(٢٤١٢١) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، قَالَ : لاَ بَأْسَ أَنْ يَسْتَنْشِقَ أَبْوَالَ الإِبِلِ.

(۲۴۱۲۱) حضرت ابراہیم سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ اس کام میں کوئی حرج نہیں ہے کہ آدمی اونٹوں کے پیشاب کو ناک صاف کرنے میں استعمال کرے۔

(٢٤١٢٢) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ حَبِيبَةَ بِنْتِ يَسَارٍ ، عَنْ أُمِّهَا ، عَنْ عَائِشَةَ ؛ أَنَّهَا سُئِلَتْ عَنِ الصَّبِيِّ يُنْقَعُ فِي الْبَوْلِ ،

أَوْ يُوجَرُ ؟ فَكَرِهَتْهُ.

(۲۴۱۲۲) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے بارے میں روایت ہے کہ ان سے اس بچہ کے بارے میں سوال کیا گیا جس کو اونٹوں کے پیشاب میں بٹھایا جائے یا پیشاب کو ٹپکایا جائے؟ تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے اس کو ناپسند فرمایا۔

(٢٤١٢٣) حَدَّثَنَا الْفَضْلُ ، قَالَ : حَدَّثَنَا سُفْيَانُ ، عَنْ قَيْسِ بْنِ مُسْلِمٍ ، عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ ، قَالَ : كَانَ رَجُلٌ بِهِ خَنَازِيرُ ، فَتَدَاوى بِأَبْوَالِ الإِبِلِ وَالأَرَاكِ ، نُطْبَخُ أَبْوَالُ الإِبِلِ وَالأَرَاكُ ، فَأَخَذَ النَّاسُ يَسْأَلُونَهُ فَيَأْبَى ، فَلَقِيَ ابْنَ مَسْعُودٍ فَقَالَ : أَخْبِرِ النَّاسَ بِهِ.

(۲۴۱۲۳) حضرت طارق بن شہاب سے روایت ہے کہتے ہیں کہ ایک آدمی کو گردن پر دانے نکلے تھے، تو اس نے اونٹوں کے پیشاب اور پیلو کے ذریعے علاج کیا۔ (اس طرح کہ) اونٹوں کے پیشاب اور پیلو کو پکایا گیا۔ تو لوگوں نے اس مریض سے علاج کے بارے میں پوچھنا شروع کیا۔ اس آدمی نے بتانے سے انکار کر دیا۔ پھر وہ آدمی حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو ملا تو انہوں نے فرمایا، لوگوں کو اس علاج کے بارے میں بتا دو۔

(٣٧) فِي التِّرْيَاقِ

زہر کے اثر کو ختم کرنے والی دواء

(٢٤١٢٤) حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ ، عَنِ الأَوْزَاعِيِّ ، عَنْ مَكْحُولٍ ، وَعَبْدَةُ ، عَنْ أُمِّ عَبْدِ اللهِ ابْنَةِ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ ، عَنْ أَبِيهَا ؛ أَنَّهُ كَانَ لاَ يَرَى بِشُرْبِ التِّرْيَاقِ بَأْسًا.

(۲۴۱۲۴) حضرت ام عبداللہ بنت خالد بن معدان، اپنے والد سے روایت کرتی ہیں کہ وہ تریاق پینے میں کوئی حرج محسوس نہیں کرتے تھے۔

(٢٤١٢٥) حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَمْرٍو السَّكْسَكِيِّ ؛ أَنَّ عُمَرَ بْنَ عَبْدِ الْعَزِيزِ لَمَّا وَلَّى الْوَلِيدَ بْنَ هِشَامٍ الْقُرَشِيَّ ، وَعَمْرَو بْنَ قَيْسٍ السَّكُونِيَّ بَعَثَ الصَّائِفَةَ ، زَوَّدَهُمَا التِّرْيَاقَ مِنَ الْخَزَائِنِ ، وَأَمَرَهُمَا أَنَّ مَنْ جَاءَ يَلْتَمِسُ التِّرْيَاقَ أَنْ يُعْطُوهُ إِيَّاهُ.

(۲۴۱۲۵) حضرت صفوان بن عمرو السکسکی سے روایت ہے کہ حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ نے جب ولید بن ہشام قرشی اور عمرو بن قیس سکونی کو موسم گرما کے حملہ کے لئے جماعت بھیجنے کی ذمہ داری دی تو آپ رحمہ اللہ نے ان دونوں کو بیت المال میں سے تریاق بھی مہیا کیا اور ان دونوں کو حکم دیا کہ جو آدمی تریاق مانگنے کے لئے (تمہارے پاس) آئے تو تم اس کو یہ تریاق دے دو۔

(٢٤١٢٦) حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عُلَيَّةَ ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ ، قَالَ : وَصَفَ لِي أَبُو قِلاَبَةَ صِفَةَ التِّرْيَاقِ ، فَقَالَ : يَخْرُجُ رِجَالٌ عَلَيْهِمْ خِفَافٌ مِنْ خَشَبٍ ، وَبِأَيْدِيهِمْ شَيْءٌ قَدْ ذَكَرَهُ ، فَيَصِيدُونَ الْحَيَّاتِ ، فَيَمْسَحُونَ مَا يَلِي

رُؤُوسَهَا وَأَذْنَابَهَا ، لِيَجْمع مَا كَانَ مِنْ دَمٍ ، ثُمَّ يَطْرَحُونَهَا فِي الْقِدْرِ فَيَطْبُخُونَهَا ، فَذَاكَ أَجْوَدُ التِّرْيَاقِ.

(۲۴۱۲۶) حضرت خالد حذاء سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ ابوقلابہ نے مجھے تریاق کے بارے میں بتایا۔ انہوں نے کہا، کچھ لوگ نکلتے ہیں انہوں نے لکڑی کی جوتیاں پہنی ہوتی ہیں اور ان کے ہاتھوں میں بھی کوئی چیز ہوتی ہے۔ ابوقلابہ نے اس چیز کا ذکر بھی کیا تھا، پس یہ لوگ سانپوں کو شکار کرتے ہیں اور ان کے سروں اور دُموں پر جو کچھ ہوتا ہے۔ اس کو صاف کرتے ہیں تا کہ جو خون وغیرہ وہ جمع ہو جائے، پھر وہ سانپوں کو ہانڈی میں ڈال دیتے ہیں اور اس کو پکاتے ہیں، پس یہ بہترین تریاق ہوتا ہے۔

(٢٤١٢٧) حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنْ خَالِدٍ ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ ، قَالَ : ذَكَرْتُهُ لَهُ ، فَقَالَ : أَوَلَيْسَ قَدْ نُهِيَ عَنْ كُلِّ ذِي نَابٍ ؟ فَهِيَ ذَاتُ أَنْيَابٍ وَحُمَةٍ.

(۲۴۱۲۷) حضرت خالد، ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ میں نے ان سے اس کا ذکر کیا تو انہوں نے فرمایا: کیا یہ بات درست نہیں ہے کہ ہر کچلی والے جانور سے منع کیا گیا ہے؟ جبکہ یہ تو کچلی والے بھی ہیں اور زہر والے بھی ہیں۔

(٢٤١٢٨) حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ ، قَالَ : أَمَرَ ابْنُ عُمَرَ بِالتِّرْيَاقِ فَسُقِيَ ، وَلَوْ عَلِمَ مَا فِيهِ مَا أَمَرَ بِهِ.

(۲۴۱۲۸) حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے تریاق کے بارے میں حکم فرمایا تو اس کو پیا گیا۔ اور اگر وہ اس میں جو کچھ ہے اس کو جانتے تو اس کا حکم نہ فرماتے۔

(٣٨) مَنْ كَرِهَ التِّرْيَاقَ

جو لوگ تریاق کو ناپسند سمجھتے ہیں

(٢٤١٢٩) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنْ مُحَمَّدٍ ؛ أَنَّهُ كَرِهَهُ ، يَعْنِي التِّرْيَاقَ.

(۲۴۱۲۹) امام محمد تریاق کو ناپسند خیال کرتے تھے۔

(٢٤١٣٠) حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ ، عَنْ جَرِيرِ بْنِ حَازِمٍ ، عَنِ الْحَسَنِ ، قَالَ : سَمِعْتُهُ وَسُئِلَ عَنِ التِّرْيَاقِ ، وَقِيلَ لَهُ : إِنَّهُ يُجْعَلُ فِيهِ الأَوْزَاغُ ؟ فَكَرِهَهُ.

(۲۴۱۳۰) حضرت جریر بن حازم، حسن کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ میں نے ان کو سُنا جبکہ ان سے تریاق کے بارے میں سوال کیا جا رہا تھا اور ان سے کہا گیا کہ اس تریاق میں چھپکلیاں ڈالی جاتی ہیں؟ انہوں نے اس تریاق کو مکروہ سمجھا۔

(٢٤١٣١) حَدَّثَنَا أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمُقْرِءُ ، قَالَ : حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ أَبِي أَيُّوبَ ، قَالَ : حَدَّثَنَا شُرَاحِيلُ بْنُ يزيد الْمَعَافِرِيُّ ، قَالَ : سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ رَافِعٍ التَّنُوخِيَّ يَقُولُ : سَمِعْتُ عَبْدَ اللهِ بْنَ عَمْرٍو يَقُولُ : سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ : مَا أُبَالِي مَا أَتَيْتُ ، وَمَا ارْتَكَبْتُ إِنْ أَنَا شَرِبْتُ تِرْيَاقًا ، أَوْ

تَعَلَّقْتُ تَمِيمَةً ، أَوْ قُلْتُ شِعْرًا مِنْ قِبَلِ نَفْسِي. (احمد ۲/ ۲۲۳۔ ابو داؤد ۳۸۶۵)

(۲۴۱۳۱) حضرت عبداللہ بن عمرو سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو کہتے سُنا: ''مجھے کوئی پرواہ نہیں ہے جو کچھ میں نے کیا اور جس کا ارتکاب کیا۔ اپنی طرف سے میں نے نہ تو تریاق پیا ہے اور نہ تعویذ لٹکایا ہے اور نہ شعر کہا ہے۔''

(۳۹) فِي الحِمية لِلمرِيضِ

مریض کے لئے پرہیز کا بیان

(٢٤١٣٢) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ رِزَامِ بْنِ سَعِيدٍ ، عَنْ أَبِي الْمَعَارِكِ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ ، قَالَ : لاَ يَمْنَعَنَّ أَحَدُكُمْ مَرِيضًا طَعَامًا يَشْتَهِيهِ ، لَعَلَّ اللَّهَ أَنْ يَشْفِيَهُ ، فَإِنَّ اللَّهَ يَجْعَلُ شِفَاءَهُ حَيْثُ شَاءَ .

(۲۴۱۳۲) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ تم میں کوئی مریض کو وہ کھانا کھانے سے نہ روکے جس کو کھانے کا مریض کو دل کر رہا ہو، ہوسکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کو شفاء دے دے، کیونکہ اللہ تعالیٰ جہاں چاہے شفاء پیدا فرما دیتے ہیں۔

(٢٤١٣٣) حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ ، قَالَ : حَدَّثَنَا فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ أَيُّوبَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ أَبِي صَعْصَعَةَ ، عَنْ يَعْقُوب بْن أَبِي يَعْقُوب ، عَنْ أُمِّ الْمُنْذِرِ الْعَدَوِيَّةِ ، قَالَتْ : دَخَلَ عَلَيَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعَهُ عَلِيٌّ وَهُوَ نَاقِهٌ ، وَلَنَا دَوَالِي مُعَلَّقَةٌ ، قَالَتْ : فَقَامَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَكَلَ ، وَقَامَ عَلِيٌّ فَأَكَلَ ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَهْلاً فَإِنَّك نَاقِهٌ ، قَالَ : فَجَلَسَ عَلِيٌّ ، وَأَكَلَ مِنْهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، ثُمَّ صَنَعْتُ لَهُمْ سِلْقًا وَشَعِيرًا ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَلِيٍّ : مِنْ هَذَا أَصِبْ. (ابو داؤد ۳۸۵۲۔ ترمذی ۲۰۳۷)

(۲۴۱۳۳) حضرت ام منذر رعدویہ سے روایت ہے، کہتی ہیں کہ نبی کریم ﷺ میرے ہاں تشریف لائے اور آپ ﷺ کے ساتھ حضرت علی رضی اللہ عنہ بھی تھے اور وہ صحت یابی کے بعد کمزور تھے۔ ہماری نیم پختہ کھجوریں لٹکی ہوئی تھیں۔ حضرت ام منذر رضی اللہ عنہا کہتی ہیں۔ پس رسول اللہ ﷺ اٹھے اور آپ ﷺ نے کھجوریں تناول فرمائیں اور حضرت علی رضی اللہ عنہ بھی کھڑے ہوئے اور کھانے لگے تو نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''تم رہنے دو کیونکہ تم کمزور ہو'' راوی کہتے ہیں۔ پس حضرت علی رضی اللہ عنہ بیٹھ گئے اور نبی کریم ﷺ ان کھجوروں میں سے تناول فرماتے رہے، پھر میں (ام منذر) نے ان کے لئے سبزی اور جو پکائے تو نبی کریم ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا: ''اس میں سے تناول کرو۔''

(٢٤١٣٤) حَدَّثَنَا حَفْصٌ ، عَنْ جَعْفَرٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ : أُهْدِيَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قِنَاعٌ مِنْ تَمْرٍ ، وَعَلِيٌّ مَحْمُومٌ ، قَالَ : فَنَبَذَ إِلَيْهِ تَمْرَةً ، ثُمَّ أُخْرَى ، حَتَّى نَاوَلَهُ سَبْعًا ، ثُمَّ كَفَّ يَدَهُ ، وَقَالَ : حَسْبُكَ.

(۲۴۱۳۴) حضرت جعفر، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں۔ انہوں نے فرمایا کہ نبی کریم ﷺ کو ہدیہ میں کھجوروں کا ایک طشت

پیش کیا گیا اور حضرت علی رضی اللہ عنہ تب بخار میں تھے۔ راوی کہتے ہیں، پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی طرف ایک کھجور پھینکی پھر دوسری پھینکی۔ یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو سات کھجوریں دیں اور پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا ہاتھ روک دیا اور فرمایا: ''تمہیں یہ کافی ہیں۔''

(٤٠) فِي الْمَاءِ لِلْمَحْمُومِ

بخار زدہ کے لئے پانی کا استعمال

(٢٤١٣٥) حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ عَائِشَةَ ؛ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ :الْحُمَّى مِنْ فَيْحِ جَهَنَّمَ ، فَأَبْرِدُوهَا بِالْمَاءِ . (بخاری ٣٢٦٣۔ مسلم ٨١)

(۲۴۱۳۵) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''بخار، جہنم کی لپٹ میں سے ہے۔ پس تم اس کو پانی سے ٹھنڈا کرو۔''

(٢٤١٣٦) حَدَّثَنَا عَبْدَةُ ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنْ فَاطِمَةَ ، عَنْ أَسْمَاءَ ؛ أَنَّهَا كَانَتْ تُؤْتَى بِالْمَرْأَةِ الْمَوْعُوكَةِ ، فَتَدْعُو بِالْمَاءِ فَتَصُبُّهُ فِي جَيْبِهَا ، وَتَقُولُ :إِنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ :أَبْرِدُوهَا بِالْمَاءِ ، فَإِنَّهَا مِنْ فَيْحِ جَهَنَّمَ. (ابن ماجه ٣٤٧٤۔ مسلم ١٧٣٢)

(۲۴۱۳۶) حضرت اسماء کے بارے میں روایت ہے کہ ان کے پاس (بخار سے) تڑپتی عورت کو لایا جاتا تھا اور وہ پانی منگواتی اور اس پانی کو اس کے گریبان میں بہا دیتی اور فرماتی۔ بلاشبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے کہ ''اس بخار کو پانی سے ٹھنڈا کرو، کیونکہ یہ جہنم کی شدت میں سے ہے۔''

(٢٤١٣٧) حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ عَبَايَةَ بْنِ رِفَاعَةَ ، قَالَ :أَخْبَرَنِي رَافِعُ بْنُ خَدِيجٍ ؛ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ :الْحُمَّى مِنْ فَوْرِ جَهَنَّمَ ، فَأَبْرِدُوهَا بِالْمَاءِ .

(مسلم ١٧٣٣۔ بخاری ٥٧٢٦)

(۲۴۱۳۷) حضرت رافع بن خدیج بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''بخار، جہنم کی شدت میں سے ہے پس تم اس کو پانی سے ٹھنڈا کرو۔''

(٢٤١٣٨) حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ ، وَمُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ ، قَالاَ :حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ ، عَنْ نَافِعٍ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ :إِنَّ شِدَّةَ الْحُمَّى مِنْ فَيْحِ جَهَنَّمَ ، فَأَبْرِدُوهَا بِالْمَاءِ . (بخاری ٣٢٦٤۔ مسلم ٧٨)

(۲۴۱۳۸) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''بلاشبہ بخار کی شدت جہنم کی لپٹ میں سے ہے، پس تم اس کو پانی سے ٹھنڈا کرو۔''

(٢٤١٣٩) حَدَّثَنَا عَفَّانُ ، قَالَ : حَدَّثَنَا هَمَّامٌ ، عَنْ أَبِي جَمْرَةَ ، قَالَ : كُنْتُ أَدْفَعُ النَّاسَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ، فَاحْتُبِسْتُ أَيَّامًا ، فَقَالَ : مَا حَبَسَكَ ؟ قُلْتُ : الْحُمَّى ، قَالَ : إِنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ : إِنَّ الْحُمَّى مِنْ فَيْحِ جَهَنَّمَ ، فَأَبْرِدُوهَا بِمَاءِ زَمْزَمَ . (احمد ۱/ ۲۹۱۔ حاکم ۴۰۳)

(۲۴۱۳۹) حضرت ابو جمرہ سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کے ہاں سب سے زیادہ آنے والا تھا۔ چند دن تک میں محبوس رہا تو انہوں نے پوچھا، تمہیں کس چیز نے روکے رکھا؟ میں نے عرض کیا، بخار نے۔ انہوں نے ارشاد فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ ''یقیناً بخار جہنم کی لپٹ میں سے ہے پس تم اس کو زمزم کے پانی سے ٹھنڈا کرو۔''

(٢٤١٤٠) حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي زِيَادٍ ، عَنْ مِقْسَمٍ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ؛ أَنَّهُ كَانَ إِذَا حُمَّ بَلَّ ثَوْبَهُ ، ثُمَّ لَبِسَهُ ، ثُمَّ قَالَ : إِنَّهَا مِنْ فَيْحِ جَهَنَّمَ ، فَأَبْرِدُوهَا بِالْمَاءِ .

(۲۴۱۴۰) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کے بارے میں روایت کیا گیا ہے کہ انہیں جب بخار آتا تو وہ اپنے کپڑوں کو تر کر لیتے اور پھر ان کپڑوں کو پہن لیتے پھر فرماتے، یقیناً یہ بخار جہنم کی شدت میں سے ہے، پس تم اس کو پانی سے ٹھنڈا کرو۔

(٤١) فِي أَيِّ يَوْمٍ تُسْتَحَبُّ الْحِجَامَةُ فِيهِ

کس دن میں حجامت کروانا (یعنی پچھنے لگوانا) مستحب ہے

(٢٤١٤١) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، قَالَ : أَخْبَرَنَا عَبَّادُ بْنُ مَنْصُورٍ ، عَنْ عِكْرِمَةَ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ؛ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ : خَيْرُ يَوْمٍ تَحْتَجِمُونَ فِيهِ سَبْعَ عَشْرَةَ ، وَتِسْعَ عَشْرَةَ ، وَإِحْدَى وَعِشْرِينَ .

(ترمذی ۲۰۵۳۔ احمد ۱/ ۳۵۴)

(۲۴۱۴۱) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''وہ سب سے بہتر دن جس میں تم حجامت کرواؤ، سترہ، انیس اور اکیسویں تاریخ ہے۔''

(٢٤١٤٢) حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ ، وَيَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، عَنْ عَاصِمٍ ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ ، قَالَ : كَانَ يُعْجِبُهُ أَنْ يَحْتَجِمَ مِنَ السَّبْعِ عَشْرَةَ إِلَى الْعِشْرِينَ .

(۲۴۱۴۲) حضرت ابن سیرین کے بارے میں روایت ہے، کہتے ہیں کہ انہیں سترہ سے بیس تک کی تاریخ میں حجامت کروانا زیادہ اچھا لگتا تھا۔

(٢٤١٤٣) حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ ، عَنْ لَيْثٍ ، عَنْ مَكْحُولٍ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَنِ احْتَجَمَ يَوْمَ الأَرْبِعَاءِ ، وَيَوْمَ السَّبْتِ ، فَأَصَابَهُ وَضَحٌ فَلاَ يَلُومَنَّ إِلاَّ نَفْسَهُ . (حاکم ۴۰۹۔ ابن ماجه ۳۴۸۷)

(۲۴۱۴۳) حضرت مکحول سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''جس آدمی نے بدھ والے دن یا ہفتہ

والے دن حجامت کروائی اور پھر اس کو مرگی ہو جائے تو وہ اپنے آپ کو ہی ملامت کرے۔

(٢٤١٤٤) حَدَّثَنَا حَفْصٌ ، عَنْ حَجَّاجٍ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَنْ كَانَ مُحْتَجِمًا ، فَلْيَحْتَجِمْ يَوْمَ السَّبْتِ.

(۲۴۱۴۴) حضرت حجاج سے روایت ہے کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''جو شخص حجامت (پچھنے) کروانا چاہے اس کو چاہیے کہ وہ ہفتہ کو حجامت کروائے۔''

(٤٢) فِي الْحِجَامَةِ ، مَنْ قَالَ هِيَ خَيْرُ مَا تَدَاوَى بِهِ

حجامت (پچھنے) کے بارے میں، جو لوگ اس کو بہترین علاج کہتے ہیں

(٢٤١٤٥) حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ ، عَنْ حُمَيْدٍ ، عَنْ أَنَسٍ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : إِنَّ أَمْثَلَ مَا تَدَاوَيْتُمْ بِهِ ، الْحِجَامَةُ ، وَالْقُسْطُ الْهِنْدِيُّ لِصِبْيَانِكُمْ.

(۲۴۱۴۵) حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''تم جو کچھ بطور دواء کے اختیار کرتے ہو اس میں سے بہترین شئے حجامت (پچھنے لگوانا) ہے اور تمہارے بچوں کے لئے عود ہندی ہے۔

(٢٤١٤٦) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الشَّيْبَانِيِّ ، عَنْ يُسَيْرِ بْنِ عَمْرٍو ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : فِي الْحَجْمِ شِفَاءٌ.

(۲۴۱۴۶) حضرت یُسیر بن عمرو سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''حجامت (پچھنے لگوانے) میں شفاء ہے۔''

(٢٤١٤٧) حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ ، عَنْ حُصَيْنٍ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى ، قَالُوا : طُبَّ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، فَبَعَثَ إِلَى رَجُلٍ فَحَجَمَهُ.

(۲۴۱۴۷) حضرت عبدالرحمن بن ابی لیلیٰ سے روایت ہے کہ صحابہ رضی اللہ عنہم کہتے ہیں۔ رسول اللہ ﷺ بیمار ہوئے تو آپ ﷺ نے ایک آدمی کی طرف کسی کو بھیجا پس اس نے آپ ﷺ کو پچھنے لگائے۔

(٢٤١٤٨) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، قَالَ : دَخَلَ عُيَيْنَةُ بْنُ حِصْنٍ عَلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَحْتَجِم ، فَقَالَ : مَا هَذَا ؟ قَالَ : خَيْرُ مَا تَدَاوَتْ بِهِ الْعَرَبُ.

(۲۴۱۴۸) حضرت ابراہیم سے روایت ہے۔ کہتے ہیں کہ حضرت عیینہ بن حصن، رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ ﷺ حجامت (پچھنے) لگوا رہے تھے۔ حضرت عیینہ نے پوچھا۔ یہ کیا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ''اہل عرب جن طریقوں سے علاج کرتے ہیں یہ ان میں سے بہترین طریقہ ہے۔''

(٢٤١٤٩) حَدَّثَنَا أَسْوَدُ بْنُ عَامِرٍ ، قَالَ :حدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ :إِنْ كَانَ فِي شَيْءٍ مِمَّا تُدَاوَوْا بِهِ خَيْرٌ ، فَفِي الْحِجَامَةِ.

(ابو داؤد ٢٠٩٥۔ احمد ٢/ ٤٢٣)

(۲۴۱۴۹) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''تم جن طریقوں سے علاج کرتے ہو ان میں سے اگر کسی میں بہتری ہے تو حجامت (پچھنے لگوانے) میں ہے۔

(٢٤١٥٠) حَدَّثَنَا أَبُو نُعَيْمٍ ، عَنْ زُهَيْرٍ ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ ، قَالَ :حدَّثَنِي حُصَيْنُ بْنُ أَبِي الْحُرِّ ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ ، قَالَ :كُنْتُ عِنْدَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَدَعَا حَجَّامًا ، فَأَمَرَهُ أَنْ يَحْجُمَهُ ، فَأَخْرَجَ مَحَاجِمَ مِنْ قُرُونٍ ، فَأَلْزَمَهَا إِيَّاهُ ، وَشَرَطَهُ بِطَرَفِ شَفْرَةٍ ، فَصَبَّ الدَّمُ وَأَنَا عِنْدَهُ ، فَدَخَلَ عَلَيْهِ رَجُلٌ مِنْ بَنِي فَزَارَةَ ، فَقَالَ :مَا هَذَا يَا رَسُولَ اللهِ ؟ عَلاَمَ تُمَكِّنُ هَذَا مِنْ جِلْدِكَ يَقْطَعُهُ ، قَالَ :فَسَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ :هَذَا الْحَجْمُ ، قَالَ :وَمَا الْحَجْمُ ؟ قَالَ :مِن خَيْرِ مَا تَدَاوَى بِهِ النَّاسُ.

(حاکم ٢٠٨۔ احمد ٥/ ٩)

(۲۴۱۵۰) حضرت سمرہ بن جندب سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ میں جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر تھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک حجام کو بلوایا اور اس کو حکم دیا کہ وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو پچھنے لگائے چنانچہ اس نے سینگوں کی سینگیاں نکالیں اور وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو چپکا دیں۔ اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک بلیڈ کے کنارے سے چیرے لگانے لگا۔ اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا خون بہہ پڑا اور میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تھا۔ اس دوران بنو فزارہ کا ایک شخص آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور اس نے پوچھا۔ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! یہ کیا ہے؟۔ کس بات پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس آدمی کو اپنی کھال پر قدرت دے رکھی ہے کہ یہ اس کو کاٹ رہا ہے۔ حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں پس میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کہتے سنا: ''یہ حجامت (پچھنے لگوانا) ہے۔'' اس آدمی نے پوچھا، حجامت کیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''جن چیزوں سے لوگ علاج کرتے ہیں یہ ان میں سے بہترین چیز ہے۔''

(٢٤١٥١) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، قَالَ :أَخْبَرَنَا عَبَّادُ بْنُ مَنْصُورٍ ، عَنْ عِكْرِمَةَ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :مَا مَرَرْتُ بِمَلإٍ مِنَ الْمَلاَئِكَةِ لَيْلَةَ أُسْرِيَ بِي إِلاَّ قَالُوا :عَلَيْكَ بِالْحِجَامَةِ يَا مُحَمَّدُ. (ترمذی ٢٠٥٣۔ ابن ماجه ٣٤٧٧)

(۲۴۱۵۱) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''معراج کی رات میں فرشتوں کی جماعتوں میں سے جس جماعت کے پاس سے بھی گزرا تو انہوں نے مجھے یہ ہی کہا۔ اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم! ضرور حجامت (پچھنے لگوائیں) کروائیں۔''

(٢٤١٥٢) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي حَبِيبٍ ، عَنْ رَجُلٍ مِنَ الأَنْصَارِ مِنْ بَنِي

سَلِمَةَ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :إِنْ كَانَ فِي شَيْءٍ مِمَّا تُعَالِجُونَ بِهِ شِفَاءٌ ، فَفِي شَرْطَةِ مِنْ مِحْجَمٍ ، أَوْ فِي شَرْبَةٍ مِنْ عَسَلٍ ، أَوْ لَذْعَةٍ مِنْ نَارٍ يُصِيبُ بِهَا أَلَمًا ، وَمَا أُحِبُّ أَنْ أَكْتَوِيَ.

(۲۴۱۵۲) بنوسلمہ کے ایک انصاری سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''جن چیزوں کے ذریعہ تم علاج کرتے ہو اگر ان میں سے کسی چیز میں شفاء ہے تو وہ سینگی کے چیرنے میں ہے یا شہد کے پینے میں ہے یا آگ سے داغنے میں ہے۔ جو داغنا تکلیف کے موافق ہو۔ اور مجھے یہ بات پسند نہیں ہے کہ میں داغ لگواؤں۔''

(٢٤١٥٣) حَدَّثَنَا الْفَضْلُ ، قَالَ :حَدَّثَنَا ابْنُ الْغَسِيلِ ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُمَرَ بْنِ قَتَادَةَ ، قَالَ :سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللهِ ، قَالَ :سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ :إِنْ كَانَ فِي شَيْءٍ مِنْ أَدْوِيَتِكُمْ خَيْرٌ ، فَفِي شَرْطَةِ مِحْجَمٍ ، أَوْ فِي شَرْبَةٍ مِنْ عَسَلٍ ، أَوْ لَذْعَةٍ بِنَارٍ تُوَافِقُ الدَّاءَ ، وَمَا أُحِبُّ أَنْ أَكْتَوِيَ.

(بخاری ۵۶۸۳۔ مسلم ۷۱)

(۲۴۱۵۳) حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ کہتے ہوئے سنا: ''اگر تمہاری دواؤں میں سے کسی میں خیر ہے تو سینگی کے چیرے میں ہے یا شہد کے پینے میں ہے۔ یا آگ کے داغ لگانے میں ہے جو کہ بیماری کے موافق ہو۔ لیکن مجھے یہ بات پسند نہیں ہے کہ میں داغ لگواؤں۔

(٤٣) مَا قَالُوا فِي الْعَسَلِ

شہد کے بارے میں جو روایات ہیں

(٢٤١٥٤) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ قَتَادَةَ ، عَنْ أَبِي الْمُتَوَكِّلِ النَّاجِي ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ ، قَالَ :جَاءَ رَجُلٌ إِلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، فَقَالَ :يَا رَسُولَ اللهِ ، إِنَّ أَخِي اسْتَطْلَقَ بَطْنُهُ ، قَالَ : اسْقِهِ عَسَلاً ، فَسَقَاهُ ، فَأَتَى رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ :يَا رَسُولَ اللهِ ، إِنِّي سَقَيْتُهُ فَلَمْ يَزِدْهُ إِلاَّ اسْتِطْلاَقًا ، قَالَ :اسْقِهِ عَسَلاً ، فَسَقَاهُ ، فَأَتَى رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ :يَا رَسُولَ اللهِ ، إِنِّي سَقَيْتُهُ فَلَمْ يَزِدْهُ إِلاَّ اسْتِطْلاَقًا ، قَالَ :اسْقِهِ عَسَلاً ، فَإِمَّا فِي الثَّالِثَةِ ، وَإِمَّا فِي الرَّابِعَةِ حَسِبْتُهُ قَالَ :فَشُفِيَ، فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :صَدَقَ اللَّهُ ، وَكَذَبَ بَطْنُ أَخِيكَ. (بخاری ۵۶۸۴۔ مسلم ۹۱)

(۲۴۱۵۴) حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ ایک آدمی جناب نبی کریم ﷺ کے خدمت میں حاضر ہوا اور اس نے عرض کیا۔ یارسول اللہ ﷺ! میرے بھائی کو دست آرہے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''تم اس کو شہد پلاؤ۔'' چنانچہ اس آدمی نے اپنے بھائی کو شہد پلایا۔ پھر (دوبارہ) آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا۔ یارسول اللہ ﷺ! میں نے اس کو شہد پلایا ہے لیکن شہد نے اس کے دست میں اور اضافہ کر دیا ہے۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''تم اس کو شہد پلاؤ۔'' چنانچہ اس

آدمی نے (دوبارہ) اپنے بھائی کو شہد پلایا۔ اور پھر رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا۔ یا رسول اللہ ﷺ! میں نے اس کو شہد پلایا ہے لیکن شہد نے تو اس کے دست میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ آپ ﷺ نے (پھر) ارشاد فرمایا: ''تم اس کو شہد پلاؤ''۔ پھر تیسری بار یا چوتھی بار تھی (میرے خیال میں) کہ اس آدمی نے بتایا۔ وہ مریض صحت یاب ہو گیا ہے۔ اس پر جناب نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''اللہ تعالیٰ کی بات سچی ہے اور تیرے بھائی کا پیٹ جھوٹا ہے۔''

(٢٤١٥٥) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنِ السُّدِّيِّ ، عَنْ يَعْفُورِ بْنِ الْمُغِيرَةِ ، عَنْ عَلِيٍّ ، قَالَ : إِذَا اشْتَكَى أَحَدُكُمْ شَيْئًا فَلْيَسْأَلِ امْرَأَتَهُ ثَلاَثَةَ دَرَاهِمَ مِنْ صَدَاقِهَا ، فَيَشْتَرِي بِهِ عَسَلاً ، فَيَشْرَبُهُ بِمَاءِ السَّمَاءِ ، فَيَجْمَعُ اللَّهُ الْهَنِيءَ الْمَرِيءَ ، وَالْمَاءَ الْمُبَارَكَ ، وَالشِّفَاءَ .

(۲۴۱۵۵) حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ جب تم میں سے کسی کو کوئی تکلیف ہو تو اس کو چاہئے کہ وہ اپنی بیوی سے اس کے مہر میں سے تین درہم مانگ لے اور ان سے شہد خرید لے پھر اس کو آسمان کے پانی سے ملا کر پی لے پس اللہ تعالیٰ خوش حالی، مبارک پانی اور شفا کو اکٹھا کر دیں گے۔

(٢٤١٥٦) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ نُسَيرٍ ، عَنْ بَكْرِ بْنِ مَاعِزٍ ، عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ خُثَيْمٍ ، قَالَ : مَا لِلنُّفَسَاءِ عِنْدِي إِلاَّ التَّمْرُ ، وَلاَ لِلْمَرِيضِ إِلاَّ الْعَسَلُ.

(۲۴۱۵۶) حضرت ربیع بن خثیم سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ میرے پاس نفاس والی عورتوں کے لئے کھجور اور عام مریض کے لئے شہد کے علاوہ کوئی علاج نہیں ہے۔

(٢٤١٥٧) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، وَابْنُ نُمَيرٍ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ خَيْثَمَةَ ، عَنِ الأَسْوَدِ ، قَالَ : قَالَ عَبْدُ اللهِ : عَلَيْكُمْ بِالشِّفَاءَيْنِ : الْقُرْآنِ وَالْعَسَلِ. (ابن ماجه ٣٤٥٢۔ حاكم ٢٠٠)

(۲۴۱۵۷) حضرت اسود سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ حضرت عبداللہ فرماتے ہیں۔ تم دو شفاؤں کو لازم پکڑو۔ قرآن اور شہد۔

(٢٤١٥٨) حَدَّثَنَا حَفْصٌ ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ ، قَالَ : أَتَى رَجُلٌ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَشَكَا إِلَيْهِ بَطْنَ أَخِيهِ ، فَقَالَ : عَلَيْكَ بِالْعَسَلِ ، ثُمَّ عَادَ إِلَيْهِ فَقَالَ : كَأَنَّهُ ، فَقَالَ : كَذَبَ بَطْنُ أَخِيك ، وَصَدَقَ الْقُرْآنُ ، عَلَيْكَ بِالْعَسَلِ.

(۲۴۱۵۸) حضرت ابن جریج سے روایت ہے کہتے ہیں کہ ایک آدمی جناب نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور اس نے اپنے بھائی کے پیٹ خراب ہونے کی شکایت کی تو آپ ﷺ نے فرمایا: ''تم پر شہد لازم ہے۔'' وہ آدمی دوبارہ شکایت لے کر آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا۔ وہ ویسا ہی ہے۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''تیرے بھائی کا پیٹ جھوٹا ہے اور قرآن سچا ہے۔ تم ضرور شہد کو استعمال کرو۔''

(٢٤١٥٩) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، قَالَ : كَانُوا يَسْتَحِبُّونَ لِلنُّفَسَاءِ الرُّطَبَ.

(۲۴۱۵۹) حضرت ابراہیم سے روایت ہے کہتے ہیں کہ پہلے لوگ نفاس والی عورتوں کے لئے تر کھجوروں کو اچھا سمجھتے تھے۔

(٢٤١٦٠) حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ ، عَنْ حُصَيْنٍ ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُونٍ ، قَالَ :مَا لِلنُّفَسَاءِ إِلاَّ الرَّطْبُ ، لأَنَّ اللَّهَ تَعَالَى جَعَلَهُ رِزْقًا لِمَرْيَمَ.

(۲۴۱۶۰) حضرت عمرو بن میمون سے روایت ہے کہتے ہیں کہ نفاس والی عورتوں کے لئے تر کھجور ہی (سب سے بہتر) ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اس کو حضرت مریم کے لئے رزق بنایا تھا۔

(٤٤) فِي الْكَمْأَةِ

کھمبی کے بارے میں

(٢٤١٦١) حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ ، عَنْ عَمْرِو بْنِ حُرَيْثٍ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ زَيْدٍ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :الْكَمْأَةُ مِنَ الْمَنِّ ، وَهِيَ شِفَاءٌ لِلْعَيْنِ. (بخاری ۴۴۷۸۔ مسلم ۱۵۷)

(۲۴۱۶۱) حضرت سعید بن زید سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''کھمبی منّ میں سے ہے اور یہ آنکھ کے لئے شفاء ہے۔''

(٢٤١٦٢) حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ ، قَالَ :أَخْبَرَنَا شَيْبَانُ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنِ الْمِنْهَالِ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ ، قَالَ :خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفِي يَدِهِ أَكْمُؤٌ ، فَقَالَ : هَؤُلاَءِ مِنَ الْمَنِّ ، وَهِيَ شِفَاءٌ لِلْعَيْنِ. (ابن ماجه ۳۴۵۳۔ احمد ۳/ ۴۸)

(۲۴۱۶۲) حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ کہتے ہیں کہ رسول خدا ﷺ ہمارے پاس تشریف لائے۔ آپ ﷺ کے دستِ مبارک میں کھمبیاں تھیں۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''یہ کھمبیاں منّ میں سے ہیں اور یہ آنکھ کے لئے شفاء ہیں۔''

(٢٤١٦٣) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ مَنْصُورٍ ، عَنِ الْقَاسِمِ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :الْكَمْأَةُ مِنَ الْمَنِّ ، وَهِيَ شِفَاءٌ لِلْعَيْنِ. (دارمی ۲۸۴۰)

(۲۴۱۶۳) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ کہتے ہیں کہ رسولِ خدا ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''کھمبی ( ) میں سے ہے اور یہ آنکھ کے لئے شفاء ہے۔''

(٢٤١٦٤) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ عُمَرَ بْنِ حُسَيْنٍ ، عن رَجُلٍ مِنْ وَلَدِ حُذَيْفَةَ ، عَنْ عَامِرٍ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :الْكَمْأَةُ مِنَ الْمَنِّ ، وَمَاؤُهَا شِفَاءٌ لِلْعَيْنِ.

(۲۴۱۶۴) حضرت عامر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: کھمبی منّ میں سے ہے اور یہ آنکھ کے لئے شفاء ہے۔''

(٢٤١٦٥) حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ ، قَالَ :حَدَّثَنَا سُفْيَانُ ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ ، عَنْ عَمْرِو بْنِ حُرَيْثٍ ، عَنْ

سَعِيدِ بْنِ زَيْدٍ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :الْكَمْأَةُ مِنَ الْمَنِّ ، وَمَاؤُهَا شِفَاءٌ لِلْعَيْنِ.

(۲۴۱۶۵) حضرت سعد بن زید سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''کھمبی منّ میں سے ہے اور اس کا پانی آنکھ کے لئے شفاء ہے۔''

(٤٥) فِي الدَّابَّةِ يُوضَعُ عَلَى جُرْحِهَا شَعْرُ الْخِنْزِيرِ

جانور کے زخم پر خنزیر کا بال رکھنے کے بارے میں

(٢٤١٦٦) حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ شَيْخٍ مِنْ أَهْلِ وَاسِطٍ ، قَالَ :سَأَلْتُ أَبَا عِيَاضٍ عَنْ شَعْرِ الْخِنْزِيرِ يُوضَعُ عَلَى جُرْحِ الدَّابَّةِ ؟ فَكَرِهَهُ.

(۲۴۱۶۶) اہل واسط کے ایک شیخ سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوعیاض سے جانور کے زخم پر خنزیر کا بال رکھنے کے بارے میں سوال کیا؟ تو انہوں نے اس کو ناپسند کیا۔

(٤٦) فِي دَمِ الْعَقِيقَةِ يُطْلَى بِهِ الرَّأْسُ

عقیقہ کے خون کے ذریعہ سر کی مالش کرنا

(٢٤١٦٧) حَدَّثَنَا عَبْدُ الأَعْلَى ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنِ الْحَسَنِ ، وَمُحَمَّدٍ ؛ أَنَّهُمَا كَانَا يَكْرَهَانِ أَنْ يُطْلَى رَأْسُ الصَّبِيِّ مِنْ دَمِ الْعَقِيقَةِ ، وَقَالَ الْحَسَنُ :رِجْسٌ.

(۲۴۱۶۷) حضرت حسن اور حضرت محمد کے بارے میں روایت ہے کہ یہ دونوں اس بات کو ناپسند کرتے تھے کہ بچہ کا سر، عقیقہ کے خون سے مالش کیا جائے اور حضرت حسن کہتے ہیں۔ ناپاک چیز ہے۔

(٤٧) فِي مَرَارَةِ الذِّئْبِ يُتَدَاوَى بِهَا

بھیڑیے کے پتے کے ذریعہ علاج کرنے کے بیان میں

(٢٤١٦٨) حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ سَعْدٍ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ سَالِمٍ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ ؛ أَنَّهُ كَرِهَ مَرَارَةَ الذِّئْبِ.

(۲۴۱۶۸) حضرت سعید بن جبیر رحمۃ اللہ علیہ کے بارے میں روایت ہے کہ وہ بھیڑیے کے پتے (کے استعمال) کو مکروہ سمجھتے تھے۔

(٤٨) فِي قَطْعِ الْبَوَاسِيرِ

بواسیر کاٹنے کے بیان میں

(٢٤١٦٩) حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ ، عَنْ بَشِيرِ بْنِ عُقْبَةَ النَّاجِي ، قَالَ :سَأَلْتُ مُحَمَّدًا عَنْ قَطْعِ الْبَوَاسِيرِ ؟

فَكَرِهَهُ ، وَقَالَ :اجْعَلْ عَلَيْهِ دُهْنَ خَلٍّ.

(۲۴۱۶۹) حضرت بشیر بن عقبہ ناجی سے روایت ہے۔ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت محمد رحمۃ اللہ علیہ سے بواسیر کاٹنے کے بارے میں سوال کیا؟ تو انہوں نے اس کو ناپسند کیا۔ اور فرمایا: بلکہ اس پر تم سرکہ کا تیل ڈالو۔

(٤٩) فِي الرَّجُلِ يُعَالِجُ الدَّابَّةَ وَيَسْطُو عَلَيْهَا

جانور پر غلبہ پا کر جانور کا علاج کرنے والے شخص کے بیان میں

(٢٤١٧٠) حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ يُوسُفَ ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ ، قَالَ :قُلْتُ لِمُحَمَّدٍ :الرَّجُلُ يَسْطُو عَلَى النَّاقَةِ ؟ قَالَ :مَا أَرَى ذَلِكَ إِلاَّ مِنَ الْفَسَادِ.

(۲۴۱۷۰) حضرت ابن عون رحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ میں نے حضرت محمد رحمۃ اللہ علیہ سے کہا۔ ایک آدمی نے اونٹنی پر غلبہ پایا (علاج کے لئے)؟ انہوں نے جواب دیا۔ میں تو اس کو فساد کا ذریعہ دیکھتا ہوں۔

(٢٤١٧١) حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ يُوسُفَ ، عَنْ عَمْرٍو ، عَنِ الْحَسَنِ ؛ أَنَّهُ كَانَ يَكْرَهُهُ.

(۲۴۱۷۱) حضرت حسن رحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہے کہ وہ اس عمل کو مکروہ سمجھتے تھے۔

(٥٠) فِي الْجُنْدبَادَسْتَر

جندبادستر کے بارے میں

(٢٤١٧٢) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ، عَنْ أَبِي عَوَانَةَ، عَنْ مُغِيرَةَ، عَنِ الْحَارِثِ، قَالَ :إِذَا كَانَ الْجُنْدبَادَسْتَر ذَكِيًّا، فَلاَ بَأْسَ.

(۲۴۱۷۲) حضرت حارث سے روایت ہے۔ کہتے ہیں کہ جب جندبادستر ہوشیار ہو تو اس کے (استعمال میں) کوئی حرج نہیں ہے۔

(٢٤١٧٣) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، قَالَ :أَخْبَرَنَا هِشَامٌ ، عَنْ مُحَمَّدٍ ؛ أَنَّهُ سُئِلَ عَنِ الْجُنْدبَادَسْتَر ؟ فَقَالَ :إِذَا كَانَ ذَكِيًّا فَلاَ بَأْسَ بِهِ ، وَكَانَ يَكْرَهُ غَيْرَ الذَّكِيِّ.

(۲۴۱۷۳) حضرت محمد رحمۃ اللہ علیہ کے بارے میں روایت ہے کہ ان سے جندبادستر کے بارے میں پوچھا گیا؟ تو انہوں نے کہا۔ جب یہ ہوشیار ہو تو اس کے استعمال میں کوئی حرج نہیں ہے لیکن وہ غیر ہوشیار کے بارے میں کراہت کے قائل تھے۔

(٥١) فِي لَحْمِ الْكَلْبِ يُتَدَاوَى بِهِ

کتے کے گوشت کے ذریعہ علاج کرنے کے بیان میں

(٢٤١٧٤) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي عَدِيٍّ ، عَنْ دَاوُدَ ، قَالَ :سُئِلَ الشَّعْبِيُّ عَنْ رَجُلٍ يَتَدَاوَى بِلَحْمِ كَلْبٍ ؟ فَقَالَ :إِنْ تَدَاوَى بِهِ فَلاَ شَفَاهُ اللَّهُ.

(۲۴۱۷۴) حضرت داؤد رحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ حضرت شعبی رحمۃ اللہ علیہ سے سوال کیا گیا کہ ایک شخص کتے کے گوشت کے ذریعہ علاج کرتا ہے؟ تو حضرت شعبی رحمۃ اللہ علیہ نے جواب دیا۔ یہ آدمی اگر کتے کے گوشت سے علاج کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کو شفاء ہی نہ دے۔

(٢٤١٧٥) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ ، قَالَ : حَدَّثَنَا إِسْرَائِيلُ ، عَنْ مُغِيرَةَ ، عَنْ أَبِي مَعْشَرٍ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ؛ أَنَّهُ أَصَابَتْهُ حُمَّى رِبْعٍ ، فَنُعِتَ لَهُ جَنْبُ ثَعْلَبٍ ، فَأَبَى أَنْ يَأْكُلَهُ.

(۲۴۱۷۵) حضرت ابراہیم کے بارے میں روایت ہے کہ انہیں چوتھے دن آنے والا بخار ہوا تو ان کے سامنے لومڑی کے پہلو کی تعریف کی گئی تو انہوں نے اس کو کھانے سے انکار کر دیا۔

(٥٢) فِي حُمَّى الرِّبْعِ ، وَمَا يُوصَفُ مِنْهَا

چوتھے دن آنے والا بخار اور اس کے بارے میں اقوال

(٢٤١٧٦) حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ مُوسَى ، قَالَ : أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ ذَكْوَانَ ، عَنْ عَائِشَةَ ، قَالَتْ : إِذَا كَانَتْ حُمَّى رِبْعٍ فَلْيَأْخُذْ ثَلاَثَةَ أَرْبَاعٍ مِنْ سَمْنٍ ، وَرُبُعًا مِنْ لَبَنٍ ، ثُمَّ يَشْرَبْهُ.

(۲۴۱۷۶) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے، کہتی ہیں کہ جب چوتھے دن والا بخار ہو تو چاہیئے کہ چار حصوں میں تین حصے گھی اور ایک حصہ دودھ لیا جائے پھر آدمی اس کو پی لے۔

(٥٣) فِي الضِّفْدِعِ يُتَدَاوَى بِلَحْمِهِ

مینڈک کے گوشت کے ذریعہ علاج کرنے کے بیان میں

(٢٤١٧٧) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، قَالَ : أَخْبَرَنَا ابْنُ أَبِي ذِئْبٍ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ خَالِدٍ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عُثْمَانَ ، قَالَ : ذَكَرَ طَبِيبٌ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَوَاءً يُجْعَلُ فِيهِ الضِّفْدَعُ ، فَنَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ قَتْلِ الضِّفْدِعِ. (ابوداؤد ۵۲۲۷۔ احمد ۳/ ۴۹۹)

(۲۴۱۷۷) حضرت عبدالرحمان بن عثمان سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ ایک طبیب نے جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے ایک ایسی دواء کا ذکر کیا جس میں مینڈک ڈالے جاتے تھے۔ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مینڈک کو قتل کرنے سے منع فرمایا۔

(٢٤١٧٨) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، قَالَ : حَدَّثَنَا شُعْبَةُ ، عَنْ زُرَارَةَ بْنِ أَوْفَى ، عَنْ أَبِي الْحَكَمِ الْبَجَلِيِّ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو ، قَالَ : لاَ تَقْتُلُوا الضَّفَادِعَ ، فَإِنَّ نَقِيقَهَا الَّذِي تَسْمَعُونَ ، تَسْبِيحٌ.

(۲۴۱۷۸) حضرت عبداللہ بن عمرو سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ تم مینڈکوں کو قتل نہ کرو کیونکہ تم ان کی جو آواز سنتے ہو وہ تسبیح ہے۔

(٥٤) فِي الثَّعْلَبِ يُتَدَاوَى بِلَحْمِهِ

لومڑی کے گوشت کے ذریعہ علاج کرنے کے بیان میں

(٢٤١٧٩) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، قَالَ :حدَّثَنَا هَمَّامٌ ، عَنِ الْحَسَنِ ، قَالَ :الثَّعْلَبُ مِنَ السِّبَاعِ.

(۲۴۱۷۹) حضرت حسن سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ لومڑی کا شمار درندوں میں ہوتا ہے۔

(٥٥) فِيمَنْ يُنْعَتُ لَهُ أَنْ يَشْرَبَ مِنْ دَمِهِ

جس آدمی کے لئے یہ تجویز کیا گیا ہو کہ وہ اپنا خون پیئے

(٢٤١٨٠) حَدَّثَنَا مَخْلَدُ بْنُ يَزِيدَ ، وَكَانَ ثِقَةً ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ ، عَنْ عَطَاءٍ ؛ أَنَّهُ سُئِلَ عَنْ رَجُلٍ وُجِعَ كَبِدُهُ ، فَنُعِتَ لَهُ أَنْ يُسْرَمَ عَلَى كَبِدِهِ ، وَأَنْ يَشْرَبَ مِنْ دَمِهِ ؟ فَقَالَ :لاَ بَأْسَ ، هِيَ ضَرُورَةٌ . قَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ :قُلْتُ لَهُ : أَلَيْسَ الدَّمُ حَرَامًا ؟ قَالَ :ذَلِكَ مِنْ ضَرُورَةٍ.

(۲۴۱۸۰) حضرت عطاء کے بارے میں روایت ہے کہ ان سے ایک آدمی کے بارے میں سوال کیا گیا جس کے جگر میں بیماری تھی اور اس کے لئے یہ علاج تجویز کیا گیا کہ وہ اپنے جگر کو کاٹے اور اس کا خون پیئے؟ تو حضرت عطاء نے کہا۔ اس میں کوئی حرج کی بات نہیں یہ ضرورت ہے۔ ابن جریج کہتے ہیں۔ میں نے حضرت عطاء سے کہا۔ کیا خون حرام نہیں ہے؟ انہوں نے فرمایا: یہ پینا بوجہ ضرورت کے ہے۔

(٢٤١٨١) حَدَّثَنَا شَرِيكٌ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ، قَالَ:إِذَا اضْطُرَّ إِلَى مَا حَرُمَ عَلَيْهِ فَمَا حَرُمَ عَلَيْهِ، فَهُوَ لَهُ حَلاَلٌ.

(۲۴۱۸۱) حضرت ابوجعفر سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ جب آدمی اس چیز کے استعمال میں مجبور ہو جائے تو جو چیز آدمی پر حرام ہو وہ حلال ہو جاتی ہے۔

(٥٦) فِي الْمَرْأَةِ تَمُوتُ وَفِي بَطْنِهَا وَلَدُهَا ، مَا يُصْنَعُ بِهَا ؟

عورت مرجائے اور اس کے پیٹ میں بچہ ہو تو اس عورت کے ساتھ کیا کیا جائے گا؟

(٢٤١٨٢) حَدَّثَنَا مَخْلَدُ بْنُ يَزِيدَ ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ ، قَالَ :سُئِلَ عَطَاءٌ عَنِ الْمَرْأَةِ تَمُوتُ وَفِي بَطْنِهَا وَلَدٌ ، يَسْطُو عَلَيْهِ الرَّجُلُ فَيَسْتَخْرِجُهُ ؟ فَكَرِهَ ذَلِكَ.

(۲۴۱۸۲) حضرت ابن جریج سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ حضرت عطاء سے ایسی عورت کے بارے میں سوال کیا گیا جو اس حال میں مری کہ اس کے پیٹ میں بچہ تھا۔ (کیا) آدمی اس عورت پر غلبہ پا کر بچہ کو نکال سکتا ہے؟ تو حضرت عطاء رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو ناپسند کیا۔

(٢٤١٨٣) حَدَّثَنَا عَبْدُ الأَعْلَى ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنِ الْحَسَنِ ؛ أَنَّهُ كَانَ لاَ يَرَى بَأْسًا أَنْ يَسْطُوَ الرَّجُلُ عَلَى الْمَرْأَةِ ، إِذَا لَمْ يَقْدِرُوا عَلَى امْرَأَةٍ تُعَالِجُ.

(۲۴۱۸۳) حضرت حسن کے بارے میں روایت ہے کہ وہ اس بات میں کوئی حرج نہیں دیکھتے تھے کہ جب کوئی عورت علاج کے لئے نہ مل سکے تو کوئی مرد عورت پر غلبہ پا کر بچہ نکالے۔

(٢٤١٨٤) حَدَّثَنَا جَرِيرٌ ، عَنْ مُغِيرَةَ ، قَالَ :قَالَتْ أُمُّ سِنَانٍ :إِذَا أَنَا مِتُّ فَشُقُّوا بَطْنِى ، فَإِنَّ فِيهِ سَيِّدَ غَطَفَانَ ، قَالَ : فَلَمَّا مَاتَتْ شَقُّوا بَطْنَهَا فَاسْتَخْرَجُوا سِنَانًا.

(۲۴۱۸۴) حضرت مغیرہ کہتے ہیں کہ حضرت ام سنان نے کہا تھا کہ جب میں مرجاؤں تو تم میرے پیٹ کو پھاڑ دینا کیونکہ میرے پیٹ میں غطفان کا سردار ہے۔راوی کہتے ہیں۔پھر جب وہ مرگئی تو لوگوں نے ان کا پیٹ پھاڑا اور سنان کو باہر نکالا۔

(٥٧) فِي الشَّمْسِ مَنْ يَكْرَهُهَا ، وَيَقُولُ هِيَ دَاءٌ

جولوگ دھوپ کو ناپسند کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ بیماری ہے

(٢٤١٨٥) حَدَّثَنَا شَرِيكٌ ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ ، قَالَ :قَالَ الْحَارِثُ بْنُ كَلَدَةَ ، وَكَانَ طَبِيبَ الْعَرَبِ ؛ أَكْرَهُ الشَّمْسَ لِثَلاث ، تُثْقِلُ الرِّيحَ ، وَتُبْلِى الثَّوْبَ ، وَتُخْرِجُ الدَّاءَ الدَّفِينَ.

(۲۴۱۸۵) حضرت عبدالملک بن عمیر سے روایت ہے۔کہتے ہیں کہ حارث بن کلدہ جو کہ پرعرب کے طبیب تھے۔کہتے ہیں۔میں سورج کو تین وجہ سے ناپسند کرتا ہوں۔ہوا کو بوجھل کر دیتا ہے۔کپڑے کو پرانا کر دیتا ہے۔اور دبی ہوئی بیماری کو باہر نکال دیتا ہے۔

(٢٤١٨٦) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ ثَوْرٍ ، عَنْ مَحْفُوظِ بن عَلْقَمَةَ ؛ أَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأَى رَجُلاً فِى الشَّمْسِ ، فَقَالَ :تَحَوَّلْ إِلَى الظِّلِّ فَإِنَّهُ مُبَارَكٌ.

(۲۴۱۸۶) حضرت محفوظ بن علقمہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ایک آدمی کو دھوپ میں (کھڑے) دیکھا تو آپ ﷺ نے فرمایا:''تم سایہ کی طرف چلے جاؤ۔پس بلاشبہ وہ بابرکت چیز ہے۔''

(٢٤١٨٧) حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ ، وَأَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ إِسْمَاعِيل ، عَنْ قَيْسٍ ، قَالَ :جَاءَ أَبِى وَالنَّبِىُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ ، فَقَامَ بَيْنَ يَدَيْهِ فِى الشَّمْسِ ، فَأَمَرَ بِهِ ، فَحُوِّلَ إِلَى الظِّلِّ.

(۲۴۱۸۷) حضرت قیس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ میرے والد اس حالت میں تشریف لائے جبکہ آپ ﷺ خطبہ ارشاد فرمارہے تھے۔اور (آکر) آپ ﷺ کے سامنے دھوپ میں کھڑے ہو گئے تو آپ ﷺ نے انہیں حکم دیا تو وہ سایہ کی طرف چل دیئے۔

(٢٤١٨٨) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ سَمُرَةَ ، قَالَ :قَالَ عُمَرُ :اسْتَقْبِلُوا الشَّمْسَ بِجِبَاهِكُمْ ، فَإِنَّهَا

حَمَّامُ الْعَرَبِ.

(۲۴۱۸۸) حضرت سمرہ سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: ''دھوپ کی طرف اپنی پیشانیوں کو کرو۔ کیونکہ یہ عرب کا حمام ہے۔

(۵۸) مَنْ كَانَ يَقُولُ مَاءُ زَمْزَمَ فِيهِ شِفَاءٌ

جولوگ کہتے ہیں زمزم کے پانی میں شفاء ہے

(۲٤۱۸۹) حَدَّثَنَا سُفْيَانُ ، عَنِ ابْنِ أَبِي نَجِيحٍ ، عَنْ مُجاهِد ؛ قَالَ :مَاءُ زَمْزَمَ شِفَاءٌ لِمَا شُرِبَ لَهُ.

(۲۴۱۸۹) حضرت مجاہد سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ آب زم زم، ہر اس چیز کے لئے شفاء ہے جس کے لئے اس کو پیا جائے۔

(۲٤۱۹۰) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ مُغِيرَةَ بْنِ زِيَادٍ ، عَنْ عَطَاءٍ ؛ فِي مَاءِ زَمْزَمَ يُخْرج بِهِ مِنَ الْحَرَمِ ، فَقَالَ :انْتَقَلَ كَعْبٌ بِثِنْتَيْ عَشْرَةَ رَاوِيَةٍ إِلَى الشَّام يَسْتَشْفُونَ بِهَا.

(۲۴۱۹۰) حضرت عطاء سے آب زم زم کو حرم سے باہر لے جانے کے بارے میں سوال کیا گیا تو انہوں نے فرمایا: کعب نے بارہ عدد راویۃً کو شام کی طرف بھیجا اور وہ اس کے ذریعہ شفاء حاصل کرتے ہیں۔

(۲٤۱۹۱) حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ زَكَرِيَّا ، وَزَيْدُ بْنُ حُبَاب ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ الْمُؤَمِّلِ ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ ، عَنْ جَابِرٍ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :مَاءُ زَمْزَمَ لِمَا شُرِبَ لَهُ.

(۲۴۱۹۱) حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ ''آب زم زم ہر اس مقصد کو پورا کرتا ہے۔ جس کے لیے اس کو پیا جائے۔''

(۵۹) فِي وَضْعِ الْمَاءِ فِي الشِّنَانِ ، وَأَيِّ سَاعَةٍ يُصَبُّ عَلَيْهِ ؟

پانی کو مشکیزہ میں رکھنے کا بیان اور یہ بات کہ کس وقت اس کو بہایا جائے گا

(۲٤۱۹۲) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، قَالَ :أَخْبَرَنَا عَاصِمُ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ ؛ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَزَا بِأَصْحَابِهِ ، فَمَرَّ قَوْمٌ مُسْغِبُونَ ، يَعْنِي جِيَاعًا ، بِشَجَرَةٍ خَضْرَاءَ فَأَكَلُوا مِنْهَا ، فَكَأَنَّمَا مَرَّتْ بِهِمْ رِيحٌ فَأَخْمَدَتْهُمْ ، فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :قَرِّسُوا الْمَاءَ فِي الشِّنَانِ ، ثُمَّ صُبُّوهُ عَلَيْكُمْ فِيمَا بَيْنَ الأَذَانَيْنِ مِنَ الصُّبْحِ ، وَاحْدُرُوا الْمَاءَ حَدْرًا ، وَاذْكُرُوا اسْمَ اللهِ عَلَيْهِ ، فَفَعَلُوا ذَلِكَ ، فَكَأَنَّمَا نَشِطُوا مِنْ عُقُلٍ.

(۲۴۱۹۲) حضرت ابوعثمان نہدی سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے صحابہ رضی اللہ عنہم کے ہمراہ ایک غزوہ کا سفر کیا۔ اس دوران کچھ لوگ بھوک کی حالت میں ایک سرسبز درخت کے پاس سے گزرے تو انہوں نے اس درخت کو کھانا شروع کیا۔ پس

یں محسوس ہوا کہ ان پر کوئی ہوا آئی اور انہیں بجھا ہوا کر گئی ہے۔ اس پر جناب نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''چھوٹے مشکیزے یں پانی کو ٹھنڈا کرو اور پھر صبح کی دو اذانوں کے درمیان تم اس پانی کو اپنے اوپر بہاؤ الو اور پانی کو اور اللہ کا نام یاد کرو۔'' چنانچہ صحابہ کرام ﷺ نے یہ عمل کیا تو (اس کا اثر یہ ہوا کہ) گویا وہ لوگ بندھن سے کھول دیئے گئے ہیں۔

(٦٠) فِي تَوَسُّدِ الرَّجُلِ عَنْ يَمِينِهِ إِذَا أَكَلَ

جب آدمی کھانا کھائے اور دائیں کروٹ پر تکیہ لگائے

٢٤١٩٣) حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ ، قَالَ :حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ ، قَالَ :حَدَّثَنَا عَاصِمٌ الأَحْوَلُ ، قَالَ :أَكَلَ ابْنُ سِيرِينَ يَوْمًا ثُمَّ اتَّكَأَ عَلَى يَمِينِهِ ، قَالَ :فَقُلْتُ :إِنَّ الأَطِبَّاءَ يَكْرَهُونَ أَنْ يَأْكُلَ الرَّجُلُ وَيَتَّكِءَ عَلَى يَمِينِهِ ، فَقَالَ :إِنَّ كَعْبًا لَمْ يَكُنْ يَكْرَهُ ذَلِكَ ، كَانَ يَقُولُ :تَوَسَّدْ يَمِينَكَ ، ثُمَّ اسْتَقْبِلِ الْقِبْلَةَ ، فَإِنَّهَا وَفَاؤُهُ.

٢٤١٩٣) حضرت عاصم بن احوص بیان کرتے ہیں کہ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے ایک دن کھانا کھایا اور پھر دائیں کروٹ پر تکیہ لگا یا۔ عاصم کہتے ہیں۔ میں نے ان سے کہا۔ اطباء اس بات کو ناپسند کرتے ہیں کہ آدمی کھانا کھائے اور دائیں کروٹ پر تکیہ لگائے۔ تو حضرت ابن سیرین نے فرمایا۔ حضرت کعب رحمۃ اللہ علیہ اس کو مکروہ نہیں سمجھتے تھے۔ وہ کہا کرتے تھے۔ تم اپنے دائیں پہلو پر تکیہ لگاؤ پھر قبلہ رخ ہو جاؤ۔

(٦١) فِي مَاءِ الْفُرَاتِ ، وَمَاءِ دِجْلَةَ

فرات اور دجلہ کے پانی کے بارے میں

٢٤١٩٤) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، قَالَ :أَخْبَرَنَا إِسْمَاعِيلُ ، عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِي حَازِمٍ ، قَالَ :مَرِضَ رَجُلٌ بِالْمَدَائِنِ ، قَالَ :أُرَاهُ مِنَ الْمُنَافِقِينَ ، فَقَالَ حُذَيْفَةُ :احْمِلُوهُ عَلَى مَاءِ الْفُرَاتِ ، فَإِنَّ مَاءَ الْفُرَاتِ أَخَفُّ مِنْ مَاءِ دِجْلَةَ ، قَالَ :فَحُمِلَ فَمَاتَ.

٢٤١٩٤) حضرت قیس بن ابی حازم سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ مقام مدائن میں ایک آدمی بیمار ہو گیا۔ راوی کہتے ہیں: میرے خیال میں وہ منافق تھا تو حضرت حذیفہ نے فرمایا: اس آدمی کو فرات کے پانی میں لے جاؤ۔ کیونکہ فرات کا پانی دجلہ کے پانی سے ہلکا ہے۔ راوی کہتے ہیں۔ پس اس آدمی کو لے جایا گیا تو وہ مر گیا۔

(٦٢) مَنْ كَرِهَ الدَّوَاءَ ، يُجْعَلُ فِيهِ الْبَوْلُ

جو لوگ دوائی میں پیشاب ملانے کو مکروہ سمجھتے ہیں

٢٤١٩٥) حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ الأَزْرَقُ ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنِ الْحَسَنِ ؛ أَنَّهُ كَانَ يَكْرَهُ الدَّوَاءَ يُجْعَلُ فِيهِ الْبَوْلُ ، وَيَنْهَى عَنْهُ.

(۲۴۱۹۵) حضرت حسن رحمہ اللہ کے بارے میں روایت ہے کہ وہ ایسی دواء کو ناپسند کرتے تھے جس میں پیشاب ڈالا جائے اور اس سے منع کرتے تھے۔

(٦٣) فِي الرَّجُلِ يَجْبُرُ الْمَرْأَةَ مِنَ الْكَسْرِ ، أَوِ الشَّيْءِ

عورت کی ٹوٹی ہوئی ہڈی وغیرہ کو مرد کا جوڑنا

(٢٤١٩٦) حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنِ ابْنِ خُثَيْمٍ ، عَنْ عَطَاءٍ ؛ فِي الْمَرْأَةِ تَنْكَسِرُ ، قَالَ : لاَ بَأْسَ أَنْ يُجَبِّرَهَا الرَّجُلُ.

(۲۴۱۹۶) حضرت عطاء سے اس عورت کے بارے میں جس کی ہڈی ٹوٹ جائے، مروی ہے، کہتے ہیں کہ اس بات میں کوئی حرج نہیں ہے کہ آدمی اس کی ہڈی جوڑے۔

(٢٤١٩٧) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ الْوَلِيدِ الْمَزَنِيِّ ، عَنِ امْرَأَةٍ مِنْ أَهْلِهِ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مُغَفَّلٍ ؛ أَنَّهُ قَالَ فِي امْرَأَةٍ بِهَا جُرْحٌ :يُجْعَلُ نِطْعٌ ، ثُمَّ يُقَوِّرُهُ ، ثُمَّ يُدَاوِيهَا.

(۲۴۱۹۷) حضرت عبداللہ بن مغفل کے بارے میں روایت ہے کہ انہوں نے اس عورت کے بارے میں جس کو زخم لگا ہوا ہو۔ فرمایا: ایک چمڑا لے کر اس کو سوراخ کر لیا جائے اور پھر آدمی اس عورت کا علاج کرے۔

(٢٤١٩٨) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ هَمَّامٍ ، عَنْ قَتَادَةَ ، قَالَ : قُلْتُ لِجَابِرِ بْنِ زَيْدٍ : الْمَرْأَةُ يَنْكَسِرُ مِنْهَا الْفَخِذُ ، أَوِ الذِّرَاعُ ، أَجْبُرُهُ ؟ قَالَ :نَعَمْ.

(۲۴۱۹۸) حضرت قتادہ سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ میں نے حضرت جابر بن زید سے پوچھا کہ ایک عورت کی ران یا کہنی ٹوٹ جاتی ہے تو کیا میں اس کو جوڑ سکتا ہوں؟ انہوں نے فرمایا: ہاں۔

(٢٤١٩٩) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ غُرَابٍ ، عَنْ زَمْعَةَ ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ وَهْرَامٍ ، قَالَ :سَأَلْتُ طَاوُوسًا عَنِ الْمَرْأَةِ يَكُونُ بِهَا الْجُرْحُ ، كَيْفَ يُدَاوِيهَا الطَّبِيبُ ؟ قَالَ :يُجِيبُ مَوْضِعَ الْجُرْحِ مِنَ الثَّوْبِ ، ثُمَّ يُدَاوِيهَا الطَّبِيبُ.

(۲۴۱۹۹) حضرت سلمہ بن وہرام سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ میں نے حضرت طاؤس سے زخمی عورت کے بارے میں سوال کیا کہ طبیب اس کا علاج کیسے کرے گا؟ انہوں نے جواب دیا کہ وہ زخم کے مقام پر کپڑے کو شگاف دے دے اور پھر عورت کا علاج کرے۔

(٢٤٢٠٠) حَدَّثَنَا شَرِيكٌ، عَنِ ابْنِ أَبْجَرَ ، عَنِ الشَّعْبِيِّ ؛ سُئِلَ عَنِ الْمَرْأَةِ يَكُونُ بِهَا الْجُرْحُ ؟ قَالَ :يُخْرَقُ مَوْضِعُهُ، ثُمَّ يُدَاوِيهَا الرَّجُلُ.

(۲۴۲۰۰) حضرت شعبی رحمہ اللہ سے روایت ہے کہ ان سے زخمی عورت کے بارے میں سوال کیا گیا؟ انہوں نے فرمایا: زخم کے مقام پر

(کپڑے کو) شگاف دے کر مرد طبیب اس کا علاج کرے گا۔

(٢٤٢٠١) حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ عَامِرٍ؛ فِي الْمَرْأَةِ تَنْكَسِرُ، قَالَ: لاَ بَأْسَ أَنْ يُجَبِّرَهَا الرَّجُلُ.

(۲۴۲۰۱) حضرت عامر سے ایسی عورت کے بارے میں جس کی ہڈی ٹوٹ جائے روایت ہے کہ اس میں کوئی حرج نہیں کہ اس کو مرد پٹی کرے۔

(٢٤٢٠٢) حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ أَبْجَرَ يَقُولُ: دَعْ عَشَاءَ اللَّيْلِ، إِلاَّ أَنْ تَكُونَ صَائِمًا.

(۲۴۲۰۲) حضرت حسین بن علی سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ میں ابن ابجر کو کہتے سُنا کہ تم رات کو کھانا چھوڑ دو الا یہ کہ تم دن کو روزے سے ہو۔

(٦٤) دَوَاءُ الضَّعْفِ

کمزوری کا علاج

(٢٤٢٠٣) حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ أَبْجَرَ، يَقُولُ: اللَّحْمُ كُلُّهُ حَارٌّ.

(۲۴۲۰۳) حضرت حسین بن علی کہتے ہیں کہ میں نے ابن ابجر کو کہتے سُنا کہ سارے گوشت گرم ہیں۔

(٢٤٢٠٤) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِي مَرْزُوقُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ أَبُو حَسَّانَ الْمُؤَذِّنُ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَطَرٌ الْوَرَّاقُ؛ أَنَّ نَبِيًّا مِنَ الأَنْبِيَاءِ شَكَا إِلَى اللهِ الضَّعْفَ، فَأَمَرَهُ أَنْ يَطْبُخَ اللَّحْمَ بِاللَّبَنِ، فَإِنَّ الْقُوَّةَ فِيهِمَا.

(۲۴۲۰۴) حضرت مطر الوراق بیان کرتے ہیں کہ سابقہ انبیاء میں سے کسی نبی نے اللہ تعالیٰ سے ضعف کی شکایت کی تو اللہ تعالیٰ نے ان کو حکم دیا کہ وہ گوشت کو دودھ کے ساتھ پکائیں کیونکہ ان دونوں میں طاقت ہے۔

(٦٥) رُقْيَةُ الرَّهْصَةِ

گھوڑے کے سُم کے زخم کا تعویذ

(٢٤٢٠٥) حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، عَنْ صُبَيْحٍ مَوْلَى بَنِي مَرْوَانَ، عَنْ مَكْحُولٍ، قَالَ: سَمِعْتُهُ يَقُولُ فِي الرَّهْصَةِ: بِسْمِ اللهِ، اللَّهُمَّ أَنْتَ الْوَاقِي، وَأَنْتَ الْبَاقِي، وَأَنْتَ الشَّافِي، قَالَ: ثُمَّ يَعْقِدُ خَيْطًا فِيهِ حَدِيدٌ، أَوْ شَعْرٌ، ثُمَّ يَرْبِطُ بِهِ الرَّهْصَةَ.

(۲۴۲۰۵) حضرت مکحول کے بارے میں روایت ہے، راوی کہتے ہیں کہ میں نے اِن کو یہ کہتے سُنا کہ وہ گھوڑے کے سم کے زخم کے بارے کہتے تھے کہ ''اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں۔ اے اللہ! تو بچانے والا ہے۔ اور تو ہی باقی رہنے والا ہے۔ اور تو ہی شفا دینے والا ہے۔'' راوی کہتے ہیں۔ پھر وہ ایک دھاگہ میں گرہ لگاتے تھے جس میں لوہا یا بال ہوتا پھر اس کے ذریعہ وہ سُم کو زخم کو باندھ دیتے تھے۔

كِتَابُ الْأَشْرِبَةِ

(۱) مَنْ حَرَّمَ الْمُسْكِرَ، وَقَالَ هُوَ حَرَامٌ، وَنَهَى عنه

جولوگ نشہ آور چیز کو حرام قرار دیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ حرام ہے اور اس سے منع کرتے ہیں

(۲۴۲۰۶) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنِ الشَّيْبَانِيِّ، عَنْ أَبِي بُرْدَةَ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: بَعَثَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى الْيَمَنِ، فَسَأَلَهُ عَنْ أَشْرِبَةٍ تُصْنَعُ بِهَا: الْبِتْعُ، وَالْمِزْرُ، وَالذُّرَةُ، فَقَالَ: كُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ.

(بخاری ۴۲۴۴۔ مسلم ۷۵)

(۲۴۲۰۶) حضرت ابو بردہ، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں۔ کہتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے ان کو یمن کی طرف بھیجا تو انہوں نے وہاں بنائے جانے والے مشروبات، شہد کی نبیذ، گندم کی نبیذ، جو کی نبیذ، کے بارے آپ ﷺ سے پوچھا؟ تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''ہر نشہ آور چیز حرام ہے۔''

(۲۴۲۰۷) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ عَائِشَةَ؛ تَبْلُغُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُلُّ شَرَابٍ أَسْكَرَ، فَهُوَ حَرَامٌ. (بخاری ۵۵۸۶۔ مسلم ۶۹)

(۲۴۲۰۷) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے، وہ اس روایت کو آپ ﷺ تک پہنچاتی ہیں۔ ''ہر مشروب جو نشہ آور ہو وہ حرام ہے۔''

(۲۴۲۰۸) حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ ابْنُ عُلَيَّةَ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: كُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ، قَالَ: وَقَالَ ابْنُ عُمَرَ: كُلُّ مُسْكِرٍ خَمْرٌ. (مسلم ۷۳۔ ابو داؤد ۳۶۷۱)

(۲۴۲۰۸) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ، نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''ہر نشہ آور چیز حرام ہے۔''

راوی کہتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: ہر نشہ آور چیز خمر ہے۔

(٢٤٢٠٩) حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنْ لَيْثٍ ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ ، عَنْ عَائِشَةَ ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ : كُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ. (ابوداؤد ٣٦٨٠۔ احمد ٦/ ٧٢)

(۲۴۲۰۹) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا، نبی کریم ﷺ سے روایت کرتی ہیں کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''ہر نشہ آور چیز حرام ہے۔''

(٢٤٢١٠) حَدَّثَنَا قَبِيصَةُ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ بَذِيمَةَ ، عَنْ قَيْسِ بْنِ حَبْتَرٍ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ، عن النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ : كُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ. (ابوداؤد ٣٦٧٢)

(۲۴۲۱۰) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ، نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''ہر نشہ آور چیز حرام ہے۔''

(٢٤٢١١) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي حَبِيبٍ ، عَنْ مَرْثَدِ بْنِ عَبْدِ اللهِ الْيَزَنِيِّ ، عَنْ دَيْلَمٍ الْحِمْيَرِيِّ قَالَ : سَأَلْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، فَقُلْتُ : يَا رَسُولَ اللهِ ، إِنَّا بِأَرْضٍ بَارِدَةٍ نُعَالِجُ بِهَا عَمَلاً شَدِيدًا ، وَإِنَّا نَتَّخِذُ شَرَابًا مِنْ هَذَا الْقَمْحِ نَتَقَوَّى بِهِ عَلَى أَعْمَالِنَا ، وَعَلَى بَرْدِ بِلاَدِنَا ؟ قَالَ : هَلْ يُسْكِرُ ؟ قُلْتُ : نَعَمْ ، قَالَ : فَاجْتَنِبُوهُ ، قَالَ : ثُمَّ جِئْتُهُ مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ ، فَقُلْتُ لَهُ مِثْلَ ذَلِكَ ، فَقَالَ : هَلْ يُسْكِرُ ؟ قُلْتُ : نَعَمْ ، قَالَ : فَاجْتَنِبُوهُ ، قُلْتُ : إِنَّ النَّاسَ غَيْرُ تَارِكِيهِ ، قَالَ : فَإِنْ لَمْ يَتْرُكُوهُ فَاقْتُلُوهُمْ.

(ابوداؤد ٣٦٧٦۔ احمد ٤/ ٢٣١)

(۲۴۲۱۱) حضرت دیلم حمیری سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سوال کیا۔ میں نے عرض کیا۔ یا رسول اللہ ﷺ! ہم ایک ٹھنڈے علاقہ میں رہتے ہیں اور وہاں ہم سخت کام کرتے ہیں اور ہم گیہوں سے ایک قسم کا مشروب تیار کرتے ہیں جس کو پی کر ہم اپنے اعمال اور اپنے علاقوں کی ٹھنڈک پر تقویت حاصل کرتے ہیں؟ آپ ﷺ نے پوچھا: ''کیا وہ نشہ آور ہوتا ہے؟'' میں نے عرض کیا: جی ہاں۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''پس تم اس سے بچو۔'' راوی کہتے ہیں کہ میں پھر آپ ﷺ کے سامنے سے آپ ﷺ کے پاس (واپس) آیا اور میں نے آپ ﷺ سے ایسی ہی بات (دوبارہ) کہی۔ آپ ﷺ نے پوچھا: ''کیا یہ مشروب نشہ آور ہوتا ہے۔''؟ میں نے عرض کیا۔ جی ہاں۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''پھر تم اس سے اجتناب کرو۔'' میں نے عرض کیا۔ لوگ تو اس مشروب کو چھوڑنے والے نہیں ہیں؟ آپ رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: ''اگر لوگ اس مشروب کو نہ چھوڑیں تو تم ان سے قتال کرو۔''

(٢٤٢١٢) حَدَّثَنَا مُلاَزِمُ بْنُ عَمْرٍو ، عَنْ سِرَاجِ بْنِ عُقْبَةَ ، عَنْ عَمَّتِهِ خَالِدَةَ بِنْتِ طَلْقٍ ، قَالَتْ : حَدَّثَنِي أَبِي ، قَالَ : كُنَّا جُلُوسًا عِنْدَ نَبِيِّ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، فَجَاءَ صُحَارُ عَبْدِ الْقَيْسِ ، فَقَالَ : يَا رَسُولَ اللهِ ، مَا تَرَى فِي شَرَابٍ نَصْنَعُهُ مِنْ ثِمَارِنَا ؟ قَالَ : فَأَعْرَضَ عَنْهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى سَأَلَهُ ثَلاَثَ مَرَّاتٍ ، ثُمَّ

قَامَ بِنَا النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَلَّى ، فَلَمَّا قَضَى الصَّلاَةَ ، قَالَ :مَنِ السَّائِلُ عَنِ الْمُسْكِرِ ؟ يَا سَائِلاً عَنِ الْمُسْكِرِ ، لاَ تَشْرَبْهُ ، وَلاَ تَسْقِهِ أَحَدًا مِنَ الْمُسْلِمِينَ ، فَوَالَّذِى نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ ، مَا شَرِبَهُ قَطُّ رَجُلٌ ابْتِغَاءَ لَذَّةِ سُكْرِهِ ، فَيَسْقِيَهُ اللَّهُ خَمْرًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ. (طبرانی ۸۳۵۹)

(۲۴۲۱۲) حضرت خالدہ بنت طلق سے روایت ہے، کہتی ہیں کہ مجھے میرے والد نے بیان کیا کہ ہم لوگ اللہ کے نبی ﷺ کے ہاں بیٹھے ہوئے تھے۔ تو صحار عبدالقیس آئے اور انہوں نے پوچھا۔ یارسول اللہ ﷺ! اس مشروب کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے جسے ہم اپنے پھلوں سے تیار کرتے ہیں؟ راوی کہتے ہیں؟ آپ ﷺ نے ان کی یہ بات سن کر رُخ مبارک اُن سے پھیر لیا۔ یہاں تک کہ اس نے آپ ﷺ سے تین مرتبہ یہی سوال کیا۔ پھر آپ ﷺ، ہمیں لے کر اُٹھے اور آپ ﷺ نے نماز پڑھائی۔ پس جب آپ ﷺ نماز سے فارغ ہوئے تو ارشاد فرمایا: ''نشہ آور مشروب کے بارے میں پوچھنے والا کون ہے؟ اے نشہ آور چیز کے بارے میں سوال کرنے والے! تم اس مشروب کو نہ خود پیو اور نہ ہی کسی مسلمان کو پلاؤ۔ پس قسم اس ذات کی جس کے قبضہ میں محمد ﷺ کی جان ہے۔ کوئی آدمی بھی ایسا نہیں ہے کہ اس نے کبھی نشے کی لذت طلبی کے لئے شراب کو پیا ہو اور پھر بروزِ قیامت حق تعالیٰ اس کو شراب پلائیں۔''

(٢٤٢١٣) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ ، قَالَ :حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو ، عَنْ أَبِى سَلَمَةَ ، عَنْ أَبِى هُرَيْرَةَ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :كُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ.

(۲۴۲۱۳) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''ہر نشہ آور (مشروب) حرام ہے۔''

(٢٤٢١٤) حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ ، عَنْ أَبَانَ بْنِ عَبْدِ اللهِ الْبَجَلِيِّ ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ جَدِّهِ ، قَالَ :قَالَ نَبِيُّ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :كُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ. (ابوداؤد ۳۶۷۸۔ احمد ۲/ ۱۷۱)

(۲۴۲۱۴) حضرت عمرو بن شعیب، اپنے والد سے، اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''ہر نشہ آور چیز حرام ہے۔''

(٢٤٢١٥) حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ نُمَيْرٍ ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَمْرٍو ، عَنِ الْحَكَمِ ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ ، قَالَتْ :نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ كُلِّ مُسْكِرٍ وَمُفَتِّرٍ. (احمد ۶/ ۳۰۹۔ ابوداؤد ۳۶۷۹)

(۲۴۲۱۵) حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے۔ کہتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ہر نشہ آور اور خرابی پیدا کرنے والی چیز سے منع کیا۔

(٢٤٢١٦) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ مَعْرُوفِ بْنِ وَاصِلٍ ، عَنْ مُحَارِبِ بْنِ دِثَارٍ ، عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :كُنْتُ نَهَيْتُكُمْ عَنِ الأَشْرِبَةِ فِى ظُرُوفِ الأُدُمِ ، فَاشْرَبُوا فِى كُلِّ وِعَاءٍ غَيْرَ أَنْ لاَ تَشْرَبُوا مُسْكِرًا. (ابوداؤد ۳۶۹۱)

(۲۴۲۱۶) حضرت ابن بریدہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں، کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''میں تمہیں سالن والے برتنوں میں مشروبات کے استعمال سے منع کیا کرتا تھا۔ لیکن اب تم ہر طرح کے برتن میں پی لیا کرو۔ صرف اس بات کا خیال کرو کہ تم نشہ آور چیز نہ پیو۔''

(٢٤٢١٧) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ ، عَنْ أَبِي سِنَانٍ ، عَنْ مُحَارِبِ بْنِ دِثَارٍ ، عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اشْرَبُوا فِي الأَسْقِيَةِ كُلِّهَا ، وَلاَ تَشْرَبُوا مُسْكِرًا.

(۲۴۲۱۷) حضرت ابن بریدہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں، کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''تمام برتنوں میں پیو، لیکن تم نشہ آور چیز نہ پیو۔''

(٢٤٢١٨) حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنِ أَبِي حَيَّانَ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ مَرْيَمَ بِنْتِ طَارِقٍ ، عَنْ عَائِشَةَ ؛ أَنَّهَا ، قَالَتْ : كُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ.

(۲۴۲۱۸) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے بارے میں روایت ہے، وہ کہتی ہیں کہ ہر نشہ آور چیز حرام ہے۔

(٢٤٢١٩) حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنْ أَيُّوبَ ، عَنْ نَافِعٍ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ ، قَالَ : كُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ ، وَقَالَ ابْنُ عُمَرَ : كُلُّ مُسْكِرٍ خَمْرٌ.

(۲۴۲۱۹) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ ہر نشہ آور چیز حرام ہے۔ اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ (یہ بھی) فرماتے ہیں کہ ہر نشہ آور چیز خمر ہے۔

(٢٤٢٢٠) حَدَّثَنَا أَبُو الأَحْوَصِ ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ ، عَنْ أَبِي بُرْدَةَ ، قَالَ : قَالَ عُمَرُ : إِنَّ هَذِهِ الأَنْبِذَةَ تُنْبَذُ مِنْ خَمْسَةِ أَشْيَاءَ ؛ مِنَ التَّمْرِ ، وَالزَّبِيبِ ، وَالْعَسَلِ ، وَالْبُرِّ ، وَالشَّعِيرِ ، فَمَا خَمَّرْتَهُ مِنْهَا ، ثُمَّ عَتَّقْتَهُ ، فَهُوَ خَمْرٌ.

(۲۴۲۲۰) حضرت ابو بردہ سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا فرمان ہے۔ یہ نبیذیں پانچ چیزوں سے بنائی جاتی ہیں۔ کھجور سے۔ کشمش سے، شہد سے، گندم سے، جو سے، پس جس کو تو ڈھانک دے اور پھر اس کو عمدہ سے کے لئے چھوڑ دے تو یہ خمر کہلائے گی۔

(٢٤٢٢١) حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ ، عَنِ الْمُخْتَارِ ، قَالَ : سَأَلْتُ أَنَسًا عَنِ النَّبِيذِ ؟ فَقَالَ : نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الظُّرُوفِ الْمُزَفَّتَةِ ، وَقَالَ : كُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ. (مسلم ٣١۔ احمد ١١٢)

(۲۴۲۲۱) حضرت مختار سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے نبیذ کے بارے میں سوال کیا؟ تو انہوں نے فرمایا: جناب نبی کریم ﷺ نے مزفت برتنوں سے منع کیا ہے اور فرمایا ہے ''ہر نشہ آور چیز حرام ہے۔''

(٢٤٢٢٢) حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنْ أَبِي حَيَّانَ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ مَرْيَمَ بِنْتِ طَارِقٍ ، قَالَتْ : دَخَلْتُ عَلَى عَائِشَةَ فِي نِسَاءٍ مِنْ نِسَاءِ الأَنْصَارِ ، فَجَعَلْنَ يَسْأَلْنَهَا عَنِ الظُّرُوفِ الَّتِي يُنْبَذُ فِيهَا ؟ فَقَالَتْ : يَا نِسَاءَ الْمُؤْمِنِينَ ، إِنَّكُنَّ

لَتُكْثِرُن ظُرُوفًا وَتَسْأَلُنَّ عنها ، مَا كَانَ كَثِيرٌ مِنْهَا عَلَى عَهْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، فَاتَّقِينَ اللَّهَ ، وَمَ أَسْكَرَ إِحْدَاكُنَّ مِنَ الأَشْرِبَةِ فَلْتَجْتَنِبْهُ ، وَإِنْ أَسْكَرَ مَاءُ حُبِّهَا ، فَإِنَّ كُلَّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ. (حاکم ۱۴۷)

(۲۴۲۲۲) حضرت مریم بنت طارق سے روایت ہے، کہتی ہیں کہ میں انصار کی عورتوں کے ہمراہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے ہاں گئی۔ ان انصاری خواتین نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے ان برتنوں کے بارے میں پوچھنا شروع کیا جن میں نبیذ بنائی جاتی تھی؟ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اے اہل ایمان کی عورتو! یقیناً تم نے برتنوں بہت بڑھا لیئے ہیں اور ان کے بارے میں تم سوال کر رہی ہو۔ ان میں سے بہت سے برتن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد میں نہیں تھے۔ پس تم اللہ سے ڈرو، مشروبات میں سے جو مشروب تم میں سے کسی کو نشہ دے تو وہ اس مشروب سے اجتناب کرے۔ اگر چہ اس کے گھڑے کا پانی اس کو نشہ دے۔ کیونکہ ہر نشہ آور چیز حرام ہے۔

(٢٤٢٢٣) حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنْ لَيْثٍ ، عَنْ عَطَاءٍ ، وَطَاوُوسٍ ، وَمُجَاهِدٍ ؛ قَالُوا :قَلِيلُ مَا أَسْكَرَ ، كَثِيرُهُ حَرَامٌ.

(بخاری ۴۶۱۹۔ مسلم ۲۳۲۲)

(۲۴۲۲۳) حضرت عطاء رضی اللہ عنہ، حضرت طاؤس رضی اللہ عنہ اور حضرت مجاہد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔ جس چیز کا کثیر حصہ نشہ آور ہو اس کا قلیل حصہ بھی حرام ہے۔

(٢٤٢٢٤) حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنْ أَبِي حَيَّانَ ، عَنِ الشَّعْبِيِّ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ ، قَالَ :سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ يَخْطُبُ عَلَى مِنْبَرِ الْمَدِينَةِ يَقُولُ :يَا أَيُّهَا النَّاسُ ، أَلا إِنَّهُ نَزَلَ تَحْرِيمُ الْخَمْرِ يَوْمَ نَزَلَ ، وَهِيَ مِنْ خَمْسَةِ أَشْيَاءَ ؛ مِنَ الْعِنَبِ ، وَالتَّمْرِ ، وَالْعَسَلِ ، وَالْحِنْطَةِ ، وَالشَّعِيرِ ، وَالْخَمْرُ مَا خَامَرَ الْعَقْلَ.

(۲۴۲۲۴) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ میں نے عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو مدینہ کے منبر پر خطبہ دیتے ہوئے سنا کہ وہ فرما رہے تھے۔ اے لوگو! خبردار، یقیناً شراب کی حرمت نے جس دن نازل ہونا تھا وہ ہوگئی۔ اور یہ پانچ چیزوں سے بنائی جاتی ہے۔ انگور سے، کھجور سے، شہد سے، گندم سے اور جو سے۔ اور خمر وہ چیز ہے جو عقل کو ڈھانپ لے۔

(٢٤٢٢٥) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنِ الزُّهْرِيِّ ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ ، قَالَ :قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ :ذُكِرَ لِي أَنَّ عُبَيْ اللهِ وَأَصْحَابَهُ شَرِبُوا شَرَابًا بِالشَّامِ ، وَأَنَا سَائِلٌ عَنْهُ ، فَإِنْ كَانَ مُسْكِرًا جَلَدْتُهُمْ.

(۲۴۲۲۵) حضرت سائب بن یزید سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے بتلایا گیا ہے کہ عبید اللہ اور اس کے ساتھیوں نے ملکِ شام میں شراب نوشی کی ہے۔ میں اس بارے میں پوچھوں گا۔ پس اگر وہ نشہ آور ہوئی تو میں ان کو کوڑے لگاؤں گا۔

(٢٤٢٢٦) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنْ مَعْمَرٍ ، عَنِ الزُّهْرِيِّ ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ ، قَالَ :رَأَيْتُ عُمَرَ يَحُدُّهُمْ.

(۲۴۲۲۶) حضرت سائب بن یزید سے روایت ہے کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ آپ رضی اللہ عنہ انہیں حد لگا رہے تھے۔

(٢٤٢٢٧) حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ ، قَالَ :حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ حُرَيْثٍ ، عَنْ مَالِكِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، قَالَ :تَذَاكَرْنَا الطِّلاَءَ ، فَدَخَلَ عَلَيْنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ غَنْمٍ فَتَذَاكَرْنَاهُ فَقَالَ :حَدَّثَنِي أَبُو مَالِكٍ الأَشْعَرِيُّ ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ :يَشْرَبُ أُنَاسٌ مِنْ أُمَّتِي الْخَمْرَ ، يُسَمُّونَهَا بِغَيْرِ اسْمِهَا ، يُضْرَبُ عَلَى رُؤُوسِهِمْ بِالْمَعَازِفِ وَالْقَيْنَاتِ ، يَخْسِفُ اللَّهُ بِهِمُ الأَرْضَ ، وَيَجْعَلُ مِنْهُمُ الْقِرَدَةَ وَالْخَنَازِيرَ.

(ابو داؤد ۳۶۸۱۔ احمد ۵/ ۳۴۲)

(۲۴۲۲۷) حضرت مالک بن ابی مریم سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ ہم نے باہم طلاء.....انگور کے شیرہ کا پختہ مشروب.....کا تذکرہ کیا۔ اس دوران عبدالرحمٰن بن غنم ہمارے پاس آئے تو ہم نے ان کو بھی مذاکرہ میں شریک کرلیا۔ تو انہوں نے فرمایا: مجھ سے ابو مالک اشعری نے بیان کیا کہ جناب نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''میری امت میں سے کچھ لوگ شراب نوشی کریں گے لیکن وہ اُس کا نام شراب نہیں رکھیں گے، ان کے سروں پر باجوں اور مغنیات کو بجایا جائے گا۔ اللہ تعالیٰ ان کو زمین میں دھنسا دیں گے اور ان میں سے (کچھ کو) بندر اور خنزیر بنا دیا جائے گا۔''

(٢٤٢٢٨) حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ مُوسَى ، عَنْ سَعْدِ بْنِ أَوْسٍ ، عَنْ بِلاَلِ بْنِ يَحْيَى ، عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ حَفْصٍ ، عَنِ ابْنِ مُحَيْرِيزٍ ، عَنِ ابْنِ السِّمْطِ ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لَيَسْتَحِلَّنَّ آخِرُ أُمَّتِي الْخَمْرَ بِاسْمٍ تُسَمِّيهَا. (احمد ۵/ ۳۱۸۔ بزار ۲۶۸۹)

(۲۴۲۲۸) حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''میری امت کے آخری لوگ شراب کو ضرور بالضرور حلال سمجھیں گے اور اس کا شراب کے علاوہ کوئی نام رکھیں گے۔''

(٢٤٢٢٩) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، قَالَ :حَدَّثَنَا الثَّوْرِيُّ ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ ، عَنْ ذَرِّ بْنِ عَبْدِ اللهِ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبْزَى ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ :سَأَلْتُ أُبَيَّ بْنَ كَعْبٍ عَنِ النَّبِيذِ ؟ قَالَ :عَلَيْكَ بِالْمَاءِ ، عَلَيْكَ بِالسَّوِيقِ ، عَلَيْكَ بِالْعَسَلِ ، عَلَيْكَ بِاللَّبَنِ الَّذِي نَجَعَتْ بِهِ ، قَالَ ، فَعَاوَدْتُهُ فَقَالَ :الْخَمْرَ تُرِيدُ ؟.

(۲۴۲۲۹) حضرت سعید بن عبدالرحمان، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں، کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے نبیذ کے بارے میں سوال کیا؟ انہوں نے فرمایا: تم پانی لو۔ تم ستو لو۔ تم شہد لو۔ تم وہ دودھ لو جس کو تم خوش ہو کر پیتے ہو۔ راوی کہتے ہیں۔ میں نے ان سے دوبارہ دوہرانے کا کہا۔ تو وہ فرمانے لگے۔ تمہارا ارادہ شراب کا تو نہیں؟

(٢٤٢٣٠) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنْ مُحَمَّدٍ ، عَنْ عَبِيدَةَ ، قَالَ :أَحْدَثَ النَّاسُ أَشْرِبَةً مَا أَدْرِي مَا هِيَ ، فَلَيْسَ لِي شَرَابٌ مُنْذُ عِشْرِينَ سَنَةً إِلاَّ الْمَاءُ وَاللَّبَنُ وَالْعَسَلُ.

(۲۴۲۳۰) حضرت عبیدہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ لوگوں نے بہت سے مشروبات نئے بنا لئے ہیں۔ جن کے بارے میں میں نہیں جانتا کہ وہ کیا ہیں؟ میں تو بیس سال سے پانی، دودھ اور شہد کے سوا کوئی مشروب نہیں استعمال کرتا۔

(٢٤٢٣١) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنِ الأَوْزَاعِيِّ ، قَالَ :حَدَّثَنَا أَبُو كَثِيرٍ ، قَالَ :سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ ، قَالَ :سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ :الْخَمْرُ مِنْ هَاتَيْنِ الشَّجَرَتَيْنِ ؛ مِنَ الْعِنَبَةِ وَالنَّخْلَةِ.

(مسلم ١٥۔ ابو داؤد ٣٦٧٠)

(۲۴۲۳۱) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو سنا تو آپ ﷺ نے فرمایا: ''خمران دو درختوں انگور اور کھجور سے بنتی ہے۔''

(٢٤٢٣٢) حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ حُبَابٍ ، قَالَ :حَدَّثَنَا الضَّحَّاكُ بْنُ عُثْمَانَ ، قَالَ :حَدَّثَنِي بُكَيْرُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ الأَشَجِّ ، قَالَ :أُرَاهُ عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :أَنْهَاكُمْ عَنْ قَلِيلِ مَا أَسْكَرَ كَثِيرُهُ. (نسائی ٥١١٩۔ دارمی ٢٠٩٩)

(۲۴۲۳۲) حضرت عامر بن سعد بن ابی وقاص سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ جناب نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''جس چیز کے زیادہ سے نشہ آتا ہے میں تمہیں اس چیز کے کم سے منع کرتا ہوں۔''

(٢٤٢٣٣) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ ، عَنِ الرَّبِيعِ ، عَنْ أَبِي الْعَالِيَةِ ، أَوْ غَيْرِهِ، عَنِ ابْنِ مُغَفَّلٍ، قَالَ :أَنَا شَهِدْتُ مَعَ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ نَبِيذِ الْجَرِّ ، وَأَنَا شَهِدْتُهُ رَخَّصَ وَقَالَ :اجْتَنِبُوا كُلَّ مُسْكِرٍ.

(طحاوی ٢٢٩۔ احمد ٤/ ٨٧)

(۲۴۲۳۳) حضرت ابن مغفل سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ موجود تھا۔ جب آپ ﷺ نے گھڑے کی نبیذ سے نہی ارشاد فرمائی۔ اور میں آپ ﷺ کے پاس حاضر تھا جب آپ ﷺ نے رخصت دی اور فرمایا: ''ہر نشہ آور چیز سے اجتناب کرو۔''

(٢٤٢٣٤) حَدَّثَنَا أَبُو الأَحْوَصِ ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ ، عَنْ هُبَيْرَةَ ، عَنْ عَلِيٍّ ، قَالَ :نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْجِعَةِ. (ترمذی ١٨٥٤۔ ابن ماجه ٣٦٥٤)

(۲۴۲۳۴) حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے جِعہ (گندم اور جَو سے بنائی جانے والی) شراب سے منع فرمایا۔

(٢٤٢٣٥) حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ سُمَيْعٍ ، عَنْ مُسْلِمٍ الْبَطِينِ ، قَالَ :سَأَلْتُ أَبَا عَمْرٍو الشَّيْبَانِيَّ عَنِ الْجِعَةِ ؟فَقَالَ :شَرَابٌ يُصْنَعُ بِالْيَمَنِ مِنَ الشَّعِيرِ.

(۲۴۲۳۵) حضرت مسلم بطین سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ میں نے ابو عمرو شیبانی سے جِعہ کے بارے میں سوال کیا؟ تو انہوں نے جواب میں ارشاد فرمایا: یہ ایک مشروب ہے جو یمن میں جَو سے بنایا جاتا ہے۔

(٢٤٢٣٦) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنْ أَبِي الْجُوَيْرِيَةِ ، قَالَ :سَأَلْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ عَنِ الْبَاذِقِ ؟ فَقَالَ :سَبَقَ مُحَمَّدٌ الْبَاذِقَ، أَنَا أَوَّلُ الْعَرَبِ سَأَلَ ابْنَ عَبَّاسٍ عَنْ ذَلِكَ. (بخاری ٥٥٩٨۔ نسائی ٥١١٦)

(۲۴۲۳۶) حضرت ابوالجویریہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے باذق..... وہ شیرہ انگور جس کو ہلکا پکایا جائے اور وہ سخت ہو جائے..... کے بارے میں سوال کیا؟ تو انہوں نے فرمایا: باذق کے بارے میں سوال کرنے میں محمد نے پہل کر لی ہے۔ میں اہل عرب میں سے پہلا شخص تھا جس نے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے اس کے بارے میں سوال کیا تھا۔

(٢٤٢٣٧) حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ الأَحْمَرُ ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ ، قَالَ :بَلَغَنِى عَنْ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ ، قَالَ : كَانَ قَوْمٌ عَلَى شَرَابٍ ، فَسَكِرَ رَجُلٌ مِنْهُمْ ، فَجَلَدَهُمْ كُلَّهُمْ.

(۲۴۲۳۷) حضرت یحییٰ بن سعید سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ مجھے حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ کے بارے میں یہ بات پہنچی ہے۔ کہ کچھ لوگ شراب کی محفل میں شریک تھے ان میں سے ایک آدمی کو نشہ آ گیا تو حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ نے تمام شرکاء محفل کو کوڑے لگائے۔

(٢٤٢٣٨) حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ ، عَنِ الْعَلاَءِ بْنِ الْمِنْهَالِ ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ ، قَالَ :أُتِىَ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ بِقَوْمٍ قَعَدُوا عَلَى شَرَابٍ، مَعَهُمْ رَجُلٌ صَائِمٌ ، فَضَرَبَهُمْ وَقَالَ: لاَ تَقْعُدُوا مَعَهُمْ حَتَّى يَخُوضُوا فِى حَدِيثٍ غَيْرِهِ.

(۲۴۲۳۸) حضرت ہشام بن عروہ سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ کے پاس کچھ لوگوں کو لایا گیا۔ جو شراب پر اکٹھے بیٹھے تھے، ان میں ایک روزہ دار بھی تھا۔ آپ نے ان سب کو کوڑے لگوائے اور فرمایا۔ تم ان لوگوں کے ساتھ تب تک نہ بیٹھو جب تک کہ وہ کسی اور بات میں مشغول نہ ہو جائیں۔

(٢٤٢٣٩) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ عَلِىِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ النَّابِغَةِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَلِىٍّ، عَنِ النَّبِىِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ :كُنْتُ نَهَيْتُكُمْ عَنْ هَذِهِ الأَوْعِيَةِ فَاشْرَبُوا فِيهَا ، وَاجْتَنِبُوا مَا أَسْكَرَ.

(۲۴۲۳۹) حضرت علی رضی اللہ عنہ، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''میں تمہیں ان برتنوں سے منع کرتا ہوں لیکن (اب) تم ان برتنوں میں پی لیا کرو۔ اور نشہ آور چیزوں سے اجتناب رکھو۔''

(٢٤٢٤٠) حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ أَشْعَثَ بْنِ أَبِى الشَّعْثَاءِ ، قَالَ :قُلْتُ لَهُ : كَانَ أَبُوكَ يَشْرَبُ النَّبِيذَ؟ قَالَ :نَعَمْ ، حَتَّى لَقِىَ عَبْدَ اللهِ بْنَ عُمَرَ فَنَهَاهُ عَنْهُ.

(۲۴۲۴۰) حضرت شعبہ، اشعث بن ابی الشعثاء کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہتے ہیں کہ میں نے ان سے کہا۔ تمہارے والد نبیذ پیا کرتے تھے؟ اشعث نے کہا۔ ہاں، پیتے تھے یہاں تک کہ وہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے ملے تو انہوں نے والد صاحب کو نبیذ سے منع کر دیا۔

(٢٤٢٤١) حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ ، عَنْ إِسْرَائِيلَ ، عَنْ أَبِى إِسْحَاقَ ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُرَحْبِيلَ ، عَنْ عُمَرَ ، قَالَ : كَانَ مُنَادِى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا قَامَ إِلَى الصَّلاَةِ نَادَى :﴿لاَ تَقْرَبُوا الصَّلاَةَ وَأَنْتُمْ سُكَارَى﴾.

(ابو داؤد ۳۶۶۲۔ ترمذی ۳۰۴۹)

(۲۴۲۴۱) حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ جب رسول اللہ ﷺ نماز کے لئے کھڑے ہوتے تو آپ ﷺ منادی یہ آواز لگاتا تھا۔ ''جب تم نشہ کی حالت میں ہو تو اس وقت نماز کے قریب بھی نہ جانا۔''

(٢٤٢٤٢) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ ، عَنِ الشَّيْبَانِيِّ ، عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ حَفْصٍ ، عَنِ ابْنِ مُحَيْرِيزٍ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لَيَشْرَبَنَّ طَائِفَةٌ مِنْ أُمَّتِي الْخَمْرَ بِاسْمٍ يُسَمُّونَهَا إِيَّاهُ. (عبدالرزاق ۱۷۰۵۵)

(۲۴۲۴۲) حضرت ابن محریز سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ جناب نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ''البتہ ضرور بالضرور میری امت کا ایک طبقہ شراب اس طرح پیئے گا کہ وہ اس کا نام شراب کے علاوہ کوئی اور رکھے گا۔''

(٢٤٢٤٣) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ خَالِدِ بْنِ دِينَارٍ ، عَنْ شَيْخٍ ، قَالَ : سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُولُ : السُّكْرُ مِنَ الْكَبَائِرِ.

(۲۴۲۴۳) ایک شیخ سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کو کہتے سنا: نشہ کرنا کبیرہ گناہ میں سے ہے۔

(٢٤٢٤٤) حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ مُوسَى ، قَالَ : حَدَّثَنَا إِسْرَائِيلُ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مُهَاجِرٍ ، عَنِ الشَّعْبِيِّ ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ : مِنَ الْحِنْطَةِ خَمْرٌ ، وَمِنَ الشَّعِيرِ خَمْرٌ ، وَمِنَ الزَّبِيبِ خَمْرٌ ، وَمِنَ الْعَسَلِ خَمْرٌ. (ابوداؤد ۳۶۶۸۔ ترمذی ۱۸۷۲)

(۲۴۲۴۴) حضرت نعمان بن بشیر، جناب نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''گندم سے شراب ہوتی ہے۔ جو سے شراب ہوتی ہے۔ کشمش سے شراب ہوتی ہے۔ شہد سے شراب ہوتی ہے۔''

(٢٤٢٤٥) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ بُرْقَانَ ، عَنْ فُرَاتِ بْنِ سَلْمَانَ ، عَنْ رَجُلٍ مِنْ جُلَسَاءِ الْقَاسِمِ ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : أَوَّلُ مَا يُكْفَأُ فِي الإِسْلاَمِ بِشَرَابٍ ، يُقَالُ لَهُ : الطِّلاَءُ.

(ابویعلی ۴۸۱۲

(۲۴۲۴۵) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے۔ کہتی ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''اسلام میں سب سے پہلے جو شرب گرائی گئی یہ وہ شراب ہے جس کو طلاء..... انگور کے شیرہ کو پکا کر بنائی گئی شراب..... کہا جاتا ہے۔''

(٢٤٢٤٦) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ أَبِي حَيَّانَ ، عَنِ الشَّعْبِيِّ ، عَنْ عَائِشَةَ ، قَالَتْ : حَدَّثَتْ أُشْرِبَةٌ لَوْ كَانَتْ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْهَا.

(۲۴۲۴۶) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے۔ کہتی ہیں کہ ایسی نئی شرابیں تیار ہوگئی ہیں کہ اگر وہ جناب رسول اللہ ﷺ کے عہد میں ہوتیں تو آپ ﷺ اُن سے منع کر دیتے۔

(٢٤٢٤٧) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ ؛ أَنَّ رَجُلاً قَالَ لابْنِ عُمَرَ : إِنَّ أَهْلَنَا يَنْبِذُونَ شَرَابًا لَهُمْ غَدْوَةً فَيَشْرَبُونَهُ عَشِيَّةً ، وَيَنْبِذُونَ عَشِيَّةً فَيَشْرَبُونَهُ غَدْوَةً ، قَالَ ابْنُ عُمَرَ : أَنْهَاكَ عَنِ السُّ

قَلِيلِهِ وَكَثِيرِهِ ، وَأُشْهِدُ اللَّهَ عَلَيْكَ ، أَنَّ أَهْلَ خَيْبَرَ يَنْبِذُونَ شَرَابًا لَهُمْ مِنْ كَذَا وَكَذَا ، يُسَمُّونَهُ كَذَا وَكَذَا ، وَهِيَ الْخَمْرُ ، وَإِنَّ أَهْلَ فَدَكَ يَنْبِذُونَ شَرَابًا مِنْ كَذَا وَكَذَا ، يُسَمُّونَهَا كَذَا وَكَذَا ، وَهِيَ الْخَمْرُ ، فَعَدَّ أَرْبَعَةَ أَشْرِبَةٍ أَحَدُهَا الْعَسَلُ . قَالَ ابْنُ عَوْنٍ :وَكَانَ ابْنُ سِيرِينَ يُسَمِّيهَا كُلَّهَا إِلاَّ الْعَسَلَ.

۲۴۲۴) حضرت ابن سیرین رحمہ اللہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے کہا۔ کہ ہمارے اہل خانہ صبح کے وقت پینے لیئے ایک مشروب نبیذ کا رکھتے ہیں جس کو وہ شام کے وقت پی لیتے ہیں۔ اور ایک مشروب نبیذ کا شام کو رکھتے ہیں اور اس کو صبح کے وقت پی لیتے ہیں۔ حضرت ابن عمر نے فرمایا: میں تمہیں نشہ آور چیز سے روکتا ہوں خواہ وہ تھوڑی ہو یا زیادہ۔ اور میں تم پر اللہ کو گواہ کر کہتا ہوں کہ اہل خیبر اپنے لئے فلاں، فلاں چیز سے نبیذ بناتے تھے اور اس کا یہ یہ نام رکھتے تھے اور یہ چیز حقیقت میں خمر تھی۔ اور فدک فلاں فلاں چیز سے نبیذ بناتے تھے اور اس کا یہ، یہ نام رکھتے تھے اور یہ چیز حقیقت میں خمر تھی۔ (اسی طرح) آپ رضی اللہ عنہ نے مشروبات کا ذکر کیا جن میں سے ایک شہد تھا۔

حضرت ابن عون کہتے ہیں کہ ابن سیرین رحمہ اللہ، شہد کے علاوہ ان سب کا (علیحدہ) نام لیتے تھے۔

(۲) مَا ذُكِرَ عنِ النّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيمَا نَهَى عَنْهُ مِن الظّرُوفِ

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے برتنوں کی ممانعت کے بارے میں مروی احادیث

۲۴۲۵) حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ سُمَيْعٍ ، عَنْ مَالِكِ بْنِ عُمَيْرٍ ؛ أَنَّ صَعْصَعَةَ بْنَ صُوحَانَ أَتَى عَلِيًّا فَسَلَّمَ عَلَيْهِ ، فَقَالَ :يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ ، إِنْهَنَا عَمَّا نَهَاكَ عَنْهُ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :قَالَ : نَهَانَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الدُّبَّاءِ ، وَالْحَنْتَمِ ، وَالْمُقَيَّرِ ، وَالْجِعَةِ.

(ابوداؤد ۳۶۹۰۔ احمد ۱/ ۱۳۸)

۲۴۲۵) حضرت مالک بن عمیر سے روایت ہے کہ صعصعہ بن صُوحان، حضرت علی رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ کو سلام کیا۔ پھر اس نے کہا۔ اے امیر المؤمنین! آپ ہمیں ان چیزوں سے منع کر دیں، جن چیزوں سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کو نہی کی تھی۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں دُبّاء، (بڑا گھڑا جو کدو کو خشک کر کے بنایا جاتا تھا)۔ حَنتم۔ (سبز یا سرخ گھڑا)۔ مُقیَّر (وہ گھڑا جس کو تارکول مل دیا ہو) اور جِعّہ (جو یا گندم سے بنائی گئی شراب) سے منع فرمایا تھا۔

۲۴۲۶) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ ، عَنِ الشَّيْبَانِيِّ ، عَنْ حَبِيبٍ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ، قَالَ :نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، عَنِ الدُّبَّاءِ ، وَالْحَنْتَمِ ، وَالْمُزَفَّتِ ، وَالنَّقِيرِ. (بخاری ۵۳۔ مسلم ۴۸)

۲۴۲۶) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے دُباء، حنتم، مزفت..... تارکول ملا ہوا گھڑا، اور نقیر..... وہ برتن جو درخت کی موٹی لکڑی کو اندر سے خالی کر کے بنایا جائے..... سے منع فرمایا۔ (یہ تمام برتن شراب کے

لئے مستعمل تھے)

(٢٤٢٥٠) حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ ، عَنْ مَنْصُورِ بْنِ حَيَّانَ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ ، قَالَ : أَشْهَدُ عَلَى ابْنِ عَبَّاسٍ ، وَابْنِ عُمَرَ ، أَنَّهُمَا شَهِدَا أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ الدُّبَّاءِ ،وَالْحَنْتَمِ ، وَالْمُزَفَّتِ ، وَالنَّقِيرِ . (مسلم ١٥٨٠۔ ابو داؤد ٣٦٨٣)

(۲۴۲۵۰) حضرت سعید بن جُبیر سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کے بارے میں گواہی دے کر بتاتا ہوں کہ ان دونوں نے اس بات کی گواہی دی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دُباء، حنتم، مزفت اور نقیر سے منع فرمایا۔

(٢٤٢٥١) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، قَالَ :نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُنْبَذَ فِي الْمُزَفَّتِ ، وَالدُّبَّاءِ ، وَالْحَنْتَمِ ، وَالنَّقِيرِ.

(مسلم ١٥٧٧۔ ابن حبان ٥٤٠٤)

(۲۴۲۵۱) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات سے منع کیا کہ: مُزفّت، دُباء، حنتم اور نقیر میں نبیذ بنائی جائے۔

(٢٤٢٥٢) حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ نُمَيْرٍ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي إِسْمَاعِيلَ ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عَاصِمٍ الْعَنَزِيِّ ، قَالَ : دَخَلْتُ عَلَى أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ فَسَأَلْتُهُ عَنِ النَّبِيذِ ، فَقَالَ :نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الدُّبَّاءِ وَالْمُزَفَّتِ؟ فَأَعَدْتُهَا عَلَيْهِ فَقَالَ :نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الدُّبَّاءِ وَالْمُزَفَّتِ ، فَأَعَدْتُهَا عَلَيْهِ فَقَالَ :نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الدُّبَّاءِ وَالْمُزَفَّتِ. (بخاری ٥٥٨٧۔ مسلم ١٥٧٧)

(۲۴۲۵۲) حضرت عمارہ بن عاصم عنزی سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ میں حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور میں نے آپ رضی اللہ عنہ سے نبیذ کے بارے میں سوال کیا؟ انہوں نے جواباً ارشاد فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دباء، مزفّت سے منع فرمایا ہے۔ پس میں (عمارہ) نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے یہ سوال دوبارہ کیا تو انہوں نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دُباء اور مزفت سے منع فرمایا ہے۔ میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے یہ سوال دوہرایا تو انہوں نے پھر جواباً مزفت سے منع کیا ہے۔

(٢٤٢٥٣) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ إِسْحَاقَ ، عَنِ ابْنِ مُبَارَكٍ ، عَنْ وِقَاءٍ ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ رَبِيعَةَ ، عَنْ سَمُرَةَ ، قَالَ : نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الدُّبَّاءِ وَالْمُزَفَّتِ. (احمد ٥/ ١٧)

(۲۴۲۵۳) حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دُباء اور مزفت سے منع کیا ہے۔

(٢٤٢٥٤) حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ ، عَنْ جَابِرٍ ، قَالَ :نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الدُّبَّاءِ وَالنَّقِيرِ وَالْمُزَفَّتِ. (مسلم ١٥٨٣۔ احمد ٣/ ٣٨٤)

(۲۴۲۵۴) حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دُباء اور نقیر اور مزفت سے منع کیا ہے۔

(٢٤٢٥٥) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ مُحَارِبٍ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ ، قَالَ :نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، عَنِ الدُّبَّاءِ ، وَالْحَنْتَمِ ، وَالْمُزَفَّتِ ، قَالَ :وَأُرَاهُ قَالَ :وَالنَّقِيرِ. (مسلم ١٥٨٢۔ احمد ٢/ ٤٢)

(۲۴۲۵۵) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دُباء، حنتم اور مُزفّت سے منع کیا ہے۔ راوی کہتے ہیں۔ میرا خیال ہے کہ انہوں نے نقیر کا بھی کہا تھا۔

(٢٤٢٥٦) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ ، عَنْ نَافِعٍ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ ، قَالَ :خَطَبَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّاسَ ذَاتَ يَوْمٍ ، فَجِئْتُ وَقَدْ فَرَغَ ، فَسَأَلْتُ النَّاسَ :مَاذَا قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ؟ قَالُوا :نَهَى أَنْ يُنْبَذَ فِي الْمُزَفَّتِ وَالْقَرْعِ. (مسلم ١٥٨١۔احمد ٢/ ٥٤)

(۲۴۲۵۶) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دن لوگوں کو خطبہ ارشاد فرمایا: پس جب میں مجلس میں آیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم خطبہ دے کر فارغ ہو چکے تھے۔ میں نے لوگوں سے (خطبہ کے بارے) سوال کیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا خطبہ ارشاد فرمایا؟ لوگوں نے بتایا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مزفّت اور قرع (دباء) میں نبیذ بنانے سے منع فرمایا ہے۔

(٢٤٢٥٧) حَدَّثَنَا شَبَابَةُ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ سَلَمَةَ ، قَالَ :قَالَ أَبُو الْحَكَمِ :حَدَّثَنِي أَخِي ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ ؛ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ نَبِيذِ الْجَرِّ ، وَالدُّبَّاءِ ، وَالْمُزَفَّتِ. (احمد ٦٢۔ ابویعلی ١٣٠٢)

(۲۴۲۵۷) حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے گھڑے، دُباء اور مزفت کی نبیذ سے منع فرمایا ہے۔

(٢٤٢٥٨) حَدَّثَنَا شَبَابَةُ ، قَالَ :حَدَّثَنَا شُعْبَةُ ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَطَاءٍ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَعْمُرَ ، قَالَ :نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الدُّبَّاءِ ، وَالْمُزَفَّتِ ، وَالْحَنْتَمِ. (ترمذی ٧١٣۔ ابن ماجه ٣٤٠٤)

(۲۴۲۵۸) حضرت عبدالرحمان بن یعمر سے روایت ہے۔ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دُباء، مزفت اور حنتم سے منع فرمایا ہے۔

(٢٤٢٥٩) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ ، عَنْ مُغِيرَةَ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، عَنْ عَائِشَةَ ، قَالَتْ :نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الدُّبَّاءِ وَالْحَنْتَمِ وَالْمُزَفَّتِ ، وَقَالَتْ :الْحَنْتَمُ جِرَارٌ يُجَاءُ بِهَا مِنْ مِصْرَ ، يُعْمَلُ فِيهَا الْخَمْرُ.

(بخاری ٥٥٩٥۔ مسلم ١٥٧٨)

(۲۴۲۵۹) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے۔ کہتی ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دُباء، حنتم اور مزفت سے نہی ارشاد فرمائی ہے۔ اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حنتم ایک گھڑا ہوتا تھا۔ جو مصر سے لایا جاتا تھا اور اس میں شراب بنائی جاتی تھی۔

(٢٤٢٦٠) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ ، عَنْ أَشْعَثَ بْنِ عُمَيْرٍ الْعَبْدِيِّ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ :أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفْدُ عَبْدِ الْقَيْسِ ، فَلَمَّا أَرَادُوا الانْصِرَافَ قَالُوا :قَدْ حَفِظْتُمْ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلَّ شَيْءٍ سَمِعْتُمْ مِنْهُ ، فَسَلُوهُ عَنِ النَّبِيذِ ؟ فَأَتَوْهُ فَقَالُوا :يَا رَسُولَ اللهِ ، إِنَّا بِأَرْضٍ وَخِمَةٍ

لَا يُصْلِحُنَا فِيهَا إِلَّا الشَّرَابُ ، قَالَ :فَقَالَ :وَمَا شَرَابُكُمْ ؟ قَالُوا :النَّبِيذُ ، قَالَ :فِي أَيِّ شَيْءٍ تَشْرَبُونَهُ ؟ قَالُوا:فِي النَّقِيرِ ، قَالَ :فَلَا تَشْرَبُوا فِي النَّقِيرِ ، قَالَ :فَخَرَجُوا فَقَالُوا :وَاللَّهِ لَا يُصَالِحُنَا قَوْمُنَا عَلَى هَذَا ، فَرَجَعُوا فَسَأَلُوهُ ، فَقَالَ لَهُمْ مِثْلَ ذَلِكَ ، ثُمَّ عَادُوا ، فَقَالَ لَهُمْ :لَا تَشْرَبُوا فِي النَّقِيرِ فَيَضْرِبَ مِنْكُمُ الرَّجُلُ ابْنَ عَمِّهِ ضَرْبَةً لَا يَزَالُ مِنْهَا أَعْرَجَ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ ، قَالَ :فَضَحِكُوا ، قَالَ :مِنْ أَيِّ شَيْءٍ تَضْحَكُونَ ؟ قَالُوا:يَا رَسُولَ اللهِ ، وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ لَقَدْ شَرِبْنَا فِي نَقِيرٍ لَنَا فَقَامَ بَعْضُنَا إِلَى بَعْضٍ ، فَضَرَبَ هَذَا ضَرْبَةً عَرِجَ مِنْهَا إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ. (الطبرانی ۱۲۲)

(۲۴۲۶۰) حضرت اشعث بن عمیر عبدی، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں۔ کہتے ہیں کہ جناب نبی کریم ﷺ کی خدمت میں عبدالقیس کا وفد حاضر ہوا۔ پس جب انہوں نے واپس جانے کا ارادہ کیا تو انہوں نے (باہم) کہا۔ تم نے نبی کریم ﷺ سے وہ ساری چیزیں محفوظ کر لی ہیں جو آپ ﷺ سے تم نے سُنی ہیں۔ تو (اب) تم آپ ﷺ سے نبیذ کے بارے میں پوچھ لو؟ چنانچہ وہ لوگ آپ ﷺ کے پاس آگے اور انہوں نے کہا: یارسول اللہ ﷺ! ہم ایک ناموافق زمین میں ہیں۔ جس میں ہمیں ایک خاص مشروب ہی موافق آتا ہے۔ راوی کہتے ہیں۔ آپ ﷺ نے پوچھا۔ ''تمہارا مشروب کیا ہے؟ انہوں نے کہا۔ نبیذ۔ آپ ﷺ نے پوچھا۔ ''تم کس چیز (برتن) میں اس کو پیتے ہو؟'' ان لوگوں نے کہا نقیر میں۔ آپ ﷺ نے فرمایا۔ ''تم نقیر میں نبیذ نہ پیو۔'' راوی کہتے ہیں۔ پس یہ لوگ باہر نکل آئے اور انہوں (ایک دوسرے سے) کہا۔ خدا کی قسم! ہماری قوم اس بات پر تو ہمارے ساتھ مصالحت نہیں کرے گی۔ چنانچہ یہ لوگ واپس پلٹے اور انہوں نے آپ ﷺ سے یہ سوال دوبارہ پوچھا۔ تو آپ ﷺ نے انہیں پہلے کی طرف ہی جواب دیا۔ انہوں نے ایک مرتبہ پھر سوال دوہرایا تو آپ ﷺ نے ان سے ارشاد فرمایا: ''نقیر میں نبیذ نہ پیو کہ (کہیں ایسا نہ ہو) تم میں سے کوئی یہ نقیر اپنے چچازاد کو دے مارے اور وہ بیچارہ قیامت کے دن تک لنگڑا ہی ہو جائے۔'' راوی کہتے ہیں۔ اس پر وہ لوگ ہنس پڑے۔ آپ ﷺ نے پوچھا۔ ''تم کس بات پر ہنس رہے ہو؟'' انہوں نے عرض کیا۔ قسم اس ذات کی جس نے آپ کو حق کے ساتھ مبعوث فرمایا ہے۔ واقعۃً ہم نے اپنے ایک نقیر میں نبیذ پی تھی۔ پھر ہم میں سے کوئی کھڑا ہوا اور اس نے یہ نقیر کسی کو دے مارا اور وہ شخص اس ضرب کی وجہ سے تا قیامت لنگڑا ہو گیا۔

(٢٤٢٦١) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، قَالَ :أَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ ، عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ يَزِيدَ ، عَنِ ابْنِ عَمٍّ لَهَا ، يُقَالُ لَهُ:أَنَسٌ ، أَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُولُ :أَلَمْ يَقُلِ اللَّهُ تَعَالَى :﴿وَمَا آتَاكُمُ الرَّسُولُ فَخُذُوهُ وَمَا نَهَاكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوا﴾؟ قَالُوا:بَلَى ، قَالَ :أَلَمْ يَقُلِ اللَّهُ تَعَالَى :﴿وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَلَا مُؤْمِنَةٍ إِذَا قَضَى اللَّهُ وَرَسُولُهُ أَمْرًا﴾؟ قَالَ :فَأَشْهَدُ عَلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ نَهَى عَنْ نَبِيذِ النَّقِيرِ ، وَالْمُزَفَّتِ ، وَالدُّبَّاءِ ، وَالْحَنْتَمِ.

(نسائی ۵۱۵۴)

(۲۴۲۶۱) حضرت اسماء بنت یزید، اپنے چچازاد (جن کو انس کہا جاتا تھا) سے روایت کرتی ہیں کہ انہوں نے حضرت عبداللہ ابن

عباس رضی اللہ عنہ کو کہتے سُنا کہ کیا یہ فرمان خداوندی نہیں ہے۔ (ترجمہ) ''اور رسول تمہیں جو کچھ دیں وہ لے لو اور جس چیز سے منع کریں اس سے رُک جاؤ''؟ لوگوں نے کہا۔ کیوں نہیں۔ پھر حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہا۔ کیا یہ کلام خداوندی نہیں ہے۔ ''اور جب اللہ اور رسول کسی بات کی حتمی فیصلہ کر دیں تو نہ کسی مؤمن مرد کے لئے یہ گنجائش ہے۔ نہ کسی مؤمن عورت کے لئے۔''؟ پھر حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر گواہی دے کر یہ بات کہتا ہوں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نقیر، مزفت، دُباء اور حنتم کی نبیذ سے منع فرمایا ہے۔

(٢٤٢٦٢) حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ أَبِي شِمْرٍ الضَّبَعِيِّ ، قَالَ سَمِعْت عَائِذَ بْنَ عَمْرٍو يَنْهَى عَنِ الْحَنْتَمِ ، وَالدُّبَّاءِ ، وَالْمُزَفَّتِ ، وَالنَّقِيرِ ، قَالَ :فَقُلْتُ لَهُ :عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ؟ فَقَالَ :نَعَمْ.

(احمد ٥/ ٦٤۔ طبرانی ٢٩)

(۲۴۲۶۲) حضرت ابوشمر الضبعی سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ میں نے عائذ بن عمرو کو حنتم ''دُباء'' مزفت اور نقیر سے منع کرتے ہوئے سُنا۔ ابوشمر کہتے ہیں۔ میں نے عائذ سے پوچھا۔ یہ حکم نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے ہے؟ انہوں نے جواب دیا۔ ہاں۔

(٢٤٢٦٣) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُصْعَبٍ ، عَنِ الأَوْزَاعِيِّ ، عَنْ يَحْيَى ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، قَالَ :نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ نَبِيذِ الْجَرِّ ، وَالدُّبَّاءِ ، وَالْمُزَفَّتِ ، وَعَنِ الظُّرُوفِ كُلِّهَا.

(ابن ماجه ٤٠٨۔ احمد ٢/ ٥٤٠)

(۲۴۲۶۳) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے گھڑے، دباء مزفت اور تمام برتنوں کی نبیذ سے منع فرمایا۔

(٢٤٢٦٤) حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ ، قَالَ :حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ ، عَنْ عَاصِمٍ الأَحْوَلِ ، عَنْ فُضَيْلِ بْنِ زَيْدٍ، قَالَ :كُنَّا عِنْدَ عَبْدِ اللهِ بْنِ مُغَفَّلٍ فَتَذَاكَرْنَا الشَّرَابَ فَقَالَ :الْخَمْرُ حَرَامٌ ، فَقُلْتُ :الْخَمْرُ حَرَامٌ فِي كِتَابِ اللهِ ، قَالَ :فَأَيُّ شَيْءٍ تُرِيدُ ؟ تُرِيدُ مَا سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ؟ سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْهَى عَنِ الدُّبَّاءِ ، وَالْحَنْتَمِ ، وَالْمُزَفَّتِ. (احمد ٤/ ٨٧۔ دارمی ٢١١٢)

(۲۴۲۶۴) حضرت فضیل بن عیاض سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ ہم عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ کے پاس تھے کہ ہم نے ایک دوسرے سے شراب کا ذکر کیا۔ اس پر حضرت عبداللہ نے فرمایا۔ شراب حرام ہے۔ میں نے پوچھا۔ شراب کی حرمت کتاب اللہ میں ہے۔ تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ تم کیا بات چاہتے ہو؟ جو بات میں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنی ہے تم وہ چاہتے ہو؟ (تو) میں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو سُنا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دباء، حنتم اور مزفت سے منع فرمایا۔

(٢٤٢٦٥) حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِسْحَاقَ ، قَالَ :حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ ، قَالَ :حَدَّثَنَا كُلَيْبُ بْنُ وَائِلٍ ، قَالَ : حَدَّثَتْنِي رَبِيبَةُ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، أَحْسَبُهَا زَيْنَبَ ، قَالَتْ :نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

عَنِ الدُّبَّاءِ ، وَالْحَنْتَمِ ، وَأُرَى فِيهِ النَّقِيرَ. (بخاری ۳۴۹۲۔ طبرانی ۷۱۶)

(۲۴۲۶۵) حضرت کلیب بن وائل بیان کرتے ہیں۔ کہتے ہیں کہ مجھے جناب نبی کریم ﷺ کی زیر تربیت بچی ..... میرے خیال میں زینب مراد تھی ..... نے بیان کیا۔ وہ فرماتی ہیں کہ جناب نبی کریم ﷺ نے دباء، اور حنتم سے منع فرمایا۔ (راوی کہتے ہیں) میرے خیال میں اس میں نقیر کا بھی ذکر تھا۔

(۲٤۲٦٦) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ أَبِي فَرْوَةَ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى ؛ أَنَّهُ كَرِهَ الْمُزَفَّتَ وَقَالَ : لأَنْ أَشْرَبَ بَوْلَ حِمَارٍ أَحَبَّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ أَشْرَبَ فِي مُزَفَّتٍ.

(۲۴۲۶۶) حضرت عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ کے بارے میں روایت ہے کہ وہ مزفت، برتن، کو ناپسند سمجھتے تھے۔ اور کہتے تھے۔ مجھے مزفت۔ میں کچھ پینے سے زیادہ یہ بات محبوب ہے کہ میں گدھے کا پیشاب پیوں۔

(۲٤۲٦٧) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ أَبِي هَارُونَ الْعَبْدِيِّ ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ ، قَالَ : نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمُزَفَّتِ. (عبدالرزاق ۱۶۹۳۰)

(۲۴۲۶۷) حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے مزفت۔ برتن سے منع فرمایا ہے۔

(۲٤۲٦٨) حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ إِدْرِيسَ ، عَنْ حُصَيْنٍ ، عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ ، عَنِ الْبَرَاءِ ، قَالَ : أَمَرَنِي عُمَرُ أَنْ أُنَادِيَ يَوْمَ الْقَادِسِيَّةِ : لاَ نَبِيذَ فِي دُبَّاءٍ ، وَلاَ حَنْتَمٍ ، وَلاَ مُزَفَّتٍ.

(۲۴۲۶۸) حضرت براء سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے مجھے قادسیہ کے دن یہ حکم دیا کہ میں یہ نداء کروں۔ دُباء، حنتم اور مزفت میں نبیذ نہیں پی جائے گی۔

(۲٤۲٦٩) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ ، عَنِ الشَّيْبَانِيِّ ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ نَافِعٍ ، قَالَ سَأَلْتُ ابْنَ عُمَرَ عَنِ الطِّلاَءِ يُطْبَخُ ؟ فَقَالَ : لاَ بَأْسَ ، قُلْتُ : إِنَّهُ فِي مُزَفَّتٍ ، قَالَ : لاَ تَشْرَبْهُ فِي مُزَفَّتٍ.

(۲۴۲۶۹) حضرت عبدالملک بن نافع سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے پختہ طلاء کے بارے میں سوال کیا؟ تو انہوں نے فرمایا۔ کوئی حرج نہیں ہے۔ میں نے پوچھا۔ اگر یہ مزفت۔ برتن۔ میں ہو؟ تو انہوں نے فرمایا۔ تم مزفت میں نبیذ نہ پیو۔

(۲٤۲۷۰) حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ يُوسُفَ ، عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ ، عَنْ أَبِي مِجْلَزٍ ، عَنْ رَجُلٍ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ؛ أَنَّهُ نَهَى عَنِ الْمُزَفَّتِ.

(۲۴۲۷۰) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے مزفت۔ برتن۔ سے منع فرمایا۔

(۲٤۲۷۱) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ أَبِي عَمْرَةَ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ، قَالَ : نَهَى

رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الدُّبَّاءِ ، وَالْمُزَفَّتِ ، وَالْحَنْتَمِ ، وَالنَّقِيرِ ، وَأَنْ يُخْلَطَ الْبَلَحُ بِالزَّهْوِ .

(مسلم ۳۔ نسائی ۵۰۵۷)

(۲۴۲۷۱) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دُباء، مزفت، حنتم اور نقیر سے منع فرمایا: اور اس بات سے بھی منع کیا کہ کچی کھجور کو پکی کھجور سے خلط کیا جائے۔

(٢٤٢٧٢) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ ، عَنِ الْمُخْتَارِ بْنِ فُلْفُلٍ ، قَالَ :سَأَلْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ عَنِ النَّبِيذِ ؟ قَالَ :اجْتَنِبْ مُسْكِرَهُ فِي كُلِّ شَيْءٍ ، وَاجْتَنِبْ مَا سِوَى ذَلِكَ فِيمَا زُفِّتَ فِي دَنٍّ ، أَوْ قِرْبَةٍ ، أَوْ قَرْعَةٍ ، أَوْ جَرَّةٍ.

(۲۴۲۷۲) حضرت مختار بن فلفل سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے نبیذ کے بارے میں سوال کیا؟ تو انہوں نے فرمایا: ہر شئی میں نشہ آور مقدار سے بچو اور جس مٹکے، مشکیزہ، کدو (کے مصنوعی برتن) اور گھڑے کو مزفت بنایا گیا ہو اس کی اس سے بھی کم مقدار سے اجتناب کرو۔

(٢٤٢٧٣) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، قَالَ :أَخْبَرَنَا عَبْدُ الْخَالِقِ بْنُ سَلَمَةَ ، قَالَ ، سَمِعْتُ سَعِيدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ يَقُولُ: سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ يَقُولُ عِنْدَ هَذَا الْمِنْبَرِ ، وَأَشَارَ إِلَى مِنْبَرِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :قَدِمَ وَفْدُ عَبْدِ الْقَيْسِ عَلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَأَلُوهُ عَنِ الأَشْرِبَةِ ؟ فَنَهَاهُمْ عَنِ الدُّبَّاءِ ، وَالنَّقِيرِ ، وَالْحَنْتَمِ ، فَقُلْتُ :يَا أَبَا مُحَمَّدٍ ، الْمُزَفَّتِ ؟ وَظَنَنَّا أَنَّهُ نَسِيَهُ ، فَقَالَ :لَمْ أَسْمَعْهُ يَوْمَئِذٍ مِنِ ابْنِ عُمَرَ .

(مسلم ۱۵۸۳۔ احمد ۲/ ۴۱)

(۲۴۲۷۳) حضرت سعید بن المسیب کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کو اس منبر ..... حضرت سعید رضی اللہ عنہ نے منبر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف اشارہ کیا..... پر کہتے سُنا کہ عبدالقیس کا وفد جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور انہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے مشروبات کے بارے میں سوال کیا؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں دباء، نقیر اور حنتم سے منع فرمایا۔ میں نے پوچھا۔ اے ابومحمد! مزفت (سے منع کیا تھا)؟ ہمارا خیال یہ ہے کہ آپ اس کو بھول گئے تھے۔ تو انہوں نے جواباً فرمایا۔ میں نے اس دن کی حدیث میں یہ بات حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے نہیں سُنی۔

(٢٤٢٧٤) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ ، عَنْ أَبِي التَّيَّاحِ ، عَنْ حَفْصٍ اللَّيْثِيِّ ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ الْحُصَيْنِ ؛ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ الْحَنْتَمِ. (ترمذی ۱۸۳۸۔ احمد ۴/ ۴۲۷)

(۲۴۲۷۴) حضرت عمران بن حصین سے روایت ہے کہ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حنتم سے منع فرمایا ہے۔

(٢٤٢٧٥) حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، عَنِ الأَسْوَدِ ، عَنْ عَائِشَةَ ، قَالَتْ : نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الدُّبَّاءِ وَالْمُزَفَّتِ. (بخاری ۵۵۹۵۔ مسلم ۳۵)

(۲۴۲۷۵) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے۔ کہتی ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دباء اور مزفت سے منع فرمایا ہے۔

(٢٤٢٧٦) حَدَّثَنَا عَبِيْدَةُ بْنُ حُمَيْدٍ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، عَنِ الأَسْوَدِ قَالَ :قُلْتُ لِعَائِشَةَ :مَا نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الأَشْرِبَةِ ؟ قَالَتْ :نَهَى عَنِ الدُّبَّاءِ وَالْمُزَفَّتِ.

قَالَ إِبْرَاهِيمُ :فَقُلْتُ لِلأَسْوَدِ :فَالْحَنْتَمُ وَالْجِرَارُ الْخُضْرُ ؟ فَقَالَ :تُرِيدُ أَنْ تَقُولَ مَا لَمْ يُقَلْ.

(۲۴۲۷۶) حضرت اسود سے روایت ہے۔ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا۔ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کن مشروبات سے منع فرمایا؟ تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے جواباً ارشاد فرمایا: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دباء اور مزفّت (کے مشروبات) سے منع فرمایا ہے۔ حضرت ابراہیم سے اسود کے شاگرد..... کہتے ہیں کہ میں نے حضرت اسود سے پوچھا۔ حنتم اور سبز گھڑا (بھی منع ہے)؟ تم یہ چاہتے ہو کہ جو بات نہیں کہی گئی، ہم وہ بھی کہہ دیں۔

(٣) مَنْ كَرِهَ الْجَرَّ الأَخْضَرَ ، وَنَهَى عَنْهُ

جو لوگ سبز گھڑے کو مکروہ سمجھتے ہیں اور اس سے منع کرتے ہیں

(٢٤٢٧٧) حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ أَبِي حَمْزَةَ جَارٍ لَهُمْ ، قَالَ :سَمِعْتُ هِلاَلاً رَجُلاً مِنْ بَنِي مَازِنٍ يُحَدِّثُ ، عَنْ سُوَيْدِ بْنِ مُقَرِّنٍ ، قَالَ :أَتَيْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنَبِيذٍ فِي جَرَّةٍ ، فَسَأَلْتُهُ ؟ فَنَهَانِي عَنْهُ ، فَأَخَذْتُ الْجَرَّةَ فَكَسَرْتُهَا. (احمد ٣/ ٤٤٧۔ طیالسی ٩٢٦٤)

(۲۴۲۷۷) حضرت سوید بن مقرن سے روایت ہے۔ کہتے ہیں کہ میں جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک گھڑے میں نبیذ لے کر حاضر ہوا اور میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے (نبیذ کے متعلق) سوال کیا؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے نبیذ سے منع فرمایا۔ پس میں نے وہ گھڑا پکڑا اور اس کو توڑ ڈالا۔

(٢٤٢٧٨) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، عَنِ التَّيْمِيِّ ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ ، قَالَ :نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ نَبِيذِ الْجَرِّ الأَخْضَرِ ، قُلْتُ :فَالأَبْيَضُ ؟ قَالَ :لاَ أَدْرِي. (مسلم ١٥٨٠۔ ترمذی ١٨٧٧)

(۲۴۲۷۸) حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے سبز رنگ کے گھڑے کی نبیذ سے منع فرمایا ہے۔ (ابوسعید کے شاگرد کہتے ہیں) میں نے پوچھا۔ سفید (کا حکم کیا ہے)؟ تو انہوں نے فرمایا۔ مجھے معلوم نہیں ہے۔

(٢٤٢٧٩) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، عَنِ التَّيْمِيِّ ، عَنْ أُمَيْنَةَ ، عَنْ عَائِشَةَ ، قَالَتْ :نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ نَبِيذِ الْجَرِّ. (ابن ماجه ٣٤٠٧۔ عبدالرزاق ١٦٩٦٤)

(۲۴۲۷۹) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے، کہتی ہیں کہ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے گھڑے کی نبیذ سے منع فرمایا ہے۔

(٢٤٢٨٠) حَدَّثَنَا ابْنُ مُسْهِرٍ ، عَنِ الشَّيْبَانِيِّ ، عَنِ ابْنِ أَبِي أَوْفَى ، قَالَ :نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، عَنِ جَرِّ الأَخْضَرِ ، قُلْتُ :فَالأَبْيَضُ ؟ قَالَ :لاَ أَدْرِي. (بخاری ٥٥٩٦۔ احمد ٤/ ٣٥٣)

(۲۴۲۸۰) حضرت ابن ابی اوفی سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے سبز رنگ کے گھڑے سے منع فرمایا۔ (ابن ابی اوفی کے شاگرد کہتے ہیں) میں نے پوچھا۔ سفید گھڑا (بھی منع ہے)؟ ابن ابی اوفی نے کہا: مجھے معلوم نہیں ہے۔

(٢٤٢٨١) حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ يَزِيدَ ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ أَسِيدٍ ، قَالَ : قَالَ رَجُلٌ لابْنِ الزُّبَيْرِ : أَفْتِنَا فِي نَبِيذِ الْجَرِّ ، قَالَ : سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ نَبِيذِ الْجَرِّ.

(احمد ۴/ ۳۔ بزار ۲۲۲۷)

(۲۴۲۸۱) حضرت عبدالعزیز بن اسید سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ ایک شخص نے حضرت ابن زبیر رضی اللہ عنہ سے کہا۔ آپ ہمیں گھڑے کی نبیذ کے بارے میں مسئلہ بتائیں تو حضرت ابن زبیر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے جناب رسول اللہ ﷺ کو گھڑے کی نبیذ سے منع فرماتے ہوئے سُنا ہے۔

(٢٤٢٨٢) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ ، عَنْ أَبِي حَيَّانَ ، عَنْ عَبَايَةَ بْنِ رِفَاعَةَ ، أَنَّ جَدَّهُ رَافِعَ بْنَ خَدِيجٍ رَأَى جَرَّةً خَضْرَاءَ لأَهْلِهِ فِي الشَّمْسِ ، فَأَخَذَ جُلْمُودًا فَرَمَاهَا فَكَسَرَهَا ، فَإِذَا فِيهَا سَمْنٌ فَقَالَ : أَدْرِكُوا سَمْنَكُمْ. قَالَ يَحْيَى : ظَنَّ فِيهَا نَبِيذًا.

(۲۴۲۸۲) حضرت عبایہ بن رفاعہ سے روایت ہے کہ ان کے دادا حضرت رافع بن خدیج نے ان کے گھر والوں کا ایک سبز گھڑا دھوپ میں پڑا ہوا دیکھا تو انہوں نے ایک سخت پتھر پکڑا اور گھڑے کی طرف پھینکا اور گھڑے کو توڑ ڈالا۔ اچانک اس میں سے گھی نکل آیا۔ حضرت نافع کہنے لگے۔ تم لوگ اپنا گھی سنبھال لو۔ راوی حدیث یحیٰی کہتے ہیں کہ انہوں نے سمجھا تھا کہ گھڑے میں نبیذ ہے۔

(٢٤٢٨٣) حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ حُصَيْنٍ ، عَنِ امْرَأَةٍ مِنْ بَنِي شَيْبَانَ ، أَنَّ زَوْجَهَا أَتَاهُمْ فَحَدَّثَهُمْ ؛ أَنَّ أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ عَلِيًّا نَهَاهُمْ عَنْ نَبِيذِ الْجَرِّ ، قَالَ : فَكَسَرْنَا جَرَّةً لَنَا.

(۲۴۲۸۳) بنوشیبان کی ایک عورت سے روایت ہے کہ اس کا شوہر، بنوشیبان کے پاس آیا اور انہیں یہ بات بیان کی کہ امیر المؤمنین حضرت علی رضی اللہ عنہ نے لوگوں کو گھڑے کی نبیذ سے منع فرمایا ہے۔ راوی کا بیان ہے کہ پس ہم نے پھر اپنا گھڑا توڑ ڈالا۔

(٢٤٢٨٤) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ عُيَيْنَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ ، عَنْ أَبِيهِ ؛ أَنَّ أَبَا بُرْدَةَ قَدِمَ مِنْ سَفَرٍ ، فَبَدَأَ بِمَنْزِلِ أَبِي بَكْرَةَ ، فَرَأَى فِي الْبَيْتِ جَرَّةً ، فَقَالَ : مَا هَذِهِ ؟ فَقِيلَ : فِيهَا نَبِيذٌ لأَبِي بَكْرَةَ ، فَقَالَ : وَدِدْتُ أَنَّكُمْ حَوَّلْتُمُوهَا فِي سِقَاءٍ.

(۲۴۲۸۴) حضرت عیینہ بن عبدالرحمٰن، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابو بردہ رضی اللہ عنہ ایک سفر سے واپس تشریف لائے تو انہوں نے حضرت ابو بکرہ کے گھر سے آغاز کیا۔ پس انہوں نے گھر میں گھڑا دیکھا تو انہوں نے پوچھا۔ یہ کیا ہے؟ انہیں بتایا گیا کہ اس میں حضرت ابو بکرہ رضی اللہ عنہ کے لئے نبیذ ہے۔ اس پر انہوں نے کہا۔ مجھے یہ بات محبوب ہے کہ تم اس کو کسی اور مشکیزہ میں ڈال لو۔

(٢٤٢٨٥) حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ فَرَاهِيجَ ، قَالَ : سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ يَنْهَى عَنْ نَبِيذِ الْجَرِّ.

(۲۴۲۸۵) حضرت داؤد بن فراہیج سے روایت ہے کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو نبیذ سے منع کرتے ہوئے سُنا ہے۔

(٢٤٢٨٦) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ ؛ وَذَكَرُوا النَّبِيذَ ، فَقَالَ : لاَ أَرَى بِهِ بَأْسًا فِي السِّقَاءِ ، وَأَكْرَهُهُ فِي الْجَرِّ الأَخْضَرِ.

(۲۴۲۸۶) حضرت سعید بن جبیر رحمہ اللہ سے روایت ہے.....لوگوں نے (ان کے سامنے) نبیذ کا ذکر چھیڑا.....تو انہوں نے فرمایا: میرے خیال کے مطابق اگر نبیذ مشکیزہ میں ہو تو کوئی حرج نہیں ہے لیکن میں سبز گھڑے میں نبیذ کو ناپسند کرتا ہوں۔

(٢٤٢٨٧) حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ أَبِي رَجَاءٍ ، عَنْ مَالِكِ بْنِ دِينَارٍ ؛ أَنَّ جَابِرَ بْنَ زَيْدٍ وَالْحَسَنَ كَانَا يَكْرَهَانِ نَبِيذَ الْجَرِّ.

(۲۴۲۸۷) حضرت مالک بن دینار رحمہ اللہ سے روایت ہے کہ حضرت جابر بن زید اور حضرت حسن، گھڑے کی نبیذ کو پسند نہیں کرتے تھے۔

(٢٤٢٨٨) حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ إِدْرِيسَ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ ثَابِتٍ ، قَالَ : قُلْتُ لابْنِ عُمَرَ : نُهِيَ عَنْ نَبِيذِ الْجَرِّ ؟ قَالَ : زَعَمُوا ذَاكَ ، قُلْتُ : عَنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ؟ قَالَ : زَعَمُوا ذَاكَ ، قُلْتُ : أَنْتَ سَمِعْتَهُ ؟ قَالَ : زَعَمُوا ذَاكَ ، قَالَ : وَصَرَفَهُ اللَّهُ عَنِّي. (مسلم ٥٠ـ احمد ٣٥)

(۲۴۲۸۸) حضرت ثابت سے روایت ہے۔ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے پوچھا۔ گھڑے کی نبیذ سے منع کیا گیا ہے؟ انہوں نے فرمایا: لوگوں کا خیال یہی ہے۔ میں نے پوچھا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ حکم ثابت ہے؟ انہوں نے فرمایا: لوگوں کا خیال یہی ہے۔ میں نے پوچھا: آپ نے یہ حکم آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا ہے؟ انہوں نے فرمایا: لوگوں کا خیال یہی ہے۔ اور فرمایا: اللہ تعالیٰ نے اس کو مجھ سے پھیر دیا ہے۔

(٢٤٢٨٩) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، قَالَ : أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ ، عَنْ أَبِي جَمْرَةَ ؛ أَنَّ امْرَأَةً أَتَتِ ابْنَ عَبَّاسٍ ، وَقَدْ كُنْتُ حَلَفْتُ أَنْ لاَ أَسْأَلَ عَنْ نَبِيذِ الْجَرِّ ، فَقَالَتْ لِي : سَلْهُ ، فَأَبَيْتُ أَنْ أَسْأَلَهُ ، فَسَأَلَهُ رَجُلٌ عَنْ نَبِيذِ الْجَرِّ ؟ فَنَهَاهُ ، فَقُلْتُ : يَا أَبَا عَبَّاسٍ ، إِنِّي أَنْتَبِذُ فِي جَرٍّ أَخْضَرَ ، فَأَشْرَبُهُ حُلْوًا طَيِّبًا فَيُقَرْقِرُ بَطْنِي ، فَقَالَ : لاَ تَشْرَبْهُ ، وَإِنْ كَانَ أَحْلَى مِنَ الْعَسَلِ. (مسلم ٢٤)

(۲۴۲۸۹) حضرت ابو جمرہ سے روایت ہے کہ ایک عورت حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئی.....اور میں نے (راوی نے) یہ حلف اٹھا رکھا تھا کہ میں گھڑے کی نبیذ کے بارے میں سوال نہیں کروں گا.....اس عورت نے مجھ سے کہا۔ تم، ابن عباس رضی اللہ عنہ سے یہ سوال کرو۔ تو میں نے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے یہ سوال کرنے سے انکار کیا۔ پس کسی آدمی نے گھڑے کی نبیذ کے بارے میں سوال کیا؟ تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے اس آدمی کو منع کر دیا۔ اس پر میں نے پوچھا۔ اے ابن عباس رضی اللہ عنہ! میں تو سبز گھڑے کی نبیذ بناتا ہوں اور پھر اس کو پیتا ہوں اس حال میں کہ وہ میٹھی اور لذیذ ہوتی ہے پس وہ میرے پیٹ کو صاف کر دیتی ہے۔

تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس کو نہ پیو اگر چہ یہ شہد سے بھی زیادہ میٹھی ہو۔

(٢٤٢٩٠) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، قَالَ : حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ ، عَنْ طَاوُوسٍ ؛ أَنَّ رَجُلاً أَتَى ابْنَ عُمَرَ فَقَالَ : نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ نَبِيذِ الْجَرِّ ؟ فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ : نَعَمْ ، فَقَالَ طَاوُوسٌ : وَاللَّهِ إِنِّي سَمِعْتُهُ مِنْهُ. (مسلم ٥٣۔ احمد ٢/ ٣٥)

(۲۴۲۹۰) حضرت طاؤس سے روایت ہے کہ ایک آدمی حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور ان سے پوچھا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے گھڑے کی نبیذ سے منع کیا ہے؟ تو حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے جواباً ارشاد فرمایا: ہاں۔ حضرت طاؤس کہتے ہیں۔ خدا کی قسم! یہ بات میں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے خود سُنی ہے۔

(٢٤٢٩١) حَدَّثَنَا عَفَّانُ ، قَالَ : حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ ، قَالَ : حَدَّثَنِي يَعْلَى بْنُ حَكِيمٍ ، عَنْ صُهَيْرَةَ بِنْتِ جَيْفَرٍ ، سَمِعَهُ مِنْهَا ، قَالَتْ : حَجَجْنَا ثُمَّ انْصَرَفْنَا إِلَى الْمَدِينَةِ ، فَدَخَلْنَا عَلَى صَفِيَّةَ بِنْتِ حُيَيٍّ ، فَوَافَقْنَا عِنْدَهَا نِسْوَةً مِنْ أَهْلِ الْكُوفَةِ ، فَقُلْنَ لَنَا : إِنْ شِئْتُنَّ سَأَلْنَا وَسَمِعْتُنَّ ، وَإِنْ شِئْتُنَّ اسْأَلْنَ وَسَمِعْنَا ، فَقُلْنَ : سَلْنَ ، فَسَأَلْنَ عَنْ أَشْيَاءَ مِنْ أَمْرِ الْمَرْأَةِ وَزَوْجِهَا ، وَمِنْ أَمْرِ الْمَحِيضِ ، وَسَأَلْنَ عَنْ نَبِيذِ الْجَرِّ ، فَقَالَتْ : أَكْثَرْتُنَّ يَا أَهْلَ الْعِرَاقِ عَلَيْنَا فِي نَبِيذِ الْجَرِّ ، حَرَّمَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَبِيذَ الْجَرِّ ، مَا عَلَى إِحْدَاكُنَّ أَنْ تَطْبُخَ تَمْرَهَا ، ثُمَّ تَدْلُكُهُ ، ثُمَّ تُصَفِّيهِ فَتَجْعَلُهُ فِي سِقَائِهَا ، وَتُوكِئُ عَلَيْهِ ، فَإِذَا طَابَ شَرِبَتْ وَسَقَتْ زَوْجَهَا.

(احمد ٦/ ٣٣٧۔ ابو یعلی ٧١١٧)

(۲۴۲۹۱) حضرت صُہیرہ بنت جیفر سے روایت ہے، کہتی ہیں کہ ہم نے (ایک مرتبہ) حج ادا کیا پھر ہم مدینہ کی طرف واپس آئے اور ہم حضرت صفیہ بنت حیی کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ وہاں پر ہمیں اتفاق سے اہل کوفہ کی کچھ خواتین مل گئیں۔ انہوں نے ہم سے کہا۔ اگر تم چاہتی ہو تو ہم سوال کرتی ہیں اور تم (چپ کر کے) سنو اور اگر تم چاہتی ہو تو تم سوال کر لو ہم سماعت کر لیں گی۔ ہم نے کہا: تم پوچھو۔ پس انہوں نے میاں، بیوی کے بہت سے امور کے بارے میں اور حائضہ کے بارے میں سوال کیا۔ اور انہوں نے گھڑے کی نبیذ کے بارے میں سوال کیا۔ اس پر حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اے اہل عراق! تم نے گھڑے کی نبیذ کے بارے میں ہم سے بکثرت سوالات کیئے ہیں جبکہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تو گھڑے کی نبیذ کو حرام قرار دیا ہے۔ تم میں سے کسی پر کچھ نہیں ہے کہ وہ اپنی کھجور کو پکاتی ہے۔ پھر اس کو ملتی ہے، صاف کرتی ہے پھر اس کو مشکیزہ میں ڈالتی ہے اور اس پر کوئی ڈوری وغیرہ باندھ کر اس کا منہ بند کر دیتی ہے پس جب وہ مشروب لذت آمیز ہو جاتا ہے تو خود بھی پیتی ہو اور اپنے خاوند کو بھی پلاتی ہے؟۔

(٢٤٢٩٢) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ شُمَيْسَةَ أُمِّ سَلَمَةَ الْعَتَكِيَّةِ ، قَالَتْ : سَمِعْتُ عَائِشَةَ تَقُولُ : لاَ تَشْرَبَنَّ فِي رَاقُودٍ ، وَلاَ جَرَّةٍ ، وَلاَ قَرْعَةٍ.

(۲۴۲۹۲) حضرت شمیسہ ام سلمہ عتکیہ سے روایت ہے، کہتی ہیں کہ میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے یہ بات سُنی کہ ہرگز تم بڑے

گہرے مٹکے، گھڑے اور کدو..... کے مصنوعی برتن..... میں نہ پینا۔

(٢٤٢٩٣) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْمُبَارَكِ ، عَنْ كَرِيمَةَ بِنْتِ هَمَّامٍ ، عَنْ عَائِشَةَ ، أَنَّهَا سَمِعَتْهَا تَقُولُ : إِيَّاكُمْ وَنَبِيذَ الْجَرِّ الأَخْضَرِ.

(۲۴۲۹۳) حضرت کریمہ بنت ہمام سے روایت ہے کہ انہوں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو کہتے سنا: ''خبردار تم سبز رنگ کے گھڑے کی نبیذ سے بچو۔

(٢٤٢٩٤) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ عَبْدِ الأَعْلَى بْنِ كَيْسَانَ ، قَالَ : سَمِعْتُ ابْنَ أَبِي الْهُذَيْلِ يَقُولُ : مَا فِي نَفْسِي مِنْ نَبِيذِ الْجَرِّ شَيْءٌ إِلاَّ أَنَّ عُمَرَ بْنَ عَبْدِ الْعَزِيزِ نَهَى عَنْهُ ، وَكَانَ إِمَامَ عَدْلٍ.

(۲۴۲۹۴) حضرت عبدالاعلیٰ بن کیسان سے روایت ہے۔ کہتے ہیں کہ میں نے ابن ابی الہذیل کو کہتے سنا کہ گھڑے کی نبیذ کے بارے میں میرے دل میں اس کے علاوہ کوئی بات نہیں ہے کہ حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ نے اس سے منع کیا تھا اور وہ ایک عادل امام تھے۔

(٢٤٢٩٥) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ بُرْقَانٍ ، عَنْ مَيْمُونٍ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ، قَالَ : لاَ تَشْرَبْ نَبِيذَ الْجَرِّ.

(۲۴۲۹۵) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ کہتے ہیں کہ تم گھڑے کی نبیذ نہ پیو۔

(٤) فِي السَّكَرِ مَا هُوَ ؟

کھجور کا غیر پختہ عرق کیا ہے؟

(٢٤٢٩٦) حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ ، عَنْ مُغِيرَةَ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، قَالَ : قَالَ عَبْدُ اللهِ : السَّكَرُ خَمْرٌ.

(۲۴۲۹۶) حضرت ابراہیم سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ حضرت عبداللہ فرماتے ہیں۔ کھجور کا غیر پختہ عرق خمر ہے۔ (یعنی اس کے حکم میں ہے)

(٢٤٢٩٧) حَدَّثَنَا شَرِيكٌ ، عَنْ أَبِي فَرْوَةَ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى ، عَنْ سَالِمٍ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ ، قَالَ : السَّكَرُ خَمْرٌ.

(۲۴۲۹۷) حضرت سعید بن جبیر رحمہ اللہ سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ کھجور کا غیر پختہ عرق خمر (کے حکم میں) ہے۔

(٢٤٢٩٨) حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ ، عَنْ مُغِيرَةَ ، عَنِ الشَّعْبِيِّ ، وَإِبْرَاهِيمَ ، وَأَبِي رَزِينٍ ، قَالُوا : السَّكَرُ خَمْرٌ.

(۲۴۲۹۸) حضرت شعبی رحمہ اللہ، حضرت ابراہیم رحمہ اللہ، حضرت ابورزین (یہ سب حضرات) کہتے ہیں کہ کھجور کا غیر پختہ عرق خمر (کے حکم میں) ہے۔

(٢٤٢٩٩) حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ ، عَنِ ابْنِ شُبْرُمَةَ ، عَنْ أَبِي زُرْعَةَ بْنِ عَمْرِو بْنِ جَرِيرٍ ، قَالَ : هِيَ الْخَمْرُ ، وَهِيَ أَلأَمُ مِنَ الْخَمْرِ.

(۲۴۲۹۹) حضرت ابوزرعہ بن عمرو بن جریر سے روایت ہے۔ کہتے ہیں کہ یہ خمر ہے۔ (بلکہ) یہ خمر سے زیادہ دردناک ہے۔

(۲٤۳۰۰) حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ ، عَنْ يُونُسَ ، عَنِ الْحَسَنِ ، قَالَ :هِيَ الْخَمْرُ.

(۲۴۳۰۰) حضرت حسن رحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہے۔ کہتے ہیں کہ یہ خمر ہے۔

(۲٤۳۰۱) حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ ، عَنْ لَيْثٍ ، عَنْ حَرْبٍ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ ؛ أَنَّهُ سُئِلَ عَنِ السَّكَرِ ؟ فَقَالَ :الْخَمْرُ لَيْسَ لَهَا كُنْيَةٌ.

(۲۴۳۰۱) حضرت سعید بن جبیر، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ ان سے کھجور کے غیر پختہ عرق کے بارے میں سوال کیا گیا؟ تو انہوں نے جواباً اشارہ فرمایا: خمر کی کوئی کنیت نہیں ہے۔

(۲٤۳۰۲) حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ ، عَنْ عَاصِمٍ ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ ، قَالَ : جَاءَ إِلَى عَبْدِ اللهِ نَفَرٌ مِنَ الأَعْرَابِ يَسْأَلُونَهُ عَنِ السَّكَرِ ؟ فَقَالَ :إِنَّ اللَّهَ لَمْ يَجْعَلْ شِفَاءَكُمْ فِيمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمْ.

(۲۴۳۰۲) حضرت ابووائل سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ حضرت عبداللہ کے پاس دیہاتی لوگوں کی ایک جماعت آئی اور آپ رضی اللہ عنہ سے کھجور کے غیر پختہ عرق کے بارے میں سوال کیا؟ تو آپ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: یقیناً اللہ تعالیٰ نے جو چیزیں تم پر حرام کیں ہیں ان میں تمہارے لئے شفاء نہیں رکھی۔

(۲٤۳۰۳) حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ ، عَنْ أَبِي حَصِينٍ ، عَنْ يَحْيَى ، عَنْ مَسْرُوقٍ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ ؛ مِثْلَهُ.

(۲۴۳۰۳) حضرت مسروق بھی حضرت عبداللہ سے ایسی بات نقل کرتے ہیں۔

(۲٤۳۰٤) حَدَّثَنَا جَرِيرٌ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ ، قَالَ : اشْتَكَى رَجُلٌ مِنَ الْحَيِّ بَطْنَهُ ، فَقِيلَ لَهُ :إِنَّ بِكَ الصَّفْرَ ، فَنَعَتُوا لَهُ السَّكَرَ ، فَأَرْسَلَ إِلَى عَبْدِ اللهِ يَسْأَلُهُ عَنْ ذَلِكَ ؟ فَقَالَ عَبْدُ اللهِ :إِنَّ اللَّهَ تَعَالَى لَمْ يَجْعَلْ شِفَاءَكُمْ فِيمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمْ.

(۲۴۳۰۴) حضرت ابووائل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ قبیلہ کے ایک آدمی کو پیٹ کی شکایت ہوگئی۔ اس آدمی کو کہا گیا کہ تمہارے پیٹ میں کیڑے ہیں۔ اور حکیموں نے اس کے لیئے کھجور کا غیر پختہ عرق تجویز کیا۔ اس آدمی نے حضرت عبداللہ کی طرف ایک آدمی یہ مسئلہ دریافت کرنے کو بھیجا؟ تو حضرت عبداللہ نے جواب میں ارشاد فرمایا: یقیناً اللہ تعالیٰ نے جس چیز کو تم پر حرام کیا ہے اس میں تمہاری شفاء نہیں رکھی۔

(۲٤۳۰۵) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ مِسْعَرٍ ، وَسُفْيَانَ ، عَنْ أَبِي حَصِينٍ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ ، قَالَ :السَّكَرُ خَمْرٌ.

(۲۴۳۰۵) حضرت سعید بن جبیر رحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ کھجور کا غیر پختہ عرق خمر ہے۔

(۲٤۳۰٦) حَدَّثَنَا شَرِيكٌ ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ تَمَّامٍ ، عَنْ عَامِرٍ ، قَالَ :السَّكَرُ خَمْرٌ.

(۲۴۳۰۶) حضرت عامر رحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہے۔ کہتے ہیں کہ کھجور کا غیر پختہ عرق خمر ہے۔

(٥) فِي نَقِيعِ الزَّبِيبِ ، وَنَبِيذِ الْعِنَبِ

کشمش بھگویا ہوا شراب اور انگور کی نبیذ

(٢٤٣٠٧) حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ نُمَيْرٍ ، عَنْ فُضَيْلِ بْنِ غَزْوَانَ ، عَنْ عَاصِمٍ ، عَنْ زِرٍّ ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ ، قَالَ : نَبِيذُ الْعِنَبِ خَمْرٌ.

(۲۴۳۰۷) حضرت ابووائل، حضرت عبداللہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا: انگور کی نبیذ خمر (کے حکم میں) ہے۔

(٢٤٣٠٨) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ الْوَلِيدِ ، قَالَ حَدَّثَتْنِي مَيْمُونَةُ بِنْتُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ مَعْقِلٍ ؛ أَنَّ أَبَاهَا سُئِلَ عَنْ نَبِيذِ نَقِيعِ الزَّبِيبِ ؟ فَكَرِهَهُ.

(۲۴۳۰۸) حضرت عبداللہ بن الولید سے روایت ہے۔ کہتے ہیں کہ مجھے میمونہ بنت عبدالرحمٰن بن معقل نے بیان کیا کہ ان کے والد سے کشمش بھگوئے ہوئے پانی کے بارے میں سوال کیا گیا؟ تو انہوں نے اس کو ناپسند فرمایا۔

(٢٤٣٠٩) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ أَشْعَثَ ، عَنْ بُكَيْرٍ مَوْلَى لِعَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُودٍ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ ، قَالَ : لأَنْ أَكُونَ حِمَارًا يُسْتَقَى عَلَيَّ أَحَبَّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ أَشْرَبَ نَبِيذَ زَبِيبٍ مُعَتَّقٍ.

(۲۴۳۰۹) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے غلام حضرت بکیر، سعید بن جبیر رحمہ اللہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا: کشمش کی پرانی اور عمدہ نبیذ پینے سے زیادہ مجھے یہ بات محبوب ہے کہ میں ایسا گدھا بنا دیا جاؤں جس پر پانی ڈھویا جاتا ہے۔

(٢٤٣١٠) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ إِسْرَائِيلَ ، عَنْ جَابِرٍ ، عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ ، وَعَامِرٍ ، وَعَطَاءٍ ؛ أَنَّهُمْ كَرِهُوا نَبِيذَ الْعِنَبِ.

(۲۴۳۱۰) حضرت ابوجعفر رحمہ اللہ، حضرت عامر رحمہ اللہ اور حضرت عطاء رحمہ اللہ (ان سب) کے بارے میں روایت ہے کہ یہ کشمش کی نبیذ کو مکروہ سمجھتے تھے۔

(٢٤٣١١) حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ ، عَنْ لَيْثٍ ، عَنْ حَرْبٍ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ ؛ أَنَّهُ سُئِلَ عَنْ نَقِيعِ الزَّبِيبِ ؟ فَقَالَ : الْخَمْرُ اجْتَنِبُوهَا.

(۲۴۳۱۱) حضرت سعید بن جبیر، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ ان سے کشمش بھگوئے ہوئے شراب کے بارے میں سوال کیا گیا؟ تو انہوں نے فرمایا: خمر سے اجتناب کرو۔

(٢٤٣١٢) حَدَّثَنَا حَفْصٌ ، عَنْ أَشْعَثَ ، عَنْ بُكَيْرٍ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ ، قَالَ : لأَنْ أَكُونَ حِمَارًا يُسْتَقَى عَلَيَّ ، أَحَبَّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ أَشْرَبَ نَبِيذَ زَبِيبٍ مُعَتَّقٍ.

(۲۴۳۱۲) حضرت سعید بن جبیر رحمہ اللہ کے بارے میں روایت ہے کہ وہ فرماتے ہیں۔ مجھے کشمش کی پرانی اور عمدہ نبیذ پینے سے زیادہ محبوب بات یہ ہے کہ میں ایسا گدھا بن جاؤں جس پر پانی ڈھویا جائے۔

(٢٤٣١٣) حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ ، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ ، عَنْ حَمَّادٍ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ ، قَالَ :اشْرَبْ نَبِيذَ الزَّبِيبِ الْمُنْقَعِ ، مَا دَامَ حُلْوًا يَحْرو اللِّسَانَ.

(۲۴۳۱۳) حضرت سعید بن جبیر رحمہ اللہ سے روایت ہے۔ کہتے ہیں کہ تم بھگوئے ہوئے کشمش کی نبیذ اس وقت تک پی لو جب تک وہ میٹھی ہو اور زبان کو اس کی تیزی محسوس ہو۔

(٢٤٣١٤) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ أَبِي عُمَرَ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُنْقَعُ لَهُ الزَّبِيبُ ، فَيَشْرَبُهُ الْيَوْمَ ، وَالْغَدَ ، وَبَعْدَ الْغَدِ ، إِلَى أَنْ يُمْسِيَ الثَّالِثَةَ ، ثُمَّ يَأْمُرُ بِهِ فَيُسْقَى ، أَوْ يُهْرَاقَ. (مسلم ١٥٨٩۔ ابو داؤد ٣٧٠٦)

(۲۴۳۱۴) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے کشمش بھگو دیئے جاتے تھے۔ چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس پانی کو پہلے، دوسرے اور تیسرے دن کی شام تک پیتے تھے پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم حکم دیتے تھے تو وہ بقیہ پی لیا جاتا یا گرا دیا جاتا۔

(٢٤٣١٥) حَدَّثَنَا عَفَّانُ ، قَالَ :حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ صَفْوَانَ ، قَالَ :سَمِعْتُ أَبِي يُحَدِّثُ ، عَنْ أُمِّهِ ، قَالَتْ :كُنْتُ أُمَغِّثُ لِعُثْمَانَ الزَّبِيبَ غَدْوَةً فَيَشْرَبُهُ عَشِيَّةً ، أَوْ أُمَغِّثُهُ عَشِيَّةً فَيَشْرَبُهُ غَدْوَةً ، فَقَالَ لَهَا عُثْمَانُ :لَعَلَّكِ تَجْعَلِينَ فِيهِ زَهْوًا ؟ قَالَتْ :رُبَّمَا فَعَلْتُ ، قَالَ ، فَلاَ تَفْعَلِي.

(۲۴۳۱۵) حضرت عبدالواحد بن صفوان بیان کرتے ہیں۔ کہتے ہیں کہ میں نے اپنے والد کو سنا وہ اپنی والدہ سے بیان کرتے تھے کہ وہ کہتی ہیں۔ میں حضرت عثمان کے لئے صبح کے وقت کشمش مل دیتی تھی۔ جس کو وہ شام کے وقت پیتے تھے اور (اسی طرح) میں آپ کے لئے شام کو کشمش مل دیتی تھی جس کو آپ رضی اللہ عنہ صبح کے وقت پیتے تھے۔ پھر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے (ایک دن) ان (خاتون صفیہ) سے کہا۔ شاید کہ آپ اس میں کھجوریں بھی ڈالتی ہیں؟ انہوں نے جواب دیا۔ کبھی کبھی یہ کرتی ہوں تو حضرت عثمان نے فرمایا: یہ کام نہ کرو۔

(٢٤٣١٦) حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ مُوسَى بْنِ طَرِيفٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ : كَانَ يُنْبَذُ لِعَلِيٍّ زَبِيبٌ فِي جَرَّةٍ بَيْضَاءَ ، فَيَشْرَبُهُ.

(۲۴۳۱۶) حضرت موسی بن طریف، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے لئے ایک سفید گھڑے میں کشمش کی نبیذ تیار کی جاتی تھی اور آپ رضی اللہ عنہ اس کو نوش فرماتے تھے۔

(٢٤٣١٧) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ ، عَنِ الشَّيْبَانِيِّ ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ نَافِعٍ ، قَالَ :قُلْتُ لابْنِ عُمَرَ :إِنِّي أَنْبِذُ نَبِيذَ زَبِيبٍ ، فَيَجِيءُ نَاسٌ مِنْ أَصْحَابِنَا فَيَقْذِفُونَ فِيهِ التَّمْرَ ، فَيُفْسِدُونَهُ عَلَيَّ ، فَكَيْفَ تَرَى ؟ قَالَ :لاَ بَأْسَ بِهِ.

(۲۴۳۱۷) حضرت عبدالملک بن رافع سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے کہا۔ میں کشمش کی نبیذ بناتا

ہوں لیکن میرے دوستوں میں سے کچھ لوگ آتے ہیں اور اس میں تمر (کھجوریں) پھینک دیتے ہیں اور میری نبیذ کو خراب کر دیتے ہیں۔اب (اس بارے میں) آپ کی کیا رائے ہے؟ انہوں نے فرمایا: اس میں کوئی حرج کی بات نہیں ہے۔

(٢٤٣١٨) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ ، عَنْ عِكْرِمَةَ ؛ فِي نَبِيذِ الْعِنَبِ ، قَالَ : كَانَ أَعْلاَهُ حَرَامًا ، وَأَسْفَلُهُ حَرَامًا.

(۲۴۳۱۸) حضرت عکرمہ سے انگور کی نبیذ کے بارے میں روایت ہے۔وہ کہتے ہیں کہ اس کے اُوپر کا حصہ بھی حرام ہے اور اس کے نیچے کا حصہ بھی حرام ہے۔

(٢٤٣١٩) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الأَقْمَرِ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، قَالَ : لاَ بَأْسَ بِنَبِيذِ الْعَصِيرِ.

(۲۴۳۱۹) حضرت ابراہیم رحمہ اللہ سے روایت ہے۔وہ کہتے ہیں کہ عرق کی نبیذ میں کوئی حرج نہیں ہے۔

(٢٤٣٢٠) حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ ، عَنْ حُلاَمِ بْنِ صَالِحٍ ، عَنْ سُلَيْكِ بْنِ مِسْحَلٍ ، قَالَ : خَرَجَ عُمَرُ حَاجًّا ، أَوْ مُعْتَمِرًا ، فَنَزَلَ عَلَى مَاءٍ فَدَعَا بِسُفْرَةٍ ، فَأَكَلَ وَأَكَلَ الْقَوْمُ ، ثُمَّ دَعَا بِشَرَابٍ ، فَأُتِيَ بِقَدَحٍ مِنْ نَبِيذٍ ، فَقَالَ : ادْفَعْهُ إِلَى عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ ، فَلَمَّا شَمَّهُ رَدَّهُ ، ثُمَّ دَفَعَهُ إِلَى سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ ، فَلَمَّا شَمَّهُ رَدَّهُ ، قَالَ : فَهَاتِهِ فَذَاقَهُ ، فَقَالَ : يَا عَجْلاَنُ ، يَعْنِي غُلاَمَهُ ، مَا هَذَا ؟ فَقَالَ : يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ ، جَعَلْتُ زَبِيبًا فِي سِقَاءٍ ، ثُمَّ عَلَّقْتُهُ بِبَطْنِ الرَّاحِلَةِ وَصَبَبْتُ عَلَيْهِ مِنَ الْمَاءِ ، قَالَ : ائْتِ بِشَاهِدَيْنِ عَلَى مَا تَقُولُ ، فَجَاءَ بِشَاهِدَيْنِ ، فَشَهِدَا ، فَقَالَ : أَيْ بُنَيَّ ، اغْسِلْ سِقَاءَكَ يَلِنْ لَنَا شَرَابُهُ ، فَإِنَّ السِّقَاءَ يَغْتَلِمُ.

(۲۴۳۲۰) حضرت سلیک بن مسحل سے روایت ہے۔وہ کہتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ حج یا عمرہ کرنے نکلے تو وہ ایک کنویں کے پاس اُترے اور انہوں نے اپنا توشہ سفر منگوایا اور اس کو آپ رضی اللہ عنہ نے بھی کھایا اور باقی لوگوں نے بھی کھایا۔پھر آپ رضی اللہ عنہ نے پانی منگوایا تو آپ رضی اللہ عنہ کے پاس نبیذ کا ایک پیالہ لایا گیا آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ نبیذ والا پیالہ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کو دے دو۔پس جب حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے اس کو سونگھا تو آپ رضی اللہ عنہ نے وہ پیالہ واپس کر دیا۔پھر وہ پیالہ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کو دیا تو انہوں نے بھی اس کو سونگھا اور واپس کر دیا۔حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ ادھر لاؤ۔پس آپ رضی اللہ عنہ نے اس پیالہ کو چکھا اور پھر فرمایا: اے عجلان! (یعنی اپنے غلام سے خطاب کیا۔) یہ کیا ہے؟ اس نے عرض کیا۔اے امیر المؤمنین! میں نے مشکیزہ میں کشمش ڈالا پھر میں نے اس کو کجاوہ کے اندر لٹکا دیا اور میں نے اس پر پانی بہایا۔حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جو بات تم کہہ رہے ہو۔اس پر تم دو گواہ لاؤ۔چنانچہ وہ دو گواہ لے آیا اور انہوں نے گواہی دی۔تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے میرے بیٹے! اپنے مشکیزہ کو دھوؤ۔

(٢٤٣٢١) حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ الأَحْمَرُ ، عَنْ مَنْصُورِ بْنِ حَيَّانَ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ ، قَالَ : سَأَلَهُ رَجُلٌ ، فَقَالَ : نَعْمِدُ إِلَى الزَّبِيبِ فَنَغْسِلُهُ مِنْ غُبَارِهِ ، ثُمَّ نَجْعَلُهُ فِي دَنٍّ ، أَوْ فِي خَابِيَةٍ ، فَنَدَعُهُ فِي الشِّتَاءِ شَهْرَيْنِ ، وَفِي الصَّيْفِ

أَقَلَّ مِنْ ذَلِكَ ؟ فَقَالَ سَعِيدٌ :تِلْكَ الْخَمْرُ اجْتَنِبُوهَا.

(۲۴۳۲۱) حضرت سعید بن جبیر سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ کسی آدمی نے ان سے پوچھا۔ اور کہا: ہم لوگ کشمش کا قصد کرتے ہیں پس ہم اس کا گرد وغبار دھو ڈالتے ہیں پھر ہم اس کو ایک بڑے مٹکے میں یا بڑے مرتبان میں ڈال دیتے ہیں اور پھر ہم اس کو سردیوں میں دو مہینے اور گرمیوں میں اس سے کم مدت یونہی چھوڑ دیتے ہیں؟ تو اس پر حضرت سعید بن المسیب رحمۃ اللہ علیہ نے کہا: یہی تو شراب (خمر) ہے تم اس سے اجتناب کرو۔

(٦) فِي شُرْبِ الْعَصِيرِ ، مَنْ كَرِهَهُ إِذَا غَلاَ

عصری (کسی شئی کا شیرہ، عرق وغیرہ) پینے کے بیان میں جو لوگ اس کو ناپسند کرتے ہیں جب کہ یہ جوش مارنے لگے

(٢٤٣٢٢) حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ ، عَنْ عُمَرَ بْنِ عَامِرٍ ، عَنْ قتادة ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ (ح) وَعَنْ حَمَّادٍ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، قَالاَ :لاَ بَأْسَ بِشُرْبِ الْعَصِيرِ مَا لَمْ يَغْلِ . قَالَ سَعِيدٌ :إِذَا غَلاَ ، فَهُوَ خَمْرٌ اجْتَنِبْهُ ، وَقَالَ إِبْرَاهِيمُ : إِذَا غَلاَ فَدَعْهُ.

(۲۴۳۲۲) حضرت حماد اور حضرت ابراہیم دونوں سے روایت ہے۔ وہ دونوں کہتے ہیں کہ عصیر جب تک جوش نہ مارے اس کو پینے میں کوئی حرج نہیں ہے، حضرت سعید کہتے ہیں۔ جب وہ جوش مارنے لگے تو پھر وہ خمر ہے۔ اور تم اس سے اجتناب کرو۔ اور حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں۔ جب وہ عصیر جوش مارنے لگے تو پھر تم اس کو چھوڑ دو۔

(٢٤٣٢٣) حَدَّثَنَا جَرِير ، عَنْ مُغِيرَةَ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، قَالَ :إِذَا غَلاَ فَلاَ تَشْرَبْهُ.

(۲۴۳۲۳) حضرت ابراہم سے روایت ہے۔ کہتے ہیں جب عصیر جوش مارنے لگے تو پھر تم اس کو نہ پیو۔

(٢٤٣٢٤) حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ قُسَيْطٍ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ ؛ أَنَّهُ كَانَ لاَ يَرَى بِالْعَصِيرِ بَأْسًا مَا لَمْ يُزْبِدْ ، فَإِذَا أَزْبَدَ نَهَى عَنْهُ ، وَقَالَ :إِنَّمَا يُزْبِدُ الْخَمْرُ.

(۲۴۳۲۴) حضرت سعید بن المسیب رحمۃ اللہ علیہ کے بارے میں روایت ہے۔ کہ وہ عصیر (پینے) میں کوئی حرج نہیں محسوس کرتے تھے۔ جب تک کہ اس پر جھاگ نہ آجائے۔ پس جب اس پر جھاگ آجائے تو پھر وہ اس سے منع کرتے تھے۔ اور فرماتے تھے جھاگ تو خمر پر آتی ہے۔

(٢٤٣٢٥) حَدَّثَنَا أَبُو الأَحْوَصِ ، عَنْ خُصَيْفٍ ، قَالَ :سَأَلْتُ سَعِيدًا عَنِ الْعَصِيرِ ؟ فَقَالَ :اشْرَبْهُ مِنْ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ.

(۲۴۳۲۵) حضرت خصیف سے روایت ہے۔ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت سعید رضی اللہ عنہ سے عصیر کے بارے میں سوال کیا؟ تو انہوں نے فرمایا: ایک دن رات کے اندر اندر اس کو پی لو۔

(٢٤٣٢٦) حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ عَمْرِو بْنِ أَبِي حَكِيمٍ ، عَنْ عِكْرِمَةَ ، قَالَ :اشْرَبِ الْعَصِيرَ مَا لَمْ يَهْدُرْ.

(۲۴۳۲۶) حضرت عکرمہ سے روایت ہے۔ کہتے ہیں کہ عصیر پی لو جب تک کہ وہ جوش نہ مارے۔

(٢٤٣٢٧) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ أَبِي يَعْفُورَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عُبَيْدٍ الْعَامِرِيِّ ، عَنْ أَيْمَنَ أَبِي ثَابِتٍ ، قَالَ :كُنْتُ جَالِسًا عِنْدَ ابْنِ عَبَّاسٍ ، فَجَاءَهُ رَجُلٌ فَسَأَلَهُ عَنِ الْعَصِيرِ ؟ فَقَالَ :اشْرَبْهُ مَا دَامَ طَرِيًّا.

(۲۴۳۲۷) حضرت ایمن ابی ثابت سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کی خدمت میں بیٹھا ہوا تھا کہ اس دوران اُن کے پاس ایک آدمی حاضر ہوا اور اس نے آپ رضی اللہ عنہ سے عصیر کے بارے میں سوال کیا؟ تو آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جب تک وہ تازہ ہو اس کو پی لو۔

(٢٤٣٢٨) حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنْ دَاوُدَ ، عَنِ الشَّعْبِيِّ ، قَالَ :لاَ بَأْسَ بِشُرْبِ الْعَصِيرِ مَا لَمْ يَغْلِ ثَلاَثًا.

(۲۴۳۲۸) حضرت شعبی سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ جب تک عصیر تین مرتبہ جوش نہ مارے تو تب تک اس کے پینے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

(٢٤٣٢٩) حَدَّثَنَا حَفْصٌ ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ ، عَنْ عَطَاءٍ ، قَالَ :اشْرَبْهُ ثَلاَثًا ، مَا لَمْ يَغْلِ.

(۲۴۳۲۹) حضرت عطاء رحمہ اللہ سے روایت ہے۔ کہتے ہیں کہ تم عصیر کو پی لو جب تک کہ وہ تین مرتبہ جوش نہ مارے۔

(٢٤٣٣٠) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ ، وَوَكِيعٌ ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عَائِذٍ ، قَالَ :سَأَلْتُ إِبْرَاهِيمَ عَنِ الْعَصِيرِ ؟ فَقَالَ :اشْرَبْهُ مَا لَمْ يَتَغَيَّرْ.

(۲۴۳۳۰) حضرت ہشام بن عائذ سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابراہیم رحمہ اللہ سے عصیر کے بارے میں سوال کیا؟ تو انہوں نے فرمایا: جب تک اس میں تغیر نہ آئے تب تک تم اس کو پی لو۔

(٢٤٣٣١) حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنْ حَمَّادٍ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، قَالَ :لاَ بَأْسَ بِشُرْبِهِ وَبَيْعِهِ مَا لَمْ يَغْلِ.

(۲۴۳۳۱) حضرت ابراہیم سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں۔ جب تک یہ جوش نہ مارے تب تک اس کے پینے اور بیچنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

(٢٤٣٣٢) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ إِسْرَائِيلَ ، عَنْ جَابِرٍ ، عَنْ عَامِرٍ ، وَأَبِي جَعْفَرٍ ، وَعَطَاءٍ ، قَالُوا :اشْرَبِ الْعَصِيرَ ابْنَ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ.

(۲۴۳۳۲) حضرت عامر، حضرت ابوجعفر، اور حضرت عطاء رحمہ اللہ سے روایت ہے۔ (یہ سب حضرات) کہتے ہیں ایک دن رات کا عصیر ہو تو اس کو پی لو۔

(٢٤٣٣٣) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ دِينَارٍ ، عَنِ الْحَسَنِ ، قَالَ :اشْرَبِ الْعَصِيرَ مَا لَمْ يَتَغَيَّرْ.

(۲۴۳۳۳) حضرت حسن رحمہ اللہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جب تک عصیر متغیر نہ ہو جائے۔ تب تک تم عصیر پی لو۔

(٢٤٣٣٤) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مُرَّةَ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ ؛ أَنَّهُ سُئِلَ عَنِ الْعَصِيرِ ؟ قَالَ : اشْرَبْهُ مَا لَمْ يَأْخُذْهُ شَيْطَانُهُ ، قِيلَ :وَفِي كَمْ يَأْخُذُهُ شَيْطَانُهُ ؟ قَالَ :فِي ثَلاَثٍ.

(۲۴۳۳۴) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کے بارے میں روایت ہے کہ ان سے عصیر کے بارے میں سوال کیا گیا؟ تو انہوں نے ارشاد فرمایا: تم اس کو پی لو جب تک کہ اس کو اس کا شیطان نہ پکڑ لے۔ پوچھا گیا کہ کتنے دن میں اس کو اس کا شیطان پکڑ لیتا ہے؟ تو آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تین دن میں۔

(٢٤٣٣٥) حَدَّثَنَا عَفَّانُ ، قَالَ :حَدَّثَنَا بَشِيرُ بْنُ عُقْبَةَ ، قَالَ :سَأَلْتُ ابْنَ سِيرِينَ عَنْ عَصِيرِ الْعِنَبِ ؟ فَقَالَ :عَصِيرُ يَوْمِهِ فِي مَعْصَرَتِهِ ، قَالَ :اشْرَبْهُ فِي يَوْمِهِ ، فَإِنِّي أَكْرَهُ إِذَا حُوِّلَ فِي إِنَاءٍ ، أَوْ وِعَاءٍ ، وَقَالَ :عَلَيْكُمْ بِسُلاَفَةِ الْعِنَبِ ، فَإِنَّهَا أَطْيَبُهُ ، فَاشْرَبْهُ.

(۲۴۳۳۵) حضرت بشیر بن عقبہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن سیرین رحمہ اللہ سے انگور کے عصیر کے بارے میں سوال کیا؟ تو انہوں نے فرمایا: اسی دن کا عصیر ہو اور جس برتن میں بنایا گیا ہو اسی میں ہو۔ فرمایا: اس کو اسی دن پی لو۔ جب یہ عصیر کسی دوسرے برتن وغیرہ میں منتقل کیا جائے تو پھر میں اس کو مکروہ سمجھتا ہوں۔ اور یہ بھی فرمایا۔ تم شروع شروع کے انگور استعمال کرو کیونکہ یہ زیادہ لذیذ ہوتے ہیں۔ پس اس کو پی لو۔

(٧) فِي الرُّخصةِ فِي النَّبِيذِ ، وَمَنْ شربه

نبیذ میں رخصت اور اس کو پینے والوں کا ذکر

(٢٤٣٣٦) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ ، عَنْ جَابِرٍ ، قَالَ : كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاسْتَسْقَى ، فَقَالَ رَجُلٌ :أَلاَ نَسْقِيكَ نَبِيذًا ؟ قَالَ :بَلَى ، قَالَ :فَخَرَجَ الرَّجُلُ يَشْتَدُّ ، فَجَاءَ بِقَدَحٍ فِيهِ نَبِيذٌ ، فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :أَلاَ خَمَّرْتَهُ وَلَوْ أَنْ تَعْرُضَ عَلَيْهِ عُودًا.

(مسلم ۹۴۔ ابو داؤد ۳۷۲۷)

(۲۴۳۳۶) حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ ہم جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ تھے کہ اس دوران آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پانی مانگا تو ایک آدمی نے کہا۔ کیا ہم آپ کو نبیذ نہ پلائیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''کیوں نہیں'' راوی کہتے ہیں۔ پس وہ آدمی دوڑتا ہوا نکلا پھر وہ ایک پیالہ لے کر حاضر ہوا جس میں نبیذ تھا۔ تو جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''تم اس کو ڈھانپا کیوں نہیں اگرچہ اس پر چوڑائی میں ایک لکڑی ہی رکھ دی جاتی۔''

(٢٤٣٣٧) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي زِيَادٍ ، عَنْ عِكْرِمَةَ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ، قَالَ :أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ السِّقَايَةَ ، فَقَالَ :اسْقُونِي مِنْ هَذَا ، فَقَالَ الْعَبَّاسُ :أَلاَ نَسْقِيكَ مِمَّا نَصْنَعُ فِي

الْبُيُوتِ؟ قَالَ :لَا ، وَلَكِنَ اسْقُونِي مِمَّا يَشْرَبُ النَّاسُ ، قَالَ :فَأُتِيَ بِقَدَحٍ مِنْ نَبِيذٍ فَذَاقَهُ فَقَطَّبَ ، ثُمَّ قَالَ : هَلُمُّوا مَاءً ، فَصَبَّهُ عَلَيْهِ ، ثُمَّ قَالَ :زِدْ فِيهِ ، مَرَّتَيْنِ ، أَوْ ثَلَاثًا ، ثُمَّ قَالَ :إِذَا أَصَابَكُمْ هَذَا فَاصْنَعُوا بِهِ هَكَذَا.

(دار قطنی ۸۱)

(۲۴۳۳۷) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سقایہ پر (حاجیوں کو پانی پلانے کی جگہ پر) تشریف لائے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''مجھے اس میں سے پانی پلاؤ'' حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے کہا۔ ہم گھروں میں جو مشروب بناتے ہیں۔ آپ کو اس میں سے نہ پلائیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''نہیں۔ بلکہ مجھے اُسی میں سے پلاؤ جس سے عام لوگ پیتے ہیں۔'' راوی کہتے ہیں۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک پیالہ نبیذ کا لایا گیا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو چکھا! پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس میں آمیزش کی پھر فرمایا: ''پانی لاؤ۔'' پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ پانی اس نبیذ پر ڈال دیا پھر فرمایا: ''اس میں اضافہ کرو'' دو یا تین مرتبہ یہ فرمایا: پھر اس کے بعد ارشاد فرمایا: ''جب تمہیں یہ چیز ملے تو تم اس کے ساتھ ایسا ہی کرو۔''

(۲۴۳۳۸) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ ، عَنْ قُرَّةَ الْعِجْلِيِّ ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ الْقَعْقَاعِ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ ، قَالَ : كُنَّا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأُتِيَ بِقَدَحٍ فِيهِ شَرَابٌ ، فَقَرَّبَهُ ثُمَّ رَدَّهُ ، فَقَالَ لَهُ بَعْضُ جُلَسَائِهِ :حَرَامٌ هُوَ يَا رَسُولَ اللهِ ؟ قَالَ :فَقَالَ :رُدُّوهُ ، فَرَدُّوهُ ، ثُمَّ دَعَا بِمَاءٍ فَصَبَّهُ عَلَيْهِ ، ثُمَّ شَرِبَ ، فَقَالَ :انْظُرُوا هَذِهِ الأَشْرِبَةَ ، إِذَا اغْتَلَمَتْ عَلَيْكُمْ فَاقْطَعُوا مُتُونَهَا بِالْمَاءِ . (نسائی ۵۲۰۵۔ بیهقی ۳۰۵)

(۲۴۳۳۸) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ ہم جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بیٹھے ہوئے تھے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک پیالہ لایا گیا جس میں کوئی مشروب تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس پیالہ کو اپنے قریب کیا اور پھر وہ پیالہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے واپس کر دیا۔ اس پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے بعض ہم نشینوں نے پوچھا۔ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! یہ حرام ہے؟ راوی کہتے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''یہ پیالہ واپس لاؤ۔'' چنانچہ صحابہ رضی اللہ عنہم نے وہ پیالہ واپس کیا۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پانی منگوایا اور وہ پانی اس پیالہ میں ڈال دیا پھر اس کو نوش فرمایا اور ارشاد فرمایا: ''ان مشروبات کو دیکھو۔ جب یہ حد کو تمہارے اوپر تجاوز کر جائیں (یعنی نشہ آور ہو جائیں) تو تم ان کی شدت کو پانی سے توڑ ڈالو۔''

(۲۴۳۳۹) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَمَانٍ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنْ خَالِدِ بْنِ سَعْدٍ ، عَنْ أَبِي مَسْعُودٍ ؛ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَطِشَ وَهُوَ يَطُوفُ بِالْبَيْتِ حَوْلَ الْكَعْبَةِ ، فَاسْتَسْقَى فَأُتِيَ بِنَبِيذٍ مِنَ السِّقَايَةِ ، فَشَمَّهُ فَقَطَّبَ ، فَقَالَ :عَلَيَّ بِذَنُوبٍ مِن زَمْزَمَ ، فَصَبَّ عَلَيْهِ وَشَرِبَ ، فَقَالَ رَجُلٌ :حَرَامٌ هُوَ يَا رَسُولَ اللهِ؟ فَقَالَ :لَا.

(نسائی ۵۲۱۲۔ بیهقی ۳۰۴)

(۲۴۳۳۹) حضرت ابو مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کعبہ کے گرد بیت اللہ کا طواف فرما رہے تھے کہ اس دوران آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو پیاس لگی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پانی طلب کیا۔ پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے سقایہ سے نبیذ لائی گئی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے

اس کو سونگھا اور پھر اس میں آمیزش کی اور فرمایا: ''میرے پاس زم زم کا ایک ڈول لاؤ۔'' چنانچہ آپ ﷺ نے اس میں وہ زم زم ملایا اور اس کو نوش فرمایا۔ اس پر ایک آدمی نے عرض کیا۔ یارسول اللہ ﷺ! یہ حرام ہے؟ تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''نہیں۔''

(٢٤٣٤٠) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ ، عَنْ أَشْعَثَ ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ ، عَنْ جَابِرٍ ، قَالَ : كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُنْبَذُ لَهُ فِي سِقَاءٍ ، فَإِذَا لَمْ يَكُنْ سِقَاءٌ ، نُبِذَ لَهُ فِي تَوْرٍ . قَالَ أَشْعَثُ : وَالتَّوْرُ مِنْ لِحَاءِ الشَّجَرِ.

(مسلم ١٥٨٤۔ ابو داؤد ٣٦٩٥)

(۲۴۳۴۰) حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ جناب نبی کریم ﷺ کے لئے ایک مشکیزہ میں نبیذ بنائی جاتی تھی۔ اور جب مشکیزہ نہیں ہوتا تھا تو آپ ﷺ کے لئے پانی پینے والے برتن میں نبیذ بنائی جاتی تھی۔ اشعث کہتے ہیں۔ تَوْر، درخت کی چھال سے تیار ہوتا ہے۔

(٢٤٣٤١) حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ ، عَنْ زَاذَانَ ، قَالَ : سَأَلْتُ ابْنَ عُمَرَ عَنِ النَّبِيذِ ؟ فَقُلْتُ لَهُ : إِنَّ لَنَا لُغَةً غَيْرَ لُغَتِكُمْ ، فَفَسِّرْهُ لَنَا بِلُغَتِنَا ، فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ : نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْحَنْتَمَةِ ، وَهِيَ الْجَرَّةُ ، وَنَهَى عَنِ الدُّبَّاءِ ، وَهِيَ الْقَرْعَةُ ، وَعَنِ الْمُزَفَّتِ وَهِيَ الْمُقَيَّرُ ، وَعَنِ النَّقِيرِ ، وَهِيَ النَّخْلَةُ ، وَأَمَرَ أَنْ يُنْبَذَ فِي الأَسْقِيَةِ. (مسلم ١٥٨٣۔ ترمذی ١٨٦٨)

(۲۴۳۴۱) حضرت زاذان سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے نبیذ کے بارے میں سوال کیا؟ اور میں نے ان سے کہا۔ ہماری لغت، تمہاری لغت سے جُدا ہے۔ پس آپ اس کو ہماری زبان میں بیان فرمائیں۔ اس پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جناب رسول اللہ ﷺ نے حنتمہ سے منع فرمایا ہے اور یہ ایک طرح کا گھڑا ہے۔ اور آپ ﷺ نے دُباء سے منع فرمایا ہے اور وہ کدو کا ایک (مصنوعی) برتن ہے۔ اور آپ ﷺ نے مزفت سے منع فرمایا ہے اور یہ تارکول مارا ہوا برتن ہے۔ اور آپ ﷺ نے نقیر سے منع فرمایا ہے۔ اور یہ درخت کی موٹی شاخ سے تیار کردہ برتن ہے۔ اور آپ ﷺ نے حکم دیا کہ مشکیزوں میں نبیذ بنائی جائے۔

(٢٤٣٤٢) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ ، عَنْ أُمَيْنَةَ ؛ أَنَّهَا سَمِعَتْ عَائِشَةَ تَقُولُ : أَتَعْجِزُ إِحْدَاكُنَّ أَنْ تَتَّخِذَ مِنْ مَسْكِ أُضْحِيَّتِهَا سِقَاءً فِي كُلِّ عَامٍ ، فَإِنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى ، أَوْ مَنَعَ عَنْ نَبِيذِ الْجَرِّ ، وَالْمُزَفَّتِ ، وَأَشْيَاءَ نَسِيَهَا التَّيْمِيُّ.

(۲۴۳۴۲) حضرت اُمینہ سے روایت ہے۔ کہ انہوں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو کہتے سُنا کہ کیا تم میں سے ایک اس بات سے عاجز ہے کہ وہ ہر سال اپنی قربانی کی کھال سے ایک مشکیزہ بنالے۔ کیونکہ جناب نبی کریم ﷺ نے گھڑے اور مزفت (برتن) کی نبیذ سے منع فرمایا ہے۔ کچھ اور چیزوں کا بھی ذکر کیا جن کو (اُمینہ کے شاگرد) تیمی بھول گئے۔

(٢٤٣٤٣) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ حَسَنِ بْنِ صَالِحٍ ، عَنْ سِمَاكٍ ، عَنْ رَجُلٍ ؛ أَنَّهُ سَأَلَ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ عَنِ النَّبِيذِ ؟

فَقَالَ :اشْرَبْ ، فَإِذَا رَهِبْتَ أَنْ تَسْكَرَ فَدَعْهُ.

(۲۴۳۴۳) حضرت سماک رحمۃ اللہ علیہ، ایک آدمی کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ اس نے حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہ سے نبیذ کے بارے میں سوال کیا تو انہوں نے فرمایا: پیو، لیکن جب تمہیں اس بات کا اندیشہ ہو کہ تم نشہ میں مبتلا ہو جاؤ گے تو پھر اس کو چھوڑ دو۔

(٢٤٣٤٤) حَدَّثَنَا مُعَاذٌ ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ ، قَالَ :سَأَلْتُ مُحَمَّدًا عَنْ نَبِيذِ السِّقَاءِ الَّذِي يُوكَى وَيُعَلَّقُ ؟ فَقَالَ :لاَ أَعْلَمُ بِهِ بَأْسًا.

(۲۴۳۴۴) حضرت ابن عون سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے محمد رحمۃ اللہ علیہ سے اس مشکیزہ کی نبیذ کے بارے میں سوال کیا جس کو باندھ دیا گیا ہو اور لٹکا دیا گیا ہو؟ تو محمد رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: مجھے اس کے بارے میں کوئی حرج معلوم نہیں ہے۔

(٢٤٣٤٥) حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ حَرْمَلَةَ الْعَبْدِيُّ ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ عَمْرِو ابْنِ أَخِي أَبِي نَضْرَةَ ؛ أَنَّهُ سَأَلَ الْحَسَنَ عَنِ الْجُفِّ ؟ فَقَالَ :وَمَا الْجُفُّ ؟ قَالَ :سِقَاءٌ عَلَى ثَلاَثِ قَوَائِمَ ، يُوكَى مِنْ أَعْلاَهُ وَمِنْ أَسْفَلِهِ ، قَالَ :لاَ بَأْسَ بِهِ.

(۲۴۳۴۵) حضرت ولید بن عمرو بن اخی ابونضرہ سے روایت ہے کہ انہوں نے حضرت حسن رحمۃ اللہ علیہ سے جُفّ کے بارے میں سوال کیا؟ تو حضرت حسن نے پوچھا: جُفّ کیا ہے؟ سائل نے بتایا کہ وہ تین پائے پر مبنی ایک مشکیزہ ہوتا ہے۔ جس کو اوپر اور نیچے سے باندھ دیا جاتا ہے۔ تو حضرت حسن رحمۃ اللہ علیہ سے فرمایا: اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

(٢٤٣٤٦) حَدَّثَنَا أَبُو الأَحْوَصِ ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُونٍ ، قَالَ :قَالَ عُمَرُ :إِنَّا نَشْرَبُ هَذَا الشَّرَابَ الشَّدِيدَ ، لِنَقْطَعَ بِهِ لُحُومَ الإِبِلِ فِي بُطُونِنَا أَنْ يُؤْذِيَنَا ، فَمَنْ رَابَهُ مِنْ شَرَابِهِ شَىْءٌ ، فَلْيَمْزُجْهُ بِالْمَاءِ .

(۲۴۳۴۶) حضرت عمرو بن میمون سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے تھے۔ ہم یہ سخت مشروب (اس لئے) پیتے ہیں کہ اس کے ذریعہ سے ہم اپنے پیٹوں میں موجود اونٹ کے گوشت کو ہضم کر سکیں تا کہ وہ ہم کو اذیت نہ دے۔ پس جس شخص کو اس کے پینے میں شک وشبہ ہو تو وہ اس میں پانی کی آمیزش کر لے۔

(٢٤٣٤٧) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ . قَالَ :حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي خَالِدٍ ، عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِي حَازِمٍ ، قَالَ :حَدَّثَنِي عُتْبَةُ بْنُ فَرْقَدٍ ، قَالَ :قَدِمْتُ عَلَى عُمَرَ ، فَدَعَا بِعُسٍّ مِنْ نَبِيذٍ قَدْ كَادَ يَصِيرُ خَلاًّ ، فَقَالَ :اشْرَبْ ، فَأَخَذْتُهُ فَشَرِبْتُهُ ، فَمَا كِدْتُ أَنْ أُسِيغَهُ ، ثُمَّ أَخَذَهُ فَشَرِبَهُ ، ثُمَّ قَالَ :يَا عُتْبَةُ ، إِنَّا نَشْرَبُ هَذَا النَّبِيذَ الشَّدِيدَ لِنَقْطَعَ بِهِ لُحُومَ الإِبِلِ فِي بُطُونِنَا أَنْ يُؤْذِيَنَا.

(۲۴۳۴۷) حضرت قیس بن ابی حازم سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ مجھے عتبہ بن فرقد نے بیان کرتے ہوئے کہا کہ میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ رضی اللہ عنہ نے ایک بڑا پیالہ منگوایا جس میں نبیذ تھی۔ جو کہ سرکہ بننے کے قریب تھی۔ پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا۔ تم اس کو پیو۔ میں نے وہ پیالہ پکڑا اور اس کو پیا۔ لیکن وہ مجھے حلق سے بآسانی نہیں اُتر رہی تھی۔ پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے وہ پیالہ پکڑا اور اس کو نوش فرمایا اور پھر کہا۔ اے عتبہ! ہم یہ سخت قسم کی نبیذ اس لیئے پیتے ہیں تا کہ اس کے ذریعہ سے ہم اپنے

پیٹوں میں موجود اونٹوں کے گوشت کو کاٹ دیں (یعنی ہضم کریں) تا کہ وہ ہمیں تکلیف نہ دے۔

(٢٤٣٤٨) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، عَنْ هَمَّامٍ ، قَالَ : أُتِيَ عُمَرُ بِنَبِيذِ زَبِيبٍ مِنْ نَبِيذِ زَبِيبِ الطَّائِفِ ، قَالَ : فَلَمَّا ذَاقَهُ قَطَّبَ فَقَالَ : إِنَّ لِنَبِيذِ زَبِيبِ الطَّائِفِ لَعُرَامًا ، ثُمَّ دَعَا بِمَاءٍ فَصَبَّهُ عَلَيْهِ فَشَرِبَ ، وَقَالَ : إِذَا اشْتَدَّ عَلَيْكُمْ فَصُبُّوا عَلَيْهِ الْمَاءَ وَاشْرَبُوا .

(۲۴۳۴۸) حضرت ہمام سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس مقام طائف کی کشمش کی نبیذ لائی گئی۔ راوی کہتے ہیں: پس جب آپ رضی اللہ عنہ نے اس کو چکھا تو آپ رضی اللہ عنہ نے اس میں آمیزش کرنا چاہی اور آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یقیناً طائف کی کشمش کی نبیذ سخت ہوتی ہے، پھر آپ رضی اللہ عنہ نے پانی منگوایا اور اس میں انڈیل دیا پھر اس کو نوش فرمایا۔ اور کہا: جب تم میں سے کسی کو نبیذ سخت لگے تو تم اس میں پانی ڈال لو اور اس کو پی لو۔

(٢٤٣٤٩) حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ ؛ أَنَّ قَوْمًا مِنْ ثَقِيفٍ لَقُوا عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ وَهُوَ قَرِيبٌ مِنْ مَكَّةَ ، فَدَعَاهُمْ بِأَنْبِذَتِهِمْ ، فَأَتَوْهُ بِقَدَحٍ مِنْ نَبِيذٍ فَقَرَّبَهُ مِنْ فِيهِ ، ثُمَّ دَعَا بِمَاءٍ فَصَبَّهُ عَلَيْهِ مَرَّتَيْنِ ، أَوْ ثَلاَثًا ، فَقَالَ : اكْسِرُوهُ بِالْمَاءِ .

(۲۴۳۴۹) حضرت سعید بن المسیب رحمہ اللہ سے روایت ہے کہ قبیلہ ثقیف کے کچھ لوگ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے اس وقت ملے جبکہ وہ مکہ کے قریب تھے۔ تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان کو ان کی نبیذ سمیت بلایا۔ پس وہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں آئے اور ایک پیالہ نبیذ کا ساتھ لائے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس کو اپنے منہ کے قریب کیا پھر آپ رضی اللہ عنہ نے پانی منگوایا اور اس میں دو یا تین مرتبہ پانی ملایا۔ پھر فرمایا: اس کو پانی سے توڑ ڈالو۔

(٢٤٣٥٠) حَدَّثَنَا شَرِيكٌ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ، قَالَ : قَالَ عُمَرُ : إِنِّي رَجُلٌ مِعْجَارُ الْبَطْنِ ، أَوْ مِشْعَارُ الْبَطْنِ ، فَأَشْرَبُ هَذَا السَّوِيقَ فَلاَ يُلاَئِمُنِي ، وَأَشْرَبُ هَذَا اللَّبَنَ فَلاَ يُلاَئِمُنِي ، وَأَشْرَبُ هَذَا النَّبِيذَ الشَّدِيدَ فَيُسَهِّلُ بَطْنِي .

(۲۴۳۵۰) حضرت مجاہد سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: میں ایسا آدمی ہوں جس کا پیٹ سخت رہتا ہے۔ پس میں یہ ستو پیتا ہوں تو یہ مجھے موافق نہیں آتے اور میں یہ دودھ پیتا ہوں تو یہ بھی مجھے موافق نہیں آتا۔ اور میں یہ سخت نبیذ پیتا ہوں تو یہ میرے پیٹ کو پتلا کر دیتی ہے۔

(٢٤٣٥١) حَدَّثَنَا أَبُو الأَحْوَصِ ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ مُسْلِمٍ ، عَنْ سُوَيْدِ بْنِ غَفَلَةَ ، قَالَ : كُنْتُ أَشْرَبُ النَّبِيذَ مَعَ أَبِي الدَّرْدَاءِ وَأَصْحَابِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالشَّامِ ، فِي الْحِبَابِ الْعِظَامِ .

(۲۴۳۵۱) حضرت سوید بن غفلہ سے روایت ہے۔ کہتے ہیں کہ میں ملک شام میں حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے دیگر صحابہ رضی اللہ عنہم کے ہمراہ بڑے بڑے مٹکوں میں نبیذ پیا کرتا تھا۔

(٢٤٣٥٢) حَدَّثَنَا أَبُو الأَحْوَصِ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ مَسْرُوقٍ ، عَنِ الشَّمَّاسِ ، قَالَ :قَالَ عَبْدُ اللهِ :مَا يَزَالُ الْقَوْمُ وَإِنَّ شَرَابَهُمْ لَحَلاَلٌ ، حَتَّى يَصِيرَ عَلَيْهِمْ حَرَامًا.

(۲۴۳۵۲) حضرت شماس سے روایت ہے۔ کہتے ہیں کہ حضرت عبداللہ کا قول ہے۔ جب تک لوگوں کا مشروب حلال ہوگا تب تک لوگ دین پر قائم رہیں گے۔ یہاں تک کہ ان کے مشروبات حرام ہو جائیں۔

(٢٤٣٥٣) حَدَّثَنَا أَبُو الأَحْوَصِ ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُونٍ ، قَالَ :لَمَّا طُعِنَ عُمَرُ أَتَاهُ الطَّبِيبُ ، فَقَالَ :أَيُّ الشَّرَابِ أَحَبُّ إِلَيْكَ ؟ قَالَ :النَّبِيذُ.

(۲۴۳۵۳) حضرت عمرو بن میمون سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو نیزہ مارا گیا اور آپ رضی اللہ عنہ کے پاس طبیب آیا تو اس نے پوچھا۔ آپ کو کون سا مشروب سب سے زیادہ محبوب ہے؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: نبیذ۔

(٢٤٣٥٤) حَدَّثَنَا أَبُو الأَحْوَصِ ، عَنْ سِمَاكٍ ، عَنْ أَبِي حَصِينٍ ، قَالَ :رَأَيْتُ زِرَّ بْنَ حُبَيْشٍ يَشْرَبُ نَبِيذَ الْخَوَابِي.

(۲۴۳۵۴) حضرت ابو حصین سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے زر بن حبیش کو مٹکوں کی نبیذ پیتے دیکھا ہے۔

(٢٤٣٥٥) حَدَّثَنَا حَفْصٌ ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ سُلَيْمَانَ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ، عَنْ عَائِشَةَ ، قَالَتْ : كُنْتُ أَنْبِذُ لِرَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، وَكُنْتُ آخُذُ الْقُبْضَةَ مِنَ الزَّبِيبِ فَأُلْقِيهَا فِيهِ.

(۲۴۳۵۵) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے۔ وہ کہتی ہیں کہ میں جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے نبیذ بنایا کرتی تھی اور میں ایک مٹھی کشمش کی پکڑ کر اس میں ڈال دیتی تھی۔

(٢٤٣٥٦) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ مُجَالِدٍ ، قَالَ :قَالَ عَامِرٌ :اشْرَبُوا نَبِيذَ الْعُرْسِ ، وَلاَ تَسْكَرُوا مِنْهُ.

(۲۴۳۵۶) حضرت مجاہد سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت عامر رضی اللہ عنہ کا قول ہے، ولیمہ کی نبیذ پیو لیکن اس سے نشہ میں نہ آؤ۔

(٢٤٣٥٧) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ عِيسَى بْنِ الْمُسَيَّبِ ، عَنِ الشَّعْبِيِّ ، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى ، قَالَ :أَشْهَدُ عَلَى الْبَدْرِيِّينَ أَنَّهُمْ كَانُوا يَشْرَبُونَ نَبِيذَ الْعُرْسِ.

(۲۴۳۵۷) حضرت ابن ابی لیلیٰ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں اہل بدر صحابہ رضی اللہ عنہم پر گواہی دے کر کہتا ہوں کہ وہ ولیمہ کی نبیذ پیتے تھے۔

(٢٤٣٥٨) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ أَبِي ذَرٍّ ، قَالَ :يَكْفِينِي كُلَّ يَوْمٍ شَرْبَةٌ مِنْ مَاءٍ ، أَوْ شَرْبَةٌ مِنْ نَبِيذٍ ، أَوْ شَرْبَةٌ مِنْ لَبَنٍ ، وَفِي الْجُمُعَةِ قَفِيزٌ مِنْ قَمْحٍ.

(۲۴۳۵۸) حضرت ابوذر سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ مجھے ہر روز ایک مرتبہ پانی پینا اور ایک مرتبہ نبیذ پینا اور ایک مرتبہ دودھ پینا کفایت کر دیتا ہے اور جمعہ کو ایک قفیز گیہوں۔

(٢٤٣٥٩) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ ، عَنِ الشَّيْبَانِيِّ ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ ، قَالَ :سَأَلْتُ ابْنَ عُمَرَ عَنِ النَّبِيذِ الشَّدِيدِ ؟

فَقَالَ :جَلَسَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَجْلِسًا بِمَكَّةَ ، فَجَاءَهُ رَجُلٌ فَجَلَسَ إِلَى جَنْبِهِ ، فَوَجَدَ مِنْهُ رِيحًا شَدِيدَةً ، فَقَالَ :مَا هَذَا الَّذِي شَرِبْتَ ؟ فَقَالَ :نَبِيذٌ ، فَقَالَ :جِئْنِي مِنْهُ ، قَالَ :فَدَعَا بِمَاءٍ فَصَبَّهُ عَلَيْهِ وَشَرِبَ ، ثُمَّ قَالَ :إِذَا اغْتَلَمَتْ عَلَيْكُمْ أَسْقِيَتُكُمْ فَاكْسِرُوهَا بِالْمَاءِ .

(۲۴۳۵۹) حضرت عبدالملک سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے سخت نبیذ کے بارے میں سوال کیا؟ تو انہوں نے فرمایا: ایک مرتبہ جناب رسول اللہ ﷺ مکہ میں تشریف فرما تھے کہ ایک آدمی آپ ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا اور وہ آپ ﷺ کے پہلو میں بیٹھ گیا۔ آپ ﷺ نے اس سے ایک طرح کی سخت بُو محسوس کی تو آپ ﷺ نے پوچھا۔ ''یہ تم نے کیا پیا ہے؟'' اس آدمی نے جواب دیا۔ نبیذ۔ آپ ﷺ نے فرمایا: وہ میرے پاس لاؤ۔ راوی کہتے ہیں پھر آپ ﷺ نے پانی منگوایا اور اس میں ڈال دیا اور اس کو نوش فرمالیا پھر آپ ﷺ نے فرمایا: ''جب تمہارے مشکیزے تم پر حد کو تجاوز کر جائیں تو تم ان کو پانی سے توڑ ڈالو۔''

(٢٤٣٦٠) حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ نُمَيْرٍ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ ، قَالَ :صَنَعْتُ طَعَامًا فَدَعَوْتُ أَصْحَابَ عَبْدِاللهِ؛ عَمْرَو بْنَ شُرَحْبِيلَ، وَعَبْدَ الله بْنَ ذِئْبٍ، وَعُمَارَةَ، وَمُرَّةَ الْهَمْدَانِيَّ، وَعَمْرَو بْنَ مَيْمُونٍ فَسَقَيْتُهُمُ النَّبِيذَ وَالطِّلاَ فَشَرِبُوا ، فَقَالَ الأَعْمَشُ :قُلْتُ لَهُ : كَانُوا يَرَوْنَ الْخَوَابِي ؟ قَالَ :نَعَمْ ، كَانُوا يَنْظُرُونَ إِلَيْهَا وَهُمْ يَسْتَقُونَ مِنْهَا.

(۲۴۳۶۰) حضرت ابو اسحاق سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے ایک (مرتبہ) کھانا تیار کیا اور حضرت عبد اللہ کے ساتھیوں.....یعنی عمرو بن شرحبیل، عبداللہ بن ذئب، عمارہ، مرہ ہمدانی اور عمر بن میمون.....کو دعوت دی اور میں نے ان کو نبیذ اور طلاء پلایا اور انہوں نے پیا۔ حضرت اعمش کہتے ہیں۔ میں نے ان (ابو اسحٰق) سے کہا۔ وہ لوگ مرتبانوں کو دیکھ رہے تھے؟ حضرت ابو اسحٰق نے کہا۔ ہاں۔ وہ مرتبانوں کو دیکھ رہے تھے اور انہی سے ان کو پلایا جا رہا تھا۔

(٢٤٣٦١) حَدَّثَنَا حَفْصٌ ، عَنْ جَعْفَرٍ ، عَنْ أَبِيهِ ؛ أَنَّهُ كَانَ يَشْرَبُ النَّبِيذَ ، يُنْبَذُ لَهُ غَدْوَةً فَيَشْرَبُهُ عَشِيَّةً.

(۲۴۳۶۱) حضرت جعفر، اپنے والد کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ نبیذ پیتے تھے۔ (اس طرح کہ) اُن کے لئے صبح کو نبیذ بنائی جاتی جس کو وہ شام کے وقت پی لیتے۔

(٢٤٣٦٢) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ، عَنْ أَبِي حَيَّانَ، عَنْ يُوسُفَ، قَالَ: كَانَ الْحَسَنُ يُدْعَى إِلَى الْعُرْسِ، فَيَشْرَبُ مِنْ نَبِيذِهِمْ.

(۲۴۳۶۲) حضرت یوسف سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ حضرت حسن کو ولیموں میں بلایا جاتا تھا اور وہ ان کی نبیذ کو پیتے تھے۔

(٢٤٣٦٣) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ ، قَالَ :أَعْرَسْتُ فَدَعَوْتُ أَصْحَابَ عَلِيٍّ ، وَأَصْحَابَ عَبْدِ اللهِ ، مِنْ أَصْحَابِ عَلِيٍّ ؛ عُمَارَةُ بْنُ عَبْدٍ ، وَهُبَيْرَةُ بْنُ يَرِيمَ ، وَالْحَارِثُ الأَعْوَرُ ، وَمِنْ أَصْحَابِ عَبْدِ اللهِ ؛ عَلْقَمَةُ بْنُ قَيْسٍ ، وَعَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ يَزِيدَ ، وَعَبْدُ الله بْنُ ذِئْبٍ ، فَنَبَذْتُ لَهُمْ فِي

الْخَوَابِي ، فَكَانُوا يَشْرَبُونَ مِنْهَا ، فَقُلْتُ :وَهُمْ يَرَوْنَهَا ؟ قَالَ :نَعَمْ ، يَنْظُرُونَ إِلَيْهَا.

(۲۴۳۶۳) حضرت ابو اسحٰق سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے ولیمہ کیا تو میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت عبداللہ کے ساتھیوں کو بلایا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھیوں میں سے عمارہ بن عبد، ہبیرہ بن یریم، اور حارث بن اعور کو بلایا اور حضرت عبداللہ کے ساتھیوں میں سے علقمہ بن قیس، عبدالرحمٰن بن یزید، اور عبداللہ بن ذئب کو بلایا، پس میں نے ان کے لئے مٹکوں میں نبیذ تیار کی پس وہ ان مٹکوں میں سے پیتے تھے۔ (راوی کہتے ہیں) میں نے کہا۔ وہ مٹکوں کو دیکھ رہے تھے؟۔ ابو اسحٰق نے کہا۔ ہاں۔ وہ مٹکوں کو دیکھ رہے تھے۔

(٢٤٣٦٤) حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ صَالِحٍ ، عَنْ جَابِرٍ ، عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ ، قَالَ :النَّبِيذُ حَلاَلٌ.

(۲۴۳۶۴) حضرت ابو جعفر سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ نبیذ حلال ہے۔

(٢٤٣٦٥) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ ، عَنْ سُفْيَانَ الْعَطَّارِ ، قَالَ :سَأَلَ رَجُلٌ مَاهَانَ الْحَنَفِيَّ ، فَقَالَ :يَا أَبَا سَالِمٍ ، مَا تَقُولُ فِي النَّبِيذِ ؟ فَقَالَ :أَقُولُ فِي النَّبِيذِ :إِنَّ مَنْ حَرَّمَ مَا أَحَلَّ اللَّهُ ، كَمَنْ أَحَلَّ مَا حَرَّمَ اللَّهُ.

(۲۴۳۶۵) حضرت سفیان عطار سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ ایک آدمی نے ماہان حنفی سے سوال کیا اور کہا۔ اے ابو سالم! آپ نبیذ کے بارے میں کیا کہتے ہیں؟ انہوں نے کہا۔ میں نبیذ کے بارے میں یہ کہتا ہوں کہ جو شخص اللہ تعالیٰ کی حلال کردہ اشیاء کو حرام کہے وہ ایسا ہی ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ کی حرام کردہ اشیاء کو حلال کہنے والا ہے۔

(٢٤٣٦٦) حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ ، عَنِ الْجُرَيْرِيِّ ، عَنْ أَبِي الْعَلاَءِ ، قَالَ :انْتَهَى قَوْلُ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الأَشْرِبَةِ إِلَى أَنْ قَالَ :لاَ تَشْرَبُوا مَا يُسَفِّهُ أَحْلاَمَكُمْ ، وَمَا يُذْهِبُ أَمْوَالَكُمْ.

(۲۴۳۶۶) حضرت ابو العلاء سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ کا قول مشروبات میں یہاں تک پہنچا کہ آپ ﷺ نے فرمایا: ''جو چیز تمہاری عقلوں کو خراب کردے اور تمہارے اموال کو ختم کردے اس کو نہ پیو۔''

(٢٤٣٦٧) حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ ، عَنْ عَاصِمٍ ، عَنْ مُحَمَّدٍ ؛ أَنَّهُ كَانَ لاَ يَنْبِذُ إِلاَّ فِي سِقَاءٍ مُوكى.

(۲۴۳۶۷) حضرت محمد رحمہ اللہ کے بارے میں روایت ہے کہ وہ صرف منہ باندھے ہوئے مشکیزہ سے نبیذ پیتے تھے۔

(٢٤٣٦٨) حَدَّثَنَا مُلاَزِمُ بْنُ عَمْرٍو ، عَنْ عُجَيْبَةَ بْنِ عَبْدِ الْحَمِيدِ ، عَنْ عَمِّهِ قَيْسِ بْنِ طَلْقٍ ، عَنْ أَبِيهِ طَلْقِ بْنِ عَلِيٍّ ، قَالَ :جَلَسْنَا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، فَجَاءَ وَفْدُ عَبْدِ الْقَيْسِ فَقَالَ :مَا لَكُمْ قَدِ اصْفَرَّتْ أَلْوَانُكُمْ ، وَعَظُمَتْ بُطُونُكُمْ ، وَظَهَرَتْ عُرُوقُكُمْ ؟ قَالَ :قَالُوا :أَتَاكَ سَيِّدُنَا فَسَأَلَكَ عَنْ شَرَابٍ كَانَ لَنَا مُوَافِقًا فَنَهَيْتَهُ عَنْهُ ، وَكُنَّا بِأَرْضٍ مُجِحَّةٍ ، قَالَ :فَاشْرَبُوا مَا طَابَ لَكُمْ. (طبرانی ۸۲۵۶)

(۲۴۳۶۸) حضرت طلق بن علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ ہم جناب نبی کریم ﷺ کی خدمت اقدس میں بیٹھے ہوئے تھے کہ اس دوران عبدالقیس کا وفد حاضر ہوا۔ آپ ﷺ نے (ان سے) پوچھا۔ ''تمہیں کیا ہوا ہے کہ تمہارے رنگ زرد پڑے

ہوئے ہیں اور تمہارے پیٹ بڑھے ہوئے ہیں اور تمہاری رگیں نکلی ہوئی ہیں؟'' راوی کہتے ہیں کہ انہوں نے جواب دیا۔ ہمارا سردار آپ کی خدمت میں حاضر ہوا تھا اور اس نے آپ سے اس مشروب کے بارے میں پوچھا تھا جو ہمارے موافق ہے تو آپ ﷺ نے اس کو اس سے منع کر دیا تھا۔ اور ہم ایسی زمین میں رہتے ہیں جہاں بخار کی وبا بہت عام ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''جو مشروب تمہیں موافق آئے تم وہی پی لو۔''

(٢٤٣٦٩) حَدَّثَنَا جَرِير ، عَنْ مُغِيرَةَ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، قَالَ : لاَ خَيرَ فِي النَبِيذِ إِذَا كَان حُلوًا.

(۲۴۳۶۹) حضرت ابراہیم سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جب نبیذ میٹھی ہو تو اس میں کوئی خیر نہیں ہے۔

(٢٤٣٧٠) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ مَسْرُوقٍ ، قَالَ : دَعَانَا رَجُلٌ إِلَى طَعَامٍ فَأَكَلْنَا ، ثُمَّ أَتَانَا بِشَرَابٍ ، فَشَرِبَ الْقَوْمُ وَلَمْ أَشْرَبْ ، قَالَ : فَنَظَرَ إِلَيَّ بَكْرٌ ، يَعْنِي ابْنَ مَاعِزٍ ، نَظْرَةً ظَنَنْتُ أَنَّهُ مَقَتَنِي.

(۲۴۳۷۰) حضرت سعید بن مسروق سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ ایک آدمی نے ہماری کھانے کی دعوت کی چنانچہ ہم نے کھانا کھایا۔ پھر وہ آدمی ہمارے پاس مشروب لایا۔ پس سب لوگوں نے وہ مشروب پیا۔ لیکن میں نے نہیں پیا۔ راوی کہتے ہیں۔ اس پر بکر بن ساعد نے میری طرف اس طرح دیکھا کہ مجھے گمان ہونے لگا کہ وہ مجھ سے بیزار ہو گئے ہیں۔

(٢٤٣٧١) حَدَّثَنَا يَزِيدُ ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنِ الْحَسَنِ ، قَالَ : إِذَا دَخَلْتَ عَلَى أَخِيكَ ، فَسَلْهُ عَنْ شَرَابِهِ ، فَإِنْ كَانَ نَبِيذُ سِقَاءٍ فَاشْرَبْ.

(۲۴۳۷۱) حضرت حسن سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں۔ جب تم اپنے (مسلمان) بھائی کے پاس جاؤ۔ تو تم اس سے اس کے مشروب کے بارے میں سوال کرو۔ پس اگر اس کا مشروب مشکیزہ کی نبیذ ہو تو تم اس کو پی لو۔

(٢٤٣٧٢) حَدَّثَنَا عَبِيدَةُ بْنُ حُمَيْدٍ ، عَنْ أَبِي مِسْكِينٍ ، عَنْ هُزَيْلِ بْنِ شُرَحْبِيلَ ، قَالَ : مَرَّ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ عَلَى ثَقِيفٍ فَاسْتَسْقَاهُمْ ، فَقَالُوا : أَخْبِؤُوا نَبِيذَكُمْ ، فَسَقَوْهُ مَاءً ، فَقَالَ : اسْقُونِي مِنْ نَبِيذِكُمْ يَا مَعْشَرَ ثَقِيفٍ ، قَالَ : فَسَقَوْهُ ، فَأَمَرَ الْغُلاَمَ فَصَبَّ ، ثُمَّ أَمْسَكَ بِيَدِهِ ، ثُمَّ قَالَ : يَا مَعْشَرَ ثَقِيفٍ ، إِنَّكُمْ تَشْرَبُونَ مِنْ هَذَا الشَّرَابِ الشَّدِيدِ ، فَأَيُّكُمْ رَابَهُ مِنْ شَرَابِهِ شَيْءٌ ، فَلْيَكْسِرْهُ بِالْمَاءِ.

(۲۴۳۷۲) حضرت ہذیل بن شرحبیل سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ قبیلہ بنو ثقیف پر سے گزرے تو آپ رضی اللہ عنہ نے ان سے پانی طلب کیا۔ انہوں نے (باہم ایک دوسرے سے) کہا۔ تم اپنی نبیذ چھپا لو اور ان کو پانی پلا دو۔ اس پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا۔ اے گروہ ثقیف! تم مجھے اپنی نبیذ میں سے پلاؤ۔ راوی کہتے ہیں۔ پس انہوں آپ رضی اللہ عنہ کو نبیذ پلائی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے غلام کو حکم دیا اس نے پانی ڈالا پھر آپ رضی اللہ عنہ نے اپنے ہاتھ سے اس کو روک دیا۔ پھر آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے گروہ ثقیف! تم اس سخت مشروب کو پیتے ہو۔ پس تم میں جس کسی کو یہ کسی درجہ شک میں ڈالے تو اس کو چاہیے کہ وہ اس کو پانی سے توڑ ڈالے۔

(٨) مَنْ رَخَّصَ فِي نَبِيذِ الْجَرِّ الأَخْضَرِ

جن لوگوں نے سبز گھڑے کی نبیذ کی اجازت دی ہے

(٢٤٣٧٣) حَدَّثَنَا أَبُو الأَحْوَصِ ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ ، عَنِ الأَسْوَدِ ، قَالَ : كَانَ عَبْدُ اللهِ يُنْبَذُ لَهُ فِي الْجَرِّ الأَخْضَرِ.

(۲۴۳۷۳) حضرت اسود سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت عبداللہ کے لئے سبز رنگ کے گھڑے میں نبیذ تیار کی جاتی تھی۔

(٢٤٣٧٤) حَدَّثَنَا أَبُو الأَحْوَصِ ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ ، عَنِ الْمجَالِدِ بْنِ أَبِي رَاشِدٍ ، قَالَ : دَخَلَ عَمْرُو بْنُ حُرَيْثٍ عَلَى عَبْدِ اللهِ فِي حَاجَةٍ ، قَالَ : فَقَالَ عَبْدُ اللهِ : يَا جَارِيَةُ ، اسْقِينَا نَبِيذًا ، فَسَقَتْهُ مِنْ جَرٍّ أَخْضَرَ.

(۲۴۳۷۴) حضرت مجالد بن ابی راشد سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ حضرت عمرو بن حریث حضرت عبداللہ کے پاس کسی ضرورت سے گئے۔ راوی کہتے ہیں۔ تو حضرت عبداللہ نے کہا۔ اے لونڈی! تم ہمیں نبیذ پلاؤ۔ چنانچہ اس باندی نے آپ رضی اللہ عنہ کو سبز گھڑے سے نبیذ پلائی۔

(٢٤٣٧٥) حَدَّثَنَا أَبُو الأَحْوَصِ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنْ خَالِدِ بْنِ سَعْدٍ ، عَنْ أُمِّ وَلَدٍ لأَبِي مَسْعُودٍ الأَنْصَارِيِّ ، قَالَتْ : كُنْتُ أَنْبِذُ لأَبِي مَسْعُودٍ فِي الْجَرِّ الأَخْضَرِ.

(۲۴۳۷۵) حضرت ابو مسعود انصاری رضی اللہ عنہ کی ام ولد سے روایت ہے، وہ کہتی ہیں کہ میں حضرت ابو مسعود رضی اللہ عنہ کے لئے سبز گھڑے میں نبیذ بناتی تھی۔

(٢٤٣٧٦) حَدَّثَنَا أَبُو الأَحْوَصِ ، عَنْ أَبِي الْحَارِثِ التَّيْمِيِّ ، عَنْ أُمِّ مَعْبَدٍ ، قَالَ : قَالَتْ : يَا بُنَيَّ ، إِنَّ مُحَرِّمَ مَا أَحَلَّ اللَّهُ ، كَمُسْتَحِلِّ مَا حَرَّمَ اللَّهُ، إِنِّي كُنْتُ أَنْبِذُ النَّبِيذَ لِقَرَظَةَ بْنِ كَعْبٍ، وَكَانَ رَجُلاً قَدْ آتَاهُ اللَّهُ خَيْرًا كَثِيرًا، فَيَسْقِيهِ أَصْحَابَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، وَكَانَ يَغْشَاهُ مِنْهُمْ ؛ مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ ، وَزَيْدُ بْنُ أَرْقَمَ ، فِي الدَّنِّ الْمُزَفَّتِ ، وَالْجَرِّ الأَخْضَرِ.

(۲۴۳۷۶) حضرت ام معبد سے ابو الحارث تیمی روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا: اے میرے بیٹے! یقیناً اللہ تعالیٰ کی حلال کردہ اشیاء کو حرام کرنے والا ایسا ہی ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ کی حرام کردہ اشیاء کو حلال کرنے والا۔ میں قرظہ بن کعب کے لئے نبیذ تیار کرتی تھی۔ اور یہ وہ آدمی تھے جن کو اللہ تعالیٰ نے بہت سا مال دے رکھا تھا۔ پس یہ صاحب یہ نبیذ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھیوں کو پلاتے تھے۔ اور یہ اس کو ڈھانپ دیتے تھے۔ ان صحابہ رضی اللہ عنہم میں حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ اور حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ بھی تھے۔ ایک بڑی مزفت مٹکے میں اور سبز گھڑے میں۔

(٢٤٣٧٧) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ حَكِيمٍ، عَنْ أُمِّهِ؛ أَنَّ أَبَا بَرْزَةَ كَانَ يَرَى أَهْلَهُ يَنْبِذُونَ فِي الْجَرِّ، وَلاَ يَنْهَاهُمْ.

(۲۴۳۷۷) حضرت حسن بن حکیم سے روایت ہے۔ وہ اپنی والدہ سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابو برزہ رضی اللہ عنہ، اپنے گھر والوں کو

گھڑے میں نبیذ تیار کرتے ہوئے دیکھتے تھے اور ان کو منع نہیں کرتے تھے۔

(٢٤٣٧٨) حَدَّثَنَا أَبُو الأَحْوَصِ ، عَنْ مُسْلِمٍ ، قَالَ : كَانَ ابْنُ أَبِي أَوْفَى يَشْرَبُ نَبِيذَ الْجَرِّ الأَخْضَرِ.

(۲۴۳۷۸) حضرت مسلم رحمہ اللہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ حضرت ابن ابی اوفی سبز گھڑے کی نبیذ پیتے تھے۔

(٢٤٣٧٩) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ ، عَنْ مُغِيرَةَ ، عَنْ أُمِّ مُوسَى ، قَالَتْ : كُنْتُ أَنْبِذُ لِعَلِيٍّ فِي الْجَرِّ الأَخْضَرِ.

(۲۴۳۷۹) حضرت ام موسی سے روایت ہے۔ وہ کہتی ہیں کہ میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے لئے سبز رنگ کے گھڑے میں نبیذ بناتی تھی۔

(٢٤٣٨٠) حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عُلَيَّةَ ، عَنْ أَبِي هَارُونَ الْغَنَوِيِّ ، عَنْ أَبِي مِجْلَزٍ ، قَالَ : صَنَعَ قَيْسُ بْنُ عُبَادٍ لأُنَاسٍ مِنَ الْقُرَّاءِ طَعَامًا ، ثُمَّ سَقَاهُمْ نَبِيذًا ، ثُمَّ قَالَ : تَدْرُونَ مَا النَّبِيذُ الَّذِي سَقَيْتُكُمْ ؟ قَالُوا : نَعَمْ ، سَقَيْتَنَا نَبِيذًا ، قَالَ : لاَ ، وَلَكِنَّهُ نَبِيذُ جَرٍّ ، أَوْ جِرَارٍ ، ثُمَّ انْطَلَقَ إِلَى مَعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ ، قَالَ : فَقَالَ : فِيمَا يُنْبَذُ لَكَ ؟ فَدَعَا الْجَارِيَةَ ، فَجَاءَتْ بِجَرٍّ أَخْضَرَ ، فَقَالَ : يُنْبَذُ لِي فِي هَذَا.

(۲۴۳۸۰) حضرت ابومجلز سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ حضرت قیس بن عباد نے کچھ قراء کے لئے کھانا بنایا پھر انہوں نے ان کو نبیذ پلائی۔ پھر پوچھا۔ جانتے ہو یہ نبیذ جو میں نے تمہیں پلائی ہے۔ یہ کون سی نبیذ ہے؟ قراء نے کہا۔ ہاں۔ تم نے ہمیں نبیذ پلائی ہے۔ انہوں نے کہا۔ نہیں۔ بلکہ یہ تو گھڑے کی نبیذ تھی۔ پھر یہ صاحب حضرت معقل بن یسار کے پاس چلے گئے۔ راوی کہتے ہیں۔ اور ان سے کہا۔ آپ کے لئے کس برتن میں نبیذ تیار کی جاتی ہے؟ چنانچہ انہوں نے لونڈی کو بلایا پس وہ لونڈی سبز رنگ کا گھڑا لے کر آئی۔ حضرت معقل رضی اللہ عنہ نے کہا۔ میرے لئے اس میں نبیذ تیار کی جاتی ہے۔

(٢٤٣٨١) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي زِيَادٍ ، عَنْ ثَعْلَبَةَ ، قَالَ : دَخَلْتُ عَلَى أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ، فَأَكَلْنَا عِنْدَهُ ، ثُمَّ دَعَا بِجُرَيرَةٍ خَضْرَاءَ فِيهَا نَبِيذٌ ، فَسَقَانَا.

(۲۴۳۸۱) حضرت ثعلبہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں حضرت انس رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ پس ہم نے ان کے ہاں کھانا کھایا پھر انہوں نے سبز رنگ کا ایک چھوٹا سا گھڑا منگوایا جس میں نبیذ تھی۔ پھر (وہ نبیذ) انہوں نے ہمیں پلائی۔

(٢٤٣٨٢) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، عَنْ هَمَّامٍ ، قَالَ : كَانَ يُنْبَذُ لِعَبْدِ اللهِ النَّبِيذُ فِي جِرَارٍ خُضْرٍ فَيَشْرَبُهُ ، وَكَانَ يُنْبَذُ لأُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ فِي جَرٍّ أَخْضَرَ فَيَشْرَبُهُ.

(۲۴۳۸۲) حضرت ہمام سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ حضرت عبداللہ کے لئے سبز گھڑے میں نبیذ تیار کی جاتی تھی جس کو وہ پیتے تھے۔ جبکہ حضرت اسامہ کے لئے بھی سبز رنگ کے گھڑے میں نبیذ تیار کی جاتی تھی اور وہ اس کو پیتے تھے۔

(٢٤٣٨٣) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَمْرٍو ، عَنْ شَقِيقٍ ، قَالَ : كَانَ ابْنُ مَسْعُودٍ يُنْبَذُ لَهُ فِي الْجَرِّ الأَخْضَرِ ، وَكَانَ شَقِيقٌ يَشْرَبُ النَّبِيذَ فِي الْجَرِّ الأَخْضَرِ.

(۲۴۳۸۳) حضرت شقیق سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے لئے سبز گھڑے میں نبیذ تیار کی جاتی تھی اور

حضرت شقیق بھی سبز گھڑے میں نبیذ پیتے تھے۔

(٢٤٣٨٤) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ ، وَأَبِي مَسْعُودٍ ، وَأُسَامَةَ ؛ أَنَّهُمْ كَانُوا يَشْرَبُونَ نَبِيذَ الْجَرِّ.

(۲۴۳۸۴) حضرت عبداللہ، حضرت ابومسعود اور حضرت اسامہ کے بارے میں روایت ہے کہ یہ تمام حضرات گھڑے کی نبیذ پیتے تھے۔

(٢٤٣٨٥) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي زِيَادٍ ، قَالَ : رَأَيْتُ عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ أَبِي لَيْلَى يَشْرَبُ نَبِيذَ الْجَرِّ الأَخْضَرِ ، بَعْدَ مَا يَسْكُنُ غَلَيَانُهُ.

(۲۴۳۸۵) حضرت یزید بن ابی زیاد سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ کو اس وقت سبز گھڑے کی نبیذ پیتے دیکھا جب کہ اس کا جوش ختم ہو گیا تھا۔

(٢٤٣٨٦) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ أَبِي فَرْوَةَ ، قَالَ : سَقَانِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ أَبِي لَيْلَى فِي جَرٍّ أَخْضَرَ ، وَفِيهِ دُرْدِيٌّ ، وَسَقَيْتُهُ مِنْهُ.

(۲۴۳۸۶) حضرت ابوفروہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ مجھے حضرت عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ نے سبز رنگ کے گھڑے میں (نبیذ) پلائی اور اس میں تلچھٹ بھی تھی اور میں نے وہ نبیذ پی لی۔

(٢٤٣٨٧) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ أَبِي فَرْوَةَ الْجُهَنِيِّ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ ، قَالَ : كَانَ يَشْرَبُ نَبِيذَ الْجَرِّ الأَخْضَرِ.

(۲۴۳۸۷) حضرت عبداللہ سے سعید بن جبیر روایت کرتے ہیں، وہ کہتے ہیں کہ حضرت عبداللہ سبز رنگ کے گھڑے کی نبیذ پیتے تھے۔

(٢٤٣٨٨) حَدَّثَنَا أَبُو الأَحْوَصِ ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ ، قَالَ : كَانَ عَمْرُو بْنُ شُرَحْبِيلَ يَنْبِذُ فِي الدَّنِّ ، وَيَنْبِذُ فِي الْجَرِّ الأَخْضَرِ.

(۲۴۳۸۸) حضرت ابواسحٰق سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ عمرو بن شُرحبیل مٹکے میں نبیذ تیار کرتے تھے اور سبز رنگ کے مٹکے میں نبیذ تیار کرتے تھے۔

(٢٤٣٨٩) حَدَّثَنَا أَبُو الأَحْوَصِ ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ ، قَالَ : كَانَ ابْنُ الْحَنَفِيَّةِ يَشْرَبُ نَبِيذَ الْجَرِّ الأَخْضَرِ.

(۲۴۳۸۹) حضرت ابواسحاق سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ ابن الحنفیہ سبز رنگ کے گھڑے کی نبیذ پیتے تھے۔

(٢٤٣٩٠) حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ ، عَنْ حُمْرَانَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ ، قَالَ : حَدَّثَتْنِي أُمُّ حَفْصٍ ، قَالَتْ : كُنْتُ أَنْبِذُ لِعِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ فِي جَرٍّ. (ابن سعد ٢٩٠)

(۲۴۳۹۰) حضرت حمران بن عبدالعزیز سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ مجھے ام حفص نے بیان کرتے ہوئے کہا کہ میں عمران بن حصین کے لئے گھڑے میں نبیذ تیار کرتی تھی۔

(٢٤٣٩١) حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْتَشِرِ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ مَسْرُوقٍ ؛ أَنَّهُ كَانَ يَشْرَبُ نَبِيذَ الْجَرِّ.

(۲۴۳۹۱) حضرت مسروق کے بارے میں روایت ہے کہ وہ گھڑے کی نبیذ پیا کرتے تھے۔

(٢٤٣٩٢) حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ ، عَنْ حُصَيْنٍ ، قَالَ :دَخَلْتُ عَلَى إِبْرَاهِيمَ ، وَالشَّعْبِيِّ ، وَهِلاَلِ بْنِ يَسَاف ، وَشَقِيقٍ ، وَسَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ وَهُمْ فِي بُيُوتِهِمْ ، فَرَأَيْتُهُمْ يَشْرَبُونَ نَبِيذَ الْجَرِّ الأَخْضَرِ.

(۲۴۳۹۲) حضرت حصین سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں حضرت ابراہیم، حضرت شعبی، حضرت ہلال بن یساف، حضرت شقیق اور حضرت سعید بن جبیر کے پاس گیا اور یہ لوگ اپنے اپنے گھروں میں تھے سو میں نے ان کو سبز رنگ کے گھڑے کی نبیذ پیتے دیکھا۔

(٢٤٣٩٣) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عُبَيْدِ اللهِ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، عَنِ الأَسْوَدِ ؛ أَنَّهُ دَعَاهُمْ فِي عُرْسِهِ ، فَسَقَاهُمْ نَبِيذَ جَرٍّ أَخْضَرَ ، قَالَ :وَكَانَ إِبْرَاهِيمُ يَدْعُوهُمْ فِي عُرْسِهِ فَيَسْقِيهِمْ فِي جَرٍّ أَخْضَرَ.

(۲۴۳۹۳) حضرت اسود کے بارے میں روایت ہے کہ انہوں نے لوگوں کو اپنے ولیمہ میں بلایا۔ اور لوگوں کو سبز گھڑے کی نبیذ پلائی۔ راوی کہتے ہیں کہ اور حضرت ابراہیم نے لوگوں کو اپنے ولیمہ میں بلایا اور ان کو سبز رنگ کے گھڑے میں نبیذ پلائی۔

(٢٤٣٩٤) حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ مَالِكِ بْنِ دِينَارٍ ، عَنْ أَبِي رَافِعٍ ؛ أَنَّهُ كَانَ يَشْرَبُ نَبِيذَ الْجَرِّ.

(۲۴۳۹۴) حضرت مالک بن دینار، حضرت ابورافع کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ گھڑے کی نبیذ پیا کرتے تھے۔

(٢٤٣٩٥) حَدَّثَنَا أَبُو الأَحْوَصِ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، قَالَ :قُلْتُ لإِبْرَاهِيمَ :إِنَّا نَنْبِذُ فِي الْجَرِّ الأَخْضَرِ ، ثُمَّ نُضِيفُهُ فِي الدَّوْرَقِ الْمُقَيَّرِ ، أَوْ فِي الإِنَاءِ الْمُقَيَّرِ ؟ قَالَ :لاَ بَأْسَ بِهِ.

(۲۴۳۹۵) حضرت منصور سے روایت ہے۔ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابراہیم سے پوچھا۔ ہم سبز رنگ کے گھڑے میں نبیذ تیار کرتے ہیں پھر ہم اس کو تارکول ملے ہوئے برتن وغیرہ میں ڈال دیتے ہیں؟ تو حضرت ابراہیم نے جواب دیا۔ اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

(٢٤٣٩٦) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ حُمْرَانَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ ، قَالَ حَدَّثَتْنِي أُمُّ حَفْصٍ سُرِّيَّةُ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ ، قَالَتْ: كُنْتُ أَنْتَبِذُ لِعِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ فِي الْجَرِّ الأَخْضَرِ فَيَشْرَبُهُ.

(۲۴۳۹۶) حضرت ام حفص سے روایت ہے، وہ کہتی ہیں کہ میں حضرت عمران بن حصین کے لئے سبز گھڑے میں نبیذ تیار کرتی تھی پھر وہ اس کو پی لیتے تھے۔

(٢٤٣٩٧) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ مَالِكٍ ، عَنِ الضَّحَّاكِ ؛ أَنَّهُ كَانَ يَشْرَبُ نَبِيذَ السَّوِيقِ.

(۲۴۳۹۷) حضرت علی بن مالک، حضرت ضحاک کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ ستو کی نبیذ تیار کرتے تھے۔

(٢٤٣٩٨) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ ، عَنْ أَبِي عَوَانَةَ ، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى ، عَنْ أَخِيهِ عِيسَى ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي

لَيْلَى، قَالَ: كُنْتُ أَشْرَبُ النَّبِيذَ فِي الْجِرَارِ الْخُضْرِ، مَعَ الْبُدْرِيَّةِ مِنْ أَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

(۲۴۳۹۸) حضرت عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ میں بدری صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے ساتھ سبز گھڑوں میں نبیذ پیا کرتا تھا۔

(٢٤٣٩٩) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ ، عَنِ الشَّيْبَانِيِّ ، عَنْ غَيْلاَنَ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ يَزِيدَ ، قَالَ : رَأَيْتُ أَبَا عُبَيْدَةَ بْنَ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُودٍ يَشْرَبُ النَّبِيذَ فِي جَرٍّ أَخْضَرَ ، وَقَالَ : إِنَّ مُحَرِّمَ مَا أَحَلَّ اللَّهُ ، كَمُسْتَحِلِّ مَا حَرَّمَ اللَّهُ.

(۲۴۳۹۹) حضرت عبداللہ بن یزید سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے ابوعبیدہ بن عبداللہ بن مسعود کو سبز گھڑے میں نبیذ پیتے دیکھا اور انہوں نے یہ فرمایا: یقیناً اللہ تعالیٰ کی حلال کردہ اشیاء کو حرام قرار دینے والا ایسا ہی ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ کی حرام کردہ اشیاء کو حلال کرنے والا ہوتا ہے۔

(٢٤٤٠٠) حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَمْرٍو ، قَالَ : شَرِبْتُهُ عِنْدَ إِبْرَاهِيمَ نَبِيذًا فِي جَرٍّ أَخْضَرَ.

(۲۴۴۰۰) حضرت حسن بن عمرو سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابراہیم کے ہاں سبز گھڑے میں نبیذ پی۔

(٢٤٤٠١) حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ ، عَنْ أَبِي الْمُغِيرَةِ ، عَنْ أَبِيهِ ؛ أَنَّ أَبَا بَرْزَةَ كَانَ يُنْبَذُ لَهُ فِي جَرٍّ أَخْضَرَ.

(۲۴۴۰۱) حضرت ابومغیرہ، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابو برزہ رضی اللہ عنہ کے لئے سبز گھڑے میں نبیذ تیار کی جاتی تھی۔

(٢٤٤٠٢) حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي رَافِعٍ ؛ أَنَّ أَبَاهُ كَانَ يُنْبَذُ لَهُ فِي جَرٍّ ، فَكَانَ يَشْرَبُهُ حُلْوًا بِالسَّوِيقِ.

(۲۴۴۰۲) حضرت عبدالرحمٰن بن ابی رافع سے روایت ہے کہ ان کے والد کے لئے گھڑے میں نبیذ تیار کی جاتی تھی۔ پھر وہ اس کو ستو سے ملا کر میٹھا بنا کر پیتے تھے۔

(٢٤٤٠٣) حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ خَلِيفَةَ ، عَنِ الْعَلاَءِ بْنِ الْمُسَيَّبِ ، عَنْ حَكِيمِ بْنِ جُبَيْرٍ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، عَنِ الأَسْوَدِ ، عَنْ عَائِشَةَ ، قَالَتْ : كَانَ يُنْبَذُ لِرَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي جَرٍّ أَخْضَرَ. (طبرانی ۷۴۲۸)

(۲۴۴۰۳) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے۔ وہ کہتی ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے سبز گھڑے میں نبیذ تیار کی جاتی تھی۔

(٢٤٤٠٤) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ يَسَارٍ ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ الشِّخِّيرِ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ صُحَارٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ : قُلْتُ : يَا رَسُولَ اللهِ ، إِنِّي رَجُلٌ مِسْقَامٌ ، فَأْذَنْ لِي فِي جَرَّةٍ أَنْتَبِذُ فِيهَا ، فَأَذِنَ لِي.

(احمد ۳۱۔ بزار ۲۹۱۰)

(۲۴۴۰۴) حضرت عبدالرحمٰن بن صحار، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں۔ میں نے عرض کیا۔ اے اللہ کے

رسول ﷺ! میں ایک بہت بیمار آدمی ہوں۔ پس آپ مجھے اس بات کی اجازت دے دیجئے کہ میں گھڑے میں نبیذ بناؤں۔ چنانچہ آپ ﷺ نے مجھے اجازت دے دی۔

(٢٤٤٠٥) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، قَالَ : حَدَّثَنَا مِسْعَرٌ ، عَنْ سَهْلٍ أَبِي الأَسْدِ ، عَنْ مُسْرِدٍ ، قَالَ : كَانَ نَبِيذُ سَعْدٍ فِي جَرَّةٍ خَضْرَاءَ ، قَالَ : وَقَالَ : لاَ تَقُلْ اسْقِنِي مُحَطَّمًا.

(۲۴۴۰۵) حضرت مسرد سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ حضرت سعد کی نبیذ، سبز گھڑے میں ہوتی تھی۔ راوی کہتے ہیں۔ وہ کہتے تھے کہ تم یوں نہ کہو کہ مجھے محطم پلاؤ۔

(٢٤٤٠٦) حَدَّثَنَا أَبُو الأَحْوَصِ ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ ، قَالَ : حَدَّثَتْنِي أُمُّ أَبِي عُبَيْدَةَ ، أَوْ أُمُّ عُبَيْدَةَ أَنَّهُمْ كَانُوا يَنْبِذُونَ فِي الْجَرِّ الأَخْضَرِ ، فَيَرَاهُمْ عَبْدُ اللهِ وَلاَ يَنْهَى عَنْ ذَلِكَ. (عبدالرزاق ١٦٩٥٣)

(۲۴۴۰۶) حضرت قاسم بن عبدالرحمٰن سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ مجھے ام ابی عبیدہ یا ام عبیدہ نے بیان کیا کہ وہ سبز گھڑے میں نبیذ بناتے تھے۔ حضرت عبداللہ نے انہیں دیکھا اور اس سے منع نہیں کیا۔

(٢٤٤٠٧) حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ يُوسُفَ ، عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيلِ ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ مَيْسَرَةَ ، قَالَ : كُنَّا عِنْدَ مَعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ فَدَعَا بِطَعَامٍ فَأَكَلْنَا ، ثُمَّ أُتِينَا بِقَدَحٍ مِنْ نَبِيذٍ فَشَرِبَ وَشَرِبْنَا ، حَتَّى انْتَهَى إِلَى ابْنٍ لَهُ ، فَأَبَى أَنْ يَشْرَبَ ، فَأَخَذَ مَعْقِلٌ عَصًى كَانَتْ عِنْدَهُ ، فَضَرَبَ بِهَا رَأْسَهُ فَشَجَّهُ ، ثُمَّ قَالَ لَهُ : أَتَفْعَلُ كَذَا وَكَذَا ، وَذَكَرَ مِنْ مَسَاوِئِهِ وَتَأْبَى أَنْ تَشْرَبَ مِنْ شَرَابٍ شَرِبَهُ أَبُوكَ وَعُمُومَتُكَ ، لأَنَّهُ نَبِيذُ جَرٍّ ؟.

(۲۴۴۰۷) حضرت عقبہ بن میسرہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ ہم حضرت معقل بن یسار کے ہاں تھے تو انہوں نے کھانا منگوایا۔ پھر ہمارے پاس نبیذ کا پیالہ لایا گیا پس حضرت معقل نے بھی پیا اور ہم نے بھی پیا۔ یہاں تک کہ وہ پیالہ حضرت معقل کے بیٹے کے پاس پہنچا۔ انہوں نے پینے سے انکار کر دیا۔ تو حضرت معقل رضی اللہ عنہ نے اپنے پاس موجود عصا پکڑا۔ وہ اس کے سر پر دے مارا جس سے اس کا سر زخمی ہو گیا۔ پھر حضرت معقل رضی اللہ عنہ نے بیٹے سے کہا۔ کیا تو یہ یہ کام کرتا ہے..... حضرت معقل نے اس کے نامناسب افعال ذکر کئے..... اور اس مشروب کے پینے سے انکار کرتا ہے جس کو تیرے باپ اور چچاؤں نے پیا ہے۔ (صرف) اس لئے کہ یہ گھڑے کی نبیذ ہے؟

(٢٤٤٠٨) حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ ، عَنْ مِسْحَاجِ بْنِ مُوسَى ، قَالَ : كُنْتُ نَازِلاً فِي دَارِ أَنَسٍ ، فَرَأَيْتُهُ يَشْرَبُ النَّبِيذَ فِي جَرٍّ أَخْضَرَ.

(۲۴۴۰۸) حضرت مسحاج بن موسیٰ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں حضرت انس رضی اللہ عنہ کے گھر میں اترا تو میں نے ان کو سبز گھڑے میں نبیذ پیتے دیکھا۔

(٢٤٤٠٩) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ ، قَالَ : حَدَّثَنِي عَاصِمُ بْنُ بَهْدَلَةَ ، قَالَ : أَدْرَكْتُ رِجَالاً كَانُوا يَتَّخِذُونَ

هَذَا اللَّيْلَ جَمَلاً ، يَشْرَبُونَ نَبِيذَ الْجَرِّ ، وَيَلْبَسُونَ الْمُعَصْفَرَ ، مِنْهُمْ زِرٌّ ، وَأَبُو وَائِلٍ.

(۲۴۴۰۹) حضرت عاصم بن بہدلہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے ایسے لوگوں کو پایا ہے جو اس رات کو اونٹ بھگاتے تھے، گھڑے کی نبیذ پیتے تھے اور عصفر سے رنگ کئے ہوئے کپڑے پہنتے تھے۔ انہی لوگوں میں حضرت زرّ اور حضرت ابووائل تھے۔

(٢٤٤١٠) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، أَنَّهُ كَانَ يَشْرَبُ النَّبِيذَ لِثَلاَثٍ.

(۲۴۴۱۰) حضرت منصور، حضرت ابراہیم کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابراہیم، نبیذ کو تین دن تک پیتے تھے۔

(٩) بَابٌ فِي الشَّرْبِ فِي الظُّرُوفِ

باب: برتنوں میں پینے کے بارے میں

(٢٤٤١١) حَدَّثَنَا أَبُو الأَحْوَصِ ، عَنْ سِمَاكٍ ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ أَبِي بُرْدَةَ ، يَعْنِي ابْنَ نِيَارٍ ، قَالَ :سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ :اشْرَبُوا فِي الظُّرُوفِ ، وَلاَ تَسْكَرُوا.

(نسائی ۵۱۸۷۔ طبرانی ۲۲)

(۲۴۴۱۱) حضرت ابو بردہ بن دینار سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے جناب رسول اللہ ﷺ کو کہتے سنا ہے: ''تمام برتنوں میں پیو لیکن نشہ کی حد کو نہ جاؤ۔''

(٢٤٤١٢) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ يَحْيَى بْنِ الْحَارِثِ التَّيْمِيِّ ، عَنْ عَمْرِو بْنِ عَامِرٍ ، عَنْ أَنَسٍ ، قَالَ : نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ النَّبِيذِ فِي هَذِهِ الظُّرُوفِ ، ثُمَّ قَالَ :نَهَيْتُكُمْ عَنِ النَّبِيذِ ، فَاشْرَبُوا فِيمَا شِئْتُمْ ، مَنْ شَاءَ أَوْكَى سِقَاءَهُ عَلَى إِثْمٍ.

(۲۴۴۱۲) حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے ان برتنوں میں نبیذ سے منع کیا تھا۔ لیکن پھر آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''میں نے تمہیں نبیذ سے منع کیا تھا لیکن اب تم جس میں چاہو پیو۔ جو چاہے اپنے مشکیزہ کو گناہ پر باندھ لے۔''

(٢٤٤١٣) حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ ، عَنْ أَبِي سِنَانٍ ، عَنْ مُحَارِبٍ ، عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :نَهَيْتُكُمْ عَنِ النَّبِيذِ إِلاَّ فِي سِقَاءٍ ، فَاشْرَبُوا فِي الأَسْقِيَةِ كُلِّهَا ، وَلاَ تَشْرَبُوا مُسْكِرًا.

(۲۴۴۱۳) حضرت ابن بریدہ، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''میں نے تمہیں مشکیزہ کے علاوہ میں نبیذ پینے سے منع کیا تھا۔ لیکن اب تم تمام طرح کے برتنوں میں پیو۔ لیکن نشہ آور نہ ہو۔''

(٢٤٤١٤) حَدَّثَنَا أَبُو الأَحْوَصِ ، عَنْ يَحْيَى بْنِ الْحَارِثِ ، عَنْ عَمْرِو بْنِ عَامِرٍ ، عَنْ أَنَسٍ ، قَالَ :نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الأَنْبِذَةِ فِي الأَوْعِيَةِ ، ثُمَّ قَالَ بَعْدُ :إِنِّي نَهَيْتُكُمْ عَنِ الأَنْبِذَةِ فِي الأَوْعِيَةِ ، فَاشْرَبُوا فِيمَا

شِئْتُمْ ، مَنْ شَاءَ أَوْكَأَ سِقَاءَهُ عَلَى إِثْمٍ.

(۲۴۴۱۴) حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے برتنوں میں نبیذوں کے پینے سے منع کیا تھا۔ لیکن پھر اس کے بعد آپ ﷺ نے فرمایا: ''یقیناً میں نے تمہیں برتنوں میں نبیذوں کے پینے سے منع کیا تھا۔ پس اب تم جس میں بھی چاہو پی لو۔ اور جو شخص چاہے تو وہ اپنے مشکیزہ کو گناہ پر باندھ لے۔''

(٢٤٤١٥) حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنْ سُلَيْمَانَ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ، عَنْ أَبِي عِيَاضٍ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو ، قَالَ : قِيلَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :لَيْسَ كُلُّ النَّاسِ يَجِدُ وِعَاءً ، فَأَذِنَ لَهُمْ فِي شَيْءٍ مِنْهُ ، يَعْنِي الظُّرُوفَ.

(بخاری ۵۵۹۳۔ مسلم ٦٦)

(۲۴۴۱۵) حضرت عبداللہ بن عمرو سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جناب نبی کریم ﷺ سے عرض کیا گیا کہ تمام لوگوں کے پاس (مجوزہ) برتن نہیں ہوتے پس آپ نے ان کے لئے کچھ برتنوں کی اجازت دے دی یعنی ظروف کی۔

(٢٤٤١٦) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ النَّابِغَةِ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ عَلِيٍّ ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ : كُنْتُ نَهَيْتُكُمْ عَنْ هَذِهِ الأَوْعِيَةِ ، فَاشْرَبُوا فِيهَا ، وَاجْتَنِبُوا كُلَّ مَا أَسْكَرَ.

(۲۴۴۱۶) حضرت علی رضی اللہ عنہ، جناب نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''میں نے تمہیں ان برتنوں سے منع کیا تھا لیکن اب تم ان میں پی لیا کرو اور ہر نشہ آور چیز سے اجتناب کرو۔''

(٢٤٤١٧) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ يَحْيَى بْنِ الْحَارِثِ التَّيْمِيِّ ، عَنْ يَحْيَى بْنِ غَسَّانَ التَّيْمِيِّ ، عَنِ ابْنِ الرَّسِيمِ ، وَكَانَ رَجُلاً مِنْ أَهْلِ هَجَرَ ، وَكَانَ فَقِيهًا حَدَّثَ ، عَنْ أَبِيهِ ؛ أَنَّهُ انْطَلَقَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي وَفْدٍ فِي صَدَقَةٍ يَحْمِلُهَا إِلَيْهِ ، قَالَ :فَنَهَاهُمْ عَنِ النَّبِيذِ فِي هَذِهِ الظُّرُوفِ ، فَرَجَعُوا إِلَى أَرْضِهِمْ ، وَهِيَ أَرْضُ تِهَامَةَ حَارَّةٌ ، فَاسْتَوْخَمُوهَا ، فَرَجَعُوا إِلَيْهِ الْعَامَ الثَّانِيَ فِي صَدَقَاتِهِمْ ، فَقَالُوا :يَا رَسُولَ اللهِ ، إِنَّكَ نَهَيْتَنَا عَنْ هَذِهِ الأَوْعِيَةِ فَتَرَكْنَاهَا ، وَشَقَّ ذَلِكَ عَلَيْنَا ، فَقَالَ :اذْهَبُوا فَاشْرَبُوا فِيمَا شِئْتُمْ، مَنْ شَاءَ أَوْكَى سِقَاءَهُ عَلَى إِثْمٍ. (احمد ۳/ ۴۸۱۔ طبرانی ۴۶۳۴)

(۲۴۴۱۷) حضرت ابن رسیم سے..... یہ اہل ہجر میں سے ایک شخص تھے اور فقیہ تھے..... اپنے والد سے روایت بیان کرتے ہیں کہ وہ ایک وفد میں جناب نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور یہ وفد آپ ﷺ کے پاس صدقہ لے کر گیا تھا۔ کہتے ہیں کہ جناب نبی کریم ﷺ نے وفد والوں کو ان برتنوں میں نبیذ پینے سے منع کیا۔ چنانچہ وہ لوگ اپنے علاقہ میں واپس چلے گئے۔ وہ تہامہ کا علاقہ گرم تھا۔ پس ان لوگوں کو یہ زمین موافق ثابت ہوگئی۔ پھر وہ اگلے سال آپ ﷺ کی خدمت میں اپنے صدقات لے کر حاضر ہوئے اور انہوں نے بتایا۔ یا رسول اللہ ﷺ! آپ نے ہمیں ان برتنوں سے منع کیا تھا پس ہم نے وہ برتن چھوڑ دیئے لیکن

ہمیں اس پر بہت مشقت ہوئی۔ اس پر آپ ﷺ نے فرمایا: ''تم جاؤ اور جس میں چاہو پیو، جو شخص چاہے وہ اپنے مشکیزہ کو گناہ پر باندھ لے۔''

(٢٤٤١٨) حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ سَعْدٍ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنْ سَالِمٍ ، عَنْ جَابِرٍ ، قَالَ :نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الظُّرُوفِ ، فَشَكَتْ إِلَيْهِ الأَنْصَارُ ، فَقَالُوا :لَيْسَ لَنَا أَوْعِيَةٌ ، فَقَالَ :فَلاَ إِذَنْ.

(بخاری ۵۵۹۲۔ ترمذی ۱۸۷۰)

(۲۴۴۱۸) حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں۔ جناب رسول اللہ ﷺ نے برتنوں سے منع فرمایا تو کچھ انصار نے آپ ﷺ کو شکایت کی اور عرض کیا۔ یا رسول اللہ ﷺ! ہمارے پاس تو برتن نہیں ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''پھر یہ ممانعت نہیں ہے۔''

(٢٤٤١٩) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، عَنْ حَمَّادٍ ، قَالَ :حَدَّثَنَا فَرْقَدٌ السَّبَخِيُّ ، قَالَ :حَدَّثَنَا جَابِرُ بْنُ يَزِيدَ ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَسْرُوقٌ، عَنْ عَبْدِ اللهِ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :إِنِّى نَهَيْتُكُمْ عَنْ هَذِهِ الأَوْعِيَةِ، وَإِنَّ الأَوْعِيَةَ لاَ تُحِلُّ شَيْئًا ، وَلاَ تُحَرِّمُهُ ، فَاشْرَبُوا فِيهَا.

(۲۴۴۱۹) حضرت عبداللہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''یقیناً میں نے تمہیں ان برتنوں سے روکا تھا۔ جبکہ برتن کسی چیز کو حلال یا حرام نہیں کرتے۔ پس تم ان برتنوں میں پی سکتے ہو۔''

(٢٤٤٢٠) حَدَّثَنَا أَبُو الأَحْوَصِ ، عَنْ طَارِقِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ، قَالَ : كُلُّ حَلاَلٍ فِى كُلِّ ظَرْفٍ حَلاَلٌ ، وَكُلُّ حَرَامٍ فِى كُلِّ ظَرْفٍ حَرَامٌ.

(۲۴۴۲۰) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، کہتے ہیں۔ ہر حلال چیز ہر برتن میں حلال ہے۔ اور ہر حرام چیز ہر برتن میں حرام ہے۔

(٢٤٤٢١) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ سَعِيدٍ الْبَجَلِيِّ ، عَنْ أَبِى الشَّعْثَاءِ الْكِنْدِىِّ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ ، قَالَ :سَمِعْتُهُ يَقُولُ :الأَوْعِيَةُ لاَ تُحِلُّ شَيْئًا ، وَلاَ تُحَرِّمُهُ.

(۲۴۴۲۱) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے، ابوالشعثاء کندی روایت کرتے ہیں، کہتے ہیں کہ میں نے ابن عمر رضی اللہ عنہ کو کہتے سُنا کہ برتن کسی شئی کو حلال کرتا ہے اور نہ ہی حرام کرتا ہے۔

(٢٤٤٢٢) حَدَّثَنَا عَبْدَةُ، عَنْ صَالِحٍ، عَنِ الشَّعْبِىِّ ، قَالَ :نَبِيذُ الْمِزْرِ أَشَدُّ مِنْ نَبِيذِ الدَّنِّ ، وَمَا حَرَّمَ إِنَاءٌ ، وَلاَ أَحَلَّ.

(۲۴۴۲۲) حضرت شعبی سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ مکئی کی نبیذ، مٹکے کی نبیذ سے زیادہ سخت ہے۔ کوئی برتن کسی چیز کو حرام کرتا ہے اور نہ حلال کرتا ہے۔

(٢٤٤٢٣) حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ ، قَالَ :حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِى خَالِدٍ ، عَنِ الزُّبَيْرِ بْنِ عَدِىٍّ ، قَالَ :ذُكِرَ عِنْدَ شُرَيْحٍ

الأَسْقِيَةُ الَّتِي تُنْبَذُ فِيهَا ، فَقَالَ شُرَيْحٌ : مَا يُحِلِلْنَ شَيْئًا ، وَلاَ يُحَرِّمْنَ ، وَلَكِنِ انْظُرُوا مَا تَجْعَلُونَ فِيهِ مِنْ حَلاَلٍ ، أَوْ حَرَامٍ.

(۲۴۴۲۳) حضرت زبیر بن عدی سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ حضرت شریح کے ہاں ان مشکیزوں کا ذکر کیا گیا جن میں نبیذ بنائی جاتی ہے۔ تو حضرت شریح نے ارشاد فرمایا: یہ مشکیزے کسی چیز کو حلال کرتے ہیں اور نہ ہی حرام کرتے ہیں۔ بلکہ تم ان میں جو کچھ ڈالتے ہو حلال یا حرام اس کو دیکھو۔

(٢٤٤٢٤) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ ، عَنْ رَجُلٍ مِنْ بَنِي بَجِيلَةَ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ، قَالَ : كُلُّ حَلاَلٍ فِي كُلِّ ظَرْفٍ حَلاَلٌ ، وَكُلُّ حَرَامٍ فِي كُلِّ ظَرْفٍ حَرَامٌ.

(۲۴۴۲۴) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں۔ ہر حلال چیز ہر طرح کے برتن میں حلال ہی ہوتی ہے اور ہر حرام چیز ہر طرح کے برتن میں حرام ہی ہوتی ہے۔

(١٠) فِيمَا فُسِّرَ مِنَ الظُّرُوفِ ، وَمَا هِيَ ؟

برتنوں کی جو تفسیر کی گئی ہے اور یہ برتن کون سے ہیں؟

(٢٤٤٢٥) حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ سُمَيْعٍ ، عَنْ مُسْلِمٍ الْبَطِينِ ، قَالَ : سَأَلْتُ أَبَا عَمْرٍو الشَّيْبَانِيَّ عَنِ الْجِعَةِ ؟ قَالَ : شَرَابٌ يُصْنَعُ بِالْيَمَنِ مِنَ الشَّعِيرِ.

(۲۴۴۲۵) حضرت مسلم بطین سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے ابوعمرو شیبانی سے جعہ کے بارے میں پوچھا؟ انہوں نے جواباً ارشاد فرمایا: یمن کا ایک مشروب ہے جو جَو سے بنایا جاتا ہے۔

(٢٤٤٢٦) حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي إِسْمَاعِيلَ ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عَاصِمٍ ، عَنْ أَنَسٍ ، قَالَ : الْحَنْتَمُ جِرَارٌ حُمْرٌ ، كَانَتْ تَأْتِينَا مِنْ مِصْرَ.

(۲۴۴۲۶) حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ حنتم ایک سرخ گھڑا ہے جو کہ ہمارے پاس مصر سے آتا ہے۔

(٢٤٤٢٧) حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ ، وَوَكِيعٌ ، عَنِ الصَّلْتِ بْنِ بَهْرَامَ ، قَالَ : سَأَلْتُ إِبْرَاهِيمَ عَنِ الْحَنْتَمِ ؟ قَالَ : كَانَتْ جِرَارًا حُمْرًا مُقَيَّرَةً ، يُؤْتَى بِهَا مِنَ الشَّامِ ، يُقَالُ لَهَا : الْحَنْتَمُ.

(۲۴۴۲۷) حضرت صلت بن بہرام سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابراہیم سے حنتم کے بارے میں سوال کیا؟ تو انہوں نے فرمایا: یہ سرخ رنگ کے تارکول ملے ہوئے گھڑے ہوتے تھے۔ جو شام کے علاقہ سے لائے جاتے تھے۔ ان کو حنتم کہا جاتا تھا۔

(٢٤٤٢٨) حَدَّثَنَا أَبُو الأَحْوَصِ ، عَنْ أَبِي الْحَارِثِ التَّيْمِيِّ ، عَنْ أُمِّ مَعْبَدٍ ، قَالَ : قُلْتُ : مَا قَالَ فِي هَذِهِ الأَوْعِيَةِ ؟

فَقَالَتْ : عَلَى الْخَبِيرِ سَقَطْتَ ، أَمَّا الْحَنَاتِمُ فَحَنَاتِمُ الْعَجَمِ ، الَّتِي يَدْخُلُ فِيهَا الرَّجُلُ فَيَكْنِسُهَا كَنْسًا : ظُرُوفُ الْخَمْرِ ، وَأَمَّا الدُّبَّاءُ فَالْقَرْعُ ، وَأَمَّا الْمُزَفَّتُ فَالزِّقَاقُ الْمُقَيَّرَةُ أَجْوَافُهَا ، الْمُلَوَّنَةُ أَشْعَارُهَا بِالْقَارِ : ظُرُوفُ الْخَمْرِ ، وَأَمَّا النَّقِيرُ فَالنَّخْلَةُ الثَّابِتَةُ عُرُوقُهَا فِي الأَرْضِ ، الْمَنْقُورَةُ نَقْرًا.

(۲۴۴۲۸) حضرت ابوالحارث تیمی، حضرت ام معبد سے روایت کرتے ہیں، کہتے ہیں کہ میں نے پوچھا۔ ان برتنوں کے بارے میں آپ ﷺ نے کیا فرمایا ہے؟ انہوں نے جواباً فرمایا: تم ایک باخبر کے پاس آئے ہو (یعنی واقف سے سوال کیا ہے۔) بہرحال: حناتم: عجم کے حناتم یہ وہ برتن تھے جن میں آدمی داخل ہو جاتا تھا اور ان کو صاف کرتا تھا۔ شراب کے برتن اور دُبّاء: یہ کدو (کا مصنوعی برتن) ہے۔ اور مزفت: یہ وہ مشکیزہ ہے جس کے اندر تارکول ملا ہوا اور اس کا ظاہر بھی تارکول سے رنگین ہوتا۔ شراب کے برتن۔ اور نقیر: یہ وہ درخت کا تنا ہے جس کی رگیں زمین میں ہی ہوں۔ اور اس کو اندر سے خالی کر کے برتن بنا لیا جائے۔

(۲٤٤۲۹) حَدَّثَنَا أَبُو الأَحْوَصِ ، عَنْ مُسْلِمٍ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى ، قَالَ : إِنَّمَا كَانَتِ الْحَنَاتِمُ جِرَارًا حُمْرًا مُزَفَّتَةً ، يُؤْتَى بِهَا مِنْ مِصْرَ ، وَلَيْسَتْ بِالْجِرَارِ الْخُضْرِ.

(۲۴۴۲۹) حضرت عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ حناتم، سرخ رنگ کے گھڑے ہوتے تھے جنہیں تارکول ملا ہوتا تھا اور یہ مُلکِ مصر سے لائے جاتے تھے اور یہ سبز رنگ کے گھڑے نہیں ہوتے تھے۔

(۲٤٤۳۰) حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنِ الْحَكَمِ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى ، قَالَ : الْحَنْتَمُ جِرَارٌ خُضْرٌ كَانَ يُجَاءُ بِهَا مِنْ مِصْرَ ، فِيهَا الْخَمْرُ.

(۲۴۴۳۰) حضرت عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ حَنْتَم سبز رنگ کا گھڑا ہوتا تھا جس میں شراب ہوتی تھی اور وہ گھڑا مصر سے لایا جاتا تھا۔

(۲٤٤۳۱) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ أَبِي بِشْرٍ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ ، قَالَ : الْحَنْتَمُ الْجِرَارُ كُلُّهَا.

(۲۴۴۳۱) حضرت سعید بن جبیر سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حَنْتَم تمام گھڑے ہیں۔

(۲٤٤۳۲) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ الشَّيْبَانِيِّ ، قَالَ : قُلْتُ لأَبِي بُرْدَةَ : مَا الْبِتْعُ ؟ قَالَ : نَبِيذُ الْعَسَلِ ، وَالْمِزْرُ نَبِيذُ الشَّعِيرِ.

(۲۴۴۳۲) حضرت ابواسحاق شیبانی سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابو بردہ سے پوچھا۔ بِتْع کیا ہے؟ انہوں نے فرمایا: شہد کی نبیذ ہوتی ہے۔ اور مِزْر، جَو کی نبیذ کو کہا جاتا ہے۔

(۱۱) فِي النَّبِيذِ فِي الرَّصَاصِ ، مَنْ كَرِهَهُ ؟

سیسہ میں نبیذ جو لوگ اس کو مکروہ سمجھتے ہیں

(۲٤٤۳۳) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ حُسَيْنٍ ، عَنِ الْحَسَنِ ، وَابْنِ سِيرِينَ ، قَالَ : سَأَلْتُهُمَا عَنِ النَّبِيذِ

فِي الرَّصَاصِ ؟ فَكَرِهَهُ.

(۲۴۴۳۳) حضرت حسن اور ابن سیرین رحمہما اللہ سے، حضرت سفیان بن حسین روایت کرتے ہیں۔ کہتے ہیں کہ میں نے ان دونوں سے سیسہ میں نبیذ (پینے کے بارے) میں سوال کیا؟ تو انہوں نے اس کو ناپسند کیا۔

(٢٤٤٣٤) حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ ، عَنِ الْمُخْتَارِ ، قَالَ :سَأَلْتُ أَنَسًا ، فَقُلْتُ :الْقَارُورَةِ وَالرَّصَاصِ ؟ فَقَالَ :لاَ بَأْسَ بِهِمَا ، فَقُلْتُ :إِنَّ النَّاسَ يَقُولُونَ ؟ قَالَ :فَدَعْ مَا يَرِيبُكَ إِلَى مَا لاَ يَرِيبُكَ.

(۲۴۴۳۴) حضرت مختار سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے سوال کیا۔ میں نے کہا۔ بوتل اور سیسہ کا استعمال کیسا ہے؟ انہوں نے فرمایا: ان میں کوئی حرج نہیں ہے۔ میں نے کہا۔ لوگ تو کچھ کہتے ہیں۔ انہوں نے جواب دیا۔ جو چیز تمہیں شبہ میں ڈالے اس کو چھوڑ دو اور جو شک میں نہ ڈالے اس کو لے لو۔

(٢٤٤٣٥) حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ ، قَالَ :جِئْتُ وَهُمْ يَذْكُرُونَ نَبِيذَ الْجَرِّ عِنْدَ عِكْرِمَةَ ، فَسَأَلَهُ إِنْسَانٌ عَنِ الرَّصَاصِ ؟ فَقَالَ :ذَلِكَ أَخْبَثُ ، أَوْ أَشَرُّ.

(۲۴۴۳۵) حضرت ابوسلمہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں آیا تو لوگ حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہ کے پاس گھڑے کی نبیذ کا تذکرہ کر رہے تھے۔ چنانچہ ایک آدمی نے حضرت عکرمہ سے سیسہ کے (استعمال کے) بارے میں سوال کیا؟ تو انہوں نے فرمایا: یہ چیز خباثت والی ہے۔ یا فرمایا: یہ چیز زیادہ شر پیدا کرنے والی ہے۔

(٢٤٤٣٦) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ أَبَانَ بْنِ صَمْعَةَ ، عَنِ الْحَسَنِ ، أَنَّهُ كَرِهَهُ فِي الرَّصَاصِ.

(۲۴۴۳۶) حضرت ابان بن صمعہ، حضرت حسن رحمہ اللہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ سیسہ میں (نبیذ پینے کو) مکروہ سمجھتے تھے۔

(١٢) مَنْ رَخَّصَ فِي النَّبِيذِ فِي الرَّصَاصِ

شیشہ میں نبیذ پینے کی رخصت دینے والے حضرات

(٢٤٤٣٧) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ ، عَنْ أَبِي الأَشْهَبِ جَعْفَرِ بْنِ الْحَارِثِ النَّخَعِيِّ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ جَدِّهِ ، قَالَ : سَأَلْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ عَنْ نَبِيذِ الرَّصَاصِ ؟ فَرَخَّصَ لِي فِي ذَلِكَ ، فَكَانَ لِجَدِّي جَرَّةٌ مِنْ رَصَاصٍ يُنْبَذُ فِيهَا.

(۲۴۴۳۷) حضرت ابوالاشہب، جعفر بن حارث نخعی، اپنے والد، اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے سیسہ کی نبیذ کے بارے میں سوال کیا؟ تو انہوں نے مجھے اس کے بارے میں رخصت عنایت فرمائی۔ چنانچہ میرے دادا کے پاس سیسہ کا ایک گھڑا تھا، جس میں وہ نبیذ بناتے تھے۔

(٢٤٤٣٨) حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ ، عَنِ الْعَلاَءِ بْنِ الْمُسَيَّبِ ، قَالَ :رَأَيْتُ إِبْرَهِيمَ ، وَخَيْثَمَةَ ،وَالْمُسَيَّبَ بْنَ رَافِعٍ

مَعَهُم نَبِيذٌ فِي رَصَاصٍ يَشْرَبُونَهُ.

(۲۴۴۳۸) حضرت علاء بن مسیّب سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابراہیم، حضرت خیثمہ، اور حضرت مسیّب بن رافع کو دیکھا کہ ان کے پاس سیسہ میں نبیذ تھی اور وہ اس کو پی رہے تھے۔

(٢٤٤٣٩) حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ ، قَالَ : كَانَ أَبُو قِلاَبَةَ يُنْبَذُ لَهُ فِي سِقَاءٍ ، ثُمَّ يُحَوِّلُهُ فِي بَاطِيَةٍ مِنْ رَصَاصٍ.

(۲۴۴۳۹) حضرت خالد حذاء سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ حضرت ابوقلابہ کے لئے مشکیزہ میں نبیذ بنائی جاتی تھی۔ پھر وہ اس نبیذ کو سیسہ کے بڑے برتن میں منتقل کر لیتے تھے۔

(٢٤٤٤٠) حَدَّثَنَا الْفَضْلُ ، عَنْ أَبِي خَلْدَةَ ، قَالَ : حَدَّثَنِي غَيْلاَنُ بْنُ عُمَيْرَةَ ، قَالَ : لَقِيتُ ابْنَ عُمَرَ ، فَسَأَلْتُهُ عَنِ الأَشْرِبَةِ ؟ فَرَخَّصَ لِي فِي الرَّصَاصِ.

(۲۴۴۴۰) حضرت غیلان بن عمیرہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میری ملاقات حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے ہوئی تو میں نے ان سے مشروبات کے بارے میں سوال کیا؟ پس انہوں نے میرے لئے سیسہ کے بارے میں رخصت عنایت فرمائی۔

(٢٤٤٤١) حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ ، وَلَيْسَ بِالأَحْمَرِ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنِ الْحَكَمِ ؛ أَنَّهُ كَانَ يُنْبَذُ لَهُ فِي جَرَّةٍ مِنْ رَصَاصٍ.

(۲۴۴۴۱) حضرت شعبہ، حضرت حکم کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ ان کے لئے سیسہ کے گھڑے میں نبیذ بنائی جاتی تھی۔

(١٣) النَّبِيذُ فِي الْقَوَارِيرِ ، وَالشُّرْبِ فِيهَا

بوتلوں میں نبیذ، اور بوتلوں میں پینا

(٢٤٤٤٢) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي عَدِيٍّ ، عَنْ حُمَيْدٍ ، عَنْ بَكْرٍ ؛ أَنَّهُ كَانَ يُنْبَذُ لَهُ فِي الْقَوَارِيرِ.

(۲۴۴۴۲) حضرت حمید، حضرت بکر کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ ان کے لئے بوتلوں میں نبیذ بنائی جاتی تھی۔

(٢٤٤٤٣) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ أَبَانَ بْنِ صَمْعَةَ ، عَنِ الْحَسَنِ ؛ أَنَّهُ رَخَّصَ فِي الزُّجَاجِ ، يَعْنِي النَّبِيذَ.

(۲۴۴۴۳) حضرت ابان بن صمعہ، حضرت حسن کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے شیشہ میں رخصت عنایت کی۔ یعنی نبیذ کے لئے۔

(٢٤٤٤٤) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ مَعْرُوفِ بْنِ وَاصِلٍ ، قَالَ حَدَّثَتْنِي وَالِدَتِي ، عَنِ امْرَأَةٍ ، يُقَالُ لَهَا : بِنْتُ الأَقْعَصِ ، وَكَانَتْ كَنَّةً لِعَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ ، أَنَّهَا أَتَتِ ابْنَ عُمَرَ بِجَرَّةٍ خَضْرَاءَ ، فَقَالَ : مَا هَذَا ؟ قَالَتْ : نَنْبِذُ فِي هَذِهِ ، فَأَدْخَلَ ابْنُ عُمَرَ يَدَهُ فِي جَوْفِهَا ، فَقَالَ : عَزَمْتُ عَلَيْكِ لَتَشْرَبَنَّ فِيهَا ، فَإِنَّمَا هِيَ مِثْلُ الْقَارُورَةِ.

(۲۴۴۴۴) حضرت معروف بن واصل سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ مجھے میری والدہ نے ایک عورت کے بارے میں بیان کیا

جس کو۔ بنت الاقعص کہا جاتا تھا۔ اور یہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کی بہو تھیں۔ کہ وہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کے پاس سبز رنگ کا گھڑا لے کر آئیں۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے پوچھا، یہ کیا ہے؟ انہوں نے جواب دیا۔ ہم اس گھڑے میں نبیذ بناتے ہیں۔ پس حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے اس گھڑے کے اندر اپنا ہاتھ داخل کیا اور پھر فرمایا: میں تمہیں قسم دیتا ہوں کہ البتہ ضرور تم اس میں پیو۔ کیونکہ یہ تو محض بوتل کی طرح ہے۔

(٢٤٤٤٥) حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عَطِيَّةَ ، قَالَ :رَأَيْتُ مُحَمَّدًا يَشْرَبُ فِي الْقَوَارِيرِ .

(۲۴۴۴۵) حضرت حکم بن عطیہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے محمد رحمہ اللہ کو بوتلوں میں پیتے دیکھا ہے۔

(٢٤٤٤٦) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ حَكِيمٍ ، عَنْ أُمِّهِ ، عَنْ أَبِي بَرْزَةَ ؛ أَنَّهُ كَرِهَ الشُّرْبَ فِي الزُّجَاجِ .

(۲۴۴۴۶) حضرت ابو برزہ کے بارے میں روایت ہے کہ وہ شیشہ میں پینے کو مکروہ سمجھتے تھے۔

(٢٤٤٤٧) حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ ، عَنِ الْمُخْتَارِ بْنِ فُلْفُلٍ ، قَالَ :سَأَلْتُ أَنَسًا فَقُلْتُ :الْقَارُورَةُ وَالرَّصَاصَةُ ؟ قَالَ :لاَ بَأْسَ بِهِمَا ، قُلْتُ :فَإِنَّ النَّاسَ يَقُولُونَ ؟ قَالَ :دَعْ مَا يَرِيبُكَ إِلَى مَا لاَ يَرِيبُكَ .

(۲۴۴۴۷) حضرت مختار بن فلفل سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے سوال کیا۔ میں نے پوچھا۔ بوتل اور سیسہ (کے بارے میں کیا حکم ہے)؟ انہوں نے جواب دیا۔ ان دونوں میں کوئی حرج نہیں ہے۔ میں نے عرض کیا۔ کچھ لوگ تو (ان کے بارے میں کچھ) کہتے ہیں۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے جواب دیا۔ جو چیز تجھے شک وشبہ میں ڈالے تو اس کو چھوڑ دے اور جو چیز تجھے شک وشبہ میں نہ ڈالے اس کو پکڑ لے۔

(٢٤٤٤٨) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ أَبِي عَمْرَةَ ، قَالَ :جِئْتُ إِلَى سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ بِجَرَّةٍ خَضْرَاءَ ، فَأَدْخَلَ يَدَهُ فِيهَا فَقُلْتُ :أَنَنْبِذُ فِي هَذِهِ ؟ قَالَ :نَعَمْ ، هِيَ بِمَنْزِلَةِ الْقَارُورَةِ .

(۲۴۴۴۸) حضرت حبیب بن ابو عمرہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں حضرت سعید بن جبیر رحمہ اللہ کی خدمت میں ایک سبز گھڑا لے کر آیا۔ تو انہوں نے اس میں اپنا ہاتھ داخل کیا۔ میں نے پوچھا۔ کیا ہم اس گھڑے میں نبیذ بنالیں؟ انہوں نے جواب دیا۔ ہاں۔ یہ تو بوتل کے قائم مقام ہے۔

(٢٤٤٤٩) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَمْرٍو ، قَالَ :شَرِبْتُ عِنْدَ إِبْرَاهِيمَ ثَلاَثَ قَوَارِيرَ مِنْ نَبِيذٍ .

(۲۴۴۴۹) حضرت حسن بن عمرو سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابراہیم کے ہاں نبیذ کی تین بوتلیں پی تھیں۔

(١٤) مَنْ رَخَّصَ فِي الدُّرْدِيِّ فِي النَّبِيذِ

نبیذ کی تلچھٹ میں رخصت دینے والے حضرات

(٢٤٤٥٠) حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ ، عَنِ النَّضْرِ بْنِ مُطَرِّفٍ ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ :كَانَ

عَبْدُ اللهِ يُنْبِذُ لَهُ فِي جَرٍّ ، وَيُجْعَلُ لَهُ فِيهِ عَكَرٌ.

(۲۴۴۵۰) حضرت قاسم بن عبدالرحمٰن، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں، وہ کہتے ہیں کہ حضرت عبداللہ کے لئے ایک گھڑے میں نبیذ بنائی جاتی تھی اور اس میں ان کے لئے تلچھٹ بنائی جاتی تھی۔

(٢٤٤٥١) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ خَالِدِ بْنِ الْمَعْدِلِ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ ؛ أَنَّ عُمَرَ أُتِيَ بِنَبِيذٍ مِنْ نَبِيذِ الشَّامِ ، فَشَرِبَ مِنْهُ وَقَالَ :أَقْلَلْتُمْ عَكَرَهُ.

(۲۴۴۵۱) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس شام کی نبیذ لائی گئی۔ پس آپ رضی اللہ عنہ نے اس نبیذ کو نوش فرمایا۔ اور پھر فرمایا: تم نے اس کی تلچھٹ کم کر دی ہے۔

(٢٤٤٥٢) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ أَبِي فَرْوَةَ ، قَالَ :سَقَانِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ أَبِي لَيْلَى نَبِيذَ جَرٍّ وَفِيهِ دُرْدِيٌّ ، وَسَقَيْتُهُ مِنْهُ.

(۲۴۴۵۲) حضرت ابوفروہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ مجھے عبدالرحمان بن ابی لیلیٰ نے ایک گھڑے میں نبیذ پلائی اور اس میں تلچھٹ بھی تھی۔ اور میں نے اس کو پیا۔

(٢٤٤٥٣) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَمْرٍو ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ ، قَالَ : كَانَ يَسْقِينَا نَبِيذًا يُؤْذِينَا رِيحُ دُرْدِيِّهِ.

(۲۴۴۵۳) حضرت حسن بن عمرو، حضرت ابووائل کے بارے میں روایت کرتے ہیں۔ حسن رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ حضرت ابووائل ہمیں ایسی نبیذ پلاتے تھے جس کی تلچھٹ کی بُو ہمیں اذیت دیتی تھی۔

(٢٤٤٥٤) حَدَّثَنَا شَرِيكٌ ، عَنْ جَابِرٍ ، قَالَ :سَأَلْتُ أَبَا جَعْفَرٍ ، عَنِ الرَّوْبَةِ ، قَالَ :وَمَا الرَّوْبَةُ ؟ قُلْتُ :الدُّرْدِيُّ ، قَالَ :لاَ بَأْسَ بِهِ.

(۲۴۴۵۴) حضرت جابر سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوجعفر سے رَوْبَہ کے بارے میں سوال کیا تو انہوں نے پوچھا۔ رَوْبَہ کیا ہوتا ہے؟ میں نے کہا۔ تلچھٹ ہوتی ہے۔ انہوں نے جواب دیا۔ اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

(٢٤٤٥٥) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ؛ أَنَّهُ كَانَ يَنْبِذُ الطِّلاَءَ يَجْعَلُ فِيهِ الدُّرْدِيَّ.

(۲۴۴۵۵) حضرت اعمش، حضرت ابراہیم کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ طلاء کی نبیذ بناتے تھے اور اس میں تلچھٹ بناتے تھے۔

(٢٤٤٥٦) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ صَالِحٍ ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَمْرٍو ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، وَالشَّعْبِيِّ ؛ أَنَّهُمَا كَانَا يَجْعَلاَنِ فِي نَبِيذِهِمَا الدُّرْدِيَّ.

(۲۴۴۵۶) حضرت حسن بن عمرو، حضرت ابراہیم اور شعبی کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ اپنی اپنی نبیذ میں تلچھٹ بناتے تھے۔

(١٥) مَنْ كَرِهَ الْعَكَرَ فِي النَّبِيذِ

جولوگ نبیذ میں تلچھٹ کو ناپسند کرتے تھے

(٢٤٤٥٧) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنِ الْحَسَنِ ، وَمُحَمَّدٍ ، أَنَّهُمَا كَانَا يَكْرَهَانِ الْعَكَرَ.

(۲۴۴۵۷) حضرت ہشام، حضرت حسن رحمہ اللہ اور حضرت محمد رحمہ اللہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ یہ دونوں حضرات تلچھٹ کو ناپسند کرتے تھے۔

(٢٤٤٥٨) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، عَنْ دَاوُدَ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ ؛ أَنَّهُ كَانَ يَكْرَهُ الْعَكَرَ.

(۲۴۴۵۸) حضرت داؤد، حضرت سعید بن المسیب رحمہ اللہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ حضرت سعید تلچھٹ کو ناپسند کرتے تھے۔

(٢٤٤٥٩) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي عَدِيٍّ ، عَنْ دَاوُدَ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ :أَنَّهُ كَرِهَ الْعَكَرَ وَقَالَ :هُوَ خَمْرٌ.

(۲۴۴۵۹) حضرت داؤد، حضرت سعید بن المسیب رحمہ اللہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ تلچھٹ کو ناپسند کرتے تھے اور فرماتے تھے، یہ خمر ہے۔

(١٦) فِي الطِّلاَءِ، مَنْ قَالَ إِذَا ذَهَبَ ثُلُثَاهُ فَاشْرَبْهُ

طلاء کے بارے میں جن لوگوں نے کہا ہے کہ جب اس کے دوتہائی ختم ہوجائیں تو پھر تم اس کو پی لو

(٢٤٤٦٠) حدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ؛ أَنَّ أَبَا عُبَيْدَةَ، وَمُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ، وَأَبَا طَلْحَةَ كَانُوا يَشْرَبُونَ مِنَ الطِّلاَءِ مَا ذَهَبَ ثُلُثَاهُ وَبَقِيَ ثُلُثُهُ.

(۲۴۴۶۰) حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ، حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ اور حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ ایسا طلاء (شیرہ انگور کا پختہ مشروب) پیا کرتے تھے، جس کے دوتہائی ختم ہوگئے ہوں اور اس کا ایک تہائی باقی ہو۔

(٢٤٤٦١) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ أَبِي هِنْدٍ ، قَالَ :سَأَلْتُ سَعِيدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ عَنِ الشَّرَابِ الَّذِي كَانَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ أَجَازَهُ لِلنَّاسِ ؟ قَالَ :هُوَ الطِّلاَءُ الَّذِي قَدْ طُبِخَ حَتَّى ذَهَبَ ثُلُثَاهُ وَبَقِيَ ثُلُثُهُ.

(۲۴۴۶۱) حضرت داؤد بن ابی ہند سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت سعید بن مسیّب رحمہ اللہ سے اس مشروب کے بارے میں دریافت کیا جس کی حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے لوگوں کے لئے اجازت دے رکھی تھی؟ حضرت سعید نے جواب دیا۔ یہ وہ طلاء تھا جس کے دوتہائی ختم ہوجائیں اور ایک تہائی باقی رہ جائے۔

(٢٤٤٦٢) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ مَيْمُونٍ ، عَنْ أُمِّ الدَّرْدَاءِ ، قَالَتْ : كُنْتُ أَطْبُخُ لأَبِي الدَّرْدَاءِ الطِّلاَءَ مَا ذَهَبَ ثُلُثَاهُ وَبَقِيَ ثُلُثُهُ فَيَشْرَبُهُ.

(۲۴۴۶۲) حضرت ام درداء رضی اللہ عنہا سے روایت ہے، وہ کہتی ہیں کہ میں حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ کے لئے وہ طلاء پکایا کرتی تھی۔ جس کا دو تہائی حصہ ختم ہو جاتا اور ایک تہائی باقی رہ جاتا، پس حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ اس کو نوش فرما لیتے۔

(٢٤٤٦٣) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ حَجَّاجٍ ، عَنْ مَيْمُونٍ ، عَنْ أُمِّ الدَّرْدَاءِ ، عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ ؛ أَنَّهُ كَانَ يَشْرَبُ مِنَ الطِّلاَءِ مَا ذَهَبَ ثُلُثَاهُ وَبَقِيَ ثُلُثُهُ.

(۲۴۴۶۳) حضرت ام درداء رضی اللہ عنہا، حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ کے بارے میں روایت کرتی ہیں کہ وہ اس طرح کا طلاء پیتے تھے جس کے دو تہائی ختم ہو گئے ہوں اور ایک تہائی باقی بچ گیا ہو۔

(٢٤٤٦٤) حَدَّثَنَا وَكِيعُ بْنُ الْجَرَّاحِ ، عَنْ أَبَانَ بْنِ عَبْدِ اللهِ الْبَجَلِيِّ ، عَنْ رَجُلٍ قَدْ سَمَّاهُ ، قَالَ : كَانَ عَلِيٌّ يَرْزُقُ النَّاسَ مِنَ الطِّلاَءِ مَا ذَهَبَ ثُلُثَاهُ وَبَقِيَ ثُلُثُهُ.

(۲۴۴۶۴) حضرت ابان بن عبداللہ بجلی، ایک آدمی کا نام لے کر اس سے روایت کرتے ہیں، کہتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ لوگوں کو وہ طلاء وظیفہ میں دیتے تھے جس کے دو تہائی ختم ہو گئے ہوں اور ایک تہائی باقی ہو۔

(٢٤٤٦٥) حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَمْرٍو ، عَنْ فُضَيْلِ بْنِ عَمْرٍو ، قَالَ : قُلْتُ لإِبْرَاهِيمَ : مَا تَرَى فِي الطِّلاَءِ ؟ قَالَ : مَا ذَهَبَ ثُلُثَاهُ وَبَقِيَ ثُلُثُهُ ، وَمَا أَرَى بِالْمنصَّفِ بَأْسًا.

(۲۴۴۶۵) حضرت فضیل بن عمرو سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابراہیم سے پوچھا۔ آپ کی طلاء کے بارے میں کیا رائے ہے؟ انہوں نے فرمایا: وہ طلاء جس کے دو تہائی چلے جائیں اور اس کا ایک تہائی باقی رہ جائے اور میں آدھی ختم ہونے والی طلاء میں بھی کوئی حرج محسوس نہیں کرتا۔

(٢٤٤٦٦) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ بَشِيرِ بْنِ الْمُهَاجِرِ ، عَنِ الْحَسَنِ ، قَالَ : اشْرَبْ مَا ذَهَبَ ثُلُثَاهُ وَبَقِيَ ثُلُثُهُ.

(۲۴۴۶۶) حضرت حسن رحمہ اللہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ جس (طلاء) کا دو تہائی حصہ ختم ہو جائے اور اس کا ایک تہائی رہ جائے اس کو پی لو۔

(٢٤٤٦٧) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سَعْدِ بْنِ أَوْسٍ ، عَنْ أَنَسِ بْنِ سِيرِينَ ، قَالَ : كَانَ أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ سَقِيمَ الْبَطْنِ ، فَأَمَرَنِي أَنْ أَطْبُخَ لَهُ طِلاَءً حَتَّى ذَهَبَ ثُلُثَاهُ وَبَقِيَ ثُلُثُهُ ، فَكَانَ يَشْرَبُ مِنْهُ الشَّرْبَةَ عَلَى إِثْرِ الطَّعَامِ.

(۲۴۴۶۷) حضرت انس بن سیرین رحمہ اللہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ بن مالک کا پیٹ خراب تھا۔ پس انہوں نے مجھے اس بات کا حکم دیا کہ میں ان کے لئے طلاء کو اس قدر پکاؤں کہ اس کا دو تہائی حصہ ختم ہو جائے اور ایک تہائی حصہ رہ جائے، پس حضرت انس رضی اللہ عنہ اس طلاء میں سے کھانے کے بعد ایک گھونٹ پیا کرتے تھے۔

(٢٤٤٦٨) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ إِسْرَائِيلَ ، عَنْ حَكِيمِ بْنِ جُبَيْرٍ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، قَالَ : اشْرَبْ مِنَ الطِّلاَءِ مَا ذَهَبَ ثُلُثَاهُ وَبَقِيَ ثُلُثُهُ.

(۲۴۴۶۸) حضرت ابراہیم سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ ایسا طلاء جس کا دو تہائی ختم ہو گیا ہو اور ایک تہائی رہ گیا ہو۔ اس کو تم پی لو۔

(٢٤٤٦٩) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ يَعْلَى بْنِ عَطَاءٍ ، قَالَ :سَمِعْتُ أَعْرَابِيًّا سَأَلَ سَعِيدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ عَنِ الطِّلاَءِ عَلَى النِّصْفِ ؟ فَكَرِهَهُ ، وَقَالَ :عَلَيْكَ بِاللَّبَنِ.

(۲۴۴۶۹) حضرت یعلی بن عطاء سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے ایک دیہاتی کو سنا کہ وہ حضرت سعید بن مسیب رحمۃ اللہ علیہ سے آدھی رہ جانے والی طلاء کے بارے میں سوال کر رہا تھا؟ تو حضرت سعید بن مسیب رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو ناپسند سمجھا اور فرمایا: تمہیں دودھ لازم پکڑنا چاہیے۔

(٢٤٤٧٠) حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ إِدْرِيسَ ، عَنْ يَزِيدَ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى ، وَأَبِي جُحَيْفَةَ ، قَالاَ :كَانَ عَلِيٌّ يَرْزُقُنَا الطِّلاَءَ ، قَالَ :قُلْتُ :كَيْفَ كَانَ ؟ قَالَ :كُنَّا نَأْتَدِمُهُ بِالْخُبْزِ ، وَنَحْتَاسُهُ بِالْمَاءِ .

(۲۴۴۷۰) حضرت یزید، حضرت عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ اور حضرت ابوجحیفہ سے روایت کرتے ہیں، کہتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ ہمیں عطیہ میں طلاء دیا کرتے تھے۔ راوی کہتے ہیں، میں نے پوچھا یہ کیا ہوتا تھا؟ انہوں نے جواب دیا۔ ہم اس کو روٹی کے ساتھ سالن کے طور پر استعمال کرتے تھے اور ہم اس کو پانی کے ساتھ خلط کر لیتے تھے۔ (یعنی وہ گاڑھا ہوتا تھا۔)

(٢٤٤٧١) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ شَرِيكٍ ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ سُلَيْمٍ ، قَالَ :سَمِعْتُ أَنَسًا يَقُولُ :إِنِّي لأَشْرَبُ الطِّلاَءَ الْحُلْوَ الْقَارِصَ.

(۲۴۴۷۱) حضرت علی بن سلیم سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کو کہتے سنا کہ میں انتہائی شدید میٹھا طلاء نوش کرتا ہوں۔

(٢٤٤٧٢) حَدَّثَنَا حَمَّاد بن خَالِدٍ ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ ، عَن سَالِمِ بْنِ سَالِمٍ قَال :دَخَلتُ عَلَى أَبِي أُمَامَةَ وَهُوَ يَشْرَبُ طِلاَءَ الرَّبِّ.

(۲۴۴۷۲) حضرت سالم بن سلام سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا جبکہ وہ شیرہ کا طلاء نوش کر رہے تھے۔

(٢٤٤٧٣) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ خَالِدٍ ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ قَيْسٍ ، قَالَ :خَرَجْتُ مَعَ جَرِيرٍ يَوْمَ الْجُمُعَةِ إِلَى حَمَّامٍ لَهُ بِالْعَاقُولِ ، فَأُتِينَا بِطَعَامٍ فَأَكَلْنَا ، ثُمَّ أُتِينَا بِعَسَلٍ وَطِلاَءٍ ، فَقَالَ :جَرِيرٌ :اشْرَبُوا أَنْتُمُ الْعَسَلَ ، وَشَرِبَ هُوَ الطِّلاَءَ وَقَالَ :إِنَّهُ يُسْتَنْكَرُ مِنْكُمْ ، وَلاَ يُسْتَنْكَرُ مِنِّي ، قُلْتُ :أَيُّ الطِّلاَءِ هُوَ ؟ قَالَ :كُنْتُ أَجِدُ رِيحَهُ كَمَكَانِ تِلْكَ ، وَأَوْمَأَ بِيَدِهِ إِلَى أَقْصَى حَلَقَةٍ فِي الْقَوْمِ.

(۲۴۴۷۳) حضرت عثمان بن قیس سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں جمعہ کے دن جریر کے ہمراہ مقام عاقول میں ان کے حمام کی

طرف نکلا، پس ہمارے پاس کھانا لایا گیا، جس کو ہم نے کھایا، پھر ہمارے پاس شہد اور طلاء لایا گیا، جریر نے کہا: تم لوگ شہد پیو اور انہوں نے خود طلاء پیا، اور کہنے لگا۔ یہ (طلاء) پینا تمہاری طرف عجیب سمجھا جائے گا لیکن میری طرف سے عجیب نہیں سمجھا جائے گا۔ میں نے پوچھا، یہ کون سا طلاء ہے؟ انہوں نے جواب دیا۔ میں اس کی بُو کو فلاں جگہ سے پالیتا ہوں اور (یہ کہہ کر) انہوں نے لوگوں میں سے جو سب سے دور بیٹھا ہوا گروہ تھا اس کی طرف اپنے ہاتھ سے اشارہ کیا۔

(٢٤٤٧٤) حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ نُمَيْرٍ ، قَالَ : حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي خَالِدٍ ، عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ الْمُنْتَشِرِ ابْنِ أَخِي مَسْرُوقٍ ، قَالَ : قُلْتُ لَهُ : كَانَ مَسْرُوقٌ يَشْرَبُ الطِّلاَءَ ؟ قَالَ : نَعَمْ ، كَانَ يَطْبُخُهُ ثُمَّ يَشْرَبُهُ.

(۲۴۴۷۴) حضرت مسروق کے برادر زادہ، مغیرہ بن منتشر سے روایت ہے، راوی کہتے ہیں کہ میں نے مغیرہ سے پوچھا۔ کیا حضرت مسروق طلاء پیا کرتے تھے؟ انہوں نے جواب دیا۔ ہاں۔ حضرت مسروق اس کو پکاتے پھر نوش فرماتے۔

(٢٤٤٧٥) حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ ، قَالَ : حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ ، عَنْ أَبِي جَرِيرٍ ، عَنِ النَّضْرِ بْنِ أَنَسٍ ، قَالَ : غَزَا أَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ فَأَتَى أَرْضَ الشَّامِ ، فَقِيلَ لأَبِي عُبَيْدَةَ : إِنَّ هَاهُنَا شَرَابًا تَشْرَبُهُ النَّصَارَى فِي صَوْمِعِهِمْ ، قَالَ : فَشَرِبَ مِنْهُ أَبُو عُبَيْدَةَ.

(۲۴۴۷۵) حضرت نضر بن انس سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ حضرت ابوعبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہ سفر جہاد میں تھے کہ آپ رضی اللہ عنہ ملک شام کی زمین میں تشریف لائے، تو حضرت ابوعبیدہ سے کہا گیا۔ یہاں پر ایک مشروب ایسا ہے جس کو نصاریٰ اپنے روزوں میں پیتے ہیں۔ راوی کہتے ہیں پھر حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ نے اس مشروب کو نوش فرمایا۔

(٢٤٤٧٦) حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ ، قَالَ : حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ ، عَنْ مُغِيرَةَ ، عَنْ شُرَيْحٍ ؛ أَنَّ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيدِ كَانَ يَشْرَبُ الطِّلاَءَ بِالشَّامِ.

(۲۴۴۷۶) حضرت شریح سے یہ روایت ہے کہ حضرت خالد بن الولید رضی اللہ عنہ ملک شام میں طلاء پیا کرتے تھے۔

(٢٤٤٧٧) حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عُبَيْدٍ أَبِي عُمَرَ ، قَالَ : ذُكِرَ عِنْدَ ابْنِ عَبَّاسٍ الطِّلاَءُ ، وَذَكَرُوا طَبْخَهُ ، فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ : إِنَّ النَّارَ لاَ تُحِلُّ شَيْئًا ، وَلاَ تُحَرِّمُهُ لأَنَّ أَوَّلَهُ كَانَ حَلاَلاً.

(۲۴۴۷۷) حضرت یحییٰ بن عبید ابی عمر سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کے سامنے طلاء کا ذکر ہوا اور لوگوں نے اس کے پکانے کا بھی ذکر کیا۔ تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: بلاشبہ آگ کسی چیز کو حلال کرتی ہے اور نہ ہی حرام کرتی ہے، کیونکہ یہ تو شروع ہی سے حلال تھی۔

(٢٤٤٧٨) حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنِ الْحَكَمِ ، عَنْ شُرَيْحٍ ؛ أَنَّهُ كَانَ يَشْرَبُ الطِّلاَءَ الشَّدِيدَ.

(۲۴۴۷۸) حضرت حکم، حضرت شریح کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ انتہائی شدید طلاء پیا کرتے تھے۔

(٢٤٤٧٩) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ بَذِيمَةَ ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ ؛ أَنَّهُ كَانَ يَشْرَبُ الطِّلاَءَ عِنْدَ

مَرْوَانَ ، مَا يُحَمَّرُ وَجْنَتَيْهِ.

(۲۴۴۷۹) حضرت علی بن بذیمہ، حضرت ابوعبیدہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ مروان کی موجودگی میں اس طرح کا طلاء پیتے تھے کہ جس سے ان کے رخسار سُرخ ہو جاتے تھے۔

(٢٤٤٨٠) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ؛ أَنَّهُ كَانَ يَشْتَرِي الطِّلاَءَ مِمَّنْ لاَ يَدْرِي مَنْ صَنَعَهُ ، ثُمَّ يَشْرَبُهُ.

(۲۴۴۸۰) حضرت اعمش، حضرت ابراہیم کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ ان لوگوں سے بھی طلاء خرید لیتے تھے جن کو یہ معلوم نہیں ہوتا تھا کہ اس کو کس نے تیار کیا ہے پھر آپ اس کو نوش بھی فرما لیتے تھے۔

(٢٤٤٨١) حَدَّثَنَا شَرِيكٌ ، عَنِ السُّدِّيِّ ، عَنْ شَيْخٍ مِنَ الْحَضْرَمِيِّينَ ، قَالَ : قَسَّمَ عَلِيٌّ طِلاَءً ، فَبَعَثَ إِلَيَّ بِقِدْرٍ ، فَكُنَّا نَأْكُلُهُ بِالْخُبْزِ كَمَا نَأْكُلُهُ بِالْكَامِخِ.

(۲۴۴۸۱) حضرت سُدّی، حضرمیین کے ایک بوڑھے سے روایت بیان کرتے ہیں کہ انہوں نے کہا: حضرت علی رضی اللہ عنہ نے طلاء تقسیم کی، پس آپ رضی اللہ عنہ نے میری طرف بھی ایک ہانڈی بھیجی، چنانچہ ہم اس کو روٹی کے ساتھ اس طرح کھاتے تھے جس طرح چٹنی کھاتے ہیں۔

(٢٤٤٨٢) حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ ، عَنْ يَزِيدَ ، عَنْ مُوسَى بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ يَزِيدَ الأَنْصَارِيِّ ، قَالَ : كَانَتْ لِعَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ بِشْرٍ الأَنْصَارِيِّ قَرْيَةٌ يُصْنَعُ لَهُ بِهَا طَعَامٌ ، فَدَعَا نَاسًا مِنْ أَصْحَابِهِ فَأَكَلُوا ، ثُمَّ أُتُوا بِشَرَابٍ مِنَ الطِّلاَءِ ، وَفِيهِمْ أُنَاسٌ مِنْ أَهْلِ بَدْرٍ ، فَقَالُوا : مَا هَذَا ؟ قَالُوا : شَرَابٌ يَصْنَعُهُ ابْنُ بِشْرٍ لِنَفْسِهِ ، فَقَالُوا : هُوَ الرَّجُلُ لاَ يُرْغَبُ عَنْ شَرَابِهِ ، فَشَرِبُوا.

(۲۴۴۸۲) حضرت موسیٰ بن عبداللہ بن یزید انصاری سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ حضرت عبدالرحمٰن ابن بشر انصاری کے پاس ایک مشک تھا جس میں ان کے لئے کھانا بنایا جاتا تھا، پس انہوں نے اپنے دوستوں میں سے کچھ لوگ کو دعوت دی انہوں نے (حضرت عبدالرحمٰن کے ہاں) کھانا کھایا پھر ان مہمانوں کے پاس طلاء کا مشروب لایا گیا اور ان مہمانوں میں اہل بدر کے کچھ حضرات بھی تھے۔ انہوں نے پوچھا یہ کیا ہے؟ لوگوں نے بتایا۔ یہ ایک مشروب ہے جو حضرت ابن بشر اپنے لیے بناتے ہیں۔ اس پر اہل بدر نے کہا۔ یہ عبدالرحمٰن بن بشر ایسا آدمی ہے کہ جس کے مشروب سے اعراض نہیں کیا جا سکتا پس ان اہل بدر نے بھی مشروب پیا۔

(٢٤٤٨٣) حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ ، عَنْ عَطَاءٍ ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ ، عَنْ عَلِيٍّ ، قَالَ : كَانَ يَرْزُقُنَا الطِّلاَءَ ، فَقُلْتُ لَهُ : مَا هَيْئَتُهُ ؟ قَالَ : أَسْوَدُ ، يَأْخُذُهُ أَحَدُنَا بِإِصْبَعِهِ.

(۲۴۴۸۳) حضرت ابوعبدالرحمٰن، حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں، کہتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ ہمیں طلاء بطور وظیفہ کے دیا کرتے تھے۔ (راوی کہتے ہیں) میں نے ابوعبدالرحمٰن سے پوچھا۔ اس طلاء کی ہیئت کیسی ہوتی تھی؟ ابوعبدالرحمٰن نے

جواب دیا۔ وہ سیاہ رنگ کا ہوتا تھا جس کو ہم میں سے کوئی شخص اپنی انگلی سے لیتا تھا۔

(٢٤٤٨٤) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ ، قَالَ : حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ الْوَلِيدِ الْمُزَنِيُّ ، قَالَ : حَدَّثَنِي عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عُمَيْرٍ ، عَنْ أَبِي الْهَيَّاجِ ؛ أَنَّ الْحَجَّاجَ دَعَاهُ فَقَالَ : أَرِنِي كِتَابَ عُمَرَ إِلَى عَمَّارٍ فِي شَأْنِ الطِّلاَءِ ، فَخَرَجَ وَهُوَ حَزِينٌ ، فَلَقِيَهُ الشَّعْبِيُّ فَسَأَلَهُ ، فَأَخْبَرَهُ عَمَّا قَالَ لَهُ الْحَجَّاجُ ، فَقَالَ لَهُ الشَّعْبِيُّ : هَلُمَّ صَحِيفَةً وَدَوَاةً ، فَوَاللهِ مَا سَمِعْتُهُ مِنْ أَبِيكَ إِلاَّ مَرَّةً وَاحِدَةً ، فَأَمْلَى عَلَيْهِ : بِسْمِ اللهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ ، مِنْ عَبْدِ اللهِ عُمَرَ أَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ إِلَى عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ ، أَمَّا بَعْدُ ؛ فَإِنِّي أُتِيتُ بِشَرَابٍ مِنْ قِبَلِ الشَّامِ ، فَسَأَلْتُ عَنْهُ كَيْفَ يُصْنَعُ ؟ فَأَخْبَرُونِي أَنَّهُمْ يَطْبُخُونَهُ حَتَّى يَذْهَبَ ثُلُثَاهُ وَيَبْقَى ثُلُثُهُ ، فَإِذَا فُعِلَ ذَلِكَ بِهِ ذَهَبَ رَسُّهُ وَرِيحُ جُنُونِهِ ، وَذَهَبَ حَرَامُهُ وَبَقِيَ حَلاَلُهُ ، قَالَ عَبْدُ اللهِ : وَأُرَاهُ قَالَ : وَالطَّيِّبُ مِنْهُ ، فَإِذَا أَتَاكَ كِتَابِي هَذَا فَمُرْ مَنْ قِبَلَكَ فَلْيَتَوَسَّعُوا بِهِ فِي أَشْرِبَتِهِمْ ، وَالسَّلاَمُ.

(۲۴۴۸۴) حضرت عبدالملک بن عمیر نے ابوالہیاج کے بارے میں بیان کیا کہ حجاج نے انہیں مدعو کیا اور کہا۔ طلاء کے بارے میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا حضرت عمار رضی اللہ عنہ کو لکھا گیا خط تم مجھے دکھاؤ۔ پس حضرت ابوالہیاج (وہاں سے) اس حالت میں نکلے کہ وہ غمگین تھے کہ اس دوران ابوالہیاج کو حضرت شعبی ملے انہوں نے ابوالہیاج سے (غمگینی کی وجہ) دریافت کی۔ چنانچہ انہوں نے شعبی رحمہ اللہ کو وہ ساری بات بتادی جو حجاج نے ان سے کہی تھی۔ اس پر حضرت شعبی نے ابوالہیاج سے کہا۔ قلم اور دوات اور کاغذ لاؤ۔ خدا کی قسم! میں نے یہ خط تمہارے باپ سے صرف ایک ہی مرتبہ سُنا ہے۔ چنانچہ حضرت شعبی نے ابوالہیاج کو یہ املاء کروایا 'بسم اللہ الرحمٰن الرحیم' اللہ کے بندے امیر المؤمنین عمر رضی اللہ عنہ کی طرف سے حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کی جانب (خط)۔ اما بعد! میرے پاس ملک شام کی طرف سے ایک مشروب لایا گیا تو میں نے اسکے بارے میں دریافت کیا کہ یہ کیسے بنایا جاتا ہے؟ تو لوگوں نے مجھے بتایا کہ لوگ اس کو اتنا پکاتے ہیں کہ اس کے دو تہائی حصے ختم ہو جاتے ہیں اور اس کا ایک تہائی حصہ رہ جاتا ہے۔ پھر جب یہ عمل اس کے ساتھ کیا جاتا ہے تو اس کی خرابی اور فساد ختم ہو جاتی ہے اور اس کی بے ہوشی کی ہوا چلی جاتی ہے اور اس کا حرام چلا جاتا ہے اور اس کا حلال باقی رہ جاتا ہے۔ حضرت عبداللہ کہتے ہیں ..... میرے خیال میں آپ رضی اللہ عنہ نے یہ بھی فرمایا تھا۔ ''اور اس کا بہتر حصہ رہ جاتا ہے۔'' ..... پس جب تمہارے پاس میرا یہ خط پہنچے تو تم اپنے علاقہ کے لوگوں کو حکم دے دو کہ وہ اس مشروب کے ذریعہ اپنے مشروبات میں وسعت کر لیں۔ والسلام۔

(٢٤٤٨٥) حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ ، عَنْ أَبِيهِ ؛ أَنَّ عُمَرَ بْنَ عَبْدِ الْعَزِيزِ كَرِهَ الْمُنَصَّفَ ، وَبَعَثَ إِلَى أَهْلِ الأَمْصَارِ يَنْهَاهُمْ.

(۲۴۴۸۵) حضرت ابن فضیل، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عمر بن عبدالعزیز پک کر آدھی رہ جانے والی طلاء کو ناپسند کرتے تھے اور انہوں نے متعدد شہروں کے رہنے والوں کو اس سے منع کرنے کے لئے افراد بھیجے تھے۔

(٢٤٤٨٦) حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ ، قَالَ : قُلْتُ لِطَاوُوسٍ : أَرَأَيْتَ هَذَا الْعَصِيرَ الَّذِي

يُطْبَخُ عَلَى النِّصْفِ وَالثُّلُثِ وَنَحْوِ ذَلِكَ ؟ قَالَ :أَرَأَيْتَ هَذَا الَّذِي مِنْ نَحْوِ الْعَسَلِ إِنْ شِئْتَ أَكَلْتَ بِهِ الْخُبْزَ ، وَإِنْ شِئْتَ صَبَبْتَ عَلَيْهِ مَاءً فَشَرِبْتَهُ ، وَمَا دُونَهُ فَلاَ تَشْرَبْهُ ، وَلاَ تَبِعْهُ ، وَلاَ تَنْتَفِعَنَّ بِثَمَنِهِ.

(۲۴۴۸۶) حضرت داؤد بن ابراہیم سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت طاؤس سے پوچھا، آپ کی رائے اس عصیر (شیرہ انگور) کے بارے میں کیا ہے جس کو نصف اور ثلث وغیرہ کے ختم تک پکایا جاتا ہے؟ انہوں نے جواب دیا، کیا تم اس عصیر میں شہد کی طرح کو دیکھتے ہو کہ اگر تم چاہو تو تم اس کے ساتھ روٹی کھالو اور اگر تم چاہو تو اس میں پانی ملالو اور پھر اس کو نوش کرلو اور جو اس سے کم درجہ ہو تو تم نہ تو اس کو پیو اور نہ اس کو بیچو اور نہ ہی اس کے ثمن سے نفع حاصل کرو۔

(٢٤٤٨٧) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ بَشِيرِ بْنِ الْمُهَاجِرِ ، عَنْ عِكْرِمَةَ ، وَالْحَسَنِ ، قَالاَ :اشْرَبْ مِنَ الطِّلاَءِ مَا ذَهَبَ ثُلُثَاهُ وَبَقِيَ ثُلُثُهُ.

(۲۴۴۸۷) حضرت عکرمہ اور حضرت حسن رحمہما اللہ دونوں سے روایت ہے، وہ دونوں کہتے ہیں کہ اس طلاء کی پی لو جس کے دو تہائی جا چکے ہوں اور جس کا ایک تہائی رہ گیا ہو۔

(١٧) فِي الْخَلِيطَيْنِ مِنَ الْبُسْرِ وَالتَّمْرِ وَالزَّبِيبِ ، مَنْ نَهَى عَنْهُ

کچی، پکی کھجور اور کشمش کو ملانے کے بارے میں، جو لوگ اس سے منع کرتے ہیں

(٢٤٤٨٨) حَدَّثَنَا أَبُو الأَحْوَصِ ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ ، عَنْ بُرَيْدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ، قَالَ : كُنَّا نَنْبِذُ الرُّطَبَ وَالْبُسْرَ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، فَلَمَّا نَزَلَ تَحْرِيمُ الْخَمْرِ هَرَقْنَاهُمَا مِنَ الأَوْعِيَةِ ، ثُمَّ تَرَكْنَاهُمَا. (طحاوی ۲۱۳)

(۲۴۴۸۸) حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ ہم جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مبارک میں کچی اور پکی کھجوروں کی نبیذ بنایا کرتے تھے، پھر جب شراب کی حرمت نازل ہوئی تو ہم نے ان دونوں کی نبیذوں کو بھی برتنوں سے بہادیا پھر ہم نے ان دونوں کو ترک کردیا۔

(٢٤٤٨٩) حَدَّثَنَا أَبُو الأَحْوَصِ ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ ، عَنِ النَّجْرَانِيِّ ، قَالَ :قُلْتُ لِعَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ :إِنَّا بِأَرْضٍ ذَاتِ تَمْرٍ وَزَبِيبٍ ، فَهَلْ يُخْلَطُ التَّمْرُ وَالزَّبِيبُ فَنَنْبِذُهُمَا جَمِيعًا ؟ قَالَ :لاَ ، قُلْتُ :لِمَ ؟ قَالَ :إِنَّ رَجُلاً سَكِرَ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، فَأُتِيَ بِهِ النَّبِيُّ وَهُوَ سَكْرَانُ ، فَضَرَبَهُ ، ثُمَّ سَأَلَهُ عَنْ شَرَابِهِ ، قَالَ :شَرِبْتُ نَبِيذًا ، قَالَ :أَيَّ نَبِيذٍ ؟ قَالَ :نَبِيذُ تَمْرٍ وَزَبِيبٍ ، قَالَ :قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :لاَ تَخْلِطُوهُمَا ، فَإِنَّ كُلَّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا يَكْفِي وَحْدَهُ. (احمد ۲۵۔ ابویعلی ۵۷۵۶)

(۲۴۴۸۹) حضرت نجرانی سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے عرض کیا، ہم لوگ کھجوروں اور

کشمش کی زمین میں ہوتے ہیں کیا اس بات کی اجازت ہے کہ کھجور اور کشمش کو ملا لیا جائے پھر ہم ان دونوں کی اکٹھی نبیذ بنالیں۔ انہوں نے جواب دیا، نہیں۔ میں نے پوچھا، کیوں؟ انہوں نے جواباً فرمایا، ایک آدمی، جناب نبی کریم ﷺ کے زمانہ اقدس میں حالت سکر میں تھا کہ اس کو جناب نبی کریم ﷺ کی مجلس میں اس حال میں لائے کہ وہ نشہ کی حالت میں تھا۔ پس آپ ﷺ نے اس کو مارا (یعنی مارنے کا حکم دیا) پھر آپ ﷺ نے اس سے مشروب کے بارے میں پوچھا۔ تو اس نے کہا میں نے نبیذ پی ہے آپ ﷺ نے پوچھا ''کون سی نبیذ؟'' اس نے جواب دیا، کھجور اور کشمش کی نبیذ۔ راوی کہتے ہیں۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''تم ان دونوں کو باہم خلط نہ کرو کیونکہ ان میں سے ہر ایک علیحدہ کافی ہے۔''

(٢٤٤٩٠) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ الْعَبْدِيُّ ، عَنْ حَجَّاجِ بْنِ أَبِي عُثْمَانَ ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ أَبِي قَتَادَةَ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ : لاَ تَنْبِذُوا التَّمْرَ وَالزَّبِيبَ جَمِيعًا ، وَلاَ تَنْبِذُوا الزَّهْوَ وَالرُّطَبَ ، وَانْبِذُوا كُلَّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا عَلَى حِدَةٍ. (بخاری ٥٦٠٢۔ مسلم ٢٤)

(۲۴۴۹۰) حضرت عبداللہ بن ابوقتادہ، اپنے والد کے واسطہ سے جناب رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''تم کھجور اور کشمش کو اکٹھے نبیذ بنانے میں استعمال نہ کرو اور تم کچی، پکی کھجور کو اکٹھا کر کے نبیذ نہ بناؤ اور ان میں سے ہر ایک کی علیحدہ نبیذ بناؤ۔''

(٢٤٤٩١) حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ ، قَالَ : حَدَّثَنَا الأَعْمَشُ ، عَنْ حَبِيبٍ ، عَنْ أَبِي أَرْطَاةَ ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ ، قَالَ : نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الزَّهْوِ وَالتَّمْرِ ، وَعَنِ الزَّبِيبِ وَالتَّمْرِ. (احمد ٣/ ٥٨۔ ابویعلی ١١٧١)

(۲۴۴۹۱) حضرت ابوسعید سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے کچی اور پکی کھجور اور کشمش اور کھجور سے منع فرمایا ہے۔

(٢٤٤٩٢) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ ، عَنِ الشَّيْبَانِيِّ ، عَنْ حَبِيبٍ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ، قَالَ : نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُخْلَطَ التَّمْرُ وَالزَّبِيبُ جَمِيعًا ، وَأَنْ يُخْلَطَ الْبُسْرُ وَالتَّمْرُ جَمِيعًا ، وَكَتَبَ إِلَى أَهْلِ جُرَشَ يَنْهَاهُمْ عَنْ خَلْطِ التَّمْرِ وَالزَّبِيبِ. (مسلم ٢٧۔ احمد ١/ ٣٣٦)

(۲۴۴۹۲) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے اس بات سے منع فرمایا کہ کھجور اور کشمش کو باہم خلط کیا جائے اور نیم پختہ اور پختہ کھجور کو اکٹھا کیا جائے اور آپ ﷺ نے اہل جُرش کو خط لکھا جس میں آپ ﷺ نے ان کو کھجور اور کشمش اکٹھے کرنے سے منع کیا۔

(٢٤٤٩٣) حَدَّثَنَا حَفْصٌ ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ ، عَنْ عَطَاءٍ ، عَنْ جَابِرٍ ، قَالَ : نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُنْبَذَ التَّمْرُ وَالزَّبِيبُ جَمِيعًا ، وَالتَّمْرُ وَالْبُسْرُ جَمِيعًا. (بخاری ٥٦٠١۔ مسلم ١٥٧٤)

(۲۴۴۹۳) حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے اس بات سے منع کیا ہے کہ کھجور اور

کشمش کو ملایا جائے اور پختہ اور نیم پختہ کھجور کے ملانے سے بھی منع کیا۔

(٢٤٤٩٤) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ ، عَنْ مُحَمَّدٍ ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَبْدِ الْغَافِرِ ، قَالَ : كَانَ أَبُو سَعِيدٍ الْخُدْرِيُّ يَنْهَى أَنْ يُجْمَعَ بَيْنَ التَّمْرِ وَالزَّبِيبِ.

(۲۴۴۹۴) حضرت عقبہ بن عبدالغافر سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کھجور اور کشمش کو ملانے سے منع کیا کرتے تھے۔

(٢٤٤٩٥) حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ يُوسُفَ ، عَنْ حُمَيْدٍ ، عَنْ عِكْرِمَةَ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ؛ أَنَّهُ كَانَ يَكْرَهُ الْبُسْرَ وَحْدَهُ ، وَأَنْ يُجْمَعَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ التَّمْرِ ، وَلاَ يَرَى بَأْسًا بِالتَّمْرِ وَالزَّبِيبِ وَيَقُولُ : حَلاَلاَنِ اجْتَمَعَا أَوْ تَفَرَّقَا ، قَالَ : وَكَانَ الْحَسَنُ يَكْرَهُ أَنْ يُجْمَعَ بَيْنَ التَّمْرِ وَالزَّبِيبِ.

(۲۴۴۹۵) حضرت عکرمہ، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ اکیلے نیم پختہ کھجور کو ناپسند کرتے تھے۔ اور اس بات کو بھی ناپسند کرتے تھے کہ نیم پختہ اور پختہ کھجور کو اکٹھا کیا جائے۔ لیکن وہ کشمش اور کھجور کو اکٹھے کرنے میں کوئی حرج نہیں دیکھتے تھے اور فرماتے تھے، یہ دونوں حلال چیزیں ہیں، اکٹھی ہوں یا علیحدہ علیحدہ ہوں۔ راوی کہتے ہیں حضرت حسن کھجور اور کشمش کو جمع کرنے کو ناپسند کرتے تھے۔

(٢٤٤٩٦) حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ مُوسَى الضَّبِّيِّ ، قَالَ : رَأَيْتُ جَارِيَةَ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ تَقْطَعُ التَّذْنِيبَ مِنَ الْبُسْرِ ، فَتَنْبِذُهُ عَلَى حِدَةٍ ، وَتَنْبِذُ الْبُسْرَ عَلَى حِدَةٍ.

(۲۴۴۹۶) حضرت سماک بن موسیٰ ضبی سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی لونڈی کو دیکھا کہ وہ نیم پختہ کھجوروں میں سے دم کی طرف سے پختہ کھجوروں کو توڑ رہی تھی، پس یہ لونڈی ان دم کی طرف سے پختہ کھجوروں کی نبیذ علیحدہ تیار کرتی تھی اور نیم پختہ کھجوروں کی نبیذ علیحدہ تیار کرتی تھی۔

(٢٤٤٩٧) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ حَاتِمِ بْنِ أَبِي صَغِيرَةَ ، عَنْ أَبِي مُصْعَبٍ الْمَدَنِيِّ ، قَالَ : سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ : لَمَّا حُرِّمَتِ الْخَمْرُ كَانُوا يَأْخُذُونَ الْبُسْرَ فَيَقْطَعُونَ مِنْهُ كُلَّ مُذَنَّبٍ ، ثُمَّ يَأْخُذُ الْبُسْرَ فَيَفْضَخُهُ ، ثُمَّ يَشْرَبُهُ.

(۲۴۴۹۷) حضرت ابومصعب مدنی سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کو کہتے سنا کہ جب حرمتِ خمر کا حکم آیا تو لوگ نیم پختہ کھجوروں کو لیتے اور ان سے ہر مذنب (دم پکی کھجور) کو کاٹ لیتے پھر نیم پختہ کو پکڑ کر درمیان سے چیر کر پانی میں ڈالتے اور پھر اس کو پی لیتے۔

(٢٤٤٩٨) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ مُحَارِبٍ ، عَنْ جَابِرٍ ، قَالَ : الْبُسْرُ وَالتَّمْرُ خَمْرٌ.

(۲۴۴۹۸) حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ پختہ اور نیم پختہ کھجور (کا نبیذ) خمر ہے۔

(٢٤٤٩٩) حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ ، وَمُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ ، عَنْ يَزِيدَ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ، قَالَ : سَأَلَ رَجُلٌ عُمَرَ عَنِ الْفَضِيخِ ،

فَقَالَ :وَمَا الْفَضِيخُ ؟ قَالَ :بُسْرٌ يُفْضَخُ ثُمَّ يُخْلَطُ بِالتَّمْرِ ، فَقَالَ :ذَاكَ الْفُضُوخُ ، قَالَ :حُرِّمَتِ الْخَمْرُ وَمَا شَرَابٌ غَيْرُهُ.

(۲۴۴۹۹) حضرت مجاہد سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ ایک شخص نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے فضیح کے بارے میں دریافت کیا؟ تو انہوں نے پوچھا، فضیح کیا ہوتی ہے؟ اس آدمی نے جواب دیا نیم پختہ کھجور کو شق کر کے پختہ کھجور کے ساتھ ملایا جاتا ہے۔ پھر اس نے کہا یہ فضوح ہے۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: شراب حرام کی گئی ہے۔ اس کے علاوہ کوئی شراب نہیں ہے۔

(۲٤٥..) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ أَشْعَثَ ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ ، عَنْ جَابِرٍ ، قَالَ :يُكْرَهُ خَلْطُ الْبُسْرِ وَالتَّمْرِ ، وَالزَّبِيبِ وَالتَّمْرِ.

(۲۴۵۰۰) حضرت ابوالزبیر، حضرت جابر کے بارے میں روایت کرتے ہیں، کہتے ہیں کہ وہ پختہ اور نیم پختہ کھجوروں کے ملانے اور کشمش، کھجور کے ملانے کو ناپسند کرتے تھے۔

(۲٤٥٠١) حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ كَيْسَانَ ، قَالَ :سَأَلْتُ أَبَا الشَّعْثَاءِ جَابِرَ بْنَ زَيْدٍ عَنِ الْفَضِيخِ ؟ قَالَ :وَمَا الْفَضِيخُ ؟ قُلْتُ :الْبُسْرُ وَالتَّمْرُ ، فَقَالَ :وَاللَّهِ لأَنْ تَأْخُذَ الْمَاءَ وَتَغْلِيَهُ فَتَجْعَلَهُ فِي بَطْنِكَ ، خَيْرٌ مِنْ أَنْ تَجْمَعَهُمَا جَمِيعًا فِي بَطْنِكَ.

(۲۴۵۰۱) حضرت یزید بن کیسان سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے ابوالشعثاء حضرت جابر بن زید سے فضیخ کے بارے میں سوال کیا؟ تو انہوں نے پوچھا: فضیخ کیا ہے؟ میں نے بتایا، پختہ اور نیم پختہ کھجور۔ اس پر انہوں نے فرمایا: خدا کی قسم! اگر تم سادہ پانی ہی لے لو اور اس کو جوش دے لو پھر اس کو تم اپنے پیٹ میں ڈال دو تو یہ اس سے بہتر ہے کہ تم پختہ اور نیم پختہ کھجوروں کو اکٹھے اپنے پیٹ میں جمع کرو۔

(۲٤٥٠٢) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ ، عَنْ أَشْعَثَ ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ عُبَيْدٍ ، قَالَ : كَانَ أَبُو مَسْعُودٍ الأَنْصَارِيُّ يَأْمُرُ أَهْلَهُ بِقَطْعِ الْمُذَنَّبِ مِنَ الْبُسْرِ ، فَيُنْبَذُ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا عَلَى حِدَةٍ.

(۲۴۵۰۲) حضرت ثابت بن عبید سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ حضرت ابومسعود انصاری اپنے گھر والوں کو نیم پختہ کھجور سے مذنب (دُم پکی کھجور) علیحدہ کرنے کا حکم دیتے تھے پھر ان میں سے ہر ایک کھجور کی علیحدہ نبیذ بناتے تھے۔

(۲٤٥٠٣) حَدَّثَنَا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْمُثَنَّى بْنُ عَوْفٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو عَبْدِ اللهِ الْجَسْرِيُّ، عَنْ مَعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ؛ أَنَّهُ سَأَلَهُ عَنِ الشَّرَابِ؟ فَقَالَ: كُنَّا بِالْمَدِينَةِ وَكَانَتْ كَثِيرَةَ التَّمْرِ ، فَحَرَّمَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْفَضِيخَ ، قَالَ :جَاءَ رَجُلٌ يَسْأَلُهُ عَنْ أُمِّهِ ، قَدْ بَلَغَتْ سِنًّا لاَ تَأْكُلُ الطَّعَامَ ، أَيَسْقِيهَا النَّبِيذَ؟ قَالَ: قُلْتُ لَهُ :يَا مَعْقِلَ بْنَ يَسَارٍ ، قَالَ :مَا أَمَرْتَهُ بِهِ ؟ قَالَ :أَمَرْتُهُ أَنْ لاَ يَسْقِيَهَا. (طبرانی ۵۰۵۔ طیالسی ۹۳۴)

(۲۴۵۰۳) حضرت ابوعبداللہ جسری، حضرت معقل بن یسار کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے حضرت معقل سے

شراب کے بارے میں سوال کیا؟ تو انہوں نے فرمایا، ہم مدینہ میں ہوتے تھے اور وہ کھجوروں کی کثرت والا علاقہ تھا۔ لیکن جناب رسول اللہ ﷺ نے ہم پر فضیخ کو حرام فرما دیا۔ راوی کہتے ہیں کہ ان کے پاس ایک شخص آیا اور اس نے اپنی والدہ کے بارے میں ان سے سوال کیا کہ اس کی والدہ عمر کے اس حصہ کو پہنچ گئی ہے کہ جہاں وہ کھانا نہیں کھا سکتی تو کیا سائل اپنی والدہ کو نبیذ پلا دے؟ راوی کہتے ہیں میں نے ان سے کہا، اے معقل بن یسار! آپ نے اسے اس کے بارے میں کیا حکم دیا؟ انہوں نے کہا، میں نے اس کو یہ حکم دیا ہے کہ وہ اپنی والدہ کو نبیذ نہ پلائے۔

(٢٤٥٠٤) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، عَنِ التَّيْمِيِّ ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ ، قَالَ : نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ التَّمْرِ وَالزَّبِيبِ يُخْلَطَانِ ، وَعَنِ الْبُسْرِ وَالتَّمْرِ يُخْلَطَانِ. (مسلم ٢٠۔ ترمذی ١٨٧٧)

(۲۴۵۰۴) حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے کھجور اور کشمش کے ملانے سے منع کیا ہے اور پختہ، نیم پختہ کھجوریں جو ملائی جاتی ہیں ان سے منع کیا ہے۔

(٢٤٥٠٥) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، عَنْ حُمَيْدٍ ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ، قَالَ : كُنَّا فِي بَيْتِ أَبِي طَلْحَةَ وَمَعَنَا سُهَيْلُ بْنُ بَيْضَاءَ ، وَأُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ ، وَأَبُو عُبَيْدَةَ ، وَهُمْ يَشْرَبُونَ شَرَابًا لَهُمْ ، إِذْ نَادَى مُنَادٍ : أَلَا إِنَّ الْخَمْرَ قَدْ حُرِّمَتْ ، فَوَاللَّهِ مَا نَظَرُوا أَصِدْقٌ ، أَوْ كَذِبٌ حَتَّى قَالُوا : يَا أَنَسُ ، أَكْفِئْ مَا بَقِيَ فِي الإِنَاءِ ، فَأَكْفَأْنَاهُ ، وَهُوَ يَوْمَئِذٍ الْبُسْرُ وَالتَّمْرُ ، فَوَاللَّهِ مَا عَادُوا فِيهَا حَتَّى لَقُوا اللَّهَ. (مسلم ١٥٧٠۔ ابو داؤد ٣٦٢٥)

(۲۴۵۰۵) حضرت انس بن مالک سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ ہم حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کے گھر میں تھے اور ہمارے ساتھ حضرت سہیل بن بیضا رضی اللہ عنہ، حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ اور حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ تھے اور یہ لوگ شراب پی رہے تھے کہ اسی دوران ایک منادی نے آواز دی۔ خبردار! شراب حرام قرار دے دی گئی ہے۔ پس خدا کی قسم! ان حضرات نے یہ نہیں دیکھا کہ یہ بات سچی ہے یا جھوٹی ہے، یہاں تک کہ انہوں نے یہ کہہ دیا۔ اے انس! برتنوں میں جو شراب باقی رہ گئی ہے وہ اُلٹ دو۔ پس ہم نے وہ بقیہ شراب اُلٹ دی اور اس دن یہ شراب پختہ اور نیم پختہ کھجور سے تیار کردہ تھی۔ پس خدا کی قسم! پھر یہ لوگ موت تک دوبارہ اس کی طرف نہیں لوٹے۔

(٢٤٥٠٦) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُصْعَبٍ ، عَنِ الأَوْزَاعِيِّ ، عَنْ يَحْيَى ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ : لاَ تَجْمَعُوا بَيْنَ الزَّهْوِ وَالرُّطَبِ ، وَالزَّبِيبِ وَالتَّمْرِ ، انْبِذُوا كُلَّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا عَلَى حِدَةٍ. (مسلم ١٥٧٦۔ ابن حبان ٥٣٨١)

(۲۴۵۰۶) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ، جناب رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''کچی اور پکی کھجور کو جمع نہ کرو اور کشمش اور کھجور کو بھی جمع نہ کرو، ان میں سے ہر ایک کی علیحدہ طور پر نبیذ بناؤ۔''

(٢٤٥٠٧) حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ ، عَنْ عَمَّارِ بْنِ رُزَيْقٍ ، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى ، عَنِ الْحَكَمِ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى ، قَالَ : كَانَ الرَّجُلُ يَمُرُّ عَلَى أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُمْ مُتَوَافِرُونَ ، فَيَلْعَنُونَهُ

وَيَقُولُونَ :هَذَا يَشْرَبُ الْخَلِيطَيْنِ :الزَّبِيبَ وَالتَّمْرَ.

(۲۴۵۰۷) حضرت عبد الرحمٰن بن ابی لیلیٰ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ کوئی (مخلوط مشروب پینے والا) آدمی جناب رسول اللہ ﷺ کے صحابہ رضی اللہ عنہم کے پاس سے گزرتا جبکہ صحابہ کرام کثیر تعداد میں موجود ہوتے تو وہ اس کو لعن طعن کرتے اور کہتے، یہ شخص خلیطین یعنی کشمش اور کھجور کو ملا کر پیتا ہے۔

(۱۸) مَنْ رخَّصَ فِي شُرْبِ الطِّلاءِ عَلَى النِّصْفِ

جو حضرات طلاء کو نصف رہ جانے پر پینے میں رخصت دیتے ہیں

(۲٤٥٠٨) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ أَبِي عَمْرَةَ ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ ؛ أَنَّهُ كَانَ يَشْرَبُ الطِّلاَءَ عَلَى النِّصْفِ.

(۲۴۵۰۸) حضرت عدی بن ثابت، جناب براء بن عازب رضی اللہ عنہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ طلاء نصف رہ جانے پر پیتے تھے۔

(۲٤٥٠٩) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ جَبْرٍ ، قَالَ :رَأَيْتُ أَبَا جُحَيْفَةَ يَشْرَبُ الطِّلاَءَ عَلَى النِّصْفِ.

(۲۴۵۰۹) حضرت طلحہ بن جبیر سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابو جحیفہ کو طلاء کے نصف رہ جانے پر نوش فرماتے دیکھا۔

(۲٤٥١٠) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ جَرِيرِ بْنِ أَيُّوبَ، عَنْ أَبِي زُرْعَةَ بْنِ عَمْرِو بْنِ جَرِيرٍ؛ أَنَّ جَرِيرًا كَانَ يَشْرَبُهُ عَلَى النِّصْفِ.

(۲۴۵۱۰) حضرت ابو زرعہ بن عمرو بن جریر سے روایت ہے کہ حضرت جریر طلاء کو نصف ہونے پر نوش فرماتے تھے۔

(۲٤٥١١) حَدَّثَنَا عَبْدُالرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ، وَوَكِيعٌ، عَنْ عُبَيْدَةَ، عَنْ خَيْثَمَةَ، عَنْ أَنَسٍ؛ أَنَّهُ كَانَ يَشْرَبُهُ عَلَى النِّصْفِ.

(۲۴۵۱۱) حضرت خیثمہ، حضرت انس رضی اللہ عنہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ طلاء کو نصف رہ جانے پر نوش فرما لیتے تھے۔

(۲٤٥١٢) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَمَانٍ ، عَنْ أَشْعَثَ ، عَنْ جَعْفَرٍ ؛ أَنَّ ابْنَ أَبْزَى كَانَ يَشْرَبُ الطِّلاَءَ عَلَى النِّصْفِ.

(۲۴۵۱۲) حضرت جعفر سے روایت ہے کہ حضرت ابن ابزیٰ طلاء کو نصف رہ جانے پر پی لیتے تھے۔

(۲٤٥١٣) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنِ الْمُنْذِرِ ، عَنِ ابْنِ الْحَنَفِيَّةِ ؛ أَنَّهُ كَانَ يشْرَبُ الطِّلاَءَ الْمقدى ، يَعْنِي مَا طُبِخَ عَلَى النِّصْفِ.

(۲۴۵۱۳) حضرت منذر، حضرت ابن الحنفیہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ مقدی طلاء نوش فرماتے تھے، یعنی وہ طلاء جو پکا کر نصف خشک کر لی گئی ہے۔

(۲٤٥١٤) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنِ الْحَكَمِ ، قَالَ : كَانَ شُرَيْحٌ يَشْرَبُ الطِّلاَءَ عَلَى النِّصْفِ ، يَشْرَبُ الطِّلاَءَ الشَّدِيدَ ، يَعْنِي الْمُنَصَّفَ.

(۲۴۵۱۴) حضرت حکم سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ حضرت شریح نصف رہ جانے والے طلاء کو نوش فرماتے تھے۔ سخت طلاء یعنی مُنصّف طلاء پیتے تھے۔

(٢٤٥١٥) حَدَّثَنَا شَرِيكٌ ، عَنْ أَيُّوبَ ، قَالَ :رَأَيْتُ أَبَا عُبَيْدَةَ يَشْرَبُهُ عَلَى النِّصْفِ.

(۲۴۵۱۵) حضرت ایوب سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوعبیدہ کو (پک کر) نصف رہ جانے والی طلاء پیتے دیکھا۔

(٢٤٥١٦) حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي غنية ، عَنِ إِسْمَاعِيلَ ، عَنْ قَيْسٍ ، أَنَّهُ كَانَ يَشْرَبُهُ عَلَى النِّصْفِ.

(۲۴۵۱۶) حضرت اسماعیل، جناب قیس کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ (پک کر) نصف رہ جانے والی طلاء پیتے تھے۔

(٢٤٥١٧) حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ ، عَنْ دِينَارٍ الأَعْرَجِ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ ، قَالَ :شَرِبَ عِنْدِي الطِّلاَءَ عَلَى النِّصْفِ.

(۲۴۵۱۷) حضرت دینار اعرج، جناب سعید بن جبیر کے بارے میں روایت کرتے ہیں، کہتے ہیں کہ انہوں نے میرے ہاں (پک کر) آدھی رہ جانے والی طلاء پی تھی۔

(٢٤٥١٨) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، وَوَكِيعٌ ، عَنِ الأَعْمَشِ ؛ أَنَّ إِبْرَاهِيمَ كَانَ يَشْرَبُهُ عَلَى النِّصْفِ.

(۲۴۵۱۸) حضرت اعمش سے روایت ہے کہ حضرت ابراہیم (پک کر) نصف رہ جانے والی طلاء پیا کرتے تھے۔

(٢٤٥١٩) حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ يَحْيَى ، قَالَ :رَأَيْتُهُ يَشْرَبُ الطِّلاَءَ عَلَى النِّصْفِ.

(۲۴۵۱۹) حضرت اعمش، حضرت یحییٰ کے بارے میں روایت کرتے ہیں، کہتے ہیں کہ میں نے حضرت یحییٰ کو نصف رہ جانے والی طلاء پیتے دیکھا۔

(٢٤٥٢٠) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ مُجَالِدٍ ، عَنِ الشَّعْبِيِّ ، عَنْ شُرَيْحٍ ؛ أَنَّهُ كَانَ يَشْرَبُ مَعَهُ الطِّلاَءَ عَلَى النِّصْفِ ، قَالَ :فَشَرِبَ وَسَقَانِي.

(۲۴۵۲۰) حضرت شعبی، حضرت شریح کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ ان کے ساتھ (پک کر) نصف رہ جانے والی طلاء پیتے تھے۔ راوی کہتے ہیں، پس انہوں نے خود بھی پی اور مجھے بھی پلائی۔

(١٩) فِي الطِّلاَءِ يُنبَذُ وَالْبُخْتُجِ

طلا اور پختہ عصیر نبیذ بنانے کا بیان

(٢٤٥٢١) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ؛ أَنَّهُ كَانَ يُنبَذُ لَهُ الطِّلاَءُ وَيُجْعَلُ فِيهِ دُرْدِيٌّ.

(۲۴۵۲۱) حضرت اعمش، حضرت ابراہیم کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ ان کے لئے طلاء کی نبیذ بنائی جاتی تھی اور اس میں تلچھٹ ڈال دی جاتی تھی۔

(٢٤٥٢٢) حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ أَبِي سِنَانٍ ، عَنْ ثَابِتٍ ، عَنِ الضَّحَّاكِ ؛ أَنَّهُ كَانَ يَنبِذُ الْبُخْتُجَ.

(۲۴۵۲۲) حضرت ثابت، جناب ضحاک کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ پختہ عصیر کی نبیذ بنایا کرتے تھے۔

(٢٤٥٢٣) حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ جَابِرٍ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ؛ فِي نَبِيذِ الْبُخْتُجِ ، قَالَ : كَانَ نَائِمًا فَأَنْبَهْتُهُ.

(۲۴۵۲۳) حضرت عبداللہ بن جابر، حضرت مجاہد سے پختہ عصیر کی نبیذ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا: یہ خوابیدہ تھی تم نے اس کو بیدار کیا ہے۔

(٢٤٥٢٤) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ مُغِيرَةَ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، قَالَ : لاَ بَأْسَ بِنَبِيذِ الْبُخْتُجِ.

(۲۴۵۲۴) حضرت مغیرہ، حضرت ابراہیم سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا، پختہ عصیر کی نبیذ میں کوئی حرج نہیں ہے۔

(٢٤٥٢٥) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ أَبِي حُجَيْرٍ ، قَالَ : سَقَانَا الضَّحَّاكُ نَبِيذَ الْبُخْتُجِ.

(۲۴۵۲۵) حضرت ابو حجیر سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ حضرت ضحاک نے ہمیں پختہ عصیر کی نبیذ پلائی تھی۔

(٢٠) فِي فَضِيخِ الْبُسْرِ وَحْدَهُ

کھولی ہوئی گندم کی علیحدہ نبیذ کے بارے میں

(٢٤٥٢٦) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي عَدِيٍّ ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ ، قَالَ : سُئِلَ مُحَمَّدٌ عَنْ فَضِيخِ الْبُسْرِ وَحْدَهُ ؟ قَالَ : لاَ أَدْرِي مَا هُوَ.

(۲۴۵۲۶) حضرت ابن عون سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ حضرت محمد رحمۃ اللہ علیہ سے کھولی ہوئی گندم کی علیحدہ نبیذ کے بارے میں سوال کیا گیا تو انہوں نے فرمایا: مجھے معلوم نہیں ہے کہ وہ کیا ہے۔

(٢٤٥٢٧) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ حَاتِمِ بْنِ أَبِي صَغِيرَةَ ، عَنْ أَبِي مُصْعَبٍ الْمَدَنِيِّ ، قَالَ : سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ : كُنَّا نَأْخُذُ الْبُسْرَ فَنَفْضَخُهُ ، ثُمَّ نَشْرَبُهُ.

(۲۴۵۲۷) حضرت ابو مصعب مدنی سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو یہ کہتے ہوئے سنا، ہم لوگ گندم لیتے اور اس کو کھول لیتے پھر اس ہم اس کو پیتے تھے۔

(٢٤٥٢٨) حَدَّثَنَا شَرِيكٌ ، عَنْ جَابِرٍ ، عَنْ عِكْرِمَةَ ؛ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَرِبَ الْفَضِيخَ عِنْدَ مَسْجِدِ الْفَضِيخِ. (احمد ۲/ ۱۰۶۔ ابویعلی ۵۷۰۷)

(۲۴۵۲۸) حضرت عکرمہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسجد فضیح کے پاس فضیح (گندم کھول کر بنائی گئی نبیذ) نوش فرمائی تھی۔

(٢٤٥٢٩) حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنْ قَتَادَةَ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ ، وَالْحَسَنِ ، قَالاَ : لاَ بَأْسَ

أَنْ يُفْتَضَخَ الْعِذْقُ بِمَا فِيهِ.

(۲۴۵۲۹) حضرت قتادہ، جناب سعید بن مسیّب اور جناب حسن کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ غلے کو کھول کر نبیذ بنانے میں کچھ حرج نہیں۔

(٢٤٥٣٠) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ ، عَنْ مِسحاجٍ ، قَالَ : سَمِعْتُ أَنَسًا وَهُوَ يَأْمُرُ خَادِمَهُ أَنْ يَقْطَعَ الرُّطَبَ مِنَ الْبُسْرِ ، فَيَنْتَبِذُ كُلَّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا عَلَى حِدَةٍ.

(۲۴۵۳۰) حضرت مسحاج سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کو کہتے سُنا جبکہ وہ اپنے خادم کو اس بات کا حکم دے رہے تھے کہ وہ پختہ کھجوروں کو نیم پختہ کھجوروں سے کاٹ ڈالے اور پھر ان میں سے ہر ایک کی علیحدہ نبیذ بنائے۔

(٢٤٥٣١) حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ ، عَنْ خَالِدٍ ، عَنْ عِكْرِمَةَ ؛ أَنَّهُ كَرِهَ الْفَضِيخَ ، وَإِنْ كَانَ مَحْضًا.

(۲۴۵۳۱) حضرت خالد، جناب عکرمہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ فضیخ کو ناپسند کرتے تھے اگرچہ خالص فضیخ ہی ہو۔

(٢٤٥٣٢) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنْ قَتَادَةَ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ ، قَالَ ، لاَ بَأْسَ بِالتَّذْنُوبِ.

(۲۴۵۳۲) حضرت سعید بن مسیّب سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ تذنوب (دُم پکی ہوئی) کھجور میں کوئی حرج نہیں ہے۔

(٢١) فِي الْمُرِّيِّ يُجْعَلُ فِيهِ الْخَمْرُ

چٹنی میں شراب ڈالنے کے بارے میں

(٢٤٥٣٣) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ الْمُنْذِرِ، عَنْ مَكْحُولٍ؛ أَنَّهُ كَانَ يَكْرَهُ الْمُرِّيَّ الَّذِي يُجْعَلُ فِيهِ الْخَمْرُ.

(۲۴۵۳۳) حضرت نعمان بن منذر، جناب حضرت مکحول کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ ایسی چٹنی کو ناپسند سمجھتے تھے، جس میں شراب ڈالی گئی ہو۔

(٢٤٥٣٤) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ عَمْرٍو ، عَنْ مَكْحُولٍ ، عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ ؛ فِي الْمُرِّيِّ يُجْعَلُ فِيهِ الْخَمْرُ ، قَالَ : لاَ بَأْسَ بِهِ ، ذَبَحَتْهُ الشَّمْسُ وَالْمِلْحُ.

(۲۴۵۳۴) حضرت مکحول، حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے ایسی چٹنی کے بارے میں جس میں شراب ڈالی گئی ہو روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے ارشاد فرمایا: اس میں کوئی حرج نہیں ہے، اس کو دھوپ اور نمک نے بے اثر کر دیا ہے۔

(٢٢) فِي الْخَمْرِ ، وَمَا جَاءَ فِيهَا

شراب کے بارے میں آمدہ روایات

(٢٤٥٣٥) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ ، عَنْ نَافِعٍ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ،

أَنَّهُ قَالَ :مَنْ شَرِبَ الْخَمْرَ فِي الدُّنْيَا لَمْ يَشْرَبْهَا فِي الآخِرَةِ ، إِلاَّ أَنْ يَتُوبَ. (مسلم ۷۸۔ احمد ۲/ ۲۱)

(۲۴۵۳۵) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ، جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''جس شخص نے دنیا میں شراب پی تو وہ آخرت میں شراب نہیں پیئے گا الّا یہ کہ وہ تائب ہو جائے۔''

(۲٤٥٣٦) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ ، عَنْ يَزِيدَ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو ، قَالَ :قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :مَنْ شَرِبَ الْخَمْرَ فَجَعَلَهَا فِي بَطْنِهِ ، لَمْ تُقْبَلْ لَهُ صَلاَةٌ سَبْعًا ، إِنْ مَاتَ فِيهَا مَاتَ كَافِرًا ، فَإِنْ أَذْهَبَتْ عَقْلَهُ عَنْ شَيْءٍ مِنَ الْفَرَائِضِ ، لَمْ تُقْبَلْ لَهُ صَلاَةٌ أَرْبَعِينَ يَوْمًا ، فَإِنْ مَاتَ فِيهَا مَاتَ كَافِرًا.

(نسائی ۵۶۷۹۔ طبرانی ۱۳۴۹۲)

(۲۴۵۳۶) حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''جس شخص نے شراب نوشی کی اور اس شراب کو پیٹ میں داخل کیا تو اس شخص کی سات دن تک نماز قبول نہیں ہوتی۔ اگر یہ شخص ان دنوں میں مر جائے تو کافر مرے گا اور اگر شراب نے اس کے دماغ کو فرائض میں سے کسی فریضہ کے بارے میں بے عقل کر دیا تو اس کی چالیس دن تک نماز قبول نہیں ہوگی اور اگر یہ شخص ان دنوں میں مر جائے تو یہ کافر مرے گا۔''

(۲٤٥٣٧) حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ يَعْلَى بْنِ عَطَاءٍ ، عَنْ حَسَّانِ بْنِ أَبِي وَجْزَةَ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو ، قَالَ :لأَنْ أَزْنِيَ أَحَبَّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ أَشْرَبَ خَمْرًا ، إِنِّي إِذَا شَرِبْتُ الْخَمْرَ تَرَكْتُ الصَّلاَةَ ، وَمَنْ تَرَكَ الصَّلاَةَ فَلاَ دِينَ لَهُ.

(۲۴۵۳۷) حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ مجھے شراب پینے سے زیادہ یہ بات محبوب ہے کہ میں زنا کر لوں کیونکہ جب میں شراب نوشی کروں گا تو (لازماً) میں نماز کو ترک کروں گا اور جو شخص تارکِ نماز ہو اس کا کوئی دین نہیں ہے۔

(۲٤٥٣٨) حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ الأَحْمَرُ ، عَنِ الْعَوَّامِ بْنِ حَوْشَبٍ ، عَنِ الْمُسَيَّبِ بْنِ رَافِعٍ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو ، قَالَ :مُعَاقِرُ الْخَمْرِ كَعَابِدِ اللاَّتِ وَالْعُزَّى.

(۲۴۵۳۸) حضرت عبداللہ بن عمرو سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ شراب کا عادی ایسا ہے، جیسا لات اور عزّیٰ کا پجاری ہوتا ہے۔

(۲٤٥٣٩) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ ، عَنْ وَائِلِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ ، عَنْ أَبِي بَكْرٍ ، عَنْ أَبِي بُرْدَةَ ، عَنْ أَبِي مُوسَى ، أَنَّهُ كَانَ يَقُولُ :مَا أُبَالِي أَشَرِبْتُ الْخَمْرَ ، أَمْ عَبَدْتُ هَذِهِ السَّارِيَةَ مِنْ دُونِ اللهِ.

(۲۴۵۳۹) حضرت ابو بردہ، جناب ابوموسیٰ سے روایت کرتے ہیں کہ وہ فرمایا کرتے تھے کہ مجھے اس بات کی کوئی پروا نہیں کہ میں شراب پیوں یا اللہ کے سوا اس ستون کی عبادت کروں (یعنی دونوں چیزیں شدید گناہ ہیں)۔

(۲٤٥٤٠) حَدَّثَنَا ابْنُ مُبَارَكٍ ، عَنِ الأَوْزَاعِيِّ ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ حَبِيبٍ ؛ أَنَّ ابْنَ عُمَرَ قَالَ :لَوْ أَدْخَلْتُ إِصْبَعِي فِي

خَمْرٍ مَا أَحْبَبْتُ أَنْ تَرْجِعَ إِلَيَّ.

(۲۴۵۴۰) حضرت سلیمان بن حبیب سے روایت ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: اگر میں اپنی انگلی کو شراب میں داخل کروں تو مجھے یہ بات محبوب نہیں ہے کہ وہ میری طرف (صحیح سلامت) لوٹے۔

(٢٤٥٤١) حَدَّثَنَا ابْنُ مُبَارَكٍ ، عَنِ الأَوْزَاعِيِّ ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ رُوَيْمٍ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : أَوَّلُ مَا نَهَانِي رَبِّي ؛ عَنْ شُرْبِ الْخَمْرِ ، وَعِبَادَةِ الأَوْثَانِ ، وَمُلاَحَاةِ الرِّجَالِ. (ابوداؤد ۵۰۶)

(۲۴۵۴۱) حضرت عروہ بن رویم سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''میرے پروردگار نے مجھے سب سے پہلے جس چیز سے منع کیا وہ شراب کا پینا، بتوں کی عبادت کرنا اور لڑائی جھگڑا ہے۔

(٢٤٥٤٢) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ ، قَالَ :حَدَّثَنَا مِسْعَرٌ ، عَنْ أَبِي عَوْنٍ ، عَنِ ابْنِ شَدَّادٍ ، قَالَ :قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ : حُرِّمَتِ الْخَمْرُ بِعَيْنِهَا ، قَلِيلِهَا وَكَثِيرِهَا ، وَالسُّكْرُ مِنْ كُلِّ شَرَابٍ.

(۲۴۵۴۲) حضرت ابن شداد سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: شراب کو بعینہٖ حرام قرار دیا گیا ہے۔ تھوڑی شراب بھی حرام ہے اور زیادہ شراب بھی حرام ہے اور ہر مشروب میں سے حد سکر (نشہ) حرام ہے۔

(٢٤٥٤٣) حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ ، عَنْ أَبِيهِ ؛ أَنَّهُ سَمِعَ عُثْمَانَ يَخْطُبُ ، فَذَكَرَ الْخَمْرَ فَقَالَ :هِيَ مَجْمَعُ الْخَبَائِثِ ، أَوْ هِيَ أُمُّ الْخَبَائِثِ ، ثُمَّ أَنْشَأَ يُحَدِّثُ عَنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ فَقَالَ :إِنَّ رَجُلاً خُيِّرَ بَيْنَ أَنْ يَقْتُلَ صَبِيًّا ، أَوْ يَمْحُوَ كِتَابًا ، أَوْ يَشْرَبَ خَمْرًا ، فَاخْتَارَ الْخَمْرَ فَمَا بَرِحَ حَتَّى فَعَلَهُنَّ كُلَّهُنَّ.

(ابن حبان ۵۳۴۸۔ بیهقی ۲۸۷)

(۲۴۵۴۳) حضرت سعد بن ابراہیم، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو خطبہ دیتے ہوئے سنا۔ چنانچہ حضرت عثمان نے خمر کا ذکر کیا تو فرمایا، یہ بہت سی خباثتوں کو جمع کرنے والی ہے یا فرمایا یہ ام الخبائث ہے۔ پھر آپ رضی اللہ عنہ نے بنی اسرائیل کے بارے میں واقعہ بیان کیا۔ فرمایا: ایک شخص کو ایک بچہ قتل کرنے، کتاب کو ضائع کرنے اور شراب پینے کے بارے میں اختیار دیا گیا تو اس نے شراب نوشی کو پسند کیا لیکن پھر وہ شخص یہ تمام کام کر بیٹھا۔

(٢٤٥٤٤) حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ لَيْثٍ ، عَنْ طَلْحَةَ ، عَنْ مَسْرُوقٍ ، قَالَ :شَارِبُ الْخَمْرِ كَعَابِدِ الْوَثَنِ.

(۲۴۵۴۴) حضرت مسروق سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ شراب نوشی کرنے والا ایسا ہے جیسا کہ بت کی عبادت کرنے والا۔

(٢٤٥٤٥) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الأَصْبَهَانِيُّ ، عَنْ سُهَيْلٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ :مُدْمِنُ الْخَمْرِ كَعَابِدِ الْوَثَنِ. (بخاری ۳۸۶۔ ابن ماجه ۳۳۷۵)

(۲۴۵۴۵) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ، جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''عادی شراب نوش ایسا ہے جیسا کہ بت کا پجاری۔''

(٢٤٥٤٦) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبَّادِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ الزُّبَيْرِ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ : كُنَّا عِنْدَ عَائِشَةَ ، فَمَرَّتْ جَلَبَةٌ عَلَى بَابِهَا ، فَسَمِعَتِ الصَّوْتَ ، فَقَالَتْ : مَا هَذَا ؟ فَقَالُوا : رَجُلٌ ضُرِبَ فِي الْخَمْرِ ، قَالَتْ سُبْحَانَ اللهِ ، سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ : لاَ يَزْنِي الزَّانِي حِينَ يَزْنِي وَهُوَ مُؤْمِنٌ ، وَلاَ يَشْرَبُ الْخَمْرَ حِينَ يَشْرَبُ وَهُوَ مُؤْمِنٌ ، وَلاَ يَسْرِقُ السَّارِقُ حِينَ يَسْرِقُ وَهُوَ مُؤْمِنٌ ، فَإِيَّاكُمْ إِيَّاكُمْ .

(۲۴۵۴۶) حضرت یحییٰ بن عباد بن عبد اللہ بن زبیر، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا: کہ ہم حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے ہاں موجود تھے کہ اس دوران ان کے دروازہ کے پاس سے تو انہوں نے اس کی آواز سُنی تو پوچھا۔ یہ کیا ہے؟ لوگوں نے بتایا، ایک شخص کو شراب نوشی کی سزا میں مارا جا رہا ہے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہنے لگیں، سبحان اللہ! میں نے جناب نبی کریم ﷺ کو ارشاد فرماتے سُنا ''زنا کرنے والا شخص جب زنا کرتا ہے تو وہ ایمان کی حالت میں زنا نہیں کرتا، شراب پینے والا شخص جب شراب نوشی کرتا ہے تو وہ ایمان کی حالت میں شراب نوشی نہیں کرتا، چوری کرنے والا شخص جب چوری کرتا ہے تو وہ ایمان کی حالت میں چوری نہیں کرتا۔'' پس تم بچو، پس تم بچو۔

(٢٤٥٤٧) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لاَ يَزْنِي الزَّانِي حِينَ يَزْنِي وَهُوَ مُؤْمِنٌ ، وَلاَ يَسْرِقُ حِينَ يَسْرِقُ وَهُوَ مُؤْمِنٌ ، وَلاَ يَشْرَبُ الْخَمْرَ حِينَ يَشْرَبُ وَهُوَ مُؤْمِنٌ ، وَلاَ يَنْتَهِبُ نُهْبَةً ، يَرْفَعُ النَّاسُ فِيهَا أَبْصَارَهُمْ وَهُوَ مُؤْمِنٌ .

(نسائی ۷۱۲۶)

(۲۴۵۴۷) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ جناب نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''زنا کرنے والا شخص جب زنا کرتا ہے تو وہ ایمان کی حالت میں زنا نہیں کرتا اور چوری کرنے والا شخص جب چوری کرتا ہے تو وہ ایمان کی حالت میں چوری نہیں کرتا اور شراب نوشی کرنے والا شخص جب شراب نوشی کرتا ہے تو وہ ایمان کی حالت میں شراب نوشی نہیں کرتا۔ مال کو اُچکنے والا جس کے اُچکنے کو لوگ آنکھیں اٹھا کر دیکھتے ہوں۔ ایمان کی حالت میں مال کو نہیں اُچکتا۔

(٢٤٥٤٨) حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنْ لَيْثٍ ، عَنْ مُدْرِكٍ ، عَنِ ابْنِ أَبِي أَوْفَى ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لاَ يَشْرَبُ الْخَمْرَ حِينَ يَشْرَبُهَا وَهُوَ مُؤْمِنٌ .

(۲۴۵۴۸) حضرت ابن ابی اوفی سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''شراب پینے والا شخص، جب شراب پیتا ہے وہ ایمان کی حالت میں نہیں ہوتا۔''

(٢٤٥٤٩) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ ، عَنْ نَافِعٍ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ ؛ كَانَ يَنْهَى أَنْ تُسْقَى الْبَهَائِمُ الْخَمْرَ .

(۲۴۵۴۹) حضرت نافع، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ اس بات سے منع کیا کرتے تھے کہ جانوروں

کوشراب پلائی جائے۔

(٢٤٥٥٠) حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ ، عَنْ نَافِعٍ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ ؛ أَنَّهُ بَلَغَهُ أَنَّ نِسَاءً يَمْتَشِطْنَ بِالْخَمْرِ ، فَقَالَ :أَلْقَى اللَّهُ فِي رُؤُوسِهِنَّ الْحَاصَّةَ.

(۲۴۵۵۰) حضرت نافع، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ انہیں (ابن عمر رضی اللہ عنہ کو) یہ بات معلوم ہوئی کہ کچھ عورتیں شراب کے ساتھ کنگھی کرتی ہیں۔ تو حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ ان کے سروں میں حاصہ (بال اڑا دینے والی بیماری) ڈال دے۔

(٢٤٥٥١) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ مُجَالِدٍ ، عَنْ أَبِي السَّفَرِ ، عَنِ امْرَأَتِهِ ؛ أَنَّ عَائِشَةَ سُئِلَتْ عَنِ الْمَرْأَةِ تَمْتَشِطُ بِالْعَسَلَةِ فِيهَا الْخَمْرُ ؟ فَنَهَتْ عَنْ ذَلِكَ أَشَدَّ النَّهْيِ.

(۲۴۵۵۱) حضرت ابوالسفر، اپنی بیوی سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے اُس عورت کے بارے میں سوال کیا گیا جو شہد کے ایسے بستہ ٹکڑے کے ذریعہ کنگھی کرے جس میں شراب ڈالی گئی ہو؟ تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے اس سے شدید طور پر ممانعت فرمادی۔

(٢٤٥٥٢) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ حُذَيْفَةَ، قَالَ :تَمْتَشِطُ بِالْخَمْرِ؟ لاَ طَيَّبَهَا اللَّهُ.

(۲۴۵۵۲) حضرت حذیفہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں جو عورت خمر کے ساتھ کنگھی کرتی ہے؟ اللہ تعالیٰ اس کو طیب نہیں کرتا۔

(٢٤٥٥٣) حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ خَلِيفَةَ ، عَنْ أَبِي هَاشِمٍ ، عَنْ نَافِعٍ ، قَالَ : كَانَتْ لابْنِ عُمَرَ بُخْتِيَّةٌ ،وَإِنَّهَا مَرِضَتْ فَوُصِفَ لِي أَنْ أُدَاوِيَهَا بِالْخَمْرِ ، فَدَاوَيْتُهَا ، ثُمَّ قُلْتُ لابْنِ عُمَرَ :إِنَّهُمْ وَصَفُوا لِي أَنْ أُدَاوِيَهَا بِالْخَمْرِ ، قَالَ : فَفَعَلْتُ ؟ قُلْتُ :لاَ ، وَقَدْ كُنْتُ فَعَلْتُ ، قَالَ :أَمَا إِنَّكَ لَوْ فَعَلْتَ لَعَاقَبْتُكَ.

(۲۴۵۵۳) حضرت نافع سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کے پاس ایک بختی اونٹنی تھی اور وہ بیمار ہوگئی۔ پس مجھے یہ کہا گیا کہ میں اس کا شراب کے ذریعہ سے علاج کروں۔ پس میں نے اس کا علاج کرلیا پھر میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے کہا، لوگوں نے مجھے اس کے بارے میں کہا تھا کہ میں اس کا خمر کے ذریعہ سے علاج کروں۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے کہا۔ پھر تم نے یہ کیا؟ میں نے جواب دیا: نہیں، جبکہ میں نے یہ کام کیا تھا۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ اگر تم یہ کام کرلیتے تو میں تمہیں سزا دیتا۔

(٢٤٥٥٤) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ ، عَنْ يَزِيدَ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو ، قَالَ : لاَ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مُدْمِنُ الْخَمْرِ ، وَلاَ عَاقٌّ ، وَلاَ مَنَّانٌ. (نسائی ۵۱۸۲۔ احمد ۲/ ۱۶۴)

(۲۴۵۵۴) حضرت عبداللہ بن عمرو سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں جنت میں شراب کا رسیا داخل نہ ہوگا اور نہ والدین کا نافرمان داخل ہوگا اور نہ ہی احسان جتلانے والا داخل ہوگا۔

(٢٤٥٥٥) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي زِيَادٍ ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ ، وَمُجَاهِدٍ ، عَنْ أَبِي

سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لاَ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ عَاقٌّ ، وَلاَ مُدْمِنٌ ، وَلاَ مَنَّانٌ. (بیهقی ۸۷۴)

(۲۴۵۵۵) حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''جنت میں داخل نہ ہوگا والدین کا نافرمان، شراب کا رسیا، اور احسان جتلانے والا۔''

(٢٤٥٥٦) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ إِسْحَاقَ ، قَالَ : أَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ زُحَرَ ، عَنْ بَكْرِ بْنِ سَوَادَةَ ، عَنْ قَيْسِ بْنِ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ : إِنَّ رَبِّي حَرَّمَ عَلَيَّ الْخَمْرَ ، وَالْكُوبَةَ ، وَالْقِنِّينَ ، يَعْنِي الْعُودَ ، ثُمَّ قَالَ : إِيَّاكُمْ وَالتَّغْبِيرَ ، فَإِنَّهَا خَمْرُ الْعَالَمِ. (احمد ۳/ ۴۲۲۔ بیهقی ۲۲۲)

(۲۴۵۵۶) حضرت قیس بن عبادہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''یقیناً میرے پروردگار نے مجھ پر شراب، نرد اور قنین یعنی سارنگی کو حرام قرار دیا ہے۔'' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خبردار تم مکئی کی شراب سے بچو، کیونکہ یہ پورے جہاں کی خمر ہے۔''

(٢٤٥٥٧) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ ، قَالَ : حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ ، قَالَ : حَدَّثَنِي نَافِعٌ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ ، قَالَ : نَزَلَ تَحْرِيمُ الْخَمْرِ وَإِنَّ بِالْمَدِينَةِ خَمْسَةَ أَشْرِبَةٍ يَدْعُونَهَا الْخَمْرَ ، مَا فِيهَا خَمْرُ الْعِنَبِ. (بخاری ۴۶۱۶۔ مسلم ۳۲)

(۲۴۵۵۷) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ خمر کی حرمت کا حکم نازل ہوا اور مدینہ میں (تب) پانچ مشروبات تھے جن سب کو خمر کہا جاتا تھا، ان میں انگور کی خمر داخل نہیں تھی۔

(٢٤٥٥٨) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ الشَّيْبَانِيِّ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ شَدَّادٍ ، قَالَ : لَمَّا أُسْرِيَ بِالنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، أُوتِيَ بِدَابَّةٍ حَتَّى أَتَى بَيْتَ الْمَقْدِسِ ، فَأُتِيَ بِإِنَائَيْنِ ؛ فِي وَاحِدٍ خَمْرٌ ، وَفِي آخَرَ لَبَنٌ ، فَأَخَذَ اللَّبَنَ ، فَقَالَ لَهُ جِبْرِيلُ : هُدِيتَ ، وَهُدِيَتْ أُمَّتُكَ. (ابن جریر ۱۵)

(۲۴۵۵۸) حضرت عبداللہ بن شداد سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ جب جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو معراج پر لے جایا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک سواری لائی گئی یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم بیت المقدس پہنچے، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس دو برتن لائے گئے۔ ایک برتن میں شراب تھی اور دوسرے برتن میں دودھ تھا۔ چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دودھ لے لیا۔ اس پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو حضرت جبرائیل نے کہا۔ ''آپ کی راہنمائی کی گئی ہے اور آپ کی اُمت کی بھی راہ نمائی کی گئی ہے۔''

(٢٤٥٥٩) حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ ، عَنْ وَائِلِ بْنِ دَاوُد التَّيْمِيِّ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ ، قَالَ : قَالَ الأَشْعَرِيُّ : لأَنْ أُصَلِّيَ لِسَارِيَةٍ أَحَبَّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ أَشْرَبَ الْخَمْرَ.

(۲۴۵۵۹) حضرت ابراہیم تیمی سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ حضرت اشعری نے فرمایا: میں اس ستون کے لئے نماز پڑھوں یہ مجھے اس بات سے زیادہ محبوب ہے کہ میں شراب نوشی کروں۔

(٢٤٥٦٠) حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ ، عَنْ أَبِي الأَشْهَبِ ، عَنِ الْحَسَنِ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :مَا يَسُرُّنِي أَنِّي شَرِبْتُ إِنَاءً مِنْ خَمْرٍ ، وَأَنِّي تَصَدَّقْتُ بِمِثْلِهِ ذَهَبًا.

(۲۴۵۶۰) حضرت حسن سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''مجھے یہ بات خوش نہیں کرتی کہ میں شراب کا ایک برتن پیوں اور اس کے مثل سونا صدقہ کروں۔''

(٢٤٥٦١) حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ ، عَنْ لَيْثٍ ، عَنْ قَيْسٍ ، عَنْ مَكْحُولٍ ، قَالَ : أَوْصَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْضَ أَهْلِي أَلاَ يَشْرَبَ الْخَمْرَ ، فَإِنَّ شُرْبَهَا مِفْتَاحُ كُلِّ شَرٍّ.

(۲۴۵۶۱) حضرت مکحول سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے اپنے بعض اہل خانہ کو اس بات کی وصیت فرمائی تھی کہ وہ شراب نوشی نہ کریں کیونکہ شراب نوشی ہر شر کی کنجی ہے۔

(٢٤٥٦٢) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ ، عَنْ أَبِي حَيَّانَ ، قَالَ :أَخْبَرَنِي أَبُو الْفُرَاتِ ، عَنْ أَبِي دَاوُدَ ، قَالَ : كُنْتُ عِنْدَ مِنْبَرِ حُذَيْفَةَ وَهُوَ بِالْمَدَائِنِ ، فَحَمِدَ اللَّهَ وَأَثْنَى عَلَيْهِ ، ثُمَّ قَالَ :أَمَّا بَعْدُ فَإِنَّ بَائِعَ الْخَمْرِ وَشَارِبَهَا فِي الإِثْمِ سَوَاءٌ.

(۲۴۵۶۲) حضرت ابوداؤد سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کے پاس منبر کے قریب موجود تھا جبکہ وہ مقام مدائن میں تھے، پس انہوں نے اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا بیان کی پھر ارشاد فرمایا: امابعد: بلاشبہ شراب بیچنے والا اور شراب نوشی کرنے والا دونوں گناہ میں برابر ہیں۔

(٢٤٥٦٣) حَدَّثَنَا شَبَابَةُ ، قَالَ :حَدَّثَنَا شُعْبَةُ ، عَنْ زُبَيْدٍ ، عَنْ خَيْثَمَةَ ؛ أَنَّهُ سَمِعَهُ يَقُولُ : كُنْتُ قَاعِدًا عِنْدَ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو ، فَذَكَرَ الْكَبَائِرَ حَتَّى ذَكَرَ الْخَمْرَ ، فَكَأَنَّ رَجُلاً تَهَاوَنَ بِهَا ، فَقَالَ عَبْدُ اللهِ بْنُ عَمْرٍو :لاَ يَشْرَبُهَا رَجُلٌ مُصْبِحًا إِلاَّ ظَلَّ مُشْرِكًا حَتَّى يُمْسِيَ.

(۲۴۵۶۳) حضرت زبید، حضرت خیثمہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ حضرت زبید نے حضرت خیثمہ کو کہتے سنا۔ میں حضرت عبداللہ بن عمرو کی خدمت میں بیٹھا ہوا تھا، پس کبیرہ گناہوں کا ذکر ہوا تو شراب کا بھی ذکر آیا۔ اس پر ایک آدمی نے شراب کو ہلکا گناہ سمجھا، تو حضرت عبداللہ بن عمرو نے ارشاد فرمایا: کوئی آدمی بھی شراب کو صبح کے وقت نہیں پیتا مگر یہ کہ وہ رات مشرک ہونے کی حالت میں کرتا ہے۔

(٢٤٥٦٤) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ أَبِي عَيَّاشٍ ، قَالَ : أَرْسَلْنَا إِلَى عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو نَسْأَلُهُ عَنْ أَيِّ الْكَبَائِرِ أَكْبَرُ ؟ فَقَالَ :الْخَمْرُ ، فَأَعَدْنَا إِلَيْهِ الرَّسُولَ ، فَقَالَ :الْخَمْرُ ، إِنَّهُ مَنْ شَرِبَهَا لَمْ تُقْبَلْ لَهُ صَلاَةٌ سَبْعًا ، فَإِنْ سَكِرَ لَمْ تُقْبَلْ لَهُ صَلاَةٌ أَرْبَعِينَ يَوْمًا ، فَإِنْ مَاتَ فِيهَا مَاتَ مِيتَةً جَاهِلِيَّةً.

(۲۴۵۶۴) حضرت نعمان بن ابی عیاش سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ ہم نے حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی طرف ایک قاصد اس غرض سے بھیجا کہ ہم نے آپ رضی اللہ عنہ سے یہ سوال کیا کہ کبیرہ گناہوں میں سے کون سا گناہ زیادہ بڑا ہے؟ انہوں نے جواب ارشاد

فرمایا: شراب۔ ہم نے پھر دوبارہ ان کی طرف قاصد بھیجا تو انہوں نے پھر فرمایا: شراب۔ کیونکہ جو شخص شراب نوشی کرتا ہے تو اس کی سات دن تک نماز قبول نہیں کی جاتی اور اگر اس کو شراب سے نشہ بھی ہو جائے تو پھر اس کی چالیس دن تک کی نماز قبول نہیں ہوتی اور اگر اس دوران وہ مر جائے تو جاہلیت کی موت مرے گا۔

(٢٤٥٦٥) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، قَالَ : حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ يَزِيدَ ، عَنِ ابْنِ الدَّيْلَمِيِّ ، قَالَ : سَأَلْتُ عَبْدَ اللهِ بْنَ عَمْرٍو عَنْ شَارِبِ الْخَمْرِ ؟ فَقَالَ : لاَ تُقْبَلُ لَهُ صَلاَةٌ أَرْبَعِينَ يَوْمًا ، أَوْ أَرْبَعِينَ لَيْلَةً.

(۲۴۵۶۵) حضرت ابن الدیلمی سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے شراب نوشی کرنے والے کے بارے میں سوال کیا؟ تو انہوں نے فرمایا: اس آدمی کی نماز چالیس دن تک یا چالیس رات تک قبول نہیں ہوتی۔

(٢٤٥٦٦) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنِ الْحَسَنِ ؛ فِي الْحُبِّ تَقَعُ فِيهِ الْقَطْرَةُ مِنَ الْخَمْرِ ، أَوِ الدَّمِ ، قَالَ : يُهْرَاقُ.

(۲۴۵۶۶) حضرت ہشام، حضرت حسن رحمہ اللہ سے کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے ایسے برتن کے بارے میں جس میں خون یا شراب کا ایک قطرہ گر جائے ارشاد فرمایا، اس برتن کو گرا دیا جائے گا۔

(٢٣) فِي الْخَمْرِ يُخَلَّل

خمر کو سرکہ بنانے کے بارے میں

(٢٤٥٦٧) حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنِ التَّيْمِيِّ ، عَنْ أُمِّ حِرَاشٍ ؛ أَنَّهَا رَأَتْ عَلِيًّا يَصْطَبِغُ بِخَلِّ الْخَمْرِ.

(۲۴۵۶۷) حضرت ام حراش سے روایت ہے کہ انہوں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو شراب سے بنے ہوئے سرکہ کے ساتھ سالن والا معاملہ کرتے دیکھا۔

(٢٤٥٦٨) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ ، عَنْ أَبِي الزَّاهِرِيَّةِ ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ ، قَالَ : اخْتَلَفَ رَجُلاَنِ مِنْ أَصْحَابِ مُعَاذٍ فِي خَلِّ الْخَمْرِ ، فَسَأَلاَ أَبَا الدَّرْدَاءِ ؟ فَقَالَ : لاَ بَأْسَ بِهِ.

(۲۴۵۶۸) حضرت جبیر بن نفیر سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں حضرت معاویہ کے دو ساتھیوں کا شراب سے تیار کردہ سرکہ میں باہم اختلاف واقع ہو گیا، پس انہوں نے حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے پوچھا: حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

(٢٤٥٦٩) حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ مُسَرْبَلٍ الْعَبْدِيِّ ، عَنْ أُمِّهِ ، قَالَتْ : سَأَلْتُ عَائِشَةَ عَنْ خَلِّ الْخَمْرِ ، قَالَتْ : لاَ بَأْسَ بِهِ ، هُوَ إِدَامٌ.

(۲۴۵۶۹) حضرت مسربل، بدی، اپنی والدہ سے روایت کرتے ہیں، ان کی والدہ کہتی ہیں کہ میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے

شراب سے تیار کردہ سرکہ کے بارے میں سوال کیا؟ انہوں نے جواباً ارشاد فرمایا: اس میں کوئی حرج نہیں، یہ تو سالن کی طرح ہے۔

(٢٤٥٧٠) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ نَافِعٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ ؛ أَنَّهُ كَانَ لاَ يَرَى بَأْسًا أَنْ يَأْكُلَ مِمَّا كَانَ خَمْرًا فَصَارَ خَلاًّ.

(۲۴۵۷۰) حضرت نافع، اپنے والد سے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ اس بات میں کوئی حرج محسوس نہیں کرتے تھے، کہ وہ اس چیز کے ساتھ کھانا کھائیں جو پہلے شراب تھی اور اب سرکہ ہوگئی ہے۔

(٢٤٥٧١) حَدَّثَنَا أَزْهَرُ ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ ، قَالَ : كَانَ مُحَمَّدٌ لاَ يَقُولُ : خَلُّ خَمْرٍ ، وَيَقُولُ : خَلُّ الْعِنَبِ ، وَكَانَ يَصْطَبِغُ فِيهِ.

(۲۴۵۷۱) حضرت ابن عون سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ حضرت محمد رحمہ اللہ یہ نہیں کہتے تھے کہ یہ شراب کا سرکہ ہے بلکہ وہ کہتے تھے۔ انگور کا سرکہ ہے اور وہ اس کو بطور سالن استعمال کرتے تھے۔

(٢٤٥٧٢) حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عَتِيقٍ ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ ؛ أَنَّهُ كَانَ لاَ يَرَى بَأْسًا بِخَلِّ الْخَمْرِ.

(۲۴۵۷۲) حضرت یحییٰ بن عتیق، حضرت ابن سیرین رضی اللہ عنہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ شراب سے بنائے ہوئے سرکہ کے بارے میں کوئی حرج نہیں دیکھتے تھے۔

(٢٤٥٧٣) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ ، قَالَ : رَأَيْتُ سَعِيدَ بْنَ جُبَيْرٍ يَصْطَبِغُ بِخَلِّ خَمْرٍ.

(۲۴۵۷۳) حضرت اسماعیل بن عبدالملک سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت سعید بن جبیر رحمہ اللہ یہ کو شراب سے بنے ہوئے سرکہ کے ساتھ روٹی کھاتے دیکھا۔

(٢٤٥٧٤) حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ ، عَنْ مُبَارَكٍ ، عَنِ الْحَسَنِ ، قَالَ : لاَ بَأْسَ بِخَلِّ خَمْرٍ.

(۲۴۵۷۴) حضرت حسن رحمہ اللہ یہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ شراب سے بنے ہوئے سرکہ میں کوئی حرج نہیں ہے۔

(٢٤) فِي الْخَمْرِ تُحَوَّلُ خَلاًّ

جو شراب سرکہ بن جائے

(٢٤٥٧٥) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنِ السُّدِّيِّ ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبَّادٍ ، عَنْ أَنَسٍ ؛ أَنَّ أَبَا طَلْحَةَ سَأَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ أَيْتَامٍ وَرِثُوا خَمْرًا ، أَيَجْعَلُهُ خَلاًّ ؟ فَكَرِهَهُ. (ابوداؤد ٣٦٧٤۔ احمد ١١٩)

(۲۴۵۷۵) حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے کچھ ایسے یتیموں کے بارے میں سوال کیا جنہیں ورثہ میں شراب ملی تھی کہ کیا اس شراب کو سرکہ بنایا جاسکتا ہے؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو ناپسند فرمایا۔

(٢٤٥٧٦) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ مُثَنَّى بْنِ سَعِيدٍ ، قَالَ :شَهِدْتُ عُمَرَ بْنَ عَبْدِ الْعَزِيزِ كَتَبَ إِلَى عَامِلِهِ بِوَاسِطٍ أَنْ لاَ تَحْمِلُوا الْخَمْرَ مِنْ قَرْيَةٍ إِلَى قَرْيَةٍ ، وَمَا أَدْرَكْتَ فَاجْعَلْهُ خَلاًّ.

(۲۴۵۷۶) حضرت مثنی بن سعید سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں حضرت عمر بن عبدالعزیز کے پاس موجود تھا کہ انہوں نے اپنے مقام واسط کے عامل کو خط لکھا: تم شراب کو ایک بستی سے دوسری بستی کی طرف نہ اٹھا کر لے جاؤ اور جو تم پالو تو اس کو سرکہ بنالو۔

(٢٤٥٧٧) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنِ ابْنِ أَبِي ذِئْبٍ ، عَنِ الزُّهْرِيِّ ، عَنِ الْقَاسِمِ ، عَنْ أَسْلَمَ ، قَالَ :قَالَ عُمَرُ :لاَ بَأْسَ بِخَلٍّ وَجَدْتَهُ مَعَ أَهْلِ الْكِتَابِ ، مَا لَمْ تَعْلَمْ أَنَّهُمْ تَعَمَّدُوا فَسَادَهَا بَعْدَ مَا صَارَتْ خَمْرًا.

(۲۴۵۷۷) حضرت اسلم سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: جو سرکہ تم اہل کتاب کے پاس پاؤ اس میں کوئی حرج نہیں ہے جب تک کہ تمہیں اس بات کا علم نہ ہو جائے کہ انہوں نے اس سرکہ کے شراب ہو جانے کے بعد اس کے فساد کا قصد کیا ہے۔

(٢٤٥٧٨) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ أَبِي زَائِدَةَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، قَالَ :لاَ بَأْسَ أَنْ يُحَوَّلَ الْخَمْرُ خَلاًّ.

(۲۴۵۷۸) حضرت عطاء سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ اس بات میں کوئی حرج نہیں ہے کہ شراب کو سرکہ میں بدل دیا جائے۔

(٢٥) مَنْ رخَّصَ فِي الشُّرْبِ قَائِمًا

جو لوگ کھڑے ہو کر پینے کی اجازت دیتے ہیں

(٢٤٥٧٩) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، وَحَفْصٌ ، عَنْ عَاصِمٍ ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ، قَالَ :نَاوَلْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِدَاوَةً مِنْ زَمْزَمَ ، فَشَرِبَهَا وَهُوَ قَائِمٌ. (مسلم ١٦٠٢۔ احمد ٢٢٠)

(۲۴۵۷۹) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے جناب رسول اللہ ﷺ کو زم زم (کے پانی) کا ایک برتن پکڑایا، پس آپ ﷺ نے اس کو نوش فرمایا، اور آپ ﷺ کھڑے ہوئے تھے۔

(٢٤٥٨٠) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنْ عَمْرٍو ، عَنْ مُسْلِمٍ ، قَالَ :رَأَيْتُ ابْنَ عُمَرَ يَشْرَبُ قَائِمًا.

(۲۴۵۸۰) حضرت مسلم سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کو کھڑے ہونے کی حالت میں پیتے ہوئے دیکھا۔

(٢٤٥٨١) حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ ، عَنْ أَبِي سِنَانٍ ، عَنْ أَبِي الْمُعَارِكِ ، قَالَ :سَأَلْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ عَنْ شُرْبِ الرَّجُلِ وَهُوَ قَائِمٌ ؟ قَالَ :لاَ بَأْسَ بِهِ.

(۲۴۵۸۱) حضرت ابو المعارک سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے آدمی کے کھڑے ہونے کی حالت میں پانی پینے کے بارے میں سوال کیا؟ تو انہوں نے جواب میں فرمایا، اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

(٢٤٥٨٢) حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ ، عَنْ جَعْفَرٍ ، عَنْ أَبِيهِ ؛ أَنَّ عَلِيًّا كَانَ يَشْرَبُ وَهُوَ قَائِمٌ.

(۲۴۵۸۲) حضرت جعفر، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے پانی نوش فرمایا: جبکہ آپ رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے تھے۔

(٢٤٥٨٣) حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ ، عن مَعْمَرٍ ، عَنِ الزُّهْرِيِّ ، أَنَّ سَعْدًا وَعَائِشَةَ كَانَا لاَ يَرَيَانِ بَأْسًا بِالشُّرْبِ قَائِمًا.

(۲۴۵۸۳) حضرت زہری سے روایت ہے کہ حضرت سعد رضی اللہ عنہ اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا دونوں کھڑے ہونے کی حالت میں پانی پینے میں کوئی حرج نہیں سمجھتے تھے۔

(٢٤٥٨٤) حَدَّثَنَا شَرِيكٌ ، عَنْ سَالِمٍ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ ؛ أَنَّهُ شَرِبَ مِنْ قِرْبَةٍ وَهُوَ قَائِمٌ.

(۲۴۵۸۴) حضرت سعید بن المسیب، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے ایک مشکیزہ سے پانی اس حالت میں پیا جبکہ آپ رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے تھے۔

(٢٤٥٨٥) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ ، عَنْ مَيْسَرَةَ ، قَالَ :رَأَيْتُ عَلِيًّا شَرِبَ قَائِمًا ، فَقُلْتُ : شَرِبْتَ قَائِمًا ؟ فَقَالَ :لَئِنْ شَرِبْتُ قَائِمًا ، لَقَدْ رَأَيْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَشْرَبُ قَائِمًا ، وَلَئِنْ شَرِبْتُ قَاعِدًا ، لَقَدْ رَأَيْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَشْرَبُ قَاعِدًا. (احمد ۱/ ۱۱۴)

(۲۴۵۸۵) حضرت میسرۃ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو کھڑے ہونے کی حالت میں پیتے ہوئے دیکھا، تو میں نے عرض کیا۔ آپ کھڑے ہو کر پی رہے ہیں؟ اس پر انہوں نے فرمایا البتہ اگر میں کھڑے ہو کر پی رہا ہوں تو تحقیق میں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کھڑے ہونے کی حالت میں پیتا ہوا دیکھا ہے اور اگر میں بیٹھ کر پیتا ہوں تو تحقیق میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو بیٹھ کر پیتے ہوئے دیکھا ہے۔

(٢٤٥٨٦) حَدَّثَنَا شَرِيكٌ ، عَنْ عَاصِمٍ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَامِرٍ ؛ أَنَّهُ رَأَى ابْنَ عُمَرَ يَشْرَبُ قَائِمًا.

(۲۴۵۸۶) حضرت عبداللہ بن عامر سے روایت ہے کہ انہوں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو کھڑے ہونے کی حالت میں پیتے ہوئے دیکھا۔

(٢٤٥٨٧) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ مَنْصُورٍ ، قَالَ :رَأَيْتُ سَالِمًا يَشْرَبُ وَهُوَ قَائِمٌ.

(۲۴۵۸۷) حضرت عباد بن منصور سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت سالم رحمہ اللہ کو دیکھا کہ وہ کھڑے ہونے کی حالت میں پی رہے تھے۔

(٢٤٥٨٨) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَجْلاَنَ ، قَالَ :سَأَلْتُ إِبْرَاهِيمَ عَنْهُ ؟ فَقَالَ :لاَ بَأْسَ بِهِ ، إِنْ شِئْتَ قَائِمًا ، وَإِنْ شِئْتَ قَاعِدًا.

(۲۴۵۸۸) حضرت عبدالرحمٰن بن عجلان سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابراہیم سے اس (کھڑے ہونے کی حالت میں پینے) کے بارے میں سوال کیا؟ تو انہوں نے فرمایا، اس میں کوئی حرج کی بات نہیں ہے۔ اگر تم کھڑے ہونے کی

حالت میں چاہو (تو کھڑے ہو جاؤ) اگر تم بیٹھنے کی حالت میں چاہو (تو بیٹھ جاؤ)۔

(٢٤٥٨٩) حَدَّثَنَا يَحيى بن سَعِيد ، عَنْ مُجَالِد قَالَ :رَأَيْتُ الشعبي يَشْرَبُ قَائِمًا ، وَقَاعِدًا.

(۲۴۵۸۹) حضرت مجالد سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت شعبی رحمہ اللہ کو کھڑے ہونے کی حالت میں اور بیٹھنے کی حالت میں پیتے ہوئے دیکھا۔

(٢٤٥٩٠) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ وَاقِدٍ ، عَنْ زَاذَانَ ، قَالَ :لاَ بَأْسَ بِالشُّرْبِ قَائِمًا ، وَالْجُلُوسُ حِلْمٌ.

(۲۴۵۹۰) حضرت زاذان سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ کھڑے ہونے کی حالت میں پینے میں کوئی حرج نہیں ہے لیکن بیٹھ کر پینا بردباری کی نشانی ہے۔

(٢٤٥٩١) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ الْحَكَمِ، عَنِ الْحُرِّ بْنِ صَيَّاحٍ، قَالَ :سَأَلَ رَجُلٌ ابْنَ عُمَرَ فَقَالَ: مَا تَرَى فِي الشُّرْبِ قَائِمًا ؟ فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ :إِنِّي أَشْرَبُ وَأَنَا قَائِمٌ ، وَآكُلُ وَأَنَا أَمْشِي.

(۲۴۵۹۱) حضرت حر بن صباح سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ ایک آدمی نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کے سوال کیا، اس نے پوچھا۔ کھڑے ہونے کی حالت میں پینے کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے؟ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا، میں کھڑے ہو کر کھا لیتا ہوں اور میں چلنے کی حالت میں کھا لیتا ہوں۔

(٢٤٥٩٢) حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ مُعَاذٍ ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُدَيْرٍ ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ عُطَارِدٍ أَبِي الْبَزَرِي ، قَالَ :قَالَ ابْنُ عُمَرَ : كُنَّا نَشْرَبُ وَنَحْنُ قِيَامٌ ، وَنَأْكُلُ وَنَحْنُ نَسْعَى عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. (احمد ٢/ ٢٩)

(۲۴۵۹۲) حضرت یزید بن عطارد سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں، ہم لوگ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مبارک میں، کھڑے ہونے کی حالت میں پانی پی لیتے تھے اور ہم دوڑتے ہوئے کھانے کی چیز کھا لیتے تھے۔

(٢٤٥٩٣) حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَيْسَرَةَ ، قَالَ :سَأَلْتُ طَاوُوسًا ، وَسَعِيدَ بْنَ جُبَيْرٍ عَنِ الشُّرْبِ قَائِمًا ؟ فَلَمْ يَرَيَا بِهِ بَأْسًا.

(۲۴۵۹۳) حضرت عبدالملک بن میسرہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت طاؤس اور حضرت سعید بن جبیر سے کھڑے ہونے کی حالت میں پینے کے بارے میں سوال کیا؟ تو ان دونوں حضرات نے اس میں کوئی حرج نہیں دیکھا۔

(٢٤٥٩٤) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ ابْنِ أَبِي نَجِيحٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، قَالَ:أَخْبَرَنِي مَنْ رَأَى عَلِيًّا بِالْكُوفَةِ يَشْرَبُ قَائِمًا.

(۲۴۵۹۴) حضرت مجاہد سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ مجھے اس آدمی نے خبر دی جس نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو کوفہ میں کھڑے ہونے کی حالت میں پیتے دیکھا تھا۔

(٢٤٥٩٥) حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ ، عَنْ مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ ، عن عَامِرَ بْنَ عَبْدِ اللهِ بن الزُّبَيْر قَالَ :رَأَيْتُ أَبِي يَشْرَبُ

وَهُوَ قَائِمٌ.

(۲۴۵۹۵) حضرت عامر بن عبداللہ بن زبیر سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے اپنے والد کو کھڑے ہونے کی حالت میں پیتے دیکھا ہے۔

(٢٤٥٩٦) حَدَّثَنَا حَفْصٌ ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ ، عَنْ نَافِعٍ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ ، قَالَ : كُنَّا نَشْرَبُ وَنَحْنُ قِيَامٌ ، وَنَأْكُلُ وَنَحْنُ نَمْشِي عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. (احمد ۱۰۸۔ دارمی ۲۱۲۶)

(۲۴۵۹۶) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا عہد مبارک تھا اور ہم کھڑے ہونے کی حالت میں پی لیا کرتے تھے اور چلتے پھرتے ہم کھالیا کرتے تھے۔

(٢٤٥٩٧) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَمَانٍ ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ أَبِي سُلَيْمَانَ ، قَالَ : قَالَ لِي سَعِيدُ بْنُ جُبَيْرٍ : اشْرَبْ قَائِمًا.

(۲۴۵۹۷) حضرت عبدالملک بن ابی سلیمان سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ مجھ سے حضرت سعید بن جبیر نے فرمایا: تم کھڑے ہو کر پانی پی لو۔

(٢٤٥٩٨) حَدَّثَنَا أَبُو الأَحْوَصِ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ شَرِيكٍ ، عَنْ بِشْرِ بْنِ غَالِبٍ ، قَالَ : رَأَيْتُ الْحُسَيْنَ شَرِبَ وَهُوَ قَائِمٌ.

(۲۴۵۹۸) حضرت بشر بن غالب سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت حسن رحمہ اللہ کو دیکھا کہ وہ کھڑے ہونے کی حالت میں کچھ پی رہے تھے۔

(٣٦) مَنْ كَرِهَ الشُّرْبَ قَائِمًا

جولوگ کھڑے ہونے کی حالت میں کچھ پینے کو مکروہ سمجھتے ہیں

(٢٤٥٩٩) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ هِشَامٍ الدَّسْتَوَائِيِّ ، عَنْ قَتَادَةَ ، عَنْ أَبِي عِيسَى الأُسْوَارِيِّ ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ ، قَالَ : زَجَرَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلاً شَرِبَ قَائِمًا. (مسلم ۱۱۴۔ ابویعلی ۹۸۴)

(۲۴۵۹۹) حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک ایسے آدمی کو زجر فرمایا جس نے کھڑے ہو کر پیا تھا۔

(٢٤٦٠٠) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ هِشَامٍ الدَّسْتَوَائِيِّ ، عَنْ قَتَادَةَ ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ، قَالَ : نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الشُّرْبِ قَائِمًا. (مسلم ۱۶۰۱۔ ابوداؤد ۳۷۱۰)

(۲۴۶۰۰) حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کھڑے ہو کر پینے سے منع فرمایا۔

(٢٤٦٠١) حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ ، عَنْ مَعْمَرٍ ، عَنْ قَتَادَةَ ، عَنْ أَنَسٍ ؛ أَنَّهُ سَأَلَهُ عَنِ الشُّرْبِ قَائِمًا ؟ فَكَرِهَهُ.

(۲۴۶۰۱) حضرت قتادہ، حضرت انس رضی اللہ عنہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے کھڑے ہونے کی حالت میں پینے کے بارے میں سوال کیا؟ تو انہوں نے اس کو ناپسند سمجھا۔

(٢٤٦٠٢) حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنِ الْحَسَنِ ؛ أَنَّهُ كَانَ يَكْرَهُ الشُّرْبَ قَائِمًا.

(۲۴۶۰۲) حضرت منصور، حضرت حسن کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ کھڑے ہونے کی حالت میں پانی پینے کو ناپسند سمجھتے تھے۔

(٢٤٦٠٣) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، قَالَ :إِنَّمَا كُرِهَ الشُّرْبُ قَائِمًا لِدَاءٍ يَأْخُذُ الْبَطْنَ.

(۲۴۶۰۳) حضرت ابراہیم سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ کھڑے ہو کر پینا صرف اس وجہ سے مکروہ ہے کہ اس کی وجہ سے پیٹ میں بیماری ہو جاتی ہے۔

(٢٧) فِي الشُّرْبِ مِنْ فِي السِّقَاءِ

مشک کے منہ سے پانی پینے کے بارے میں

(٢٤٦٠٤) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنِ الْحَسَنِ ، عَنْ جَابِرٍ ، قَالَ :نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الشُّرْبِ مِنْ أَفْوَاهِ الأَسْقِيَةِ. (مسند ٥٤٣)

(۲۴۶۰۴) حضرت جابر سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے برتنوں کے منہ سے پانی پینے سے منع کیا۔

(٢٤٦٠٥) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، عَنِ ابْنِ أَبِي ذِئْبٍ ، عَنِ الزُّهْرِيِّ ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُتْبَةَ ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ ، قَالَ :شَرِبَ رَجُلٌ مِنْ سِقَاءٍ فَانْسَابَ فِي بَطْنِهِ جَانٌّ ، فَنَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ اخْتِنَاثِ الأَسْقِيَةِ. (مسلم ١١٠- ابو داؤد ٣٧١٣)

(۲۴۶۰۵) حضرت ابوسعید سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ ایک آدمی نے مشک کے منہ سے پانی پیا اور اس کے پیٹ میں سانپ چلا گیا، چنانچہ جناب رسول اللہ ﷺ نے برتنوں کے منہ کھول کر پینے سے منع فرما دیا۔

(٢٤٦٠٦) حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ ، عَنْ قَتَادَةَ ، عَنْ عِكْرِمَةَ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ، قَالَ :نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الشُّرْبِ مِنْ فِي السِّقَاءِ.

(۲۴۶۰۶) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے سقاء (مشک) کے منہ سے پینے سے منع فرمایا۔

(٢٤٦٠٧) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنِ ابْنِ أَبِي نَجِيحٍ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ، قَالَ :نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الشُّرْبِ مِنْ فِي السِّقَاءِ.

(۲۴۶۰۷) حضرت مجاہد سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے مشک کے منہ سے پینے سے منع فرمایا۔

(۲۸) مَنْ رَخَّصَ فِي الشُّرْبِ مِنْ فِي الإِدَاوَةِ

جولوگ برتن کے منہ سے پینے کی اجازت دیتے ہیں

(٢٤٦٠٨) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ ، عَنِ ابْنِ بِنْتِ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ، عَنْ أَنَسٍ ؛ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلَى أُمِّ سُلَيْمٍ وَفِي الْبَيْتِ قِرْبَةٌ مُعَلَّقَةٌ ، فَشَرِبَ مِنْ فِيهَا وَهُوَ قَائِمٌ.

(احمد ٦/ ٣٧٦۔ طبرانی ٢٥)

(۲۴۶۰۸) حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب نبی کریم ﷺ، حضرت ام سلیم رضی اللہ عنہا کے گھر میں داخل ہوئے اور گھر میں ایک مشکیزہ لٹکا ہوا تھا، پس آپ ﷺ نے اس کے منہ سے پانی پیا اور آپ ﷺ کھڑے تھے۔

(٢٤٦٠٩) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنْ عِكْرِمَةَ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ؛ أَنَّهُ كَانَ لاَ يَرَى بَأْسًا بِالشُّرْبِ مِنْ فِي الإِدَاوَةِ.

(۲۴۶۰۹) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کے بارے میں روایت ہے کہ وہ برتن کے منہ سے پینے میں کوئی حرج نہیں دیکھتے تھے۔

(٢٤٦١٠) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ سَالِمٍ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ ، قَالَ : رَأَيْتُ ابْنَ عُمَرَ يَشْرَبُ مِنْ فِي الإِدَاوَةِ.

(۲۴۶۱۰) حضرت سعید بن جبیر سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کو برتن کے منہ سے پیتے ہوئے دیکھا ہے۔

(٢٤٦١١) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنِ ابْنِ أَبِي رَوَّادٍ ، عَنْ نَافِعٍ ؛ أَنَّ ابْنَ عُمَرَ كَانَ يَشْرَبُ مِنْ فِي السِّقَاءِ.

(۲۴۶۱۱) حضرت نافع سے روایت ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ مشکیزہ کے منہ سے پانی پی لیا کرتے تھے۔

(٢٤٦١٢) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ مَنْصُورٍ ، قَالَ : رَأَيْتُ سَالِمَ بْنَ عَبْدِ اللهِ يَشْرَبُ مِنْ فِي الإِدَاوَةِ.

(۲۴۶۱۲) حضرت عباد بن منصور سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت سالم بن عبداللہ کو برتن کے منہ سے (منہ لگا کر) پیتے ہوئے دیکھا۔

(۲۹) فِي الشُّرْبِ فِي آنِيَةِ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ

سونے اور چاندی کے برتن میں پینے کا بیان

(٢٤٦١٣) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ ، عَنْ نَافِعٍ ، عَنْ زَيْدِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَتْ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :إِنَّ الَّذِى يَأْكُلُ وَيَشْرَبُ فِى آنِيَةِ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ ، فَإِنَّمَا يُجَرْجِرُ فِى بَطْنِهِ نَارَ جَهَنَّمَ.

(مسلم ۱۶۳۴۔ احمد ۶/ ۳۰۶)

(۲۴۶۱۳) جناب نبی کریم ﷺ کی زوجہ محترمہ حضرت اُمِ سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے، وہ فرماتی ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''یقیناً جو لوگ سونے اور چاندی کے برتن میں کھاتے اور پیتے ہیں وہ لوگ تو اپنے پیٹوں میں محض جہنم کی آگ بھرتے ہیں۔''

(۲۴۶۱۴) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ ، عَنْ نَافِعٍ ، عَنْ زَيْدِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِى بَكْرٍ ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ ، عَنِ النَّبِىِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ؛ مِثْلَه.

(۲۴۶۱۴) حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا، نبی کریم ﷺ سے ایسی ہی روایت بیان کرتی ہیں۔

(۲۴۶۱۵) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِى زِيَادٍ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِى لَيْلَى ، قَالَ : اسْتَسْقَى حُذَيْفَةُ بِالْمَدَائِنِ ، فَأَتَاهُ دِهْقَانٌ بِإِنَاءٍ مِنْ فِضَّةٍ فِيهِ شَرَابٌ ، فَأَرَادَ أَنْ يَضْرِبَ بِهِ وَجْهَهُ ، فَقِيلَ لَهُ : إِنَّ الدَّهَاقِينَ يُكْرِمُونَ الأُمَرَاءَ بِهَذَا ، قَالَ :إِنِّى كُنْتُ نَهَيْتُهُ ، وَاتَّخَذْتُ عَلَيْهِ الْحُجَّةَ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَانَا أَنْ نَشْرَبَ فِى الْفِضَّةِ وَالذَّهَبِ. (مسلم ۱۶۳۷)

(۲۴۶۱۵) حضرت عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ سے روایت ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے مقام مدائن میں پانی طلب فرمایا، پس ایک دہقان ان کے پاس چاندی کے برتن میں پانی لایا، پس حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے یہ برتن اس دہقان کے منہ پر دے مارنا چاہا، حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کو بتایا گیا۔ یہ دہقان لوگ تو اس طرح سے اُمراء کا اکرام کرتے ہیں۔ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے کہا، میں نے اس کو اس سے منع بھی کیا تھا اور بطور دلیل کے میں نے اس کو یہ بات بھی بیان کی تھی کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے سونے، چاندی کے برتن میں پینے سے منع فرمایا ہے۔

(۲۴۶۱۶) حَدَّثَنَا عَلِىُّ بْنُ مُسْهِرٍ ، عَنِ الشَّيْبَانِىِّ ، عَنْ أَشْعَثَ بْنِ أَبِى الشَّعْثَاءِ ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ سُوَيْدِ بْنِ مُقَرِّنٍ ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ ، قَالَ :نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الشُّرْبِ فِى الْفِضَّةِ ، فَإِنَّهُ مَنْ شَرِبَ فِيهِ فِى الدُّنْيَا ، لَمْ يَشْرَبْ فِيهِ فِى الآخِرَةِ.

(۲۴۶۱۶) حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے چاندی میں پینے سے منع کیا ہے کیونکہ جو شخص دنیا میں چاندی میں پیے گا وہ آخرت میں چاندی میں نہیں پیے گا۔

(۲۴۶۱۷) حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الْعَلاَءِ ، عَنْ يَعْلَى بْنِ النُّعْمَانِ ، قَالَ :قَالَ عُمَرُ :مَنْ شَرِبَ فِى قَدَحٍ مُفَضَّضٍ ، سَقَاهُ اللَّهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ جَمْرًا.

(۲۴۶۱۷) حضرت یعلی بن نعمان سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: جو شخص چاندی چڑھے پیالہ میں

پیے گا، قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اس کو انگاروں میں پلائے گا۔

(٢٤٦١٨) حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ ، عَنْ رَجُلٍ ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ؛ أَنَّهُ أُتِيَ بِجَامٍ مِنْ فِضَّةٍ فِيهِ خَبِيصٌ ، فَأَمَرَ بِهِ فَحُوِّلَ عَلَى رَغِيفٍ ، ثُمَّ أَكَلَهُ.

(۲۴۶۱۸) حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے بارے میں روایت ہے کہ ان کے پاس چاندی کا ایک جام لایا گیا جس میں حلوہ تھا۔ پس انہوں نے اس کے بارے میں حکم دیا تو اس کو روٹی پر الٹ دیا گیا پھر انہوں نے اس کو کھایا۔

(٢٤٦١٩) حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ ، قَالَ : كَانَ زَاذَانُ ، وَمَيْسَرَةُ ، وَسَعِيدُ بْنُ جُبَيْرٍ لاَ يَشْرَبُونَ فِي آنِيَةِ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ ، وَلاَ يَدَّهِنُونَ فِي مَدَاهِنِ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ.

(۲۴۶۱۹) حضرت عطاء بن السائب سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ حضرت زاذان، حضرت میسرہ اور حضرت سعید بن جبیر، سونے چاندی کے برتن میں پانی نہیں پیا کرتے تھے اور نہ ہی سونے، چاندی کے برتنوں سے تیل لگایا کرتے تھے۔

(٢٤٦٢٠) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ مِسْعَرٍ ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ عُبَيْدٍ ، عَنْ بَشِيرِ بْنِ أَبِي مَسْعُودٍ ؛ أَنَّهُ أُتِيَ بِإِنَاءٍ مِنْ فِضَّةٍ ، فَكَرِهَهُ.

(۲۴۶۲۰) حضرت ثابت بن عبید، حضرت بشیر بن ابی مسعود کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ ان کے پاس چاندی کا ایک برتن لایا گیا تو انہوں نے اس کو ناپسند فرمایا۔

(٣٠) فِي الشُّرْبِ مِنَ الإِنَاءِ الْمُفَضَّضِ ، مَنْ رَخَّصَ فِيهِ

چاندی چڑھے ہوئے برتن کے بارے میں جو حضرات رخصت دیتے ہیں

(٢٤٦٢١) حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ ، قَالَ : كَانَ زَاذَانُ ، وَمَيْسَرَةُ ، وَسَعِيدُ بْنُ جُبَيْرٍ يَشْرَبُونَ مِنَ الآنِيَةِ الْمُفَضَّضَةِ.

(۲۴۶۲۱) حضرت عطاء بن السائب سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ حضرت زاذان اور حضرت میسرۃ اور حضرت سعید بن جبیر رحمہ اللہ چاندی چڑھے ہوئے برتنوں سے پانی پی لیا کرتے تھے۔

(٢٤٦٢٢) حَدَّثَنَا جَرِيرٌ ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ ، عَنْ أَبِيهِ ؛ أَنَّهُ كَانَ لاَ يَشْرَبُ فِي إِنَاءٍ مُضَبَّبٍ بِفِضَّةٍ ، وَيَشْرَبُ فِي قَدَحٍ فِيهِ حَلْقَةٌ مِنْ وَرِقٍ.

(۲۴۶۲۲) حضرت ہشام بن عروہ، اپنے والد کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ ایسے برتن میں نہیں پیتے تھے جس میں چاندی کی تہہ چڑھی ہوئی ہوتی تھی اور اس پیالہ میں پی لیا کرتے تھے جس میں چاندی کا حلقہ ہوتا تھا۔

(٢٤٦٢٣) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ ، عَنْ عِمْرَانَ أَبِي الْعَوَّامِ الْقَطَّانِ ، عَنْ قَتَادَةَ ؛ أَنَّ عِمْرَانَ بْنَ حُصَيْنٍ ، وَأَنَسَ بْنَ مَالِكٍ كَانَا يَشْرَبَانِ فِي الإِنَاءِ الْمُفَضَّضِ.

(۲۴۶۲۳) حضرت قتادہ سے روایت ہے کہ حضرت عمران بن حصین اور حضرت انس بن مالک یہ دونوں حضرات چاندی چڑھے برتن میں پی لیا کرتے تھے۔

(٢٤٦٢٤) حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ ، عَنْ حُمَيْدٍ ، قَالَ : دَخَلْتُ عَلَى الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ وَهُوَ مَحْمُومٌ ، وَعَلَى صَدْرِهِ قَدَحٌ مُفَضَّضٌ فِيهِ مَاءٌ.

(۲۴۶۲۴) حضرت حمید سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں حضرت قاسم بن محمد رحمہ اللہ کی خدمت میں حاضر ہوا، جبکہ وہ بخار میں مبتلا تھے۔ ان کے سینہ پر ایک پیالہ پڑا ہوا تھا جس کے ساتھ چاندی لگی ہوئی تھی اس میں پانی تھا۔

(٢٤٦٢٥) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، وَعَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مَيْسَرَةَ ، قَالَ : رَأَيْتُ طَاوُوسًا يَشْرَبُ فِي قَدَحٍ مُضَبَّبٍ بِوَرِقٍ.

(۲۴۶۲۵) حضرت ابراہیم بن میسرہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت طاؤس کو ایسے پیالہ میں پیتے دیکھا جس میں چاندی کی تہہ چڑھی ہوئی تھی۔

(٢٤٦٢٦) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ زِيَادٍ الدِّمَشْقِيِّ ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ حَبِيبٍ ، وَسُلَيْمَانَ بْنِ دَاوُد ، قَالاَ : أَتَيْنَا عُمَرَ بْنَ عَبْدِ الْعَزِيزِ بِشَرَابٍ فِي قَدَحٍ مُفَضَّضٍ ، فَوَضَعَ فَاهُ بَيْنَ الضَّبَتين فَشَرِبَ ، وَقَالَ : لاَ تُعِيدَاهُ عَلَيَّ.

(۲۴۶۲۶) حضرت سلیمان بن حبیب اور حضرت سلیمان بن داؤد دونوں سے روایت ہے وہ یہ کہتے ہیں کہ ہم حضرت عمر بن عبد العزیز کے پاس ایک ایسے پیالہ میں مشروب لے کر حاضر ہوئے جو چاندی چڑھا ہوا تھا۔ پس انہوں نے اپنا منہ دو پتریوں کے درمیان رکھا اور پانی پی لیا اور فرمایا: یہ کام تم دوبارہ میرے ساتھ نہ کرنا۔

(٢٤٦٢٧) حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ ، عَنْ إِسْرَائِيلَ ، عَنْ جَابِرٍ ، قَالَ : رَأَيْتُ أَبَا جَعْفَرٍ يَشْرَبُ فِي قَدَحٍ جَيَشَانِيٍّ كَثِيرِ الْفِضَّةِ ، وَسَقَانِي.

(۲۴۶۲۷) حضرت جابر سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابو جعفر کو ایک جیشانی، زیادہ چاندی والے برتن میں پیتے ہوئے دیکھا اور انہوں نے مجھے بھی پلایا۔

(٢٤٦٢٨) حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ ، عَنْ شُعْبَةَ ، قَالَ : سَأَلْتُ مُعَاوِيَةَ بْنَ قُرَّةَ ، قُلْتُ : آتِي الصَّيَارِفَ فَأُوتَى بِقَدَحٍ مِنْ فِضَّةٍ ، أَشْرَبُ فِيهِ ؟ قَالَ : لاَ بَأْسَ.

(۲۴۶۲۸) حضرت شعبہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت معاویہ بن قرہ سے سوال کیا۔ میں نے کہا میں صرافوں کے پاس جاتا ہوں میرے پاس چاندی کا پیالہ لایا جاتا ہے۔ کیا میں اس میں پی سکتا ہوں؟ انہوں نے جواب دیا، اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

(٣١) مَنْ كَرِهَ الشُّرْبَ فِي الإِنَاءِ الْمُفَضَّضِ

جو حضرات چاندی چڑھے ہوئے برتن میں پینے کو مکروہ سمجھتے ہیں

(٢٤٦٢٩) حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ نُمَيْرٍ ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ ، عَنْ نَافِعٍ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ ؛ أَنَّهُ كَانَ لاَ يَشْرَبُ مِنْ قَدَحٍ فِيهِ حَلْقَةُ فِضَّةٍ ، وَلاَ ضَبَّةُ فِضَّةٍ.

(۲۴۶۲۹) حضرت نافع، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ ایسے پیالہ میں پانی نہیں پیتے تھے جس میں چاندی کا کڑا ہوتا یا چاندی کا ٹکڑا ہوتا۔

(٢٤٦٣٠) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ مَعْمَرٍ ، عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ ؛ أَنَّهُ أُتِيَ بِقَدَحٍ مُفَضَّضٍ ، فَكَرِهَ أَنْ يَشْرَبَ فِيهِ.

(۲۴۶۳۰) حضرت ابو جعفر، حضرت علی بن حسین کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ ان کے پاس ایک چاندی چڑھا ہوا پیالہ لایا گیا تو انہوں نے اس میں پینے کو ناپسند سمجھا۔

(٢٤٦٣١) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنِ الْحَسَنِ ، وَمُحَمَّدٍ ؛ أَنَّهُمَا كَرِهَا أَنْ يُضَبَّبَ الْقَدَحُ بِذَهَبٍ ، أَوْ فِضَّةٍ.

(۲۴۶۳۱) حضرت ہشام، حضرت حسن اور حضرت محمد رحمہما اللہ دونوں کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ یہ دونوں اس بات کو ناپسند سمجھتے تھے کہ پیالہ پر سونا یا چاندی چڑھایا جائے۔

(٢٤٦٣٢) حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ نُمَيْرٍ ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ ، عَنْ عَطَاءٍ ؛ أَنَّهُ كَانَ يَكْرَهُ أَنْ يَشْرَبَ فِي قَدَحٍ فِيهِ فِضَّةٌ.

(۲۴۶۳۲) حضرت عبد الملک، حضرت عطاء کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ ایسے پیالہ میں پینے کو ناپسند سمجھتے تھے جس میں چاندی ہو۔

(٢٤٦٣٣) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ قَيْسٍ ، قَالَ : أَتَيْتُ الْمُطَّلِبَ بْنَ عَبْدِ اللهِ بْنِ حَنْطَبٍ بِقَدَحٍ مُفَضَّضٍ ، فَلَمْ يَشْرَبْ فِيهِ.

(۲۴۶۳۳) حضرت داؤد بن قیس سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں مطلب میں عبد اللہ بن حنطب کے پاس چاندی چڑھا ہوا پیالہ لے کر حاضر ہوا تو انہوں نے اس میں پانی نہیں پیا۔

(٢٤٦٣٤) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ لَيْثٍ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ، قَالَ : كَانَ ابْنُ عُمَرَ يَكْرَهُ أَنْ يَشْرَبَ فِي قَدَحٍ فِيهِ حَلْقَةٌ مِنْ فِضَّةٍ.

(۲۴۶۳۴) حضرت مجاہد سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ ایسے پیالہ میں پینے کو ناپسند کرتے تھے جس میں

چاندی کا کڑا ہو۔

(٢٤٦٣٥) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنِ ابن أَبِي رَوَّادٍ ، عَنْ نَافِعٍ ، عن ابْنِ عُمَرَ ؛ أَنَّهُ كَانَ لَا يَشْرَبُ فِي إِنَاءٍ مُفَضَّضٍ.

(۲۴۶۳۵) حضرت نافع، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ چاندی چڑھے ہوئے برتن میں پینے کو ناپسند سمجھتے تھے۔

(٢٤٦٣٦) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ جَرِيرِ بْنِ حَازِمٍ ، عَنْ سَالِمٍ ؛ أَنَّهُ كَرِهَهُ.

(۲۴۶۳۶) حضرت سالم کے بارے میں حضرت جریر بن حازم سے روایت ہے کہ حضرت سالم رحمہ اللہ چاندی چڑھے برتن کو ناپسند سمجھتے تھے۔

(٢٤٦٣٧) حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ ، عَنْ أَيُّوبَ ، عَنْ مُحَمَّدٍ ، عَنْ أُمِّ عَمْرِو بِنْتِ أَبِي عَمْرٍو ، قَالَتْ : كَانَتْ عَائِشَةُ تَنْهَانَا أَنْ نَتَحَلَّى الذَّهَبَ ، أَوْ نُضَبِّبَ الآنِيَةَ ، أَوْ نُحَلِّقَهَا بِالْفِضَّةِ ، فَمَا بَرِحْنَا حَتَّى رَخَّصَتْ لَنَا وَأَذِنَتْ لَنَا أَنْ نَتَحَلَّى الذَّهَبَ ، وَمَا أَذِنَتْ لَنَا ، وَلَا رَخَّصَتْ لَنَا أَنْ نُحَلِّقَ الآنِيَةَ ، أَوْ نُضَبِّبَهَا بِالْفِضَّةِ.

(۲۴۶۳۷) حضرت ام عمرو بنت ابی عمرو سے روایت ہے، وہ کہتی ہیں کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا ہمیں اس بات سے منع کرتی تھیں کہ ہم سونے کا اظہار کریں یا ہم برتن پر چاندی چڑھائیں یا اس کے گرد چاندی لگائیں، پس ان کا یہ حکم ہم پر باقی رہا تا آنکہ انہوں نے ہمیں اس بات کی رخصت دے دی۔ اور ہمیں اجازت دے دی کہ ہم سونے کا اظہار کریں لیکن انہوں نے ہمیں برتنوں کے حلقے چاندی سے بنانے اور چاندی، برتنوں پر چڑھانے کی رخصت دی اور نہ ہی اجازت عنایت فرمائی۔

(٢٤٦٣٨) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ ، عَنْ أَيُّوبَ أَبِي الْعَلَاءِ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنِ الْحَسَنِ ؛ أَنَّهُ كَرِهَ أَنْ يَشْرَبَ فِي قَدَحٍ مُفَضَّضٍ.

(۲۴۶۳۸) حضرت منصور، حضرت حسن رحمہ اللہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ چاندی چڑھے ہوئے پیالہ میں پینے کو مکروہ سمجھتے تھے۔

(٣٢) فِي الشُّرْبِ مِنَ الثُّلْمَةِ تَكُونُ فِي الْقَدَحِ

پیالہ میں ٹوٹی ہوئی جگہ سے پینے کے بارے میں

(٢٤٦٣٩) حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ ، عَنْ زَائِدَةَ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مُهَاجِرٍ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ ، وَابْنِ عَبَّاسٍ ، قَالَا : كَانَ يُكْرَهُ أَنْ يُشْرَبَ مِنْ ثُلْمَةِ الْقَدَحِ ، أَوْ مِنْ عِنْدِ أُذُنِ الْقَدَحِ.

(۲۴۶۳۹) حضرت مجاہد، حضرت ابن عمر اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہم کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ یہ دونوں حضرات فرماتے ہیں۔ پیالے کی ٹوٹی ہوئی جگہ سے پینے کو یا پیالہ کی ڈنڈی کے پاس سے پینے کو ناپسند سمجھا جاتا تھا۔

(٢٤٦٤٠) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ ، عَنْ مُغِيرَةَ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، قَالَ : كَانُوا يَكْرَهُونَ أَنْ يُشْرَبَ مِنَ الثُّلْمَةِ تَكُونُ فِي الإِنَاءِ ، أَوْ يُشْرَبُ مِنْ قِبَلِ أُذُنِهِ.

(۲۴۶۴۰) حضرت ابراہیم رحمہ اللہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ پہلے حضرات اس بات کو ناپسند سمجھتے تھے کہ برتن میں ٹوٹی ہوئی جگہ سے پیا جائے یا برتن کی ڈنڈی کے پاس سے پیا جائے۔

(٢٤٦٤١) حَدَّثَنَا أَبُو الأَحْوَصِ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مُهَاجِرٍ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ؛ أَنَّهُ كَانَ يَكْرَهُ أَنْ يَشْرَبَ مِمَّا يَلِي عُرْوَةَ الْقَدَحِ ، أَوِ الثُّلْمَةِ تَكُونُ فِيهِ.

(۲۴۶۴۱) حضرت ابراہیم رحمہ اللہ بن مہاجر، حضرت مجاہد کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ اس بات کو ناپسند کرتے تھے کہ پیالہ کی ڈنڈی کے ساتھ سے پیا جائے یا برتن میں موجود ٹوٹے ہوئے مقام سے پیا جائے۔

(٣٣) مَنْ رَخَّصَ فِي الشُّرْبِ بِالنَّفَسِ الْوَاحِدِ

جو حضرات ایک سانس میں پینے کی رخصت دیتے ہیں

(٢٤٦٤٢) حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ الْمُبَارَكِ ، عَنْ سَالِمٍ ، عَنْ عَطَاءٍ ؛ أَنَّهُ كَانَ لاَ يَرَى بِالشُّرْبِ بِالنَّفَسِ الْوَاحِدِ بَأْسًا.

(۲۴۶۴۲) حضرت سالم رحمہ اللہ، حضرت عطاء رحمہ اللہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ ایک سانس میں پینے میں کوئی حرج محسوس نہیں کرتے تھے۔

(٢٤٦٤٣) حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ يَزِيدَ ، قَالَ : لَمْ أَرَ أَحَدًا كَانَ أَعْجَلَ إِفْطَارًا مِنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ ، كَانَ لاَ يَنْتَظِرُ مُؤَذِّنًا ، وَيُؤْتَى بِقَدَحٍ مِنْ مَاءٍ فَيَشْرَبُهُ بِنَفَسٍ وَاحِدٍ ، لاَ يَقْطَعُهُ حَتَّى يَفْرُغَ مِنْهُ.

(۲۴۶۴۳) حضرت عبداللہ بن یزید سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت سعید بن المسیب رحمہ اللہ سے زیادہ افطار میں جلدی کرنے والا کسی کو نہیں دیکھا۔ آپ مؤذن کا انتظار نہیں کرتے تھے۔ (یعنی وقت ہو جانے کے بعد) ان کے پاس پانی کا ایک پیالہ لایا جاتا تھا پس وہ اس کو ایک ہی سانس میں اس طرح پی لیتے تھے کہ پینے کے دوران ختم ہونے تک سانس نہیں توڑتے تھے۔

(٢٤٦٤٤) حَدَّثَنَا الثَّقَفِيُّ ، عَنْ أَيُّوبَ ، قَالَ : نُبِّئْتُ عَنْ مَيْمُونِ بْنِ مِهْرَانَ ، قَالَ : رَآنِي عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ وَأَنَا أَشْرَبُ ، فَجَعَلْتُ أَقْطَعُ شَرَابِي وَأَتَنَفَّسُ ، فَقَالَ : إِنَّمَا نُهِيَ أَنْ يُتَنَفَّسَ فِي الإِنَاءِ ، فَإِذَا لَمْ تَتَنَفَّسْ فِي الإِنَاءِ ، فَاشْرَبْهُ إِنْ شِئْتَ بِنَفَسٍ وَاحِدٍ.

(۲۴۶۴۴) حضرت ایوب سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ مجھے حضرت میمون بن مہران کے بارے میں خبر ملی کہ وہ فرماتے ہیں۔ حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ نے اس حالت میں دیکھا کہ میں پانی پی رہا تھا۔ پھر پانی پیتے ہوئے رُک جاتا اور سانس لیتا تو انہوں نے فرمایا صرف اس بات سے روکا گیا ہے کہ برتن کے اندر سانس لیا جائے۔ پس اگر تم برتن کے اندر سانس نہیں لیتے تو پھر تم اگر

چاہو تو ایک ہی سانس میں پانی پی لو۔

(٢٤٦٤٥) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنِ ابْنِ طَاوُوسٍ ، قَالَ :رَآنِي أَبِي وَنَحْنُ نَشْرَبُ بِنَفَسٍ وَاحِدٍ فَنَهَانَا ، أَوْ نَهَانِي.

(۲۴۶۴۵) حضرت ابوطاؤس سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں۔ مجھے میرے والد صاحب نے اس حالت میں دیکھا کہ ہم ایک سانس میں پانی پی رہے تھے، پس انہوں نے ہمیں منع کر دیا..... یا راوی کہتے ہیں..... انہوں نے مجھے منع کیا۔

(٢٤٦٤٦) حَدَّثَنَا الثَّقَفِيُّ ، عَنْ خَالِدٍ ، عَنْ عِكْرِمَةَ ؛ أَنَّهُ كَرِهَ الشُّرْبَ بِنَفَسٍ وَاحِدٍ ، وَقَالَ :هُوَ شُرْبُ الشَّيْطَانِ.

(۲۴۶۴۶) حضرت خالد، حضرت عکرمہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ ایک سانس میں پانی پینے کو ناپسند سمجھتے تھے اور فرماتے یہ شیطان کا پینا ہے۔

(٣٤) فِي النَّفَسِ فِي الإِنَاءِ ، مَنْ كَرِهَهُ

جولوگ برتن کے اندر سانس لینے کو ناپسند سمجھتے ہیں

(٢٤٦٤٧) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ ، عَنْ عِكْرِمَةَ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ؛ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : نَهَى أَنْ يُتَنَفَّسَ فِي الإِنَاءِ ، وَأَنْ يُنْفَخَ فِيهِ. (ابو داؤد ۳۷۲۱۔ ترمذی ۱۸۸۸)

(۲۴۶۴۷) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب نبی کریم ﷺ نے برتن میں سانس لینے سے اور برتن میں پھونک مارنے سے منع فرمایا۔

(٢٤٦٤٨) حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ ، عَنْ هِشَامٍ الدَّسْتَوَائِيِّ ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ أَبِي قَتَادَةَ ، عَنْ أَبِيهِ ؛ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ :إِذَا شَرِبَ أَحَدُكُمْ فَلاَ يَتَنَفَّسْ فِي الإِنَاءِ.

(بخاری ۵۶۳۰۔ مسلم ۶۵)

(۲۴۶۴۸) حضرت عبداللہ بن ابی قتادہ، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''جب تم میں سے کوئی پانی پیے تو وہ برتن میں سانس نہ لے۔''

(٢٤٦٤٩) حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ ، عَنْ خَالِدٍ ، عَنْ عِكْرِمَةَ ؛ أَنَّهُ كَانَ يَكْرَهُ أَنْ يُتَنَفَّسَ فِي الإِنَاءِ.

(۲۴۶۴۹) حضرت خالد، حضرت عکرمہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ برتن کے اندر سانس لینے کو ناپسند سمجھتے تھے۔

(٣٥) مَنْ كَانَ يَسْتَحِبُّ أَنْ يُتَنَفَّسَ فِي الإِنَاءِ

جولوگ برتن میں سانس لینے کو درست سمجھتے ہیں

(٢٤٦٥٠) حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ ، عَنْ عَزْرَةَ بْنِ ثَابِتٍ ، عَنْ ثُمَامَةَ ، قَالَ :كَانَ أَنَسٌ إِذَا شَرِبَ تَنَفَّسَ مَرَّتَيْنِ ،

أَوْ ثَلاَثًا ، وَحَدَّثَ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا شَرِبَ تَنَفَّسَ فِي الإِنَاءِ ، ثَلاَثًا.

(بخاری ۵۶۳۱۔ احمد ۳/ ۱۱۴)

(۲۴۶۵۰) حضرت ثمامہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ جب پانی پیتے تھے تو دو یا تین مرتبہ سانس لیتے تھے اور یہ حدیث بیان کرتے تھے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب پانی پیتے تھے تو برتن میں تین مرتبہ سانس لیتے تھے۔

(٢٤٦٥١) حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عَطِيَّةَ ، قَالَ :رَأَيْتُ ابْنَ سِيرِينَ يَتَنَفَّسُ ثَلاَثًا إِذَا شَرِبَ.

(۲۴۶۵۱) حضرت حکم بن عطیہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن سیرین رحمہ اللہ کو دیکھا کہ وہ جب پانی پیتے تو تین سانس لیتے تھے۔

(٢٤٦٥٢) حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ ، عَنْ لَيْثٍ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ، قَالَ :إِذَا شَرِبْتَ فَتَنَفَّسْ فِي الإِنَاءِ ثَلاَثًا.

(۲۴۶۵۲) حضرت مجاہد سے روایت ہے۔ وہ فرماتے ہیں۔ جب تم پانی پیو تو برتن میں تین مرتبہ سانس لو۔

(٢٤٦٥٣) حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ مُوسَى ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ الأَسْوَدِ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ ، قَالَ : جَلَسَ رَجُلٌ إِلَى ابْنِ عَبَّاسٍ فَقَالَ لَهُ :مِنْ أَيْنَ جِئْتَ ؟ قَالَ :شَرِبْتُ مِنْ مَاءِ زَمْزَمَ ، قَالَ :فَشَرِبْتَ مِنْهَا كَمَا يَنْبَغِي ؟ قَالَ :إِذَا شَرِبْتَ مِنْهَا فَاسْتَقْبِلِ الْكَعْبَةَ ، وَاذْكُرِ اسْمَ اللهِ ، وَتَنَفَّسْ ثَلاَثًا.

(۲۴۶۵۳) حضرت محمد بن عبدالرحمٰن بن ابی بکر سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ ایک شخص حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کے پاس آ کر بیٹھا تو آپ رضی اللہ عنہ نے اس سے پوچھا، تم (اس وقت) کہاں سے آئے ہو؟ اس نے کہا۔ میں زم زم کا پانی پی کر آیا ہوں۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہا۔ زم زم کا پانی جس طرح پینا چاہیئے تم نے اُسی طرح پیا ہے؟ پھر آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جب تم زم زم کا پانی پیو تو قبلہ رُخ ہو جاؤ، اللہ کا نام لو۔ اور تین سانس لو۔

(٢٤٦٥٤) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ عَزْرَةَ بْنِ ثَابِتٍ ، عَنْ ثُمَامَةَ بْنِ عَبْدِ اللهِ ، عَنْ أَنَسٍ ؛ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَتَنَفَّسُ فِي الإِنَاءِ ثَلاَثًا. (مسلم ۱۲۲)

(۲۴۶۵۴) حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم برتن میں تین سانس لیا کرتے تھے۔

(٢٤٦٥٥) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنْ أَبِي عِصَامٍ ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ : كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَنَفَّسُ فِي الإِنَاءِ ثَلاَثًا ، وَيَقُولُ :هُوَ أَهْنَأُ ، وَأَمْرَأُ ، وَأَبْرَأُ. (مسلم ۱۲۳۔ ترمذی ۱۸۸۴)

(۲۴۶۵۵) حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم برتن میں تین مرتبہ سانس لیا کرتے تھے اور ارشاد فرماتے تھے۔ ''یہ طریقہ زیادہ سہل، شیریں اور اطمینان بخش ہے۔''

(٣٦) مَنْ كَرِهَ النَّفْخَ فِي الطَّعَامِ وَالشَّرَابِ

جولوگ کھانے پینے میں پھونک مارنے کو ناپسند سمجھتے ہیں

(٢٤٦٥٦) حَدَّثَنَا أَبُو الأَحْوَصِ ، عَنْ سِمَاكٍ ، قَالَ : كُنْتُ فِي مَجْلِسٍ مِنْ مَجَالِسِ الأَنْصَارِ فَأُتِيَ بَعْضُهُمْ بِشَرَابٍ ، فَلَمَّا أَرَادَ أَنْ يَشْرَبَ نَفَخَ فِيهِ ، فَقَالَ بَعْضُ الْقَوْمِ : مَهْلاً ، فَإِنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَنْهَى عَنْهُ .

(۲۴۶۵۶) حضرت سماک سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں ہم انصار کی ایک مجلس میں بیٹھے ہوئے تھے کہ ان میں سے کسی کے پاس کوئی مشروب لایا گیا۔ جب اس نے اس مشروب کو پینا چاہا تو اس میں پھونک ماری۔ اس پر کچھ دیگر حضرات نے کہا۔ چھوڑ دو کیونکہ جناب رسول اللہ ﷺ اس سے منع کیا کرتے تھے۔

(٢٤٦٥٧) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ ، عَنْ أَيُّوبَ بْنِ حَبِيبٍ مَوْلَى بَنِي زُهْرَةَ ، عَنْ أَبِي الْمُثَنَّى الْجُهَنِيِّ ، قَالَ : كُنْتُ عِنْدَ مَرْوَانَ بْنِ الْحَكَمِ فَدَخَلَ أَبُو سَعِيدٍ ، فَقَالَ لَهُ : سَمِعْتَ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْهَى عَنِ النَّفْخِ فِي الشَّرَابِ ؟ قَالَ : نَعَم ، قَالَ : فَقَالَ رَجُلٌ : إِنِّي لاَ أُرْوَى بِنَفَسٍ وَاحِدٍ ، قَالَ : أَبِنِ الإِنَاءَ عَنْ فِيكَ ، ثُمَّ تَنَفَّسْ ، قَالَ : فَإِنْ رَأَيْتُ قَذَرًا ؟ قَالَ : فَأَهْرِقْهُ . (ابو داؤد ۳۷۱۵۔ دارمی ۲۱۲۱)

(۲۴۶۵۷) حضرت ابوالمثنی جہنی سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں حضرت مروان بن الحکم کے ہاں موجود تھا کہ حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ تشریف لائے۔ مروان نے آپ رضی اللہ عنہ سے پوچھا۔ آپ نے جناب رسول اللہ ﷺ کو پینے کی چیز میں پھونک مارنے سے منع کرتے سُنا ہے؟ انہوں نے جواب دیا۔ ہاں۔ راوی کہتے ہیں: اس پر ایک آدمی بولا۔ میں تو ایک سانس میں بالکل سیراب نہیں ہوتا۔ حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم برتن کو اپنے منہ سے جُدا کرلو پھر سانس لے لو۔ اس آدمی نے کہا۔ پس اگر میں (پانی میں) گندگی دیکھوں؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تو تم اس پانی کو بہادو۔

(٢٤٦٥٨) حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ الْمُبَارَكِ ، عَنْ يُونُسَ ، عَنِ الزُّهْرِيِّ ، قَالَ : نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ النَّفْخِ فِي الطَّعَامِ وَالشَّرَابِ ، قَالَ : وَلَمْ أَرَ أَحَدًا أَشَدَّ فِي ذَلِكَ مِنْ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ .

(۲۴۶۵۸) حضرت زہری سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے کھانے، پینے کی چیز میں پھونک مارنے سے منع فرمایا۔ راوی کہتے ہیں میں نے اس معاملہ میں حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ سے زیادہ کسی کو شدید نہیں دیکھا۔

(٢٤٦٥٩) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ ، عَنْ عِكْرِمَةَ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ؛ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى أَنْ يُتَنَفَّسَ فِي الإِنَاءِ ، وَأَنْ يُنْفَخَ فِيهِ .

(۲۴۶۵۹) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب نبی کریم ﷺ نے برتن میں سانس لینے سے اور اس میں پھونک مارنے سے منع فرمایا۔

(٢٤٦٦٠) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ ثَوْرٍ ، عَنْ يَزِيدَ ذِي الأَرْشِ ، عَنْ مَوْلاَةٍ لِثَوْبَانَ ، قَالَتْ : أَتَيْتُ ثَوْبَانَ بِشَرَابٍ فَنَفَخْتُ فِيهِ ، فَأَبَى أَنْ يَشْرَبَ.

(۲۴۶۶۰) حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ کی مولاۃ سے روایت ہے۔ وہ کہتی ہیں۔ میں حضرت ثوبان کے پاس ایک مشروب لے کر آئی تو میں نے اس میں پھونک ماردی۔ اس پر حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ نے (وہ) مشروب پینے سے انکار فرمادیا۔

(٢٤٦٦١) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ هَاشِمِ بْنِ الْبَرِيدِ ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُسْلِمٍ مَوْلَى الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ ، قَالَ : اسْتَسْقَى عَلِيٌّ ، فَأَتَيْتُهُ بِشَرَابٍ فَنَفَخْتُ فِيهِ ، فَأَبَى أَنْ يَشْرَبَهُ ، وَقَالَ : اشْرَبْهُ أَنْتَ.

(۲۴۶۶۱) حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہ کے مولی حضرت قاسم بن مسلم سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پانی طلب کیا۔ پس میں ان کے پاس پانی لے کر آیا اور میں نے اس پانی میں پھونک ماردی اس پر انہوں نے وہ پینے سے انکار کر دیا۔ اور فرمایا: اس کو تم پی لو۔

(٢٤٦٦٢) حَدَّثَنَا عَبْدُ الأَعْلَى ، عَنْ بُرْدٍ ، عَنْ مَكْحُولٍ ؛ أَنَّهُ كَانَ يَكْرَهُ النَّفْخَ فِي الطَّعَامِ وَالشَّرَابِ.

(۲۴۶۶۲) حضرت برد، حضرت مکحول کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ کھانے اور پینے کی چیز میں پھونک مارنے کو ناپسند سمجھتے تھے۔

(٢٤٦٦٣) حَدَّثَنَا حَفْصٌ ، عَنْ لَيْثٍ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ، قَالَ : كَانَ يَكْرَهُهُ.

(۲۴۶۶۳) حضرت لیث، حضرت مجاہد کے بارے میں روایت کرتے ہیں وہ بھی اس عمل کو ناپسند سمجھتے تھے۔

(٢٤٦٦٤) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، عَنْ حَجَّاجٍ ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ إِيَاسٍ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ؛ أَنَّهُ كَرِهَ النَّفْخَ فِي الطَّعَامِ وَالشَّرَابِ.

(۲۴۶۶۴) حضرت عبد الملک بن ایاس، حضرت ابراہیم کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ کھانے اور پینے کی چیز میں پھونکنے کو ناپسند کرتے تھے۔

(٢٤٦٦٥) حَدَّثَنَا عَبْدُ الأَعْلَى ، عَنْ مَعْمَرٍ ، عَنْ يَحْيَى ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ أَبِي قَتَادَةَ ، عَنْ أَبِيهِ ؛ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ النَّفْخِ فِي الإِنَاءِ.

(۲۴۶۶۵) حضرت عبد اللہ بن قتادہ، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے برتن میں پھونکنے سے منع فرمایا ہے۔

(٣٧) مَنْ رَخَّصَ فِي النَّفْخِ فِي الطَّعَامِ وَالشَّرَابِ

کھانے، پینے کی چیز میں جو لوگ پھونک مارنے کی اجازت دیتے ہیں

(٢٤٦٦٦) حَدَّثَنَا ابْنُ مُبَارَكٍ ، عَنِ الأَوْزَاعِيِّ ، عَنْ وَاصِلٍ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ؛ أَنَّهُ لَمْ يَكُنْ يَرَى بِالنَّفْخِ فِي الطَّعَامِ

وَالشَّرَابِ بَأْسًا.

(۲۴۶۶۶) حضرت عاصم، حضرت مجاہد رحمہ اللہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ کھانے، پینے کی چیز میں پھونکنے میں کوئی حرج نہیں دیکھتے تھے۔

(٢٤٦٦٧) حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ ، عَنْ لَيْثٍ ، عَنْ طَاوُوسٍ ؛ أَنَّهُ كَانَ يَنْفُخُ فِي الطَّعَامِ وَالشَّرَابِ.

(۲۴۶۶۷) حضرت لیث، حضرت طاؤس کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ کھانے، پینے کی چیز میں پھونک لیا کرتے تھے۔

(٣٨) فِي عَرْضِ الشَّرَابِ

مشروب پیش کرنے کے بارے میں

(٢٤٦٦٨) حَدَّثَنَا حَفْصٌ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ أَبِي الضُّحَى ، عَنْ مَسْرُوقٍ ، قَالَ : أُتِيَ عَبْدُ اللهِ بِشَرَابٍ ، فَقَالَ : نَاوِلْ عَلْقَمَةَ ، نَاوِلِ الأَسْوَدَ.

(۲۴۶۶۸) حضرت مسروق سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت عبداللہ کے پاس کوئی مشروب لایا گیا تو انہوں نے فرمایا: علقمہ کو دے دو، اسود کو دے دو۔

(٢٤٦٦٩) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، عَنْ عَلْقَمَةَ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ ؛ بِنَحْوٍ مِنْهُ.

(۲۴۶۶۹) حضرت علقمہ بھی حضرت عبداللہ کے بارے میں ایسی روایت کرتے ہیں۔

(٢٤٦٧٠) حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ أَبِي الضُّحَى ، عَنْ مَسْرُوقٍ ، قَالَ : أُتِيَ عَبْدُ اللهِ بِشَرَابٍ ، فَقَالَ : نَاوِلْ عَلْقَمَةَ ، نَاوِلِ الأَسْوَدَ.

(۲۴۶۷۰) حضرت مسروق سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت عبداللہ کے پاس ایک مشروب لایا گیا تو آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: علقمہ کو دے دو، اسود کو دے دو۔

(٢٤٦٧١) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ مُحْرِزٍ ، قَالَ : اسْتَسْقَى طَاوُوسٌ ، فَأُتِيَ بِشَرَابٍ ، فَعَرَضَهُ عَلَى عَبْدِ اللهِ بْنِ الْحَسَنِ ، فَقَالَ : اشْرَبْ.

(۲۴۶۷۱) حضرت سلمہ بن محرز سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت طاؤس نے پانی مانگا۔ پس آپ کے پاس پانی لایا گیا تو آپ رضی اللہ عنہ نے وہ پانی حضرت عبداللہ بن حسن کو پیش کر دیا اور فرمایا: آپ اس کو نوش فرمائیں۔

(٣٩) مَنْ كَانَ إِذَا شَرِبَ مَاءً بَدَأَ بِالأَيْمَنِ

جو آدمی پانی پیئے تو وہ دائیں طرف سے آغاز کرے

(٢٤٦٧٢) حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ ، عَنِ الشَّيْبَانِيِّ ، عَنْ غَيْلاَنَ بْنِ يَزِيدَ ، قَالَ : دُعِيَ أَبُو عُبَيْدَةَ إِلَى وَلِيمَةٍ ، فَأُتِيَ

بِشَرَابٍ ، فَنَاوَلَ مَنْ عَلَى يَمِينِهِ.

(۲۴۶۷۲) حضرت غیلان بن یزید سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت ابوعُبیدہ کو ایک ولیمہ میں مدعو کیا گیا۔ تو ان کے پاس مشروب حاضر کیا گیا۔ پس آپ رضی اللہ عنہ نے وہ مشروب اپنے دائیں جانب والے کو دے دیا۔

(٢٤٦٧٣) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، قَالَ : أَخْبَرَنِي شُعْبَةُ ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ أَبِي حَفْصَةَ ، عَنْ عِكْرِمَةَ ، قَالَ : أُتِيَ عُمَرُ بِشَرَابٍ ، وَهُوَ بِالْمَوْقِفِ عَشِيَّةَ عَرَفَةَ ، فَشَرِبَ ثُمَّ نَاوَلَ سَيِّدَ أَهْلِ الْيَمَنِ وَهُوَ عَنْ يَمِينِهِ، فَقَالَ : إِنِّي صَائِمٌ، فَقَالَ : عَزَمْتُ عَلَيْكَ إِلاَّ أَفْطَرْتَ وَأَمَرْتَ أَصْحَابَكَ فَأَفْطَرُوا.

(۲۴۶۷۳) حضرت عکرمہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس ایک مشروب لایا گیا جبکہ آپ رضی اللہ عنہ عرفہ کی رات کو موقف میں تھے۔ پس آپ رضی اللہ عنہ نے وہ مشروب پیا پھر آپ رضی اللہ عنہ نے وہ مشروب اہل یمن کے سردار کو دے دیا اور یہ آپ رضی اللہ عنہ کے دائیں جانب تھے۔ اس سردار نے کہا۔ میں روزہ دار ہوں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں تمہیں قسم دیتا ہوں کہ تم خود بھی روزہ توڑو اور اپنے ساتھیوں کو بھی حکم دو کہ وہ روزہ افطار کریں۔

(٢٤٦٧٤) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنِ الزُّهْرِيِّ ، سَمِعَهُ مِنْ أَنَسٍ ، قَالَ : قَدِمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا ابْنُ عَشْرٍ ، وَتُوُفِّيَ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا ابْنُ عِشْرِينَ ، وَكُنَّ أُمَّهَاتِي يَحُثُّنَنِي عَلَى خِدْمَتِهِ ، فَدَخَلَ عَلَيْنَا دَارَنَا، فَحَلَبْنَا لَهُ مِنْ شَاةٍ دَاجِنٍ لَنَا، وَشِيبَ لَهُ مِنْ بِئْرٍ فِي الدَّارِ، وَأَبُو بَكْرٍ عَنْ شِمَالِهِ ، وَأَعْرَابِيٌّ عَنْ يَمِينِهِ، وَكَانَ عُمَرُ نَاحِيَةً ، فَقَالَ عُمَرُ : يَا رَسُولَ اللهِ ، أَعْطِ أَبَا بَكْرٍ ، فَأَعْطَى الأَعْرَابِيَّ ، وَقَالَ : الأَيْمَنَ فَالأَيْمَنَ.

(مسلم ۱۲۵۔ مالك ۱۷)

(۲۴۶۷۴) حضرت زہری سے روایت ہے کہ انہوں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کو کہتے سنا۔ جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے تو میں دس سال کا تھا۔ اور جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات ہوئی تو میں بیس برس کا تھا۔ اور میری مائیں مجھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت کی ترغیب دیا کرتی تھیں۔ پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس ہمارے گھر میں تشریف لائے اور ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے اپنی ایک پالتو بکری کا دودھ دوہا اور اس میں اپنے گھر کے کنویں کے پانی کی آمیزش کی۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بائیں طرف تھے اور ایک دیہاتی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے دائیں طرف تھا۔ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ، ایک طرف تھے۔ چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا۔ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! حضرت ابوبکر کو دے دیں۔ لیکن آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دیہاتی کو دے دیا اور ارشاد فرمایا "دائیں طرف والا، پھر دائیں طرف والا" (یعنی یہ حق دار ہے۔)

(٤٠) مَا يُسْتَحَبُّ مِنَ الأَشْرِبَةِ

مشروبات میں جو پسندیدہ ہیں

(٢٤٦٧٥) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ عَائِشَةَ ، قَالَتْ : كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ

وَسَلَّمَ يُحِبُّ الْعَسَلَ ، وَيُحِبُّ الْحَلْوَاءَ . (بخاری ۵۹۹۔ مسلم ۱۱۰۱)

(۲۴۶۷۵) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے۔ وہ کہتی ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ کو شہد محبوب تھا اور آپ ﷺ کو میٹھا محبوب تھا۔

(٢٤٦٧٦) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ يُونُسَ ، عَنِ الزُّهْرِيِّ ، قَالَ : كَانَ أَحَبَّ الشَّرَابِ إِلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْحُلْوُ الْبَارِدُ. (ترمذی ۱۸۹۶)

(۲۴۶۷۶) حضرت زہری سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ کو سب سے زیادہ محبوب ٹھنڈا اور میٹھا مشروب تھا۔

(٢٤٦٧٧) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ شَرِيكٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ سُلَيْمٍ، قَالَ :سَمِعْتُ أَنَسًا يَقُولُ :إِنِّي لَأَشْرَبُ الْعُلَاءَ الْحُلْوَ الْقَارِصَ.

(۲۴۶۷۷) حضرت علی بن سلیم سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کو فرماتے سنا۔ میں خوب میٹھی طلاء نوش کرتا ہوں۔

(٢٤٦٧٨) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ ؛ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ :أَيُّ الشَّرَابِ أَحَبُّ إِلَيْكَ ؟ قَالَ :الْحُلْوُ الْبَارِدُ.

(۲۴۶۷۸) حضرت ابن جریج سے روایت ہے کہ جناب نبی کریم ﷺ سے سوال کیا گیا۔ آپ کو کون سا مشروب سب سے زیادہ محبوب ہے؟ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''ٹھنڈا میٹھا''۔

(٢٤٦٧٩) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ دِينَارٍ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ ؛ أَنَّهُ كَانَ يُنْقَعُ لَهُ الزَّبِيبُ فِي قِرْبَةٍ عَشِيَّةً ، فَيَشْرَبُهُ غُدْوَةً ، وَيُنْقَعُ لَهُ غُدْوَةً ، فَيَشْرَبُهُ عَشِيَّةً.

(۲۴۶۷۹) حضرت عبداللہ بن دینار، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ ان کے لئے شام کے وقت ایک مشکیزہ میں کشمش کی نبیذ تیار کی جاتی تھی جس کو وہ صبح کے وقت نوش فرماتے تھے۔ اور (اسی طرح) صبح کے وقت آپ کے لئے نبیذ تیار کی جاتی تھی جس کو آپ رضی اللہ عنہ شام کے وقت نوش فرماتے تھے۔

(٢٤٦٨٠) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ أُمِّ غُرَابٍ ، عَنْ بُنَانَةَ ، قَالَتْ : كُنْتُ أُنْقِعُ لِعُثْمَانَ الزَّبِيبَ عِشَاءً ، فَيَشْرَبُ مِنْهُ ، وَيَأْكُلُ مِنْهُ.

(۲۴۶۸۰) حضرت بنانہ سے روایت ہے۔ وہ کہتی ہیں کہ میں حضرت عثمان کے لئے شام کے وقت کشمش کی نبیذ تیار کرتی تھی۔ چنانچہ آپ رضی اللہ عنہ اس کو کھاتے بھی تھے اور پیتے بھی تھے۔

(٢٤٦٨١) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ إِسْرَائِيلَ ، عَنْ جَابِرٍ ، عَنْ مُحَمَّدِ بن عَلِي ، وَعَامِرٍ ، وَعَطَاءٍ ؛ قَالُوا : لَا بَأْسَ أَنْ يُنْقَعَ الزَّبِيبُ غُدْوَةً ، وَيُشْرَبُ عَشِيَّةً.

(۲۴۶۸۱) حضرت جابر، حضرت محمد بن علی، حضرت عامر اور حضرت عطاء کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ یہ تینوں حضرات

فرماتے ہیں۔اس بات میں کوئی حرج نہیں ہے کہ صبح کے وقت کشمش کی نبیذ بنائی جائے اور شام کے وقت نوش کر لی جائے۔

(٢٤٦٨٢) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ مُغِيرَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ: لاَ بَأْسَ بِنَقِيعِ الزَّبِيبِ، قَالَ سُفْيَانُ: مَا لَمْ يَغْلِ.

(۲۴۶۸۲) حضرت ابراہیم سے روایت ہے۔وہ کہتے ہیں۔کشمش کی نبیذ میں کوئی حرج نہیں ہے۔حضرت سفیان کہتے ہیں۔جب تک یہ نبیذ جوش نہ مارے۔

(٢٤٦٨٣) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سَلاَّمِ بْنِ مِسْكِينٍ ، عَنِ الْحَسَنِ ، قَالَ : لاَ بَأْسَ بِنَبِيذِ الزَّبِيبِ.

(۲۴۶۸۳) حضرت حسن سے روایت ہے۔وہ کہتے ہیں کہ کشمش کی نبیذ میں کوئی حرج نہیں ہے۔

(٢٤٦٨٤) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ مَالِكٍ ، عَنِ الضَّحَّاكِ ، قَالَ مَرَّةً : عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ، قَالَ : إِنَّمَا النَّبِيذُ ؛ الَّذِى إِذَا بَلَغَ فَسَدَ ، وَأَمَّا مَا ازْدَادَ عَلَى طُولِ التَّرْكِ جَوْدَةً ، فَلاَ خَيْرَ فِيهِ.

(۲۴۶۸۴) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔وہ فرماتے ہیں۔نبیذ وہی ہے جو زیادہ پڑی رہنے سے خراب ہو جائے۔اور جو مشروب بھی زیادہ دیر رہنے سے زیادہ بہتر ہو جائے تو اس میں بھی کوئی خیر نہیں ہے۔

(٢٤٦٨٥) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ رَجُلٍ ، يُقَالُ لَهُ : عِيسَى ، عَنْ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ ؛ مِثْلَهُ.

(۲۴۶۸۵) حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ سے بھی ایسی ہی روایت منقول ہے۔

(٤١) فِى غُبَيْرَاءِ السَّكَرِ

گیہوں سے بنایا ہوا مشروب

(٢٤٦٨٦) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ أَشْعَثَ ، عَنْ أَبِى الشَّعْثَاءِ ، عَنْ مُعَاذٍ ، قَالَ : نَهَى النَّبِىُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ غُبَيْرَاءِ السَّكَرِ.

(۲۴۶۸۶) حضرت معاذ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔وہ کہتے ہیں کہ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے گیہوں سے بنائی ہوئی شراب سے منع فرمایا ہے۔

(٢٤٦٨٧) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ خَارِجَةَ ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ ، قَالَ : نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ غُبَيْرَاءِ السَّكَرِ. (مالك ١٠)

(۲۴۶۸۷) حضرت عطاء بن یسار سے روایت ہے۔وہ کہتے ہیں کہ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے گیہوں سے بنائی ہوئی شراب سے منع فرمایا ہے۔

(٤٢) مَنْ كَانَ يَقُول إِذَا اشْتَدَّ عَلَيْكَ فَاكْسِرْهُ بِالْمَاءِ

جو حضرات کہتے ہیں جب (کوئی مشروب) تمہیں سخت محسوس ہو تو تم اس کو پانی ملا کر توڑ ڈالو

(٢٤٦٨٨) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ الْحَارِثِ ، قَالَ : أُتِىَ عُمَرُ بِنَبِيذِ زَبِيبٍ ،

فَشَرِبَ مِنْهُ ، فَقَطَّبَ ، فَدَعَا بِمَاءٍ فَصَبَّهُ عَلَيْهِ ، ثُمَّ شَرِبَ.

(۲۴۶۸۸) حضرت ہمام بن حارث سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس کشمش کی نبیذ لائی گئی۔ پس آپ رضی اللہ عنہ نے اس میں سے نوش فرمائی۔ پھر آپ رضی اللہ عنہ نے اس میں آمیزش کی۔ چنانچہ آپ رضی اللہ عنہ نے پانی منگوایا اور اس کو نبیذ میں انڈیل دیا پھر نوش فرمایا۔

(٢٤٦٨٩) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ مِسْعَرٍ، عَنِ أَبِي عَوْنٍ، قَالَ: أَتَى عُمَرُ قَوْمًا مِنْ ثَقِيفٍ، قَدْ حَضَرَ طَعَامُهُمْ، فَقَالَ: كُلُوا الثَّرِيدَ قَبْلَ اللَّحْمِ ، فَإِنَّهُ يَسُدُّ مَكَانَ الْخَلَلِ ، وَإِذَا اشْتَدَّ نَبِيذُكُمْ فَاكْسِرُوهُ بِالْمَاءِ ، وَلاَ تَسْقُوهُ الأَعْرَابَ.

(۲۴۶۸۹) حضرت ابن عون سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ قبیلہ ثقیف کے کچھ لوگوں کے ہاں اس وقت تشریف لائے جب ان لوگوں کا کھانا حاضر تھا۔ پس آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: گوشت کھانے سے پہلے ثرید کھاؤ۔ کیونکہ یہ خلل کی جگہ کو پُر کرتی ہے اور جب تمہاری نبیذ سخت ہو جائے تو تم اس کو پانی کے ذریعہ سے توڑ دو اور یہ نبیذ دیہاتیوں کو نہ پلاؤ۔

(٢٤٦٩٠) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُمَيَّةَ ، قَالَتْ :سَمِعْتُ عَائِشَةَ تَقُولُ :إِنْ خَشِيتَ مِنْ نَبِيذِكَ فَاكْسِرْهُ بِالْمَاءِ.

(۲۴۶۹۰) حضرت سمیہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے۔ وہ کہتی ہیں کہ میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو کہتے سُنا۔ اگر تمہیں اپنی نبیذ سے خوف ہو تو تم اس کو پانی سے توڑ دو۔

(٢٤٦٩١) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ ، عَنْ قُرَّةَ الْعِجْلِيِّ ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ الْقَعْقَاعِ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ ، قَالَ : كُنَّا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأُتِيَ بِقَدَحٍ فِيهِ شَرَابٌ ، فَقَرَّبَهُ إِلَى فِيهِ ، ثُمَّ رَدَّهُ ، فَقَالَ لَهُ بَعْضُ جُلَسَائِهِ :أَحَرَامٌ هُوَ يَا رَسُولَ اللهِ ؟ قَالَ :فَقَالَ :رُدُّوهُ ، فَرَدُّوهُ ، ثُمَّ دَعَا بِمَاءٍ فَصَبَّهُ عَلَيْهِ ، ثُمَّ شَرِبَهُ ، فَقَالَ :انْظُرُوا هَذِهِ الأَشْرِبَةَ ، فَإِذَا اغْتَلَمَتْ عَلَيْكُمْ فَاقْطَعُوا مُتُونَهَا بِالْمَاءِ.

(۲۴۶۹۱) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ ہم جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر تھے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک پیالہ لایا گیا جس میں کوئی مشروب تھا۔ چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس پیالہ کو اپنے منہ کے قریب کیا۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو واپس رکھ دیا۔ اس پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے بعض مجلس نشینوں نے پوچھا۔ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کیا یہ حرام ہے؟ راوی کہتے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا۔ ''اس مشروب کو واپس لاؤ۔'' چنانچہ صحابہ رضی اللہ عنہم نے وہ مشروب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو واپس کر دیا۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پانی منگوایا اور اس میں انڈیل دیا۔ اور پھر اس کو نوش فرما لیا۔ اور ارشاد فرمایا: ان مشروبات کو دیکھ لیا کرو۔ پس جب یہ تم پر سخت ہو جائیں تو تم ان کی شدت کو پانی سے توڑ لیا کرو۔''

(٢٤٦٩٢) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْمُبَارَكِ ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ ، عَنْ سَالِمٍ الدَّوْسِيِّ ؛ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ :مَنْ رَابَهُ مِنْ نَبِيذِهِ فَلْيَشُنَّ عَلَيْهِ الْمَاءَ ، فَيَذْهَبُ حَرَامُهُ ، وَيَبْقَى حَلاَلُهُ.

(۲۴۶۹۲) حضرت سالم دوسی سے روایت ہے کہ انہوں نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو کہتے سُنا۔ جس آدمی کو اس کی نبیذ شک

میں ڈالے تو اس کو اس نبیذ پر پانی چھڑک لینا چاہیئے۔ پس اس کا حرام چلا جائے گا اور اس کا حلال باقی رہ جائے گا۔

(٢٤٦٩٣) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ عِكْرِمَةَ بْنِ عَمَّارٍ ، عَنْ أَبِي كَثِيرٍ الْحَنَفِيِّ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، قَالَ : مَنْ رَابَهُ مِنْ شَرَابِهِ شَيْءٌ ، فَلْيَكْسِرْهُ بِالْمَاءِ.

(۲۴۶۹۳) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں۔ جس شخص کو اس کا مشروب شک میں ڈالے تو اس کو چاہیئے کہ وہ اس مشروب کو پانی سے پتلا کر لے۔

(٢٤٦٩٤) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ عَبْدِ الْوَاحِدِ بْنِ أَيْمَنَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ نَافِعِ بْنِ عَبْدِ الْحَارِثِ ، قَالَ: قَالَ عُمَرُ: اشْرَبُوا هَذَا النَّبِيذَ فِي هَذِهِ الأَسْقِيَةِ ، فَإِنَّهُ يُقِيمُ الصُّلْبَ ، وَيَهْضِمُ مَا فِي الْبَطْنِ ، وَإِنَّهُ لَمْ يَغْلِبْكُمْ مَا وَجَدْتُمُ الْمَاءَ.

(۲۴۶۹۴) حضرت نافع بن عبدالحارث سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا ارشاد ہے۔ اس نبیذ کو ان اسقیہ یعنی برتنوں میں پی لو۔ کیونکہ یہ پشت کو سیدھی رکھتی ہے اور پیٹ میں موجود غذا کو ہضم کرتی ہے۔ اور جب تک تمہیں پانی ملتا ہو یہ مشروب تم پر غالب نہیں آئے گا۔

(٤٣) فِي الْكَرْعِ فِي الشَّرَابِ

منہ لگا کر..... نہر وغیرہ سے..... پینے کے بیان میں

(٢٤٦٩٥) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنِ ابْنِ أَبِي ذِئْبٍ ، عَنْ مُنْذِرِ بْنِ أَبِي الْمُنْذِرِ ، قَالَ : رَأَيْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ يَكْرَعُ فِي حَوْضِ زَمْزَمَ وَهُوَ قَائِمٌ.

(۲۴۶۹۵) حضرت منذر بن ابوالمنذر سے روایت ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کو اس حال میں دیکھا کہ وہ زم زم کے حوض سے منہ لگا کر پانی پی رہے تھے اور وہ اس وقت کھڑے ہوئے تھے۔

(٢٤٦٩٦) حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنْ عُمَارَةَ ، عَنْ عِكْرِمَةَ ؛ أَنَّهُ كَرِهَ الْكَرْعَ فِي النَّهَرِ.

(۲۴۶۹۶) حضرت عمارہ، حضرت عکرمہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ نہر سے منہ لگا کر پانی پینے کو ناپسند سمجھتے تھے۔

(٢٤٦٩٧) حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ ، عَنْ فُلَيْحِ بْنِ سُلَيْمَانَ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْحَارِثِ ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ ، قَالَ: دَخَلَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى رَجُلٍ مِنَ الأَنْصَارِ وَهُوَ يُوْتِي الْمَاءَ فِي حَائِطٍ وَمَعَهُ صَاحِبٌ لَهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :هَلْ عِنْدَكَ مَاءٌ بَاتَ فِي هَذِهِ اللَّيْلَةِ فِي شَنٍّ ، وَإِلاَّ كَرَعْنا.

(بخاری ۵۶۱۳۔ ابوداؤد ۳۷۱۷)

(۲۴۶۹۷) حضرت جابر بن عبداللہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انصار میں سے ایک آدمی کے ہاں تشریف لے گئے۔ وہ صاحب اپنے باغ کے لئے پانی کا راستہ بنا رہے تھے۔ اور ان کے ساتھ ان کا ایک ساتھی بھی تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم

نے ارشاد فرمایا: ''کیا تمہارے پاس کوئی ایسا پانی ہے جو اس رات کسی لگن وغیرہ میں موجود ہو۔ وگرنہ ہم منہ لگا کر (ندی سے ہی) پی لیتے ہیں۔''

(٢٤٦٩٨) حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ ، عَنْ لَيْثٍ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ عَامِرٍ ، عَنِ ابن عُمَرُ ، قَالَ : مَرَرْنَا مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى بِرْكَةِ مَاءٍ ، فَجَعَلْنَا نَكْرَعُ فِيهَا ، فَقَالَ : لاَ تَكْرَعُوا ، وَلَكِنِ اغْسِلُوا أَيْدِيَكُمْ ، وَاشْرَبُوا فِيهَا ، فَإِنَّهُ لَيْسَ مِنْ إِنَاءٍ أَطْيَبُ مِنَ الْيَدِ. (ابن ماجه ٣٤٣٣۔ ابويعلى ٥٦٧٥)

(۲۴۶۹۸) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ ہم جناب نبی کریم ﷺ کے ہمراہ پانی کے ایک حوض پر سے گزرے۔ پس ہم نے اس سے منہ لگا کر پینا شروع کیا تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''منہ لگا کر نہ پیو۔'' بلکہ تم اپنے ہاتھ دھولو اور ہاتھوں سے پیو۔ کیونکہ ہاتھ سے زیادہ کوئی برتن زیادہ پاکیزہ نہیں ہے۔''

(٢٤٦٩٩) حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُثْمَانَ ، قَالَ : أَفَضْتُ مَعَ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَشِيَّةَ النَّحْرِ ، فَأَتَى حَوْضًا فِيهِ مَاءُ زَمْزَمَ ، فَغَرَفَ بِيَدِهِ فَشَرِبَ مِنْهُ.

(۲۴۶۹۹) حضرت عبداللہ بن عثمان سے روایت ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت سعید بن جبیر کے ساتھ یوم النحر کی شام واپس ہوا۔ پس وہ ایک حوض کے پاس پہنچے جس میں زم زم کا پانی تھا۔ تو انہوں نے اپنے ہاتھ سے چلو بنا کر پانی لیا اور پھر اس چلو سے پیا۔

(٤٤) فِي تَخْمِيرِ الشَّرَابِ ، وَإِيكَاءِ السِّقَاءِ

مشروب کو ڈھانپنا اور مشکیزہ کو باندھنا

(٢٤٧٠٠) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ ، عَنْ جَابِرٍ ؛ أَنَّ أَبَا حُمَيْدٍ أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِشَرَابٍ وَهُوَ بِالْبَقِيعِ ، فَقَالَ : أَلاَ خَمَّرْتَهُ ، وَلَوْ أَنْ تَعْرُضَ عَلَيْهِ عُودًا. (نسائى ٦٦٣٣۔ احمد ٣/ ٢٩٤)

(۲۴۷۰۰) حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت ابوحمید، جناب نبی کریم ﷺ کی خدمت میں کوئی مشروب لے کر حاضر ہوئے جبکہ آپ ﷺ بقیع میں تھے۔ تو آپ ﷺ نے فرمایا: ''تم نے اس کو ڈھانپ کیوں نہیں لیا۔ اگرچہ اس پر عرضاً لکڑی ہی رکھ دی جاتی۔''

(٢٤٧٠١) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ فِطْرٍ ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ ، عَنْ جَابِرٍ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : غَلِّقُوا أَبْوَابَكُمْ ، وَخَمِّرُوا آنِيَتَكُمْ ، وَأَوْكُوا أَسْقِيَتَكُمْ. (احمد ٣/ ٣٠١۔ مالك ٩٢٨)

(۲۴۷۰۱) حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جناب نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''اپنے دروازے بند کر لیا کرو۔ اور اپنے برتن ڈھانپ لیا کرو۔ اور اپنے مشکیزوں (کے منہ) کو باندھ لیا کرو۔''

(٢٤٧٠٢) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ يُونُسَ ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ ، عَنْ أَبِي الْوَدَّاكِ جَبْرِ بْنِ نَوْفٍ ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ ،

قَالَ : كُنَّا نُؤْمَرُ أَنْ نُوكِيَ الأَسْقِيَةَ.

(۲۴۷۰۲) حضرت ابوسعید خدری سے روایت ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ ہمیں حکم دیا جاتا تھا کہ ہم مشکیزوں کو باندھ لیں۔

(٢٤٧٠٣) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ جُرَيٍّ ، عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ ، قَالَ : كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعْجِبُهُ الإِنَاءُ الْمُطْبَقُ.

(۲۴۷۰۳) حضرت ابوجعفر سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ کو ڈھانپا ہوا برتن پسند تھا۔

(٢٤٧٠٤) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ ، عَنْ زَاذَانَ ، قَالَ : إِذَا بَاتَ الإِنَاءُ غَيْرَ مُخَمَّرٍ تَفَلَ فِيهِ الشَّيْطَانُ ، فَذَكَرْتُ ذَلِكَ لإِبْرَاهِيمَ فَقَالَ : أَوْ شَرِبَ مِنْهُ.

(۲۴۷۰۴) حضرت زاذان سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جب برتن رات اس حالت میں پڑا رہے کہ وہ ڈھانپا نہ ہوا ہو تو شیطان اس میں تھوک دیتا ہے۔ پس میں نے یہ بات حضرت ابراہیم سے ذکر کی تو انہوں نے فرمایا۔ یا اس پانی میں سے شیطان پی لیتا ہے۔

(٢٤٧٠٥) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سَلاَّمِ بْنِ الْقَاسِمِ ، عَنْ أُمِّهِ ، عَنْ أُمِّ سَعِيدٍ ، قَالَتْ : أَتَيْتُ عَلِيًّا بِسَحُورٍ ، فَوَضَعْتُهُ بَيْنَ يَدَيْهِ وَهُوَ يُصَلِّي ، فَلَمَّا صَلَّى ، قَالَ : هَلاَّ خَمَّرْتِيهِ ، هَلْ رَأَيْتِ الشَّيْطَانَ حِينَ وَلَغَ فِيهِ؟ أَهْرِقِيهِ ، وَأَبَى أَنْ يَشْرَبَهُ.

(۲۴۷۰۵) حضرت ام سعید سے روایت ہے۔ وہ کہتی ہیں کہ میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کی خدمت میں سحری لے کر حاضر ہوئی اور میں نے وہ سحری آپ رضی اللہ عنہ کے سامنے رکھ دی۔ اور آپ رضی اللہ عنہ تب نماز پڑھ رہے تھے۔ پھر جب آپ رضی اللہ عنہ نماز پڑھ چکے تو فرمایا: تم نے اس کو ڈھانپ کیوں نہیں دیا۔ جب شیطان نے اس میں مُنہ مارا تو کیا تو نے دیکھا؟ اس کو گرا دو۔ آپ رضی اللہ عنہ نے اس کو پینے سے انکار فرما دیا۔

(٤٥) فِي شُرْبِ سَوِيقِ اللَّوْزِ

بادام کے ستو پینے کے بارے میں

(٢٤٧٠٦) حَدَّثَنَا مَعْنُ بْنُ عِيسَى ، عَنْ هَارُونَ مَوْلَى قُرَيْشٍ ، قَالَ : رَأَيْتُ الْمُطَّلِبَ بْنَ حَنْطَبٍ يَشْرَبُ سَوِيقَ لَوْزٍ مُمَسَّكٍ.

(۲۴۷۰۶) حضرت ہارون مولی قریش سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت مطلب بن حنطب کو بادام کے خوشبودار ستو پیتے دیکھا۔

(٤٦) سَاقِي الْقَوْمِ

لوگوں کو پلانے والا

(٢٤٧٠٧) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، وَوَكِيعٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ أَبِي الْمُخْتَارِ ، عَنِ ابْنِ أَبِي أَوْفَى ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ

صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :سَاقِي الْقَوْمِ آخِرُهُمْ. (ابو داؤد ۳۷۱۸۔ احمد ۴/ ۳۵۴)

(۲۴۷۰۷) حضرت ابن ابی اوفی سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''لوگوں کو پلانے والا ان میں سے آخری ہوتا ہے۔''

(۲۴۷۰۸) حَدَّثَنَا شَبَابَةُ بْنُ سَوَّارٍ ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ الْمُغِيرَةِ ، عَنْ ثَابِتٍ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ رَبَاحٍ ، عَنْ أَبِي قَتَادَةَ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :سَاقِي الْقَوْمِ آخِرُهُمْ. (مسلم ۳۱۱۔ ترمذی ۱۸۹۴)

(۲۴۷۰۸) حضرت ابوقتادہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''لوگوں کو پلانے والا'' ان میں سے آخری ہوتا ہے۔''

(۲۴۷۰۹) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ مُبَارَكٍ ، عَنْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ الْمُزَنِيِّ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ رَبَاحٍ ، عَنْ أَبِي قَتَادَةَ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :سَاقِي الْقَوْمِ آخِرُهُمْ.

(۲۴۷۰۹) حضرت ابوقتادہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''لوگوں کو پلانے والا'' ان میں سے آخری ہوتا ہے۔''

(٤٧) فِي الشُّرْبِ مِنْ مَاءِ الصَّدَقَةِ

صدقہ کے پانی میں سے پینے کے بارے میں

(۲۴۷۱۰) حَدَّثَنَا أَزْهَرُ ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ ، عَنْ مُحَمَّدٍ ، قَالَ :لاَ بَأْسَ بِشُرْبِ الْمَاءِ الَّذِي يُوضَعُ لِلصَّدَقَةِ.

(۲۴۷۱۰) حضرت محمد سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جو پانی صدقہ کے لئے رکھا گیا ہو اس کو پینے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

(۲۴۷۱۱) حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ ، قَالَ : حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ جَعْفَرٍ ، عَنْ أُمِّ بَكْرٍ ابْنَةِ الْمِسْوَرِ ، قَالَتْ : كَانَ الْمِسْوَرُ لاَ يَشْرَبُ مِنَ الْمَاءِ الَّذِي يُوضَعُ فِي الْمَسْجِدِ ، وَيَكْرَهُهُ ، وَيَرَى أَنَّهُ صَدَقَةٌ.

(۲۴۷۱۱) حضرت ام بکر بنت مسور سے روایت ہے۔ وہ کہتی ہیں کہ حضرت مسور اُس پانی میں سے نہیں پیتے تھے جو مسجد میں رکھا جاتا تھا اور اس کو ناپسند کرتے تھے۔ اور ان کی رائے یہ تھی کہ یہ صدقہ ہے۔

(۲۴۷۱۲) حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنْ يُونُسَ ، عَنِ الْحَسَنِ ، قَالَ :قَالَ سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ :يَا رَسُولَ اللهِ ، مُرْنِي بِصَدَقَةٍ ، قَالَ :اسْقِ الْمَاءَ ، قَالَ :فَنَصَبَ سِقَائَيْنِ ، فَلَمْ يَزَالاَ مَنْصُوبَيْنِ ، رُبَّمَا سَعَيْتُ بَيْنَهُمَا وَأَنَا غُلاَمٌ.

(ابو داؤد ۱۶۷۶۔ احمد ۶/ ۷)

(۲۴۷۱۲) حضرت حسن سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت سعد بن عبادہ نے عرض کیا۔ یا رسول اللہ ﷺ! آپ مجھے صدقہ کا حکم دیجئے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''تم پانی پلاؤ۔'' راوی کہتے ہیں۔ چنانچہ انہوں نے دو مشکیں نصب کروادیں۔ وہ نصب ہی تھیں اور میں اپنے بچپن میں ان دونوں کے درمیان دوڑا کرتا تھا۔

كِتَابُ الْعَقِيقَةِ

(١) فِي الْعَقِيقَةِ مَنْ رَآهَا

جولوگ عقیقہ کو مانتے ہیں

(٢٤٧١٣) حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ الْعُكْلِيُّ ، عَنْ حُسَيْنِ بْنِ وَاقِدٍ ، عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ :عَقَّ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ. (نسائی ۴۵۳۹۔ احمد ۵/ ۳۵۵)

(۲۴۷۱۳) حضرت ابن بریدہ، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا: جناب رسول اللہ ﷺ نے حضرت حسن رضی اللہ عنہ اور حضرت حسین رضی اللہ عنہ کی طرف سے عقیقہ فرمایا۔

(٢٤٧١٤) حَدَّثَنَا شَبَابَةُ ، قَالَ :حَدَّثَنَا مُغِيرَةُ بْنُ مُسْلِمٍ ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ ، عَنْ جَابِرٍ ، قَالَ :عَقَّ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ. (ابویعلی ۱۹۲۹۔ طبرانی ۲۵۷۳)

(۲۴۷۱۴) حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے حضرت حسن رضی اللہ عنہ اور حضرت حسین رضی اللہ عنہ کی طرف سے عقیقہ کیا۔

(٢٤٧١٥) حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ، وَيَعْلَى بْنُ عُبَيْدٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، قَالَ :عُقَّ عَنِ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ.

(۲۴۷۱۵) حضرت عکرمہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت حسن رضی اللہ عنہ اور حضرت حسین رضی اللہ عنہ کا عقیقہ کیا گیا تھا۔

(٢٤٧١٦) حَدَّثَنَا عَبْدُ الأَعْلَى ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ ، عَنْ عَلِيٍّ ، قَالَ :عَقَّ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْحَسَنِ بِشَاةٍ ،فَقَالَ :يَا فَاطِمَةُ ، اِحْلِقِي رَأْسَهُ وَتَصَدَّقِي بِزِنَةِ شَعْرِهِ ، فَوَزَنُوهُ فَكَانَ وَزْنُهُ دِرْهَمًا ، أَوْ بَعْضَ دِرْهَمٍ. (ترمذی ۱۵۱۹۔ مالك ۲)

(۲۴۷۱۶) حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت حسن رضی اللہ عنہ کی طرف سے ایک بکری عقیقہ میں ذبح فرمائی۔ اور ارشاد فرمایا۔ ''اے فاطمہ! اس کے سر کو حلق کر دو اور اس کے بالوں کے وزن کے برابر صدقہ کر دو۔'' چنانچہ ان لوگوں نے بالوں کا وزن کیا۔ تو اس کا وزن درہم یا کچھ درہم تھا۔

(٢٤٧١٧) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الأَسَدِيُّ ، عَنْ شَرِيكٍ ، عَنِ ابْنِ عَقِيلٍ ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ ، عَنْ أَبِي رَافِعٍ ، قَالَ :قَالَتْ فَاطِمَةُ :يَا رَسُولَ اللهِ ، أَلاَ أَعُقُّ عَنِ ابْنِي دَمًا ، قَالَ :لاَ ، احْلِقِي رَأْسَهُ وَتَصَدَّقِي بِوَزْنِهِ عَلَى الْمَسَاكِينِ أَوَاقِي مِنْ وَرِقٍ ، أَوْ فِضَّةٍ. (احمد ٦/ ٣٩٠۔ طبرانی ٩١٧)

(۲۴۷۱۷) حضرت ابورافع سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے سوال کیا۔ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کیا میں اپنے بیٹے کی طرف سے عقیقہ میں خون نہ بہاؤں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''نہیں'' تم اس کے سر کو حلق کر دو۔'' اور اس کے بالوں کے برابر وزن ڈھلی یا غیر ڈھلی چاندی کو مساکین پر صدقہ کر دو۔''

(٢٤٧١٨) حَدَّثَنَا حَفْصٌ ، عَنْ أَشْعَثَ ، عَنْ مُحَمَّدٍ ، قَالَ :لَوْ أَعْلَمُ أَنَّهُ لَمْ يُعَقَّ عَنِّي ، لَعَقَقْتُ عَنْ نَفْسِي.

(۲۴۷۱۸) حضرت محمد سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ اگر مجھے یہ بات معلوم ہو جائے کہ میرا عقیقہ نہیں کیا گیا تو میں اپنا عقیقہ کروں گا۔

(٢٤٧١٩) حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ ، قَالَ :كَانَ يُؤْمَرُ بِالْعَقِيقَةِ وَلَوْ بِعُصْفُورٍ.

(بیهقی ٧١)

(۲۴۷۱۹) حضرت محمد بن ابراہیم سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ عقیقہ کا حکم دیا جائے گا اگرچہ چڑیا کے ذریعہ ہی عقیقہ کیا جائے۔

(٢٤٧٢٠) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ ، عَنْ سَعِيدٍ ، عَنْ قَتَادَةَ ، عَنِ الْحَسَنِ ، عَنْ سَمُرَةَ ، عَنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ :الْغُلاَمُ رَهِينَةٌ بِعَقِيقَتِهِ ، يُذْبَحُ عَنْهُ. (ابو داؤد ٢٨٣١۔ ترمذی ١٥٢٢)

(۲۴۷۲۰) حضرت سمرہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''بچہ اپنے اس عقیقہ کا مرہون ہوتا ہے جو اس کی طرف سے ذبح کیا جاتا ہے۔

(٢٤٧٢١) حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنْ حَفْصَةَ ابْنَةِ سِيرِينَ ، عَنْ سَلْمَانَ بْنِ عَامِرٍ ؛ أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ :إِنَّ مَعَ الْغُلاَمِ عَقِيقَتَهُ ، فَأَرِيقُوا عَنْهُ دَمًا ، وَأَمِيطُوا عَنْهُ الأَذَى.

(ابن ماجه ٣١٦٤۔ احمد ٤/ ١٧)

(۲۴۷۲۱) حضرت سلمان بن عامر سے روایت ہے کہ انہوں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کہتے سنا: ''یقیناً بچہ کے ساتھ عقیقہ ہوتا ہے۔ پس تم اس کی طرف سے خون بہاؤ اور اس سے اذیت کو دور ہٹاؤ۔''

(٢٤٧٢٢) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ ، عَنْ رَجُلٍ مِنْ بَنِي ضَمْرَةَ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ :سُئِلَ رَسُولُ

اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْعَقِيقَةِ ؟ فَقَالَ : لَا يُحِبُّ اللَّهُ الْعُقُوقَ ، مَنْ وُلِدَ لَهُ مِنْكُمْ وَلَدٌ ، فَأَحَبَّ أَنْ يَنْسُكَ عَنْهُ فَلْيَفْعَلْ. (مالك ۵۰۰)

(۲۴۷۲۲) بنوضمرہ کے ایک آدمی، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ سے عقیقہ کے بارے میں سوال کیا گیا؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ (باپ اور ماں کی) نافرمانی کرنے کو پسند نہیں کرتا۔ تم میں سے جس کا بچہ پیدا ہوا اور وہ اس کی طرف سے خون بہانا چاہے تو ضرور بہائے۔''

(۲) فِي الْعَقِيقَةِ كَمْ عَنِ الْغُلَامِ ، وَكَمْ عَنِ الْجَارِيَةِ

عقیقہ کے بارے میں، بچہ کی طرف سے کتنے اور بچی کی طرف سے کتنے (جانور)

(۲٤٧٢٣) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عُبَيْدِاللهِ بْنِ أَبِي يَزِيدَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَبَّاعِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ أُمِّ كُرْزٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ : عَنِ الْغُلَامِ شَاتَانِ مُكَافِئَتَانِ ، وَعَنِ الْجَارِيَةِ شَاةٌ ، لَا يَضُرُّكُمْ إِنَاثًا كُنَّ أَمْ ذُكْرَانًا.

(ابوداؤد ۲۸۲۹۔ ترمذی ۱۵۱۶)

(۲۴۷۲۳) حضرت ام کرز، جناب نبی کریم ﷺ سے روایت کرتی ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: ''بچہ کی طرف سے دو پوری بکریاں اور بچی کی طرف سے ایک بکری۔'' اس بات سے تمہارا کوئی نقصان نہیں ہوگا کہ وہ بکریاں ہوں یا بکرے ہوں۔''

(۲٤٧٢٤) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنْ عَمْرٍو ، عَنْ عَطَاءٍ ، عَنْ حَبِيبَةَ بِنْتِ مَيْسَرَةَ ، عَنْ أُمِّ كُرْزٍ ؛ سَمِعَتْ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ : عَنِ الْغُلَامِ شَاتَانِ مُكَافِئَتَانِ ، وَعَنِ الْجَارِيَةِ شَاةٌ. (احمد ۶/ ۴۲۲۔ دارمی ۱۹۶۶)

(۲۴۷۲۴) حضرت ام کرز سے روایت ہے کہ میں نے جناب رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا۔ ''بچہ کی طرف سے دو پوری بکریاں اور بچہ کی طرف سے ایک بکری۔''

(۲٤٧٢٥) حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ ، عَنْ أَسْلَمَ ، عَنْ عَطَاءٍ ؛ أَنَّ أُمَّ السَّبَّاعِ سَأَلَتْ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : أَعُقُّ عَنْ أَوْلَادِي ؟ قَالَ : نَعَمْ ، عَنِ الْغُلَامِ شَاتَانِ ، وَعَنِ الْجَارِيَةِ شَاةٌ.

(۲۴۷۲۵) حضرت عطاء سے روایت ہے کہ حضرت ام السباع نے جناب رسول اللہ ﷺ سے سوال کیا۔ کیا میں اپنی اولاد کی طرف سے عقیقہ کروں؟ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''ہاں۔'' بچہ کی طرف سے دو بکریاں اور بچی کی طرف سے ایک بکری۔''

(۲٤٧٢٦) حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ ، عَنْ يَزِيد ، عَنْ عَطَاءٍ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ، قَالَ : عَنِ الْغُلَامِ شَاتَانِ ، وَعَنِ الْجَارِيَةِ شَاةٌ.

(۲۴۷۲۶) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ بچے کی طرف سے دو بکریاں اور بچی کی طرف سے ایک بکری۔''

(۲٤٧٢٧) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ قَيْسٍ ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ جَدِّهِ ، قَالَ : سُئِلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْعَقِيقَةِ ؟ فَقَالَ : لَا أُحِبُّ الْعُقُوقَ ، مَنْ وُلِدَ لَهُ مَوْلُودٌ ، فَأَحَبَّ أَنْ يَنْسُكَ عَنْهُ فَلْيَفْعَلْ؛

عَنِ الْغُلَامِ شَاتَانِ ، وَعَنِ الْجَارِيَةِ شَاةٌ. (ابوداؤد ۲۸۳۵۔ احمد ۲/ ۱۸۵)

(۲۴۷۲۷) حضرت عمرو بن شعیب، اپنے والد سے، اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ سے عقیقہ کے بارے میں سوال کیا گیا؟ تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''میں (والدین کی) نافرمانی کرنے کو پسند نہیں کرتا۔ جس آدمی کے بچہ پیدا ہو اور وہ اس کی طرف سے قربانی کرنے کو پسند کرے تو اس کو قربانی کرنی چاہیے، بچہ کی طرف سے دو بکریاں اور بچی کی طرف سے ایک بکری۔''

(٢٤٧٢٨) حَدَّثَنَا شِهَابُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفَاضِرِيُّ ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ الأَسْوَدِ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ، قَالَ :فِي الْعَقِيقَةِ شَاتَانِ مُكَافِئَتَانِ ، وَعَنِ الْجَارِيَةِ شَاةٌ.

(۲۴۷۲۸) حضرت مجاہد سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ عقیقہ میں دو پوری بکریاں ہیں اور بچی کی طرف سے ایک بکری ہوگی۔

(٢٤٧٢٩) حَدَّثَنَا عَفَّانُ ، قَالَ :حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُثْمَانَ ، عَنْ يُوسُفَ بْنِ مَاهِكٍ ، عَنْ حَفْصَةَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ ، عَنْ عَائِشَةَ ؛ أَنَّهَا قَالَتْ :أَمَرَنَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ نَعُقَّ عَنِ الْغُلَامِ شَاتَانِ ، وَعَنِ الْجَارِيَةِ شَاةٌ. (ترمذی ۱۵۱۳۔ احمد ۶/ ۱۵۸)

(۲۴۷۲۹) حضرت حفصہ بنت عبدالرحمٰن، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے بارے میں روایت کرتی ہیں کہ انہوں نے ارشاد فرمایا: جناب رسول اللہ ﷺ نے ہمیں حکم دیا کہ ہم عقیقہ کریں بچہ کی طرف سے دو بکریاں اور بچی کی طرف سے ایک بکری۔

(٢٤٧٣٠) حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ ، عَنْ عَطَاءٍ ، عَنْ عَائِشَةَ ، أَنَّهَا قَالَتْ :السُّنَّةُ عَنِ الْغُلَامِ شَاتَانِ مُكَافِئَتَانِ ، وَعَنِ الْجَارِيَةِ شَاةٌ.

(۲۴۷۳۰) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے وہ کہتی ہیں کہ غلام (بچہ) کی طرف سے دو پوری بکریاں اور بچی کی طرف سے ایک بکری کا (عقیقہ کرنا) سنت ہے۔

(٣) مَنْ قَالَ يُسَوَّى بَيْنَ الْغُلَامِ وَالْجَارِيَةِ

جو لوگ کہتے ہیں کہ بچہ اور بچی میں برابری کی جائے گی

(٢٤٧٣١) حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ؛ أَنَّهُ كَانَ يَقُولُ:عَنِ الْجَارِيَةِ وَعَنِ الْغُلَامِ، شَاةٌ، شَاةٌ.

(۲۴۷۳۱) حضرت نافع، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ فرمایا کرتے تھے کہ بچہ اور بچی کی طرف سے ایک ایک بکری ہوگی۔

(٢٤٧٣٢) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ ، عَنْ سَعِيدٍ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْقَاسِمِ ، عَنْ أَبِيهِ ؛ أَنَّهُ كَانَ يَعُقُّ عَنِ الْغُلَامِ وَالْجَارِيَةِ ، شَاةً ، شَاةً.

(۲۴۷۳۲) حضرت عبدالرحمٰن بن قاسم، اپنے والد کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ بچہ اور بچی کی طرف سے ایک ایک بکری کا عقیقہ کرتے تھے۔

(٢٤٧٣٣) حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ ، عَنْ أَبِيهِ ؛ أَنَّهُ كَانَ يَعُقُّ عَنِ الْغُلاَمِ وَالْجَارِيَةِ شَاةً ، شَاةً.

(۲۴۷۳۳) حضرت ہشام بن عروہ، اپنے والد کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ بچہ اور بچی کی طرف سے ایک ایک بکری عقیقہ کیا کرتے تھے۔

(٢٤٧٣٤) حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ ، عَنْ يَزِيدَ ، عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ ، قَالَ :شَاةٌ ، شَاةٌ.

(۲۴۷۳۴) حضرت ابوجعفر سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ ایک ایک بکری ہے۔

(٢٤٧٣٥) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ ، عَنْ جَعْفَرٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ :هُمَا سَوَاءٌ.

(۲۴۷۳۵) حضرت جعفر، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا: دونوں برابر ہیں۔

(٢٤٧٣٦) حَدَّثَنَا عَبْدُ الأَعْلَى ، عَنْ مَعْمَرٍ ، عَنِ الزُّهْرِيِّ ؛ أَنَّهُ كَانَ يَقُولُ فِي الْعَقِيقَةِ :يُعَقُّ عَنِ الْغُلاَمِ وَالْجَارِيَةِ ، شَاةٌ ، شَاةٌ.

(۲۴۷۳۶) حضرت معمر، حضرت زہری کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ کہا کرتے تھے عقیقہ کے بارے میں۔ بچہ اور بچی کی طرف سے ایک ایک بکری عقیقہ میں ذبح کی جائے گی۔

(٤) فِي أَيِّ يَوْمٍ تُذْبَحُ الْعَقِيقَةُ ؟

کون سے دن عقیقہ ذبح کیا جائے گا

(٢٤٧٣٧) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ ، عَنْ سَعِيدٍ ، عَنْ قَتَادَةَ ، عَنِ الْحَسَنِ ، عَنْ سَمُرَةَ ، عَنْ نَبِيِّ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ :يُذْبَحُ عَنْهُ يَوْمَ السَّابِعِ ، وَيُحْلَقُ رَأْسُهُ وَيُسَمَّى.

(۲۴۷۳۷) حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ، جناب نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''ساتویں روز بچہ کی طرف سے (عقیقہ) ذبح کیا جائے گا اور اس کا سر مونڈا جائے گا اور نام رکھا جائے گا۔''

(٢٤٧٣٨) حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ ؛ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَ بِالْعَقِيقَةِ يَوْمَ السَّابِعِ لِلْمَوْلُودِ ، وَوَضْعِ الأَذَى ، وَتَسْمِيَتِهِ.

(۲۴۷۳۸) حضرت عمرو بن شعیب سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے بچہ کے لئے ساتویں روز عقیقہ کرنے کا اور سر صاف کرنے کا اور بچہ کا نام رکھنے کا حکم دیا۔

(٢٤٧٣٩) حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ ، قَالَ : كَانَ لاَ يَرَى بَأْسًا أَنْ يُعَقَّ قَبْلَ السَّابِعِ ، أَوْ

بَعْدَهُ ، وَكَانَ يَقُولُ :اجْعَلْ لَحْمَ الْعَقِيقَةِ كَيْفَ شِئْتَ.

(۲۴۷۳۹) حضرت معتمر بن سلیمان، اپنے والد سے، حضرت ابن سیرین کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ ساتویں روز سے قبل اور اس کے بعد عقیقہ کرنے میں کوئی حرج نہیں دیکھتے تھے۔ اور فرمایا کرتے تھے۔ عقیقہ کے گوشت کو تم جس طرح چاہو ویسے ہی کرو۔

(٢٤٧٤٠) حَدَّثَنَا عَبْدُ الأَعْلَى ، عَنْ يُونُسَ ، عَنِ الْحَسَنِ ؛ أَنَّهُ قَالَ :فِي الْعَقِيقَةِ شَاةٌ مُسِنَّةٌ ، تُذْبَحُ عَنْهُ يَوْمَ سَابِعِهِ، وَيُحْلَقُ رَأْسُهُ ، وَيُسَمَّى.

(۲۴۷۴۰) حضرت حسن رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ عقیقہ میں ایک مُسِنّہ بکری ہوتی ہے جو ساتویں دن بچہ کی طرف سے ذبح کی جاتی ہے اور بچہ کا سر صاف کیا جاتا ہے اور نام رکھا جاتا ہے۔

(٢٤٧٤١) حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ أَبِي سُلَيْمَانَ ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ أَعْيَنَ ، عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ، قَالَ :كَانَتْ فَاطِمَةُ تَعُقُّ عَنْ وَلَدِهَا يَوْمَ السَّابِعِ ، وَتُسَمِّيهِ ، وَتَخْتِنُهُ ،وَتَحْلِقُ رَأْسَهُ ، وَتَتَصَدَّقُ بِوَزْنِهِ وَرِقًا.

(۲۴۷۴۱) حضرت ابو جعفر سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت فاطمہ، اپنے بچوں کی طرف سے ساتویں دن عقیقہ کرتی تھیں اور اس کا نام رکھتی تھیں اور اس کے ختنے کرواتی تھیں اور اس کا سر صاف کرتی تھیں اس کے (بالوں کے) ہم وزن چاندی صدقہ کیا کرتی تھیں۔

(٢٤٧٤٢) حَدَّثَنَا عَفَّانُ ، قَالَ :حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ ، قَالَ :حَدَّثَنَا عَطَاءُ بْنُ السَّائِبِ ، عَنْ مُحَارِبِ بْنِ دِثَارٍ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ ، قَالَ فِي الْعَقِيقَةِ :تُذْبَحُ عَنْهُ يَوْمَ السَّابِعِ ، وَيُحْلَقُ رَأْسُهُ ، وَيُتَصَدَّقُ بِوَزْنِ شَعْرِهِ فِضَّةً ، وَيُلَطَّخُ رَأْسُهُ بِالدَّمِ.

(۲۴۷۴۲) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ وہ عقیقہ کے بارے میں فرماتے ہیں۔ بچہ کی طرف سے ساتویں روز ذبح کیا جائے گا۔ بچہ کا سر صاف کیا جائے گا۔ اور اس کے بالوں کے ہم وزن چاندی صدقہ کی جائے گی اور اس کے سر کو خون سے آلودہ کیا جائے گا۔

(٥) فِي الْعَقِيقَةِ يُؤْكَلُ مِنْ لَحْمِهَا

عقیقہ کے بارے میں کہ اس کا گوشت کھایا جائے گا

(٢٤٧٤٣) حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُبَارَكٍ ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنِ الْحَسَنِ ، وَابْنِ سِيرِينَ ؛ أَنَّهُمَا كَانَا يَكْرَهَانِ مِنَ الْعَقِيقَةِ مَا يَكْرَهَانِ مِنَ الأُضْحِيَّةِ ، قَالَ :وَهِيَ عِنْدَهُمَا بِمَنْزِلَةِ الأُضْحِيَّةِ ، يَأْكُلُ وَيُطْعِمُ.

(۲۴۷۴۳) حضرت ہشام، حضرت حسن اور حضرت ابن سیرین کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ یہ دونوں حضرات عقیقہ میں

بھی ان چیزوں کو ناپسند سمجھتے تھے جن کو یہ قربانی میں ناپسند سمجھتے تھے۔ راوی کہتے ہیں کہ عقیقہ ان حضرات کے ہاں قربانی کے بمنزلہ تھا۔ یعنی خود بھی کھایا جاسکتا ہے اور دوسروں کو بھی کھلایا جاسکتا ہے۔

(٢٤٧٤٤) حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ إِدْرِيسَ ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ ، عَنْ عَطَاءٍ ، عَنْ عَائِشَةَ ، قَالَتْ :تُجْعَلُ جُدُولاً، فَيُطْبَخُ، فَيَأْكُلُ وَيُطْعِمُ.

(۲۴۷۴۴) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ وہ فرماتی ہیں۔ عقیقہ کے گوشت کو جوڑوں سے علیحدہ کرلیا جائے گا اور خود بھی کھاسکتا ہے دوسروں کو بھی کھلاسکتا ہے۔

(٦) مَنْ قَالَ لاَ يُكْسَرُ لِلْعَقِيقَةِ عَظْمٌ

جولوگ کہتے ہیں کہ عقیقہ کی ہڈی نہیں توڑی جائے گی

(٢٤٧٤٥) حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ ، عَنْ جَعْفَرٍ ، عَنْ أَبِيهِ ؛ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَ بِالْعَقِيقَةِ الَّتِي عَقَّتْهَا فَاطِمَةُ عَنِ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ ، يَبْعَثُوا إِلَى الْقَابِلَةِ مِنْهَا بِرِجْلٍ ، قَالَ :وَلاَ يُكْسَرُ مِنْهَا عَظْمٌ.

(ابو داؤد ۲۷۹۳)

(۲۴۷۴۵) حضرت جعفر، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس عقیقہ کے بارے میں حکم فرمایا جو حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے حضرت حسین کی طرف سے کیا تھا کہ دائی کو اس عقیقہ میں سے ایک ٹانگ بھیجیں اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''عقیقہ کی ہڈی نہ توڑی جائے۔''

(٢٤٧٤٦) حَدَّثَنَا عَبْدَةُ ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ ، عَنْ عَطَاءٍ ، عَنْ عَائِشَةَ ، قَالَتْ :تُطْبَخُ جُدُولاً ، وَلاَ يُكْسَرُ مِنْهَا عَظْمٌ.

(۲۴۷۴۶) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے۔ وہ کہتی ہیں کہ عقیقہ (کے جانور) کو جوڑوں سے علیحدہ کر کے پکایا جائے گا اور اس کی ہڈی نہ توڑی جائے گی۔

(٢٤٧٤٧) حَدَّثَنَا مَعْنُ بْنُ عِيسَى ، عَنِ ابْنِ أَبِي ذِئْبٍ ، عَنِ الزُّهْرِيِّ ، قَالَ :سَأَلْتُهُ عَنِ الْعَقِيقَةِ ؟ فَقَالَ :لاَ تُكْسَرُ عِظَامُهَا وَرَأْسُهَا ، وَلاَ يُمَسّ الصَّبِيّ بِشَيْءٍ مِنْ دَمِهَا.

(۲۴۷۴۷) حضرت ابن ابی ذئب، حضرت زہری کے بارے میں روایت کرتے ہیں۔ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت زُہری سے عقیقہ کے بارے میں سوال کیا؟ تو انہوں نے فرمایا اس کی ہڈیاں اور سری کو نہ توڑا جائے گا اور بچہ کو اس کا خون بھی مَس نہیں کیا جائے گا۔

(٢٤٧٤٨) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنِ النَّهَّاسِ بْنِ قَهْمٍ، قَالَ :سَمِعْتُ عَطَاءً يَقُولُ: كَانُوا يَسْتَحِبُّونَ أَنْ لاَ يُكْسَرَ لِلْعَقِيقَةِ عَظْمٌ.

(۲۴۷۴۸) حضرت نہاس بن قہم سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عطاء کو یہ کہتے سُنا کہ پہلے حضرات اس بات کو پسند کرتے تھے کہ عقیقہ کی ہڈی کو نہ توڑا جائے۔

(٢٤٧٤٩) حَدَّثَنَا عَبْدُ الأَعْلَى ، عَنْ هِشَام ، عَنِ الْحَسَنِ ، وَمُحَمَّدٍ ؛ أَنَّهُمَا كَرِهَا أَنْ يُلَطَّخَ رَأْسُ الصَّبِيِّ بِشَيْءٍ مِنْ دَمِ الْعَقِيقَةِ ، وَقَالَ الْحَسَنُ :الدَّمُ رِجْسٌ.

(۲۴۷۴۹) حضرت ہشام، حضرت حسن اور حضرت محمد کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ یہ دونوں حضرات اس بات کو ناپسند کرتے تھے کہ بچہ کے سر کو عقیقہ کے خون سے آلودہ کیا جائے اور حضرت حسن کا ارشاد ہے۔ خون ناپاک شئی ہے۔

(٧) مَنْ قَالَ إِذَا ضَحَّى عَنْهُ أَجْزَأَتْهُ مِنَ الْعَقِيقَةِ

جو حضرات کہتے ہیں جب بچہ کی طرف سے قربانی ہو تو یہ عقیقہ کی طرف سے بھی کافی ہو جاتی ہے

(٢٤٧٥٠) حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ مَطَرٍ ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنِ الْحَسَنِ ، قَالَ :إِذَا ضَحَّوا عَنِ الْغُلاَمِ فَقَدْ أَجْزَأَتْ عَنِ الْعَقِيقَةِ.

(۲۴۷۵۰) حضرت حسن سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جب بچہ کی طرف سے گھر والے قربانی کر دیں تو یہ عقیقہ کی طرف سے کافی ہو جائے گی۔

(٢٤٧٥١) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنِ الْحَسَنِ ، وَابْنِ سِيرِينَ ، قَالاَ :تُجْزِءُ عَنْهُ مِنَ الْعَقِيقَةِ الأُضْحِيَّةُ.

(۲۴۷۵۱) حضرت حسن اور حضرت ابن سیرین دونوں سے روایت ہے۔ یہ کہتے ہیں بچہ کے عقیقہ کی طرف سے قربانی کفایت کر جائے گی۔

(٢٤٧٥٢) حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ مَطَرٍ ، عَنْ سَعِيدٍ ، عَنْ قَتَادَةَ ، قَالَ :لاَ تُجْزِءُ عَنْهُ حَتَّى يُعَقَّ عَنْهُ.

(۲۴۷۵۲) حضرت قتادہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جب تک بچہ کی طرف سے عقیقہ نہ کیا جائے قربانی کفایت نہیں کرتی۔

(٨) مَا يُقَالُ عَلَى الْعَقِيقَةِ إِذَا ذُبِحَتْ

جب عقیقہ کو ذبح کیا جائے تو کیا کہا جائے

(٢٤٧٥٣) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، قَالَ :أَخْبَرَنَا هِشَامٌ الدَّسْتَوَائِيُّ ، عَنْ قَتَادَةَ ، قَالَ :يُسَمَّى عَلَى الْعَقِيقَةِ كَمَا يُسَمَّى عَلَى الأُضْحِيَّةِ :بِسْمِ اللهِ ، عَقِيقَةُ فُلاَنٍ.

(۲۴۷۵۳) حضرت قتادہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ جس طرح قربانی پر بسم اللہ پڑھی جاتی ہے اسی طرح عقیقہ پر بسم اللہ پڑھی جائے گی۔ یعنی بسم اللہ فلاں کا عقیقہ ہے۔

(٢٤٧٥٤) حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ مَطَرٍ ، عَنْ سَعِيدٍ ، قَالَ :سُئِلَ قَتَادَةُ: كَيْفَ تُنْحَرُ الْعَقِيقَةُ ؟ قَالَ :يَسْتَقْبِلُ بِهَا الْقِبْلَةَ ، ثُمَّ يَضَعُ الشَّفْرَةَ عَلَى حَلْقِهَا ، ثُمَّ يَقُولُ :اللَّهُمَّ مِنْكَ وَلَكَ ، عَقِيقَةُ فُلاَنٍ ، بِسْمِ اللهِ وَاللَّهُ أَكْبَرُ ، ثُمَّ يَذْبَحُهَا.

(۲۴۷۵۴) حضرت سعید سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت قتادہ سے سوال کیا گیا کہ عقیقہ کو کیسے ذبح کیا جائے گا۔؟ انہوں

نے جواب دیا۔ آدمی عقیقہ کو قبلہ رُخ کرے پھر اس کے حلق پر چھری چلائے، پھر کہے۔ اے اللہ! تیری جناب سے ہی ملی ہے اور تیرے لیے ہی ذبح ہو رہی ہے۔ فلاں کا عقیقہ ہے۔ بسم اللہ واللہ اکبر پھر اس کو ذبح کر دے۔

(۹) مَنْ كَانَ يَعُقُّ بِالْجُزُرِ

جو لوگ اونٹنی کو عقیقہ میں ذبح کرتے ہیں

(۲٤٧٥٥) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ حُرَيْثِ بْنِ السَّائِبِ ، عَنِ الْحَسَنِ ؛ أَنَّ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ كَانَ يَعُقُّ عَنْ وَلَدِهِ بِالْجُزُرِ.

(۲۴۷۵۵) حضرت حسن سے روایت ہے کہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ اپنے بچوں کی طرف سے اونٹ کو عقیقہ میں ذبح کرتے تھے۔

(۱۰) مَنْ قَالَ لَيْسَ عَلَى الْجَارِيَةِ عَقِيقَةٌ

جو لوگ کہتے ہیں بچی کا عقیقہ نہیں ہوتا

(۲٤٧٥٦) حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ يُوسُفَ ، عَنْ عَمْرٍو ، عَنِ الْحَسَنِ ، وَمُحَمَّدٍ ؛ أَنَّهُمَا كَانَا لاَ يَرَيَانِ عَنِ الْجَارِيَةِ عَقِيقَةٌ.

(۲۴۷۵۶) حضرت عمرو، حضرت حسن اور حضرت محمد رحمہ اللہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ دونوں حضرات بچی کی طرف سے عقیقہ کی رائے نہیں رکھتے تھے۔

(۲٤٧٥٧) حَدَّثَنَا حُرَيْثٌ ، عَنْ جَرِيرٍ ، عَنْ مُغِيرَةَ ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ ، قَالَ : لاَ يُعَقُّ عَنِ الْجَارِيَةِ ، وَلاَ تُكْرَمُ.

(۲۴۷۵۷) حضرت ابو وائل سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ بچی کی طرف سے نہ تو عقیقہ کیا جائے گا اور نہ ہی مہمانوں کو بلا کر ان کا اکرام کیا جائے گا۔

كِتَابُ الأَطْعِمَةِ

(١) فِي أَكْلِ الأَرْنَبِ

خرگوش کھانے کے بارے میں

(٢٤٧٥٨) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ هَارُونَ بْنِ أَبِي إِبْرَاهِيمَ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ ؛ أَنَّ رَجُلاً سَأَلَهُ عَنِ الأَرْنَبِ؟ فَقَالَ : لاَ بَأْسَ بِهَا ، قَالَ : إِنَّهَا تَحِيضُ ، قَالَ : إِنَّ الَّذِي يَعْلَمُ حَيْضَهَا يَعْلَمُ طُهْرَهَا ، وَإِنَّمَا هِيَ حَامِلٌ مِنَ الْحَوَامِلِ.

(۲۴۷۵۸) حضرت ہارون بن ابی ابراہیم، حضرت عبداللہ بن عمیر کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ کسی آدمی نے ان سے خرگوش کے بارے میں سوال کیا؟ تو انہوں نے جواب دیا۔ اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔ سائل نے پوچھا۔ اس کو حیض آتا ہے۔ آپ نے فرمایا: جس کو اس کے حیض کا پتہ ہے اس کو اس کے طہر کا بھی پتہ ہے۔ یہ تو حاملہ ہونے والیوں میں سے ایک حاملہ ہے۔

(٢٤٧٥٩) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ هِشَامِ بْنِ زَيْدِ بْنِ أَنَسٍ ، عَنْ أَنَسٍ ، قَالَ : سَمِعْتُهُ يَقُولُ : أَنْفَجْنَا أَرْنَبًا بِمَرِّ الظَّهْرَانِ ، فَسَعَى عَلَيْهَا الْغِلْمَانُ حَتَّى لَغِبُوا ، ثُمَّ أَدْرَكْتُهَا ، فَأَتَيْتُ بِهَا أَبَا طَلْحَةَ فَذَبَحَهَا ، ثُمَّ بَعَثَ مَعِي إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِوَرِكِهَا ، فَقَبِلَهَا. (بخاری ۲۵۷۲۔ مسلم ۵۳)

(۲۴۷۵۹) حضرت ہشام بن زید بن انس، حضرت انس رضی اللہ عنہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں۔ کہتے ہیں کہ میں نے انہیں یہ کہتے سُنا۔ ہم نے مرالظہران کے مقام پر ایک خرگوش کو بدکا کر باہر نکالا۔ پس اس کے پیچھے بچے دوڑ پڑے یہاں تک کہ بچے بہت تھک گئے پھر میں نے اس کو (خرگوش کو) پکڑ لیا اور میں اس کو لے کر حضرت ابوطلحہ کے پاس گیا پس انہوں نے اس کو ذبح کر دیا۔ اور پھر اس کی سرین دے کر مجھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بھیجا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو قبول فرمالیا۔

(٢٤٧٦٠) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ يَحْيَى ، عَنْ مُوسَى بْنِ طَلْحَةَ ؛ أَنَّ رَجُلاً سَأَلَ عُمَرَ عَنِ الأَرْنَبِ ؟ فَقَالَ عُمَرُ :لَوْلاَ أَنِّى أَكْرَهُ أَنْ أَزِيدَ فِى الْحَدِيثِ ، أَوْ أَنْقُصَ مِنْهُ ، وَسَأُرْسِلُ لَكَ إِلَى رَجُلٍ ، فَأَرْسَلَ إِلَى عَمَّارٍ فَجَاءَ ، فَقَالَ :كُنَّا مَعَ النَّبِىِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَزَلْنَا فِى مَوْضِعِ كَذَا وَكَذَا ، قَالَ :فَأَهْدَى إِلَيْهِ رَجُلٌ مِنَ الأَعْرَابِ أَرْنَبًا فَأَكَلْنَاهَا ، فَقَالَ الأَعْرَابِىُّ :إِنِّى رَأَيْتُ دَمًا ، فَقَالَ النَّبِىُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :لاَ بَأْسَ.

(احمد ۱/ ۳۱۔ ابو یعلی ۱۶۱۲)

(۲۴۷۶۰) حضرت موسیٰ بن طلحہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے خرگوش کے متعلق سوال کیا؟ تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جواباً ارشاد فرمایا۔ اگر مجھے یہ بات ناپسند نہ ہوتی کہ مجھ سے حدیث (بیان کرنے) میں کمی یا زیادتی ہو جائے گی۔ (تو میں خود بیان کرتا) لیکن میں تمہارے لئے عنقریب ایک آدمی کی طرف قاصد روانہ کروں گا۔ چنانچہ آپ رضی اللہ عنہ نے حضرت عمار رضی اللہ عنہ کی طرف قاصد بھیجا۔ پس وہ تشریف لائے۔ تو انہوں نے فرمایا۔ ہم جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ تھے۔ پس ہم ایسی ایسی جگہ پر اُترے۔ حضرت عمار رضی اللہ عنہ نے کہا۔ ایک دیہاتی نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک خرگوش ہدیۃً بھیجا۔ پس ہم نے اس کو کھایا۔ دیہاتی نے کہا۔ میں نے خون دیکھا ہے۔ تو اس پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''کوئی حرج نہیں ہے۔''

(٢٤٧٦١) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ هَمَّامٍ ، عَنْ قَتَادَةَ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ ، عَنْ سَعْدٍ ؛ أَنَّهُ أَكَلَهَا ، قَالَ :فَقُلْتُ لِسَعِيدٍ :مَا تَقُولُ فِيهَا ؟ قَالَ :كُنْتُ آكُلُهَا.

(۲۴۷۶۱) حضرت سعید بن مسیب، حضرت سعد کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے خرگوش کھایا تھا۔ راوی کہتے ہیں کہ میں نے حضرت سعید سے پوچھا۔ آپ اس کے بارے میں کیا کہتے ہیں۔ انہوں نے فرمایا: میں بھی اس کو کھاتا ہوں۔

(٢٤٧٦٢) حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مَيْسَرَةَ ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ سَعْدٍ ؛ أَنَّ بِلاَلاً رَمَى أَرْنَبًا بِعَصًى ، فَكَسَرَ قَوَائِمَهَا ، فَذَبَحَهَا فَأَكَلَهَا.

(۲۴۷۶۲) حضرت عبید بن سعد سے روایت ہے کہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے ایک خرگوش کو لاٹھی سے مارا اور اس کے پاؤں توڑ ڈالے پھر آپ رضی اللہ عنہ نے اس کو ذبح کر کے کھالیا۔

(٢٤٧٦٣) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنِ الْحَسَنِ ، قَالَ :كَانَ لاَ يَرَى بِأَكْلِ الأَرْنَبِ بَأْسًا.

(۲۴۷۶۳) حضرت ہشام، حضرت حسن رحمہ اللہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ خرگوش کھانے میں کوئی حرج نہیں دیکھتے تھے۔

(٢٤٧٦٤) حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ ، عَنْ زَمْعَةَ ، عَنِ ابْنِ طَاوُوسٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ :الأَرْنَبُ حَلاَلٌ.

(۲۴۷۶۴) حضرت طاؤس، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا۔ خرگوش حلال ہے۔

(٢٤٧٦٥) حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ ، عَنْ أَبِى الْوَسِيمِ ، قَالَ :سَأَلْتُ حَسَنَ بْنَ حَسَنِ بْنِ عَلِىٍّ عَنِ الأَرْنَبِ ؟ فَقَالَ : أَعَافُهَا ، وَلاَ أُحَرِّمُهَا عَلَى الْمُسْلِمِينَ.

(۲۴۷۶۵) حضرت ابوالوسیم سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت حسن بن حسن بن علی رضی اللہ عنہ سے خرگوش کے بارے میں سوال کیا؟ تو انہوں نے فرمایا: میں اس کو ناپسند کرتا ہوں اور اس کو مسلمانوں پر حرام نہیں کرتا۔

(٢٤٧٦٦) حَدَّثَنَا أَبُو الأَحْوَصِ ، عَنْ عَاصِمٍ ، عَنِ الشَّعْبِيِّ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ صَيْفِي ، قَالَ : أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِأَرْنَبَيْنِ قَدْ ذَبَحْتُهُمَا بِمَرْوَةَ ، فَأَمَرَنِي بِأَكْلِهِمَا.

(۲۴۷۶۶) حضرت محمد بن صیفی سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں جناب نبی کریم ﷺ کی خدمت میں وہ دو خرگوش لے کر حاضر ہوا جنہیں میں نے مقام مروہ میں ذبح کیا تھا تو آپ ﷺ نے مجھے ان دونوں کو کھانے کا حکم فرمایا۔

(٢٤٧٦٧) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، قَالَ : أَخْبَرَنَا دَاوُد بْنُ أَبِي هِنْدٍ ، عَنِ الشَّعْبِيِّ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ صَفْوَانَ ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ؛ مِثْلَ حَدِيثِ أَبِي الأَحْوَصِ.

(۲۴۷۶۷) حضرت محمد بن صفوان، جناب نبی کریم ﷺ سے حضرت ابوالاحوص کی حدیث کی مثل ہی روایت کرتے ہیں۔

(۲) مَنْ كَرِهَ أَكْلَ الأَرْنَبِ

جو لوگ خرگوش کھانے کو ناپسند کرتے ہیں

(٢٤٧٦٨) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنِ الْحَكَمِ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى ؛ أَنَّهُ كَرِهَ أَكْلَهَا.

(۲۴۷۶۸) حضرت حکم، حضرت عبدالرحمن بن ابی لیلیٰ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ خرگوش کھانے کو ناپسند سمجھتے تھے۔

(٢٤٧٦٩) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ أَبِي مَكِينٍ ، عَنْ عِكْرِمَةَ ؛ أَنَّهُ كَرِهَهَا.

(۲۴۷۶۹) حضرت ابی مکین، حضرت عکرمہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے خرگوش (کھانے) کو ناپسند فرمایا۔

(٢٤٧٧٠) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ هَمَّامٍ ، عَنْ قَتَادَةَ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ ، عَنِ ابْنِ عَمْرٍو ، أَوِ ابْنِ عُمَرَ ؛ أَنَّهُ كَرِهَهَا.

(۲۴۷۷۰) حضرت سعید بن مسیب، حضرت ابن عمرو یا حضرت ابن عمر کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ خرگوش (کھانے) کو ناپسند کرتے تھے۔

(٢٤٧٧١) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ وَاضِحٍ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ بْنِ أَبِي الْمُخَارِقِ ، عَنْ حِبَّانَ بْنِ جَزْءٍ ، عَنْ أَخِيهِ خُزَيْمَةَ بْنِ جَزْءٍ ، قَالَ : قُلْتُ : يَا رَسُولَ اللهِ ، جِئْتُكَ لأَسْأَلَكَ عَنْ أَحْنَاشِ الأَرْضِ ، مَا تَقُولُ فِي الأَرْنَبِ ؟ قَالَ : لاَ آكُلُهُ ، وَلاَ أُحَرِّمُهُ ، قُلْتُ : فَإِنِّي آكُلُ مِمَا لَمْ تُحَرِّمْهُ ، وَلِمَ يَا رَسُولَ اللهِ ؟ قَالَ : أُنْبِئْتُ أَنَّهَا تَدْمَى. (بخاری ۵۰۷۔ ابن ماجه ۳۲۴۵)

(۲۴۷۷۱) حضرت حبان بن جزء، اپنے بھائی حضرت خزیمہ بن جزء سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے کہا۔ میں نے عرض کیا۔ یا رسول اللہ ﷺ! میں آپ کی خدمت میں اس غرض سے حاضر ہوا ہوں تا کہ میں آپ سے زمین کے قابل شکار کیڑے مکوڑوں کے

بارے میں سوال کروں۔ آپ خرگوش کے بارے میں کیا فرماتے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ''نہ میں اس کو کھاتا ہوں اور نہ اس کو حرام قرار دیتا ہوں۔'' میں نے عرض کیا۔ جس چیز کو آپ نے حرام قرار نہیں دیا۔ میں اس کو کھاؤں۔ کیوں۔ یا رسول اللہ ﷺ! آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''مجھے بتایا گیا ہے کہ خون ڈالتا ہے۔ (اس کو حیض آتا ہے)۔

(۳) فِي أَكْلِ الضَّبُعِ

بجو کھانے کے بارے میں

(٢٤٧٧٢) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ ، قَالَ :أَخْبَرَنِي نَافِعٌ ، قَالَ :قِيلَ لابْنِ عُمَرَ :إِنَّ سَعْدًا يَأْكُلُ الضِّبَاعَ ، فَلَمْ يُنْكِرْ ذَلِكَ.

(۲۴۷۷۲) حضرت نافع بیان کرتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے کہا گیا۔ حضرت سعد رضی اللہ عنہ بجو کو کھاتے ہیں۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے اس پر انکار نہیں فرمایا۔

(٢٤٧٧٣) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ ، عَنْ عَطَاءٍ ، قَالَ :لاَ بَأْسَ بِأَكْلِهَا ، وَقَالَ :هِيَ صَيْدٌ.

(۲۴۷۷۳) حضرت عطاء سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ اس کو کھانے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ اور فرمایا..... یہ تو شکار ہے۔

(٢٤٧٧٤) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ أَبِي الْمِنْهَالِ نَصْرِ بْنِ أَوْسٍ ، عَنْ عَمِّهِ عَبْدِ اللهِ بْنِ زَيْدٍ ، قَالَ :سَأَلْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ عَنِ الضَّبُعِ ؟ قَالَ :نَعْجَةٌ مِنَ الْغَنَمِ.

(۲۴۷۷۴) حضرت ابوالمنہال نصر بن اوس، اپنے چچا حضرت عبداللہ بن زید سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا۔ میں نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے بجو کے بارے میں سوال کیا؟ تو انہوں نے فرمایا: یہ بکریوں میں سے ایک بکری ہے۔

(٢٤٧٧٥) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ مَعْقِلٍ ، عَنْ عَطَاءٍ ، عَنْ جَابِرٍ ، قَالَ :لَضَبٌّ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ كَبْشٍ.

(۲۴۷۷۵) حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ بجو مجھے مینڈھے سے زیادہ محبوب ہے۔

(٢٤٧٧٦) حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنْ أَيُّوبَ ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ الْمَكِّيِّ ، عَنْ مَوْلًى لَهُمْ ، عَنْ جَابِرٍ ، قَالَ :الضَّبُعُ صَيْدٌ فَكُلْهَا ، وَلاَ تَصِدْهَا فِي الْحَرَمِ.

(۲۴۷۷۶) حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ بجو شکار ہے۔ پس تم اس کو کھاؤ اور حرم میں اس کا شکار نہ کرو۔

(٢٤٧٧٧) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ وَاضِحٍ ، عَنِ ابْنِ إِسْحَاقَ ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ بْنِ أَبِي الْمُخَارِقِ ، عَنْ حِبَّانَ بْنِ جَزْءٍ ، عَنْ أَخِيهِ خُزَيْمَةَ بْنِ جَزْءٍ ، قَالَ :قُلْتُ يَا رَسُولَ اللهِ ، مَا تَقُولُ فِي الضَّبُعِ ؟ قَالَ :وَمَنْ يَأْكُلُ الضَّبُعَ ؟.

(۲۴۷۷۷) حضرت حبان بن جزء، اپنے بھائی خزیمہ بن جزء سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے کہا۔ میں نے عرض کیا۔ یا رسول اللہ ﷺ! آپ بجو کے بارے میں کیا فرماتے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ''بھلا بجو کون کھاتا ہے؟''

(٢٤٧٧٨) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ : كَانَتِ الْعَرَبُ تَأْكُلُ الضَّبُعَ.

(۲۴۷۷۸) حضرت ہشام، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ اہل عرب بجو کھایا کرتے تھے۔

(٢٤٧٧٩) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ أَبِي هَارُونَ ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ ، قَالَ : كَانَ أَحَدُنَا لأَنْ يُهْدَى إِلَيْهِ الضَّبُعُ الْمُلَوَّنَةُ ، أَحَبَّ إِلَيْهِ مِنَ الدَّجَاجَةِ السَّمِينَةِ.

(۲۴۷۷۹) حضرت ابوسعید سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ ہم میں سے ایک کو یہ بات زیادہ محبوب تھی کہ اس کو موٹا بجو ہدیہ کیا جائے بنسبت اس بات کے کہ اس کو موٹی تازی مرغی ہدیہ کردی جائے۔

(٤) فِي الْعَتِيرَةِ وَالْفَرَعَةِ

عتیرہ[1] اور فرعہ[2] کے بارے میں

(٢٤٧٨٠) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنِ الزُّهْرِيِّ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ : لاَ فَرَعَةَ ، وَلاَ عَتِيرَةَ. (بخاری ۵۴۷۴۔ مسلم ۱۵۶۲)

(۲۴۷۸۰) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ، جناب نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ ''فرعہ اور عتیرہ (باقی) نہیں ہیں۔''

(٢٤٧٨١) حَدَّثَنَا عَبْدُ الأَعْلَى ، عَنْ مَعْمَرٍ ، عَنِ الزُّهْرِيِّ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ؛ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ : لاَ فَرَعَةَ ، وَلاَ عَتِيرَةَ.

قَالَ الزُّهْرِيُّ : أَمَّا الْفَرَعُ ؛ فَإِنَّهُ أَوَّلُ نِتَاجٍ يُنْتِجُونَهُ مِنْ مَوَاشِيهِمْ يَذْبَحُونَهُ لآلِهَتِهِمْ ، وَالْعَتِيرَةُ فِي رَجَبٍ.

(بخاری ۵۴۷۳۔ مسلم ۳۸)

(۲۴۷۸۱) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ، جناب نبی کریم ﷺ سے روایت کرے ہیں کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''نہ فرعہ (باقی) ہے اور نہ عتیرہ (باقی) ہے۔

امام زہری رحمہ اللہ کہتے ہیں: فَرع: یہ وہ بچہ ہے جو لوگوں کے مواشی کے ہاں پہلا پیدا ہوتا تھا جس کو وہ اپنے معبودوں کے لئے ذبح کرتے تھے۔ اور عتیرہ، رجب کے مہینہ میں تھی۔

(٢٤٧٨٢) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ ؛ أَنَّ عَلِيًّا ، وَابْنَ مَسْعُودٍ كَانَا لاَ يَرَيَانِ الْعَتِيرَةَ.

(۲۴۷۸۲) حضرت ابواسحاق سے روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ عتیرہ کو ٹھیک نہیں سمجھتے تھے۔

---

[1] عتیرہ: رجب کے پہلے عشرہ میں ذبح کیا جانے والا ذبیحہ۔

[2] فرعہ: جانور کا پہلا بچہ جس کو لوگ اپنے معبودوں کے لئے ذبح کرتے تھے۔

(٢٤٧٨٣) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ ، عَنِ الْقَاسِمِ ، قَالَ :سَأَلْتُهُ عَنِ الْعَتِيرَةِ ؟ قَالَ :تِلْكَ الرَّجَبِيَّةُ ذَبَائِحُ أَهْلِ الْجَاهِلِيَّةِ.

(۲۴۷۸۳) حضرت اسامہ بن زید، حضرت قاسم کے بارے میں روایت کرتے ہیں۔ کہتے ہیں کہ میں نے آپ رضی اللہ عنہ سے عتیرہ کے بارے میں سوال کیا؟ انہوں نے فرمایا: یہ اہل جاہلیت کی قربانیوں میں سے رجب کے مہینہ میں کی جانے والی قربانی ہے۔

(٢٤٧٨٤) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ ، قَالَ :سَأَلْتُ الشَّعْبِيَّ عَنِ الْعَتِيرَةِ ؟ فَقَالَ :جِيرَانُكَ أَفْعَلُ النَّاسِ لَهَا ، قُلْتُ :مَا هِيَ ؟ قَالَ :فِي عَشْرٍ بقينَ مِنْ رَجَبٍ.

(۲۴۷۸۴) حضرت ابن عون سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت شعبی سے عتیرہ کے بارے میں سوال کیا؟ تو انہوں نے فرمایا: لوگوں میں سب سے زیادہ اس کو کرنے والے تمہارے پڑوسی تھے۔ میں نے پوچھا۔ یہ کیا چیز ہے؟ انہوں نے فرمایا: رجب کے آخری دس دن میں ہوتی تھی۔

(٢٤٧٨٥) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ مُبَارَكٍ ، عَنِ الْحَسَنِ ، قَالَ :الْعَتِيرَةُ ذَبَائِحُ أَهْلِ الْجَاهِلِيَّةِ.

(۲۴۷۸۵) حضرت حسن رحمہ اللہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ عتیرہ، اہل جاہلیت کے ذبیحوں میں سے ہے۔

(٢٤٧٨٦) حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ مُعَاذٍ ، قَالَ :حَدَّثَنَا ابْنُ عَوْنٍ ، قَالَ :أَنْبَأَنِي أَبُو رَمْلَةَ ، عَنْ مِخْنَفِ بْنِ سُلَيْمٍ ؛ ذَكَرَ وُقُوفًا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعَرَفَةَ ، فَقَالَ :يَا أَيُّهَا النَّاسُ ، إِنَّ عَلَى كُلِّ بَيْتٍ فِي كُلِّ عَامٍ أُضْحَى وَعَتِيرَةٌ ، أَتَدْرُونَ مَا الْعَتِيرَةُ ؟ قَالَ :هِيَ الَّتِي يُسَمِّيهَا النَّاسُ الرَّجَبِيَّةُ. (ابو داؤد ۲۷۸۱۔ ترمذی ۱۵۱۸)

(۲۴۷۸۶) حضرت ابن عون بیان کرتے ہیں کہ مجھے ابو رملہ نے حضرت مخنف بن سلیم کے حوالہ سے بتایا کہ انہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ عرفہ کے مقام پر وقوف کیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''اے لوگو! ہر گھر (والوں) پر ہر سال ایک اُضحیہ اور ایک عتیرہ ہے۔'' جانتے ہو عتیرہ کیا ہے؟'' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''یہ وہی قربانی ہے جس کو لوگ رجبی (قربانی) کہتے ہیں۔''

(٢٤٧٨٧) حَدَّثَنَا مُعَاذٌ ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ ، عَنْ مُحَمَّدٍ ، قَالَ :كَانَ يَذْبَحُ فِي كُلِّ رَجَبٍ ، قَالَ مُعَاذٌ :وَرَأَيْتُ عَتِيرَةَ ابْنِ عَوْنٍ.

(۲۴۷۸۷) حضرت محمد رحمہ اللہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ یہ ہر رجب میں ذبح کی جاتی تھی۔ حضرت معاذ کہتے ہیں۔ اور میں نے حضرت ابن عون کی عتیرہ دیکھی ہے۔

(٢٤٧٨٨) حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ نُمَيْرٍ ، قَالَ :حَدَّثَنَا دَاوُد بْنُ قَيْسٍ ، قَالَ :حَدَّثَنِي عَمْرُو بْنُ شُعَيْبٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ جَدِّهِ ، قَالَ :سُئِلَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْفَرَعِ ؟ قَالَ :الْفَرَعُ حَقٌّ ، وَلأَنْ تَتْرُكَهُ حَتَّى يَكُونَ شُغْزُبًا ابْنَ مَخَاضٍ ، أَوِ ابْنَ لَبُونٍ ، فَتَحْمِلَ عَلَيْهِ فِي سَبِيلِ اللهِ ، أَوْ تُعْطِيَهُ أَرْمَلَةً ، خَيْرٌ مِنْ أَنْ تَذْبَحَهُ تُلْصِقُ لَحْمَهُ بِوَبَرِهِ ، وَتَكْفَءِ إِنَائَكَ ، وَتُوَلِّهُ نَاقَتَكَ.

وَسَأَلَهُ عَنِ الْعَتِيرَةِ ؟ فَسَكَتَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، فَسَأَلَ بَعْضُ الْقَوْمِ عُمَرَ عَنِ الْعَتِيرَةِ ؟ فَقَالَ : كُنَّا نُسَمِّيهَا الرَّجَبِيَّةَ ، وَيَذْبَحُ أَهْلُ الْبَيْتِ الشَّاةَ فِي رَجَبٍ فَيَأْكُلُونَهَا. (ابو داؤد ۲۸۳۵۔ حاکم ۲۳۶)

(۲۴۷۸۸) حضرت عمرو بن شعیب، اپنے والد، اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ سے فَرَع کے بارے میں سوال کیا گیا؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا: ''فَرَع حق ہے۔ اور یہ کہ تم اس کو چھوڑ دو یہاں تک کہ یہ بچہ دو سال کا یا تین سال کا بڑا ہو جائے پھر تو اس پر راہِ خدا میں بوجھ برداری کرے یا تو اس کو کسی رنڈے کو دے دے یہ اس سے بہتر ہے کہ تو اس کو ذبح کرے اور اس کا گوشت اس کے بالوں سے ملا دے اور تو ہانڈی کو انڈیل دے اور اپنی اونٹنی کو پاگل بنا دے اور سائل نے آپ ﷺ سے عتیرہ کے بارے میں سوال کیا؟ تو آپ ﷺ نے سکوت فرمایا، ایک آدمی نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے اس کے بارے میں سوال کیا تو انہوں نے فرمایا۔ ہم نے اس کا نام رجبیہ رکھا ہوا تھا۔ کوئی بھی اہل خانہ ایک بکری ماہِ رجب میں ذبح کرتے تھے اور اس کو کھا لیتے تھے۔

(۲٤۷۸۹) حَدَّثَنَا عَفَّانُ ، قَالَ : حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ ، قَالَ : أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ ، عَنْ يُوسُفَ بْنِ مَاهِكٍ ، عَنْ حَفْصَةَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ ، عَنْ عَائِشَةَ ؛ أَنَّهَا قَالَتْ : أَمَرَنَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْفَرَعِ فِي كُلِّ خَمْسِ شِيَاهٍ شَاةٌ. (ابو داؤد ۲۸۲۶۔ عبدالرزاق ۷۹۹۷)

(۲۴۷۸۹) حضرت حفصہ بنت عبدالرحمان، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے بارے میں روایت کرتی ہیں کہ انہوں نے فرمایا: جناب رسول اللہ ﷺ نے ہمیں ہر پانچ بکریوں میں ایک بکری کے فرع کا حکم دیا۔

(۲٤۷۹۰) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مَيْسَرَةَ ، وَابْنِ طَاوُوسٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ : سُئِلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْفَرَعِ ؟ فَقَالَ : فَرِّعُوا إِنْ شِئْتُمْ ، وَأَنْ تَغْذُوهُ حَتَّى يَبْلُغَ فَتَحْمِلُوا عَلَيْهِ فِي سَبِيلِ اللهِ ، أَوْ تَصِلُوا بِهِ قَرَابَةً ، خَيْرٌ مِنْ أَنْ تَذْبَحُوا ، يَخْتَلِطُ لَحْمُهُ بِشَعْرِهِ.

(۲۴۷۹۰) حضرت ابراہیم بن میسرہ اور حضرت طاؤس، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں۔ کہتے ہیں کہ جناب نبی کریم ﷺ سے فرع کے بارے میں سوال کیا گیا؟ تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''اگر تم چاہو تو پہلے بچہ کو ذبح کر دو۔ اور اگر تم اس کو تب تک پالو جب تک کہ وہ بڑا ہو جائے پھر تم اس پر راہِ خدا میں بوجھ برداری کرو یا اس کے ذریعے صلہ رحمی کرو یہ اس سے بہتر ہے کہ تم اس کو اس طرح سے ذبح کر دو کہ اس کا گوشت اس کے بالوں سے مخلوط ہو جائے۔

(۲٤۷۹۱) حَدَّثَنَا عَفَّانُ ، قَالَ : حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ ، قَالَ : حَدَّثَنَا يَعْلَى بْنُ عَطَاءٍ ، عَنْ وَكِيعٍ الْعُقَيْلِيِّ ، عَنْ عَمِّهِ أَبِي رَزِينٍ ، وَهُوَ لَقِيطُ بْنُ عَامِرٍ ؛ أَنَّهُ قَالَ : يَا رَسُولَ اللهِ ، إِنَّا كُنَّا نَذْبَحُ فِي رَجَبٍ ذَبَائِحَ فَنَأْكُلُ مِنْهَا ، وَنُطْعِمُ مَنْ جَاءَنَا ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لاَ بَأْسَ بِذَلِكَ . قَالَ : فَقَالَ وَكِيعٌ : لاَ أَدَعُهَا أَبَدًا.

(احمد ۱۳۔ دارمی ۱۹۶۵)

(۲۴۷۹۱) حضرت وکیع عقیلی، اپنے چچا حضرت ابورزین سے..... جس کا نام حضرت لقیط بن عامر ہے..... روایت کرتے ہیں کہ

انہوں نے پوچھا۔ یا رسول اللہ ﷺ! ہم لوگ ماہِ رجب میں کچھ جانور ذبح کرتے تھے جن کو ہم خود بھی کھاتے تھے اور جو لوگ ہمارے پاس آتے تھے ہم ان کو بھی کھلاتے تھے؟ جناب رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔'' راوی کہتے ہیں۔ اس پر حضرت وکیع نے کہا۔ میں تو اس کو کبھی نہیں چھوڑوں گا۔

(٥) مَا قَالُوا فِي أَكْلِ لُحُومِ الْخَيْلِ

گھوڑے کا گوشت کھانے کے بارے میں جو اقوال ہیں

(٢٤٧٩٢) حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ ، وَوَكِيعٌ ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ ، عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ الْمُنْذِرِ ، عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ أَبِي بَكْرٍ ، قَالَتْ :نَحَرْنَا فَرَسًا عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَكَلْنَا مِنْ لَحْمِهِ ، أَوْ أَصَبْنَا مِنْ لَحْمِهِ.

(بخاری ۵۵۱۰۔ مسلم ۳۴۵)

(۲۴۷۹۲) حضرت اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ عنہا سے روایت ہے۔ وہ کہتی ہیں کہ ہم نے جناب رسول اللہ ﷺ کے عہد مبارک میں ایک گھوڑا نحر کیا۔ پھر ہم نے اس کا گوشت کھایا۔ یا کہا..... ہمیں اس کا گوشت ملا۔

(٢٤٧٩٣) حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ الأَحْمَرُ ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ ، عَنْ جَابِرٍ ، قَالَ :أَكَلْنَا لُحُومَ الْخَيْلِ يَوْمَ خَيْبَرَ ، وَلُحُومَ الْحُمُرِ الْوَحْشِيَّةِ. (مسلم ۱۵۴۱۔ ابن ماجه ۳۱۹۱)

(۲۴۷۹۳) حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ ہم نے خیبر کے دن گھوڑوں اور وحشی گدھوں کا گوشت کھایا تھا۔

(٢٤٧٩٤) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنْ عَمْرٍو ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ ، قَالَ :أَطْعَمَنَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لُحُومَ الْخَيْلِ ، وَنَهَانَا عَنْ لُحُومِ الْحُمُرِ. (ترمذی ۱۷۹۳۔ نسائی ۴۸۴۰)

(۲۴۷۹۴) حضرت عامر بن عبداللہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے ہمیں گھوڑوں کا گوشت کھلایا اور آپ ﷺ نے ہمیں گدھوں کے گوشت سے منع فرمایا۔

(٢٤٧٩٥) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنِ الْحَسَنِ ، قَالَ : كَانَ أَصْحَابُ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْكُلُونَ لُحُومَ الْخَيْلِ فِي مَغَازِيهِمْ.

(۲۴۷۹۵) حضرت حسن سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کے صحابہ رضی اللہ عنہم، اپنے جہادی اسفار میں گھوڑوں کا گوشت کھایا کرتے تھے۔

(٢٤٧٩٦) حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، قَالَ :نَحَرَ أَصْحَابُ عَبْدِ اللهِ فَرَسًا فَقَسَمُوهُ بَيْنَهُمْ.

(۲۴۷۹۶) حضرت ابراہیم سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ حضرت عبداللہ کے ساتھیوں نے ایک گھوڑا ذبح کیا۔ پھر اس کو آپس میں

تقسیم کرلیا۔

(٢٤٧٩٧) حَدَّثَنَا سَلاَّمٌ ، عَنْ مُغِيرَةَ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، قَالَ : كَانَ أَصْحَابُنَا يَأْكُلُونَ لُحُومَ الْخَيْلِ.

(۲۴۷۹۷) حضرت ابراہیم سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ ہمارے ساتھی، گھوڑوں کا گوشت کھایا کرتے تھے۔

(٢٤٧٩٨) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ مُغِيرَةَ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ؛ أَنَّ الأَسْوَدَ أَكَلَ لَحْمَ فَرَسٍ.

(۲۴۷۹۸) حضرت ابراہیم سے روایت ہے۔ کہ حضرت اسود نے گھوڑے کا گوشت کھایا۔

(٢٤٧٩٩) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنِ الْحَكَمِ ؛ أَنَّ شُرَيْحًا أَكَلَ لَحْمَ فَرَسٍ.

(۲۴۷۹۹) حضرت حکم سے روایت ہے کہ حضرت شریح نے گھوڑے کا گوشت کھایا۔

(٢٤٨٠٠) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ ، قَالَ : سَأَلْتُ مُحَمَّدًا عَنْ لُحُومِ الْخَيْلِ ؟ فَلَمْ يَرَ بِهَا بَأْسًا.

(۲۴۸۰۰) حضرت ابن عون سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت محمد رحمہ اللہ سے گھوڑوں کے گوشت کے بارے میں سوال کیا؟ تو انہوں نے اس میں کوئی حرج نہیں سمجھا۔

(٢٤٨٠١) حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ الأَحْمَرُ ، عَنْ حَجَّاجٍ ، عَنْ عَطَاءٍ ، قَالَ : لاَ بَأْسَ بِهَا.

(۲۴۸۰۱) حضرت عطاء سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

(٢٤٨٠٢) حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ الأَحْمَرُ ، عَنْ حَجَّاجٍ ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ ، قَالَ : أَدْرَكْتهمْ يَقْتَسِمُونَ لُحُومَ الْخَيْلِ.

(۲۴۸۰۲) حضرت ابواسحاق سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے اسلاف کو گھوڑوں کے گوشت کو تقسیم کرتے پایا ہے۔

(٢٤٨٠٣) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، وَعَلِيُّ بْنُ هَاشِمٍ ، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى ، عَنِ الْمِنْهَالِ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ، قَالَ : سَأَلَهُ رَجُلٌ عَنْ أَكْلِ الْفَرَسِ ؟ وَقَالَ وَكِيعٌ : عَنْ أَكْلِ الْخَيْلِ ، فَقَرَأَ هَذِهِ الآيَةَ : ﴿وَالأَنْعَامَ خَلَقَهَا لَكُمْ فِيهَا دِفْءٌ﴾ الآيَةَ ، قَالَ : فَكَرِهَهَا.

(۲۴۸۰۳) حضرت سعید بن جبیر، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی نے آپ رضی اللہ عنہ سے گھوڑا کھانے کے بارے میں سوال کیا؟ حضرت وکیع کہتے ہیں۔ خچر کھانے کے بارے میں سوال کیا تھا۔ تو آپ رضی اللہ عنہ نے یہ آیت تلاوت فرمائی۔ ﴿وَالأَنْعَامَ خَلَقَهَا لَكُمْ فِيهَا دِفْءٌ﴾ الایة

راوی کہتے ہیں۔ پس آپ رضی اللہ عنہ نے اس کو ناپسند سمجھا۔

(٢٤٨٠٤) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ يُونُسَ ، عَنِ الْحَسَنِ ، قَالَ : لاَ بَأْسَ بِلَحْمِ الْفَرَسِ.

(۲۴۸۰۴) حضرت حسن سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ گھوڑے کا گوشت کھانے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

(٦) مَا قَالُوا فِي لُحُومِ الْبِغَالِ

خچروں کے گوشت کے بارے میں اقوال

(٢٤٨٠٥) حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنْ هِشَامٍ الدَّسْتَوَائِيِّ ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ ، عَنْ مَوْلَى نَافِعِ بْنِ عَلْقَمَةَ ؛ أَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ كَانَ يَكْرَهُ لُحُومَ الْخَيْلِ ، وَالْبِغَالِ ، وَالْحَمِيرِ ، وَكَانَ يَقُولُ : قَالَ اللَّهُ جَلَّ ثَنَاؤُهُ : ﴿وَالأَنْعَامَ خَلَقَهَا لَكُمْ فِيهَا دِفْءٌ وَمَنَافِعُ وَمِنْهَا تَأْكُلُونَ﴾ فَهَذِهِ لِلأَكْلِ ﴿وَالْخَيْلَ وَالْبِغَالَ وَالْحَمِيرَ لِتَرْكَبُوهَا﴾ فَهَذِهِ لِلرُّكُوبِ.

(۲۴۸۰۵) حضرت نافع بن عقبہ کے مولیٰ سے روایت ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ گھوڑوں، خچروں اور گدھوں کے گوشت کو ناپسند کرتے تھے۔ اور فرمایا کرتے تھے۔ ارشاد خداوندی ہے۔ ﴿وَالأَنْعَامَ خَلَقَهَا لَكُمْ فِيهَا دِفْءٌ وَمَنَافِعُ وَمِنْهَا تَأْكُلُونَ﴾ پس یہ کھانے کے لئے ہیں اور ﴿وَالْخَيْلَ وَالْبِغَالَ وَالْحَمِيرَ لِتَرْكَبُوهَا﴾ یہ سواری کے لئے ہیں۔

(٢٤٨٠٦) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ الْجَزَرِيِّ ، عَنْ عَطَاءٍ ، عَنْ جَابِرٍ ، قَالَ : كُنَّا نَأْكُلُ لُحُومَ الْخَيْلِ ، فَأَمَّا الْبِغَالُ فَلاَ. (بيهقى ٣٢٧- ابن جرير ٨٣)

(۲۴۸۰۶) حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ ہم گھوڑوں کا گوشت تو کھایا کرتے تھے لیکن خچروں کا نہیں کھاتے تھے۔

(٢٤٨٠٧) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنِ الزُّبَيْرِ بْنِ عَدِيٍّ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ؛ أَنَّهُ كَرِهَ لَحْمَ الْبُغْلِ.

(۲۴۸۰۷) حضرت زبیر بن عدی، حضرت ابراہیم کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ خچروں کے گوشت کو ناپسند کرتے تھے۔

(٢٤٨٠٨) حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنِ الْحَكَمِ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ؛ أَنَّهُ سُئِلَ عَنْ لُحُومِ الْخَيْلِ ؟ فَقَالَ : ﴿وَالْخَيْلَ وَالْبِغَالَ وَالْحَمِيرَ لِتَرْكَبُوهَا﴾ ، كَأَنَّهُ كَرِهَ لُحُومَهَا.

(۲۴۸۰۸) حضرت حکم، حضرت مجاہد کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ ان سے گھوڑے کے گوشت کے بارے میں سوال کیا گیا؟ تو آپ رحمہ اللہ نے فرمایا: ﴿وَالْخَيْلَ وَالْبِغَالَ وَالْحَمِيرَ لِتَرْكَبُوهَا﴾

گویا کہ آپ رحمہ اللہ نے ان کے گوشت کو ناپسند کیا۔

(٢٤٨٠٩) حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ حُمَيْدٍ ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ ، عَنْ عَطَاءٍ ، قَالَ : لاَ بَأْسَ بِأَكْلِ لَحْمِ الْبُغْلِ.

(۲۴۸۰۹) حضرت عطاء رحمہ اللہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ خچر کے گوشت میں کوئی حرج نہیں ہے۔

(٧) فِي الْحُمُرِ الأَهْلِيَّةِ

پالتو گدھوں کے بارے میں

(٢٤٨١٠) حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ نُمَيْرٍ ، قَالَ :حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ ضَمْرَةَ الْفَزَارِيِّ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ أَبِي سَلِيطٍ ، عَنْ أَبِيهِ أَبِي سَلِيطٍ ، وَكَانَ بَدْرِيًّا ، قَالَ :لَقَدْ أَتَانَا نَهْيُ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ أَكْلِ الْحُمُرِ وَنَحْنُ بِخَيْبَرَ ، وَإِنَّ الْقُدُورَ لَتَفُورُ بِهَا ، فَكَفَأْنَاهَا عَلَى وُجُوهِهَا .

(طبرانی ۵۸۰۔ احمد ۳/ ۴۱۹)

(۲۴۸۱۰) حضرت عبداللہ بن ابی سلیط ،اپنے والد حضرت ابوسلیط ..... جو کہ بدری صحابی ہیں ..... سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا: جناب رسول اللہ ﷺ کی گدھوں کے گوشت کے بارے میں نہی ہمارے پاس پہنچی جبکہ ہم مقام خیبر میں تھے۔ اور ہانڈیاں گدھوں کے گوشت کے ساتھ اُبل رہی تھیں۔ پس ہم نے ان ہانڈیوں کو اوندھے منہ گرادیا۔

(٢٤٨١١) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ ، عَنْ جَابِرٍ ، قَالَ :نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ لُحُومِ الْحُمُرِ .

(۲۴۸۱۱) حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے گدھوں کے گوشت سے منع فرمایا۔

(٢٤٨١٢) حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ الأَحْمَرُ ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ ، عَنْ جَابِرٍ ، قَالَ :نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ لُحُومِ الْحُمُرِ الأَهْلِيَّةِ .

(۲۴۸۱۲) حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے پالتو گدھوں کے گوشت سے منع فرمایا۔

(٢٤٨١٣) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنِ الزُّهْرِيِّ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ ، وَالْحَسَنِ ابْنَيْ مُحَمَّدٍ ، عَنْ أَبِيهِمَا ؛ أَنَّ عَلِيًّا قَالَ لابْنِ عَبَّاسٍ :أَمَا عَلِمْتَ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ الْمُتْعَةِ ، وَعَنْ لُحُومِ الْحُمُرِ الأَهْلِيَّةِ .

(۲۴۸۱۳) حضرت محمد رحمہ اللہ کے دو بیٹے۔ حضرت عبداللہ اور حضرت حسن، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے کہا۔ کیا آپ کو اس بات کا علم نہیں ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے متعہ اور پالتو گدھوں کے گوشت سے منع فرمایا ہے۔

(٢٤٨١٤) حَدَّثَنَا أَبُو الأَحْوَصِ ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ ، عَنِ الْبَرَاءِ ، قَالَ :أَصَابَ النَّاسَ يَوْمَ خَيْبَرَ جُوعٌ شَدِيدٌ ، فَأَصَابُوا حُمُرًا أَهْلِيَّةً ، فَطَبَخُوا مِنْهَا ، فَأَمَرَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْقُدُورِ فَأُكْفِئَتْ .

(بخاری ۴۲۲۲۔ مسلم ۲۹)

(۲۴۸۱۴) حضرت براء سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ خیبر کے دن لوگوں کو شدید بھوک لگی پس انہیں پالتو گدھے ملے اور انہوں

نے ان کو پکانا شروع کیا۔ لیکن جناب رسول اللہ ﷺ نے ہانڈیوں کے بارے میں حکم دیا۔ پس انہیں انڈیل دیا گیا۔

(٢٤٨١٥) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ ، قَالَ :حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ ، عَنْ نَافِعٍ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ؛ أَنَّهُ نَهَى عَنْ لُحُومِ الْحُمُرِ الأَهْلِيَّةِ يَوْمَ خَيْبَرَ. (بخاری ۴۲۱۸۔ مسلم ۲۴)

(۲۴۸۱۵) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ، جناب نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے خیبر کے دن پالتو گدھوں کے گوشت سے منع فرمادیا تھا۔

(٢٤٨١٦) حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ ، قَالَ :حَدَّثَنِي الْحَسَنُ بْنُ جَابِرٍ ، عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ مَعْدِي كَرِبَ الْكِنْدِيِّ ؛ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَرَّمَ أَشْيَاءَ ، حَتَّى ذَكَرَ الْحُمُرَ الإِنْسِيَّةَ.

(ابوداؤد ۴۵۹۴۔ ترمذی ۲۶۶۴)

(۲۴۸۱۶) حضرت مقدام بن معدیکرب سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے چند اشیاء کو حرام کیا یہاں تک کہ آپ نے پالتو گدھوں کا بھی ذکر فرمایا۔

(٢٤٨١٧) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، قَالَ :أَخْبَرَنَا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ، قَالَ :لَمَّا كَانَ يَوْمُ خَيْبَرَ ذَبَحَ النَّاسُ الْحُمُرَ ، فَأَغْلَوْا بِهَا الْقُدُورَ ، فَأَمَرَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَبَا طَلْحَةَ فَنَادَى ، إِنَّ اللَّهَ وَرَسُولَهُ يَنْهَيانِكُمْ عَنْ لُحُومِ الْحُمُرِ الأَهْلِيَّةِ ، فَإِنَّهَا رِجْسٌ ، فَأُكْفِئَتِ الْقُدُورُ.

(مسلم ۳۴۔ احمد ۳/ ۱۱۱)

(۲۴۸۱۷) حضرت انس بن مالک سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جب غزوہ خیبر کا دن تھا۔ لوگوں نے گدھوں کو ذبح کیا۔ پس ہانڈیوں میں گوشت اُبلنے لگا تو آپ ﷺ نے حضرت ابوطلحہ کو حکم دیا پس انہوں نے آواز دی، بے شک اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ نے تمہیں پالتو گدھوں سے منع کردیا ہے۔ کیونکہ یہ نجس ہیں۔ چنانچہ ہانڈیوں کو انڈیل دیا گیا۔

(٢٤٨١٨) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ بْنِ جَابِرٍ ، قَالَ :حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ ، وَمَكْحُولٌ ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ ؛ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى يَوْمَ خَيْبَرَ عَنْ أَكْلِ الْحِمَارِ الأَهْلِيِّ.

(۲۴۸۱۸) حضرت ابوامامہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے خیبر کے دن پالتو گدھے کے کھانے سے منع کیا۔

(٢٤٨١٩) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ ، عَنِ الشَّيْبَانِيِّ ، قَالَ :سَأَلْتُ عَبْدَ اللهِ بْنَ أَبِي أَوْفَى عَنْ لُحُومِ الْحُمُرِ الأَهْلِيَّةِ ؟ فَقَالَ :أَصَابَتْنَا مَجَاعَةٌ يَوْمَ خَيْبَرَ ، وَنَحْنُ مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، وَقَدْ أَصَبْنَا لِلْقَوْمِ حُمُرًا خَارِجَةً مِنَ الْمَدِينَةِ ، فَنَحَرْنَاهَا ، وَإِنَّ قُدُورَنَا لَتَغْلِي ، إِذْ نَادَى مُنَادِي رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ؛ أَنْ أَكْفِئُوا الْقُدُورَ ، وَلاَ تَطْعَمُوا مِنْ لُحُومِ الْحُمُرِ شَيْئًا ، فَقُلْتُ :حَرَّمَهَا تَحْرِيمَ مَاذَا ؟ فَقَالَ :تَحَدَّثْنَا بَيْنَنَا ، فَقُلْنَا :حَرَّمَهَا الْبَتَّةَ ، وَحَرَّمَهَا مِنْ أَجْلِ أَنَّهَا لَمْ تُخَمَّسْ. (بخاری ۴۲۲۰۔ مسلم ۱۵۳۸)

(۲۴۸۱۹) حضرت شیبانی سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن ابی اوفیٰ سے پالتو گدھوں کے بارے میں سوال کیا؟ تو انہوں نے فرمایا: ہمیں خیبر کے دن سخت بھوک لگی۔ اور ہم جناب رسول اللہ ﷺ کے ہمراہ تھے۔ ہمیں لوگوں کے شہر سے باہر نکلے ہوئے گدھے مل گئے۔ پس ہم نے انہیں ذبح کر دیا۔ ہماری ہانڈیاں اس وقت اُبل رہی تھیں کہ جب جناب رسول اللہ ﷺ کے منادی نے ندا لگا دی۔ ہانڈیاں الٹ دو۔ اور گدھوں کے گوشت میں سے کچھ بھی نہ کھاؤ۔ پس ہم نے پوچھا۔ آپ ﷺ نے انہیں کیا حرام قرار دیا تھا؟ راوی کہتے ہیں۔ ہم باہم بات کرتے تھے اور کہتے تھے کہ آپ ﷺ نے اس کو ہمیشہ کے لئے حرام قرار دے دیا ہے۔ اور آپ ﷺ نے ان کو اس لیے حرام قرار دیا کہ یہ خمس میں نہیں دیے جاتے۔

(۲۴۸۲۰) حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ ، عَنْ زَائِدَةَ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ؛ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَرَّمَ يَوْمَ خَيْبَرَ الْحِمَارَ الإِنْسِيَّ. (ترمذی ۱۷۹۵۔ احمد ۲/ ۳۶۶)

(۲۴۸۲۰) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے (جنگ) خیبر کے دن پالتو گدھوں کو حرام قرار فرمایا۔

(۲۴۸۲۱) حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ ، عَنْ يُونُسَ بْنِ أَبِي إِسْحَاقَ ، قَالَ :حَدَّثَنَا أَبُو الْوَدَّاكِ ، قَالَ :حَدَّثَنَا أَبُو سَعِيدٍ الْخُدْرِيُّ ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ؛ أَنَّهُ مَرَّ بِالْقُدُورِ وَهِيَ تَغْلِي فَقَالَ لَنَا :مَا هَذِهِ الْحُمُرُ ، أَهْلِيَّةٌ ، أَمْ وَحْشِيَّةٌ ؟ فَقُلْنَا :لاَ ، بَلْ أَهْلِيَّةٌ ، قَالَ :فَأَكْفِئُوهَا ، قَالَ :فَأَكْفَأْنَاهَا ، وَإِنَّا لَجِيَاعٌ نَشْتَهِيهِ. (ابو یعلی ۱۱۷۸)

(۲۴۸۲۱) حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ، جناب نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ کچھ ہانڈیوں کے پاس سے گزرے جو کہ اُبل رہی تھیں۔ تو آپ ﷺ نے ہم سے فرمایا: ''یہ کون سے گدھے ہیں: پالتو یا وحشی؟'' ہم نے کہا۔ نہیں یہ تو پالتو گدھے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا ''پھر تم ان ہانڈیوں کو اُلٹ دو۔'' راوی کہتے ہیں۔ پس ہم نے ان کو اُلٹ دیا۔ حالانکہ ہم سخت بھوک میں تھے۔ اور ہمیں اس کھانے کی چاہت بھی تھی۔

(۲۴۸۲۲) حَدَّثَنَا شَرِيكٌ ، عَنْ سَالِمٍ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ ، قَالَ :لُحُومُهَا وَأَلْبَانُهَا حَرَامٌ.

(۲۴۸۲۲) حضرت سعید بن جبیر سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ ان گدھوں کا گوشت اور ان کا دودھ حرام ہے۔

(۸) مَنْ قَالَ تُؤْكَلُ الْحُمُرُ الأَهْلِيَّةُ

جو لوگ کہتے ہیں پالتو گدھے کھائے جائیں گے

(۲۴۸۲۳) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ وَاضِحٍ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُمَرَ بْنِ قَتَادَةَ الظَّفَرِيِّ ، عَنْ سَلْمَى بِنْتِ نَصْرٍ ، عَنْ رَجُلٍ مِنْ بَنِي مُرَّةَ ، قَالَ :أَتَيْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ :يَا رَسُولَ اللهِ ، إِنَّ جَلَّ مَالِي الْحُمُرُ ، أَفَأُصِيبُ مِنْهَا ؟ قَالَ :أَلَيْسَ تَرْعَى الْفَلاَةَ ، وَتَأْكُلُ الشَّجَرَ ؟ قُلْتُ :بَلَى ، قَالَ :

فَأَصِبْ مِنْهَا. (مسند ٦٥٦)

(۲۴۸۲۳) بنومرہ کے ایک صاحب روایت کرتے ہیں کہ میں جناب رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور میں نے عرض کیا۔ یارسول اللہ ﷺ! میرا زیادہ تر مال (مویشی) گدھوں پر مشتمل ہے۔ کیا میں ان میں سے کھا سکتا ہوں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ''کیا وہ جنگل میں نہیں چرتے اور کیا وہ درخت نہیں کھاتے؟'' میں نے عرض کیا۔ کیوں نہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: پھر تم ان میں سے کھالو۔

(٢٤٨٢٤) حَدَّثَنَا شَرِيكٌ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ الْحَسَنِ ، عَنْ غَالِبِ بْنِ ذِيخٍ ، قَالَ : قُلْتُ : يَا رَسُولَ اللهِ ، أَصَابَتْنَا سَنَةٌ ، وَسَمِينُ مَالِي فِي الْحُمُرِ ، فَقَالَ : كُلْ مِنْ سَمِينِ مَالِكَ ، فَإِنَّمَا قَذِرْتُهَا مِنْ جَوَالِّ الْقَرْيَةِ.

(ابوداؤد ۳۸۰۳۔ طبرانی ٦٧٠)

(۲۴۸۲۴) حضرت غالب بن ذیخ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے عرض کیا۔ یارسول اللہ ﷺ! ہمیں قحط سالی نے آلیا ہے۔ اور میرا صحت مند مال مویشی گدھے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''تم اپنے صحت مند مال مویشی میں سے کھاؤ۔ میں نے انہیں آوارہ اور گندخوری کی وجہ سے ناپسند کیا تھا۔''

(٢٤٨٢٥) حَدَّثَنَا شَرِيكٌ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنِ الْحَكَمِ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى ، قَالَ : إِنَّمَا كُرِهَتْ إِبْقَاءً عَلَى الظَّهْرِ ، يَعْنِي لُحُومَ الْحُمُرِ.

(۲۴۸۲۵) حضرت عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ سے روایت ہے کہ گدھوں کے گوشت کو بار برداری کی ضرورت کے لیے مکروہ قرار دیا گیا۔

(٢٤٨٢٦) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ الْحَسَنِ ، عَنِ ابْنِ مَعْقِلٍ ، عَنْ أُنَاسٍ مِنْ مُزَيْنَةَ الظَّاهِرَةِ ، قَالَ : قَالَ غَالِبُ بْنُ أَبْجَرَ : سَأَلْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قُلْتُ : لَمْ يَبْقَ مِنْ مَالِي إِلاَّ أَحْمِرَةٌ ؟ قَالَ : أَطْعِمْ أَهْلَكَ مِنْ سَمِينِ مَالِكَ ، قَالَ : إِنَّمَا كَرِهْتُ لَكُمْ جَوَالَّ الْقَرْيَةِ.

(۲۴۸۲۶) مزینہ ظاہرہ کے کچھ لوگ روایت کرتے ہیں کہ حضرت غالب بن ابجر نے بتایا کہ میں نے جناب رسول اللہ ﷺ سے سوال کیا۔ میں نے کہا۔ میرے مال میں سے صرف گدھے باقی رہ گئے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ''اپنے گھر والوں کو اپنے مال کا موٹا حصہ کھلاؤ۔'' اور فرمایا: ''میں تو تمہارے لئے صرف گندخور آوارہ کو ناپسند کرتا ہوں۔''

(٩) مَا قَالُوا فِي أَكْلِ الضَّبِّ

گوہ کھانے کے بارے میں جو اقوال ہیں

(٢٤٨٢٧) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، قَالَ : حَدَّثَنَا الأَعْمَشُ ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ حَسَنَةَ ، قَالَ : كُنْتُ مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرٍ فَأَصَبْنَا ضِبَابًا ، فَكَانَتِ الْقُدُورُ تَغْلِي ، فَقَالَ رَسُولُ اللهِ

صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :مَا هَذَا ؟ فَقُلْنَا :ضِبَابٌ أَصَبْنَاهَا ، قَالَ :إِنَّ أُمَّةً مِنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ مُسِخَتْ ، وَأَنَا أَخْشَى أَنْ تَكُونَ هَذِهِ ، قَالَ :فَأَكْفَأَهَا وَإِنَّا لَجِيَاعٌ. (احمد ۴/ ۱۹۶۔ ابویعلی ۹۳۱)

(۲۴۸۲۷) حضرت عبدالرحمٰن بن حسنہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں جناب رسول اللہ ﷺ کے ہمراہ ایک سفر میں تھا۔ ہمیں کچھ گوہ ملیں۔ چنانچہ ہانڈیاں (گوہ کے ساتھ) اُبلنے لگیں۔ جناب رسول اللہ ﷺ نے پوچھا۔ ''یہ کیا ہے؟'' ہم نے جواب دیا۔ ہمیں کچھ گوہ مل گئی تھیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا۔ ''بنی اسرائیل کے کچھ لوگ مسخ کر دیئے گئے تھے۔ مجھے ڈر ہے کہ یہ وہی نہ ہو۔'' راوی کہتے ہیں۔ چنانچہ آپ ﷺ نے ہانڈیوں کو اُلٹوا دیا جبکہ ہم سخت بھوکے تھے۔

(٢٤٨٢٨) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، قَالَ :حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ عُمَرَ ، عَنْ نَافِعٍ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ ، قَالَ :سُئِلَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ عَنِ الضَّبِّ؟ فَقَالَ :لاَ آكُلُهُ، وَلاَ أُحَرِّمُهُ. (مسلم ۱۵۴۲۔ احمد ۲/ ۱۳)

(۲۴۸۲۸) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ سے سوال کیا گیا گوہ کے بارے میں جبکہ آپ ﷺ منبر پر تھے؟ تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''میں گوہ کو کھاتا ہوں اور نہ حرام کہتا ہوں۔''

(٢٤٨٢٩) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، قَالَ :حَدَّثَنَا دَاوُد بْنُ أَبِي هِنْدٍ ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ :إِنَّا بِأَرْضٍ مُضِبَّةٍ ، فَمَا تَأْمُرُنِي ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :إِنَّ أُمَّةً مِنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ مُسِخَتْ دَوَابَّ ، وَلاَ أَدْرِي فِي أَيِّ الدَّوَابِّ هِيَ ، فَلَمْ يَأْمُرْ ، وَلَمْ يَنْهَ. (مسلم ۵۰۔ ابن ماجه ۳۲۴۰)

(۲۴۸۲۹) حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ کی خدمت اقدس میں ایک آدمی حاضر ہوا اور اس نے عرض کیا۔ ہم لوگ ایسی زمین میں رہائش پذیر ہیں جہاں گوہ بہت زیادہ ہیں۔ پس آپ مجھے کیا حکم دیتے ہیں؟ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''بنی اسرائیل میں سے کچھ لوگ جانوروں کی طرف مسخ کئے گئے تھے۔ مجھے معلوم نہیں کہ وہ کن جانوروں کی طرف مسخ ہوئے تھے۔'' پس آپ ﷺ نے اس کو نہ کھانے کا حکم دیا اور نہ اس کو گوہ سے منع فرمایا۔

(٢٤٨٣٠) حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنِ الْحَكَمِ ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ وَدِيعَةَ، قَالَ :أُتِيَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِضَبٍّ ، فَقَالَ :أُمَّةٌ مُسِخَتْ ، وَاللَّهُ أَعْلَمُ.

(احمد ۴/ ۲۲۰۔ طیالسی ۱۲۲۰)

(۲۴۸۳۰) حضرت ثابت بن ودیعہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ کے پاس ایک گوہ لائی گئی تو آپ ﷺ نے فرمایا: ''ایک قوم مسخ ہوئی تھی۔'' واللہ اعلم۔''

(٢٤٨٣١) حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، عَنِ الأَسْوَدِ ، عَنْ عَائِشَةَ ، قَالَتْ : أُهْدِيَ لِرَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَبٌّ ، فَلَمْ يَأْكُلْ مِنْهُ ، قَالَتْ :فَقُلْتُ :يَا رَسُولَ اللهِ ، أَلاَ أُطْعِمُهُ

السُّؤَالَ ؟ قَالَ :لاَ تُطْعِمِي السُّؤَالَ إِلاَّ مِمَّا تَأْكُلِينَ. (احمد ٦/ ١٠٥)

(۲۴۸۳۱) حضرت اسود، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ کو گوہ ہدیہ کی گئی لیکن آپ ﷺ نے اس میں سے نہ کھایا۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں۔ میں نے عرض کیا۔ یا رسول اللہ ﷺ کیا میں یہ مانگنے والوں کو نہ کھلا دوں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ''تم مانگنے والوں کو بھی وہی کھلاؤ جو تم خود کھاتی ہو۔''

(٢٤٨٣٢) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي زِيَادٍ ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ الأَصَمِّ ، عَنْ مَيْمُونَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَتْ :أُهْدِيَ لَنَا ضَبٌّ فَصَنَعْتُهُ ، فَدَخَلَ عَلَيْهَا رَجُلاَنِ مِنْ قَوْمِهَا ، فَأَتْحَفْتُهُمَا بِهِ ، فَدَخَلَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُمَا يَأْكُلاَنِ ، فَوَضَعَ يَدَهُ ، ثُمَّ رَفَعَهَا ، فَطَرَحَا مَا فِي أَيْدِيهِمَا ، فَقَالَ لَهُمَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :كُلاَ ، فَإِنَّكُمَا أَهْلُ نَجْدٍ تَأْكُلُونَهَا ، وَإِنَّا أَهْلُ الْمَدِينَةِ نَعَافُهَا.

(ابو یعلی ۷۰۴۸)

(۲۴۸۳۲) جناب نبی کریم ﷺ کی زوجہ محترمہ حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے۔ وہ کہتی ہیں کہ ہمیں ہدیہ میں ایک گوہ دی گئی۔ میں نے اس کو تیار کیا۔ پھر حضرت میمونہ کے پاس ان کی قوم کے دو افراد آئے تو حضرت میمونہ نے یہ گوہ ان کو تحفۃً پیش کر دی۔ اس دوران جناب رسول اللہ ﷺ اندر تشریف لائے جبکہ یہ دونوں حضرات (اس کو) کھا رہے تھے۔ پس آپ ﷺ نے اپنا ہاتھ مبارک رکھا پھر اس کو اُٹھا لیا۔ اس پر ان دونوں کے ہاتھ میں جو لقمہ تھا اس کو انہوں نے نیچے رکھ دیا۔ جناب نبی کریم ﷺ نے ان دونوں سے فرمایا: ''تم کھاؤ۔ کیونکہ تم دونوں اہل نجد ہو۔ تم اس کو کھاتے ہو۔ لیکن ہم اہل مدینہ ہیں۔ ہمیں اس سے گھن آتی ہے۔''

(٢٤٨٣٣) حَدَّثَنَا عَفَّانُ ، قَالَ :حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ ، قَالَ :حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عُمَيْرٍ ، عَنْ حُصَيْنٍ رَجُلٍ مِنْ بَنِي فَزَارَةَ ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ ، قَالَ :أَتَى نَبِيَّ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَعْرَابِيٌّ وَهُوَ يَخْطُبُ ، فَقَطَعَ عَلَيْهِ خُطْبَتَهُ ، فَقَالَ :يَا رَسُولَ اللهِ ، كَيْفَ تَقُولُ فِي الضَّبِّ ؟ قَالَ :إِنَّ أُمَّةً مِنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ مُسِخَتْ ، فَلاَ أَدْرِي أَيَّ الدَّوَابِّ مُسِخَتْ. (طبرانی ۲۲۲۴)

(۲۴۸۳۳) حضرت سمرہ بن جندب سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ ایک دیہاتی نبی کریم ﷺ کی خدمت میں اس وقت حاضر ہوا۔ جب آپ ﷺ خطبہ ارشاد فرما رہے تھے۔ اس نے آپ کے خطبہ کو کاٹ کر پوچھا۔ یا رسول اللہ ﷺ! آپ ﷺ گوہ کے بارے میں کیا کہتے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ''بنی اسرائیل کا ایک گروہ مسخ کر دیا گیا تھا۔ مجھے نہیں معلوم کہ وہ کون سے جانور کی طرف مسخ ہوا ہے۔''

(٢٤٨٣٤) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ ، عَنِ الشَّيْبَانِيِّ ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ الأَصَمِّ ، قَالَ :دَعَانَا عَرُوسٌ بِالْمَدِينَةِ ، فَقَرَّبَ إِلَيْنَا ثَلاَثَةَ عَشَرَ ضَبًّا ، فَأَكَلَ وَتَارِكٌ ، فَلَقِيتُ ابْنَ عَبَّاسٍ مِنَ الْغَدِ فَأَخْبَرْتُه ، فَأَكْثَرَ الْقَوْمُ حَوْلَهُ حَتَّى قَالَ بَعْضُهُمْ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :لاَ آكُلُهُ ، وَلاَ أَنْهَى عَنْهُ ، وَلاَ أُحِلُّهُ ، وَلاَ أُحَرِّمُهُ ، فَقَالَ

ابْنُ عَبَّاسٍ :فَبِئْسَ مَا قُلْتُمْ ، إِنَّمَا بُعِثَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُحِلًّا وَمُحَرِّمًا ، بَيْنَمَا هُوَ عِنْدَ مَيْمُونَةَ، وَعِنْدَهُ الْفَضْلُ بْنُ عَبَّاسٍ، وَخَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ ، وَامْرَأَةٌ أُخْرَى ، إِذْ قُرِّبَ إِلَيْهِ خِوَانٌ عَلَيْهِ لَحْمٌ ، فَلَمَّا أَرَادَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَأْكُلَ ، قَالَتْ لَهُ مَيْمُونَةُ :إِنَّهُ لَحْمُ ضَبٍّ ، فَكَفَّ يَدَهُ وَقَالَ :إِنَّ هَذَا اللَّحْمَ لَمْ آكُلْهُ قَطُّ ، وَقَالَ لَهُمْ: كُلُوا، فَأَكَلَ مِنْهُ الْفَضْلُ بْنُ عَبَّاسٍ، وَخَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ، وَالْمَرْأَةُ، وَقَالَتْ مَيْمُونَةُ:لَا آكُلُ إِلَّا مِنْ شَيْءٍ يَأْكُلُ مِنْهُ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.(مسلم ۱۵۴۵۔ احمد ۱/ ۲۹۴)

(۲۴۸۳۴) حضرت یزید بن اصم سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ ہمیں مدینہ میں ایک ولیمہ میں دعوت تھی۔ ہمیں تیرہ عدد گوہ پیش کی گئیں۔ پس کچھ لوگوں نے کھالیں اور کچھ نے نہ کھائیں۔ پھر میں اگلے دن حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے ملا اور میں نے انہیں یہ بات بتائی۔ بہت سے لوگ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کے گرد تھے ان میں سے کچھ نے کہا۔ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''میں اس کو کھاتا ہوں اور نہ اس سے منع کرتا ہوں، میں اس کو حلال کرتا ہوں اور نہ ہی اس کو حرام قرار دیتا ہوں۔'' اس پر حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم نے بُری گفتگو کی ہے۔ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تو بعثت ہی حلال اور حرام کرنے والے کے طور پر ہوئی تھی۔ ایک مرتبہ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کے پاس تھے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاں حضرت فضل بن عباس، حضرت خالد بن ولید اور ایک دوسری عورت بھی تھی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف دسترخوان بڑھایا گیا جس پر گوشت تھا۔ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے (اس کو) کھانے کا ارادہ کیا تو حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا۔ یہ گوہ کا گوشت ہے۔ اس پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا ہاتھ روک لیا اور فرمایا۔ ''میں یہ گوشت کبھی نہیں کھاؤں گا''۔ اور لوگوں سے کہا۔ ''تم کھاؤ۔'' چنانچہ حضرت فضل ابن عباس رضی اللہ عنہ، حضرت خالد بن ولید اور اس عورت نے (اس کو) کھایا۔ اور حضرت میمونہ نے فرمایا: میں تو اس چیز کو کھاؤں گی جس کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم تناول فرمائیں گے۔

(۲۴۸۳۵) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنِ الزُّبْرِقَانِ، قَالَ :أُهْدِيَ لِشَقِيقِ بْنِ سَلَمَةَ ضَبٌّ مَشْوِيٌّ، فَأَكَلْتُ مِنْهُ.

(۲۴۸۳۵) حضرت زبرقان سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت شقیق بن سلمہ کو بھنی ہوئی گوہ ہدیہ کی گئی اور میں نے بھی اس میں سے کھایا۔

(۲۴۸۳۶) حَدَّثَنَا جَرِيرٌ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، قَالَ :خَرَجَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَخْرَجًا . فَأَصَابَهُمْ مَجَاعَةٌ ، فَأَتَاهُ رَجُلٌ وَمَعَهُ ضِبَابٌ ، فَأَهْدَاهَا لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، فَنَظَرَ إِلَيْهَا فَقَالَ : مُسِخَ سِبْطٌ مِنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ دَوَابَّ فِي الأَرْضِ ، فَلَمْ يَأْكُلْهُ ، وَلَمْ يَنْهَ عَنْهُ.

(۲۴۸۳۶) حضرت ابراہیم سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک سفر پر نکلے۔ اس میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو سخت بھوک نے آلیا۔ پس ایک صاحب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور ان کے پاس بہت سی گوہ تھیں۔ انہوں نے وہ گوہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو ہدیہ کر دیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی طرف دیکھا اور فرمایا: ''بنو اسرائیل کا ایک طبقہ زمین کے جانوروں میں مسخ

ہوگیا تھا' چنانچہ آپ ﷺ نے ان کو نہ خود کھایا اور نہ آپ ﷺ نے ان سے منع کیا۔

(٢٤٨٣٧) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ ، قَالَ :حَدَّثَنَا مِسْعَرٌ ، عَنْ أَبِي عَوْنٍ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى ؛ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَدَ رِيحَ ضَبٍّ فَرَخَّصَ لَهُمْ فِي أَكْلِهِ.

(۲۴۸۳۷) حضرت عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ سے روایت ہے کہ جناب نبی کریم ﷺ نے گوہ کی بُو محسوس کی تو آپ ﷺ نے لوگوں کو اس کے کھانے کی اجازت دے دی۔

(٢٤٨٣٨) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ ، قَالَ :حَدَّثَنَا مِسْعَرٌ ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلاَقَةَ ؛ أَنَّ عُمَرَ رَأَى رَجُلاً حَسَنَ الْجِسْمِ ، فَسَأَلَهُ أَوْ أُخْبِرَهُ ، فَقَالَ :مَنْ أَكَلَ الضِّبَابَ ، فَقَالَ عُمَرُ :وَدِدْتُ أَنَّ فِي كُلِّ جُحْرٍ ضَبٌّ ضَبَّيْنِ.

(۲۴۸۳۸) حضرت زیاد بن علاقہ سے روایت ہے۔ کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک خوبصورت جسم والے شخص کو دیکھا تو آپ رضی اللہ عنہ نے اس کو پوچھا یا اس نے آپ رضی اللہ عنہ کو بتایا۔ کہا۔ یہ جسامت گوہ کی وجہ سے ہے۔ اس پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ مجھے یہ بات پسند ہے کہ ہر گوہ کے سوراخ میں دو گوہ ہوں۔

(٢٤٨٣٩) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ :سُئِلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الضَّبِّ ؟ فَقَالَ :لاَ آكُلُهُ ، وَلاَ أُحَرِّمُهُ. (عبدالرزاق ٨٦٧٣)

(۲۴۸۳۹) حضرت ہشام، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں، وہ کہتے ہیں کہ جناب نبی کریم ﷺ سے گوہ کے بارے میں سوال کیا گیا؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا: ''نہ میں اس کو کھاتا ہوں اور نہ میں اس کو حرام قرار دیتا ہوں۔''

(٢٤٨٤٠) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، قَالَ :أَخْبَرَنَا دَاوُدُ ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ ، قَالَ :قَالَ عُمَرُ :إِنَّ اللَّهَ لَيَنْفَعُ بِالضَّبِّ ، فَإِنَّهُ لَطَعَامُ عَامَّةِ الرُّعَاةِ ، وَلَوْ كَانَ عِنْدِي لَطَعِمْتُ مِنْهُ.

(۲۴۸۴۰) حضرت ابونضرہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ اللہ تعالیٰ گوہ کے ذریعہ نفع دیتے ہیں۔ یہ عام چرواہوں کا کھانا ہے۔ اور اگر یہ میرے پاس دستیاب ہوتی تو میں بھی اس کو کھاتا۔

(٢٤٨٤١) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلاَقَةَ ، عَنْ سَعْدِ بْنِ مَعْبَدٍ ؛ أَنَّ عُمَرَ رَأَى رَجُلاً مِنْ مُحَارِبٍ سَمِيناً فِي عَامِ سَنَةٍ ، فَقَالَ :مَا طَعَامُكَ ؟ قَالَ :الضِّبَابُ ، قَالَ :وَدِدْتُ أَنَّ فِي كُلِّ جُحْرٍ ضَبٌّ ضَبَّيْنِ.

(۲۴۸۴۱) حضرت سعد بن معبد سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے قحط کے سال محارب قبیلہ کے ایک موٹے آدمی کو دیکھا تو آپ رضی اللہ عنہ نے پوچھا تمہارا کھانا کیا ہے؟ اس نے بتایا۔ گوہ۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے یہ بات محبوب ہے کہ گوہ کے ہر سوراخ میں دو گوہ ہوں۔

(٢٤٨٤٢) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، قَالَ :قَالَ عُمَرُ :ضَبٌّ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ دَجَاجَةٍ.

(۲۴۸۴۲) حضرت سعید بن المسیب سے روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے گوہ، مرغی سے زیادہ محبوب ہے۔

(٢٤٨٤٣) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ تَوْبَةَ الْعَنْبَرِيِّ ، عَنِ الشَّعْبِيِّ ، قَالَ : سُئِلَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الضَّبِّ ؟ فَقَالَ : حَلاَلٌ لاَ بَأْسَ بِهِ ، وَلَكِنِّي أَعَافُهُ.

(۲۴۸۴۳) حضرت شعبی سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ سے گوہ کے بارے میں سوال کیا گیا؟ تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''وہ حلال ہے۔ اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔ لیکن مجھے اس سے گھن آتی ہے۔''

(٢٤٨٤٤) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ أَبِي الْمِنْهَالِ ، عَنْ عَمِّهِ ، قَالَ : سَأَلْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ عَنِ الضَّبِّ ؟ فَقَالَ : لَسْتُ بِآكِلِهِ ، وَلاَ زَاجِرٌ عَنْهُ.

(۲۴۸۴۴) حضرت ابوالمنہال، اپنے چچا سے روایت کرتے ہیں۔ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے گوہ کے بارے میں سوال کیا؟ انہوں نے جواب میں فرمایا: نہ میں اس کو کھاتا ہوں اور نہ ہی اس سے روکتا ہوں۔

(٢٤٨٤٥) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ مِسْعَرٍ ، عَنْ أَبِي عَوْنٍ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى ؛ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَدَ رِيحَ ضَبٍّ ، فَقَالَ : إِنِّي ، أَوْ إِنَّا مِنْ قَوْمٍ لاَ نَأْكُلُهُ ، وَرَخَّصَ لَهُمْ فِي أَكْلِهِ.

(۲۴۸۴۵) حضرت عبدالرحمن بن ابی لیلیٰ سے روایت ہے کہ جناب نبی کریم ﷺ نے گوہ کی بُو محسوس کی تو آپ ﷺ نے فرمایا: ''میں'' یا فرمایا ''ہم اس قوم سے تعلق رکھتے ہیں جو اس کو نہیں کھاتی۔'' اور آپ ﷺ نے لوگوں کو اس کی اجازت عنایت فرمادی۔

(٢٤٨٤٦) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ عَبْدِ الْجَبَّارِ بْنِ عَبَّاسٍ ، عَنْ عَرِيبٍ الْهَمْدَانِيِّ ، عَنِ الْحَارِثِ ، عَنْ عَلِيٍّ ؛ أَنَّهُ كَرِهَ الضَّبَّ.

(۲۴۸۴۶) حضرت حارث، حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ گوہ کو ناپسند کرتے تھے۔

(٢٤٨٤٧) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ إِسْرَائِيلَ ، عَنْ عَبْدِ الأَعْلَى ، قَالَ : سَأَلْتُ ابْنَ الْحَنَفِيَّةِ عَنِ الضَّبِّ ؟ فَقَالَ : إِنْ أَعْجَبَكَ فَكُلْهُ.

(۲۴۸۴۷) حضرت عبدالاعلیٰ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن الحنفیہ سے سوال کیا گوہ کے بارے میں؟ تو انہوں نے فرمایا۔ اگر وہ تمہیں پسند ہے تو تم اس کو کھالو۔

(٢٤٨٤٨) حَدَّثَنَا عَبْدَةُ ، عَنِ الرُّكَيْنِ ، عَنْ عِصْمَةَ بْنِ رِبْعِيٍّ ، قَالَ : قَدِمْنَا عَلَى عُمَرَ وَنَحْنُ أُنَاسٌ سِمَانٌ حَسَنَةٌ هَيْئَتُنَا ، قَالَ : فَقَالَ : مَا طَعَامُكُمْ ؟ قُلْنَا : الضِّبَابُ ، قَالَ : فَقَالَ عُمَرُ : وَتُجْزِيكُمْ ؟ قُلْنَا : نَعَمْ ، فَقَالَ : وَدِدْتُ أَنَّ مَعَ كُلِّ ضَبٍّ ، مِثْلَهُ.

(۲۴۸۴۸) حضرت عصمہ بن ربعی سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ ہم لوگ حضرت عمر کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ ہم کچھ لوگ تھے جن کی حالت بہت اچھی تھی۔ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے پوچھا۔ تمہاری خوراک کیا ہے؟ ہم نے کہا: گوہ۔ راوی کہتے ہیں۔ اس پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: وہ تمہیں کفایت کر جاتی ہے۔ ہم نے کہا: جی ہاں! اس پر آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے یہ بات محبوب ہے کہ ہر ایک گوہ کے ساتھ اس کا مثل (ایک اور گوہ) ہو۔

(۱۰) فِي أَكْلِ الطِّحَالِ

تلی کھانے کے بارے میں

(۲۴۸۴۹) حَدَّثَنَا أَبُو الأَحْوَصِ ، عَنْ سِمَاكٍ ، عَنْ عِكْرِمَةَ ، قَالَ :جَاءَ رَجُلٌ إِلَى ابْنِ عَبَّاسٍ فَقَالَ :آكُلُ الطِّحَالَ ؟ قَالَ :نَعَمْ ، إِنَّمَا حُرِّمَ الدَّمُ الْمَسْفُوحُ.

(۲۴۸۴۹) حضرت عکرمہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کے پاس ایک شخص حاضر ہوا اور اس نے کہا۔ کیا میں تلی کھالوں؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہاں۔ اللہ تعالیٰ نے تو صرف بہتے ہوئے خون کو حرام کیا ہے۔

(۲۴۸۵۰) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ زَكَرِيَّا ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ ، عَنْ أَبِي مَيْسَرَةَ ، قَالَ :إِنِّي آكُلُ الطِّحَالَ وَمَا يُعْجِبُنِي ، وَلَكِنِّي أَكْرَهُ أَنْ أُحَرِّمَهُ.

(۲۴۸۵۰) حضرت ابو میسرہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں تلی کو کھاتا ہوں اور وہ مجھے پسند نہیں ہے۔ لیکن میں اس بات کو بھی ناپسند کرتا ہوں کہ میں اس کو حرام قرار دوں۔

(۲۴۸۵۱) حَدَّثَنَا عَبْدُ الأَعْلَى ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنِ الْحَسَنِ ؛ أَنَّهُ كَانَ لاَ يَرَى بِالطِّحَالِ بَأْسًا.

(۲۴۸۵۱) حضرت ہشام، حضرت حسن کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ تلی کے (کھانے میں) کوئی حرج نہیں دیکھتے تھے۔

(۲۴۸۵۲) حَدَّثَنَا عَبْدُالرَّحِيمِ ، وَوَكِيعٌ ، عَنْ فِطْرٍ ، عَنْ مُنْذِرٍ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَنَفِيَّةِ ؛ أَنَّهُ كَانَ إِذَا سُئِلَ عَنِ الْجِرِّيِّ ، وَالطِّحَالِ ، قَالَ وَكِيعٌ :وَأَشْيَاءَ مِمَّا يُكْرَهُ ؟ تَلاَ هَذِهِ الآيَةَ :﴿قُلْ لاَ أَجِدُ فِيمَا أُوحِيَ إِلَيَّ مُحَرَّمًا﴾.

(۲۴۸۵۲) حضرت منذر، حضرت محمد بن الحنفیہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ ان سے جب تلی اور بام مچھلی کے بارے میں..... اور حضرت وکیع کہتے ہیں اور ان چیزوں کے بارے میں جن کو ناپسند کیا جاتا ہے..... سوال کیا جاتا تو آپ رضی اللہ عنہ یہ آیت تلاوت کرتے۔ ﴿قُلْ لاَ أَجِدُ فِيمَا أُوحِيَ إِلَيَّ مُحَرَّمًا﴾.

(۲۴۸۵۳) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، أَوْ غَيْرِهِ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، قَالَ :لاَ بَأْسَ بِالطِّحَالِ.

(۲۴۸۵۳) حضرت منصور یا کوئی اور حضرت ابراہیم کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ کہتے ہیں تلی میں کوئی حرج نہیں ہے۔

(۲۴۸۵۴) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ ، عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ ، قَالَ :كَانَ لاَ يَأْكُلُ الْجِرِّيثَ وَالطِّحَالَ.

(۲۴۸۵۴) حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ بام مچھلی اور تلی کھانے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

(۲۴۸۵۵) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ إِسْرَائِيلَ ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ ، عَنِ الْحَارِثِ ، عَنْ عَلِيٍّ ، قَالَ :الطِّحَالُ لُقْمَةُ الشَّيْطَانِ.

(۲۴۸۵۵) حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ تلی، شیطان کا لقمہ ہے۔

(١١) مَا قَالُوا فِيمَا يُؤْكَلُ مِن طَعَامِ الْمَجُوسِ

مجوس کے کھانے سے کھانے کے بارے میں اقوال

(٢٤٨٥٦) حَدَّثَنَا جَرِيرٌ ، عَنْ قَابُوسَ ، عَنْ أَبِيهِ ؛ أَنَّ امْرَأَةً سَأَلَتْ عَائِشَةَ قَالَتْ :إِنَّ لَنَا أَظْآرًا مِنَ الْمَجُوسِ ، وَإِنَّهُ يَكُونُ لَهُمُ الْعِيدُ فَيُهْدُونَ لَنَا ؟ فَقَالَتْ :أَمَّا مَا ذُبِحَ لِذَلِكَ الْيَوْمِ فَلاَ تَأْكُلُوا ، وَلَكِنْ كُلُوا مِنْ أَشْجَارِهِمْ.

(۲۴۸۵۶) حضرت قابوس، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ایک خاتون نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے سوال کیا۔ اس نے کہا۔ ہماری کچھ مجوسی دائیاں ہیں۔ اور جب ان کی عید ہوتی ہے تو وہ ہمیں ہدیہ دیتے ہیں؟ تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: ہاں۔ اس دن کے لیے کچھ ذبح کیا جائے۔ تم اس کو تو نہ کھاؤ لیکن تم ان کے درختوں سے کھا سکتے ہو۔

(٢٤٨٥٧) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ حَكِيمٍ، عَنْ أُمِّهِ، عَنْ أَبِي بَرْزَةَ؛ أَنَّهُ كَانَ لَهُ سُكَّانٌ مَجُوسٌ، فَكَانُوا يُهْدُونَ لَهُ فِي النَّيْرُوزِ وَالْمِهْرَجَانِ ، فَكَانَ يَقُولُ لأَهْلِهِ :مَا كَانَ مِنْ فَاكِهَةٍ فَكُلُوهُ ، وَمَا كَانَ مِنْ غَيْرِ ذَلِكَ فَرُدُّوهُ.

(۲۴۸۵۷) حضرت ابو برزہ سے روایت ہے کہ کچھ مجوسی ان کے ہاں رہائش پذیر تھے۔ اور وہ مجوسی، حضرت ابو برزہ کو نیروز اور مہرجان کے موقع پر ہدیہ پیش کیا کرتے تھے۔ پس ابو برزہ اپنے اہل خانہ سے کہا کرتے تھے۔ جو چیز میوہ جات کے قبیل سے ہو تم اس کو کھالیا کرو اور جو چیز اس کے علاوہ ہو تم اس کو واپس کر دیا کرو۔

(٢٤٨٥٨) حَدَّثَنَا جَرِيرٌ ، عَنْ مُغِيرَةَ ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ ، وَإِبْرَاهِيمَ ، قَالاَ :لَمَّا قَدِمَ الْمُسْلِمُونَ أَصَابُوا مِنْ أَطْعِمَةِ الْمَجُوسِ ؛ مِنْ جُبْنِهِمْ وَمِنْ خُبْزِهِمْ ، فَأَكَلُوا وَلَمْ يَسْأَلُوا عَنْ شَىْءٍ مِنْ ذَلِكَ.

(۲۴۸۵۸) حضرت ابو وائل اور حضرت ابراہیم سے روایت ہے۔ وہ دونوں حضرات کہتے ہیں کہ جب مسلمان لوگ آئے تو انہیں مجوسیوں کے کھانے میں سے، ان کی پنیر اور ان کی روٹیاں ملیں۔ پس ان لوگوں نے اسی کو کھالیا اور ان میں سے کسی چیز کے بارے میں سوال نہیں کیا۔

(٢٤٨٥٩) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنِ الْحَسَنِ ، قَالَ : كَانَ يَكْرَهُ أَنْ يَأْكُلَ مِمَّا طَبَخَ الْمَجُوسُ فِي قُدُورِهِمْ ، وَلَمْ يَكُنْ يَرَى بَأْسًا أَنْ يَأْكُلَ مِنْ طَعَامِهِمْ مِمَّا سِوَى ذَلِكَ ؛ خُبْزًا ، أَوْ سَمْنًا ، أَوْ كَامِخًا ، أَوْ شِيرَازًا ، أَوْ لَبَنًا.

(۲۴۸۵۹) حضرت ہشام، حضرت حسن کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ اس بات کو ناپسند کرتے تھے کہ مجوسی لوگ، اپنی ہانڈیوں میں جو کھانا پکائیں۔ اس میں سے کھایا جائے۔ اور وہ اس بات میں کوئی حرج نہیں دیکھتے تھے کہ ان کے کھانوں میں مندرجہ ذیل اشیاء کے علاوہ کچھ کھایا جائے۔ روٹی، گھی، چٹنی، پانی نکالا دودھ، یا دودھ۔

(٢٤٨٦٠) حَدَّثَنَا حَفْصٌ ، عَنْ حَجَّاجٍ ، عَنْ عَطَاءٍ ، قَالَ :لاَ بَأْسَ بِخُبْزِ الْمَجُوسِ.

(۲۴۸۶۰) حضرت عطاء سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ مجوسیوں کی روٹی میں کوئی حرج نہیں۔

(٢٤٨٦١) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ شَرِيكٍ ، عَنْ لَيْثٍ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ، قَالَ : لاَ تَأْكُلْ مِنْ طَعَامِ الْمَجُوسِ إِلاَّ الْفَاكِهَةَ.

(۲۴۸۶۱) حضرت مجاہد سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ تم مجوسیوں کے کھانے میں سے میوہ جات کے علاوہ کچھ نہ کھاؤ۔

(٢٤٨٦٢) حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ ، عَنْ يُونُسَ ، عَنِ الْحَسَنِ ، عَنْ أَبِي بَرْزَةَ ، قَالَ : كُنَّا فِي غَزَاةٍ لَنَا فَلَقِينَا أُنَاسًا مِنَ الْمُشْرِكِينَ ، فَأَجْهَضْنَاهُمْ عَنْ مَلَّةٍ لَهُمْ ، فَوَقَعْنَا فِيهَا فَجَعَلْنَا نَأْكُلُ مِنْهَا ، وَكُنَّا نَسْمَعُ فِي الْجَاهِلِيَّةِ أَنَّهُ مَنْ أَكَلَ الْخُبْزَ سَمِنَ ، فَلَمَّا أَكَلْنَا تِلْكَ الْخُبْزَةَ جَعَلَ أَحَدُنَا يَنْظُرُ فِي عِطْفَيْهِ ، هَلْ سَمِنَ ؟.

(۲۴۸۶۲) حضرت ابو برزہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ ہم اپنے ایک جہادی سفر میں تھے کہ ہمیں مشرکین میں سے کچھ لوگ ملے۔ پس ہم نے انہیں ان کی بھوبھل سے پیچھے ہٹا دیا اور ہم اس میں چلے گئے اور ہم اس سے (تیار شدہ) کھانا کھانے لگے۔ اور ہم نے جاہلیت میں یہ بات سنی ہوئی تھی کہ جو (یہ) روٹی کھاتا ہے وہ موٹا ہو جاتا ہے۔ چنانچہ جب ہم نے یہ روٹیاں کھائیں تو ہم میں سے (ہر) ایک اپنے دائیں بائیں دیکھنے لگا کہ کیا وہ موٹا ہوا ہے؟

(٢٤٨٦٣) حَدَّثَنَا يَزِيدُ ، قَالَ : أَخْبَرَنَا هِشَامٌ ، عَنِ الْحَسَنِ ، وَمُحَمَّدٍ ، قَالاَ : كَانَ الْمُشْرِكُونَ يَجِيئُونَ بِالسَّمْنِ فِي ظُرُوفِهِمْ ، فَيَشْتَرِيهِ أَصْحَابُ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْمُسْلِمُونَ فَيَأْكُلُونَهُ ، وَنَحْنُ نَأْكُلُهُ.

(۲۴۸۶۳) حضرت حسن اور حضرت محمد رحمہما اللہ سے روایت ہے۔ یہ دونوں حضرات کہتے ہیں کہ مشرکین اپنے برتنوں میں گھی لے کر آتے تھے اور اس کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ رضی اللہ عنہم اور دیگر مسلمان خریدتے تھے اور کھاتے تھے اور ہم بھی اس کو کھاتے تھے۔

(٢٤٨٦٤) حَدَّثَنَا جَرِيرٌ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، قَالَ : سَأَلْتُ إِبْرَاهِيمَ عَنِ السَّمْنِ الْجَبَلِيِّ ؟ فَقَالَ : الْعَرَبِيُّ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْهُ ، وَإِنَّا لَنَأْكُلُ مِنَ الْجَبَلِيِّ.

(۲۴۸۶۴) حضرت منصور سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابراہیم سے پہاڑی گھی کے بارے میں سوال کیا؟ انہوں نے فرمایا: مجھے عربی گھی اس سے زیادہ پسند ہے۔ اور ہم پہاڑی گھی بھی کھاتے تھے۔

(٢٤٨٦٥) حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ ، عَنْ مُحَمَّدٍ ؛ أَنَّهُ كَانَ لاَ يَرَى بِالسَّمْنِ الْجَبَلِيِّ بَأْسًا.

(۲۴۸۶۵) حضرت ابن عون، حضرت محمد کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ پہاڑی گھی میں کوئی حرج محسوس نہیں کرتے تھے۔

(٢٤٨٦٦) حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ ، عَنْ عَاصِمٍ ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ ، قَالَ : كُنَّا نَأْكُلُ السَّمْنَ ، وَلاَ نَأْكُلُ الْوَدَكَ ، وَلاَ نَسْأَلُ عَنِ الظُّرُوفِ.

(۲۴۸۶۶) حضرت ابوعثمان سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ ہم لوگ گھی تو کھایا کرتے تھے لیکن ہم چربی نہیں کھایا کرتے تھے۔ اور ہم برتنوں کے بارے میں پوچھ گچھ نہیں کرتے تھے۔

(٢٤٨٦٧) حَدَّثَنَا عَبْدُ الأَعْلَى ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنْ مُحَمَّدٍ ؛ أَنَّ عَامِرَ بْنَ عَبْدِ اللهِ كَانَ يَكْرَهُ مِنَ السَّمْنِ مَا يَجِيءُ

مِنْ هَذَا ، يَعْنِي الْجَبَلَ ، وَلَا يَرَى بَأْسًا بِمَا يَجِيءُ مِنْ هَاهُنَا ، يَعْنِي الْبَادِيَةَ.

(۲۴۸۶۷) حضرت محمد سے روایت ہے کہ حضرت عامر بن عبداللہ اس جگہ..... پہاڑ، کوہستان..... سے آنے والے گھی کو ناپسند کرتے تھے اور اس گھی میں کوئی حرج نہیں دیکھتے تھے۔ جو یہاں سے..... جنگل سے..... آتا تھا۔

(٢٤٨٦٨) حَدَّثَنَا عَبْدُ الأَعْلَى ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنِ الْحَسَنِ ، قَالَ : كَانَ لَا يَرَى بِأَكْلِ السَّمْنِ الْمَائِيِّ بَأْسًا.

(۲۴۸۶۸) حضرت ہشام، حضرت حسن کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ پانی والے گھی کو کھانے میں کوئی حرج نہیں دیکھتے تھے۔

(٢٤٨٦٩) حَدَّثَنَا جَرِيرٌ ، عَنْ مُغِيرَةَ ، عَنْ أَبِي رَزِينٍ ، قَالَ : كَانُوا يَنْقُلُونَ السَّمْنَ الْجَبَلِيَّ بِمَاءِ الْجُبْنِ.

(۲۴۸۶۹) حضرت ابورزین سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ پہلے لوگ پہاڑی گھی کو پنیر کے پانی کے ساتھ نقل کرتے تھے۔

(١٢) فِي الأَكْلِ فِي آنِيَةِ الْكُفَّارِ

کفار کے برتنوں میں کھانے کے بارے میں

(٢٤٨٧٠) حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ ، عَنْ حَجَّاجٍ ، عَنْ مَكْحُولٍ ، عَنْ أَبِي إِدْرِيسَ ، عَنْ أَبِي ثَعْلَبَةَ الْخُشَنِيِّ ، قَالَ : قُلْتُ : يَا رَسُولَ اللهِ ، إِنَّا نَغْزُو أَرْضَ الْعَدُوِّ فَنَحْتَاجُ إِلَى آنِيَتِهِمْ ، قَالَ : اسْتَغْنُوا عنها مَا اسْتَطَعْتُمْ ، فَإِنْ لَمْ تَجِدُوا غَيْرَهَا فَاغْسِلُوهَا ، وَكُلُوا فِيهَا وَاشْرَبُوا. (طبرانی ۵۶۸)

(۲۴۸۷۰) حضرت ابوثعلبہ خشنی سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ! ہم دشمن کی سرزمین پر جنگ کرتے ہیں تو ہمیں ان کے برتنوں کی ضرورت پڑتی ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''جس قدر ہو سکے تم ان برتنوں سے مستغنی رہو، اور اگر تم ان برتنوں کے علاوہ کوئی اور برتن نہ پاؤ تو پھر تم انہی کو دھولو اور ان میں کھاؤ پیو۔''

(٢٤٨٧١) حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ ، عَنْ بُرْدٍ ، عَنْ عَطَاءٍ ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ ، قَالَ : كُنَّا نَغْزُو مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَرْضَ الْمُشْرِكِينَ ، فَلَا نَمْتَنِعُ أَنْ نَأْكُلَ فِي آنِيَتِهِمْ ، وَنَشْرَبَ فِي أَسْقِيَتِهِمْ.

(ابوداؤد ۳۸۳۴۔ احمد ۳/ ۳۲۷)

(۲۴۸۷۱) حضرت جابر بن عبداللہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ ہم جناب رسول اللہ ﷺ کے ہمراہ مشرکین کے علاقہ میں جہاد کرتے تھے۔ اور ہم مشرکین کے کھانے کے برتنوں میں کھانے سے اور پینے کے برتنوں میں پینے سے نہیں رُکتے تھے۔

(٢٤٨٧٢) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، قَالَ : حَدَّثَنَا سُفْيَانُ ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ عَبْدِ اللهِ الْقُشَيْرِيِّ أَبِي الْمِنْهَالِ ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ ، قَالَ : كَانَ أَصْحَابُ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَظْهَرُونَ عَلَى الْمُشْرِكِينَ ، فَيَأْكُلُونَ فِي أَوْعِيَتِهِمْ ، وَيَشْرَبُونَ فِي أَسْقِيَتِهِمْ.

(۲۴۸۷۲) حضرت ابن سیرین رحمہ اللہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ رضی اللہ عنہم مشرکین پر غالب آتے تھے اور ان کے کھانے کے برتنوں میں کھاتے اور پینے کے برتنوں میں پیتے تھے۔

(٢٤٨٧٣) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ جَابِرٍ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ نُجَيٍّ ؛ أَنَّ حُذَيْفَةَ اسْتَسْقَى ، فَأَتَاهُ دِهْقَانٌ بِبَاطِيَةٍ فِيهَا خَمْرٌ ، فَغَسَلَهَا وَشَرِبَ فِيهَا.

(۲۴۸۷۳) حضرت عبداللہ بن نجی سے روایت ہے کہ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے پانی مانگا پس ایک دہقان ان کے پاس شراب پینے میں استعمال ہونے والا برتن لایا جس میں شراب تھی۔ تو آپ نے اس کو دھولیا اور اس میں پانی پی لیا۔

(٢٤٨٧٤) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ ، قَالَ : كَانُوا يَكْرَهُونَ آنِيَةَ الْكُفَّارِ ، فَإِنْ لَمْ يَجِدُوا مِنْهَا بُدًّا غَسَلُوهَا وَطَبَخُوا فِيهَا.

(۲۴۸۷۴) حضرت ابن عون، حضرت ابن سیرین رحمہ اللہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ کفار کے برتنوں (کے استعمال) کو ناپسند کرتے تھے۔ لیکن اگر لوگوں کو اس سے کوئی چارہ نہ ہو تو پھر ان برتنوں کو دھولیں اور ان میں پکالیں۔

(٢٤٨٧٥) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنِ الْحَسَنِ ، قَالَ : إِذَا احْتَجْتُمْ إِلَى قُدُورِ الْمَجُوسِ وَآنِيَتِهِمْ ، فَاغْسِلُوهَا وَاطْبُخُوا فِيهَا.

(۲۴۸۷۵) حضرت حسن سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ جب تمہیں مجوسیوں کے برتن اور ہانڈیوں کی ضرورت پیش آئے۔ تو تم ان کو دھولو اور ان میں پکالو۔

(٢٤٨٧٦) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْوَلِيدِ الشَّنِّيِّ ، قَالَ : سَأَلْتُ سَعِيدَ بْنَ جُبَيْرٍ عَنْ قُدُورِ الْمَجُوسِ ؟ فَقَالَ : اغْسِلْهَا وَاطْبُخْ فِيهَا.

(۲۴۸۷۶) حضرت عمر بن الولید بن شعبی سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت سعید بن جبیر سے پوچھا۔ مجوسیوں کی ہانڈیوں کے بارے میں؟ تو انہوں نے کہا۔ تم ان کو دھولو اور ان میں پکالو۔

(١٣) مَا قَالُوا فِي الْفَأْرَةِ تَقَعُ فِي السَّمْنِ

گھی میں چوہا گر جائے تو اس میں اقوال

(٢٤٨٧٧) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنِ الزُّهْرِيِّ ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ، عَنْ مَيْمُونَةَ ؛ سُئِلَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ فَأْرَةٍ وَقَعَتْ فِي سَمْنٍ ، فَمَاتَتْ ؟ فَقَالَ : أَلْقُوهَا وَمَا حَوْلَهَا ، وَكُلُوهُ.

(بخاری ۵۵۳۸۔ ابوداؤد ۳۸۴۲)

(۲۴۸۷۷) حضرت میمونہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا گیا کہ ایک چوہا گھی میں گر گیا اور مر گیا؟ تو

آپ ﷺ نے فرمایا: ''چوہے کو اور اس کے اردگرد کو نکال پھینکو اور بقیہ کو کھالو۔''

(٢٤٨٧٨) حَدَّثَنَا عَبْدُ الأَعْلَى ، عَنْ مَعْمَرٍ ، عَنِ الزُّهْرِيِّ ، عَنْ سَعِيدٍ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ؛ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنْ فَأْرَةٍ مَاتَتْ فِي سَمْنٍ ؟ فَقَالَ : فَأَمَرَ بِهَا أَنْ تُؤْخَذَ وَمَا حَوْلَهَا فَتُطْرَحَ. (ابوداؤد ٣٨٣٨)

(۲۴۸۷۸) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ سے دریافت کیا گیا کہ ایک چوہا گھی میں مر گیا ہے؟ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں۔ پس آپ ﷺ نے حکم دیا کہ چوہا اور اس کے اردگرد گھی کو نکال کر پھینک دیا جائے۔

(٢٤٨٧٩) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ ، عَنْ مَيْسَرَةَ ، عَنْ عَلِيٍّ ؛ فِي الْفَأْرَةِ تَقَعُ فِي السَّمْنِ ، قَالَ : إِنْ كَانَ ذَائِبًا فَأَهْرِقْهُ ، وَإِنْ كَانَ جَامِدًا فَأَلْقِهَا وَمَا حَوْلَهَا ، وَكُلْ بَقِيَّتَهُ.

(۲۴۸۷۹) حضرت میسرہ، حضرت علی رضی اللہ عنہ سے گھی میں گرنے والے چوہے کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر گھی پگھلا ہوا ہو تو گھی گرادو۔ اور اگر گھی منجمد ہے تو پھر چوہے کو اور اس کے اردگرد گھی کو نکال کر پھینک دو اور بقیہ گھی کھالو۔

(٢٤٨٨٠) حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ ، عَنْ يُونُسَ ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ ؛ أَنَّ الأَشْعَرِيَّ سُئِلَ عَنْ سَمْنٍ مَاتَ فِيهِ وَزَغٌ ؟ فَقَالَ : بِيعُوهُ بَيْعًا ، وَلاَ تَبِيعُوهُ مِنْ مُسْلِمٍ.

(۲۴۸۸۰) حضرت ابن سیرین سے روایت ہے کہ حضرت اشعری سے اس گھی کے بارے میں سوال کیا گیا جس میں چھپکلی مر چکی تھی؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا: اس کو کسی طرح بیچ دو لیکن یہ کسی مسلمان کو نہ بیچنا۔

(٢٤٨٨١) حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ ، عَنْ أَبِي بِشْرٍ ، عَنْ نَافِعٍ ؛ أَنَّ جُرَذًا وَقَعَ فِي قِدْرٍ لآلِ ابْنِ عُمَرَ ، فَسُئِلَ ؟ فَقَالَ : انْتَفِعُوا بِهِ ، وَادْهِنُوا بِهِ الأَدَمَ.

(۲۴۸۸۱) حضرت نافع سے روایت ہے کہ ایک بڑا چوہا، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کے گھر والوں کی ہانڈی میں گر گیا تھا پس اس کے بارے میں سوال کیا گیا؟ تو انہوں نے فرمایا: تم اس کے ذریعہ نفع حاصل کرو اور اس کے ذریعہ سالن کو روغنی کرلو۔

(٢٤٨٨٢) حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنْ أَيُّوبَ ، عَنْ نَافِعٍ ، عَنْ صَفِيَّةَ بِنْتِ أَبِي عُبَيْدٍ ؛ أَنَّ جَرًّا لآلِ ابْنِ عُمَرَ فِيهِ عِشْرُونَ فَرْقًا مِنْ سَمْنٍ ، أَوْ زِيَادَةٌ ، وَقَعَتْ فِيهِ فَأْرَةٌ فَمَاتَتْ ، فَأَمَرَهُمُ ابْنُ عُمَرَ أَنْ يَسْتَصْبِحُوا بِهِ.

(۲۴۸۸۲) حضرت صفیہ بنت ابن عبید سے روایت ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کے گھر والوں کا ایک گھڑا تھا جس میں بیس فرق (خاص پیمانہ ہے) یا اس سے زیادہ گھی تھا۔ اس میں ایک چوہا گر کر مر گیا تو حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے گھر والوں کو حکم دیا کہ اس گھی سے چراغ جلالیں۔

(٢٤٨٨٣) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ حُمْرَانَ بْنِ أَعْيُنَ ، عَنْ أَبِي حَرْبِ بْنِ أَبِي الأَسْوَدِ ، قَالَ : سُئِلَ ابْنُ مَسْعُودٍ عَنْ فَأْرَةٍ وَقَعَتْ فِي سَمْنٍ فَمَاتَتْ ؟ فَقَالَ : إِنَّمَا حَرَّمَ اللَّهُ مِنَ الْمَيْتَةِ لَحْمَهَا وَدَمَهَا.

(۲۴۸۸۳) حضرت ابو حرب بن ابی الاسود سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے اس چوہے کے متعلق

سوال کیا گیا جو گھی میں گرا اور مر گیا؟ تو انہوں نے فرمایا۔ اللہ تعالیٰ نے صرف مردار کا گوشت اور اس کا خون حرام کیا ہے۔

(٢٤٨٨٤) حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَيُّوبَ ، قَالَ : أَخْبَرَنِي أَبُو قُبَيْلٍ ، عَنْ تُبَيْعِ بْنِ امْرَأَةِ كَعْبٍ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو ، قَالَ فِي الزَّيْتِ تَقَعُ فِيهِ الْفَأْرَةُ ، فَتَمُوتُ : إِنَّهُ لاَ يَحِلُّ أَكْلُهُ لِمُسْلِمٍ ، وَلاَ لِيَهُودِيٍّ ، وَلاَ لِنَصْرَانِيٍّ .

(۲۴۸۸۴) حضرت عبداللہ بن عمرو نے اس زیتون کے تیل کے بارے میں جس میں چوہا گر کر مر جائے فرمایا: کہ کسی مسلمان، کسی یہودی اور کسی عیسائی کے لیئے اس کا کھانا حلال نہیں ہے۔

(٢٤٨٨٥) حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ ، عَنْ جُمَيْلِ بْنِ عُبَيْدٍ الطَّائِيِّ ، قَالَ : حَدَّثَنِي ثُمَامَةُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ أَنَسٍ ، عَنْ جَدِّهِ أَنَسٍ ؛ أَنَّهُ سُئِلَ عَنِ الْفَأْرَةِ تَقَعُ فِي السَّمْنِ ، أَوِ الزَّيْتِ؟ قَالَ : إِنْ كَانَ جَامِدًا أُخِذَتْ وَمَا حَوْلَهَا فَأُلْقِيَ ، وَأُكِلَ مَا بَقِيَ ، وَإِنْ كَانَ ذَائِبًا اسْتَصْبِحُوا بِهِ .

(۲۴۸۸۵) حضرت ثمامہ بن عبداللہ بن انس، اپنے دادا حضرت انس رضی اللہ عنہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ ان سے گھی یا زیتون کے تیل میں گرنے والے چوہے کے بارے میں سوال کیا گیا؟ انہوں نے فرمایا: اگر گھی منجمد ہے تو چوہے اور اس کے اردگرد کے گھی کو پکڑ کر باہر نکال دیں گے اور باقی کھالیا جائے گا اور اگر گھی پگھلا ہوا ہو تو اس کو چراغ جلانے میں استعمال کریں گے۔

(٢٤٨٨٦) حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ نُمَيْرٍ ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ بُرْقَانَ ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ الْحَجَّاجِ ، قَالَ : قَالَتْ عَائِشَةُ : إِنْ كَانَ جَامِدًا فَأَلْقِهَا وَمَا يَلِيهَا ، وَكُلْ مَا بَقِيَ ، وَإِنْ كَانَ مَائِعًا فَلاَ تَأْكُلْهُ .

(۲۴۸۸۶) حضرت ثابت بن حجاج سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اگر گھی منجمد ہے تو چوہے اور اس کے اردگرد کو باہر نکال پھینکو اور باقی کو کھالو اور اگر گھی سیال ہے تو پھر اس کو نہ کھاؤ۔

(٢٤٨٨٧) حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ ، عَنْ مُغِيرَةَ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، قَالَ : إِذَا وَقَعَ الْجُرَذُ فِي السَّمْنِ الذَّائِبِ فَمَاتَ فِيهِ لَمْ يُؤْكَلْ ، وَإِنْ كَانَ جَامِدًا أُلْقِيَ الْجُرَذُ وَمَا حَوْلَهُ ، وَأُكِلَ مَا سِوَى ذَلِكَ .

(۲۴۸۸۷) حضرت ابراہیم سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ جب بڑا چوہا، پگھلے ہوئے گھی میں گر جائے اور اسی میں مر جائے تو یہ گھی نہیں کھایا جائے گا اور گر یہ گھی منجمد ہو تو پھر چوہا، اور اس کے اردگرد کو باہر نکال پھینکیں گے۔ اور اس کے سوا کو کھالیں گے۔

(٢٤٨٨٨) حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ ، قَالَ : أَخْبَرَنِي يُونُسُ ، أَنَّ الْحَسَنَ وَمُحَمَّدًا ، قَالاَ : لَهُ ذَلِكَ .

(۲۴۸۸۸) حضرت حسن اور حضرت محمد سے روایت ہے، یہ دونوں حضرات کہتے ہیں کہ آدمی کو یہ اختیار ہے۔

(٢٤٨٨٩) حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ ، عَنِ الشَّعْبِيِّ ، مِثْلَ ذَلِكَ .

(۲۴۸۸۹) حضرت شعبی سے ایسی ہی روایت ہے۔

(٢٤٨٩٠) حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ نُمَيْرٍ ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ ، عَنْ عَطَاءٍ ، قَالَ : إِنْ كَانَ جَامِدًا فَأَلْقِهَا وَمَا يَلِيهَا وَكُلْ مَا

بَقِيَ ، وَإِنْ كَانَ ذَائِبًا فَاسْتَصْبِحْ بِهِ وَلَا تَأْكُلْهُ.

(۲۴۸۹۰) حضرت عطاء سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ اگر گھی منجمد ہو تو پھر تم چوہا اور اس کے اردگرد کو باہر نکال دو اور بقیہ کو کھالو۔ اور اگر گھی پگھلا ہوا ہے تو پھر تم اس سے چراغ روشن کر لو لیکن اس کو کھاؤ نہیں۔

(٢٤٨٩١) حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ ، عَنْ بُرْدٍ ، عَنْ مَكْحُولٍ ؛ أَنَّ فَأْرَةً وَقَعَتْ فِي زَيْتٍ ، فَسَأَلُوا النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ؟ فَقَالَ : اسْتَصْبِحُوا بِهِ وَلَا تَأْكُلُوهُ . وَكَانَ مَكْحُولٌ يَقُولُ : إِذَا وَقَعَتْ فِي السَّمْنِ ، فَكَانَ جَامِدًا أُلْقِيَ وَمَا حَوْلَهُ وَأُكِلَ مَا سِوَى ذَلِكَ ، وَإِنْ كَانَ ذَائِبًا لَمْ يُؤْكَلْ مِنْهُ شَيْءٌ.

(۲۴۸۹۱) حضرت مکحول سے روایت ہے کہ زیتون کے تیل میں ایک چوہا گر گیا تھا تو لوگوں نے جناب نبی کریم ﷺ سے پوچھا؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا: ''اس کے ذریعہ چراغ روشن کر لو۔ لیکن اس کو کھاؤ نہیں۔'' حضرت مکحول فرمایا کرتے تھے کہ جب چوہا گھی میں گر جائے اور گھی منجمد ہو تو چوہے کو اور اس کے اردگرد کو باہر نکال پھینکو اور اس کے علاوہ کو کھالو۔ اور اگر گھی پگھلا ہوا ہو تو پھر اس میں سے کچھ بھی نہیں کھایا جائے گا۔

(٢٤٨٩٢) حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ سِمَاكٍ ، عَنْ عِكْرِمَةَ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ؛ سُئِلَ عَنْ فَأْرَةٍ وَقَعَتْ فِي سَمْنٍ جَامِدٍ ؟ فَأَمَرَ أَنْ يُلْقَى مَا حَوْلَهَا ، وَيُؤْكَلُ بَقِيَّتُهُ.

(۲۴۸۹۲) حضرت عکرمہ، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ ان سے خشک گھی میں گرے ہوئے چوہے کے بارے میں سوال کیا گیا؟ تو انہوں نے فرمایا: (چوہا اور) اس کے اردگرد کو باہر نکال کر پھینک دیا جائے گا اور بقیہ کو کھالیا جائے گا۔

(١٤) فِي الْجُبْنِ وأَكْلِهِ

پنیر اور اس کے کھانے والے کے بارے میں

(٢٤٨٩٣) حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ ، قَالَ : أَخْبَرَنَا أَبُو حَمْزَةَ ، قَالَ : سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ وَسُئِلَ عَنِ الْجُبْنِ ؟ قَالَ : ضَعِ السِّكِّينَ فِيهِ ، وَاذْكُرِ اسْمَ اللهِ ، وَكُلْ.

(۲۴۸۹۳) حضرت ابوحمزہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کو سنا جبکہ ان سے پنیر کے بارے میں سوال کیا گیا؟ انہوں نے فرمایا: اس میں چھری رکھو اور اللہ کا نام لو اور کھا جاؤ۔

(٢٤٨٩٤) حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ ، عَنْ أَبِي حَيَّانَ الأَزْدِيِّ ، قَالَ ، سَأَلْتُ ابْنَ عُمَرَ عَنِ الْجُبْنِ ؟ فَقَالَ : مَا يَأْتِينَا مِنَ الْعِرَاقِ شَيْءٌ هُوَ أَعْجَبُ إِلَيْنَا مِنْهُ.

(۲۴۸۹۴) حضرت ابوحیان ازدی سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے پنیر کے بارے میں سوال کیا تو

انہوں نے فرمایا: ہمیں عراق سے آنے والی اشیاء میں سے کوئی چیز اس سے زیادہ محبوب نہیں ہے۔

(٢٤٨٩٥) حَدَّثَنَا أَبُو الأَحْوَصِ ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ ، عَنْ قَرْظَةَ ، قَالَ :قَالَ عُمَر : كُلُوا الْجُبْنَ فَإِنَّه لَبَأٌ وَلَبَنٌ.

(۲۴۸۹۵) حضرت قرظہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم پنیر کھالیا کرو کیونکہ یہ کھیس اور دودھ ہے۔

(٢٤٨٩٦) حَدَّثَنَا أَبُو الأَحْوَصِ ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ ، عَنْ تَمْلِكَ ، قَالَتْ :سَأَلْتُ أُمَّ سَلَمَةَ ؟ فَقَالَتْ :ضَعِي فِيهِ سِكِّينَكِ ، وَاذْكُرِي اسْمَ اللهِ جَلَّ وَعَزَّ ، وَكُلِي.

(۲۴۸۹۶) حضرت تملک سے روایت ہے، وہ کہتی ہیں کہ میں نے حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا۔ تو انہوں نے فرمایا۔ تم اس میں اپنی چھری رکھو اور اللہ عزوجل کا نام لو اور کھالو۔

(٢٤٨٩٧) حَدَّثَنَا سَلاَّمٌ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ مَسْرُوقٍ ، عَنْ مُنْذِرٍ ، عَنِ ابْنِ الْحَنَفِيَّةِ ، قَالُوا :كُلُوا الْجُبْنَ عَرْضًا.

(۲۴۸۹۷) حضرت ابن الحنفیہ سے لوگ روایت کرتے ہیں کہ تم پنیر کو پہلو سے کھاؤ۔

(٢٤٨٩٨) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ ، عَنِ ابْنِ عَجْلاَنَ ، عَنْ رَبِيعَةَ ، عَنْ خَالَتِهِ ، قَالَتْ :جَائَنَا جُبْنٌ مِنَ الْعِرَاقِ ، فَأَرْسَلَتْ إِلَى عَائِشَةَ ، فَقَالَتْ :كُلِي وَأَطْعِمِينِي.

(۲۴۸۹۸) حضرت ربیعہ، اپنی خالہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا: ہمیں عراق سے پنیر آیا پس میں نے حضرت عائشہ کی طرف بھیج دیا تو انہوں نے فرمایا۔ تم خود بھی کھاؤ اور مجھے بھی کھلاؤ۔

(٢٤٨٩٩) حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ ، قَالَ :حدَّثَنَا مُغِيرَةُ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، قَالَ :كَتَبَ عُمَرُ :اذْكُرُوا اسْمَ اللهِ عَلَى الْجُبْنِ وَكُلُوا ، قَالَ إِبْرَاهِيمُ :فَلَمَّا سَافَرْنَا إِلَى هَذِهِ الْجِبَالِ فَرَأَيْنَا مِنْ صَنِيعِ الأَعَاجِمِ مَا رَأَيْنَا كَرِهْنَاهُ ، إِلاَّ أَنْ نَسْأَلَ عَنْهُ.

(۲۴۸۹۹) حضرت ابراہیم سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک تحریر میں فرمایا: پنیر پر اللہ کا نام لو اور اس کو کھاؤ۔ حضرت ابراہیم کہتے ہیں کہ پس جب ہم نے ان پہا ں کی جانب سفر کیا تو ہم نے عجمی لوگوں کے مصنوعات میں جو کچھ دیکھا تو ہم نے اس کو ناپسند سمجھا۔ اِلّا یہ کہ ہم اس کے بارے میں سوال کریں۔

(٢٤٩٠٠) حَدَّثَنَا عَبِيدَةُ بْنُ حُمَيْدٍ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ ، عَنْ قَيْسِ بْنِ السَّكَنِ ، قَالَ :قَالَ عَبْدُ اللهِ :لاَ تَأْكُلُوا مِنَ الْجُبْنِ إِلاَّ مَا صَنَعَ الْمُسْلِمُونَ وَأَهْلُ الْكِتَابِ.

(۲۴۹۰۰) حضرت قیس بن سکن سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ حضرت عبداللہ نے فرمایا: صرف وہ پنیر کھاؤ جس کو مسلمان یا اہل کتاب تیار کریں۔

(٢٤٩٠١) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ الرَّازِيِّ ، عَنِ الرَّبِيعِ ، عَنْ أَبِي الْعَالِيَةِ ، عَنْ سُوَيْدٍ ، غُلاَمٍ كَانَ لِسَلْمَانَ وَأَثْنَى عَلَيْهِ خَيْرًا ، قَالَ :لَمَّا افْتَتَحْنَا الْمَدَائِنَ خَرَجَ النَّاسُ فِي طَلَبِ الْعَدُوِّ ، قَالَ :قَالَ سَلْمَانُ :وَقَدْ أَصَبْنَا

سَلَّةً ، فَقَالَ :افْتَحُوهَا فَإِنْ كَانَ طَعَامًا أَكَلْنَاهُ ، وَإِنْ كَانَ مَالاً دَفَعْنَاهُ إِلَى هَؤُلاَءِ ، قَالَ :فَفَتَحْنَاهَا فَإِذَا أَرْغِفَةٌ حُوَّارَى ، وَإِذَا جُبْنَةٌ وَسِكِّينٌ ، قَالَ :وَكَانَ أَوَّلُ مَا رَأَتِ الْعَرَبُ الْحُوَّارَى ، فَجَعَلَ سَلْمَانُ يَصِفُ لَهُمْ كَيْفَ يُعْمَلُ ، ثُمَّ أَخَذَ السِّكِّينَ وَجَعَلَ يَقْطَعُ ، وَقَالَ :بِسْمِ اللهِ كُلُوا.

(۲۴۹۰۱) حضرت سوید سے روایت ہے..... یہ حضرت سلمان کے غلام تھے اوران کی اچھی تعریف کرتے تھے..... وہ کہتے ہیں کہ جب ہم نے مدائن کو فتح کرلیا تو لوگ دشمن کی تلاش میں نکلے..... اس دوران ہمیں ایک ٹوکری ملی۔ اسے دیکھ کر حضرت سلمان رضی اللہ عنہ نے کہا کہ اگر اس میں کھانا ہے تو ہم اسے کھائیں گے، اگر مال ہے تو ہم انہیں واپس دیں گے۔ جب ہم نے اسے کھولا تو اس میں خاص قسم کی کچھ روٹیاں، پنیر اور چھری تھی۔ یہ چیز عربوں نے پہلی بار دیکھی تھی۔ حضرت سلمان نے لوگوں کو بتایا کہ یہ کیسے بنائی جاتی ہیں پھر انہوں نے چھری سے اسے کاٹا اور فرمایا اللہ کے نام کے ساتھ کھاؤ۔

(٢٤٩٠٢) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ، عَنْ هِشَامٍ، عَنِ الْحَسَنِ، وَابْنِ سِيرِينَ، قَالاَ: لاَ بَأْسَ بِمَا صَنَعَ أَهْلُ الْكِتَابِ مِنَ الْجُبْنِ.

(۲۴۹۰۲) حضرت حسن اور حضرت ابن سیرین رحمہ اللہ سے روایت ہے، یہ دونوں کہتے ہیں کہ اہل کتاب جو پنیر بنائیں اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

(٢٤٩٠٣) حَدَّثَنَا عَبَّادٌ ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ ، قَالَ :سَأَلْتُ سَعِيدَ بْنَ جُبَيْرٍ عَنِ الْجُبْنِ ؟ فَقَالَ :مَا صَنَعَ الْمُسْلِمُونَ وَأَهْلُ الْكِتَابِ.

(۲۴۹۰۳) حضرت عبدالملک سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت سعید بن جبیر سے پنیر کے بارے میں سوال کیا؟ تو انہوں نے فرمایا: مسلمان اور اہل کتاب جو تیار کریں (وہ حلال ہے)۔

(٢٤٩٠٤) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ ، قَالَ :سَمِعْتُ سَعِيدَ بْنَ جُبَيْرٍ يَقُولُ :لاَ تَأْكُلْ مِنَ الْجُبْنِ إِلاَّ مَا صَنَعَ الْمُسْلِمُونَ ، وَالْيَهُودُ ، وَالنَّصَارَى ، فَأَمَّا الْمَجُوسُ فَلاَ تَحِلُّ لَنَا ذَبَائِحُهُمْ ، فَكَيْفَ يَحِلُّ لَنَا جُبْنُهُمْ ؟.

(۲۴۹۰۴) حضرت عبدالملک سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت سعید بن جبیر رحمہ اللہ کو کہتے سنا۔ تم صرف وہی پنیر کھاؤ جس کو مسلمان، یہودی یا عیسائی تیار کریں۔ رہے مجوسی لوگ تو ان کا ذبیحہ ہمارے لئے حلال نہیں ہے۔ تو ان کا پنیر ہمارے لیئے کس طرح حلال ہوگا؟

(٢٤٩٠٥) حَدَّثَنَا جَرِيرٌ ، عَنْ مُغِيرَةَ ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ ، وَإِبْرَاهِيمَ ، قَالاَ :لَمَّا قَدِمَ الْمُسْلِمُونَ أَصَابُوا مِنْ أَطْعِمَةِ الْمَجُوسِ ، مِنْ خُبْزِهِمْ وَجُبْنِهِمْ ، فَأَكَلُوا وَلَمْ يَسْأَلُوا عَنْ ذَلِكَ ، وَوُصِفَ الْجُبْنُ لِعُمَرَ ، فَقَالَ :اذْكُرُوا اسْمَ اللهِ عَلَيْهِ ، وَكُلُوهُ.

(۲۴۹۰۵) حضرت ابو وائل اور حضرت ابراہیم سے روایت ہے، یہ دونوں حضرات کہتے ہیں کہ جب مسلمان پہنچے تو انہوں نے مجوسیوں کے کھانوں میں سے ان کی روٹیاں اور ان کی پنیر ملی۔ سب انہوں نے (اس کو) کھالیا۔ اور انہوں نے اس کے متعلق کچھ

معلوم نہیں کیا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ہاں پنیر کا ذکر کیا گیا تو انہوں نے فرمایا: اس پر اللہ کا نام لو اور اس کو کھا جاؤ۔

(٢٤٩٠٦) حَدَّثَنَا جَرِيرٌ ، عَنْ مُغِيرَةَ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، قَالَ :لَمَّا أَتَيْنَا الْجَبَلَ فَرَأَيْنَا صَنِيعَهُمْ ، كَرِهْنَاهُ.

(۲۴۹۰۶) حضرت ابراہیم سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ جب ہم پہاڑی علاقہ میں آئے اور ہم نے اُن (پہاڑیوں) کی مصنوعات دیکھیں تو ہم نے اس کو ناپسند کیا۔

(٢٤٩٠٧) حَدَّثَنَا جَرِيرٌ ، عَنْ مُغِيرَةَ ، عَنْ أُمِّ مُوسَى ، عَنْ عَلِيٍّ ، قَالَ :إِذَا لَمْ تَدْرُوا مَنْ صَنَعَهُ ، فَاذْكُرُوا اسْمَ اللهِ عَلَيْهِ ، وَكُلُوهُ.

(۲۴۹۰۷) حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ جب تمہیں یہ بات معلوم نہ ہو کہ پنیر کس نے تیار کیا ہے تو تم اس پر اللہ کا نام لو اور اس کو کھا جاؤ۔

(٢٤٩٠٨) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ شَقِيقٍ ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُرَحْبِيلَ ، قَالَ :ذَكَرْنَا الْجُبْنَ عِنْدَ عُمَرَ ، فَقُلْنَا لَهُ :إِنَّهُ يُصْنَعُ فِيهِ أَنَافِحُ الْمَيْتَةِ ، فَقَالَ :سَمُّوا عَلَيْهِ وَكُلُوهُ.

(۲۴۹۰۸) حضرت عمرو بن شرحبیل سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ ہم نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ہاں پنیر کا ذکر کیا اور ہم نے ان سے کہا۔ یہ اس طرح سے تیار کی جاتی ہے کہ اس میں مردار کے اعضاء کی آمیزش ہوتی ہے۔ تو حضرت عمر نے فرمایا! تم اس پر خدا کا نام لے لو اور اس کو کھا جاؤ۔

(٢٤٩٠٩) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ جَحْشٍ ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ ؛ أَنَّهُ سُئِلَ عَنِ الْجُبْنِ ؟ فَقَالَ :لاَ بَأْسَ بِهِ ، ضَعِ السِّكِّينَ ، وَاذْكُرِ اسْمَ اللهِ عَلَيْهِ وَكُلْ.

(۲۴۹۰۹) حضرت حسن بن علی کے بارے میں روایت ہے کہ ان سے پنیر کے بارے میں سوال کیا گیا تو انہوں نے فرمایا: اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔ تم اس پر چھری رکھ دو اور اس پر اللہ کا نام لے دو اور کھا جاؤ۔''

(٢٤٩١٠) حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ ، عَنْ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ ، عَنْ مُوسَى بْنِ طَلْحَةَ ، قَالَ :سَمِعْتُهُ يَذْكُرُ :أَنَّ طَلْحَةَ كَانَ يَضَعُ السِّكِّينَ ، وَيَذْكُرُ اسْمَ اللهِ ، وَيَقْطَعُ وَيَأْكُلُ.

(۲۴۹۱۰) حضرت عمرو بن عثمان، حضرت موسی بن طلحہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں، کہتے ہیں کہ میں نے موسی کو یہ کہتے سُنا کہ حضرت طلحہ چھری (پنیر پر) رکھتے اور اللہ کا نام پڑھتے اور پنیر کو کاٹ کر کھا لیتے۔

(٢٤٩١١) حَدَّثَنَا حَفْصٌ ، عَنِ الزُّبَيْرِقَانِ ، عَنْ أَبِي رَزِينٍ ، قَالَ :لاَ بَأْسَ بِالْجُبْنِ.

(۲۴۹۱۱) حضرت ابورزین سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ پنیر میں کوئی حرج نہیں ہے۔

(٢٤٩١٢) حَدَّثَنَا حَفْصٌ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ عُمَارَةَ ، عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْحَارِثِ ، قَالَ :كَانُوا يَتَزَوَّدُونَ الْجُبْنَ فِي أَسْفَارِهِمْ.

(۲۴۹۱۲) حضرت ابوبکر بن عبدالرحمٰن بن حارث سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ لوگ اپنے سفروں میں پنیر کو زادِ راہ کے طور پر لے جاتے تھے۔

(٢٤٩١٣) حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَنْصُورٍ ، عَنِ الشَّعْبِيِّ ، قَالَ :أُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزْوَةِ تَبُوكَ بِجُبْنَةٍ ، فَقِيلَ :إِنَّ هَذَا طَعَامٌ يَصْنَعُهُ الْمَجُوسُ ، فَقَالَ :اذْكُرُوا اسْمَ اللهِ عَلَيْهِ ، وَكُلُوهُ.

(ابوداؤد ۳۸۱۵)

(۲۴۹۱۳) حضرت شعبی سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ جناب نبی کریم ﷺ کی خدمت میں غزوہ تبوک کے موقع پر پنیر لایا گیا اور آپ ﷺ سے کہا گیا۔ یہ وہ کھانا ہے جس کو مجوسی لوگ تیار کرتے ہیں تو آپ ﷺ نے فرمایا: ''تم اس پر اللہ کا نام لو اور اس کو کھاؤ۔''

(٢٤٩١٤) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ ، عَنْ سَالِمٍ ؛ أَنَّهُ كَانَ يَأْكُلُ الْجُبْنَ الْكُوفِيَّ.

(۲۴۹۱۴) حضرت عبداللہ بن عمر، حضرت سالم کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ کوفی پنیر کھایا کرتے تھے۔

(٢٤٩١٥) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ عُثْمَانَ الشَّحَّامِ ، قَالَ :حَدَّثَنَا النَّوْشَجَانُ أَبُو الْمُغِيرَةِ ، قَالَ :سَأَلْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ عَنِ الْجُبْنِ ؟ فَقَالَ :مَا يَأْتِينَا مِنَ الْعِرَاقِ فَآكِهَةٌ أَعْجَبُ إِلَيْنَا مِنَ الْجُبْنِ.

(۲۴۹۱۵) حضرت نوشجان ابوالمغیرہ بیان کرتے ہیں، کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے پنیر کے بارے میں سوال کیا؟ تو انہوں نے فرمایا: ہمیں ملک عراق سے کوئی ایسا میوہ نہیں آتا جو ہمیں اس سے زیادہ پسند ہو۔

(٢٤٩١٦) حَدَّثَنَا عَبِيدَةُ بْنُ حُمَيْدٍ ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ عُبَيْدَةَ ، قَالَ :سَأَلَ رَجُلٌ ابْنَ عُمَرَ عَنِ الْجُبْنِ ؟ فَقَالَ لَهُ ابْنُ عُمَرَ :وَمَا الْجُبْنُ ؟ قَالَ :مِنَ اللَّبَنِ ، فَقَالَ لَهُ ابْنُ عُمَرَ :كُلِ الْجُبْنَ وَاشْرَبْهُ ، فَقَالَ :إِنَّ فِيهِ مَيْتَةً ؟ فَقَالَ لَهُ ابْنُ عُمَرَ :فَلاَ تَأْكُلِ الْمَيْتَةَ.

(۲۴۹۱۶) حضرت سعید بن عبیدہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ ایک آدمی نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے پنیر کے بارے میں سوال کیا؟ تو حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے اس سے پوچھا۔ پنیر کیا ہوتا ہے؟ اس نے کہا۔ دودھ سے بنتا ہے۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے اس سے کہا۔ پنیر کو کھاؤ بھی اور پیو بھی۔ اس آدمی نے کہا اس میں مردار بھی ہوتا ہے۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے اس سے کہا۔ تم مردار کو نہ کھاؤ۔

(١٥) مَنْ قَالَ إِذَا دَخَلْتَ عَلَى أَخِيكَ الْمُسْلِمِ ، فَكُلْ مِنْ طَعَامِهِ

جو حضرات کہتے ہیں کہ جب تم اپنے مسلمان بھائی کے ہاں جاؤ تو تم اس کے کھانے سے کھاؤ

(٢٤٩١٧) حَدَّثَنَا جَرِيرٌ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ، عَنْ عَلِيٍّ الأَزْدِيِّ ، قَالَ :قُلْتُ لابْنِ عُمَرَ :إِنَّا نُسَافِرُ فَنَمُرُّ بِالرُّعْيَانِ ، وَالصِّبْيَةِ ، وَالْمَرْأَةِ ، فَيُطْعِمُونَا لَحْمًا مَا نَدْرِي مَا جِنْسُه ؟ فَقَالَ :مَا أَطْعَمَكَ الْمُسْلِمُونَ فَكُلْ.

(۲۴۹۱۷) حضرت علی ازدی سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے کہا۔ ہم لوگ سفر کرتے ہیں اور اس

دوران ہم چرواہوں، بچوں اور عورتوں کے پاس سے گزرتے ہیں تو وہ ہمیں گوشت کھلاتے ہیں جبکہ ہمیں اس گوشت کی جنس معلوم نہیں ہوتی؟ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مسلمان جو کھانا تمہیں کھلائیں تو تم اس کو کھالو۔

(٢٤٩١٨) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلاَنَ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، قَالَ : إِذَا دَخَلْتَ عَلَى أَخِيكَ الْمُسْلِمِ فَأَطْعَمَكَ طَعَامًا فَكُلْ وَلاَ تَسْأَلْ ، فَإِنْ سَقَاكَ شَرَابًا فَاشْرَبْ وَلاَ تَسْأَلْ ، فَإِنْ رَابَكَ مِنْهُ شَيْءٌ فَشُجَّهُ بِالْمَاءِ.

(۲۴۹۱۸) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ جب تم اپنے مسلمان بھائی کے پاس جاؤ اور وہ تمہیں کوئی چیز کھلائے تو تم کھالو اور سوال نہ کرو۔ پس اگر وہ تمہیں کوئی مشروب پلائے تو تم پی لو اور اس سے سوال نہ کرو۔ پھر اگر تمہیں اس میں سے کوئی چیز شک میں ڈالے تو تم اس میں پانی ملالو۔

(٢٤٩١٩) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ عُمَرَ الأَنْصَارِيِّ ، قَالَ : سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ : إِذَا دَخَلْتَ عَلَى رَجُلٍ لاَ تَتَّهِمُهُ فِي بَطْنِهِ ، فَكُلْ مِنْ طَعَامِهِ ، وَاشْرَبْ مِنْ شَرَابِهِ.

(۲۴۹۱۹) حضرت عمر انصاری سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت انس بن مالک کو کہتے سنا کہ جب تم کسی ایسے آدمی کے ہاں جاؤ جس کو تم اس کے پیٹ کے بارے میں قابل تہمت خیال نہ کرو۔ تو تم اس کے کھانے میں سے کھاؤ اور اس کے مشروب میں سے پی لو۔

(٢٤٩٢٠) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ إِسْمَاعِيلَ ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ ، عَنْ جَابِرٍ ، قَالَ : مَا وَجَدْتَ فِي بَيْتِ الْمُسْلِمِ ، فَكُلْ.

(۲۴۹۲۰) حضرت جابر سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ تمہیں مسلمان کے گھر میں جو چیز ملے تم اس کو کھا سکتے ہو۔

(٢٤٩٢١) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي زِيَادٍ ، قَالَ : دَخَلْنَا عَلَى رَاعٍ دَعَانَا لِطَعَامٍ ، وَأَتَانَا بِنَبِيذٍ فَكَرِهْتُهُ ، فَأَخَذَهُ عَلِيٌّ ، قَالَ أَبُو بَكْرٍ : يَنْبَغِي أَنْ يَكُونَ ابْنُ الْحُسَيْنِ بْنُ عَلِيٍّ فَشَرِبَهُ ، وَقَالَ : إِذَا دَخَلْتَ عَلَى أَخِيكَ الْمُسْلِمِ فَكُلْ مِنْ طَعَامِهِ ، وَاشْرَبْ مِنْ شَرَابِهِ.

(۲۴۹۲۱) حضرت یزید بن ابی زیاد سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ ہم ایک چرواہے کے ہاں گئے جس نے ہمیں دعوت پر بلایا تھا۔ وہ ہمارے پاس نبیذ لے کر آیا۔ میں نے تو اس کو ناپسند کیا لیکن حضرت علی رضی اللہ عنہ ..... راوی ابو بکر کہتے ہیں۔ ہوسکتا ہے کہ وہ ابن حسین بن علی رضی اللہ عنہ ہوں ..... نے اس کو لے لیا اور پھر اس کو پی بھی لیا اور فرمایا۔ جب تم اپنے کسی مسلمان بھائی کے پاس جاؤ تو تم اس کے کھانے میں سے کھاؤ اور اس کے مشروب میں سے پیو۔

(٢٤٩٢٢) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُمَيْرٍ ، قَالَ : سَمِعْتُ الشَّعْبِيَّ يَقُولُ : إِذَا دَخَلْتَ بَيْتَ مُسْلِمٍ فَكُلْ مِنْ طَعَامِهِ ، وَاشْرَبْ مِنْ شَرَابِهِ.

(۲۴۹۲۲) حضرت موسیٰ بن عمیر کہتے ہیں کہ میں نے حضرت شعبی رحمۃ اللہ علیہ کو کہتے سنا کہ جب تم کسی مسلمان کے گھر جاؤ تو تم اس کے کھانے میں سے کھاؤ اور اس کے مشروب میں سے پیو۔

(٢٤٩٢٣) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ عَائِشَةَ ، قَالَتْ :قَالُوا :يَا رَسُولَ اللهِ ، إِنَّ الأَعْرَابَ يَأْتُونَنَا بِلَحْمٍ لاَ نَدْرِى مَا هُوَ ، ذُكِرَ اسْمُ اللهِ عَلَيْهِ ، أَمْ لاَ ؟ فَقَالَ :سَمُّوا عَلَيْهِ ، وَكُلُوهُ.

(بخاری ۲۰۵۷۔ دارمی ۱۹۷۶)

(۲۴۹۲۳) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے۔ وہ کہتی ہیں کہ صحابہ رضی اللہ عنہم نے پوچھا۔ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! دیہاتی لوگ ہمارے پاس گوشت لے کر آتے ہیں جس کے بارے میں ہمیں کوئی علم نہیں ہوتا کہ یہ کیا ہے؟ اس پر اللہ کا نام لیا گیا ہے یا نہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''تم اس پر بسم اللہ پڑھ لو اور (اس کو) کھالو۔''

(١٦) فِي الأَكْلِ والشُّرْبِ بِالشِّمَالِ

بائیں ہاتھ سے کھانا، پینا

(٢٤٩٢٤) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنِ الزُّهْرِىِّ ، سَمِعَ أَبَا بَكْرِ بْنَ عُبَيْدِ اللهِ بن عَبْدِ اللهِ ، يُخْبِرُ عَنْ جَدِّهِ ، عَنِ النَّبِىِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ :إِنَّ الشَّيْطَانَ يَأْكُلُ بِشِمَالِهِ وَيَشْرَبُ بِشِمَالِهِ ، فَإِذَا أَكَلَ أَحَدُكُمْ فَلْيَأْكُلْ بِيَمِينِهِ ، وَلْيَشْرَبْ بِيَمِينِهِ. (مسلم ۱۰۵۔ ابوداؤد ۳۷۷۰)

(۲۴۹۲۴) حضرت زہری رحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہے کہ انہوں نے ابوبکر بن عبید اللہ بن عبد اللہ کو اپنے دادا سے، جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کر کے بیان کرتے سنا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''شیطان، بائیں ہاتھ سے کھاتا ہے اور بائیں ہاتھ سے پیتا ہے۔ پس جب تم میں سے کوئی کھائے تو اس کو چاہیئے کہ وہ دائیں ہاتھ سے کھائے اور دائیں ہاتھ سے پیے۔''

(٢٤٩٢٥) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، قَالَ :أَخْبَرَنَا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ دِهْقَانَ ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :إِذَا أَكَلَ أَحَدُكُمْ فَلْيَأْكُلْ بِيَمِينِهِ ، وَلْيَشْرَبْ بِيَمِينِهِ ، فَإِنَّ الشَّيْطَانَ يَأْكُلُ بِشِمَالِهِ ، وَيَشْرَبُ بِشِمَالِهِ. (احمد ۳/ ۲۰۲۔ ابویعلی ۴۲۵۶)

(۲۴۹۲۵) حضرت انس بن مالک سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''جب تم میں سے کوئی کھائے تو اس کو چاہیے کہ وہ اپنے دائیں ہاتھ سے کھائے اور دائیں ہاتھ سے پیئے۔ کیونکہ شیطان بائیں ہاتھ سے کھاتا ہے اور بائیں ہاتھ سے پیتا ہے۔''

(٢٤٩٢٦) حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، عَنْ عَبْدِالْمَلِكِ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ سَلْمَان، عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ مُزَاحِمٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ :لاَ تَأْكُلُوا بِشَمَائِلِكُمْ ، وَلاَ تَشْرَبُوا بِشَمَائِلِكُمْ ، فَإِنَّ آدَمَ أَكَلَ بِشِمَالِهِ وَنَسِىَ ، فَأَوْرَثَهُ ذَلِكَ النِّسْيَانَ.

(۲۴۹۲۶) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ تم بائیں ہاتھوں سے نہ کھاؤ۔ اور بائیں ہاتھوں سے نہ پیو۔ حضرت آدم علیہ السلام نے بھول کر بائیں ہاتھ سے کھالیا تھا تو اس سے ان کی یاداشت کمزور ہوئی۔

(٢٤٩٢٧) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ كَثِيرٍ ، عَنْ وَهْبِ بْنِ كَيْسَانَ ، سَمِعَهُ مِنْ عُمَرَ بْنِ أَبِي سَلَمَةَ ، قَالَ : كُنْتُ غُلاَمًا فِي حِجْرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَتْ يَدِي تَطِيشُ فِي الصَّحْفَةِ ، فَقَالَ لِي : يَا غُلاَمُ ، سَمِّ اللَّهَ ، وَكُلْ بِيَمِينِكَ ، وَكُلْ مِمَّا يَلِيكَ. (بخاری ۵۳۷۶۔ مسلم ۱۰۸)

(۲۴۹۲۷) حضرت وہب بن کیسان سے روایت ہے کہ انہوں نے حضرت عمر بن ابی سلمہ کو سنا کہ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: میں جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بچپن میں تھا اور میرا ہاتھ پیالہ میں گھوم رہا تھا۔ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا۔ ''اے بچے! اللہ کا نام لو اور دائیں ہاتھ سے کھاؤ اور اپنے سامنے سے کھاؤ۔''

(٢٤٩٢٨) حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ هِشَامِ بن عُرْوَةَ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ أَبِي وَجْزَةَ السَّعْدِيِّ ، عَنْ رَجُلٍ مِنْ مُزَيْنَةَ ، عَنْ عُمَرَ بْنِ أَبِي سَلَمَةَ ، قَالَ : دَخَلْتُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَأْكُل ، فَقَالَ : اجْلِسْ يَابُنَى ، وَقُلْ : بِسْمِ اللهِ ، وَكُلْ بِيَمِينِكَ ، وَكُلْ مِمَّا يَلِيكَ. (ابو داؤد ۳۷۷۱۔ نسائی ۶۷۵۶)

(۲۴۹۲۸) حضرت عمر بن ابی سلمہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت کھانا کھا رہے تھے۔ چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''اے بیٹے! بیٹھ جاؤ۔ بسم اللہ پڑھو اور اپنے دائیں ہاتھ سے کھاؤ اور اپنے آگے سے کھاؤ۔''

(٢٤٩٢٩) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْقَطَّانُ ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ مُطَرِّفٍ ، عَنْ بُرَيْدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ : رَأَى عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَجُلاً وَقَدْ ضَرَبَ بِيَدِهِ الْيُسْرَى لِيَأْكُلَ بِهَا ، قَالَ : لاَ ، إِلاَّ أَنْ تَكُونَ يَدُكَ عَلِيلَةً ، أَوْ مُعْتَلَّةً.

(۲۴۹۲۹) حضرت برید بن ابی مریم، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں، وہ کہتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے ایک آدمی کو دیکھا۔ اس نے بائیں ہاتھ سے کھانے کا ارادہ کیا تھا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: نہیں۔ مگر یہ صورت ہے کہ تمہارا ہاتھ معذور ہو یا خراب ہو۔

(٢٤٩٣٠) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ ، عَنْ جَابِرِ بْنِ صُبْحٍ ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ أَبِي جَرْوَةَ ، عَنْ عَمَّتِهِ ؛ أَنَّ عَائِشَةَ رَأَتِ امْرَأَةً تَأْكُلُ بِشِمَالِهَا ، فَنَهَتْهَا.

(۲۴۹۳۰) حضرت عبید اللہ بن ابی جروہ، اپنی پھوپھی سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے ایک عورت کو دیکھا کہ وہ اپنے بائیں ہاتھ سے کھا رہی تھی تو آپ رضی اللہ عنہا نے اس کو منع فرمایا۔

(٢٤٩٣١) حَدَّثَنَا أَزْهَرُ ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ ، قَالَ : شَرِبْتُ عِنْدَ مُحَمَّدٍ بِشِمَالِي ، فَلَمْ يَنْهَنِي.

(۲۴۹۳۱) حضرت ابن عون سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت محمد رحمۃ اللہ علیہ کے ہاں بائیں ہاتھ سے پانی پیا تو انہوں نے

مجھے نہیں روکا۔

(٢٤٩٣٢) حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ ، عَنْ عِكْرِمَةَ بْنِ عَمَّارٍ ، عَنْ إِيَاسِ بْنِ سَلَمَةَ ؛ أَنَّ أَبَاهُ حَدَّثَهُ :أَنَّ رَجُلاً أَكَلَ عِنْدَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِشِمَالِهِ ، فَقَالَ : كُلْ بِيَمِينِكَ ، قَالَ :لاَ أَسْتَطِيعُ ، قَالَ :لاَ اسْتَطَعْتَ ، مَا مَنَعَهُ إِلاَّ الْكِبْرُ ، قَالَ :فَمَا رَفَعَهَا إِلَى فِيهِ. (مسلم ١٠٧- احمد ٤/ ٤٥)

(۲۴۹۳۲) حضرت ایاس بن سلمہ سے روایت ہے کہ ان سے ان کے والد نے بیان کیا کہ ایک آدمی نے جناب رسول اللہ ﷺ کے ہاں اپنے بائیں ہاتھ سے کھایا تو آپ ﷺ نے فرمایا: ''تم اپنے دائیں ہاتھ سے کھاؤ۔'' اس آدمی نے کہا۔ مجھے اس کی طاقت نہیں ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''تجھے اس کی طاقت نہ ہو۔'' اس آدمی کو دایاں ہاتھ سے صرف تکبر مانع تھا۔ راوی کہتے ہیں۔ پس یہ شخص پھر دایاں ہاتھ اپنے منہ تک نہیں اٹھا سکتا تھا۔

(٢٤٩٣٣) حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ أَبِي سُلَيْمَانَ ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ ، عَنْ جَابِرٍ ، قَالَ :نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَأْكُلَ أَحَدُنَا بِشِمَالِهِ. (مسلم ١٠٤- ابو داؤد ٣١٣٤)

(۲۴۹۳۳) حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے اس بات سے منع کیا کہ ہم میں سے کوئی اپنے بائیں ہاتھ سے کھائے۔

(١٧) فِي لَعْقِ الأَصَابِعِ

انگلیاں چاٹنے کے بارے میں

(٢٤٩٣٤) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ ، عَنْ جَابِرٍ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :إِذَا طَعِمَ أَحَدُكُمْ فَلاَ يَمْسَحْ يَدَهُ حَتَّى يَمُصَّهَا ، فَإِنَّهُ لاَ يَدْرِي فِي أَيِّ طَعَامِهِ يُبَارَكُ لَهُ فِيهِ.

(مسلم ١٦٠٧- ابن ماجه ٣٢٧٠)

(۲۴۹۳۴) حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''جب تم میں سے کوئی کھانا کھائے تو وہ اپنی انگلیوں کو صاف نہ کرے یہاں تک کہ وہ ان کو چوس لے۔ کیونکہ وہ نہیں جانتا کہ اس کے لیے کھانے کے کس حصہ میں برکت رکھی گئی ہے۔''

(٢٤٩٣٥) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ ، عَنْ عَطَاءٍ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :إِذَا أَكَلَ أَحَدُكُمْ طَعَامًا ، فَلاَ يَمْسَحْهَا حَتَّى يَلْعَقَهَا ، أَوْ يُلْعِقَهَا. (بخاری ٥٤٥٦- مسلم ١٢٩)

(۲۴۹۳۵) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جب تم میں سے کوئی کھانا کھائے تو وہ انگلیوں کو صاف نہ کرے یہاں تک کہ وہ انگلیوں کو چاٹ لے یا چٹوا دے۔''

(٢٤٩٣٦) حَدَّثَنَا سُوَيْد بْنُ عَمْرٍو ، قَالَ :حدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ ، عَنْ ثَابِتٍ ، عَنْ أَنَسٍ ، قَالَ : كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَكَلَ لَعِقَ أَصَابِعَهُ الثَّلاَثَ ، وَقَالَ :أَمَرَنَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ نَسْلُتَ الصَّحْفَةَ ، وَقَالَ :إِنَّ أَحَدَكُمْ لاَ يَدْرِى فِى أَىِّ طَعَامِهِ يُبَارَكُ لَهُ فِيهِ. (مسلم ١٦٠٧۔ ابوداؤد ٣٨٤١)

(۲۴۹۳۶) حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب کھانا تناول فرماتے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی تین انگلیوں کو چاٹ لیتے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں حکم دیا کہ ہم پیالہ کو صاف کریں اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''تم میں سے کسی کو یہ بات معلوم نہیں ہے کہ اس کے لیئے کھانے کے کس حصہ میں برکت دی گئی ہے۔''

(٢٤٩٣٧) حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِىٍّ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ :رَأَيْتُ النَّبِىَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَعِقَ أَصَابِعَهُ الثَّلاَثَ مِنَ الطَّعَامِ. (مسلم ١٣١۔ نسائی ٦٧٥٢)

(۲۴۹۳۷) حضرت عبدالرحمٰن بن کعب بن مبارک، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو کھانے کے بعد اپنی تین انگلیاں چاٹتے ہوئے دیکھا۔

(٢٤٩٣٨) حَدَّثَنَا جَرِيرٌ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنْ سَالِمٍ ، عَنْ عَطَاءٍ ، قَالَ :قَالَ عُمَرُ :لاَ يَصْلُحُ لِمُسْلِمٍ إِذَا أَكَلَ طَعَامًا أَنْ يَمْسَحَ يَدَهُ حَتَّى يَلْعَقَهَا ، أَوْ يُلْعِقَهَا.

(۲۴۹۳۸) حضرت عطاء سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا ارشاد ہے۔ کسی مسلمان کے لئے یہ بات بہتر نہیں ہے کہ جب وہ کھانا کھائے تو اپنے ہاتھ کو صاف کرلے یہاں تک کہ اس کو چاٹ لے یا چٹوالے۔

(٢٤٩٣٩) حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ ، قَالَ :أَخْبَرَنَا حُصَيْنٌ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ، قَالَ :مَا رَأَيْتُ ابْنَ عُمَرَ يَتَوَضَّأُ مِنْ طَعَامٍ قَطُّ ، وَكَانَ يَلْعَقُ أَصَابِعَهُ الثَّلاَثَ ، ثُمَّ يَمْسَحُ يَدَهُ بِالتُّرَابِ.

(۲۴۹۳۹) حضرت مجاہد سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کو کھانا کھانے کے بعد کبھی وضو کرتے نہیں دیکھا۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کھانے کے بعد اپنی انگلیاں چاٹتے تھے پھر اپنے ہاتھ کو مٹی سے صاف کرلیتے تھے۔

(٢٤٩٤٠) حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ نُمَيْرٍ ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ ، عَنْ عَطَاءٍ ، قَالَ : كَانَ أَصْحَابُ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا قُرِّبَ الطَّعَامُ لاَ يَمْسَحُونَ أَيْدِيَهُمْ ، حَتَّى يُنَقُّوهَا بِاللَّعْقِ.

(۲۴۹۴۰) حضرت عطاء سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ رضی اللہ عنہم کے پاس جب کھانا لایا جاتا تو وہ اپنے ہاتھوں کو تب تک صاف نہیں کرتے تھے جب تک وہ انگلیاں چاٹ نہیں لیتے تھے۔

(٢٤٩٤١) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، قَالَ :قُلْتُ لِعُبَيْدِ اللهِ بْنِ أَبِى يَزِيدَ :كُنْتَ تَشْهَدُ طَعَامَ ابْنِ عَبَّاسٍ ؟ قَالَ :نَعَمْ ، قُلْتُ : فَأَيْشَ كُنْتَ تَرَاهُ يَصْنَعُ ؟ قَالَ :كُنْتُ أَرَاهُ يَلْعَقُ أَصَابِعَهُ الثَّلاَثَ.

(۲۴۹۴۱) حضرت ابن عیینہ سے روایت ہے۔ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عبیداللہ بن ابی یزید سے کہا: تم حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ

کے کھانے میں حاضر ہوتے تھے؟ انہوں نے کہا: ہاں۔ میں نے پوچھا۔ تم نے انہیں کیا عمل کرتے دیکھا؟ حضرت عبید اللہ نے کہا۔ میں نے انہیں اپنی تین انگلیاں چاٹتے ہوئے دیکھا کرتا تھا۔

(٢٤٩٤٢) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ ، عَنْ جَابِرٍ ؛ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَ بِلَعْقِ الأَصَابِعِ وَالصَّحْفَةِ ، وَقَالَ :إِنَّكُمْ لاَ تَدْرُونَ فِي أَيِّهِ الْبَرَكَةُ. (مسلم ١٣٣)

(۲۴۹۴۲) حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے انگلیاں اور پیالہ چاٹنے کا حکم فرمایا: اور ارشاد فرمایا: ''تمہیں یہ بات معلوم نہیں ہے کہ کھانے کے کس حصہ میں برکت ہے۔''

(٢٤٩٤٣) حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ ، وَأَبِي سُفْيَانَ ، عَنْ جَابِرٍ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :إِذَا فَرَغَ أَحَدُكُمْ مِنْ طَعَامِهِ ، فَلْيَلْعَقْ أَصَابِعَهُ ، فَإِنَّهُ لاَ يَدْرِي فِي أَيِّ طَعَامِهِ يُبَارَكُ لَهُ.

(مسلم ١٣٦)

(۲۴۹۴۳) حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جب تم میں سے کوئی ایک کھانے سے فارغ ہو جائے تو اُسے اپنی انگلیاں چاٹنی چاہئے۔ کیونکہ وہ نہیں جانتا کہ اس کے کھانے کے کس حصہ میں اس کے لئے برکت ہے۔''

(٢٤٩٤٤) حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ ، عَنْ حُصَيْنٍ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ ؛ أَنَّهُ كَانَ يَلْعَقُ أَصَابِعَهُ الثَّلاَثَ إِذَا أَكَلَ ، وَقَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :إِنَّهُ لاَ يَدْرِي فِي أَيِّ طَعَامِهِ الْبَرَكَةُ. (احمد ٢/ ٧)

(۲۴۹۴۴) حضرت مجاہد، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ جب وہ کھانا کھا چکتے تو اپنی تین انگلیاں چاٹتے تھے۔ اور کہتے تھے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے۔ ''آدمی کو معلوم نہیں ہے کہ کھانے کے کس حصہ میں برکت ہے۔''

(١٨) فِي اللُّقْمَةِ تَسْقُطُ ، مَنْ قَالَ تُؤْكَلُ وَلاَ تُتْرَكُ

گر جانے والے لقمہ کے بارے میں جو لوگ کہتے ہیں کہ کھا لیا جائے اور چھوڑا نہ جائے

(٢٤٩٤٥) حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ ، عَنْ جَابِرٍ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :إِذَا وَقَعَتِ اللُّقْمَةُ مِنْ يَدِ أَحَدِكُمْ ، فَلْيَمْسَحْ مَا عَلَيْهَا مِنَ الأَذَى وَلْيَأْكُلْهَا.

(مسلم ١٦٠٧- ابن ماجه ٣٢٧٩)

(۲۴۹۴۵) حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''جب تم میں سے کسی کے ہاتھ سے لقمہ گر جائے تو اُسے چاہئے کہ لقمہ پر جو نقصان دہ چیز لگی ہو اس کو صاف کر دے اور لقمہ کو کھا لے۔

(٢٤٩٤٦) حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ ، عَنْ حُمَيْدٍ ، عَنْ أَنَسٍ ؛ أَنَّ لُقْمَةً سَقَطَتْ مِنْ يَدِهِ فَطَلَبَهَا حَتَّى وَجَدَهَا

وَقَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : إِذَا سَقَطَتْ لُقْمَةُ أَحَدِكُمْ ، فَلْيُمِطْ مَا عَلَيْهَا ، ثُمَّ لِيَأْكُلْهَا ، وَلَا يَدَعْهَا لِلشَّيْطَانِ. (احمد ۱۰۰)

(۲۴۹۴۶) حضرت حمید، حضرت انس رضی اللہ عنہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ ان کے ہاتھ سے ایک لقمہ گر گیا تو انہوں نے اس کو تلاش کیا یہاں تک کہ اس کو پالیا پھر فرمایا۔ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے: ''جب تم میں سے کسی کا لقمہ گر جائے تو اس کو چاہیے کہ اس پر جو کچھ لگا ہے اس کو دور کر دے پھر اس کو کھالے اور اس کو شیطان کے لئے نہ چھوڑے۔''

(۱۹) فِي الأَكْلِ مِنْ وَسَطِ القَصْعَةِ

پیالہ کے درمیان سے کھانے کے بارے میں

(٢٤٩٤٧) حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : إِذَا وُضِعَ الطَّعَامُ فَكُلُوا مِنْ حَافَتِهِ وَدَعُوا وَسَطَهُ ، فَإِنَّ الْبَرَكَةَ تَنْزِلُ فِي وَسَطِهِ.

(ابو داؤد ۳۷۶۶۔ ترمذی ۱۸۰۵)

(۲۴۹۴۷) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''جب کھانا رکھا جائے تو تم کھانے کے کناروں سے کھاؤ۔ اور اس کے درمیان کو چھوڑ دو۔ کیونکہ برکت کھانے کے درمیان میں اترتی ہے۔''

(٢٤٩٤٨) حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ ، عَنْ يَزِيد ، عَن مِقْسَمٍ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ، قَالَ : إِذَا وُضِعَتِ القَصْعَةُ ، فَكُلُوا مِنْ حَوَالِيْهَا ، وَذَرُوا ذِرْوَتَهَا ، فَإِنَّ فِي ذِرْوَتِهَا الْبَرَكَةُ.

(۲۴۹۴۸) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جب پیالہ (برتن) رکھا جائے تو تم اس کے کناروں سے کھاؤ۔ اور اس کے درمیان کو چھوڑ دو اس لئے کہ پیالہ کے درمیان میں برکت ہے۔

(۲۰) فِي الرَّجُلِ يَخْرُجُ مِنَ الْمَخْرَجِ ، فَيَأْكُلُ قَبْلَ أَنْ يَتَوَضَّأَ

آدمی بیت الخلاء سے نکلے اور وضو کرنے سے قبل کھانا کھائے

(٢٤٩٤٩) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنْ عَمْرٍو ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ حُوَيْرِثٍ ، سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُولُ : كُنَّا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، فَجَاءَ مِنَ الْغَائِطِ وَأُتِيَ بِطَعَامٍ ، فَقِيلَ لَهُ : أَلَا تَتَوَضَّأُ ؟ قَالَ : لَمْ أُصَلِّ فَأَتَوَضَّأَ.

(مسلم ۱۱۹۔ احمد ۱/ ۲۲۱)

(۲۴۹۴۹) حضرت سعید بن حویرث سے روایت ہے کہ میں نے ابن عباس رضی اللہ عنہ کو کہتے سنا کہ ہم جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاں حاضر تھے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم قضاء حاجت سے واپس تشریف لائے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کھانا لایا گیا، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا گیا۔

آپ نے وضو کیوں نہیں کیا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ''میں نے نماز تو نہیں پڑھنی کہ میں وضو کروں۔''

(٢٤٩٥٠) حَدَّثَنَا حَفْصٌ ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ : خَرَجَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ مِنَ الْخَلاَءِ وَأُتِيَ بِطَعَامٍ ، فَقَالُوا : نَدْعُو بِوَضُوءٍ ، فَقَالَ : إِنَّمَا آكُلُ بِيَمِينِي ، وَأَسْتَطِيبُ بِشِمَالِي ، فَأَكَلَ وَلَمْ يَمَسَّ مَاءً.

(۲۴۹۵۰) حضرت ہشام، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب، بیت الخلاء سے نکلے اور ان کے پاس کھانا لایا گیا تو لوگوں نے کہا: ہم وضو کے لئے پانی منگواتے ہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں صرف اپنے دائیں ہاتھ سے کھاتا ہوں اور اپنے بائیں ہاتھ سے استنجا کرتا ہوں۔ چنانچہ آپ رضی اللہ عنہ نے کھانا کھایا درآنحالیکہ آپ نے پانی کو مس بھی نہیں کیا۔

(٢٤٩٥١) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ ، عَنْ أَبِيهِ ؛ أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ دَعَا رَجُلاً إِلَى طَعَامِهِ ، فَقَالَ : إِنِّي قَدْ بُلْتُ ، قَالَ : إِنَّكَ لَمْ تَبُلْ فِي يَدِكَ.

(۲۴۹۵۱) حضرت سالم بن ابی الجعد، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے ایک آدمی کو اپنے پاس کھانے کے لئے بلایا تو اس نے کہا۔ میں نے تو پیشاب کیا ہے۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ تم نے اپنے ہاتھ میں تو پیشاب نہیں کیا۔

(٢٤٩٥٢) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ : دَعَا عَبْدُ اللهِ رَجُلاً إِلَى طَعَامِهِ ، فَقَالَ : إِنِّي قَدْ بُلْتُ ، قَالَ : بَوْلُكَ لَيْسَ فِي يَدِكَ.

(۲۴۹۵۲) حضرت سالم بن ابی الجعد، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عبداللہ نے ایک شخص کو اپنے کھانے کی طرف بلایا تو اس نے جواب دیا۔ میں پیشاب کر کے آیا ہوں۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تیرا پیشاب تیرے ہاتھ میں تو نہیں ہے۔

(٢١) فِي الأَكْلِ بِكَمْ إِصْبَعٍ هُوَ ؟

کتنی انگلیوں سے کھانا ہے؟

(٢٤٩٥٣) حَدَّثَنَا مَعْنُ بْنُ عِيسَى ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ أَخِي الزُّهْرِيِّ ، قَالَ : أَخْبَرَتْنِي أُخْتِي ؛ أَنَّهَا رَأَتِ الزُّهْرِيَّ يَأْكُلُ بِخَمْسٍ ، فَسَأَلْتُهُ عَنْ ذَلِكَ ؟ فَقَالَ : كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْكُلُ بِالْخَمْسِ.

(۲۴۹۵۳) حضرت زہری کے بھتیجے، حضرت محمد بن عبداللہ کہتے ہیں کہ میری ہمشیرہ نے مجھے بتایا کہ اس نے حضرت زہری کو پانچ انگلیوں سے کھاتے دیکھا۔ تو انہوں نے زہری رحمہ اللہ سے اس کے بارے میں سوال کیا؟ حضرت زہری رحمہ اللہ نے فرمایا: جناب نبی کریم ﷺ بھی پانچ انگلیوں سے کھاتے تھے۔

(٢٤٩٥٤) حَدَّثَنَا مَعْنُ بْنُ عِيسَى ، عَنْ خَالِدِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ ، قَالَ : رَأَيْتُ الْقَاسِمَ ، وَسَالِمًا يَأْكُلاَنِ بِثَلاَثِ أَصَابِعَ.

(۲۴۹۵۴) حضرت خالد بن ابی بکر سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت قاسم اور حضرت سالم کو تین انگلیوں سے کھاتے دیکھا ہے۔

(٢٤٩٥٥) حَدَّثَنَا عَبْدَةُ ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ ، عَنِ ابْنٍ لِكَعْبٍ ، عَنْ أَبِيهِ ؛ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَأْكُلُ بِأَصَابِعِهِ الثَّلاَثِ ، وَيَلْعَقُهُنَّ. (مسلم ١٦٠٥۔ ابو داؤد ٣٨٤٤)

(۲۴۹۵۵) حضرت کعب سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ تین انگلیوں سے کھایا کرتے تھے اور ان کو چاٹ بھی لیتے تھے۔

(٢٢) مَنْ قَالَ يُؤْكَلُ الثُّومُ

جو حضرات کہتے ہیں کہ تھوم کھایا جائے گا

(٢٤٩٥٦) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنْ عَاصِمٍ ، عَنْ عِيسَى بْنِ حِطَّانَ ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ ، عَنْ أَبِيهِ ؛ أَنَّهُ كَانَ إِذَا اشْتَكَى صَدْرَهُ ، صُنِعَ لَهُ الْحَسْوُ فِيهِ الثُّومُ فَيَحْسُوهُ.

(۲۴۹۵۶) حضرت مصعب بن سعد، اپنے والد کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ ان کے سینہ میں جب شکایت ہوتی تو ان کے لئے تھوم کا سوپ تیار کرلیا جاتا تھا وہ اس کو تھوڑا تھوڑا پیتے تھے۔

(٢٤٩٥٧) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنْ عَاصِمٍ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ الْحَارِثِ ، عَنْ نَافِعٍ ؛ أَنَّ ابْنَ عُمَرَ كَانَ إِذَا اشْتَكَى صَدْرَهُ ، صُنِعَ لَهُ الْحَسَاءُ فِيهِ الثُّومُ ، فَيَحْسُوهُ.

(۲۴۹۵۷) حضرت نافع سے روایت ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کے سینہ میں جب شکایت ہوتی تو ان کے لئے تھوم کا سوپ بنایا جاتا تھا جس کو وہ آہستہ آہستہ پیتے تھے۔

(٢٤٩٥٨) حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ ، عَنِ الأَوْزَاعِيِّ ، عَنْ أَبِي عُبَيْدٍ حَاجِبِ سُلَيْمَانَ ، عَنْ نُعَيْمِ بْنِ سَلاَمَةَ ، قَالَ : دَخَلْتُ عَلَى عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ ، فَوَجَدْته يَأْكُلُ ثُومًا مَسْلُوقًا بِمِلْحٍ وَزَيْتٍ.

(۲۴۹۵۸) حضرت نعیم بن سلامہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ کے ہاں گیا تو میں نے ان کو نمک اور زیتون کے تیل کے ساتھ ملا ہوا صاف کیا ہوا تھوم کھاتے پایا۔

(٢٤٩٥٩) حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُدَيْرٍ ، قَالَ : سُئِلَ عِكْرِمَةُ عَنْهُ ؟ فَقَالَ : إِنَّا لَنَأْكُلُهُ الأُسْبُوعَ وَالأُسْبُوعَيْنِ ، وَلَكِنَّا نَخْرُجُ مِنَ الْمَدِينَةِ.

(۲۴۹۵۹) حضرت عمران بن جبیر سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہ سے اس کے بارے میں سوال ہوا؟ تو انہوں نے فرمایا: ہم اس کو ہفتہ، دو ہفتہ بعد کھاتے ہیں۔ لیکن (پھر) ہم مدینہ سے باہر نکل جاتے ہیں۔

(٢٤٩٦٠) حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ خَلِيفَةَ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ ؛ أَنَّهُ كَانَ لاَ يَرَى بِالثُّومِ وَالْبَصَلِ نِيئًا بَأْسًا.

(۲۴۹۶۰) حضرت منصور، حضرت ابن سیرین کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ کچے تھوم اور پیاز میں کوئی حرج نہیں دیکھتے تھے۔

(٢٤٩٦١) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ جَابِرٍ ، عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ ، قَالَ :إِنَّا لَنَأْكُلُ الثُّومَ ،وَالْبَصَلَ ، وَالْكُرَّاثَ.

(۲۴۹۶۱) حضرت ابوجعفر سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ یقیناً ہم لوگ تھوم، پیاز اور کراث (ایک تیز بُو والی سبزی) کھایا کرتے تھے۔

(٢٤٩٦٢) حدَّثَنَا جَرِيرٌ ، عَنْ مُغِيرَةَ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، قَالَ :لاَ بَأْسَ بِالثُّومِ فِي الطَّبِيخِ.

(۲۴۹۶۲) حضرت ابراہیم سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ پختہ سالن میں تھوم ہو تو کوئی حرج نہیں ہے۔

(٢٤٩٦٣) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ ، عَنْ مُحَمَّدٍ ، قَالَ :قَالَ عُمَرُ :مَنْ أَكَلَ مِنْ هَاتَيْنِ الشَّجَرَتَيْنِ شَيْئًا ، فَلْيُذْهِبْ رِيحَهُمَا نضجًا ، يَعْنِي الْبَصَلَ ، وَالْكُرَّاثَ.

(۲۴۹۶۳) حضرت محمد رحمہ اللہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا ارشاد ہے۔ جو شخص ان دو درختوں سے کھائے تو اس کو چاہئے کہ وہ ان کی بُو کو پکا کر ختم کر لے یعنی پیاز اور کراث (ایک سبزی)

(٢٤٩٦٤) حَدَّثَنَا عَبْدُ الأَعْلَى ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنْ مُحَمَّدٍ ، قَالَ :مَا أَعْلَمُ بِأَكْلِ الثُّومِ بَأْسًا ، إِلاَّ أَنْ يَكْرَهَ رَجُلٌ رِيحَهُ.

(۲۴۹۶۴) حضرت محمد سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں تھوم کھانے میں کوئی حرج نہیں جانتا الّا یہ کہ آدمی اس کی بُو کو ناپسند کرتا ہو۔

(٢٤٩٦٥) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ نَافِعٍ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ ؛ أَنَّهُ كَانَ يُنْضِجُهُ فِي الْقُدُورِ وَيَأْكُلُهُ.

(۲۴۹۶۵) حضرت نافع، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ تھوم کو ہانڈیوں میں پکاتے اور پھر کھاتے تھے۔

(٢٣) مَنْ كَانَ يَكْرَهُ أَكْلَ الثُّومِ

جو حضرات تھوم کھانے کو ناپسند کرتے ہیں

(٢٤٩٦٦) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ أَبِي يَزِيدَ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ أُمِّ أَيُّوبَ ، قَالَتْ :نَزَلَ عَلَيْنَا النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَنَعْنَا لَهُ طَعَامًا فِيهِ مِنْ بَعْضِ الْبُقُولِ ، فَكَرِهَهُ ، وَقَالَ :إِنِّي لَسْتُ مِثْلَكُمْ ، إِنِّي أَخَافُ أَنْ أُوذِيَ صَاحِبِي.

(۲۴۹۶۶) حضرت عبید اللہ بن یزید، اپنے والد کے واسطہ سے ام ایوب سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا: جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے ہاں تشریف لائے پس ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے بعض ترکاری میں سے کھانا بنایا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو ناپسند کیا اور فرمایا: ''میں تم جیسا نہیں ہوں، میں اپنے ساتھی کو اذیت دینے سے خوف کھاتا ہوں۔''

(٢٤٩٦٧) حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ ، قَالَ :حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ عُمَرَ ، عَنْ نَافِعٍ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ ؛ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ :مَنْ أَكَلَ مِنْ هَذِهِ الْبَقْلَةِ ، فَلاَ يَقْرَبَ الْمَسْجِدَ حَتَّى يَذْهَبَ رِيحُهَا ، يَعْنِي الثُّومَ.

(۲۴۹۶۷) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''جو شخص اس ترکاری (یعنی تھوم) میں سے کھائے تو وہ اس وقت تک مسجد کے قریب نہ آئے جب تک اس کی بُو ختم نہ ہو جائے۔''

(٢٤٩٦٨) حَدَّثَنَا جَرِيرٌ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ يَزِيدَ ، عَنْ طَبَّاخِ حُذَيْفَةَ ، قَالَ : كَانَ حُذَيْفَةُ يَأْمُرُنِي أَنْ لاَ أَجْعَلَ فِي طَعَامِهِ كُرَّاثًا.

(۲۴۹۶۸) حضرت حذیفہ کے باورچی سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ مجھے حکم کرتے تھے کہ میں ان کے کھانے میں گُراث (خاص تیزبُو والی سبزی) نہ ڈالا کروں۔

(٢٤٩٦٩) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ ، عَنِ الشَّيْبَانِيِّ ، عَنْ عَدِيٍّ ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ ، عَنْ حُذَيْفَةَ ، قَالَ : مَنْ أَكَلَ الثُّومَ ، فَلاَ يَقْرَبَنَا ثَلاَثًا.

(۲۴۹۶۹) حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جو شخص تھوم کھائے تو وہ ہمارے پاس تین (دن) نہ آئے۔

(٢٤٩٧٠) حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ ابْنُ عُلَيَّةَ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلاَلٍ، عَنْ أَبِي بُرْدَةَ؛ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَدَ مِنَ الْمُغِيرَةِ رِيحَ ثُومٍ، فَقَالَ: أَلَمْ أَنْهَكُمْ عَنْ هَذِهِ الشَّجَرَةِ؟ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللهِ، أَقْسَمْتُ عَلَيْكَ لَتُدْخِلَنَّ يَدَكَ ، قَالَ : وَعَلَيْهِ جُبَّةٌ ، أَوْ قَمِيصٌ ، فَأَدْخَلَ يَدَهُ فَإِذَا عَلَى صَدْرِهِ عِصَابٌ ، قَالَ : أَرَى لَكَ عُذْرًا.

(۲۴۹۷۰) حضرت ابی بردہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت مغیرہ سے تھوم کی بُو محسوس کی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''کیا میں نے تمہیں اس درخت سے منع نہیں کیا تھا؟'' تو اُنہوں نے عرض کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ کو قسم ہے کہ آپ اپنے ہاتھ کو (جُبہ یا قمیص میں) ضرور داخل کریں گے۔ اور ان پر (اس وقت) جُبہ یا قمیص تھی..... چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا ہاتھ داخل کیا تو ان پر پٹی تھی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''تمہارے لیئے عذر ہے۔''

(٢٤٩٧١) حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِي الرَّبَابِ، عَنْ مَعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ، قَالَ: سَمِعْتُهُ يَقُولُ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مَسِيرَةٍ فَقَالَ :مَنْ أَكَلَ مِنْ هَذِهِ الشَّجَرَةِ ، فَلاَ يَقْرَبَنَّ مُصَلاَّنَا.

(۲۴۹۷۱) حضرت ابوالرباب، حضرت معقل بن یسار کے بارے میں روایت کرتے ہیں، کہتے ہیں کہ میں نے انہیں یہ کہتے سُنا۔ کہ ہم جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ ایک سفر میں تھے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''جو شخص اس درخت میں سے کھائے تو وہ ہماری نمازگاہ کے قریب نہ آئے۔''

(٢٤٩٧٢) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، قَالَ : حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ : رَأَى الْحَسَنُ مَعَ أُمِّهِ كُرَّاثًا ، فَقَالَ : يَا أُمَّتَاهْ ، أَلْقِ هَذِهِ الشَّجَرَةَ الْخَبِيثَةَ.

(۲۴۹۷۲) حضرت معتمر، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ حضرت حسن رضی اللہ عنہ نے اپنی والدہ کے پاس گُراث کو دیکھا تو کہا۔ اے اماں جان! اس گندے درخت کو پھینک دیں۔

(٢٤٩٧٣) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى ، عَنْ عَطَاءٍ ، عَنْ جَابِرٍ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَنْ أَكَلَ مِنْ هَذِهِ الْبُقْلَةِ ، فَلاَ يَقْرَبَنَّ مَسْجِدَنَا ، أَوْ قَالَ :الْمَسْجِدَ.

(۲۴۹۷۳) حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''جو شخص اس ترکاری میں سے کھائے تو وہ ہماری مسجد کے قریب نہ آئے'' یا فرمایا: ''وہ مسجد کے قریب نہ آئے۔''

(٢٤٩٧٤) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ الْمُغِيرَةِ ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلاَلٍ ، عَنْ أَبِي بُرْدَةَ ، عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ ، قَالَ :أَكَلْتُ ثُومًا ثُمَّ أَتَيْتُ مُصَلَّى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، فَوَجَدْته قَدْ سَبَقَنِي بِرَكْعَةٍ ، فَلَمَّا صَلَّى قُمْتُ أَقْضِي ، فَوَجَد الرِّيحَ ، فَقَالَ :مَنْ أَكَلَ مِنْ هَذِهِ الْبُقْلَةِ ، فَلاَ يَقْرَبَنَّ مَسْجِدَنَا حَتَّى يَذْهَبَ رِيحُهَا ، قَالَ الْمُغِيرَةُ :فَلَمَّا قَضَيْتُ الصَّلاَةَ أَتَيْتُهُ ، فَقُلْتُ :يَا رَسُولَ اللهِ ، إِنَّ لِي عُذْرًا ، نَاوِلْنِي يَدَك ، قَالَ :فَوَجَدْتُهُ وَاللَّهِ سَهْلاً ، فَنَاوَلَنِي يَدَهُ ، فَأَدْخَلْتُهَا إِلَى صَدْرِي فَوَجَدَهُ مَعْصُوبًا ، فَقَالَ :إِنَّ لَكَ عُذْرًا.

(۲۴۹۷۴) حضرت مغیرہ بن شعبہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے تھوم کھایا پھر میں جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی جائے نماز کے پاس حاضر ہوا۔ میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس حالت میں پایا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم مجھ سے پہلے ایک رکعت پڑھ چکے تھے۔ چنانچہ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھ لی تو میں کھڑا ہوا اور اپنی رہ جانے والی رکعت پڑھنے لگا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بُو محسوس کی تو فرمایا: ''جو شخص اس ترکاری میں سے کھائے تو وہ ہرگز ہماری مسجد کے قریب نہ آئے۔ جب تک اس کی بُو نہ چلی جائے۔'' حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: پس جب میں نے نماز پوری کر لی تو میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور میں نے عرض کیا۔ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے کوئی عذر ہے۔ آپ مجھے اپنا ہاتھ عنایت فرمائیں۔ حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں۔ بخدا میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو بہت نرم پایا چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے اپنا ہاتھ تھما دیا اور میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ کو اپنے سینہ کی طرف لے گیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے وہاں پٹی باندھی ہوئی محسوس کی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''یقیناً تمہارے لیئے یہ عذر ہے۔''

(٢٤٩٧٥) حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ، عَنْ يُونُسَ بْنِ أَبِي إِسْحَاقَ ، عَنْ عُمَيْرِ بْنِ قُمَيْمٍ ، عَنْ شَرِيكِ بْنِ حَنْبَلٍ ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :مَنْ أَكَلَ مِنْ هَذِهِ الْبُقْلَةِ الْخَبِيثَةِ فَلاَ يَقْرَبَنَّ مَسْجِدَنَا ، يَعْنِي الثُّومَ.

(۲۴۹۷۵) حضرت شریک بن حنبل سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''جو شخص اس گندی ترکاری کو کھائے (یعنی تھوم کو کھائے) تو پھر وہ ہماری جائے نماز کے قریب نہ آئے۔''

(٢٤٩٧٦) حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنْ سَعِيدٍ ، عَنْ قَتَادَةَ ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ ، عَنْ مَعْدَانَ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ ، أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ قَالَ :إِنَّكُمْ لَتَأْكُلُونَ شَجَرَتَيْنِ لاَ أَرَاهُمَا إِلاَّ خَبِيثَتَيْنِ ، هَذَا الثُّومُ ، وَهَذَا الْبَصَلُ ، كُنْت أَرَى الرَّجُلَ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُوجَدُ رِيحُهُ مِنْهُ ، فَيُؤْخَذُ بِيَدِهِ حَتَّى يُخْرَجَ بِهِ إِلَى الْبَقِيعِ ، فَمَنْ كَانَ آكِلَهُمَا لاَ بُدَّ فَلْيُمِتْهُمَا طَبْخًا. (مسلم ٣٩٧۔ احمد ١/ ٢٧)

(۲۴۹۷۶) حضرت معدان بن ابی طلحہ سے روایت ہے کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا۔ تم لوگ دو درخت ایسے کھاتے ہو جن کو میں گندا سمجھتا ہوں۔ یہ تھوم اور پیاز ہے۔ میں تو جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مبارک میں اس آدمی کو دیکھتا کہ جس سے اس کی بُو آتی ہوتی تھی کہ اس کو ہاتھ سے پکڑا جاتا اور اس کو بقیع کی طرف باہر نکال دیا جاتا۔ پھر بھی تم میں سے جو اس کو ناگزیر طور پر کھائے تو اس کو چاہیئے کہ وہ ان (کی بو) کو پکا کر مار ڈالے۔

(٢٤٩٧٧) حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ ، عَنْ لَيْثٍ ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي حَبِيبٍ ، عَنْ أَبِي الْخَيْرِ ، عَنْ أَبِي رُهْمٍ السَّمَاعِيِّ ؛ أَنَّ أَبَا أَيُّوبَ حَدَّثَهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ : إِنَّ فِيهِ بَصَلاً فَكُلُوهُ ، وَكَرِهْت أَكْلَهُ مِنْ أَجْلِهِ ، يَعْنِي الْمَلَكَ ، وَأَمَّا أَنْتُمْ فَكُلُوهُ. (مسلم ۱۷۰۔ احمد ۵/ ۴۱۳)

(۲۴۹۷۷) حضرت ابورُہم سماعی سے روایت ہے کہ حضرت ابوایوب نے انہیں جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالہ سے بیان کیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''اس میں (کھانے میں) پیاز ہے لیکن تم اس کو کھالو۔ اور میں اس کے کھانے کو اس (فرشتہ) کی وجہ سے ناپسند کرتا ہوں۔ البتہ تم کھا سکتے ہو۔''

(٢٤٩٧٨) حَدَّثَنَا عَبْدُ الأَعْلَى ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنِ الْحَسَنِ ؛ أَنَّهُ كَرِهَ أَكْلَ الثُّومِ ، وَالْبَصَلِ ، وَالْكُرَّاثِ.

(۲۴۹۷۸) حضرت ہشام، حضرت حسن رحمہ اللہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ تھوم، پیاز اور گراث کے کھانے کے ناپسند کرتے تھے۔

(٢٤٩٧٩) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ أَبِي أُمَيَّةَ ، عَنِ الْحَسَنِ ، قَالَ : مَا يَسُرُّنِي أَنِّي أَكَلْتُهُ ، يَعْنِي الثُّومَ ، وَلاَ أَنَّ لِي زِنَتَهُ ذَهَبًا.

(۲۴۹۷۹) حضرت حسن سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ مجھے یہ بات خوش نہیں کرتی کہ میں اس کو (یعنی تھوم کو) کھاؤں اور نہ یہ بات کہ مجھے اس کے ہموزن سونا ملے۔

(٢٤) فِي الْقِرَانِ بَيْنَ التَّمْرَتَيْنِ

دو دو کھجوریں ملانے کے بارے میں

(٢٤٩٨٠) حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ ، عَنِ الشَّيْبَانِيِّ ، عَنْ جَبَلَةَ بْنِ سُحَيْمٍ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ ، قَالَ : نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْقِرَانِ ، إِلاَّ أَنْ تَسْتَأْذِنَ أَصْحَابَكَ. (بخاری ۵۴۴۶۔ ترمذی ۱۸۱۴)

(۲۴۹۸۰) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (دو کھجوروں کے) ملانے سے منع کیا ہے مگر یہ کہ تم اپنے ساتھیوں سے اجازت لے لو۔

(٢٤٩٨١) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ مُوسَى بْنِ دِهْقَانَ ، قَالَ : رَأَيْتُ سَالِمَ بْنَ عَبْدِ اللهِ يَأْكُلُ التَّمْرَ كَفًّا كَفًّا.

(۲۴۹۸۱) حضرت موسیٰ بن دہقان سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت سالم بن عبداللہ کو ہتھیلیوں میں کھجوریں بھر کر کھاتے دیکھا ہے۔

(٢٤٩٨٢) حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ ، عَنْ أَبِي جَحْشٍ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ؛ أَنَّهُ أَكَلَ مَعَ أَصْحَابِهِ تَمْرًا ، فَقَالَ : إِنِّي قَدْ قَارَنْتُ فَقَارِنُوا.

(۲۴۹۸۲) حضرت ابو جحش، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے اپنے ساتھیوں کے ساتھ کھجوریں کھائیں تو فرمایا: میں ملا رہا ہوں، تم بھی ملا کر کھاؤ۔

(٢٤٩٨٣) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ حَبِيبَةَ بِنْتِ عَبَّادٍ ، عَنْ أُمِّهَا ، قَالَتْ : سَأَلْتُ عَائِشَةَ عَنِ الْقِرَانِ بَيْنَ التَّمْرَتَيْنِ ؟ فَقَالَتْ : لَوْ كَانَ حَلاَلاً كَانَ دَنَائَةً.

(۲۴۹۸۳) حضرت حبیبہ بنت عباد، اپنی والدہ سے روایت کرتی ہیں۔ کہتی ہیں کہ میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے دو کھجوروں کے ملانے کے بارے میں سوال کیا؟ تو انہوں نے جواب دیا۔ اگر یہ کام حلال ہو تب بھی یہ کمینگی ہے۔

(٢٥) مَنْ كَانَ يَسْتَحِبُّ التَّمْرَ فِي أَهْلِهِ

جو حضرات، اپنے گھر میں کھجور رکھنے کو مستحب سمجھتے ہیں

(٢٤٩٨٤) حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ ، قَالَ : حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ طَحْلاَءَ ، قَالَ : حَدَّثَنَا أَبُو الرِّجَالِ ، عَنْ أُمِّهِ عَمْرَةَ ، عَنْ عَائِشَةَ ، قَالَتْ : قَالَ لِي رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : يَا عَائِشَةُ ، بَيْتٌ لَيْسَ فِيهِ تَمْرٌ جِيَاعٌ أَهْلُهُ. (مسلم ۱۵۳۔ ابو داؤد ۳۸۲۷)

(۲۴۹۸۴) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے۔ وہ کہتی ہیں کہ مجھے جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''اے عائشہ رضی اللہ عنہا! وہ گھر والے بھوکے ہوتے ہیں جن کے گھر میں کھجور نہ ہو۔''

(٢٤٩٨٥) حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ أَبِي مَنْصُورٍ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، قَالَ : كَانُوا يَسْتَحِبُّونَ أَنْ لاَ يُفَارِقَ بُيُوتَهُمُ التَّمْرُ . قَالَ إِبْرَاهِيمُ : وَسَأُفَسِّرُهُ : كَانَ إِذَا دَخَلَ عَلَيْهِمُ الدَّاخِلُ فَأَرَادُوا كَرَامَتَهُ ، فَحَبَسُوهُ وَقَرَّبُوهُ مِنْ قَرِيبٍ . فَإِنْ أَكَلَ مِنْهُ أَكْرَمُوهُ ، وَإِنْ لَمْ يَأْكُلْ فَقَدْ أَجْزَأَ عَنْهُمْ.

قَالَ إِبْرَاهِيمُ : وَأُخْرَى : يَجِيءُ السَّائِلُ وَلَيْسَ عِنْدَ أَهْلِ الْبَيْتِ خُبْزٌ ، وَلاَ يُوَاتِي أَنْفُسَهُمْ أَنْ يَحُثُّوا لَهُ مِنَ الدَّقِيقِ وَالْحِنْطَةِ ، فَيُعْطُونَهُ التَّمْرَةَ وَالتَّمْرَتَيْنِ وَنَحْوَ ذَلِكَ ، فَيُغْنِي عَنْ أَهْلِ الْبَيْتِ ، وَيَسْتَقِيمُ بِهِ السَّائِلُ.

(۲۴۹۸۵) حضرت ابراہیم سے روایت ہے کہ پہلے لوگ اس بات کو محبوب رکھتے تھے کہ ان کے گھروں سے کھجور ختم نہ ہو۔ حضرت ابراہیم کہتے ہیں۔ میں اس کی تفسیر بیان کرتا ہوں جب ان لوگوں کے ہاں کوئی داخل ہوتا اور وہ اس کی عزت واکرام کرنا چاہتے تو اس

کو روک لیتے اور اس کو کھانا پیش کرتے۔ پس اگر وہ اس کو کھالیتا تو اس کا اکرام کرتے اور اگر وہ اس کو نہ کھاتا تو یہی ان کے لئے کفایت کر جاتا۔ حضرت ابراہیم کہتے ہیں۔ ایک دوسری تشریح کے مطابق، کوئی سائل آتا اور گھر والوں کے پاس روٹی نہ ہوتی اور وہ گھر والے، خود کو اس بات پر آمادہ پاتے کہ اس سائل کو گندم یا آٹے میں سے دیں تو وہ اس کو ایک، دو کھجوریں وغیرہ دے دیتے۔ پس یہ گھر والوں کو بھی کفایت کر جاتی اور سائل کا کام بھی چل جاتا۔

(٢٤٩٨٦) حَدَّثَنَا حَفْصٌ ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سُلَيْمٍ ، عَنْ أَنَسٍ ، قَالَ : رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْكُلُ مُقْعِيًا تَمْرًا. (مسلم ١٦١٦۔ ابو داؤد ٣٧٦٥)

(۲۴۹۸۶) حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس حالت میں کھجوریں کھاتے دیکھا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی پنڈلی اور ران کو ملا کر کھڑا کیا ہوا تھا اور کولہوں پر بیٹھے ہوئے تھے۔

(٢٦) فِي التَّسْمِيَةِ عَلَى الطَّعَامِ

کھانے پر بسم اللہ پڑھنا

(٢٤٩٨٧) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، وَمُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ ، عَنْ زَكَرِيَّا بْنِ أَبِي زَائِدَةَ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي بُرْدَةَ ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : إِنَّ اللَّهَ لَيَرْضَى عَنِ الْعَبْدِ أَنْ يَأْكُلَ الأَكْلَةَ فَيَحْمَدَهُ عَلَيْهَا ، أَوْ يَشْرَبَ الشَّرْبَةَ فَيَحْمَدَهُ عَلَيْهَا. (مسلم ٨٩۔ ترمذی ١٨١٦)

(۲۴۹۸۷) حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''یقیناً اللہ تعالیٰ بندے سے راضی ہوتے ہیں اس بات پر کہ وہ کوئی لقمہ کھائے تو اس پر اللہ کی تعریف کرے یا پانی کا گھونٹ پیئے تو اس پر اللہ تعالیٰ کی تعریف کرے۔

(٢٤٩٨٨) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، قَالَ : حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ يَزِيدَ بْنُ جَابِرٍ ، قَالَ : حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ زِيَادٍ ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللهِ ، عَنْ عِتْرِيسِ بْنِ عُرْقُوبٍ ، قَالَ : قَالَ عَبْدُ اللهِ : مَنْ قَالَ حِينَ يُوضَعُ طَعَامُهُ : بِسْمِ اللهِ خَيْرُ الأَسْمَاءِ ، لِلَّهِ مَا فِي الأَرْضِ وَفِي السَّمَاءِ ، لاَ يَضُرُّ مَعَ اسْمِهِ دَاءٌ ، اللَّهُمَّ اجْعَلْ فِيهِ بَرَكَةً وَعَافِيَةً وَشِفَاءً ، فَلاَ يَضُرُّهُ ذَلِكَ الطَّعَامُ مَا كَانَ.

(۲۴۹۸۸) حضرت عتریس بن عُرقوب سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ حضرت عبد اللہ نے فرمایا: جو شخص کھانا رکھے جاتے وقت یہ کہے۔ (ترجمہ) شروع اللہ کے نام سے جو بہترین نام ہے۔ جو کچھ زمین و آسمان میں ہے وہ اللہ کے لئے ہے۔ اس کے نام کے ساتھ کوئی بیماری نقصان نہیں دیتی۔ اے اللہ! اس کھانے میں برکت، عافیت اور شفاء پیدا فرما۔ تو یہ کھانا جیسا بھی ہو نقصان نہیں دیتا۔

(٢٤٩٨٩) حَدَّثَنَا أَبُو الأَحْوَص ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ ، عَنِ الْحَارِثِ ، عَنْ عَلِيٍّ ، قَالَ : إِذَا طَعِمْتَ فَنَسِيتَ أَنْ تُسَمِّيَ ، فَقُلْ : بِسْمِ اللهِ فِي أَوَّلِهِ وَآخِرِهِ.

(۲۴۹۸۹) حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ جب تم کھانا کھاؤ اور بسم اللہ پڑھنا بھول جاؤ تو یہ کہو۔ بِسْمِ اللهِ فِي أَوَّلِهِ وَآخِرِهِ.

(٢٤٩٩٠) حَدَّثَنَا جَرِيرٌ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنْ تَمِيمِ بْنِ سَلَمَةَ ، قَالَ : حُدِّثْتُ أَنَّ الرَّجُلَ إِذَا ذَكَرَ اسْمَ اللَّهِ عَلَى طَعَامِهِ وَحَمِدَهُ عَلَى آخِرِهِ ، لَمْ يُسْأَلْ عَنْ نَعِيمِ ذَلِكَ الطَّعَامِ.

(۲۴۹۹۰) حضرت تمیم بن سلمہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ مجھے یہ حدیث بیان کی گئی ہے کہ جب آدمی اپنے کھانے پر اللہ کا نام لے اور آخر میں اللہ کی تعریف کرے تو اس آدمی سے اس کھانے کی نعمتوں کے بارے میں سوال نہیں کیا جائے گا۔

(٢٤٩٩١) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ سُوَيْد ، قَالَ : كَانَ سَلْمَانُ إِذَا طَعِمَ يَقُول : الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي كَفَانَا الْمُؤْونَةَ ، وَأَوْسَعَ لَنَا الرِّزْقَ.

(۲۴۹۹۱) حضرت حارث بن سوید سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت سلمان جب کھانا کھا لیتے تو کہتے۔ (ترجمہ) تمام تعریفیں اس اللہ کے لئے ہیں جو ہمارے لیئے مشقتوں سے کفایت کر گیا اور ہمیں خوب وسیع رزق دیا۔

(٢٤٩٩٢) حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ الأَحْمَرُ ، عَنْ حَجَّاجٍ ، عَنْ رِيَاحِ بْنِ عَبِيدَةَ ، عَنْ مَوْلًى لأَبِي سَعِيدٍ ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ ، قَالَ كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَكَلَ طَعَامًا ، قَالَ : الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي أَطْعَمَنَا وَسَقَانَا ، وَجَعَلَنَا مُسْلِمِينَ. (ترمذی ۳۴۵۷۔ ابو داؤد ۳۸۴۶)

(۲۴۹۹۲) حضرت ابو سعید سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ جب کھانا تناول فرماتے تو یہ کہتے۔ (ترجمہ) تمام تعریفیں اس اللہ کے لئے ہیں جس نے ہمیں کھلایا اور پلایا اور ہمیں مسلمان بنایا۔

(٢٤٩٩٣) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ ، قَالَ : حَدَّثَنَا مِسْعَرٌ ، عَنْ هِلاَلٍ ، عَنْ عُرْوَةَ ؛ أَنَّهُ كَانَ إِذَا وُضِعَ الطَّعَامُ ، قَالَ سُبْحَانَكَ مَا أَحْسَنَ مَا تُبْلِينَا ، سُبْحَانَكَ مَا أَحْسَنَ مَا تُعْطِينَا ، رَبَّنَا وَرَبَّ آبَائِنَا ، وَرَبَّ أَبْنَائِنَا الأَوَّلِينَ ، قَالَ : ثُمَّ يُسَمِّي اللَّهَ جَلَّ ثَنَاؤُهُ ، وَيَضَعُ يَدَهُ.

(۲۴۹۹۳) حضرت ہلال، حضرت عروہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ جب کھانا رکھ دیا جاتا تو آپ رحمہ اللہ کہتے۔ تو پاک ہے۔ کس قدر خوبصورت ہے۔ تو پاک ہے۔ کسی قدر خوبصورت اشیاء تو نے ہمیں عطا کیں ہیں۔ اے ہمارے پروردگار! اے ہمارے بچوں کے پروردگار اور اے ہمارے پہلے آباؤ اجداد کے پروردگار، راوی کہتے ہیں۔ پھر وہ اللہ جل شانہ کا نام لیتے اور اپنا ہاتھ (کھانے پر) رکھتے۔

(٢٤٩٩٤) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ أَبِي النَّجُودِ ، عَنْ ذَكْوَانَ أَبِي صَالِحٍ ، عَنْ عَائِشَةَ ؛ أَنَّهُ قَدَّمَ

إِلَيْهَا طَعَامٌ ، فَقَالَتْ :ائْتِدِمُوهُ ، فَقَالُوا :وَمَا إِدَامُهُ ؟ قَالَتْ :تَحْمَدُونَ اللَّهَ عَلَيْهِ إِذَا فَرَغْتُمْ.

(۲۴۹۹۴) حضرت ذکوان ابی صالح، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو کھانا پیش کیا گیا تو انہوں نے فرمایا: اس کے ساتھ سالن بھی بنالو۔ لوگوں نے پوچھا۔ اس کا سالن کیا ہے؟ آپ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: جب تم فارغ ہو چکو تو اللہ تعالیٰ کی اس پر تعریف کرو۔

(٢٤٩٩٥) حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ إِدْرِيسَ ، عَنْ حُصَيْنٍ ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ ، قَالَ :كَانَ أَبُو سَعِيدٍ الْخُدْرِيُّ إِذَا وُضِعَ الطَّعَامُ ، قَالَ :الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي أَطْعَمَنَا وَسَقَانَا ، وَجَعَلَنَا مُسْلِمِينَ.

(۲۴۹۹۵) حضرت اسماعیل بن ابی سعید سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جب حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کے پاس کھانا رکھا جاتا تو آپ رضی اللہ عنہ کہتے (ترجمہ) تمام تعریفیں اس اللہ کے لئے ہیں جس نے ہمیں کھلایا پلایا اور ہمیں مسلمان بنایا۔

(٢٤٩٩٦) حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ ، عَنْ حُصَيْنٍ ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ ، عَنْ أَبِيهِ ؛ بِمِثْلِهِ.

(۲۴۹۹۶) حضرت اسماعیل بن ابی سعید، اپنے والد سے ایسی ہی روایت بیان کرتے ہیں۔

(٢٤٩٩٧) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنِ الْجُرَيْرِيِّ ، عَنْ أَبِي الْوَرْدِ ، عَنِ ابْنِ أَعْبَدَ ، أَوِ ابْنِ مَعْبَدٍ ، قَالَ :قَالَ عَلِيٌّ :تَدْرِي مَا حَقُّ الطَّعَامِ ؟ قُلْتُ :وَمَا حَقُّهُ ؟ قَالَ :تَقُولُ بِسْمِ اللهِ ، اللَّهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيمَا رَزَقْتَنَا ، قَالَ : تَدْرِي مَا شُكْرُهُ ؟ قُلْتُ :وَمَا شُكْرُهُ ؟ قَالَ :تَقُولُ :الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي أَطْعَمَنَا وَسَقَانَا.

(۲۴۹۹۷) حضرت ابن اعبد ..... یا ابن معبد ..... سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: تمہیں پتہ ہے کہ کھانے کا حق کیا ہے؟ میں نے پوچھا: اس کا کیا حق ہے؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم کہو۔ بسم اللہ! اے اللہ! جو کچھ آپ ہمیں رزق دیں اس میں برکت (بھی) دیں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کہا۔ جانتے ہو کہ کھانے کا شکر کیا ہے؟ میں نے پوچھا۔ اس کا شکر کیا ہے؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم کہو۔ تمام تعریفیں اس اللہ کے لئے ہیں جس نے ہمیں کھانا کھلایا اور ہمیں پلایا اور جس نے ہمیں مسلمان بنایا۔

(٢٤٩٩٨) حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ إِدْرِيسَ ، عَنْ حُصَيْنٍ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ ؛ أَنَّهُ كَانَ يَقُولُ :الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي أَطْعَمَنَا وَسَقَانَا.

(۲۴۹۹۸) حضرت ابراہیم تیمی کے بارے میں روایت ہے کہ وہ کہا کرتے تھے (ترجمہ) تمام تعریفیں اس اللہ کے لئے ہیں جس نے ہمیں کھلایا پلایا اور ہمیں مسلمان بنایا۔

(٢٤٩٩٩) حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ إِدْرِيسَ ، عَنْ حُصَيْنٍ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ ؛ أَنَّهُ كَانَ يَقُولُ :الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي كَفَانَا الْمُؤْنَةَ ، وَأَحْسَنَ لَنَا الرِّزْقَ.

(۲۴۹۹۹) حضرت ابراہیم تیمی کے بارے میں روایت ہے کہ وہ کہا کرتے تھے (ترجمہ) تمام تعریفیں اس اللہ کے لئے ہیں جو ہمیں مشقت سے کفایت کرتا ہے اور ہمیں اچھا رزق دیتا ہے۔

(۲۵۰۰۰) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ هِشَامٍ ، قَالَ : كَانَ أَبِي لاَ يُؤْتَى بِطَعَامٍ وَلاَ شَرَابٍ ، حَتَّى الشَّرْبَةَ مِنَ الدَّوَاءِ ، فَيَطْعَمُهُ ، أَوْ يَشْرَبُهُ حَتَّى يَقُولَ : الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي هَدَانَا ، وَأَطْعَمَنَا ، وَسَقَانَا وَنَعَّمَنَا ، اللَّهُ أَكْبَرُ ، اللَّهُمَّ أَلْفَتْنَا نِعْمَتُكَ بِكُلِّ شَرٍّ ، وَأَصْبَحْنَا وَأَمْسَيْنَا مِنْهَا بِكُلِّ خَيْرٍ ، نَسْأَلُكَ تَمَامَهَا وَشُكْرَهَا ، لاَ خَيْرَ إِلاَّ خَيْرُكَ ، وَلاَ إِلَهَ غَيْرُكَ ، إِلَهَ الصَّالِحِينَ ، وَرَبَّ الْعَالَمِينَ ، الْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ ، لاَ إِلَهَ إِلاَّ اللَّهُ ، مَا شَاءَ اللَّهُ ، لاَ قُوَّةَ إِلاَّ بِاللَّهِ ، اللَّهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيمَا رَزَقْتَنَا ، وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ .

(۲۵۰۰۰) حضرت ہشام سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میرے والد کے پاس کوئی کھانا یا مشروب نہیں لایا جاتا تھا۔ یہاں تک کہ دوائی کا ایک گھونٹ بھی لایا جاتا۔ جس کو وہ کھاتے یا پیتے تو یہ کہتے۔ تمام تعریفیں اس اللہ کے لئے ہیں جس نے ہمیں ہدایت دی او رہمیں کھلایا۔ ہمیں پلایا اور ہمیں نعمتوں سے نوازا۔ اللہ سب سے بڑا ہے۔ اے اللہ! تیری نعمتوں نے ہمیں ہر شر کے باوجود ہمیں پالیا اور ہم نے صبح وشام، مکمل خیر کے ساتھ کی۔ ہم آپ سے مکمل نعمتوں اور ان کے شکریہ کا سوال کرتے ہیں۔ آپ کی (عطا کردہ) خیر کے علاوہ کوئی خیر نہیں ہے۔ آپ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے۔ اے صالحین کے معبود! اے جہانوں کے پروردگار۔ تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جو جہانوں کا پروردگار ہے۔ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے۔ (وہی ہوتا ہے) جو اللہ چاہتا ہے۔ طاقت اللہ کی طرف سے ہے۔ اے اللہ! آپ نے ہمیں جو رزق عطا فرمایا ہے اس میں برکت دیجئے اور ہمیں جہنم کے عذاب سے بچالیجئے۔

(۲۵۰۰۱) حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُوسَى ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ ؛ أَنَّهُ كَانَ إِذَا فَرَغَ مِنْ طَعَامِهِ ، قَالَ : اللَّهُمَّ أَشْبَعْتَ وَأَرْوَيْتَ فَهَنَّتَنَا ، وَرَزَقْتَنَا فَأَكْثَرْتَ وَأَطْيَبْتَ فَزِدْنَا .

(۲۵۰۰۱) حضرت عطاء بن السائب، حضرت سعید بن جبیر کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ جب اپنے کھانے سے فارغ ہو جاتے تو کہتے۔ (ترجمہ) اے اللہ! آپ نے (ہمیں) سیر کر دیا ہے اور آپ نے (ہمیں) سیراب کر دیا ہے پس آپ (اس کو) ہمارے لیے خوشگوار بنا دیجئے اور آپ نے ہمیں رزق دیا اور بہت دیا اور خوب دیا پس ہمیں اور عطا فرمائیے۔

(۲۵۰۰۲) حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ ، قَالَ : أَخْبَرَنَا عَمَّارُ بْنُ رُزَيْقٍ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ أَبِي حَفْصَةَ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ ؛ أَنَّهُ قَالَ : إِذَا وُضِعَ الطَّعَامُ فَسَمَّيْتَ فَكُلْ مَا جِيءَ بِهِ ، فَإِنَّهُ يُجْزِئُكَ التَّسْمِيَةُ الأُولَى .

(۲۵۰۰۲) حضرت سعید بن جبیر سے روایت ہے کہ انہوں نے فرمایا: کہ جب کھانا رکھ دیا جائے تو تم (ایک مرتبہ) بسم اللہ پڑھ دو تو پھر جو کچھ لایا جائے تم اس کو کھالو اور تمہارے لیے وہی پہلی بسم اللہ کفایت کر جائے گی۔

(۲۷) مَنْ كَانَ يَأْكُلُ مُتَّكِئًا

جو لوگ تکیہ لگا کر کھاتے تھے

(۲۵۰۰۳) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي زِيَادٍ ، قَالَ : أَخْبَرَنِي مَنْ رَأَى ابْنَ عَبَّاسٍ يَأْكُلُ مُتَّكِئًا .

(۲۵۰۰۳) حضرت یزید بن ابی زیاد سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ مجھے اس آدمی نے بتایا جس نے (خود) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کو تکیہ لگا کر کھاتے دیکھا تھا۔

(۲۵۰۰٤) حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ عِيَاضٍ ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ رُفَيْعٍ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ، قَالَ :مَا أَكَلَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُتَّكِئًا قَطُ إِلاَّ مَرَّةً ، قَالَ :اللَّهُمَّ إِنِّي عَبْدُكَ وَرَسُولُكَ.

(۲۵۰۰۴) حضرت مجاہد سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صرف ایک مرتبہ تکیہ لگا کر کھانا کھایا تھا اور فرمایا تھا: ''اے اللہ! یقیناً میں تیرا بندہ ہوں اور تیرا رسول ہوں۔''

(۲۵۰۰۵) حَدَّثَنَا هِشَامٌ ، عَنْ حُصَيْنٍ ، قَالَ :لَمَّا قَدِمَ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ هَاهُنَا ، إِذَا هُوَ بِمَسْلَحَةِ لآلِ فَارِسٍ ، عَلَيْهِمْ رَجُلٌ يُقَالُ لَهُ :هزارمرد ، قَالَ :فَذَكَرُوا مِنْ عِظَمِ خَلْقِهِ وَشَجَاعَتِهِ ، قَالَ :فَقَتَلَهُ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ ، ثُمَّ دَعَا بِغَدَائِهِ فَتَغَدَّى وَهُوَ مُتَّكِئٌ عَلَى جِيفَتِهِ ، يَعْنِي جَسَدَهُ.

(۲۵۰۰۵) حضرت حصین سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ جب حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ یہاں پر تشریف لائے تو آپ رضی اللہ عنہ کا گزر اہل فارس کی ایک چوکی پر ہوا جہاں ان پر ایک مرد نگران تھا جس کو ''ہزار مرد'' کہا جاتا تھا۔ راوی کہتے ہیں پس لوگوں نے اس کی جسامت کا حجم اور اس کی شجاعت کا ذکر کیا۔ راوی کہتے ہیں، حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے اس کو قتل کر دیا پھر آپ رضی اللہ عنہ نے ناشتہ منگوایا اور آپ رضی اللہ عنہ نے اس کے مردار جسم پر تکیہ لگائے ہوئے ناشتہ کیا۔

(۲۵۰۰٦) حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ الأَحْمَرُ ، عَنْ حَجَّاجٍ ، عَنْ عَطَاءٍ ، قَالَ :إِنْ كُنَّا نَأْكُلُ وَنَحْنُ مُتَّكِئُونَ.

(۲۵۰۰۶) حضرت عطاء سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ ہم لوگ کھایا کرتے تھے درانحالیکہ ہم تکیہ لگائے ہوتے تھے۔

(۲۵۰۰۷) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، قَالَ :كَانُوا يَكْرَهُونَ أَنْ يَأْكُلُوا تُكَاءً ، مَخَافَةَ أَنْ تَعْظُمَ بُطُونُهُمْ.

(۲۵۰۰۷) حضرت ابراہیم سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ پہلے لوگ تکیہ لگا کر کھانے کو اس خوف سے ناپسند کرتے تھے کہ کہیں ان کے پیٹ نہ بڑھ جائیں۔

(۲۵۰۰۸) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ أَبِي هِلاَلٍ ، قَالَ :رَأَيْتُ ابْنَ سِيرِينَ يَأْكُلُ مُتَّكِئًا.

(۲۵۰۰۸) حضرت ابو ہلال سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن سیرین کو تکیہ لگائے کھاتے دیکھا ہے۔

(۲۵۰۰۹) حَدَّثَنَا شَرِيكٌ ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الأَقْمَرِ ، عَنْ أَبِي جُحَيْفَةَ ، يَرْفَعُهُ ، قَالَ :أَمَّا أَنَا فَلاَ آكُلُ مُتَّكِئًا.

(بخاری ۵۳۹۸۔ ترمذی ۱۸۳۰)

(۲۵۰۰۹) حضرت ابو جحیفہ سے روایت ہے اور وہ اس کو مرفوعاً بیان کرتے ہیں کہ بہر حال میں تو تکیہ لگا کر نہیں کھاتا۔

(۲۵۰۱۰) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، قَالَ :حَدَّثَنَا حُسَامُ بْنُ مِصَكٍّ ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ ، قَالَ :دَخَلْتُ عَلَى عَبِيدَةَ

فَسَأَلْتُهُ عَنِ الرَّجُلِ يَأْكُلُ مُتَّكِئًا ؟ فَأَكَلَ مُتَّكِئًا.

(۲۵۰۱۰) حضرت ابن سیرین رحمہ اللہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں حضرت عبیدہ کے ہاں حاضر ہوا اور ان سے میں نے تکیہ لگا کر کھانے والے شخص کے متعلق سوال کیا؟ تو انہوں نے مجھے تکیہ لگا کر کھا کر دکھایا۔

(۲۸) الرَّجُلُ يَشْتَرِي لأَهْلِهِ اللَّحْمَ

جو شخص اپنے اہل خانہ کے لئے گوشت خریدتا ہے

(۲۵۰۱۱) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، وَأَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ ، عَنْ أَبِي عَمْرٍو الشَّيْبَانِيِّ ، قَالَ : رَأَى عَبْدُ اللهِ بْنُ مَسْعُودٍ مَعَ رَجُلٍ دَرَاهِمَ ، فَقَالَ : أَيُّ شَيْءٍ تَصْنَعُ بِهَذِهِ الدَّرَاهِمِ ؟ فَقَالَ : هَذِهِ يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ ثَلاَثُونَ دِرْهَمًا ، أُرِيدُ أَنْ أَشْتَرِيَ بِهَا سَمْنًا لِرَمَضَانَ ، فَقَالَ : تَجْعَلُهُ فِي السُّكُرُّجَةِ وَتَأْكُلُهُ ؟ قَالَ : نَعَمْ ، قَالَ : اذْهَبْ فَادْفَعْهَا إِلَى امْرَأَتِكَ ، وَمُرْهَا أَنْ تَشْتَرِيَ كُلَّ يَوْمٍ بِدِرْهَمٍ لَحْمًا ، فَهُوَ خَيْرٌ لَكَ.

(۲۵۰۱۱) حضرت ابو عمرو الشیبانی سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے ایک آدمی کے پاس کچھ دراہم دیکھے تو آپ رضی اللہ عنہ نے پوچھا تم ان دراہم سے کیا کرو گے؟ اس آدمی نے کہا اے ابو عبدالرحمٰن! یہ تیس دراہم ہیں، میرا ارادہ یہ ہے کہ میں ان سے ماہِ رمضان کے لئے گھی خرید لوں۔ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے پوچھا تم اُس گھی کو چھوٹی رکابی میں ڈالو گے اور پھر اس کو کھاؤ گے؟ اس آدمی نے کہا۔ جی ہاں۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جاؤ اور یہ دراہم تم اپنی بیوی کو دے دو اور اس سے کہو کہ وہ ہر روز ایک درہم کا گوشت خریدے تو یہ تمہارے لیے بہتر ہے۔

(۲۵۰۱۲) حَدَّثَنَا حَفْصٌ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَمَّنْ حَدَّثَهُ ، قَالَ : مَرَّ جَابِرٌ عَلَى عُمَرَ بِلَحْمٍ قَدِ اشْتَرَاهُ بِدِرْهَمٍ ، قَالَ : فَقَالَ لَهُ عُمَرُ : مَا هَذَا ؟ قَالَ : اشْتَرَيْتُهُ بِدِرْهَمٍ ، قَالَ : أَكُلَّمَا اشْتَهَيْتَ شَيْئًا اشْتَرَيْتَهُ ؟ لاَ تَكُنْ مِنْ أَهْلِ هَذِهِ الآيَةِ : ﴿أَذْهَبْتُمْ طَيِّبَاتِكُمْ فِي حَيَاتِكُمُ الدُّنْيَا﴾.

(۲۵۰۱۲) حضرت اعمش، اپنے بیان کرنے والے سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ، حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس سے گزرے اور ان کے پاس گوشت تھا جو انہوں نے ایک درہم میں خریدا تھا۔ راوی کہتے ہیں حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان سے کہا یہ کیا ہے؟ انہوں نے جواب دیا میں نے اس کو ایک درہم میں خریدا ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا۔ کیا جب بھی تمہیں کسی چیز کی خواہش ہوتی ہے تم اس کو خرید لیتے ہو؟ تم اس آیت کے مصداق لوگوں میں سے نہ بنو۔ (ترجمہ) تم نے اپنی لذتوں کو دنیا کی زندگی میں استعمال کر چکے۔

(۲۵۰۱۳) حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنْ حَمْزَةَ بْنِ عَبْدِ اللهِ ؛ أَنَّ الْحَسَنَ كَانَ لَهُ كُلَّ يَوْمٍ نِصْفُ دِرْهَمٍ لَحْمًا.

(۲۵۰۱۳) حضرت حمزہ بن عبداللہ سے روایت ہے کہ حضرت حسن رحمہ اللہ کے ہاں ہر روز نصف درہم کا گوشت آتا تھا۔

(٢٥٠١٤) حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّة ، عَنْ رَجَاءِ بْنِ أَبِي سَلَمَةَ ، قَالَ : كَانَ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ يَصْنَعُ طَعَامًا يَحْضُرُهُ ، فَلاَ يَأْكُلُ مِنْهُ فَلاَ يَأْكُلُونَ ، فَقَالَ : مَا شَأْنُهُمْ لاَ يَأْكُلُونَ ؟ فَقَالُوا : إِنَّك لاَ تَأْكُلُ فَلاَ يَأْكُلُونَ ، فَأَمَرَ بِدِرْهَمٍ كُلَّ يَوْمٍ مِنْ صُلْبِ مَالِهِ فَأَنْفَقَهَا فِي الطَّبْخِ ، فَأَكَلَ وَأَكَلُوا .

(۲۵۰۱۴) حضرت جابر بن ابی سلمہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ حضرت عمر بن عبدالعزیز کھانا بنایا کرتے تھے۔ (ان کے لئے) جوان کے پاس حاضر ہوتے، لیکن حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس سے نہیں کھایا تو لوگوں نے بھی نہیں کھایا۔ حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ نے پوچھا، تمہیں کیا ہوا ہے کہ یہ لوگ کھاتے نہیں ہیں؟ لوگوں نے بتایا کہ آپ نے نہیں کھایا تو انہوں نے بھی نہیں کھایا۔ چنانچہ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے خاص مال سے روزانہ کی بنیاد پر ایک درہم کا حکم دیا جس کو پکانے میں خرچ کیا جاتا تھا پھر آپ رحمۃ اللہ علیہ نے بھی کھانا کھایا اور دیگر لوگوں نے بھی کھایا۔

(٢٥٠١٥) حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ ، وَالْفَضْلُ ، عَنْ زُهَيْرٍ ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ ، قَالَ : كَانَ الشَّعْبِيُّ يَشْتَرِي كُلَّ جُمُعَةٍ بِدِرْهَمٍ لَحْمًا .

(۲۵۰۱۵) حضرت ابواسحٰق سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ حضرت شعبی رحمۃ اللہ علیہ ہر جمعہ کو ایک درہم کا گوشت خریدتے تھے۔

(٢٥٠١٦) حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ ، عَنْ زُهَيْرٍ ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ ، قَالَ : قَالَ عُمَرُ : يَكْفِي أَهْلَ الْبَيْتِ فِي الشَّهْرِ بِثَلاَثَةِ دَرَاهِمَ لَحْمٍ .

(۲۵۰۱۶) حضرت ابواسحٰق سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ایک گھر والوں کو مہینہ میں تین دراہم کا گوشت کفایت کرتا ہے۔

(٢٥٠١٧) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَمَانٍ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ عُبَيْدٍ ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ رَبِيعَةَ ، قَالَ : كَانَ لِعَلِيٍّ امْرَأَتَانِ ، كَانَ يَشْتَرِي كُلَّ يَوْمٍ لِهَذِهِ بِنِصْفِ دِرْهَمٍ لَحْمًا ، وَلِهَذِهِ بِنِصْفِ دِرْهَمٍ لَحمًا .

(۲۵۰۱۷) حضرت علی بن ربیعہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی دو بیویاں تھیں، چنانچہ آپ رضی اللہ عنہ ہر روز آدھے درہم کا گوشت ایک کے لئے اور آدھے درہم کا گوشت دوسرے کے لئے خریدا کرتے تھے۔

(٢٩) مَنْ كَرِهَ مُدَاوَمَةَ اللَّحْمِ

جو حضرات گوشت کی مداومت کو ناپسند کرتے تھے

(٢٥٠١٨) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ حِزَامِ بْنِ هِشَامٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ : قَالَ عُمَرُ لِبَنِيهِ : لاَ تُدِيمُوا أَكْلَ اللَّحْمِ ، وَلاَ تُلَظُّوا بِالْمَاءِ الْعَذْبِ ، وَلاَ تُدِيمُوا لُبْسَ الْقَمِيصِ .

(۲۵۰۱۸) حضرت حزام بن ہشام اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے بیٹوں سے کہا، تم گوشت کھانے میں مداومت نہ کرو اور تم میٹھا پانی پینے میں کثرت نہ کرو اور تم دواماً قمیص نہ پہنو۔

(۲۵۰۱۹) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ رَافِعٍ ، عَنِ الْقَعْقَاعِ بْنِ حَكِيمٍ ، قَالَ : قَالَتْ عَائِشَةُ : يَا بَنِي تَمِيمٍ ، لاَ تُدِيمُوا أَكْلَ اللَّحْمِ ، فَإِنَّ لَهُ ضَرَاوَةً كَضَرَاوَةِ الْخَمْرِ.

(۲۵۰۱۹) حضرت قعقاع بن حکیم سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا۔ اے بنو تمیم! تم گوشت کھانے کی مداومت نہ کرو، کیونکہ گوشت کی بھی درندگی ہوتی ہے جیسا کہ شراب کی درندگی ہوتی ہے۔

(۲۵۰۲۰) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ : إِنْ كَانَ الرَّجُلُ لَيُعَابُ بِأَنْ لاَ يَصْبِرَ عَنِ اللَّحْمِ.

(۲۵۰۲۰) حضرت ہشام بن عروہ، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں وہ کہتے ہیں کہ یقیناً (کسی) آدمی کو اس بات پر معیوب کہا جاتا تھا کہ وہ گوشت سے صبر نہیں کر سکتا تھا۔

(۳۰) الأَكْلُ مَعَ الْمَجْذُومِ

جذام والے آدمی کے ساتھ کھانا

(۲۵۰۲۱) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ شَهِيدٍ ، عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ ؛ أَنَّ سَلْمَانَ كَانَ يَصْنَعُ الطَّعَامَ مِنْ كَسْبِهِ ، فَيَدْعُو الْمَجْذُومِينَ فَيَأْكُلُ مَعَهُمْ.

(۲۵۰۲۱) حضرت ابن بریدۃ سے روایت ہے کہ حضرت سلمان، بذات خود اپنی کمائی سے کھانا تیار کرتے پھر جذام والوں کو بلاتے اور ان کے ہمراہ کھانا کھاتے۔

(۲۵۰۲۲) حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنْ خَالِدٍ ، عَنْ أَبِي مَعْشَرٍ ، عَنْ رَجُلٍ ؛ أَنَّهُ رَأَى ابْنَ عُمَرَ يَأْكُلُ مَعَ مَجْذُومٍ ، فَجَعَلَ يَضَعُ يَدَهُ مَوْضِعَ يَدِ الْمَجْذُومِ.

(۲۵۰۲۲) ایک آدمی سے روایت ہے کہ اس نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کو جذام والے آدمی کے ساتھ کھانا کھاتے دیکھا کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ، جذام والے کے ہاتھ کی جگہ اپنا ہاتھ رکھ رہے تھے۔

(۲۵۰۲۳) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْقَاسِمِ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ : قَدِمَ عَلَى أَبِي بَكْرٍ وَفْدٌ مِنْ ثَقِيفٍ ، فَأُتِيَ بِطَعَامٍ ، فَدَنَا الْقَوْمُ وَتَنَحَّى رَجُلٌ بِهِ هَذَا الدَّاءُ ، يَعْنِي : الْجُذَامَ ، فَقَالَ لَهُ أَبُو بَكْرٍ : ادْنُهْ ، فَدَنَا ، فَقَالَ : كُلْ ، فَأَكَلَ وَجَعَلَ أَبُو بَكْرٍ يَضَعُ يَدَهُ مَوْضِعَ يَدِهِ.

(۲۵۰۲۳) حضرت عبدالرحمٰن بن قاسم، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں وہ کہتے ہیں کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس قبیلہ ثقیف کا ایک وفد آیا، چنانچہ کھانا لایا گیا تو سب لوگ قریب ہو گئے اور ایک آدمی جس کو یہ جذام والی بیماری تھی ایک طرف ہو گیا۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اس سے کہا قریب ہو جاؤ، چنانچہ وہ قریب ہو گیا۔ پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا کھاؤ۔ پس اس نے کھایا اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اپنا ہاتھ اس کے ہاتھ کی جگہ رکھنا شروع کیا۔

(٢٥٠٢٤) حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ ، عَنْ مُفَضَّلِ بْنِ فَضَالَةَ ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ شَهِيدٍ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ ؛ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَخَذَ بِيَدِ مَجْذُومٍ فَوَضَعَهَا مَعَهُ فِي قَصْعَةٍ ، فَقَالَ : كُلْ ، بِسْمِ اللهِ ثِقَةً بِاللَّهِ ، وَتَوَكُّلاً عَلَى اللهِ. (ابو داؤد ۳۹۲۱۔ ابن ماجه ۳۵۴۲)

(۲۵۰۲۴) حضرت جابر بن عبداللہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے جذام والے آدمی کا ہاتھ پکڑا اور اس کو اپنے ساتھ پیالہ میں شامل کیا اور فرمایا: ''کھاؤ، بسم اللہ، اللہ پر اعتماد اور اللہ پر توکل کرتے ہوئے۔''

(٢٥٠٢٥) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنْ عَمْرٍو ، عَنْ يَحْيَى بْنِ جَعْدَةَ ، قَالَ : جَاءَ رَجُلٌ أَسْوَدُ بِهِ جُذَرِيٌّ قَدْ تَقَشَّرَ ، لاَ يَجْلِسُ إِلَى جَنْبِ أَحَدٍ إِلاَّ أَقَامَهُ ، فَأَخَذَهُ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَجْلَسَهُ إِلَى جَنْبِهِ.

(۲۵۰۲۵) حضرت یحییٰ بن جعدہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ ایک سیاہ رنگ، چیچک زدہ آدمی آیا، جس کے چھلکے اُتر رہے تھے۔ وہ جس کے پہلو میں بیٹھتا وہی اس کو اٹھا دیتا تھا، لیکن جناب نبی کریم ﷺ نے اس کا ہاتھ پکڑا اور اس کو اپنے پہلو میں بٹھالیا۔

(٢٥٠٢٦) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ أَبِي بُكَيْرٍ ، عَنْ عِكْرِمَةَ ، قَالَ : لَزِقَ بِابْنِ عَبَّاسٍ مَجْذُومٌ ، فَقُلْتُ لَهُ : تَلْزَقُ بِمَجْذُومٍ ؟ قَالَ : فَامْضِ ، فَلَعَلَّهُ خَيْرٌ مِنِّي وَمِنْكَ.

(۲۵۰۲۶) حضرت عکرمہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کو ایک مجذوم چمٹ گیا تو میں نے آپ رضی اللہ عنہ سے کہا آپ مجذوم کے ساتھ چمٹتے ہیں؟ انہوں نے فرمایا: چھوڑو، ہوسکتا ہے کہ وہ تم سے اور مجھ سے بہتر ہو۔

(٢٥٠٢٧) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ قَيْسٍ ، عَنْ مِقْسَمٍ ، قَالَ : كَانُوا يَتَّقُونَ أَنْ يَأْكُلُوا مَعَ الأَعْمَى وَالأَعْرَجِ وَالْمَرِيضِ ، حَتَّى نَزَلَتْ هَذِهِ الآيَةُ : ﴿لَيْسَ عَلَى الأَعْمَى حَرَجٌ وَلاَ عَلَى الأَعْرَجِ حَرَجٌ وَلاَ عَلَى الْمَرِيضِ حَرَجٌ﴾.

(۲۵۰۲۷) حضرت مقسم سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ لوگ اندھے، لنگڑے اور مریض کے ہمراہ کھانا کھانے سے پرہیز کرتے تھے یہاں تک کہ یہ آیت نازل ہوئی۔ (ترجمہ) نابینا، اپاہج اور مریض پر کچھ حرج نہیں۔

(٢٥٠٢٨) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ مُنْذِرٍ ، عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ خُثَيْمٍ ؛ أَنَّهُ قَالَ لأَهْلِهِ : اصْنَعُوا لِي خَبِيصًا ، قَالَ : فَصَنَعُوا ، قَالَ : فَدَعَا رَجُلاً كَانَ بِهِ خَبَلٌ ، قَالَ : فَجَعَلَ الرَّبِيعُ يُلْقِمُهُ وَلُعَابُهُ يَسِيلُ ، فَلَمَّا أَكَلَ وَخَرَجَ ، قَالَتْ لَهُ أَهْلُهُ : تَكَلَّفْنَا وَصَنَعْنَا فِيهِ ، أَطْعَمْتَهُ ؟ مَا يَدْرِي هَذَا مَا أَكَلَ ، قَالَ الرَّبِيعُ : لَكِنَّ اللَّهَ يَدْرِي.

(۲۵۰۲۸) حضرت ربیع بن خثیم سے روایت ہے کہ انہوں نے اپنے گھر والوں سے کہا کہ تم میرے لیے کھجور اور گھی کا حلوہ تیار کرو۔ راوی کہتے ہیں۔ گھر والوں نے یہ تیار کر دیا۔ پھر انہوں نے ایک ایسے آدمی کو بلایا جس کو دیوانگی تھی۔ تو حضرت ربیع نے اس کو لقمہ بنا کر کھلانا شروع کیا حالانکہ اس کا تھوک بہہ رہا تھا۔ چنانچہ جب اس نے کھانا کھالیا اور چلا گیا تو حضرت ربیع سے ان کی گھر والی نے کہا۔ ہم نے اس حلوہ کو بنانے میں اس قدر تکلف کیا اور آپ نے اس کو کھلا دیا؟ اس کو کیا معلوم کہ اس نے کیا کھایا ہے؟ حضرت ربیع

نے جواب دیا۔لیکن اللہ تعالیٰ کو تو معلوم ہے۔

(۲۵۰۲۹) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ نَافِعِ بْنِ الْقَاسِمِ ، عَنْ جَدَّتِهِ أُمِّ الْقَاسِمِ ، عَنْ عَائِشَةَ ، قَالَتْ : كَانَ لِي مَوْلًى مَجْذُومٌ، فَكَانَ يَنَامُ عَلَى فِرَاشِي ، وَيَأْكُلُ فِي صِحَافِي ، وَلَوْ كَانَ عَاشَ كَانَ بَقِيَ عَلَى ذَلِكَ.

(۲۵۰۲۹) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے۔وہ کہتی ہیں کہ میرا ایک مجذوم آزاد کردہ غلام تھا۔اور وہ میرے بستر پر سو جاتا تھا۔ اور میرے پیالہ میں کھالیتا تھا۔اگر وہ (اب) زندہ ہوتا تو اسی طرح (معاملہ) باقی ہوتا۔

(۳۱) مَنْ كَانَ يَتَّقِي الْمَجْذُومَ

جو حضرات مجذوم سے پرہیز کرتے تھے

(۲۵۰۳۰) حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ ، وَشَرِيكٌ ، عَنْ يَعْلَى بْنِ عَطَاءٍ ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الشَّرِيدِ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ : كَانَ فِي وَفْدِ ثَقِيفٍ رَجُلٌ مَجْذُومٌ ، فَأَرْسَلَ إِلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : إِنَّا قَدْ بَايَعْنَاكَ فَارْجِعْ.

(مسلم ۱۲۶۔ احمد ۴/ ۳۸۹)

(۲۵۰۳۰) حضرت عمرو بن شرید، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ بنوثقیف کے وفد میں ایک جذام زدہ شخص تھا۔تو جناب نبی کریم ﷺ نے اس کی طرف پیغام بھیجا کہ ''ہم نے تمہیں بیعت کرلیا ہے، پس تم واپس چلے جاؤ۔''

(۲۵۰۳۱) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنِ النَّهَّاسِ بْنِ قَهْمٍ ، عَنْ شَيْخٍ ، قَالَ : سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : فِرَّ مِنَ الْمَجْذُومِ ، فِرَارَكَ مِنَ الأَسَدِ. (بخاری ۵۷۰۷۔ احمد ۲/ ۴۴۳)

(۲۵۰۳۱) ایک شیخ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو کہتے سُنا کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''تم جذام زدہ شخص سے یوں بھاگو جیسے تم شیر سے بھاگتے ہو۔''

(۲۵۰۳۲) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ سَعِيدٍ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ ، عَنْ أُمِّهِ فَاطِمَةَ بِنْتِ حُسَيْنٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لاَ تُدِيمُوا النَّظَرَ إِلَى الْمَجْذُومِينَ.

(بخاری ۵۷۰۷۔ احمد ۱/ ۲۳۳)

(۲۵۰۳۲) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''جذام زدہ لوگوں کی طرف مسلسل نہ دیکھا کرو۔''

(۲۵۰۳۳) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَوَاءٍ ، عَنْ خَالِدٍ ، عَنْ أَبِي قِلاَبَةَ ؛ أَنَّهُ كَانَ يُعْجِبُهُ أَنْ يَتَّقِيَ الْمَجْذُومَ.

(عبدالرزاق ۲۰۳۳۱)

(۲۵۰۳۳) حضرت خالد، حضرت ابوقلابہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ انہیں مجذوم سے پرہیز کرنا پسند تھا۔

(۳۲) مَنْ قَالَ الْمُؤْمِنُ يَأْكُلُ فِي مِعًى وَاحِدٍ

جولوگ کہتے ہیں کہ مومن ایک آنت میں کھاتا ہے

(۲۵۰۳٤) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، قَالَ : حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ عُمَرَ ، عَنْ نَافِعٍ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : الْمُؤْمِنُ يَأْكُلُ فِي مِعًى وَاحِدٍ ، وَالْكَافِرُ يَأْكُلُ فِي سَبْعَةِ أَمْعَاءٍ.

(بخاری ۵۳۹۴۔ مسلم ۱۶۳۱)

(۲۵۰۳۴) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''مومن ایک آنت میں کھاتا ہے اور کافر سات آنتوں میں کھاتا ہے۔''

(۲۵۰۳۵) حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ ، عَنْ جَابِرٍ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : الْمُؤْمِنُ يَأْكُلُ فِي مِعًى وَاحِدٍ ، وَالْكَافِرُ يَأْكُلُ فِي سَبْعَةِ أَمْعَاءٍ. (مسلم ۱۶۳۱۔ احمد ۳/ ۳۳۳)

(۲۵۰۳۵) حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''مؤمن ایک آنت میں کھاتا ہے اور کافر سات آنتوں میں کھاتا ہے۔''

(۲۵۰۳٦) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : الْمُؤْمِنُ يَأْكُلُ فِي مِعًى وَاحِدٍ ، وَالْكَافِرُ يَأْكُلُ فِي سَبْعَةِ أَمْعَاءٍ.

(ترمذی ۱۸۱۹۔ احمد ۲/ ۴۳۵)

(۲۵۰۳۶) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''مؤمن ایک آنت میں کھاتا ہے اور کافر سات آنتوں میں کھاتا ہے۔''

(۲۵۰۳۷) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، قَالَ : حَدَّثَنَا الأَعْمَشُ ، قَالَ : أَظُنُّ أَبَا خَالِدٍ الْوَالِبِيَّ ذَكَرَهُ عَنْ مَيْمُونَةَ ، قَالَتْ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : الْكَافِرُ يَأْكُلُ فِي سَبْعَةِ أَمْعَاءٍ ، وَالْمُؤْمِنُ يَأْكُلُ فِي مِعًى وَاحِدٍ.

(احمد ۶/ ۳۳۵۔ طبرانی ۱۳)

(۲۵۰۳۷) حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے وہ کہتی ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: '' کافر سات آنتوں میں کھاتا ہے اور مومن ایک آنت میں کھاتا ہے۔''

(۲۵۰۳۸) حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُبَيْدَةَ ، قَالَ : حَدَّثَنِي عُبَيْدٌ الأَغَرُّ ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ ، عَنْ جَهْجَاهٍ الْغِفَارِيِّ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : الْكَافِرُ يَأْكُلُ فِي سَبْعَةِ أَمْعَاءٍ ، وَالْمُؤْمِنُ يَأْكُلُ فِي مِعًى وَاحِدٍ. (طبرانی ۲۱۵۲)

(۲۵۰۳۸) حضرت ہجاہ غفاری سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''کافر سات آنتوں میں کھاتا ہے اور مؤمن ایک آنت میں کھاتا ہے۔''

(٣٣) مَنْ قَالَ طَعَامُ الْوَاحِدِ يَكْفِي الاِثْنَيْنِ

جو حضرات کہتے ہیں کہ ایک کا کھانا دو کو کافی ہوتا ہے

(٢٥٠٣٩) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ ، عَنْ جَابِرٍ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :طَعَامُ الْوَاحِدِ يَكْفِي الاِثْنَيْنِ ، وَطَعَامُ الاِثْنَيْنِ يَكْفِي الأَرْبَعَةَ. (مسلم ۱۸۱۔ ترمذی ۱۸۲۰)

(۲۵۰۳۹) حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''ایک آدمی کا کھانا، دو آدمیوں کو کفایت کر جاتا ہے اور دو آدمیوں کا کھانا، چار کو کفایت کر جاتا ہے۔''

(٣٤) باب الشَّيئينِ يُؤْكَلُ أَحَدُهُمَا بِالآخَرِ

ایسی دو چیزوں کا باب، جن میں سے ایک، دوسرے کے ساتھ کھائی جاتی ہے

(٢٥٠٤٠) حَدَّثَنَا حَفْصٌ ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ :دَخَلْتُ عَلَى رَجُلٍ وَهُوَ يَأْكُلُ تَمْرًا وَيَتَمَجَّعُ لَبَنًا ، فَقَالَ :هَلُمَّ وَسَمِّ ، فَإِنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُسَمِّيهِمَا الأَطْيَبَيْنِ.(احمد ۳/ ۴۷۴)

(۲۵۰۴۰) حضرت اسماعیل بن خالد، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ وہ کہتے ہیں کہ میں ایک آدمی کی خدمت میں حاضر ہوا اور وہ آدمی کھجور کھاتا تھا اور دودھ کا گھونٹ بھرتا تھا۔ اس نے کہا، آؤ بسم اللہ کرو کیونکہ جناب رسول اللہ ﷺ ان دونوں کو پاکیزہ کہا کرتے تھے۔

(٢٥٠٤١) حَدَّثَنَا أَبُو الأَحْوَصِ ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ :دَخَلْتُ عَلَى عَلِيٍّ فِي يَوْمٍ شَاتٍ ، وَفِي يَدِهِ شَرَابٌ ، فَنَاوَلَنِي فَقَالَ :اشْرَبْ ، قُلْتُ :وَمَا هُوَ ؟ قَالَ :ثُلُثٌ عَسَلٌ ، وَثُلُثٌ سَمْنٌ ، وَثُلُثٌ لَبَنٌ ، فَقُلْتُ: لاَ أُرِيدُهُ ، فَقَالَ :أَمَا إِنَّكَ لَوْ شَرِبْتَهُ لَمْ تَزَلْ دَفِيئًا شَبْعَانًا سَائِرَ يَوْمِكَ.

(۲۵۰۴۱) حضرت عطاء بن سائب، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں وہ کہتے ہیں کہ میں ایک سرد دن میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ ان کے ہاتھ میں کوئی مشروب تھا۔ انہوں نے وہ مجھے دے دیا اور فرمایا: پیو! میں نے پوچھا یہ کیا ہے؟ انہوں نے فرمایا: ایک تہائی شہد ہے، ایک تہائی گھی ہے اور ایک تہائی دودھ ہے۔ میں نے عرض کیا میرا دل اس کو نہیں چاہتا۔ انہوں نے فرمایا تم اس کو اگر پی لو گے تو آج پورا دن گرمی کی حالت میں بھی سیراب رہو گے۔

(٢٥٠٤٢) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنِ الْعَلاَءِ بْنِ الْمُسَيَّبِ ، قَالَ:رَأَيْتُ إِبْرَاهِيمَ ، وَخَيْثَمَةَ يَأْكُلاَنِ أَلْيَةً بِعَسَلٍ.

(۲۵۰۴۲) حضرت علاء بن مسیب سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابراہیم اور حضرت خیثمہ کو شہد کے ساتھ گوشت کو کھاتے دیکھا۔

(٢٥٠٤٣) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ ، قَالَ : حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ جَعْفَرٍ ، قَالَ : رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْكُلُ الرُّطَبَ بِالْقِثَّاءِ.

(۲۵۰۴۳) حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ککڑی کے ساتھ کھجور کھاتے دیکھا۔

(٢٥٠٤٤) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنْ أَبِيهِ ؛ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَأْكُلُ الْبِطِّيخَ بِالرُّطَبِ.

(ترمذی ۲۰۰۔ احمد ۳/ ۱۴۲)

(۲۵۰۴۴) حضرت ہشام، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، کھجور کے ساتھ تربوز کھایا کرتے تھے۔

(٣٥) الرَّجُل يَرِدُ عَلَى الرَّجُلِ فَيتحِفُهُ بِالشَّيءِ

کوئی آدمی کسی آدمی کے پاس آئے اور وہ اس کو کوئی شئی تحفہ کرے

(٢٥٠٤٥) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ أَبِي خَلْدَةَ ، قَالَ : أَتَيْنَا ابْنَ سِيرِينَ ، فَقَالَ : مَا أَدْرِي مَا أُطْعِمُك ، لَيْسَ مِنْكُمْ رَجُلٌ إِلاَّ وَفِي بَيْتِهِ ، ثُمَّ أَخْرَجَ لَنَا شُهْدَةً فَجَعَلَ يُطْعِمُنَا.

(۲۵۰۴۵) حضرت ابوخلدہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ ہم حضرت ابن سیرین رحمہ اللہ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو انہوں نے فرمایا: مجھے نہیں معلوم کہ میں تمہیں کیا کھلاؤں گا تم میں سے ہر ایک آدمی کے گھر میں وہ چیز موجود ہے، پھر انہوں نے ہمارے لئے خاص قسم کا شہد نکالا اور ہمیں کھلانے لگے۔

(٣٦) فِي لَحْمِ القِرِدِ

بندر کے گوشت کے بارے میں

(٢٥٠٤٦) حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنْ أَيُّوبَ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ، قَالَ : لَيْسَ الْقِرْدُ مِنْ بَهِيمَةِ الأَنْعَامِ.

(۲۵۰۴۶) حضرت مجاہد سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ بندر "بھیمة الانعام" (چوپائے جانور) میں سے نہیں ہے۔

(٣٧) فِي لَحْمِ القُنفُذِ

سیہہ کے گوشت کے بارے میں

(٢٥٠٤٧) حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ ، عَنْ حَسَنٍ ، عَنْ لَيْثٍ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ؛ أَنَّهُ كَرِهَ القُنفُذَ.

(۲۵۰۴۷) حضرت لیث، حضرت مجاہد کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ سیہہ کو ناپسند کرتے تھے۔

(۲۵۰۴۸) حَدَّثَنَا ابْنُ مُبَارَكٍ ، عَنْ مَعْمَرٍ ، عَنِ ابْنِ طَاوُوسٍ ، عَنْ أَبِيهِ ؛ أَنَّهُ كَانَ لاَ يَرَى بِأَكْلِ الوَبْرِ بَأْسًا.

(۲۵۰۴۸) حضرت ابن طاؤس، اپنے والد کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ سیہہ کو کھانے میں کوئی حرج نہیں دیکھتے تھے۔

(۳۸) فِي أَكْلِ الْجَرَادِ

ٹڈی کھانے کے بارے میں

(۲۵۰۴۹) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنْ أَبِي يَعْفُورَ ، عَنِ ابْنِ أَبِي أَوْفَى ، قَالَ : غَزَوْتُ مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْعَ غَزَوَاتٍ نَأْكُلُ الْجَرَادَ. (مسلم ۱۵۴۶۔ ترمذی ۱۸۲۱)

(۲۵۰۴۹) حضرت ابن ابی اوفی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ سات غزوات میں شرکت کی۔ ہم (اس دوران) ٹڈی کھاتے تھے۔

(۲۵۰۵۰) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنْ شَبِيبٍ ، عَنْ جُنْدُبٍ ، رَجُلٌ مِنْهُمْ ، سَأَلَ ابْنَ عَبَّاسٍ عَنْ أَكْلِ الْجَرَادِ ؟ فَقَالَ : لاَ بَأْسَ بِهِ.

(۲۵۰۵۰) حضرت شبیب، حضرت جندب کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے ٹڈی کھانے کے بارے میں سوال کیا؟ تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس میں کوئی حرج والی بات نہیں ہے۔

(۲۵۰۵۱) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ ، عَنْ نَافِعٍ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ ، قَالَ : ذُكِرَ لِعُمَرَ جَرَادٌ بِالرَّبَذَةِ ، فَقَالَ : لَوَدِدْتُ أَنَّ عِنْدَنَا مِنْهُ قَفْعَةً ، أَوْ قَفْعَتَيْنِ.

(۲۵۰۵۱) حضرت نافع، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس مقام ربذہ میں ٹڈی کا ذکر کیا گیا تو انہوں نے فرمایا: مجھے تو یہ بات پسند ہے کہ میرے پاس ٹڈی کے ایک یا دو ٹوکرے ہوں۔

(۲۵۰۵۲) حَدَّثَنَا حَفْصٌ ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عُبَيْدِاللهِ ، قَالَ : سَمِعْتُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ : كُنَّ أُمَّهَاتُ الْمُؤْمِنِينَ يَتَهَادَيْنَ الْجَرَادَ.

(ابن ماجه ۳۲۲۰)

(۲۵۰۵۲) حضرت حسن بن عبید اللہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابراہیم کو کہتے سنا کہ حضرات امہات المومنین رضی اللہ عنہن، باہم ایک دوسرے کو ٹڈی، ہدیہ میں دیا کرتی تھیں۔

(۲۵۰۵۳) حَدَّثَنَا عَبْدَةُ ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ حَكِيمٍ ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ سَعْدٍ ، عَنْ أَبِيهِ ؛ أَنَّهُ كَانَ يُنَقِّي لِعَلِيٍّ الْجَرَادَ ، فَيَأْكُلُهُ.

(۲۵۰۵۳) حضرت حسن بن سعد، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ وہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے لئے ٹڈی، صاف کرتے تھے، پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ اس کو کھاتے تھے۔

(٢٥٠٥٤) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ ، وَيَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ أَبِي هِنْدٍ ، قَالَ :سَأَلْتُ سَعِيدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ عَنِ الْجَرَادِ ؟ فَقَالَ :أَكَلَهُ عُمَرُ ، وَالْمِقْدَادُ بْنُ الأَسْوَدِ ، وَصُهَيْبٌ ، وَعَبْدُ اللهِ بْنُ عُمَرَ ، قَالَ :وَقَالَ عُمَرُ : وَدِدْتُ أَنَّ عِنْدِي قَفْعَةً ، أَوْ قَفْعَتَيْنِ.

(۲۵۰۵۴) حضرت داؤد بن ابی ہند سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت سعید بن مسیب رحمۃ اللہ علیہ سے ٹڈی کے بارے میں سوال کیا؟ تو انہوں نے فرمایا: ٹڈی کو حضرت عمر رضی اللہ عنہ، حضرت مقداد بن اسود اور حضرت صُہیب اور حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے کھایا ہے۔ راوی کہتے ہیں اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے یہ بھی فرمایا: مجھے یہ بات پسند ہے کہ میرے پاس ایک ٹوکرا یا دو ٹوکرے ہوں۔

(٢٥٠٥٥) حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ ، عَنْ زَائِدَةَ ، عَنِ الشَّيْبَانِيِّ ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ أَبِي ثَابِتٍ ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ ، عَنْ عُمَرَ ؛ أَنَّهُ ذَكَرَ الْجَرَادَ ، فَقَالَ :وَدِدْتُ أَنَّ عِنْدِي مِنْهُ قَفْعَةً ، أَوْ قَفْعَتَيْنِ.

(۲۵۰۵۵) حضرت ابو وائل، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ ٹڈی کا ذکر کیا گیا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے یہ بات پسند ہے کہ ہمارے پاس ٹڈی کا ایک ٹوکرا یا دو ٹوکرے ہوں۔

(٢٥٠٥٦) حَدَّثَنَا أَسْبَاطُ بْنُ مُحَمَّدٍ ، عَنِ الشَّيْبَانِيِّ ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ أَبِي ثَابِتٍ ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ ، عَنْ عُمَرَ ؛ بِنَحْوِ حَدِيثِ زَائِدَةَ ، عَنِ الشَّيْبَانِيِّ.

(۲۵۰۵۶) حضرت عمر کے بارے میں ایک اور روایت بھی ایسی منقول ہے۔

(٢٥٠٥٧) حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ ، وَالْفَضْلُ ، عَنْ إِسْرَائِيلَ ، عَنْ سِمَاكٍ ، عَنْ عِكْرِمَةَ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ؛ أَنَّ عُمَرَ كَانَ يَأْكُلُ الْجَرَادَ.

(۲۵۰۵۷) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ ٹڈی کو کھایا کرتے تھے۔

(٢٥٠٥٨) حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا ، عَنِ الشَّعْبِيِّ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ ، قَالَ :رَأَيْتُ عُمَرَ يَتَحَلَّبُ فُوهُ ، قَالَ :قُلْتُ :يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ ، قَالَ :أَشْتَهِي جَرَادًا مَقْلِيًّا.

(۲۵۰۵۸) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے بھنی ہوئی ٹڈی کھانے کو دل کر رہا ہے۔

(٢٥٠٥٩) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ مُثَنَّى بْنِ سَعِيدٍ أَبِي غِفَارٍ ، قَالَ :سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ زَيْدٍ يَقُولُ :لَقَصْعَةٌ مِنْ جَرَادٍ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ قَصْعَةٍ مِنْ ثَرِيدٍ.

(۲۵۰۵۹) حضرت مثنی بن سعد سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت جابر بن زید کو کہتے سُنا: مجھے ثرید کے (بھرے) پیالہ سے زیادہ ٹڈی سے (بھرا) پیالہ محبوب ہے۔

(٢٥٠٦٠) حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ ، عَنْ جَعْفَرٍ ، قَالَ :رَأَيْتُ أَبِي يَأْكُلُ الْجَرَادَ.

(۲۵۰۶۰) حضرت جعفر سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے اپنے والد کو ٹڈی کھاتے ہوئے دیکھا تھا۔

(۲۵۰۶۱) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الأَسَدِيُّ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ خَالِدٍ الضَّبِّيِّ ، عَنِ الأَخْضَرِ بْنِ الْعَجْلاَنِ ، قَالَ : سَأَلْتُ سَعِيدَ بْنَ جُبَيْرٍ عَنِ الْجَرَادِ ؟ فَقَالَ : كُلْهُ مَقْلِيًّا بِزَيْتٍ.

(۲۵۰۶۱) حضرت اخضر بن عجلان سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت سعید بن جُبیر سے ٹڈی کے بارے میں سوال کیا؟ انہوں نے فرمایا: تم اس کو زیتون میں بھون کر کھاؤ۔

(۲۵۰۶۲) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ الْحَارِثِ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ : سُئِلَ عَلِيٌّ عَنِ الْجَرَادِ ؟ فَقَالَ : هُوَ طَيِّبٌ كَصَيْدِ الْبَحْرِ.

(۲۵۰۶۲) حضرت عبدالملک بن حارث، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے ٹڈی کے بارے میں سوال کیا گیا؟ تو آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ سمندر کے شکار کی طرح بالکل پاکیزہ ہے۔

(۲۵۰۶۳) حَدَّثَنَا عَبْدُ الأَعْلَى ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنِ الْحَسَنِ ، قَالَ : كَانَ لاَ يَرَى بِأَكْلِ الْجَرَادِ بَأْسًا.

(۲۵۰۶۳) حضرت ہشام، حضرت حسن کے بارے میں روایت کرتے ہیں، کہتے ہیں کہ حضرت حسن ٹڈی کھانے میں کوئی حرج نہیں دیکھتے تھے۔

(۳۹) مَنْ كَانَ لاَ يَأْكُلُ الْجَرَادَ

جو حضرات ٹڈی نہیں کھاتے

(۲۵۰۶۴) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ ، عَنْ سَعْدِ بْنِ إِسْحَاقَ ، عَنْ زَيْنَبَ امْرَأَةِ أَبِي سَعِيدٍ ، قَالَتْ : كَانَ أَبُو سَعِيدٍ يَرَانَا وَنَحْنُ نَأْكُلُ الْجَرَادَ فَلاَ يَنْهَانَا ، وَلاَ يَأْكُلُهُ ، فَلاَ أَدْرِي تَقَذُّرًا مِنْهُ ، أَوْ يَكْرَهُهُ ؟.

(۲۵۰۶۴) حضرت ابوسعید کی بیوی، حضرت زینب سے روایت ہے، وہ کہتی ہیں کہ حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ ہمیں دیکھتے تھے جبکہ ہم ٹڈی کھا رہے ہوتے تھے، پس آپ رضی اللہ عنہ ہمیں منع کرتے تھے اور نہ خود اس کو کھاتے تھے۔ لیکن مجھے یہ بات معلوم نہیں ہے کہ آپ رضی اللہ عنہ کا یہ عمل اس سے گھن کھانے کی وجہ سے تھا یا آپ رضی اللہ عنہ اس کو ناپسند کرتے تھے۔

(۲۵۰۶۵) حَدَّثَنَا عَبْدَةُ ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ حَكِيمٍ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ مَرْجَانَةَ ، قَالَ : كَانَ ابْنُ عُمَرَ لاَ يَأْكُلُ الْجَرَادَ ، قُلْتُ : مَا يَمْنَعُكَ مِنْ أَكْلِهِ ؟ قَالَ : أَسْتَقْذِرُهُ.

(۲۵۰۶۵) حضرت سعید بن مرجانہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ ٹڈی نہیں کھایا کرتے تھے۔ (راوی کہتے ہیں) میں نے پوچھا، آپ کو اس کے کھانے سے کیا چیز مانع ہے؟ انہوں نے فرمایا: مجھے اس سے گھن آتی ہے۔

(۲۵۰۶۶) حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ مُغِيرَةَ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، عَنْ عَلْقَمَةَ ؛ أَنَّهُ كَانَ لاَ يَأْكُلُ الْجَرَادَ.

(۲۵۰۶۶) حضرت ابراہیم، حضرت علقمہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ ٹڈی نہیں کھایا کرتے تھے۔

(۲۵۰۶۷) حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ سَعْدٍ ، عَنْ نَافِعٍ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ؛ أَنَّهُ كَانَ لاَ يَأْكُلُ الْجَرَادَ يَتَقَذَّرُهُ.

(۲۵۰۶۷) حضرت نافع، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ آپ رضی اللہ عنہ ٹڈی کو بوجہ گھن محسوس کرنے کے نہیں کھاتے تھے۔

(۲۵۰۶۸) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، عَنِ التَّيْمِيِّ ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ ؛ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنِ الْجَرَادِ ؟ فَقَالَ :أَكْثَرُ جُنُودِ اللهِ ، لاَ آكُلُهُ ، وَلاَ أَنْهَى عَنْهُ. (ابو داؤد ۳۸۰۷۔ ابن ماجه ۳۲۱۹)

(۲۵۰۶۸) حضرت ابوعثمان سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ سے ٹڈی کے بارے میں سوال کیا گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: ''اللہ کے لشکروں میں سے سب سے کثرت والی ہے، میں اس کو کھاتا ہوں اور نہ اس سے منع کرتا ہوں۔''

(۲۵۰۶۹) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ ، عَنْ كَعْبٍ ، قَالَ :الْجَرَادُ نَثْرَةُ حُوتٍ.

(۲۵۰۶۹) حضرت کعب سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ ٹڈی، مچھلی کی چھینک (کی پیداوار) ہے۔

(۲۵۰۷۰) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ :هُوَ نَثْرَةُ حُوتٍ.

(۲۵۰۷۰) حضرت ہشام، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں، وہ کہتے ہیں کہ یہ مچھلی کی چھینک ہے۔

(٤٠) الطَّيْرُ يَقَعُ فِي الْقِدْرِ ، فَيَمُوتُ فِيهَا

ہانڈی میں پرندہ گر کر مر جائے تو کیا حکم ہے

(۲۵۰۷۱) حَدَّثَنَا مُعَاذٌ ، عَنْ أَشْعَثَ ، عَنِ الْحَسَنِ ؛ أَنَّهُ قَالَ فِي طَيْرٍ وَقَعَ فِي قِدْرٍ فَمَاتَ فِيهَا ، قَالَ :يُصَبُّ الْمَرَقُ، وَيُؤْكَلُ اللَّحْمُ.

(۲۵۰۷۱) حضرت اشعث، حضرت حسن کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے اُس پرندے کے بارے میں جو ہانڈی میں گر کر مر گیا ہو یہ حکم دیا، فرمایا: اس کا شوربہ گرا دیا جائے گا اور گوشت کھا لیا جائے گا۔

(۲۵۰۷۲) حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنْ أَيُّوبَ ، عَنْ عِكْرِمَةَ ، قَالَ :سَأَلْتُهُ عَنْ طَيْرٍ وَقَعَ فِي قِدْرٍ وَهِيَ تَغْلِي ، فَمَاتَ ؟ فَقَالَ :يُهْرَاقُ الْمَرَقُ ، وَيُؤْكَلُ اللَّحْمُ.

(۲۵۰۷۲) حضرت ایوب، حضرت عکرمہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں، کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عکرمہ سے اس پرندے کے بارے میں جو اُبلتی ہوئی ہانڈی میں گر کر مر گیا ہو، سوال کیا؟ تو انہوں نے فرمایا: شوربہ گرا دیا جائے اور گوشت کھا لیا جائے گا۔

(٤١) فِي الْجُرِّيِّ

بام مچھلی کے بارے میں

(٢٥٠٧٣) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ عُمَرَ بْنِ شَوْذَبٍ ، عَنْ عَمْرَةَ بِنْتِ الطَّبِيخِ ، قَالَتْ : أَرْسَلَتْنِي أُمِّي فَاشْتَرَيْتُ جَرِيًّا فَجَعَلْتُه فِي زِنْبِيلٍ ، فَخَرَجَ رَأْسُهُ مِنْ جَانِبٍ وَذَنَبُهُ مِنْ جَانِبٍ ، فَمَرَّ بِي عَلِيٌّ أَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ فَرَآهُ ، فَقَالَ : هَذَا كَثِيرٌ طَيِّبٌ يُشْبِعُ الْعِيَالَ.

(۲۵۰۷۳) حضرت عمرہ بنت طبیخ سے روایت ہے، وہ کہتی ہیں کہ میری والدہ نے مجھے بھیجا تو میں نے بام مچھلی خریدی اور اس کو ٹوکری میں ڈالا، پس اس کا سر ایک جانب سے اور اس کی دُم ایک (دوسری) جانب سے باہر نکل پڑی۔ اسی دوران امیر المؤمنین حضرت علی رضی اللہ عنہ میرے پاس سے گزرے اور اس کو دیکھا تو فرمایا: یہ بہت پاکیزہ چیز ہے اہل وعیال کو سیراب کر دیتی ہے۔

(٢٥٠٧٤) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ مُجَاشِعٍ أَبِي الرَّبِيعِ ، عَنْ كُهَيْلٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ : كَانَ عَلِيٌّ يَمُرُّ عَلَيْنَا ، وَالْجُرِّيُّ عَلَى سَفَرِنَا وَنَحْنُ نَأْكُلُهُ ، لاَ يَرَى بِهِ بَأْسًا.

(۲۵۰۷۴) حضرت کُہیل، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں، کہتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ، ہمارے پاس سے گزرتے تھے جبکہ ہمارے دسترخوان پر بام مچھلی پڑی ہوتی تھی اور ہم اس کو کھا رہے ہوتے تو آپ رضی اللہ عنہ اس میں کوئی حرج محسوس نہیں کرتے تھے۔

(٢٥٠٧٥) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ ، عَنْ عِكْرِمَةَ ، قَالَ : سُئِلَ ابْنُ عَبَّاسٍ عَنِ الْجُرِّيِّ ؟ فَقَالَ : لاَ بَأْسَ بِهِ ، إِنَّمَا تُحَرِّمُهُ الْيَهُودُ وَنَحْنُ نَأْكُلُهُ.

(۲۵۰۷۵) حضرت عکرمہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے بام مچھلی کے بارے میں سوال کیا گیا؟ تو انہوں نے فرمایا: اس میں کوئی حرج نہیں ہے، اس کے علاوہ کوئی بات نہیں کہ یہود نے اس کو حرام قرار دے رکھا تھا اور ہم اس کو کھاتے ہیں۔

(٢٥٠٧٦) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَمْرٍو ، عَنْ فُضَيْلٍ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، قَالَ : لاَ بَأْسَ بِالْجُرِّيِّ ، إِنَّمَا هَذَا شَيْءٌ يَرْوُونَهُ عَنْ عَلِيٍّ رَحِمَهُ اللَّهُ فِي الصُّحُفِ.

(۲۵۰۷۶) حضرت ابراہیم سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ بام مچھلی میں کوئی حرج کی بات نہیں ہے۔ یہ وہی چیز ہے جس کے بارے میں لوگوں کا خیال ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے صحیفہ میں اس کا ذکر تھا۔

(٢٥٠٧٧) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ إِسْرَائِيلَ ، عَنْ عَبْدِ الأَعْلَى ، قَالَ : سَأَلْتُ سَعِيدَ بْنَ جُبَيْرٍ عَنِ الْجُرِّيِّ ؟ فَقَالَ : هُوَ مِنَ السَّمَكِ ، إِنْ أَعْجَبَكَ فَكُلْهُ.

(۲۵۰۷۷) حضرت عبد الاعلیٰ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت سعید بن جبیر رحمہ اللہ سے بام مچھلی کے بارے میں سوال

کیا تو انہوں نے فرمایا: یہ مچھلی کی جنس میں سے ہے۔ اگر یہ تمہیں پسند ہے تو تم اس کو کھاؤ۔

(٢٥٠٧٨) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ فِطْرٍ ، عَنْ مُنْذِرٍ الثَّوْرِيِّ أَبِي يَعْلَى ، قَالَ :سُئِلَ ابْنُ الْحَنَفِيَّةِ عَنِ الْجَرِّيِّ، وَالطِّحَالِ، وَأَشْبَاهِهِمَا مِمَا يُكْرَهُ ؟ فَتَلاَ هَذِهِ الآيَةَ :﴿قُلْ لاَ أَجِدُ فِيمَا أُوحِيَ إِلَيَّ مُحَرَّمًا﴾.

(۲۵۰۷۸) حضرت منذر ثوری سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ حضرت ابن الحنفیہ سے بام مچھلی، تلی، اور اس جیسی چیزوں کے بارے میں سوال کیا گیا جن کو ناپسند کیا جاتا ہے تو انہوں نے یہ آیت تلاوت کی قُلْ لاَ أَجِدُ فِيمَا أُوحِيَ إِلَيَّ مُحَرَّمًا.

(٢٥٠٧٩) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ الصَّائِغِ ، قَالَ :سَأَلْتُ عَطَاءَ بْنَ أَبِي رَبَاحٍ عَنِ الْجَرِّيِّ ؟ قَالَ :كُلْ ذَنَبٍ سَمِينٍ مِنْهُ.

(۲۵۰۷۹) حضرت ابوسلمہ صائغ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عطاء بن ابی رباح سے بام مچھلی کے بارے میں سوال کیا؟ تو انہوں نے فرمایا: اس میں سے موٹی دُم کو کھالو۔

(٢٥٠٨٠) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ أَبِي حَمْزَةَ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، قَالَ :عَلَيْكَ بِأَذْنَابِهِ.

(۲۵۰۸۰) حضرت ابراہیم سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ تم پر اس کی دُم لازم ہے (یعنی موٹی دم والی کھاؤ)۔

(٢٥٠٨١) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ فُضَيْلِ بْنِ مَرْزُوقٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبْدِاللهِ بْنِ الْحَسَنِ، قَالَ :الْجَرِّيُّ مِنْ صَيْدِ الْبَحْرِ.

(۲۵۰۸۱) حضرت ابراہیم بن عبداللہ بن حسن سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ بام مچھلی سمندر کے شکار میں سے ہے۔

(٢٥٠٨٢) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ رَبِيعٍ ، عن الْحَسَنِ ، قَالَ :لاَ بَأْسَ بِالْجَرِّيِّ ، وَالمار ماهيك.

(۲۵۰۸۲) حضرت حسن سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ بام مچھلی اور مار ماہی میں کوئی حرج کی بات نہیں ہے۔

(٢٥٠٨٣) حَدَّثَنَا حَفْصٌ ، قَالَ :سَمِعْتُ جَعْفَرًا يَقُولُ :مَا لَيْسَ فِيهِ قِشْرٌ مِنَ السَّمَكِ فَإِنَّا نَعَافُهُ ، وَلاَ نَأْكُلُهُ.

(۲۵۰۸۳) حضرت حفص کہتے ہیں کہ میں نے حضرت جعفر کو کہتے سُنا کہ جس مچھلی میں چھلکا نہیں ہوتا تو ہم اس سے گھن کھاتے ہیں اور اس کو نہیں کھاتے۔

(٢٥٠٨٤) حَدَّثَنَا أَبو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، قَالَ :لاَ بَأْسَ بِالْجَرِّيثِ.

(۲۵۰۸۴) حضرت ابراہیم سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ بام مچھلی میں کوئی حرج والی بات نہیں ہے۔

(٢٥٠٨٥) حَدَّثَنَا عَبْدُ الأَعْلَى ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنِ الْحَسَنِ ؛ أَنَّهُ كَانَ لاَ يَرَى بِأَكْلِ الْجِرِّيثِ بَأْسًا.

(۲۵۰۸۵) حضرت ہشام، حضرت حسن کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ بام مچھلی کھانے میں کوئی حرج نہیں دیکھتے تھے۔

(٤٢) فِي لُحُومِ السَّلاَحِفِ وَالرَّقِّ

چھوٹے کچھوے اور بڑے کچھوے کے گوشت کے بارے میں

(٢٥٠٨٦) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ حَسَنِ بْنِ صَالِحٍ ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي زِيَادٍ ، عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ ؛ أَنَّهُ أُتِيَ بِسُلَحْفَاةٍ فَأَكَلَهَا.

(۲۵۰۸۶) حضرت یزید بن ابی زیاد، حضرت ابوجعفر کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ ان کے پاس کچھوا لایا گیا تو انہوں نے اس کو کھایا۔

(۲۵۰۸۷) حَدَّثَنَا حَفْصٌ ، عَنِ أَشْعَث ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، قَالَ : كَانَ فُقَهَاءُ الْمَدِينَةِ يَشْتَرُونَ الرَّقَّ ، وَيُغَالُونَ بِهَا حَتَّى بَلَغَ ثَمَنُهَا دِينَارًا.

(۲۵۰۸۷) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ فقہاء مدینہ بڑے کچھوے کو خریدتے تھے اور اس کی زیادہ سے زیادہ قیمت لگاتے تھے۔ یہاں تک کہ اس کی قیمت ایک دینار تک پہنچ جاتی تھی۔

(۲۵۰۸۸) حَدَّثَنَا عَائِذُ بْنُ حَبِيبٍ ، عَنْ حَجَّاجٍ ، عَنْ عَطَاءٍ ، قَالَ : لاَ بَأْسَ بِأَكْلِهَا ، يَعْنِي السُّلَحْفَاةَ.

(۲۵۰۸۸) حضرت عطاء سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ اس کے کھانے میں یعنی کچھوے کے کھانے میں کوئی حرج کی بات نہیں ہے۔

(۲۵۰۸۹) حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ ، عَنْ زَمْعَةَ ، عَنِ ابْنِ طَاوُوسٍ ، عَنْ أَبِيهِ ؛ أَنَّهُ كَانَ لاَ يَرَى بِأَكْلِ السُّلَحْفَاةِ بَأْسًا.

(۲۵۰۸۹) حضرت ابن طاؤس، اپنے والد کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ کچھوا کھانے میں کوئی حرج نہیں دیکھتے تھے۔

(۲۵۰۹۰) حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ ، عَنْ مُبَارَكٍ ، عَنِ الْحَسَنِ ، قَالَ : لاَ بَأْسَ بِأَكْلِهَا.

(۲۵۰۹۰) حضرت حسن سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ اس کے کھانے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

(٤٣) باب التَّخْلِيلِ مِن الطَّعَامِ

کھانے کے بعد خلال کرنے کا بیان

(۲۵۰۹۱) حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ ، قَالَ : كَانَ ابْنُ عمرَ يَأْمُرُ بِالتَّخَلُّلِ ، وَيَقُولُ : إِنَّ ذَلِكَ إِذَا تُرِكَ وَهَّنَ الأَضْرَاسَ.

(۲۵۰۹۱) حضرت ابن سیرین رحمہ اللہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ، خلال کرنے کا حکم دیا کرتے تھے اور کہتے تھے، جب خلال چھوڑا جاتا ہے تو یہ داڑھوں کو کمزور کر دیتا ہے۔

(٤٤) فِي لُحُومِ الْجَلاَلَةِ

گندگی کھانے والے جانوروں کے گوشت کے بارے میں

(۲۵۰۹۲) حَدَّثَنَا عَبْدُ الأَعْلَى ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنْ عَطَاءٍ ؛ أَنَّهُ كَانَ يَكْرَهُ لُحُومَ الْجَلاَّلَةِ ، وَأَلْبَانَهَا.

(۲۵۰۹۲) حضرت ہشام، حضرت عطاء کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ گندگی کھانے والے جانوروں کے گوشت اور ان

کے دودھ کو مکروہ سمجھتے تھے۔

(٢٥٠٩٣) حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ؛ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ لُحُومِ الْجَلاَّلَةِ وَأَلْبَانِهَا.

(۲۵۰۹۳) حضرت مجاہد سے روایت ہے کہ جناب نبی کریم ﷺ نے گندگی کھانے والے جانوروں کے گوشت اوران کے دودھ سے منع فرمایا۔

(٢٥٠٩٤) حَدَّثَنَا شَبَابَةُ ، قَالَ : حَدَّثَنَا مُغِيرَةُ بْنُ مُسْلِمٍ ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ ، عَنْ جَابِرٍ ، قَالَ : نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْجَلاَّلَةِ أَنْ يُؤْكَلَ لَحْمُهَا ، أَوْ يُشْرَبَ لَبَنُهَا. (مسند ۲۳۴۷)

(۲۵۰۹۴) حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے اس بات سے منع کیا کہ گندگی کھانے والے جانور کا گوشت کھایا جائے یا اس کا دودھ پیا جائے۔

(٢٥٠٩٥) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمٍ ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ ، قَالَ : كَانَ عَطَاءٌ لاَ يَرَى بِالْجَلاَّلَةِ بَأْسًا أَنْ يُحَجَّ عَلَيْهَا ، وَتُؤْكَلَ إِذَا كَانَ أَكْثَرُ عَلَفِهَا غَيْرَ الْجِلَّةِ ، وَإِنْ كَانَ أَكْثَرُ عَلَفِهَا الْجِلَّةُ ، فَإِنَّهُ كَرِهَهَا.

(۲۵۰۹۵) حضرت ابن جریج سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت عطاء گندگی کھانے والے جانور کے بارے میں کوئی حرج نہیں محسوس کرتے تھے کہ اس پر حج کیا جائے اور جب اس کا اکثر چارہ غیر گندگی ہو تو اس کو کھایا جائے اور اگر اس کا اکثر چارہ گندگی ہو تو پھر آپ رحمہ اللہ نے اس کو ناپسند فرمایا ہے۔

(٢٥٠٩٦) حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ يُوسُفَ ، عَنْ عَمْرٍو ، عَنِ الْحَسَنِ ، قَالَ : كَانَ لاَ يَرَى بِأَكْلِهَا بَأْسًا.

(۲۵۰۹۶) حضرت عمرو، حضرت حسن کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ گندگی کھانے والے جانور کے کھانے میں کوئی حرج نہیں دیکھتے تھے۔

(٢٥٠٩٧) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَمَانٍ ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ الأَسْوَدِ ، عَنْ عِكْرِمَةَ بْنِ خَالِدٍ ، قَالَ : نُهِيَ عَنْ أَلْبَانِ الْجَلاَّلَةِ وَلُحُومِهَا ، وَأَنْ يُحَجَّ عَلَيْهَا وَأَنْ يُعْتَمَرَ.

(۲۵۰۹۷) حضرت عکرمہ بن خالد سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ گندگی کھانے والے جانور کے گوشت اور دودھ سے منع کیا گیا ہے اور اس بات سے بھی منع کیا گیا ہے کہ اس پر حج یا عمرہ کیا جائے۔

(٢٥٠٩٨) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُونٍ ، عَنْ نَافِعٍ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ ؛ أَنَّهُ كَانَ يَحْبِسُ الدَّجَاجَةَ الْجَلاَّلَةَ ثَلاَثًا

(۲۵۰۹۸) حضرت نافع، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ گندگی کھانے والی مرغی کو (ذبح سے پہلے) تین دن بند رکھتے تھے۔

(٢٥٠٩٩) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ ، عَنْ عِكْرِمَةَ ، قَالَ : نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ لَبَنِ

الشَّاةِ الْجَلَّالَةِ. (ترمذی ۱۸۲۵۔ ابوداؤد ۳۷۸۰)

(۲۵۰۹۹) حضرت عکرمہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے گندگی کھانے والی بکری کے دودھ سے منع فرمایا ہے۔

(۲۵۱۰۰) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنِ ابْنِ أَبِي نَجِيحٍ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ، قَالَ : نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ لَحْمِ الشَّاةِ الْجَلَّالَةِ.

(۲۵۱۰۰) حضرت مجاہد سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے گندگی کھانے والی بکری کے گوشت سے منع فرمایا ہے۔

(۲۵۱۰۱) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مُهَاجِرٍ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ، قَالَ : نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ أَلْبَانِ الْجَلَّالَةِ.

(۲۵۱۰۱) حضرت مجاہد سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے گندگی خور جانور کے دودھ سے منع فرمایا۔

(۲۵۱۰۲) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنِ ابْنِ أَبِي رَوَّادٍ ، عَنْ نَافِعٍ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ ؛ أَنَّهُ كَانَ عِنْدَهُ إِبِلٌ جَلَّالَةٌ ، فَأَصْدَرَهَا إِلَى الْحِمَى ثُمَّ رَدَّهَا ، فَحَمَلَ عَلَيْهَا الزَّوَامِلَ إِلَى مَكَّةَ.

(۲۵۱۰۲) حضرت نافع، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ ان کے پاس ایک گندگی خور اونٹ تھا چنانچہ آپ نے اس کو چراگاہ کی طرف بھیج دیا پھر آپ رضی اللہ عنہ نے اس کو (کچھ دن بعد) واپس کیا اور پھر آپ رضی اللہ عنہ نے اس پر مسافروں کا سامان لاد کر مکہ کی طرف روانہ کیا۔

(٤٥) مَنْ قَالَ نِعْمَ الإِدَامُ الْخَلُّ

جو لوگ کہتے ہیں: بہترین سالن سرکہ ہے

(۲۵۱۰۳) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، قَالَ : أَخْبَرَنَا حَجَّاجُ بْنُ أَبِي زَيْنَبَ ، قَالَ : حَدَّثَنَا أَبُو سُفْيَانَ طَلْحَةُ بْنُ نَافِعٍ ، عَنْ جَابِرٍ ؛ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ : نِعْمَ الإِدَامُ الْخَلُّ. (ترمذی ۱۸۳۹۔ ابوداؤد ۳۸۱۷)

(۲۵۱۰۳) حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''بہترین سالن سرکہ ہے۔''

(۲۵۱۰۴) حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ ، قَالَ : حَدَّثَنَا سُفْيَانُ ، عَنْ مُحَارِبِ بْنِ دِثَارٍ ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ : نِعْمَ الإِدَامُ الْخَلُّ. (ابوداؤد ۳۸۱۶۔ ترمذی ۱۸۳۹)

(۲۵۱۰۴) حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: بہترین سالن ''سرکہ'' ہے۔

(۲۵۱۰۵) حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ الْمُؤَمِّلِ ، عَنِ ابْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ ، عَنْ عَائِشَةَ ، قَالَتْ : قَالَ رَسُولُ

اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :نِعْمَ الإِدَامُ الْخَلُّ. (مسلم ۱۶۴- ابن ماجه ۳۳۱۶)

(۲۵۱۰۵) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے، وہ کہتی ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''بہترین سالن سرکہ ہے۔''

(٤٦) الرَّجُلُ يُضْطَرُّ إِلَى الْمَيْتَةِ

جو شخص مردار کھانے پر مجبور ہو جائے اس کے لیے کیا حکم ہے؟

(۲۵۱۰۶) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ أَبِي حَمْزَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ؛ فِي الْمُضْطَرِّ إِلَى الْمَيْتَةِ، قَالَ :يَأْكُلُ مَا يُقِيمُهُ.

(۲۵۱۰۶) حضرت ابراہیم سے اس آدمی کے بارے میں روایت ہے، جو مردار خوری پر مجبور ہو چکا ہو وہ کہتے ہیں کہ یہ اتنا کھا سکتا ہے جس سے اس کی کمر سیدھی رہے۔

(۲۵۱۰۷) حَدَّثَنَا شَرِيكٌ ، عَنْ جَابِرٍ ، عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ ، قَالَ :إِذَا اضْطُرَّ إِلَى مَا حُرِّمَ عَلَيْهِ ، فَهُوَ لَهُ حَلاَلٌ.

(۲۵۱۰۷) حضرت ابوجعفر سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ جب کوئی آدمی حرام کردہ چیز کی طرف مجبور ہو جائے تو وہ اس کے لئے حلال ہے۔

(۲۵۱۰۸) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ جَرِيرِ بْنِ حَازِمٍ ، عَنْ قَيْسِ بْنِ سَعْدٍ ، عَنْ عَطَاءٍ ؛ فِي رَجُلٍ أُكْرِهَ عَلَى لَحْمِ الْخِنْزِيرِ وَشُرْبِ الْخَمْرِ ، قَالَ :إِنْ أَكَلَ فَرُخْصَةٌ ، وَإِنْ لَمْ يَأْكُلْ فَقُتِلَ دَخَلَ الْجَنَّةَ.

(۲۵۱۰۸) حضرت عطاء سے اس آدمی کے بارے میں سوال کیا گیا جس کو خنزیر کے گوشت اور شراب کے پینے کے اوپر مجبور کیا گیا ہو؟ تو آپ رحمہ اللہ نے فرمایا: اگر یہ آدمی اس کو کھالے تو اس کو اس کی اجازت ہے اور اگر نہ کھائے اور مر جائے تو جنت میں جائے گا۔

(٤٧) الأُخْوَنَةُ يُؤْكَلُ عَلَيْهَا

دسترخوان پر کھانا کھانے کا بیان

(۲۵۱۰۹) حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ ، عَنْ سَلاَّمِ بْنِ مِسْكِينٍ ، قَالَ :دَخَلْتُ عَلَى جَابِرِ بْنِ زَيْدٍ وَهُوَ يَأْكُلُ عَلَى خِوَانٍ خَلَنْجٍ.

(۲۵۱۰۹) حضرت سلام بن مسکین سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں حضرت جابر بن زید کے ہاں حاضر ہوا جبکہ وہ خلنج نامی درخت کے بنائے ہوئے دسترخوان پر کھانا کھا رہے تھے۔

(٤٨) الْمَجُوسِيَّةِ تَخْدُمُ الرَّجُلَ

مجوسی عورت آدمی کی خدمت کر سکتی ہے

(۲۵۱۱۰) حَدَّثَنَا الثَّقَفِيُّ ، عَنْ يُونُسَ ، عَنِ الْحَسَنِ ؛ أَنَّهُ كَانَ يَقُولُ فِي الْخَادِمِ الْمَجُوسِيَّةِ تَكُونُ لِلرَّجُلِ الْمُسْلِمِ،

فَتَطْبُخُ لَهُ وَتَعْمَلُ لَهُ ، فَلَمْ يَرَ بِذَلِكَ بَأْسًا.

(۲۵۱۱۰) حضرت حسن رحمہ اللہ فرماتے تھے کہ مجوسی عورت مسلمان مرد کے لیے کھانا پکا سکتی ہے اور اس کے کام کاج کر سکتی ہے۔

(٢٥١١١) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مَيْسَرَةَ ، وَالْمُغِيرَةِ بْنِ شُبَيْلٍ ، عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ ، قَالَ : دَخَلْتُ عَلَى سَلْمَانَ وَعِنْدَهُ عِلْجَةٌ تُعَاطِيه.

(۲۵۱۱۱) حضرت طارق بن شہاب سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں حضرت سلمان کی خدمت میں حاضر ہوا تو ان کے پاس مجوسی خادمہ تھی جو ان کی خدمت کرتی تھی۔

(٤٩) فِي أَكْلِ السِّبَاعِ

درندہ کھانے کے بارے میں

(٢٥١١٢) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ يَحْيَى ، قَالَ : دَخَلْتُ عَلَى عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ فَرَأَيْتُ عَلَى إِخْوَانِهِ أَلْوَانَ السِّبَاعِ ، أَوْ قَالَ : سِبَاعٌ مِنَ الطَّيْرِ.

(۲۵۱۱۲) حضرت طلحہ بن یحییٰ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں حضرت عمر بن عبد العزیز رحمہ اللہ کی خدمت میں حاضر ہوا تو میں نے ان کے دسترخوان پر متنوع قسم کے درندے دیکھے..... یا فرمایا..... مختلف درندے جنس کے پرندے تھے۔

كِتَابُ اللِّبَاسِ

(١) مَنْ رَخَّصَ فِي لِبْسِ الخزِّ

جو حضرات ریشم سے بنے ہوئے کپڑے کی اجازت دیتے ہیں

(٢٥١١٣) حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي إِسْحَاقَ ، قَالَ : رَأَيْتُ عَلَى أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ مِطْرَفَ خَزٍّ ، وَرَأَيْتُ عَلَى الْقَاسِمِ مِطْرَفَ خَزٍّ ، وَرَأَيْتُ عَلَى عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عَبْدِ اللهِ خَزًّا.

(۲۵۱۱۳) حضرت یحییٰ بن ابن اسحٰق سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں۔ کہ میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے جسم پر ریشم سے بنا ہوا کپڑا دیکھا اور میں نے حضرت قاسم کے جسم پر ریشم سے بنا ہوا کپڑا دیکھا اور میں نے حضرت عبید اللہ بن عبداللہ کو ریشم سے بنا کپڑا پہنے دیکھا۔

(٢٥١١٤) حَدَّثَنَا أَبُو الأَحْوَصِ ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ ، عَنِ الْعَيْزَارِ بْنِ حُرَيْثٍ ، قَالَ : رَأَيْتُ الْحُسَيْنَ بْنَ عَلِيٍّ وَعَلَيْهِ كِسَاءُ خَزٍّ ، وَكَانَ يُخَضِّبُ بِالْحِنَّاءِ وَالْكَتَمِ.

(۲۵۱۱۴) حضرت عیزار بن حُریث سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت حسین بن علی رضی اللہ عنہما کو اس طرح دیکھا کہ آپ رضی اللہ عنہ پر ریشم سے تیار کردہ چادر تھی اور آپ رضی اللہ عنہ مہندی اور کتم (خاص بوٹی) کے ذریعہ خضاب کرتے تھے۔

(٢٥١١٥) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ ، عَنِ الشَّيْبَانِيِّ ، قَالَ : رَأَيْتُ عَلَى عَبْدِ اللهِ بْنِ أَبِي أَوْفَى مِطْرَفَ خَزٍّ.

(۲۵۱۱۵) حضرت شیبانی سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن ابی اوفی پر ریشم سے تیار کردہ چادر دیکھی ہے۔

(٢٥١١٦) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ عُيَيْنَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ : كَانَ لأَبِي بَكْرَةَ مِطْرَفُ خَزٍّ سَدَاهُ حَرِيرٌ ، فَكَانَ يَلْبَسُهُ.

(۲۵۱۱۶) حضرت عیینہ بن عبدالرحمٰن، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت ابوبکرہ کے پاس ریشم سے تیار کردہ چادر تھی جس کا تانا ریشم کا تھا اور آپ رضی اللہ عنہ اس کو پہنتا بھی کرتے تھے۔

(۲۵۱۱۷) حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ ، عَنْ يَزِيدَ أَبِي بْنِ زِيَادٍ ، قَالَ : رَأَيْتُ عَلَى عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى مِطْرَفَ خَزٍّ فَلَبِسَهُ حَتَّى تَقَطَّعَ ، ثُمَّ نَقَضَهُ مَرَّةً أُخْرَى.

(۲۵۱۱۷) حضرت یزید بن ابی زیاد سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ پر ریشم سے بنی ہوئی چادر دیکھی جس کو انہوں نے پہنا، یہاں تک کہ وہ چادر ٹکڑے ٹکڑے ہوگئی..... پھر آپ رحمہ اللہ نے اس کو ایک مرتبہ سی لیا۔

(۲۵۱۱۸) حَدَّثَنَا عَبْدَةُ ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ عَائِشَةَ ؛ أَنَّهُ كَانَ لَهَا كِسَاءُ خَزٍّ ، فَكَسَتْهُ ابْنَ الزُّبَيْرِ.

(۲۵۱۱۸) حضرت ہشام بن عروہ، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی ایک ریشم سے تیار شدہ چادر تھی۔ آپ رضی اللہ عنہا نے وہ حضرت ابن زبیر رضی اللہ عنہ کو پہنا دی۔

(۲۵۱۱۹) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ ، قَالَ : رَأَيْتُ الأَحْنَفَ بْنَ قَيْسٍ عَلَى بَغْلَةٍ ، وَرَأَيْتُ عَلَيْهِ عِمَامَةَ خَزٍّ ، وَمِطْرَفَ خَزٍّ.

(۲۵۱۱۹) حضرت اسماعیل بن خالد سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت احنف بن قیس کو خچر پر سوار دیکھا اور میں نے ان پر ریشم کا عمامہ اور ریشم (سے تیار شدہ) چادر دیکھی۔

(۲۵۱۲۰) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ ، قَالَ : رَأَيْتُ عَلَى قَيْسِ بْنِ أَبِي حَازِمٍ ، وَشُبَيْلِ بْنِ عَوْفٍ ، وَالشَّعْبِيِّ ؛ مَطَارِفَ الْخَزِّ ، وَرَأَيْتُ عَلَى شُرَيْحٍ مِطْرَفَ خَزٍّ ، وَبُرْنُسَ خَزٍّ.

(۲۵۱۲۰) حضرت اسماعیل بن ابن خالد سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت قیس بن ابی حازم، حضرت شُبیل بن عوف اور حضرت شعبی پر اون اور ریشم سے تیار شدہ چادر دیکھی اور میں نے حضرت شریح پر اُون اور ریشم سے تیار شدہ چادر اور اُون اور ریشم سے تیار شدہ بڑی ٹوپی دیکھی۔

(۲۵۱۲۱) حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ ، عَنْ عِمْرَانَ الْقَطَّانِ ، قَالَ : أَخْبَرَنِي عَمَّارٌ ، قَالَ : رَأَيْتُ عَلَى أَبِي قَتَادَةَ مِطْرَفَ خَزٍّ ، وَرَأَيْتُ عَلَى أَبِي هُرَيْرَةَ مِطْرَفَ خَزٍّ ، وَرَأَيْتُ عَلَى ابْنِ عَبَّاسٍ مَا لاَ أُحْصِي.

(۲۵۱۲۱) حضرت عمران قطان سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ مجھے حضرت عمار نے بتایا، وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ پر اُون اور ریشم سے تیار شدہ چادر دیکھی اور میں نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ پر اُون اور ریشم سے تیار شدہ چادر دیکھی اور میں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما پر (ریشم کی چادر) اتنی مرتبہ دیکھی جس کو میں شمار نہیں کر سکتا۔

(۲۵۱۲۲) حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ جُمَيْعٍ ، قَالَ : رَأَيْتُ عَلَى أَبِي عُبَيْدَةَ بْنِ عَبْدِ اللهِ بُرْنُسَ خَزٍّ.

(۲۵۱۲۲) حضرت ولید بن جمیع سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوعبیدہ بن عبداللہ پر اُون اور ریشم سے تیار شدہ

بڑی ٹوپی دیکھی۔

(٢٥١٢٣) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ ، قَالَ : رَأَيْتُ عَلَى عَبْدِ اللهِ بْنِ الزُّبَيْرِ ، وَعُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ ، وَعَلَى أَبِي بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ أَكْسِيَةَ خَزٍّ.

(۲۵۱۲۳) حضرت ہشام بن عروہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن زبیر، حضرت عروہ بن زبیر، اور حضرت علی ابوبکر بن عبدالرحمٰن بن حارث بن ہشام رضی اللہ عنہم پر اون اور ریشم سے تیار شدہ چادریں دیکھیں۔

(٢٥١٢٤) حَدَّثَنَا عَبْدَةُ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ ، قَالَ : رَأَيْتُ عَلَى الْقَاسِمِ ، وَأَبِي جَعْفَرٍ جُبَّتَيْنِ مِنْ خَزٍّ ، وَجُبَّةُ أَبِي جَعْفَرٍ مِنْ خَزٍّ أَدْكَنَ.

(۲۵۱۲۴) حضرت محمد بن اسحاق سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت قاسم، اور حضرت ابوجعفر پر دو جبے اون اور ریشم سے تیار شدہ دیکھے اور حضرت ابوجعفر کے جبے کا رنگ مائل بہ سیاہی تھا۔

(٢٥١٢٥) حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ ، عَنِ الأَجْلَحِ ، عَنْ حَبِيبٍ ، قَالَ : كَانَ لِعَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ كِسَاءُ خَزٍّ ، يَلْبَسُهُ كُلَّ جُمُعَةٍ.

(۲۵۱۲۵) حضرت حبیب سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس اون اور ریشم سے تیار شدہ ایک چادر تھی جس کو وہ ہر جمعہ پہنا کرتے تھے۔

(٢٥١٢٦) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ عُيَيْنَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ ، قَالَ : جَلَسْتُ إِلَى سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ وَعَلَيَّ جُبَّةُ خَزٍّ ، فَأَخَذَ بِكُمِّ جُبَّتِي وَقَالَ : مَا أَجْوَدَ جُبَّتَكَ هَذِهِ ، قَالَ : قُلْتُ : وَمَا تُغْنِي وَقَدْ أَفْسَدُوهَا عَلَيَّ ، قَالَ : وَمَنْ أَفْسَدَهَا؟ قُلْتُ : سَالِمٌ ، قَالَ : إِذَا صَلُحَ قَلْبُكَ فَالْبَسْ مَا بَدَا لَكَ ، قَالَ : فَذَكَرْتُ قَوْلَهُمَا لِلْحَسَنِ ، فَقَالَ : إِنَّ مِنْ صَلاَحِ الْقَلْبِ تَرْكَ الْخَزِّ.

(۲۵۱۲۶) حضرت علی بن زید سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں حضرت سعید بن مسیب رحمہ اللہ کے پاس بیٹھا، جبکہ مجھ پر اون اور ریشم سے تیار شدہ جبہ تھا۔ پس انہوں نے میرے جبہ کی آستین کو پکڑا اور کہا، تمہارا یہ جبہ کتنا خوبصورت ہے؟ کہتے ہیں میں نے کہا۔ لوگوں نے تو اس کو مجھ پر فاسد قرار دیا ہے؟ انہوں نے پوچھا اس کو کس نے فاسد قرار دیا ہے؟ میں نے کہا۔ حضرت سالم نے، انہوں نے کہا جب تمہارا دل درست ہو تو تم جو چاہو پہن لو۔ راوی کہتے ہیں میں نے ان دونوں کی بات حضرت حسن سے ذکر کی تو انہوں نے فرمایا: دل کی درستگی بھی اون اور ریشم سے بنے کپڑے کو چھوڑنے سے ہے۔

(٢٥١٢٧) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ ، عَنْ مُحَمَّدٍ ، سَأَلْتُهُ ، قُلْتُ : كَانُوا يَلْبَسُونَ الْخَزَّ ؟ قَالَ : كَانُوا يَلْبَسُونَهُ وَيَكْرَهُونَهُ ، وَيَرْجُونَ رَحْمَةَ اللهِ.

(۲۵۱۲۷) حضرت ابن عون، حضرت محمد رحمہ اللہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ میں نے اُن سے سوال کیا میں نے کہا، پہلے لوگ خز (اون اور ریشم سے تیار) پہنا کرتے تھے؟ انہوں نے کہا وہ لوگ خز پہنتے تو تھے لیکن اس کو ناپسند کرتے تھے اور خدا کی رحمت کی

اُمید رکھتے تھے۔

(۲۵۱۲۸) حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ، عَنِ الشَّيْبَانِيِّ، قَالَ :رَأَيْتُ مُحَمَّدَ بْنَ عَلِيٍّ بِعَرَفَاتٍ، وَعَلَيْهِ مِطْرَفٌ مِنْ خَزٍّ أَصْفَرَ.

(۲۵۱۲۸) حضرت شیبانی سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت محمد بن علی کو مقام عرفات میں دیکھا جبکہ ان پر زرد رنگ کے اُون اور ریشم سے تیار شدہ چادر تھی۔

(۲۵۱۲۹) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنْ عَمْرٍو ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَبْدِ اللهِ ، قَالَ :اسْتَأْذَنَ سَعْدٌ عَلَى ابْنِ عَامِرٍ ، وَتَحْتَهُ مَرَافِقُ مِنْ حَرِيرٍ ، فَأَمَرَ بِهَا فَرُفِعَتْ ، فَلَمَّا دَخَلَ سَعْدٌ دَخَلَ وَعَلَيْهِ مِطْرَفٌ مِنْ خَزٍّ ، فَقَالَ لَهُ :اسْتَأْذَنْتَ عَلَيَّ وَتَحْتِي مَرَافِقُ مِنْ حَرِيرٍ ، فَأَمَرْتَ بِهَا فَرُفِعَتْ ، فَقَالَ لَهُ سَعْدٌ :نِعْمَ الرَّجُلُ أَنْتَ إِنْ لَمْ تَكُنْ مِمَّنْ قَالَ اللَّهُ : ﴿أَذْهَبْتُمْ طَيِّبَاتِكُمْ فِي حَيَاتِكُمُ الدُّنْيَا﴾ وَاللَّهِ لأَنْ أَضْطَجِعَ عَلَى جَمْرِ الْغَضَى أَحَبَّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ أَضْطَجِعَ عَلَيْهَا ، قَالَ :فَهَذَا عَلَيْكَ شَطْرُهُ حَرِيرٌ وَشَطْرُهُ خَزٌّ ، قَالَ :إِنَّمَا يَلِي جِلْدِي مِنْهُ الْخَزُّ.

(۲۵۱۲۹) حضرت صفوان بن عبداللہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے حضرت ابن عامر رضی اللہ عنہ کے ہاں آنے کی اجازت طلب کی۔ جبکہ حضرت ابن عامر رضی اللہ عنہ کے نیچے ریشم سے بنے تکیے تھے، چنانچہ حضرت ابن عامر رضی اللہ عنہ نے ان کے بارے میں حکم دیا اور ان کو اٹھا دیا گیا، پھر جب حضرت سعد رضی اللہ عنہ، حضرت ابن عامر رضی اللہ عنہ کے ہاں داخل ہوئے تو ابن عامر رضی اللہ عنہ پر اُون اور ریشم سے تیار شدہ ایک دھاریدار چادر تھی۔ حضرت ابن عامر رضی اللہ عنہ نے حضرت سعد رضی اللہ عنہ سے کہا، آپ نے مجھ پر داخلہ کی اجازت مانگی تو میرے نیچے ریشم کے تکیے تھے چنانچہ میں نے ان کے بارے میں حکم دیا اور وہ اٹھا دیئے گئے۔ اس پر حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے ابن عامر رضی اللہ عنہ سے کہا۔ اگر آپ ان لوگوں میں سے نہ ہوں جن کے بارے میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔ (ترجمہ) تم نے اپنی لذتوں کو دنیا میں پورا کرلیا۔

تو آپ بہترین آدمی ہوں بخدا مجھے تو جھاڑ کے درخت کے انگارے پر لیٹنا بنسبت اس پر لیٹنے کے زیادہ محبوب ہے پھر حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے کہا، آپ پر یہ جو چادر ہے اس کا بھی ایک حصہ ریشم اور ایک حصہ خز اون اور ریشم سے بنا ہوا ہے؟ حضرت ابن عامر رضی اللہ عنہ نے کہا، میرے جسم کے ساتھ اس میں سے خز ملا ہوا ہے۔

(۲۵۱۳۰) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، قَالَ :أَخْبَرَنِي شُعْبَةُ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ ، قَالَ :رَأَيْتُ عَلَى أَبِي هُرَيْرَةَ مِطْرَفَ خَزٍّ قَدْ ثَنَاهُ.

(۲۵۱۳۰) حضرت محمد بن زیاد سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے اوپر خز سے بنی ہوئی چادر دیکھی جس کو آپ نے موڑا ہوا تھا۔

(۲۵۱۳۱) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ إِسْرَائِيلَ ، عَنْ حَكِيمِ بْنِ جُبَيْرٍ ، عَنْ خَيْثَمَةَ ؛ أَنَّ ثَلاَثَةَ عَشَرَ مِنْ أَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانُوا يَلْبَسُونَ خَزًّا.

(۲۵۱۳۱) حضرت خیثمہ سے روایت ہے۔ کہ جناب نبی کریم ﷺ کے صحابہ رضی اللہ عنہم میں سے تیرہ افراد اُون اور ریشم سے تیار شدہ کپڑا پہنا کرتے تھے۔

(۲۵۱۳۲) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي هِنْدٍ ، قَالَ :رَأَيْتُ عَلَى أَبِي عُبَيْدَةَ مِطْرَفَ خَزٍّ ، وَرَأَيْتُ عَلَى عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ مِطْرَفَ خَزٍّ أَبْيَضَ.

(۲۵۱۳۲) حضرت عثمان بن ابی ہند سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ پر اُون اور ریشم سے تیار شدہ دھاری دار چادر دیکھی، اور میں نے حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ پر اُون اور ریشم سے تیار شدہ سفید دھاری دار چادر دیکھی۔

(۲) فِي لُبْسِ الْحَرِيرِ ، وَكَرَاهِيَةِ لبسِهِ

ریشم پہننے کے بارے میں اور اس کے پہننے میں کراہت کے بارے میں

(۲۵۱۳۳) حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عُلَيَّةَ ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ صُهَيْبٍ ، عَنْ أَنَسٍ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :مَنْ لَبِسَ الْحَرِيرَ فِي الدُّنْيَا لَمْ يَلْبَسْهُ فِي الآخِرَةِ. (بخاری ۵۸۳۲۔ مسلم ۲۱)

(۲۵۱۳۳) حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس شخص نے دنیا میں ریشم کو پہن لیا تو وہ آخرت میں ریشم کو نہیں پہنے گا۔

(۲۵۱۳٤) حَدَّثَنَا أَبُو الأَحْوَصِ ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ ، عَنْ هُبَيْرَةَ ، قَالَ :أُهْدِيَ لِرَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حُلَّةٌ مِنْ حَرِيرٍ ، فَأَهْدَاهَا لِعَلِيٍّ فَلَبِسَهَا عَلِيٌّ ، فَلَمَّا رَآهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ :إِنِّي أَكْرَهُ لَكَ مَا أَكْرَهُ لِنَفْسِي ، اجْعَلْهَا خُمُرًا بَيْنَ النِّسَاءِ.

(۲۵۱۳۴) حضرت ہبیرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ کو ریشم سے تیار کردہ ایک جوڑا ہدیہ کیا گیا تو آپ ﷺ نے وہ جوڑا حضرت علی رضی اللہ عنہ کو ہدیہ کر دیا پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اس کو پہن لیا۔ پس جب آپ ﷺ نے اس جوڑے کو دیکھا تو فرمایا: جو چیزیں اپنے لیئے ناپسند کرتا ہوں، اس کو میں تیرے لیئے بھی ناپسند کرتا ہوں۔ اس کو عورتوں کے درمیان دوپٹہ بنا کر دے دو۔"

(۲۵۱۳۵) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ ، وَابْنُ نُمَيْرٍ ، وَأَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ ، عَنْ نَافِعٍ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي هِنْدٍ ، عَنْ أَبِي مُوسَى ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :الْحَرِيرُ وَالذَّهَبُ حَرَامٌ عَلَى ذُكُورِ أُمَّتِي ، حِلٌّ لإِنَاثِهِمْ. (ترمذی ۱۷۲۰۔ احمد ۴/ ۳۹۲)

(۲۵۱۳۵) حضرت ابوموسیٰ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ریشم اور سونا میری امت کے مردوں پر حرام ہے اور ان کی عورتوں کے لیے حلال ہے۔

(٢٥١٣٦) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ ، عَنِ الشَّيْبَانِيِّ ، عَنْ أَشْعَثَ بْنِ أَبِي الشَّعْثَاءِ ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ سُوَيْدٍ ، عَنِ الْبَرَاءِ ، قَالَ :نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الدِّيبَاجِ وَالْحَرِيرِ وَالإِسْتَبْرَقِ.

(۲۵۱۳۶) حضرت براء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دیباج، حریر اور استبرق سے منع فرمایا۔

(٢٥١٣٧) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي زِيَادٍ ، عَنْ أَبِي فَاخِتَةَ ، قَالَ :حَدَّثَنِي هُبَيْرَةُ بْنُ يَرِيمٍ ، عَنْ عَلِيٍّ ؛ أَنَّهُ أُهْدِيَ إِلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حُلَّةٌ مُسَيَّرَةٌ بِحَرِيرٍ إِمَّا سَدَاهَا ، أَوْ لُحْمَتُهَا ، فَأَرْسَلَ بِهَا إِلَيَّ ، فَأَتَيْتُهُ فَقُلْتُ :يَا رَسُولَ اللهِ ، مَا أَصْنَعُ بِهَا ، أَلْبَسُهَا؟ قَالَ: لاَ ، إِنِّي لاَ أَرْضَى لَكَ مَا أَكْرَهُ لِنَفْسِي، وَلَكِنِ اجْعَلْهَا خُمُرًا بَيْنَ الْفَوَاطِمِ. (ابن ماجه ٣٥٩٦)

(۲۵۱۳۷) حضرت ابو فاختہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ مجھے ہبیرہ بن یریم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے واسطہ سے بیان کیا کہ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ریشمی تار کا ایک جوڑا..... جس کا تانا یا بانا ریشم کا تھا..... ہدیہ میں آیا۔ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ جوڑا مجھے (حضرت علی رضی اللہ عنہ کو) بھیج دیا پس میں (اس کو لے کر) آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور میں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں اس کا کیا کروں؟ اس کو پہن لوں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نہیں۔ جو چیز میں اپنے لیئے پسند نہیں کرتا وہ تیرے لیئے بھی پسند نہیں کرتا۔ لیکن تم اس کپڑے کو فواطم..... فاطمہ بنت محمد صلی اللہ علیہ وسلم، فاطمہ بنت اسد اور فاطمہ بنت حمزہ..... کے درمیان دوپٹہ بنا کر تقسیم کردو۔

(٢٥١٣٨) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي زِيَادٍ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى ، عَنْ حُذَيْفَةَ ؛ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَانَا أَنْ نَلْبَسَ الْحَرِيرَ وَالدِّيبَاجَ ، وَقَالَ :هُوَ لَهُمْ فِي الدُّنْيَا ، وَلَكُمْ فِي الآخِرَةِ.

(مسلم ١٦٣٧۔ نسائی ٩٦١٥)

(۲۵۱۳۸) حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں اس بات سے منع کیا کہ ہم دیباج اور ریشم پہنیں اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ چیزیں کفار کے لئے دنیا میں ہیں اور تمہارے لئے آخرت میں ہیں۔

(٢٥١٣٩) حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي زِيَادٍ ، عَنْ أَبِي فَاخِتَةَ ، قَالَ :حَدَّثَنِي جَعْدَةُ بْنُ هُبَيْرَةَ ، عَنْ عَلِيٍّ ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ؛ بِنَحْوِ حَدِيثِ عَبْدِ الرَّحِيمِ ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي زِيَادٍ ، عَنْ أَبِي فَاخِتَةَ.

(۲۵۱۳۹) حضرت علی رضی اللہ عنہ، جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ابو فاختہ والی حدیث کی طرح حدیث روایت کرتے ہیں۔

(٢٥١٤٠) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنِ الْحَكَمِ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى ، عَنْ حُذَيْفَةَ ، قَالَ :نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ لُبْسِ الْحَرِيرِ وَالذَّهَبِ ، وَقَالَ :هُوَ لَهُمْ فِي الدُّنْيَا ، وَلَنَا فِي الآخِرَةِ.

(بخاری ٥٨٣١۔ مسلم ١٦٣٧)

(۲۵۱۴۰) حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ریشم اور سونے کے پہننے سے منع فرمایا۔

اور ارشاد فرمایا: یہ چیزیں کفار کے لئے دنیا میں ہیں اور ہمارے لیئے آخرت میں ہیں۔

(٢٥١٤١) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ ، عَنْ نَافِعٍ ؛ أَنَّ ابْنَ عُمَرَ أَخْبَرَهُ ، أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَأَى حُلَّةً سِيَرَاءَ مِنْ حَرِيرٍ ، فَقَالَ :يَا رَسُولَ اللهِ ، لَوِ ابْتَعْتَ هَذِهِ الْحُلَّةَ لِلْوَفْدِ وَلِيَوْمِ الْجُمُعَةِ ؟ فَقَالَ :إِنَّمَا يَلْبَسُ هَذِهِ مَنْ لاَ خَلاَقَ لَهُ فِي الآخِرَةِ. (بخاری ٨٨٦۔ مسلم ١٦٣٨)

(۲۵۱۴۱) حضرت نافع رحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے انہیں یہ خبر دی کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے خالص ریشم کا ایک جوڑا دیکھا تو عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اگر آپ یہ جوڑا وفود اور جمعہ کے لئے خرید لیں؟ اس پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس کو وہی پہنتا ہے جس کا آخرت میں کوئی حصہ نہیں ہے۔

(٢٥١٤٢) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ ، وَيَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي حَبِيبٍ ، عَنْ مَرْثَدِ بْنِ عَبْدِ اللهِ الْيَزَنِيِّ ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ الْجُهَنِيِّ ، قَالَ :صَلَّى بِنَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَغْرِبَ وَعَلَيْهِ فَرُّوجٌ ، يَعْنِي قَبَاءً مِنْ حَرِيرٍ ، فَلَمَّا قَضَى صَلاَتَهُ نَزَعَهُ نَزْعًا عَنِيفًا ، فَقُلْتُ :يَا رَسُولَ اللهِ ، صَلَّيْتَ وَهُوَ عَلَيْكَ ، قَالَ :إِنَّ هَذَا لاَ يَنْبَغِي لِلْمُتَّقِينَ. (بخاری ٣٧٥۔ مسلم ٢٣)

(۲۵۱۴۲) حضرت عقبہ بن عامر جہنی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں نماز مغرب پڑھائی درانحالیکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر ریشم کی ایک قباء تھی، پھر جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی نماز سے فارغ ہو گئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو انتہائی ترش روئی کے ساتھ اتار دیا۔ اس پر میں نے عرض کیا۔ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ نے (ابھی) نماز پڑھائی تب تو یہ آپ پر تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یقیناً متقین کے لئے یہ مناسب نہیں ہے۔

(٢٥١٤٣) حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ ، عَنْ عَاصِمٍ ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ ، عَنْ عُمَرَ ؛ أَنَّهُ كَانَ يَنْهَى عَنِ الْحَرِيرِ وَالدِّيبَاجِ إِلاَّ مَا كَانَ هَكَذَا ، ثُمَّ وَأَشَارَ بِإِصْبَعِهِ ، ثُمَّ الثَّانِيَةِ ، ثُمَّ الثَّالِثَةِ ، ثُمَّ الرَّابِعَةِ وَقَالَ : كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْهَانَا عَنْهُ. (بخاری ٥٨٢٨۔ مسلم ١٦٤٢)

(۲۵۱۴۳) حضرت ابو عثمان، حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ آپ رضی اللہ عنہ ریشم اور دیباج سے منع کیا کرتے تھے مگر اتنی مقدار، اس کے بعد راوی اپنی ایک انگلی پھر دوسری انگلی پھر تیسری انگلی اور پھر چوتھی انگلی سے اشارہ کیا اور فرمایا، جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں اس سے منع کیا کرتے تھے۔

(٢٥١٤٤) حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مُرَّةَ ، عَنْ أَبِي كَنَفٍ ، قَالَ :انْطَلَقْتُ مَعَ عَبْدِ اللهِ حَتَّى أَتَيْتُ دَارَهُ ، فَأَتَاهُ بَنُونَ لَهُ عَلَيْهِمْ قُمُصُ حَرِيرٍ فَخَرَقَهَا ، وَقَالَ :انْطَلِقُوا إِلَى أُمِّكُمْ فَلْتُلْبِسْكُمْ غَيْرَ هَذَا.

(۲۵۱۴۴) حضرت ابو کنف سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں حضرت عبداللہ کے ساتھ چلا یہاں تک کہ میں ان کے گھر آ پہنچا، پس آپ کے پاس آپ کے بیٹے آئے اور ان کے جسم پر ریشم کی قمیصیں تھیں۔ حضرت عبداللہ نے انہیں پھاڑ دیا، اور فرمایا: تم اپنی والدہ

کے پاس چلے جاؤ تا کہ وہ تمہیں اس کے علاوہ لباس پہنائے۔

(٢٥١٤٥) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ فُضَيْلِ بْنِ غَزْوَانَ ، عَنِ الْمُهَاجِرِ بْنِ شَمَّاسٍ ، عَنْ عَمِّهِ ، قَالَ :رَأَى ابْنُ مَسْعُودٍ ابْنًا لَهُ عَلَيْهِ قَمِيصٌ مِنْ حَرِيرٍ ، فَشَقَّهُ ، وَقَالَ :إِنَّمَا هَذَا لِلنِّسَاءِ.

(۲۵۱۴۵) حضرت مہاجر بن شماس اپنے چچا سے روایت کرتے ہیں، وہ کہتے ہیں کہ حضرت عبداللہ نے اپنے ایک بیٹے کو اس طرح دیکھا کہ اس پر ریشم کی قمیص تھی تو آپ رضی اللہ عنہ نے قمیص کو پھاڑ دیا اور فرمایا: یہ صرف عورتوں کے لئے ہے۔

(٢٥١٤٦) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ أَبِي الْمُغِيرَةِ الْعَبْسِيِّ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ ، قَالَ :قَدِمَ حُذَيْفَةُ بْنُ الْيَمَانِ مِنْ سَفَرٍ ، وَقَدْ كُسِيَ وَلَدُهُ الْحَرِيرَ ، فَنَزَعَ مِنْهُ مَا كَانَ عَلَى ذُكُورِ وَلَدِهِ ، وَتَرَكَ مِنْهُ مَا كَانَ عَلَى بَنَاتِهِ.

(۲۵۱۴۶) حضرت سعید بن جبیر رحمہ اللہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ ایک سفر سے واپس تشریف لائے۔ اور ان کے بچوں کو ریشم پہنایا ہوا تھا، پس انہوں نے اپنی اولاد میں سے مذکر اولاد پر سے وہ کپڑے اتار دیئے اور اپنی مؤنث اولاد کے جسم پر وہ کپڑے رہنے دیئے۔

(٢٥١٤٧) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ :دَخَلَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَوْفٍ وَمَعَهُ ابْنٌ لَهُ عَلَى عُمَرَ ، عَلَيْهِ قَمِيصُ حَرِيرٍ ، فَشَقَّ الْقَمِيصَ.

(۲۵۱۴۷) حضرت سعد بن ابراہیم، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ، اپنے بیٹے کے ہمراہ..... حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس گئے اور بیٹے نے ریشم کی قمیص پہنی ہوئی تھی تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے وہ قمیص پھاڑ دی۔

(٢٥١٤٨) حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ خَلِيفَةَ بْنِ كَعْبٍ؛ أَنَّهُ ، قَالَ :سَمِعْتُ عَبْدَ اللهِ بْنَ الزُّبَيْرِ يَخْطُبُ، قَالَ :قَالَ :أَلاَ لاَ تُلْبِسُوا نِسَاءَكُمُ الْحَرِيرَ ، فَإِنِّي سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ يَقُولُ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :لاَ تَلْبَسُوا الْحَرِيرَ ، فَإِنَّهُ مَنْ لَبِسَهُ فِي الدُّنْيَا لَمْ يَلْبَسْهُ فِي الآخِرَةِ. (بخاری ۵۸۳۴۔ مسلم ۱۶۴۱)

(۲۵۱۴۸) حضرت خلیفہ بن کعب سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کو خطبہ دیتے ہوئے سنا۔ انہوں نے کہا خبردار! تم اپنی عورتوں کو (بھی) ریشم نہ پہناؤ، کیونکہ میں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو کہتے سنا ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''تم ریشم نہ پہنو کیونکہ جو دنیا میں پہن لے گا وہ آخرت میں اس کو نہیں پہنے گا۔''

(٢٥١٤٩) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي حَبِيبٍ ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ أَبِي الصَّعْبَةِ ، عَنْ أَبِي أَفْلَحَ الْهَمْدَانِيِّ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ زُرَيْرٍ الْغَافِقِيِّ سَمِعَهُ يَقُولُ :سَمِعْتُ عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ يَقُولُ :أَخَذَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَرِيرًا بِشِمَالِهِ وَذَهَبًا بِيَمِينِهِ ، ثُمَّ رَفَعَ بِهِمَا يَدَيْهِ فَقَالَ: إِنَّ هَذَيْنِ حَرَامٌ عَلَى ذُكُورِ أُمَّتِي ، حِلٌّ لإِنَاثِهِمْ. (ابوداؤد ۴۰۵۷۔ احمد ۱/ ۱۱۵)

(۲۵۱۴۹) حضرت عبداللہ بن زریر غافقی سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کو کہتے ہوئے سُنا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے بائیں ہاتھ پر ریشم اور اپنے دائیں ہاتھ میں سونے کو پکڑا پھر ان دونوں کو لے کر اپنے ہاتھ اُوپر اٹھائے اور فرمایا: ''یہ دونوں میری اُمت کے مردوں پر حرام ہیں اور ان کی عورتوں کے لئے حلال ہیں۔''

(۲۵۱۵۰) حَدَّثَنَا عَفَّانُ ، قَالَ :أَخْبَرَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ ، قَالَ :أَخْبَرَنَا أَنَسُ بْنُ سِيرِينَ ، عَنْ أَبِي مِجْلَزٍ ، عَنْ حَفْصَةَ؛ أَنَّ عُطَارِدَ بْنَ حَاجِبٍ جَاءَ بِثَوْبِ دِيبَاجٍ كَسَاهُ إِيَّاهُ كِسْرَى ، فَقَالَ عُمَرُ :أَلاَ أَشْتَرِيهِ لَكَ يَا رَسُولَ اللهِ ؟ قَالَ :إِنَّمَا يَلْبَسُهُ مَنْ لاَ خَلاَقَ لَهُ. (بخاری ۸۸۶۔ احمد ۶/ ۲۸۸)

(۲۵۱۵۰) حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ عُطارد بن حاجب دیباج کا ایک کپڑا لے کر آئے جو انہیں کسریٰ نے پہنایا تھا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا۔ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں یہ کپڑا آپ کے لئے خرید لوں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''اس کپڑے کو صرف وہی پہنتا ہے جس کا (آخرت میں) کوئی حصہ نہ ہو۔

(۲۵۱۵۱) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، قَالَ :أَخْبَرَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ ، عَنْ أَبِي التَّيَّاحِ ، عَنْ حَفْصٍ اللَّيْثِيِّ ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ ؛ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ الْخَاتَمِ ، وَالتَّخَتُّمِ بِالذَّهَبِ ، وَالْحَرِيرِ.

(۲۵۱۵۱) حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے خاتم (ہرے رنگ کے گھڑے)، سونے کی انگوٹھی اور ریشم پہننے سے منع کیا ہے۔

(۲۵۱۵۲) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنِ الإِفْرِيقِيِّ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ رَافِعٍ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو ، قَالَ :خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفِي إِحْدَى يَدَيْهِ ثَوْبٌ مِنْ حَرِيرٍ ، وَفِي الأُخْرَى ذَهَبٌ، فَقَالَ :إِنَّ هَذَيْنِ مُحَرَّمٌ عَلَى ذُكُورِ أُمَّتِي ، حِلٌّ لإِنَاثِهِمْ. (ابن ماجه ۳۵۹۷۔ طبرانی ۱۲۶)

(۲۵۱۵۲) حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس اس حالت میں تشریف لائے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک ہاتھ میں ریشم کا کپڑا تھا اور دوسرے ہاتھ میں سونا تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''بلاشبہ یہ دونوں چیزیں میری امت کے مردوں پر حرام کردہ ہیں اور ان کی عورتوں کے لئے حلال ہیں۔''

(۲۵۱۵۳) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الأَسَدِيُّ ، عَنْ عُمَرَ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي حُسَيْنٍ ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَلِيٍّ، قَالَ :أَخْبَرَنِي أَبِي ، أَنَّهُ سَمِعَ مُعَاوِيَةَ وَهُوَ عَلَى الْمِنبَرِ ، يَقُولُ :نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ لُبْسِ الْحَرِيرِ وَالذَّهَبِ. (احمد ۴/ ۹۶)

(۲۵۱۵۳) حضرت علی بن عبداللہ بن علی سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ مجھے میرے والد نے بتایا کہ انہوں نے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کو منبر پر کہتے سُنا: جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ریشم اور سونے کو پہننے سے منع فرمایا ہے۔

(۲۵۱۵۴) حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ حُمَيْدٍ ، قَالَ :سُئِلَ أَنَسٌ عَنِ الْحَرِيرِ ؟ فَقَالَ :نَعُوذُ بِاللَّهِ مِنْ شَرِّهِ ، كُنَّا

نَسْمَعُ أَنَّهُ مَنْ لَبِسَهُ فِي الدُّنْيَا ، لَمْ يَلْبَسْهُ فِي الآخِرَةِ.

(۲۵۱۵۴) حضرت حمید سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے ریشم کے بارے میں سوال کیا گیا؟ تو انہوں نے فرمایا: ہم اس کے شر سے اللہ کی پناہ پکڑتے ہیں، ہم یہ بات سُنا کرتے تھے کہ جو آدمی اس کو دُنیا میں پہنے گا تو وہ آخرت میں اس کو نہیں پہنے گا۔

(۲۵۱۵۵) حَدَّثَنَا حَفْصٌ ، عَنْ لَيْثٍ ، عَنْ عَطَاءٍ ، عَنْ طَاوُسٍ ؛ أَنَّهُ كَانَ يَكْرَهُ لُبْسَ الْحَرِيرِ.

(۲۵۱۵۵) حضرت عطاء، حضرت طاؤس کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ ریشم کے پہننے کو مکروہ سمجھتے تھے۔

(۲۵۱۵۶) حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ ، عَنْ يُونُسَ ، عَنِ الْحَسَنِ ؛ كَانَ يَكْرَهُ قَلِيلَ الْحَرِيرِ وَكَثِيرَهُ.

(۲۵۱۵۶) حضرت یونس، حضرت حسن کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ آپ رحمہ اللہ تھوڑے ریشم اور زیادہ ریشم کو مکروہ سمجھتے تھے۔

(۲۵۱۵۷) حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ ، عَنْ حُصَيْنٍ ، قَالَ : كَتَبَ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ : لاَ تَلْبَسُوا مِنَ الْحَرِيرِ إِلاَّ مَا كَانَ سَدَاهُ قُطْنًا ، أَوْ كَتَّانًا.

(۲۵۱۵۷) حضرت حصین سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ نے ایک تحریر لکھی، تم لوگ ریشم میں سے صرف وہ کپڑا پہنو جس کا تانا روئی کا یا کتان کا ہو۔

(۲۵۱۵۸) حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَيْسَرَةَ ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ ، عَنْ عَلِيٍّ ، قَالَ : كَسَانِي رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حُلَّةً سِيَرَاءَ فَرَحْتُ فِيهَا ، فَرَأَيْتُ الْغَضَبَ فِي وَجْهِهِ ، قَالَ : فَشَقَقْتُهَا بَيْنَ نِسَائِي. (بخاری ۵۸۴۰۔ ۹۶۰۷)

(۲۵۱۵۸) حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے ایک خالص (ریشم کا) جوڑا دیا، چنانچہ میں اس کو پہن کر نکلا تو میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرہ مبارک میں آثارِ غضب دیکھے حضرت علی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں پس میں نے اس جوڑے کو اپنی عورتوں کے درمیان تقسیم کر دیا۔

(۲۵۱۵۹) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنْ سَعِيدٍ ، عَنْ قَتَادَةَ ، عَنْ دَاوُدَ السَّرَّاجِ ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ ، قَالَ : مَنْ لَبِسَ الْحَرِيرَ فِي الدُّنْيَا ، لَمْ يَلْبَسْهُ فِي الآخِرَةِ.

(۲۵۱۵۹) حضرت ابوسعید سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ جس شخص نے دنیا میں ریشم پہنا تو وہ شخص آخرت میں ریشم نہیں پہنے گا۔

(۳) مَنْ رَخَّصَ فِي لُبْسِ الْحَرِيرِ فِي الْحَرْبِ ، إِذَا كَانَ لَهُ عُذْرٌ ، وَمَنْ كَرِهَهُ

جو حضرات دوران جنگ عذر والے شخص کو ریشم پہننے کی اجازت دیتے ہیں اور جو حضرات اس کو ناپسند کرتے ہیں

(۲۵۱۶۰) حَدَّثَنَا رَيْحَانُ بْنُ سَعِيدٍ ، عَنْ مَرْزُوقِ بْنِ عَمْرٍو ، قَالَ : قَالَ أَبُو قَرْفَدٍ : رَأَيْتُ عَلَى تَجَافِيفِ أَبِي مُوسَى

الدِّيبَاجَ وَالْحَرِيرَ.

(۲۵۱۶۰) حضرت مرزوق بن عمرو سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ حضرت ابوفرقد کہتے ہیں میں نے حضرت ابوموسیٰ کی زین پر دیباج اور ریشم دیکھا۔

(۲۵۱۶۱) حَدَّثَنَا حَفْصٌ ، عَنْ هِشَامٍ ، قَالَ : كَانَ لأَبِي يَلْمَقٌ مِنْ دِيبَاجٍ يَلْبَسُهُ فِي الْحَرْبِ.

(۲۵۱۶۱) حضرت ہشام سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میرے والد کے پاس ایک قباء تھی، جو دیباج سے تیار شدہ تھی جس کو وہ جنگ میں پہنتے تھے۔

(۲۵۱۶۲) حَدَّثَنَا حَفْصٌ ، عَنْ لَيْثٍ ، عَنْ عَطَاءٍ ، قَالَ : لاَ بَأْسَ بِهِ إِذَا كَانَ جُبَّةً ، أَوْ سِلاَحًا.

(۲۵۱۶۲) حضرت لیث، حضرت عطاء کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا: اگر یہ جُبہ یا اسلحہ ہو تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

(۲۵۱۶۳) حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ ، عَنْ حَجَّاجٍ ، عَنْ عَطَاءٍ ، قَالَ : لاَ بَأْسَ بِلُبْسِ الْحَرِيرِ فِي الْحَرْبِ.

(۲۵۱۶۳) حضرت عطاء سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ دوران جنگ ریشم پہننے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

(۲۵۱۶۴) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ ، قَالَ : حَدَّثَنَا سَعِيدٌ ، عَنْ قَتَادَةَ ؛ أَنَّ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ أَنْبَأَهُمْ : أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَخَّصَ لِلزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَّامِ ، وَلِعَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ فِي قَمِيصَيْنِ مِنْ حَرِيرٍ ، مِنْ وَجَعٍ كَانَ بِهِمَا ، حِكَّةٍ. (بخاری ۲۹۱۹۔ مسلم ۱۶۴۶)

(۲۵۱۶۴) حضرت قتادہ سے روایت ہے کہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے انہیں خبر دی کہ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ اور حضرت عبدالرحمٰن بن عوف کو ریشم کی قمیصیں پہننے کی اجازت دی بوجہ ان کو خارش کی بیماری کے۔

(۲۵۱۶۵) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُصْعَبٍ ، عَنِ الأَوْزَاعِيِّ ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ هِشَامٍ ، قَالَ : كَتَبْتُ إِلَى ابْنِ مُحَيْرِيزٍ أَسْأَلُهُ عَنْ لُبْسِ الْيَلاَمِقِ وَالْحَرِيرِ فِي دَارِ الْحَرْبِ ؟ قَالَ : فَكَتَبَ : أَنْ كُنْ أَشَدَّ مَا كُنْتَ كَرَاهِيَةً لِمَا تُكْرَهُ عِنْدَ الْقِتَالِ ، حِينَ تُعَرِّضُ نَفْسَكَ لِلشَّهَادَةِ.

(۲۵۱۶۵) حضرت ولید بن ہشام سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن محیریز کو خط لکھا اور میں نے ان سے دارالحرب میں قباء اور ریشم پہننے کے بارے میں سوال کیا؟ راوی کہتے ہیں پس انہوں نے لکھا جس چیز کو تم ناپسند کرتے ہو اس کو تم قتال کے وقت جبکہ تم اپنے آپ کو شہادت کے لئے پیش کرتے ہو اور زیادہ ناپسند کرو۔

(۲۵۱۶۶) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ أَبِي مَكِينٍ ، عَنْ عِكْرِمَةَ ؛ أَنَّهُ كَرِهَهُ فِي الْحَرْبِ ، وَقَالَ : أَرْجَى مَا يَكُونُ لِلشَّهَادَةِ.

(۲۵۱۶۶) حضرت ابومکین، حضرت عکرمہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ اس کو جنگ میں بھی ناپسند کرتے تھے اور کہتے تھے۔ میں امید کرتا ہوں کہ یہ شہادت کے لئے نہیں ہوگی۔

(٢٥١٦٧) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي عَدِيٍّ ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ ، قَالَ : سَأَلْتُ مُحَمَّدًا عَنْ لُبْسِ الدِّيبَاجِ فِي الْحَرْبِ ؟ فَقَالَ : مِنْ أَيْنَ كَانُوا يَجِدُونَ الدِّيبَاجَ ؟

(۲۵۱۶۷) حضرت ابن عون سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت محمد رحمہ اللہ سے جنگ کے دوران دیباج پہننے سے متعلق سوال کیا؟ تو انہوں نے فرمایا: وہ لوگ دیباج کہاں سے لیں گے؟

(٢٥١٦٨) حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ ، عَنْ حُصَيْنٍ ، عَنِ الشَّعْبِيِّ ، عَنْ سُوَيْدِ بْنِ غَفَلَةَ ، قَالَ : شَهِدْنَا الْيَرْمُوكَ ، قَالَ : فَاسْتَقْبَلَنَا عُمَرُ وَعَلَيْنَا الدِّيبَاجُ وَالْحَرِيرُ ، فَأَمَرَ بِرَمْيِنَا بِالْحِجَارَةِ ، قَالَ : فَقُلْنَا : مَا بَلَغَهُ عَنَّا ؟ قَالَ : فَنَزَعْنَاهُ وَقُلْنَا : كَرِهَ زِيَّنَا ، فَلَمَّا اسْتَقْبَلْنَاهُ رَحَّبَ بِنَا ، وَقَالَ : إِنَّكُمْ جِئْتُمُونِي فِي زِيِّ أَهْلِ الشِّرْكِ ، إِنَّ اللَّهَ لَمْ يَرْضَ لِمَنْ قَبْلَكُمُ الدِّيبَاجَ ، وَلاَ الْحَرِيرَ .

(۲۵۱۶۸) حضرت سوید بن غفلہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ ہم لوگ یرموک میں حاضر تھے۔ راوی کہتے ہیں ہمارا سامنا حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے ہو گیا۔ جبکہ ہم پر دیباج اور ریشم تھا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ہمیں پتھر مارنے کا حکم دیا۔ ہم نے (دل میں) کہا انہیں ہمارے طرف سے کیا بات پہنچی ہے؟ راوی کہتے ہیں پھر ہم نے اس لباس کو اتار دیا اور ہم نے کہا: انہیں ہماری ہیئت پسند نہیں آئی۔ پھر جب ہمارا سامنا حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے ہوا تو انہوں نے ہمیں مرحبا کہا اور فرمایا: تم لوگ میرے پاس (پہلے) اہل شرک کی ہیئت میں آئے تھے۔ یقیناً اللہ تعالیٰ تم سے پہلوں کے لئے بھی دیباج اور ریشم سے راضی نہ تھے۔

(٢٥١٦٩) حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ ، عَنْ مَعْمَرٍ ، عَنِ الزُّهْرِيِّ ، عَنْ أَنَسٍ ، قَالَ : رَأَيْتُ عَلَى زَيْنَبَ بِنْتِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَمِيصَ حَرِيرٍ سِيَرَاءَ . (ابن ماجه ٣٥٩٨۔ نسائی ٩٥٧٦)

(۲۵۱۶۹) حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہتے ہیں کہ میں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیٹی حضرت زینب رضی اللہ عنہا کو خالص ریشم کی قمیص پہنے دیکھا۔

(٤) مَنْ كَرِهَ الْحَرِيرَ لِلنِّسَاءِ

جو عورتوں کے لئے (بھی) ریشم کو ناپسند کرتے ہیں

(٢٥١٧٠) حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ زَيْدٍ ، قَالَ : حَدَّثَتْنِي حَمَادَةُ ، عَنْ أُنَيْسَةَ بِنْتِ زَيْدٍ ؛ أَنَّ أَبَاهَا دَخَلَ عَلَيْهَا فِي بَيْتِهَا وَعَلَيْهَا قَمِيصٌ مِنْ حَرِيرٍ ، فَخَرَجَ وَهُوَ مُغْضَبٌ .

(۲۵۱۷۰) حضرت اُمیہ بنت زید سے روایت ہے کہ ان کے والد ان کے پاس ان کے گھر میں آئے جبکہ انہوں نے ریشم کی قمیص پہن رکھی تھی تو وہ غصہ کھا کر باہر آ گئے۔

(٥) مَنْ رخَّصَ فِي العَلَمِ مِن الْحَرِيرِ فِي الثَّوْبِ

جولوگ کپڑے میں ریشم میں سے نشانی لگانے کی اجازت دیتے ہیں

(٢٥١٧١) حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ ، عَنْ حُصَيْنٍ ، عَنِ الشَّعْبِيِّ ، عَنْ سُوَيْدِ بْنِ غَفَلَةَ ، عَنْ عُمَرَ ؛ أَنَّهُ قَالَ : لاَ يَصْلُحُ مِنْهُ إِلاَّ هَكَذَا ؛ إِصْبَعًا ، أَوْ إِصْبَعَيْنِ ، أَوْ ثَلاَثَةً ، أَوْ أَرْبَعَةً.

(۲۵۱۷۱) حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے فرمایا: اس (ریشم) سے صرف اتنی مقدار درست ہے۔ ایک انگلی، دو انگلیاں، تین انگلیاں یا چار انگلیاں۔

(٢٥١٧٢) حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنْ حَبِيبٍ ، عَنْ زِرٍّ ، قَالَ : قَالَ عُمَرُ : لاَ تَلْبَسُوا مِنَ الْحَرِيرِ إِلاَّ إِصْبَعَيْنِ ، أَوْ ثَلاَثَةً.

(۲۵۱۷۲) حضرت زر سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم لوگ ریشم میں سے ایک یا دو انگلیاں ہی پہنو۔

(٢٥١٧٣) حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ ، عَنْ عِكْرِمَةَ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ؛ أَنَّهُ لَمْ يَكُنْ يَرَى بِالأَعْلاَمِ بَأْسًا.

(۲۵۱۷۳) حضرت عکرمہ، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ نشانیوں میں کوئی حرج نہیں دیکھتے تھے۔

(٢٥١٧٤) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ مُغِيرَةَ بْنِ زِيَادٍ ، عَنْ أَبِي عُمَرَ مَوْلَى أَسْمَاءَ ، قَالَ : رَأَيْتُ ابْنَ عُمَرَ اشْتَرَى عِمَامَةً لَهَا عَلَمٌ ، فَدَعَا بِالْجَمَلَيْنِ فَقَصَّهُ ، فَذَكَرْتُ ذَلِكَ لَهَا ، فَقَالَتْ : بُؤْسًا لِعَبْدِ اللهِ ، يَا جَارِيَةُ ، هَاتِي جُبَّةَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، فَجَائَتْ بِجُبَّةٍ مَكْفُوفَةِ الْكُمَّيْنِ وَالْجَيْبِ وَالْفَرْجَيْنِ بِالدِّيبَاجِ.

(مسلم ۱۶۴۱۔ ابو داؤد ۴۰۵۱)

(۲۵۱۷۴) حضرت اسماء کے مولیٰ حضرت ابو عمر سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ انہوں نے عمامہ خریدا جس میں کوئی (ریشمی) نشانی تھی۔ پس انہوں نے قینچی منگوائی اور اس کو (نشانی کو) کاٹ دیا۔ میں نے یہ بات حضرت اسماء رضی اللہ عنہا سے ذکر کی تو انہوں نے فرمایا: عبداللہ پر تعجب ہے۔ اے لونڈی! جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا جُبہ لے کر آ وَ چنانچہ وہ لونڈی ایک جُبہ لے کر آئی جس کے آستین، گریبان، چاک پر ریشم کا نشان لگا ہوا تھا۔

(٢٥١٧٥) حَدَّثَنَا جَرِيرٌ ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ ، عَنْ عَطَاءٍ ، قَالَ : كَانَتْ لِرَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جُبَّةٌ طَيَالِسَةٌ ، عَلَيْهَا لَبِنَةُ دِيبَاجٍ كِسْرَوَانِيٌّ ، كَانَ يَلْبَسُهَا.

(۲۵۱۷۵) حضرت عطاء سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک شال سے بنا ہوا جُبہ تھا۔ جس پر کسروانی ریشم کی پٹی تھی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کو پہنا کرتے تھے۔

(٢٥١٧٦) حَدَّثَنَا جَرِيرٌ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، قَالَ : كَانُوا يَكْرَهُونَ أَنْ يَلْبَسُوا الثَّوْبَ سَدَاهُ حَرِيرٌ ، أَوْ

لُحْمَتُهُ ، وَلاَ يَرَوْنَ بِالأَعْلاَمِ بَأْسًا.

(۲۵۱۷۶) حضرت ابراہیم سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ پہلے لوگ ایسے کپڑے کو پہننا ناپسند کرتے تھے جس کا تانا یا بانا ریشم کا ہو، لیکن محض کپڑے پر ریشم کے نشانات میں کوئی حرج نہیں دیکھتے تھے۔

(۲۵۱۷۷) حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ ، عَنْ مُغِيرَةَ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، قَالَ : كَانَ يَلْبَسُ طَيْلَسَانًا مُدَبَّجًا.

(۲۵۱۷۷) حضرت مغیرہ، حضرت ابراہیم کے بارے میں روایت کرتے ہیں وہ کہتے ہیں کہ آپ ریشم کے نشان لگی ہوئی شال پہنا کرتے تھے۔

(۲۵۱۷۸) حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ دَاوُد ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ ، قَالَ : كَانَ لأَبِي بَرَّ كَانٌ فِيهِ عَلَمٌ أَرْبَعُ أَصَابِعَ دِيبَاجٍ.

(۲۵۱۷۸) حضرت ہشام بن عروہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میرے والد صاحب کے پاس ایک سیاہ رنگ کی چادر تھی جس میں چار انگلیوں کے بقدر ریشم سے نشانی تھی۔

(۲۵۱۷۹) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ مِسْعَرٍ ، عَنْ أَبِي صَخْرَةَ ، قَالَ : رَأَيْتُ عَلَى الأَسْوَدِ بْنِ هِلاَلٍ طَيْلَسَانًا مُدَبَّجًا طُولاً.

(۲۵۱۷۹) حضرت ابوصخرہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت اسود بن ہلال پر لمبائی میں ریشم لگی ہوئی شال دیکھی۔

(۲۵۱۸۰) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ مِسْعَرٍ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ عُبَيْدٍ، قَالَ: رَأَيْتُ عَلَى عَبْدِ اللهِ بْنِ يَزِيدَ طَيْلَسَانًا مُدَبَّجًا مُدَحرجًا.

(۲۵۱۸۰) حضرت ثابت بن عبید سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن یزید پر ایک ایسی شال دیکھی جس میں گولائی کے ساتھ ریشم لگی ہوئی تھی۔

(۲۵۱۸۱) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ هَمَّامٍ ، عَنْ قَتَادَةَ ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ عِمْرَانَ الْعَبْدِيِّ ، قَالَ : رَأَيْتُ عَلَى سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ طَيْلَسَانًا مُدَبَّجًا.

(۲۵۱۸۱) حضرت اسماعیل بن عمران عبدی سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت سعید بن مسیب پر دیباج لگی ہوئی شال دیکھی۔

(۲۵۱۸۲) حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ ، قَالَ : رَأَيْتُ عَلَى الْقَاسِمِ عِمَامَةً عَلَمُهَا حَرِيرٌ أَبْيَضُ.

(۲۵۱۸۲) حضرت ابن عون سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت قاسم (کے سر) پر ایک ایسا عمامہ دیکھا جس میں سفید ریشم کا نشان لگا ہوا تھا۔

(۲۵۱۸۳) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ ، قَالَ : رَأَيْتُ عَلَى أَبِي جَعْفَرٍ رِدَاءً سَابِرِيًّا مُعَلَّمًا.

(۲۵۱۸۳) حضرت اسماعیل بن عبدالملک سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوجعفر پر ریشم کا نشان لگی ہوئی سابری چادر دیکھی۔

(۲۵۱۸۴) حَدَّثَنَا عَبْدُالرَّحِيمِ، عَنْ سَعِيدٍ مَوْلَى حُذَيْفَةَ، قَالَ: رَأَيْتُ عَلَى عَبْدِاللهِ بْنِ مِعْقَلٍ طَيْلَسَانًا فِيهِ أَزْرَارُ دِيبَاجٍ.

(۲۵۱۸۴) حضرت حذیفہ کے آزاد کردہ غلام حضرت سعید سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن معقل پر ایسی شال دیکھی جس میں ریشم کے نشان تھے۔

(۲۵۱۸۵) حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ ، وَوَكِيعٌ ، عَنْ مِسْعَرٍ ، عَنْ وَبَرَةَ ، قَالَ :سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ يَقُولُ :اجْتَنِبُوا مَا خَالَطَ الْحَرِيرُ مِنَ الثِّيَابِ.

(۲۵۱۸۵) حضرت وبرہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کو کہتے سنا، جن کپڑوں میں ریشم ملا ہو اس سے اجتناب کرو۔

(۲۵۱۸۶) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ ، وَأَبُو دَاوُد الْحَفْرِي ، عَنْ مِسْعَرٍ ، عَنْ وَبَرَةَ ، عَنِ الشَّعْبِيِّ ، عَنْ سُوَيْد بْنِ غَفَلَةَ ، عَنْ عُمَرَ ، قَالَ :لاَ يَصْلُحُ مِنَ الْحَرِيرِ إِلاَّ مَا كَانَ فِي تَكْفِيفٍ ، أَوْ تَزْرِيرٍ.

(۲۵۱۸۶) حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ ریشم میں سے کچھ بھی درست نہیں ہے مگر وہ مقدار جو کف کی جگہ ہو یا بٹن کی جگہ ہو۔

(٦) مَنْ كَرِهَ الْعَلَمَ وَلَمْ يرخِّص فِيهِ

جو لوگ ریشم کی نشانی لگانے کو (بھی) مکروہ سمجھتے ہیں اور اس کی اجازت نہیں دیتے

(۲۵۱۸۷) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ سُمَيْعٍ ، عَنْ مُسْلِمٍ الْبَطِينِ ، عَنْ أَبِي عَمْرٍو الشَّيْبَانِيِّ ، قَالَ :جَاءَ شَيْخٌ فَسَلَّمَ عَلَى عَلِيٍّ ، وَعَلَيْهِ جُبَّةٌ مِنْ طَيَالِسَةٍ فِي مُقَدَّمِهَا دِيبَاجٌ ، فَقَالَ عَلِيٌّ :مَا هَذَا النَّتِنُ تَحْتَ لِحْيَتِكَ ؟ فَنَظَرَ الشَّيْخُ يَمِينًا وَشِمَالاً ، فَقَالَ :مَا أَرَى شَيْئًا ، قَالَ :يَقُولُ الرَّجُلُ :إِنَّمَا يَعْنِي الدِّيبَاجَ ، قَالَ :يَقُولُ الرَّجُلُ :إِذَنْ نُلْقِيهِ ، وَلاَ نَعُودُ.

(۲۵۱۸۷) حضرت ابو عمرو شیبانی سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ ایک بوڑھا آیا اور اس نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو سلام کیا اس بوڑھے نے شال کے کپڑے کا ایک جبہ پہنا ہوا تھا۔ جس کے آگے دیباج لگا ہوا تھا تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تمہاری داڑھی کے نیچے یہ کیا بدبودار چیز ہے؟ اس پر بوڑھے شخص نے اپنے دائیں بائیں دیکھا اور کہا مجھے تو کچھ نظر نہیں آیا۔ راوی کہتے ہیں کسی نے کہا: ان کی مراد دیباج ہے۔ اس آدمی نے کہا: تب تو ہم اس کو پھینک دیں گے اور دوبارہ نہیں پہنیں گے۔

(۲۵۱۸۸) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، قَالَ :حَدَّثَنَا الأَعْمَشُ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مُرَّةَ ، عَنْ حُذَيْفَةَ ؛ أَنَّهُ رَأَى رَجُلاً عَلَيْهِ طَيْلَسَانٌ عَلَيْهِ أَزْرَارُ دِيبَاجٍ ، فَقَالَ :مُتَقَلِّدٌ قَلاَئِدَ الشَّيْطَانِ.

(۲۵۱۸۸) حضرت عبداللہ بن مرہ، حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے ایک آدمی کو شال اوڑھے دیکھا کہ اس پر دیباج کے بٹن ہیں تو انہوں نے فرمایا: شیطان کے ہار کے ساتھ ہار پہنے ہوئے ہے۔

(٢٥١٨٩) حَدَّثَنَا عَبْدُ الأَعْلَى ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنِ الْحَسَنِ ، وَمُحَمَّدٍ ؛ أَنَّهُمَا كَرِهَا الْعَلَمَ فِي الثَّوْبِ.

(۲۵۱۸۹) حضرت ہشام، حضرت حسن اور حضرت محمد رحمہما اللہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ یہ دونوں حضرات کپڑے میں نشان کو ناپسند سمجھتے تھے۔

(٢٥١٩٠) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، قَالَ :حَدَّثَنَا الأَعْمَشُ ، عَنْ مُجَاهِدٍ؛ أَنَّ ابْنَ عُمَرَ اشْتَرَى عِمَامَةً فَرَأَى فِيهَا عَلَمًا فَقَطَعَهُ.

(۲۵۱۹۰) حضرت مجاہد سے روایت ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے ایک عمامہ خریدا تو آپ رضی اللہ عنہ نے اس میں نشان دیکھا، پس آپ رضی اللہ عنہ نے اس نشان کو کاٹ دیا۔

(٢٥١٩١) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عَطِيَّةَ ، عَنِ النَّضْرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ ؛ أَنَّ قَيْسَ بْنَ عُبَادٍ وَفَدَ إِلَى مُعَاوِيَةَ فَكَسَاهُ رَيْطَةً ، فَفَتَقَ عَلَمَهَا وَارْتَدَى بِهَا.

(۲۵۱۹۱) حضرت نضر بن عبداللہ سے روایت ہے کہ قیس بن عباد، حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے پاس وفد میں آئے۔ اور انہوں نے ایک ملائم کپڑا آپ رضی اللہ عنہ کو پہننے کو دیا۔ آپ رضی اللہ عنہ نے اس کے نشان کو علیحدہ کرلیا اور اس کو چادر کے طور پر اوڑھ لیا۔

(٢٥١٩٢) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: كُنَّا نَقْطَعُ الأَعْلاَمَ.

(۲۵۱۹۲) حضرت جابر بن عبداللہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ ہم لوگ نشانات (ریشم) کو کاٹ دیا کرتے تھے۔

(٧) فِي الْقَزِّ وَالإِبْرَيْسَمِ لِلنِّسَاءِ

عورتوں کے لئے خام ریشم اور اعلیٰ قسم کے ریشم کا بیان

(٢٥١٩٣) حَدَّثَنَا حَفْصٌ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ أَبِي هِنْدٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ؛ أَنَّهُ كَانَ يَكْسُو بَنَاتِهِ خُمُرَ الْقَزِّ وَنِسَاءَهُ.

(۲۵۱۹۳) حضرت نافع رحمہ اللہ، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ آپ رضی اللہ عنہ اپنی بیٹیوں کو اور اپنی عورتوں کو خام ریشم کا دوپٹہ پہناتے تھے۔

(٢٥١٩٤) حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ ، قَالَ :قُلْتُ لِسَالِمٍ :الرَّجُلُ يَكْسُو أَهْلَهُ الْقَزَّ ، وَالْخُمُرَ ، وَالثِّيَابَ ، فَقَالَ :قَدْ كُنْتُ لاَ أَكْسُوهُنَّ إِيَّاهُ ، فَمَا زالوا بِي حَتَّى كَسَوْتُهُنَّ إِيَّاهُ ، وَإِنْ لَمْ تَكْسُهُ ، فَهُوَ وَاللَّهِ خَيْرٌ.

(۲۵۱۹۴) حضرت ابن عون سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت سالم سے پوچھا۔ آدمی اپنے گھر والوں کو خام ریشم کے کپڑے اور دوپٹے پہنا لے؟ انہوں نے فرمایا: میں تو انہیں یہ کپڑا نہیں پہنایا کرتا تھا لیکن انہوں نے مجھ سے بہت اصرار کیا یہاں تک کہ میں نے انہیں یہ پہنا دیا اور اگر یہ کپڑا وہ نہ پہنیں تو یہ بات بخدا بہتر ہے۔

(٢٥١٩٥) حَدَّثَنَا عَبْدُ الأَعْلَى ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنِ الْحَسَنِ ، وَمُحَمَّدٍ ؛ أَنَّهُمَا كَانَا يَكْرَهَانِ الْقَزَّ وَالإِبْرَيْسَمَ.

(۲۵۱۹۵) حضرت ہشام، حضرت حسن اور حضرت محمد رحمہما اللہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ یہ دونوں حضرات خام ریشم اور اعلیٰ

قسم کے ریشم کو ناپسند کرتے تھے۔

(۸) فِي لُبْسِ الثِّيَابِ السَّابِرِيَّةِ

باریک اور عمدہ کپڑے کے پہننے کے بارے میں

(٢٥١٩٦) حَدَّثَنَا مِسْعَرٌ ، عَنْ عَطِيَّةَ ، قَالَ : رَأَيْتُ ابْنَ عُمَرَ أَخَذَ مُلَاءَةً سَابِرِيَّةً ، أَوْ رَقِيقَةً ، فَجَمَعَهَا بِيَدِهِ ، ثُمَّ رَمَى بِهَا.

(۲۵۱۹۶) حضرت عطیہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ انہوں نے باریک کپڑے کو پکڑا پھر اس کو اپنے ہاتھ سے اکٹھا کیا پھر اس کو پھینک دیا۔

(٢٥١٩٧) حَدَّثَنَا حَفْصٌ ، عَنْ لَيْثٍ ، عَنْ طَاوُوسٍ ؛ أَنَّهُ كَانَ يَكْرَهُ لُبْسَ الثَّوْبِ السَّابِرِيِّ الرَّقِيقِ.

(۲۵۱۹۷) حضرت لیث، حضرت طاؤس کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ باریک اور عمدہ کپڑا پہننے کو ناپسند سمجھتے تھے۔

(٢٥١٩٨) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ ، عَنْ عُبَيْدٍ ، قَالَ : رَأَيْتُ عَلَى الْقَاسِمِ رِدَاءً شَطَوِيًّا لَهُ عَلَمٌ.

(۲۵۱۹۸) حضرت عبید سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت قاسم پر مقام شطا کی تیار شدہ ایک چادر دیکھی جس میں نشانات تھے۔

(٢٥١٩٩) حَدَّثَنَا أَبُو بَكر ، قَالَ : قَالَ ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنْ خَالِدٍ ، عَنْ أُنَيْسٍ أَبِي الْعُرْيَانِ ، قَالَ : رَأَيْتُ عَلَى الْحَسَنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ قَمِيصًا رَقِيقًا ، وَعِمَامَةً رَقِيقَةً.

(۲۵۱۹۹) حضرت اُنیس ابوالعریان سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت حسن بن محمد بن علی کو ایک باریک قمیص اور باریک عمامہ پہنے ہوئے دیکھا۔

(٢٥٢٠٠) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنْ أَبِي حَيَّانَ ، عَنْ حَبِيبٍ ، قَالَ : رَأَيْتُ عَلَى ابْنِ عَبَّاس قَمِيصًا سَابِرِيًّا رَقِيقًا ، اسْتُشِفَّ إِزَارُهُ مِنْ رِقَّتِهِ.

(۲۵۲۰۰) حضرت حبیب سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ پر ایک باریک اور عمدہ قمیص دیکھی۔ آپ کا ازار بوجہ باریکی کے چھنا ہوا محسوس ہوتا تھا۔

(٢٥٢٠١) حَدَّثَنَا الْفَضْلُ ، قَالَ : حَدَّثَنَا أَبُو إِسْرَائِيلَ ، قَالَ : كَانَ الْحَكَمُ يَعْتَمُّ بِعِمَامَةٍ سَابِرِيٍّ.

(۲۵۲۰۱) حضرت ابواسرائیل بیان کرتے ہیں کہتے ہیں کہ حضرت حکم نرم اور عمدہ عمامہ پہنا کرتے تھے۔

(٢٥٢٠٢) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ عبد الْمَلِكِ ، قَالَ : رَأَيْتُ عَلَى أَبِي جَعْفَرٍ رِدَاءً سَابِرِيًّا مُعَلَّمًا.

(۲۵۲۰۲) حضرت اسماعیل بن عبدالملک سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوجعفر پر باریک اور عمدہ نشان زدہ

چادر دیکھی۔

(٢٥٢٠٣) حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُوسَى ، عَنْ شَيْبَانَ ، عَنْ لَيْثٍ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ؛ أَنَّهُ كَانَ يَكْرَهُ الثِّيَابَ الرِّقَاقَ.

(۲۵۲۰۳) حضرت لیث، حضرت مجاہد کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ باریک کپڑوں کو ناپسند کرتے تھے۔

(٢٥٢٠٤) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ أَفْلَحَ ، قَالَ :رَأَيْتُ عَلَى الْقَاسِمِ رِدَاءً رَقِيقًا.

(۲۵۲۰۴) حضرت افلح سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت قاسم پر باریک چادر دیکھی۔

(٢٥٢٠٥) حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ ، عَنْ عَطَاءٍ ، قَالَ :الْحَرِيرُ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنَ السَّابِرِيِّ.

(۲۵۲۰۵) حضرت عطاء سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ مجھے باریک اور عمدہ کپڑے سے زیادہ ریشم محبوب ہے۔

(٢٥٢٠٦) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْخَيَّاطِ ، عَنْ عِكْرِمَةَ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ؛ أَنَّهُ كَانَ لَهُ رِدَاءٌ رَقِيقٌ.

(۲۵۲۰۶) حضرت عکرمہ، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ ان کے پاس ایک باریک چادر تھی۔

(٩) فِي لُبْسِ الْمُعَصْفَرِ لِلرِّجَالِ ، وَمَنْ رَخَّصَ فِيهِ

مردوں کے لئے معصفر (زرد رنگ) کپڑا پہننے کے بارے میں، اور جو حضرات اس میں رخصت کے قائل ہیں

(٢٥٢٠٧) حَدَّثَنَا شَرِيكٌ ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ ، عَنِ الْبَرَاءِ ، قَالَ :مَا رَأَيْتُ أَجْمَلَ مِنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُرَجَّلاً فِي حُلَّةٍ حَمْرَاءَ. (بخاری ۳۵۵۱۔ مسلم ۹۲)

(۲۵۲۰۷) حضرت براء سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے سرخ جوڑے میں بال بنایا ہوا کوئی شخص جناب رسول اللہ ﷺ سے بڑھ کر جمال والا نہیں دیکھا۔

(٢٥٢٠٨) حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ إِسْحَاقَ ، قَالَ :حَدَّثَنِي أَبِي ، قَالَ :رَأَيْتُ نَافِعَ بْنَ جُبَيْرٍ بِالْعَرْجِ، وَعَلَيْهِ مُعَصْفَرٌ.

(۲۵۲۰۸) حضرت عبدالرحمٰن بن اسحٰق سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت نافع بن جبیر کو مقام عرج میں اس حالت میں دیکھا کہ ان پر معصفر (یعنی زرد رنگ کیا ہوا) کپڑا تھا۔

(٢٥٢٠٩) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، عَنِ الْعَوَّامِ ، قَالَ :رَأَيْتُ عَلَى إِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ ، وَإِبْرَاهِيمَ النَّخَعِيِّ عَلَى كُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا مِلْحَفَةً حَمْرَاءَ.

(۲۵۲۰۹) حضرت عوام سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابراہیم تیمی رحمہ اللہ اور حضرت ابراہیم نخعی رحمہ اللہ دونوں پر سرخ رنگ کا لحاف دیکھا۔

(٢٥٢١٠) حَدَّثَنَا عُبَيْدُاللهِ بْنُ مُوسَى، عَنْ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ، عَنْ مُوسَى بْنِ طَلْحَةَ؛ أَنَّ طَلْحَةَ كَانَ يَلْبَسُ الْمُعَصْفَرَ.

(۲۵۲۱۰) حضرت موسیٰ بن طلحہ سے روایت ہے کہ حضرت طلحہ معصفر (زرد رنگ کیا ہوا) کپڑا پہنا کرتے تھے۔

(٢٥٢١١) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ ، قَالَ :رَأَيْتُ عَلَى أَبِي جَعْفَرٍ مِلْحَفَةً حَمْرَاءَ.

(۲۵۲۱۱) حضرت عمرو بن عثمان سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوجعفر پر سُرخ رنگ کی چادر دیکھی۔

(٢٥٢١٢) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنِ الْعَلاَءِ بْنِ عَبْدِ الْكَرِيمِ ، قَالَ :رَأَيْتُ عَلَى إِبْرَاهِيمَ ثَوْبًا مُعَصْفَرًا.

(۲۵۲۱۲) حضرت علاء بن عبدالکریم سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابراہیم پر معصفر (زرد رنگ کیا ہوا) کپڑا پہنے ہوئے دیکھا۔

(٢٥٢١٣) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ ، عَنْ مُحَمَّدٍ : كَانَ لاَ يَرَى بَأْسًا بِلُبْسِ الرَّجُلِ الثَّوْبَ الْمَصْبُوغَ بِالْعُصْفُرِ أَوِ الزَّعْفَرَانِ.

(۲۵۲۱۳) حضرت ابن عون، حضرت محمد کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ آدمی کے لئے عصفر یا زعفران سے رنگے ہوئے کپڑے کو پہننے میں کوئی حرج نہیں سمجھتے تھے۔

(٢٥٢١٤) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ مَالِكِ بْنِ مِغْوَلٍ ، قَالَ :رَأَيْتُ عَلَى الشَّعْبِيِّ مِلْحَفَةً حَمْرَاءَ.

(۲۵۲۱۴) حضرت مالک بن مغول سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت شعبی پر سُرخ رنگ کی چادر دیکھی۔

(٢٥٢١٥) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ بَهْدَلَةَ ، قَالَ :أَدْرَكْتُ أَقْوَامًا كَانُوا يَتَّخِذُونَ هَذَا اللَّيْلَ جَمَلاً يَلْبَسُونَ الْمُعَصْفَرَ ، مِنْهُمْ ؛ زِرٌّ ، وَأَبُو وَائِلٍ.

(۲۵۲۱۵) حضرت عاصم بن بہدلہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے ایسے لوگوں کو پایا ہے جو راتوں کو خوب عبادت کرتے تھے۔ وہ بھی معصفر کپڑا پہنا کرتے تھے۔ انہی میں سے حضرت زر اور حضرت ابووائل بھی تھے۔

(٢٥٢١٦) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ نَصْرِ بْنِ أَوْسٍ ، قَالَ :رَأَيْتُ عَلَى عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ مِلْحَفَةً حَمْرَاءَ.

(۲۵۲۱۶) حضرت نصر بن اوس سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت علی بن حسین رحمہ اللہ پر سُرخ رنگ کی چادر دیکھی۔

(٢٥٢١٧) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ حَسَنٍ ، عَنْ جَابِرٍ ، عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ قَالَ :إِنَّا آلُ مُحَمَّدٍ نَلْبَسُ الْمُعَصْفَرَ.

(۲۵۲۱۷) حضرت ابوجعفر سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ ہم آل محمد ﷺ معصفر کپڑا پہنتے ہیں۔

(٢٥٢١٨) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنْ مُحَمَّدٍ ، قَالَ : كَانَ الْمُعَصْفَرُ لِبَاسَ الْعَرَبِ ، وَلاَ أَعْلَمُ شَيْئًا هَدَمَهُ فِي الإِسْلاَمِ ، وَكَانَ لاَ يَرَى بِهِ بَأْسًا.

(۲۵۲۱۸) حضرت محمد سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ عرب کا لباس معصفر ہوتا تھا، مجھے کسی ایسی چیز کا علم نہیں ہے جس کو اسلام میں ختم کر دیا گیا ہو۔ آپ رحمہ اللہ ایسے لباس میں کوئی حرج نہیں دیکھتے تھے۔

(٢٥٢١٩) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، أَنَّهُ كَانَ يُصْبَغُ لَهُ الثَّوْبُ بِدِينَارٍ فَيَلْبَسُهُ.

(۲۵۲۱۹) حضرت ہشام، اپنے والد کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ ان کے لئے ایک دینار میں کپڑے کو رنگا جاتا پھر آپ اس کو پہنتے تھے۔

(٢٥٢٢٠) حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ سُلَيْمَانَ الرَّازِيُّ ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ بُخْتٍ ، قَالَ :رَأَيْتُ عَلَى أَبِي جَعْفَرٍ الْمُعَصْفَرَاتِ ، أَوِ الْمُعَصْفَرَ ، وَرَأَيْتُ عَلَيْهِ رَدْعًا مِنَ الْخَلُوقِ.

(۲۵۲۲۰) حضرت سلمہ بنت بُخت سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوجعفر پر مُعصفرات یا معصفر کپڑا دیکھا اور اس میں بوسیدگی کے آثار بھی دیکھے۔

(٢٥٢٢١) حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: رَأَيْتُ عَلَى إِبْرَاهِيمَ مِلْحَفَةً حَمْرَاءَ مُشَبَّعَةً.

(۲۵۲۲۱) حضرت سفیان، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابراہیم پر خوب سُرخ رنگ کی چادر دیکھی۔

(٢٥٢٢٢) حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ حُبَابٍ ، قَالَ :حَدَّثَنِي حُسَيْنُ بْنُ وَاقِدٍ ، قَالَ :حَدَّثَنِي عَبْدُ اللهِ بْنُ بُرَيْدَةَ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُنَا ، فَأَقْبَلَ الْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ عَلَيْهِمَا قَمِيصَانِ أَحْمَرَانِ.

(ابوداؤد ۱۱۰۲۔ ترمذی ۳۷۷۴)

(۲۵۲۲۲) حضرت عبداللہ بن بریدہ، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا: جناب رسول اللہ ﷺ ہمیں خطبہ ارشاد فرما رہے تھے کہ اس دوران حضرت حسن رضی اللہ عنہ اور حضرت حسین رضی اللہ عنہ تشریف لائے اور ان دونوں کے جسم پر دو سُرخ قمیصیں تھیں۔

(١٠) مَنْ كَرِهَ الْمُعَصْفَرَ لِلرِّجَالِ

جولوگ مردوں کے لئے معصفر کو ناپسند کرتے ہیں

(٢٥٢٢٣) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ مُبَارَكٍ ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ ، عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ ، عَنْ جُبَيْرِ بن نُفَيْرٍ الْحَضْرَمِيِّ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو ، قَالَ :رَآنِي النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَيَّ ثَوْبٌ مُعَصْفَرٌ فَقَالَ :أَلْقِهَا ، فَإِنَّهَا ثِيَابُ الْكُفَّارِ. (مسلم ۲۷۔ احمد ۲/ ۲۰۷)

(۲۵۲۲۳) حضرت عبداللہ بن عمرو سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے مجھے اس حالت میں دیکھا کہ مجھ پر معصفر (زرد رنگا ہوا کپڑا) کپڑا تھا۔ تو آپ ﷺ نے فرمایا: ''تم اس کو اتار دو اس لیئے کہ یہ کفار کا کپڑا ہے۔''

(٢٥٢٢٤) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ حُنَيْنٍ ، قَالَ :سَمِعْتُ عَلِيًّا يَقُولُ :نَهَانِي رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، وَلاَ أَقُولُ نَهَاكُمْ ، عَنْ لُبْسِ الْمُعَصْفَرِ. (مسلم ۱۶۴۹۔ ابوداؤد ۴۰۴۱)

(۲۵۲۲۴) حضرت عبداللہ بن حنین سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو کہتے سُنا کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے مجھے منع فرمایا تھا لیکن میں تمہیں منع نہیں کرتا۔ معصفر کے پہننے سے۔

(۲۵۲۲۵) حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ ، عَنْ حَجَّاجٍ ، عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ حَفْصٍ ، عَنِ ابْنِ حُنَيْنٍ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ : لاَ تَلْبَسُوا ثَوْبًا أَحْمَرَ مُتَوَرِّدًا.

(۲۵۲۲۵) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ، جناب نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: ''اور تم گلاب کی طرح کا سُرخ رنگ کپڑا نہ پہنو۔''

(۲۵۲۲۶) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ ، قَالَ : حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ جَدِّهِ ، قَالَ : أَقْبَلْنَا مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ ثَنِيَّةِ أَذَاخِرَ ، فَالْتَفَتَ إِلَيَّ وَعَلَيَّ رَيْطَةٌ مُضَرَّجَةٌ بِالْعُصْفُرِ ، فَقَالَ : مَا هَذِهِ ؟ فَعَرَفْتُ مَا كَرِهَ ، فَأَتَيْتُ أَهْلِي وَهُمْ يَسْجُرُونَ تَنُّورَهُمْ ، فَقَذَفْتُهَا فِيهِ ، ثُمَّ أَتَيْتُهُ مِنَ الْغَدِ فَقَالَ : يَا عَبْدَ اللهِ ، مَا فَعَلَتِ الرَّيْطَةُ ؟ فَأَخْبَرْتُهُ فَقَالَ : أَلاَ كَسَوْتَهَا بَعْضَ أَهْلِكَ ، فَإِنَّهُ لاَ بَأْسَ بِذَلِكَ لِلنِّسَاءِ.

(۲۵۲۲۶) حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد، اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ وہ کہتے ہیں ہم لوگ جناب رسول اللہ ﷺ کے ہمراہ اذاخر کی گھاٹی سے آئے، آپ ﷺ نے میری طرف دیکھا۔ اور (اس وقت) مجھ پر ایک گلاب کے رنگ سے کچھ تیز عصفر کی رنگی ہوئی چادر تھی۔ اس پر آپ ﷺ نے فرمایا: ''یہ کیا ہے؟'' اس سے میں نے آپ ﷺ کی ناپسندیدگی کو پہچانا، تو میں اپنے گھر والوں کے پاس آیا۔ وہ لوگ (اس وقت) تندور کو گرما رہے تھے۔ پس میں نے وہ چادر تندور میں پھینک دی۔ پھر میں دوسرے دن آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا، تو آپ ﷺ نے پوچھا۔ ''اے عبداللہ! چادر کا کیا ہوا؟'' میں نے آپ ﷺ کو وہ بات بتائی، تو آپ ﷺ نے فرمایا: ''تم نے وہ چادر اپنے گھر والوں میں سے کسی کو کیوں نہیں پہنا دی۔ کیونکہ عورتوں کے لئے اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔''

(۲۵۲۲۷) حَدَّثَنَا عَلِيٌّ ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي زِيَادٍ ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ سُهَيْلٍ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ ، قَالَ : نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْقَسِّيَّةِ وَالْمُفَدَّمِ ، قَالَ يَزِيدُ : قُلْتُ لِلْحَسَنِ : مَا الْمُفَدَّمُ ؟ قَالَ : الْمُشَبَّعُ بِالْعُصْفُرِ. (بزار ۴۷۶)

(۲۵۲۲۷) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے قسّیہ (مصر کے علاقہ میں بنائے جانے والے کپڑے جن پر ترنج کی شکلیں ہوتی ہیں) اور مُفدّم سے منع کیا۔ راوی یزید کہتے ہیں کہ میں نے حضرت حسن (استاد) سے کہا مفدّم کیا ہوتا ہے؟ انہوں نے جواب دیا خوب تیز عصفر کا رنگ کیا ہوا۔

(۲۵۲۲۸) حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنْ أَيُّوبَ ، عَنْ تَمِيمٍ الْخُزَاعِيِّ ، قَالَ : حَدَّثَتْنَا عَجُوزٌ لَنَا ، قَالَتْ : كُنْتُ أَرَى عُمَرَ إِذَا رَأَى عَلَى رَجُلٍ ثَوْبًا مُعَصْفَرًا ضَرَبَهُ ، وَقَالَ : ذَرُوا هَذِهِ الْبُرَّاقَاتِ لِلنِّسَاءِ.

(۲۵۲۲۸) حضرت تمیم خزاعی سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ ہمیں ہماری ایک بڑھیا نے یہ بات بیان کی۔ کہتی ہیں کہ میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو دیکھا کرتی تھی کہ وہ جب کسی مرد کو عصفر کپڑا پہنے ہوئے دیکھتے تو اس کو مارتے اور فرماتے یہ چمک دمک والی چیزیں عورتوں کے لیئے چھوڑ دو۔

(۲۵۲۲۹) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ فُضَيْلٍ ، عَنْ نَافِعٍ ؛ أَنَّ ابْنِ عُمَرَ رَأَى عَلَى ابْنٍ لَهُ مُعَصْفَرًا ، فَنَهَاهُ.

(۲۵۲۲۹) حضرت نافع سے روایت ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے ایک بیٹے (کے جسم) پر معصفر کپڑا دیکھا تو آپ رضی اللہ عنہ نے اس کو منع کیا۔

(۲۵۲۳۰) حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنْ لَيْثٍ ، عَنْ عَطَاءٍ ، وَطَاوُوسٍ ، وَمُجَاهِدٍ ؛ أَنَّهُمْ كَانُوا يَكْرَهُونَ التَّضْرِيجَ فَمَا فَوْقَهُ لِلرِّجَالِ.

(۲۵۲۳۰) حضرت لیث، حضرت عطاء، حضرت طاؤس اور حضرت مجاہد کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ مردوں کے لئے گلاب سے زیادہ تیز رنگ (عصفر) مکروہ سمجھتے تھے۔

(۲۵۲۳۱) حَدَّثَنَا عَبْدُ الأَعْلَى ، عَنْ مَعْمَرٍ ، عَنِ الزُّهْرِيِّ ؛ أَنَّهُ كَانَ يَكْرَهُ الْمُعَصْفَرَ لِلرِّجَالِ.

(۲۵۲۳۱) حضرت معمر، حضرت زہری رحمہ اللہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ مردوں کے لئے معصفر کو ناپسند کرتے تھے۔

(۲۵۲۳۲) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الأَسَدِيُّ ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَوْهَبٍ ، قَالَ : حَدَّثَنِي عَمِّي ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، عَنْ عُثْمَانَ ، قَالَ : نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمُعَصْفَرِ.

(۲۵۲۳۲) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ، حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے معصفر سے منع کیا۔

(۱۱) فِي الْمُعَصْفَرِ لِلنِّسَاءِ

عورتوں کے لئے معصفر کے بارے میں

(۲۵۲۳۳) حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ ، عَنْ سَعِيدٍ ، عَنْ أَبِي مَعْشَرٍ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ؛ أَنَّهُ كَانَ يَدْخُلُ مَعَ عَلْقَمَةَ وَالأَسْوَدِ عَلَى أَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، فَيَرَاهُنَّ فِي اللُّحُفِ الْحُمْرِ ، قَالَ : وَكَانَ إِبْرَاهِيمُ لاَ يَرَى بِالْمُعَصْفَرِ بَأْسًا.

(۲۵۲۳۳) حضرت ابو معشر، حضرت ابراہیم کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ حضرت علقمہ اور حضرت اسود کے ہمراہ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات کے پاس حاضر ہوتے تھے اور یہ ان کو سرخ لحافوں میں دیکھتے تھے۔ راوی کہتے ہیں حضرت ابراہیم، معصفر کے متعلق کوئی حرج کی بات نہیں دیکھتے تھے۔

(٢٥٢٣٤) حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ عَطَاءٍ، وَطَاوُوسٍ، وَمُجَاهِدٍ؛ أَنَّهُمْ كَانُوا لاَ يَرَوْنَ بَأْسًا بِالْحُمْرَةِ لِلنِّسَاءِ.

(۲۵۲۳۴) حضرت لیث، حضرت طاؤس، حضرت عطاء، حضرت مجاہد کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ یہ تمام حضرات عورتوں کے لئے سُرخ رنگ میں کوئی حرج نہیں دیکھتے تھے۔

(٢٥٢٣٥) حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ ، عَنْ أَيُّوبَ ، عَنِ ابْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ ، قَالَ : رَأَيْتُ عَلَى أُمِّ سَلَمَةَ دِرْعًا وَمِلْحَفَةً مُشْبَعَتَيْنِ بِالْعُصْفُرِ.

(۲۵۲۳۵) حضرت ابن ابی ملیکہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا پر ایک قمیص اور چادر ایسی دیکھی کہ ان دونوں کو خوب تیز عصفر لگا ہوا تھا۔

(٢٥٢٣٦) حَدَّثَنَا عَبْدُاللهِ بْنُ نُمَيْرٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنِ الْقَاسِمِ؛ أَنَّ عَائِشَةَ كَانَتْ تَلْبَسُ الثِّيَابَ الْمُعَصْفَرَةَ، وَهِيَ مُحْرِمَةٌ.

(۲۵۲۳۶) حضرت قاسم سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا معصفر کپڑے پہنا کرتی تھیں جبکہ وہ حالت احرام میں (بھی) ہوتی تھیں۔

(٢٥٢٣٧) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ ، عَنِ الْقَاسِمِ ؛ أَنَّ عَائِشَةَ كَانَتْ تَلْبَسُ الثِّيَابَ الْمُوَرَّدَةَ بِالْعُصْفُرِ ، وَهِيَ مُحْرِمَةٌ.

(۲۵۲۳۷) حضرت قاسم سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا گلاب کی طرح کا عصفر لگا کپڑا پہنا کرتی تھیں جبکہ وہ حالت احرام میں ہوتی تھیں۔

(٢٥٢٣٨) حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنْ أَيُّوبَ ، عَنْ تَمِيمٍ الْخُزَاعِيِّ ، قَالَ : حَدَّثَتْنَا عَجُوزٌ ، قَالَتْ : قَالَ عُمَرُ : ذَرُوا هَذِهِ الْبُرَّاقَاتِ لِلنِّسَاءِ.

(۲۵۲۳۸) حضرت تمیم خزاعی سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ ہمیں ایک بڑھیا نے بیان کیا۔ اس نے کہا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا کہنا ہے یہ چمک دمک والی چیزیں عورتوں کے لئے چھوڑ دو۔

(٢٥٢٣٩) حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ الْمُنْذِرِ ؛ أَنَّ أَسْمَاءَ كَانَتْ تَلْبَسُ الْمُعَصْفَرَ وَهِيَ مُحْرِمَةٌ.

(۲۵۲۳۹) حضرت فاطمہ بنت منذر سے روایت ہے کہ حضرت اسماء رضی اللہ عنہا معصفر کپڑا پہن لیا کرتی تھیں حالانکہ وہ حالتِ احرام میں ہوتی تھیں۔

(٢٥٢٤٠) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، عَنْ سَعِيدٍ ، عَنْ أَبِي مَعْشَرٍ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ ؛ أَنَّهُ رَأَى بَعْضَ أَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَطُوفُ بِالْبَيْتِ ، وَعَلَيْهَا ثِيَابٌ مُعَصْفَرَةٌ.

(۲۵۲۴۰) حضرت ابو معشر، حضرت سعید بن جُبیر رحمۃ اللہ علیہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی

بعض ازواج مطہرات کو بیت اللہ کا طواف کرتے دیکھا حالانکہ ان (کے جسم) پر معصفر کپڑے تھے۔

(٢٥٢٤١) حَدَّثَنَا عَبْدُ الأَعْلَى ، عَنْ مَعْمَرٍ ، عَنِ الزُّهْرِيِّ ؛ أَنَّهُ كَانَ لاَ يَرَى بَأْسًا بِالْمُعَصْفَرِ لِلنِّسَاءِ.

(۲۵۲۴۱) حضرت معمر، حضرت زہری کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ عورتوں کے لئے معصفر کپڑے میں کوئی حرج نہیں دیکھتے تھے۔

(٢٥٢٤٢) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، قَالَ : أَخْبَرَنَا إِسْمَاعِيلُ ، عَنْ أُخْتِهِ سُكَيْنَةَ ، قَالَتْ : دَخَلْتُ مَعَ أُمِّي عَلَى عَائِشَةَ ، فَرَأَيْتُ عَلَيْهَا دِرْعًا أَحْمَرَ وَخِمَارًا أَسْوَدَ.

(۲۵۲۴۲) حضرت اسماعیل، اپنی بہن حضرت سکینہ سے روایت کرتے ہیں وہ کہتی ہیں کہ میں اپنی والدہ کے ہمراہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے ہاں گئی تو میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا پر سُرخ قمیص اور سیاہ دوپٹہ دیکھا۔

(١٢) فِي الثِّيَابِ الصُّفْرِ لِلرِّجَالِ

مردوں کے لئے زرد کپڑوں کے بارے میں

(٢٥٢٤٣) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنْ سَعِيدٍ ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَالِكٍ ؛ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَصْبُغُ ثِيَابَهُ بِالزَّعْفَرَانِ ، حَتَّى الْعِمَامَةَ. (ابوداؤد ۴۰۶۱۔ احمد ۲/ ۱۳۶)

(۲۵۲۴۳) حضرت یحییٰ بن عبداللہ بن مالک سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ اپنے کپڑوں کو زعفران سے رنگا کرتے تھے یہاں تک کہ عمامہ کو بھی۔

(٢٥٢٤٤) حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ ، عَنْ حُصَيْنٍ ، عَنْ عُمَرَ بْنِ جَاوَانٍ ، عَنِ الأَحْنَفِ بْنِ قَيْسٍ ، قَالَ : جَاءَ عُثْمَانُ وَعَلَيْهِ مَلِيَّةٌ لَهُ صَفْرَاءُ ، قَدْ قَنَّعَ بِهَا رَأْسَهُ. (حاکم ۳۶۱)

(۲۵۲۴۴) حضرت احنف بن قیس سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ تشریف لائے اور آپ رضی اللہ عنہ پر آپ کی چادر پیلے رنگ کی تھی جس سے آپ رضی اللہ عنہ نے اپنے سر کو ڈھانپا ہوا تھا۔

(٢٥٢٤٥) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُونَ ؛ أَنَّ عُمَرَ كَانَ عَلَيْهِ يَوْمَ أُصِيبَ ثَوْبٌ أَصْفَرُ.

(۲۵۲۴۵) حضرت عمرو بن میمون سے روایت ہے کہ جس دن حضرت عمر رضی اللہ عنہ پر حملہ ہوا اس دن آپ رضی اللہ عنہ نے پیلے کپڑے پہنے ہوئے تھے۔

(٢٥٢٤٦) حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ أَبِي ظَبْيَانَ ، قَالَ : رَأَيْتُ عَلَى عَلِيٍّ قَمِيصًا وَإِزَارًا أَصْفَرَ.

(۲۵۲۴۶) حضرت ابوظبیان سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ پر پیلے رنگ کی قمیص اور ازار دیکھی۔

(٢٥٢٤٧) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ ، عَنْ رَجُلٍ مِنْ وَلَدِ الزُّبَيْرِ ، يُقَالَ لَهُ :عَبَّادُ بْنُ حَمْزَةَ ؛ أَنَّ الزُّبَيْرَ بْنَ الْعَوَّامِ كَانَتْ عَلَيْهِ عِمَامَةٌ صَفْرَاءُ مُعْتَجِرًا بِهَا ، فَنَزَلَتِ الْمَلاَئِكَةُ وَعَلَيْهِمْ عَمَائِمُ صُفْرٌ.

(۲۵۲۴۷) حضرت زبیر کی اولاد میں سے عباد بن حمزہ نامی شخص سے روایت ہے کہ حضرت زبیر بن عوام کے سر پر پیلے رنگ کا عمامہ یوں بندھا ہوا تھا کہ ٹھوڑی سے نیچے اس کا کوئی حصہ نہیں تھا تو فرشتے اُترے اور انہوں نے بھی پیلے رنگ کی پگڑیاں باندھی ہوئی تھیں۔

(٢٥٢٤٨) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ ، عَنِ الشَّيْبَانِيِّ ، قَالَ :رَأَيْتُ عَلَى ابْنِ الْحَنَفِيَّةِ مِطْرَفًا أَصْفَرَ.

(۲۵۲۴۸) حضرت شیبانی سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت علی ابن الحنفیہ پر پیلے رنگ کی چادر دیکھی۔

(٢٥٢٤٩) حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ ، قَالَ : رَأَيْتُ عَلَى مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ إِزَارًا أَصْفَرَ، وَهُوَ يَجْلِسُ مَعَ الْمَسَاكِينِ.

(۲۵۲۴۹) حضرت اسماعیل بن خالد سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت مصعب بن سعید (کے جسم) پر پیلے رنگ کی ازار دیکھی جبکہ وہ مساکین کے ساتھ بیٹھے ہوئے تھے۔

(٢٥٢٥٠) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ أَبِي ظَبْيَانَ ، قَالَ :رَأَيْتُ عَلَى عَلِيٍّ إِزَارًا أَصْفَرَ ، وَخَمِيصَةً.

(۲۵۲۵۰) حضرت ابوظبیان سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ پر پیلے رنگ کی ازار دیکھی جو نشانات والی روئی سے بنی ہوئی تھی۔

(٢٥٢٥١) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَرْزُوقٍ ، قَالَ :رَأَيْتُ عَلَى إِبْرَاهِيمَ إِزَارًا أَصْفَرَ.

(۲۵۲۵۱) حضرت عمرو بن مرزوق سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابراہیم پر زرد رنگ کا ازار دیکھا۔

(٢٥٢٥٢) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ حَنَشِ بْنِ الْحَارِثِ ، قَالَ :رَأَيْتُ عَلَى إِبْرَاهِيمَ رِدَاءً أَصْفَرَ ، وَثَوْبًا أَصْفَرَ.

(۲۵۲۵۲) حضرت حنش بن حارث سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابراہیم پر زرد رنگ کی چادر اور زرد کپڑا دیکھا۔

(٢٥٢٥٣) حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ ، عَنْ مَالِكِ بْنِ مِغْوَلٍ ، عَنْ أُكَيْلٍ ، قَالَ :مَا رَأَيْتُ إِبْرَاهِيمَ فِي صَيْفٍ قَطُّ ، إِلاَّ وَعَلَيْهِ مِلْحَفَةٌ صَفْرَاءُ ، وَإِزَارٌ أَصْفَرُ.

(۲۵۲۵۳) حضرت اُکیل سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابراہیم کو سردیوں میں جب بھی دیکھا تو آپ رحمہ اللہ پر زرد رنگ کی چادر اور زرد رنگ کا ازار ہوتا تھا۔

(٢٥٢٥٤) حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ ، حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ مِغْوَلٍ ، قَالَ :رَأَيْتُ حَمَّادًا يُصَلِّي وَعَلَيْهِ إِزَارٌ أَصْفَرُ.

(۲۵۲۵۴) حضرت مالک بن مغول بیان کرتے ہیں کہتے ہیں کہ میں نے حضرت حماد کو نماز پڑھتے دیکھا جبکہ ان (کے جسم) پر زرد رنگ کا ازار تھا۔

(٢٥٢٥٥) حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ ، قَالَ : رَأَيْتُ عَلَى عَبْدِ اللهِ بْنِ الْحَسَنِ مِلْحَفَةً صَفْرَاءَ ، يَحْتَبِي بِهَا فِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ.

(۲۵۲۵۵) حضرت حسین بن علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن حسن پر ایک زرد رنگ کی چادر دیکھی جس کے ذریعہ انہوں نے مسجد حرام میں (اپنے) گھٹنوں اور کمر کو باندھا ہوا تھا۔

(٢٥٢٥٦) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ شُرَحْبِيلَ ، عَنْ قَيْسِ بْنِ سَعْدٍ ، قَالَ : أَتَانَا النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَضَعْنَا لَهُ مَاءً يَتَبَرَّدُ بِهِ ، فَاغْتَسَلَ ، ثُمَّ أُتِيتُهُ بِمِلْحَفَةٍ صَفْرَاءَ ، فَرَأَيْتُ أَثَرَ الْوَرْسِ عَلَى عُكَنِهِ. (ابوداؤد ۴۱۴۳۔ احمد ۳/ ۴۲۱)

(۲۵۲۵۶) حضرت قیس بن سعد سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ جناب نبی کریم ﷺ ہمارے پاس تشریف لائے تو ہم نے آپ ﷺ کے لئے پانی رکھا جس سے آپ ﷺ نے ٹھنڈک حاصل کرنی تھی۔ چنانچہ آپ ﷺ نے غسل کیا پھر میں آپ ﷺ کے پاس زرد رنگ کی چادر لایا تو میں نے آپ ﷺ کے پیٹ کی سلوٹ پر ورس (بوٹی) کا اثر دیکھا۔

(١٣) فِي لُبْسِ الْفِرَاءِ

پوستین لگا کپڑا پہننے کے بارے میں

(٢٥٢٥٧) حَدَّثَنَا هُشَيم ، عَنْ يَسَارٍ ، عَنِ الشَّعْبِيِّ ، قَالَ : سُئِلَ عَنِ الْفِرَاءِ ؟ فَقَالَ : أَحَبَّهَا إِلَيَّ أَلْيَنُهَا.

(۲۵۲۵۷) حضرت یسار، حضرت شعبی کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہتے ہیں کہ ان سے چمڑا لگے ہوئے کپڑے (کے پہننے) کے متعلق سوال کیا گیا؟ تو انہوں نے فرمایا: اس میں سے نرم کپڑا مجھے پسند ہے۔

(٢٥٢٥٨) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ ، قَالَ : رَأَيْتُ عَلَى إِبْرَاهِيمَ مُسْتُقَةَ فِرَاءٍ.

(۲۵۲۵۸) حضرت ابن عون سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابراہیم پر بڑی آستین والا چمڑا لگا ہوا لباس دیکھا۔

(٢٥٢٥٩) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ أَبِي كِبْرَانَ ، قَالَ : رَأَيْتُ عَلَى الضَّحَّاكِ مُسْتُقَةَ فِرَاءٍ.

(۲۵۲۵۹) حضرت ابو کبران سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ضحاک پر بڑی آستین والا چمڑا لگا ہوا لباس دیکھا۔

(٢٥٢٦٠) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، قَالَ : أَخْبَرَنَا ابْنُ عَوْنٍ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ، قَالَ : أَبْصَرَ ابْنُ عُمَرَ عَلَى رَجُلٍ فَرْوًا فَأَعْجَبَهُ لِينُهُ ، فَقَالَ : لَوْ أَعْلَمُ هَذَا ذُكِّيَ لَسَرَّنِي أَنْ يَكُونَ لِي مِنْهُ ثَوْبٌ.

(۲۵۲۶۰) حضرت مجاہد سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے ایک آدمی پر چمڑے والا لباس دیکھا اور ان کو اس کی نرمی پسند آئی تو فرمایا: اگر مجھے علم ہوتا کہ اس کو ذبح کیا گیا ہے تو مجھے یہ بات خوش کرتی کہ مجھے بھی اس سے لباس ملتا۔

(٢٥٢٦١) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ هَاشِمٍ ، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى ، عَنْ ثَابِتٍ ، قَالَ : كُنْتُ جَالِسًا مَعَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي

لَيْلَى، فَأَتَاهُ رَجُلٌ ذُو ضَفْرَيْنِ ضَخْمٌ ، فَقَالَ لَهُ :يَا أَبَا عِيسَى ، قَالَ لَهُ :نَعَمْ ، قَالَ لَهُ :حَدِّثْنِي مَا سَمِعْتَ فِي الْفِرَاءِ ، فَقَالَ :سَمِعْتُ أَبِي يَقُولُ :كُنْتُ جَالِسًا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَتَاهُ رَجُلٌ فَقَالَ :يَا رَسُولَ اللهِ ، أُصَلِّي فِي الْفِرَاءِ ؟ قَالَ :فَأَيْنَ الدِّبَاغُ ؟. (احمد ۴/ ۳۴۸)

(۲۵۲۶۱) حضرت ثابت سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں حضرت عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ کے پاس بیٹھا ہوا تھا کہ ان کے پاس ایک آدمی آیا جس کی دو موٹی موٹی مینڈھیاں تھیں۔ اس نے ابن ابی لیلیٰ سے کہا: آپ نے چمڑا لگے لباس کے بارے میں جو بات سُن رکھی ہے وہ مجھے بیان کریں تو انہوں نے کہا میں نے اپنے والد کو کہتے سُنا ہے کہ میں جناب نبی کریم ﷺ کی خدمت میں بیٹھا ہوا تھا۔ اس دوران آپ ﷺ کے پاس ایک آدمی آیا اور اس نے پوچھا: یا رسول اللہ ﷺ! میں چمڑا لگے کپڑے میں نماز پڑھ لوں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ''دباغت کہاں گئی؟''

(۲۵۲۶۲) حَدَّثَنَا الثَّقَفِيُّ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ مُحَمَّدٍ، وَنَافِعٍ؛ أَنَّ عَائِشَةَ أَمَرَتْ إِنْسَانًا مِنْ أَهْلِهَا إِذَا صَلَّى أَنْ يَضَعَ فَرْوَهُ.

(۲۵۲۶۲) حضرت محمد اور حضرت نافع سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے اپنے گھر والوں میں سے کسی کو فرمایا تھا کہ جب نماز پڑھو تو اپنے چمڑے والے کپڑے اتار دو۔

(۲۵۲۶۳) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ مِسْعَرٍ ، عَنِ ابْنِ جَبْرٍ ، قَالَ :رَأَيْتُ عَلَى سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ مُسْتَقَةَ فِرَاءٍ فَقَالَ :مَا لَبِسْتُهَا إِلاَّ لِتُرَى عَلَيَّ ، أَوْ لأُسْأَلَ عَنْهَا.

(۲۵۲۶۳) حضرت ابن جبیر سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت سعید بن جُبیر پر بڑی بڑی آستین والا چمڑے کا کپڑا دیکھا۔ انہوں نے فرمایا: میں نے اس لباس کو صرف اس لیئے پہنا ہے تا کہ یہ میرے جسم پر نظر آئے ..... یا فرمایا..... تا کہ مجھ سے اس لباس کے بارے میں پوچھا جائے۔

(۲۵۲۶۴) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنْ قَتَادَةَ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ ؛ أَنَّهُ قَالَ فِي الْفِرَاءِ مِنْ جُلُودِ الْمَيْتَةِ : لَوَدِدْتُ أَنَّ عِنْدِي مِنْهَا فَرْوًا فَأَلْبَسُهُ.

(۲۵۲۶۴) حضرت قتادہ، حضرت سعید بن مسیّب کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے مردار کی کھال سے بننے والے لباس کے بارے میں فرمایا: مجھے یہ بات پسند ہے کہ میرے پاس اس چمڑے سے بنا ہوا لباس ہو اور میں اس کو پہنوں۔

(۲۵۲۶۵) حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ ، عَنْ سَلاَّمِ بْنِ أَبِي مُطِيعٍ ، قَالَ :حَدَّثَنِي أَبُو حَصِينٍ ، عَنِ الشَّعْبِيِّ ، قَالَ : خَرَجْتُ مَعَ أَبِي وَائِلٍ حَتَّى أَتَيْنَا الْفَرَّائِينَ ، فَاشْتَرَى فَرْوًا فَقَالَ صَاحِبُ الْفَرْوِ :أَمَا إِنِّي أَزِيدُكَ يَا أَبَا وَائِلٍ ، إِنَّهُ ذُكِّيَ ، فَقَالَ :مَا يَسُرُّنِي أَنِّي اشْتَرَيْتُ الَّذِي قُلْتُ بِقِيرَاطٍ . قَالَ أَبُو حَصِينٍ :وَكَانَ إِبْرَاهِيمُ يَقُولُ ذَلِكَ، وَكَانَ سَعِيدُ بْنُ جُبَيْرٍ يَقُولُ ذَلِكَ.

(۲۵۲۶۵) حضرت شعبی سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں حضرت ابو وائل کے ہمراہ باہر نکلا۔ یہاں تک کہ ہم چمڑے سے بنے

ہوئے لباس بیچنے والوں کے پاس پہنچے۔ اور حضرت ابو وائل نے وہ لباس خریدا۔ لباس (بیچنے) والے نے کہا۔ اے ابو وائل! میں آپ سے زیادہ (پیسے) لوں گا کیونکہ یہ پاک (کردہ کھال کا) ہے۔ حضرت وائل نے کہا۔ جو بات تم نے کہی ہے میں اس کو ایک قیراط میں خریدوں گا مجھے یہ بات پسند نہیں ہے۔

حضرت ابو حصین کہتے ہیں۔ کہ حضرت ابراہیم بھی یہ کہا کرتے تھے اور حضرت سعید بن جُبیر بھی یہ بات کیا کرتے تھے۔

(١٤) فِي الْفِرَاءِ مِن جُلُودِ الْمَيْتَةِ إِذَا دُبِغَتْ

مردار کی دباغت دی ہوئی کھال سے بنائے ہوئے لباس کے بارے میں

(٢٥٢٦٦) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ وَعْلَةَ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ، قَالَ :سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ :أَيُّمَا إِهَابٍ دُبِغَ ، فَقَدْ طَهُرَ. (مسلم ٢٧٨۔ ابو داؤد ٤١٢٠)

(۲۵۲۶۶) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو کہتے ہوئے سُنا: ''جس کسی چمڑے کو بھی دباغت دی جائے تو وہ یقیناً پاک ہو جاتا ہے۔''

(٢٥٢٦٧) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ لَيْثٍ ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ ، عَنْ سَلْمَانَ ، قَالَ : كَانَ لِبَعْضِ أُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِينَ شَاةٌ ، فَمَاتَتْ فَمَرَّ عَلَيْهَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ :مَا ضَرَّ أَهْلَهَا لَوِ انْتَفَعُوا بِإِهَابِهَا. (ابن ماجه ٣٦١١)

(۲۵۲۶۷) حضرت سلمان سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ حضرت امہات المؤمنین میں سے کسی کے پاس ایک بکری تھی۔ وہ مر گئی تو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس کے پاس سے گزرے اور ارشاد فرمایا: ''اگر اس بکری کے مالک اس کی کھال سے نفع حاصل کرتے تو ان کو نقصان نہ ہوتا۔''

(٢٥٢٦٨) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنِ الزُّهْرِيِّ ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ، عَنْ مَيْمُونَةَ ؛ أَنَّ شَاةً لِمَوْلاَةٍ مَيْمُونَةَ مُرَّ بِهَا قَدْ أُعْطِيَتْهَا مِنَ الصَّدَقَةِ مَيْتَةً ، فَقَالَ :هَلاَّ أَخَذُوا إِهَابَهَا فَدَبَغُوهُ ، فَانْتَفَعُوا بِهِ ؟ قَالُوا :يَا رَسُولَ اللهِ : إِنَّهَا مَيْتَةٌ ؟ قَالَ :إِنَّمَا حُرِّمَ أَكْلُهَا. (مسلم ٢٧٦۔ ابو داؤد ٤١١٧)

(۲۵۲۶۸) حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ ان کی آزاد کردہ لونڈی کی مردہ بکری..... جو انہیں صدقہ کے مال سے عطاء ہوئی تھی..... کے پاس سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا گزر ہوا تو فرمایا: ''ان لوگوں نے اس بکری کی کھال کیوں نہیں اتاری کہ اس کو دباغت دیتے اور پھر وہ اس سے نفع لیتے؟'' لوگوں نے عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! یہ تو مردار ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''اس کا صرف کھانا حرام ہے۔''

(٢٥٢٦٩) حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ ، قَالَ :أَخْبَرَنَا إِسْمَاعِيلُ ، عَنِ الشَّعْبِيِّ ، قَالَ :أَخْبَرَنَا عِكْرِمَةُ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ؛ أَنَّ شَاةً

لِسَوْدَةَ بِنْتِ زَمْعَةَ مَاتَتْ ، قَالَتْ :فَدَبَغْنَا جِلْدَهَا ، فَكُنَّا نَنْبِذُ فِيهِ حَتَّى صَارَ شَنًّا. (بخاری ۲۲۸۶)

(۲۵۲۶۹) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت سودہ بنت زمعہ کی ایک بکری تھی جو مرگئی۔ وہ کہتی ہیں کہ ہم نے اس کی کھال کو دباغت دے دی اور ہم اس میں نبیذ بناتے تھے یہاں تک کہ وہ بوسیدہ ہوگئی۔

(۲۵۲۷۰) حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ ، قَالَ :أَنْبَأَنَا أَبُو بِشْرٍ ، عَنْ عِكْرِمَةَ ؛ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِشَاةٍ لِسَوْدَةَ بِنْتِ زَمْعَةَ ، فَقَالَ :أَلاَ انْتَفَعُوا بِإِهَابِهَا ، فَإِنَّ دَبْغَهَا طَهُورُهَا.

(۲۵۲۷۰) حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حضرت سودہ بنت زمعہ کی (مری ہوئی) بکری کے پاس سے گزرے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''ان لوگوں نے اس کی کھال سے کیوں نفع نہیں لیا۔ کیونکہ کھال کی دباغت ' کھال کی طہارت ہے۔''

(۲۵۲۷۱) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْمَاعِيلَ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ ، قَالَ :دِبَاغُهَا طَهُورُهَا.

(۲۵۲۷۱) حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ کھال کی دباغت ہی کھال کی طہارت ہے۔

(۲۵۲۷۲) حَدَّثَنَا خَالِدٌ ، عَنْ مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ قُسَيْطٍ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ ، عَنْ أُمِّهِ ، عَنْ عَائِشَةَ ، قَالَتْ :أَمَرَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُسْتَمْتَعَ بِجُلُودِ الْمَيْتَةِ.

(ابو داؤد ۴۱۲۱۔ ابن ماجہ ۳۶۱۲)

(۲۵۲۷۲) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے وہ کہتی ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات کا حکم دیا ہے کہ مرداروں کی کھالوں سے نفع حاصل کیا جائے۔

(۲۵۲۷۳) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ ، عَنْ عَطَاءٍ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ؛ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِشَاةٍ لِمَوْلاَةٍ لِمَيْمُونَةَ مَيْتَةٍ ، فَقَالَ :هَلاَّ انْتَفَعُوا بِإِهَابِهَا. (مسلم ۱۰۴۔ احمد ۱/ ۲۷۷)

(۲۵۲۷۳) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کی آزاد کردہ لونڈی کی مردہ بکری کے پاس سے گزرے تو ارشاد فرمایا: ''ان لوگوں نے اس بکری کی کھال سے نفع کیوں نہیں لیا؟''

(۲۵۲۷۴) حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ ، قَالَ :أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ ، عَنْ عَطَاءٍ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ، عَنْ مَيْمُونَةَ ، قَالَتْ :مَاتَتْ شَاةٌ لإِحْدَى نِسَاءِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :أَلاَّ انْتَفَعْتُمْ بِإِهَابِهَا.

(مسلم ۱۰۳۔ احمد ۱/ ۲۷۷)

(۲۵۲۷۴) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ، حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہتے ہیں کہ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی عورتوں میں سے کسی ایک کی بکری مرگئی تو جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''تم لوگوں نے اس کے چمڑے سے کیوں نفع نہیں لیا؟''

(۲۵۲۷۵) حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ ، قَالَ :أَخْبَرَنَا إِسْمَاعِيلُ ، عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِي حَازِمٍ ، قَالَ :حَدَّثَتْ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى

اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِشَاةٍ مَيْتَةٍ ، فَقَالَ :مَا ضَرَّ أَهْلَهَا لَوِ انْتَفَعُوا بِإِهَابِهَا.

(۲۵۲۷۵) حضرت قیس بن ابی حازم سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ مجھے یہ حدیث بیان کی گئی کہ جناب رسول اللہ ﷺ ایک مردہ بکری کے پاس سے گزرے تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''اس بکری کے مالکوں کو کوئی نقصان نہ ہوتا اگر یہ اس کے چمڑے سے منتفع ہوتے؟''

(٢٥٢٧٦) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ ، عَنْ صَدَقَةَ ، عَنْ جَدِّهِ رِيَاحِ بْنِ الْحَارِثِ ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ ، قَالَ ذَكَاتُهُ دِبَاغُهُ.

(۲۵۲۷۶) حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ کھال کو دباغت دینا ہی اس کی طہارت ہے۔

(٢٥٢٧٧) حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ ، وَلَيْسَ بِالأَحْمَرِ ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنْ قَتَادَةَ ، عَنِ الْحَسَنِ ، عَنْ جَوْنِ بْنِ قَتَادَةَ ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ مُحَبِّقٍ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :ذَكَاةُ الْجُلُودِ دِبَاغُهَا.

(احمد ۳/ ۴۷۶۔ دار قطنی ۱۲)

(۲۵۲۷۷) حضرت سلمہ بن محبق سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''چمڑوں کی پاکی، ان کو دباغت دینا ہے۔''

(٢٥٢٧٨) حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ ، قَالَ : حَدَّثَنَا هَمَّامٌ ، عَنْ قَتَادَةَ ، عَنِ الْحَسَنِ ، عَنْ جَوْنِ بْنِ قَتَادَةَ ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ مُحَبِّقٍ ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، بِمِثْلِهِ. (ابو داؤد ۴۱۲۲۔ احمد ۵/ ۶)

(۲۵۲۷۸) حضرت سلمہ بن محبق، جناب نبی کریم ﷺ سے (اوپر والی) حدیث کے مثل ہی روایت کرتے ہیں۔

(٢٥٢٧٩) حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ ، عَنِ مَنْصُورٍ ، عَنِ الْحَسَنِ ، عَنْ جَوْنِ بْنِ قَتَادَةَ ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، بِمِثْلِهِ ، وَلَمْ يَذْكُرْ مَنْصُورٌ سَلَمَةَ بْنَ مُحَبِّقٍ.

(۲۵۲۷۹) حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ، جناب نبی کریم ﷺ سے سلمہ رضی اللہ عنہ والی حدیث کے مثل ہی روایت کرتے ہیں لیکن راوی منصور، سلمہ بن محبق کا ذکر نہیں کرتے۔

(٢٥٢٨٠) حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ ، عَنِ الْمُغِيرَةِ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، قَالَ :كَانَ يُقَالُ :دِبَاغُ الْمَيْتَةِ طَهُورُهَا.

(۲۵۲۸۰) حضرت ابراہیم سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ مردار (کی کھال) کو دباغت دینا ہی اس کی طہارت ہے۔

(١٣) مَنْ رَخَّصَ لِلنِّسَاءِ فِي لُبْسِ الْحَرِيرِ

جو حضرات عورتوں کے لئے ریشم پہننے میں رخصت کے قائل ہیں

(٢٥٢٨١) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، قَالَ : حَدَّثَنَا الأَعْمَشُ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، عَنْ عَلْقَمَةَ ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ ، أَنَّهُ سُئِلَ عَنِ الْحَرِيرِ وَالذَّهَبِ لِلنِّسَاءِ ؟ فَقَالَ :إِنَّمَا هُنَّ لُعَبُكُمْ ، فَزَيِّنُوهُنَّ بِمَا شِئْتُمْ.

(۲۵۲۸۱) حضرت علقمہ، حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ ان سے عورتوں کے (استعمال کے لئے) سونے اور ریشم کے بارے میں سوال کیا گیا؟ تو انہوں نے جواب میں فرمایا: عورتیں تمہاری کھیل ہیں پس تم جس چیز سے چاہو ان کو مزین کرو۔

(۲۵۲۸۲) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، قَالَ : حَدَّثَنَا سُفْيَانُ ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ، قَالَ : أُرَخِّصُ لِلنِّسَاءِ فِي الْحَرِيرِ وَالذَّهَبِ ، ثُمَّ قَرَأَ : (أَوَمَنْ يُنَشَّأُ فِي الْحِلْيَةِ وَهُوَ فِي الْخِصَامِ غَيْرُ مُبِينٍ).

(۲۵۲۸۲) حضرت مجاہد سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ عورتوں کو ریشم اور سونے (کے استعمال) میں اجازت دی گئی ہے، پھر آپ رحمہ اللہ نے یہ آیت پڑھی (ترجمہ) (أَوَمَنْ يُنَشَّأُ فِي الْحِلْيَةِ وَهُوَ فِي الْخِصَامِ غَيْرُ مُبِينٍ)

(۲۵۲۸۳) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، قَالَ : حَدَّثَنَا مِسْعَرٌ ، عَنِ أَبِي عَوْنٍ ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ الْحَنَفِيِّ ، عَنْ عَلِيٍّ ؛ أَنَّ أُكَيْدِرَ دُوْمَةَ أَهْدَى إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَوْبَ حَرِيرٍ ، فَأَعْطَاهُ عَلِيًّا فَقَالَ : شَقِّقْهُ خُمُرًا بَيْنَ النِّسْوَةِ.

(مسلم ۱۸۔ ابوداؤد ۴۰۴۰)

(۲۵۲۸۳) حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اکیدر دومہ نے جناب نبی کریم ﷺ کو ریشم کا کپڑا ہدیہ کیا تو آپ ﷺ نے وہ کپڑا حضرت علی رضی اللہ عنہ کو دے دیا اور فرمایا: ''تم اس کو عورتوں کے درمیان تقسیم کر دو۔''

(۲۵۲۸۴) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ ، عَنْ نَافِعٍ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي هِنْدٍ ، عَنْ أَبِي مُوسَى ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْحَرِيرِ وَالذَّهَبِ : حَرَامٌ عَلَى ذُكُورِ أُمَّتِي ، حِلٌّ لإِنَاثِهِمْ.

(۲۵۲۸۴) حضرت ابوموسیٰ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے ریشم اور سونے کے بارے میں ارشاد فرمایا: ''میری امت کے مردوں پر حرام ہیں اور ان کی عورتوں کے لئے حلال ہیں۔''

(۲۵۲۸۵) حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ ، عَنْ مَعْمَرٍ أَخْبَرَهُ ، عَنِ الزُّهْرِيِّ ، عَنْ أَنَسٍ ، قَالَ : رَأَيْتُ عَلَى زَيْنَبَ بِنْتِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَمِيصَ حَرِيرٍ سِيَرَاءَ.

(۲۵۲۸۵) حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت زینب بنت رسول اللہ ﷺ پر خالص ریشم کی قمیص دیکھی۔

(۲۵۲۸۶) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، قَالَ : حَدَّثَنَا مَعْقِلُ بْنُ عُبَيْدِ اللهِ ، عَنْ مَيْمُونِ بْنِ مِهْرَانَ ، قَالَ : لاَ بَأْسَ بِالْحَرِيرِ وَالدِّيبَاجِ لِلنِّسَاءِ ، إِنَّمَا يُكْرَهُ لَهُنَّ مَا يَصِفُ ، أَوْ يَشِفُّ.

(۲۵۲۸۶) حضرت میمون بن مہران سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ عورتوں کے لئے دیباج اور ریشم میں کوئی حرج نہیں ہے۔ ان کے لئے صرف وہ کپڑا مکروہ ہے جو (اعضاء کو پاک کرے یا باریک ہو۔ (بہت زیادہ)۔

(۲۵۲۸۷) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، قَالَ : حَدَّثَنَا إِسْرَائِيلُ ، عَنْ جَابِرٍ ، عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ ، قَالَ : إِنِّي لأَكْسُو بَنَاتِي الْحَرِيرَ ،

وَأُحَلِّيهِنَّ الذَّهَبَ.

(۲۵۲۸۷) حضرت ابوجعفر سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ بلاشبہ میں اپنی بیٹیوں کو ریشم پہناتا ہوں اور میں ان کو سونے کا زیور پہناتا ہوں۔

(۱۶) فِي لِبَاسِ الْقَبَاطِيِّ لِلنِّسَاءِ

عورتوں کے لئے قباطی (مقام قبط کی طرف منسوب) لباس کے پہننے کا بیان

(۲۵۲۸۸) حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ ، عَنْ أَيُّوبَ ، عَنْ أَبِي يَزِيدَ الْمُزَنِيِّ ، قَالَ : كَانَ عُمَرُ يَنْهَى النِّسَاءَ عَنْ لُبْسِ الْقَبَاطِيِّ ، فَقَالُوا : إِنَّهُ لَا يَشِفُّ ، فَقَالَ : إِلَّا يَشِفَّ فَإِنَّهُ يَصِفُ.

(۲۵۲۸۸) حضرت ابو یزید مزنی سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ عورتوں کو قباطی کپڑے پہننے سے منع کیا کرتے تھے۔ لوگوں نے کہا وہ کپڑا اچھا ہوا تو نہیں ہوتا (یعنی بہت باریک نہیں ہوتا) آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر چہ چھنا ہوا تو نہیں ہوتا مگر وہ (اعضاء کی ساخت کو) بیان کرتا ہے۔

(۲۵۲۸۹) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الْأَعْمَشِ ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ ، قَالَ عُمَرُ : لَا تُلْبِسُوا نِسَاءَكُمُ الْقَبَاطِيَّ ، فَإِنَّهُ إِلَّا يَشِفَّ يَصِفُ.

(۲۵۲۸۹) حضرت ابو صالح سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم لوگ اپنی عورتوں کو قباطی کپڑے نہ پہناؤ کیونکہ وہ اگر چہ زیادہ باریک تو نہیں ہوتا مگر (اعضاء کی ساخت کو) بیان کرتا ہے۔

(۲۵۲۹۰) حَدَّثَنَا حَفْصٌ ، عَنْ أَشْعَثَ ، عَنْ عِكْرِمَةَ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ؛ أَنَّهُ كَانَ يَكْرَهُ لِلنِّسَاءِ لُبْسَ الْقَبَاطِيِّ ، وَقَالَ : إِنَّهُ إِلَّا يَشِفَّ يَصِفُ.

(۲۵۲۹۰) حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہ، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ عورتوں کے لئے قباطی کپڑا پہننے کو ناپسند کرتے تھے۔ اور فرماتے تھے یہ کپڑا اگر چہ بہت زیادہ باریک نہیں ہوتا مگر (اعضاء کی ساخت کو) بیان کرتا ہے۔

(۲۵۲۹۱) حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ وَرْدَانَ ، عَنْ نَافِعٍ ، قَالَ : كَسَا ابْنُ عُمَرَ مَوْلًى لَهُ يَوْمًا مِنْ قَبَاطِيِّ مِصْرَ ، فَانْطَلَقَ بِهِ فَبَعَثَ ابْنُ عُمَرَ فَدَعَاهُ ، فَقَالَ : مَا تُرِيدُ أَنْ تَصْنَعَ ؟ فَقَالَ : أُرِيدُ أَنْ أَجْعَلَهُ دِرْعًا لِصَاحِبَتِي ، فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ : إِنْ لَمْ يَكُنْ يَشِفُّ فَإِنَّهُ يَصِفُ.

(۲۵۲۹۱) حضرت رافع رحمہ اللہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے ایک دن اپنے آزاد کردہ غلام کو مصر کا قباطی کپڑا پہنایا چنانچہ وہ اس کو لے کر چل دیا۔ پھر حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے اس کی طرف کسی کو بھیجا اور اس کو بلایا۔ اور پوچھا تم کیا بنانا چاہتے ہو؟ اس نے کہا۔ میں (اس کپڑے سے) اپنی بیوی کی قمیص بنانا چاہتا ہوں۔ اس پر حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر چہ یہ کپڑا بہت

باریک نہیں ہے لیکن یہ (اعضاء کی بناوٹ کو) واضح کرتا ہے۔

(۱۷) فِي لُبْسِ الثَّوْبِ فِيهِ الصَّلِيبُ

ایسا کپڑا پہننے کے بارے میں جس میں صلیب ہو

(۲۵۲۹۲) حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ ، عَنْ أَيُّوبَ ، عَنْ مُحَمَّدٍ ، عَنْ دِقْرَةَ ، عَنْ عَائِشَةَ ، قَالَتْ : إِنَّا لاَ نَلْبَسُ الثِّيَابَ الَّتِي فِيهَا الصَّلِيبُ.

(۲۵۲۹۲) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے وہ کہتی ہیں کہ ہم ایسے کپڑے نہیں پہنتے جن میں صلیب بنی ہوئی ہو۔

(۲۵۲۹۳) حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ ، عَنْ حَسَنِ بْنِ صَالِحٍ ، عَنْ أَبِي الْجَحَّافِ ، قَالَ : سَأَلْتُ أَبَا جَعْفَرٍ عَنْ تَابُوتٍ لِي فِيهِ تَمَاثِيلُ ؟ فَقَالَ : حَدَّثَنِي مَنْ رَأَى عُمَرَ يُحَرِّقُ ثَوْبًا فِيهِ صَلِيبٌ ، يَنْزِعُ الصَّلِيبَ مِنْهُ.

(۲۵۲۹۳) حضرت ابوالجحاف سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوجعفر سے اپنے ایک تابوت کے بارے میں سوال کیا جس میں تصویریں تھیں؟ تو انہوں نے فرمایا: مجھے اس آدمی نے یہ بات بتائی جس نے خود حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ آپ رضی اللہ عنہ نے ایسے کپڑے کو جلا دیا جس میں صلیب بنی ہوئی تھی۔ آپ رضی اللہ عنہ اس سے صلیب کو نکال رہے تھے۔

(۲۵۲۹۴) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي عَدِيٍّ ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ ، عَنْ مُحَمَّدٍ ؛ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأَى عَلَى بَعْضِ أَزْوَاجِهِ سِتْرًا فِيهِ صَلِيبٌ ، فَأَمَرَ بِهِ فقضب.

(۲۵۲۹۴) حضرت محمد رحمہ اللہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی ازواج مطہرات میں سے کسی پر ایک پردہ دیکھا جس میں صلیب بنی ہوئی تھی، چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم فرمایا اور اس کو کاٹ دیا گیا۔

(۱۸) مَنْ كَانَ يَلْبَسُ الْقَمِيصَ لاَ يَزُرُّ عَلَيْهِ

جو حضرات قمیص پہنتے ہیں اور اس پر بٹن نہیں لگاتے

(۲۵۲۹۵) حَدَّثَنَا حَفْصٌ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ عَدِيٍّ ، قَالَ : مَا رَأَيْتُ ابْنَ عُمَرَ ، وَابْنَ عَبَّاسٍ زَارِّينَ عَلَيْهِمَا قَمِيصَهُمَا قَطُّ.

(۲۵۲۹۵) حضرت ثابت بن عدی سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے کبھی بھی حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کو اپنی قمیص پر بٹن لگاتے ہوئے نہیں دیکھا۔

(۲۵۲۹۶) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ الْعَيْزَارِ ، عَنْ سَعِيدٍ الْمَدَنِي ، قَالَ : كُنْتُ مَعَ أَبِي هُرَيْرَةَ فِي جِنَازَةٍ ، فَرَأَيْتُهُ مُصْفَرَّ اللِّحْيَةِ ، مُحَلَّلَ الأَزْرَارِ.

(۲۵۲۹۶) حضرت سعید مدنی سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے ہمراہ ایک جنازہ میں تھا۔ چنانچہ میں نے آپ کو زرد داڑھی اور کھلے بٹنوں کی حالت میں دیکھا۔

(۲۵۲۹۷) حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ ، عَنْ زُهَيْرٍ ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ قُشَيْرٍ ، قَالَ : حَدَّثَنِي مُعَاوِيَةُ بْنُ قُرَّةَ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ : أَتَيْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَايَعْتُهُ ، وَإِنَّ قَمِيصَهُ لَمُطْلَقٌ ، قَالَ عُرْوَةُ : فَمَا رَأَيْتُ مُعَاوِيَةَ ، وَلاَ ابْنَهُ فِي شِتَاءٍ ، وَلاَ حَرٍّ إِلاَّ مُطْلَقَةً أَزْرَارُهُمَا. (ترمذی ۵۸۔ ابو داؤد ۴۰۷۹)

(۲۵۲۹۷) حضرت معاویہ بن قرہ، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں وہ کہتے ہیں کہ میں جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے بیعت کی اور (اس وقت) آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی قمیص مبارک کھلی ہوئی تھی (یعنی بٹن کھلے تھے)۔ حضرت عروہ کہتے ہیں۔ پس میں نے حضرت معاویہ اور ان کے بیٹے کو سردی، گرمی میں بھی دیکھا تو بٹن کھلے ہونے کی حالت میں دیکھا۔

(۲۵۲۹۸) حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ الأَحْمَرُ ، عَنْ عَبْدِاللهِ بْنِ يَزِيدَ ، قَالَ : مَا رَأَيْتُ سَعِيدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ شَادًّا عَلَيْهِ إِزَارَهُ قَطُّ.

(۲۵۲۹۸) حضرت عبداللہ بن یزید سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت سعید بن مسیب رحمہ اللہ کو کبھی بھی بٹن بند کئے ہوئے نہیں دیکھا۔

(۲۵۲۹۹) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ أُسَامَةَ ، قَالَ : مَا رَأَيْتُ سَالِمًا زَارًّا عَلَيْهِ.

(۲۵۲۹۹) حضرت اُسامہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے کبھی حضرت سالم کو بٹن لگائے ہوئے نہیں دیکھا۔

(۲۵۳۰۰) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ فِطْرٍ ، قَالَ : رَأَيْتُ سَالِمًا مُحَلَّلاً أَزْرَارُهُ.

(۲۵۳۰۰) حضرت فطر سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت سالم کو بٹن کھولے ہوئے دیکھا۔

(۲۵۳۰۱) حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُورٍ ، قَالَ : حَدَّثَنَا الرَّبِيعُ بْنُ الْمُنْذِرِ ، عَنْ أَبِيهِ ؛ أَنَّهُ رَأَى عَلَى مُحَمَّدِ بْنِ الْحَنَفِيَّةِ حِبَرَةً مُحَلَّلَةَ الأَزْرَارِ ، وَكَانَ لَهُ بُرْنُسُ خَزٍّ.

(۲۵۳۰۱) حضرت ربیع بن منذر، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے حضرت محمد ابن حنفیہ رحمہ اللہ پر ایک دھاری دار یمنی چادر دیکھی جس کے بٹن کھلے ہوئے تھے اور حضرت محمد ابن حنفیہ رحمہ اللہ کے پاس ایک خز کی ٹوپی بھی تھی۔

(۲۵۳۰۲) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ هِلاَلِ بْنِ مَيْمُونٍ ، قَالَ : مَا رَأَيْتُ سَعِيدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ مُحَلَّلاً أَزْرَارُهُ.

(۲۵۳۰۲) حضرت ہلال بن میمون سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت سعید ابن المسیب رحمہ اللہ کو بٹن کھلے ہوئے نہیں دیکھا۔

(۱۹) فِي جَرِّ الإِزَارِ ، وَمَا جَاءَ فِيهِ

شلوار کو کھینچنے کے بارے میں اور اس کے متعلق روایات

(٢٥٣٠٣) حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ ، وَجَرِيرٌ ، عَنِ الرُّكَيْنِ ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ حَسَّانَ ، عَنْ عَمِّهِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ حَرْمَلَةَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّ نَبِيَّ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ جَرِّ الإِزَارِ .(ابویعلی ۵۱۲۹۔ احمد ۳۲۰)

(۲۵۳۰۳) حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے شلوار کو کھینچنے سے منع کیا ہے۔

(٢٥٣٠٤) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ ، عَنِ الشَّيْبَانِيِّ ، عَنْ جَبَلَةَ ، وَمُحَارِبِ بْنِ دِثَارٍ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :مَنْ جَرَّ ثَوْبَهُ مِنَ مَخِيلَةٍ ، لَمْ يَنْظُرِ اللَّهُ إِلَيْهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ.

(بخاری ۵۷۹۱۔ مسلم ۱۶۵۲)

(۲۵۳۰۴) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''جو شخص تکبر کی وجہ سے اپنے کپڑے کو کھینچے گا تو قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اس کی طرف نظر بھی نہیں کریں گے۔''

(٢٥٣٠٥) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ ، عَنْ نَافِعٍ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ :إِنَّ الَّذِي يَجُرُّ ثَوْبَهُ مِنَ الْخُيَلاَءِ ، لاَ يَنْظُرُ اللَّهُ إِلَيْهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ. (مسلم ۱۶۵۱۔ احمد ۲/ ۵۵)

(۲۵۳۰۵) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ، جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ''جو شخص بوجہ تکبر اپنے کپڑے کو کھینچتا ہے تو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کی طرف نظر بھی نہیں کریں گے۔''

(٢٥٣٠٦) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ عَطِيَّةَ ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :مَنْ جَرَّ إِزَارَهُ مِنَ الْخُيَلاَءِ ، لَمْ يَنْظُرِ اللَّهُ إِلَيْهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ، قَالَ :فَلَقِيتُ ابْنَ عُمَرَ بِالْبَلاَطِ ، قَالَ : فَذَكَرْتُ لَهُ حَدِيثَ أَبِي سَعِيدٍ ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ :فَأَشَارَ إِلَى أُذُنَيْهِ :سَمِعَتْهُ أُذُنَايَ ، وَوَعَاهُ قَلْبِي. (ابن ماجه ۳۵۷۰)

(۲۵۳۰۶) حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''جو شخص بوجہ تکبر کے اپنے ازار کو کھینچتا ہے تو قیامت کے دن اللہ تعالیٰ ایسے آدمی کی طرف دیکھیں گے بھی نہیں۔'' راوی کہتے ہیں پھر میں مقام بلاط میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے ملا۔ کہتے ہیں کہ میں ان کے سامنے حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ کی آپ رضی اللہ عنہ سے روایت کردہ حدیث ذکر کی۔ راوی کہتے ہیں پس انہوں نے اپنے کانوں کی طرف اشارہ کیا (اور کہا)۔ اس حدیث کو میرے کانوں نے سُنا ہے اور اس کو میرے دل نے محفوظ کیا ہے۔

(٢٥٣٠٧) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، قَالَ :مَرَّ بِأَبِي هُرَيْرَةَ فَتًى مِنْ قُرَيْشٍ وَهُوَ يَجُرُّ سَبَلَهُ ، فَقَالَ :يَا ابْنَ أَخِي ، إِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ : مَنْ جَرَّ ثَوْبَهُ مِنَ الْخُيَلاَءِ ، لَمْ يَنْظُرِ اللَّهُ إِلَيْهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ. (ابن ماجه ۳۵۷۱۔ احمد ۲/ ۵۰۳)

(۲۵۳۰۷) حضرت ابوسلمہ رضی اللہ عنہ، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں بیان کرتے ہیں کہتے ہیں کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے پاس

قریش کا ایک جوان گزرا۔ درانحالیکہ وہ اپنے لٹکائے ہوئے کپڑے کو کھینچ رہا تھا تو حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے بھتیجے! میں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا ہے کہ ''جو شخص بوجہ تکبر کے اپنے کپڑے کو کھینچے گا تو حق تعالیٰ شانہ قیامت کے دن اس کی طرف نظر بھی نہیں کریں گے۔''

(۲۵۳۰۸) حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ مُوسَى ، قَالَ :أَخْبَرَنَا شَيْبَان ، عَنْ أَشْعَثَ بْنِ أَبِي الشَّعْثَاءِ ، قَالَ :حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ جُبَيْرٍ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :إِنَّ اللَّهَ لاَ يَنْظُرُ إِلَى مُسْبِلٍ.

(احمد ۱/ ۳۲۲۔ طبرانی ۱۲۴۱۳)

(۲۵۳۰۸) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''اللہ تعالیٰ کپڑا لٹکانے والے کی طرف نظر نہیں کریں گے۔''

(۲۵۳۰۹) حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ ، عَنْ شَيْبَانَ ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ ، أَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ اللهِ بْنَ عُمَرَ يَقُولُ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :لاَ يَنْظُرُ اللَّهُ إِلَى الَّذِي يَجُرُّ إِزَارَهُ خُيَلاَءَ.

(احمد ۲/ ۶۹)

(۲۵۳۰۹) حضرت محمد بن عبد الرحمٰن سے روایت ہے کہ انہوں نے حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کو کہتے سُنا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: ''جو شخص تکبر کی وجہ سے اپنا ازار کھینچے گا حق تعالیٰ اس کی طرف نظر بھی نہیں کریں گے۔

(۲۵۳۱۰) حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ مُدْرِكٍ ، عَنْ أَبِي زُرْعَةَ ، عَنْ خَرَشَةَ بْنِ الْحُرِّ ، عَنْ أَبِي ذَرٍّ ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ :ثَلاَثَةٌ لاَ يُكَلِّمُهُمُ اللَّهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ، وَلاَ يَنْظُرُ إِلَيْهِمْ ، وَلاَ يُزَكِّيهِمْ ، وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ؛ الْمُسْبِلُ ، وَالْمَنَّانُ ، وَالْمُنْفِقُ سِلْعَتَهُ بِالْحَلِفِ الْكَاذِبِ. (مسلم ۱۰۲۔ ابو داؤد ۴۰۸۴)

(۲۵۳۱۰) حضرت ابو ذر رضی اللہ عنہ، جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''تین لوگ ایسے ہیں جن سے قیامت کے روز حق تعالیٰ کلام نہیں کریں گے اور نہ ان کی طرف دیکھیں گے اور نہ ہی ان کو پاک کریں گے اور ان کے لئے دردناک عذاب ہوگا۔ (ایک) کپڑا لٹکانے والا اور (دوسرا) احسان جتلانے والا اور (تیسرا) جھوٹی قسم کھا کر اپنے سودے کو بیچنے والا۔''

(۲۵۳۱۱) حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ ، عَنْ حُصَيْنٍ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ، قَالَ :كَانَ يُقَالُ :مَنْ مَسَّ إِزَارُهُ كَعْبَيْهِ لَمْ تُقْبَلْ لَهُ صَلاَةٌ، قَالَ :وَقَالَ ذِرٌّ :مَنْ مَسَّ إِزَارُهُ الأَرْضَ لَمْ تُقْبَلْ لَهُ صَلاَةٌ.

(۲۵۳۱۱) حضرت حصین، حضرت مجاہد کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ کہا کرتے تھے۔ جس آدمی کا ازار اس کے ٹخنوں سے مس کر رہا ہو تو اس کی نماز قبول نہیں ہوتی۔ فرماتے ہیں کہ حضرت ذر کہتے ہیں جس شخص کا ازار زمین سے مَس کر رہا ہو تو اس کی نماز قبول نہیں ہوتی۔

(٢٥٣١٢) حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ ، قَالَ : دَخَلَ شَابٌّ عَلَى عُمَرَ ، فَجَعَلَ الشَّابُّ يُثْنِي عَلَيْهِ ، قَالَ : فَرَآهُ عُمَرُ يَجُرُّ إِزَارَهُ ، قَالَ : فَقَالَ لَهُ : يَا ابْنَ أَخِي ، ارْفَعْ إِزَارَكَ ، فَإِنَّهُ أَتْقَى لِرَبِّكَ وَأَنْقَى لِثَوْبِكَ ، قَالَ : فَكَانَ عَبْدُ اللهِ يَقُولُ : يَا عَجَبًا لِعُمَرَ أَنْ رَأَى حَقَّ اللهِ عَلَيْهِ ، فَلَمْ يَمْنَعْهُ مَا هُوَ فِيهِ أَنْ تَكَلَّمَ بِهِ.

(۲۵۳۱۲) حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ ایک نوجوان حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اُس نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی تعریف کرنا شروع کر دی۔ راوی کہتے ہیں اس دوران حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس کو ازار کھینچتے ہوئے دیکھا۔ راوی کہتے ہیں حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس جوان سے کہا اے بھتیجے! اپنا ازار اُوپر کر لو۔ کیونکہ یہ تمہارے پروردگار کے نزدیک زیادہ تقویٰ کی بات ہے اور تمہارے کپڑے کے لئے زیادہ صفائی کی بات ہے۔ راوی کہتے ہیں پس حضرت عبداللہ کہا کرتے تھے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ بھی عجیب تھے۔ جب انہوں نے اپنے پر خدا کا حق دیکھا تو انہیں یہ حق ادا کرنے سے وہ حالت مانع نہ ہوئی جس میں وہ نوجوان تھا۔ (یعنی تعریف کے باوجود کلمہ حق کہہ دیا)

(٢٥٣١٣) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ ؛ أَنَّهُ كَانَ يُسْبِلُ إِزَارَهُ ، فَقِيلَ لَهُ ، فَقَالَ : إِنِّي رَجُلٌ حَمِشُ السَّاقَيْنِ.

(۲۵۳۱۳) حضرت ابو وائل رضی اللہ عنہ، حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ ان کا ازار نیچے ہوتا تھا۔ چنانچہ ان سے کہا گیا تو انہوں نے فرمایا: میں پتلی پنڈلیوں والا آدمی ہوں۔

(٢٠) مَوْضِعُ الإِزَارِ ، أَيْنَ هُوَ ؟

ازار کی جگہ کہاں پر ہے؟

(٢٥٣١٤) حَدَّثَنَا جَرِيرٌ ، عَنْ أَبِي سِنَانٍ ، عَنْ عَبْدِاللهِ بْنِ أَبِي الْهُذَيْلِ ، قَالَ : سَأَلَ أَبُو بَكْرٍ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ مَوْضِعِ الإِزَارِ ؟ فَقَالَ : مُسْتَدَقَّ السَّاقِ ، لاَ خَيْرَ فِيمَا أَسْفَلَ مِنْ ذَلِكَ ، وَلاَ خَيْرَ فِيمَا فَوْقَ ذَلِكَ.

(۲۵۳۱۴) حضرت عبداللہ بن ابوالہذیل سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے جناب رسول اللہ ﷺ سے ازار کی جگہ کے بارے میں سوال کیا؟ تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''پنڈلی کے باریک حصہ کے پاس۔ اس سے نیچے ہو تو اس میں بھی کوئی خیر نہیں ہے اور اس سے اُوپر میں بھی کوئی خیر نہیں ہے۔''

(٢٥٣١٥) حَدَّثَنَا أَبُو الأَحْوَصِ ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ ، عَنْ مُسْلِمِ بْنِ نُذَيْرٍ ، عَنْ حُذَيْفَةَ ، قَالَ : أَخَذَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِأَسْفَلِ عَضَلَةِ سَاقِي ، أَوْ سَاقِهِ ، فَقَالَ : هَذَا مَوْضِعُ الإِزَارِ ، فَإِنْ أَبَيْتَ فَأَسْفَلَ ، فَإِنْ أَبَيْتَ فَأَسْفَلَ ، فَإِنْ أَبَيْتَ فَلاَ حَقَّ لِلإِزَارِ فِي الْكَعْبَيْنِ. (ترمذی ۱۷۸۳۔ ابن ماجه ۳۵۷۲)

(۲۵۳۱۵) حضرت حذیفہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے میری یا اپنی پنڈلی کے پٹھے کو پکڑا اور فرمایا: ''ازار کی جگہ یہ ہے۔ اگر تمہیں (اس سے) انکار ہو تو اس سے کچھ نیچے اور اگر تمہیں (اس سے) بھی انکار ہو تو اس سے کچھ نیچے، لیکن اگر تمہیں (اس سے بھی) انکار ہو تو پھر ٹخنوں میں تو ازار کا کوئی حق نہیں ہے۔''

(٢٥٣١٦) حَدَّثَنَا يَعْلَى بْنُ عُبَيْدٍ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ ، قَالَ :سَمِعْتُ أَبَا نَبِيهٍ يَقُولُ :سَمِعْتُ عَائِشَةَ تَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :مَا تَحْتَ الْكَعْبِ مِنَ الإِزَارِ فِي النَّارِ. (احمد ٦/ ٥٩)

(۲۵۳۱۶) حضرت ابونبیہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو کہتے ہوئے سنا۔ جناب رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''ٹخنوں سے نیچے ازار، جہنم میں ہوگا۔''

(٢٥٣١٧) حَدَّثَنَا أَبُو الأَحْوَصِ ، عَنْ أَبِي يَعْفُورَ ، قَالَ :رَأَيْتُ ابْنَ عُمَرَ وَإِنَّ إِزَارَهُ إِلَى نِصْفِ سَاقَيْهِ ، أَوْ قَرِيبٍ مِنْ نِصْفِ سَاقَيْهِ.

(۲۵۳۱۷) حضرت ابویعفور سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کو دیکھا اور ان کا ازار نصف پنڈلی تک تھا یا آپ رضی اللہ عنہ کی نصف پنڈلی کے قریب تھا۔

(٢٥٣١٨) حَدَّثَنَا يَعْلَى بْنُ عُبَيْدٍ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ ، عَنِ الْعَلاَءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَعْقُوبَ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :إِزْرَةُ الْمُؤْمِنِ إِلَى نِصْفِ السَّاقِ ، فَمَا كَانَ إِلَى الْكَعْبِ فَلاَ بَأْسَ ، وَمَا كَانَ تَحْتَ الْكَعْبِ فَفِي النَّارِ. (ابو داؤد ۴۰۹۰۔ احمد ۳/ ۳۰)

(۲۵۳۱۸) حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: مؤمن کا ازار اس کی نصف پنڈلی تک ہوتا ہے جو ٹخنوں تک بھی ہو تو کوئی حرج نہیں اور جو ٹخنوں سے نیچے ہو تو وہ جہنم میں ہوگا۔''

(٢٥٣١٩) حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ الأَحْمَرُ ، عَنْ أَبِي غِفَارٍ ، عَنْ أَبِي تَمِيمَةَ الْهُجَيْمِيِّ ، عَنْ أَبِي جُرَيٍّ الْهُجَيْمِيِّ ، قَالَ أَتَيْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ :عَلَيْكَ السَّلاَمُ يَا رَسُولَ اللهِ ، قَالَ :لاَ تَقُلْ :عَلَيْكَ السَّلاَمُ؟ فَإِنَّ عَلَيْكَ السَّلاَمُ تَحِيَّةُ الْمَوتَى ، قَالَ :قُلْتُ :يَا رَسُولَ اللهِ ، زِدْنِي ، قَالَ :الإِزَارُ إِلَى نِصْفِ السَّاقِ ، فَإِن أَبَيتَ فَإِلَى الْكَعْبَينِ ، وَإِيَّاكَ وَالْمَخِيلَةَ ، فَإِنَّ الله لاَ يُحِب الْمَخِيلَةَ. (ابو داؤد ۴۰۸۱۔ ترمذی ۲۷۲۱)

(۲۵۳۱۹) حضرت ابو جری ہجیمی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں جناب نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا تو میں نے عرض کیا۔ اے رسول اللہ ﷺ! علیك السلام. آپ ﷺ نے فرمایا علیك السلام نہ کہو کیونکہ یہ مردوں کا سلام ہے۔ راوی کہتے ہیں میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ! مجھے مزید کچھ بتایئے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''ازار کو نصف پنڈلی تک رکھو لیکن اگر تم اس سے انکار کرو تو پھر ٹخنوں تک رکھ لو۔ خبردار! تکبر سے بچو، کیونکہ اللہ تعالیٰ تکبر کو ناپسند کرتے ہیں۔''

(٢٥٣٢٠) حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ ، عن جَعْفَرٍ ، قَالَ :كَانَ مَيْمُونٌ يُشَمِّرُ إِزَارَهُ إِلَى أَنْصَافِ سَاقَيْهِ.

(۲۵۳۲۰) حضرت جعفر سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت میمون، اپنے ازار کو اپنی پنڈلیوں کے نصف تک چڑھاتے تھے۔

(۲۵۳۲۱) حَدَّثَنَا عَفَّانُ ، قَالَ : حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ ، قَالَ : حَدَّثَنَا دَاوُد بْنُ أَبِي هِنْدٍ ، عَنْ أَبِي قَزَعَةَ ، عَنِ الأَسْقَعِ بْنِ الأَسْلَعِ ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدَبٍ ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ : مَا أَسْفَلَ مِنَ الْكَعْبَيْنِ مِنَ الإِزَارِ فِي النَّارِ. (احمد ۵/ ۹)

(۲۵۳۲۱) حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ، جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''ازار کا جو حصہ ٹخنوں سے نیچے ہوگا وہ جہنم میں ہوگا۔''

(۲۵۳۲۲) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ أَبِي مَكِينٍ ، عَنْ خَالِدٍ ، عَنْ أَبِي أُمَيَّةَ ؛ أَنَّ عَلِيًّا ائْتَزَرَ ، فَلَحِقَ إِزَارُهُ بِرُكْبَتِهِ.

(۲۵۳۲۲) حضرت ابوامیہ سے روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ازار پہنا تو آپ رضی اللہ عنہ کا ازار آپ رضی اللہ عنہ کے گھٹنوں کو لگ رہا تھا۔

(۲۵۳۲۳) حَدَّثَنَا جَرِيرٌ ، عَنْ مُغِيرَةَ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، قَالَ : مَوْضِعُ الإِزَارِ مُسْتَدَقُّ السَّاقِ.

(۲۵۳۲۳) حضرت ابراہیم سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ ازار کی جگہ پنڈلی کا باریک حصہ ہے۔

(۲۵۳۲۴) حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ يُوسُفَ ، عَنْ حُمَيْدٍ ، عَنْ أَنَسٍ ، قَالَ : الإِزَارُ إِلَى نِصْفِ السَّاقِ ، أَوْ إِلَى الْكَعْبَيْنِ ، لاَ خَيْرَ فِيمَا هُوَ أَسْفَلُ مِنْ ذَلِكَ.

(۲۵۳۲۴) حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ ازار، نصف پنڈلی تک ہو یا ٹخنوں تک ہو جو ازار اس سے نیچے ہو اس میں کوئی خیر نہیں ہے۔

(۲۵۳۲۵) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ أَبِي عَوْنٍ ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ ، قَالَ : كَانُوا يَكْرَهُونَ الإِزَارَ فَوْقَ نِصْفِ السَّاقِ.

(۲۵۳۲۵) حضرت ابن سیرین رحمہ اللہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ پہلے لوگ، نصف پنڈلی سے اوپر ازار کو ناپسند کرتے تھے۔

(۲۵۳۲۶) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُسْهِرٍ ، عَنْ خَرَشَةَ ؛ أَنَّ عُمَرَ دَعَا بِشَفْرَةٍ فَرَفَعَ إِزَارَ رَجُلٍ عَنْ كَعْبَيْهِ ، ثُمَّ قَطَعَ مَا كَانَ أَسْفَلَ مِنْ ذَلِكَ ، قَالَ : فَكَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَى ذَبَاذِبِهِ تَسِيلُ عَلَى عَقِبَيْهِ.

(۲۵۳۲۶) حضرت خرشہ سے روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے استرا منگوایا پھر ایک آدمی کا ازار اس کے ٹخنوں سے اُوپر کیا پھر جو اس سے نیچے تھے اس کو کاٹ دیا۔ راوی کہتے ہیں گویا کہ میری آنکھوں کے سامنے وہ منظر ہے کہ کپڑے کے ٹکڑے اس کی ایڑیوں پر گر رہے تھے۔

(۲۵۳۲۷) حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ أَبِي سِنَانٍ ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ ، قَالَ : رَأَيْتُ نَاسًا مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْتَزِرُونَ عَلَى أَنْصَافِ سُوقِهِمْ ، فَذَكَرَ أُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ ، وَابْنَ عُمَرَ ، وَزَيْدَ بْنَ أَرْقَمَ ، وَالْبَرَاءَ بْنَ عَازِبٍ.

(۲۵۳۲۷) حضرت ابواسحٰق سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ رضی اللہ عنہم میں سے بہت سے

لوگوں کو دیکھا ہے جو اپنی نصف پنڈلیوں پر ازار باندھتے تھے۔ پھر آپ رضی اللہ عنہ نے حضرت اسامہ بن زید، حضرت ابن عمر، حضرت زید بن ارقم اور حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہم کا ذکر فرمایا۔

(۲۵۳۲۸) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي يَحْيَى ، عَنْ عِكْرِمَةَ ، قَالَ :رَأَيْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ يَأْتَزِرُ فَيُرْسِلُ إِزَارَهُ مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ ، حَتَّى تَقَعَ حَاشِيَتُهُمَا عَلَى ظَهْرِ قَدَمَيْهِ ، وَيَرْفَعُهُمَا مِنْ مُؤَخَّرِهِ.

(ابو داؤد ۴۰۹۳۔ نسائی ۹۶۸۱)

(۲۵۳۲۸) حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کو ازار باندھتے ہوئے دیکھا۔ چنانچہ وہ اپنا ازار، اپنے آگے سے لٹکا دیتے تھے۔ یہاں تک کہ اس کے دونوں کنارے آپ رضی اللہ عنہ کے قدموں کی پشت پر آجاتے اور (پھر) آپ رضی اللہ عنہ ان کو پچھلی جانب سے اٹھا لیتے۔

(۲۵۳۲۹) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، قَالَ :حَدَّثَنَا أَبُو سُلَيْمَانَ الْمُكْتِبُ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ :رَأَيْتُ عَلِيًّا عَلَيْهِ إِزَارٌ نَجْرَانِيٌّ إِلَى أَنْصَافِ سَاقَيْهِ.

(۲۵۳۲۹) حضرت ابوسلیمان مکتب اپنے والد سے روایت کرتے ہیں وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ آپ رضی اللہ عنہ (کے جسم) پر نجرانی ازار تھا اور آپ رضی اللہ عنہ کی پنڈلیوں کے نصف میں تھا۔

(۲۵۳۳۰) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ مُوسَى بْنِ دِهْقَانٍ ، قَالَ :رَأَيْتُ أَبَا سَعِيدٍ ، وَابْنَ عُمَرَ أُزْرُهُمَا إِلَى أَنْصَافِ سُوقِهِمَا.

(۲۵۳۳۰) حضرت موسیٰ بن دہقان سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کو دیکھا۔ ان دونوں حضرات کے ازار، ان کی پنڈلیوں کے نصف تک تھے۔

(۲۵۳۳۱) حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ مُوسَى ، قَالَ :أَخْبَرَنَا مُوسَى بْنُ عُبَيْدَةَ ، عَنْ إِيَاسِ بْنِ سَلَمَةَ ، عَنْ أَبِيهِ ؛ أَنَّ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ كَانَ إِزَارُهُ إِلَى نِصْفِ سَاقَيْهِ ، قَالَ :فَقِيلَ لَهُ فِي ذَلِكَ ؟ فَقَالَ :هَذِهِ إِزَرَةُ حَبِيبِي ، يَعْنِي النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. (ترمذی ۱۲۱۔ بزار ۳۵۳)

(۲۵۳۳۱) حضرت ایاس بن سلمہ، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کا ازار، ان کی نصف پنڈلی تک تھا۔ راوی کہتے ہیں چنانچہ ان سے اس کے بارے میں کہا گیا تو انہوں نے فرمایا: یہ میرے محبوب کا ازار ہے یعنی جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ازار کا طریقہ یہی ہے۔

(۲۵۳۳۲) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، قَالَ :أَخْبَرَنَا شَرِيكٌ ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ ، عَنْ حُصَيْنِ بْنِ قَبِيصَةَ ، عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :يَا سُفْيَانُ بْنُ سَهْلٍ ، لاَ تُسْبِلْ ، فَإِنَّ اللَّهَ لاَ يُحِبُّ الْمُسْبِلِينَ. (احمد ۴/ ۲۴۶۔ ابن حبان ۵۴۴۲)

(۲۵۳۳۲) حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''اے سفیان بن

سہل! تو کپڑا نہ لٹکا۔ اس لئے کہ اللہ تعالیٰ کپڑا لٹکانے والوں کو پسند نہیں کرتے۔''

(٢١) مَنْ كَانَ يَكْرَهُ لُبْسَ الْخِفَافِ وَالنِّعَالِ الَّتِي لَمْ تُذَكَّ

جو حضرات غیر مزکّی موزے اور جوتے پہننے کو مکروہ سمجھتے تھے

(٢٥٣٣٣) حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ ، عَنْ أَيُّوبَ ، عَنْ مُحَمَّدٍ ، عَنْ أُسَيْرِ بْنِ جَابِرٍ : كَانَ يَكْرَهُ الْخِفَافَ وَالنِّعَالَ الَّتِي لَمْ تُذَكَّ.

(۲۵۳۳۳) حضرت محمد، حضرت اُسیر بن جابر کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ یہ ایسے موزوں اور جوتوں کے پہننے کو ناپسند کرتے تھے جن کو صاف نہ کیا گیا ہو۔

(٢٥٣٣٤) حَدَّثَنَا الثَّقَفِيُّ ، عَنْ أَيُّوبَ ، عَنْ مُحَمَّدٍ ؛ أَنَّ عَائِشَةَ كَانَتْ تَكْرَهُ الْفِرَاءَ الَّتِي لَمْ تُذَكَّ.

(۲۵۳۳۴) حضرت محمد سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا ایسے چمڑا لگے ہوئے لباس کو ناپسند کرتی تھیں جس کو صاف نہ کیا گیا ہو۔

(٢٥٣٣٥) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ ، عَنْ أَشْعَثَ ، عَنْ مُحَمَّدٍ ، قَالَ : كَانَ مِمَّنْ يَكْرَهُ الصَّلاَةَ فِيمَا لَمْ يُذَكَّ ؛ عُمَرُ ، وَابْنُ عُمَرَ ، وَعِمْرَانُ بْنُ حُصَيْنٍ ، وَعَائِشَةُ ، وَأُسَيْرُ بْنُ جَابِرٍ.

(۲۵۳۳۵) حضرت محمد سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ جو لوگ صاف نہ کئے ہوئے چمڑے میں نماز کو مکروہ سمجھتے تھے ان میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ، حضرات عمران بن حصن، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اور حضرت اُسیر بن جابر رضی اللہ عنہ شامل ہیں۔

(٢٢) فِي طُولِ الْقَمِيصِ ، كَمْ هُوَ ، وَإِلَى أَيْنَ هُوَ فِي جَرِّهِ ؟

قمیص کی لمبائی میں کہ کتنی ہو اور اپنے کھینچنے میں کہاں تک ہو

(٢٥٣٣٦) حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ ، عَنِ الأَوْزَاعِيِّ ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُهَاجِرٍ ، قَالَ : كَانَتْ قُمُصُ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ وَثِيَابُهُ مَا بَيْنَ الْكَعْبِ وَالشِّرَاكِ.

(۲۵۳۳۶) حضرت عمرو بن مہاجر سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ کی قمیص اور آپ رحمۃ اللہ علیہ کے کپڑے ٹخنے اور تسمہ باندھنے کی جگہ کے درمیان ہوتے تھے۔

(٢٥٣٣٧) حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ ، عَنِ ابْنِ أَبِي رَوَّادٍ ، عَنْ سَالِمٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ : الإِسْبَالُ فِي الإِزَارِ ، وَالْقَمِيصِ ، وَالْعِمَامَةِ ، مَنْ جَرَّ مِنْهَا شَيْئًا خُيَلاَءَ ، لَمْ يَنْظُرِ اللَّهُ إِلَيْهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ.

(ابوداؤد ۴۰۹۱۔ ابن ماجہ ۳۵۷۶)

(۲۵۳۳۷) حضرت سالم، اپنے والد کے واسطہ سے جناب نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: ''اسبال (کپڑے کو لٹکانا) ازار، قمیص اور عمامہ میں ہوتا ہے۔ جو شخص ان میں سے کسی چیز کو تکبر کی وجہ سے کھینچے گا۔ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کی طرف نہیں دیکھے گا۔''

(۲۵۳۳۸) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ أَبِي سُلَيْمَانَ ، عَنْ سُلَيْمَانَ الأَحْوَلِ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ، قَالَ : جَرُّ الْقَمِيصِ وَالإِزَارِ سَوَاءٌ.

(۲۵۳۳۸) حضرت مجاہد سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ قمیص اور ازار کو کھینچنا برابر ہے۔

(۲۵۳۳۹) حَدَّثَنَا يَزِيدُ ، قَالَ : أَخْبَرَنَا إِسْمَاعِيلُ ، عَنْ شُعَيْبِ بْنِ يَسَارٍ ، قَالَ : ذَكَرُوا عِنْدَ عِكْرِمَةَ جَرَّ الْقَمِيصِ وَالإِزَارِ ، فَقَالَ : هُوَ وَاللَّهِ شَرٌّ وَأَشَرٌّ.

(۲۵۳۳۹) حضرت شعیب بن یسار سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ کچھ لوگوں نے حضرت عکرمہ کے پاس قمیص اور ازار کو کھینچنے کا ذکر کیا تو آپ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: بخدا! یہ تو شر ہے۔ بڑا شر ہے۔

(۲۵۳٤۰) حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ أَبِي هَاشِمٍ ، عَنْ طَاوُوسٍ ، قَالَ : كَانَ قَمِيصُهُ فَوْقَ الإِزَارِ ، وَالرِّدَاءُ فَوْقَ الْقَمِيصِ.

(۲۵۳۴۰) حضرت طاؤس کے بارے میں روایت ہے۔ راوی کہتے ہیں کہ ان کی قمیص ازار سے اُوپر ہوتی تھی اور چادر، قمیص سے اُوپر ہوتی تھی۔

(۲۵۳٤۱) حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ قَيْسٍ ، قَالَ : رَأَيْتُ الْقَاسِمَ قَمِيصُهُ إِلَى الْكَعْبِ.

(۲۵۳۴۱) حضرت داؤد بن قیس سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت قاسم کی قمیص کو ٹخنوں تک دیکھا۔

(۲۵۳٤۲) حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ ، عَنْ أَبِي عَوَانَةَ ، عَنْ مُغِيرَةَ ، قَالَ : كَانَ إِبْرَاهِيمُ قَمِيصُهُ عَلَى ظَهْرِ الْقَدَمِ.

(۲۵۳۴۲) حضرت مغیرہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت ابراہیم کی قمیص ان کے قدم کی پشت پر ہوتی تھی۔

(۲۵۳٤۳) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُمَيْرٍ ، قَالَ : رَأَيْتُ قَمِيصَ سَالِمٍ مُشَمَّرًا فَوْقَ الْكَعْبَيْنِ ، فَقَالَ : إِنِّي رَأَيْتُ ابْنَ عُمَرَ كَانَ قَمِيصُهُ هَكَذَا.

(۲۵۳۴۳) حضرت محمد بن عمیر سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت سالم کی قمیص کو ٹخنوں سے اوپر چڑھا دیکھا۔ اور انہوں نے فرمایا: میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ ان کی قمیص بھی ایسی ہی تھی۔

(۲۳) فِي طُولِ كُمِّ الْقَمِيصِ ، إِلَى أَيْنَ ؟

قمیص کی آستین کی لمبائی میں کہ وہ کہاں تک ہو

(۲۵۳٤٤) حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ ، عَنْ جَعْفَرٍ ، عَنْ عَلِيٍّ ، قَالَ : ابْتَاعَ عَلِيٌّ قَمِيصًا سُنْبُلَانِيًّا بِأَرْبَعَةِ دَرَاهِمَ ،

وَدَعَا الْخَيَّاطَ ، فَمَدَّ كُمَّ الْقَمِيصِ ، وَأَمَرَهُ أَنْ يَقْطَعَ مَا خَلْفَ أَصَابِعِهِ.

(۲۵۳۴۴) حضرت جعفر، حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ایک خوب لمبی قمیص چار درہم میں خریدی۔ اور آپ رضی اللہ عنہ نے درزی کو بلایا پھر آپ رضی اللہ عنہ نے قمیص کی آستین کو کھینچا اور درزی کو حکم دیا کہ جو حصہ آپ رضی اللہ عنہ کی انگلیوں سے آگے ہے اس کو کاٹ دے۔

(٢٥٣٤٥) حَدَّثَنَا عَفَّانُ ، قَالَ : حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ ، قَالَ : أَخْبَرَنَا سَعِيدٌ الْجُرَيْرِيُّ ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ ؛ أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ دَعَا بِشَفْرَةٍ لِيَقْطَعَ كُمَّ قَمِيصِ عُتْبَةَ بْنِ فَرْقَدٍ مِنْ أَطْرَافِ أَصَابِعِهِ ، وَكَانَ عَلَيْهِ قَمِيصٌ سُنْبُلَانِيٌّ ، فَقَالَ : أَنَا أَكْفِيكَهُ يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ ، إِنِّي أَسْتَحِي أَنْ تَقْطَعَهُ عِنْدَ النَّاسِ ، فَتَرَكَهُ.

(۲۵۳۴۵) حضرت ابوعثمان نہدی سے روایت ہے کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے استرا منگوایا تا کہ آپ رضی اللہ عنہ عقبہ بن فرقد کی قمیص کی آستین کو ان کی انگلیوں سے کاٹ دیں۔ ان صاحب نے خوب لمبی قمیص پہن رکھی تھی۔ اس پر عقبہ نے کہا۔ اے امیر المؤمنین! میں یہ کام آپ کے بجائے میں خود ہی کرلوں گا۔ مجھے اس بات سے حیا آتی ہے کہ آپ اس کو لوگوں کے سامنے کاٹیں۔ اس پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس کو چھوڑ دیا۔

(٢٥٣٤٦) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ ، عَنِ الأَجْلَحِ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ أَبِي الْهُذَيْلِ ، قَالَ : رَأَيْتُ عَلِيًّا عَلَيْهِ قَمِيصٌ مَدَرِيٌّ ، أَوْ رَازِقِيٌّ ، إِذَا أَرْسَلَهُ بَلَغَ نِصْفَ سَاقَيْهِ ، وَإِذَا مَدَّهُ لَمْ يُجَاوِزْ ظُفُرَيْهِ.

(۲۵۳۴۶) حضرت عبداللہ بن ابوالہذیل سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ پر ایک پتلی سی قمیص دیکھی۔ جب آپ رضی اللہ عنہ اس کو چھوڑتے تو یہ آپ رضی اللہ عنہ کی نصف پنڈلی تک پہنچتی اور جب آپ رضی اللہ عنہ اس کو کھینچتے تو یہ آپ رضی اللہ عنہ کے ناخنوں سے متجاوز نہ ہوتی۔

(٢٥٣٤٧) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ أَبِي الْبَخْتَرِيِّ ، قَالَ : رَأَيْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ وَكُمُّ قَمِيصِهِ إِلَى الرُّصْغِ.

(۲۵۳۴۷) حضرت ابوالبختری سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ ان کی قمیص کی آستین کلائی تک پہنچتی تھی۔

(٢٥٣٤٨) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ مُوسَى الْمُعَلِّمِ ، عَنْ بُدَيْلٍ الْعُقَيْلِيِّ ، قَالَ : كَانَ كُمُّ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى الرُّصْغِ.

(ابوداؤد ۴۰۲۳۔ ترمذی ۱۷۶۵)

(۲۵۳۴۸) حضرت بدیل عقیلی سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی آستین رصغ تک تھی۔

(٢٤) فِي الإِزَارِ ، أَيْنَ مَوْضِعُهُ مِنَ الْحِقْوِ ؟

ازار کے بارے میں کہ اس کی کمر پر کون سی جگہ ہے؟

(٢٥٣٤٩) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي يَحْيَى ، قَالَ : حَدَّثَنِي أَبُو الْعَلاَءِ ، قَالَ : رَأَيْتُ عَلِيًّا يَأْتَزِرُ

فَوْقَ السُّرَّةِ.

(۲۵۳۴۹) حضرت ابوالعلاء بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو ناف کے اُوپر ازار باندھتے ہوئے دیکھا۔

(۲۵۳۵۰) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ قُدَامَةَ بْنِ مُوسَى ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ : صَلَّيْتُ إِلَى جَنْبِ ابْنِ عُمَرَ ، وَقَدِ ائْتَزَرَ فَوْقَ السُّرَّةِ ، فَجَذَبَهُ حَتَّى جَعَلَهُ أَسْفَلَ مِنْهَا.

(۲۵۳۵۰) حضرت قدامہ بن موسیٰ، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کے پہلو میں نماز پڑھی۔ میں نے ناف کے اُوپر ازار باندھ رکھا تھا۔ پس انہوں نے اس کو کھینچا یہاں تک کہ آپ رضی اللہ عنہ نے اس کو ناف کے نیچے کر دیا۔

(۲۵۳۵۱) حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ هِشَامٍ، عَنِ الْحَسَنِ، وَابْنِ سِيرِينَ؛ أَنَّهُمَا كَانَا يَتَّزِرَانِ إِلَى أَسْفَلَ مِنَ السُّرَّةِ.

(۲۵۳۵۱) حضرت ہشام، حضرت حسن اور حضرت ابن سیرین کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ یہ دونوں حضرات ناف سے نیچے ازار باندھا کرتے تھے۔

(۲۵) فِي لُبْسِ الْقَلاَنِسِ

بڑی ٹوپی پہننے کے بارے میں

(۲۵۳۵۲) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ سَعِيدٍ ، قَالَ : رَأَيْتُ عَلَى عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ قَلَنْسُوَةً بَيْضَاءَ مضرَّبة.

(۲۵۳۵۲) حضرت عبداللہ بن سعید سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت علی بن حسین پر ایک سفید رنگ کی دوتہہ والی بڑی ٹوپی دیکھی۔

(۲۵۳۵۳) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنْ هِشَامٍ ، قَالَ : رَأَيْتُ عَلَى ابْنِ الزُّبَيْرِ قَلَنْسُوَةً لَهَا رفٌّ ، كَانَ يَسْتَظِلُّ بِهَا إِذَا طَافَ بِالْبَيْتِ.

(۲۵۳۵۳) حضرت ہشام سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن زبیر پر ایک ایسی ٹوپی دیکھی جس کا چھتا بھی تھا۔ جب آپ رضی اللہ عنہ بیت اللہ کا طواف کرتے تھے تو اس کے چھتے کے ذریعہ دھوپ سے بچاؤ کرتے تھے۔

(۲۵۳۵٤) حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ ، عَنْ يَزِيدَ ، قَالَ ، رَأَيْتُ عَلَى إِبْرَاهِيمَ قَلَنْسُوَةً مَكْفُوفَةً بِثَعَالِبَ ، أَوْ سُمُورٍ.

(۲۵۳۵۴) حضرت یزید سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابراہیم پر ایک ایسی بڑی ٹوپی دیکھی جس کے اطراف میں لومڑی یا نیولے کی کھال سے پیوند کاری تھی۔

(۲۵۳۵۵) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنِ الأَجْلَحِ ، قَالَ : رَأَيْتُ عَلَى الضَّحَّاكِ قَلَنْسُوَةَ ثَعَالِبَ.

(۲۵۳۵۵) حضرت اجلح سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ضحاک پر لومڑی کی (کھال سے بنی) ٹوپی تھی۔

(٢٥٣٥٦) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ ، عَنِ ابْنِ أَبِي عَرُوبَةَ ، عَنْ أَشْعَثَ ، عَنْ أَبِيهِ ؛ أَنَّ أَبَا مُوسَى خَرَجَ مِنَ الْخَلاَءِ ، وَعَلَيْهِ قَلَنْسُوَةٌ ، فَمَسَحَ عَلَيْهَا .

(۲۵۳۵۶) حضرت اشعث ، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابوموسیٰ ، قضاء حاجت سے فارغ ہوکر باہر آئے ، آپ رحمۃ اللہ علیہ (کے سر) پر ایک بڑی ٹوپی تھی چنانچہ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے اس پر مسح کیا۔

(٢٦) فِي لُبْسِ التُّبَّانِ

جانگیہ پہننے کے بیان میں

(٢٥٣٥٧) حَدَّثَنَا عَبْدَةُ ، عَنْ مِسْعَرٍ ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ الْمُغِيرَةِ ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ رَبِيعَةَ ، قَالَ : رَأَيْتُ عَلِيًّا يَتَزَرُ ، فَرَأَيْتُ عَلَيْهِ تُبَّانًا .

(۲۵۳۵۷) حضرت علی بن ربیعہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت علی کو ازار باندھتے دیکھا۔ پس میں نے ان (کے جسم) پر جانگیا دیکھا۔

(٢٥٣٥٨) حَدَّثَنَا عَبْدَةُ ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ ، عَنِ الْقَاسِمِ ، قَالَ : كَانَتْ عَائِشَةُ إِذَا خَرَجَتْ حَاجَّةً ، أَوْ مُعْتَمِرَةً أَخْرَجَتْ مَعَهَا عَبِيدَهَا يُرَحِّلُونَ هَوْدَجَهَا ، فَكَانُوا يُشْعِرُونَ بِأَرْجُلِهِمْ إِلَى بَطْنِ الْبَغْلَةِ ، فَأَمَرَتْهُمْ أَنْ يَلْبَسُوا التُّبَّابِينَ .

(۲۵۳۵۸) حضرت قاسم سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا جب حج یا عمرہ کی نیت سے نکلتی تھیں تو اپنے ساتھ اپنے غلام بھی اپنے کجاوہ کو چلانے کے لئے لے جاتی تھیں۔ چنانچہ وہ غلام اپنے پاؤں کے ذریعہ خچر کے پیٹ کو ایڑی مارتے۔ اس پر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے ان کو حکم دیا کہ وہ جانگیے پہنا کریں۔

(٢٥٣٥٩) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ أَبِي الْهَيْثَمِ قَالَ : قَالَ سَلْمَانُ : نِعْمَ الثَّوْبُ التُّبَّانُ .

(۲۵۳۵۹) حضرت ابوالہیثم سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت سلمان فرماتے ہیں کہ جانگیا بہترین کپڑا ہے۔

(٢٥٣٦٠) حَدَّثَنَا أَسْبَاطٌ ، عَنِ الْعَلاَءِ بْنِ حَبِيبٍ ، قَالَ : رُئِيَ عَلَى عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ تُبَّانٌ وَهُوَ بِعَرَفَاتٍ .

(۲۵۳۶۰) حضرت علاء بن حبیب سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت عمار بن یاسر پر جانگیا دیکھا گیا جب کہ وہ عرفات میں تھے۔

(٢٥٣٦١) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنِ ابْنِ أَبِي نَجِيحٍ ، قَالَ : كَانَ أَبِي يَلْبَسُ تُبَّانًا تَحْتَ الإِزَارِ .

(۲۵۳۶۱) حضرت ابن ابی نجیح سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میرے والد ازار کے نیچے جانگیا پہنا کرتے تھے۔

(٢٥٣٦٢) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، قَالَ : رَأَيْتُ أَبَا صَادِقٍ يَتَّزِرُ ، فَرَأَيْتُ تَحْتَ إِزَارِهِ تُبَّانًا .

(۲۵۳۶۲) حضرت اعمش سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوصادق کو ازار پہنتے دیکھا۔ تو میں نے آپ رحمۃ اللہ علیہ کے ازار کے نیچے جانگیا دیکھا۔

(٢٥٣٦٣) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ يَحْيَى ، قَالَ : رَأَيْتُ عَلَى عَلِيِّ بْنِ رَبِيعَةَ الْوَالِبِى تُبَّانًا ، قَالَ : كَانَ الشَّيْخُ ، يَعْنِى عَلِيًّا ، يَلْبَسُهُ.

(۲۵۳۶۳) حضرت طلحہ بن یحییٰ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت علی بن ربیعہ والبی پر جانگیا دیکھا۔ راوی کہتے ہیں۔ شیخ یعنی حضرت علی جانگیا پہنا کرتے تھے۔

(٢٥٣٦٤) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْقَاسِمِ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ عَائِشَةَ ؛ أَنَّهَا كَانَتْ تَأْمُرُ غِلْمَانَهَا بِلُبْسِ التَّبَّابِينَ وَهُمْ مُحْرِمُونَ.

(۲۵۳۶۴) حضرت عبدالرحمٰن بن قاسم، اپنے والد سے، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ اپنے غلاموں کو۔ جبکہ وہ غلام حالت احرام میں ہوتے تھے۔ جانگیے پہننے کا حکم دیا کرتی تھیں۔

(٢٥٣٦٥) حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ ، عَنْ ثَابِتٍ ، عَنْ أَنَسٍ ، قَالَ : كَانَ أَبُو مُوسَى إِذَا نَامَ لَبِسَ تُبَّانًا ، مَخَافَةَ أَنْ تَبْدُوَ عَوْرَتُهُ.

(۲۵۳۶۵) حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت ابوموسیٰ جب سونے لگتے تو آپ اس ڈر سے کہ آپ کا ستر ظاہر نہ ہو جائے۔ آپ جانگیا پہنا کرتے تھے۔

(٢٧) فِي لُبْسِ السَّرَاوِيلاَتِ

پائجامہ پہننے کے بارے میں

(٢٥٣٦٦) حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنِ الْجُرَيْرِيِّ ، عَنْ أَبِى عُثْمَانَ ، قَالَ : كَتَبَ عُمَرُ إِلَى أَبِى مُوسَى : أَنِ قَطِّعُوا الرُّكُبَ ، وَانْزُوا عَلَى الْخَيْلِ نَزْوًا ، وَأَلْقُوا الْخِفَافَ ، وَاحتَذُوا النِّعَالَ ، وَأَلْقُوا السَّرَاوِيلاَتِ ، وَاتَّزِرُوا ، وَارْمُوا الأَغْرَاضَ ، وَعَلَيْكُمْ بِاللِّبْسَةِ الْمُعَدِّيَةِ ، وَإِيَّاكُمْ وَهَدْىَ الْعَجَمِ ، فَإِنَّ شَرَّ الْهَدْىِ ، هَدْىُ الْعَجَمِ.

(۲۵۳۶۶) حضرت ابوعثمان سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ کو خط لکھا: ''گھوڑوں کی رکابیں کاٹ دو اور ان پر آہستگی سے سوار ہو، جوتے پہنو اور موزے اتار دو، شلواروں کی جگہ تہ بند پہنو، نشانے پر تیر مارو، کھردرے اور سخت کپڑے پہنو، عجمیوں کی طرح عیش وعشرت مت اختیار کرو، کیونکہ عجمیوں کا طریقہ بدترین طریقہ ہے۔''

(٢٥٣٦٧) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ ، عَنْ سُوَيْدِ بْنِ قَيْسٍ ، قَالَ : أَتَانَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَاوَمَنَا سَرَاوِيلَ.

(۲۵۳۶۷) حضرت سوید بن قیس سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ ہمارے پاس تشریف لائے اور آپ رضی اللہ عنہ نے ہمارے ساتھ پائجامہ کا سودا کیا۔

(۲۵۳٦۸) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ الْعَلاَءِ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ جَدِّهِ ، قَالَ :خَطَبَنَا عَلِيٌّ بِالْكُوفَةِ وَعَلَيْهِ سَرَاوِيلُ.

(۲۵۳٦۸) حضرت معاذ بن علاء، اپنے والد، اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا: حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ہمیں کوفہ میں خطبہ دیا اور آپ رضی اللہ عنہ نے پائجامہ پہنا ہوا تھا۔

(۲۵۳٦۹) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ حَفْصِ بْنِ أَبِي مَنْصُورٍ ، قَالَ :رَأَيْتُ عَلَى الشَّعْبِيِّ سَرَاوِيلَ.

(۲۵۳٦۹) حضرت حفص بن ابی منصور سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت شعبی کو پائجامہ پہنے دیکھا۔

(۲۵۳۷۰) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ مَهْدِيٍّ ، قَالَ :كَانَ الْحَسَنُ إِذَا كَانَ الشِّتَاءُ لَبِسَ سَرَاوِيلَ حِبَرَةٍ ، وَقَبَاءَ حِبَرَةٍ.

(۲۵۳۷۰) حضرت مہدی سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جب سردی کا موسم ہوتو حضرت حسن رضی اللہ عنہ دھاری دار یمنی پائجامہ اور دھاری دار یمنی قبا پہنتے تھے۔

(۲۵۳۷۱) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ عِمْرَانَ، عَنْ أَبِي مِجْلَزٍ، قَالَ:جَاءَ كِتَابُ عُمَرَ:أَنْ الْقُوا السَّرَاوِيلاَتِ، وَالْبَسُوا الأُزُرَ.

(۲۵۳۷۱) حضرت ابومجلز سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا خط آیا۔ کہ تم لوگ پائجامے ڈال دو اور ازار پہنو۔

(۲۵۳۷۲) حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ ، عَنْ وَاصِلٍ مَوْلَى أَبِي عُيَيْنَةَ ، قَالَ :إِنَّ اللَّهَ تَعَالَى أَوْحَى إِلَى إِبْرَاهِيمَ :إِنَّكَ أَكْرَمُ الْخَلْقِ عَلَيَّ ، فَإِذَا صَلَّيْتَ فَلاَ تَرَى الأَرْضُ عَوْرَتَكَ ، وَاتَّخِذْ سَرَاوِيلاً.

(۲۵۳۷۲) حضرت ابوعیینہ کے آزاد کردہ غلام حضرت واصل سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی طرف اللہ تعالیٰ نے وحی بھیجی کہ آپ مجھے مخلوق میں سے سب سے زیادہ عزیز ہیں۔ پس جب تم نماز پڑھو تو زمین تمہارے ستر کو نہ دیکھے اور تم پائجامہ بنالو۔

(۲۵۳۷۳) حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ ، عَنْ أَبِي خَلْدَةَ ، قَالَ :رَأَيْتُ أَبَا الْعَالِيَةِ عَلَيْهِ سَرَاوِيلُ ، قَالَ :فَقُلْتُ لَهُ ؟ قَالَ : إِنَّهَا مِنْ لِبَاسِ الرِّجَالِ.

(۲۵۳۷۳) حضرت ابوخلدہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوالعالیہ کو دیکھا اور ان پر پائجامہ تھا۔ راوی کہتے ہیں کہ میں نے ان سے کہا۔ تو انہوں نے فرمایا: یہ مردوں کا لباس ہے۔

(۲۸) مَنْ قَالَ الْبَسْ مَا شِئْتَ مَا أَخْطَأَكَ سَرَفٌ ، أَوْ مَخِيلَةٌ

جو حضرات یہ کہتے ہیں۔ جب تک تم اسراف اور تکبر نہ کرو تو جو چاہو پہنو

(۲۵۳۷٤) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، قَالَ :أَخْبَرَنَا هَمَّامٌ ، عَنْ قَتَادَةَ ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ جَدِّهِ ،

قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :كُلُوا وَاشْرَبُوا وَتَصَدَّقُوا ، وَالْبَسُوا مَا لَمْ يُخَالِطْهُ إِسْرَافٌ ، وَلاَ مَخِيلَةٌ. (ابن ماجه ۳۶۰۵۔ احمد ۲/ ۱۸۱)

(۲۵۳۷۴) حضرت عمرو بن شعیب، اپنے والد، اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا: جناب رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''کھاؤ، پیو اور صدقہ کرو۔ جب تک لباس میں اسراف اور تکبر نہ ہو تو اس کو پہن لو۔''

(۲۵۳۷۵) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مَيْسَرَةَ ، عَنْ طَاوُوسٍ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ، قَالَ : كُلْ مَا شِئْتَ ، وَالْبَسْ مَا شِئْتَ ، مَا أَخْطَأَتْكَ خُلَّتَانِ :سَرَفٌ ، أَوْ مَخِيلَةٌ.

(۲۵۳۷۵) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں۔ جو چاہو تم کھاؤ۔ اور جو چاہو تم پہنو جب تک کہ دو باتیں نہ ہوں۔ فضول خرچی یا تکبر۔

(۲۵۳۷۶) حَدَّثَنَا عَبْدُ السَّلاَمِ ، عَنْ مُغِيرَةَ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ؛ فِي قَوْلِهِ تَعَالَى :﴿ وَالَّذِينَ إِذَا أَنْفَقُوا لَمْ يُسْرِفُوا وَلَمْ يَقْتُرُوا وَكَانَ بَيْنَ ذَلِكَ قَوَامًا ﴾ قَالَ :لاَ تُجِيعُهُمْ ، وَلاَ تُعَرِّيهِمْ ، وَلاَ تُنْفِقُ نَفَقَةً يَقُولُ النَّاسُ :إِنَّكَ أَسْرَفْتَ فِيهَا.

(۲۵۳۷۶) حضرت ابراہیم، ارشاد خداوندی ﴿ وَالَّذِينَ إِذَا أَنْفَقُوا لَمْ يُسْرِفُوا وَلَمْ يَقْتُرُوا وَكَانَ بَيْنَ ذَلِكَ قَوَامًا ﴾ کی تفسیر میں فرماتے ہیں: نہ ان کو بھوکا رکھے اور نہ ان کو لباس سے محروم کرے اور نہ ان پر ایسا خرچ کرتا ہے کہ لوگ کہنے لگیں۔ تم خرچہ میں اسراف کرتے ہو۔

(۲۵۳۷۷) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ شَرِيكٍ ، عَنْ عُثْمَانَ الْحَاطِبِيِّ ، قَالَ :أَخْبَرَنِي مَنْ رَأَى عَلَى عُثْمَانَ ثَوْبًا قُوهِيًّا.

(۲۵۳۷۷) حضرت عثمان بن حاطبی سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں۔ مجھے اس آدمی نے یہ بات بتائی کہ جس نے حضرت عثمان پر ایک سفید رنگ کا کپڑا دیکھا تھا۔

(۲۵۳۷۸) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ سُمَيْعٍ ، عَنْ أَبِي رَزِينٍ ، قَالَ :خَرَجَ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ وَعَلَيْهِ قَمِيصٌ مِنْ قَهْزٍ ، وَعَلَيْهِ بُرْدَانِ قِطْرِيَّانِ.

(۲۵۳۷۸) حضرت ابورزین سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت علی بن ابی طالب باہر تشریف لائے اور ان پر ریشم ملے ہوئے سفید کپڑے کی قمیص تھی۔ اور ان پر دو سرخ رنگ کے ٹھکے ہوئے کپڑے کی چادریں تھیں۔

(۲۵۳۷۹) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ صَالِحٍ ، عَنْ عَطَاءٍ أَبِي مُحَمَّدٍ ، قَالَ :رَأَيْتُ عَلَى عَلِيٍّ قَمِيصًا مِنْ هَذِهِ الْكَرَابِيسِ غَيْرَ غَسِيلٍ.

(۲۵۳۷۹) حضرت عطاء ابی محمد سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ پر ان موٹے سوتی کپڑوں سے بنی ہوئی دُھلائی کے بغیر قمیص دیکھی۔

(٢٥٣٨٠) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ مَيْمُونٍ أَبِي الْقَاسِمِ قَالَ :رَأَيْتُ عَلَى عَطَاءٍ قَمِيصًا زُطِّيًّا.

(۲۵۳۸۰) حضرت میمون ابوالقاسم سے روایت ہے۔وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عطاء رحمہ اللہ پر زطی قمیص دیکھی۔

(٢٥٣٨١) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ خَالِدٍ أَبِي الْعَلاَءِ ، قَالَ :رَأَيْتُ عَلَى الْحَسَنِ قَمِيصًا زَطِّيًّا.

(۲۵۳۸۱) حضرت خالد بن ابوالعلاء سے روایت ہے۔وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت حسن (کے جسم) پر زطی قمیص دیکھی۔

(٢٥٣٨٢) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنِ الْحَكَمِ ، قَالَ :رَأَيْتُ عَلَيْهِ قَمِيصًا غَلِيظًا.

(۲۵۳۸۲) حضرت حکم کے بارے میں روایت ہے۔شعبہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت حکم (کے جسم) پر موٹی قمیص دیکھی۔

(٢٥٣٨٣) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ السَّائِبِ الطَّائِفِيِّ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ السَّائِبِ بْنِ أَبِي هِنْدِيَةَ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ : رَأَيْتُ عَلَى عُمَرَ ثَوْبَيْنِ قِطْرِيَّيْنِ.

(۲۵۳۸۳) حضرت محمد بن سائب بن ابی ہندیہ، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں۔وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ (کے جسم) پر دو قطری (ریشم ملے ہوئے سفید) کپڑے دیکھے۔

(٢٥٣٨٤) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ مُطَيْرِ بْنِ ثَعْلَبَةَ ، عَنْ أَبِي النَّوَّارِ ، قَالَ :رَأَيْتُ عَلِيًّا اشْتَرَى قَمِيصَيْنِ غَلِيظَيْنِ خَيَّرَ قَنْبَرٌ أَحَدَهُمَا.

(۲۵۳۸۴) حضرت ابوالنوار سے روایت ہے۔وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو دو موٹی قمیصیں خریدتے دیکھا۔ان میں سے ایک کو قنبر نے پسند کیا تھا۔

(٢٥٣٨٥) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ عُبَيْدٍ ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ رَبِيعَةَ ، قَالَ :رَأَيْتُ عَلَى عَلِيٍّ ثَوْبَيْنِ قِطْرِيَّيْنِ.

(۲۵۳۸۵) حضرت علی بن ربیعہ سے روایت ہے۔وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ (کے جسم) پر دو قطری (ریشم ملے ہوئے سفید) کپڑے دیکھے۔

(٢٥٣٨٦) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ: كَانَ مَنْ قَبْلَكُمْ أَسْفَقَ ثِيَابًا، وَأَسْفَقَ قُلُوبًا.

(۲۵۳۸۶) حضرت ابراہیم سے روایت ہے۔وہ کہتے ہیں کہ تم سے پہلے لوگ کپڑوں کے اعتبار سے سخت تھے اور دلوں کے اعتبار سے نرم تھے۔

(٢٥٣٨٧) حَدَّثَنَا يَزِيدُ ، عَنِ الْجُرَيْرِيِّ ، عَنْ أَبِي طَلْحَةَ ، قَالَ :خَرَجَ طَلْحَةُ بْنُ عُبَيْدِ اللهِ وَعَلَيْهِ ثَوْبَانِ مُمَصَّرَانِ.

(۲۵۳۸۷) حضرت ابوطلحہ سے روایت ہے۔وہ کہتے ہیں کہ حضرت طلحہ بن عبیداللہ باہر تشریف لائے اور آپ رضی اللہ عنہ (کے جسم) پر ہلکی زردی والے دو کپڑے تھے۔

(۲۹) فِي ذَيْلِ الْمَرْأَةِ، كَمْ هُوَ؟

عورت کے دامن کے بارے میں۔ وہ کتنا ہو

(٢٥٣٨٨) حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ ، عَنْ نَافِعٍ ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ ، قَالَتْ :سُئِلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : كَمْ تَجُرُّ الْمَرْأَةُ مِنْ ذَيْلِهَا ؟ قَالَ :شِبْرًا ، قَالَتْ :إِذًا يَنْكَشِفُ عَنْهَا ؟ قَالَ :فَذِرَاعًا ، لَا تَزِيدُ عَلَيْهِ. (ابو داؤد ۴۱۱۵۔ احمد ۲/ ۵۵)

(۲۵۳۸۸) حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے۔ وہ کہتی ہیں کہ جناب نبی کریم ﷺ سے سوال کیا گیا: عورت اپنے دامن کو کتنا لمبا کر سکتی ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ''ایک بالشت'' سائلہ نے کہا۔ تب تو عورت کا جسم ظاہر ہوگا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''پھر ایک ہاتھ، اس سے زیادہ نہ کرے۔''

(٢٥٣٨٩) حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ زَيْدٍ الْعَمِّيِّ ، عَنْ أَبِي الصِّدِّيقِ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ ؛ أَنَّ أَزْوَاجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رُخِّصَ لَهُنَّ فِي الذَّيْلِ شِبْرًا ، فَكُنَّ يَأْتِينَنَا فَنَذْرَعُ لَهُنَّ بِالْقَصَبِ ذِرَاعًا.

(ابو داؤد ۴۱۱۶۔ احمد ۲/ ۱۸)

(۲۵۳۸۹) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب نبی کریم ﷺ کی ازواجِ مطہرات کو دامن میں ایک بالشت کی جازت دی گئی تھی۔ پس وہ ہمارے پاس آتیں اور ہم کانے کے ذریعہ سے ان کے لئے ایک ذراع ماپ دیتے۔

(٢٥٣٩٠) حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ ، عَنْ يُونُسَ ، عَنِ الْحَسَنِ ؛ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَبَّرَ لِفَاطِمَةَ شِبْرًا ، ثُمَّ قَالَ :هَذَا قَدْرُ ذَيْلِكِ.

(۲۵۳۹۰) حضرت حسن سے روایت ہے کہ جناب نبی کریم ﷺ نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے لئے ایک بالشت ناپ دی اور فرمایا: ''یہ تمہارے دامن کی مقدار ہے۔''

(٢٥٣٩١) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، قَالَ :أَخْبَرَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ ، عَنْ أَبِي الْمُهَزِّمِ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ؛ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِفَاطِمَةَ ، أَوْ لِأُمِّ سَلَمَةَ :ذَيْلُكِ ذِرَاعٌ. (ابن ماجه ۳۵۸۳۔ احمد ۲/ ۲۶۳)

(۲۵۳۹۱) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب نبی کریم ﷺ نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا یا حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا: ''تمہارا دامن ایک ہاتھ ہے۔''

(٢٥٣٩٢) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، قَالَ :حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي خَالِدٍ ، عَنْ يُونُسَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ ، قَالَ : كَانَ يُؤْمَرُ أَنْ تَجْعَلَ الْمَرْأَةُ ذَيْلَهَا ذِرَاعًا.

(۲۵۳۹۲) حضرت اسماعیل بن ابو خالد، حضرت یونس بن ابو خالد کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ اس بات کا حکم دیتے تھے

کہ عورت اپنا دامن ایک ہاتھ بنائے۔

(۳۰) فِي صُوفِ الْمَيْتَةِ

مردار کی اُون کے بارے میں

(۲۵۳۹۳) حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ ، قَالَ: كَانُوا لَا يَرَوْنَ بَأْسًا بِصُوفِ الْمَيْتَةِ ، وَشَعْرِ الْوَبَرِ.

(۲۵۳۹۳) حضرت ابن سیرین سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ پہلے لوگ مردار کی اُون اور اونٹ کے بالوں میں کوئی حرج نہیں دیکھتے تھے۔

(۲۵۳۹۴) حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ عَبْدِ الْخَالِقِ ، عَنْ حَمَّادٍ فِي صُوفِ الْمَيْتَةِ :إِذَا غُسِلَ فَهُوَ ذَكَاتُهُ.

(۲۵۳۹۴) حضرت عبدالخالق، حضرت حماد سے مردار کی اُون کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ اس کو جب دھویا جائے تو یہی اس کی پاکی ہے۔

(۲۵۳۹۵) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، قَالَ : أَخْبَرَنَا هِشَامٌ ، عَنِ الْحَسَنِ ، وَمُحَمَّدٍ ؛ أَنَّهُمَا كَانَا لَا يَرَيَانِ بَأْسًا بِصُوفِ الْمَيْتَةِ أَنْ يُنْتَفَعَ بِهِ ، وَقَالَ الْحَسَنُ :يُغْسَلُ.

(۲۵۳۹۵) حضرت ہشام، حضرت حسن اور حضرت محمد رحمہ اللہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ یہ دونوں حضرات مردار کی اُون سے نفع حاصل کرنے میں کوئی حرج نہیں دیکھتے تھے۔ اور حضرت حسن رحمہ اللہ فرماتے ہیں۔ اس کو دھویا جائے گا۔

(۲۵۳۹۶) حَدَّثَنَا يَزِيدُ ، قَالَ : أَخْبَرَنَا ابْنُ عَوْنٍ ، عَنْ مُحَمَّدٍ ، قَالَ : كَانُوا لَا يَرَوْنَ بِالصُّوفِ ،وَالشَّعْرِ ، وَالْمِرْعِزَّى ، وَالْوَبَرِ بَأْسًا ، إِنَّمَا كَانُوا يَكْرَهُونَ الصَّلَاةَ فِي الْجِلْدِ.

(۲۵۳۹۶) حضرت محمد سے روایت ہے کہ پہلے حضرات اُون، بال، بھیڑ کے بالوں کے نیچے والے رُواں اور اونٹ کے بالوں میں کوئی حرج نہیں دیکھتے تھے۔ وہ صرف چمڑے میں نماز کو مکروہ سمجھتے تھے۔

(۲۵۳۹۷) حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ ، عَنْ عِمْرَانَ الْقَطَّانِ ، عَنْ حَمَّادٍ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ؛ فِي الرِّيشِ ، وَالْعَقِبِ ، وَالصُّوفِ ، وَالْعِظَامِ مِنَ الْمَيْتَةِ ، قَالَ :إِذَا غُسِلَ فَهُوَ طَهُورُهُ.

(۲۵۳۹۷) حضرت حماد، حضرت ابراہیم سے مردار کے بال، پٹھے، اون اور ہڈیوں کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا: جب ان کو دھویا جائے تو یہی ان کی طہارت ہے۔

(۲۵۳۹۸) حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ ، عَنْ مُغِيرَةَ ، عَنِ الشَّعْبِيِّ ؛ أَنَّ بَنَاتِ حُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ كُنَّ يَلْبَسْنَ الْقُمُصَ ، فَإِذَا بَلَغْنَ وَتَزَوَّجْنَ ، يَلْبَسْنَ الدُّرُوعَ.

(۲۵۳۹۸) حضرت شعبی سے روایت ہے کہ حضرت حسین بن علی رضی اللہ عنہ کی بیٹیاں (خالی) قمیص پہنا کرتی تھیں۔ پھر جب وہ بالغ اور شادی شدہ ہوگئیں تو پھر وہ عورتوں کی کُرتی (بھی) پہنا کرتی تھیں۔

(٢٥٣٩٩) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ ، عَنْ مَعْمَرٍ ، عَنْ حَمَّادٍ ، قَالَ : لاَ بَأْسَ بِرِيشِ الْمَيْتَةِ.

(۲۵۳۹۹) حضرت حماد سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ مردار کے بالوں (کے استعمال میں) کوئی حرج نہیں ہے۔

(٣١) فِي لُبْسِ الصُّوفِ وَالأَكْسِيَةِ وَغَيْرِهَا

اُون اور چادروں وغیرہ کے پہننے میں

(٢٥٤٠٠) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، قَالَ : حَدَّثَنَا الأَعْمَشُ ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مَيْسَرَةَ ، عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ ، عَنْ رَافِعِ بْنِ أَبِي رَافِعٍ ، قَالَ : رَأَيْتُ أَبَا بَكْرٍ وَكَانَ لَهُ كِسَاءٌ فَدَكِيٌّ يَخُلُّهُ عَلَيْهِ إِذَا رَكِبَ ، وَنَلْبَسُهُ أَنَا وَهُوَ إِذَا نَزَلْنَا ، وَهُوَ الْكِسَاءُ الَّذِي عَيَّرَتْهُ بِهِ هَوَازِنُ ، قَالُوا : ذَا الْخَلاَلُ نُبَايِعُ بَعْدَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

(۲۵۴۰۰) حضرت رافع بن ابی رافع سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ آپ رضی اللہ عنہ کے پاس ایک مقام فدک کی چادر تھی۔ جب آپ رضی اللہ عنہ سوار ہوتے تو آپ رضی اللہ عنہ اس کو سمیٹ کر پن لگا لیتے اور جب ہم اُترتے تو میں اور آپ رضی اللہ عنہ اس کو پہن لیتے۔ یہی وہ چادر ہے جس کا طعنہ آپ رضی اللہ عنہ کو ہوازن نے دیا تھا۔ انہوں نے کہا تھا۔ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد ہم ذا الخلال کی بیعت کریں؟

(٢٥٤٠١) حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ ، قَالَ : أَخْبَرَنَا إِسْرَائِيلُ ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُونٍ ، قَالَ : حَجَّ أَبُو مُوسَى عَلَى جَمَلٍ أَحْمَرَ مُلَبَّدًا رَأْسُهُ ، عَلَيْهِ عَبَاءَةٌ لَهُ.

(۲۵۴۰۱) حضرت عمرو بن میمون سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت ابوموسی رضی اللہ عنہ نے سُرخ رنگ کے اونٹ پر حج کیا جس کے سر (کے بالوں) کو چپکایا ہوا تھا۔ آپ رضی اللہ عنہ پر آپ کی گون تھی۔

(٢٥٤٠٢) حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ ، عَنْ زَائِدَةَ ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنِ الْحَسَنِ ، قَالَ : كَانَتْ لأَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَكْسِيَةٌ تُسَمَّى الْمُرُوطَ غَيْرُ وَاسِعَةٍ وَاللَّهِ ، وَلاَ لَيِّنَةٍ.

(۲۵۴۰۲) حضرت حسن سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواجِ مطہرات کے پاس چادریں تھیں جن کو مروط کہا جاتا تھا۔ وہ نہ تو بہت زیادہ چوڑی تھیں۔ بخدا..... اور نہ ہی نرم تھیں۔

(٢٥٤٠٣) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، قَالَ : أَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلاَلٍ ، عَنْ أَبِي بُرْدَةَ ، قَالَ : دَخَلْتُ عَلَى عَائِشَةَ فَأَخْرَجَتْ إِلَيَّ إِزَارًا غَلِيظًا مِمَّا تُصْنَعُ بِالْيَمَنِ ، وَكِسَاءً مِنْ هَذِهِ الأَكْسِيَةِ الَّتِي تَدْعُونَهَا الْمُلَبَّدَةَ ، فَأَقْسَمَتْ : لَقُبِضَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيهِمَا. (بخاری ۳۱۰۸۔ مسلم ۳۵)

(۲۵۴۰۳) حضرت ابو بردہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوا تو انہوں نے مجھے ایک موٹا ازار..... جو یمن میں بنائے جاتے ہیں۔ اور ان چادروں میں سے ایک چادر..... جن کو تم ملبدہ کہتے ہیں..... نکال کر

دکھائی اور آپ رضی اللہ عنہا نے قسم کھا کر کہا۔ جناب نبی کریم ﷺ کی روح مبارک ان دو کپڑوں میں قبض ہوئی ہے۔

(٢٥٤٠٤) حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُوسَى ، عَنْ شَيْبَانَ ، عَنْ قَتَادَةَ ، عَنْ أَبِي بُرْدَةَ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ :فَقَالَ لِي :يَا بُنَيَّ ، لَوْ شَهِدْتَنَا وَنَحْنُ مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَصَابَتْنَا السَّمَاءُ ، لَحَسِبْتَ أَنَّ رِيحَنَا رِيحُ الضَّأْنِ.

(ابوداؤد ۴۰۳۰۔ ترمذی ۲۴۷۹)

(۲۵۴۰۴) حضرت ابو بردہ، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے مجھے کہا۔ اے میرے بیٹے! اگر تم ہمارے ساتھ اس وقت ہوتے جبکہ ہم جناب رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ہوتے تھے اور ہمیں سورج کی حرارت پہنچتی تو تم یہ گمان کرتے کہ ہمارے (پسینہ کی) بو، بھیڑ کی بُو کی طرح ہے۔

(٢٥٤٠٥) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُبَيْدَةَ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ خِرَاشٍ ، قَالَ :رَأَيْتُ أَبَا ذَرٍّ وَكَانَ يَجْلِسُ عَلَى قِطْعَةِ الْمِسْحِ وَالْجُوَالِقِ.

(۲۵۴۰۵) حضرت عبداللہ بن خراش سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کو دیکھا وہ بالوں کے کمبل اور بوری پر بیٹھے ہوئے تھے۔

(٢٥٤٠٦) حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ عَبَّادٍ الْمَازِنِيِّ ، عَنْ أَبِي مِجْلَزٍ ، قَالَ :قَرَسَ أَصْحَابَ ابْنِ مَسْعُودٍ الْبَرْدُ ، قَالَ :فَجَعَلَ الرَّجُلُ يَسْتَحْيِي أَنْ يَجِيءَ فِي الْكِسَاءِ الدَّوْنِ، أَوِ الثَّوْبِ الدَّوْنِ، قَالَ فَأَصْبَحَ أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ فِي عَبَاءَةٍ ، ثُمَّ أَصْبَحَ فِيهَا ، ثُمَّ أَصْبَحَ فِيهَا فِي الْيَوْمِ الثَّالِثِ ، فَجَعَلَ النَّاسُ يَتَرَاجَعُونَ.

(۲۵۴۰۶) حضرت ابومجلز سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے ساتھ سخت سردی میں مبتلا ہو گئے.....راوی کہتے ہیں.....لیکن (ان میں سے بعض) آدمی اس بات میں حیا کرتے تھے کہ وہ پرانے کپڑے میں یا پُرانی چادر میں آئے۔ راوی کہتے ہیں۔ پس حضرت ابوعبدالرحمٰن ایک صبح ایک شال میں آئے پھر دوبارہ اسی شال میں آئے پھر تیسرے دن بھی اسی شال میں آئے اس پر لوگوں میں بھی عاجزی آنے لگی۔

(٢٥٤٠٧) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، قَالَ :حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ الْغَازِ ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ نُسَيٍّ ، عَنْ سَلْمَانَ ؛ أَنَّهُ كَانَ لَهُ حُبًّا مِنْ عَبَاءٍ، وَهُوَ أَمِيرُ النَّاسِ.

(۲۵۴۰۷) حضرت عبادہ بن نسی سے حضرت سلمان کے بارے میں روایت ہے کہ ان کے پاس سرین کے بل بیٹھ کر رانوں کو باندھنے کے لئے گون کے ٹکڑے تھے۔ جبکہ وہ لوگوں کے امیر تھے۔

(٢٥٤٠٨) حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ إِدْرِيسَ ، عَنْ حُصَيْنٍ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ ، قَالَ : كَانَ عِيسَى بْنُ مَرْيَمَ يَلْبَسُ الشَّعْرَ.

(۲۵۴۰۸) حضرت عبید بن عمیر سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت عیسیٰ بن مریم بال (کا لباس) پہنا کرتے تھے۔

(٣٢) مَنْ كَانَ يُغَالِي بِالثِّيَابِ

جو حضرات مہنگے کپڑے خریدتے تھے

(٢٥٤٠٩) حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ ، عَنْ سَعِيد ، عَنْ مُغِيرَةَ ، قَالَ : كَانَ إِبْرَاهِيمُ لَا يَرَى بَأْسًا أَنْ يَلْبَسَ الرَّجُلُ الثَّوْبَ بِخَمْسِينَ دِرْهَمًا ، يَعْنِي الطَّيْلَسَانَ.

(۲۵۴۰۹) حضرت مغیرہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت ابراہیم اس بات میں کوئی حرج نہیں دیکھتے تھے کہ آدمی پچاس درہم کا کپڑا پہنے..... یعنی شال۔

(٢٥٤١٠) حَدَّثَنَا جَرِيرٌ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْتَشِرِ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ مَسْرُوقٍ ، قَالَ : كَانَ لَا يُغَالِي بِثَوْبٍ ، إِلَّا بِطَيْلَسَانَ.

(۲۵۴۱۰) حضرت ابراہیم بن محمد، اپنے والد سے حضرت مسروق کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ شال کے علاوہ کسی کپڑے کو مہنگا نہیں خریدتے تھے۔

(٢٥٤١١) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ هَمَّامٍ ، عَنْ قَتَادَةَ ، عَنْ مُحَمَّدٍ ، قَالَ : كَانَ لِتَمِيمٍ رِدَاءٌ اشْتَرَاهُ بِأَلْفٍ ، يُصَلِّي فِيهِ.

(۲۵۴۱۱) حضرت محمد رحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت تمیم کے پاس ایک چادر تھی جو انہوں نے ایک ہزار میں خریدی تھی اور وہ اس میں نماز پڑھا کرتے تھے۔

(٢٥٤١٢) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ وَاقِدٍ ، عَنْ نَافِعٍ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ ، قَالَ : كَانَ عُمَرُ يَكْسُو الرَّجُلَ مِنْ أَصْحَابِ مُحَمَّد صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الحلة بِتِسْعِ مِئَةٍ.

(۲۵۴۱۲) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ، جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ رضی اللہ عنہم میں سے ایک آدمی کو نو سو کا ایک جوڑا پہناتے تھے۔

(٢٥٤١٣) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ مِسْعَرٍ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْتَشِرِ ، قَالَ : كَانَ مَسْرُوقٌ لَا يُغَالِي بِثَوْبٍ ، إِلَّا بِطَيْلَسَانَ.

(۲۵۴۱۳) حضرت ابراہیم بن محمد بن منتشر سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت مسروق کسی کپڑے کو مہنگا نہیں لیتے تھے مگر شال کو۔

(٣٣) فِي لُبْسِ الْكَتَّانِ

سوتی کپڑا پہننے کے بارے میں

(٢٥٤١٤) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ مِسْعَرٍ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْتَشِرِ ، قَالَ : كَانَ مَسْرُوقٌ يَلْبَسُ الْكَتَّانَ

تَحْتَ الْقُطْنِ.

(۲۵۴۱۴) حضرت ابراہیم بن محمد بن منتشر سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت مسروق اونی کپڑے کے نیچے سوتی کپڑا پہنا کرتے تھے۔

(٢٥٤١٥) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ قُرَّةَ بْنِ خَالِدٍ ، قَالَ :قُلْتُ لابْنِ سِيرِينَ :مَا كَانَ لِبَاسُ أَبِي هُرَيْرَةَ ؟ قَالَ :مِثْلَ ثَوْبَيَّ هَذَيْنِ ، وَعَلَيْهِ ثَوْبَانِ كَتَّانٌ مُمَشَّقَانِ ، فَتَمَخَّطَ مَرَّةً ، فَقَالَ :بَخٍ ، بَخٍ ، يَتَمَخَّطُ أَبُو هُرَيْرَةَ فِي الْكَتَّانِ.

(۲۵۴۱۵) حضرت قرہ بن خالد سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ سے پوچھا۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا لباس کیا ہوتا تھا؟ ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: میرے ان دو کپڑوں کی طرح۔ اور ان پر (اس وقت) دو گیرو رنگ کے سوتی کپڑے تھے۔ پس ایک مرتبہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے تھوک پھینکا پھر فرمایا: واہ، واہ، ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ تو سوتی کپڑے میں تھوکتا ہے۔

(٣٤) بِأَيِّ الرِّجْلَيْنِ يَبْدَأُ إِذَا لَبِسَ نَعْلَيْهِ ؟

جب آدمی جوتے پہنے تو کون سا پاؤں پہلے پہنے؟

(٢٥٤١٦) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :إِذَا انْتَعَلَ أَحَدُكُمْ فَلْيَبْدَأْ بِالْيُمْنَى ، وَإِذَا خَلَعَ فَلْيَبْدَأْ بِالْيُسْرَى. (مسلم ١٦٦٠۔ احمد ٢/ ٢٣٣)

(۲۵۴۱۶) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''جب تم میں سے کوئی شخص جوتے پہنے تو اس کو دائیں (پاؤں) سے ابتدا کرنی چاہیے اور جب (جوتا) اتارے تو اس کو بائیں (پاؤں) سے ابتدا کرنی چاہیے۔''

(٢٥٤١٧) حَدَّثَنَا حَفْصٌ ، عَنِ اللَّيْثِ ، عَنْ نَافِعٍ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ ؛ أَنَّهُ كَانَ إِذَا انْتَعَلَ بَدَأَ بِالْيُمْنَى ، وَإِذَا خَلَعَ بَدَأَ بِالْيُسْرَى.

(۲۵۴۱۷) حضرت نافع، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ آپ رضی اللہ عنہ جب جوتا پہنتے تو دائیں سے شروع کرتے اور جب اتارتے تو بائیں سے شروع کرتے۔

(٢٥٤١٨) حَدَّثَنَا الثَّقَفِيُّ ، عَنْ أَيُّوبَ ، عَنْ مُحَمَّدٍ ؛ أَنَّهُ كَانَ يَسْتَحِبُّ إِذَا لَبِسَ ، أَنْ يَبْدَأَ بِالْيُمْنَى ، وَإِذَا خَلَعَ أَنْ يَبْدَأَ بِالْيُسْرَى.

(۲۵۴۱۸) حضرت ایوب، حضرت محمد رحمۃ اللہ علیہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ اس بات اچھا سمجھتے تھے۔ کہ جب (جوتا) پہنے تو دائیں (پاؤں) سے شروع کرے اور جب (جوتا) اتارے تو بائیں (پاؤں) سے شروع کرے۔

(٢٥٤١٩) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، قَالَ :إِذَا لَبِسْتَ فَابْدَأْ بِالْيُمْنَى ، وَإِذَا خَلَعْتَ فَابْدَأْ بِالْيُسْرَى.

(۲۵۴۱۹) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جب تم (جوتا) پہنو تو تم دائیں (پاؤں) سے شروع کرو۔ اور

جب تم (جوتا) اُتارو تو بائیں (پاؤں) سے شروع کرو۔

(٢٥٤٢٠) حَدَّثَنَا حَفْصٌ ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ ، عَنِ ابْنِ عَمٍّ لِعُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ ، قَالَ : كَانَ عُبَيْدُ بْنُ عُمَيْرٍ يَبْدَأُ فَيَخْلَعُ الْيُسْرَى ، ثُمَّ يَخْلَعُ الْيُمْنَى فَيَجْعَلُهَا عَلَى الْيُسْرَى.

(۲۵۴۲۰) حضرت عبید بن عمیر کے چچازاد سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت عبید ابن عمیر (جوتا اُتارنا) شروع کرتے تو آپ بایاں (پاؤں) نکالتے پھر آپ رضی اللہ عنہ دایاں (پاؤں) نکالتے اور اس کو بائیں پر رکھتے۔

(٣٥) فِي الْمَشْيِ فِي النَّعْلِ الْوَاحِدَةِ ، مَنْ كَرِهَهُ

ایک جوتے میں چلنے کے بارے میں، جو حضرات اس کو مکروہ سمجھتے ہیں

(٢٥٤٢١) حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ إِدْرِيسَ ، عَنِ ابْنِ عَجْلاَنَ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لاَ يَمْشِ أَحَدُكُمْ فِي نَعْلٍ وَاحِدَةٍ ، وَلاَ فِي خُفٍّ وَاحِدَةٍ ، لِيَخْلَعْهُمَا جَمِيعًا ، أَوْ لِيَمْشِ فِيهِمَا جَمِيعًا. (بخاری ۵۸۵۵۔ مسلم ۱۶۶۰)

(۲۵۴۲۱) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ یہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''تم میں سے کوئی شخص ایک جوتے میں نہ چلے اور نہ ہی ایک موزے میں چلے۔ یا تو دونوں کو اتار دے (اور چلے) یا دونوں پہن کر چلے۔''

(٢٥٤٢٢) حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ أَبِي رَزِينٍ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، قَالَ : خَرَجَ إِلَيْنَا يَضْرِبُ بِيَدِهِ عَلَى جَبْهَتِهِ ، ثُمَّ قَالَ : إِنَّكُمْ تُحَدِّثُونَ أَنِّي أَكْذِبُ عَلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، أَشْهَدُ لَسَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ : إِذَا انْقَطَعَ شِسْعُ أَحَدِكُمْ فَلاَ يَمْشِي فِي الأُخْرَى حَتَّى يُصْلِحَهَا.

(بخاری ۹۵۶۔ مسلم ۶۹)

(۲۵۴۲۲) حضرت ابو رزین، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں۔ کہتے ہیں کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ ہماری طرف اس حالت میں تشریف لائے کہ آپ رضی اللہ عنہ اپنا ہاتھ پیشانی پر مار رہے تھے اور فرمایا: تم لوگ یہ باتیں کرتے ہو کہ میں جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر جھوٹ بولتا ہوں۔ میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ میں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ کہتے ہوئے سُنا ہے کہ'' جب تم میں سے کسی کا تسمہ ٹوٹ جائے تو وہ دوسرے جوتے میں نہ چلے یہاں تک کہ اس (ٹوٹے تسمہ والے) کو ٹھیک کر لے۔''

(٢٥٤٢٣) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي عَدِيٍّ ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ ، عَنْ مُحَمَّدٍ ؛ فِي الَّذِي يَمْشِي فِي نَعْلٍ وَاحِدَةٍ ، قَالَ : يَكْرَهُونَهُ ، وَيَقُولُونَ : لاَ ، وَلاَ خُطْوَةً.

(۲۵۴۲۳) حضرت ابن عون، حضرت محمد رحمہ اللہ سے اس آدمی کے بارے میں جو ایک جوتے میں چلتا ہے۔ روایت کرتے ہیں کہ آپ رحمہ اللہ نے فرمایا: پہلے لوگ اس کو ناپسند کرتے تھے اور کہتے تھے۔ نہ چلے اور ایک قدم بھی نہ چلے۔

(٢٥٤٢٤) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بن طَهْمَانَ ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ ، عَنْ جَابِرٍ ، قَالَ : لاَ تَمْشِ فِي النَّعْلِ الْوَاحِدَةِ.

(۲۵۴۲۴) حضرت جابر سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ تم اکیلے جوتے میں ہرگز نہ چلو۔

(٢٥٤٢٥) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ : إِذَا انْقَطَعَ شِسْعُ أَحَدِكُمْ ، فَلاَ يَمْشِي فِي النَّعْلِ الْوَاحِدَةِ.

(۲۵۴۲۵) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جب تم میں سے کسی کا تسمہ ٹوٹ جائے تو وہ اکیلے جوتے میں نہ چلے۔

(٢٥٤٢٦) حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ الْحَفَرِي ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ ، قَالَ : رَأَيْتُ سَعِيدَ بْنَ جُبَيْرٍ انْقَطَعَ شِسْعُهُ ، فَخَلَعَ نَعْلَهُ حَتَّى أَصْلَحَهُ.

(۲۵۴۲۶) حضرت عبدالملک سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت سعید بن جبیر کو دیکھا کہ ان کا تسمہ ٹوٹ گیا تو انہوں نے اپنے جوتے اتار دیئے یہاں تک کہ انہوں نے اس (ٹوٹے ہوئے جوتے کو) درست کرلیا۔

(٣٦) مَنْ رَخَّصَ أَنْ يَمْشِي فِي نَعْلٍ وَاحِدَةٍ حَتَّى يُصْلِحَ الأُخْرَى

جو حضرات ٹوٹا جوتا درست کرنے تک ایک جوتے میں چلنے کی اجازت دیتے ہیں

(٢٥٤٢٧) حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي زِيَادٍ ، عَنْ رَجُلٍ مِنْ مُزَيْنَةَ ، قَالَ : رَأَيْتُ عَلِيًّا يَمْشِي فِي نَعْلٍ وَاحِدَةٍ بِالْمَدَائِنِ ، كَانَ يُصْلِحُ شِسْعَهُ.

(۲۵۴۲۷) قبیلہ مزینہ کے ایک آدمی سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو مقام مدائن میں اکیلے جوتے میں چلتے دیکھا۔ اور وہ اپنا تسمہ ٹھیک کر رہے تھے۔

(٢٥٤٢٨) حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ ، عَنْ لَيْثٍ ، عَنْ نَافِعٍ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ ؛ أَنَّهُ كَانَ لاَ يَرَى بَأْسًا أَنْ يَمْشِيَ فِي نَعْلٍ وَاحِدَةٍ إِذَا انْقَطَعَ شِسْعُهُ ، مَا بَيْنَهُ وَبَيْنَ أَنْ يُصْلِحَ شِسْعَهُ.

(۲۵۴۲۸) حضرت نافع، حضرت ابن عمر کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ جب تسمہ ٹوٹ جائے تو وہ اکیلے جوتے میں چلنے میں کوئی حرج نہیں دیکھتے تھے۔ اتنی دیر جتنی دیر میں اپنے تسمہ کو درست کرے۔

(٢٥٤٢٩) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْقَاسِمِ ، عَنْ أَبِيهِ ؛ أَنَّ عَائِشَةَ كَانَتْ تَمْشِي فِي خُفٍّ وَاحِدَةٍ ، وَتَقُولُ : لأُحِنِقَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ.

(۲۵۴۲۹) حضرت عبدالرحمٰن بن قاسم، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا ایک موزے میں چلا کرتی تھیں اور کہتی تھیں۔ میں ضرور بالضرور ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو غصہ دلاؤں گی۔

(٢٥٤٣٠) حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ زَيْدِ بْنِ مُحَمَّدٍ ؛ أَنَّهُ رَأَى سَالِمَ بْنَ عَبْدِ اللهِ يَمْشِي فِي نَعْلٍ وَاحِدَةٍ.

(۲۵۴۳۰) حضرت شعبہ، حضرت زید بن محمد کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے حضرت سالم بن عبداللہ کو ایک جوتے میں چلتے ہوئے دیکھا۔

(٣٧) فِي انْتِعَالِ الرَّجُلِ قَائِمًا

کھڑے ہونے کی حالت میں آدمی کا جوتا پہننا

(٢٥٤٣١) حَدَّثَنَا مُعَاذُ بن مُعَاذٌ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ، قَالَ :ذُكِرَ عِنْدَ مُحَمَّدٍ انْتِعَالُ الرَّجُلِ قَائِمًا، فَقَالَ :لاَ أَعْلَمُ بِهِ بَأْسًا

(۲۵۴۳۱) حضرت ابن عون سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت محمد رحمہ اللہ کے پاس آدمی کے کھڑے ہونے کی حالت میں جوتا پہننے کا ذکر کیا گیا تو انہوں نے فرمایا: مجھے اس میں کوئی حرج معلوم نہیں ہوتا۔

(٢٥٤٣٢) حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ مُوسَى ، عَنْ عُقْبَةَ ، قَالَ :رَأَيْتُ إِبْرَاهِيمَ يُدْخِلُ رِجْلَيْهِ فِي نَعْلَيْهِ وَهُوَ قَائِمٌ.

(۲۵۴۳۲) حضرت عقبہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابراہیم کو اپنے جوتوں میں پاؤں داخل کرتے دیکھا جبکہ وہ کھڑے ہوئے تھے۔

(٢٥٤٣٣) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، قَالَ :رَأَيْتُ يَحْيَى بن وَثَّاب يَنْتَعِلُ قَائِمًا.

(۲۵۴۳۳) حضرت اعمش سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت یحییٰ بن وثاب کو کھڑے ہونے کی حالت میں جوتا پہنتے دیکھا۔

(٢٥٤٣٤) حَدَّثَنَا حَفْصٌ ، عَنْ عَمْرٍو ، قَالَ :رَأَيْتُ الْحَسَنَ يَنْتَعِلُ قَائِمًا.

(۲۵۴۳۴) حضرت عمرو سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت حسن کو کھڑے ہونے کی حالت میں جوتے پہنتے دیکھا۔

(٢٥٤٣٥) بَلَّغَنِي عَنْ حَفْصٍ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، قَالَ :بَلَغَنَا أَنَّ عَلِيًّا انْتَعَلَ قَائِمًا.

(۲۵۴۳۵) حضرت اعمش سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ ہمیں یہ بات پہنچی کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کھڑے ہونے کی حالت میں جوتے پہنے۔

(٢٥٤٣٦) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ؛ أَنَّهُ كُرِهَ أَنْ يَنْتَعِلَ الرَّجُلُ قَائِمًا.

(ابن ماجه ٣٦١٨

(۲۵۴۳۶) حضرت ابو صالح، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ اس بات کو مکروہ سمجھتے تھے کہ آدمی کھڑے ہونے کی حالت میں جوتے پہنے۔

(٣٨) فِي صِفَةِ نِعَالِهِم ، كَيْفَ كَانَتْ ؟

اُن حضرات کے جوتوں کے بیان میں کہ وہ کیسے ہوتے تھے؟

(٢٥٤٣٧) حَدَّثَنَا حَفْصٌ ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ ؛ أَنَّ نَعْلَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ لَهَا قِبَالاَنِ ، وَنَعْلُ أَبِي بَكْرٍ ، وَعُمَرَ. (ترمذی ٨٦۔ بزار ٢٩٦١)

(۲۵۴۳۷) حضرت ابن سیرین رحمہ اللہ سے روایت ہے کہ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے جوتے کے دو تسمے تھے۔ اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ، حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے جوتے بھی ایسے تھے۔

(٢٥٤٣٨) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، عَنْ هَمَّامٍ ، عَنْ قَتَادَةَ ، عَنْ أَنَسٍ ، قَالَ : كَانَ لِنَعْلِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قِبَالاَنِ. (ابن ماجه ٣٦١٥۔ احمد ٣/ ١٢٢)

(۲۵۴۳۸) حضرت قتادہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے جوتے کے دو تسمے تھے۔

(٢٥٤٣٩) حَدَّثَنَا شَرِيكٌ ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ ، قَالَ : رَأَيْتُ نَعْلَ ابْنِ عُمَرَ لَهَا قِبَالاَنِ.

(۲۵۴۳۹) حضرت ابواسحٰق سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کے جوتے کو دیکھا اس کے دو تسمے تھے۔

(٢٥٤٤٠) حَدَّثَنَا شَرِيكٌ، عَنْ جَابِرٍ ، عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ ، قَالَ: كَانَ حَذْوُ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُخَصَّرَتَيْنِ مُعَقَّبَتَيْنِ. (ابن سعد ٤٧٨)

(۲۵۴۴۰) حضرت ابوجعفر سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے جوتے درمیان سے تنگ اور بڑی ایڑی والے تھے۔

(٢٥٤٤١) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ خَالِدٍ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ الْحَارِثِ ، قَالَ : كَانَتْ نَعْلُ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَهَا شِرَاكَانِ ، قِبَالاَنِ ، مُثْنِيٌّ شِرَاكُهُمَا. (ترمذی ٧٦۔ ابن سعد ٤٧٨)

(۲۵۴۴۱) حضرت عبداللہ بن حارث سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے جوتے کے دو تسمے تھے۔

(٢٥٤٤٢) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ ، قَالَ : حَدَّثَنَا الْحَسَنُ ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي زِيَادٍ ، قَالَ : رَأَيْتُ نَعْلَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَدِينَةِ مُخَصَّرَةً ، مُلَسَّنَةً ، لَهَا عَقِبٌ خَارِجٌ. (ابن سعد ٤٧٨)

(۲۵۴۴۲) حضرت یزید بن ابی زیاد سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے جوتے مبارک مدینہ میں دیکھے وہ درمیان میں سے تنگ، زبان کی طرح باریک اور پیچھے سے باہر نکلے ہوئے تھے۔

(٣٩) فِي الْجَلاَجِلِ لِلصِّبْيَانِ

بچوں کے لئے گھونگرو کے بارے میں

(٢٥٤٤٣) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلاَنَ ؛ سَمِعَ عَامِرَ بْنَ عَبْدِ اللهِ بْنِ الزُّبَيْرِ ، قَالَ : حَدَّثَتْنِي رَيْحَانَةُ ؛ أَنَّ أَهْلَهَا أَرْسَلُوهَا وَمَعَهَا صَبِيٌّ عَلَيْهِ أَجْرَاسٌ ، فَقَالَ : أَخْبِرِي أَهْلَكِ أَنَّ هَذَا يَتْبَعُهُ الشَّيْطَانُ.

(۲۵۴۴۳) حضرت ریحانہ بیان کرتی ہیں کہ ان کے گھر والوں نے انہیں اور ان کے ہمراہ ایک بچے کو بھیجا جس پر گھنٹیاں تھیں۔ تو انہوں نے فرمایا: تم اپنے گھر والوں کو بتادو کہ ان کے پیچھے شیطان ہوتا ہے۔

(٢٥٤٤٤) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنِ ابْنِ أَبِي نَجِيحٍ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ، قَالَ : أَتَيْتُ عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ أَبِي لَيْلَى وَمَعِيَ تِبْرٌ ، فَقَالَ : أَتُرِيدُ أَنْ تُحَلِّيَ بِهِ مُصْحَفًا ؟ قُلْتُ : لاَ ، قَالَ : تُحَلِّيَ بِهِ سَيْفًا ؟ قَالَ : قُلْتُ : أُحَلِّيَ بِهِ ابْنَتِي ، قَالَ : هَلْ عَسَيْتَ أَنْ تَجْعَلَهَا أَجْرَاسًا ؟ فَإِنَّهَا تُكْرَهُ.

(۲۵۴۴۴) حضرت مجاہد سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں حضرت عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ کے پاس حاضر ہوا۔ جبکہ میرے پاس پتری تھی۔ انہوں نے پوچھا: کیا تم اس کے ذریعہ مصحف شریف کو مزین کرنا چاہتے ہو؟ میں نے کہا: نہیں۔ پھر انہوں نے پوچھا: کیا تم اس کے ذریعہ تلوار کو محلی کرنا چاہتے ہو؟ راوی کہتے ہیں۔ میں نے کہا: میں اس کے ذریعہ اپنی بچی کا زیور بنانا چاہتا ہوں۔ آپ رحمہ اللہ نے فرمایا۔ کیا تم اس کے ذریعہ گھنٹیاں بنانا چاہتے ہو؟ یہ تو مکروہ ہے۔

(٢٥٤٤٥) حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ حَنَشٍ ، قَالَ : رَأَيْتُ ابْنَ عُمَرَ وَأُتِيَ بِصَبِيٍّ عَلَيْهِ أَوْضَاحٌ ، فَجَعَلَ يُهَازِلُهُ.

(۲۵۴۴۵) حضرت عبداللہ بن حنش سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ ان کے پاس ایک بچہ لایا گیا جس کو پازیب پہنایا ہوا تھا۔ تو آپ رضی اللہ عنہ نے اس سے مذاق کرنا شروع کر دیا۔

(٢٥٤٤٦) حَدَّثَنَا حَفْصٌ ، عَنْ لَيْثٍ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ، قَالَ : أُدْخِلَتْ عَلَى عَائِشَةَ صَبِيَّةٌ عَلَيْهَا جَلاَجِلُ ، فَقَالَتْ : مَا لِي أَرَاكِ مُنَفِّرَةَ الْمَلاَئِكَةِ ؟ أَخْرِجُوهَا عَنِّي.

(۲۵۴۴۶) حضرت مجاہد سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس ایک بچی آئی جس نے گھونگرو پہنے ہوئے تھے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: مجھے کیا ہوا کہ میں تمہیں فرشتوں کو نفرت دلانے والی دیکھ رہی ہوں۔ اس کو میرے پاس سے نکال دو۔

(٢٥٤٤٧) حَدَّثَنَا أَزْهَرُ ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ ، قَالَ : نُبِّئْتُ أَنَّ مُحَمَّدًا كَانَ يَقْطَعُ الْجَلاَجِلَ الَّتِي تَكُونُ عَلَى الصِّبْيَانِ.

(۲۵۴۴۷) حضرت ابن عون سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ مجھے یہ بات بتائی گئی کہ حضرت محمد رحمہ اللہ ان گھونگروں کو کاٹ دیتے

تھے جو بچوں کو پہنائے ہوتے تھے۔

(٢٥٤٤٨) حَدَّثَنَا جَرِيرٌ ، عَنْ مُغِيرَةَ ، قَالَ : حَلَّى إِبْرَاهِيمُ بِنْتَيْنِ لَهُ صَغِيرَتَيْنِ جَلاَجِلَ مِنْ ذَهَبٍ يُصَوِّتْنَ.

(۲۵۴۴۸) حضرت مغیرہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت ابراہیم نے اپنی دو چھوٹی بیٹیوں کو آواز کرنے والے گھونگرو پہنائے۔

(٢٥٤٤٩) حَدَّثَنَا أَصْحَابُنَا ، عَنْ حَفْصٍ ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ يَحْيَى ، قَالَ : دَخَلْتُ عَلَى عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ فَرَأَيْتُ ابْنَتَيْنِ لَهُ ، وَعَلَيْهِمَا أَوْضَاحٌ.

(۲۵۴۴۹) حضرت طلحہ بن یحییٰ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ کے پاس گیا تو میں نے ان کی دو بیٹیاں دیکھیں۔ دونوں نے پازیب پہنے ہوئے تھے۔

(٤٠) فِي الْعَمَائِمِ السُّودِ

سیاہ عماموں کے بارے میں

(٢٥٤٥٠) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ مُسَاوِرٍ ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حُرَيْثٍ ، عَنْ أَبِيهِ ؛ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَطَبَ وَعَلَيْهِ عِمَامَةٌ سَوْدَاءُ. (احمد ۴/ ۳۰۷۔ ابن سعد ۴۵۵)

(۲۵۴۵۰) حضرت جعفر بن عمرو بن حریث، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبہ ارشاد فرمایا اور آپ نے سیاہ عمامہ پہنا ہوا تھا۔

(٢٥٤٥١) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، قَالَ : حَدَّثَنَا الأَعْمَشُ ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ عُبَيْدٍ ، عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ الأَنْصَارِيِّ ، قَالَ : رَأَيْتُ عَلَى عَلِيٍّ عِمَامَةً سَوْدَاءَ يَوْمَ قُتِلَ عُثْمَانُ.

(۲۵۴۵۱) حضرت ابوجعفر انصاری سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جس دن حضرت عثمان رضی اللہ عنہ قتل ہوئے اس دن میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ پر سیاہ عمامہ دیکھا۔

(٢٥٤٥٢) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، قَالَ : حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ ، عَنْ جَابِرٍ ؛ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ مَكَّةَ وَعَلَيْهِ عِمَامَةٌ سَوْدَاءُ. (ترمذی ۱۷۳۵۔ ابوداؤد ۴۰۷۳)

(۲۵۴۵۲) حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم مکہ میں داخل ہوئے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر سیاہ عمامہ تھا۔

(٢٥٤٥٣) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، قَالَ : حَدَّثَنَا أَبُو الْعَنْبَسِ عَمْرُو بْنُ مَرْوَانَ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ : رَأَيْتُ عَلَى عَلِيٍّ عِمَامَةً سَوْدَاءَ ، قَدْ أَرْخَى طَرَفَهَا مِنْ خَلْفِهِ.

(۲۵۴۵۳) حضرت عمرو بن مروان، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ پر سیاہ رنگ عمامہ دیکھا۔ آپ رضی اللہ عنہ نے اس کا کنارہ اپنے پیچھے گرایا ہوا تھا۔

(٢٥٤٥٤) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، قَالَ :حَدَّثَنَا سُفْيَانُ ، عَنْ أَبِي الْفَضْلِ ، عَنِ الْحَسَنِ ، قَالَ : كَانَتْ عِمَامَةُ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَوْدَاءَ.

(۲۵۴۵۴) حضرت حسن سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جناب نبی کریم ﷺ کا عمامہ مبارک سیاہ رنگ کا تھا۔

(٢٥٤٥٥) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ وَرْدَانَ ، قَالَ :رَأَيْتُ عَلَى أَنَسٍ عِمَامَةً سَوْدَاءَ عَلَى غَيْرِ قَلَنْسُوَةٍ ، قَدْ أَرْخَاهَا مِنْ خَلْفِهِ.

(۲۵۴۵۵) حضرت سلمہ بن وردان سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت انس پر بغیر ٹوپی کے سیاہ عمامہ دیکھا۔ آپ نے اس کو پیچھے لٹکایا ہوا تھا۔

(٢٥٤٥٦) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، قَالَ :حَدَّثَنَا عَاصِمُ بن مُحَمَّد ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ :رَأَيْتُ ابْنَ الزُّبَيْرِ اعْتَمَّ بِعِمَامَةٍ سَوْدَاءَ ، قَدْ أَرْخَاهَا مِنْ خَلْفِهِ نَحْوًا مِنْ ذِرَاعٍ.

(۲۵۴۵۶) حضرت عاصم بن محمد، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن زبیر رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ آپ رضی اللہ عنہ نے سیاہ رنگ کا عمامہ باندھا ہوا تھا۔ اور اس کو ایک ہاتھ کی مقدار اپنے پیچھے چھوڑا ہوا تھا۔

(٢٥٤٥٧) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، قَالَ :حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي هِنْدٍ ، قَالَ :رَأَيْتُ عَلَى أَبِي عُبَيْدَةَ عِمَامَةً سَوْدَاءَ.

(۲۵۴۵۷) حضرت عثمان بن ابن ہند سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوعبیدہ پر سیاہ رنگ کا عمامہ دیکھا۔

(٢٥٤٥٨) حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ سِمَاكٍ ، عَنْ مِلْحَانَ بْنِ ثَرْوَانَ ، قَالَ :رَأَيْتُ عَلَى عَمَّارٍ عِمَامَةً سَوْدَاءَ.

(۲۵۴۵۸) حضرت ملحان بن ثروان سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عمار پر سیاہ رنگ کا عمامہ دیکھا۔

(٢٥٤٥٩) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، قَالَ :حَدَّثَنَا دِينَارٌ أَبُو عُمَر ، قَالَ :رَأَيْتُ عَلَى الْحَسَنِ عِمَامَةً سَوْدَاءَ.

(۲۵۴۵۹) حضرت ابوعمر دینار سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت حسن پر سیاہ رنگ کا عمامہ دیکھا۔

(٢٥٤٦٠) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، قَالَ :حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ صَالِحٍ ، عَنْ جَابِرٍ ، قَالَ :أَخْبَرَنِي مَنْ رَأَى عَلِيًّا قَدِ اعْتَمَّ بِعِمَامَةٍ سَوْدَاءَ ، قَدْ أَرْخَاهَا مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهِ.

(۲۵۴۶۰) حضرت جابر سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ مجھے اس آدمی نے یہ بات بتائی ہے جس نے (خود) حضرت علی رضی اللہ عنہ کو سیاہ رنگ کا عمامہ باندھے ہوئے دیکھا۔ آپ رضی اللہ عنہ نے وہ عمامہ اپنے آگے اور اپنے پیچھے لٹکایا ہوا تھا۔

(٢٥٤٦١) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، قَالَ :حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ مِغْوَلٍ ، عَنْ أَبِي صَخْرَةَ ، قَالَ :رَأَيْتُ عَلَى عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ عِصَابَةً سَوْدَاءَ.

(۲۵۴۶۱) حضرت ابوصخرہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عبدالرحمن بن یزید پر سیاہ رنگ کی پٹی دیکھی۔

(٢٥٤٦٢) حَدَّثَنَا جَرِيرٌ ، عَنْ يَعْقُوبَ ، عَنْ جَعْفَرٍ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ ، قَالَ : كَانَتْ عِمَامَةُ جِبْرِيلَ يَوْمَ غَرِقَ

فِرْعَوْنُ سَوْدَاءَ.

(۲۵۴۶۲) حضرت سعید بن جبیر سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جس دن فرعون غرق ہوا اس دن حضرت جبرائیل کی پگڑی سیاہ رنگ کی تھی۔

(٢٥٤٦٣) حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ ، عَنْ عَبْدِ الْوَاحِدِ بْنِ أَيْمَنَ ، قَالَ : رَأَيْتُ عَلَى ابْنِ الْحَنَفِيَّةِ عِمَامَةً سَوْدَاءَ.

(۲۵۴۶۳) حضرت عبدالواحد بن ایمن سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن الحنفیہ پر سیاہ عمامہ دیکھا۔

(٢٥٤٦٤) حَدَّثَنَا الْبَكْرَاوِيُّ ، عَنْ أَبِي عِيسَى ، عَنْ أَبِيهِ زِيَادٍ ، قَالَ : قَدِمَ شَيْخٌ ، يُقَالُ لَهُ : سَالِمٌ ، قَالَ : رَأَيْتُ عَلَى أَبِي الدَّرْدَاءِ عِمَامَةً سَوْدَاءَ.

(۲۵۴۶۴) حضرت زیاد سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ ایک شیخ تشریف لائے جن کو سالم کہا جاتا تھا۔ انہوں نے کہا میں نے حضرت ابوالدرداء پر سیاہ رنگ کا عمامہ دیکھا ہے۔

(٢٥٤٦٥) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، قَالَ : حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي خَالِدٍ ، قَالَ : رَأَيْتُ عَلَى الأَسْوَدِ عِمَامَةً سَوْدَاءَ.

(۲۵۴۶۵) حضرت اسماعیل بن ابی خالد سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت اسود پر سیاہ رنگ کا عمامہ دیکھا۔

(٢٥٤٦٦) حَدَّثَنَا عُبَيْد اللهِ ، قَالَ : أَخْبَرَنَا مُوسَى بْنُ عُبَيْدَةَ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ دِينَارٍ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ ؛ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ مَكَّةَ يَوْمَ الْفَتْحِ وَعَلَيْهِ شِقة سَوْدَاءَ. (ابن ماجه ٣٥٨٦)

(۲۵۴۶۶) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب نبی کریم ﷺ مکہ میں یوم الفتح کو داخل ہوئے اور آپ ﷺ پر سیاہ رنگ کا کپڑا تھا۔

(٢٥٤٦٧) حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُورٍ ، قَالَ : حَدَّثَنَا شَرِيكٌ ، قَالَ : حَدَّثَنَا حَزَنٌ الْخَثْعَمِيُّ ، قَالَ : رَأَيْتُ عَلَى الْبَرَاءِ عِمَامَةً سَوْدَاءَ.

(۲۵۴۶۷) حضرت حزن خثعمی سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرات براء رضی اللہ عنہ پر سیاہ رنگ کا عمامہ دیکھا۔

(٢٥٤٦٨) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الأَسَدِيُّ ، عَنْ شَرِيكٍ ، عَنْ مُخَارِقٍ ، عَنْ عَطَاءٍ ، قَالَ : رَأَيْتُ عَلَى عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ عِمَامَةً سَوْدَاءَ.

(۲۵۴۶۸) حضرت عطاء سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ پر سیاہ رنگ کا عمامہ دیکھا۔

(٢٥٤٦٩) حَدَّثَنَا مَعْنٌ ، عَنْ حُسَيْنِ بْنِ يُونُسَ ، قَالَ : رَأَيْتُ عَلَى وَاثِلَةَ عِمَامَةً سَوْدَاءَ.

(۲۵۴۶۹) حضرت حسین بن یونس سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت واثلہ پر سیاہ رنگ کا عمامہ دیکھا۔

(٢٥٤٧٠) حَدَّثَنَا شَاذَانُ ، قَالَ : حَدَّثَنَا شَرِيكٌ ، عَنْ عَاصِمٍ ، عَنْ أَبِي رَزِينٍ ، قَالَ : خَطَبَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَعَلَيْهِ عِمَامَةٌ سَوْدَاءُ.

(۲۵۴۷۰) حضرت ابورزین سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہ نے ہمیں جمعہ کے دن خطبہ دیا اور آپ پر سیاہ رنگ کا عمامہ تھا۔

(٢٥٤٧١) حَدَّثَنَا شَبَابَةُ ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ الْمُغِيرَةِ ، قَالَ :رَأَيْتُ أَبَا نَضْرَةَ وَعَلَيْهِ عِمَامَةٌ سَوْدَاءُ.

(۲۵۴۷۱) حضرت سلیمان بن مغیرہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابونضرہ کو دیکھا اور ان پر سیاہ عمامہ تھا۔

(٤١) فِي لُبْسِ الْعَمَائِمِ الْبِيضِ

سفید عمامہ پہننے کے بارے میں

(٢٥٤٧٢) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، قَالَ :حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ صَالِحٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ :رَأَيْتُ عَلَى الشَّعْبِيِّ عِمَامَةً بَيْضَاءَ ، قَدْ أَرْخَى طَرَفَهَا وَلَمْ يُرْسِلْهُ.

(۲۵۴۷۲) حضرت حسن بن صالح، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا: میں نے حضرت شعبی پر سفید رنگ کا عمامہ دیکھا تو انہوں نے اس کے کنارے کو لٹکایا ہوا تھا اور (ویسے ہی) چھوڑا نہیں تھا۔

(٢٥٤٧٣) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، قَالَ :حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ ، قَالَ :رَأَيْتُ عَلَى سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عِمَامَةً بَيْضَاءَ.

(۲۵۴۷۳) حضرت اسماعیل بن عبدالملک بیان کرتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت سعید بن جبیر رحمہ اللہ پر سفید عمامہ دیکھا۔

(٤٢) فِي عِمَامَةِ الْخَزِّ

خز (ریشم اور اُون سے کپڑا) کا عمامہ

(٢٥٤٧٤) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ ، قَالَ :رَأَيْتُ الأَحْنَفَ وَاقِفًا عَلَى بَغْلَةٍ ، وَرَأَيْتُ عَلَيْهِ عِمَامَةَ خَزٍّ.

(۲۵۴۷۴) حضرت اسماعیل بن ابی خالد سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت احنف کو خچر پر رُکے ہوئے دیکھا اور میں نے ان پر خز کا عمامہ دیکھا۔

(٢٥٤٧٥) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ عَبْدِ السَّلاَمِ بْنِ شَدَّادٍ أَبِي طَالُوتَ ، قَالَ :رَأَيْتُ عَلَى أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عِمَامَةَ خَزٍّ.

(۲۵۴۷۵) حضرت عبدالسلام بن شداد سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ پر خز کا عمامہ دیکھا۔

(٢٥٤٧٦) حَدَّثَنَا عَبَّادٌ ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ.

(۲۵۴۷۶) حضرت ابن عون کی روایت بھی ہے۔

(٤٣) فِي إِرْخَاءِ الْعِمَامَةِ بَيْنَ الْكَتِفَيْنِ

دو کندھوں کے درمیان عمامہ کو لٹکانے کا بیان

(٢٥٤٧٧) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، قَالَ: كَانَ ابْنُ عُمَرَ يَعْتَمُّ، وَيُرْخِيهَا بَيْنَ كَتِفَيْهِ.
قَالَ عُبَيْدُاللهِ: أَخْبَرَنَا أَشْيَاخُنَا أَنَّهُمْ رَأَوْا أَصْحَابَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعْتَمُّونَ وَيُرْخُونَهَا بَيْنَ أَكْتَافِهِمْ.

(۲۵۴۷۷) حضرت نافع سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ عمامہ باندھا کرتے تھے اور اس کو اپنے کندھوں کے درمیان لٹکاتے تھے۔

حضرت عبیداللہ کہتے ہیں۔ ہمیں ہمارے مشائخ نے بتایا کہ انہوں نے جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ رضی اللہ عنہم کو دیکھا کہ وہ عمامہ پہنا کرتے تھے اور اس کو اپنے کندھوں کے درمیان لٹکاتے تھے۔

(٢٥٤٧٨) حَدَّثَنَا عَبْدَةَ، عَنْ هِشَامٍ، قَالَ: رَأَيْتُ ابْنَ الزُّبَيْرِ مُعْتَمًّا، قَدْ أَرْخَى طَرَفَيِ الْعِمَامَةِ بَيْنَ يَدَيْهِ.

(۲۵۴۷۸) حضرت ہشام سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن زبیر کو عمامہ باندھے ہوئے دیکھا کہ انہوں نے عمامہ کے کنارے اپنے سامنے لٹکائے ہوئے تھے۔

(٢٥٤٧٩) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ أَبِي الْعَنْبَسِ عَمْرِو بْنِ مَرْوَانَ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: رَأَيْتُ عَلَى عَلِيٍّ رضى اللَّهُ عَنْهُ عِمَامَةً قَدْ أَرْخَى طَرَفَهَا.

(۲۵۴۷۹) حضرت عمرو بن مروان، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ پر عمامہ دیکھا کہ انہوں نے اس کے کنارے کو لٹکایا ہوا تھا۔

(٢٥٤٨٠) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ وَرْدَانَ، قَالَ: رَأَيْتُ عَلَى أَنَسٍ عِمَامَةً قَدْ أَرْخَاهَا مِنْ خَلْفِهِ.

(۲۵۴۸۰) حضرت سلمہ بن وردان سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ پر ایک عمامہ دیکھا۔ آپ رضی اللہ عنہ نے اس کو اپنے پیچھے سے لٹکایا ہوا تھا۔

(٢٥٤٨١) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ، عَنْ مُسَاوِرٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي جَعْفَرُ بْنُ عَمْرِو بْنِ حُرَيْثٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: كَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَيْهِ عِمَامَةٌ سَوْدَاءُ، قَدْ أَرْخَى طَرَفَيْهَا بَيْنَ كَتِفَيْهِ.

(مسلم ۴۵۳۔ ابوداؤد ۴۰۷۴)

(۲۵۴۸۱) حضرت جعفر بن عمرو، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ گویا میں جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھ رہا ہوں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر سیاہ رنگ کا عمامہ ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے دو کناروں کو اپنے کندھوں کے درمیان لٹکایا ہوا ہے۔

(٢٥٤٨٢) حَدَّثَنَا شَرِيكٌ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ قَيْسٍ، قَالَ: رَأَيْتُ ابْنَ عُمَرَ مُعْتَمًّا قَدْ أَرْخَى الْعِمَامَةَ مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ

خَلْفِهِ ، وَلاَ أَدْرِي أَيُّهمَا أَطْوَلُ.

(۲۵۴۸۲) حضرت محمد بن قیس سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کو عمامہ باندھے ہوئے دیکھا۔ انہوں نے عمامہ کو اپنے آگے اور اپنے پیچھے لٹکایا ہوا تھا۔ مجھے یہ بات معلوم نہیں کہ ان دونوں میں سے لمبا حصہ کون سا تھا۔

(٢٥٤٨٣) حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ ، عَنِ الأَوْزَعِي ، عَنْ مَكْحُولٍ ، قَالَ :رَأَيْتُهُ يَعْتَمُّ وَلاَ يَرْخِي طَرَفَ العِمَامَةِ.

(۲۵۴۸۳) حضرت اوزاعی، حضرت مکحول کے بارے میں روایت کرتے ہیں۔ کہتے ہیں کہ میں نے انہیں عمامہ باندھتے ہوئے دیکھا۔ وہ عمامہ کے کنارے کو لٹکاتے نہ تھے۔

(٢٥٤٨٤) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ ، قَالَ :رَأَيْتُ عَلَى شُرَيْحٍ عِمَامَةً قَدْ أَرْخَاهَا مِنْ خَلْفِهِ.

(۲۵۴۸۴) حضرت اسماعیل سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت شریح پر عمامہ دیکھا تھا۔ انہوں نے اپنے پیچھے عمامہ کو لٹکایا ہوا تھا۔

(٢٥٤٨٥) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ ، قَالَ :حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ عُمَرَ ، عَنْ سَالِمٍ ، وَالْقَاسِمِ ؛ كَانَا يُرْخِيَانِ عَمَائِمَهُمْ بَيْنَ أَكْتَافِهِمْ.

(۲۵۴۸۵) حضرت عبید اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ حضرت سالم اور حضرت قاسم کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ یہ دونوں حضرات، اپنے عماموں کو اپنے کندھوں کے درمیان لٹکاتے تھے۔

(٢٥٤٨٦) حَدَّثَنَا شَبَابَةُ ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ الْمُغِيرَةِ ، قَالَ :رَأَيْتُ أَبَا نَضْرَةَ يَعْتَمُّ بِعِمَامَةٍ سَوْدَاءَ قَدْ أَرْخَاهَا مِنْ تَحْتِ عنقِهِ.

(۲۵۴۸۶) حضرت سلیمان بن مغیرہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابونضرہ کو سیاہ عمامہ باندھتے دیکھا۔ انہوں نے عمامہ اپنی گردن کے نیچے سے لٹکایا۔

(٢٥٤٨٧) حَدَّثَنَا شَبَابَةُ ، عَنْ سُلَيْمَانَ ، قَالَ :رَأَيْتُ الْحَسَنَ يَعْتَمُّ بِعِمَامَةٍ سَوْدَاءَ قَدْ أَرْخَى طَرَفَهَا خَلْفَهُ.

(۲۵۴۸۷) حضرت سلیمان سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت حسن کو سیاہ رنگ عمامہ پہنتے دیکھا۔ انہوں نے اس کے کنارہ کو اپنے پیچھے لٹکایا۔

(٤٤) مَنْ كَانَ يَعْتَمُّ بِكَوْرٍ وَاحِدٍ

جو حضرات ایک بل کے ساتھ عمامہ باندھتے تھے

(٢٥٤٨٨) حَدَّثَنَا شَرِيكٌ ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ ، قَالَ :رَأَيْتُ شُرَيْحًا يَعْتَمُّ بِكَوْرٍ وَاحِدٍ.

(۲۵۴۸۸) حضرت اسماعیل بن ابی خالد سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت شریح کو ایک بل کے ساتھ عمامہ

باندھتے دیکھا۔

(٢٥٤٨٩) حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ ، قَالَ :حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ ، عَنْ يَعْلَى بْنِ حَكِيمٍ ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ أَبِي عَبْدِ اللهِ ، قَالَ :أَدْرَكْتُ الْمُهَاجِرِينَ الأَوَّلِينَ يَعْتَمُّونَ بِعَمَائِمَ كَرَابِيسَ سُودٍ ، وَبِيضٍ ، وَحُمْرٍ ، وَخُضْرٍ ، وَصُفْرٍ ، يَضَعُ أَحَدُهُم الْعِمَامَةَ عَلَى رَأْسِهِ ، وَيَضَعُ الْقَلَنْسُوَةَ فَوْقَهَا ، ثُمَّ يُدِيرُ الْعِمَامَةَ هَكَذَا ، يَعْنِي عَلَى كَوْرِهِ ، لاَ يُخْرِجُهَا مِنْ تَحْتِ ذَقَنِهِ.

(۲۵۴۸۹) حضرت سلیمان بن ابی عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے مہاجرین اولین سفید، سیاہ، سرخ، سبز اور زرد رنگ کے سوتی عمامے باندھتے پایا ہے۔ ان میں سے کوئی اپنے سر پر عمامہ رکھتا۔ پھر اس کے اوپر ٹوپی رکھتا پھر عمامہ کو یوں..... یعنی اس کے بل پر..... گھماتا۔ اس کو اپنی ٹھوڑی کے نیچے سے نہیں نکالتا تھا۔

(٢٥٤٩٠) حَدَّثَنَا شَرِيكٌ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ عُبَيْدٍ، قَالَ :رَأَيْتُ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ وَعَلَيْهِ إِزَارٌ، وَرِدَاءٌ، وَعِمَامَةٌ.

(۲۵۴۹۰) حضرت ثابت بن عبید سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کو دیکھا۔ ان پر ازار، چادر اور عمامہ تھا۔

(٢٥٤٩١) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ مَعْمَرٍ ، عَنِ ابْنِ طَاوُوسٍ ، عَنْ أُسَامَةَ بن زيد ؛ كَانَ يَكْرَهُ أَنْ يَعْتَمَّ إِلاَّ أَنْ يَجْعَلَ تَحْتَ لِحْيَتِهِ وَحَلْقِهِ مِنَ الْعِمَامَةِ.

(۲۵۴۹۱) حضرت ابن طاؤس، حضرت اسامہ بن زید کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ اس بات کو ناپسند سمجھتے تھے۔ کہ عمامہ کا کچھ حصہ اپنی ڈاڑھی اور ٹھوڑی کے نیچے کیے بغیر عمامہ کو باندھا جائے۔

(٤٥) فِي لُبْسِ الْبَرَاطِلِ

لمبی (سائبان والی) ٹوپی پہننے کے بارے میں

(٢٥٤٩٢) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ ، قَالَ :حَدَّثَنَا سُفْيَانُ ، عَنْ زَيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ ؛ رَأَيْتُ عَلَى عَبْدِ اللهِ بْنِ الزُّبَيْرِ بُرْطَلَةً.

(۲۵۴۹۲) حضرت زید بن جبیر سے روایت ہے۔ کہ میں نے حضرت عبداللہ بن زبیر پر لمبی (سائبان والی) ٹوپی دیکھی۔

(٢٥٤٩٣) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ ، قَالَ :رَأَيْتُ عَلَى ابْنِ الزُّبَيْرِ قَلَنْسُوَةً لَهَا رَفٌّ ، يَعْنِي بُرْطَلَةً.

(۲۵۴۹۳) حضرت ہشام بن عروہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن زبیر پر ایسی ٹوپی دیکھی جس کا سائبان تھا۔ یعنی لمبی ٹوپی۔

(٤٦) فِي لُبْسِ الْبَرَانِسِ
برُنس (لمبی ٹوپی) پہننے کے بارے میں

(٢٥٤٩٤) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ عِيسَى بْنِ طَهْمَانَ ، قَالَ :رَأَيْتُ عَلَى أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ بُرْنُسًا.

(۲۵۴۹۴) حضرت عیسیٰ بن طہمان سے روایت ہے۔وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ پر برُنس ٹوپی دیکھی۔

(٢٥٤٩٥) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ ، قَالَ :رَأَيْتُ عَلَى شُرَيْحٍ بُرْنُسًا.

(۲۵۴۹۵) حضرت اسماعیل سے روایت ہے۔وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت شریح پر برُنس (لمبی ٹوپی) دیکھی۔

(٢٥٤٩٦) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ أَبِي شِهَابٍ ، قَالَ :رَأَيْتُ عَلَى سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ بُرْنُسًا.

(۲۵۴۹۶) حضرت ابوشہاب سے روایت ہے۔وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت سعید بن جبیر پر برُنس (لمبی ٹوپی) دیکھی۔

(٤٧) فِي لُبْسِ الثَّعَالِبِ
لومڑیوں (کی کھالوں سے بنے ملبوس) کو پہننے کے بیان میں

(٢٥٤٩٧) حَدَّثَنَا حَفْصٌ ، عَنْ لَيْثٍ ، عَنْ حَبِيبٍ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ (ح) وَعَنْ أَشْعَثَ ، عَنِ الْحَسَنِ ، قَالاَ : الْبَسِ الثَّعَالِبَ ، وَلاَ تُصَلِّ فِيهَا.

(۲۵۴۹۷) حضرت سعید بن جبیر، حضرت اشعث ،اور حضرت حسن کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ دونوں فرماتے ہیں۔تم لومڑیوں (سے تیار ملبوس) کو پہنو۔لیکن اس میں نماز نہ پڑھو۔

(٢٥٤٩٨) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ سَدِيرٍ ، عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ ، قَالَ :كَانَ لِعَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ سَبَنْجُونَةُ ثَعَالِبَ.

(۲۵۴۹۸) حضرت ابوجعفر سے روایت ہے۔وہ کہتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ بن حسین کے پاس لومڑیوں کی کھال کا بنا لباس تھا۔

(٢٥٤٩٩) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنِ الأَجْلَحِ ، قَالَ :رَأَيْتُ عَلَى الضَّحَّاكِ قَلَنْسُوَةَ ثَعَالِبَ.

(۲۵۴۹۹) حضرت اجلح سے روایت ہے۔وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ضحاک پر لومڑیوں (کی کھال سے بنا) ٹوپا دیکھا۔

(٢٥٥٠٠) حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ ، عَنْ يَزِيدَ ، قَالَ :رَأَيْتُ عَلَى إِبْرَاهِيمَ قَلَنْسُوَةً مَكْفُوفَةً بِثَعَالِبَ ، أَوْ سُمُورٍ.

(۲۵۵۰۰) حضرت یزید سے روایت ہے۔وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابراہیم پر ایسی ٹوپی دیکھی جس کے کناروں میں لومڑیوں یا نیولے (کی کھال) کا کنارہ تھا۔

(٤٨) فِي الْخِضَابِ بِالْحِنَّاءِ
مہندی سے رنگنے کا بیان

(٢٥٥٠١) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيينة ، عَنِ الزُّهْرِيِّ ؛ سَمِعَ أَبَا سَلَمَةَ ، وَسُلَيْمَانَ بْنَ يَسَارٍ يُخْبِرَانِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، يَبْلُغُ بِهِ

النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: إِنَّ الْيَهُودَ وَالنَّصَارَى لاَ يَصْبِغُونَ فَخَالِفُوهُمْ. (مسلم ۸۰۔ ابن ماجه ۳۶۲۱)

(۲۵۵۰۱) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ، اس حدیث کو جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچاتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''یہود و نصاریٰ، رنگتے نہیں ہیں پس تم ان کی مخالفت کرو۔''

(۲۵۵۰۲) حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنْ لَيْثٍ ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ ، عَنْ جَابِرٍ ، قَالَ : جِيءَ بِأَبِي قُحَافَةَ يَوْمَ الْفَتْحِ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَأَنَّ رَأْسَهُ ثَغَامَةٌ فَقَالَ : اذْهَبُوا بِهِ إِلَى بَعْضِ نِسَائِهِ فَلْيُغَيِّرُوهُ ، وَجَنِّبُوهُ السَّوَادَ.

(مسلم ۲۱۰۳۔ ابو داؤد ۴۲۰۱)

(۲۵۵۰۲) حضرت جابر سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ فتح مکہ کے دن حضرت ابو قحافہ کو جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں لایا گیا۔ اور ان کا سر گویا کہ ثغامہ بوٹی کی طرح خوب سفید تھا۔ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''تم ان کو ان کی عورتوں میں سے کسی کے پاس لے جاؤ۔ پس وہ اس کو بدل دیں، اور ان کو سیاہ رنگ سے بچاؤ۔''

(۲۵۵۰۳) حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ ، عَنِ الأَجْلَحِ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ بُرَيْدَةَ ، عَنْ أَبِي الأَسْوَدِ الدُّؤَلِيِّ ، عَنْ أَبِي ذَرٍّ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : إِنَّ أَحْسَنَ مَا غَيَّرْتُمْ بِهِ الشَّيْبَ الْحِنَّاءُ وَالْكَتَمُ.

(ترمذی ۱۷۵۳۔ احمد ۵/ ۱۵۰)

(۲۵۵۰۳) حضرت ابو ذر سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''تم سفیدی کو جن چیزوں سے بدلتے ہو۔ ان میں سے بہترین چیز، مہندی اور کتم بوٹی ہے۔''

(۲۵۵۰۴) حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُورٍ ، قَالَ : حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ وَهْبٍ ، عَنْ طَاوُسٍ ، أَوِ ابْنِ طَاوُسٍ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ، قَالَ : مَرَّ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ قَدْ خَضَّبَ بِالْحِنَّاءِ فَقَالَ : مَا أَحْسَنَ هَذَا ، ثُمَّ مَرَّ عَلَيْهِ آخَرُ قَدْ خَضَّبَ بِالْحِنَّاءِ وَالْكَتَمِ فَقَالَ : هَذَا أَحْسَنُ مِنْ هَذَا ، قَالَ : ثُمَّ مَرَّ عَلَيْهِ آخَرُ خَضَّبَ بِصُفْرَةٍ ، قَالَ : هَذَا أَحْسَنُ مِنْ هَذَا كُلِّهِ ، قَالَ : وَكَانَ طَاوُسٌ يُصَفِّرُ.

(ابو داؤد ۴۲۰۸۔ ابن سعد ۴۴۰)

(۲۵۵۰۴) حضرت طاؤس..... یا ابن طاؤس..... حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا: جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سے ایک آدمی گزرا جس نے مہندی کا خضاب کیا ہوا تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''یہ کس قدر اچھا ہے۔'' پھر ایک دوسرا آدمی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سے گزرا جس نے مہندی اور کتم کا خضاب کیا ہوا تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''یہ اُس سے بہتر ہے۔'' راوی کہتے ہیں۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سے ایک اور شخص گزرا جس نے زرد رنگ سے خضاب کیا ہوا تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''یہ اس سارے سے بہتر ہے۔''..... حضرت طاؤس زرد رنگ کا خضاب کرتے تھے۔

(۲۵۵۰۵) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ عُبَيْدٍ ، عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ الأَنْصَارِيِّ ، قَالَ : رَأَيْتُ أَبَا بَكْرٍ

لِكَأَنَّ رَأْسَهُ وَلِحْيَتَهُ كَأَنَّهُمَا جَمْرُ الْغَضَى.

(۲۵۵۰۵) حضرت ابوجعفر انصاری سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوبکر کو دیکھا کہ گویا ان کا سر اور ان کی داڑھی جھاؤ کے (درخت کے) انگارہ کی طرح تھیں۔

(۲۵۵۰۶) حَدَّثَنَا حَفْصٌ ، عَنِ الأَشْعَثِ ، عَنِ الْحَسَنِ ، قَالَ :قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :أَفْضَلُ مَا غَيَّرْتُمْ بِهِ الشَّيْبَ الْحِنَّاءُ وَالْكَتَمُ.

(۲۵۵۰۶) حضرت حسن سے روایت ہے۔ کہ جناب نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''افضل چیز جس کے ذریعہ تم سفیدی کو بدلو۔ وہ مہندی اور کتم ہے۔''

(۲۵۵۰۷) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ ، عَنِ الشَّيْبَانِيِّ ، قَالَ :رَأَيْتُ ابْنَ الْحَنَفِيَّةِ وَإِنَّ رَأْسَهُ وَلِحْيَتَهُ قَانِيَتَانِ قَدْ خَضَّبَهُمَا بِالْحِنَّاءِ وَالْكَتَمِ.

(۲۵۵۰۷) حضرت شیبانی سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے ابن الحنفیہ کو دیکھا اور آپ رضی اللہ عنہ کا سر اور آپ کی داڑھی سرخ تھے۔ آپ رحمہ اللہ نے ان دونوں کو مہندی اور کتم سے خضاب کیا تھا۔

(۲۵۵۰۸) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ ، قَالَ :رَأَيْتُ عَبْدَ اللهِ بْنَ أَبِي أَوْفَى لَهُ ظُفْرَانِ مَصْبُوغَانِ بِالْحِنَّاءِ.

(۲۵۵۰۸) حضرت اسماعیل بن ابی خالد سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن ابی اوفی کو دیکھا۔ ان کی دو مینڈھیاں تھیں اور مہندی سے خضاب کی ہوئی تھیں۔

(۲۵۵۰۹) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ ، قَالَ :رَأَيْتُ أَنَسًا يُخَضِّبُ بِالْحِنَّاءِ.

(۲۵۵۰۹) حضرت اسماعیل سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کو مہندی سے خضاب کرتے ہوئے دیکھا۔

(۲۵۵۱۰) حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ ، عَنْ يَزِيدَ ، قَالَ :قُلْتُ لأَبِي جَعْفَرٍ :هَلْ خَضَّبَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ؟ قَالَ : قَدْ مَسَّ شَيْئًا مِنَ الْحِنَّاءِ وَالْكَتَمِ.

(۲۵۵۱۰) حضرت یزید سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوجعفر سے کہا۔ کیا جناب نبی کریم ﷺ نے خضاب کیا تھا؟ ابوجعفر نے کہا۔ یقیناً آپ ﷺ نے مہندی اور کتم میں سے کچھ لگایا تھا۔

(۲۵۵۱۱) حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ ، قَالَ :حَدَّثَنَا سَلاَّمُ بْنُ أَبِي مُطِيعٍ ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ مَوْهَبٍ ، قَالَ :دَخَلْتُ عَلَى أُمِّ سَلَمَةَ فَأَخْرَجَتْ إِلَيَّ شَعْرًا مِنْ شَعْرِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَخْضُوبًا بِالْحِنَّاءِ وَالْكَتَمِ.

(ابن ماجه ۲۶۲۳۔ ابن سعد ۴۳۷)

(۲۵۵۱۱) حضرت عثمان ابن موہب سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوا تو انہوں

نے مجھے جناب رسول اللہ ﷺ کے حنا اور کتم سے خضاب شدہ بالوں میں سے ایک بال نکال کر دکھایا۔

(٢٥٥١٢) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنِ ابن نَابِل قَالَ :رَأَيت طَاووسًا يُخَضِّبُ بِالْحِنَّاءِ.

(۲۵۵۱۲) حضرت ابن نابل سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت طاؤس کو دیکھا انہوں نے مہندی سے خضاب کیا ہوا تھا۔

(٢٥٥١٣) حَدَّثَنَا ابْنُ فَضْلٍ ، عَنْ حُصَيْنٍ ، عَنْ مُغِيرَةَ بْنِ شُبَيْلٍ ، عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِي حَازِمٍ ، قَالَ : كَانَ أَبُو بَكْرٍ يَخْرُجُ إِلَيْنَا ، وَكَأَنَّ لِحْيَتَهُ ضِرَامُ عَرْفَجٍ مِنَ الْحِنَّاءِ وَالْكَتَمِ.

(۲۵۵۱۳) حضرت قیس بن ابی حازم سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت ابوبکر ہمارے پاس آتے تھے درانحالیکہ ان کی داڑھی عرفج (ایک پودا جو نرم زمین میں اُگتا ہے) کے شعلہ کی طرح ہوتی تھی۔ مہندی اور کتم لگانے کی وجہ سے۔

(٢٥٥١٤) حَدَّثَنَا شَرِيكٌ ، عَنْ سُلَيْمَانَ الْمُقْعَد ، عَنْ عَامِرٍ ، قَالَ :إِنَّمَا خَضَّبَ عَلِيٌّ مَرَّةً.

(۲۵۵۱۴) حضرت عامر سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ایک مرتبہ صرف خضاب لگایا تھا۔

(٢٥٥١٥) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، قَالَ :أَخْبَرَنَا إِسْمَاعِيلُ ، قَالَ :رَأَيْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ ، وَعَبْدَ اللهِ بْنَ أَبِي أَوْفَى وَخِضَابُهُمَا أَحْمَرُ.

(۲۵۵۱۵) حضرت اسماعیل بیان کرتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت انس بن مالک اور حضرت عبداللہ بن ابی اوفی کو دیکھا ان کا خضاب سرخ تھا۔

(٢٥٥١٦) حَدَّثَنَا أَبُو الأَحْوَصِ ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ ، عَنِ الْعَيْزَارِ بْنِ حُرَيْثٍ ، قَالَ : كَانَ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ يُخَضِّبُ بِالْحِنَّاءِ وَالْكَتَمِ.

(۲۵۵۱۶) حضرت عیزار بن حریث سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت حسین بن علی رضی اللہ عنہ، مہندی اور کتم کا خضاب کیا کرتے تھے۔

(٢٥٥١٧) حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ ، قَالَ :حدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ حَكِيمٍ ، قَالَ :رَأَيْتُ عِنْدَ آلِ أَبِي عُبَيْدَةَ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ زَمْعَةَ شَعَرَاتٍ مِنْ شَعْرِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَصْبُوغًا بِالْحِنَّاءِ. (ابن سعد ۴۳۷)

(۲۵۵۱۷) حضرت عثمان بن حکیم سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے ابوعبیدہ بن عبداللہ بن زمعہ کے گھر والوں کے پاس جناب رسول اللہ ﷺ کے مہندی سے خضاب کیے ہوئے چند بالوں کی زیارت کی۔

(٢٥٥١٨) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، قَالَ أَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ ، أَنَّ عَبْدَ الرَّحْمَن بْنِ الأَسْوَدِ بْنِ عَبْدِ يَغُوثَ وَكَانَ جَلِيسًا لَهُمْ وَكَانَ أَبْيَضَ الرَّأْسِ وَاللِّحْيَةِ ، فَغَدَا عَلَيْهِمْ ذَاتَ يَوْمٍ وَقَدْ حَمَّرَهَا فَقَالَ لَهُ :الْقَوْمُ :هَذَا أَحْسَنُ ، فَقَالَ :إِنَّ أُمِّي عَائِشَةَ أَرْسَلَتْ إِلَيَّ الْبَارِحَةَ جَارِيَتَهَا فَأَقْسَمَتْ عَلَيَّ لأَصْبُغَنَّ ، وَأَخْبَرَتْنِي ، أَنَّ أَبَا بَكْرٍ كَانَ يَصْبُغُ.

(۲۵۵۱۸) حضرت ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن بن عوف سے روایت ہے کہ حضرت عبدالرحمٰن بن اسود بن عبد یغوث ..... یہ ان کا ہم مجلس تھا..... سفید سر اور سفید داڑھی والے تھے۔ پس وہ ایک دن ان کے پاس آئے اور انہوں نے داڑھی کو سرخ کیا ہوا تھا۔ اس پر لوگوں نے ان سے کہا۔ یہ اچھا ہے۔ تو انہوں نے کہا۔ میری والدہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے آج رات میرے پاس اپنی لونڈی کو بھیجا اور انہوں نے مجھے قسم دے کر کہا کہ میں ضرور بالضرور خضاب کروں۔ اور مجھے یہ بات بھی بتائی کہ حضرت ابوبکر بھی خضاب کیا کرتے تھے۔

(۲۵۵۱۹) حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا حَسَنٌ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، قَالَ: رَأَيْتُ، ثَمُودَ فَرَأَيْتُ مُخَضَّبَةً لِحَاهُمْ.

(۲۵۵۱۹) حضرت عکرمہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے ثمود کو دیکھا۔ پس میں نے دیکھا ان کی داڑھیاں خضاب شدہ تھیں۔

(٤٩) مَنْ رخَّصَ فِي الخِضابِ بِالسَّوادِ

جولوگ سیاہ خضاب کرنے کی اجازت دیتے ہیں

(۲۵۵۲۰) حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ رُفَيْعٍ ، عَنْ قَيْسٍ مَوْلَى خَبَّابٍ ، قَالَ : دَخَلْتُ عَلَى الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ وَهُمَا يُخَضَّبَانِ بِالسَّوَادِ.

(۲۵۵۲۰) حضرت خباب کے آزاد کردہ غلام حضرت قیس سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں حضرت حسن اور حضرت حسین کے پاس گیا۔ وہ دونوں سیاہ خضاب کر رہے تھے۔

(۲۵۵۲۱) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ ، قَالَ : رَأَيْتُ مُوسَى بْنَ طَلْحَةَ يَخْتَضِبُ بِالْوَسْمَةِ.

(۲۵۵۲۱) حضرت عمرو بن عثمان سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت طلحہ کو وسمہ (ایک بوٹی جو خالص سیاہ رنگ کے لئے استعمال ہوتی ہے) کے ساتھ خضاب کرتے دیکھا۔

(۲۵۵۲۲) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ عُبَيْدِاللهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ مَوْهَبٍ، قَالَ: رَأَيْتُ نَافِعَ بْنَ جُبَيْرٍ يَخْتَضِبُ بِالسَّوَادِ.

(۲۵۵۲۲) حضرت عبیداللہ بن عبدالرحمٰن سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت سعید بن جبیر کو سیاہ خضاب کرتے دیکھا۔

(۲۵۵۲۳) حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنِ يُونس ، عَنِ الحَسن أَنَّه كَان لَا يَرَى بَأْسًا بِالخِضَاب بِالسَّوَادِ.

(۲۵۵۲۳) حضرت یونس، حضرت حسن کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ سیاہ خضاب کرنے میں کوئی حرج نہیں دیکھتے تھے۔

(۲۵۵۲٤) حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ ، قَالَ : كَانُوا يَسْأَلُونَ مُحَمَّدًا ، عَنِ الْخِضَابِ بِالسَّوَادِ فَقَالَ : لَا أَعْلَمُ بِهِ بَأْسًا.

(۲۵۵۲۴) حضرت ابن عون سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ لوگ حضرت محمد رحمہ اللہ سے سیاہ خضاب کے بارے میں سوال کرتے تھے؟ تو وہ کہتے تھے۔ میرے علم کے مطابق اس میں کوئی حرج نہیں۔

(٢٥٥٢٥) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، وَابْنُ مَهْدِيٍّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، أَنَّهُ كَانَ يُخَضِّبُ بِالسَّوَادِ.

(۲۵۵۲۵) حضرت سعد بن ابراہیم، حضرت ابوسلمہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ سیاہ خضاب کیا کرتے تھے۔

(٢٥٥٢٦) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ حَمَّادٍ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، قَالَ : لاَ بَأْسَ بِالْوَسْمَةِ ، إِنَّمَا هِيَ بَقْلَةٌ.

(۲۵۵۲۶) حضرت ابراہیم سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں۔ وسمہ لگانے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ یہ تو ایک ترکاری ہے۔

(٢٥٥٢٧) حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ ، عَنْ إِسْرَائِيلَ ، عَنْ عَبْدِ الأَعْلَى ، قَالَ : سَأَلْتُ ابْنَ الْحَنَفِيَّةِ ، عَنِ الْخِضَابِ بِالْوَسْمَةِ فَقَالَ : هِيَ خِضَابُنَا أَهْلَ الْبَيْتِ.

(۲۵۵۲۷) حضرت عبدالاعلیٰ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن الحنفیہ سے وسمہ کا خضاب کرنے کے بارے میں سوال کیا؟ تو انہوں نے جواب دیا۔ یہ تو ہم اہل بیت کا خضاب ہے۔

(٢٥٥٢٨) حَدَّثَنَا حَفْصٌ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ ، قَالَ : كَانَ أَبُو جَعْفَرٍ يَخْتَضِبُ بِثُلُثَيْ حِنَّاءٍ وَثُلُثِ وَسْمَةٍ.

(۲۵۵۲۸) حضرت محمد بن اسحاق سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت ابوجعفر دو تہائی مہندی اور ایک تہائی وسمہ (ملا کر) خضاب کیا کرتے تھے۔

(٢٥٥٢٩) حَدَّثَنَا شَبَابَةُ ، قَالَ : حَدَّثَنَا لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ ، قَالَ : حَدَّثَنَا أَبُو عُشَّانَةَ الْمَعَافِرِيُّ ، قَالَ : رَأَيْتُ عُقْبَةَ بْنَ عَامِرٍ يُخَضِّبُ بِالسَّوَادِ وَيَقُولُ : نُسَوِّدُ أَعْلاَهَا وَتَأْبَى أُصُولُهَا. (ابن سعد ٣٤٣)

(۲۵۵۲۹) حضرت ابوعشانہ معافری بیان کرتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عقبہ بن عامر کو سیاہ خضاب لگائے دیکھا اور وہ کہا کرتے تھے۔ ہم اس کے اُوپر کو سیاہ کرتے ہیں لیکن اس کی جڑیں (سیاہ ہونے سے) انکار کرتی ہیں۔

(٢٥٥٣٠) حَدَّثَنَا الْمُقْرِءُ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي أَيُّوبَ، قَالَ: حَدَّثَنِي يَزِيدُ بْنُ أَبِي حَبِيبٍ، أَنَّ أَبَا الْخَيْرِ حَدَّثَهُ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ أَنَّهُ كَانَ يَصْبُغ شعر رَأسه بِشَجرة يُقَال لَهَا :الصَّبِيب كَأَشَدّ السواد. (بخاری ١٦٦۔ مسلم ٢٥)

(۲۵۵۳۰) حضرت یزید بن ابی حبیب سے روایت ہے کہ حضرت ابوالخیر نے ان کو حضرت عقبہ بن عامر کے بارے میں بیان کیا۔ کہ وہ اپنے بالوں کو اس درخت کے ذریعہ جس کو صبیب کہا جاتا ہے۔ خوب سیاہ خضاب کرتے تھے۔

(٢٥٥٣١) حَدَّثَنَا ابْنُ يَمَانٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ صَالِحٍ، عَنْ عَبْدِ الأَعْلَى، عَنِ ابْنِ الْحَنَفِيَّةِ، قَالَ: كَانَ يَخْتَضِبُ بِالْوَسْمَةِ.

(۲۵۵۳۱) حضرت عبدالاعلیٰ، حضرت ابن الحنفیہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ وسمہ کے ذریعہ خضاب کیا کرتے تھے۔

(٥٠) من كره الخضاب بالسّوادِ

جو لوگ سیاہ خضاب کو ناپسند کرتے ہیں

(٢٥٥٣٢) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ ، قَالَ : سُئِلَ عَطَاءٌ ، عَنِ الْخِضَابِ بِالْوَسْمَةِ فَقَالَ : هُوَ مِمَّا أَحْدَثَ

النَّاسُ ، قَدْ رَأَيْت نَفَرًا مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَا رَأَيْت أَحَدًا مِنْهُمْ يَخْتَضِبُ بِالْوَسْمَةِ ، مَا كَانُوا يُخَضِّبُونَ إِلاَّ بِالْحِنَّاءِ وَالْكَتَمِ وَهَذِهِ الصُّفْرَةِ.

(۲۵۵۳۲) حضرت عبد الملک سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت عطاء سے وسمہ کے ذریعہ خضاب کرنے کے بارے میں سوال کیا گیا؟ تو انہوں نے فرمایا: یہ چیز لوگوں کی ایجاد کردہ چیزوں میں سے ہے۔ میں نے جناب نبی کریم ﷺ کے صحابہ کی ایک جماعت کو دیکھا ہے۔ لیکن میں نے ان میں سے کسی ایک کو بھی وسمہ کے ساتھ خضاب کرتے نہیں دیکھا۔ وہ لوگ صرف مہندی کتم اور زرد رنگ سے خضاب کرتے تھے۔

(۲۵۵۳۳) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ أَبِي رَبَاحٍ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ، أَنَّهُ كَرِهَ الْخِضَابَ بِالسَّوَادِ وَقَالَ : أَوَّلُ مَنْ خَضَّبَ بِهِ فِرْعَوْنُ.

(۲۵۵۳۳) حضرت ابو رباح، حضرت مجاہد کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ سیاہ خضاب کو ناپسند سمجھتے تھے اور فرماتے تھے یہ خضاب سب سے پہلے فرعون نے کیا تھا۔

(۲۵۵۳٤) حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ قَيْسِ بْنِ مُسْلِمٍ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ، أَنَّهُ كَرِهَ الْخِضَابَ بِالسَّوَادِ

(۲۵۵۳۴) حضرت قیس بن مسلم، حضرت مجاہد کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ سیاہ خضاب کرنے کو ناپسند سمجھتے تھے۔

(۲۵۵۳۵) حَدَّثَنَا عَبْدُ الأَعْلَى ، عَنْ بُرْدٍ ، عَنْ مَكْحُولٍ ، أَنَّهُ كَرِهَ الْخِضَابَ بِالْوَسْمَةِ وَقَالَ : خَضَّبَ أَبُو بَكْرٍ بِالْحِنَّاءِ وَالْكَتَمِ.

(۲۵۵۳۵) حضرت برد، حضرت مکحول کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ وسمہ کے ساتھ خضاب کرنے کو ناپسند کرتے تھے اور کہتے تھے کہ حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ نے مہندی اور کتم کا خضاب کیا۔

(۲۵۵۳٦) حَدَّثَنَا عَبِيدَةُ ، عَنْ صَاعِدِ بْنِ مُسْلِمٍ ، قَالَ : سُئِلَ الشَّعْبِيُّ ، عَنِ الْخِضَابِ بِالْوَسْمَةِ فَكَرِهَهُ.

(۲۵۵۳۶) حضرت صاعد بن مسلم سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت شعبی رحمہ اللہ سے وسمہ کے ساتھ خضاب کرنے کے بارے میں سوال کیا گیا؟ تو انہوں نے اس کو ناپسند کیا۔

(۲۵۵۳۷) حَدَّثَنَا مُلاَزِمُ بْنُ عَمْرٍو ، عَنْ مُوسَى بْنِ نَجْدَةَ ، عَنْ جَدِّهِ زَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ ، قَالَ : سَأَلْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ مَا تَرَى فِي الْخِضَابِ بِالْوَسْمَةِ ؟ فَقَالَ : لاَ يَجِدُ الْمُخْتَضِبُ بِهَا رِيحَ الْجَنَّةِ.

(۲۵۵۳۷) حضرت یزید بن عبد الرحمٰن سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے سوال کیا۔ کہ وسمہ کے ساتھ خضاب کرنے میں آپ کی رائے کیا ہے؟ تو انہوں نے فرمایا: اس کے ذریعہ خضاب کرنے والا جنت کی بُو بھی نہ پائے گا۔

(۲۵۵۳۸) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ ، قَالَ : حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ ، عَنْ أَيُّوبَ ، قَالَ : سَمِعْتُ سَعِيدَ بْنَ جُبَيْرٍ وَسُئِلَ عَنِ الْخِضَابِ بِالْوَسْمَةِ فَكَرِهَهُ فَقَالَ : يَكْسُو اللَّهُ الْعَبْدَ فِي وَجْهِهِ النُّورَ ، ثُمَّ يُطْفِئُهُ بِالسَّوَادِ.

(۲۵۵۳۸) حضرت ایوب سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت سعید بن جبیر کو سُنا۔ جبکہ ان سے وسمہ کے ذریعہ خضاب کرنے کے بارے میں سوال کیا گیا؟ انہوں نے فرمایا۔ کہ اللہ تعالیٰ بندے کے چہرہ پر نور (کالباس) پہناتے ہیں اور بندہ پھر اس نور کو سیاہی سے بجھاتا ہے۔

(۲۵۵۳۹) حَدَّثَنَا ابْنُ يَمَانٍ ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ ، عَنْ عَطَاءٍ فِي الْخِضَابِ بِالْوَسْمَةِ فَقَالَ :هُوَ مُحْدَثٌ.

(۲۵۵۳۹) حضرت عبدالملک، حضرت عطاء سے، وسمہ کے ذریعہ خضاب کرنے کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ آپ رحمہ اللہ نے فرمایا: یہ من گھڑت چیز ہے۔

(۵۱) فِي تصفِيرِ اللِّحيةِ

داڑھی کو زرد خضاب کرنے کے بارے میں

(۲۵۵٤۰) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، عَنِ ابْنِ أَبِي ذِئْبٍ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَعْدٍ ، قَالَ :رَأَيْتُ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ وَهُوَ يَبْنِي الزَّوْرَاءَ عَلَى بَغْلَةٍ شَهْبَاءَ مُصَفِّرًا لِحْيَتَهُ.

(۲۵۵۴۰) حضرت عبدالرحمٰن بن سعد سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عثمان بن عفان کو مقام زوراء میں عمارت بناتے ہوئے بھورے رنگ کے خچر پر دیکھا۔ آپ کی داڑھی کو زرد خضاب کیا ہوا تھا۔

(۲۵۵٤۱) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ الْعَيْزَارِ ، عَنْ سَعِيدٍ الْمُدَنِيِّ ، قَالَ : كُنْتُ مَعَ أَبِي هُرَيْرَةَ فِي جِنَازَةٍ وَكَانَ مُصَفِّرًا لِلْحْيَةِ.

(۲۵۵۴۱) حضرت سعید مدنی سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے ہمراہ ایک جنازہ میں تھا۔ اور آپ رضی اللہ عنہ کی داڑھی زرد تھی۔

(۲۵۵٤۲) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ هِلَالٍ ، قَالَ :حَدَّثَنِي سَوَادَةُ بْنُ حَنْظَلَةَ ، قَالَ :رَأَيْتُ عَلِيًّا أَصْفَرَ اللِّحْيَةِ.

(۲۵۵۴۲) حضرت سواد بن حنظلہ بیان کرتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو زرد داڑھی والا دیکھا۔

(۲۵۵٤۳) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، قَالَ :رَأَيْتُ زَيْدَ بْنَ وَهْبٍ يُصَفِّرُ لِحْيَتَهُ.

(۲۵۵۴۳) حضرت اعمش سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت زید بن وہب کو اپنی داڑھی زرد کرتے دیکھا۔

(۲۵۵٤٤) حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ مُحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرٍ ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ ، عَنْ عَطَاءٍ ، قَالَ :رَأَيْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ ، وَابْنَ عُمَرَ يُصَفِّرَانِ لِحَاهُمَا.

(۲۵۵۴۴) حضرت عطاء سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ دونوں کو اپنی داڑھیاں زرد کرتے دیکھا۔

(٢٥٥٤٥) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنِ الْعُمَرِيِّ ، عَنْ نَافِعٍ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ ، أَنَّهُ كَانَ يُصَفِّرُ لِحْيَتَهُ.

(۲۵۵۴۵) حضرت نافع، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ اپنی داڑھی کو زرد خضاب کرتے تھے۔

(٢٥٥٤٦) حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ ، عَنْ حَمَّادٍ ، عَنْ أَبِي غَالِبٍ ، قَالَ :رَأَيْتُ أَبَا أُمَامَةَ يُصَفِّرُ.

(۲۵۵۴۶) حضرت ابو غالب سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوامامہ کو زرد خضاب کرتے دیکھا۔

(٢٥٥٤٧) حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ جَرِيرٍ ، قَالَ :رَأَيْتُ عَبْدَ اللهِ بْنَ بُسْرٍ يُصَفِّرُ لِحْيَتَهُ وَرَأْسَهُ.

(۲۵۵۴۷) حضرت جریر سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن بسر کو اپنی داڑھی اور سر پر زرد خضاب کرتے دیکھا۔

(٢٥٥٤٨) حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ ، عَنْ يَزِيدَ مَوْلَى سَلَمَةَ ، قَالَ :رَأَيْتُ سَلَمَةَ يُصَفِّرُ لِحْيَتَهُ.

(۲۵۵۴۸) حضرت یزید مولی سلمہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت سلمہ کو اپنی داڑھی کو زرد خضاب کرتے دیکھا۔

(٢٥٥٤٩) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ ، قَالَ :رَأَيْتُ قَيْسًا يُصَفِّرُ لِحْيَتَهُ ، وَرَأَيْتُ شُبَيْلَ بْنَ عَوْفٍ يُصَفِّرُ لِحْيَتَهُ ، وَكَانَ مِنْ أَهْلِ الطَّيَالِسَةِ.

(۲۵۵۴۹) حضرت اسماعیل سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت قیس کو اپنی داڑھی پر زرد خضاب کرتے دیکھا اور میں نے حضرت شُبیل کو اپنی داڑھی پر زرد خضاب کرتے دیکھا۔ اور یہ مشائخ میں سے تھے۔

(٢٥٥٥٠) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ خَالِدِ بْنِ دِينَارٍ ، قَالَ :رَأَيْتُ أَنَسًا وَأَبَا الْعَالِيَةِ وَأَبَا السَّوَّارِ يُصَفِّرُونَ لِحَاهُمْ.

(۲۵۵۵۰) حضرت خالد بن دینار سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ اور حضرت ابو العالیہ اور حضرت ابو سوار کو اپنی داڑھیوں کو زرد خضاب کرتے دیکھا۔

(٢٥٥٥١) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ فِطْرٍ ، قَالَ :رَأَيْتُ أَبَا وَائِلَ وَالْقَاسِمَ ، وَعَطَاءً يُصَفِّرُونَ لِحَاهُمْ.

(۲۵۵۵۱) حضرت فطر سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابو وائل، حضرت قاسم اور حضرت عطاء کو اپنی داڑھیوں کو زرد خضاب کرتے دیکھا۔

(٢٥٥٥٢) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، عَنْ دَاوُدَ أَبِي الْيَمَانِ ، قَالَ :رَأَيْتُ عَبْدَ اللهِ بْنَ أَبِي أَوْفَى يُصَفِّرُ لِحْيَتَهُ.

(۲۵۵۵۲) حضرت داؤد ابو الیمان سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن ابی اوفیٰ کو اپنی داڑھی پر زرد خضاب کرتے دیکھا۔

(٢٥٥٥٣) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ ؛ أَنَّ ابْنَ جُرَيْجٍ سَأَلَ ابْنَ عُمَرَ ، قَالَ : رَأَيْتُكَ تُصَفِّرُ لِحْيَتَكَ بِالْوَرْسِ ؟ فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ :أَمَّا تَصْفِيرِ لِحْيَتِي ، فَإِنِّي رَأَيْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَفِّرُ لِحْيَتَهُ.

(۲۵۵۵۳) حضرت سعید بن ابی سعید سے روایت ہے کہ حضرت ابن جریج نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے سوال کیا۔ کہا کہ میں آپ کو دیکھتا ہوں کہ آپ اپنی داڑھی پر ورس بوٹی کے ذریعہ زرد خضاب کرتے ہیں؟ اس پر حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میرا اپنی داڑھی کو زرد خضاب کرنا تو (اس لئے ہے کہ) میں نے جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنی داڑھی مبارک پر زرد خضاب کرتے دیکھا ہے۔

(۲۵۵۵٤) حَدَّثَنَا الْمُحَارِبِيُّ ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ ، قَالَ : رَأَيْتُ الْمُغِيرَةَ بْنَ شُعْبَةَ يُخَضِّبُ بِالصُّفْرَةِ ، وَرَأَيْتُ جَرِيرَ بْنَ عَبْدِ اللهِ يُخَضِّبُ بِالصُّفْرَةِ وَالزَّعْفَرَانِ.

(۲۵۵۵۴) حضرت عبدالملک بن عمیر سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت مغیرہ ابن شعبہ کو زرد خضاب کرتے دیکھا اور میں نے حضرت جریر بن عبداللہ کو زردی اور زعفران کا خضاب کرتے دیکھا۔

(۲۵۵۵۵) حَدَّثَنَا الْمُحَارِبِيُّ ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عُبَيْدِ اللهِ ، قَالَ : رَأَيْتُ الأَسْوَدَ ، وَابْنَ الأَسْوَدِ يُصَفِّرَانِ لِحَاهُمَا.

(۲۵۵۵۵) حضرت حسن بن عبید اللہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت اسود اور حضرت ابن الاسود کو دیکھا۔ یہ دونوں اپنی داڑھیوں پر زرد خضاب کررہے تھے۔

(۲۵۵۵٦) حَدَّثَنَا عَبْدُ الأَعْلَى ، عَنِ الْمُسْتَمِرِّ بْنِ الرَّيَّانِ ، عَنْ أَبِي الْجَوْزَاءِ ؛ أَنَّهُ كَانَ يُصَفِّرُ لِحْيَتَهُ ، وَأَنَّ أَبَا نَضْرَةَ كَانَ يُصَفِّرُ لِحْيَتَهُ.

(۲۵۵۵۶) حضرت مستمرم بن ریان، حضرت ابوالجوزاء کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ اپنی داڑھی کو زرد خضاب کیا کرتے تھے۔ اور حضرت ابونضرہ اپنی داڑھی کو زرد خضاب کیا کرتے تھے۔

(۲۵۵۵۷) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ ، عَنْ عِيسَى بْنِ طَهْمَانَ ، قَالَ : رَأَيْتُ أَنَسًا يُصَفِّرُ لِحْيَتَهُ.

(۲۵۵۵۷) حضرت عیسیٰ بن طہمان سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کو اپنی داڑھی پر زرد خضاب کرتے دیکھا۔

(۲۵۵۵۸) حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ ، عَنِ ابْنِ الْغَسِّيلِ ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُمَرَ بْنِ قَتَادَةَ ، قَالَ : أَتَانَا جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللهِ ، وَقَدْ أُصِيبَ بَصَرُهُ ، مُصَفِّرًا لِحْيَتَهُ وَرَأْسَهُ بِالْوَرْسِ.

(۲۵۵۵۸) حضرت عاصم بن عمر بن قتادہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت جابر بن عبداللہ ہمارے پاس تشریف لائے۔ (جبکہ ان کی نظر خراب تھی) انہوں نے اپنی داڑھی اور سر پر زرد خضاب کیا ہوا تھا۔

(۲۵۵۵۹) حَدَّثَنَا الْفَضْلُ ، قَالَ : حَدَّثَنَا ابْنُ الْغَسِّيلِ ، قَالَ : رَأَيْتُ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ مُصَفِّرَ اللِّحْيَةِ ، لَهُ جُمَيْمَةٌ.

(۲۵۵۵۹) حضرت ابن الغسیل بیان کرتے ہیں۔ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت سہل بن سعد کو داڑھی پر زرد خضاب کیا ہوا دیکھا۔ آپ کی زلفیں بھی تھیں۔

(۲۵۵٦۰) حَدَّثَنَا عَبِيدُ اللهِ ، عَنْ سِمَاكٍ ، قَالَ : رَأَيْتُ جَابِرَ بْنَ سَمُرَةَ يُصَفِّرُ لِحْيَتَهُ.

(۲۵۵۶۰) حضرت سماک سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت جابر بن سمرہ کو اپنی داڑھی پر زرد خضاب کرتے دیکھا۔

(۵۲) مَنْ كَانَ يُبَيِّضُ لِحْيَتَهُ ، وَلاَ يَخْضِبُ

جو حضرات داڑھی کو سفید ہی رہنے دیتے تھے اور خضاب نہیں کرتے تھے

(۲۵۵۶۱) حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ يُونُسَ ، عَنِ الْحَسَنِ ، عَنْ عُتَيٍّ التَّمِيمِيِّ ، قَالَ : رَأَيْتُ أَبِي أَبْيَضَ الرَّأْسِ وَاللِّحْيَةِ.

(۲۵۵۶۱) حضرت عتی تمیمی سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے اپنے والد کو سفید سر اور سفید داڑھی والا دیکھا۔

(۲۵۵۶۲) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ ، عَنِ الشَّعْبِيِّ ، قَالَ : رَأَيْتُ عَلِيًّا أَبْيَضَ الرَّأْسِ وَاللِّحْيَةِ ، قَدْ مَلأَتْ مَا بَيْنَ مَنْكِبَيْهِ.

(۲۵۵۶۲) حضرت شعبی سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو سفید سر اور سفید داڑھی والا دیکھا۔ آپ کی داڑھی نے آپ کے شانوں کو بھرا ہوا تھا۔

(۲۵۵۶۳) حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ ، قَالَ : حَدَّثَنَا أَبُو عَامِرٍ صَالِحُ بْنُ رُسْتُمَ ، قَالَ : حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ هِلاَلٍ ، قَالَ : حَدَّثَنِي الأَحْنَفُ بْنُ قَيْسٍ ، قَالَ : قَدِمْتُ الْمَدِينَةَ فَدَخَلْتُ مَسْجِدَهَا ، فَبَيْنَا أَنَا أُصَلِّي إِذْ دَخَلَ رَجُلٌ طَوِيلٌ آدَمَ ، أَبْيَضَ اللِّحْيَةِ وَالرَّأْسِ مَحْلُوقٌ يُشْبِهُ بَعْضُهُ بَعْضًا ، فَخَرَجْتُ فَاتَّبَعْتُه ، قُلْتُ : مَنْ هَذَا ؟ قَالُوا : أَبُو ذَرٍّ.

(۲۵۵۶۳) حضرت احنف بن قیس بیان کرتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ میں مدینہ منورہ آیا اور مسجد نبوی میں داخل ہوا۔ پس میں نماز پڑھ رہا تھا کہ اس دوران ایک گندمی رنگ کا لمبا سا آدمی داخل ہوا جس کی داڑھی اور سر کے بال سفید تھے۔ اس نے حلق کیا ہوا تھا اور اس کا بعض بعض کے مشابہ تھا۔ پھر میں باہر آیا اور اس کے پیچھے چل پڑا۔ میں نے پوچھا۔ یہ کون ہے؟ لوگوں نے کہا۔ ابوذر رضی اللہ عنہ۔

(۲۵۵۶۴) حَدَّثَنَا عَبْدُ الأَعْلَى ، عَنِ الْمُسْتَمِرِّ ، قَالَ : رَأَيْتُ جَابِرَ بْنَ زَيْدٍ أَبْيَضَ اللِّحْيَةِ.

(۲۵۵۶۴) حضرت مستمر سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت جابر بن زید کو سفید داڑھی کی حالت میں دیکھا۔

(۲۵۵۶۵) حَدَّثَنَا الْفَضْلُ ، عَنْ فِطْرٍ ، قَالَ : رَأَيْتُ مُجَاهِدًا شَدِيدَ بَيَاضِ الرَّأْسِ وَاللِّحْيَةِ ، وَرَأَيْتُ سَعِيدَ بْنَ جُبَيْرٍ أَبْيَضَ اللِّحْيَةِ.

(۲۵۵۶۵) حضرت فطر سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت مجاہد کو سر اور داڑھی میں شدید سفیدی کی حالت میں دیکھا اور میں نے حضرت سعید بن جبیر کو سفید داڑھی والا دیکھا۔

(۲۵۵۶۶) حَدَّثَنَا شَرِيكٌ ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ ، قَالَ : رَأَيْتُ عَلِيًّا أَصْلَعَ ، أَبْيَضَ الرَّأْسِ وَاللِّحْيَةِ.

(۲۵۵۶۶) حضرت ابواسحٰق سے روایت ہے۔ یہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو سر اور داڑھی میں سفیدی کی حالت میں اور اصلع (سر کے اگلے یا بیچ کے بال گرے ہوئے) دیکھا۔

(۲۵۵۶۷) حَدَّثَنَا شَرِيكٌ ، عَنِ سَدِيرِ بْنِ الصَّيْرَفِيِّ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ :رَأَيْتُ عَلِيًّا أَبْيَضَ الرَّأْسِ وَاللِّحْيَةِ.

(۲۵۵۶۷) حضرت سدیر بن صیر فی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو سر اور داڑھی میں سفیدی کے ساتھ دیکھا۔

(۲۵۵۶۸) حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ أَبِي سُلَيْمَانَ أَبِي مَوْدُودٍ ، قَالَ :رَأَيْتُ السَّائِبَ بْنَ يَزِيدَ أَبْيَضَ الرَّأْسِ وَاللِّحْيَةِ.

(۲۵۵۶۸) حضرت عبدالعزیز بن ابی سلیمان سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت سائب بن یزید کو سفید سر اور سفید داڑھی والا دیکھا۔

(۲۵۵۶۹) حَدَّثَنَا شَبَابَةُ ، عَنْ خَالِدِ بْنِ أَبِي عُثْمَانَ ، قَالَ :رَأَيْتُ سَعِيدَ بْنَ جُبَيْرٍ أَبْيَضَ اللِّحْيَةِ ، وَرَأَيْتُ طَاوُسًا أَبْيَضَ اللِّحْيَةِ.

(۲۵۵۶۹) حضرت خالد بن ابی عثمان سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت سعید بن جبیر کو سفید داڑھی والا دیکھا اور میں نے حضرت طاؤس کو سفید داڑھی والا دیکھا۔

(۲۵۵۷۰) حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ حَرِيزٍ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ بُسْرٍ السُّلَمِيِّ ، قَالَ :أَتَيْنَاهُ وَنَحْنُ غِلْمَانٌ ، فَلَمْ نَدْرِ عَنْ أَيِّ شَيْءٍ نَسْأَلُهُ ، فَقُلْتُ لَهُ ، أَوْ قَالَ لَهُ بَعْضُنَا :رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ شَابًّا ، أَوْ شَيْخًا ؟ قَالَ : كَانَ فِي عَنْفَقَتِهِ شَعَرَاتٌ بِيضٌ. (بخاری ۳۵۴۶۔ احمد ۱۸۷)

(۲۵۵۷۰) حضرت جریر، حضرت عبداللہ بن بسر کے بارے میں روایت کرتے ہیں۔ کہتے ہیں کہ ہم آپ رحمۃ اللہ علیہ کے پاس حاضر ہوئے۔ جبکہ ہم بچے تھے۔ ہمیں معلوم نہیں تھا کہ ہم ان سے کس چیز کا سوال کریں۔ چنانچہ میں نے آپ سے کہا یا ہم میں سے کسی نے آپ سے کہا۔ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نوجوان تھے یا بوڑھے؟ انہوں نے جواب دیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے نچلے ہونٹ اور ٹھوڑی کے درمیان کے بالوں میں چند بال سفید تھے۔

(۲۵۵۷۱) حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ ، عَنْ زُهَيْرٍ ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ ، عَنْ أَبِي جُحَيْفَةَ ، قَالَ :رَأَيْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَذِهِ مِنْهُ بَيْضَاءَ ، يَعْنِي عَنْفَقَتَهُ. (مسلم ۱۸۲۲۔ ابن ماجه ۳۶۲۸)

(۲۵۵۷۱) حضرت ابوجحیفہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی اس جگہ..... یعنی نچلے ہونٹ اور ٹھوڑی کے درمیان..... میں کچھ سفیدی دیکھی۔

(٥٣) فِي اتِّخَاذِ الْجُمَّةِ والشَّعرِ

بڑے بال اور زلفیں رکھنے کے بارے میں

(٢٥٥٧٢) حَدَّثَنَا الْمُطَّلِبُ بْنُ زِيَادٍ، عَنِ السُّدِّيِّ، قَالَ :رَأَيْتُ الْحُسَيْنَ بْنَ عَلِيٍّ وَجُمَّتُهُ خَارِجَةٌ مِنْ تَحْتِ عِمَامَتِهِ.

(۲۵۵۷۲) حضرت سدی سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت حسین بن علی رضی اللہ عنہ کو دیکھا اور ان کی زلفیں ان کے عمامہ سے باہر آ رہی تھیں۔

(٢٥٥٧٣) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنِ ابْنِ أَبِي نَجِيحٍ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ، قَالَ :قَالَتْ أُمُّ هَانِءٍ :دَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ وَلَهُ أَرْبَعُ غَدَائِرَ ، تَعْنِي ضَفَائِرَ. (ترمذی ۱۷۸۱۔ ابو داؤد ۴۱۸۸)

(۲۵۵۷۳) حضرت مجاہد سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت ام ہانی فرماتی ہیں۔ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم مکہ میں اس حالت میں داخل ہوئے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی چار مینڈھیاں تھیں۔

(٢٥٥٧٤) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ هِشَامٍ ، قَالَ :رَأَيْتُ ابْنَ عُمَرَ ، وَجَابِرًا ، وَلِكُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا جُمَّةٌ.

(۲۵۵۷۴) حضرت ہشام سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ اور حضرت جابر کو دیکھا اور ان میں سے ہر ایک کی زلفیں تھیں۔

(٢٥٥٧٥) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ ، عَنْ هُبَيْرَةَ ، قَالَ :كَانَ لِعَبْدِ اللهِ شَعْرٌ يَضَعُهُ عَلَى أُذُنَيْهِ.

(۲۵۵۷۵) حضرت ہبیرہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت عبداللہ کے بال تھے اور وہ اُن کو اپنے کانوں پر رکھتے تھے۔

(٢٥٥٧٦) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، قَالَ :حَدَّثَنَا أَفْلَحُ ، قَالَ :رَأَيْتُ لِلْقَاسِمِ جُمَّةً.

(۲۵۵۷۶) حضرت افلح بیان کرتے ہیں۔ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت قاسم کی زلفیں دیکھیں ہیں۔

(٢٥٥٧٧) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ ، عَنْ عَطَاءٍ ، قَالَ :كَانَ لِعُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ خُصْلَتَانِ.

(۲۵۵۷۷) حضرت عطاء سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت عبید بن عمر کی دو چوٹیاں تھیں۔

(٢٥٥٧٨) حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ أَبِي قَتَادَةَ ، قَالَ :مَازَحَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَبَا قَتَادَةَ ، قَالَ :لأَجُزَّنَّ جُمَّتَكَ ، قَالَ :لَكَ مَكَانَهَا أَسِيرٌ ، فَقَالَ لَهُ بَعْدَ ذَلِكَ :أَكْرِمْهَا ، فَكَانَ يَتَّخِذُ لَهَا بَعْدَ ذَلِكَ السَّكَّ. (طبرانی ۶۷۵)

(۲۵۵۷۸) حضرت یحیی بن عبداللہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ سے مزاح کیا۔ فرمایا: ''میں ضرور بالضرور تمہاری زلفیں کاٹ دوں گا۔'' حضرت ابوقتادہ نے فرمایا: آپ کے لئے ان کی جگہ ایک قیدی ہے۔ پھر اس کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا: ''ان کا خیال کرو۔'' چنانچہ حضرت قتادہ اس کے بعد زلفوں کے لیے خاص خوشبو بنایا

کرتے تھے۔

(۲۵۵۷۹) حَدَّثَنَا عَبْدُ الأَعْلَى ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ زَيْدٍ ، عَنْ أَبِيهِ ؛ أَنَّهُ كَانَ فِي رَأْسِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ ذُؤَابَةٌ ، وَأَنَّ الْحُسَيْنَ بْنَ عَلِيٍّ جَبَذَهُ بِهَا حَتَّى أَدْمَاهُ ، أَوْ أَقْرَحَهُ.

(۲۵۵۷۹) حضرت حسن بن زید، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت حسن بن علی کے سر میں بالوں کی لٹ تھی اور حضرت حسین بن علی نے ان کو اس لٹ کے ذریعہ کھینچا۔ یہاں تک کہ ان کا خون نکل گیا یا آپ رضی اللہ عنہ نے ان کو زخمی کر دیا۔

(۲۵۵۸۰) حَدَّثَنَا عَبْدُ الأَعْلَى ، عَنِ ابْنِ إِسْحَاقَ ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ مُعَيْقِيبٍ ، قَالَ : وَكَانَ تَفَقَّهَ ، قَالَ : حَدَّثَنِي مَنْ لاَ أَتَّهِمُ مِنْ أَهْلِي أَنَّهُ رَأَى مُعَيْقِيبًا مُرْسِلاً نَاصِيَتَهُ بَيْنَ عَيْنَيْهِ ، وَرَأَى سَعْدَ بْنَ مَالِكٍ كَذَلِكَ.

(۲۵۵۸۰) حضرت عبید اللہ بن مغیرہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ مجھے اس آدمی نے یہ بات بیان کی۔ جس میں میں متہم نہیں سمجھتا کہ اس نے حضرت معیقیب کو دیکھا کہ انہوں نے اپنے سامنے کے بالوں کو اپنی آنکھوں کے آگے چھوڑا ہوا تھا۔ اور انہوں نے حضرت سعد بن مالک کو بھی اسی طرح دیکھا تھا۔

(۲۵۵۸۱) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ ، عَنِ الزُّهْرِيِّ ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عَبْدِ اللهِ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ، قَالَ : كَانَ أَهْلُ الْكِتَابِ يَسْدُلُونَ أَشْعَارَهُمْ ، وَكَانَ الْمُشْرِكُونَ يُفَرِّقُونَ رُؤُوسَهُمْ ، وَكَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحِبُّ مُوَافَقَةَ أَهْلِ الْكِتَابِ فِيمَا لَمْ يُؤْمَرْ بِهِ ، قَالَ : فَسَدَلَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَاصِيَتَهُ ، ثُمَّ فَرَقَ بَعْدُ. (بخاری ۳۵۵۸۔ مسلم ۹۱)

(۲۵۵۸۱) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ اہل کتاب اپنے بالوں کا سدل کیا کرتے تھے اور مشرکین اپنے سروں میں مانگ نکالا کرتے تھے۔ جن کاموں میں جناب نبی کریم ﷺ کو کوئی حکم نہیں دیا جاتا تھا۔ ان کاموں میں آپ ﷺ اہل کتاب کی موافقت کو پسند کرتے تھے۔ راوی کہتے ہیں۔ چنانچہ آپ ﷺ نے اپنے سامنے والے بالوں کو سدل یعنی کھلا چھوڑا پھر اس کے بعد آپ ﷺ نے مانگ نکالی۔

(۲۵۵۸۲) حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُورٍ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبَّادٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ عَائِشَةَ ، قَالَتْ : كُنْتُ أَفْرُقُ خَلْفَ نَاصِيَةِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، ثُمَّ أُسْدِلُ نَاصِيَتَهُ.

(ابو داؤد ۴۱۸۶۔ ابن ماجہ ۳۶۳۳)

(۲۵۵۸۲) حضرت عائشہ سے روایت ہے۔ وہ کہتی ہیں کہ میں جناب نبی کریم ﷺ کے سر کے اوپر کے حصہ کے پیچھے سے مانگ نکالتی تھی پھر میں آپ ﷺ کے سامنے کے بالوں کو چھوڑ دیا کرتی تھی۔

(۲۵۵۸۳) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، قَالَ : أَخْبَرَنَا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ ، عَنْ قَتَادَةَ ، عَنْ أَنَسٍ ، قَالَ : كَانَ شَعْرُ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَعْرًا رَجِلاً بَيْنَ أُذُنَيْهِ وَمَنْكِبَيْهِ. (بخاری ۵۹۰۵۔ مسلم ۱۸۱۹)

(۲۵۵۸۳) حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بال مبارک آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے کانوں اور مونڈھوں کے درمیان کنگھی کیے ہوتے تھے۔

(٢٥٥٨٤) حَدَّثَنَا شَرِيكٌ ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ ، عَنِ الْبَرَاءِ ، قَالَ : مَا رَأَيْتُ أَجْمَلَ مِنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُتَرَجِّلاً فِي حُلَّةٍ حَمْرَاءَ.

(۲۵۵۸۴) حضرت براء سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے سرخ جوڑے میں جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے بڑھ کر کوئی جمیل نہیں دیکھا۔

(٢٥٥٨٥) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ صَالِحٍ ، قَالَ : حَدَّثَنِي إِيَادُ بْنُ لَقِيطٍ ، عَنْ أَبِي رِمْثَةَ ، قَالَ : أَقْبَلْتُ فَرَأَيْتُ رَجُلاً جَالِسًا فِي ظِلِّ الْكَعْبَةِ ، فَقَالَ أَبِي : تَدْرِي مَنْ هَذَا ؟ هَذَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، فَلَمَّا انْتَهَيْنَا إِلَيْهِ إِذَا رَجُلٌ ذُو وَفْرَةٍ ، وَبِهِ رَدْعٌ ، عَلَيْهِ ثَوْبَانِ أَخْضَرَانِ. (احمد ۴/ ۱۶۳)

(۲۵۵۸۵) حضرت ابو رمثہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں۔ میں آیا اور میں نے بیت اللہ کے سایہ میں ایک آدمی کو بیٹھے دیکھا۔ میرے والد نے کہا تم جانتے ہو، یہ کون ہے؟ یہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ پس جب ہم آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پہنچے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم بڑے بالوں والی ایک ہستی تھے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر زعفران کی زردی کا اثر تھا اور دو سبز کپڑے آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر تھے۔

(٢٥٥٨٦) حَدَّثَنَا الْفَضْلُ ، عَنْ عَبْدِ الْوَاحِدِ بْنِ أَيْمَنَ ، قَالَ : رَأَيْتُ ابْنَ الزُّبَيْرِ وَلَهُ جُمَّةٌ إِلَى الْعُنُقِ ، وَكَانَ يَفْرُقُ.

(۲۵۵۸۶) حضرت عبد الواحد بن ایمن سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں۔ میں نے حضرت ابن زبیر کو دیکھا جبکہ ان کی زلفیں گردن تک تھیں اور وہ مانگ نکالے ہوئے تھے۔

(٢٥٥٨٧) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ عَبْدِ الْوَاحِدِ بْنِ أَيْمَنَ ، قَالَ : رَأَيْتُ عُبَيْدَ بْنَ عُمَيْرٍ ، وَابْنَ الْحَنَفِيَّةِ لِكُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا جُمَّةٌ.

(۲۵۵۸۷) حضرت عبد الواحد بن ایمن سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں۔ میں نے حضرت عبید بن عمیر اور حضرت ابن الحنفیہ کو دیکھا۔ ان دونوں میں سے ہر ایک کی زلفیں تھیں۔

(٢٥٥٨٨) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ فِطْرٍ ، عَنْ حَبِيبٍ ، قَالَ : رَأَيْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ وَلَهُ جُمَّةٌ.

(۲۵۵۸۸) حضرت حبیب سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کو دیکھا اور آپ رضی اللہ عنہ کی زلفیں تھیں۔

(٢٥٥٨٩) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَحْوَصِ بْنِ حَكِيمٍ ، عَنْ رَاشِدِ بْنِ سَعْدٍ ، قَالَ : أَمَرَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْفَرْقِ ، وَنَهَى عَنِ السَّكِينَةِ.

(۲۵۵۸۹) حضرت راشد بن سعد سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مانگ نکالنے کا حکم دیا اور مانگ کے بغیر چھوڑنے سے منع کیا۔

(٢٥٥٩٠) حَدَّثَنَا الْفَضْلُ ، عَنْ فِطْرٍ ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ ، عَنْ هُبَيْرَةَ ، قَالَ : كُنَّا جُلُوسًا عِنْدَ عَلِيٍّ فَدَعَا ابْنًا لَهُ ، يُقَالُ لَهُ : عُثْمَانُ ، فَجَاءَ غُلاَمٌ لَهُ ذُؤَابَةٌ.

(۲۵۵۹۰) حضرت ہبیرہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ ہم حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اپنے بیٹے کو بلایا جس کو عثمان کہا جاتا تھا۔ پس ایک نوجوان آیا جس کے بڑے بڑے بال تھے۔

(٢٥٥٩١) حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ ، عَنْ رَضِيِّ بْنِ أَبِي عَقِيلٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ : كُنَّا عَلَى بَابِ ابْنِ الْحَنَفِيَّةِ ، فَخَرَجَ ابْنٌ لَهُ ذُؤَابَةٌ.

(۲۵۵۹۱) حضرت رضی بن ابی عقیل، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ ہم حضرت ابن الحنفیہ کے دروازے پر کھڑے تھے کہ ان کا ایک زلفوں والا بیٹا باہر آیا۔

(٢٥٥٩٢) حَدَّثَنَا مَالِكٌ ، قَالَ : حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ ، قَالَ : حَدَّثَنَا عُمَارَةُ بْنُ غَزِيَّةَ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْقَاسِمِ ، قَالَ زُهَيْرٌ : يُرَى عُمَارَةُ ، أَنَّهُ عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : إِنَّ الشَّعَرَ الْحَسَنَ ، أَوِ الْجَمِيلَ مِنْ كِسْوَةِ اللهِ ، فَأَكْرِمُوهُ ، قَالَ : وَكَانَ يَكْرَهُ إِزَالَتَهُ ، زَعَمَ زُهَيْرٌ أَنَّهُ التَّضْيِيعُ.

(۲۵۵۹۲) حضرت عبدالرحمٰن بن قاسم سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''یقیناً حسین..... یا .....جمیل بال اللہ تعالیٰ کے لباس میں سے ہیں۔ پس تم ان کی عزت کرو۔'' راوی کہتے ہیں۔ یہ حضرت ان بالوں کو صاف کرنے کو ناپسند کرتے تھے۔ حضرت زہیر کا گمان تو یہ ہے کہ یہ ضائع کرنا ہے۔

(٢٥٥٩٣) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ هِشَامٍ ، قَالَ : رَأَيْتُ لاِبْنِ عُمَرَ جُمَّةً مَفْرُوقَةً ، تَضْرِبُ مَنْكِبَيْهِ.

(۲۵۵۹۳) حضرت ہشام سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کی کندھوں تک زلفیں دیکھیں جو مانگ نکالی ہوئی تھیں۔

(٢٥٥٩٤) حَدَّثَنَا مَالِكٌ ، عَنْ كَامِلٍ ، عَنْ حَبِيبٍ ، قَالَ : كَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَى ابْنِ عَبَّاسٍ ، وَلَهُ جُمَّةٌ فِينَانَةٌ.

(۲۵۵۹۴) حضرت حبیب سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں۔ کہ گویا میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کو دیکھ رہا ہوں۔ ان کی موٹی موٹی زلفیں تھیں۔

(٥٤) مَا يَقُولُ الرَّجُلُ إِذَا لَبِسَ الثَّوْبَ الْجَدِيدَ

جب آدمی نیا کپڑا پہنے تو کیا کہے؟

(٢٥٥٩٥) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى ، عَنْ أَخِيهِ عِيسَى ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : إِذَا لَبِسَ أَحَدُكُمْ ثَوْبًا جَدِيدًا فَلْيَقُلْ : الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي كَسَانِي مَا

أُوَارِي بِهِ عَوْرَتِي ، وَأَتَجَمَّلُ بِهِ فِي النَّاسِ.

(۲۵۵۹۵) حضرت عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''جب تم میں سے کوئی نیا کپڑا پہنے تو اس کو یہ کہنا چاہیے۔ (ترجمہ): تمام تعریفیں اس اللہ کے لئے ہیں جس نے مجھے وہ (کپڑا) پہنایا جس کے ذریعہ میں اپنے ستر کو چھپاتا ہوں اور جس کے ذریعہ میں لوگوں میں جمال حاصل کرتا ہوں۔''

(۲۵۵۹۶) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، قَالَ : أَخْبَرَنَا أَصْبَغُ بْنُ زَيْدٍ ، قَالَ : حَدَّثَنَا أَبُو الْعَلاَءِ ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ ، قَالَ : لَبِسَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ ثَوْبًا جَدِيدًا ، فَقَالَ : الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي كَسَانِي مَا أُوَارِي بِهِ عَوْرَتِي ، وَأَتَجَمَّلُ بِهِ فِي حَيَاتِي ، ثُمَّ ، قَالَ : سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ : مَنْ لَبِسَ ثَوْبًا جَدِيدًا ، فَقَالَ : الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي كَسَانِي مَا أُوَارِي بِهِ عَوْرَتِي ، وَأُجَمِّلُ بِهِ فِي حَيَاتِي ، ثُمَّ عَمَدَ إِلَى الثَّوْبِ الَّذِي أَخْلَقَ ، أَوْ قَالَ : أَلْقَى فَتَصَدَّقَ بِهِ ، كَانَ فِي كَنَفِ اللهِ ، وَفِي حِفْظِ اللهِ ، وَفِي سَتْرِ اللهِ حَيًّا وَمَيِّتًا ، قَالَهَا ثَلاَثًا.

(ترمذی ۳۵۶۰۔ حاکم ۱۹۳)

(۲۵۵۹۶) حضرت ابوامامہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے ایک نیا کپڑا پہنا، تو فرمایا: تمام تعریفیں اس اللہ کے لئے ہیں جس نے مجھے وہ کپڑا پہنایا جس کے ذریعہ میں اپنے ستر کو چھپاتا ہوں اور جس کے ذریعہ میں اپنی زندگی میں جمال حاصل کرتا ہوں۔ پھر آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے جناب نبی کریم ﷺ کو کہتے سُنا: ''جو شخص نیا کپڑا پہنے اور یہ کہے: الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي كَسَانِي مَا أُوَارِي بِهِ عَوْرَتِي ، وَأُجَمِّلُ بِهِ فِي حَيَاتِي ، پھر وہ اپنے پرانے، اتارے ہوئے کپڑے کو لے اور اس کو صدقہ کر دے تو یہ شخص اللہ کی رحمت، حفاظت اور پردہ میں رہے گا۔ زندگی میں بھی اور موت کے بعد بھی'' یہ بات آپ ﷺ نے تین مرتبہ کہی۔

(۲۵۵۹۷) حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ إِدْرِيسَ ، عَنْ أَبِي الأَشْهَبِ ، عَنْ رَجُلٍ مِنْ مُزَيْنَةَ ؛ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأَى عَلَى عُمَرَ ثَوْبًا غَسِيلاً ، فَقَالَ : أَجَدِيدٌ ثَوْبُكَ هَذَا ؟ قَالَ : غَسِيلٌ يَا رَسُولَ اللهِ ، قَالَ : فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اِلْبَسْ جَدِيدًا ، وَعِشْ حَمِيدًا ، وَتَوَفَّ شَهِيدًا ، يُعْطِكَ اللَّهُ قُرَّةَ عَيْنٍ فِي الدُّنْيَا وَالآخِرَةِ. (ابن سعد ۳۲۹۔ مسندہ ۹۸۶)

(۲۵۵۹۷) قبیلہ مزینہ کا ایک شخص بیان کرتا ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ پر دھلا ہوا ایک کپڑا دیکھا تو آپ ﷺ نے پوچھا۔ ''کیا تمہارا یہ کپڑا نیا ہے؟'' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا۔ یا رسول اللہ ﷺ! دُھلا ہوا ہے۔ راوی کہتے ہیں۔ اس پر آپ ﷺ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے فرمایا: ''تم نیا کپڑا پہنو اور قابل تعریف زندگی گزارو اور شہادت کی موت پاؤ، اللہ تعالیٰ دنیا اور آخرت میں تمہیں آنکھ کی ٹھنڈک عطا کریں۔''

(۲۵۵۹۸) حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ ، عَنْ أَبِي وَهْبٍ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ ، قَالَ : إِذَا لَبِسَ

الإِنْسَانُ الثَّوبَ الْجَدِيدَ ، فَقَالَ :اللَّهُمَّ اجْعَلْهَا ثِيَابًا مُبَارَكَةً نَشْكُرُ فِيهَا نِعْمَتَكَ ، وَنُحْسِن فِيهَا عِبَادَتَكَ ، وَنَعْمَلُ فِيهَا بِطَاعَتِكَ ، لَمْ يُجَاوِزْ تَرْقُوَتَهُ حَتَّى يُغْفَرَ لَهُ.

(۲۵۵۹۸) حضرت سالم بن ابی الجعد سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جب آدمی نیا کپڑا پہنے اور پھر کہے۔ اے اللہ! تو اس کپڑے کو مبارک بنا دے ہم اس میں تیری نعمت کا شکر کریں اور اس میں تیری اچھی طرح عبادت کریں اور اس میں تیری اطاعت کریں۔ تو یہ کپڑا گلے سے نیچے نہیں اترتا یہاں تک کہ اس آدمی کی مغفرت کر دی جاتی ہے۔

(۲۵۵۹۹) حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنِ الْجُرَيْرِيِّ ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ ، قَالَ :كَانَ أَصْحَابُ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا رَأَوْا عَلَى أَحَدِهِمُ الثَّوْبَ الْجَدِيدَ ، قَالُوا :تُبْلِي ، وَيُخْلِفُ اللَّهُ عَلَيْكَ.

(۲۵۵۹۹) حضرت ابونضرہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جناب نبی کریم ﷺ کے صحابہ رضی اللہ عنہم جب خود میں سے کسی پر نیا کپڑا دیکھتے تو یہ کہتے۔ تُبْلِي ، وَيُخْلِفُ اللَّهُ عَلَيْكَ. (تم اس کپڑے کو پرانا کرو اور اللہ تمہیں اس کے بعد اور عطا کرے)۔

(۲۵۶۰۰) حَدَّثَنَا ابن عُلَية ، عن الْجُرَيْرِيِّ ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ ، قَالَ :إِنَّمَا نَعِيشُ فِي الْخَلَقِ.

(۲۵۶۰۰) حضرت ابونضرہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ ہم تو پرانے کپڑے میں زندگی گزارتے ہیں۔

(۲۵۶۰۱) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ ، قَالَ :حدَّثَنَا مِسْعَرٌ ، قَالَ :حَدَّثَنَا عَوْنُ بْنُ عَبْدِ اللهِ ، قَالَ :لَبِسَ رَجُلٌ ثَوْبًا جَدِيدًا فَحَمِدَ اللَّهَ ، فَأُدْخِلَ الْجَنَّةَ ، أَوْ غُفِرَ لَهُ ، قَالَ :فَقَالَ رَجُلٌ :لاَ أَرْجِعُ إِلَى أَهْلِي حَتَّى أَلْبَسَ ثَوْبًا جَدِيدًا ، وَأَحْمَدَ اللَّهَ عَلَيْهِ.

(۲۵۶۰۱) حضرت عون بن عبداللہ بیان کرتے ہیں۔ کہتے ہیں کہ ایک آدمی نے نیا کپڑا پہنا اور اللہ تعالیٰ کی تعریف کی تو اس کو جنت میں داخل کر دیا گیا..... یا فرمایا..... اس کی مغفرت کر دی گئی۔ راوی کہتے ہیں۔ اس پر ایک آدمی نے کہا میں اپنے گھر والوں کی طرف واپس نہیں جاؤں گا یہاں تک کہ میں نیا کپڑا پہن لوں اور اس پر اللہ کی تعریف کر لوں۔

(۵۵) مَنْ كَانَ يَكْرَهُ كَثْرَةَ الشَّعْرِ

جو حضرات زیادہ بالوں کو ناپسند کرتے ہیں

(۲۵۶۰۲) حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ ، عَنْ أُسَامَةَ ، قَالَ :كَانَ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ إِذَا كَانَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ ، بَعَثَ الأَحْرَاسَ فَيَأْخُذُونَ بِأَبْوَابِ الْمَسْجِدِ ، فَلاَ يَجِدُونَ رَجُلاً مُوَفَّرَ شَيءٍ مِنَ الشَّعْرِ إِلاَّ جَزُّوهُ.

(۲۵۶۰۲) حضرت اسامہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جب جمعہ کا دن ہوتا تھا تو حضرت عمر بن عبدالعزیز، چوکیداروں کو بھیجتے، پس وہ مسجد کے دروازوں پر کھڑے ہو جاتے اور وہ جس آدمی کو بھی کثیر بالوں والا پاتے تو اس کے بالوں کو کاٹ دیتے۔

(۲۵۶۰۳) حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ ، وَسُفْيَانُ بْنُ عُقْبَةَ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ عَاصِمِ بن كُلَيْبٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ وَائِلٍ

بْنِ حُجْرٍ ، قَالَ :رَآنِي النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلِي شَعْرٌ طَوِيلٌ ، فَقَالَ :ذُبَابٌ ، ذُبَابٌ ، فَانْطَلَقْتُ فَأَخَذْتُهُ ، فَرَآنِي النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، فَقَالَ :إِنِّي لَمْ أَعْنِكَ ، وَهَذَا أَحْسَنُ.

(ابو داؤد ۴۱۸۷۔ ابن ماجه ۳۶۳۶)

(۲۵۶۰۳) حضرت وائل بن حجر سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جناب نبی کریم ﷺ نے مجھے دیکھا جبکہ میرے بال لمبے تھے۔ تو آپ ﷺ نے فرمایا: ''مکھی، مکھی'' چنانچہ میں چل دیا اور میں نے وہ بال کاٹ لیے پھر آپ ﷺ نے مجھے دیکھا تو فرمایا: ''میری مراد (مکھی مکھی کہنے سے) تم تو نہیں تھے۔ یہ بھی اچھا ہے۔''

(۲۵۶۰۴) حَدَّثَنَا ابن مُبَارَكٌ ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنِ ابْنِ قُدَامَةَ ، قَالَ :دَخَلَ رَجُلٌ عَلَى ابْنِ سِيرِينَ ، وَعَلَيْهِ شَعْرٌ طَوِيلٌ، فَقَالَ :هَذَا يُكْرَهُ ، ثُمَّ دَخَلَ عَلَيْهِ مِنَ الْغَدِ وَقَدِ اسْتَأْصَلَهُ ، فَقَالَ :هَذَا يُكْرَهُ.

(۲۵۶۰۴) حضرت ابن قدامہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ ایک آدمی حضرت ابن سیرین کے پاس حاضر ہوا اور اس آدمی کے لمبے لمبے بال تھے۔ تو ابن سیرین نے فرمایا: یہ مکروہ ہیں۔ پھر وہ شخص اگلے دن آپ رحمۃ اللہ علیہ کے پاس آیا اور اس نے سر کو بالکلیہ صاف کر لیا تھا۔ تو آپ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: یہ بھی مکروہ ہے۔

(٥٦) نَقْشُ الْخَاتَمِ ، وَمَا جَاءَ فِيهِ

انگوٹھی کا نقش اور جو کچھ اس کے بارے میں ہے

(۲۵۶۰۵) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ أَيُّوبَ بْنِ مُوسَى، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: اتَّخَذَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَاتَمًا مِنْ وَرِقٍ ، ثُمَّ نَقَشَ عَلَيْهِ ؛ مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللهِ ، ثُمَّ قَالَ :لاَ يَنْقُشْ أَحَدٌ عَلَى نَقْشِ خَاتَمِي هَذَا.

(بخاری ۵۸۶۶۔ مسلم ۵۵)

(۲۵۶۰۵) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جناب نبی کریم ﷺ نے چاندی کی انگوٹھی بنوائی اور اس پر نقش کیا ''محمد رسول اللہ'' پھر فرمایا: ''کوئی شخص میری اس انگوٹھی کے نقش پر نقش نہ بنائے۔''

(۲۵۶۰۶) حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ صُهَيْبٍ ، عَنْ أَنَسٍ ، قَالَ :اصْطَنَعَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَاتَمًا ، فَقَالَ :إِنَّا قَدِ اصْطَنَعْنَا خَاتَمًا ، وَنَقَشْنَا فِيهِ نَقْشًا ، فَلاَ يَنْقُشْ عَلَيْهِ أَحَدٌ.

(بخاری ۵۸۷۴۔ مسلم ۲۰۹۲)

(۲۵۶۰۶) حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے ایک انگوٹھی بنوائی پھر آپ ﷺ نے فرمایا: ''ہم نے ایک انگوٹھی بنوائی ہے اور اس میں ہم ایک نقش بھی نقش کروایا ہے پس کوئی اس جیسا نقش نہ کروائے۔''

(۲۵۶۰۷) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ مُوسَى بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ يَزِيْد ، عَنْ أُمِّهِ ، عَنْ حُذَيْفَةَ ، قَالَتْ :

كَانَ فِي خَاتَمِهِ كُرْكِيَّانِ مُتَقَابِلاَنِ بَيْنَهُمَا مَكْتُوبٌ :الْحَمْدُ لِلَّهِ.

۲۵۶۰۷) حضرت موسیٰ بن عبداللہ، اپنی والدہ سے حضرت حذیفہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں۔ وہ کہتی ہیں کہ حضرت حذیفہ کی انگوٹھی میں آمنے سامنے دو سارس بنی ہوئی تھیں۔ ان کے درمیان الحمد للہ لکھا ہوا تھا۔

۲۵۶۰۸) حَدَّثَنَا مُعَاذٌ ، عَنْ أَشْعَثَ ، عَنْ مُحَمَّدٍ ، وَالْحَسَنِ ، قَالاَ :كَانَ نَقْشُ خَاتَمِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللهِ.

۲۵۶۰۸) حضرت محمد اور حضرت حسن دونوں سے روایت ہے۔ یہ کہتے ہیں کہ جناب نبی کریم ﷺ کی انگوٹھی کا نقش "محمد رسول اللہ" تھا۔

۲۵۶۰۹) حَدَّثَنَا مُعَاذٌ ، عَنْ أَشْعَثَ ، عَنْ مُحَمَّدٍ ، قَالَ :كَانَ نَقْشُ خَاتَمِ أَنَسٍ أَسَدٌ رَابِضٌ حَوْلَهُ فَرَائِسُ.

۲۵۶۰۹) حضرت محمد رحمہ اللہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ کی انگوٹھی کا نقش یوں تھا۔ شیر حملہ کر رہا تھا اور اس کے ردگرد چیر پھاڑ کیے ہوئے شکار تھے۔

۲۵۶۱۰) حَدَّثَنَا مُعَاذٌ ، عَنْ أَشْعَثَ ، عَنْ مُحَمَّدٍ ؛ أَنَّهُ كَانَ نَقْشُ خَاتَمِ الأَشْعَرِيِّ أَسَدٌ بَيْنَ رَجُلَيْنِ.

۲۵۶۱۰) حضرت محمد رحمہ اللہ سے روایت ہے کہ حضرت اشعری کی انگوٹھی کا نقش یہ تھا۔ دو آدمیوں کے درمیان ایک شیر تھا۔

۲۵۶۱۱) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، قَالَ :أَخْبَرَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ عَطَاءٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ :كَانَ خَاتَمُ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ نَقْشُهُ تِمْثَالُ رَجُلٍ مُتَقَلِّدٍ سَيْفًا ، قَالَ إِبْرَاهِيمُ :فَرَأَيْتُه أَنَا فِي خَاتَمٍ عِنْدَنَا فِي طِينٍ فَقَالَ أَبِي :هَذَا خَاتَمُ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ.

۲۵۶۱۱) حضرت ابراہیم بن عطاء، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں۔ کہتے ہیں کہ حضرت عمران بن حصین کی انگوٹھی کا نقش ایک تلوار لٹکایا ہوا شخص تھا۔ حضرت ابراہیم کہتے ہیں۔ پس میں نے یہ نقش اپنے ہاں موجود مٹی میں ایک انگوٹھی پر دیکھا۔ میرے والد نے کہا۔ یہ حضرت عمران بن حصین کی انگوٹھی ہے۔

۲۵۶۱۲) حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ :كَانَ فِي خَاتَمِ أَبِي عُبَيْدَةَ بْنِ الْجَرَّاحِ الْخُمُسُ لِلَّهِ.

۲۵۶۱۲) حضرت معتمر، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا: حضرت ابوعبیدہ بن جراح کی انگوٹھی میں نقش تھا۔ لخمس لِلّٰہ. خُمس اللہ کا ہے۔

۲۵۶۱۳) حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ ، عَنْ حُصَيْنٍ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ، قَالَ :كَانَ فِي خَاتَمِ أَبِي عُبَيْدَةَ بْنِ الْجَرَّاحِ الْحَمْدُ لِلَّهِ.

۲۵۶۱۳) حضرت مجاہد سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت ابوعبیدہ بن جراح کی انگوٹھی میں "الحمد لِلّٰہ" لکھا ہوا تھا۔

۲۵۶۱۴) حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ ، عَنْ حُصَيْنٍ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ، قَالَ :كَانَ خَاتَمُ عَبْدِ اللهِ بْنُ عُمَرَ عَبْدُ اللهِ بْنُ عُمَرَ.

۲۵۶۱۴) حضرت مجاہد سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کی انگوٹھی میں عبداللہ بن عمر (لکھا ہوا) تھا۔

(٢٥٦١٥) حَدَّثَنَا عَبِيدَةُ بْنُ حُمَيْدٍ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ قَالَ: كَانَ فِي خَاتَمِ أَبِي عُبَيْدَةَ بْنِ الْجَرَّاحِ الْحَمْدُ لِلَّهِ.

(۲۵۶۱۵) حضرت ابراہیم سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت ابوعبیدہ بن جراح کی انگوٹھی میں الحمد للہ تھا۔

(٢٥٦١٦) حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ ، عَنْ حُصَيْنٍ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ، قَالَ : كَانَ نَقْشُ خَاتَمِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَ وَسَلَّمَ مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللهِ.

(۲۵۶۱۶) حضرت مجاہد سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جناب نبی کریم ﷺ کی انگوٹھی کا نقش محمد رسول اللہ تھا۔

(٢٥٦١٧) حَدَّثَنَا جَرِيرٌ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْتَشِرِ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ : كَانَ نَقْشُ خَاتَمِ مَسْرُوقٍ بِسْمِ ا الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ.

(۲۵۶۱۷) حضرت ابراہیم بن محمد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت مسروق کی انگوٹھی کا نقش بسم ال الرحمٰن الرحیم تھا۔

(٢٥٦١٨) حَدَّثَنَا عَبِيدَةُ بْنُ حُمَيْدٍ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، قَالَ : كَانَ نَقْشُ خَاتَمِ إِبْرَاهِيمَ يَا الله ، وَلَهُ ذُبَابٌ.

(۲۵۶۱۸) حضرت منصور سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت ابراہیم کی انگوٹھی کا نقش یہ تھا۔ یا اللہ اور اس انگوٹھی کا نگینہ بھی تھا

(٢٥٦١٩) حَدَّثَنَا حَفْصٌ ، عَنْ جَعْفَرٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ : كَانَ فِي خَاتَمِ أَبِي الْعِزَّةُ لِلَّهِ جَمِيعًا.

(۲۵۶۱۹) حضرت جعفر، اپنے والد کے بارے میں روایت کرتے ہیں۔ کہتے ہیں کہ میرے والد کی انگوٹھی میں نقش تھا۔ العزة ا جميعا. (ساری عزت اللہ کے لئے ہے۔)

(٢٥٦٢٠) حَدَّثَنَا مُعَاذٌ ، عَنْ أَشْعَثَ ، عَنْ مُحَمَّدٍ ، قَالَ : كَانَ نَقْشُ خَاتَمِ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ زِيَادٍ تَدْرِجَةٌ.

(۲۵۶۲۰) حضرت محمد رحمہ اللہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت عبیداللہ بن زیادہ کی انگوٹھی کا نقش تدرجہ تھا۔

(٢٥٦٢١) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي عَدِيٍّ ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ ، قَالَ : كَانَ نَقْشُ خَاتَمِ مُحَمَّدٍ كُنْيَتَهُ.

(۲۵۶۲۱) حضرت ابن عون سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت محمد رحمہ اللہ کی انگوٹھی کا نقش ان کی کنیت تھا۔

(٢٥٦٢٢) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي عَدِيٍّ ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ ، عَنِ الْحَسَنِ ، قَالَ : كَانَ نَقْشُ خَاتَمِهِ خُطُوطًا ، قَالَ أَبِي عَدِيٍّ : وَجَدْتُهُ مَكْتُوبًا عِنْدِي.

(۲۵۶۲۲) حضرت ابن عون، حضرت حسن کے بارے میں روایت کرتے ہیں۔ کہتے ہیں کہ آپ رحمہ اللہ کی انگوٹھی کے نقش میں تھیں۔ حضرت ابن ابی عدی کہتے ہیں۔ میں نے ان کو اپنے ہاں مکتوب پایا۔

(٢٥٦٢٣) حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ ، عَنْ حَنْظَلَةَ ، قَالَ : رَأَيْتُ عَلَى الْقَاسِمِ ، وَسَالِمٍ خَاتَمَيْنِ فِي خَاتَمِ الْقَاسِمِ اسْمُ وَفِي خَاتَمِ سَالِمٍ اسْمُهُ.

(۲۵۶۲۳) حضرت حنظلہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت قاسم اور حضرت سالم پر دو انگوٹھیاں دیکھیں۔ حضر

اسم کی انگوٹھی میں ان کا نام تھا اور حضرت سالم کی انگوٹھی میں ان کا نام تھا۔

(٢٥٦٢٤) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنْ مُحَمَّدٍ ؛ أَنَّهُ لَمْ يَكُنْ يَرَى بَأْسًا أَنْ يَكْتُبَ الرَّجُلُ فِي خَاتَمِهِ حَسْبِيَ اللَّهُ ، وَنَحْوَ هَذَا.

(۲۵۶۲۴) حضرت ہشام، حضرت محمد رحمہ اللہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ اس بات میں کوئی حرج نہیں دیکھتے تھے کہ آدمی اپنی انگوٹھی میں حسبی اللہ وغیرہ لکھے۔

(٢٥٦٢٥) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ ، قَالَ : حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ ، عَنْ قَتَادَةَ ، عَنْ أَنَسٍ ؛ أَنَّ عُمَرَ قَالَ : لاَ تَنْقُشُوا وَلاَ تَكْتُبُوا فِي خَوَاتِمِكُمْ بِالْعَرَبِيَّةِ.

(۲۵۶۲۵) حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم اپنی انگشتریوں میں عربی میں نہ لکھواور نہ نقش کرو۔

(٢٥٦٢٦) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، قَالَ : حَدَّثَنَا سُفْيَانُ ، عَنْ جَابِرٍ ، عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ ، قَالَ : كَانَ فِي خَاتَمِ عَلِيٍّ اللَّهُ الْمَلِكُ.

(۲۵۶۲۶) حضرت ابوجعفر سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی انگوٹھی میں تھا اللہ الملک. اللہ بادشاہ۔

(٢٥٦٢٧) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، قَالَ : حَدَّثَنَا سُفْيَانُ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، قَالَ : كَانَ خَاتَمُ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ فِضَّةٍ فِيهِ : مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللهِ.

(۲۵۶۲۷) حضرت ابراہیم سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی انگوٹھی چاندی کی تھی۔ اس میں تھا۔ محمد رسول اللہ.

(٥٧) فِي الْخَاتَمِ ، تُنْقَشُ فِيهِ الآيَةُ مِنَ الْقُرْآنِ

انگوٹھی میں قرآن کی آیت نقش کروانے کے بارے میں

(٢٥٦٢٨) حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ ، عَنْ عَطَاءٍ ؛ أَنَّهُ كَانَ يَكْرَهُ أَنْ يَكْتُبَ الآيَةَ كُلَّهَا فِي الْخَاتَمِ ، وَلاَ يَرَى بِالْخَاتَمِ فِيهِ ذِكْرُ اللهِ بَأْسًا.

(۲۵۶۲۸) حضرت ابن جریج، حضرت عطاء کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ اس بات کو ناپسند کرتے تھے کہ انگوٹھی میں پوری آیت لکھی جائے۔ لیکن انگوٹھی میں اللہ کا ذکر ہو اس میں کوئی حرج نہیں دیکھتے تھے۔

(٢٥٦٢٩) حَدَّثَنَا أَبُو الأَحْوَصِ ، عَنْ مُغِيرَةَ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، أَنَّهُ كَرِهَ أَنْ يُنْقَشَ فِي الْخَاتَمِ الآيَةُ التَّامَّةُ.

(۲۵۶۲۹) حضرت مغیرہ، حضرت ابراہیم کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ اس بات کو ناپسند کرتے تھے کہ انگوٹھی میں پوری آیت نقش کی جائے۔

(٢٥٦٣٠) حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ ، عَنْ جَعْفَرٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ : كَانَ فِي خَاتَمِ حَسَنٍ وَحُسَيْنٍ ذِكْرُ اللهِ ، قَالَ

جَعْفَرٌ :وَكَانَ فِي خَاتَمِ أَبِي الْعِزَّةُ لِلَّهِ جَمِيعًا.

(۲۵۶۳۰) حضرت جعفر، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت حسن رضی اللہ عنہ اور حضرت حسین رضی اللہ عنہ کی انگوٹھی میں ذکر اللہ تھا۔ حضرت جعفر کہتے ہیں۔ میرے والد کی انگوٹھی میں العزة لِلّٰه جميعا. تھا۔

(۲۵۶۳۱) حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ ، عَنْ صَدَقَةَ بْنِ يَسَارٍ ، قَالَ :قُلْتُ لِسَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ :مَا أَكْتُبُ فِي خَاتَمِي ؟ قَالَ :اُكْتُبْ فِيهِ ذِكْرَ اللهِ ، وَقُلْ :أَمَرَنِي بِهِ سَعِيدٌ.

(۲۵۶۳۱) حضرت صدقہ بن یسار سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت سعید بن مسیّب سے پوچھا۔ میں اپنی انگوٹھی میں کیا لکھوں؟ انہوں نے فرمایا: تم اس میں اللہ کا ذکر لکھ لو اور کہو کہ مجھے سعید نے اس بات کا حکم دیا ہے۔

(۲۵۶۳۲) حَدَّثَنَا جَرِيرٌ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْتَشِرِ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ :كَانَ نَقْشُ خَاتَمِ مَسْرُوقٍ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ.

(۲۵۶۳۲) حضرت ابراہیم بن محمد، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت مسروق کی انگوٹھی کا نقش بسم اللہ الرحمٰن الرحیم تھا۔

(۲۵۶۳۳) حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ ، عَنْ إِسْرَائِيلَ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ الْمُخْتَارِ ، قَالَ :سَمِعْتُ الْحَسَنَ يَقُولُ :لاَ بَأْسَ أَنْ يُنْقَشَ فِي الْخَاتَمِ الآيَةُ كُلُّهَا.

(۲۵۶۳۳) حضرت عبداللہ بن مختار سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت حسن کو کہتے سُنا کہ اس بات میں کوئی حرج نہیں ہے کہ انگوٹھی میں پوری آیت نقش کی جائے۔

(۲۵۶۳٤) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ هَاشِمٍ ، عَنْ حُرَيْثٍ ، عَنِ الشَّعْبِيِّ ؛ أَنَّهُ كَرِهَ أَنْ تُنْقَشَ الآيَةُ فِي الْخَاتَمِ.

(۲۵۶۳۴) حضرت حریث، حضرت شعبی کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ انگوٹھی میں آیت نقش کرنے کو مکروہ سمجھتے تھے۔

(۵۸) فِي الْخَاتَمِ الْفِضَّةِ

چاندی کی انگوٹھی کے بارے میں

(۲۵۶۳۵) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنْ أَيُّوبَ بْنِ مُوسَى ، عَنْ نَافِعٍ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ ، قَالَ :اتَّخَذَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَاتَمًا مِنْ وَرِقٍ.

(۲۵۶۳۵) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے چاندی کی انگوٹھی بنوائی۔

(۲۵۶۳٦) حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ حَبِيبٍ ، عَنْ طَاوُوسٍ ، قَالَ :كَانَ لِرَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَاتَمٌ مِنْ فِضَّةٍ فِي يَدِهِ ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :لَكُمْ نَظْرَةٌ وَلِهَذَا نَظْرَةٌ ، لَقَدْ عَنَانِي هَذَا

الْيَوْمَ ، فَنَزَعَهُ فَأَعْطَاهُ رَجُلاً. (ابن سعد ۴۷۰)

(۲۵۶۳۶) حضرت طاؤس سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ کی چاندی کی انگوٹھی تھی جو آپ ﷺ کے ہاتھ میں تھی۔ پھر آپ ﷺ نے فرمایا: ''تمہاری بھی نظر ہے اور اس میں بھی عیب ونقصان ہے۔ تحقیق اس نے مجھے آج دشواری میں ڈال دیا ہے۔'' چنانچہ آپ ﷺ نے اس کو اُتار دیا پھر آپ ﷺ نے وہ ایک آدمی کو دے دی۔

(۲۵۶۳۷) حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ ، عَنْ يُونُسَ ، عَنِ الزُّهْرِيِّ ، عَنْ أَنَسٍ ، قَالَ : كَانَ فِي خَاتَمِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِضَّةٌ ، وَكَانَ فَصُّهُ حَبَشِيًّا. (بخاری ۵۸۶۸۔ مسلم ۶۲)

(۲۵۶۳۷) حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ آپ ﷺ کی انگوٹھی میں چاندی تھی۔ اور اس کا نگینہ حبشی تھا۔

(۲۵۶۳۸) حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ ، عَنْ نَافِعٍ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ ، قَالَ : اتَّخَذَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَاتَمًا مِنْ وَرِقٍ ، فَكَانَ فِي يَدِهِ ، ثُمَّ كَانَ فِي يَدِ أَبِي بَكْرٍ مِنْ بَعْدِهِ ، ثُمَّ كَانَ فِي يَدِ عُمَرَ ، ثُمَّ كَانَ فِي يَدِ عُثْمَانَ ، حَتَّى وَقَعَ مِنْهُ فِي بِئْرِ أَرِيسَ ، وَكَانَ نَقْشُهُ مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللهِ. (بخاری ۵۸۷۳۔ احمد ۲/ ۲۲)

(۲۵۶۳۸) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے چاندی کی ایک انگوٹھی بنوائی۔ پس وہ آپ ﷺ کے ہاتھ میں رہی۔ پھر آپ ﷺ کے بعد حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے ہاتھ میں تھی پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ہاتھ میں رہی۔ پھر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے ہاتھ میں رہی۔ یہاں تک کہ یہ آپ رضی اللہ عنہ سے بَیر اریس میں گر گئی۔ اور اس کا نقش ''محمد رسول اللہ'' تھا۔

(۵۹) فِي خَاتَمِ الْحَدِيدِ

لوہے کی انگوٹھی کے بارے میں

(۲۵۶۳۹) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، قَالَ : أَخْبَرَنِي مَنْ رَأَى عَلَى عَبْدِ اللهِ خَاتَمًا مِنْ حَدِيدٍ.

(۲۵۶۳۹) حضرت ابراہیم سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ مجھے اس آدمی نے بتایا جس نے خود حضرت عبداللہ پر لوہے کی انگوٹھی دیکھی تھی۔

(۲۵۶۴۰) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، قَالَ : رَأَيْتُ عَلَى إِبْرَاهِيمَ خَاتَمَ حَدِيدٍ.

(۲۵۶۴۰) حضرت اعمش سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابراہیم پر لوہے کی انگوٹھی دیکھی۔

(۲۵۶۴۱) حَدَّثَنَا يَزِيدُ ، قَالَ : أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَاشِدٍ ، قَالَ : حَدَّثَنَا مَكْحُولٌ ، قَالَ : كَانَ خَاتَمُ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدِيدًا مَلْوِيًّا ، عَلَيْهِ فِضَّةٌ ، بَادِي. (ابن سعد ۴۷۳)

(۲۵۶۴۱) حضرت مکحول بیان کرتے ہیں۔ کہتے ہیں کہ جناب نبی کریم ﷺ کی انگوٹھی لوہے کی تھی جس پر چاندی چڑھی ہوئی تھی۔

(٢٥٦٤٢) حَدَّثَنَا يَزِيدُ ، عَنْ هِشَامٍ ، قَالَ :سُئِلَ مُحَمَّدٌ عَنْ خَاتَمِ الْحَدِيدِ ؟ فَقَالَ :لاَ بَأْسَ ، إِلاَّ أَنْ يُكْرَهَ رِيحُهُ.

(۲۵۶۴۲) حضرت ہشام سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت محمد رحمۃ اللہ علیہ سے لوہے کی انگوٹھی کے بارے میں سوال کیا گیا؟ تو انہوں نے فرمایا: کوئی حرج نہیں۔ مگر اس کی بو کو ناپسند کیا جاتا ہے۔

(٢٥٦٤٣) حَدَّثَنَا شَرِيكٌ ، عَنْ مَنْصُورٍ قَالَ :رَأَيْتُ عَلَى إِبْرَاهِيمَ خَاتَمًا مِنْ حَدِيدٍ ، قَالَ :فَقُلْتُ لَهُ ، قَالَ :كَانَ خَاتَمُ عَبْدِ اللهِ مِنْ حَدِيدٍ.

(۲۵۶۴۳) حضرت منصور سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابراہیم پر لوہے کی انگوٹھی دیکھی۔ کہتے ہیں: میں نے ان سے پوچھا تو انہوں نے کہا: حضرت عبداللہ کی انگوٹھی بھی لوہے کی تھی۔

(٦٠) مَنْ كَرِهَ خَاتَمَ الْحَدِيدِ

جو حضرات لوہے کی انگوٹھی کو ناپسند کرتے ہیں

(٢٥٦٤٤) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ طَارِقٍ، عَنْ حَكِيمِ بْنِ جَابِرٍ؛ أَنَّ عُمَرَ رَأَى عَلَى رَجُلٍ خَاتَمَ حَدِيدٍ فَكَرِهَهُ.

(۲۵۶۴۴) حضرت حکیم بن جابر سے روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک آدمی پر لوہے کی انگوٹھی دیکھی تو آپ رضی اللہ عنہ نے اس کو ناپسند کیا۔

(٢٥٦٤٥) حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ حَكِيمِ بْنِ الدَّيْلَمِ ، قَالَ :سَمِعْتُ الضَّحَّاكَ ، قَالَ :سُئِلَ عَطَاءٌ عَنْ خَاتَمٍ مِنْ فِضَّةٍ ، فَصُّهُ حَدِيدٌ ؟ فَكَرِهَهُ.

(۲۵۶۴۵) حضرت حکیم بن دیلم سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ضحاک کو کہتے سُنا۔ حضرت عطاء سے ایسی چاندی کی انگوٹھی کے بارے میں سوال کیا گیا جس کا نگینہ لوہے کا ہو؟ تو انہوں نے اس کو ناپسند کیا۔

(٦١) مَنْ كَرِهَ خَاتَمَ الذَّهَبِ

جو حضرات سونے کی انگوٹھی کو ناپسند کرتے ہیں

(٢٥٦٤٦) حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي زِيَادٍ ، عَنْ أَبِي سَعْدٍ ، عَنْ أَبِي الْكَنُودِ ، قَالَ :أُصِيبَ عَظِيمٌ مِنْ عُظَمَائِهِمْ يَوْمَ مَهْرَانَ ، فَأُصِبْتُ عَلَيْهِ خَاتَمًا فَلَبِسْتُهُ ، فَرَآهُ عَلَيَّ ابْنُ مَسْعُودٍ ،فَتَنَاوَلَهُ فَوَضَعَهُ بَيْنَ ضِرْسَيْنِ مِنْ أَضْرَاسِهِ فَكَسَرَهُ ، ثُمَّ رَمَى بِهِ إِلَيَّ ، ثُمَّ قَالَ :إِنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَانَا عَنْ خَاتَمِ الذَّهَبِ. (طیالسی ۳۸۶۔ احمد ۱/ ۳۷۷)

(۲۵۶۴۶) حضرت ابوالکنود سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ یوم مہران کو دشمنوں کے بڑوں میں سے کوئی بڑا مارا گیا۔ تو میں نے

اس پر انگوٹھی دیکھی۔ چنانچہ میں نے اس کو پہن لیا۔ پھر اس کو حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے مجھ پر دیکھا تو اس کو لے لیا اور اس کو اپنی دونوں داڑھوں کے درمیان رکھ کر توڑ دیا پھر اس کو میری طرف پھینک دیا اور فرمایا: جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں سونے کی انگوٹھی سے منع فرمایا ہے۔

(٢٥٦٤٧) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ ، عَنِ يَزِيد ، عَنِ الْحَسَن بن سُهَيْلٍ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ ، قَالَ :نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَن خَاتَمِ الذَّهَبِ. (احمد ٩٩)

(۲۵۶۴۷) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے سونے کی انگوٹھی سے منع فرمایا۔

(٢٥٦٤٨) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ ، عَنِ الشَّيْبَانِيِّ ، عَنْ أَشْعَثَ بْنِ أَبِي الشَّعْثَاءِ ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ سُوَيْد ، عَنِ الْبَرَاءِ، قَالَ :نَهَانَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ التَّخَتُّمِ بِالذَّهَبِ.

(۲۵۶۴۸) حضرت براء سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں سونے کی انگوٹھی بنانے سے منع کیا۔

(٢٥٦٤٩) حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبَّادِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ الزُّبَيْرِ ، عَنْ أَبِيهِ عَبَّادِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ الزُّبَيْرِ ، عَنْ عَائِشَةَ أُمِّ الْمُؤْمِنِينَ ، قَالَتْ :أَهْدَى النَّجَاشِيُّ إِلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حلية فِيهَا خَاتَمٌ مِنْ ذَهَبٍ فِيهِ فَصٌّ حَبَشِيٌّ ، فَأَخَذَهُ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعُودٍ وَإِنَّهُ لَمُعْرِضٌ عَنْهُ ، أَوْ بِبَعْضِ أَصَابِعِهِ ، وَإِنَّهُ لَمُعْرِضٌ عَنْهُ ، ثُمَّ دَعَا ابْنَةَ ابْنَتِهِ أُمَامَةَ بِنْتِ أَبِي الْعَاصِ ، فَقَالَ : تَحَلَّى بِهَذَا يَا بُنَيَّةُ. (ابو داؤد ۴۲۳۲۔ احمد ۶/ ۱۱۹)

(۲۵۶۴۹) ام المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے۔ وہ کہتی ہیں کہ نجاشی نے جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف زیورات کا ہدیہ بھیجا جس میں سونے کی انگوٹھی تھی جس میں حبشی نگینہ تھا۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس انگوٹھی کو لکڑی کے ساتھ پکڑا جبکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس سے اعراض کر رہے تھے۔ یا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو اپنی انگلی سے پکڑا جبکہ آپ اس سے اعراض کر رہے تھے۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی نواسی امامہ بنت ابی العاص کو بلایا اور فرمایا: ''اے بیٹی! اس کو پہن لو''۔

(٢٥٦٥٠) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ ، عَنِ الأَجْلَحِ ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ الأَصَمِّ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ، قَالَ : كَانَ فِي إِصْبَعِي خَاتَمٌ مِنْ ذَهَبٍ فَتَنَاوَلَهُ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ ، فَرَأَيْتُ أَنَّهُ إِنَّمَا يَنْظُرُ إِلَيْهِ ، فَأَرْخَيْتُ يَدَيَّ ، فَأَخَذَهُ فَحَذَفَ بِهِ ، فَلَمْ أَسْأَلْهُ عَنْهُ وَلَمْ أَطْلُبْهُ.

(۲۵۶۵۰) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میری انگلی میں سونے کی انگوٹھی تھی۔ پس وہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے لے لی۔ چنانچہ میں نے دیکھا کہ وہ اُسی کی طرف دیکھ رہے ہیں۔ تو میں نے اپنا ہاتھ لٹکا دیا اور انہوں نے وہ پکڑ لی پھر انہوں نے اس کو پھینک دیا۔ پس میں نے ان سے اس کے بارے میں سوال بھی نہ کیا اور اسے تلاش بھی نہیں کیا۔

(٢٥٦٥١) حَدَّثَنَا حَاتِمٌ ، عَنْ جَعْفَرٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ : كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَخَتَّمُ بِخَاتَمٍ مِنْ

ذَهَبٍ ، فَخَرَجَ عَلَى النَّاسِ فَطَفِقُوا يَنْظُرُونَ إِلَيْهِ ، فَوَضَعَ يَدَهُ الْيُمْنَى عَلَى خِنْصَرِهِ ، ثُمَّ رَجَعَ إِلَى الْبَيْتِ فَرَمَى بِهِ.

(۲۵۶۵۱) حضرت جعفر، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے سونے کی انگوٹھی پہنی تھی کہ آپ ﷺ لوگوں کے پاس باہر آئے تو لوگوں نے اس انگوٹھی کو دیکھنا شروع کر دیا۔ پس آپ ﷺ نے اپنا دایاں ہاتھ اپنی خنصر انگلی پر رکھا۔ پھر آپ ﷺ اپنے گھر کی طرف واپس چلے گئے اور اس کو پھینک دیا۔

(۲۵۶۵۲) حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ ، عَنْ عُمَرَ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي حُسَيْنٍ ، قَالَ :أَخْبَرَتْنِي أُمِّي ، عَنْ أَبِي ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى أُمِّ سَلَمَةَ وَأَنَا غُلَامٌ وَعَلَيَّ خَاتَمٌ مِنْ ذَهَبٍ ، فَقَالَتْ :يَا جَارِيَةُ ، نَاوِلِينِيهِ ، فَنَاوَلَتْهَا إِيَّاهُ ، فَقَالَتْ: اذْهَبِي بِهِ إِلَى أَهْلِهِ وَاصْنَعِي خَاتَمًا مِنْ وَرِقٍ ، فَقُلْتُ :لَا حَاجَةَ لأَهْلِي فِيهِ ، قَالَتْ :فَتَصَدَّقِي بِهِ ، وَاصْنَعِي لَهُ خَاتَمًا مِنْ وَرِقٍ.

(۲۵۶۵۲) حضرت عمر بن سعید کہتے ہیں کہ مجھے میری والدہ نے میرے والد کے حوالہ سے بیان کیا۔ وہ کہتے ہیں کہ میں حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے ہاں گیا۔ تب میں چھوٹا بچہ تھا اور میں نے سونے کی انگوٹھی پہن رکھی تھی۔ تو حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اے لونڈی! یہ انگوٹھی مجھے دینا۔ چنانچہ اس نے وہ انگوٹھی انہیں دی۔ انہوں نے فرمایا: یہ اس کے گھر والوں کے پاس لے جاؤ اور اس کے لئے چاندی کی انگوٹھی بناؤ۔ میں نے کہا۔ میرے گھر والوں کو اس کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ انہوں نے فرمایا: چلو تو اس کو صدقہ کر دو اور اس کے لیے چاندی کی انگوٹھی بناؤ۔

(۲۵۶۵۳) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، عَنْ عَلْقَمَةَ ، قَالَ :رَأَى عَبْدُ اللهِ فِي يَدِ خَبَّابٍ خَاتَمًا مِنْ ذَهَبٍ ، فَقَالَ :أَمَا آنَ لِهَذَا أَنْ يُطْرَحَ بَعْدُ ؟ فَقَالَ :بَلَى ، لاَ تَرَاهُ عَلَيَّ بَعْدَهَا.

(۲۵۶۵۳) حضرت علقمہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت عبداللہ نے حضرت خباب کے ہاتھ میں سونے کی انگوٹھی دیکھی تو فرمایا۔ کیا ابھی وقت نہیں آیا کہ اس کو پھینک دیا جائے۔ حضرت خباب نے فرمایا: کیوں نہیں۔ اس کو تم اب کے بعد مجھ پر نہیں دیکھو گے۔

(۲۵۶۵٤) حَدَّثَنَا عُبيد اللهِ ، عَنْ أُسَامَةَ ، عَنْ مَكْحُولٍ ، عَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ ، قَالَ :أَتَيْتُ عُمَرَ وَفِي يَدِي خَاتَمٌ مِنْ ذَهَبٍ ، فَضَرَبَ يَدَيَّ بِعَصًا كَانَتْ مَعَهُ.

(۲۵۶۵۴) حضرت عوف بن مالک سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آیا اور میرے ہاتھ میں سونے کی انگوٹھی تھی۔ تو حضرت عمر کے پاس جو لاٹھی تھی انہوں نے وہ میرے ہاتھ پر ماری۔

(۲۵۶۵۵) حَدَّثَنَا جَرِيرٌ ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ ، قَالَ :رَأَى سَعِيدُ بْنُ جُبَيْرٍ عَلَى شَابٍّ مِنَ الأَنْصَارِ خَاتَمًا مِنْ ذَهَبٍ ، فَقَالَ لَهُ :أَمَا لَكَ أُخْتٌ ؟ قَالَ :بَلَى ، قَالَ :فَأَعْطِهِ إِيَّاهَا.

(۲۵۶۵۵) حضرت عبدالملک سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت سعید بن جبیر نے انصار کے ایک نوجوان پر سونے کی انگوٹھی دیکھی تو آپ رضی اللہ عنہ نے اس کو کہا۔ تمہاری کوئی بہن نہیں ہے؟ اس نے کہا۔ کیوں نہیں۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: پھر تم یہ اس کو دے دو۔

(۲۵۶۵۶) حَدَّثَنَا جَرِيرٌ ، عَنْ مُغِيرَةَ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ؛ أَنَّهُ كَرِهَ خَاتَمَ الذَّهَبِ.

(۲۵۶۵۶) حضرت مغیرہ، حضرت ابراہیم کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ سونے کی انگوٹھی کو ناپسند کرتے تھے۔

(۲۵۶۵۷) حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ يُوسُفَ ، عَنْ حُمَيْدٍ ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ وَسَّاجٍ ، قَالَ : سَأَلْتُ ابْنَ عُمَرَ عَنِ الذَّهَبِ ؟ قَالَ : كُنَّا نَكْرَهُهُ لِلرِّجَالِ.

(۲۵۶۵۷) حضرت عقبہ بن وساج سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے سونے کے بارے میں سوال کیا؟ انہوں نے فرمایا: ہم اس کو مردوں کے لئے، ناپسند کرتے تھے۔

(۲۵۶۵۸) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ ؛ أَنَّهُ كَرِهَ خَاتَمَ الذَّهَبِ.

(۲۵۶۵۸) حضرت وکیع، حضرت انس بن مالک کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ سونے کی انگوٹھی کو ناپسند کرتے تھے۔

(۲۵۶۵۹) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ، قَالَ: رَأَى عُمَرُ فِي يَدِ رَجُلٍ خَاتَمًا مِنْ ذَهَبٍ، فَنَهَاهُ عَنْهُ.

(۲۵۶۵۹) حضرت ابن سیرین سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک آدمی کے ہاتھ میں سونے کی انگوٹھی دیکھی تو آپ رضی اللہ عنہ نے اس کو اس سے منع فرمایا۔

(٦٢) مَنْ رَخَّصَ فِيهِ

جو حضرات اس کی اجازت دیتے ہیں

(۲۵۶۶۰) حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ ، قَالَ : رَأَيْتُ عَلَى الْبَرَاءِ خَاتَمًا مِنْ ذَهَبٍ.

(۲۵۶۶۰) حضرت ابواسحٰق سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت براء کے ہاتھ میں سونے کی انگوٹھی دیکھی۔

(۲۵۶۶۱) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ مُوسَى بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ يَزِيدَ ، عَنْ أُمِّهِ ، عَنْ حُذَيْفَةَ ، قَالَتْ : كَانَ فِي يَدِهِ خَاتَمٌ مِنْ ذَهَبٍ فِيهِ يَاقُوتَةٌ.

(۲۵۶۶۱) حضرت موسیٰ بن عبداللہ، اپنی والدہ سے، حضرت حذیفہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں۔ وہ کہتی ہیں کہ حضرت حذیفہ کے ہاتھ میں سونے کی انگوٹھی تھی اور اس میں یاقوت تھا۔

(۲۵۶۶۲) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الأَسَدِيُّ ، عَنْ إِسْرَائِيلَ ، عَنْ أَبِي حَصِينٍ ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ سَعْدٍ؛ أَنَّهُ كَانَ يَلْبَسُ خَاتَمًا مِنْ ذَهَبٍ.

(۲۵۶۶۲) حضرت مصعب بن سعد، حضرت سعد کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ سونے کی انگوٹھی پہنا کرتے تھے۔

(٢٥٦٦٣) حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنِ ابْنِ أَبِي نَجِيحٍ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْمَاعِيلَ ، قَالَ :حَدَّثَنِي مَنْ رَأَى طَلْحَةَ بْنَ عُبَيْدِ اللهِ ، وَسَعْدًا ، وَذَكَرَ سِتَّةً ، أَوْ سَبْعَةً عَلَيْهِم خَوَاتِيمَ الذَّهَبِ.

(۲۵۶۶۳) حضرت محمد بن اسماعیل سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ مجھے اس آدمی نے بیان کیا جس نے حضرت طلحہ بن عبید اللہ اور حضرت سعد کو..... اسی طرح راوی نے چھ سات افراد کا ذکر کیا..... خود دیکھا تھا کہ ان پر سونے کی انگوٹھیاں تھیں۔

(٢٥٦٦٤) حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ ، عَنِ الْعَوَّامِ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ ، قَالَ : كَانُوا يُرَخِّصُونَ لِلْغُلَامِ فِي خَاتَمِ الذَّهَبِ ، فَإِذَا كَبُرَ أَلْقَاهُ ، أَوْ قَالَ :طَرَحَهُ.

(۲۵۶۶۴) حضرت ابراہیم تیمی سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ پہلے لوگ بچہ کے لئے سونے کی انگوٹھی کی اجازت دیتے تھے۔ پھر جب بچہ بڑا ہو جائے تو اس کو اُتار دے..... یا فرمایا..... اس کو پھینک دے۔

(٢٥٦٦٥) حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ ، قَالَ :أَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ صَالِحٍ ، عَنْ سِمَاكٍ ، قَالَ :رَأَيْتُ عَلَى جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ خَاتَمًا مِنْ ذَهَبٍ ، وَرَأَيْتُ عَلَى عِكْرِمَةَ خَاتَمَ ذَهَبٍ.

(۲۵۶۶۵) حضرت سماک سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت جابر بن سمرہ پر سونے کی انگوٹھی دیکھی اور میں نے حضرت عکرمہ پر سونے کی انگوٹھی دیکھی۔

(٢٥٦٦٦) حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ ، عَنْ مَالِكِ بْنِ مِغْوَلٍ ، عَنْ أَبِي السَّفَرِ ، قَالَ :رَأَيْتُ عَلَى الْبَرَاءِ خَاتَمَ ذَهَبٍ.

(۲۵۶۶۶) حضرت ابوالسفر سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت براء پر سونے کی انگوٹھی دیکھی۔

(٢٥٦٦٧) حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ ، عَنْ مِسْعَرٍ ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ عُبَيْدٍ ، قَالَ :رَأَيْتُ عَلَى عَبْدِ اللهِ بْنِ يَزِيدَ خَاتَمًا مِنْ ذَهَبٍ.

(۲۵۶۶۷) حضرت ثابت بن عبید سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن یزید پر سونے کی انگوٹھی دیکھی۔

(٢٥٦٦٨) حَدَّثَنَا ابْنُ دُكَيْنٍ ، قَالَ :حَدَّثَنَا ابْنُ الْغَسِيلِ ، قَالَ :حَدَّثَنَا حَمْزَةُ بْنُ أَبِي أُسَيْدَ ، وَالزُّبَيْرُ بْنُ الْمُنْذِرِ بْنِ أَبِي أُسَيْدَ ، قَالاَ :نَزَعْنَا مِنْ يَدِ أَبِي أُسَيْدٍ خَاتَمَ ذَهَبٍ حِينَ مَاتَ ، وَكَانَ بَدْرِيًّا.

(۲۵۶۶۸) حضرت حمزہ بن ابی اُسید اور حضرت زبیر بن منذر بیان کرتے ہیں۔ کہتے ہیں کہ جب حضرت ابواُسید فوت ہوئے تو ہم نے ان کے ہاتھ سے سونے کی انگوٹھی اتاری جبکہ وہ بدری تھے۔

(٢٥٦٦٩) حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ ، عَنْ أَبِي الْقَاسِمِ الأَزْدِيِّ ، قَالَ :سَأَلْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ :أَتَخَتَّمُ بِخَاتَمٍ مِنْ ذَهَبٍ ؟ فَقَالَ :نَعَمْ ، وَإِنْ شِئْتَ مِنْ فِضَّةٍ ، لاَ يَضُرُّكَ ، وَلَكِنْ لاَ تَطْعَمْ فِي إِنَاءِ ذَهَبٍ ، وَلاَ فِضَّةٍ.

(۲۵۶۶۹) حضرت ابوالقاسم ازدی سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے سوال کیا۔ کیا میں سونے کی انگوٹھی بنالوں؟ انہوں نے فرمایا: ہاں۔ اور اگر تم چاہو تو چاندی سے بنالو۔ تمہیں کوئی نقصان نہیں ہوگا لیکن تم سونے یا

چاندی کے برتن میں کھانا نہ کھاؤ۔

(٦٣) مَنْ كَانَ يَجْعَلُ فَصَّهُ مِمَّا يَلِي كَفَّهُ

جو حضرات نگینہ کو ہتھیلی کی طرف رکھتے ہیں

(٢٥٦٧٠) حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ ، عَنْ مُغِيرَةَ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، قَالَ : كَانَ يَجْعَلُ فَصَّهُ مِمَّا يَلِي كَفَّهُ.

(۲۵۶۷۰) حضرت مغیرہ، حضرت ابراہیم کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ اپنے نگینہ کو ہتھیلی کی طرف کرتے تھے۔

(٢٥٦٧١) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنْ أَيُّوبَ بْنِ مُوسَى ، عَنْ نَافِعٍ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ ؛ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَجْعَلُ فَصَّهُ مِمَّا يَلِي بَطْنَ كَفِّهِ.

(۲۵۶۷۱) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نگینہ کو اپنی ہتھیلی کے اندر کی جانب کرتے تھے۔

(٢٥٦٧٢) حَدَّثَنَا حَفْصٌ ، عَنْ ابن أَبِي رَوَّادٍ ، قَالَ : كَانَ عِكْرِمَةُ إِذَا دَخَلَ الْخَلاَءَ جَعَلَ فَصَّهُ مِمَّا يَلِي بَطْنَ كَفِّهِ.

(۲۵۶۷۲) حضرت ابن ابی الورد سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت عکرمہ جب بیت الخلاء جاتے تو اپنے نگینہ کو اپنی ہتھیلی کے اندر کی جانب کر لیتے۔

(٦٤) مَنْ كَانَ يَلْبَسُ خَاتَمَهُ فِي يَسَارِهِ

جو حضرات بائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہنتے تھے

(٢٥٦٧٣) حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ ، عَنْ جَعْفَرٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ : كَانَ الْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ يَتَخَتَّمَانِ فِي يَسَارِهِمَا.

(ترمذی ۱۷۴۳)

(۲۵۶۷۳) حضرت جعفر، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں وہ کہتے ہیں کہ حضرت حسن رضی اللہ عنہ اور حضرت حسین رضی اللہ عنہ۔ یہ دونوں اپنے بائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہنا کرتے تھے۔

(٢٥٦٧٤) حَدَّثَنَا مَعْنُ بْنُ عِيسَى ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلاَلٍ ، عَنْ جَعْفَرٍ ، عَنْ أَبِيهِ ؛ أَنَّ أَبَا بَكْرٍ ، وَعُمَرَ ، وَعُثْمَانَ تَخَتَّمُوا فِي يَسَارِهِمْ.

(۲۵۶۷۴) حضرت جعفر، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ اپنے بائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہنا کرتے تھے۔

(٢٥٦٧٥) حَدَّثَنَا عَبْدَةُ ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ ، قَالَ : رَأَيْتُ الْقَاسِمَ ، وَسَالِمًا يَتَخَتَّمَانِ فِي يَسَارِهِمَا.

(۲۵۶۷۵) حضرت عبید اللہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت قاسم اور حضرت سالم کو اپنے بائیں ہاتھ میں انگوٹھی

ڈالتے دیکھا۔

(٢٥٦٧٦) حَدَّثَنَا حَفْصٌ ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ ، قَالَ :رَأَيْتُ عَلَى إِبْرَاهِيمَ خَاتَمًا فِي يَسَارِهِ.

(۲۵۶۷۶) حضرت اسماعیل سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں میں نے حضرت ابراہیم کے بائیں ہاتھ میں انگوٹھی دیکھی۔

(٢٥٦٧٧) حَدَّثَنَا عَبْدَةُ ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ ، عَنْ نَافِعٍ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ ؛ أَنَّهُ كَانَ يَتَخَتَّمُ فِي يَسَارِهِ.

(۲۵۶۷۷) حضرت نافع، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ اپنے بائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہنا کرتے تھے۔

(٢٥٦٧٨) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، قَالَ :رَأَيْتُ خَاتَمَ إِبْرَاهِيمَ فِي يَسَارِهِ.

(۲۵۶۷۸) حضرت اعمش سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابراہیم کی انگوٹھی ان کے بائیں ہاتھ میں دیکھی۔

(٢٥٦٧٩) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنِ الصَّلْتِ ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ ؛ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، وَأَبَا بَكْرٍ ، وَعُمَرَ ، وَعُثْمَانَ كَانُوا يَتَخَتَّمُونَ فِي شَمَائِلِهِمْ.

(۲۵۶۷۹) حضرت ابن سیرین سے روایت ہے کہ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم، حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ، حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ..... یہ سب اپنے بائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہنا کرتے تھے۔

(٢٥٦٨٠) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ الأَزْرَقِ ، قَالَ :رَأَيْتُ خَاتَمَ عَمْرِو بْنِ حُرَيْثٍ فِي يَسَارِهِ.

(۲۵۶۸۰) حضرت اسماعیل ازرق سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عمرو بن حریث کی انگوٹھی ان کے بائیں ہاتھ میں دیکھی۔

(٦٥) مَنْ رَخَّصَ أَنْ يَتَخَتَّمَ فِي يَمِينِهِ

جو حضرات دائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہننے کی اجازت دیتے ہیں

(٢٥٦٨١) حَدَّثَنَا مَعْنُ بْنُ عِيسَى ، عَنْ هِشَامِ بْنِ سَعْدٍ ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ عبدِ اللهِ بْنِ جَعْفَرٍ ؛ أَنَّ جَعْفَرَ بْنَ أَبِي طَالِبٍ تَخَتَّمَ فِي يَمِينِهِ. (ابن سعد ٣٦)

(۲۵۶۸۱) حضرت جعفر بن عبد اللہ بن جعفر سے روایت ہے کہ حضرت جعفر بن ابی طالب اپنے دائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہنا کرتے تھے۔

(٢٥٦٨٢) حَدَّثَنَا مَعْنٌ ، عَنِ الْمُخْتَارِ بْنِ سَعْدٍ ، قَالَ :رَأَيْتُ مُحَمَّدَ بْنَ عَلِيٍّ يَتَخَتَّمُ فِي يَمِينِهِ.

(۲۵۶۸۲) حضرت مختار بن سعد سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت محمد بن علی کو اپنے دائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہنتے دیکھا۔

(٢٥٦٨٣) حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ ، عَنِ الصَّلْتِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ نَوْفَلٍ ، قَالَ :رَأَيْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ

وَخَاتَمُهُ فِي يَمِينِهِ ، وَلاَ أَحْسَبُ إِلاَّ أَنَّهُ ذَكَرَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَذَلِكَ كَانَ يَلْبَسُهُ.

(ترمذی ۱۷۴۲۔ ابوداؤد ۴۲۲۶)

(۲۵۶۸۳) حضرت صلت بن عبداللہ بن نوفل سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کو دیکھا۔ ان کی انگوٹھی ان کے دائیں ہاتھ میں تھی۔ اور میرا خیال ہے کہ انہوں نے یہ بات بھی ذکر کی تھی کہ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم بھی اسی طرح پہنا کرتے تھے۔

(٢٥٦٨٤) حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ الْفَضْلِ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيلٍ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ جَعْفَرٍ ؛ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَتَخَتَّمُ فِي يَمِينِهِ. (ابن ماجه ۳۶۴۷۔ ابویعلی ۶۷۹۴)

(۲۵۶۸۴) حضرت عبداللہ بن جعفر سے روایت ہے کہ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے دائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہنا کرتے تھے۔

(٢٥٦٨٥) حَدَّثَنَا عَفَّانُ ، قَالَ : حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ ، قَالَ : أَخْبَرَنِي ابْنُ أَبِي رَافِعٍ مَوْلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ؛ أَنَّ عَبْدَ اللهِ بْنَ جَعْفَرٍ كَانَ يَتَخَتَّمُ فِي يَمِينِهِ ، وَزَعَمَ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَتَخَتَّمُ فِي يَمِينِهِ. (ترمذی ۱۷۴۴۔ احمد ۱/ ۲۰۵)

(۲۵۶۸۵) حضرت حماد بن سلمہ بیان کرتے ہیں۔ کہتے ہیں کہ مجھے جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے مولی حضرت ابورافع نے بتایا کہ حضرت عبداللہ بن جعفر اپنے دائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہنا کرتے تھے۔ اور ان کا گمان یہ تھا کہ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم بھی اپنے دائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہنتے تھے۔

(٦٦) مَنْ رَخَّصَ فِي الْخِفَافِ السُّودِ وَلُبْسِهَا

جولوگ سیاہ موزے کی اجازت دیتے اور اس کو پہنتے ہیں

(٢٥٦٨٦) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، قَالَ : حَدَّثَنَا دَلْهَمُ بْنُ صَالِحٍ الْكِنْدِيُّ ، عَنْ حُجَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ الْكِنْدِيِّ ، عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ ، عَنْ أَبِيهِ ؛ أَنَّ النَّجَاشِيَّ أَهْدَى إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خُفَّيْنِ سَاذَجَيْنِ أَسْوَدَيْنِ ، فَلَبِسَهُمَا.

(۲۵۶۸۶) حضرت ابن بریدہ، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ نجاشی نے جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو دو سیاہ رنگ کے سادہ موزے ہدیہ میں بھیجے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو پہنا۔

(٢٥٦٨٧) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، قَالَ : حَدَّثَنَا سَوَادَةُ بْنُ أَبِي الأَسْوَدِ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ ، قَالَ : عَلَيْكُمْ بِهَذِهِ الْخِفَافِ السُّودِ فَالْبَسُوهَا ، فَهُوَ أَجْدَرُ أَنْ تَمْسَحُوا عَلَيْهَا.

(۲۵۶۸۷) حضرت عبداللہ بن عمر سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ تم پر یہ سیاہ موزے لازم ہیں۔ پس تم ان کو پہنو۔ یہ اس لائق ہیں کہ تم ان پر مسح کرو۔

(٦٧) فِي السُّيوفِ الْمُحَلَّاةِ وَاتِّخَاذِهَا

مزین تلواروں کو استعمال کرنے کا حکم

(٢٥٦٨٨) حَدَّثَنَا شَرِيكٌ ، عَنْ عُرْوَةَ بن عَبْدِ اللهِ بْنِ قُشَيرٍ ، قَالَ :سَمِعْتُ أَبَا جَعْفَرٍ يَقُولُ :كَانَ قَائِمُ سَيْفِ عُمَرَ فِضَّةً ، فَقُلْتُ :أَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ ؟ قَالَ :أَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ.

(۲۵۶۸۸) حضرت عروہ بن عبداللہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوجعفر کو کہتے سُنا۔ حضرت عمر کی تلوار کا قبضہ چاندی کا تھا۔ (راوی کہتے ہیں)۔ میں نے پوچھا..... امیر المؤمنین کی؟ انہوں نے کہا۔ امیر المؤمنین کی۔

(٢٥٦٨٩) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، قَالَ :حَدَّثَنَا هِشَامٌ الدَّسْتَوَائِيُّ ، عَنْ قَتَادَةَ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي الْحَسَنِ ، قَالَ :كَانَتْ قَبِيعَةُ سَيْفِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ فِضَّةٍ. (ترمذی ۱۶۹۱۔ ابوداؤد ۲۵۷۷)

(۲۵۶۸۹) حضرت سعید بن ابی الحسن سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جناب نبی کریم ﷺ کی تلوار کا قبضہ چاندی کا تھا۔

(٢٥٦٩٠) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ قَالَ :كَانَ سَيْفُ الزُّبَيْرِ مُحَلًّى بِالْفِضَّةِ.

(۲۵۶۹۰) حضرت ہشام بن زبیر سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت زبیر کی تلوار پر چاندی کا زیور چڑھا ہوا تھا۔

(٢٥٦٩١) حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيرٍ ، قَالَ :حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ حَكِيمٍ ، قَالَ :رَأَيْتُ فِي قَائِمِ سَيْفِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ مِسْمَارَ ذَهَبٍ.

(۲۵۶۹۱) حضرت عثمان بن حکیم بیان کرتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت سہل بن حنیف کی تلوار میں سونے کا کیل دیکھا۔

(٢٥٦٩٢) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، قَالَ :حَدَّثَنَا ابْنُ مِغْوَلٍ ، عَنْ نَافِعٍ ، قَالَ :كَانَ سَيْفُ عُمَرَ مُحَلًّى ، فَقُلْتُ لَهُ :عُمَرُ حَلَّاهُ؟ قَالَ :قَدْ رَأَيْتُ ابْنَ عُمَرَ يَتَقَلَّدُهُ.

(۲۵۶۹۲) حضرت نافع سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت عمر کی تلوار مُحلّٰی تھی۔ (راوی کہتے ہیں) میں نے نافع سے کہا۔ حضرت عمر نے اس کو مزین کیا تھا۔ نافع کہنے لگے۔ میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کو وہ تلوار لٹکائے دیکھا۔

(٢٥٦٩٣) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، حَدَّثَنَا أَبُو الْعُمَيسِ ، عَنِ الْقَاسِمِ ، قَالَ :كَانَ سَيْفُ عَبْدِ اللهِ مُحَلًّى.

(۲۵۶۹۳) حضرت قاسم سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت عبداللہ کی تلوار مزین کی ہوئی تھی۔

(٢٥٦٩٤) حَدَّثَنَا أَبُو نُعَيمٍ ، عَنْ قُرَّةَ بْنِ خَالِدٍ ، عَنْ أَبِي وَحْشِيَّةَ الصَّيْقَلِ ، قَالَ :دَعَانِي مُصْعَبٌ فَأَخْرَجَ إِلَيَّ سَيْفَيْنِ ، فَقَالَ :أَيُّ هَذَيْنِ خَيرٌ؟ فَقُلْتُ :هَذَا ، وَعَلَى قَائِمِهِ حَبَّةٌ مِنْ فِضَّةٍ ، فَقَالَ النَّاسُ :هَذَا سَيْفُ أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ.

(۲۵۶۹۴) حضرت ابووحشیہ صیقل سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت مصعب نے مجھے بلایا اور پھر انہوں نے مجھے دو تلواریں نکال کر دکھائیں۔ اور پوچھا..... ان دونوں میں سے کون سی بہتر ہے؟ میں نے کہا..... یہ..... اور اس کے قبضہ پر چاندی کے ذرات تھے۔ لوگوں نے بتایا کہ یہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی تلوار ہے۔

(٢٥٦٩٥) حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ ، عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ ، قَالَ :رَأَيْتُ عَلَى مَكْحُولٍ سَيْفًا مُحَلًّى.

(۲۵۶۹۵) حضرت ابوبکر بن عبداللہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت مکحول پر محلی تلوار دیکھی۔

(٢٥٦٩٦) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، قَالَ :حَدَّثَنَا شَرِيكٌ ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ ، قَالَ :كَانَ سَيْفُ مَسْرُوقٍ مُحَلًّى.

(۲۵۶۹۶) حضرت ابواسحٰق سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت مسروق کی تلوار محلّٰی تھی۔

(٢٥٦٩٧) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، قَالَ :حَدَّثَنَا إِسْرَائِيلُ ، عَنْ جَابِرٍ ، عَنْ عَامِرٍ ، قَالَ :أَخْرَجَ إِلَيْنَا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ سَيْفَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، فَإِذَا قَبِيعَتُهُ وَالْحَلَقَتَانِ اللَّتَانِ فِيهِمَا الْحَمَائِلُ فِضَّةٌ ، قَالَ :فَسَأَلْتُهُ ، فَإِذَا هُوَ قَدْ نُحِلَ ، كَانَ سَيْفُ مُنَبِّهِ بْنِ الْحَجَّاجِ السَّهْمِيِّ ، اتَّخَذَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِنَفْسِهِ يَوْمَ بَدْرٍ ، قَالَ :وَأَخْرَجَ إِلَيْنَا دِرْعَهُ فَإِذَا هِيَ يَمَانِيَّةٌ رَقِيقَةٌ ذَاتُ زُرَافِينَ ، فَإِذَا عُلِّقَتْ بِزُرَافِينِهَا شُمِّرَتْ ، وَإِذَا أُرْسِلَتْ مَسَّتِ الأَرْضَ. (ابن سعد ۴۸۶)

(۲۵۶۹۷) حضرت عامر سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت علی بن الحسین نے ہمیں جناب نبی کریم ﷺ کی تلوار نکال کر دکھائی تو اس میں ایک قبضہ اور دو کڑے تھے جن میں چاندی کی حمائل تھی۔ راوی کہتے ہیں۔ میں نے ان سے اس کے بارے میں پوچھا۔ تو وہ ہدیہ کی ہوئی معلوم ہوئی۔ یہ منبہ بن حجاج سہمی کی تلوار تھی۔ جس کو آپ ﷺ نے غزوہ بدر کے دن اپنے لیے لیا تھا۔ راوی کہتے ہیں۔ پھر انہوں نے ہمیں آپ ﷺ کی زرہ دکھائی وہ دو کڑیوں والی باریک یمنی زرہ تھی۔

(٢٥٦٩٨) قَالَ أَبُو نُعَيْمٍ ، عَنْ إِسْرَائِيلَ ، عَنْ جَابِرٍ ، عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ ، قَالَ :لاَ بَأْسَ أَنْ يُحَلَّى السَّيْفُ.

(۲۵۶۹۸) حضرت ابوجعفر سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ اس بات میں کوئی حرج نہیں ہے کہ تلوار کو مزین کیا جائے۔

(٦٨) مَنْ كَانَ يُحَلِّي سَيْفَه بِالْحَدِيدِ

جو لوگ اپنی تلوار کو لوہے سے مزین کرتے ہیں

(٢٥٦٩٩) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ شَرِيكٍ ، عَنْ مُخَارِقٍ ، عَنْ طَارِقٍ، قَالَ: خَطَبَنَا عَلِيٌّ وَعَلَيْهِ سَيْفٌ حِلْيَتُهُ مِنْ حَدِيدٍ.

(۲۵۶۹۹) حضرت طارق سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ہمیں خطبہ ارشاد فرمایا اور ان پر ایک تلوار تھی جس کا زیور لوہے کا تھا۔

(٢٥٧٠٠) حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ ، عَنِ الأَوْزَاعِيِّ ، عَنِ ابْنِ حَبِيبٍ الْمُحَارِبِيِّ ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ صَاحِبِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ :لَقَدِ افْتَتَحَ الْفُتُوحَ أَقْوَامٌ مَا كَانَتْ حِلْيَةَ سُيُوفِهِمُ الذَّهَبُ ، وَلاَ الْفِضَّةُ ، إِنَّمَا كَانَتْ حِلْيَتُهَا الْعَلاَبِيُّ ، وَالآنُكُ ، وَالْحَدِيدُ. (بخاری ۲۹۰۹۔ ابن ماجه ۲۸۰۷)

(۲۵۷۰۰) جناب نبی کریم ﷺ کے صحابی، حضرت ابوامامہ باہلی سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ تحقیق کچھ ایسے لوگوں نے بہت

سی فتوحات حاصل کیں جن کی تلواروں کا زیور سونا اور چاندی نہیں ہوتا تھا بلکہ ان کی تلوار کا زیور پٹیاں، سیسہ اور لوہا ہوتا تھا۔

(٦٩) فِي الصُّوَرِ فِي الْبُيُوتِ

گھر میں تصویروں کا بیان

(٢٥٧٠١) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنِ الزُّهْرِيِّ ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ، عَنْ أَبِي طَلْحَةَ ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ :لاَ تَدْخُلُ الْمَلاَئِكَةُ بَيْتًا فِيهِ كَلْبٌ ، وَلاَ صُورَةٌ. (بخاری ۳۳۲۲۔ مسلم ۱۶۶۵)

(۲۵۷۰۱) حضرت طلحہ، جناب نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: ''فرشتے ایسے گھروں میں داخل نہیں ہوتے جس میں کتا یا تصویر ہو۔''

(٢٥٧٠٢) حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ مُدْرِكٍ ، عَنْ أَبِي زُرْعَةَ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ نُجَيٍّ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ عَلِيٍّ ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ :الْمَلاَئِكَةُ لاَ تَدْخُلُ بَيْتًا فِيهِ كَلْبٌ ، وَلاَ صُورَةٌ.

(ابوداؤد ۴۲۹۔ احمد ۱/ ۸۰)

(۲۵۷۰۲) حضرت علی رضی اللہ عنہ، جناب نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: ''فرشتے ایسے گھر میں داخل نہیں ہوتے جس میں کتا یا تصویر ہو۔''

(٢٥٧٠٣) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ ، عَنْ عَائِشَةَ ، قَالَتْ :وَاعَدَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جِبْرِيلُ سَاعَةً يَأْتِيهِ فِيهَا ، فَرَاثَ عَلَيْهِ ، فَخَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَإِذَا هُوَ بِجِبْرِيلَ قَائِمًا عَلَى الْبَابِ ، فَقَالَ لَهُ :مَا مَنَعَكَ أَنْ تَدْخُلَ ؟ قَالَ :إِنَّ فِي الْبَيْتِ كَلْبًا ، وَإِنَّا لاَ نَدْخُلُ بَيْتًا فِيهِ صُورَةٌ ، وَلاَ كَلْبٌ.

(۲۵۷۰۳) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے۔ وہ کہتی ہیں کہ حضرت جبرئیل نے جناب نبی کریم ﷺ سے ایک وقت آنے کا وعدہ کیا پھر وہ اس وقت سے تاخیر کر گئے تو جناب نبی کریم ﷺ باہر تشریف لائے تو اس وقت حضرت جبرئیل دروازے پر کھڑے ملے۔ آپ ﷺ نے اس سے کہا..... ''تمہیں اندر داخل ہونے سے کیا رکاوٹ تھی؟''۔ انہوں نے کہا۔ ''گھر میں کتا ہے جبکہ ہم ایسے گھر میں داخل نہیں ہوتے جس میں کتا یا تصویر ہو۔''

(٢٥٧٠٤) حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ ، عَنْ مُوسَى بْنُ عُبَيْدَةَ ، عَنْ أَبَانَ بْنِ صَالِحٍ ، عَنِ الْقَعْقَاعِ بْنِ حَكِيمٍ ، عَنْ سَلْمَى أُمِّ رَافِعٍ ، عَنْ أَبِي رَافِعٍ قَالَ :أَتَى جِبْرِيلُ يَسْتَأْذِنُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَذِنَ لَهُ ، فَأَبْطَأَ عَلَيْهِ ، فَأَخَذَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رِدَائَهُ ، فَقَامَ إِلَيْهِ وَهُوَ بِالْبَابِ ، فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :قَدْ أَذِنَّا لَكَ ، قَالَ :أَجَلْ ، وَلَكِنَّا لاَ نَدْخُلُ بَيْتًا فِيهِ كَلْبٌ ، وَلاَ صُورَةٌ. (طبرانی ۹۷۲)

(۲۵۷۰۴) حضرت ابورافع سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت جبرائیل آئے اور جناب نبی کریم ﷺ سے اجازت مانگی۔ آپ ﷺ نے ان کو اجازت دے دی لیکن وہ آپ ﷺ کے پاس آنے میں تاخیر کرنے لگے۔ چنانچہ آپ ﷺ نے اپنی چادر مبارک سنبھالی اور ان کی طرف گئے تو ان کو دروازے پر دیکھا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''ہم نے تو تمہیں اجازت دے دی تھی۔'' جبرائیل نے کہا: ''جی ہاں! لیکن ہم ایسے گھر میں داخل نہیں ہوتے جس میں کتا یا تصویر ہو۔''

(۲۵۷۰۵) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ عَدِيٍّ ، عَنْ خَالِدِ بْنِ سَعْدٍ ، قَالَ :دُعِيَ أَبُو مَسْعُودٍ إِلَى طَعَامٍ ، فَرَأَى فِي الْبَيْتِ صُورَةً ، فَلَمْ يَدْخُلْ حَتَّى كُسِرَتْ.

(۲۵۷۰۵) حضرت خالد بن سعد سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت ابومسعود کو ایک جگہ کھانے کی دعوت دی گئی۔ انہوں نے (اس) گھر میں تصویر دیکھی تو اس وقت تک اندر نہیں گئے جب تک تصویر توڑی نہیں گئی۔

(۲۵۷۰۶) حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنْ أَيُّوبَ ، عَنْ نَافِعٍ ، عَنْ أَسْلَمَ ، قَالَ :لَمَّا قَدِمَ عُمَرُ الشَّامَ أَتَاهُ رَجُلٌ مِنَ الدَّهَاقِينَ ، فَقَالَ :إِنِّي قَدْ صَنَعْتُ لَكَ طَعَامًا فَأُحِبُّ أَنْ تَجِيءَ ، فَيَرَى أَهْلُ عَمَلِي كَرَامَتِي عَلَيْكَ ، وَمَنْزِلَتِي عِنْدَكَ ، أَوْ كَمَا قَالَ ، فَقَالَ :إِنَّا لاَ نَدْخُلُ هَذِهِ الْكَنَائِسَ ، أَوْ قَالَ :هَذِهِ الْبِيَعَ ، الَّتِي فِيهَا هذه الصُّوَرُ.

(۲۵۷۰۶) حضرت اسلم سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ شام میں آئے تو ان کے پاس کسانوں میں سے ایک صاحب آئے اور کہا۔ میں نے آپ کے لئے کھانا تیار کیا ہے۔ اور مجھے یہ بات محبوب ہے کہ آپ آئیں تا کہ میرے کام والے میری آپ کے ہاں عزت و مقام کو دیکھ لیں..... یا ایسی کوئی بات کہی..... حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہم ان کنیسوں اور گرجاؤں میں جن میں تصویریں ہوں نہیں جاتے۔

(۲۵۷۰۷) حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ ، عَنْ جَعْفَرٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ عَلِيٍّ ؛ أَنَّهُ كَرِهَ الصُّوَرَ فِي الْبُيُوتِ.

(۲۵۷۰۷) حضرت جعفر، اپنے والد سے، حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ گھروں میں تصویروں کو ناپسند سمجھتے تھے۔

(۲۵۷۰۸) حَدَّثَنَا أَبُو نُعَيْمٍ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ مُسْلِمِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، قَالَ :لاَ تَدْخُلُ الْمَلاَئِكَةُ بَيْتًا فِيهِ صُورَةٌ. (مسلم ۱۶۷۲۔ احمد ۲/ ۳۰۵)

(۲۵۷۰۸) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ ایسے گھر میں فرشتے داخل نہیں ہوتے جس میں کتا یا تصویر ہو۔

(۲۵۷۰۹) حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ ، قَالَ :أَخْبَرَنَا أُسَامَةُ بْنُ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ ، قَالَ :حَدَّثَنِي أَبِي ؛ أَنَّهُ بَنَى عَلَى أَخِيهِ ، فَدَخَلَ ابْنُ عُمَرَ فَرَأَى صُورَةً فِي الْبَيْتِ فَمَحَاهَا ، أَوْ حَكَّهَا ، ثُمَّ قَالَ :سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ :لاَ تَدْخُلُ الْمَلاَئِكَةُ بَيْتًا فِيهِ كَلْبٌ ، وَلاَ صُورَةٌ. (بخاری ۳۲۲۷)

(۲۵۷۰۹) حضرت اسامہ بن زید کہتے ہیں۔ مجھ سے میرے والد نے بیان کیا کہ انہوں نے اپنے بھائی کا ولیمہ کیا۔ اور حضرت ابن

عمر رضی اللہ عنہ بھی آئے اور انہوں نے گھر میں تصویر دیکھی۔ پس اس کو مٹا دیا یا رگڑ دیا پھر فرمایا: میں نے جناب نبی کریم ﷺ کو کہتے ہوئے سنا ہے۔ ''ایسے گھر میں فرشتے داخل نہیں ہوتے جس میں کتا یا تصویر ہو۔''

(۲۵۷۱۰) حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ ، عَنْ حُسَيْنِ بْنِ وَاقِدٍ ، عَنِ ابن بُرَيْدَةَ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :لاَ تَدْخُلُ الْمَلاَئِكَةُ بَيْتًا فِيهِ كَلْبٌ.

(۲۵۷۱۰) حضرت ابن بریدہ، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''ایسے گھر میں فرشتے داخل نہیں ہوتے جس میں کتا ہو۔''

(۲۵۷۱۱) حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ ، عَنْ مَكْحُولٍ ، قَالَ : كَانَ فِي تُرُسِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَبْشٌ مُصَوَّرٌ ، فَشَقَّ ذَلِكَ عَلَيْهِ ، فَأَصْبَحَ وَقَدْ ذَهَبَ اللَّهُ بِهِ. (ابن سعد ۴۸۹)

(۲۵۷۱۱) حضرت مکحول سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جناب نبی کریم ﷺ کی ڈھال میں ایک مصور مینڈھا تھا۔ پس یہ بات آپ ﷺ پر شاق تھی۔ پھر آپ ﷺ نے صبح کی تو اللہ تعالیٰ نے اس کو مٹا دیا تھا۔

(۲۵۷۱۲) حَدَّثَنَا شَبَابَةُ ، عَنِ ابْنِ أَبِي ذِئْبٍ ، عَنِ الْحَارِثِ ، عَنْ كُرَيْبٍ مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ ، عَنْ أُسَامَةَ ، قَالَ : دَخَلْتُ وَعَلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْكَآبَةُ ، فَقُلْتُ :مَا لَكَ يَا رَسُولَ اللهِ ؟ قَالَ :إِنَّ جِبْرِيلَ وَعَدَنِي أَنْ يَأْتِيَنِي ، فَلَمْ يَأْتِنِي مُنْذُ ثَلاَثٍ ، فَجَازَ كَلْبٌ ، قَالَ أُسَامَةُ :فَوَضَعْتُ يَدِي عَلَى رَأْسِي وَصِحْتُ ، فَجَعَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ :مَا لَكَ يَا أُسَامَةُ ؟ قُلْتُ :جَازَ كَلْبٌ ، فَأَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَتْلِهِ ، فَقُتِلَ ، فَأَتَاهُ جِبْرِيلُ فَهَشَّ إِلَيْهِ ، فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :مَا لَكَ أَبْطَأْتَ وَقَدْ كُنْتَ إِذَا وَعَدْتَنِي لَمْ تُخْلِفْنِي ؟ فَقَالَ :إِنَّا لاَ نَدْخُلُ بَيْتًا فِيهِ كَلْبٌ ، وَلاَ تَصَاوِيرُ.

(۲۵۷۱۲) حضرت اسامہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں اندر آیا تو میں نے آپ ﷺ پر پریشانی کے اثرات دیکھے۔ میں نے پوچھا۔ یارسول اللہ ﷺ! آپ کو کیا ہوا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ''حضرت جبرائیل نے تین دن سے میرے ساتھ وعدہ کیا تھا کہ وہ میرے پاس آئیں گے لیکن وہ میرے پاس نہیں آئے۔'' اس دوران کتا گزرا۔ حضرت اُسامہ کہتے ہیں۔ میں نے اپنے سر پر ہاتھ رکھا اور چیخ ماری۔ آپ ﷺ نے کہنا شروع کیا۔ ''اے اسامہ! تمہیں کیا ہوا ہے؟'' میں نے کہا۔ کتا گزرا ہے۔ پس آپ ﷺ نے اس کے قتل کا حکم فرمایا۔ اور اس کو قتل کر دیا گیا۔ پھر آپ ﷺ کے پاس حضرت جبرائیل آئے اور آپ ﷺ ان کی طرف لپکے۔ پھر آپ ﷺ نے فرمایا: ''تمہیں کیا ہوا تھا۔ تم نے دیر کر دی جبکہ تم جب میرے ساتھ وعدہ کرتے ہو تو اس کی خلاف ورزی نہیں کرتے؟'' حضرت جبرائیل نے کہا۔ ہم ایسے گھر میں داخل نہیں ہوتے جس میں کتا یا تصویر ہو۔

(۲۵۷۱۳) حَدَّثَنَا عَبْدَةُ ، عَنِ ابْنِ إِسْحَاقَ ، عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ ؛ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ لاَ يَدْخُلُ بَيْتًا فِيهِ صُورَةٌ ، وَأَن عَلِيًّا كَانَ لاَ يَدْخُلُ بَيْتًا فِيهِ صُورَةٌ.

(۲۵۷۱۳) حضرت ابوجعفر سے روایت ہے کہ جناب نبی کریم ﷺ ایسے گھر میں داخل نہیں ہوتے تھے جس میں کتا یا تصویر ہو۔ اور حضرت علی رضی اللہ عنہ بھی ایسے گھر میں داخل نہیں ہوتے تھے جس میں تصویر ہو۔

(۷۰) مَنْ رَخَّصَ أَنْ يَدْخُلَ الْبَيْتَ فِيهِ تَصَاوِير

جو حضرات گھروں میں تصاویر کے ہوتے ہوئے اندر داخل ہونے کی اجازت دیتے ہیں

(٢٥٧١٤) حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ : سَمِعْتُ الْحَسَنَ يَقُولُ : أَوَ لَمْ يَكُنْ أَصْحَابُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْخُلُونَ الْخَانَاتِ فِيهَا التَّصَاوِيرُ ؟.

(۲۵۷۱۴) حضرت معتمر، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے حضرت حسن کو کہتے سنا: کیا جناب نبی کریم ﷺ کے صحابہ ایسی دوکانوں میں نہیں داخل ہوتے تھے جن میں تصاویر ہوتی تھیں؟

(٢٥٧١٥) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ أَبِي الضُّحَى ، قَالَ : دَخَلْتُ مَعَ مَسْرُوقٍ صُفَّةً فِيهَا تَمَاثِيلُ ، فَنَظَرَ إِلَى تِمْثَالٍ مِنْهَا فَقَالَ : مَا هَذَا ؟ قَالُوا : تِمْثَالُ مَرْيَمَ.

(۲۵۷۱۵) حضرت ابوالضحیٰ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں حضرت مسروق کے ہمراہ اس چبوترے میں داخل ہوا جس میں تصویریں تھیں۔ پس آپ رحمہ اللہ کی نظر ایک تصویر پر پڑی تو آپ رحمہ اللہ نے پوچھا: یہ کون ہے؟ لوگوں نے کہا۔ حضرت مریم کی تصویر ہے۔

(٢٥٧١٦) حَدَّثَنَا جَرِيرٌ ، عَنْ مُغِيرَةَ ، قَالَ : كَانَ فِي بَيْتِ إِبْرَاهِيمَ تَابُوتٌ فِيهِ تَمَاثِيلُ.

(۲۵۷۱۶) حضرت مغیرہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت ابراہیم کے گھر میں ایک تابوت تھا جس میں تصاویر تھیں۔

(٢٥٧١٧) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ حَمَّادٍ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، قَالَ : لاَ بَأْسَ بِالتِّمْثَالِ فِي حِلْيَةِ السَّيْفِ ، وَلاَ بَأْسَ بِهَا فِي سَمَاءِ الْبَيْتِ ، إِنَّمَا يُكْرَهُ مِنْهَا مَا نُصِبَ نَصْبًا ، يَعْنِي الصُّورَةَ.

(۲۵۷۱۷) حضرت ابراہیم سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ تلوار کی تزئین میں تصویر ہونے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ اور گھر کی چھت میں بھی تصویر ہونے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ صرف وہ تصاویر مکروہ ہیں جن کو سیدھا کھڑا کیا جائے۔

(۷۱) فِي الْمُصَوِّرِينَ وَمَا جَاءَ فِيهِمْ

تصویر بنانے والے کے بارے میں جو وارد ہے

(٢٥٧١٨) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنِ الزُّهْرِيِّ ، عَنِ الْقَاسِمِ ، عَنْ عَائِشَةَ ، قَالَتْ : دَخَلَ عَلَيَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدِ اسْتَتَرْتُ بِقِرَامٍ فِيهِ تَمَاثِيلُ ، فَلَمَّا رَآهُ تَغَيَّرَ لَوْنُهُ وَهَتَكَهُ بِيَدِهِ ، ثُمَّ قَالَ : إِنَّ أَشَدَّ النَّاسِ عَذَابًا يَوْمَ

الْقِيَامَةِ الَّذِى يُشَبِّهُونَ بِخَلْقِ اللهِ. (بخاری ۶۱۰۹۔ مسلم ۹۱)

(۲۵۷۱۸) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے۔ وہ کہتی ہیں کہ جناب نبی کریم ﷺ میرے پاس تشریف لائے اور میں نے تصویروں والا ایک پردہ لٹکایا ہوا تھا۔ پس جب آپ ﷺ نے اس کو دیکھا تو آپ ﷺ کا رنگ مبارک متغیر ہو گیا۔ آپ ﷺ نے اس کو اپنے ہاتھ سے پھاڑ دیا اور فرمایا: ''قیامت کے دن سب سے زیادہ سخت عذاب والے وہ لوگ ہوں گے جو اللہ تعالیٰ کی تخلیق کی مشابہت کرتے ہیں۔''

(۲۵۷۱۹) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، وَوَكِيع ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ أَبِى الضُّحَى ، عَنْ مَسْرُوقٍ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :إِنَّ أَشَدَّ النَّاسِ عَذَابًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ الْمُصَوِّرُونَ. (بخاری ۵۹۵۰۔ مسلم ۹۸)

(۲۵۷۱۹) حضرت عبداللہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''قیامت کے دن سب سے سخت عذاب والے تصویریں بنانے والے لوگ ہوں گے۔''

(۲۵۷۲۰) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ ، عَنْ نَافِعٍ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :يُعَذَّبُ الْمُصَوِّرُونَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ، وَيُقَالُ لَهُمْ :أَحْيُوا مَا خَلَقْتُمْ. (بخاری ۵۹۵۱۔ مسلم ۹۷۸۶)

(۲۵۷۲۰) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''قیامت کے دن تصویریں بنانے والوں کو عذاب دیا جائے گا اور ان سے کہا جائے گا۔ جو تم نے پیدا کیا ہے اس کو زندہ کرو۔''

(۲۵۷۲۱) حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ ، عَنْ عُمَارَةَ ، عَنْ أَبِى زُرْعَةَ ، قَالَ :دَخَلْتُ مَعَ أَبِى هُرَيْرَةَ دَارَ مَرْوَانَ ، فَرَأَى فِيهَا تَصَاوِيرَ ، فَقَالَ :سَمِعْتُ النَّبِىَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ :يَقُولُ اللَّهُ :وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنْ ذَهَبَ يَخْلُقُ خَلْقًا كَخَلْقِى ؟ فَلْيَخْلُقُوا حَبَّةً ، وَلْيَخْلُقُوا ذَرَّةً ، وَلْيَخْلُقُوا شَعِيرَةً ، قَالَ :ثُمَّ دَعَا بِوَضُوءٍ فَتَوَضَّأَ.

(بخاری ۷۵۵۹۔ مسلم ۱۶۷۱)

(۲۵۷۲۱) حضرت ابوزرعہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ مروان کے گھر میں گیا۔ پس انہوں نے گھر میں تصاویر دیکھیں تو فرمایا: میں نے جناب نبی کریم ﷺ کو کہتے سنا۔ ''اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔ اس سے بڑھ کر ظالم کون ہوگا جو میری مخلوق کی طرح مخلوق بنانے چل پڑے؟ انہیں چاہیے کہ ایک دانہ پیدا کریں اور انہیں چاہیے کہ ایک ذرہ پیدا کریں۔ اور انہیں چاہیے کہ ایک جَو پیدا کریں۔'' راوی کہتے ہیں۔ پھر آپ رضی اللہ عنہ نے وضو کا پانی منگوایا اور وضو فرمایا۔

(۲۵۷۲۲) حَدَّثَنَا شَبَابَةُ ، عَنِ ابْنِ أَبِى ذِئْبٍ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ مِهْرَانَ ، عَنْ عُمَيْرٍ مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ ، عَنْ أُسَامَةَ ، قَالَ :دَخَلْتُ مَعَ النَّبِىِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْكَعْبَةَ ، فَرَأَى فِى الْبَيْتِ صُورَةً ، فَأَمَرَنِى فَأَتَيْتُه بِدَلْوٍ مِنَ الْمَاءِ ، فَجَعَلَ يَضْرِبُ تِلْكَ الصُّورَةَ ، وَيَقُولُ :قَاتَلَ اللَّهُ قَوْمًا يُصَوِّرُونَ مَا لاَ يَخْلُقُونَ. (ابوداؤد ۶۲۳)

(۲۵۷۲۲) حضرت اسامہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں جناب نبی کریم ﷺ کے ہمراہ بیت اللہ میں داخل ہوا۔

آپ ﷺ نے بیت اللہ میں تصویر دیکھی تو آپ ﷺ نے مجھے حکم دیا۔ پس میں آپ ﷺ کے پاس پانی کا ڈول لے کر حاضر ہوا۔ اور آپ ﷺ نے یہ پانی ان تصویروں پر مارنا شروع کیا۔ اور فرمایا: ''اللہ تعالیٰ اس کو قوم کو ہلاک کرے یہ ان کی تصویریں بناتی ہیں جس کو زندہ نہیں کر سکتی۔''

(٢٥٧٢٣) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ ، عَنْ سَعِيدٍ ، عَنِ النَّضْرِ بْنِ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ، قَالَ : كُنْتُ جَالِسًا عِنْدَ ابْنِ عَبَّاسٍ فَجَعَلَ يُفْتِي ، وَلاَ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى سَأَلَهُ رَجُلٌ ،فَقَالَ : إِنِّي رَجُلٌ أُصَوِّرُ هَذِهِ الصُّوَرَ ؟ فَقَالَ لَهُ ابْنُ عَبَّاسٍ : ادْنُهْ ، فَدَنَا الرَّجُلُ ، فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ : سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ : مَنْ صَوَّرَ صُورَةً فِي الدُّنْيَا كُلِّفَ أَنْ يَنْفُخَ فِيهَا الرُّوحَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ، وَلَيْسَ بِنَافِخٍ.

(بخاری ۵۹۶۳۔ مسلم ۱۶۷۱)

(۲۵۷۲۳) حضرت نضر بن انس بن مالک سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھا ہوا تھا۔ اور وہ فتویٰ دے رہے تھے۔ (دلیل میں) یہ نہیں کہتے تھے۔ قال رسول اللہ ﷺ یہاں تک کہ ایک آدمی نے آپ رضی اللہ عنہ سے سوال کیا: میں ایسا آدمی ہوں جو یہ تصاویر بناتا ہوں؟ تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے اس سے کہا۔ قریب ہو جاؤ۔ چنانچہ وہ صاحب قریب ہو گئے۔ پھر حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے جناب نبی کریم ﷺ کو کہتے سنا ہے۔ ''جو شخص دنیا میں کوئی تصویر بنائے گا تو قیامت کے دن اس کو اس تصویر میں روح پھونکنے کا مکلف بنایا جائے گا اور وہ روح نہیں پھونک سکے گا۔''

(٢٥٧٢٤) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ ، عَنْ سَلَمَةَ أَبِي بِشْرٍ ، عَنْ عِكْرِمَةَ ؛ فِي قَوْلِهِ : (إِنَّ الَّذِينَ يُؤْذُونَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ) قَالَ : أَصْحَابُ التَّصَاوِيرِ.

(۲۵۷۲۴) حضرت عکرمہ سے ارشاد خداوندی ان الذین یوذون اللہ ورسولہ کے بارے میں روایت ہے کہتے ہیں کہ یہ تصویروں والے ہیں۔

(٧٢) مَا كُرِهَ مِنَ اللِّبَاسِ

لباس میں سے جو مکروہ ہے

(٢٥٧٢٥) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنِ الزُّهْرِيِّ ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيدَ ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ ؛ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ بَيْعَتَيْنِ ، وَعَنْ لِبْسَتَيْنِ ؛ فَأَمَّا الْبَيْعَتَانِ : فَالْمُلاَمَسَةُ ، وَالْمُنَابَذَةُ ، وَأَمَّا اللِّبْسَتَانِ : فَاشْتِمَالُ الصَّمَّاءِ، وَالاِحْتِبَاءُ فِي الثَّوْبِ الْوَاحِدِ، لَيْسَ عَلَى فَرْجِهِ مِنْهُ شَيْءٌ. (ابو داؤد ۳۳۷۰۔ بخاری ۲۱۴۷)

(۲۵۷۲۵) حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جناب نبی کریم ﷺ نے دو بیع سے اور دو طرح کے لباس سے منع فرمایا۔ بہر حال دو طرح کی بیع تو وہ ملامسہ اور منابذہ ہے۔ اور دو طرح کے لباس تو ایک اپنے کپڑے کو نیچے لٹکانا اور دوسرا ایک

کپڑے میں اپنی پنڈلی اور کمر کو اس طرح باندھنا کہ آدمی کی شرمگاہ پر کچھ نہ ہو۔

(٢٥٧٢٦) حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ ، وَأَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ ، عَنْ خَبِيبِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ ، عَنْ حَفْصِ بْنِ عَاصِمٍ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ؛ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ لِبْسَتَيْنِ : عَنِ اشْتِمَالِ الصَّمَّاءِ ، وَعَنِ الاِحْتِبَاءِ فِي ثَوْبٍ وَاحِدٍ ، مُفْضِيًا بِفَرْجِكَ إِلَى السَّمَاءِ. (بخاری ۵۸۴۔ ابن ماجه ۳۵۶۰)

(۲۵۷۲۶) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ کہ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے دو طرح کے ملبوسات سے منع فرمایا۔ چادر وغیرہ کو نیچے لٹکانا اور ایک کپڑے سے اس طرح پنڈلیوں اور کمر کو باندھنا کہ تیری فرج اور آسمان کے درمیان کوئی پردہ نہ ہو۔

(٢٥٧٢٧) حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ ، وَأَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ سَعْدِ بْنِ سَعِيدٍ ، عَنْ عَمْرَةَ ، عَنْ عَائِشَةَ ، قَالَتْ ، نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ لِبْسَتَيْنِ ؛ اشْتِمَالِ الصَّمَّاءِ ، وَالاِحْتِبَاءِ فِي ثَوْبٍ وَاحِدٍ وَأَنْتَ مُفْضٍ بِفَرْجِكَ.

(ابن ماجه ۳۵۶۱)

(۲۵۷۲۷) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے۔ وہ کہتی ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو طرح کے لباس سے منع فرمایا۔ چادر وغیرہ کو مکمل نیچے کو لٹکانا اور ایک کپڑے سے یوں اپنی کمر اور پنڈلی کو باندھنا کہ تمہاری شرمگاہ آسمان کی طرف کھلی ہو۔

(٢٥٧٢٨) حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ حُبَابٍ ، قَالَ : أَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ عَبْدِ اللهِ أَبُو الْمُنِيبِ الْعَتَكِيُّ ، قَالَ : حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ بُرَيْدَةَ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ؛ أَنَّهُ نَهَى عَنْ لِبْسَتَيْنِ ، وَعَنْ مَجْلِسَيْنِ ، أَمَّا اللِّبْسَتَانِ : فَتُصَلِّي فِي السَّرَاوِيلِ لَيْسَ عَلَيْكَ شَيْءٌ غَيْرُهُ ، وَالرَّجُلُ يُصَلِّي فِي الثَّوْبِ الْوَاحِدِ لاَ يَتَوَشَّحُ بِهِ ، وَالْمَجْلِسَانِ : يَحْتَبِي بِالثَّوْبِ الْوَاحِدِ فَتُبْصَرُ عَوْرَتُهُ ، وَيَجْلِسُ بَيْنَ الظِّلِّ وَالشَّمْسِ. (ابو داؤد ۶۳۷)

(۲۵۷۲۸) حضرت عبداللہ بن بریدہ، اپنے والد کے واسطے سے جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو طرح کے لباس سے اور دو طرح کے بیٹھنے سے منع فرمایا۔ دو طرح کا لباس تو یہ ہے کہ تم ایک پائجامہ میں نماز پڑھو اور تم پر اس کے سوا کچھ نہ ہو۔ اور آدمی کسی ایسے کپڑے میں نماز پڑھے جس میں وہ زینت کا اظہار نہیں کرتا۔ اور دو طرح کا بیٹھنا یہ ہے کہ آدمی ایک کپڑے میں یوں اپنی کمر اور پنڈلیوں کو باندھ کر بیٹھے کہ اس کا ستر دکھائی دے اور آدمی دھوپ اور سایہ میں بیٹھے۔

(٢٥٧٢٩) حَدَّثَنَا كَثِيرُ بْنُ هِشَامٍ ، قَالَ : حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ بُرْقَانَ ، عَنِ الزُّهْرِيِّ ، عَنْ سَالِمٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ : نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ لِبْسَتَيْنِ ؛ الصَّمَّاءُ : وَهُوَ أَنْ يَلْتَحِفَ فِي الثَّوْبِ الْوَاحِدِ ، يَرْفَعُ جَانِبَهُ عَنْ مَنْكِبِهِ ، لَيْسَ عَلَيْهِ ثَوْبٌ غَيْرُهُ ، أَوْ يَحْتَبِي الرَّجُلُ بِالثَّوْبِ الْوَاحِدِ ، لَيْسَ بَيْنَ فَرْجِهِ وَبَيْنَ السَّمَاءِ شَيْءٌ ، يَعْنِي سِتْرًا. (نسائی ۹۷۴۸)

(۲۵۷۲۹) حضرت سالم، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جو لباسوں سے منع کیا۔ الصماء۔ وہ یہ ہوتا ہے کہ آدمی ایک کپڑے میں لپٹ جائے اور اس کو دو جانب، اپنے کندھوں سے اٹھالے اور اس پر اس کے علاوہ کوئی کپڑا نہ ہو۔ یا

آدمی ایک کپڑے سے اپنی کمر اور پنڈلی کو اس طرح باندھے کہ اس کی شرمگاہ اور آسمان کے درمیان کچھ پردہ نہ ہو۔

(۷۳) فِي وَاصِلَةِ الشَّعْرِ بِالشَّعْرِ

بال جوڑنے والی اور بال جڑوانے والی کے بارے میں

(۲۵۷۳۰) حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ ، وَأَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ ، عَنْ نَافِعٍ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ ؛ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَعَنَ الْوَاصِلَةَ وَالْمُسْتَوْصِلَةَ ، وَالْوَاشِمَةَ وَالْمُسْتَوْشِمَةَ. (بخاری ۵۹۳۷۔ مسلم ۱۱۹)

(۲۵۷۳۰) حضرت نافع، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بال جوڑنے والی اور بال جڑوانے والی پر اور گدائی کرنے والی اور گدائی کروانے والی پر لعنت فرمائی۔

(۲۵۷۳۱) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ بْنِ جَابِرٍ ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ، وَمَكْحُولٌ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ؛ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَعَنَ يَوْمَ خَيْبَرَ الْوَاصِلَةَ وَالْمَوْصُولَةَ ،وَالْوَاشِمَةَ وَالْمَوْشُومَةَ ، وَالْخَامِشَةَ وَجْهَهَا ، وَالشَّاقَّةَ جَيْبَهَا.

(۲۵۷۳۱) حضرت ابوامامہ سے روایت ہے۔ کہ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر کے دن بال جوڑنے والی اور بال جڑوانے والی پر، گدائی کرنے والی اور گدائی کروانے والی پر، اپنا چہرہ نوچنے والی اور اپنا گریبان پھاڑنے والی پر لعنت فرمائی۔

(۲۵۷۳۲) حَدَّثَنَا عَبْدَةُ ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ ، عَنْ فَاطِمَةَ ، عَنْ أَسْمَاءَ ، قَالَتْ : جَاءَتِ امْرَأَةٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، فَقَالَتْ :إِنَّ ابْنَتِي عُرَيِّسٌ ، وَقَدْ أَصَابَتْهَا الْحَصْبَةُ ، فَتَمَرَّقَ شَعْرُهَا ، أَفَأَصِلُ لَهَا فِيهِ ؟ فَقَالَ لَهَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :لَعَنَ اللَّهُ الْوَاصِلَةَ وَالْمُسْتَوْصِلَةَ. (بخاری ۵۹۳۶۔ مسلم ۱۶۷۶)

(۲۵۷۳۲) حضرت اسماء سے روایت ہے وہ کہتی ہیں کہ ایک عورت جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی اور اس نے کہا۔ میری بیٹی کی شادی ہوئی ہے۔ اور اس کو خسرہ کی بیماری ہوگئی پس اس کے بال سارے جھڑ گئے ہیں۔ تو کیا میں اس کے لئے اس بیماری میں بال لگوالوں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس عورت سے کہا۔ ''اللہ تعالیٰ بال جوڑنے والی اور بال جڑوانے والی پر لعنت فرماتے ہیں۔''

(۲۵۷۳۳) حَدَّثَنَا أَبُو نُعَيْمٍ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ أَبِي قَيْسٍ ، عَنْ هُزَيْلٍ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ ، قَالَ :لَعَنَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْوَاشِمَةَ وَالْمَوْشُومَةَ ، وَالْوَاصِلَةَ وَالْمَوْصُولَةَ. (ترمذی ۱۱۲۰۔ احمد ۱/ ۴۴۸)

(۲۵۷۳۳) حضرت عبداللہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے گدائی کرنے والی اور گدائی کروانے والی پر، بال جوڑنے والی اور بال جڑوانے والی پر لعنت فرمائی ہے۔

(۲۵۷۳۴) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ ، عَنْ أَبِي أُسَامَةَ ، عَنْ عِكْرِمَةَ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ؛ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ

وَسَلَّمَ لَعَنَ الْوَاشِمَةَ وَالْمُسْتَوْشِمَةَ ، وَالْوَاصِلَةَ وَالْمَوْصُولَةَ. (احمد ۱/ ۲۵۱)

(۲۵۷۳۴) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے گدائی کرنے والی اور گدائی کروانے والی پر، بال جوڑنے والی اور بال جڑوانے والی پر لعنت فرمائی ہے۔

(۲۵۷۳۵) حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ ، قَالَ : حَدَّثَنَا مُجَالِدٌ ، عَنِ الشَّعْبِيِّ ، عَنِ ابْنِ عَبْدِ اللهِ ، عَنْ عَلِيٍّ ؛ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَعَنَ الْوَاشِمَةَ وَالْمَوْشُومَةَ.

(۲۵۷۳۵) حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے گدائی کرنے والی اور گدائی کروانے والی پر لعنت فرمائی۔

(۲۵۷۳۶) حَدَّثَنَا حَفْصٌ ، عَنْ رَزِينٍ ، قَالَ : سَمِعْتُ فَاطِمَةَ بِنْتَ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ تَقُولُ : لَعَنَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاصِلَةَ الشَّعْرِ بِالشَّعْرِ.

(۲۵۷۳۶) حضرت فاطمہ بنت علی بن ابی طالب سے روایت ہے۔ وہ کہتی ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بالوں کے ساتھ بال جوڑنے والی پر لعنت فرمائی۔

(۲۵۷۳۷) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِي بُكَيْرٍ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ ، قَالَ : سَمِعْتُ الْحَسَنَ بْنَ مُسْلِمٍ يُحَدِّثُ عَنْ صَفِيَّةَ بِنْتِ شَيْبَةَ ، عَنْ عَائِشَةَ ؛ أَنَّ جَارِيَةً مِنَ الأَنْصَارِ تَزَوَّجَتْ ، وَأَنَّهَا مَرِضَتْ فَتَمَرَّطَ شَعْرُهَا ، فَأَرَادُوا أَنْ يَصِلُوهُ ، فَسَأَلُوا رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذَلِكَ ؟ فَلَعَنَ الْوَاصِلَةَ وَالْمُسْتَوْصِلَةَ.

(مسلم ۱۶۷۷۔ احمد ۶/ ۱۱۱)

(۲۵۷۳۷) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ انصار کی ایک لڑکی کی شادی ہوئی اور وہ بیمار ہوگئی۔ جس سے اس کے بال جھڑ گئے۔ لوگوں نے اس کے بال لگوانا چاہے تو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کے بارے میں سوال کیا؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بال جوڑنے والی اور بال جڑوانے والی پر لعنت فرمائی۔

(۲۵۷۳۸) حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ ، قَالَ : قَدِمَ مُعَاوِيَةُ الْمَدِينَةَ ، فَخَطَبَنَا وَأَخْرَجَ كُبَّةً مِنْ شَعْرٍ ، فَقَالَ : مَا كُنْتُ أُرَى أَنَّ أَحَدًا يَفْعَلُهُ إِلاَّ الْيَهُودَ ، إِنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَلَغَهُ فَسَمَّاهُ الزُّورَ. (بخاری ۳۴۸۸۔ مسلم ۱۶۸۰)

(۲۵۷۳۸) حضرت سعید بن مسیب سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ مدینہ میں تشریف لائے تو آپ رضی اللہ عنہ نے ہمیں خطبہ ارشاد فرمایا اور بالوں کا ایک گچھا نکالا اور فرمایا: میرے خیال کے مطابق یہ کام صرف کسی یہودی نے کیا ہے۔ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کی خبر پہنچی تھی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو جھوٹ قرار دیا تھا۔

(۲۵۷۳۹) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ غِيَاثٍ ، عَنْ عِكْرِمَةَ ؛ أَنَّهُ كَرِهَ الْعِقْصَةَ الَّتِي تَجْعَلُهَا النِّسَاءُ فِي رُؤُوسِهِنَّ.

(۲۵۷۳۹) حضرت عثمان بن غیاث، حضرت عکرمہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ اس جوڑے کو ناپسند کرتے تھے، جو

عورتیں، اپنے سروں میں بناتی ہیں۔

(٢٥٧٤٠) حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ ، قَالَ :حَدَّثَنَا فُلَيْحٌ ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ؛ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ :لَعَنَ اللَّهُ الْوَاصِلَةَ وَالْمُسْتَوْصِلَةَ ،وَالْوَاشِمَةَ وَالْمُسْتَوْشِمَةَ.

(احمد ٢/ ٣٣٩)

(۲۵۷۴۰) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''اللہ تعالیٰ نے بال جوڑنے والی اور بال جڑوانے والی، گدائی کرنے والی اور گدائی کروانے والی پر لعنت فرمائی ہے۔''

(٢٥٧٤١) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، قَالَ :لاَ بَأْسَ بِالْعَقْصَةِ تُوضَعُ وَضْعًا.

(۲۵۷۴۱) حضرت ابراہیم سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ اس جوڑے میں کوئی حرج نہیں ہے جو اوپر رکھا جاتا ہے۔

(٢٥٧٤٢) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ أَبِي عَقِيلٍ ، عَنْ بُهَيَّةَ ، عَنْ عَائِشَةَ ؛ أَنَّهَا نَهَتْ عَنِ الْوَصْلِ فِي الشَّعْرِ.

(۲۵۷۴۲) حضرت بہیہ، حضرت عائشہ کے بارے میں روایت کرتی ہیں کہ وہ بالوں میں (بال) جوڑنے سے منع کرتی تھیں۔

(٢٥٧٤٣) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ ، عَنِ الْهَيْثَمِ ، عَنْ أَبِي ثَوْرٍ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ، قَالَ :لاَ بَأْسَ بِالْوِصَالِ إِذَا كَانَ صُوفًا.

(۲۵۷۴۳) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ اگر اُون کے ذریعہ جوڑا جائے تو پھر اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

(٧٤) فِي الرُّكُوبِ بِالْمَيَاثِرِ الْحُمُرِ وَالرَّحَائِلِ الْحُمُرِ

سرخ بچھونوں اور سرخ زینوں پر سوار ہونا

(٢٥٧٤٤) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنْ عَمْرٍو ؛ رَأَى عَلَى رَحْلِ ابْنِ عُمَرَ قَطِيفَةً قَيْصَرَانِيَّةً.

(۲۵۷۴۴) حضرت عمرو سے روایت ہے۔ کہ انہوں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کو زین پر قیصرانی جھالر والی چادر دیکھی۔

(٢٥٧٤٥) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ ، قَالَ :لَعَنَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، أَوْ قَبَّحَ اللَّهُ ، كُلَّ رَحْلٍ أُحَيْمِرَ.

(۲۵۷۴۵) حضرت سعید بن میتب سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لعنت کی..... یا بُرا کہا..... ہر سرخ زین کو۔

(٢٥٧٤٦) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ وَاصِلٍ ، عَنِ الْمَعْرُورِ ، عَنْ حُذَيْفَةَ ؛ أَنَّ عُمَرَ رَأَى امْرَأَةً عَلَى رَحْلِهَا سُيُورٌ حُمْرٌ ، قَالَ :فَأَمَرَنِي أَنْ أَقْطَعَهَا ، قَالَ :فَقُلْتُ :إِنَّهَا خَشَبٌ ، فَتَرَكَهَا.

(۲۵۷۴۶) حضرت حذیفہ سے روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک عورت کو دیکھا کہ اس کی زین پر سرخ ریشمی تار والا کپڑا

تھا۔ راوی کہتے ہیں۔ چنانچہ آپ رضی اللہ عنہ نے مجھے اس کا کاٹنے کا حکم دیا۔ راوی کہتے ہیں۔ میں نے عرض کیا۔ یہ لکڑی ہے۔ تو پھر آپ رضی اللہ عنہ نے اس کو چھوڑ دیا۔

(٢٥٧٤٧) حَدَّثَنَا ابْنُ مُبَارَكٍ ، عَنْ أَشْعَثَ ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ ؛ أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ اسْتَعَارَ دَابَّةً ، فَأُتِيَ بِهَا عَلَيْهَا صُفَّةُ أُرْجُوَانٍ ، فَنَزَعَهَا ثُمَّ رَكِبَ.

(۲۵۷۴۷) حضرت ابن سیرین سے روایت ہے کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے ایک جانور مستعار منگوایا۔ پس وہ آپ رضی اللہ عنہ کے پاس لایا گیا تو اس پر سرخ رنگ کا سائبان تھا۔ آپ رضی اللہ عنہ نے اس کو اتارا پھر اس سواری پر سوار ہوئے۔

(٢٥٧٤٨) حَدَّثَنَا ابْنُ مُبَارَكٍ ، عَنْ هَارُونَ ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ ؛ أَنَّ الأَشْعَرِيَّ أُتِيَ بِدَابَّةٍ عَلَيْهَا صُفَّةُ أُرْجُوَانٍ ، فَأَمَرَ أَنْ تُنْزَعَ.

(۲۵۷۴۸) حضرت ابن سیرین سے روایت ہے کہ حضرت اشعری کے پاس ایک جانور لایا گیا جس پر سرخ رنگ کا سائبان تھا۔ چنانچہ آپ رضی اللہ عنہ نے حکم دیا اور وہ اُتار دیا گیا۔

(٢٥٧٤٩) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ كَثِيرٍ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَطَاءٍ ، عَنْ رَجُلٍ مِنْ بَنِي حَارِثَةَ ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ ، قَالَ : خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَأَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَوَاحِلَنَا وَعَلَى إِبِلِنَا أَكْسِيَةً فِيهَا خُيُوطُ عِهْنٍ حُمْرٌ ، فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : أَلاَ أَرَى هَذِهِ الْحُمْرَةَ قَدْ عَلَتْكُمْ ؟ فَقُمْنَا سِرَاعًا لِقَوْلِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، حَتَّى نَفَرَ بَعْضُ إِبِلِنَا ، قَالَ : فَأَخَذْنَا الأَكْسِيَةَ فَنَزَعْنَاهَا مِنْهَا. (ابو داؤد ۴۰۶۷۔ احمد ۳/ ۴۶۳)

(۲۵۷۴۹) حضرت رافع بن خدیج سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ ہم جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ باہر نکلے۔ پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمارے کجاوے دیکھے ہمارے اونٹوں پر ایسی چادریں تھیں جن میں سرخ اُون کے دھاگے تھے۔ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''خبردار میں دیکھ رہا ہوں کہ یہ سرخی تمہارے اُوپر چڑھ رہی ہے۔'' چنانچہ ہم آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی بات کی وجہ سے جلدی سے کھڑے ہو گئے۔ یہاں تک کہ ہم میں سے بعض کے اونٹ بدک گئے۔ راوی کہتے ہیں۔ پس ہم نے چادروں کو پکڑا اور اُتار دیا۔

(٢٥٧٥٠) حَدَّثَنَا أَبُو الأَحْوَصِ ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ ، عَنْ هُبَيْرَةَ ، عَنْ عَلِيٍّ ، قَالَ : نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ خَاتَمِ الذَّهَبِ ، وَعَنِ الْمِيثَرَةِ ، يَعْنِي الْحَمْرَاءَ. (ترمذی ۲۸۰۸۔ ابو داؤد ۴۰۴۸)

(۲۵۷۵۰) حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سونے کی انگوٹھی اور سرخ بچھونے سے منع فرمایا۔

(٢٥٧٥١) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُصَيْنٍ ، قَالَ : أَخْبَرَنَا الْمَاجِشُونُ عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عَبْدِ اللهِ ، عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ الأَخْنَسِ ، قَالَ : رَأَيْتُ السَّائِبَ ابْنَ أُخْتِ نَمِرٍ يَرْكَبُ بِالْمِيثَرَةِ الْحَمْرَاءِ.

(۲۵۷۵۱) حضرت یعقوب بن عتبہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت سائب بن اخت تمر کو سرخ بچھونے پر سوار دیکھا۔

(۷۵) فِي رُكُوبِ النُّمُورِ

چیتوں (کی کھالوں) پر سوار ہونے کے بارے میں

(۲۵۷۵۲) حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ ، قَالَ : حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ ، قَالَ : أَخْبَرَنِي عَيَّاشُ بْنُ عَبَّاسٍ الْحِمْيَرِيُّ ، عَنْ أَبِي الْحُصَيْنِ الْحَجْرِيِّ الْهَيْثَمِ ، عَنْ عَامِرٍ الْحَجْرِيِّ ، قَالَ : سَمِعْتُ أَبَا رَيْحَانَةَ صَاحِبَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ : كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْهَى عَنْ رُكُوبِ النُّمُورِ.

(۲۵۷۵۲) حضرت عامر حجری سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے جناب نبی کریم ﷺ کے صحابی حضرت ابو ریحانہ کو کہتے سنا کہ جناب رسول اللہ ﷺ، چیتوں (کی کھالوں) پر سوار ہونے سے منع کیا کرتے تھے۔

(۲۵۷۵۳) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ أَبِي الْمُعْتَمِرِ ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ ، عَنْ مُعَاوِيَةَ ؛ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ رُكُوبِ الْخَزِّ وَالنُّمُورِ.

قَالَ ابْنُ سِيرِينَ : وَكَانَ مُعَاوِيَةُ لَا يُتَّهَمُ فِي الْحَدِيثِ عَلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

(ابو داؤد ۴۱۲۶۔ ابن ماجه ۳۶۵۶)

(۲۵۷۵۳) حضرت معاویہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے چیتوں (کی کھالوں) اور خز کپڑے پر سوار ہونے سے منع کیا۔ حضرت ابن سیرین کہتے ہیں۔ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کو آپ ﷺ کی حدیث کے بارے میں متہم نہیں کیا جا سکتا۔

(۲۵۷۵۴) حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ الأَحْمَرُ ، عَنِ حَجَّاجٍ ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ ، عَنْ جَابِرٍ ، قَالَ : لَا بَأْسَ بِجُلُودِ النُّمُورِ إِذَا دُبِغَتْ.

(۲۵۷۵۴) حضرت جابر سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ چیتوں (کی کھالوں) کو جب دباغت دے دی جائے تو پھر کوئی حرج نہیں۔

(۲۵۷۵۵) حَدَّثَنَا عَبْدَةُ ، عَنْ هِشَامٍ ؛ أَنَّ أَبَاهُ كَانَ يَكُونُ عَلَى سُرُوجِهِ النُّمُورُ ، أَوْ جُلُودُ السِّبَاعِ.

(۲۵۷۵۵) حضرت ہشام سے روایت ہے۔ کہ ان کے والد، اپنی زینوں پر چیتوں یا درندوں کی کھالوں کو رکھا کرتے تھے۔

(۲۵۷۵۶) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ ، قَالَ : ذُكِرَ عِنْدَ مُحَمَّدٍ جُلُودُ النُّمُورِ ، فَقَالَ : إِنَّمَا يُكْرَهُ أَنْ يُصَلَّى عَلَيْهَا ، وَكَانَ مُحَمَّدٌ لَا يَرَى بَأْسًا بِالرُّكُوبِ عَلَيْهَا ، وَقَالَ : مَا أَعْلَمُ أَحَدًا تَرَكَ هَذِهِ الْجُلُودَ تَأَثُّمًا.

(۲۵۷۵۶) حضرت ابن عون سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت محمد رحمہ اللہ کے ہاں چیتوں کی کھالوں کا ذکر ہوا تو انہوں نے فرمایا: ان پر صرف نماز پڑھنا مکروہ ہے۔ اور حضرت محمد رحمہ اللہ ان پر سوار ہونے میں کوئی حرج نہیں دیکھتے تھے۔ اور فرماتے تھے۔ میرے علم کے مطابق کسی نے اس کو گناہ سمجھتے ہوئے نہیں چھوڑا۔

(٢٥٧٥٧) حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَكَمِ، قَالَ: سَأَلْتُ الْحَكَمَ عَنْ جُلُودِ النُّمُورِ؟ فَقَالَ: تُكْرَهُ جُلُودُ السِّبَاعِ.

(۲۵۷۵۷) حضرت علی بن حکم سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت حکم سے چیتوں کی کھالوں کے بارے میں سوال کیا؟ تو انہوں نے فرمایا۔ درندوں کی کھالیں مکروہ ہیں۔

(٢٥٧٥٨) حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ ، عَنِ الْحَجَّاجِ ، عَنِ الْحَكَمِ ؛ أَنَّ عُمَرَ كَتَبَ إِلَى أَهْلِ الشَّامِ يَنْهَاهُمْ أَنْ يَرْكَبُوا عَلَى جُلُودِ السِّبَاعِ.

(۲۵۷۵۸) حضرت حکم سے روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اہل شام کو خط لکھا اور آپ رضی اللہ عنہ نے ان کو درندوں کی کھالوں پر سوار ہونے سے منع فرمایا۔

(٢٥٧٥٩) حَدَّثَنَا ابْنُ مُبَارَكٍ ، عَنْ أَشْعَثَ ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ ؛ أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ اسْتَعَارَ دَابَّةً ، فَأُتِيَ بِهَا عَلَيْهَا صُفَّةُ نُمُورٍ ، فَنَزَعَهَا ثُمَّ رَكِبَ.

(۲۵۷۵۹) حضرت ابن سیرین سے روایت ہے کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے ایک سواری مستعار منگوائی۔ پس وہ آپ رضی اللہ عنہ کے پاس لائی گئی تو اس پر چیتے کا سائبان تھا۔ آپ رضی اللہ عنہ نے اس کو اتارا۔ پھر اس پر سوار ہوئے۔

(٧٦) فِي سَتْرِ الْحِيطَانِ بِالثِّيَابِ

دیواروں کو کپڑوں سے ڈھانپنے کا بیان

(٢٥٧٦٠) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ حَكِيمِ بْنِ جُبَيْرٍ ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ ، قَالَ : نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُسْتَرَ الْجَدْرُ. (بيهقي ٢٧٢)

(۲۵۷۶۰) حضرت علی بن حسین سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے دیوار کو پردہ کرنے سے منع فرمایا۔

(٢٥٧٦١) حَدَّثَنَا يَعْلَى بْنُ عُبَيْدٍ ، عَنْ فُضَيْلِ بْنِ غَزْوَانَ ، عَنْ نَافِعٍ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ ، قَالَ : بَلَغَ عُمَرَ أَنَّ ابْنًا لَهُ سَتَرَ حِيطَانَهُ ، فَقَالَ : وَاللَّهِ لَئِنْ كَانَ كَذَلِكَ لأُحْرِقَنَّ بَيْتَهُ.

(۲۵۷۶۱) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو یہ بات پہنچی کہ ان کے ایک بیٹے نے اپنی دیوار پر پردہ لگایا ہے۔ تو انہوں نے فرمایا..... خدا کی قسم! اگر یہ بات ایسی ہی ہوئی تو ضرور اس کا گھر جلا دوں گا۔

(٢٥٧٦٢) حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ إِسْحَاقَ ، عَنِ الزُّهْرِيِّ ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللهِ ، قَالَ : أَعْرَسْتُ فِي عَهْدِ أَبِي فَآذَنَ أَبِي النَّاسَ ، وَكَانَ فِيمَنْ آذَنَ أَبُو أَيُّوبَ ، وَقَدْ سَتَرْتُ بَيْتِي بِجُنَادِيٍّ أَخْضَرَ ، فَجَاءَ أَبُو أَيُّوبَ فَدَخَلَ وَأَبِي قَائِمٌ يَنْظُرُ ، فَإِذَا الْبَيْتُ مُسْتَرٌ بِجُنَادِيٍّ أَخْضَرَ ، فَقَالَ : أَيْ عَبْدَ اللهِ ، تَسْتُرُونَ الْجُدُرَ ؟ فَقَالَ أَبِي ، وَاسْتَحْيَى : غَلَبَنَا النِّسَاءُ يَا أَبَا أَيُّوبَ ، قَالَ : مَنْ أَخْشَى أَنْ يَغْلِبَهُ النِّسَاءُ فَلَا أَخْشَى أَنْ يَغْلِبْنَكَ ،

لَا أَطْعَمُ لَكَ طَعَامًا ، وَلَا أَدْخُلُ لَكَ بَيْتًا ، ثُمَّ خَرَجَ. (بیهقی ۲۷۲)

(۲۵۷۶۲) حضرت سالم بن عبداللہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے اپنے والد کے عہد میں ولیمہ کیا۔ پس میرے والد نے بہت سے لوگوں کو بلایا۔ جن لوگوں کو بلایا تھا ان میں حضرت ابوایوب بھی تھے۔ اور میں نے اپنے کمرے کو سبز پردوں سے تیار کیا ہوا تھا۔ حضرت ابوایوب تشریف لائے اور میرے والد کھڑے دیکھ رہے تھے۔ کہ گھر سبز پردوں سے مستور تھا۔ حضرت ابوایوب نے کہا۔ اے ابوعبداللہ! تم دیواروں پر پردے لگاتے ہو؟ میرے والد نے کہا۔ اور انہیں تب شرمندگی ہو رہی تھی..... اے ابوایوب! ہم پر عورتیں غالب آگئیں ہیں۔ حضرت ابوایوب نے کہا۔ جو شخص یہ خوف رکھتا ہے کہ اس پر عورتیں غالب آجائیں گی تو پھر مجھے اس کا کوئی خوف نہیں کہ وہ تم پر غالب آجائیں۔ میں تمہارا کھانا نہیں کھاؤں گا۔ اور تمہارے گھر میں داخل نہیں ہوں گا۔ پھر آپ رضی اللہ عنہ باہر نکل گئے۔

(۷۷) فِي رُكُوبِ النِّسَاءِ السُّرُوجَ

عورتوں کا زین پر سوار ہونا

(۲۵۷۶۳) حَدَّثَنَا حَفْصٌ ، عَنْ مَيْمُونَ أَبِي عَبْدِ اللهِ ، عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ مُزَاحِمٍ ؛ أَنَّهُ كَرِهَ رُكُوبَ النِّسَاءِ السُّرُوجَ.

(۲۵۷۶۳) حضرت میمون بن ابی عبداللہ، حضرت ضحاک بن مزاحم کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ عورتوں کے زینوں پر سوار ہونے کو مکروہ سمجھتے تھے۔

(۲۵۷۶٤) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ عَاصِمٍ ، قَالَ : كَانُوا يَكْرَهُونَ مَرْكَبَ الرَّجُلِ لِلْمَرْأَةِ ، وَمَرْكَبَ الْمَرْأَةِ لِلرَّجُلِ.

(۲۵۷۶۴) حضرت عاصم سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ پہلے لوگ مرد کے لئے عورتوں کی سواری کی جگہ پر اور عورتوں کیلئے مردوں کی سواری کی جگہ سوار ہونے کو ناپسند کرتے تھے۔

(۲۵۷۶۵) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ ، قَالَ : كَانُوا يَكْرَهُونَ زِيَّ الرِّجَالِ لِلنِّسَاءِ ، وَزِيَّ النِّسَاءِ لِلرِّجَالِ.

(۲۵۷۶۵) حضرت ابن سیرین سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ پہلے مردوں کے لئے عورتوں کی مشابہت اور عورتوں کے لئے مردوں کی مشابہت کو ناپسند کرتے تھے۔

(۷۸) فِي الْمَرْأَةِ كَيْفَ تَأْتَزِرُ

عورت کے بارے میں کہ وہ ازار کیسے باندھے

(۲۵۷۶٦) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ ، عَنْ أُمِّ شَبِيبٍ ، عَنْ أُمِّ عُمَرَ ؛ أَنَّ امْرَأَةَ الزُّبَيْرِ قَالَتْ : سَمِعْتُ عُمَرَ

يَقُولُ :يَا مَعْشَرَ النِّسَاءِ، أَخْفِينَ الْحِنَّاءَ، وَارْفَعْنَ الْحُجَزَ، وَسَمِعْتُهُ يَقُولُ :أَنْشُدُ اللَّهَ امْرَأَةً تُصَلِّي فِي الْحُجَزِ.

(۲۵۷۶۶) حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔ اے عورتوں کی جماعت! تم مہندی کو مخفی کرو اور ازار باندھنے کی جگہ کو بلند کرو۔ اور میں نے (راوی نے) آپ رضی اللہ عنہ کو یہ کہتے بھی سُنا..... میں عورتوں کو اللہ کی قسم دیتا ہوں کہ وہ ازار میں نماز پڑھیں۔

(۷۹) فِي لُبْسِ شِسْعِ الْحَدِيدِ

لوہے کی جوتی کا حکم

(۲۵۷۶۷) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ هَمَّامٍ ، قَالَ :سَأَلْتُ ، أَوْ سَمِعْتُ ، أَوْ سُئِلَ عَنْ شِسْعِ الْحَدِيدِ ؟فَقَالَ :لاَ بَأْسَ بِهِ.

(۲۵۷۶۷) حضرت ہمام سے لوہے کی جوتی کے بارے میں سوال کیا گیا تو انہوں نے فرمایا کہ اس میں کوئی حرج نہیں۔

(۲۵۷۶۸) حَدَّثَنَا شَبَابَةُ ، قَالَ : حَدَّثَنَا الْمُغِيرَةُ بْنُ مُسْلِمٍ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ بُرَيْدَةَ ، قَالَ : كَتَبَ عُمَرُ إِلَى أَبِي مُوسَى الأَشْعَرِيِّ :إِيَّاكَ وَهَذِهِ الرَّكْبَ الْحَدِيدَ.

(۲۵۷۶۸) حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت ابوموسیٰ اشعری کو خط میں لکھا کہ گھوڑے میں لوہے کا پائیدان لگانے سے اجتناب کرو۔

(۸۰) فِي شَدِّ الأَسْنَانِ بِالذَّهَبِ

دانتوں پر سونا چڑھانے کا بیان

(۲۵۷۶۹) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ طُعْمَةَ الْجَعْفَرِيِّ ، قَالَ :رَأَيْتُ مُوسَى بْنَ طَلْحَةَ قَدْ شَدَّ أَسْنَانَهُ بِالذَّهَبِ.

(۲۵۷۶۹) حضرت طعمہ جعفری کہتے ہیں کہ میں نے حضرت موسیٰ بن طلحہ کو دیکھا کہ انہوں نے اپنے دانتوں پر سونا چڑھا رکھا تھا۔

(۲۵۷۷۰) حَدَّثَنَا مَعْنُ بْنُ عِيسَى، عَنْ ثَابِتِ بْنِ قَيْسٍ، قَالَ :رَأَيْتُ نَافِعَ بْنَ جُبَيْرٍ مَرْبُوطَةً أَسْنَانُهُ بِخُرْصَانِ الذَّهَبِ.

(۲۵۷۷۰) حضرت ثابت بن قیس کہتے ہیں کہ میں نے حضرت نافع بن جبیر کو دیکھا کہ انہوں نے اپنے دانتوں پر سونے کے کڑے لگوا رکھے تھے۔

(۲۵۷۷۱) حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ ، عَنْ حُمَيْدٍ ؛ أَنَّ الْحَسَنَ شَدَّ أَسْنَانَهُ بِذَهَبٍ.

(۲۵۷۷۱) حضرت حماد بن سلمہ فرماتے ہیں کہ حضرت حسن نے دانتوں پر سونا چڑھا رکھا تھا۔

(۲۵۷۷۲) حَدَّثَنَا ابْنُ مُبَارَكٍ ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ حَيَّانَ ، عَنْ حَمَّادٍ ، قَالَ :رَأَيْتُ الْمُغِيرَةَ بْنَ عَبْدِ اللهِ يَرْبِطُ أَسْنَانَهُ بِذَهَبٍ ، قَالَ :فَسَأَلْتُ إِبْرَاهِيمَ ؟ فَقَالَ :لاَ بَأْسَ بِهِ.

(۲۵۷۷۲) حضرت حماد فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت مغیرہ بن عبداللہ کو دیکھا کہ انہوں نے دانتوں پر سونا لگا رکھا تھا۔ میں نے اس بارے میں حضرت ابراہیم سے سوال کیا تو انہوں نے فرمایا کہ اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

(۲۵۷۷۳) حَدَّثَنَا ابْنُ مُبَارَكٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ حَيَّانَ ، قَالَ: حَدَّثَنِي ابْنُ طَرَفَةَ بْنِ عَرْفَجَةَ ؛ بِأَنَّ جَدَّهُ أُصِيبَ أَنْفُهُ يَوْمَ

الْكُلَابِ، فَاتَّخَذَ أَنْفًا مِنْ وَرِقٍ فَأَنْتَنَ عَلَيْهِ، فَأَمَرَهُ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَتَّخِذَ أَنْفًا مِنْ ذَهَبٍ.

(ابو داؤد ۴۲۳۲۔ ترمذی ۱۷۷۰)

(۲۵۷۷۳) حضرت طرفہ بن عرفجہ فرماتے ہیں کہ ان کے دادا کی ناک کلاب کی لڑائی میں ضائع ہوگئی تھی انہوں نے چاندی کی ناک بنوائی جو خراب ہوگئی تو رسول اللہ ﷺ نے انہیں سونے کی ناک بنوانے کا حکم دیا۔

(۲۵۷۷٤) حَدَّثَنَا يَزِيدُ ، قَالَ :أَخْبَرَنَا حَمَّادٌ ، قَالَ :رَأَيْتُ ثَابِتًا الْبُنَانِيَّ مَشْدُودَ الأَسْنَانِ بِذَهَبٍ.

(۲۵۷۷۴) حضرت حماد فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ثابت بنانی کو دیکھا انہوں نے دانتوں پر سونا چڑھا رکھا تھا۔

(۸۱) مَنْ كَرِهَ أَنْ يَلْبَسَ الْمَشْهُورَ مِنَ الثِّيَابِ

جن حضرات کے نزدیک شہرت کے لئے لباس اختیار کرنا مکروہ ہے

(۲۵۷۷۵) حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ ، عَنْ لَيْثٍ ، عَنِ الْمُهَاجِرِ ، قَالَ :قَالَ ابْنُ عُمَرَ :مَنْ لَبِسَ رِدَاءَ شُهْرَةٍ ، أَوْ ثَوْبَ شُهْرَةٍ أَلْبَسَهُ اللَّهُ نَارًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ. (ابو داؤد ۴۰۲۵۔ ابن ماجه ۳۶۰۷)

(۲۵۷۷۵) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جس شخص نے شہرت کی چادر یا شہرت کا کپڑا پہنا اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اسے آگ کا لباس پہنائیں گے۔

(۲۵۷۷٦) حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ ، عَنِ الْحُصَيْنِ ، قَالَ :كَانَ زُبَيْدٌ الْيَامِيُّ يَلْبَسُ بُرْنُسًا ، قَالَ :فَسَمِعْتُ إِبْرَاهِيمَ عَابَهُ عَلَيْهِ ، قَالَ :فَقُلْتُ لَهُ :إِنَّ النَّاسَ قَدْ كَانُوا يَلْبَسُونَهَا ، قَالَ :أَجَلْ ، وَلَكِنْ قَدْ فَنِيَ مَنْ كَانَ يَلْبَسُهَا ، فَإِنْ لَبِسَهَا أَحَدٌ الْيَوْمَ شَهَرُوهُ وَأَشَارُوا إِلَيْهِ بِالأَصَابِعِ.

(۲۵۷۷۶) حضرت حصین فرماتے ہیں کہ زبید یامی برنس (ایک خاص ٹوپی) پہنا کرتے تھے۔ میں نے حضرت ابراہیم کو اس کو معیوب کہتے سنا۔ میں نے ان سے کہا کہ اسلاف تو یہ پہنا کرتے تھے۔ انہوں نے فرمایا کہ اب اس کو پہننے والا کوئی نہ رہا، اب اگر کوئی پہنے تو لوگ اس کی باتیں کرتے ہیں اور اس کی طرف انگلیوں سے اشارہ کرتے ہیں۔

(۲۵۷۷۷) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنْ لَيْثٍ ، عَنْ شَهْرٍ ، عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ ، قَالَ :مَنْ رَكِبَ مَشْهُورًا مِنَ الدَّوَابِّ ، أَوْ لَبِسَ مَشْهُورًا مِنَ الثِّيَابِ ، أَعْرَضَ اللَّهُ عَنْهُ مَا دَامَ عَلَيْهِ ، وَإِنْ كَانَ عَلَيْهِ كَرِيمًا.

(۲۵۷۷۷) حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جو کسی مشہور سواری پر سوار ہو یا مشہور کپڑے پہنے تو جب تک اس پر رہے اللہ تعالیٰ اس سے اعراض فرمائیں گے، خواہ وہ مالدار اور سخی شخص ہی کیوں نہ ہو۔

(۲۵۷۷۸) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنْ لَيْثٍ ، عَنْ مُهَاجِرٍ أَبِي الْحَسَنِ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ ، قَالَ :مَنْ لَبِسَ شُهْرَةً مِنَ الثِّيَابِ أَلْبَسَهُ اللَّهُ ذِلَّةً.

(۲۵۷۷۸) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جس نے شہرت کے لئے لباس پہنا اللہ تعالیٰ اسے ذلت کا لباس پہنائے گا۔

(۸۲) فِي الْقَزَعِ يَكُونُ عَلَى رُؤُوسِ الصِّبْيَانِ

بچوں کے سروں پر کچھ بال بلا مونڈے چھوڑنے کا بیان

(۲۵۷۷۹) حَدَّثَنَا شَبَابَةُ ، قَالَ :حَدَّثَنَا شُعْبَةُ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ دِينَارٍ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ ، قَالَ :نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْقَزَعِ. (بخاری ۵۹۲۱۔ ابن ماجه ۳۶۳۸)

(۲۵۷۷۹) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سر پر کچھ بال بلا مونڈے چھوڑنے سے منع فرمایا ہے۔

(۲۵۷۸۰) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، وَابْنُ مَهْدِيٍّ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ الْحَسَنِ ، قَالَ :سَمِعْتُ أُمِّي فَاطِمَةَ بِنْتَ الْحُسَيْنِ تَنْهَى عَنِ الْقَزَعِ.

(۲۵۷۸۰) حضرت عبداللہ بن حسن فرماتے ہیں کہ میری والدہ فاطمہ بنت حسین کچھ بال بلا مونڈے چھوڑنے سے منع فرماتی تھیں۔

(۲۵۷۸۱) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ ، عَنْ عُمَرَ بْنِ نَافِعٍ ، عَنْ نَافِعٍ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ ، قَالَ :نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْقَزَعِ ، وَالْقَزَعُ :أَنْ يُحْلَقَ مِنْ رَأْسِ الصَّبِيِّ مَوْضِعٌ وَيُتْرَكَ مَوْضِعٌ.

(بخاری ۵۹۲۰۔ مسلم ۱۶۷۵)

(۲۵۷۸۱) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات سے منع فرمایا کہ بچوں کے سر کا کچھ حصہ مونڈا جائے اور کچھ چھوڑ دیا جائے۔

(۲۵۷۸۲) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُبَيْدَةَ ، عَنْ أَبِي سَلَّامٍ ، قَالَ :دَخَلْتُ عَلَى عَائِشَةَ وَفِي رَأْسِي قَزَعٌ ، فَأَمَرَتْ بِهِ فَجُزَّ ، أَوْ حُلِقَ.

(۲۵۷۸۲) حضرت ابوسلام فرماتے ہیں کہ میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوا، میرے سر کا کچھ حصہ مونڈا ہوا تھا انہوں نے فرمایا کہ سارا سر مونڈو۔

(۸۳) مَنْ كَانَ لاَ يَتَخَتَّمُ

جو حضرات انگوٹھی نہیں پہنا کرتے تھے

(۲۵۷۸۳) حَدَّثَنَا صَفْوَانُ بْنُ عِيسَى ، عَنْ عَبْدِ الأَعْلَى بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ أَبِي فَرْوَةَ ، قَالَ :سَأَلْتُ سَعِيدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ ، قُلْتُ :رَجُلٌ فِي خَاتَمِهِ مِثْلُ رَأْسِ الطَّيْرِ ؟ فَقَالَ :يَا ابْنَ أَخِي ، مَا عَلِمْنَا أَحَدًا مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَخَتَّمَ لاَ أَبُو بَكْرٍ ، وَلاَ عُمَرَ ، وَلاَ فُلاَنًا ، وَلاَ فُلاَنًا حَتَّى عَدَّ نَاسًا مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، فَأَعَدْتُ عَلَيْهِ مِرَارًا فَكَأَنَّهُ يَكْرَهُ الْخَاتَمَ.

(۲۵۷۸۳) حضرت عبدالاعلیٰ بن عبداللہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت سعید بن مسیّب سے سوال کیا کہ ایک آدمی کی انگوٹھی میں پرندے کے سر جیسی کوئی تصویر ہے۔ اس کا کیا حکم ہے؟ انہوں نے فرمایا: کہ اے میرے بھتیجے! ہمیں رسول اللہ ﷺ کے کسی صحابی کے انگوٹھی پہننے کا علم نہیں۔ نہ تو حضرت ابوبکر اور نہ حضرت عمر اور نہ فلاں اور فلاں۔ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کے کئی صحابہ کا نام لیا۔ میں نے دوبارہ سوال کیا تو ان کے جواب سے یہی اندازہ ہوا کہ وہ اسے مکروہ خیال فرماتے ہیں۔

(٢٥٧٨٤) حَدَّثَنَا عَفَّانُ، قَالَ :حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ عَطَاءٍ، وَطَاوُوسٍ، وَمُجَاهِدٍ؛ أَنَّهُمْ كَانُوا لاَ يَتَخَتَّمُونَ.

(۲۵۷۸۴) حضرت عطاء، حضرت طاؤس اور حضرت مجاہد انگوٹھی نہیں پہنا کرتے تھے۔

(٨٤) مَنْ كَانَ لاَ يَنْتَفِعُ مِنَ الْمَيْتَةِ بِإِهَابٍ، وَلاَ عَصَبٍ

جو حضرات مردہ جانور کی کھال اور ہڈیوں سے کسی قسم کا فائدہ حاصل کرنے کے قائل نہ تھے

(٢٥٧٨٥) حَدَّثَنَا جَرِيرٌ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنِ الْحَكَمِ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُكَيْمٍ ، قَالَ: أَتَانَا كِتَابُ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :أَنْ لاَ تَنْتَفِعُوا مِنَ الْمَيْتَةِ بِإِهَابٍ ، وَلاَ عَصَبٍ.

(ابن ماجه ٣٦١٣۔ احمد ٤/ ٣١٠)

(۲۵۷۸۵) حضرت عبداللہ بن عکیم فرماتے ہیں کہ ہمارے پاس رسول اللہ ﷺ کا خط آیا جس میں لکھا تھا کہ مردہ جانور کی کھال اور ہڈیوں سے فائدہ نہ اٹھاؤ۔

(٢٥٧٨٦) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ ، عَنِ الشَّيْبَانِيِّ ، عَنِ الْحَكَمِ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُكَيْمٍ ، قَالَ :أَتَانَا كِتَابُ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ بِجُهَيْنَةَ :لاَ تَنْتَفِعُوا مِنَ الْمَيْتَةِ بِإِهَابٍ ، وَلاَ عَصَبٍ. (ترمذی ١٧٢٩۔ ابن ماجه ٣٦١٣)

(۲۵۷۸۶) حضرت عبداللہ بن عکیم فرماتے ہیں کہ ہم جہینہ میں تھے کہ ہمارے پاس رسول اللہ ﷺ کا ایک خط آیا جس میں لکھا تھا کہ مردہ جانور کی کھال اور ہڈیوں سے فائدہ نہ اٹھاؤ۔

(٢٥٧٨٧) حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنِ الْحَكَمِ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُكَيْمٍ ، قَالَ : أَتَانَا كِتَابُ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا غُلاَمٌ :أَنْ لاَ تَنْتَفِعُوا بِإِهَابِ مَيْتَةٍ ، وَلاَ عَصَبٍ.

(ابو داؤد ٤١٢٤۔ ابن ماجه ٣٦١٣)

(۲۵۷۸۷) حضرت عبداللہ بن عکیم فرماتے ہیں کہ میں نو عمر لڑکا تھا کہ ہمارے پاس رسول اللہ ﷺ کا خط آیا جس میں لکھا تھا کہ مردہ جانور کی کھال اور ہڈیوں سے فائدہ نہ اٹھاؤ۔

(٨٥) فِي شَعْرِ الْخِنْزِيرِ يُخْرَزُ بِهِ الْخُفُّ

خنزیر کے بالوں کو موزے میں استعمال کرنے کا حکم

(٢٥٧٨٨) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ ، عَنْ شُعْبَةَ ، قَالَ : سَأَلْتُ الْحَكَمَ ، وَحَمَّادًا عَنْ شَعْرِ الْخِنْزِيرِ ، يُعْمَلُ بِهِ ؟ فَكَرِهَاهُ.

(۲۵۷۸۸) حضرت شعبہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت حکم اور حضرت حماد سے سوال کیا کہ کیا خنزیر کے بالوں کو کسی کام میں لایا جاسکتا ہے انہوں نے اسے ناپسند قرار دیا۔

(٢٥٧٨٩) حَدَّثَنَا حَفْصٌ ، عَنْ أَبِي الْحَسَنِ ، عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ (ح) وَعَنْ إِسْمَاعِيلَ ، عَنِ الْحَسَنِ ؛ أَنَّهُمَا رَخَّصَا فِي شَعْرِ الْخِنْزِيرِ يُخْرَزُ بِهِ.

(۲۵۷۸۹) حضرت ابوجعفر اور حضرت حسن نے خنزیر کے بالوں کو موزے میں لگانے کی اجازت دی ہے۔

(٢٥٧٩٠) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ جَرِيرِ بْنِ حَازِمٍ ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ ؛ أَنَّهُ كَانَ لاَ يَلْبَسُ خُفًّا خُرِزَ بِشَعْرِ خِنْزِيرٍ.

(۲۵۷۹۰) حضرت ابن سیرین ایسا موزہ استعمال نہیں کرتے تھے جس میں خنزیر کا بال لگایا گیا ہو۔

(٢٥٧٩١) حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ شَيْخٍ مِنْ أَهْلِ وَاسِطَ ، قَالَ : سَأَلْتُ أَبَا عِيَاضٍ عَنْ شَعْرِ الْخِنْزِيرِ ، يُوضَعُ عَلَى جُرْحِ الدَّابَّةِ ؟ فَكَرِهَهُ.

(۲۵۷۹۱) واسط کے ایک بزرگ کہتے ہیں کہ میں نے ابوعیاض سے سوال کیا کہ کیا خنزیز کے بال کو جانور کے زخم پر رکھ سکتے ہیں انہوں نے اسے مکروہ قرار دیا۔

(٨٦) فِي الْخَاتَمِ فِي السَّبَّابَةِ وَالْوُسْطَى

تشہد کی انگلی میں یا درمیانی انگلی میں انگوٹھی پہننے کا بیان

(٢٥٧٩٢) حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ ، عَنْ عَاصِمٍ ، عَنْ أَبِي بُرْدَةَ ، عَنْ عَلِيٍّ ، قَالَ : نَهَانَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ نَتَخَتَّمَ فِي هَذِهِ ، وَهَذِهِ ، يَعْنِي السَّبَّابَةَ وَالْوُسْطَى. (مسلم ٦٣ ـ ترمذی ١٧٨٦)

(۲۵۷۹۲) حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں تشہد کی انگلی میں یا درمیانی انگلی میں انگوٹھی پہننے سے منع فرمایا ہے۔

(٢٥٧٩٣) حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنْ لَيْثٍ ، قَالَ : كَانَ إِبْرَاهِيمُ يَكْرَهُهُ.

(۲۵۷۹۳) حضرت ابراہیم نے اسے مکروہ قرار دیا ہے۔

(٨٧) الرَّجُلِ يَتَّكِىءُ عَلَى الْمَرَافِقِ الْمُصَوَّرَةِ

تصویروں والے تکیے پر ٹیک لگانا کیسا ہے؟

(٢٥٧٩٤) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْقَاسِمِ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ عَائِشَةَ ، قَالَتْ: سَتَرْتُ سَهْوَةً لِى ، تَعْنِى الدَّاخِلَ ، بِسِتر فِيهِ تَصَاوِيرُ ، فَلَمَّا قَدِمَ النَّبِىُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَتَكَهُ ، فَجَعَلْتُ مِنْهُ مِنْبَذَتَيْنِ ، فَرَأَيْتُ النَّبِىَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُتَّكِئًا عَلَى إِحْدَاهُمَا. (مسلم ٩٢- ابن ماجه ٣٦٥٣)

(۲۵۷۹۴) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے گھر میں تصویروں والے پردے لگائے، جب رسول اللہ ﷺ گھر تشریف لائے تو آپ نے وہ پردے اتار دیئے۔ میں نے ان کے تکیے بنا لیے تو میں نے دیکھا کہ حضور اقدس ﷺ نے ان تکیوں میں سے ایک سے ٹیک لگا رکھی تھی۔

(٢٥٧٩٥) حَدَّثَنَا حَفْصٌ ، عَنِ الْجَعْدِ رَجُلٍ مِنْ أَهْلِ الْمَدِينَةِ ، قَالَ : حَدَّثَتْنِى ابْنَةُ سَعْدٍ ؛ أَنَّ أَبَاهَا جَاءَ مِنْ فَارِسَ بِوَسَائِدَ فِيهَا تَمَاثِيلُ ، فَكُنَّا نَبْسُطُهَا.

(۲۵۷۹۵) حضرت بنت سعد فرماتی ہیں کہ میرے والد فارس سے کچھ تکیے لائے جن پر تصویریں تھیں ہم ان تکیوں کو بچھایا کرتے تھے۔

(٢٥٧٩٦) حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ ، عَنْ لَيْثٍ ، قَالَ : رَأَيْتُ سَالِمَ بْنَ عَبْدِ اللهِ مُتَّكِئًا عَلَى وِسَادَةٍ حَمْرَاءَ فِيهَا تَمَاثِيلُ ، فَقُلْتُ لَهُ ؟ فَقَالَ : إِنَّمَا يُكْرَهُ هَذَا لِمَنْ يَنْصِبُهُ وَيَصْنَعُهُ.

(۲۵۷۹۶) حضرت لیث فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت سالم بن عبداللہ کو دیکھا کہ انہوں نے سرخ تکیے پر ٹیک لگا رکھی تھی جس میں تصاویر تھیں۔ میں نے ان سے اس بارے میں سوال کیا تو انہوں نے فرمایا کہ تصویریں اس شخص کے لئے مکروہ ہیں جو انہیں سجائے اور آویزاں کرے۔

(٢٥٧٩٧) حَدَّثَنَا ابْنُ مُبَارَكٍ ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ ، عَنْ أَبِيهِ ؛ أَنَّهُ كَانَ يَتَّكِىءُ عَلَى الْمَرَافِقِ فِيهَا التَّمَاثِيلُ ؛ الطَّيْرُ وَالرِّجَالُ.

(۲۵۷۹۷) حضرت ہشام بن عروہ فرماتے ہیں کہ ان کے والد ایسے تکیوں پر ٹیک لگایا کرتے تھے جن پر پرندوں اور آدمیوں کی تصویریں ہوتی تھیں۔

(٢٥٧٩٨) حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنْ عَلْقَمَةَ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ ، قَالَ : نُبِّئْتُ عَنْ حِطَّانَ بْنِ عَبْدِ اللهِ ، قَالَ : أَتَى عَلَىَّ صَاحِبٌ لِى فَنَادَانِى فَأَشْرَفْتُ عَلَيْهِ ، فَقَالَ : قُرِءَ عَلَيْنَا كِتَابُ أَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ ، يَعْزِمُ عَلَى مَنْ كَانَ فِى بَيْتِهِ سِتْرٌ مَنْصُوبٌ فِيهِ تَصَاوِيرُ لِمَا وَضَعَهُ ، فَكَرِهْتُ أَنْ أَبِيتَ عَاصِيًا ، فَقُمْنَا إِلَى قِرَامٍ لَنَا فَوَضَعْتُهُ ، قَالَ

مُحَمَّدٌ :وَكَانُوا لاَ يَرَوْنَ مَا وُطِءَ وَبُسِطَ مِنَ التَّصَاوِيرِ مِثْلُ الَّذِى نُصِبَ.

(۲۵۷۹۸) حضرت حطان بن عبداللہ فرماتے ہیں کہ میرے پاس ایک دوست آیا اور اس نے مجھے آواز دی، میں نے جھانک کر اسے دیکھا تو اس نے کہا کہ ہمارے سامنے امیر المؤمنین کا ایک خط پڑھا گیا ہے جس میں لکھا تھا کہ جن گھروں میں ایسے پردے ہیں جن پر تصویریں ہیں ان پر لازم ہے کہ ان پردوں کو اتار دیں۔ پس میں نے رات کو گناہ گار ہونے کی حالت میں گزارنا مناسب نہ سمجھا اور ان پردوں کو اُتار دیا۔ حضرت محمد فرماتے ہیں کہ اسلاف بچھائی جانے والی چیزوں پر تصویروں کو مکروہ خیال نہ فرماتے تھے بلکہ آویزاں کی جانے والی چیزوں پر تصویروں کو مکروہ خیال فرماتے تھے۔

(۲۵۷۹۹) حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ ، عَنْ أَيُّوبَ ، عَنْ عِكْرِمَةَ ، قَالَ :كَانَ يُقَالُ فِى التَّصَاوِيرِ فِى الْوَسَائِدِ وَالْبُسُطِ الَّتِى تُوطَأُ :هُوَ ذُل لَهَا.

(۲۵۷۹۹) حضرت عکرمہ ان تصویروں کے بارے میں جو چٹائیوں یا تکیوں پر بنی ہوں فرمایا کرتے تھے کہ یہ ان کی تذلیل ہے۔

(۲۵۸۰۰) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنْ عَاصِمٍ ، عَنْ عِكْرِمَةَ ، قَالَ :كَانُوا يَكْرَهُونَ مَا نُصِبَ مِنَ التَّمَاثِيلِ نَصْبًا ، وَلاَ يَرَوْنَ بَأْسًا بِمَا وُطِئَتِ الأَقْدَامُ.

(۲۵۸۰۰) حضرت عکرمہ فرماتے ہیں کہ اسلاف آویزاں کی جانے والی چیزوں میں تصویر کو مکروہ قرار دیتے تھے لیکن بچھائی جانے والی چیزوں میں تصویر کے ہونے پر کوئی حرج نہ سمجھتے تھے۔

(۲۵۸۰۱) حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ ؛ أَنَّهُ كَانَ لاَ يَرَى بَأْسًا بِمَا وُطِءَ مِنَ التَّصَاوِيرِ.

(۲۵۸۰۱) حضرت ابن سیرین فرماتے ہیں کہ بچھائی جانے والی چیز پر تصویر کے ہونے میں کوئی حرج نہیں۔

(۲۵۸۰۲) حَدَّثَنَا عَبْدُ السَّلاَمِ ، عَنْ لَيْثٍ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ؛ أَنَّهُ كَانَ يَكْرَهُ أَنْ يُصَوَّرَ الشَّجَرُ الْمُثْمِرُ.

(۲۵۸۰۲) حضرت مجاہد پھل دار درخت کی تصویر کو بھی مکروہ قرار دیتے تھے۔

(۲۵۸۰۳) حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ ، قَالَ :كَانَ فِى مَجْلِسِ مُحَمَّدٍ وَسَائِدُ فِيهَا تَمَاثِيلُ عَصَافِيرَ ، فَكَانَ أُنَاسٌ يَقُولُونَ فِى ذَلِكَ ، فَقَالَ مُحَمَّدٌ :إِنَّ هَؤُلاَءِ قَدْ أَكْثَرُوا ، فَلَوْ حَوَّلْتُمُوهَا.

(۲۵۸۰۳) حضرت ابن عون فرماتے ہیں کہ حضرت محمد کی مجلس گاہ میں کچھ تکیے تھے جن پر پرندوں کی تصویریں تھیں، لوگ ان سے اس بارے میں سوال کیا کرتے تھے، حضرت محمد نے فرمایا کہ لوگوں نے اس بارے میں بہت سی باتیں کرنا شروع کر دی ہیں تم انہیں ہٹا ہی دو تو اچھا ہے۔

(۲۵۸۰۴) حَدَّثَنَا ابْنُ يَمَانٍ ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ الأَسْوَدِ ، عَنْ عِكْرِمَةَ بْنِ خَالِدٍ ، قَالَ :لاَ بَأْسَ بِالصُّورَةِ إِذَا كَانَتْ تُوطَأُ.

(۲۵۸۰۴) حضرت خالد فرماتے ہیں کہ بچھائی جانے والی چیز پر تصویر کے ہونے میں کوئی حرج نہیں۔

(۲۵۸۰۵) حَدَّثَنَا ابْنُ يَمَانٍ ، عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ الْمُنْذِرِ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ ، قَالَ :لاَ بَأْسَ بِالصُّورَةِ إِذَا كَانَتْ تُوطَأُ.

(۲۵۸۰۵) حضرت سعید بن جبیر فرماتے ہیں کہ بچھائی جانے والی چیز پر تصویر کے ہونے میں کوئی حرج نہیں۔

(۲۵۸۰۶) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ ، عَنْ عَطَاءٍ ؛ فِي التَّمَاثِيلِ ، مَا كَانَ مَبْسُوطًا يُوطَأُ وَيُبْسَطُ فَلاَ بَأْسَ بِهِ ، وَمَا كَانَ يُنْصَبُ فَإِنِّي أَكْرَهُهَا.

(۲۵۸۰۶) حضرت عطاء فرماتے ہیں کہ بچھائی جانے والی چیز پر تصویر کے ہونے میں کوئی حرج نہیں۔ البتہ آویزاں کی جانے والی چیز میں میں اسے مکروہ سمجھتا ہوں۔

(۲۵۸۰۷) حَدَّثَنَا عَبْدُ الأَعْلَى ، عَنْ مَعْمَرٍ ، عَنِ الزُّهْرِيِّ ؛ أَنَّهُ كَانَ يَكْرَهُ التَّصَاوِيرَ ، مَا نُصِبَ مِنْهَا وَمَا بُسِطَ.

(۲۵۸۰۷) حضرت زہری ہر چیز میں تصویر کو مکروہ سمجھتے تھے خواہ اسے بچھایا جائے یا آویزاں کیا جائے۔

(۲۵۸۰۸) حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنْ أَيُّوبَ ، عَنْ عِكْرِمَةَ ، قَالَ : إِنَّمَا الصُّورَةُ الرَّأْسُ ، فَإِذَا قُطِعَ فَلاَ بَأْسَ.

(۲۵۸۰۸) حضرت عکرمہ فرماتے ہیں کہ تصویر سر کا نام ہے اگر وہ نہ ہو تو کوئی حرج نہیں۔

(۲۵۸۰۹) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ ، عَنْ سَلَمَةَ أَبِي بِشْرٍ ، عَنْ عِكْرِمَةَ ؛ قَوْلِهِ : ﴿الَّذِينَ يُؤْذُونَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ﴾ قَالَ : أَصْحَابُ التَّصَاوِيرِ.

(۲۵۸۰۹) حضرت عکرمہ قرآن مجید کی آیت ﴿الَّذِينَ يُؤْذُونَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ﴾ (جو لوگ اللہ کو اور اس کے رسول کو تکلیف پہنچاتے ہیں) کی تفسیر میں فرماتے ہیں کہ اس سے مراد تصویروں والے لوگ ہیں۔

(۲۵۸۱۰) حَدَّثَنَا أَزْهَرُ ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ ، قَالَ : دَخَلْتُ عَلَى الْقَاسِمِ وَهُوَ بِأَعْلَى مَكَّةَ فِي بَيْتِهِ ، فَرَأَيْتُ فِي بَيْتِهِ حَجَلَةً فِيهَا تَصَاوِيرُ ؛ الْقُنْدُسِ وَالْعُنْقَاءِ.

(۲۵۸۱۰) حضرت ابن عون فرماتے ہیں کہ میں حضرت قاسم کے پاس حاضر ہوا وہ مکہ میں اپنے گھر میں تھے۔ میں نے ان کی خواب گاہ میں دیکھا کہ اس پر دریائی کتے اور عنقاء نامی پرندے کی تصویریں تھیں۔

(۲۵۸۱۱) حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُوسَى ، قَالَ : حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللهِ ، قَالَ : كَانُوا لاَ يَرَوْنَ بِمَا وُطِءَ مِنَ التَّصَاوِيرِ بَأْسًا.

(۲۵۸۱۱) حضرت سالم بن عبداللہ فرماتے ہیں کہ اسلاف ان چیزوں پر تصویروں میں کوئی حرج نہ سمجھتے تھے جنہیں بچھایا جاتا ہو۔

كِتَابُ الأَدبِ

(١) ما ذكِر فِي الرِّفقِ والتّؤدةِ

ان روایات کا بیان جو نرمی اور محبت کرنے کے بارے میں ذکر کی گئیں

حَدَّثنا أَبو بَكْر عَبْد الله بنُ مُحَمَّد بن أبي شَيْبة قَالَ :

(٢٥٨١٢) حدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، وَوَكِيعٌ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ تَمِيمِ بْنِ سَلَمَةَ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ هِلاَلٍ ، عَنْ جَرِيرٍ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :مَنْ يُحْرَمُ الرِّفْقَ يُحْرَمُ الْخَيْرَ.

(مسلم ٢٠٠٣۔ ابو داؤد ٤٧٧٦)

(۲۵۸۱۲) حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص نرمی سے محروم ہے وہ ساری کی ساری بھلائی سے محروم ہے۔

(٢٥٨١٣) حَدَّثَنَا شَرِيكٌ ، عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ شُرَيْحٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ : سَأَلْتُ عَائِشَةَ رضى الله عنها عَنِ الْبَدَاوَةِ فَقَالَتْ : كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَبْدُو إِلَى هَذِهِ التِّلاَعِ ، وَإِنَّهُ أَرَادَ الْبَدَاوَةَ مَرَّةً ، فَأَرْسَلَ إِلَيَّ نَاقَةً مُحَرَّمَةً مِنْ إِبِلِ الصَّدَقَةِ ، فَقَالَ لِي :يَا عَائِشَةُ ، ارْفُقِي فَإِنَّ الرِّفْقَ لَمْ يَكُنْ فِي شَيْءٍ إِلاَّ زَانَهُ ، وَلاَ نُزِعَ مِنْ شَيْءٍ قَطُّ إِلاَّ شَانَهُ. (ابو داؤد ٢٤٧٠۔ احمد ٦/ ٥٨)

(۲۵۸۱۳) حضرت شریح رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے صحرا میں مقام ہونے سے متعلق سوال کیا؟ آپ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان ٹیلوں کی طرف جاتے تھے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مرتبہ صحرا میں جانے کا ارادہ کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے صدقہ کی اونٹنیوں میں سے ایک سرکش اونٹنی میری طرف بھیجی اور مجھ سے فرمایا: اے عائشہ! نرمی اختیار کرو، اس لیے

کہ نرمی جس چیز میں بھی ہوتی ہے اسے خوبصورت بنا دیتی ہے اور کسی چیز سے نرمی نہیں کھینچی جاتی مگر وہ بدصورت ہو جاتی ہے۔

(٢٥٨١٤) حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنْ عَمْرٍو ، عَنِ ابْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ ، عَنْ يَعْلَى بْنِ مَمْلَكٍ ، عَنْ أُمِّ الدَّرْدَاءِ ، عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَنْ أُعْطِيَ حَظَّهُ مِنَ الرِّفْقِ ، أُعْطِيَ حَظَّهُ مِنَ الْخَيْرِ ، وَمَنْ مُنِعَ حَظَّهُ مِنَ الرِّفْقِ ، مُنِعَ حَظَّهُ مِنَ الْخَيْرِ. (بخاری ۴۶۴۔ ترمذی ۲۰۰۲)

(۲۵۸۱۴) حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس شخص کو نرمی میں سے حصہ دیا گیا تو اس کو بھلائی میں سے حصہ دیا گیا۔ اور جس شخص کو نرمی سے محروم رکھا گیا اس کو بھلائی سے محروم رکھا گیا۔

(٢٥٨١٥) حَدَّثَنَا شَرِيكٌ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي إِسْمَاعِيلَ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ هِلَالٍ ، عَنْ جَرِيرٍ ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ : مَنْ يُحْرَمُ الرِّفْقَ يُحْرَمُ الْخَيْرَ.

(۲۵۸۱۵) حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص بھلائی سے محروم رکھا گیا وہ بھلائی سے محروم رکھا گیا۔

(٢٥٨١٦) حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي إِسْمَاعِيلَ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ هِلَالٍ ، عَنْ جَرِيرٍ ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنَحْوِهِ.

(۲۵۸۱۶) حضرت جریر رضی اللہ عنہ سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا مذکورہ ارشاد اس سند سے بھی منقول ہے۔

(٢٥٨١٧) حَدَّثَنَا عَبْدَةُ ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ : بَلَغَنِي أَنَّهُ مَكْتُوبٌ فِي التَّوْرَاةِ ، الرِّفْقُ رَأْسُ الْحِكْمَةِ.

(۲۵۸۱۷) حضرت ہشام رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ان کے والد حضرت عروہ رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: مجھے یہ خبر پہنچی ہے کہ تورات میں یوں لکھا ہوا تھا: نرمی حکمت کی بنیاد ہے۔

(٢٥٨١٨) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، حدثنا ابن أبي خالد ، عَنْ قَيْسٍ ، قَالَ : كَانَ يُقَالُ : مَنْ يُؤْتَى الرِّفْقَ فِي الدُّنْيَا يَنْفَعْهُ فِي الآخِرَةِ.

(۲۵۸۱۸) حضرت ابن ابی خالد رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت قیس رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: یوں بیان کیا جاتا تھا۔ جس شخص کو دنیا میں نرم برتاؤ دیا گیا تو یہ آخرت میں اس کو نفع پہنچائے گا۔

(٢٥٨١٩) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ ثَوْرٍ ، عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : إِنَّ اللَّهَ رَفِيقٌ يُحِبُّ الرِّفْقَ ، وَيُعْطِي عَلَيْهِ ، وَيُعِينُ عَلَيْهِ مَا لاَ يُعِينُ عَلَى الْعُنْفِ.

(۲۵۸۱۹) حضرت خالد بن معدان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک اللہ نرم برتاؤ والے ہیں، نرمی کو پسند فرماتے ہیں۔ اور اس پر اپنی عطاء سے نوازتے ہیں اور نرمی کی صورت میں مدد فرماتے ہیں جو کہ سختی کی صورت میں نہیں فرماتے۔

(٢٥٨٢٠) حَدَّثَنَا عَفَّانُ ، قَالَ : حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ ، عَنْ يُونُسَ وَحُمَيْدٍ ، عَنِ الْحَسَنِ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مُغَفَّلٍ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : إِنَّ اللَّهَ رَفِيقٌ يُحِبُّ الرِّفْقَ وَيَرْضَاهُ . وَيُعْطِي عَلَيْهِ مَا لاَ يُعْطِي

عَلَى الْعُنْفِ. (بخاری ۶۷۲۔ ابوداؤد ۴۷۷۴)

(۲۵۸۲۰) حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: بے شک اللہ نرم برتاؤ والے ہیں اور نرمی کو پسند فرماتے ہیں اور اس سے راضی ہوتے ہیں اور نرمی کی صورت میں جو انعام دیتے ہیں وہ سختی کی صورت میں نہیں عطاء فرماتے۔

(۲۵۸۲۱) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنْ سَعْدِ بْنِ سَعِيدٍ ، عَنِ الزُّهْرِيِّ ، عَنْ رَجُلٍ مِنْ بَلِيّ ، قَالَ :دَخَلْت مَعَ أَبِي عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، فَانْتَجَاهُ دُونِي ، فَقُلْت لَهُ :يَا أَبَتِ ، أَيُّ شَيْءٍ قَالَ لَكَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ؟ فَقَالَ :قَالَ لِي :إذَا هَمَمْت بِالأَمْرِ فَعَلَيْك بِالتُّؤَدَةِ ، حَتَّى يَأْتِيَك اللَّهُ بِالْمَخْرَجِ مِنْ أَمْرِك.

(بخاری ۸۸۸)

(۲۵۸۲۱) امام زہری رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ایک بلوی آدمی فرماتے ہیں کہ میں اپنے والد کے ساتھ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ تو آپ ﷺ نے ان سے سرگوشی فرمائی۔ تو میں نے اپنے والد سے پوچھا: رسول اللہ ﷺ نے آپ ﷺ کو کیا بات کہی؟ تو انہوں نے فرمایا: جب تم کسی کام کا ارادہ کرو تو محبت کرنے کو لازم پکڑ لو یہاں تک کہ اللہ تمہارے معاملہ کا کوئی نہ کوئی حل نکال دے گا۔

(۲۵۸۲۲) حَدَّثَنَا أَبُو الأَحْوَص ، عَنْ سِمَاكٍ ، عَنِ الْحَسَنِ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :إنَّ اللَّهَ تَعَالَى رَفِيقٌ يُحِبُّ الرِّفْقَ ، وَيُعْطِي عَلَيْهِ مَا لاَ يُعْطِي عَلَى الْعُنْفِ.

(۲۵۸۲۲) حضرت حسن رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ نرم برتاؤ کرنے والے ہیں اور نرمی کو پسند فرماتے ہیں اور نرمی کی صورت میں وہ کچھ دیتے ہیں جو سختی کی صورت میں عطا نہیں فرماتے۔

(۲) ما ذكر في حسنِ الخلقِ و كراهيةِ الفحشِ

ان روایات کا بیان جو اچھے اخلاق اور بُرے اخلاق کے مکروہ ہونے کے بارے میں ذکر کی گئیں

(۲۵۸۲۳) حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلاَقَةَ سَمِعَهُ مِنْ أُسَامَةَ بْنِ شَرِيكٍ ، قَالَ :قَالَ رَجُلٌ :يَا رَسُولَ اللهِ ، مَا خَيْرُ مَا أُعْطِيَ الْعَبْدُ ؟ قَالَ :خُلُقٌ حَسَنٌ.

(۲۵۸۲۳) حضرت اسامہ بن شریک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے پوچھا! اے اللہ کے رسول ﷺ! ایک بندے کو سب سے بہترین چیز کیا دی گئی ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ''اچھا اخلاق۔''

(۲۵۸۲٤) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، وَمِسْعَرٍ ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلاَقَةَ ، عَنْ أُسَامَةَ بْنِ شَرِيكٍ ، قَالُوا :يَا رَسُولَ اللهِ، مَا أَفْضَلُ مَا أُعْطِيَ الْمُسْلِمُ ؟ قَالَ :خُلُقٌ حَسَنٌ. (طیالسی ۱۲۳۳۔ طبرانی ۴۷۰)

(۲۵۸۲۴) حضرت اسامہ بن شریک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ لوگوں نے پوچھا: اے اللہ کے رسول ﷺ! مسلمان کو سب سے افضل

چیز کیا مرحمت کی گئی ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اچھا اخلاق۔

(٢٥٨٢٥) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ زَكَرِيَّا بْنِ سِيَاهٍ أَبِي يَحْيَى ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ رِيَاحٍ ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ عُمَارَةَ ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ ، قَالَ : كُنْتُ فِي مَجْلِسٍ فِيهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، وَأَبُو سَمُرَةَ جَالِسٌ أَمَامِي ، فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : إِنَّ الْفُحْشَ وَالتَّفَحُّشَ لَيْسَا مِنَ الإِسْلاَمِ فِي شَيْءٍ ، وَإِنَّ أَحْسَنَ النَّاسِ إِسْلاَمًا أَحْسَنُهُمْ خُلُقًا . (طبرانی ۲۰۷۲)

(۲۵۸۲۵) حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں ایسی مجلس میں تھا جس میں نبی کریم ﷺ بھی موجود تھے۔ اور حضرت ابو سمرہ رضی اللہ عنہ میرے آگے بیٹھے ہوئے تھے۔ پس رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: بے شک بداخلاقی اور بدکلامی دونوں کا اسلام میں کوئی حصہ بھی نہیں، اور لوگوں میں بہترین اسلام والا وہ شخص ہے جو ان میں اچھے اخلاق والا ہے۔

(٢٥٨٢٦) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، وَوَكِيعٌ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ شَقِيقٍ ، عَنْ مَسْرُوقٍ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو ، قَالَ : لَمْ يَكُنْ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاحِشًا ، وَلاَ مُتَفَحِّشًا ، وَكَانَ يَقُولُ : إِنَّ مِنْ خِيَارِكُمْ مَحَاسِنَكُمْ أَخْلاَقًا . (بخاری ۳۵۵۹۔ مسلم ۱۸۱۰)

(۲۵۸۲۶) حضرت مسروق رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: رسول اللہ ﷺ نہ تو بدخلق تھے اور نہ ہی بدکلامی کرنے والے تھے۔ اور فرمایا کرتے تھے: بے شک تم میں سے بہترین لوگ وہ ہیں جو اچھے اخلاق والے ہیں۔

(٢٥٨٢٧) حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : أَكْمَلُ النَّاسِ إِيمَانًا وَأَفْضَلُ الْمُؤْمِنِينَ إِيمَانًا أَحْسَنُهُمْ خُلُقًا ، وَخِيَارُكُمْ خِيَارُكُمْ لِنِسَائِهِمْ . (ابوداؤد ۴۶۵۱۔ احمد ۲/ ۲۵۰)

(۲۵۸۲۷) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: لوگوں میں کامل ترین ایمان والے، اور مؤمنین میں افضل ایمان والے وہ لوگ ہیں جو ان میں سب سے اچھے اخلاق والے ہیں۔ اور تم میں سب سے بہترین وہ لوگ ہیں جو اپنی بیویوں کے لیے اچھے ہیں۔

(٢٥٨٢٨) حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ ، عَنْ خَالِدٍ ، عَنْ أَبِي قِلاَبَةَ ، عَنْ عَائِشَةَ ، قَالَتْ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : أَكْمَلُ الْمُؤْمِنِينَ إِيمَانًا ، أَحْسَنُهُمْ خُلُقًا ، وَأَلْطَفُهُمْ بِأَهْلِهِ . (ترمذی ۲۶۱۲۔ حاکم ۵۳)

(۲۵۸۲۸) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: مومنین میں کامل ترین ایمان والا وہ شخص ہے جو ان سب میں سب سے اچھے اخلاق والا ہو اور اپنے گھر والوں پر سب سے زیادہ مہربان ہو۔

(٢٥٨٢٩) حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ ، عَنْ دَاوُدَ ، عَنْ مَكْحُولٍ ، عَنْ أَبِي ثَعْلَبَةَ الْخُشَنِيِّ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : إِنَّ أَحَبَّكُمْ إِلَيَّ وَأَقْرَبَكُمْ مِنِّي يَوْمَ الْقِيَامَةِ ، أَحَاسِنُكُمْ أَخْلاَقًا ، وَإِنَّ أَبْعَدَكُمْ مِنِّي

وَأَبْغَضَكُمْ إِلَيَّ ، مَسَاوِئُكُمْ أَخْلاَقًا ، الثَّرْثَارُونَ ، الْمُتَشَدِّقُونَ ، الْمُتَفَيْهِقُونَ .(احمد ۴/ ۱۹۳۔ ابن حبان ۴۸۲)

(۲۵۸۲۹) حضرت ابوثعلبہ الخشنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک قیامت کے دن میرے سب سے زیادہ قریب اور سب سے زیادہ محبوب وہ شخص ہوگا جو تم میں سے سب سے زیادہ اچھے اخلاق والا ہوگا۔ اور بے شک مجھ سے دور اور سب سے زیادہ مبغوضی وہ شخص ہوگا جو تم میں برے اخلاق والا، بکواس کرنے والا، فحش کلام کرنے والا، اور تکبر کرنے والا ہوگا۔

(۲۵۸۳۰) حَدَّثَنَا أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمُقْرِءُ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي أَيُّوبَ ، عَنِ ابْنِ عَجْلاَنَ ، عَنِ الْقَعْقَاعِ ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :أَكْمَلُ الْمُؤْمِنِينَ إِيمَانًا أَحْسَنُهُمْ خُلُقًا .

(احمد ۲/ ۵۲۷۔ دارمی ۲۷۹۲)

(۲۵۸۳۰) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مومنین میں کامل ترین ایمان والے وہ لوگ ہیں جو ان میں اچھے اخلاق والے ہیں۔

(۲۵۸۳۱) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ مَعْبَدِ بْنِ خَالِدٍ ، عَنْ حَارِثَةَ بْنِ وَهْبٍ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :لاَ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ الْجَوَّاظُ ، وَلاَ الْجَعْظَرِيُّ ، وَالْجَوَّاظُ :الْفَظُّ الْغَلِيظُ .

(مسلم ۲۱۹۰۔ ابوداؤد ۴۷۶۸)

(۲۵۸۳۱) حضرت حارثہ بن وہب رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بدخلق اور بدکلام جنت میں داخل نہیں ہو گا۔ جواظ سے مراد، بدخو بدکردار ہے۔

(۲۵۸۳۲) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ أَبِي بَزَّةَ ، عَنْ عَطَاءٍ الْكَيْخَارَانِيِّ ، عَنْ أُمِّ الدَّرْدَاءِ ، عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ :مَا مِنْ شَيْءٍ أَثْقَلُ فِي الْمِيزَانِ مِنْ خُلُقٍ حَسَنٍ .

(ابوداؤد ۴۷۶۶۔ احمد ۶/ ۴۴۶)

(۲۵۸۳۲) حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ترازو میں اچھے اخلاق سے زیادہ کوئی چیز وزنی نہیں ہوگی۔

(۲۵۸۳۳) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ أَبِي ثَابِتٍ ، عَنْ مَيْمُونِ بْنِ أَبِي شَبِيبٍ ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ :يَا مُعَاذُ ، وَقَدْ قَالَ وَكِيعٌ بِأَخَرَةٍ :يَا أَبَا ذَرٍّ ، أَتْبِعِ السَّيِّئَةَ الْحَسَنَةَ تَمْحُهَا ، وَخَالِقِ النَّاسَ خُلُقًا حَسَنًا .

(۲۵۸۳۳) حضرت میمون بن ابی شعیب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے معاذ رضی اللہ عنہ، اور حضرت وکیع رحمہ اللہ نے دوسرے موقع پر ارشاد فرمایا: اے ابوذر! برائی کے بعد نیکی کرلیا کرو۔ یہ نیکی برائی کو مٹادے گی۔ اور لوگوں کے ساتھ اچھے اخلاق سے پیش آؤ۔

(٢٥٨٣٤) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ ، عَنْ عُرْوَةَ ، عَنْ عَائِشَةَ ، قَالَتْ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :إِنَّ شِرَارَ النَّاسِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ الَّذِى يُتَّقَى مَخَافَةَ فُحْشِهِ. (بخاری ۶۰۵۴۔ ابو داؤد ۴۷۵۸)

(۲۵۸۳۴) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: بے شک قیامت کے دن بدترین لوگ وہ ہوں گے جن کی فحش باتوں کے ڈر سے بچا جاتا ہے۔

(٢٥٨٣٥) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ أَبِى إِسْحَاقَ ، عَنْ أَبِى الأَحْوَصِ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ ، قَالَ :أَلاَمُ أَخْلاَقِ الْمُؤْمِنِ :الْفُحْشُ.

(۲۵۸۳۵) حضرت ابوالاحوص رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: مومن کا گھٹیا اخلاق فحش گوئی ہے۔

(٢٥٨٣٦) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ ، عَنْ حَكِيمِ بْنِ جَابِرٍ ، قَالَ :قَالَ رَجُلٌ لِرَجُلٍ :أَوْصِنِى ، قَالَ :اتَّبِعِ السَّيِّئَةَ الْحَسَنَةَ تَمْحُهَا ، وَخَالِقِ النَّاسَ خُلُقًا حَسَنًا. (ترمذی ۱۹۸۷)

(۲۵۸۳۶) حضرت حکیم بن جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے دوسرے آدمی سے کہا: مجھے کچھ نصیحت کردو، اس شخص نے کہا: برائی کے بعد نیکی کرلیا کرو یہ نیکی اس برائی کو مٹادے گی۔ اور لوگوں کے ساتھ اچھے اخلاق سے پیش آیا کرو۔

(٢٥٨٣٧) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ عُبَيْدٍ ، قَالَ :كَانَ زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ مِنْ أَفْكَهِ النَّاسِ إِذَا خَلاَ مَعَ أَهْلِهِ ، وَأَزْمَتِهِ إِذَا جَلَسَ مَعَ الْقَوْمِ.

(۲۵۸۳۷) حضرت ثابت بن عبید رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ لوگوں میں سب سے زیادہ خوش طبع ہوتے جب وہ خلوت میں اپنے گھر والوں کے ساتھ ہوتے، اور سب سے زیادہ باوقار اور کم گو تھے جب لوگوں کے ساتھ بیٹھتے۔

(٢٥٨٣٨) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ أَبِى الضُّحَى ، عَنْ مَسْرُوقٍ ، عَنْ عَائِشَةَ ، أَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ لَهَا :يَا عَائِشَةُ ، لاَ تَكُونِى فَاحِشَةً. (مسلم ۱۱۔ احمد ۶/ ۲۲۹)

(۲۵۸۳۸) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے مجھ سے ارشاد فرمایا: اے عائشہ: تم فحش گو مت بنو۔

(٢٥٨٣٩) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، عَنْ زَكَرِيَّا ، عَنْ أَبِى إِسْحَاقَ ، عَنِ الْجَدَلِىِّ أَبِى عَبْدِ اللهِ ، قَالَ :قُلْتُ لِعَائِشَةَ : كَيْفَ كَانَ خُلُقُ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ؟ قَالَتْ :كَانَ أَحْسَنَ النَّاسِ خُلُقًا ، لَمْ يَكُنْ فَاحِشًا ، وَلاَ مُتَفَحِّشًا ، وَلاَ سَخَّابًا فِى الأَسْوَاقِ. (احمد ۶/ ۲۳۶۔ ابن حبان ۶۴۴۳)

(۲۵۸۳۹) حضرت ابوعبداللہ جدلی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا: رسول اللہ ﷺ کے اخلاق کیسے تھے؟ آپ رضی اللہ عنہا نے ارشاد فرمایا: آپ ﷺ لوگوں میں سب سے اچھے اخلاق والے تھے۔ نہ بدکردار تھے اور نہ ہی بدکلام اور نہ ہی بازار میں شور شرابا کرنے والے تھے۔

(٢٥٨٤٠) حَدَّثَنَا أَبُو الأَحْوَصِ ، عَنْ أَبِى إِسْحَاقَ ، عَنْ رَجُلٍ مِنْ جُهَيْنَةَ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ

وَسَلَّمَ :خَيْرُ مَا أُعْطِيَ الْمُؤْمِنُ خُلُقٌ حَسَنٌ ، وَشَرُّ مَا أُعْطِيَ الرَّجُلُ قَلْبٌ سُوءٌ فِي صُورَةٍ حَسَنَةٍ.

(۲۵۸۴۰) قبیلہ جھینہ کے ایک آدمی فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: مومن کو سب سے بہتر چیز جو عطا کی گئی وہ اچھا اخلاق ہے۔ اور سب سے بری چیز جو آدمی کو عطا کی گئی وہ خوبصورت چہرے میں بُرا دل ہے۔

(۲۵۸۴۱) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ الْمِقْدَامِ بْنِ شُرَيْحٍ ، عَنْ أَبِيهِ الْمِقْدَامِ بْنِ شُرَيْحٍ ، عَنْ أَبِيهِ شُرَيْحٍ ، عَنْ جَدِّهِ هَانِءِ بْنِ يَزِيدَ، قَالَ :قُلْتُ :يَا رَسُولَ اللهِ، أَخْبِرْنِي بِشَيْءٍ يُوجِبُ لِي الْجَنَّةَ، قَالَ :عَلَيْكَ بِحُسْنِ الْكَلَامِ، وَبَذْلِ الطَّعَامِ.

(ابو داؤد ۴۹۱۶۔ نسائی ۵۹۴۰)

(۲۵۸۴۱) حضرت ہانئ بن شریح رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول ﷺ! مجھے کوئی ایسی چیز بتلایئے جو میرے لیے جنت کو واجب کر دے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تم پر کلام کی عمدگی اور کھانا کھلانا لازم ہے۔

(۲۵۸۴۲) حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ سَعِيدٍ ، عَنْ جَدِّهِ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :لَنْ تَسَعُوا النَّاسَ بِأَمْوَالِكُمْ فَلْيَسَعْهُمْ مِنْكُمْ بَسْطُ وَجْهٍ ، وَحُسْنُ خُلُقٍ. (بزار ۱۹۷۷)

(۲۵۸۴۲) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم لوگ ہرگز اپنے مالوں کے ذریعہ لوگوں سے مقابلہ مت کرو، پس چاہیے کہ تم ان سے خوشگوار چہرے اور اچھے اخلاق میں مقابلہ کرو۔

(۲۵۸۴۳) حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ ، قَالَ : حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ ، عَنِ الشَّعْبِيِّ ، قَالَ : قَالَ عُمَرُ : حَسَبُ الرَّجُلِ : دِينُهُ ، وَمُرُوءَتُهُ :خُلُقُهُ ، وَأَصْلُهُ :عَقْلُهُ.

(۲۵۸۴۳) امام شعبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: آدمی کا حسب اس کا دین ہے۔ اور اس کی مروت اس کا اخلاق ہے۔ اور اس کی اصل اس کی عقل ہے۔

(۲۵۸۴۴) حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ ، قَالَ :أَخْبَرَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ جُبَيْرٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، أَنَّهُ سَمِعَ النَّوَّاسَ بْنَ سَمْعَانَ الأَنْصَارِيَّ ، قَالَ :سَأَلْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْبِرِّ وَالإِثْمِ قَالَ : الْبِرُّ حُسْنُ الْخُلُقِ ، وَالإِثْمُ مَا حَاكَ فِي نَفْسِكَ ، وَكَرِهْتَ أَنْ يَطَّلِعَ عَلَيْهِ النَّاسُ. (بخاری ۲۹۵۔ مسلم ۱۹۸۰)

(۲۵۸۴۴) حضرت نواس بن سمعان انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے نیکی اور گناہ کے متعلق سوال کیا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: نیکی اچھا اخلاق ہے اور گناہ وہ ہے جو تیرے دل میں کھٹکے اور تم یہ ناپسند کرو کہ لوگ اس پر واقف ہوں۔

(۲۵۸۴۵) حَدَّثَنَا عَفَّانُ ، قَالَ : حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ ، قَالَ : حَدَّثَنَا أَبُو التَّيَّاحِ ، قَالَ : حَدَّثَنَا أَنَسٌ ، قَالَ : كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَحْسَنَ النَّاسِ خُلُقًا. (مسلم ۲۶۷۔ احمد ۳/ ۲۱۲)

(۲۵۸۴۵) حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ لوگوں میں سب سے اچھے اخلاق کے حامل تھے۔

(۲۵۸۴۶) حَدَّثَنَا شَرِيكٌ ، عَنْ خَلَفِ بْنِ حَوْشَبٍ ، عَنْ مَيْمُونِ بْنِ مِهْرَانَ ، قَالَ :قُلْتُ لأُمِّ الدَّرْدَاءِ :ما سَمِعْتِ

مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شيئا ؟ قَالَتْ :نَعَمْ ، دَخَلْت عَلَيْهِ وَهُوَ جَالِسٌ ، أَوْ قَالَتْ فِي الْمَسْجِدِ ، أَوْ ذَكَرَتْ غَيْرَهُ فَسَمِعْته يَقُولُ :أَوَّلُ مَا يُوضَعُ فِي الْمِيزَانِ الْخُلُقُ الْحَسَنُ. (طبرانی ۶۴۷)

(۲۵۸۴۶) حضرت میمون بن مہران رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ام الدرداء رضی اللہ عنہا سے پوچھا: کیا آپ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے کوئی حدیث سنی؟ انہوں نے فرمایا: جی ہاں! میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئی، اس حال میں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم بیٹھے ہوئے تھے یا فرمایا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں تھے یا کوئی اور بات ذکر فرمائی۔ پس میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یوں فرماتے ہوئے سُنا: ترازو میں سب سے پہلے اچھے اخلاق کو رکھا جائے گا۔

(۲۵۸۴۷) حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ :مَكْتُوبٌ فِي التَّوْرَاةِ :يَكُونُ وَجْهُك بَسْطًا وَكَلِمَتُك طَيِّبَةً تَكُونُ أَحَبَّ إِلَى النَّاسِ مِنَ الَّذِينَ يُعْطُونَهُمُ الْعَطَاءَ.

(۲۵۸۴۷) حضرت ہشام بن عروہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ان کے والد حضرت عروہ رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: تورات میں یوں لکھا ہے کہ آدمی کو چاہیے کہ اس کا چہرہ خوشگوار ہو اور اس کی بات پاکیزہ ہو۔ تو وہ لوگوں کے نزدیک سب سے زیادہ محبوب ہو جائے گا جس کو وہ انعام سے نوازتے ہیں۔

(۳) ما ذكر في الحياء وما جاء فيه

ان روایات کا بیان جو حیا اور اس کی فضیلت کے بارے میں ذکر کی گئیں

(۲۵۸۴۸) حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ سُهَيْلٍ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ دِينَارٍ ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :الإِيمَانُ بِضْعٌ وَسِتُّونَ بَابًا ، أَوْ بِضْعٌ وَسَبْعُونَ بَابًا أَعْظَمُهَا لَا إِلَهَ إِلاَّ اللَّهُ ، وَأَدْنَاهَا إِمَاطَةُ الأَذَى عَنِ الطَّرِيقِ، وَالْحَيَاءُ شُعْبَةٌ مِنَ الإِيمَانِ. (بخاری ۹۔ مسلم ۵۸)

(۲۵۸۴۸) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ایمان کے ساٹھ سے اوپر دروازے ہیں، یا فرمایا: ایمان کے ستر سے کچھ اوپر دروازے ہیں۔ ان میں سب سے عظیم ترین! لا اله الا الله کا کہنا ہے۔ اور سب سے ادنی ترین! راستہ سے تکلیف دہ چیز کا ہٹا دینا ہے۔ اور حیا بھی ایمان کا ایک شعبہ ہے۔

(۲۵۸۴۹) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنِ الزُّهْرِيِّ ، عَنْ سَالِمٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، أنه قَالَ سَمِعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلاً يَعِظُ أَخَاهُ فِي الْحَيَاءِ ، فَقَالَ :الْحَيَاءُ مِنَ الإِيمَانِ. (مسلم ۵۹۔ احمد ۲/ ۹)

(۲۵۸۴۹) حضرت سالم رحمہ اللہ اپنے والد سے نقل فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک آدمی کو سنا کہ وہ اپنے بھائی کو حیا کے بارے میں نصیحت کر رہا تھا۔ اس پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: حیاء ایمان میں سے ہے۔

(۲۵۸۵۰) حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ الأَحْمَرُ ، عَنِ ابْنِ عَجْلاَنَ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ دِينَارٍ ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ،

قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :الْحَيَاءُ شُعْبَةٌ مِنَ الإِيمَانِ. (ابن ماجه ۵۷۔ نسائی ۱۱۷۳۷)

(۲۵۸۵۰) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: حیا ایمان کا ایک شعبہ ہے۔

(۲۵۸۵۱) حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنْ يُونُسَ ، قَالَ :ذَكَرَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ أَبِي بَكْرَةَ ، قَالَ :قَالَ أَشَجُّ بَنِي عَصَرَ :قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :إِنَّ فِيكَ لَخُلُقَيْنِ يُحِبُّهُمَا اللَّهُ ، قَالَ :قُلْتُ :مَا هُمَا ؟ قَالَ :الْحِلْمُ وَالْحَيَاءُ ، قَالَ :قُلْتُ :أَقَدِيمًا كَانَ أَوْ حَدِيثًا ؟ قَالَ :لاَ بَلْ قَدِيمًا ، قُلْتُ :الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي جَبَلَنِي عَلَى خُلُقَيْنِ يُحِبُّهُمَا اللَّهُ. (نسائی ۵۴۴۶۔ احمد ۴/ ۲۰۶)

(۲۵۸۵۱) حضرت اشج بنو عصر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک تمہارے میں دو خصلتیں ایسی ہیں اللہ جن سے محبت فرماتے ہیں۔ راوی کہتے ہیں: میں نے پوچھا: وہ دونوں کیا ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عجز وانکساری اور حیا۔ میں نے پوچھا: یہ پرانی ہیں یا جدید؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نہیں بلکہ پرانی ہیں، میں نے کہا: سب تعریفیں اس اللہ کے لیے ہیں جس نے میری فطرت میں دو خصلتیں رکھیں جو اللہ کو محبوب ہیں۔

(۲۵۸۵۲) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ خَالِدِ بْنِ رَبَاحٍ ، عَنْ أَبِي السَّوَّارِ ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :الْحَيَاءُ خَيْرٌ كُلُّهُ. (بخاری ۶۱۱۷۔ احمد ۴/ ۴۲۶)

(۲۵۸۵۲) حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: حیا ساری کی ساری بھلائی ہے۔

(۲۵۸۵۳) حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ حَبِيبٍ ، عَنْ مَيْمُونِ بْنِ أَبِي شَبِيبٍ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الْحَيِيَّ الْحَلِيمَ المتعفف، وَيُبْغِضُ الْفَاحِشَ الْبَذِيءَ السَّائِلَ الْمُلْحِفَ.

(۲۵۸۵۳) حضرت میمون بن ابی شبیب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک اللہ حیادار، بردبار، سفید پوش کو پسند فرماتے ہیں۔ اور فحش کلام کرنے والے، اور لوگوں سے چمٹ کر مانگنے والے کو مبغوض رکھتے ہیں۔

(۲۵۸۵۴) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :الْحَيَاءُ مِنَ الإِيمَانِ ، وَالإِيمَانُ فِي الْجَنَّةِ ، وَالْبَذَاءُ مِنَ الْجَفَاءِ ، وَالْجَفَاءُ فِي النَّارِ.

(ترمذی ۲۰۰۹۔ احمد ۲/ ۵۰۱)

(۲۵۸۵۴) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: حیاء ایمان میں سے ہے۔ اور ایمان جنت میں ہوگا۔ اور بدگوئی

(۲۵۸۵۵) حَدَّثَنَا شَبَابَةُ ، قَالَ :حَدَّثَنَا شُعْبَةُ ، عَنْ قَتَادَةَ ، عَنْ مَوْلًى لأَنَسٍ يُقَالُ لَهُ عَبْدُ اللهِ ، قَالَ :سَمِعْتُ أَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ يَقُولُ :كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَشَدَّ حَيَاءً مِنْ عَذْرَاءَ فِي خِدْرِهَا ، وَكَانَ إِذَا كَرِهَ شَيْئًا عَرَفْنَاهُ فِي وَجْهِهِ. (بخاری ۳۵۶۲۔ احمد ۳/ ۹۱)

(۲۵۸۵۵) حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم زیادہ حیادار تھے باکرہ عورت سے اس کی شرم میں۔ اور جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کسی چیز کو ناپسند سمجھتے تو ہم آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرے میں اس کے اثرات پہچان لیتے۔

(۲۵۸۵٦) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ ، عَنْ قَيْسٍ ، قَالَ : دَخَلَ عُيَيْنَةُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ يَسْتَأْذِنْ ، فَقَالَتْ عَائِشَةُ : يَا رَسُولَ اللهِ ، مَنْ هَذَا ؟ قَالَ : هَذَا أَحْمَقُ مُطَاعٌ فِي قَوْمِهِ ، قَالَ : ثُمَّ أُتِيَ بِشَرَابٍ فَاسْتَتَرَ ، ثُمَّ شَرِبَ فَقَالَ : يَا رَسُولَ اللهِ ، مَا هَذَا ؟ قَالَ : هَذَا الْحَيَاءُ خُلَّةٌ فِيهِمْ أُعْطُوهَا وَمُنِعتموها .

(۲۵۸۵۶) حضرت قیس رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عیینہ رحمہ اللہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آنا چاہا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان کو اجازت نہیں دی۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے پوچھا: اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! یہ کون شخص ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ بے وقوف ہے جس کی قوم میں اطاعت کی جاتی ہے۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پینے کی کوئی چیز لائی گئی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو چھپا کر نوش فرمایا، تو وہ شخص کہنے لگا: یہ کیا طریقہ ہے؟ اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ حیا ان کے درمیان ایک خصلت ہے جو ان لوگوں کو عطا کی گئی ہے۔ اور تمہیں اس سے محروم رکھا گیا ہے۔

(۲۵۸۵۷) حَدَّثَنَا شَرِيكٌ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنْ رِبْعِيٍّ ، عَنْ أَبِي مَسْعُودٍ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : آخِرُ مَا أَدْرَكَ النَّاسُ مِنْ كَلاَمِ النُّبُوَّةِ : إِذَا لَمْ تَسْتَحْيِ فَافْعَلْ مَا شِئْتَ . (بخاری ۳۴۸۳۔ احمد ۴/ ۱۲۲)

(۲۵۸۵۷) حضرت ابومسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: آخری بات جو لوگوں نے کلام نبوت سے حاصل کی وہ یہ ہے: جب تم حیا نہ کرو تو جو چاہے کرو۔

(۲۵۸۵۸) حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ ، عَنِ الأَحْوَصِ بْنِ حَكِيمٍ ، عَنْ أَبِي عَوْنٍ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : قِلَّةُ الْحَيَاءِ كُفْرٌ .

(۲۵۸۵۸) حضرت سعید بن مسیب رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: حیا کا تھوڑا ہونا کفر ہے۔

(۲۵۸۵۹) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ جَرِيرٍ ، عَنْ يَعْلَى بْنِ حَكِيمٍ ، قَالَ : أَكْثَرُ ظَنِّي أَنَّهُ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ ، قَالَ : قَالَ ابْنُ عُمَرَ : إِنَّ الْحَيَاءَ وَالإِيمَانَ قُرِنَا جَمِيعًا ، فَإِذَا رُفِعَ أَحَدُهُمَا رُفِعَ الآخَرُ . (حاکم ۲۲)

(۲۵۸۵۹) حضرت سعید بن جبیر رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: یقیناً حیا اور ایمان دونوں اکٹھے ملے ہوئے ہیں، پس جب ان میں سے ایک اٹھتا ہے تو دوسرا بھی اُٹھ جاتا ہے۔

(۲۵۸٦۰) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ ، عَنْ حُصَيْنٍ ، عَنْ بَكْرٍ ، قَالَ : الْحَيَاءُ مِنَ الإِيمَانِ ، وَالإِيمَانُ فِي الْجَنَّةِ ، وَالْبَذَاءُ مِنَ الْجَفَاءِ ، وَالْجَفَاءُ فِي النَّارِ .

(۲۵۸۶۰) حضرت حصین رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت بکر رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: حیاء ایمان میں سے ہے اور ایمان جنت میں ہوگا۔ بے حیائی جفا ہے اور جفا جہنم میں لے جاتی ہے۔

(٢٥٨٦١) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ شَرِيكٍ ، عَنْ سَالِمٍ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ (وَسَيِّدًا) ، قَالَ :الْحَلِيمُ.

(۲۵۸۶۱) حضرت سالم رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ کہ سورۃ آل عمران کی آیت میں سَيِّدًا سے مراد بردبار ہے۔

(٢٥٨٦٢) حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ ، قَالَ :أَخْبَرَنِي مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ ، قَالَ :أَخْبَرَنِي سَلَمَةُ بْنُ صَفْوَانَ ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ طَلْحَةَ بْنِ رُكَانَةَ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :إِنَّ لِكُلِّ شَيْءٍ خُلُقًا ، وَخُلُقُ الإِيمَانِ الْحَيَاءُ. (ابن ماجه ۴۱۸۱)

(۲۵۸۶۲) حضرت یزید بن طلحہ بن رکانہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک ہر چیز کا کوئی نہ کوئی خلق ہوتا ہے اور ایمان کا خلق حیا ہے۔

(٢٥٨٦٣) حَدَّثَنَا حَفْصٌ ، عَنِ الأَشْعَثِ ، عَنِ الْحَسَنِ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :إِنَّ مِنَ الْحَيَاءِ ضَعْفًا ، وَإِنَّ مِنْهُ وَقَارًا لِلَّهِ.

(۲۵۸۶۳) حضرت حسن رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: حیا کی ایک قسم کمزوری کا سبب ہے اور ایک قسم اللہ کی طرف سے ملنے والی عزت کا سبب ہے۔

(٤) ما ذكر في الرحمة من الثواب

ان روایات کا بیان جو رحم کے ثواب کے بارے میں ذکر کی گئیں

(٢٥٨٦٤) حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ ، عَنْ أَبِي قَابُوسَ مَوْلَى لِعَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو يَبْلُغُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :الرَّاحِمُونَ يَرْحَمُهُمُ الرَّحْمَانُ ، ارْحَمُوا من فى الأَرْضِ يَرْحَمُكُمْ مَنْ فِي السَّمَاءِ. (ابو داؤد ۴۹۰۲۔ ترمذی ۱۹۲۴)

(۲۵۸۶۴) حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: رحم کرنے والوں پر رحمٰن بھی رحم فرماتا ہے، تم لوگ زمین میں رہنے والوں پر رحم کھاؤ، آسمان والا بھی تم پر رحم کرے گا۔

(٢٥٨٦٥) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنْ عَمْرٍو ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ ، عَنْ جَرِيرٍ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :لاَ يَرْحَمُ اللَّهُ مَنْ لاَ يَرْحَمُ النَّاسَ. (مسلم ۱۸۰۹)

(۲۵۸۶۵) حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ اس شخص پر رحم نہیں کرتا جو لوگوں پر رحم نہیں کرتا۔

(٢٥٨٦٦) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ أَبِي ظَبْيَانَ ، عَنْ جَرِيرٍ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :لاَ يَرْحَمُ اللَّهُ مَنْ لاَ يَرْحَمُ النَّاسَ.

(۲۵۸۶۶) حضرت جریر رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ اس شخص پر رحم نہیں کرتا جو لوگوں پر رحم نہیں کرتا۔

(٢٥٨٦٧) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ ، عَنْ جَرِيرٍ ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِهِ. (بخاری ٧٦ ٧٣ـ ترمذی ١٩٢٢)

(۲۵۸۶۷) حضرت جریر رضی اللہ عنہ سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا مذکورہ ارشاد اس سند سے بھی منقول ہے۔

(٢٥٨٦٨) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنِ ابْنِ أَبِي نَجِيحٍ ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عَامِرٍ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو يَرْوِيهِ ، قَالَ : مَنْ لَمْ يَرْحَمْ صَغِيرَنَا ، وَيَعْرِفْ حَقَّ كَبِيرِنَا ، فَلَيْسَ مِنَّا. (ابوداؤد ٤٩٠٤ـ احمد ٢/ ٢٢٢)

(۲۵۸۶۸) حضرت عبیداللہ بن عامر رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آپ رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: جو شخص ہمارے چھوٹوں پر رحم نہیں کرتا اور ہمارے بڑوں کا حق نہیں پہچانتا، پس وہ ہم میں سے نہیں۔

(٢٥٨٦٩) حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ مَوْلَى الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، قَالَ : سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصَّادِقَ الْمَصْدُوقَ أَبَا الْقَاسِمِ ، صَاحِبَ هَذِهِ الْحُجْرَةِ : لاَ تُنْزَعُ الرَّحْمَةُ إِلاَّ مِنْ شَقِيٍّ ، قَالَ شُعْبَةُ : وَجَدْته مَكْتُوبًا عِنْدِي. (احمد ٢/ ٣٠١ـ طیالسی ٢٥٢٩)

(۲۵۸۶۹) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے ابو القاسم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جو کہ صادق و مصدوق ہیں اور اس حجرے والے ہیں کو فرماتے ہوئے سنا: رحمت نہیں چھینی جاتی مگر بد بخت سے، حضرت شعبہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں: میں نے اس روایت کو اپنے پاس لکھا ہوا بھی پایا۔

(٢٥٨٧٠) حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنْ زِيَادِ بْنِ مِخْرَاقٍ ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ ، عَنْ أَبِيهِ ، أَنَّ رَجُلاً ، قَالَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : إِنِّي لأَذْبَحُ الشَّاةَ وَأَنا أَرْحَمُهَا ، أَوْ قَالَ : إِنِّي لأَرْحَمُ الشَّاةَ إِذَا ذَبَحْتهَا ، فَقَالَ : إِنَّ الشَّاةَ إِنْ رَحِمْتهَا رَحِمَك اللَّهُ مَرَّتَيْنِ. (بخاری ٣٧٣ـ احمد ٣/ ٤٣٦)

(۲۵۸۷۰) حضرت قرہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا: میں نے بکری کو ذبح کیا اس حال میں کہ میں نے اس پر بہت رحم کھایا یا یوں عرض کیا: یقیناً میں نے بکری پر بہت رحم کھایا جب میں نے اس کو ذبح کیا۔ اس پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک اگر تو نے بکری پر رحم کھایا تو اللہ تجھ پر رحم کرے گا۔ آپ نے دو مرتبہ یہ ارشاد فرمایا۔

(٢٥٨٧١) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ قُرَّةَ بْنِ خَالِدٍ السَّدُوسِيِّ ، عَنْ أَبِي الْعَلاَءِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ الشِّخِّيرِ ، عَنْ أَخِيهِ مُطَرِّفِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ الشِّخِّيرِ ، قَالَ : إِنَّ اللَّهَ لَيَرْحَم بِرَحْمَةِ الْعُصْفُورِ.

(۲۵۸۷۱) حضرت ابو العلاء بن عبداللہ بن الشخیر رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ان کے بھائی حضرت مطرف بن عبداللہ بن الشخیر رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: یقیناً اللہ رحم کرتا چڑیا پر رحم کرنے سے۔

(٢٥٨٧٢) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، وَعَبْدُ اللهِ بْنُ نُمَيْرٍ ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ ، عَنْ قَيْسٍ ، عَنْ جَرِيرٍ ، قَالَ : قَالَ رَسُول اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لاَ يَرْحَمُ اللَّهُ مَنْ لاَ يَرْحَمُ النَّاسَ.

(۲۵۸۷۲) حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ اس شخص پر رحم نہیں کرتا جو لوگوں پر رحم نہیں کرتا۔

(۲۵۸۷۳) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، قَالَ : أَخْبَرَنَا الأَعْمَشُ ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ ، قَالَ : قَالَ عَبْدُ اللهِ ارْحَمْ مَنْ فِي الأَرْضِ يَرْحَمْكَ مَنْ فِي السَّمَاءِ.

(۲۵۸۷۳) حضرت ابوعبیدہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: تو زمین والوں پر رحم کر آسمان والا تجھ پر رحم کرے گا۔

(۲۵۸۷٤) حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: بَلَغَنِي، أَنَّهُ مَكْتُوبٌ فِي التَّوْرَاةِ كَمَا تَرْحَمُونَ تُرْحَمُونَ.

(۲۵۸۷۴) حضرت ہشام بن عروہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ اُن کے والد حضرت عروہ رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: بے شک تورات میں لکھا ہوا ہے کہ جیسے تم رحم کرو گے تم پر رحم کیا جائے گا۔

(۲۵۸۷۵) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنْ عَاصِمٍ ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ ، عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : إِنَّمَا يَرْحَمُ اللَّهُ مِنْ عِبَادِهِ الرُّحَمَاءَ.

(۲۵۸۷۵) حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک اللہ اپنے رحم کرنے والے بندوں پر رحم کرتا ہے۔

(۲۵۸۷٦) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ وعلى بن هَاشِمٍ ، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى ، عَنْ عَطَاءٍ ، عَنْ جَابِرٍ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَنْ لاَ يَرْحَمْ لاَ يُرْحَمْ.

(۲۵۸۷۶) حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص رحم نہیں کرتا اس پر رحم نہیں کیا جاتا۔

(٥) ما لاَ ينبغِي مِن هجرانِ الرّجلِ أخاه

اس بات کا بیان کہ آدمی کے لئے مناسب نہیں کہ وہ اپنے بھائی سے قطع تعلق کرے

(۲۵۸۷۷) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنِ الزُّهْرِيِّ ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيدَ ، عَنْ أَبِي أَيُّوبَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ : لاَ يَحِلُّ لِمُسْلِمٍ أَنْ يَهْجُرَ أَخَاهُ فَوْقَ ثَلاَثٍ ، يَلْتَقِيَانِ فَيَصُدُّ هَذَا وَيَصُدُّ هَذَا ، وَخَيْرُهُمَا الَّذِي يَبْدَأُ بِالسَّلاَمِ. (مسلم ۱۹۸۴۔ ترمذی ۱۹۳۲)

(۲۵۸۷۷) حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کسی مسلمان کے لیے جائز نہیں کہ وہ اپنے بھائی سے تین دن سے زیادہ قطع تعلق کرے۔ وہ دونوں آپس میں ملیں تو یہ اُس سے اعراض کرے اور وہ اِس سے اعراض کرے اور ان دونوں میں بہتر وہ ہے جو سلام میں پہل کرلے۔

(۲۵۸۷۸) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ ، عَنْ إسرائيل ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سَعْدٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنِ النَّبِيِّ

صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ :لاَ يَحِلُّ لِمُسْلِمٍ أَنْ يَهْجُرَ أَخَاهُ فَوْقَ ثَلاَثٍ. (بخاری ۲۴۶۔ ابویعلی ۷۱۶)

(۲۵۸۷۸) حضرت سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کسی مسلمان کے لیے جائز نہیں کہ وہ اپنے بھائی سے تین دن سے زیادہ تک قطع تعلق کرے۔

(۲۵۸۷۹) حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ ، عَنْ أَبِى الأَحْوَصِ ، قَالَ :قَالَ عَبْدُ اللهِ :لاَ هِجْرَةَ بَيْنَ الْمُسْلِمَيْنِ فَوْقَ ثَلاَثٍ.

(۲۵۸۷۹) حضرت ابوالاحوص رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: دو مسلمانوں کے درمیان تین دن سے زیادہ قطع تعلق جائز نہیں۔

(۲۵۸۸۰) حَدَّثَنَا أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمُقْرِءُ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِى أَيُّوبَ ، عَنْ خَالِدِ بْنِ يَزِيدَ ، عَنْ عَامِرِ بْنِ يَحْيَى الْمَعَافِرِىِّ ، عَنْ فَضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ صَاحِبِ النَّبِىِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، عَنِ النَّبِىِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ :مَنْ هَاجَرَ أَخَاهُ فَوْقَ ثَلاَثٍ ، فَهُوَ فِى النَّارِ إِلاَّ أَنْ يَتَدَارَكَهُ اللَّهُ مِنْهُ بِتَوْبَةٍ.

(۲۵۸۸۰) حضرت عامر بن یحییٰ معافری رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت فضالہ بن عبید نے جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی رضی اللہ عنہ ہیں ارشاد فرمایا: جو شخص اپنے بھائی سے تین دن سے زائد قطع تعلق کرتا ہے تو وہ جہنم میں ہوگا مگر یہ کہ وہ اس بات کا تدارک توبہ کے ذریعہ کرلے۔

(۲۵۸۸۱) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ حُسَيْنٍ ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِىِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ :أَلاَ لاَ تَبَاغَضُوا، وَلاَ تَحَاسَدُوا، وَلاَ تَدَابَرُوا، وَكُونُوا عِبَادَ اللهِ إِخْوَانًا، وَلاَ يَهْجُرَنَّ أَحَدُكُمْ أَخَاهُ فَوْقَ ثَلاَثَةِ أَيَّامٍ.

(بخاری ۶۰۶۵۔ مسلم ۱۹۸۳)

(۲۵۸۸۱) حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: خبردار! تم آپس میں بغض مت رکھو، اور تم حسد مت کرو، اور نہ ایک دوسرے سے پیٹھ پھیرو، اور اللہ کے بندو! بھائی بھائی بن جاؤ اور تم میں سے کوئی بھی اپنے بھائی سے تین دن سے زائد تک قطع تعلق مت کرے۔

(۲۵۸۸۲) حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ الْقُرَشِىُّ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ خُمَيْرٍ ، قَالَ :سَمِعْتُ سُلَيْمَ بْنَ عَامِرٍ يُحَدِّثُ عَنْ أَوْسَطَ بْنِ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَوْسَطَ ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا بَكْرٍ يَقُولُ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :لاَ تَحَاسَدُوا ، وَلاَ تَبَاغَضُوا ، وَلاَ تَقَاطَعُوا ، وَلاَ تَدَابَرُوا ، وَكُونُوا عِبَادَ اللهِ إِخْوَانًا.

(ابن ماجه ۳۸۴۹۔ طیالسی ۵)

(۲۵۸۸۲) حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم لوگ آپس میں حسد مت کرو، اور نہ ہی قطع تعلق کرو، اور نہ ایک دوسرے سے پیٹھ پھیرو، اور اللہ کے بندو! بھائی بھائی بن جاؤ۔

(٢٥٨٨٣) حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ يُوسُفَ ، عَنِ التَّيْمِيِّ ، عَنْ أَنَسٍ ، قَالَ : لاَ هِجْرَةَ بَيْنَ الْمُسْلِمَيْنِ فَوْقَ ثَلاَثٍ.

(۲۵۸۸۳) حضرت تیمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: دو مسلمانوں کے درمیان تین دن سے زائد قطع تعلقی جائز نہیں ہے۔

(٢٥٨٨٤) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ شَابُورَ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ، قَالَ : مَرَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَوْمٍ يَجُرُّونَ حَجَرًا فَقَالَ : مَا هَذِهِ ؟ قَالُوا : حَجَرُ الأَشِدَّاءِ ، قَالَ : أَلاَ أُخْبِرُكُمْ بِأَشَدَّ مِنْ هَذَا ؟ الَّذِي يَكُونُ بَيْنَهُ وَبَيْنَ أَخِيهِ فَيَغْلِبُ شَيْطَانُهُ فَيَأْتِيهِ فَيُكَلِّمُهُ. (بزار ۲۰۵۳)

(۲۵۸۸۴) حضرت مجاہد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم چند لوگوں کے پاس سے گزرے جو ایک پتھر کھینچ رہے تھے۔ آپ رضی اللہ عنہ نے پوچھا: یہ کیا ہے؟ انہوں نے عرض کیا: بہت زیادہ بھاری پتھر ہے! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا میں تمہیں اس سے بھی زیادہ سخت چیز کے بارے میں نہ بتلاؤں؟ وہ یہ ہے کہ دو بھائیوں کے درمیان قطع تعلقی ہو، پس وہ شیطان پر غالب آجاتا ہے کہ وہ اپنے بھائی کے پاس آتا ہے اور اس سے بات شروع کرتا ہے۔

(٢٥٨٨٥) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ ، عَنْ قَيْسٍ ، قَالَ : قَالَ عُمَرُ : لاَ يَحِلُّ لِمُسْلِمٍ أَنْ يَهْجُرَ أَخَاهُ فَوْقَ ثَلاَثَةِ أَيَّامٍ.

(۲۵۸۸۵) حضرت قیس رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: کسی مسلمان کے لیے جائز نہیں کہ وہ اپنے بھائی سے تین دن سے زائد تک قطع تعلق رکھے۔

(٢٥٨٨٦) حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ هِلاَلٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لاَ يَحِلُّ لِمُسْلِمٍ أَنْ يَهْجُرَ أَخَاهُ فَوْقَ ثَلاَثٍ. (مسلم ۱۹۸۴۔ ابو داؤد ۴۸۷۸)

(۲۵۸۸۶) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کسی مسلمان کے لیے جائز نہیں ہے کہ وہ اپنے بھائی سے تین دن سے زائد تک قطع تعلقی رکھے۔

(٦) ما ذكر في الغضب مما يقوله الرجل

ان روایات کا بیان جو غصہ کے بارے میں ہیں، اور آدمی غصہ میں کیا کہے

(٢٥٨٨٧) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ سُوَيْدٍ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَا تَعُدُّونَ الصُّرَعَةَ فِيكُمْ ؟ قَالَ : الَّذِي لاَ يَصْرَعُهُ الرِّجَالُ ، قَالَ : لاَ وَلَكِنَّهُ الَّذِي يَمْلِكُ نَفْسَهُ عِنْدَ الْغَضَبِ. (مسلم ۲۰۱۴۔ ابو داؤد ۴۷۴۶)

(۲۵۸۸۷) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم لوگ پہلوان کسے کہتے ہو؟ صحابہ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: وہ شخص جسے بہت سے آدمی بھی نہ پچھاڑ سکیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نہیں، بلکہ وہ شخص جو غصہ کے وقت

اپنے نفس کو قابو رکھے وہ اصل پہلوان ہے۔

(٢٥٨٨٨) حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ ، عَنْ لَيْثٍ ، عَنْ طَاوُوسٍ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :يَسِّرُوا ، وَلاَ تُعَسِّرُوا ، قَالَهَا ثَلاَثًا فَإِذَا غَضِبْتَ فَاسْكُتْ. (بزار ۱۵۲)

(۲۵۸۸۸) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم لوگ آسانی پیدا کرو، مشکل پیدا مت کرو، یہ بات آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین مرتبہ ارشاد فرمائی، پھر فرمایا: پس جب تجھے غصہ آجائے تو خاموش ہو جا۔

(٢٥٨٨٩) حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنِ الأَحْنَفِ بْنِ قَيْسٍ ، عَنِ ابْنِ عَمٍّ لَهُ مِنْ تَمِيمٍ ، عَنْ جَارِيَةَ بْنِ قُدَامَةَ ، أَنَّهُ قَالَ :يَا رَسُولَ اللهِ ، قُلْ لِي قَوْلاً وَأَقِلَّ لَعَلِّي أَعِيهِ ، قَالَ :لاَ تَغْضَبْ ، فَأَعَادَ عَلَيْهِ مِرَارًا كُلَّ ذَلِكَ يَقُولُ :لاَ تَغْضَبْ. (احمد ۳/ ۴۸۴)

(۲۵۸۸۹) حضرت جاریہ بن قدامہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! مجھے کچھ نصیحت کر دیں اور مختصر نصیحت ہو تا کہ میں اس کو محفوظ کر سکوں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو غصہ مت کیا کر، آپ رضی اللہ عنہ نے بار بار اپنا سوال دہرایا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر بار یہی بات ارشاد فرمائی: تو غصہ مت کیا کر۔

(٢٥٨٩٠) حَدَّثَنَا عَبْدَةُ ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنِ الأَحْنَفِ بْنِ قَيْسٍ ، عَنْ جَارِيَةَ بْنِ قُدَامَةَ ، عَنِ ابْنِ عَمٍّ لَهُ مِنْ بَنِي تَمِيمٍ ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، مِثْلَهُ. (طبرانی ۲۱۰۴)

(۲۵۸۹۰) نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا مذکورہ ارشاد اس سند سے بھی منقول ہے۔

(٢٥٨٩١) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ صُرَدٍ ، قَالَ :اسْتَبَّ رَجُلاَنِ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَعَلَ أَحَدُهُمَا تَحْمَرُّ عَيْنَاهُ وَتَنْتَفِخُ أَوْدَاجُهُ ، فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :إِنِّي لأَعْرِفُ كَلِمَةً لَوْ قَالَهَا هَذَا لَذَهَبَ عَنْهُ الَّذِي يَجِدُ :أَعُوذُ بِاللَّهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ فَقَالَ : الرَّجُلُ :وَهَلْ تَرَى بِي مِنْ جُنُونٍ. (مسلم ۲۰۱۵۔ ابوداؤد ۴۷۸۱)

(۲۵۸۹۱) حضرت سلیمان بن صرد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ دو آدمیوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک دوسرے کو سب وشتم کیا پس ان دونوں میں سے ایک کی آنکھیں سرخ ہو گئیں اور اس کی گردن کی رگیں پھول گئیں۔ اس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں ایک ایسا کلمہ جانتا ہوں کہ اگر یہ شخص اس کو پڑھ لے تو اس کا غصہ ختم ہو جائے۔ وہ کلمہ یہ ہے: أَعُوذُ بِاللَّهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ۔ میں اللہ کی پناہ مانگتا ہوں شیطان مردود سے، پس وہ آدمی کہنے لگا کیا تم مجھے مجنون سمجھتے ہو؟

(٢٥٨٩٢) حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ ، عَنْ زَائِدَةَ ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى ، عَنْ مُعَاذٍ ، قَالَ :اسْتَبَّ رَجُلاَنِ عِنْدَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَغَضِبَ أَحَدُهُمَا غَضَبًا شَدِيدًا حَتَّى أَنَّهُ لَيُخَيَّلُ إِلَيَّ أَنَّ أَنْفَهُ يَتَمَزَّعُ ، فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :إِنِّي لأَعْرِفُ كَلِمَةً لَوْ قَالَهَا هَذَا

الْغَضْبَانُ لَذَهَبَ غَضَبُهُ :أَعُوذُ بِاللَّهِ الْعَظِيمِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ. (ابوداؤد ۴۷۸۴۔ ترمذی ۳۴۵۲)

(۲۵۸۹۲) حضرت معاذ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ دو آدمیوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک دوسرے کو گالیاں دیں، پس ان میں سے ایک کو بہت سخت غصہ آ گیا یہاں تک کہ مجھے خیال آنے لگا کہ کہیں غصہ سے اس کی ناک ہی نہ پھٹ پڑے اس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں ایک ایسا کلمہ جانتا ہوں اگر یہ غصہ میں مبتلا شخص اس کلمہ کو پڑھ لے تو اس کا غصہ ختم ہو جائے، وہ کلمہ یہ ہے: میں اللہ کی پناہ لیتا ہوں جو عظیم ذات ہے، شیطان مردود سے۔

(۲۵۸۹۳) حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ ، عَنْ زَائِدَةَ ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ ، قَالَ :سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ :اتَّقُوا الْغَضَبَ فَإِنَّهَا جَمْرَةٌ تُوقَدُ فِي قَلْبِ ابْنِ آدَمَ ، أَلَمْ تَرَ إِلَى انْتِفَاخِ أَوْدَاجِهِ وَحُمْرَةِ عَيْنَيْهِ ، فَمَنْ أَحَسَّ مِنْ ذَلِكَ شَيْئًا فَلْيَلْزَقْ بِالأَرْضِ. (بخاری ۲۸۴۲۔ مسلم ۱۲۱)

(۲۵۸۹۳) حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یوں ارشاد فرماتے ہوئے سنا: تم لوگ غصہ سے بچو۔ بے شک یہ انگارہ ہے جو ابن آدم کے دل میں سلگتا ہے۔ کیا تم غصہ میں مبتلا شخص کی پھولی ہوئی رگیں اور اس کی سرخ آنکھیں نہیں دیکھتے؟ پس جو شخص تھوڑا سا بھی غصہ محسوس کرے تو اس کو چاہیے کہ وہ زمین پر لیٹ جائے۔

(۲۵۸۹۴) حَدَّثَنَا دَاوُد بْنُ عَبْدِ اللهِ ، قَالَ :أَخْبَرَنَا مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :لَيْسَ الشَّدِيدُ بِالصُّرَعَةِ ، إِنَّمَا الشَّدِيدُ الَّذِي يَمْلِكُ نَفْسَهُ عِنْدَ الْغَضَبِ.

(بخاری ۶۱۱۴۔ مسلم ۱۰۷)

(۲۵۸۹۴) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: نہیں ہے طاقت ور پہلوان جو لوگوں کو پچھاڑ دے بلکہ طاقت ور پہلوان تو وہ ہے جو اپنے نفس کو غصہ کے وقت میں قابو رکھے۔

(۲۵۸۹۵) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنِ الزُّهْرِيِّ ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ ، عَنْ رَجُلٍ مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، أَنَّهُ أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُل ، فَقَالَ :أَوْصِنِي بِكَلِمَةٍ ، وَلاَ تُكْثِرْ عَلَيَّ ، قَالَ :اجْتَنِبِ الْغَضَبَ ، فَأَعَادَ عَلَيْهِ فَقَالَ :اجْتَنِبِ الْغَضَبَ ، فَأَعَادَ عَلَيْهِ فَقَالَ :اجْتَنِبِ الْغَضَبَ.

(احمد ۵/ ۴۰۸۔ مالك ۹۰۶)

(۲۵۸۹۵) حضرت حمید بن عبد الرحمن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک صحابی رضی اللہ عنہ سے نقل کرتے ہیں کہ ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا۔ مجھے چند کلمات کی وصیت فرما دیجئے اور مجھ پر کثرت مت کیجئے گا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: غصہ سے اجتناب کرو، اس نے پھر اپنا سوال دہرایا: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: غصہ سے اجتناب کرو، اس شخص نے پھر اپنا سوال دہرایا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: غصہ سے اجتناب کرو۔

(٧) ما قالوا فِي البِرِّ وصِلةِ الرَّحِمِ

بعض لوگوں نے نیکی اور صلہ رحمی کے بارے میں یوں فرمایا ۔

(٢٥٨٩٦) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنِ الزُّهْرِيِّ ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ ، أَنَّ عَبْدَ الرَّحْمَنِ بن عوف عَادَ أَبَا الرَّدَّادِ فَقَالَ : خَيْرُهُمْ وَأَوْصَلُهُمْ أَبُو مُحَمَّدٍ يَعْنِي ابْنَ عَوْفٍ ، سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ : قَالَ اللَّهُ : أَنَا اللَّهُ وَأَنَا الرَّحْمَان ، وَهِيَ الرَّحِمُ ، شَقَقْتُ لَهَا اسْمًا مِنِ اسْمِي ، فَمَنْ وَصَلَهَا وَصَلْتُهُ ، وَمَنْ قَطَعَهَا بَتَتُّهُ . (ترمذی ۱۹۰۷۔ ابوداؤد ۱۶۹۱)

(۲۵۸۹۶) حضرت ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے حضرت ابوالرداد رحمۃ اللہ علیہ کی عیادت کی اور فرمایا: لوگوں میں بہترین شخص وہ ہے جو سب سے زیادہ صلہ رحمی کرنے والا ہو۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یوں ارشاد فرماتے ہوئے سنا: اللہ نے فرمایا! میں اللہ ہوں اور میں رحمٰن ہوں اور یہی رحم ہے میں نے اپنے نام میں سے ایک نام مشتق کر دیا۔ پس جو شخص صلہ رحمی کرے گا تو میں اس کو جوڑ دوں گا اور جو شخص قطع تعلقی کرے گا تو میں اس کے ٹکڑے ٹکڑے کر دوں گا۔

(٢٥٨٩٧) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ أَبِي مُزَرِّدٍ ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ رُومَانَ ، عَنْ عُرْوَةَ ، عَنْ عَائِشَةَ ، قَالَتْ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : الرَّحِمُ مُعَلَّقَةٌ بِالْعَرْشِ ، تَقُولُ : مَنْ وَصَلَنِي وَصَلَهُ اللَّهُ ، وَمَنْ قَطَعَنِي قَطَعَهُ اللَّهُ . (بخاری ۵۹۸۹۔ مسلم ۱۹۸۱)

(۲۵۸۹۷) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: رشتہ داری اللہ کے عرش سے معلق ہے اور یوں کہتی ہے: جو شخص اپنے رشتہ داروں سے صلہ رحمی کا معاملہ کرے گا تو اللہ اس پر مہربانی کرے گا، اور جو قطع تعلقی کرے گا تو اللہ اس سے رحمت کو منقطع کر دے گا۔

(٢٥٨٩٨) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ عَوْفٍ ، عَنْ زُرَارَةَ بْنِ أَوْفَى ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ سَلاَمٍ ، قَالَ : لَمَّا قَدِمَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِينَةَ انْجَفَلَ النَّاسُ نَحْوَهُ فَأَتَيْتُه ، فَلَمَّا نَظَرْتُ إِلَيْهِ عَرَفْتُ أَنَّ وَجْهَهُ لَيْسَ بِوَجْهِ كَذَّابٍ ، فَكَانَ أَوَّلَ شَيْءٍ سَمِعْتُه يَقُولُ : يَا أَيُّهَا النَّاسُ ، أَفْشُوا السَّلاَمَ ، وَصِلُوا الأَرْحَامَ ، وَأَطْعِمُوا الطَّعَامَ ، وَصَلُّوا بِاللَّيْلِ وَالنَّاسُ نِيَامٌ . (ترمذی ۲۴۸۵۔ احمد ۵/ ۴۵۱)

(۲۵۸۹۸) حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ تشریف لائے، تو لوگ جلدی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حاضر ہوئے، آپ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا جب میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف دیکھا تو میں نے پہچان لیا کہ بے شک آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرہ کسی جھوٹے کا چہرہ نہیں ہے اور سب سے پہلی بات جو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنی وہ یہ تھی کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے لوگو! سلام کو پھیلاؤ، اور صلہ رحمی کرو اور کھانا کھلاؤ، اور رات کو نماز پڑھو، اس حال میں

کہ لوگ سو رہے ہوں۔

(۲۵۸۹۹) حَدَّثَنَا جَرِيرٌ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي مَرْوَانَ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ كَعْبٍ ، قَالَ :وَالَّذِي فَلَقَ الْبَحْرَ لِبَنِي إِسْرَائِيلَ ، إِنَّ فِي التَّوْرَاةِ مَكْتُوبًا :ابْنَ آدَمَ ، اتَّقِ رَبَّكَ ، وَابْرُرْ وَالِدَيْكَ ، وَصِلْ رَحِمَكَ ، أَمُدُّ لَكَ فِي عُمْرِكَ ، وَأُيَسِّرُ لَكَ يُسْرَكَ ، وَأَصْرِفُ عَنْكَ عُسْرَكَ.

(۲۵۸۹۹) حضرت ابومروان رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت کعب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: قسم ہے اس ذات کی جس نے بنی اسرائیل کے لیے سمندر کو پھاڑا، تورات میں لکھا ہوا ہے، اے ابن آدم! اپنے رب سے ڈر، اپنے والدین سے نیکی کا معاملہ کر، اور اپنے رشتہ داروں سے صلہ رحمی کا معاملہ کر، میں تیری عمر میں اضافہ کردوں گا، اور میں تیرے لیے آسانیاں پیدا کردوں گا اور میں تیری مشکلوں کو تجھ سے پھیر دوں گا۔

(۲۵۹۰۰) حَدَّثَنَا جَرِيرٌ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ ، عَنْ مُغْرَاءَ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ ، قَالَ :مَنِ اتَّقَى رَبَّهُ وَوَصَلَ رَحِمَهُ نُسِءَ لَهُ فِي عُمْرِهِ ، وَثُرِّيَ مَالُهُ ، وَأَحَبَّهُ أَهْلُهُ. (بخاری ۵۹۸۵)

(۲۵۹۰۰) حضرت مغراء رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: جو شخص اپنے رب سے ڈرتا ہو اور اپنے رشتہ داروں سے صلہ رحمی کا معاملہ کرتا ہو، تو اس کی عمر دراز کردی جاتی ہے اور اس کے مال میں اضافہ ہوتا ہے اور اس کے گھر والے اس سے محبت کرتے ہیں۔

(۲۵۹۰۱) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ أَبِي عَاصِمٍ الثَّقَفِيِّ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ قَارِبٍ ، قَالَ :سَمِعْتُ عَبْدَ اللهِ بْنَ عَمْرٍو يَقُولُ بِلِسَانٍ لَهُ ذُلُقٍ :إِنَّ الرَّحِمَ مُعَلَّقَةٌ بِالْعَرْشِ تُنَادِي بِلِسَانٍ لَهَا ذُلُقٍ :اللَّهُمَّ صِلْ مَنْ وَصَلَنِي ، وَاقْطَعْ مَنْ قَطَعَنِي. (طیالسی ۲۲۵۰)

(۲۵۹۰۱) حضرت عبداللہ بن قارب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کو ان کی فصیح زبان سے یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ رشتہ داری اللہ کے عرش سے معلق ہے اور اپنی فصیح زبان سے یوں دعا کرتی ہے۔ اے اللہ! تو مہربانی فرما اس شخص پر جو صلہ رحمی کا معاملہ کرے، اور تو بھی رحمت کو منقطع کردے اس شخص سے جو قطع تعلقی کا معاملہ کرے۔

(۲۵۹۰۲) حَدَّثَنَا عَفَّانُ ، قَالَ :حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ ، قَالَ :أَخْبَرَنَا قَتَادَةُ ، عَنْ أَبِي ثُمَامَةَ الثَّقَفِيِّ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ :تُوضَعُ الرَّحِمُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ، وَلَهَا حُجْنَةٌ كَحُجْنَةِ الْمِغْزَلِ ، تَكَلَّمُ بِأَلْسِنَةٍ طُلُقٍ ذُلُقٍ ، فَتَصِلُ مَنْ وَصَلَهَا ، وَتَقْطَعُ مَنْ قَطَعَهَا. (احمد ۲/ ۱۸۹)

(۲۵۹۰۲) حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: رشتہ داری کو قیامت کے دن رکھا جائے گا اس حال میں کہ اس کے سر میں لوہا ہوگا جیسا کہ تکلہ کے سر میں لوہا ہوتا ہے اور یہ انتہا کی فصیح زبان سے بات کرے اور کہے گی۔ پس تو بھی مہربانی کر جو مجھے جوڑتا ہے اور تو بھی رحمت کو منقطع کردے اس شخص پر جو مجھے توڑتا ہے۔

(٢٥٩٠٣) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ كَعْبٍ الْقُرَظِيِّ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ :الرَّحِمُ شُجْنَةٌ مِنَ الرَّحْمَنِ ، تَجِيءُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ، تَقُولُ : يَا رَبِّ قُطِعْتُ ، يَا رَبِّ ظُلِمْتُ ، يَا رَبِّ أُسِيءَ إِلَيَّ. (بخاری ٦٥ـ احمد ٢/ ٢٩٥)

(۲۵۹۰۳) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: رشتہ داری رحمٰن کی ذات سے مخلط ہے یہ قیامت کے دن آئے گی اور کہے گی۔ اے پروردگار، مجھے توڑا گیا، اے پروردگار! مجھ پر ظلم کیا گیا، اے پروردگار! مجھ سے برا سلوک روا رکھا گیا۔

(٢٥٩٠٤) حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ ، قَالَ : حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ عُبَيْدَةَ ، قَالَ : حَدَّثَنَا الْمُنْذِرُ بْنُ جَهْمٍ الأَسْلَمِيُّ ، عَنْ نَوْفَلِ بْنِ مُسَاحِقٍ ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ ، قَالَتْ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :الرَّحِمُ شُجْنَةٌ آخِذَةٌ بِحُجْزَةِ الرَّحْمَنِ تُنَاشِدُ حَقَّهَا فَيَقُولُ :أَلاَ تَرْضِينَ أَنْ أَصِلَ مَنْ وَصَلَكِ ، وَأَقْطَعَ مَنْ قَطَعَكِ ، مَنْ وَصَلَكِ فَقَدْ وَصَلَنِي ، وَمَنْ قَطَعَكِ فَقَدْ قَطَعَنِي. (طبرانی ٩٧٠)

(۲۵۹۰۴) حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: رشتہ داری ایک شاخ کی طرح ہے جو رحمٰن سے التجا کر کے اپنے حق کے بارے میں پکارتی ہے پس یوں کہتی ہے: کیا تو خوش نہیں کہ میں جوڑتی ہوں اس شخص کو جو تجھ سے جڑتا ہے اور میں توڑتی ہوں اس شخص سے جو تجھ سے ٹوٹتا ہے؟ جو شخص تجھ سے جڑتا ہے وہ مجھے بھی جوڑتا ہے، اور جو تجھ سے توڑتا ہے وہ مجھے بھی توڑتا ہے۔

(٢٥٩٠٥) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، قَالَ :حَدَّثَنَا فِطْرٌ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :إِنَّ الرَّحِمَ مُعَلَّقَةٌ بِالْعَرْشِ وَلَيْسَ الْمُوَاصِلُ بِالْمُكَافِءِ ، وَلَكِنَّ الْمُوَاصِلَ الَّذِي إِذَا انْقَطَعَتْ رَحِمُهُ وَصَلَهَا. (احمد ٢/ ١٩٣ـ ابن حبان ٤٤٥)

(۲۵۹۰۵) حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک رشتہ داری اللہ کے عرش سے نکلتی ہوئی ہے اور صلہ رحمی کرنے والا نہیں ہے جو برابری کا معاملہ کرتا ہے۔ لیکن صلہ رحمی کرنے والا تو وہ شخص ہے کہ جب کوئی اس سے رشتہ داری توڑتا ہے تو وہ اس سے جوڑتا ہے۔

(٢٥٩٠٦) حَدَّثَنَا شَرِيكٌ ، عَنْ سِمَاكٍ ، عَنْ زَوْجِ دُرَّةَ ، عَنْ دُرَّةَ ، قَالَتْ :قُلْتُ :يَا رَسُولَ اللهِ ، مَنْ أَتْقَى النَّاسِ ؟ قَالَ :آمِرُهُمْ بِالْمَعْرُوفِ وَأَنْهَاهُمْ عَنِ الْمُنْكَرِ ، وَأَوْصَلُهُمْ لِلرَّحِمِ. (طبرانی ٦٥٧ـ احمد ٦/ ٤٣٢)

(۲۵۹۰۶) حضرت دُرّہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے پوچھا: اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! لوگوں میں سے سب سے زیادہ پرہیز گار کون شخص ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو اُن میں سب سے زیادہ نیکی کا حکم کرنے والا ہو اور برائی سے روکنے والا ہو، اور رشتہ داروں سے صلہ رحمی کا معاملہ کرنے والا ہو۔

(۹) ما ذکر فی برّ الوالدین

ان روایات کا بیان جو والدین سے نیک سلوک کے بارے میں ذکر کی گئیں

(۲۵۹۰۷) حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :لاَ يَجْزِي وَلَدٌ وَالِدَهُ إِلاَّ أَنْ يَجِدَهُ مَمْلُوكًا فَيَشْتَرِيَهُ فَيُعْتِقَهُ.

(۲۵۹۰۷) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کوئی لڑکا اپنے والد کا بدلہ نہیں چکا سکتا، مگر یہ کہ وہ اپنے والد کو غلام پائے پھر اس کو خرید کر آزاد کر دے۔

(۲۵۹۰۸) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ ، عَنِ الشَّيْبَانِيِّ ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ الْعَيْزَارِ ، عَنْ سَعْدِ بْنِ إِيَاسٍ أَبِي عَمْرٍو الشَّيْبَانِيِّ ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ ، قَالَ :قُلْتُ :يَا رَسُولَ اللهِ ، أَيُّ الأَعْمَالِ أَفْضَلُ ؟ قَالَ :الصَّلاَةُ لِمِيقَاتِهَا ، قَالَ :قُلْتُ :ثُمَّ أَيٌّ ؟ قَالَ :بِرُّ الْوَالِدَيْنِ.

(۲۵۹۰۸) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے پوچھا: اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! کون سا عمل افضل ترین ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نماز کو اس کے وقت میں ادا کرنا۔ میں نے پوچھا: پھر کون سا عمل افضل ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: والدین سے نیک سلوک کرنا۔

(۲۵۹۰۹) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ ، عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ ، قَالَ : سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ :الْوَالِدُ أَوْسَطُ أَبْوَابِ الْجَنَّةِ ، فَإِنْ شِئْتَ فَاحْفَظْهُ ، وَإِنْ شِئْتَ فَضَيِّعْهُ. (ترمذی ۱۹۰۰۔ احمد ۵/ ۱۹۶)

(۲۵۹۰۹) حضرت ابو الدرداء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ باپ جنت کا درمیانی دروازہ ہے، پس اگر تو چاہے تو اس کی حفاظت کر اور اگر چاہے تو اس کو ضائع کر دے۔

(۲۵۹۱۰) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنِ الْحَسَنِ ، قَالَ :لِلأُمِّ ثُلُثَا الْبِرِّ وَلِلأَبِ الثُّلُثُ

(۲۵۹۱۰) حضرت ہشام رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت حسن رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: ماں کا حصہ اچھے سلوک میں سے دو تہائی کے برابر ہے اور باپ کا ایک تہائی کے برابر ہے۔

(۲۵۹۱۱) حَدَّثَنَا شَرِيكٌ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عَلِيٍّ ، عَنْ أَبِي سَلاَمَةَ السُّلاَمِيِّ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :أُوصِي امْرَأً بِأُمِّهِ ثَلاَثًا أُوصِي امْرَأً بِأَبِيهِ ، أُوصِي امْرَأً بِمَوْلاَهُ الَّذِي يَلِيهِ ، وَإِنْ كَانَ عَلَيْهِ مِنْهُ أَذًى يُؤْذِيهِ. (احمد ۴/ ۳۱۱۔ طبرانی ۴۱۸۴)

(۲۵۹۱۱) حضرت ابو السلامہ السلامی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ایک آدمی کو اپنی ماں سے حسن سلوک کے

بارے میں تین مرتبہ وصیت کی گئی، اور اپنے باپ سے حسن سلوک کے بارے میں وصیت کی گئی، اور اس کو اپنے آقا کے بارے میں وصیت کی گئی اگر چہ وہ اس کو اذیت ہی دیتا ہو۔

(۲۵۹۱۲) حَدَّثَنَا شَرِيكٌ ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ الْقَعْقَاعِ ، وَابْنِ شُبْرُمَةَ ، عَنْ أَبِي زُرْعَةَ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، قَالَ : جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ : يَا رَسُولَ اللهِ ، نَبِّئْنِي بِأَحَقِّ النَّاسِ مِنِّي بِحُسْنِ الصُّحْبَةِ ، فَقَالَ : نَعَمْ ، وَأَبِيكَ لَتُنَبَّأَنَّ ، أُمُّكَ ، قَالَ : ثُمَّ مَنْ ؟ قَالَ : أُمُّكَ ، قَالَ : ثُمَّ مَنْ ؟ قَالَ : أَبُوكَ .

(مسلم ۱۹۷۴۔ بخاری ۵۹۷۱)

(۲۵۹۱۲) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آ کر عرض کیا اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! مجھے بتلایئے کہ لوگوں میں سب سے زیادہ میرے حسن سلوک کا کون حقدار ہے؟ اس پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی ہاں! تیرے باپ کی قسم! تجھے ضرور خبر دی جائے گی، تیری ماں سب سے زیادہ حقدار ہے۔ اس شخص نے پوچھا: پھر کون؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تیری ماں اس نے پوچھا: پھر کون؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تیری ماں! اس نے پوچھا: پھر کون؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تیرا باپ۔

(۲۵۹۱۳) حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنْ عُمَارَةَ أَبِي سَعِيدٍ ، قَالَ : قُلْتُ لِلْحَسَنِ : إِلَى مَا يَنْتَهِي الْعُقُوقُ ؟ قَالَ : أَنْ تُحَرِّمَهُمَا وَتَهْجُرَهُمَا وَتَحُدَّ النَّظَرَ إِلَى وَجْهِ وَالِدَيْكَ ، يَا عُمَارَةُ ، كَيْفَ الْبِرُّ لَهُمَا .

(۲۵۹۱۳) حضرت عمارہ ابو سعید رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت حسن رحمہ اللہ سے پوچھا: کہ والدین کی نافرمانی کی انتہا کیا ہے؟ آپ رحمہ اللہ نے فرمایا: یہ کہ تم ان کو محروم کر دو اور ان سے قطع تعلق کرو اور تم ان دونوں پر غصہ کی نظر ڈالو۔ اے عمارہ! ان کے ساتھ کیسا نیک سلوک ہوا!۔

(۲۵۹۱۴) حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنْ أَسْمَاءَ بْنِ عُبَيْدٍ ، عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ ، قَالَ : يُرْجَى لِلْمُرْهَقِ بِالْبِرِّ الْجَنَّةُ ، وَيُخَافُ عَلَى الْمتأله بِالْعُقُوقِ النَّارُ .

(۲۵۹۱۴) حضرت یونس بن عبید فرماتے ہیں کہ والدین کی فرماں برداری کرنے والے کے لیے جنت کی امید ہے اور والدین کی نافرمانی کرنے والے کے لیے جہنم کا طوف ہے۔

(۲۵۹۱۵) حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ ، عَنْ أَشْعَثَ ، عَنِ الْحَسَنِ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : بِرُّ الْوَالِدَيْنِ يُجْزِءُ مِنَ الْجِهَادِ . (بخاری ۳۰۰۴۔ مسلم ۱۹۷۵)

(۲۵۹۱۵) حضرت حسن رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: والدین سے نیک سلوک کرنا جہاد کا جز ہے۔

(۲۵۹۱۶) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، قَالَ : أَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ ، عَنْ سَعْدِ بْنِ مَسْعُودٍ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ، قَالَ : مَا مِنْ مُسْلِمٍ لَهُ أَبَوَانِ فَيُصْبِحُ وَهُوَ مُحْسِنٌ إِلَيْهِمَا إِلاَّ فَتَحَ اللَّهُ لَهُ بَابَيْنِ مِنَ الْجَنَّةِ ، وَلاَ يُمْسِي وَهُوَ مُسِيءٌ إِلَيْهِمَا إِلاَّ فَتَحَ اللَّهُ لَهُ بَابَيْنِ مِنَ النَّارِ ، وَلاَ سَخِطَ عَلَيْهِ وَاحِدٌ مِنْهُمَا فَيَرْضَى اللَّهُ عَنْهُ حَتَّى يَرْضَى عَنْهُ ،

قَالَ :قُلْتُ :وَإِنْ كَانَا ظَالِمَيْنِ ؟ قَالَ :وَإِنْ كَانَا ظَالِمَيْنِ.

(۲۵۹۱۶) حضرت سعد بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: جس مسلمان کے والدین زندہ ہوں اور وہ صبح کرے ان دونوں سے نیک سلوک کرتے ہوئے تو اللہ تعالیٰ اس کے لئے جنت کے دو دروازے کھول دیتے ہیں اور جو کوئی مسلمان شام کرے ان دونوں سے برا سلوک کرتے ہوئے تو اللہ اس کے لیے جہنم کے دو دروازے کھول دیتے ہیں اور جب ان دونوں میں سے کوئی ایک اس سے ناراض ہو تو اللہ اس سے راضی نہیں ہوتے یہاں تک کہ وہ اس ناراض کو راضی کرے، راوی کہتے ہیں: میں نے پوچھا: اگر چہ وہ دونوں ظالم ہوں؟ آپ رحمہ اللہ نے فرمایا: ہاں! اگر چہ وہ دونوں ظالم ہوں۔

(۲۵۹۱۷) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي زِيَادٍ ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ ، وَمُجَاهِدٍ ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :لاَ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ عَاقٌّ ، وَلاَ مُدْمِنُ خَمْرٍ ، وَلاَ مَنَّانٌ.

(۲۵۹۱۷) حضرت ابو سعید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: نافرمان ہمیشہ شراب پینے والا، اور احسان جتلانے والا جنت میں داخل نہ ہوگا۔

(۲۵۹۱۸) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ إِسْحَاقَ ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ ، قَالَ :مَا بَرَّ وَالِدَهُ مَنْ شَدَّ الطَّرْفَ إِلَيْهِ.

(۲۵۹۱۸) حضرت معاویہ بن اسحاق رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عروہ بن زبیر رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: جس نے اپنے والد کی طرف سخت نظر سے دیکھا اس نے فرماں برداری نہیں کی۔

(۲۵۹۱۹) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ لَيْثٍ ، عَنْ مُجَاهِدٍ :﴿فَلاَ تَقُلْ لَهُمَا أُفٍّ﴾ قَالَ :إِذَا بَلَغَا مِنَ الْكِبَرِ مَا كَانَ يَلِيَانِ مِنْهُ فِي الصِّغَرِ فَلاَ يَقُلْ لَهُمَا أُفٍّ.

(۲۵۹۱۹) حضرت لیث رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت مجاہد رحمہ اللہ نے اس آیت کا معنی یوں بیان کیا، آیت ﴿فَلاَ تَقُلْ لَهُمَا أُفٍّ﴾ جب وہ دونوں بڑھاپے کو کہ وہ حرکتیں کرنے لگیں جو یہ بچپن میں کیا کرتا تھا تو یہ ان دونوں کو اُف مت کہے۔

(۲۵۹۲۰) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ طَلْحَةَ بْنِ مُعَاوِيَةَ بْنِ جَاهِمَةَ السُّلَمِيِّ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ :أَتَيْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ :يَا رَسُولَ اللهِ ، إِنِّي أُرِيدُ الْجِهَادَ مَعَكَ فِي سَبِيلِ اللهِ ، قَالَ :فَقَالَ :أُمُّكَ حَيَّةٌ ؟ قَالَ :قُلْتُ :نَعَمْ ، يَا رَسُولَ اللهِ ، قَالَ :الْزَمْ رِجْلَيْهَا فَثَمَّ الْجَنَّةُ. (ابن ماجه ۲۷۸۱۔ حاكم ۱۵۱)

(۲۵۹۲۰) حضرت محمد بن طلحہ بن معاویہ بن جاھمۃ السلمی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ان کے والد نے فرمایا: کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آیا اور میں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! میں آپ کے ساتھ اللہ کے راستہ میں جہاد کے لیے جانا چاہتا ہوں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا: کیا تمہاری والدہ زندہ ہیں؟ میں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! جی ہاں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے

فرمایا: ان کے پاؤں کو لازم پکڑ لو (خدمت کرو) پس وہاں جنت ہے۔

(٢٥٩٢١) حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ نُمَيْرٍ ، قَالَ : حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ ، عَنْ أَبِيهِ ﴿فَلَا تَقُلْ لَهُمَا أُفٍّ﴾ قَالَ : لَا تَمْنَعْهُمَا شَيْئًا أَرَادَاهُ ، أَوْ قَالَ : أَحَبَّاهُ.

(۲۵۹۲۱) حضرت ہشام بن عروہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اُن کے والد حضرت عروہ بن زبیر رحمۃ اللہ علیہ نے اس آیت کی تفسیر یوں بیان فرمائی۔ آیت ﴿فَلَا تَقُلْ لَهُمَا أُفٍّ﴾ ترجمہ: تم ان دونوں کو ''اُف'' تک مت کہو، فرمایا: اس کا مطلب ہے جب وہ دونوں کسی کام کے کرنے کا ارادہ کریں یا کوئی ان کو کوئی چیز پسند ہو تو ان دونوں کو روکو مت۔

(٢٥٩٢٢) حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنِ الْحَكَمِ ، عَنْ مَيْمُونِ بْنِ أَبِي شَبِيبٍ ، قَالَ : قِيلَ لِمُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ مَا حَقُّ الْوَالِدِ عَلَى الْوَلَدِ ؟ قَالَ : لَوْ خَرَجْتَ مِنْ أَهْلِكَ وَمَالِكَ مَا أَدَّيْتَ حَقَّهُمَا قَالَ شُعْبَةُ : وَإِنَّمَا حَدَّثَنِي بِهِ مَنْصُورُ بْنُ زَاذَانَ ، عَنِ الْحَكَمِ.

(۲۵۹۲۲) حضرت میمون بن ابی شبیب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے پوچھا گیا: اولاد پر والد کا کیا حق ہے؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر تم ان کے لیے اپنے گھر والوں سے اور اپنے مال سے نکل جاؤ تب بھی تم نے ان کا حق ادا نہیں کیا۔ حضرت شعبہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ یہ حدیث حضرت منصور بن زاذان رحمۃ اللہ علیہ نے حضت حکم رحمۃ اللہ علیہ سے بھی نقل کی ہے۔

(٢٥٩٢٣) حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ ، عَنْ نُبَيْطِ بْنِ شَرِيطٍ ، عَنْ جَابَانَ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ : لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ عَاقٌّ ، وَلَا مُدْمِنُ خَمْرٍ ، وَلَا مَنَّانٌ. (نسائی ۵۱۸۲۔ احمد ۲/ ۲۰۱)

(۲۵۹۲۳) حضرت عبداللہ بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: نافرمان، ہمیشہ شراب پینے والا اور احسان جتلانے والا جنت میں داخل نہیں ہوں گے۔

(٩) باب ما جاء فِي حقِّ الولدِ على والِدِهِ

والد پر بچہ کے حق کا بیان

(٢٥٩٢٤) حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ إِسْحَاقَ ، عَنِ الشَّعْبِيِّ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : رَحِمَ اللَّهُ وَالِدًا أَعَانَ وَلَدَهُ عَلَى بِرِّهِ.

(۲۵۹۲۴) امام شعبی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ اس والد پر رحم فرمائیں جو اپنے بچے کی نیکی کرنے میں مدد کرے۔

(١٠) ما جاء فِي حقِّ الجوارِ

ان روایات کا بیان جو پڑوسی کے حق کے بارے میں منقول ہیں

(٢٥٩٢٥) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، وَعَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ ، عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ ، عَنْ عَمْرَةَ ، عَنْ عَائِشَةَ ، قَالَتْ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :مَا زَالَ جِبْرِيلُ يُوصِينِي بِالْجَارِ حَتَّى ظَنَنْتُ أَنَّهُ سَيُوَرِّثُهُ. (بخاری ٦٠١٤۔ مسلم ٢٠٢٥)

(۲۵۹۲۵) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: حضرت جبرائیل علیہ السلام مجھے مسلسل پڑوسی کے بارے میں وصیت کرتے رہے، یہاں تک کہ مجھے گمان ہونے لگا کہ وہ اس کو وراثت میں حقدار بنادیں گے۔

(٢٥٩٢٦) حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ ، عَنْ بَشِيرِ بْنِ سَلْمَانَ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ، قَالَ :كُنَّا جُلُوسًا عِنْدَ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو فَقَالَ :إِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُوصِي بِالْجَارِ حَتَّى حسبنا ، أَوْ رَأَيْنَا ، أَنَّهُ سَيُوَرِّثُهُ. (احمد ٢/ ١٦٠)

(۲۵۹۲۶) حضرت مجاہد رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ہم لوگ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یقیناً میں نے رسول اللہ ﷺ کو سنا آپ ﷺ پڑوسی کے متعلق وصیت فرمارہے تھے۔ یہاں تک کہ ہمیں گمان ہوا یا ہماری یہ رائے ہوئی کہ عنقریب آپ ﷺ اس کو وراثت میں حقدار بنادیں گے۔

(٢٥٩٢٧) حَدَّثَنَا أَبُو الأَحْوَصِ ، عَنْ أَبِي حَصِينٍ ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ فَلاَ يُؤْذِي جَارَهُ. (بخاری ٦٠١٨۔ مسلم ٦٨)

(۲۵۹۲۷) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو شخص اللہ پر اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہو اس کو چاہیے کہ وہ اپنے پڑوسی کو تکلیف مت پہنچائے۔

(٢٥٩٢٨) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، قَالَ :أَخْبَرَنَا سَلاَّمُ بْنُ مِسْكِينٍ ، قَالَ :حَدَّثَنَا شَهْرُ بْنُ حَوْشَبٍ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يُوسُفَ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ سَلاَمٍ أَنَّ رَجُلاً أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ :آذَانِي جَارِي ، فَقَالَ :اصْبِرْ ، ثُمَّ أَتَاهُ الثَّانِيَةَ فَقَالَ :آذَانِي جَارِي ، فَقَالَ :اصْبِرْ ، ثُمَّ أَتَاهُ الثَّالِثَةَ فَقَالَ :آذَانِي جَارِي ، فَقَالَ :اعْمِدْ إِلَى مَتَاعِكَ فَاقْذِفْهُ فِي السِّكَّةِ ، فَإِذَا مَرَّ بِكَ أَحَدٌ فَقُلْ :آذَانِي جَارِي ، فَتَحِقُّ عَلَيْهِ اللَّعْنَةُ ، أَوْ تَجِبُ عَلَيْهِ اللَّعْنَةُ. (بخاری ١٢٥۔ طبرانی ٣٥٦)

(۲۵۹۲۸) حضرت محمد بن یوسف بن عبداللہ بن سلام رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نبی کریم ﷺ کی خدمت میں آیا اور کہنے لگا: میرے پڑوسی نے مجھے تکلیف پہنچائی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: صبر کرو۔ پھر وہ دوسری مرتبہ آیا اور کہنے لگا! میرے پڑوسی نے مجھے

تکلیف پہنچائی، اس پر آپ ﷺ نے فرمایا: صبر کرو، پھر وہ تیسری مرتبہ آپ ﷺ کے پاس آیا اور کہنے لگا! میرے پڑوسی نے مجھے تکلیف پہنچائی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: جاؤ اور اپنا سامان گلی میں پھینک دو، اور جب تمہارے پاس سے کوئی بھی شخص گزرے تو اس کو کہو! میرے پڑوسی نے مجھے تکلیف پہنچائی، پس اس پر لعنت ہوگی یا یوں فرمایا: اس پر لعنت واجب ہو جائے گی۔

(۲۵۹۲۹) حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ فَرَاهِيجَ ، قَالَ :سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ يُحَدِّثُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ :أَوْصَانِي جِبْرِيلُ بِالْجَارِ حَتَّى ظَنَنْتُ أَنَّهُ يُوَرِّثُهُ. (ابن ماجه ۳۶۷۴۔ احمد ۲/ ۲۵۹)

(۲۵۹۲۹) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے مجھے پڑوسی کے بارے میں وصیت کی یہاں تک کہ مجھے گمان ہونے لگا کہ آپ ﷺ اس کو وارث قرار دے دیں گے۔

(۲۵۹۳۰) حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ الأَحْمَرُ ، عَنِ ابْنِ عَجْلاَنَ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ جَارِ سُوءٍ فِي دَارِ الْمُقَامَةِ ، فَإِنَّ جَارَ الْبَادِيَةِ يَتَحَوَّلُ. (بخاری ۱۱۷۔ ابن حبان ۱۰۳۳)

(۲۵۹۳۰) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے یوں دعا فرمائی! اے اللہ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں رہنے کے گھر میں برے پڑوسی سے، اس لیے کہ گاؤں کا پڑوسی بدلتا رہتا ہے۔

(۲۵۹۳۱) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، قَالَ :أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي حَبِيبٍ ، عَنْ سِنَانِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ، قَالَ :سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ :مَا هُوَ بِمُؤْمِنٍ مَنْ لَمْ يَأْمَنْ جَارُهُ بَوَائِقَهُ. (ابو یعلی ۴۲۳۶)

(۲۵۹۳۱) حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: وہ شخص کامل مومن نہیں ہے جس کا پڑوسی اس کی تکالیف سے محفوظ نہ ہو۔

(۲۵۹۳۲) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، قَالَ :حَدَّثَنَا الأَوْزَاعِيُّ ، عَنْ عَبْدَةَ بْنِ أَبِي لُبَابَةَ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :لاَ قَلِيلَ مَنْ آذَى الْجَارَ. (طبرانی ۲۳)

(۲۵۹۳۲) حضرت عبدہ بن ابی لبابہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اس شخص کا تھوڑا سا ایمان بھی نہیں جو پڑوسی کو تکلیف پہنچائے۔

(۲۵۹۳۳) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، قَالَ :حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ بُرْقَانَ ، عَنْ مَيْمُونَ بْنِ مِهْرَانَ ، قَالَ :كَانَ رَجُلٌ مِنَ الْمُسْلِمِينَ يَصُومُ ، فَكَانَ يَجْعَلُ لِسُحُورِهِ قُرْصًا فَجَاءَتِ الشَّاةُ فَأَخَذَتِ الْقُرْصَ ، فَقَامَتِ الْمَرْأَةُ فَفَكَّتْ لِحْيَيَ الشَّاةِ فَأَخَذَتِ الْقُرْصَ ، فَتَغَتِ الشَّاةُ فَقَالَ :الرَّجُلُ :مَا يُدْرِيكِ مَا بَلَغَ ثِغَاهَا مِنْ أَذَى جَارِكِ.

(۲۵۹۳۳) حضرت میمون بن مہران رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ مسلمانوں میں سے ایک آدمی سحری کے لیے روٹی کا ایک ٹکڑا رکھتا تھا۔

پس بکری آئی اور اس نے روٹی کا ٹکڑا لے لیا، اتنے میں اس کی بیوی نے کھڑے ہو کر اس سے محلّہ دار کی بکری کو باندھ دیا اور اس سے روٹی کا ٹکڑا لے لیا، تو بکری نے چیخنا چلانا شروع کر دیا۔ اس آدمی نے کہا: کیا تو جانتی ہے کہ اس کی چیخنے سے بھی پڑوسی کو تکلیف پہنچے گی؟

(٢٥٩٣٤) حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ الأَحْمَرُ ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ : أَخْبَرَنِي جَارُ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، أَنَّهُ كَانَ يُرْمَى بِالأَرْجَامِ وَالْجِيَفِ فَقَالَ : يَا مَعْشَرَ قُرَيْشٍ ، أَيُّ مُجَاوَرَةٍ هَذِهِ ؟. (ابن سعد ٢٠١)

(۲۵۹۳۴) حضرت عروہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ مجھے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پڑوسی نے بتلایا: کہ وہ مردار اور پتھر پھینکا کرتا تھا؟ اس پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے گروہِ قریش! یہ کیسی ہمسائیگی ہے؟

(١١) ما جاء فِي اصطِناعِ المعروفِ

ان روایات کا بیان جو نیکی کرنے کے بارے میں منقول ہیں

(٢٥٩٣٥) حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ ، عَنْ أَبِي مَالِكٍ الأَشْجَعِيِّ ، عَنْ رِبْعِيٍّ ، عَنْ حُذَيْفَةَ ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ : كُلُّ مَعْرُوفٍ صَدَقَةٌ. (احمد ٥/ ٣٩٧)

(۲۵۹۳۵) حضرت ربعی بن حراش رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: ہر نیکی صدقہ ہے۔

(٢٥٩٣٦) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، قَالَ : قَالَ عَبْدُ اللهِ : كُلُّ مَعْرُوفٍ صَدَقَةٌ.

(۲۵۹۳۶) حضرت ابراہیم رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: ہر نیکی صدقہ ہے۔

(٢٥٩٣٧) حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: رَأْسُ الْعَقْلِ بَعْدَ الإِيمَانِ بِاللَّهِ مُدَارَاةُ النَّاسِ ، وَلَنْ يَهْلِكَ رَجُلٌ بَعْدَ مَشُورَةٍ ، وَأَهْلُ الْمَعْرُوفِ فِي الدُّنْيَا هُمْ أَهْلُ الْمَعْرُوفِ فِي الآخِرَةِ. (بيهقى ١٠٩)

(۲۵۹۳۷) حضرت سعید بن المسیب رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ پر ایمان لانے کے بعد عقل کی بنیاد لوگوں سے میل ملاپ کرنا ہے، اور آدمی ہرگز ہلاک نہیں ہوتا مشورے کے بعد، اور جو دنیا میں بھلائی والے لوگ ہیں وہی آخرت میں بھلائی والے ہیں۔

(٢٥٩٣٨) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنْ عَاصِمٍ ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : أَهْلُ الْمَعْرُوفِ فِي الدُّنْيَا هُمْ أَهْلُ الْمَعْرُوفِ فِي الآخِرَةِ ، وَأَهْلُ الْمُنْكَرِ فِي الدُّنْيَا هُمْ أَهْلُ الْمُنْكَرِ فِي الآخِرَةِ.

(۲۵۹۳۸) حضرت ابوعثمان رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: دنیا میں بھلائی والے وہی آخرت میں بھلائی والے ہوں گے اور دنیا میں برے لوگ آخرت میں برائی والے ہوں گے۔

(٢٥٩٣٩) حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ الأَحْمَرُ ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ الأَسْوَدِ ، عَنْ مُجَاهِدٍ، قَالَ: مَنْ صَنَعَ مَعْرُوفًا إِلَى غَنِيٍّ وَفَقِيرٍ، فَهُوَ صَدَقَةٌ.

(۲۵۹۳۹) حضرت عثمان بن اسود رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت مجاہد رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: جو شخص کسی امیر یا فقیر سے بھلائی کا معاملہ کرتا ہے تو یہ بھی صدقہ ہے۔

(٢٥٩٤٠) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ ، قَالَ : حَدَّثَنَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ عَبَّاسٍ ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ : كُلُّ مَعْرُوفٍ صَدَقَةٌ. (بخاری ۲۳۱۔ احمد ۴/ ۳۰۷)

(۲۵۹۴۰) حضرت عبداللہ بن یزید رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہر نیکی صدقہ ہے۔

(٢٥٩٤١) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَسَنٍ الأَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُالْحَمِيدِ الْبَصْرِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : كُلُّ مَعْرُوفٍ صَدَقَةٌ. (بخاری ۶۰۲۱۔ ترمذی ۱۹۷۰)

(۲۵۹۴۱) حضرت جابر بن عبداللہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہر نیکی صدقہ ہے۔

(٢٥٩٤٢) حَدَّثَنَا مَالِكٌ ، عَنْ أَبِي عَوَانَةَ ، عَنْ عَاصِمٍ ، عَنْ زِرٍّ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ ، قَالَ : كُلُّ مَعْرُوفٍ صَدَقَةٌ.

(۲۵۹۴۲) حضرت زر رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: ہر بھلائی صدقہ ہے۔

(١٢) فِي الْعَطْفِ عَلَى الْبَنَاتِ

لڑکیوں پر نرمی کرنے کا بیان

(٢٥٩٤٣) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، قَالَ : أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ بْنُ حُسَيْنٍ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللهِ ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ : مَنْ عَالَ ثَلاَثَ بَنَاتٍ يَكْفِيهِنَّ وَيَرْحَمُهُنَّ وَيَرْفُقُ بِهِنَّ ، فَهُوَ فِي الْجَنَّةِ ، أَوْ قَالَ : مَعِي فِي الْجَنَّةِ. (احمد ۳/ ۳۰۳۔ ابویعلی ۲۲۰۷)

(۲۵۹۴۳) حضرت جابر بن عبداللہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص تین لڑکیوں کی پرورش کرے اور ان کی کفایت کرے اور ان پر رحم کرے اور ان کے ساتھ نرمی والا معاملہ کرے تو وہ شخص جنت میں ہوگا یا یوں فرمایا: کہ وہ شخص جنت میں میرے ساتھ ہوگا۔

(٢٥٩٤٤) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنْ أَبِي مَالِكٍ الأَشْجَعِيِّ ، عَنْ زِيَادِ بْنِ حُدَيْرٍ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَنْ وُلِدَتْ لَهُ ابْنَةٌ فَلَمْ يَئِدْهَا وَلَمْ يُهِنْهَا ، وَلَمْ يُؤْثِرْ وَلَدَهُ عَلَيْهَا ، يَعْنِي الذُّكُورَ ، أَدْخَلَهُ اللَّهُ الْجَنَّةَ. (ابو داؤد ۵۱۰۳۔ حاکم ۱۷۷)

(۲۵۹۴۴) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس شخص کے ہاں بیٹی پیدا ہوئی نہ اس نے

اسے زندہ درگور کیا اور نہ ہی اس کو ذلیل کیا اور نہ اپنے بیٹے کو اس پر ترجیح دی تو اللہ تعالیٰ اس شخص کو جنت میں داخل کرے گا۔

(٢٥٩٤٥) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنِ الرَّقَاشِيِّ ، عَنْ أَنَسٍ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَنْ كَانَ لَهُ ابْنَتَانِ ، أَوْ أُخْتَانِ فَأَحْسَنَ إِلَيْهِمَا مَا صَحِبَتَاهُ كُنْتُ أَنَا وَهُوَ فِي الْجَنَّةِ كَهَاتَيْنِ - يَعْنِي كالسَّبَّابَةِ وَالْوُسْطَى. (مسلم ٢٠٢٧۔ ترمذی ١٩١٤)

(۲۵۹۴۵) حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس شخص کی دو بیٹیاں یا دو بہنیں ہوں اور یہ ان دونوں کے ساتھ اچھا برتاؤ کرے جب تک وہ اس کی صحبت میں رہیں تو میں اور وہ شخص قیامت میں اس طرح ہوں گے، اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے شہادت اور درمیانی انگلی کو ساتھ ملایا۔

(٢٥٩٤٦) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنْ فِطْرٍ ، عَنْ شُرَحْبِيلَ بْنِ سَعد ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَنْ أَدْرَكَتْ لَهُ ابْنَتَانِ فَأَحْسَنَ إِلَيْهِمَا مَا صَحِبَتَاهُ ، أَوْ صَحِبَهُمَا ، أَدْخَلَهُ اللَّهُ الْجَنَّةَ بِهِمَا.

(ابن ماجه ٣٦٧٠۔ احمد ١/ ٢٣٥)

(۲۵۹۴۶) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس شخص کی دو بیٹیاں ہوں اور وہ ان دونوں سے اچھا برتاؤ کرے، جب تک یہ دونوں اس کی صحبت میں ہوں تو اللہ تعالیٰ ان دونوں کی وجہ سے اس شخص کو جنت میں داخل فرمائیں گے۔

(٢٥٩٤٧) حَدَّثَنَا دَاوُد بْنُ عَبْدِاللهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُالْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ السَّمَّانِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ مُكْمِلٍ ، عَنْ أَيُّوبَ بْنِ بَشِيرٍ الْمُعَاوِيِّ ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ : لاَ يَكُونُ لأَحَدِكُمْ ثَلاَثُ بَنَاتٍ ، أَوْ ثَلاَثُ أَخَوَاتٍ فَيُحْسِنُ إِلَيْهِنَّ إِلاَّ دَخَلَ الْجَنَّةَ.

(۲۵۹۴۷) حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم میں سے جس شخص کی تین بیٹیاں یا تین بہنیں ہوں، پھر وہ ان سے اچھا سلوک کرے تو اللہ تعالیٰ ضرور ان کو جنت میں داخل فرمائیں گے۔

(٢٥٩٤٨) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الأَسَدِيُّ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بن أَبِي بَكْرٍ ، عَنْ أَنَسٍ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَنْ عَالَ جَارِيَتَيْنِ حَتَّى تَبْلُغَا جَاءَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَنَا وَهُوَ هَكَذَا وَضَمَّ إِصْبَعَيْهِ. (مسلم ٢٠٢٧۔ ترمذی ١٩١٤)

(۲۵۹۴۸) حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو دو بچیوں کی پرورش کرے، یہاں تک کہ وہ دونوں بالغ ہوگئیں وہ شخص قیامت کے دن آئے گا اس حال میں کہ میں اور وہ اس طرح ہوں گے، اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی دونوں انگلیوں کو ملایا۔

(٢٥٩٤٩) حَدَّثَنَا مُصْعَبُ بْنُ الْمِقْدَامِ ، قَالَ : حَدَّثَنَا مِنْدَلٌ ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ ، عَنْ عُمَرَ بْنِ نَبْهَانَ ،

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :مَنْ كَانَ لَهُ ثَلَاثُ بَنَاتٍ فَصَبَرَ عَلَى لَأْوَائِهِنَّ وَسَرَّائِهِنَّ وَضَرَّائِهِنَّ أَدْخَلَهُ الْجَنَّةَ بِفَضْلِ رَحْمَتِهِ إِيَّاهُنَّ ، قَالَ رَجُلٌ :واثنتان ؟ قَالَ :وَاثْنَتَانِ ، قَالَ رَجُلٌ : وَوَاحِدَةٌ ؟ قَالَ :وَوَاحِدَةٌ. (احمد ۲/ ۳۳۵۔ حاکم ۱۷۶)

(۲۵۹۴۹) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس شخص کی تین بیٹیاں ہوں اور وہ ان کی خوشی غمی پر صبر کرے تو یہ بیٹیاں اس کو اللہ کی رحمت کے فضل سے جنت میں داخل کروائیں گی تو ایک آدمی کہنے لگا: اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! اور اگر دو بیٹیاں ہوں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دو ہوں تب بھی، اس آدمی نے کہا: اگر ایک ہو؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر ایک ہو تب بھی۔

(۱۳) ما قالوا فِي التّصبّحِ نومة الضّحى وما جاء فِيها

جن لوگوں نے صبح کے وقت سونے کو نومة الضحیٰ کہا، اور اس بارے میں جو روایات منقول ہیں

(۲۵۹۵۰) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ مِسْعَرٍ ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ عُبَيْدٍ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى ، قَالَ :مَرَّ بِي عَمْرُو بْنُ بُلَيْلٍ وَأَنَا مُتَصَبِّحٌ فِي النَّخْلِ فَحَرَّكَنِي بِرِجْلِهِ فَقَالَ :أَتَرْقُدُ فِي السَّاعَةِ الَّتِي يَنْتَشِرُ فِيهَا عِبَادُ اللهِ.

(۲۵۹۵۰) حضرت عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمرو بن بلیل رحمہ اللہ میرے پاس سے گزرے اور میں کھجور کے باغ میں صبح کے وقت سو رہا تھا۔ آپ رحمہ اللہ نے اپنے پاؤں سے مجھے ہلایا اور فرمایا: کیا تم اس وقت میں سو رہے ہو جس میں اللہ کے بندے منتشر ہوتے ہیں؟

(۲۵۹۵۱) حَدَّثَنَا حَفْصٌ ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ : كَانَ الزُّبَيْرُ يَنْهَى بَنِيهِ عَنِ التَّصَبُّحِ ، قَالَ :وَقَالَ عُرْوَةُ :إِنِّي لَأَسْمَعُ بِالرَّجُلِ يَتَصَبَّحُ فَأَزْهَدُ فِيهِ.

(۲۵۹۵۱) حضرت عروہ بن زبیر رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ان کے والد حضرت زبیر رحمہ اللہ اپنے بیٹوں کو صبح کے وقت سونے سے روکتے تھے اور حضرت عروہ رحمہ اللہ نے فرمایا: بے شک میں نے ایک آدمی کے بارے سنا جو صبح سوتا تھا کہ آپ رحمہ اللہ اس کو حقیر سمجھتے تھے۔

(۲۵۹۵۲) حَدَّثَنَا حَفْصٌ ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ يَحْيَى ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ فَرُّوخَ ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللهِ ، أَنَّهُ مَرَّ بِابْنٍ لَهُ قد تَصَبَّحَ ، فَذَكَرَ أَنَّهُ قَفَده ، وَنَهَاهُ عَنْ ذَلِكَ.

(۲۵۹۵۲) حضرت عبداللہ بن فروخ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت طلحہ بن عبیداللہ اپنے بیٹے کے پاس سے گزرے اس حال میں کہ وہ صبح کے وقت سو رہا تھا انہوں نے اس کے سر پر چپت لگائی اور اس کو سونے سے منع کیا۔

(۲۵۹۵۳) حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ ، قَالَ :الْتَقَى ابْنُ الزُّبَيْرِ وَعُبَيْدُ بْنُ عُمَيْرٍ فَتَذَاكَرَا شَيْئًا فَقَالَ لَهُ الآخَرُ :أَمَا عَلِمْتَ أَنَّ الأَرْضَ تَعِجُّ إِلَى رَبِّهَا مِنْ نَوْمَةِ عُلَمَائِهَا.

(۲۵۹۵۳) حضرت ابوسفیان رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن زبیر رضی اللہ عنہ اور حضرت عبید بن عمیر رحمہ اللہ آپس میں ملے اور آپس میں کچھ مذاکرہ کیا، پھر دوسرے نے ان کو کہا، کیا تم جانتے ہو کہ زمین اپنے رب کو چیخ کر علماء کی نیند کے بارے میں بتلاتی ہے۔

(۲۵۹۵٤) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ :قَالَ الزُّبَيْرُ :إِنِّي لأَزْهَدُ فِي الرَّجُلِ يَتَصَبَّحُ.

(۲۵۹۵۴) حضرت عروہ بن زبیر رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: بے شک میں صبح سونے والے شخص کو حقیر سمجھتا ہوں۔

(۲۵۹۵۵) حَدَّثَنَا مَعْنُ بْنُ عِيسَى، عَنْ خَالِدِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ، قَالَ: كَانَ سَالِمٌ لاَ يَتَصَبَّحُ، وَكَانَ يَقِيلُ.

(۲۵۹۵۵) حضرت عبیداللہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت سالم رحمہ اللہ صبح نہیں سوتے تھے اور بہت کم نیند کرتے تھے۔

(۲۵۹۵٦) حَدَّثَنَا مَعْنُ بْنُ عِيسَى ، عَنْ خَالِدِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عَبْدِ اللهِ مِثْلَهُ.

(۲۵۹۵۶) حضرت عبیداللہ سے مذکورہ حدیث اس سند کے ساتھ بھی منقول ہے۔

(۲۵۹۵۷) حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ ، عَنِ الأَوْزَاعِيِّ ، عَنْ مَكْحُولٍ مِثْلَهُ.

(۲۵۹۵۷) حضرت مکحول رحمہ اللہ سے بھی مذکورہ حدیث منقول ہے۔

(١٤) من رخّص فِي التّصبّحِ

جن لوگوں نے صبح کے سونے کی رخصت دی

(۲۵۹۵۸) حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ ، عَنِ الْقَاسِمِ ، عَنْ عَائِشَةَ ، أَنَّهَا كَانَتْ تَصَبَّحُ.

(۲۵۹۵۸) حضرت قاسم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا صبح کے وقت سوتی تھیں۔

(۲۵۹۵۹) حَدَّثَنَا شَبَابَةُ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ الشَّمَّاسِ ، قَالَ :أَتَيْتُ أُمَّ سَلَمَةَ فَوَجَدْتُهَا نَائِمَةً - يَعْنِي بَعْدَ الصُّبْحِ.

(۲۵۹۵۹) حضرت عبداللہ بن شماس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے پاس آیا تو میں نے ان کو سویا ہوا پایا صبح کی نماز کے بعد۔

(۲۵۹٦۰) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ، أَنَّ عَائِشَةَ كَانَتْ إِذَا طَلَعَتِ الشَّمْسُ نَامَتْ نَوْمَةَ الضُّحَى.

(۲۵۹۶۰) حضرت مجاہد رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ جب سورج طلوع ہو جاتا تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا صبح کی نیند سو جاتیں۔

(۲۵۹٦۱) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ إِسْرَائِيلَ، عَنْ عَبْدِ الأَعْلَى، قَالَ :أَتَيْتُ سَعِيدَ بْنَ جُبَيْرٍ فَوَجَدْتُه نَائِمًا نَوْمَةَ الضُّحَى.

(۲۵۹۶۱) حضرت عبدالاعلیٰ فرماتے ہیں کہ میں حضرت سعید بن جبیر رحمہ اللہ کے پاس آیا تو میں نے ان کو صبح کی نیند کرتے ہوئے پایا۔

(٢٥٩٦٢) قَالَ :قَالَ :حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ ، قَالَ :حَدَّثَنَا أَيُّوبُ ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ ، أَنَّهُ كَانَ يَتَصَبَّحُ.

(۲۵۹۶۲) حضرت ایوب رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن سیرین رحمہ اللہ صبح کے وقت سویا کرتے تھے۔

(٢٥٩٦٣) حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنْ أَيُّوبَ ، عَنْ أَبِي يَزِيدَ الْمَدِينِيِّ ، قَالَ :غَدَا عُمَرُ عَلَى صُهَيْبٍ فَوَجَدَهُ مُتَصَبِّحًا ، فَقَعَدَ حَتَّى اسْتَيْقَظَ ، فَقَالَ صُهَيْبٌ :أَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ قَاعِدٌ عَلَى مَقْعَدَتِهِ وَصُهَيْبٌ نَاعِمٌ مُتَصَبِّحٌ ، فَقَالَ لَهُ عُمَرُ :مَا كُنْتُ أُحِبُّ أَنْ تَدَعَ نَوْمَةً تَرْفُقُ بِكَ .

(۲۵۹۶۳) حضرت ابو یزید مدینی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ حضرت صہیب رحمہ اللہ کے پاس صبح کے وقت آئے تو انہیں صبح کے وقت سویا ہوا پایا۔ آپ رضی اللہ عنہ بیٹھ گئے یہاں تک کہ وہ بیدار ہو گئے تو حضرت صہیب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: امیر المومنین اپنی جگہ پر بیٹھے ہوئے ہیں اور صہیب ہے کہ وہ صبح کی نیند سویا ہوا ہے؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان سے فرمایا: میں نے یہ بات پسند نہیں کی کہ میں تمہیں میٹھی نیند سے اٹھاؤں۔

(١٥) فِي الرَّجُلِ يؤدِّب امرأته

اس آدمی کا بیان جو اپنی بیوی کو ادب سکھلاتا ہو

(٢٥٩٦٤) حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ :كَانَ الزُّبَيْرُ شَدِيدًا عَلَى النِّسَاءِ ، وَكَانَ يُكَسِّرُ عَلَيْهِنَّ عِيدَانَ الْمَشَاجِبِ.

(۲۵۹۶۴) حضرت عروہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت زبیر رضی اللہ عنہ عورتوں پر بہت سخت تھے، اور ان پر کپڑے سکھانے والی لکڑیاں توڑتے تھے۔

(٢٥٩٦٥) حَدَّثَنَا عَبْدُ الأَعْلَى ، عَنْ مَعْمَرٍ ، عَنِ الزُّهْرِيِّ ، قَالَ :كَانَ عُمَرُ يَضْرِبُ النِّسَاءَ وَالْخَدَمَ.

(۲۵۹۶۵) امام زہری رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ عورتوں اور خادموں کو مارا کرتے تھے۔

(٢٥٩٦٦) حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ يَعْلَى بْنِ عَطَاءٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو ، قَالَ :لاَ تَضْرِبْ خَادِمَكَ وَاضْرِبِ امْرَأَتَكَ وَوَلَدَكَ.

(۲۵۹۶۶) حضرت عطاء رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: تم اپنے خادم کو مت مارو، اپنی بیوی اور بچوں کو مار لیا کرو۔

(٢٥٩٦٧) حَدَّثَنَا عَبْدَةُ ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ ، عَنِ الْقَاسِمِ ، أَنَّ رِجَالاً نُهُوا عَنْ ضَرْبِ النِّسَاءِ ، وَقِيلَ :لَنْ يَضْرِبَ خِيَارُكُمْ ، قَالَ الْقَاسِمُ :وَكَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْرَهُمْ كَانَ لاَ يَضْرِبُ.

(ابو داؤد ۲۱۳۹۔ بیہقی ۳۰۴)

(۲۵۹۶۷) حضرت یحییٰ بن سعید رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت قاسم رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: بے شک آدمیوں کو عورتوں کے مارنے سے منع کیا گیا اور کہا گیا: تمہارے بہترین لوگ ہرگز نہیں مارتے، حضرت قاسم رضی اللہ عنہ نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں میں سب سے بہترین تھے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نہیں مارتے تھے۔

(۲۵۹۶۸) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ عَائِشَةَ ، قَالَتْ :مَا ضَرَبَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَادِمًا لَهُ ، وَلَا امْرَأَةً ، وَلَا ضَرَبَ شَيْئًا بِيَدِهِ. (مسلم ۱۸۱۴۔ ابوداؤد ۴۷۵۳)

(۲۵۹۶۸) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ کبھی کسی خادم کو مارا اور نہ ہی کسی عورت کو، اور اپنے ہاتھ سے بھی نہیں مارا۔

(۲۵۹۶۹) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمٍ الطَّائِفِيُّ ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ كَثِيرٍ ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ لَقِيطِ بْنِ صَبِرَةَ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :لَا تَضْرِبَنَّ ظَعِينَتَكَ ضَرْبَكَ أَمَتِكَ.

(۲۵۹۶۹) حضرت لقیط بن صبرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم ہرگز اپنی بیویوں کو اپنی باندیوں کی طرح مت مارو۔

(۲۵۹۷۰) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ أَبِي ثَابِتٍ ، عَنْ مَيْمُونِ بْنِ أَبِي شَبِيبٍ ، قَالَ :قَالَ عَمَّارٌ :مَنْ ضَرَبَ عَبْدَهُ ظَالِمًا أُقِيدَ مِنْهُ.

(۲۵۹۷۰) حضرت میمون بن ابی شبیب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمار رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: جس شخص نے اپنے غلام کو ظلماً مارا تو اس وجہ سے اس کو بیڑیاں پہنائی جائیں گی۔

(۲۵۹۷۱) حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ نُمَيْرٍ ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ زَمْعَةَ ، قَالَ :خَطَبَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، ثُمَّ ذَكَرَ النِّسَاءَ فَوَعَظَهُمْ فِيهِنَّ فَقَالَ :إِلَامَ يَجْلِدُ أَحَدُكُمُ امْرَأَتَهُ جَلْدَ الْأَمَةِ ، وَلَعَلَّهُ أَنْ يُضَاجِعَهَا مِنْ آخِرِ يَوْمِهِ. (بخاری ۴۹۴۲۔ مسلم ۲۱۹۱)

(۲۵۹۷۱) حضرت عبداللہ بن زمعہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبہ دیا پھر عورتوں کا ذکر فرمایا اور ان کے بارے میں وعظ و نصیحت فرمائی، اور فرمایا: ہوسکتا ہے کہ تم میں سے کوئی ایک اپنی بیوی کو باندیوں کی طرح مارے اور پھر شاید دن کے آخری حصہ میں اس سے ہمبستری کرے۔

(۱۶) ما جاء فِي ذِي الوجهين

ان روایات کا بیان جو دو چہروں والے کے بارے میں منقول ہیں

(۲۵۹۷۲) حَدَّثَنَا شَرِيكٌ ، عَنِ الرُّكَيْنِ ، عَنْ نُعَيْمِ بْنِ حَنْظَلَةَ ، عَنْ عَمَّارٍ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ

وَسَلَّمَ :مَنْ كَانَ لَهُ وَجْهَانِ فِي الدُّنْيَا كَانَ لَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ لِسَانَانِ مِنْ نَارٍ. (ابوداؤد ۴۸۴۰۔ دارمی ۲۷۶۴)

(۲۵۹۷۲) حضرت عمار رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس شخص کے دنیا میں دو چہرے ہوں گے تو قیامت کے دن اس کی آگ کی دو زبانیں ہوں گی۔

(۲۵۹۷۳) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَامِرٍ ، عَنِ الزُّهْرِيِّ ، أَنَّ رَجُلاً سَلَّمَ عَلَى النَّبِيِّ ثَلاَثَ مَرَّاتٍ فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيْهِ فَقِيلَ لَهُ :لِمَ ؟ فَقَالَ :إِنَّهُ ذُو وَجْهَيْنِ.

(۲۵۹۷۳) امام زہری رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو تین مرتبہ سلام کیا لیکن آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو جواب نہیں دیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بارے میں پوچھا گیا! تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک وہ دو رخا شخص ہے۔

(۲۵۹۷٤) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :تَجِدُ مِنْ شَرِّ النَّاسِ عِنْدَ اللهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ذُو الْوَجْهَيْنِ. (بخاری ۶۰۵۸۔ ترمذی ۲۰۲۵)

(۲۵۹۷۴) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا! تو قیامت کے دن اللہ کے نزدیک لوگوں میں سب سے بدترین شخص دو چہرے والوں کو پائے گا۔

(۲۵۹۷۵) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ ، قَالَ :حَدَّثَنَا سُفْيَانُ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ عِكْرِمَةَ ، قَالَ :قَالَ لُقْمَانُ ذُو الْوَجْهَيْنِ لاَ يَكُونَ عِنْدَ اللهِ أَمِينًا. (بخاری ۳۱۳۔ احمد ۲/ ۳۶۵)

(۲۵۹۷۵) حضرت عکرمہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت لقمان نے ارشاد فرمایا: دو چہرے والا شخص اللہ کے نزدیک امانت دار نہیں ہوگا۔

(۲۵۹۷٦) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنِ الْمَسْعُودِيِّ ، عَنْ مَالِكِ بْنِ أَسْمَاءَ بْنِ خَارِجَةَ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ :سَمِعْتُ ابْنَ مَسْعُودٍ يَقُولُ :إِنَّ ذَا اللِّسَانَيْنِ لَهُ لِسَانَانِ مِنْ نَارٍ يَوْمَ الْقِيَامَةِ. (طبرانی ۹۱۶۸)

(۲۵۹۷۶) حضرت مالک بن اسماء بن خارجہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو یوں فرماتے ہوئے سنا: بے شک دو زبانوں والے کی قیامت کے دن آگ کی دو زبانیں ہوں گی۔

(۱۷) كيف يتمخّط الرّجل وبأيّ يديه

آدمی ناک کیسے صاف کرے اور کون سے ہاتھ سے صاف کرے؟

(۲۵۹۷۷) حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، قَالَ :رَآنِي إِبْرَاهِيمُ وَأَنَا أَتَمَخَّطُ بِيَمِينِي فَنَهَانِي وَقَالَ : عَلَيْكَ بِيَسَارِكَ ، وَلاَ تَعْتَادَنَّ تَمْتَخِطُ بِيَمِينِكَ.

(۲۵۹۷۷) حضرت اعمش رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابراہیم رحمہ اللہ نے مجھے دیکھا کہ میں اپنے داہنے ہاتھ سے ناک صاف کر رہا تھا، تو آپ رحمہ اللہ نے مجھے منع فرمایا: اور فرمایا: تم پر بایاں ہاتھ لازم ہے اور تم دائیں ہاتھ سے ناک صاف کرنے کی عادت مت بناؤ۔

(٢٥٩٧٨) حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ بَعْضِ أَصْحَابِهِ ، عَنْ مَسْرُوقٍ ، عَنْ عَائِشَةَ ، قَالَتْ: كَانَتْ يَمِينُ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِطَعَامِهِ وَصَلاَتِهِ، وَكَانَتْ شِمَالُهُ لِمَا سِوَى ذَلِكَ. (بخاری ۱۶۸۔ مسلم ۶۶)

(۲۵۹۷۸) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا داہنا ہاتھ کھانے اور نماز کے لیے اور بایاں ہاتھ ان کے علاوہ کاموں کے لیے تھا۔

(٢٥٩٧٩) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ مُسَافِرٍ ، عَنْ رُزَيْقِ بْنِ سَوَّارٍ ، أَنَّ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ امْتَخَطَ بِيَمِينِهِ.

(۲۵۹۷۹) حضرت رُزیق بن سوار رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہ نے اپنے داہنے ہاتھ سے ناک صاف کی۔

(٢٥٩٨٠) حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ: كَانُوا يَكْرَهُونَ أَنْ يَمْتَخِطَ الرَّجُلُ بِيَمِينِهِ.

(۲۵۹۸۰) حضرت اعمش رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابراہیم رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: صحابہ رضی اللہ عنہم مکروہ سمجھتے تھے کہ آدمی اپنے داہنے ہاتھ سے ناک صاف کرے۔ .

(٢٥٩٨١) حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ ، عَنِ الْحَكَمِ أَبِي مُعَاذٍ ، قَالَ :رَأَيْتُ الْحَسَنَ يَتَمَخَّطُ بِيَمِينِهِ.

(۲۵۹۸۱) حضرت حکم ابو المعاذ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت حسن رحمہ اللہ کو دیکھا کہ انہوں نے اپنے داہنے ہاتھ سے ناک صاف کی۔

(١٨) ما قالوا فِي الرّجلِ أحقّ بِصدرِ دابّتِهِ وفِراشِهِ

بعض لوگوں نے کہا کہ آدمی اپنی سواری کے سینہ کا اور اپنے بستر کا زیادہ حق دار ہے

(٢٥٩٨٢) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ شُرَحْبِيلَ ، عَنْ قَيْسِ بْنِ سَعْدٍ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :الرَّجُلُ أَحَقُّ بِصَدْرِ دَابَّتِهِ.

(۲۵۹۸۲) حضرت قیس بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: آدمی اپنے جانور کے سینہ پر سوار ہونے کا زیادہ حق دار ہے۔

(٢٥٩٨٣) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ رَافِعٍ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَبَّانَ ، عَنْ عَمِّهِ ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :الرَّجُلُ أَحَقُّ بِصَدْرِ دَابَّتِهِ وَإِذَا رَجَعَ إِلَى مَجْلِسِهِ ، فَهُوَ أَحَقُّ بِهِ.

(مسلم ۱۷۱۵۔ ابو داؤد ۴۸۱۹)

(۲۵۹۸۳) حضرت ابو سعد رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: آدمی اپنے جانور کے سینہ پر سوار ہونے کا زیادہ حق دار ہے اور جب وہ اپنے بیٹھنے کی جگہ پر واپس لوٹے تو وہ اس جگہ کا زیادہ حق دار ہے۔

(٢٥٩٨٤) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ: كَانَ يُقَالُ:الرَّجُلُ أَحَقُّ بِصَدْرِ دَابَّتِهِ وَفِرَاشِهِ.

(۲۵۹۸۴) حضرت منصور رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا: یوں کہا جاتا تھا: کہ آدمی اپنے جانور کے سینہ پر سوار ہونے کا اور اپنے بستر کا زیادہ حق دار ہے۔

(۲۵۹۸۵) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفُضَيْلِ ، عَنْ سُفْيَانَ الْعَطَّارِ ، قَالَ :رَأَيْتُ الشَّعْبِيَّ مُرْتَدِفًا خَلْفَ رَجُلٍ ، قَالَ :وَكَانَ يَقُولُ :صَاحِبُ الدَّابَّةِ أَحَقُّ بِمُقَدَّمِهَا.

(۲۵۹۸۵) حضرت سفیان عطار رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے امام شعبی رحمۃ اللہ علیہ کو دیکھا کہ وہ ایک آدمی کے پیچھے سواری پر بیٹھے ہوئے تھے اور فرمارہے تھے۔ سواری والا آگے بیٹھنے کا زیادہ حقدار ہے۔

(۲۵۹۸۶) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ جَرِيرِ بْنِ حَازِمٍ ، عَنْ عِيسَى بْنِ عَاصِمٍ ، قَالَ :قَالَ عَبْدُ اللهِ ، الرَّجُلُ أَحَقُّ بِصَدْرِ دَابَّتِهِ :وَالرَّجُلُ أَحَقُّ بِصَدْرِ فِرَاشِهِ.

(۲۵۹۸۶) حضرت عیسیٰ بن عاصم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: آدمی اپنے جانور کے سینہ پر سوار ہونے کا زیادہ حقدار ہے، اور آدمی اپنے بستر کا زیادہ حقدار ہے۔

(۲۵۹۸۷) حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ مُعَاذٍ ، قَالَ :حَدَّثَنَا حَبِيبُ بْنُ شَهِيدٍ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ بُرَيْدَةَ ، أَنَّ مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِدَابَّةٍ لِيَرْكَبَهَا ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :رَبُّ الدَّابَّةِ أَحَقُّ بِصَدْرِهَا ، قَالَ :فَقَالَ مُعَاذٌ :فَهِيَ لَكَ يَا نَبِيَّ اللهِ ، فَرَكِبَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، وَأَرْدَفَ مُعَاذًا.

(ترمذی ۲۷۷۳۔ ابوداؤد ۲۵۶۵)

(۲۵۹۸۷) حضرت عبداللہ بن بریدہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سواری کا جانور لائے، تاکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس پر سوار کریں، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا: جانور کا مالک اس کے سینہ پر سوار ہونے کا زیادہ حقدار ہے، حضرت معاذ رحمۃ اللہ علیہ نے عرض کیا: اے اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم! یہ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے ہے۔ تب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اس پر سوار ہو گئے اور حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کو اپنے پیچھے بٹھالیا۔

(۱۹) مَنْ كَانَ لاَ يُحْفِي شَارِبَهُ

جو لوگ اپنی مونچھیں نہیں کتر واتے تھے

(۲۵۹۸۸) حَدَّثَنَا شَبَابَةَ ، قَالَ :حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ ، قَالَ :رَأَيْتُ حُمَيْدَ بْنَ هِلاَلٍ وَالْحَسَنَ ، وَابْنَ سِيرِينَ ، وَعَطَاءً وَبَكْرَ بْنَ عَبْدِ اللهِ لاَ يُحْفُونَ شَوَارِبَهُمْ.

(۲۵۹۸۸) حضرت سلیمان بن مغیرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت حمید بن ھلال، حضرت حسن رحمۃ اللہ علیہ، حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ، حضرت عطاء رحمۃ اللہ علیہ، اور حضرت بکر بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ کو دیکھا یہ سب حضرات اپنی مونچھیں نہیں کتر واتے تھے۔

(٢٥٩٨٩) حَدَّثَنَا مَعْنُ بْنُ عِيسَى ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ هِلاَلٍ ، قَالَ : رَأَيْتُ سَعِيدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ وَعُمَرَ بْنَ عَبْدِ الْعَزِيزِ وَسَالِمًا وَعُرْوَةَ بْنَ الزُّبَيْرِ وَجَعْفَرَ بْنَ الزُّبَيْرِ وَعُبَيْدَ اللهِ بْنَ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُتْبَةَ وَأَبَا بَكْرِ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ لاَ يُحْفُونَ شَوَارِبَهُمْ جِدًّا ، يَأْخُذُونَ مِنْهَا أَخْذًا حَسَنًا .

(۲۵۹۸۹) حضرت محمد بن ہلال رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت سعید بن المسیب رحمہ اللہ، حضرت عمر بن عبد العزیز، حضرت سالم رحمہ اللہ، حضرت عروہ بن زبیر رحمہ اللہ، حضرت جعفر بن زبیر، حضرت عبداللہ بن عبداللہ بن عتبہ رحمہ اللہ، اور حضرت ابوبکر بن عبدالرحمن بن حارث بن ہشام رحمہ اللہ کو دیکھا یہ سب حضرات اپنی مونچھوں کو مبالغے سے نہیں کتر واتے تھے اور ان کو خوبصورتی سے سنوار لیتے تھے۔

(٢٥٩٩٠) حَدَّثَنَا مَعْنُ بْنُ عِيسَى ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ قَيْسٍ ، عَنْ نَافِعِ بْنَ جُبَيْرٍ ، وَعِرَاك بن مَالِكَ : مِثْلَهُ .

(۲۵۹۹۰) حضرت نافع بن جبیر رحمہ اللہ اور حضرت عراک بن مالک سے بھی مذکورہ حدیث اس سند سے منقول ہے۔

(٢٠) مَا قَالُوا فِي الأَخْذِ مِنَ اللِّحْيَةِ

بعض لوگوں نے داڑھی چھانٹنے کے بارے میں یوں کہا

(٢٥٩٩١) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ ، عَنْ زَمْعَةَ ، عَنِ ابْنِ طَاوُوسٍ ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ يَزِيدَ ، قَالَ : كَانَ عَلِيٌّ يَأْخُذُ مِنْ لِحْيَتِهِ مِمَّا يَلِي وَجْهَهُ .

(۲۵۹۹۱) حضرت سماک بن یزید رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ اپنی داڑھی کے اس حصہ سے بال اتارتے تھے جو حصہ ان کے چہرہ سے ملا ہوا تھا۔

(٢٥٩٩٢) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ عَمْرِو بْنِ أَيُّوبَ مِنْ وَلَدِ جَرِيرٍ ، عَنْ أَبِي زُرْعَةَ ، قَالَ : كَانَ أَبُو هُرَيْرَةَ يَقْبِضُ عَلَى لِحْيَتِهِ ، ثُمَّ يَأْخُذُ مَا فَضَلَ عَنِ الْقَبْضَةِ .

(۲۵۹۹۲) حضرت ابوزرعہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ اپنی داڑھی کو مٹھی میں پکڑتے تھے، پھر جو حصہ مٹھی سے زائد ہوتا اس کو کاٹ دیتے۔

(٢٥٩٩٣) حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، قَالَ : سَمِعْتُ عَطَاءَ بْنَ أَبِي رَبَاحٍ ، قَالَ : كَانُوا يُحِبُّونَ أَنْ يُعْفُوا اللِّحْيَةَ إِلاَّ فِي حَجٍّ ، أَوْ عُمْرَةٍ ، وَكَانَ إِبْرَاهِيمُ يَأْخُذُ مِنْ عَارِضِ لِحْيَتِهِ .

(۲۵۹۹۳) حضرت منصور رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عطاء بن ابی رباح رحمہ اللہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ صحابہ رضی اللہ عنہم پسند کرتے تھے کہ وہ اپنی داڑھیوں کو بڑھائیں سوائے حج یا عمرے میں، اور حضرت ابراہیم رحمہ اللہ اپنے داڑھی کے کنارے چھانٹ لیتے تھے۔

(٢٥٩٩٤) حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ ، عَنِ ابْنِ طَاوُوسٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، أَنَّهُ كَانَ يَأْخُذُ مِنْ لِحْيَتِهِ ، وَلاَ يُوجِبُهُ .

(۲۵۹۹۴) حضرت ابن طاؤس فرماتے ہیں کہ ان کے والد حضرت طاؤس رحمۃ اللہ علیہ اپنی داڑھی کو چھانٹ لیتے تھے اور وہ اس میں رعایت نہیں کرتے تھے۔

(۲۵۹۹۵) حَدَّثَنَا عَائِذُ بْنُ حَبِيبٍ ، عَنْ أَشْعَثَ ، عَنِ الْحَسَنِ ، قَالَ : كَانُوا يُرَخِّصُونَ فِيمَا زَادَ عَلَى الْقُبْضَةِ مِنَ اللِّحْيَةِ أَنْ يُؤْخَذَ مِنْهَا.

(۲۵۹۹۵) حضرت اشعث رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت حسن رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا: صحابہ رضی اللہ عنہم ایک قبضہ سے زیادہ داڑھی میں رخصت دیتے تھے کہ اس کو چھانٹ لیا جائے۔

(۲۵۹۹۶) حَدَّثَنَا أَبُو عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ ، عَنْ أَفْلَحَ ، قَالَ : كَانَ الْقَاسِمُ إِذَا حَلَقَ رَأْسَهُ أَخَذَ مِنْ لِحْيَتِهِ وَشَارِبِهِ.

(۲۵۹۹۶) حضرت افلح رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت قاسم رحمۃ اللہ علیہ جب اپنا سر منڈواتے تو اپنی داڑھی اور مونچھ کو بھی چھانٹ لیتے تھے۔

(۲۵۹۹۷) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ هَاشِمٍ ، وَوَكِيعٌ ، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى ، عَنْ نَافِعٍ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ ، أَنَّهُ كَانَ يَأْخُذُ مَا فَوْقَ الْقُبْضَةِ ، وَقَالَ وَكِيعٌ :مَا جَازَ الْقُبْضَةَ.

(۲۵۹۹۷) حضرت نافع رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ ایک قبضہ سے زائد داڑھی کو چھانٹ لیتے تھے اور حضرت وکیع رحمۃ اللہ علیہ نے یہ الفاظ بیان فرمائے کہ جب داڑھی قبضہ سے تجاوز کر جاتی تو اس کو چھانٹ لیتے۔

(۲۵۹۹۸) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ أَبِي هِلَالٍ ، عَنْ قَتَادَةَ ، قَالَ :قَالَ جَابِرٌ :لاَ نَأْخُذُ مِنْ طُولِهَا إِلاَّ فِي حَجٍّ ، أَوْ عُمْرَةٍ.

(۲۵۹۹۸) حضرت قتادہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: ہم داڑھی کی لمبائی کو سوائے حج یا عمرے کے نہیں چھانٹتے تھے۔

(۲۵۹۹۹) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ عَمْرِو بْنِ أَيُّوبَ ، عَنْ أَبِي زُرْعَةَ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، أَنَّهُ كَانَ يَأْخُذُ مِنْ لِحْيَتِهِ مَا جَازَ الْقُبْضَةَ.

(۲۵۹۹۹) حضرت ابوزرعہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی داڑھی جب ایک قبضہ سے تجاوز کر جاتی تو وہ اس کو چھانٹ لیتے تھے۔

(۲۶۰۰۰) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ أَبِي هِلاَلٍ، قَالَ :سَأَلْتُ الْحَسَنَ، وَابْنَ سِيرِينَ فَقَالاَ :لاَ بَأْسَ بِهِ أَنْ تَأْخُذَ مِنْ طُولِ لِحْيَتِك.

(۲۶۰۰۰) حضرت ابوھلال رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ دونوں حضرات سے اس بارے میں پوچھا: تو ان دونوں حضرات رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: اس میں کوئی حرج نہیں ہے کہ تم اپنی داڑھی کی لمبائی کو چھانٹ لو۔

(۲۶۰۰۱) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ: كَانُوا يُعْطُونَ لِحَاهُمْ وَيَأْخُذُونَ مِنْ عَوَارِضِهَا.

(۲۶۰۰۱) حضرت منصور رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا: صحابہ رضی اللہ عنہم ٹھوڑی کے نیچے کے بال چھانٹ لیتے تھے اور داڑھی کے کناروں کے بال بھی چھانٹتے تھے۔

(٢١) مَا قَالُوا فِي التَّحْذِيفِ

بعض لوگوں نے داڑھی برابر کرنے اور اس کے کناروں کے بال چھانٹنے کے بارے میں یوں کہا

(٢٦٠٠٢) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ حُسَيْنٍ ، عَنْ مُغِيرَةَ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، أَنَّهُ كَرِهَ أَنْ يَتَحَذَّفَ كِلْ أَو كِرد يَرْكُوش.

(۲۶۰۰۲) حضرت مغیرہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ نے داڑھی کے کناروں کو کاٹنے اور برابر کرنے کو مکروہ قرار دیا ہے۔

(٢٢) مَا يُؤْمَرُ بِهِ الرَّجُلُ مِنْ إِعْفَاءِ اللِّحْيَةِ وَالأَخْذِ مِنَ الشَّارِبِ

ان روایات کا بیان جن میں آدمی کو داڑھی بڑھانے اور مونچھ کے چھانٹنے کا حکم دیا گیا

(٢٦٠٠٣) حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ ، عَنْ نَافِعٍ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : انْهَكُوا الشَّوَارِبَ وَاعْفُوا اللِّحَى. (بخاری ۵۸۹۳۔ مسلم ۲۲۲)

(۲۶۰۰۳) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مونچھیں کاٹنے میں مبالغہ کرو اور داڑھی کو بڑھاؤ۔

(٢٦٠٠٤) حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ يُوسُفَ بْنِ صُهَيْبٍ ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ يَسَارٍ ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لَيْسَ مِنَّا مَنْ لَمْ يَأْخُذْ مِنْ شَارِبِهِ. (ترمذی ۲۷۶۱)

(۲۶۰۰۴) حضرت زید بن ارقم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو اپنی مونچھ کو نہ چھانٹے وہ ہم میں سے نہیں۔

(٢٦٠٠٥) حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ عُثْمَانَ الْحَاطِبِيِّ ، قَالَ : رَأَيْتُ ابْنَ عُمَرَ يُحْفِي شَارِبَهُ.

(۲۶۰۰۵) حضرت عثمان حاطبی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کو مونچھیں کاٹنے میں مبالغہ کرتے ہوئے دیکھا۔

(٢٦٠٠٦) حَدَّثَنَا كَثِيرُ بْنُ هِشَامٍ ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ بُرْقَانَ ، عَنْ حَبِيبٍ ، قَالَ : رَأَيْتُ ابْنَ عُمَرَ قَدْ جَزَّ شَارِبَهُ كَأَنَّهُ قَدْ حَلَقَهُ.

(۲۶۰۰۶) حضرت حبیب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کو دیکھا تحقیق انہوں نے اپنی مونچھ کو کاٹا اور بالکل مونڈ دیا۔

(٢٦٠٠٧) حَدَّثَنَا عَبْدُ الأَعْلَى ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنِ الْحَسَنِ وَمُحَمَّدٍ أَنَّهُمَا كَانَا يُحْفِيَانِ شَوَارِبَهُمَا.

(۲۶۰۰۷) حضرت ھشام رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت حسن رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت محمد رحمۃ اللہ علیہ یہ دونوں حضرات اپنی مونچھوں کو مبالغہ کے ساتھ کاٹتے تھے۔

(٢٦٠٠٨) حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ الأَحْمَرُ ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ ، قَالَ : رَأَيْتُ عَبْدَ اللهِ يُحْفِي شَارِبَهُ.

(۲۶۰۰۸) حضرت یحییٰ بن سعید رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو مونچھ کاٹنے میں مبالغہ کرتے

ہوئے دیکھا۔

(٢٦٠٠٩) حَدَّثَنَا قَبِيصَةُ بْنُ عُقْبَةَ ، قَالَ :حَدَّثَنَا سُفْيَانُ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلاَنَ ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ أَبِي رَافِعٍ ، قَالَ: رَأَيْتُ أَبَا سَعِيدٍ وَرَافِعَ بْنَ خَدِيجٍ وَسَلَمَةَ بْنَ الأَكْوَعِ ، وَابْنَ عُمَرَ وَجَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللهِ وَأَبَا أُسَيْدَ يُنْهِكُونَ شَوَارِبَهُمَا أَخَا الْحَلْقِ.

(۲۶۰۰۹) حضرت عبید اللہ بن ابی رافع رحمہ اللہ فرماتے ہیں میں نے حضرت ابوسعید رحمہ اللہ اور حضرت رافع بن خدیج رحمہ اللہ، حضرت سلمہ بن اکوع رحمہ اللہ، حضرت ابن عمر رحمہ اللہ، حضرت جابر بن عبد اللہ اور جندب ابوسعد رحمہ اللہ کو دیکھا یہ سب حضرات اپنی مونچھوں کو بالکل سرے سے کٹوا دیتے سر منڈھوانے کی طرح۔

(٢٦٠١٠) حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُورٍ ، قَالَ :حَدَّثَنَا هُرَيْمٌ ، عَنِ ابْنِ عَجْلاَنَ ، عَنْ مَكْحُولٍ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو ، قَالَ :أُمِرْنَا أَنْ نَبْشُرَ الشَّوَارِبَ بَشْرًا.

(۲۶۰۱۰) حضرت مکحول رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبد اللہ بن عمرو رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: ہمیں حکم دیا گیا ہے کہ ہم اپنی مونچھیں کٹوا دیں یہاں تک کہ جلد بالکل واضح نظر آئے۔

(٢٦٠١١) حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ عُمَرَ ، قَالَ :سُئِلَ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ :مَا السُّنَّةُ فِي قص الشَّارِبِ ؟ قَالَ :يُقَصُّ حَتَّى يَبْدُوَ الإِطَارُ وَيُقْطَعُ فَضْلُ الشَّارِبَيْنِ.

(۲۶۰۱۱) حضرت عبد العزیز بن عمر رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر بن عبد العزیز سے پوچھا گیا: مونچھ کے کاٹنے میں سنت طریقہ کیا ہے؟ آپ رحمہ اللہ نے فرمایا: اتنی کاٹو کہ لمبائی ظاہر ہو جائے اور مگر جو ہونٹوں سے زائد ہو اس کو کاٹ لو۔

(٢٦٠١٢) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ مَعْقِلٍ ، عَنْ مَيْمُونٍ ، قَالَ :كَانَ ابْنُ عُمَرَ يَعْتَرِضُ شَارِبَهُ فَيَجُزُّهُ كَمَا يَجُزُّ الْغَنَمَ.

(۲۶۰۱۲) حضرت میمون رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ اپنی مونچھوں کو چوڑائی میں نکالتے اور پھر ان کو کاٹ دیتے جیسے بکری کے بال کاٹے جاتے ہیں۔

(٢٦٠١٣) حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ ، قَالَ :أَخْبَرَنَا أَبُو الْعُمَيْسِ ، عَنْ عَبْدِ المجيد بْنِ سُهَيْلٍ ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عبد الله بن عُتْبَةَ ، قَالَ :جَاءَ رَجُلٌ مِنَ الْمَجُوسِ إِلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :قد حَلَقَ لِحْيَتَهُ ، وَأَطَالَ شَارِبَهُ ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :مَا هَذَا ؟ قَالَ :هَذَا فِي دِينِنَا، قَالَ :فِي دِينِنَا أَنْ نَجُزَّ الشَّارِبَ، وَأَنْ نُعْفِيَ اللِّحْيَةَ. (مسلم ٢٢٢۔ احمد ٢/ ٣٦٦)

(۲۶۰۱۳) حضرت عبید اللہ بن عبد اللہ بن عتبہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ اہل مجوس میں سے ایک آدمی رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں آیا، اس نے اپنی داڑھی کو حلق کروایا ہوا تھا اور مونچھوں کو لمبا کیا ہوا تھا۔ نبی کریم ﷺ نے اس سے پوچھا: یہ کیا ہے؟ اس نے کہا: ہمارے دین میں ایسا ہی ہے، آپ ﷺ نے فرمایا: لیکن ہمارے دین میں طریقہ یہ ہے کہ ہم مونچھ کو کاٹ دیں اور

داڑھی کو بڑھائیں۔

(٢٦٠١٤) حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ ، عَنْ زَائِدَةَ ، عَنْ سِمَاكٍ ، عَنْ عِكْرِمَةَ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ، قَالَ :أَخْذُ الشَّارِبِ مِنَ الدِّينِ. (ترمذی ۲۷۶۰۔ احمد ۱/ ۳۰۱)

(۲۶۰۱۴) حضرت عکرمہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: مونچھ کا چھانٹنا دین میں سے ہے۔

(٢٦٠١٥) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ ، عَنْ حَسَنٍ ، عَنْ سِمَاكٍ ، عَنْ عِكْرِمَةَ قَالَ : كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُصُّ مِنْ شَارِبِهِ ، وَكَانَ إِبْرَاهِيمُ ، خَلِيلُ اللهِ ، يَقُصُّ شَارِبَهُ ، أَوْ مِنْ شَارِبِهِ.

(۲۶۰۱۵) حضرت عکرمہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی مونچھ یا فرمایا اپنی مونچھوں کو کاٹ لیتے تھے۔

(٢٦٠١٦) حَدَّثَنَا عَائِذُ بْنُ حَبِيبٍ ، عَنْ أَشْعَثَ ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ ، عَنْ جَابِرٍ ، قَالَ : كُنَّا نُؤْمَرُ أَنْ نُوَفِّيَ السِّبَالَ ، وَنَأْخُذَ مِنَ الشَّوَارِبِ. (ابو داؤد ۴۱۹۸۔ احمد ۵/ ۲۶۵)

(۲۶۰۱۶) حضرت ابو الزبیر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: ہمیں حکم دیا جاتا تھا کہ ہم داڑھی کے اگلے حصہ کے بالوں کو بڑھائیں اور مونچھوں کو چھانٹیں۔

(٢٦٠١٧) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ زَكَرِيَّا ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ شَيْبَةَ ، عَنْ طَلْقِ بْنِ حَبِيبٍ ، عَنِ ابن الزُّبَيْرِ ، عَنْ عَائِشَةَ ، قَالَتْ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :مِنَ الْفِطْرَةِ قَصُّ الشَّارِبِ ، وَإِعْفَاءُ اللِّحْيَةِ.

(بخاری ۶۲۸۷۔ مسلم ۱۶۶۳)

(۲۶۰۱۷) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مونچھوں کا کاٹنا اور داڑھی کا بڑھانا فطرت میں سے ہے۔

(٢٣) فِي الرَّجُلِ يَجْلِسُ وَيَجْعَلُ إِحْدَى رِجْلَيْهِ عَلَى الأُخْرَى

اس آدمی کا بیان جو اس طریقہ سے بیٹھے کہ اپنی ایک ٹانگ دوسری ٹانگ پر رکھ لے

(٢٦٠١٨) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنِ الزُّهْرِيِّ ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ تَمِيمٍ ، عَنْ عَمِّهِ ، قَالَ :رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُسْتَلْقِيًا فِي الْمَسْجِدِ ، قَدْ وَضَعَ إِحْدَى رِجْلَيْهِ عَلَى الأُخْرَى.

(۲۶۰۱۸) حضرت عباد کے چچا حضرت عبد اللہ بن زید رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو مسجد میں چت لیٹے ہوئے دیکھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس وقت اپنے ایک پاؤں کو دوسرے پر رکھا ہوا تھا۔

(٢٦٠١٩) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلاَنَ ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَالِكٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ : دَخَلَ عَلَى عُمَرَ أَوْ رُئِيَ مُسْتَلْقِيًا وَاضِعًا إِحْدَى رِجْلَيْهِ عَلَى الأُخْرَى.

(۲۶۰۱۹) حضرت عبداللہ بن مالک رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ وہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آئے یا آپ رضی اللہ عنہ کو چت لیٹے ہوئے دیکھا گیا اس حال میں کہ آپ رضی اللہ عنہ اپنے ایک پاؤں کو دوسرے پاؤں پر رکھے ہوئے تھے۔

(٢٦٠٢٠) حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ حُسَيْنٍ ، عَنِ الزُّهْرِيِّ ، عَنْ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ الْحَارِثِ ، أَنَّهُ رَأَى أُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ جَالِسًا وَاضِعًا إِحْدَى رِجْلَيْهِ عَلَى الأُخْرَى.

(۲۶۰۲۰) حضرت عبداللہ بن عبداللہ بن حارث رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ انہوں نے حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کو دیکھا اس حال میں کہ وہ اپنے ایک پاؤں کو دوسرے پاؤں پر رکھ کر بیٹھے ہوئے تھے۔

(٢٦٠٢١) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ أُسَامَةَ، عَنْ نَافِعٍ، قَالَ : كَانَ ابْنُ عُمَرَ يَضْطَجِعُ فَيَضَعُ إِحْدَى رِجْلَيْهِ عَلَى الأُخْرَى.

(۲۶۰۲۱) حضرت نافع رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ لیٹ جاتے پھر اپنے ایک پاؤں کو دوسرے پاؤں پر رکھ لیتے۔

(٢٦٠٢٢) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ أُسَامَةَ ، عَنْ نَافِعٍ :قَالَ ابْنُ عُمَرَ يَسْتَلْقِي عَلَى قَفَاهُ وَيَضَعُ إِحْدَى رِجْلَيْهِ عَلَى الأُخْرَى لاَ يَرَى بِذَلِكَ بَأْسًا ، وَيَفْعَلُهُ وَهُوَ جَالِسٌ لاَ يَرَى بِذَلِكَ بَأْسًا.

(۲۶۰۲۲) حضرت نافع رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ گدی پر چیت لیٹ جاتے اور اپنے ایک پاؤں کو دوسرے پاؤں پر رکھ لیتے اور وہ اس بات میں کوئی حرج نہیں سمجھتے تھے، اور وہ اس حال میں بیٹھتے بھی تھے اور اس طرح بیٹھنے میں بھی کوئی حرج نہیں سمجھتے تھے۔

(٢٦٠٢٣) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ إِسْرَائِيلَ ، عَنْ جَابِرٍ ، عَنْ عِكْرِمَةَ ، قَالَ :إِنَّمَا يَنْهَى عَنْ ذَلِكَ أَهْلُ الْكِتَابِ ، وَقَالَ عَامِرٌ وَمُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ :لاَ بَأْسَ به.

(۲۶۰۲۳) حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عکرمہ رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: بے شک اہل کتاب اس طرح بیٹھنے سے منع کرتے تھے اور حضرت عامر اور حضرت محمد بن علی رحمہ اللہ نے فرمایا: کہ اس میں کوئی حرج نہیں۔

(٢٦٠٢٤) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنِ ابْنِ الْغَسِيلِ ، قَالَ :حَدَّثَنِي عَمْرُو بْنُ أَبِي عَمْرٍو ، أَنَّ بِلاَلاً فَعَلَهُ :وَضَعَ إِحْدَى رِجْلَيْهِ عَلَى الأُخْرَى.

(۲۶۰۲۴) حضرت عمرو بن ابی عمرو رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے ایسا کیا کہ اپنے ایک پاؤں کو دوسرے پاؤں پر رکھ لیا۔

(٢٦٠٢٥) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ الْمَاجِشُونِ ، عَنِ الزُّهْرِيِّ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ ، أَنَّ عُمَرَ وَعُثْمَانَ كَانَا يَفْعَلاَنِهِ. (بخاری ۴۷۵۔ ابوداؤد ۴۸۳۴)

(۲۶۰۲۵) حضرت سعید بن المسیب رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ دونوں حضرات اس طریقہ سے بیٹھتے تھے۔

(٢٦٠٢٦) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ جَابِرٍ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الأَسْوَدِ ، عَنْ عَمِّهِ، قَالَ :رَأَيْتُ ابْنَ مَسْعُودٍ

فِي الأَرَاكِ مُسْتَلْقِيًا وَاضِعًا إِحْدَى رِجْلَيْهِ عَلَى الأُخْرَى وَهُوَ يَقُولُ: ﴿رَبَّنَا لاَ تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِلْقَوْمِ الظَّالِمِينَ﴾.

(۲۶۰۲۶) حضرت عبدالرحمٰن بن اسود رحمہ اللہ کے چچا فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو پیلو کے درخت کے نیچے گوٹ مار کر بیٹھے ہوئے دیکھا کہ آپ رضی اللہ عنہ اپنی ایک ٹانگ کو دوسری ٹانگ پر رکھے ہوئے تھے اور یہ دعا پڑھ رہے تھے۔ (اے ہمارے رب ہمیں ظالم قوم کے لیے فتنہ نہ بنا)۔

(۲۶۰۲۷) حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ عِمْرَانَ - يَعْنِي ابْنَ مُسْلِمٍ - قَالَ :رَأَيْتُ أَنَسًا وَاضِعًا إِحْدَى رِجْلَيْهِ عَلَى الأُخْرَى .

(۲۶۰۲۷) حضرت عمران بن مسلم رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کو دیکھا اس حال میں کہ انہوں نے اپنی ایک ٹانگ کو دوسری پر رکھا ہوا تھا۔

(۲۶۰۲۸) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، عَنِ الْعَوَّامِ ، عَنِ الْحَكَمِ ، قَالَ :سَأَلْتُ أَبَا مِجْلَزٍ عَنِ الرَّجُلِ يَجْلِسُ ، وَيَضَعُ إِحْدَى رِجْلَيْهِ عَلَى الأُخْرَى فَقَالَ :لاَ بَأْسَ بِهِ ، إِنَّمَا هُوَ شَىْءٌ كَرِهَتْهُ الْيَهُودُ ، قَالُوا :إِنَّهُ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضَ فِي سِتَّةِ أَيَّامٍ ، ثُمَّ اسْتَوَى يَوْمَ السَّبْتِ فَجَلَسَ تِلْكَ الْجِلْسَةَ.

(۲۶۰۲۸) حضرت حکم رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابومجلز رحمہ اللہ سے ایسے آدمی کے بارے میں پوچھا: جو بیٹھ کر اپنے ایک پاؤں کو دوسرے پاؤں پر رکھ لے؟ آپ رحمہ اللہ نے فرمایا: اس میں کوئی حرج کی بات نہیں۔ بے شک یہ تو ایسی چیز ہے جس کو یہود مکروہ سمجھتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں: اللہ تعالیٰ نے آسمان اور زمین کو چھ دنوں میں پیدا کیا پھر وہ ساتویں دن مستوی ہوا اور اس انداز میں بیٹھ گیا۔

(۲۶۰۲۹) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ أَبِي هِلاَلٍ ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ ، أَنَّ هَارُونَ بْنَ رِئَابٍ ، قَالَ لَهُ وَهُوَ جَالِسٌ عَلَى سَرِيرِهِ وَاضِعًا إِحْدَى رِجْلَيْهِ عَلَى الأُخْرَى :يُكْرَهُ هَذَا يَا أَبَا بَكْرٍ ؟ قَالَ :لاَ.

(۲۶۰۲۹) حضرت ابن سیرین رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ہارون ابن رئاب رحمہ اللہ نے ان سے پوچھا اس حال میں کہ وہ اپنی ایک ٹانگ کو دوسرے پر رکھے ہوئے تھے؟ اے ابوبکر! کیا تم اس کو مکروہ سمجھتے ہو؟ آپ رحمہ اللہ نے فرمایا: نہیں۔

(۲۶۰۳۰) حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ حُبَابٍ ، قَالَ :حَدَّثَنِي الرَّبِيعُ بْنُ الْمُنْذِرِ ، قَالَ :حَدَّثَنِي أَبِي ، قَالَ :رَأَيْتُ مُحَمَّدَ بْنَ الْحَنَفِيَّةِ وَاضِعًا إِحْدَى رِجْلَيْهِ عَلَى الأُخْرَى.

(۲۶۰۳۰) حضرت ربیع بن المنذر رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میرے والد حضرت منذر رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: میں نے حضرت محمد ابن حنفیہ رحمہ اللہ کو ایک ٹانگ دوسری پر رکھے ہوئے دیکھا۔

(۲۶۰۳۱) حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ ، عَنْ إِسْرَائِيلَ ، قَالَ :قِيلَ لَهُ :أَرَأَيْتَ الشَّعْبِيَّ يَضَعُ إِحْدَى رِجْلَيْهِ عَلَى الأُخْرَى ؟ قَالَ :نَعَمْ.

(۲۶۰۳۱) حضرت حمید بن عبدالرحمن رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت اسرائیل رحمۃ اللہ علیہ سے پوچھا گیا! کیا آپ رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت شعبی رحمۃ اللہ علیہ کو ایک پاؤں دوسرے پر رکھے ہوئے دیکھا ہے؟ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: جی ہاں۔

(٢٤) من كره أن يضع إحدى رجليه على الأخرى

جنہوں نے ایک پاؤں کو دوسرے پاؤں پر رکھنے کو مکروہ سمجھا ہے

(٢٦٠٣٢) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ ، عَنْ حُصَيْنٍ ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي إِسْمَاعِيلَ رَاشِدٍ ، قَالَ : اسْتَلْقَيْتُ فَرَفَعْتُ إِحْدَى رِجْلَيَّ عَلَى رُكْبَتِي ، فَرَمَانِي سَعِيدٌ بِحَصَيَاتٍ ، ثُمَّ قَالَ : إِنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ كَانَ يَنْهَى عَنْ هَذَا .

(۲۶۰۳۲) حضرت اسماعیل بن ابو اسماعیل راشد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں چت لیٹا پھر میں نے اپنی ٹانگ کو اپنے گھٹنے پر بلند کر لیا۔ اس پر حضرت سعید رحمۃ اللہ علیہ نے مجھے چند چھوٹی کنکریاں ماریں، پھر فرمایا: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ اس طرح لیٹنے سے منع فرماتے تھے۔

(٢٦٠٣٣) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ أَبِي هِلَالٍ ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ، أَنَّهُ كَرِهَ أَنْ يَضْطَجِعَ وَيَضَعَ إِحْدَى رِجْلَيْهِ عَلَى الأُخْرَى .

(۲۶۰۳۳) حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ مکروہ سمجھتے تھے کہ وہ لیٹ جائیں اور اپنی ایک ٹانگ کو دوسری ٹانگ پر رکھ لیں۔

(٢٦٠٣٤) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ إِسْمَاعِيل ، عَنْ وَاصِلٍ ، أَنَّ جَرِيرًا جَلَسَ وَوَضَعَ إِحْدَى رِجْلَيْهِ عَلَى الأُخْرَى فَقَالَ لَهُ كَعْبٌ : ضَعْهَا ، فَإِن هَذَا لاَ يَصْلُحُ لِبَشَرٍ .

(۲۶۰۳۴) حضرت واصل رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت جریر رحمۃ اللہ علیہ بیٹھ گئے اور پھر اپنی ایک ٹانگ کو دوسری پر رکھ لیا، اس پر حضرت کعب رضی اللہ عنہ نے ان سے فرمایا: اس کو نیچے رکھو، بے شک کسی انسان کے لیے یوں بیٹھنا مناسب نہیں ہے۔

(٢٦٠٣٥) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مُرَّةَ ، عَنْ عَمْرِو بْنِ عُتْبَةَ بْنِ فَرْقَدٍ ، أَنَّ كَعْبًا ، قَالَ لَهُ : ضَعْهَا ، فَإِنَّ هَذَا لاَ يَصْلُحُ لِبَشَرٍ .

(۲۶۰۳۵) حضرت عمرو بن عتبہ بن فرقد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت کعب رضی اللہ عنہ نے ان سے ارشاد فرمایا: اس کو نیچے رکھو، بے شک کسی انسان کے لیے یہ مناسب نہیں ہے۔

(٢٦٠٣٦) حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ مُعَاذٍ ، عَنْ حَبِيبٍ ، قَالَ : رَآنِي مُحَمَّدٌ وَقَدْ وَضَعْتُ رِجْلِي هَكَذَا وَوَضَعَ قَدَمَهُ الْيُمْنَى عَلَى فَخِذِهِ الْيُسْرَى ، قَالَ : فَقَالَ : ارْفَعْهَا ، قَدْ تَوَاطَؤُوا عَلَى الْكَرَاهِيَةِ لَهَا ، قَالَ : فَذَكَرْتُ لِلْحَسَنِ ، قَالَ : كَانَتِ الْيَهُودُ يَكْرَهُونَهُ فَخَالَفَهُمُ الْمُسْلِمُونَ .

(۲۶۰۳۶) حضرت حبیب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت محمد رحمۃ اللہ علیہ نے مجھے دیکھا کہ میں نے اپنی ٹانگ اس طرح رکھی ہوئی تھی کہ اپنا

دایاں پاؤں اپنی بائیں ران پر رکھا ہوا تھا، آپ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: اس کو ہٹاؤ۔ تحقیق تمام صحابہ رضی اللہ عنہم نے اس کے مکروہ ہونے پر اتفاق کیا ہے۔ راوی کہتے ہیں: میں نے یہ بات حضرت حسن رحمۃ اللہ علیہ کے سامنے ذکر کی، آپ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: یہود اس کو مکروہ سمجھتے تھے اور مسلمانوں نے تو ان کی مخالفت کی۔

(٢٦٠٣٧) حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ ، عَنْ حَسَنٍ ، عَنْ مُغِيرَةَ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، أَنَّهُ كَرِهَ أَنْ يَجْلِسَ الرَّجُلُ فَيَضَعَ عَقِبَهُ عَلَى فَخِذِهِ وقال :هُوَ التَّوَرُّكُ.

(۲۶۰۳۷) حضرت مغیرہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ مکروہ سمجھتے تھے کہ آدمی اپنے گھٹنے کو اپنی ران پر رکھے اور فرمایا: یہ تو سرین پر بیٹھنا ہوا۔

(٢٦٠٣٨) حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ ، عَنْ حَسَنٍ ، عَنْ لَيْثٍ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ، أَنَّهُ نَهَى عَنْهُ.

(۲۶۰۳۸) حضرت لیث رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت مجاہد رحمۃ اللہ علیہ اس طرح بیٹھنے سے منع فرماتے تھے۔

(٢٦٠٣٩) حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ ، عَنْ لَيْثٍ ، عَنْ طَاوُوسٍ ، أَنَّهُ كَرِهَ التَّرَبُّعَ وَقَالَ :جِلْسَةُ مَمْلَكَةٍ.

(۲۶۰۳۹) حضرت لیث رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت طاؤس گوٹ مار کر بیٹھنے کو ناپسند سمجھتے تھے اور فرماتے: یہ شاہانہ انداز ہے۔

(٢٥) مَا يُؤمر بِهِ الرّجل فِي مجلِسِهِ

کسی آدمی کو مجلس میں جن باتوں کا حکم دیا گیا ہے

(٢٦٠٤٠) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنِ الْمُجَالِدِ ، قَالَ :أَخْبَرَنِي عَامِرٌ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ، قَالَ :قَالَ الْعَبَّاسُ لابْنِهِ عَبْدِ اللهِ بن عباس :يَا بُنَيَّ ، إِنِّي أَرَى أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ يُقَرِّبُك ، وَيَسْتَشِيرُك مَعَ أُنَاسٍ مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَيَخْلُو بِكَ ، فَاحْفَظْ عَنِّي ثَلاَثًا :اتَّقِ اللَّهَ لاَ يُجَرِّبَنَّ عَلَيْك كِذْبَةً ، وَلاَ تُفْشِيَنَّ لَهُ سِرًّا ، وَلاَ تَغْتَابَنَّ عِنْدَهُ أَحَدًا ، قَالَ :فَقُلْت لابْنِ عَبَّاسٍ :يَا أَبَا عَبَّاسٍ ، كُلُّ وَاحِدَةٍ مِنْهُنَّ خَيْرٌ مِنْ أَلْفٍ ، قَالَ :وَمِنْ عَشَرَةِ آلاَفٍ.

(۲۶۰۴۰) حضرت عامر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: کہ حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے مجھ سے کہا: اے میرے بیٹے! میں امیر المؤمنین کو دیکھتا ہوں کہ وہ تجھے اپنے قریب کرتے ہیں، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب کے ساتھ تجھ سے بھی مشورہ طلب کرتے ہیں اور تیرے ساتھ خلوت کرتے ہیں پس تو میری طرف سے تین باتیں محفوظ کر لے۔ تم بچو اس بات سے کہ وہ تم پر جھوٹ کو آزمائیں اور تم ہرگز کبھی بھی ان کے راز کو فاش مت کرنا اور ان کے سامنے کبھی کسی کی غیبت مت کرنا۔ راوی کہتے ہیں میں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے عرض کیا کہ ان میں سے ہر ایک ایک ہزار سے بہتر ہے۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: بلکہ دس ہزار سے بہتر ہے۔

(٢٦٠٤١) حَدَّثَنَا عَبْدُاللهِ بْنُ إِدْرِيسَ ، عَنِ ابْنِ عَجْلاَنَ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مُرَّةَ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ شِهَابٍ ، قَالَ : قَالَ عُمَرُ : لاَ تَعْتَرِضْ فِيمَا لاَ يَعْنِيك ، وَاعْتَزِلْ عَدُوَّك ، وَاحْتَفِظْ مِنْ خَلِيلك إِلاَّ الأَمِين ، فَإِنَّ الأَمِين لاَ يُعَادِلُهُ شَىْءٌ ، لاَ تَصْحَبِ الْفَاجِرَ فَيُعَلِّمُك مِنْ فُجُورِهِ ، وَلاَ تُفْشِ إِلَيْهِ بِسِرِّك ، وَاسْتَشِرْ فِي أَمْرِك الَّذِينَ يَخْشَوْنَ اللَّهَ .

(۲۶۰۴۱) حضرت محمد بن شہاب رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: اس کام کے پیچھے مت پڑو جو تمہیں فائدہ نہ پہنچائے اور اپنے دشمن سے بچو اور اپنے دوست سے بچو سوائے امانت دار شخص کے۔ اس لیے کہ قوم میں سے امانت دار شخص کی برابری کوئی چیز نہیں کر سکتی اور بدکار کی صحبت اختیار مت کرو۔ اس لیے کہ وہ اپنی بدکاری میں سے تمہیں بھی سکھلا دے گا اور اس کے سامنے اپنے کسی راز کو فاش مت کرو اور اپنے معاملہ میں ان لوگوں سے مشورہ مانگو جو اللہ تعالیٰ سے ڈرتے ہیں۔

(٢٦٠٤٢) حَدَّثَنَا الثَّقَفِيُّ ، عَنْ أَيُّوبَ ، عَنْ أَبِي قِلاَبَةَ ، قَالَ : لاَ تُحَدِّثْ بِالْحَدِيثِ مَنْ لاَ يَعْرِفُهُ ، فَإِنَّ مَنْ لاَ يَعْرِفُهُ يَضُرُّهُ ، وَلاَ يَنْفَعُهُ .

(۲۶۰۴۲) حضرت ایوب رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابو قلابہ رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: تم اس شخص کو اپنی بات مت بتاؤ، جو اس کے بارے میں کچھ نہیں جانتا۔ اس لیے کہ جو اس معاملہ کے بارے میں کچھ نہیں جانتا وہ نقصان پہنچائے گا، اور کم از کم کوئی فائدہ بھی نہیں پہنچائے گا۔

(٢٦٠٤٣) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، قَالَ : حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ الطَّوِيلُ ، عَنْ أَنَسٍ ، قَالَ : كُنْتُ مَعَ الْغِلْمَانِ فَمَرَّ عَلَيْنَا النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَلَّمَ عَلَيْنَا ، ثُمَّ بَعَثَنِي فِي حَاجَةٍ وَجَلَسَ فِي جِدَارٍ ، أَوْ فِي ظِلٍّ حَتَّى أَتَيْته فَأَبْلَغْته حَاجَتَهُ ، فَلَمَّا أَتَيْتُ أُمَّ سُلَيْمٍ ، قَالَتْ : مَا حَبَسَك الْيَوْمَ ؟ قُلْتُ : بَعَثَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَاجَةٍ ، قَالَتْ : مَا هِيَ ؟ قُلْتُ : أَنَّهَا سِرٌّ ، قَالَتْ : فَاحْفَظْ سِرَّ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ : فَمَا حَدَّثْت بِهَا أَحَدًا قَطُّ . (بخاری ۱۱۳۹۔ مسلم ۱۴۵)

(۲۶۰۴۳) حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں بچوں کے ساتھ تھا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس سے گزرے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں سلام کیا، پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے کسی کام کے لیے بھیج دیا اور دیوار کے سائے میں بیٹھ گئے یہاں تک میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آ گیا۔ میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کام کے بارے میں بتلایا۔ پھر جب میں حضرت ام سلیم رضی اللہ عنہا کے پاس آیا تو انہوں نے کہا: آج کس بات نے تمہیں روکے رکھا؟ میں نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے کسی کام بھیج دیا تھا۔ انہوں نے پوچھا: کیا کام تھا؟ میں نے کہا: بے شک وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا راز ہے۔ آپ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے راز کی حفاظت کرو۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے کسی کو بھی اس کے بارے میں نہیں بتلایا۔

(٣٦) فِي الرّجلِ يأخذ عنِ الرّجلِ الشّيء مَنْ قَالَ يريهِ

اس آدمی کا بیان جو کسی آدمی سے کوئی چیز لے تو اس کو چاہیے کہ وہ اسے دکھادے

(٢٦٠٤٤) حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنِ غِيَاثٍ ، عَنْ لَيْثٍ ، عَنْ أَبِي هُبَيْرَةَ يَحْيَى بْنِ عَبَّادٍ ، قَالَ : الْمُسْلِمُ مِرْآةُ أَخِيهِ ، فَإِذَا أَخَذَ عَنْهُ شَيْئًا فَلْيُرِهِ.

(۲۶۰۴۴) حضرت لیث رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابو ہبیرہ یحییٰ بن عباد رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: مسلمان اپنے بھائی کا آئینہ ہے جب وہ اس سے کوئی چیز لے تو اسے چاہیے کہ وہ اس کو بھی دکھلا دے۔

(٢٦٠٤٥) حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ ، عَنْ غَالِبٍ ، قَالَ : سَأَلْتُ الْحَسَنَ أو سَأَلَهُ رَجُلٌ عَنِ الرَّجُلِ يَأْخُذُ عَنِ الرَّجُلِ الشَّيْءَ فَيَقُولُ : لاَ يَكُنْ بِكَ السُّوءُ ، أَوْ صُرِفَ عَنْكَ السُّوءَ ، قَالَ : فَقَالَ : يَقُولُ : لاَ يَكُنْ بِكَ السُّوءُ فَإِنَّهُ إِلاَّ يَكُنْ به خَيْرٌ مِنْ أَنْ يَكُونَ بِهِ ثُمَّ يُصْرَفُ.

(۲۶۰۴۵) حضرت حسن رحمہ اللہ سے سوال کیا گیا کہ اگر ایک آدمی دوسرے سے کوئی چیز لے اور اسے کہے کہ تیرے پاس کوئی برائی نہ رہے یا برائی تجھ سے دور کر دی جائے تو اس کا کیا حکم ہے؟ انہوں نے فرمایا کہ یہ کہے کہ وہ تیرے پاس برائی نہ رہے۔

(٢٦٠٤٦) حَدَّثَنَا عَبْدُ الأَعْلَى ، عَنْ بُرْدٍ ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُوسَى ، قَالَ : قَالَ عُمَرُ : إِذَا أَخَذَ أَحَدُكُمْ عَنْ أَخِيهِ شَيْئًا فَلْيُرِهِ إِيَّاه.

(۲۶۰۴۶) حضرت سلیمان بن موسیٰ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: جب تم میں سے کوئی ایک اپنے بھائی سے کوئی چیز لے تو اس کو چاہیے کہ وہ اس کو بھی دکھلا دے۔

(٢٦٠٤٧) حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عُبَيْدِ اللهِ التَّيْمِيِّ ، قَالَ : سَمِعْتُ أَبِي يَقُولُ : سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : أَحَدُكُمْ مِرْآةُ أَخِيهِ ، فَإِذَا رَأَى أَذًى فَلْيُمِطْهُ عَنْهُ.

(بخاری ۲۳۹۔ ابو داؤد ۴۸۸۲)

(۲۶۰۴۷) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم میں سے ہر ایک اپنے بھائی کا آئینہ ہے، پس جب وہ کوئی تکلیف دہ چیز دیکھے تو اس کو اس سے دور کر دے۔

(٣٧) ما قالوا فِي النّهيِ عن الوقيعةِ فِي الرّجلِ والغِيبةِ

کسی آدمی کو برا بھلا کہنے اور اس کی غیبت سے رکنے کا بیان

(٢٦٠٤٨) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ يَحْيَى بْنِ الْحُصَيْنِ ، عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ ، قَالَ : كَانَ بَيْنَ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيدِ

وَبَيْنَ سَعْدٍ كَلاَمٌ ، قَالَ :فَتَنَاوَلَ رَجُلٌ خَالِدًا عِنْدَ سَعْدٍ ، قَالَ :فَقَالَ :سَعْدٌ :مَهْ ، فَإِنَّ مَا بَيْنَنَا لَمْ يَبْلُغْ دِينَنَا .

(۲۶۰۴۸) حضرت طارق بن شہاب رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ اور حضرت سعد رضی اللہ عنہ کے درمیان کچھ تلخ کلامی ہوئی، تو ایک آدمی حضرت سعد رضی اللہ عنہ کے پاس حضرت خالد رضی اللہ عنہ کو برا بھلا کہنے لگا، حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے فرمایا: رک جاؤ، بے شک جو لڑائی ہمارے درمیان ہے وہ ہمارے دین تک نہیں پہنچتی!

(٢٦٠٤٩) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ شَقِيقٍ ، عَنْ زَيْدِ بْنِ صُوحَانَ ، قَالَ :قَالَ عُمَرُ :مَا يَمْنَعُكُمْ إِذَا رَأَيْتُمُ الرَّجُلَ يَخْرِقُ أَعْرَاضَ النَّاسِ أَن لاَ تُغَيِّرُوا عَلَيْهِ؟ قَالُوا :نَتَّقِي لِسَانَهُ، قَالَ :ذَاكَ أَدْنَى أَنْ تَكُونُوا شُهَدَاءَ .

(۲۶۰۴۹) حضرت زید بن صوحان رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: تمہیں کس چیز نے روک دیا کہ جب تم نے ایک آدمی کو دیکھا کہ وہ لوگوں کی عزتیں خراب کر رہا ہے اور تمہیں اس پر غیرت تک نہیں آئی، لوگوں نے عرض کیا: ہم تو اس کی زبان سے بچتے ہیں۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ تو اور بھی گھٹیا بات ہے کہ تم گواہ بن رہے ہو۔

(٢٦٠٥٠) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ ، عَنْ قَيْسٍ ، أَنَّ عَمْرَو بْنَ الْعَاصِ مَرَّ عَلَى بَغْلٍ مَيِّتٍ فَقَالَ لأَصْحَابِهِ :إِنْ يَأْكُلْ أَحَدُكُمْ مِنْ هَذَا حَتَّى يَمْلأَ بَطْنَهُ خَيْرٌ مِنْ أَنْ يَأْكُلَ لَحْمَ أَخِيهِ الْمُسْلِمِ .

(۲۶۰۵۰) حضرت قیس رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ ایک مردار خچر کے پاس سے گزرے تو اپنے اصحاب سے فرمایا کہ تم میں سے کوئی ایک اس کو کھائے یہاں تک کہ اس کا پیٹ بھر جائے یہ بہت بہتر ہے اس بات سے کہ وہ اپنے مسلمان بھائی کا گوشت کھائے۔

(٢٦٠٥١) حَدَّثَنَا عَفَّانُ ، قَالَ :حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ إِبْرَاهِيمَ ، قَالَ :حَدَّثَنَا الْعَلاَءُ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، عَنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، أَنَّهُ قَالَ لَهُ :مَا الْغِيبَةُ يَا رَسُولَ اللهِ ؟ قَالَ :ذِكْرُكَ أَخَاكَ بِمَا يَكْرَهُ ، قَالَ :أَفَرَأَيْتَ إِنْ كَانَ فِي أَخِي مَا أَقُولُ يَا رَسُولَ اللهِ ؟ قَالَ :إِنْ كَانَ فِي أَخِيكَ مَا تَقُولُ ، فَقَدِ اغْتَبْتَه ، وَإِنْ لَمْ يَكُنْ فِيهِ مَا تَقُولُ ، فَقَدْ بَهَتَّهُ . (مسلم ۲۰۰۱۔ ابو داؤد ۴۸۴۱)

(۲۶۰۵۱) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا: اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! غیبت کیا چیز ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کہ تو اپنے بھائی کی وہ بات ذکر کرے جس کو وہ ناپسند کرتا ہو، آپ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! آپ کی کیا رائے ہے اس بارے میں کہ میں جو کچھ کہہ رہا ہوں اگر وہ بات میرے بھائی میں موجود ہو تو؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم جو بات کرتے ہو اگر وہ تمہارے بھائی میں موجود ہے تو تحقیق تم نے اس کی غیبت بیان کی اور جو بات تم کرتے ہو اگر وہ تمہارے بھائی میں موجود نہیں ہے تو تحقیق تم نے اس پر بہتان باندھا ہے۔

(٢٦٠٥٢) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى ، عَنِ الْحَكَمِ ، عَنِ ابْنٍ لأَبِي الدَّرْدَاءِ ، أَنَّ رَجُلاً وَقَعَ فِي رَجُلٍ فَرَدَّ عَنْهُ آخَرُ فَقَالَ أَبُو الدَّرْدَاءِ :سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ :مَنْ ذَبَّ عَنْ عِرْضِ أَخِيهِ كَانَ لَهُ

حِجَابًا مِنَ النَّارِ. (ترمذی ۱۹۳۱۔ احمد ۶/ ۴۵۰)

(۲۶۰۵۲) حضرت حکم رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابو الدرداء رضی اللہ عنہ کے ایک بیٹے نے ارشاد فرمایا: کہ ایک آدمی نے کسی آدمی کی غیبت بیان کی تو دوسرے آدمی نے اس کو روک دیا۔ اس پر حضرت ابو الدرداء رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یوں فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جو شخص اپنے بھائی کی عزت کا دفاع کرے گا تو یہ اس کے لیے جہنم سے آڑ بن جائے گی۔

(۲۶۰۵۳) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ مِسْعَرٍ ، عَنْ عَوْنٍ ، قَالَ :وَقَعَ رَجُلٌ فِي رَجُلٍ فَرَدَّ عَلَيْهِ آخَرُ فَقَالَتْ أُمُّ الدَّرْدَاءِ :لَقَدْ غَبَطْتُك ، إِنَّهُ مَنْ ذَبَّ عَنْ عِرْضِ أَخِيهِ ، وَقَاهُ اللَّهُ ، قَالَ مِسْعَرٌ :نَفْحَ ، أَوْ لَفْحَ النَّارِ.

(۲۶۰۵۳) حضرت عون رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے کسی آدمی کی غیبت بیان کی تو دوسرے آدمی نے اس کی بات واپس لوٹا دی۔ اس پر حضرت ام الدرداء رضی اللہ عنہا نے ارشاد فرمایا: تحقیق مجھے تجھ پر رشک ہے۔ اس لیے کہ جو شخص اپنے بھائی کی عزت کا دفاع کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس شخص کو جہنم کی ہوا کے جھونکے سے یا جہنم کی جلا دینے والی آگ سے محفوظ فرمائیں گے۔

(۲۶۰۵۴) حَدَّثَنَا شَرِيكٌ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، قَالَ :قَالَ عَبْدُ اللهِ :إِذَا قُلْتَ مَا فِي الرَّجُلِ فَلَمْ تُزَكِّهِ.

(۲۶۰۵۴) حضرت ابراہیم رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: جب تم نے وہ بات بیان کی جو آدمی میں موجود ہو تو تم نے اس کی پاکی بیان نہیں کی۔

(۲۶۰۵۵) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلاَقَةَ ، عَنْ أُسَامَةَ بْنِ شَرِيكٍ ، قَالَ :شَهِدْت الأَعْرَابَ يَسْأَلُونَ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :عَلَيْنَا حَرَجٌ فِي كَذَا وَكَذَا ؟ فَقَالَ :عِبَادَ اللهِ ، وَضَعَ اللَّهُ الْحَرَجَ إِلاَّ مَنِ اقْتَرَضَ مِنْ عِرْضِ أَخِيهِ شَيْئًا فَذَلِكَ الَّذِي حَرَجٌ.

(۲۶۰۵۵) حضرت زیاد بن علاقہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت اسامہ بن شریک رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: میں حاضر تھا کہ بدوؤں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا: کہ اس طرح اور اس طرح کرنے میں ہم پر گناہ ہوگا؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! اللہ کے بندو! اللہ نے گناہ ہٹا دیا ہے مگر جو کوئی شخص اپنے بھائی کی غیبت کرتا ہے تو اس کی وجہ سے وہ گناہ گار ہوا۔

(۲۶۰۵۶) حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ ، قَالَ :لَوْ رَأَيْت أَقْطَعَ فَذَكَرْته فَقُلْت الأَقْطَعُ كَانَتْ غِيبَةً ، قَالَ :فَذَكَرْته لأَبِي إِسْحَاقَ فَقَالَ :صَدَقَ.

(۲۶۰۵۶) حضرت شعبہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت معاویہ بن قرہ رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: اگر تو کسی ہاتھ کٹے کو دیکھے پھر تو نے اس کا یوں ذکر فرمایا: کہ ہاتھ کٹا تو یہ بھی غیبت ہوگی۔ راوی کہتے ہیں کہ میں نے یہ بات حضرت ابو اسحاق کے سامنے ذکر کی، تو آپ رحمہ اللہ نے فرمایا: انہوں نے سچ کہا۔

(۲۶۰۵۷) حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ بَكْرٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ أَبُو مُوسَى الأَشْعَرِيُّ :لَوْ رَأَيْت رَجُلاً يَرْضَعُ شَاةً فِي الطَّرِيقِ فَسَخِرْت مِنْهُ خِفْت أَنْ لاَ أَمُوتَ حَتَّى أَرْضَعَهَا.

(۲۶۰۵۷) حضرت عبداللہ بن بکر رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوموسی اشعری رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: اگر میں کسی آدمی کو دیکھوں کہ وہ راستہ میں بکری کا دودھ پی رہا ہے اور پھر اس کا مذاق بناؤں، تو مجھے خوف ہے کہ مجھے موت نہیں آئے گی یہاں تک کہ میں بھی راستہ میں بکری کا دودھ پیوں۔

(۲۶۰۵۸) حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ مُوسَى ، قَالَ : أَخْبَرَنَا حَسَنٌ ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ ، عَنِ الشَّعْبِيِّ ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ ، قَالَ : إِذَا قُلْتَ مَا هُوَ فِيهِ ، وَهُوَ لاَ يَسْمَعُ ، فَقَدِ اغْتَبْتَه ، وَإِذَا قُلْتَ مَا لَيْسَ فِيهِ ، فَقَدْ بَهَتَّهُ.

(۲۶۰۵۸) حضرت شعبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: جب تم اپنے بھائی کے بارے میں وہ بات کرتے ہو جو اس میں موجود ہے اور وہ اس کو نہیں سن رہا تو تحقیق تم نے اس کی غیبت کی، اور جب تم نے وہ بات کی جو اس میں موجود نہیں تو تحقیق تم نے اس پر بہتان باندھا۔

(۲۶۰۵۹) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، قَالَ : قَالَ عَبْدُ اللهِ : لَوْ سَخِرْتُ مِنْ كَلْبٍ لَخَشِيتُ أَنْ أَكُونَ كَلْبًا.

(۲۶۰۵۹) حضرت ابراہیم رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: اگر میں کسی کتے کا مذاق اڑاؤں تو مجھے خوف ہے کہ میں بھی کتا نہ بن جاؤں گا۔

(۲۶۰۶۰) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، قَالَ : قَالَ عَبْدُ اللهِ : الْبَلاَءُ مُوَكَّلٌ بِالْقَوْلِ.

(۲۶۰۶۰) حضرت ابراہیم رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: مصیبتیں تو باتوں کی وجہ سے مسلط ہوتی ہیں۔

(۲۶۰۶۱) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، عَنْ أَبِي الضُّحَى ، عَنْ مَسْرُوقٍ ، قَالَ : إِذَا قُلْتَ مَا فِيهِ ، فَقَدِ اغْتَبْتَه ، وَإِنْ قُلْتَ مَا لَيْسَ فِيهِ ، فَقَدْ بَهَتَّهُ.

(۲۶۰۶۱) حضرت ابوالضحیٰ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت مسروق رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: جب تم نے ایسی بات کہی جو اس شخص میں موجود تھی تو تحقیق تم نے اس کی غیبت بیان کی اور جب تم نے ایسی بات کہی جو اس شخص میں موجود نہیں تھی تو تم نے اس پر بہتان باندھا۔

(۲۶۰۶۲) حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ الأَحْمَرُ ، عَنِ ابْنِ عَجْلاَنَ ، عَنِ الْحَارِثِ ، قَالَ : كُنْتُ أَخِذًا بِيَدِ إِبْرَاهِيمَ وَنَحْنُ نُرِيد الْمَسْجِدَ ، قَالَ : فَذَكَرْتُ رَجُلاً فَاغْتَبْتُه ، قَالَ فَقَالَ لِي إِبْرَاهِيمُ : ارْجِعْ فَتَوَضَّأْ ، كَانُوا يَعُدُّونَ هَذَا هُجْرًا.

(۲۶۰۶۲) حضرت ابن عجلان رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت حارث رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: کہ میں حضرت ابراہیم رحمہ اللہ کا ہاتھ پکڑے ہوئے تھا اور ہم دونوں کا مسجد جانے کا ارادہ تھا اتنے میں میں نے ایک آدمی کا ذکر کیا اور اس کی غیبت کی تو حضرت ابراہیم رحمہ اللہ نے مجھ سے فرمایا: واپس جاؤ اور وضو کرو، صحابہ رضی اللہ عنہم اس کو فحش گوئی شمار کرتے تھے۔

(٢٨) فِي الرَّجلِ يمتشِط بِالمشطِ العاجِ ويدّهن بِالعاجِ

اس آدمی کا بیان جو ہاتھی کے دانت کی بنی ہوئی کنگھی سے بال کنگھی کرے، اور ہاتھی کے دانت کی بنی ہوئی شیشی میں سے تیل لگائے

(٢٦٠٦٣) حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ ، عَنْ عُرْوَةَ ، أَنَّهُ كَانَ لَهُ مُشْطٌ مِنْ عِظَامِ الْفِيلِ وَمَدْهَنٌ مِنْ عِظَامِ الْفِيلِ.

(۲۶۰۶۳) حضرت ھشام بن عروہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عروہ رحمہ اللہ کے پاس ہاتھی کی ہڈیوں کی کنگھی تھی اور ہاتھی کی ہڈیوں سے بنی ہوئی تیل کی شیشی تھی۔

(٢٦٠٦٤) حَدَّثَنَا عَبْدَةُ ، عَنْ هِشَامٍ ، قَالَ :رَأَيْتُ أَبِي يَدَّهِنُ فِي مَدْهَنٍ مِنْ عِظَامِ الْفِيلِ.

(۲۶۰۶۴) حضرت ھشام رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے والد حضرت عروہ رحمہ اللہ کو دیکھا کہ وہ ہاتھی کی ہڈی سے بنی ہوئی تیل کی شیشی میں سے تیل لگاتے تھے۔

(٢٦٠٦٥) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، أَنَّهُ كَانَ لَهُ مَدْهَنٌ مِنْ عَاجٍ يَدَّهِنُ فِيهِ.

(۲۶۰۶۵) حضرت ھشام رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ان کے والد حضرت عروہ رحمہ اللہ کے پاس ہاتھی کی ہڈی سے بنی ہوئی تیل کی شیشی تھی جس میں سے وہ تیل لگاتے تھے۔

(٢٦٠٦٦) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أُمَيَّةَ ، عَنْ أُمِهِ ، عَنْ سُرِّيَّةٍ لِعُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ ، قَالَتْ :أَتَيْته بِمَدْهَنٍ مِنْ عَاجٍ ، أَوْ مُشْطٍ مِنْ عَاجٍ فَكَرِهَهُ وَقَالَ :هُوَ مَيْتَةٌ.

(۲۶۰۶۶) حضرت اسماعیل بن امیہ رحمہ اللہ اپنی والدہ سے نقل فرماتے ہیں کہ حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ کی رازدان نے بتلایا کہ میں اُن کے پاس ہاتھی کے دانت کی بنی ہوئی تیل کی شیشی لے کر گئی یا کنگھی تو آپ رحمہ اللہ نے اس کو ناپسند کیا اور فرمایا یہ تو مردار ہے۔

(٢٦٠٦٧) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ ، عَنْ عَطَاءٍ ، أَنَّهُ كَرِهَ الْعَاجَ.

(۲۶۰۶۷) حضرت ابن جریج رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عطاء رحمہ اللہ نے ہاتھی کے دانت کو ناپسند فرمایا۔

(٢٦٠٦٨) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ لَيْثٍ ، عَنْ طَاوُوسٍ ، أَنَّهُ كَرِهَ الْعَاجَ.

(۲۶۰۶۸) حضرت لیث رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت طاؤس رحمہ اللہ نے ہاتھی کے دانت کو ناپسند فرمایا۔

(٢٦٠٦٩) حَدَّثَنَا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ ، عَنْ لَيْثٍ ، عَنْ طَاوُوسٍ ، أَنَّهُ كَرِهَ الْعَاجَ كُلَّهُ ، وَأَنْ يُتَّخَذَ مِنْهُ مِشْطًا.

(۲۶۰۶۹) حضرت لیث رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت طاؤس رحمہ اللہ نے ہاتھی کے دانت کو بہر صورت ناپسند فرمایا، اور اس بات کو بھی کہ اس کی کنگھی بنائی جائے۔

(۲۹) فِي الدّهنِ كلّ يومٍ

روزانہ تیل لگانے کا بیان

(٢٦٠٧٠) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ أَبِي خُزَيْمَةَ ، عَنِ الْحَسَنِ ، قَالَ :نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ التَّرَجُّلِ إِلاَّ غِبًّا. (ابوداؤد ۴۱۵۶۔ ترمذی ۱۷۵۶)

(۲۶۰۷۰) حضرت حسن رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کنگھی کرنے کو منع فرماتے تھے مگر کا ہے کا ہے۔

(٢٦٠٧١) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ جُوَيْرِيَةَ بْنِ أَسْمَاءَ ، عَنْ نَافِعٍ ، أَنَّ ابْنَ عُمَرَ كَانَ رُبَّمَا ادَّهَنَ فِي الْيَوْمِ مَرَّتَيْنِ.

(۲۶۰۷۱) حضرت نافع رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کبھی کبھار دن میں دومرتبہ تیل لگایا کرتے تھے۔

(٢٦٠٧٢) حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ ، قَالَ :حَدَّثَنَا سَعِيد ، عَنْ قَتَادَةَ ، عَنِ الْحَسَنِ ، قَالَ :نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ التَّرَجُّلِ إِلاَّ غِبًّا.

(۲۶۰۷۲) حضرت حسن رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کنگھی کرنے کو منع فرماتے تھے مگر کا ہے کا ہے۔

(٢٦٠٧٣) حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ ، قَالَ :حَدَّثَنَا أَبُو هِلاَلٍ ، عَنْ شَيْبَةَ بْنِ هِشَامٍ ، عَنْ مُغِيرَةَ بْنِ الْحَارِثِ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، قَالَ :التَّرَجُّلُ غِبًّا.

(۲۶۰۷۳) حضرت مغیرہ بن حارث رحمہ اللہ فرماتے تھے کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: کنگھی کبھی کبھار کیا کرو۔

(٢٦٠٧٤) حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عَدِيٍّ ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ ، عَنْ مُحَمَّدٍ ، قَالَ :كَانُوا يَكْرَهُونَ التَّرَجُّلَ كُلَّ يَوْمٍ.

(۲۶۰۷۴) حضرت ابن عون رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت محمد رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: صحابہ رضی اللہ عنہم روزانہ کنگھی کرنے کو مکروہ سمجھتے تھے۔

(۳۰) فِي الثّلاثةِ يتسارّ اثنانِ دون الآخرِ

ان تین کا بیان جن میں سے دوسرگوشی کریں تیسرے کو چھوڑ کر

(٢٦٠٧٥) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ ، وَعَبْدُ اللهِ بْنُ نُمَيْرٍ ، قَالاَ :حَدَّثَنَا عُبَيد اللهِ ، عَنْ نَافِعٍ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :إِذَا كَانَ ثَلاَثَةٌ فَلاَ يَتَسَارَّ اثْنَانِ دُونَ الآخَرِ ، وَقَالَ ابْنُ نُمَيْرٍ :يَتَنَاجَ.

(مسلم ۷۱۷۱۔ احمد ۲/ ۱۴۱)

(۲۶۰۷۵) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب تین افراد ہوں تو ان میں دو تیسرے کے علاوہ سرگوشی ہرگز مت کریں اور حضرت ابن نمیر رحمہ اللہ نے یتناج کا لفظ نقل فرمایا بمعنی سرگوشی کرنا۔

(٢٦٠٧٦) حَدَّثَنَا أَبُو الأَحْوَص ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :إِذَا كنا ثَلاَثَةٌ أَنْ يَتَنَاجَى اثْنَانِ دُونَ وَاحِدٍ أَجْلَ أَنْ يُحْزِنَهُ حَتَّى يَخْتَلِطَ بِالنَّاسِ.

(مسلم ۱۷۱۸۔ بخاری ۶۲۹۰)

(۲۶۰۷۶) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا کہ جب تین افراد ہوں تو ان میں سے دو تیسرے کے علاوہ سرگوشی نہ کریں اس وجہ سے وہ اس کو غمگین کریں گے یہاں تک کہ وہ لوگوں میں مل جائے۔

(۲۶۰۷۷) حَدَّثَنَا أَبُو الأَحْوَص ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ ، عَنِ الأَحْوَص ، قَالَ :قَالَ عَبْدُ اللهِ :إِذَا كَانَ ثَلاَثَةُ نَفَرٍ فلا يَنْتَجِي اثْنَانِ دُونَ وَاحِدٍ ، فَإِنَّ ذَلِكَ يَسُوئُهُ.

(۲۶۰۷۷) حضرت ابوالاحوص رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا جب تین افراد کا گروہ ہو تو دو شخص تیسرے کو چھوڑ کر سرگوشی نہ کریں، پس بے شک یہ بات اس کو تکلیف میں مبتلا کر دے گی۔

(۲۶۰۷۸) حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ ، قَالَ :رَأَيْتُ ابْنَ عُمَرَ وَهُوَ يُنَاجِي رَجُلاً ، فَأَدْخَلْت رَأْسِي بَيْنَهُمَا فَضَرَبَ ابْنُ عُمَرَ صَدْرِي وَقَالَ :إِذَا رَأَيْت اثْنَيْنِ يَتَنَاجَيَانِ فَلاَ تَدْخُلْ بَيْنَهُمَا إِلاَّ بِإِذْنِهِمَا.

(۲۶۰۷۸) حضرت سعید بن ابی سعید رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ وہ کسی آدمی سے سرگوشی کر رہے تھے میں نے بھی اپنا سر ان دونوں کے درمیان داخل کر دیا تو حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے میرے سینہ پر مارا اور فرمایا: جب تم دو آدمیوں کو سرگوشی کرتے ہوئے دیکھو تو ان دونوں کے درمیان مت گھسو مگر ان کی اجازت سے۔

(۲۶۰۷۹) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ ، قَالَ :إِذَا كَانَ الْقَوْمُ أَرْبَعَةً فَلاَ بَأْسَ أَنْ يَتَنَاجَى اثْنَانِ دُونَ صَاحِبَيْهِمَا. (ابو داؤد ۴۸۱۸)

(۲۶۰۷۹) حضرت ابوصالح رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: جب چار افراد ہوں تو کوئی حرج نہیں ہے کہ دو افراد اپنے ساتھیوں کو چھوڑ کر سرگوشی کریں۔

(۳۱) ما نهي عنه الرّجل مِن إظهارِ السّلاحِ فِي المسجِدِ وتعاطِي السّيفِ مسلولًا

آدمی کو مسجد میں اسلحہ ظاہر کرنے اور سونتی ہوئی تلوار کے لینے سے روکا گیا

(۲۶۰۸۰) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنْ عَمْرٍو سَمِعَ جَابِرًا يَقُولُ :مَرَّ رَجُلٌ فِي الْمَسْجِدِ بِسِهَامٍ فَقَالَ لَهُ :رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :أَمْسِكْ بِنِصَالِهَا.

(۲۶۰۸۰) حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی مسجد میں تیر لے کر گزرا، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا: اس کے پھل کو اپنے سے چمٹا لو۔

(٢٦٠٨١) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ بُرَيْدِ بْنِ عَبْدِ اللهِ ، عَنْ أَبِي بُرْدَةَ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ :إِذَا مَرَّ أَحَدُكُمْ فِي الْمَسْجِدِ بِنَبْلٍ فَلْيُمْسِكْ بِنِصَالِهَا.

(۲۶۰۸۱) حضرت ابو بردہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ان کے والد رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: جب تم میں کوئی مسجد میں تیر لے کر گزرے تو اس کو چاہیے کہ اس کے پھل کو اپنے سے چمٹا لے۔

(٢٦٠٨٢) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، قَالَ :حَدَّثَنَا عَاصِمٌ ، عَنِ الْحَسَنِ ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأَى قَوْمًا يَتَعَاطَوْنَ سَيْفًا مَشْهُورًا فَقَالَ :لَعَنَ اللَّهُ هَؤُلاَءِ ، فَقُلْت للحسن :إِنَّهُ كَانَ فِي الْمَسْجِدِ ، فَقَالَ :لاَ ، بَلْ فِي رَحْبَةٍ مِنْ رِحَابِ الْمَسْجِدِ. (احمد ۵/ ۴۱۔ حاکم ۲۹۰)

(۲۶۰۸۲) حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چند لوگوں کو دیکھا کہ وہ سونتی ہوئی تلوار لے رہے ہیں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ان پر اللہ لعنت کرے۔ راوی کہتے ہیں! میں نے حضرت حسن رضی اللہ عنہ سے پوچھا: کیا وہ مسجد میں تھے؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: نہیں، بلکہ مسجد کے صحنوں میں سے ایک صحن میں تھے۔

(٢٦٠٨٣) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، قَالَ :مَلْعُونٌ مَنْ نَاوَلَ أَخَاهُ السَّيْفَ مَسْلُولاً فِي الْمَسْجِدِ.

(۲۶۰۸۳) حضرت لیث رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت مجاہد رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: ملعون ہے وہ شخص جو مسجد میں اپنے بھائی کو سونتی ہوئی تلوار پکڑائے۔

(٢٦٠٨٤) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ أَسْلَمَ الْمُنْقِرِيِّ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبْزَى ، أَنَّهُ كَرِهَ سَلَّ السَّيْفِ فِي الْمَسْجِدِ.

(۲۶۰۸۴) حضرت اسلم المنقری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عبدالرحمن بن ابزی رضی اللہ عنہ مسجد میں تلوار سونت لینے کو مکروہ سمجھتے تھے۔

(٢٦٠٨٥) حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ ، عَنِ الْحَسَنِ ، قَالَ :سَمِعْتُهُ يَقُولُ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :مَنْ نَاوَلَ أَخَاهُ السَّيْفَ فَلْيَغْمِدْهُ.

(۲۶۰۸۵) حضرت حسن رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو اپنے بھائی سے تلوار پکڑے تو اس کو چاہیے کہ وہ تلوار نیام میں کر لے۔

(٢٦٠٨٦) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، قَالَ :حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ ، عَنْ جَابِرٍ ، قَالَ :نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُتَعَاطَى السَّيْفُ مَسْلُولاً. (ترمذی ۲۱۶۳۔ ابوداؤد ۲۵۸۱)

(۲۶۰۸۶) حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سونتی ہوئی تلوار لینے سے منع فرمایا۔

(٢٦٠٨٧) حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدِ بْنِ جُدْعَانَ ، عَنِ الْحَسَنِ ، قَالَ :نَهَى النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

أَنْ يُتَعَاطَى السَّيْفُ مَسْلُولاً ، وَمَرَّ بِقَوْمٍ يَتَعَاطَوْنَ سَيْفًا مَسْلُولاً فَقَالَ : أَلَمْ أَنْهَكُمْ عن هَذَا ؟ لَعَنَ اللَّهُ مَنْ فَعَلَ هَذَا. (احمد ۳/ ۳۶۱)

(۲۶۰۸۷) حضرت حسن رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے سونتی ہوئی تلوار لینے سے منع فرمایا اور آپ ﷺ لوگوں کے پاس سے گزرے جو سونتی ہوئی تلوار لے رہے تھے تو آپ ﷺ نے فرمایا: کیا میں نے تمہیں ایسا کرنے سے منع نہیں کیا تھا؟ اللہ لعنت کرے اس شخص پر جو یہ کرے۔

(۳۲) ما كُرِه من قِيام الرّجلِ لِلرّجلِ مِن مجلِسِهِ

کسی آدمی کا دوسرے آدمی کے لیے اپنی جگہ سے اٹھ جانے کی کراہت کا بیان

(۲۶۰۸۸) حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدِ بْنِ جُدْعَانَ ، عَنِ الْحَسَنِ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لاَ يَقُمْ رَجُلٌ لِرَجُلٍ ، وَلَكِنْ لِيُوسِعْ لَهُ.

(۲۶۰۸۸) حضرت حسن رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: کوئی آدمی کسی آدمی کے لیے کھڑا نہ ہو البتہ اسے چاہیے کہ وہ اس کے لیے کشادگی پیدا کر دے۔

(۲۶۰۸۹) حَدَّثَنَا عَبْدُ الأَعْلَى ، عَنْ مَعْمَرٍ ، عَنِ الزُّهْرِيِّ ، عَنْ سَالِمٍ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ : لاَ يُقِيمَنَّ أَحَدُكُمْ أَخَاهُ مِنْ مَجْلِسِهِ ، ثُمَّ يَجْلِسَ فِيهِ ، قَالَ : وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ إِذَا قَامَ لَهُ الرَّجُلُ عن مَجْلِسِهِ لَمْ يَجْلِسْ فِيهِ. (مسلم ۲۱۷۷۔ احمد ۲/ ۸۹)

(۲۶۰۸۹) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم میں سے کوئی بھی اپنے بھائی کو اس کی جگہ سے نہ اٹھائے کہ پھر اس کی جگہ میں بیٹھ جائے۔

راوی کہتے ہیں: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کے لیے جب کوئی شخص اپنی جگہ سے کھڑا ہو جاتا تو آپ رضی اللہ عنہ اس جگہ نہیں بیٹھتے تھے۔

(۲۶۰۹۰) حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ وَأَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ ، عَنْ نَافِعٍ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لاَ يُقِيمَنَّ الرَّجُلُ الرَّجُلَ عَنْ مَقْعَدِهِ ثُمَّ يَقْعُدُ فِيهِ ، وَلَكِنْ تَفَسَّحُوا وَتَوَسَّعُوا.

(مسلم ۲۱۷۷۔ احمد ۲/ ۱۶)

(۲۶۰۹۰) حضرت ابن نمیر رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: کوئی بھی! دوسرے آدمی کو اس کی جگہ سے نہ اٹھائے کہ پھر اس کی جگہ میں بیٹھ جائے، البتہ تم لوگ کشادگی اور وسعت پیدا کرو۔

(۲۶۰۹۱) حَدَّثَنَا شَبَابَةُ بْنُ سَوَّارٍ ، قَالَ : حَدَّثَنَا شُعْبَةُ ، عَنْ عَبْدِ رَبِّهِ بْنِ سَعِيدٍ ، عَنْ مَوْلًى لأَبِي مُوسَى ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي الْحَسَنِ ، عَنْ أَبِي بَكْرَةَ ، أَنَّهُ دُعِيَ إِلَى شَهَادَةٍ فَقَامَ لَهُ رَجُلٌ مِنْ مَجْلِسِهِ فَقَالَ لَهُ : إِنَّ رَسُولَ اللهِ

صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى إِذَا قَامَ الرَّجُلُ لِلرَّجُلِ عَنْ مَجْلِسِهِ أَنْ يَجْلِسَ فِيهِ ، وَنَهَى النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَمْسَحَ الرَّجُلُ يَدَهُ بِثَوْبِ مَنْ لاَ يَكْسُو. (ابوداؤد ۴۷۹۴۔ احمد ۵/ ۴۴)

(۲۶۰۹۱) حضرت سعید بن ابی الحسن رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ کو گواہی کے لیے بلایا گیا تو ایک آدمی ان کے لیے اپنی جگہ سے کھڑا ہو گیا تو آپ رضی اللہ عنہ نے اس سے فرمایا، بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا ہے اس بات سے کہ جب ایک آدمی دوسرے آدمی کے لیے اپنی جگہ سے کھڑا ہو جائے تو وہ شخص اس کی جگہ بیٹھ جائے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا کہ آدمی اپنا ہاتھ پھیرے اس شخص کے کپڑے کے ساتھ جس کو اس نے پہنا نہیں ہے۔

(٢٦٠٩٢) حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ ، قَالَ :حدَّثَنَا فُلَيْحٌ ، عَنْ أَيُّوبَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ ، عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ أَبِي يَعْقُوبَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :لاَ يَقُومُ الرَّجُلُ لِلرَّجُلِ عَنْ مَجْلِسِهِ ، وَلَكِنِ افْسَحُوا يَفْسَحِ اللَّهُ لَكُمْ. (احمد ۲/ ۳۳۸)

(۲۶۰۹۲) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کوئی آدمی کسی آدمی کے لیے اپنی جگہ سے کھڑا نہ ہو البتہ تم کشادگی کرو اللہ تمہارے لیے کشادگی فرمائیں گے۔

(٢٦٠٩٣) حَدَّثَنَا أَبُو الأَحْوَصِ ، عَنْ عَطَاءٍ ، عَنْ أَبِي الْبَخْتَرِيِّ ، قَالَ : كَانَ يُكْرَهُ أَنْ يَقُومَ الرَّجُلُ مِنْ مَجْلِسِهِ لِلرَّجُلِ لِيَجْلِسَ فِيهِ.

(۲۶۰۹۳) حضرت ابوالبختری رحمہ اللہ کہ اس بات کو مکروہ سمجھا جاتا کہ ایک آدمی کسی آدمی کے لیے اپنی جگہ سے کھڑا ہو جائے تا کہ وہ اس کی جگہ میں بیٹھ جائے۔

(٣٣) فِي الرَّجلِ يقوم لِلرَّجلِ إذا رآه

اس آدمی کا بیان جو کسی آدمی کو دیکھ کر کھڑا ہو جائے

(٢٦٠٩٤) حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ ، عَنْ مِسْعَرٍ ، عَنْ أَبِي الْعَنْبَسِ ، عَنْ أَبِي الْعَدَبَّسِ ، عَنْ أَبِي مَرْزُوقٍ ، عَنْ أَبِي غَالِبٍ ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ ، قَالَ :خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُتَوَكِّئًا عَلَى عَصًا ، فَقُمْنَا إِلَيْهِ فَقَالَ :لاَ تَقُومُوا كَمَا تَقُومُ الأَعَاجِمُ يُعَظِّمُ بَعْضُهَا بَعْضًا. (ابوداؤد ۵۱۸۷۔ ابن ماجہ ۳۸۳۶)

(۲۶۰۹۴) حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے (اس حال میں کہ) لاٹھی کو سہارا لگائے ہوئے تھے تو ہم آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اکرام میں کھڑے ہو گئے۔ اس پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم لوگ عجمیوں کی طرح کھڑے مت ہوا کرو۔ وہ لوگ اس طرح ایک دوسرے کی تعظیم کرتے ہیں۔

(٢٦٠٩٥) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ شَهِيدٍ ، عَنْ أَبِي مِجْلَزٍ ، قَالَ :دَخَلَ مُعَاوِيَةُ بَيْتًا فِيهِ عَبْدُ اللهِ بْنُ عَامِرٍ ،

وَعَبْدُ اللهِ بْنُ الزُّبَيْرِ ، فَقَامَ عَبْدُ اللهِ بْنُ عَامِرٍ وَلَمْ يَقُمْ عَبْدُ اللهِ بْنُ الزُّبَيْرِ فَقَالَ مُعَاوِيَةُ لابْنِ عَامِرٍ :اجْلِسْ ، فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ :مَنْ سَرَّهُ أَنْ يَتَمَثَّلَ لَهُ الرِّجَالُ قِيَامًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ. (ترمذی ۲۷۵۵۔ ابوداؤد ۵۱۸۶)

(۲۶۰۹۵) حضرت ابومجلز رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ ایک گھر میں داخل ہوئے جس میں حضرت عبداللہ بن عامر رضی اللہ عنہ اور حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ موجود تھے، حضرت عبداللہ بن عامر رضی اللہ عنہ، تو کھڑے ہو گئے اور حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کھڑے نہیں ہوئے۔ اس پر حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے حضرت عبداللہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے فرمایا: بیٹھ جاؤ اس لیے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یوں فرماتے ہوئے سنا جو شخص اس بات کو پسند کرے کہ آدمی اس کے لیے کھڑے ہوں تو وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالے۔

(٢٦٠٩٦) عَفَّانُ ، قَالَ :حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ ، عَنْ حُمَيْدٍ ، عَنْ أَنَسٍ ، قَالَ :مَا كَانَ شَخْصٌ أَحَبَّ إِلَيْهِمْ مِنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، وَكَانُوا إِذَا رَأَوْهُ لَمْ يَقُومُوا لِمَا يَعْلَمُونَ مِنْ كَرَاهِيَتِهِ لِذَلِكَ.

(ترمذی ۲۷۵۴)

(۲۶۰۹۶) حضرت حمید رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: کہ صحابہ کے نزدیک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ کوئی محبوب شخص نہیں تھا اور جب وہ لوگ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھتے تھے تو کھڑے نہیں ہوتے تھے اس لیے کہ وہ لوگ اس وجہ سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ناپسندیدگی کو جانتے تھے۔

(٣٤) الوِسادة تطرح لِلرَّجلِ

آدمی کے لیے تکیہ لگانے کا بیان

(٢٦٠٩٧) حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ طَارِقٍ ، قَالَ :كُنَّا جُلُوسًا عِنْدَ الشَّعْبِيِّ ، فَجَاءَ جَرِيرُ بْنُ يَزِيدَ ، فَدَعَا لَهُ الشَّعْبِيُّ بِوِسَادَةٍ فَقُلْنَا لَهُ :يَا أَبَا عَمْرٍو نَحْنُ عِنْدَكَ أَشْيَاخٌ ، دَعَوْتَ لِهَذَا الْغُلامِ بِوِسَادَةٍ ؟ فَقَالَ :إِنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ :إِذَا أَتَاكُمْ كَرِيمُ قَوْمٍ فَأَكْرِمُوهُ.

(۲۶۰۹۷) حضرت طارق رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ہم لوگ حضرت شعبی رحمہ اللہ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے کہ حضرت جریر بن یزید تشریف لائے تو حضرت شعبی رحمہ اللہ نے ان کے لیے تکیہ منگوایا، تو ہم نے آپ رحمہ اللہ سے کہا: اے ابوعمرو! ہم آپ کے پاس بڑے لوگ ہیں اور آپ رحمہ اللہ اس بچے کے لئے تکیہ منگوا رہے ہیں؟ تو انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب تمہارے پاس پاس قوم کا معزز شخص آئے تو تم اس کا اکرام کرو۔

(٢٦٠٩٨) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ طَارِقٍ ، عَنِ الشَّعْبِيِّ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :إِذَا أَتَاكُمْ كَرِيمُ قَوْمٍ فَأَكْرِمُوهُ. (ابوداؤد ۵۱۱)

(۲۶۰۹۸) حضرت شعبی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جب تمہارے پاس قوم کا معزز شخص آئے تو تم اس کا اکرام کرو۔

(٢٦٠٩٩) حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ ، قَالَ : أَخْبَرَنَا حَسَنُ بْنُ صَالِحٍ ، عَنْ عَاصِمٍ ، قَالَ : طَرَحَ أَبُو قِلاَبَةَ لِرَجُلٍ وِسَادَةً فَقَالَ أَبُو قِلاَبَةَ : إِنَّهُ كَانَ يُقَالُ : لاَ تَرُدَّ عَلَى أَخِيكَ كَرَامَتَهُ.

(۲۶۰۹۹) حضرت عاصم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابو قلابہ رحمۃ اللہ علیہ نے ایک آدمی کے لیے تکیہ لگوایا اور فرمایا، یا یوں کہا جاتا تھا کہ تم اپنے بھائی پر اس کے اکرام کو رد مت کرو۔

(٢٦١٠٠) حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ ، عَنْ جَعْفَرٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ : دَخَلَ عَلِيٌّ وَرَجُلٌ ، فَطَرَحَ لَهُمَا وِسَادَتَيْنِ ، فَجَلَسَ عَلِيٌّ وَلَمْ يَجْلِسِ الآخَرُ ، فَقَالَ عَلِيٌّ : لاَ يَرُدُّ الْكَرَامَةَ إِلاَّ حِمَارٌ.

(۲۶۱۰۰) حضرت جعفر رحمۃ اللہ علیہ کے والد فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ اور ایک آدمی ان کے پاس تشریف لائے تو ان دونوں کے لیے تکیے لگوائے گئے حضرت علی رضی اللہ عنہ تو بیٹھ گئے اور دوسرا آدمی نہیں بیٹھا، اس پر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: بیٹھ جاؤ اکرام واپس نہیں کرتا مگر گدھا۔

(٣٥) مَنْ قَالَ خذ الحكم مِمّن سمِعته

جو شخص یوں کہے: تم کسی بات کی سمجھ اسی سے حاصل کرو جس سے تم نے اس بات کو سنا

(٢٦١٠١) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنِ الْحَسَنِ ، عَنْ سِمَاكٍ ، عَنْ عِكْرِمَةَ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ، قَالَ : خُذِ الْحُكْمَ مِمَّنْ سَمِعْتَه ، فَإِنَّمَا هُوَ مِثْلُ الرَّمْيَةِ مِنْ غَيْرِ رَامٍ.

(۲۶۱۰۱) حضرت عکرمہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: تم کسی بات کی سمجھ اسی سے حاصل کرو جس سے تم نے بات کو سنا، اس لیے کہ اس کی مثال اس تیر کی ہے جو کسی اور نے چلایا ہو۔

(٣٦) فِي الرّجلِ من يؤمر أن يجالِس ويداخِل

اس آدمی کا بیان جس کو مجلس اختیار کرنے اور دخل دینے کا حکم دیا گیا ہو

(٢٦١٠٢) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ ، قَالَ : حدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ أَبِي زَائِدَةَ ، قَالَ : حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ الأَقْمَرِ ، أَنَّ أَبَا جُحَيْفَةَ كَانَ يَقُولُ : جَالِسُوا الْكُبَرَاءَ ، وَخَالِطُوا الْحُكَمَاءَ ، وَسَائِلُوا الْعُلَمَاءَ.

(۲۶۱۰۲) حضرت علی بن اقمر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابو جحیفہ رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرمایا کرتے تھے کہ تم بڑے لوگوں کی مجلس اختیار کرو، اور عقل مندوں سے ملا کرو، اور علماء سے سوال کیا کرو۔

(٢٦١٠٣) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، قَالَ : أَخْبَرَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ ، عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ الْخَطْمِيِّ ، أَنَّ جَدَّهُ وَهُوَ عُمَيْرُ بْنُ حَبِيبٍ أَوْصَى بَنِيهِ فَقَالَ : يَا بَنِيَّ ، إِيَّاكُمْ وَمُجَالَسَةَ السُّفَهَاءِ ، فَإِنَّ مُجَالَسَتَهُمْ دَاءٌ ، إِنَّهُ مَنْ يَحْلُمْ ، عَنِ السَّفِيهِ يُسَرَّ بِحِلْمِهِ ، وَمَنْ يُحبه يَنْدَمُ ، وَمَنْ لَا يَقَرُّ بِقَلِيلِ مَا يَجِيءُ بِهِ السَّفِيهُ يَقَرُّ بِالْكَثِيرِ ، وَإِذَا أَرَادَ أَحَدُكُمْ أَنْ يَأْمُرَ بِالْمَعْرُوفِ وَيَنْهَى عَنِ الْمُنْكَرِ فَلْيُوَطِّنْ نَفْسَهُ عَلَى الصَّبْرِ عَلَى الْأَذَى ، فَإِنَّهُ مَنْ يَصْبِرْ لَا يَجِدْ لِلْأَذَى مَسًّا .

(۲۶۱۰۳) حضرت ابوجعفر الخطمی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ان کے دادا حضرت عمیر بن حبیب رحمہ اللہ نے اپنے بیٹے کو وصیت فرمائی: کہ اے میرے بیٹے! تم بیوقوفوں کی صحبت اختیار کرنے سے بچو پس بے شک ان کی صحبت تو بیماری ہے، اور جو شخص بیوقوف سے درگزر کرتا ہے تو اس کی درگزر کی وجہ سے اس کو خوشی ملتی ہے اور جو بیوقوف سے محبت کرتا ہے تو وہ شرمندہ ہوتا ہے، اور جو شخص بیوقوف کی تھوڑی بات سے بھی آنکھ ٹھنڈی نہیں کرتا تو اس کی آنکھ کثرت سے ٹھنڈی ہوتی ہے، اور تم میں کوئی ارادہ کرے نیکی کے حکم کرنے کا اور برائی سے روکنے کا تو اس کو چاہیے کہ وہ اپنے نفس کو تکلیف پر صبر کرنے کا عادی بنادے۔ اس لیے کہ جو شخص صبر کرتا ہے تو اس کو تکلیف محسوس نہیں ہوتی۔

(٢٦١٠٤) حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنْ أَيُّوبَ ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ ، قَالَ : قَالَ أَبُو الدَّرْدَاءِ : إِنَّ مِنْ فِقْهِ الرَّجُلِ مَمْشَاهُ وَمَدْخَلَهُ ، قَالَ أَبُو قِلَابَةَ : قَاتَلَ اللَّهُ الشَّاعِرَ حَيْثُ يَقُولُ :

عَنِ الْمَرْءِ لَا تَسْأَلْ وَأبصر قَرِينَهُ ... وَكُلُّ قَرِينٍ بِالْمُقَارَنِ مُهْتَدِي

(۲۶۱۰۴) حضرت ابوقلابہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: بے شک آدمی کا چلنا اور اس کی مجلس کا تعلق اس کی سمجھ داری سے ہے۔

ابوقلابہ رحمہ اللہ نے نصیحت کے انداز میں فرمایا: اللہ شاعر کو ہلاک کرے کہ اس نے یوں کہا:

آدمی کے بارے میں کسی سے مت پوچھ بلکہ اس کے ساتھیوں کو دیکھ.....

ہر ساتھی اپنے ساتھیوں کے ذریعہ ہی ہدایت یافتہ ہوتا ہے.....

(٢٦١٠٥) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عن أبي إسحاق ، عَنْ مُرَّةَ ، أَوْ هُبَيْرَةَ ، قَالَ : قَالَ عَبْدُ اللهِ : اعْتَبِرُوا النَّاسَ بِأَخْدانِهِمْ .

(۲۶۱۰۵) حضرت مرہ رحمہ اللہ یا حضرت ابن ھبیرہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: لوگوں کے دوستوں کے ذریعے ان کا اعتبار کرو۔

(٣٧) مَنْ قَالَ إذا دخلت على قومٍ فاجلِس حيث يجلِسونك

جو شخص یوں کہے: جب تم کسی قوم کے پاس جاؤ تو وہ جس جگہ تمہیں بٹھائیں تم بیٹھ جاؤ

(٢٦١٠٦) حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ ، عَنْ مَيْمُونٍ الْجُهَنِيِّ أَبِي مَنْصُورا ، قَالَ : سَمِعْتُ إِبْرَاهِيمَ يَقُولُ : إِذَا دَخَلَ

أَحَدُكُمْ بَيْتًا فَأَيْنَمَا أَجْلَسُوهُ فَلْيَجْلِسْ ، هُمْ أَعْلَمُ بِعَوْرَةِ بَيْتِهِمْ.

(۲۶۱۰۶) حضرت ابومنصور میمون الجعفی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ کو یوں فرماتے ہوئے سنا کہ جب تم میں سے کوئی کسی کے گھر میں داخل ہو تو وہ لوگ جہاں اس کو بٹھائیں تو اس کو چاہیے کہ وہ بیٹھ جائے اس لیے کہ وہ لوگ اپنے گھر کے پردہ کے متعلق زیادہ جانتے ہیں۔

(۳۸) الرّجل يمشِي وهو مختصِرٌ

جو آدمی کوکھ پر ہاتھ رکھ کر چلے

۲۶۱۰۷) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ ، قَالَ :رَأَيْتُ شُرَيْحًا يَمْشِي مُخْتَصِرًا.

(۲۶۱۰۷) حضرت اسماعیل بن ابی خالد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت شریح رحمۃ اللہ علیہ کو دیکھا کہ وہ اپنی کوکھ پر ہاتھ رکھ کر چل رہے تھے۔

۲۶۱۰۸) حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ ، قَالَ :إِنَّمَا يُكْرَهُ الاخْتِصَارُ فِي الصَّلاَةِ لأَنَّ إِبْلِيسَ أُهْبِطَ مُخْتَصِرًا.

(۲۶۱۰۸) حضرت خالد حذاء رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت حمید بن ھلال رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا: کہ نماز میں کوکھ پر ہاتھ رکھنا مکروہ ہے۔ اس لیے کہ ابلیس کو زمین پر اتارا گیا تھا اس حال میں کہ اس نے اپنی کوکھ پر ہاتھ رکھا ہوا تھا۔

(۳۹) مَنْ قَالَ إذا حدّث الرّجل بالحدِيثِ فقال اكتم علىّ ، فهو أمانةٌ

جو شخص یوں کہے: کہ جب کوئی آدمی کسی دوسرے آدمی کو کوئی بات بیان کرے اور کہے

میری بات کو چھپانا تو یہ امانت ہے

۲۶۱۰۹) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عَطِيَّةَ ، قَالَ :سَمِعْتُ الْحَسَنَ يَقُولُ إِذَا حَدَّثَ الرَّجُلُ الرَّجُلَ بِحَدِيثٍ وَقَالَ :اكْتُمْ عَلَىَّ ، فَهِيَ أَمَانَةٌ.

(۲۶۱۰۹) حضرت حکم بن عطیہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت حسن رحمۃ اللہ علیہ کو یوں فرماتے ہوئے سنا کہ جب کوئی آدمی دوسرے آدمی کو کوئی بات بیان کر کے یوں کہے کہ میری بات کو چھپانا تو یہ بات امانت ہوگی۔

۲۶۱۱۰) حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ جَابِرٍ ، عَنِ الشَّعْبِيِّ مِثْلَهُ.

(۲۶۱۱۰) امام شعبی رحمۃ اللہ علیہ سے مذکورہ ارشاد اس سند سے بھی منقول ہے۔

۲۶۱۱۱) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ ، قَالَ :حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي ذِئْبٍ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَطَاءٍ ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ

جَابِرِ بْنِ عَتِيكٍ ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ :إِذَا حَدَّثَ الرَّجُلُ الرَّجُلَ بِالْحَدِيثِ ، ثُمَّ الْتَفَتَ فَهِيَ أَمَانَةٌ. (ابو داؤد ۴۸۳۵۔ ترمذی ۱۹۵۹)

(۲۶۱۱۱) حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب کوئی آدمی دوسرے آدمی کو کوئی بات بیان کرے پھر وہ ادھر ادھر دیکھے تو یہ امانت ہوگی۔

(۴۰) ما جاء فِي الكذِبِ

ان روایات کا بیان جو جھوٹ کے بارے میں آئی ہیں

(۲۶۱۱۲) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :إِيَّاكُمْ وَالْكَذِبَ ، فَإِنَّ الْكَذِبَ يَهْدِي إِلَى الْفُجُورِ ، وَإِنَّ الْفُجُورَ يَهْدِي إِلَى النَّارِ ، وَإِنَّ الرَّجُلَ لَيَكْذِبُ وَيَتَحَرَّى الْكَذِبَ حَتَّى يُكْتَبَ عِنْدَ اللهِ كَذَّابًا ، وَعَلَيْكُمْ بِالصِّدْقِ ، فَإِنَّ الصِّدْقَ بِرٌّ ، وَالْبِرُّ يَهْدِي إِلَى الْجَنَّةِ ، وَإِنَّ الرَّجُلَ يَصْدُقُ وَيَتَحَرَّى الصِّدْقَ حَتَّى يُكْتَبَ عِنْدَ اللهِ صِدِّيقًا. (مسلم ۱۰۵۔ ابو داؤد ۴۹۵۰)

(۲۶۱۱۲) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم جھوٹ سے بچو پس بے شک جھوٹ فسق کی طرف لے جاتا ہے اور فسق جہنم کی طرف لے جاتا ہے، اور بے شک ایک آدمی جھوٹ بولتا ہے اور جھوٹ کو اپنا لیتا ہے یہاں تک کہ وہ اللہ کے ہاں جھوٹا لکھ دیا جاتا ہے اور تم پر سچ بولنا لازم ہے، پس بے شک سچ نیکی کی طرف راستہ دکھاتا ہے اور نیکی جنت کا راستہ دکھاتی ہے اور بے شک کوئی آدمی سچ بولتا ہے اور سچ کو اپنا لیتا ہے یہاں تک کہ وہ اللہ کے ہاں سچا لکھ دیا جاتا ہے۔

(۲۶۱۱۳) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ ، عَنْ مُرَّةَ بْنِ شَرَاحِيلَ ، قَالَ :قَالَ عَبْدُ اللهِ :إِنَّ الرَّجُلَ لَيَصْدُقُ وَيَتَحَرَّى الصِّدْقَ حَتَّى مَا يَكُونُ لِلْفُجُورِ فِي قَلْبِهِ مَوْضِعُ إِبْرَةٍ يَسْتَقِرُّ فِيهِ ، وَإِنَّهُ لَيَكْذِبُ وَيَتَحَرَّى الْكَذِبَ حَتَّى مَا يَكُونُ لِلصِّدْقِ فِي قَلْبِهِ مَوْضِعُ إِبْرَةٍ يَسْتَقِرُّ فِيهِ.

(۲۶۱۱۳) حضرت مرہ بن شراحیل رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: بے شک کوئی آدمی سچ بولتا ہے اور سچ کو اپنا لیتا ہے یہاں تک کہ اس کے دل میں سوئی کے ناکہ کے برابر جگہ میں فسق ہوتا ہے تو یہ سچ اس میں بھی اپنی جگہ بنا لیتا ہے اور بے شک کوئی آدمی جھوٹ بولتا ہے اور جھوٹ کو اپنا لیتا ہے یہاں تک کہ اس کے دل میں سوئی کے ناکہ کے برابر نیکی ہوتی ہے تو جھوٹ اس میں بھی اپنی جگہ بنا لیتا ہے۔

(۲۶۱۱۴) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ ، وَعَنْ مُجَاهِدٍ ، عَنْ أَبِي مَعْمَرٍ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ ، عَنْ أَبِي الْبَخْتَرِيِّ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ ، قَالَ :لاَ يَصْلُحُ الْكَذِبُ فِي جَدٍّ ، وَلاَ هَزْلٍ ، ثُمَّ تَلاَ عَبْدُ اللهِ ﴿اتَّقُوا اللَّهَ وَكُونُوا مَعَ الصَّادِقِينَ﴾. (دارمی ۲۷۱۵)

(۲۶۱۱۴) حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ، حضرت ابو معمر رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت ابو البختری یہ سب حضرات فرماتے ہیں کہ حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: سنجیدگی اور مذاق میں جھوٹ بولنا درست نہیں ہے، پھر حضرت عبد اللہ رحمۃ اللہ علیہ نے یہ آیت تلاوت فرمائی۔ (ترجمہ): اللہ سے ڈرو اور رہو جاؤ سچے لوگوں کے ساتھ۔

(۲۶۱۱۵) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ ، عَنْ قَيْسٍ ، قَالَ : قَالَ أَبُو بَكْرٍ : إِيَّاكُمْ وَالْكَذِبَ فَإِنَّهُ مُجَانِبُ الإِيمَانَ.

(۲۶۱۱۵) حضرت حسین رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: تم لوگ جھوٹ سے بچو پس بے شک یہ ایمان کو دور کرنے والا ہے۔

(۲۶۱۱۶) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنْ مَالِكِ بْنِ الْحَارِثِ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ ، قَالَ : الْمُؤْمِنُ يُطْوَى عَلَى الْخِلاَلِ كُلِّهَا غَيْرِ الْخِيَانَةِ وَالْكَذِبِ.

(۲۶۱۱۶) حضرت عبد الرحمن بن یزید رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: مومن تمام خصلتوں کا عادی بن سکتا ہے سوائے خیانت اور جھوٹ کے۔

(۲۶۱۱۷) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ ، عَنْ سَعْدٍ ، قَالَ : الْمُؤْمِنُ يُطْبَعُ عَلَى الْخِلاَلِ كُلِّهَا غَيْرِ الْخِيَانَةِ وَالْكَذِبِ. (بزار ۱۱۳۹۔ ابو یعلی ۷۰۷)

(۲۶۱۱۷) حضرت مصعب بن سعد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: مومن تمام خصلتوں کا عادی بن سکتا ہے سوائے خیانت اور جھوٹ کے۔

(۲۶۱۱۸) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ ، قَالَ : حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي خَالِدٍ ، قَالَ : ذُكِرَ عِنْدَ عَامِرٍ ، أَنَّ الْمُنَافِقَ الَّذِي إِذَا حَدَّثَ كَذَبَ ، فَقَالَ عَامِرٌ : لاَ أَدْرِي مَا تَقُولُونَ ؟ إِنْ كَانَ كَذَّابًا ، فَهُوَ مُنَافِقٌ.

(۲۶۱۱۸) حضرت اسماعیل بن ابی خالد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت عامر رحمۃ اللہ علیہ کے پاس ذکر کیا گیا کہ بے شک منافق جب بات کرتا ہے تو جھوٹ بولتا ہے۔ اس پر حضرت عامر رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا: میں نہیں جانتا کہ تم لوگ کیا کہہ رہے ہو اگر وہ جھوٹا ہے تو وہ منافق ہے۔

(۲۶۱۱۹) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ حَبِيبٍ ، عَنْ مَيْمُونِ بْنِ أَبِي شَبِيبٍ ، عَنْ عُمَرَ ، قَالَ : لاَ تَبْلُغُ حَقِيقَةَ الإِيمَانِ حَتَّى تَدَعَ الْكَذِبَ فِي الْمِزَاحِ.

(۲۶۱۱۹) حضرت میمون بن شبیب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: کہ تم ایمان کی حقیقت کو نہیں پہنچ سکتے یہاں تک کہ تم مزاح میں بھی جھوٹ بولنا چھوڑ دو۔

(۲۶۱۲۰) حَدَّثَنَا يَزِيدُ ، قَالَ : أَخْبَرَنَا عَوْفٌ ، قَالَ : ذُكِرَ الْكَذِبُ عِنْدَ مُحَمَّدٍ فِي الْحَرْبِ ، أَنَّهُ لاَ بَأْسَ بِهِ ، فَقَالَ مُحَمَّدٌ : لاَ أَعْلَمُ الْكَذِبَ إِلاَّ حَرَامًا.

(۲۶۱۲۰) حضرت عون رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ امام محمد رحمہ اللہ کے پاس سے ذکر کیا گیا کہ جنگ میں جھوٹ بولنے میں کوئی حرج نہیں۔ اس پر حضرت محمد رحمہ اللہ نے فرمایا: میں تو جھوٹ کے بارے میں اتنا جانتا ہوں کہ وہ حرام ہے۔

(٢٦١٢١) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، قَالَ :حدَّثَنَا الأَعْمَشُ ، قَالَ :حُدِّثْت عَنْ أَبِي أُمَامَةَ ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ :يُطْوَى الْمُؤْمِنُ عَلَى الْخِلاَلِ كُلِّهَا غَيْرِ الْخِيَانَةِ وَالْكَذِبِ. (احمد ٥/ ٢٥٢)

(۲۶۱۲۱) حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مومن تمام خصلتوں کا عادی بن سکتا ہے سوا۔ خیانت اور جھوٹ کے۔

(٢٦١٢٢) حَدَّثَنَا شَبَابَةُ ، عَنِ اللَّيْثِ ، عَنِ ابْنِ عَجْلاَنَ ، أَنَّ رَجُلاً مِنْ مَوَالِى عَبْدِ اللهِ بْنِ عَامِرٍ بن رَبيعة العدوى حَدَّثَهُ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَامِرٍ ، أَنَّهُ قَالَ :دَعَتْنِى أُمِّى يَوْمًا وَرَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَاعِدٌ فِى بَيْتِنَا فَقَالَتْ :هَا تَعَالَ أُعْطِيك ، فَقَالَ لَهَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :وَمَا أَرَدْت أَنْ تُعْطِيَهُ ؟ قَالَتْ :تَمْر ، فَقَالَ لَهَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :أَمَا إِنَّك لَوْ لَمْ تُعْطِهِ شَيْئًا كُتِبَتْ عَلَيْكِ كِذْبَةٌ.

(ابو داؤد ۴۹۵۲۔ احمد ۳/ ۴۴۷

(۲۶۱۲۲) حضرت عبداللہ بن عامر رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ایک دن میری والدہ نے مجھے بلایا اس حال میں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے گھر میں بیٹھے ہوئے تھے۔ وہ کہنے لگیں، یہاں آؤ میں تمہیں کچھ دوں گی۔ اس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم نے اس کو کہ دینے کا ارادہ کیا ہے؟ انہوں نے فرمایا: کھجور کا، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا: اگر تم اس کو کوئی چیز نہیں دیتی تو تم پر جھوٹ کا وبال لکھ دیا جاتا۔

(٤١) ما ذكر من علامة النفاق

ان روایات کا بیان جو نفاق کی نشانیوں کے بارے میں ذکر کی گئیں

(٢٦١٢٣) حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ نُمَيْرٍ ، قَالَ :حدَّثَنَا الأَعْمَشُ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مُرَّةَ ، عَنْ مَسْرُوقٍ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :أَرْبَعٌ مَنْ كُنَّ فِيهِ ، فَهُوَ مُنَافِقٌ خَالِصٌ ، وَمَنْ كَانَتْ فِيهِ خَلَّةٌ مِنْهُنَّ كَانَتْ فِيهِ خَلَّةٌ مِنْ نِفَاقٍ حَتَّى يَدَعَهَا :إِذَا حَدَّثَ كَذَبَ ، وَإِذَا وَعَدَ أَخْلَفَ ، وَإِذَا عَاهَدَ غَدَرَ وَإِذَا خَاصَمَ فَجَرَ. (مسلم ١٠٦۔ ابو داؤد ٤٦٥٥)

(۲۶۱۲۳) حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: چار چیزیں ایسی ہیں کہ جس میں بھی پائی جائیں تو وہ شخص خالص منافق ہے اور جس میں ان میں سے ایک عادت ہو تو اس میں نفاق کی ایک عادت ہے یہاں تک کہ وہ اس کو بھی چھوڑ دے وہ یہ ہیں: جب بات کرے تو جھوٹ بولے، اور جب وعدہ کرے تو اس کی خلاف ورزی کرے اور جب معاہدہ

کرے تو دھوکہ دے اور جب جھگڑا کرے تو گالم گلوچ پر اُتر آئے۔

(٢٦١٢٤) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ عُمَارَةَ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ ، قَالَ :قَالَ عَبْدُ اللهِ :اعْتَبِرُوا الْمُنَافِقَ بِثَلاَثٍ :إِذَا حَدَّثَ كَذَبَ ، وَإِذَا وَعَدَ أَخْلَفَ ، وَإِذَا عَاهَدَ غَدَرَ. (نسائی ۴۹۷۵)

(۲۶۱۲۴) حضرت عبدالرحمٰن بن یزید رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: تم منافق میں تین باتوں کا اعتبار کرو۔ جب وہ بات کرے تو جھوٹ بولے، اور جب وعدہ کرے تو اس کی خلاف ورزی کرے اور جب معاملہ کرے تو دھوکہ دے۔

(٢٦١٢٥) حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ سِمَاكٍ ، عَنْ صُبَيْحِ بْنِ عَبْدِ اللهِ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو ، قَالَ :ثَلاَثٌ مَنْ كُنَّ فِيهِ فَهُوَ مُنَافِقٌ :إِذَا حَدَّثَ كَذَبَ وَإِذَا وَعَدَ أَخْلَفَ وَإِذَا اؤْتُمِنَ خَانَ: قَالَ :وَتَلاَ هَذِهِ الآيَةَ : ﴿وَمِنْهُمْ مَنْ عَاهَدَ اللَّهَ لَئِنْ آتَانَا مِنْ فَضْلِهِ﴾ إِلَى قَوْلِهِ : ﴿نِفَاقًا فِي قُلُوبِهِمْ﴾ إِلَى قَوْلِهِ : ﴿بِمَا كَانُوا يَكْذِبُونَ﴾ (التوبة: ۷۵ تا ۷۷)

(۲۶۱۲۵) حضرت صبیح بن عبداللہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: تین چیزیں ایسی ہیں جس میں بھی پائی جائیں تو وہ منافق ہوگا۔ جب وہ بات کرے تو جھوٹ بولے، اور جب وعدہ کرے تو اس کی خلاف ورزی کرے اور جب امانت رکھوائی جائے تو خیانت کرے اور آپ رضی اللہ عنہ نے یہ آیت تلاوت فرمائی۔ ترجمہ: ''اور انہیں میں وہ لوگ بھی ہیں جنھوں نے اللہ سے یہ عہد کیا تھا کہ اگر وہ اپنے فضل سے ہمیں نوازے گا تو ہم ضرور صدقہ کریں گے اور یقیناً نیک لوگوں میں شامل ہو جائیں گیں لیکن جب اللہ نے ان کو اپنے فضل سے نوازا تو اس میں بخل کرنے لگے اور منہ موڑ کر چل دیئے۔ نتیجہ یہ کہ اللہ نے سزا کے طور پر نفاق ان کے دلوں میں اس دن تک کے لئے جما دیا جس دن وہ اللہ سے جا کر ملیں گے، کیونکہ انہوں نے اللہ سے جو وعدہ کیا تھا اس کی خلاف ورزی کی اور کیونکہ وہ جھوٹ بولا کرتے تھے۔''

(٢٦١٢٦) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ ، عَنْ يَزِيدَ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :ثَلاَثٌ مَنْ كُنَّ فِيهِ ، فَهُوَ مُنَافِقٌ :الَّذِي إِذَا حَدَّثَ كَذَبَ ، وَإِذَا وَعَدَ أَخْلَفَ ، وَإِذَا اؤْتُمِنَ خَانَ.

(بخاری ۳۳۔ ترمذی ۲۶۳۱)

(۲۶۱۲۶) حضرت مجاہد رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تین چیزیں ایسی ہیں کہ جس میں بھی پائی جائیں تو وہ منافق ہوگا۔ وہ یہ ہیں کہ جب بات کرے تو جھوٹ بولے اور جب وعدہ کرے تو اس کی خلاف ورزی کرے اور جب اس کے پاس امانت رکھوائی جائے تو وہ خیانت کرے۔

(٢٦١٢٧) حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ ، عَنْ لَيْثٍ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ، قَالَ :ثَلاَثٌ مَنْ كُنَّ فِيهِ ، فَهُوَ مُنَافِقٌ ، وَإِنْ صَامَ وَصَلَّى وَقَالَ إِنِّي مُسْلِمٌ :إِذَا حَدَّثَ كَذَبَ ، وَإِذَا اؤْتُمِنَ خَانَ ، وَإِذَا وَعَدَ أَخْلَفَ.

(۲۶۱۲۷) حضرت لیث رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت مجاہد رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا: تین چیزیں ایسی ہیں کہ جس میں بھی پائی جائیں تو وہ منافق ہوگا اگر چہ وہ نماز پڑھے اور روزہ رکھے اور کہے کہ بے شک میں مسلمان ہوں، وہ یہ ہیں کہ جب بات کرے تو جھوٹ بولے، اور جب امانت رکھوائی جائے تو وہ خیانت کرے اور جب وعدہ کرے تو اس کی خلاف ورزی کرے۔

(٢٦١٢٨) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ حَبِيبٍ ، عَنْ مَيْمُونِ بْنِ أَبِي شَبِيبٍ ، عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَنْ حَدَّثَ عَنِّي بِحَدِيثٍ وَهُوَ يُرَى ، أَنَّهُ كَذِبٌ ، فَهُوَ أَحَدُ الْكَاذِبَيْنِ.

(ترمذی ۲۶۶۲۔ احمد ۴/ ۲۵۲)

(۲۶۱۲۸) حضرت مغیرہ بن شعبہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص میری طرف سے کوئی حدیث بیان کرے اور وہ جانتا ہے کہ وہ جھوٹا ہے، تو وہ دو میں سے ایک جھوٹا ہے۔

(٢٦١٢٩) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنِ الْحَكَمِ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدَبٍ ، قَالَ : قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَنْ حَدَّثَ عَنِّي حَدِيثًا وَهُوَ يُرَى ، أَنَّهُ كَذِبٌ ، فَهُوَ أَحَدُ الْكَاذِبَيْنِ.

(ابن ماجہ ۳۹۔ احمد ۲۰)

(۲۶۱۲۹) حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص میری طرف سے کوئی حدیث بیان کرے اور وہ جانتا ہے کہ وہ جھوٹا ہے، تو وہ دو میں سے ایک جھوٹا ہے۔

(٢٦١٣٠) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ هَاشِمٍ ، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى ، عَنِ الْحَكَمِ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى ، عَنْ عَلِيٍّ ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِ حَدِيثِ سَمُرَةَ. (ابن ماجہ ۳۸)

(۲۶۱۳۰) حضرت علی رضی اللہ عنہ سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا مذکورہ ارشاد اس سند سے منقول ہے۔

(٤٢) من كره لِلرّجلِ أن يحدّث بكلّ ما سمع

اس بات کا بیان کہ آدمی کے لیے ہر سنی ہوئی بات کا بیان کرنا مکروہ ہے

(٢٦١٣١) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ شُعْبَةَ ، قَالَ : حَدَّثَنِي خُبَيْبٌ ، عَنْ حَفْصِ بْنِ عَاصِمٍ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ : كَفَى بِالْمَرْءِ كَذِبًا أَنْ يُحَدِّثَ بِكُلِّ مَا سَمِعَ. (مسلم ۵۔ ابو داؤد ۴۹۵۳)

(۲۶۱۳۱) حضرت حفص بن عاصم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: آدمی کے جھوٹا ہونے کے لیے کافی ہے کہ وہ ہر سنی ہوئی بات آگے بیان کر دے۔

(٢٦١٣٢) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، عَنِ التَّيْمِيِّ ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ ، قَالَ : قَالَ عُمَرُ : حَسْبُ امْرِئٍ مِنَ الْكَذِبِ أَنْ يُحَدِّثَ بِكُلِّ مَا سَمِعَ.

(۲۶۱۳۲) حضرت ابوعثمان رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: آدمی کے جھوٹا ہونے کے لیے اتنی بات کافی ہے کہ وہ ہر سنی ہوئی بات کو آگے بیان کردے۔

(٢٦١٣٣) حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ ، عَنْ أَبِي الأَحْوَصِ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ ، قَالَ : بِحَسْبِ امْرِءٍ مِنَ الْكَذِبِ أَنْ يُحَدِّثَ بِكُلِّ مَا سَمِعَ.

(۲۶۱۳۳) حضرت ابوالاحوص رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: آدمی کے جھوٹا ہونے کے لیے اتنی بات کافی ہے کہ وہ ہر سنی ہوئی بات آگے بیان کردے۔

(٤٣) ما قالوا فِي الحِلمِ وما ذكِر فِيهِ

بردباری کا بیان اور اس بارے میں جو احادیث ذکر کی گئیں

(٢٦١٣٤) حَدَّثَنَا حَرَمِيُّ بْنُ عُمَارَةَ بْنِ أَبِي حَفْصَةَ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ رَجُلٍ ، قَالَ : قَالَ شُرَيْحٌ : الْحِلْمُ كَنْزٌ مُوفِرٌ.

(۲۶۱۳۴) حضرت شعبہ رحمہ اللہ ایک آدمی سے نقل کرتے ہیں کہ حضرت شریح رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: بردباری بہت بڑا خزانہ ہے۔

(٢٦١٣٥) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَانِ بْنُ مَهْدِيٍّ ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ ، عَنْ عَاصِمٍ الأَحْوَلِ ، قَالَ : قَالَ الشَّعْبِيُّ : زَيَّنَ الْعِلْمَ حِلْمُ أَهْلِهِ.

(۲۶۱۳۵) حضرت عاصم احول رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ امام شعبی رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: علم کی زینت اس کے علم کی بردباری سے ہے۔

(٢٦١٣٦) حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ : قَالَ مُعَاوِيَةُ : لاَ حِلْمَ إِلاَّ التَّجَارِبِ.

(۲۶۱۳۶) حضرت ہشام رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عروہ رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: بردباری نہیں حاصل ہوتی مگر تجربوں سے۔

(٢٦١٣٧) حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ ، عَنْ زَمْعَةَ ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ وَهْرَامٍ ، عَنْ طَاوُوسٍ ، قَالَ : مَا جُعِلَ الْعِلْمُ ، أَوْ مَا حُمِلَ الْعِلْمُ فِي مِثْلِ جِرَابِ حِلْمٍ.

(۲۶۱۳۷) حضرت سلمہ بن وھرام رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت طاؤس نے ارشاد فرمایا: علم برے حلم کی مانند نہیں اٹھایا جاسکتا۔

(٢٦١٣٨) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ زَيْدٍ ، قَالَ : سَمِعْتُ بُرْدًا ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُوسَى ، قَالَ : مَا جُمِعَ شَيْءٌ إِلَى شَيْءٍ أَزْيَنَ مِنْ عِلْمٍ إِلَى حِلْمٍ.

(۲۶۱۳۸) حضرت برد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت سلیمان بن موسیٰ رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: کوئی چیز کسی چیز میں جمع ہو کر مزین نہیں ہوئی جتنا علم حلم کے ساتھ جمع ہو کر مزین ہوتا ہے۔

(٢٦١٣٩) حَدَّثَنَا عَفَّانُ ، قَالَ : حَدَّثَنَا عَرْعَرَةُ بْنُ الْبِرِنْدِ ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ ، عَنِ الْحَسَنِ ، قَالَ : قَالَ الأَحْنَفُ بْنُ قَيْسٍ : إِنِّي لَسْتُ بِحَلِيمٍ ، وَلَكِنِّي أَتَحَالَمُ.

(۲۶۱۳۹) حضرت حسن رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت احنف بن قیس رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا: بے شک میں بردبار نہیں ہوں، لیکن میں تکلف سے بردباری ظاہر کرتا ہوں۔

(٤٤) مَنْ قَالَ لاَ يحدِّث بالحديث إلا من يريده

جو یوں کہے: کہ حدیث بیان نہ کی جائے مگر اس شخص کو جو اس کا طالب ہو

(٢٦١٤٠) حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنْ عبد اللهِ ، قَالَ : لاَ تَنْشُرْ بَزَّكَ إِلاَّ عِنْدَ مَنْ يبغيه . (احمد ٣٦٠)

(۲۶۱۴۰) حضرت منصور رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: تم اپنے خزانے کو مت پھیلایا کرو مگر اس شخص کے سامنے جو اس کو تلاش کرے۔

(٢٦١٤١) حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ مُسْلِمٍ ، عَنْ مَسْرُوقٍ قَالَ : لاَ تَنْشُرْ بَزَّكَ إِلاَّ عِنْدَ مَنْ يُرِيدُهُ .

(۲۶۱۴۱) حضرت مسلم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت مسروق رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا: تو اپنے علم کے خزانے کو مت پھیلا مگر اس شخص کے سامنے جو اس کا طالب ہو۔

(٢٦١٤٢) حَدَّثَنَا الثَّقَفِيُّ ، عَنْ أَيُّوبَ ، عَنْ أَبِي قِلاَبَةَ ، قَالَ : لاَ تُحَدِّثْ بِالْحَدِيثِ إِلاَّ مَنْ يَعْرِفُهُ ، فَإِنَّ مَنْ لاَ يَعْرِفُهُ يَضُرُّهُ ، وَلاَ يَنْفَعُهُ .

(۲۶۱۴۲) حضرت ایوب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوقلابہ رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا: تو حدیث بیان مت کر مگر اس شخص کو جو اس کے مرتبہ کو پہچانتا ہو، پس بے شک جو اس کے مرتبہ کو نہیں پہچانتا یہ بات اس کو نقصان پہنچائے گی اس کو نفع نہیں پہنچائے گی۔

(٢٦١٤٣) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ عَمَّارٍ الدُّهْنِيِّ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ ، قَالَ : لاَ أَنْشُرُ بَزِّي عِنْدَ مَنْ لاَ يُرِيدُهُ .

(۲۶۱۴۳) حضرت عمار الدھنی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت سعید بن جبیر رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا: میں اپنا خزانہ نہیں پھیلاتا مگر اس شخص کے سامنے جو اس کا طالب ہو۔

(٢٦١٤٤) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ مِسْعَرٍ ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ الْحَسَنِ ، عَنِ ابْنِ مَعْقِلٍ ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ ، قَالَ : لاَ تَنْشُرْ سِلْعَتَكَ إِلاَّ عِنْدَ مَنْ يُرِيدُهَا .

(۲۶۱۴۴) حضرت ابن معقل رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: تو اپنے سامان کو مت پھیلا مگر اس شخص کے سامنے جو اس کا طالب ہو۔

(٤٥) فِي الاكتحال بالإثمد

اثمد سرمہ لگانے کا بیان

(٢٦١٤٥) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ ، عَنِ ابْنِ

عَبَّاسٍ ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خَيْرُ أَكْحَالِكُمُ الإِثْمِدُ ، يَجْلُو الْبَصَرَ ، وَيُنْبِتُ الشَّعْرَ.

(۲۶۱۴۵) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تمہارے سرموں میں سب سے بہترین اثمد ہے، جو بینائی کو روشن کرتا ہے اور بالوں کو اگاتا ہے۔

(۲۶۱۴۶) حَدَّثَنَا عَبْدُالرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: عَلَيْكُمْ بِالإِثْمِدِ عِنْدَ النَّوْمِ فَإِنَّهُ يَشُدُّ الْبَصَرَ وَيُنْبِتُ الشَّعْرَ.

(۲۶۱۴۶) حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یوں فرماتے ہوئے سنا کہ سونے کے وقت اثمد سرمہ کو لازم پکڑلو اس لیے کہ وہ بینائی تیز کرتا ہے اور بالوں کو اُگاتا ہے۔

(٤٦) فِي الكحلِ ، وكم فِي كل عينٍ ومن أمر بِهِ؟

سرمہ لگانے کا بیان اور ہر آنکھ میں کتنی مرتبہ لگایا جائے اور جس نے اس کا حکم دیا

(۲۶۱۴۷) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنْ عَاصِمٍ ، عَنْ حَفْصَةَ ، عَنْ أَنَسٍ ، أَنَّهُ كَانَ يَكْتَحِلُ ثَلاَثًا فِي كُلِّ عَيْنٍ.

(۲۶۱۴۷) حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ ہر آنکھ میں تین مرتبہ سرمہ لگاتے تھے۔

(۲۶۱۴۸) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنْ عَاصِمٍ ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ ، أَنَّهُ كَانَ يَكْتَحِلُ اثْنَتَيْنِ فِي ذِهِ ، وَاثْنَتَيْنِ فِي ذِهِ ، وَوَاحِدَةً بَيْنَهُمَا.

(۲۶۱۴۸) حضرت عاصم رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن سیرین اس آنکھ میں دو مرتبہ اور اس آنکھ میں دو مرتبہ سرمہ لگاتے تھے اور ایک مرتبہ ان دونوں کے درمیان میں لگاتے تھے۔

(۲۶۱۴۹) حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ ، عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ جَعْفَرٍ ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ أَبِي أَنَسٍ ، قَالَ : كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَكْتَحِلُ بِالإِثْمِدِ ، يَكْتَحِلُ الْيُمْنَى ثَلاَثَةَ مَرَاوِدَ وَالْيُسْرَى مِرْوَدَيْنِ.

(۲۶۱۴۹) حضرت عمران بن ابی انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اثمد سرمہ آنکھوں میں لگاتے تھے۔ تین سلائیاں دائیں آنکھ میں اور دو سلائیاں بائیں آنکھ میں لگاتے تھے۔

(۲۶۱۵۰) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ مَنْصُورٍ ، عَنْ عِكْرِمَةَ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ، قَالَ : كَانَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُكْحُلَةٌ يَكْتَحِلُ مِنْهَا ثَلاَثَةً فِي كُلِّ عَيْنٍ.

(۲۶۱۵۰) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک سرمہ دانی تھی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس سے ہر آنکھ میں تین سلائیاں لگاتے تھے۔

(۲۶۱۵۱) حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْحَارِثِيُّ ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ ، عَنِ النَّضْرِ بْنِ أَنَسٍ ، أَنَّهُ قَالَ فِي الْكُحْلِ : أَمَّا

أَنَا فَإِنِّي أَكْتَحِلُ ثَلاَثًا هَاهُنَا ، وَثَلاَثًا هَاهُنَا ، وَوَاحِدَةً بَيْنَهُمَا فَذَكرت ذلك لمحمد فَقَالَ : أَمَّا أَنا فَإِنِّي أَكتَحِلُ ثَلاَثًا هَاهُنَا واثنتين هَاهُنَا وَوَاحِدَةً بَيْنَهُمَا.

(۲۶۱۵۱) حضرت ابن عون رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت نضر بن انس رضی اللہ عنہ نے سرمہ لگانے کے بارے میں ارشاد فرمایا: بہر حال میں تو اس آنکھ میں تین سلائیاں لگاتا ہوں اور تین اس آنکھ میں اور ایک ان دونوں کے درمیان میں، راوی کہتے ہیں، میں نے یہ حضرت محمد رحمہ اللہ کے سامنے ذکر کیا تو آپ رحمہ اللہ نے فرمایا: میں تو اس آنکھ میں تین سلائیاں اور اس آنکھ میں دو سلائیاں لگاتا ہوں اور ایک سلائی ان دونوں کے درمیان میں۔

(۲۶۱۵۲) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ مَالِكِ بْنِ مِغْوَلٍ ، عَنْ أَبِي مَعْشَرٍ ، عَنْ أَبِي الْمُغِيرَةِ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، قَالَ : مَنِ اكْتَحَلَ فَلْيُوتِرْ. (ابو داؤد ۳۶۔ احمد ۲/ ۳۵۱)

(۲۶۱۵۲) حضرت ابوالمغیرہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: جو شخص سرمہ لگائے تو اس کو چاہیے کہ وہ طاق عدد اختیار کرے۔

(٤٧) فِي الرَّجلِ يأخذ للرَّجل بِرِكَابِهِ

اس آدمی کا بیان جو کسی آدمی کے لیے لگام کو پکڑ لے

(۲۶۱۵۳) حَدَّثَنَا عَائِذُ بْنُ حَبِيبٍ ، عَنْ سَدِيرٍ ، قَالَ : كُنْتُ عِنْدَ أَبِي جَعْفَرٍ ، فَلَمَّا أَرَدْت أَنْ أَرْكَبَ أَخَذَ بِالرِّكَابِ وَقَالَ : مَا عَلَيْك أَنْ أُؤْجَرَ ، وَلَيْسَ بِهِ بَأْسٌ.

(۲۶۱۵۳) حضرت سدیر رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت ابوجعفر رحمہ اللہ کے پاس تھا جب میں نے سواری پر سوار ہونے کا ارادہ کیا تو آپ رحمہ اللہ نے لگام کو پکڑ لیا، اور فرمایا: تجھے پسند نہیں کہ مجھے اجر ملے، اور اس میں کوئی حرج نہیں۔

(۲۶۱۵۴) حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ ، عَنِ الأَجْلَحِ ، عَنْ عَامِرٍ ، قَالَ : دَعَا عُمَرُ زَيْدَ بْنَ صُوحَانَ ، فَضَفَنَهُ عَلَى الرَّحْلِ كَمَا تَضْفِنُونَ أَنْتُمْ أُمَرَائَكُمْ ، ثُمَّ الْتَفَتَ إِلَى النَّاسِ فَقَالَ : افْعَلُوا بِزَيْدٍ وَأَصْحَابِهِ مِثْلَ هَذَا.

(۲۶۱۵۴) حضرت عامر رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے زید بن صوحان رحمہ اللہ کو بلایا پھر ان کو سواری پر سوار کیا جیسا کہ تم لوگ اپنے امراء کو سوار کرتے ہو، پھر آپ رضی اللہ عنہ لوگوں کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا: تم لوگ زید اور اس کے اصحاب سے ایسا معاملہ کرو۔

(۲۶۱۵۵) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مُهَاجِرٍ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ، قَالَ : رُبَّمَا أَمْسَكَ لِي ابْنُ عَبَّاسٍ ، أَوِ ابْنُ عُمَرَ بِالرِّكَابِ.

(۲۶۱۵۵) حضرت مجاہد رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ کبھی کبھار حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ یا حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ میری سواری کی لگام پکڑ

لیتے تھے۔

(٢٦١٥٦) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ أَبِي قَيْسٍ ، قَالَ :رَأَيْتُ إِبْرَاهِيمَ غُلاَمًا أَعْوَرَ آخِذًا لِعَلْقَمَةَ بِالرِّكَابِ ، أَحْسَبُهُ ، قَالَ :يَوْمَ الْجُمُعَةِ.

(۲۶۱۵۶) حضرت ابوقیس رحمہ اللہ فرماتے ہیں میں نے ابراہیم رحمہ اللہ کو دیکھا کہ وہ کانے بچے تھے اور حضرت علقمہ رحمہ اللہ کی سواری کی لگام کو پکڑے ہوئے تھے۔ راوی کہتے ہیں کہ میرا خیال ہے، جمعہ کے دن کا کہا۔

(٢٦١٥٧) حَدَّثَنَا عَفَّانُ، قَالَ: حدَّثَنَا مَهْدِيُّ بْنُ مَيْمُونٍ ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ صُبَيْحٍ الْحَنَفِيُّ ، وَذَهَبَ لِيَرْكَبَ فَأَخَذَ رَجُلٌ بِرِكَابِهِ فَقَالَ :بَلَغَنِي أَنَّ مُطَرِّفًا كَانَ يَقُولُ :مَا كُنْتُ لأَمْنَعَ أَخًا لِي يُرِيدُ كَرَامَتِي أَنْ يُكْرِمَنِي.

(۲۶۱۵۷) حضرت مہدی بن میمون رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن صبیح حنفی رحمہ اللہ گئے تا کہ وہ اپنی سواری پر سوار ہوں تو ایک آدمی نے لگام کو پکڑ لیا تو آپ رحمہ اللہ نے فرمایا کہ حضرت مطرف رحمہ اللہ فرمایا کرتے تھے کہ میں اپنے کسی بھی بھائی کو منع نہیں کروں گا جو میرے اکرام کرنے کا ارادہ کرتا چاہے وہ میرا اکرام کرلے۔

(٢٦١٥٨) حَدَّثَنَا عَفَّانُ ، قَالَ :حدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ ، قَالَ :حَدَّثَنَا غَالِبٌ الْقَطَّانُ ، قَالَ :أَرَدْتُ يَوْمًا أَنْ أَرْكَبَ حِمَارًا ، فَجَاءَ شُعَيْبٌ يَمْسِكُ بِالرِّكَابِ ، فَسَأَلْتُ الْحَسَنَ فَقَالَ :اقْبَلْ كَرَامَةَ أَخِيكَ.

(۲۶۱۵۸) حضرت غالب قطان رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے ایک دن گدھے پر سوار ہونے کا ارادہ کیا تو حضرت شعیب رحمہ اللہ آئے اور انہوں نے لگام کو پکڑ لیا۔ میں نے اس بارے میں حضرت حسن رحمہ اللہ سے پوچھا؟ آپ رحمہ اللہ نے فرمایا: اپنے بھائی کے اکرام کو قبول کرلے۔

(٤٨) فِي تعلِيمِ النّجومِ ما قالوا فِيها

علم نجوم کی تعلیم کا بیان بعض لوگوں نے اس بارے میں کیا فرمایا؟

(٢٦١٥٩) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ الأَخْنَسِ ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ عَبْدِ اللهِ ، عَنْ يُوسُفَ بْنِ مَاهَكَ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :مَنِ اقْتَبَسَ عِلْمًا مِنَ النُّجُومِ اقْتَبَسَ شُعْبَةً مِنَ السِّحْرِ ، زَادَ مَا زَادَ. (ابوداؤد ۳۹۰۰۔ ابن ماجه ۳۷۲۶)

(۲۶۱۵۹) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس شخص نے ستاروں کا علم سیکھا تو اس نے جادوگری کا ایک شعبہ سیکھ لیا، جتنا وہ بڑھے گا جادوگری بھی بڑھ جائے گی۔

(٢٦١٦٠) حَدَّثَنَا جَرِيرٌ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، قَالَ :لاَ بَأْسَ أَنْ يَتَعَلَّمَ مِنَ النُّجُومِ وَالْقَمَرِ مَا يَهْتَدِي بِهِ.

(۲۶۱۶۰) حضرت منصور رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابراہیم رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: کوئی حرج نہیں ہے علم نجوم اور چاند کا علم سیکھنے میں

جواس کے ذریعہ راستہ معلوم کرے۔

(٢٦١٦١) حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ ، قَالَ : حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ ، قَالَ : حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ طَاوُوسٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ، قَالَ : يَنْظُرُونَ فِي النُّجُومِ وَفِي حُرُوفِ أَبِي جَادٍ ، قَالَ : أَرَى أُولَئِكَ قَوْمًا لاَ خَلاَقَ لَهُمْ.

(۲۶۱۶۱) حضرت طاؤس فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: وہ لوگ ستاروں اور حروف ابجد میں غور وفکر کرتے ہیں۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میری رائے ہے کہ ان لوگوں کا آخرت میں کوئی حصہ نہیں ہے۔

(٢٦١٦٢) حَدَّثَنَا غَسَّانُ بْنُ مُضَرَ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ يَزِيدَ ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ ، قَالَ : قَالَ عُمَرُ : تَعَلَّمُوا مِنْ هَذِهِ النُّجُومِ مَا تَهْتَدُونَ بِهِ فِي ظُلْمَةِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ، ثُمَّ أَمْسِكُوا.

(۲۶۱۶۲) حضرت ابونضرہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: تم لوگ ان ستاروں کا علم سیکھو اور اس کے ذریعہ سمندر اور زمین کے اندھیروں میں راستہ معلوم کیا کرو پھر تم رک جاؤ۔

(٤٩) مَنْ كَانَ يعلّمهم ويضربهم على اللّحنِ

اس شخص کا بیان جو تعلیم سکھلائے اور غلطی کرنے پر مارے

(٢٦١٦٣) حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ إِدْرِيسَ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ ، عَنْ نَافِعٍ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ ، أَنَّهُ كَانَ يَضْرِبُ وَلَدَهُ عَلَى اللَّحْنِ.

(۲۶۱۶۳) حضرت نافع رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ اپنے بیٹے کو غلطی کرنے پر مارتے تھے۔

(٢٦١٦٤) حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ ، عَنْ ثَوْرٍ ، عَنْ عُمَرَ بْنِ زَيْدٍ ، قَالَ : كَتَبَ عُمَرُ إِلَى أَبِي مُوسَى : أَمَّا بَعْدُ فَتَفَقَّهُوا فِي السُّنَّةِ وَتَفَقَّهُوا فِي الْعَرَبِيَّةِ.

(۲۶۱۶۴) حضرت عمر بن زید رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت ابوموسی اشعری رحمہ اللہ کو خط لکھا اور فرمایا: حمد وصلوۃ کے بعد، تم لوگ سنت میں سمجھ بوجھ پیدا کرو، اور عربی زبان میں بھی سمجھ بوجھ پیدا کرو۔

(٢٦١٦٥) حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ ، عَنِ الأَوْزَاعِيِّ ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ ، قَالَ : قَالَ سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُد لاِبْنِهِ : مَنْ أَرَادَ أَنْ يَغِيظَ عَدُوَّهُ فَلاَ يَرْفَعَ الْعَصَا ، عَنْ وَلَدِهِ.

(۲۶۱۶۵) حضرت یحیی بن ابی کثیر رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت سلیمان بن داؤد نے اپنے بیٹے سے ارشاد فرمایا: جو شخص اپنے دشمن کو غصہ دلانا چاہے تو اس کو چاہیے کہ اپنے بچوں سے لاٹھی مت اٹھائے۔

(٢٦١٦٦) حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ ، عَنْ مُحَمَّدٍ ، قَالَ : كَانُوا يَقُولُونَ : أَكْرِمْ وَلَدَكَ وَأَحْسِنْ أَدَبَهُ.

(۲۶۱۶۶) حضرت ابن عون رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت محمد رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: صحابہ فرمایا کرتے تھے کہ اپنے بچے کی عزت کرو اور

اس کو اچھا ادب سکھلاؤ۔

(٢٦١٦٧) حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ، قَالَ: سُئِلَ مُحَمَّدٌ عَنِ النَّحْوِ، قَالَ: لاَ أَعْلَمُ بِهِ بَأْسًا إِنْ لَمْ يَكُنْ فِيهِ بَغْيٌ.

(۲۶۱۶۷) حضرت ابن عون رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت امام محمد رحمۃ اللہ علیہ سے اس بارے میں پوچھا؟ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: میں کوئی حرج نہیں سمجھتا اگر اس میں کوئی سرکشی نہ ہو۔

(٥٠) من كره أن يقول لاَ بحمدِ اللهِ

جو شخص یوں کہنے کو مکروہ سمجھے، نہیں اللہ کا شکر

(٢٦١٦٨) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ زِيَادِ بْنِ فَيَّاضٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُونٍ، أَنَّهُ كَرِهَ لاَ بِحَمْدِ اللهِ.

(۲۶۱۶۸) حضرت زیاد بن فیاض رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمرو بن میمون رحمۃ اللہ علیہ یوں کہنے کو مکروہ سمجھتے تھے، نہیں، اللہ کا شکر ہے۔

(٢٦١٦٩) حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ مُغِيرَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ: كَانَ يُكْرَهُ أَنْ يَقُولَ الرَّجُلُ لاَ بِحَمْدِ اللهِ وَلَكِنْ قُولُوا: نَعَمْ بِحَمْدِ اللَّهِ.

(۲۶۱۶۹) حضرت مغیرہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابراہیم مکروہ سمجھتے تھے یوں کہنے کو..... نہیں، اللہ کا شکر ہے۔ اور فرماتے ہیں کہ یوں کہا کرو۔ جی ہاں! اللہ کا شکر ہے۔

(٢٦١٧٠) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ: كَانَ يُقَالُ: يُكْرَهُ أَنْ يَقُولَ الرَّجُلُ لاَ بِحَمْدِ اللهِ وَلَكِنْ يَقُولُ: لاَ وَالْحَمْدُ لِلَّهِ.

(۲۶۱۷۰) امام اعمش رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ نے یوں ارشاد فرمایا: کہ کہا جاتا تھا کہ آدمی کا یوں کہنا مکروہ ہے۔ کہ نہیں، اللہ کا شکر کیسا تھا، بلکہ یوں کہا کرو، نہیں، اللہ ہی کا شکر ہے۔

(٥١) ما يؤمر بِهِ الرّجل إذا احتجم، أو أخذ مِن شعرِهِ، أو قلّم أظفاره، أو قلع ضِرسَهُ

جب کوئی آدمی بال کٹوائے یا پچھنے لگوائے یا اپنے ناخون کاٹے یا اپنی داڑھ کو اکھیڑ دے تو اس کو اس بات کا حکم دیا گیا ہے

(٢٦١٧١) حَدَّثَنَا عَفَّانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ دِينَارٍ، عَنْ هِشَامٍ، أَنَّ مُحَمَّدًا كَانَ إِذَا قَلَّمَ أَظْفَارَهُ دَفَنَهَا.

(۲۶۱۷۱) حضرت ھشام رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ امام محمد رحمۃ اللہ علیہ جب اپنے ناخن کاٹتے تو ان کو دفن فرما دیتے۔

(٢٦١٧٢) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا حَبِيبُ بْنُ شَهِيدٍ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ، قَالَ: اسْتَأْذَنْت عَلَى مُسْلِمِ بْنِ يَسَارٍ فَجَلَسْت ثُمَّ أُذِنَ لِي، فَدَخَلْت عَلَيْهِ فَقَالَ: لَقَدْ اسْتَأْذَنْت عَلَيَّ

وَإِنِّي لأَدْفِنُ بَعْضَ وَلَدِي ، قَالَ :وَكَانَ بَعْضُ نِسَائِهِ أَسْقَطَتْ فَدَفَنَهُ.

(۲۶۱۷۲) حضرت معاویہ بن قرہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت مسلم بن یسار رحمہ اللہ سے اجازت چاہی، پس میں بیٹھ گیا، پھر تھوڑی دیر بعد آپ رحمہ اللہ نے مجھے اجازت دی تو میں ان کے پاس داخل ہو گیا تو آپ رحمہ اللہ نے فرمایا: تحقیق تم نے اجازت طلب کی تھی اور میں اس وقت اپنے ایک بچے کو دفن کر رہا تھا۔ راوی کہتے ہیں کہ ان کی عورت کا حمل ساقط ہو گیا تھا تو انہوں نے اس بچے کو دفن کر دیا۔

(٢٦١٧٣) حَدَّثَنَا مَعْنُ بْنُ عِيسَى ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ ، أَنَّهُ أَمَرَ حَجَّامًا يَحْجُمُهُ أَنْ يُفْرِغَ مَحْجَمَةَ دَمٍ لِكَلْبٍ يَلَغُهَا.

(۲۶۱۷۳) حضرت یزید بن عبد الملک رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت محمد بن علی رضی اللہ عنہ نے پچھنے لگانے والے کو پچھنے لگانے کا حکم دیا اور فرمایا کہ یہ پچھنوں کا خون کتے کو ڈال دینا وہ اس کو چاٹ لے گا۔

(٢٦١٧٤) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ عَبْدِ الْجَبَّارِ بْنِ عَبَّاسٍ ، عَنْ رَجُلٍ مِنْ بَنِي هَاشِمٍ ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَ بِدَفْنِ الشَّعْرِ وَالظُّفُرِ وَالدَّمِ. (بخاری ۲۰۹۴۔ بزار ۲۹۶۸)

(۲۶۱۷۴) قبیلہ بنو ہاشم کے ایک شخص بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بال، ناخن اور خون کو دفن کرنے کا حکم دیا۔

(٢٦١٧٥) حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ ، عَنْ حَسَنِ بْنِ صَالِحٍ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مُهَاجِرٍ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ، أَنَّهُ كَانَ إِذَا قَلَّمَ أَظْفَارَهُ دَفَنَهَا ، أَوْ أَمَرَ بِهَا فَدُفِنَتْ.

(۲۶۱۷۵) حضرت ابراہیم بن مہاجر رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت مجاہد رحمہ اللہ جب اپنے ناخن کاٹتے تو ان کو دفن فرما دیتے، یا ان کو دفن کرنے کا حکم دیتے۔

(٢٦١٧٦) حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ الْحَنَفِيُّ ، عَنْ أَفْلَحَ ، عَنِ الْقَاسِمِ ، أَنَّهُ كَانَ يَدْفِنُ شَعْرَهُ بِمِنًى.

(۲۶۱۷۶) حضرت افلح رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت قاسم رحمہ اللہ نے اپنے بالوں کو مٹی میں دفن فرما دیا۔

(٢٦١٧٧) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ مَهْدِيٍّ ، قَالَ : دَخَلْنَا عَلَى مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ يَوْمَ جُمُعَةٍ بَعْدَ الْعَصْرِ ، فَدَعَا بِمِقَصٍّ فَقَلَّمَ أَظْفَارَهُ فَجَمَعَهَا ، قَالَ مَهْدِيٌّ :فَأَنْبَأَنَا هِشَامٌ ، أَنَّهُ كَانَ يَأْمُرُ بِهَا أَنْ تُدْفَنَ.

(۲۶۱۷۷) حضرت مہدی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ہم لوگ جمعہ کے دن عصر کے بعد حضرت محمد بن سیرین رحمہ اللہ کے پاس گئے، تو آپ رحمہ اللہ نے قینچی منگوائی پھر اپنے ناخن کاٹے اور جمع کیے۔ مہدی رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ مجھے حضرت ہشام رحمہ اللہ نے خبر دی کہ آپ رحمہ اللہ نے ان کو دفنانے کا حکم دیا۔

(٥٢) فِي الرّجلِ يجلِس إلى الرّجلِ قبل أن يستأذِنه

اس آدمی کا بیان جو دوسرے آدمی کے پاس اجازت لینے سے قبل ہی بیٹھ جائے

(٢٦١٧٨) حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ ، عَنْ أَشْعَثَ ، عَنْ أَبِي بُرْدَةَ ، قَالَ : دَخَلْت مَسْجِدَ الْمَدِينَةِ فَإِذَا عَبْدُ اللهِ بْنُ سَلاَمٍ ، فَسَلَّمْت ثُمَّ جَلَسْت ، فَقَالَ : يَا ابْنَ أَخِي ، إنَّك جَلَسْت وَنَحْنُ نُرِيدُ الْقِيَامَ.

(۲۶۱۷۸) حضرت ابو بردہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں مدینہ کی مسجد میں داخل ہوا تو حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ بیٹھے ہوئے تھے، تو میں نے سلام کیا پھر میں بیٹھ گیا۔ اس پر آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے میرے بھتیجے! تم بیٹھ گئے اور ہمارا تو اٹھنے کا ارادہ ہے۔

(٢٦١٧٩) حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنْ أَشْعَثَ ، قَالَ : حَدَّثَنِي رَجُلٌ ، أَنَّ رَجُلاً جَلَسَ إلَى الْحَسَنِ فَقَالَ لَهُ : جَلَسْت إلَيْنَا عَلَى حِينِ قِيَامٍ مِنَّا ، أَفَتَأْذَنُ.

(۲۶۱۷۹) حضرت اشعث رحمہ اللہ ایک آدمی سے نقل کرتے ہیں کہ ایک شخص حضرت حسن رحمہ اللہ کے پاس بیٹھ گیا، تو آپ رحمہ اللہ نے اس سے کہا: تم ہمارے اٹھنے کے وقت ہمارے پاس بیٹھ گئے ہو، تمہاری طرف سے اجازت ہے! اٹھنے کی؟

(٢٦١٨٠) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ عِمْرَانَ ، عَنْ أَبِي مِجْلَزٍ ، قَالَ : إذَا جَلَسَ إلَيْك رَجُلٌ مُتَعَمِّدًا فَلاَ تَقُمْ حَتَّى تَسْتَأْذِنَهُ.

(۲۶۱۸۰) حضرت عمران رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابو مجلز رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: جب کوئی شخص قصداً تمہارے پاس بیٹھے تو تم اس سے اجازت لینے سے پہلے مت اٹھو۔

(٢٦١٨١) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ رَجُلٍ ، عَنْ إبْرَاهِيمَ مِثْلَهُ.

(۲۶۱۸۱) حضرت ابراہیم رحمہ اللہ سے مذکورہ ارشاد اسی سند سے منقول ہے۔

(٢٦١٨٢) حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ ، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ ، عَنْ إبْرَاهِيمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْتَشِرِ ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ، قَالَ : مَا جَلَسَ إلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَحَدٌ فَقَامَ حَتَّى يَقُومَ.

(۲۶۱۸۲) حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ کوئی بھی آدمی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس نہیں بیٹھا یہاں تک کہ وہ کھڑا ہوتا تو آپ رضی اللہ عنہ کھڑے ہوتے۔

(٢٦١٨٣) حَدَّثَنَا أَزْهَرُ ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ ، عَنْ مُحَمَّدٍ ، قَالَ : كَانَ لاَ يَرَى بَأْسًا إذَا جَلَسَ الرَّجُلُ إلَى الرَّجُلِ أَنْ يَقُومَ ، وَلاَ يَسْتَأْذِنَهُ.

(۲۶۱۸۳) حضرت ابن عون رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت محمد رضی اللہ عنہ اس بات میں کوئی حرج نہیں سمجھتے تھے کہ جب کوئی آدمی کسی آدمی کے پاس بیٹھے تو وہ بغیر اجازت کے کھڑا ہو جائے۔

(٢٦١٨٤) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ مُوسَى بْنِ نَافِعٍ ، قَالَ : قَعَدْت إلَى سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ ، فَلَمَّا أَرَادَ أَنْ يَقُومَ ، قَالَ :

أَتَأْذَنُونَ ؟ إِنَّكُمْ جَلَسْتُمْ إِلَيَّ.

(۲۶۱۸۴) حضرت موسیٰ بن نافع رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت سعید بن جبیر رحمۃ اللہ علیہ کے پاس بیٹھا ہوا تھا جب آپ رحمۃ اللہ علیہ نے اٹھنے کا ارادہ کیا تو فرمایا: تم لوگ میرے پاس بیٹھے ہوئے ہو، کیا تمہاری اجازت ہے؟

(۵۳) فِي الاسْتِئْذَانِ

اجازت مانگنے کا بیان

(۲۶۱۸۵) حَدَّثَنَا أَبُو الأَحْوَص ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنْ رِبْعِيٍّ ، قَالَ : حَدَّثَنِي رَجُلٌ مِنْ بَنِي عَامِرٍ اسْتَأْذَنَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ فِي بَيْتٍ فَقَالَ : أَلِجُ ؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِخَادِمِهِ : اخْرُجْ إِلَى هَذَا فَعَلِّمْهُ الاسْتِئْذَانَ وَقُلْ لَهُ : قُلِ السَّلامُ عَلَيْكُمْ أَدْخُلُ ؟ فَسَمِعَهُ الرَّجُلُ فَقَالَ : السَّلامُ عَلَيْكُمْ أَدْخُلُ ؟ فَأَذِنَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَدَخَلَ. (بخاری ۱۰۸۴۔ ابو داؤد ۵۱۳۴)

(۲۶۱۸۵) حضرت ربعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ بنو عامر کے ایک شخص نے مجھ سے بیان کیا کہ اس نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے اجازت طلب کی اس حال میں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم گھر میں تھے، اس شخص نے کہا: کیا میں آجاؤں؟ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے خادم سے کہا: اس کے پاس جاؤ اور اس کو اجازت طلب کرنے کا طریقہ سکھلاؤ۔ اس کو کہو کہ یوں کہے: السلام علیکم، کیا میں داخل ہو جاؤں؟ اس آدمی نے یہ سن لیا اور کہا: السلام علیکم: کیا میں داخل ہو جاؤں؟ پس نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے داخل ہونے کی اجازت دے دی اور وہ داخل ہو گیا۔

(۲۶۱۸۶) حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلانَ سَمِعَ عَامِرَ بْنَ عَبْدِ اللهِ بْنِ الزُّبَيْرِ يَقُولُ : حَدَّثَتْنِي رَيْحَانَةُ ، أَنَّ أَهْلَهَا أَرْسَلُوهَا إِلَى عُمَرَ ، فَدَخَلَتْ عَلَيْهِ بِغَيْرِ إِذْنٍ ، فَعَلَّمَهَا فَقَالَ لَهَا : اخْرُجِي فَسَلِّمِي ، فَإِذَا رُدَّ عَلَيْكِ فَاسْتَأْذِنِي.

(۲۶۱۸۶) حضرت عامر بن عبداللہ بن زبیر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت ریحانہ رضی اللہ عنہا نے بیان فرمایا: کہ میرے گھر والوں نے مجھے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس بھیجا، تو میں آپ رضی اللہ عنہ کے پاس بغیر اجازت کے داخل ہو گئی۔ آپ رضی اللہ عنہ نے مجھے اجازت کا طریقہ سکھلایا اور فرمایا: باہر جاؤ پھر سلام کرو اور جب تمہیں سلام کا جواب دیا جائے تو پھر اجازت مانگو۔

(۲۶۱۸۷) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ وَاصِلِ بْنِ السَّائِبِ ، عَنْ أَبِي سَوْرَةَ ، عَنْ أَبِي أَيُّوبَ الأَنْصَارِيِّ ، قَالَ : قُلْنَا يَا رَسُولَ اللهِ ، هَذَا السَّلامُ فَمَا الاسْتِئْنَاسُ ، قَالَ : يَتَكَلَّمُ الرَّجُلُ بِتَسْبِيحَةٍ وَتَكْبِيرَةٍ وَتَحْمِيدَةٍ ، وَيَتَنَحْنَحُ ، وَيُؤْذِنُ أَهْلَ الْبَيْتِ. (ابن ماجه ۳۷۰۷)

(۲۶۱۸۷) حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم لوگوں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! یہ تو سلام کرنا ہے پس

اجازت کیسے طلب کی جائے گی؟ آپ ﷺ نے فرمایا: آدمی سبحان اللہ، اللہ اکبر، الحمد للہ کہہ لے اور کھنکھار لے اور گھر والوں کو اجازت دے۔

(٢٦١٨٨) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدٍ الْقُرَشِيُّ أَبُو زُكَيْرٍ سَمِعَ زَيْدَ بْنَ أَسْلَمَ يَقُولُ : بَعَثَنِي أَبِي إِلَى ابْنِ عُمَرَ فَقُلْتُ : أَلِجُ ؟ فَقَالَ : لاَ تَقُلْ هَكَذَا ، وَلَكِنْ قُلْ : السَّلاَمُ عَلَيْكُمْ ، فَإِذَا قِيلَ وَعَلَيْكُمْ ، فَادْخُلْ.

(۲۶۱۸۸) حضرت زید بن اسلم رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میرے والد نے مجھے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کے پاس بھیجا تو میں نے ان کو کہا: کیا میں آجاؤں؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم اس طرح مت کہو اور یوں کہو: السلام علیکم: جب تمہیں کہہ دیا جائے، وعلیکم السلام، تو تم داخل ہو جاؤ۔

(٢٦١٨٩) حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ ، عَنِ الْمُغِيرَةِ ، عَنِ الْحَارِثِ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ نُجَيٍّ ، عَنْ عَلِيٍّ ، قَالَ : كَانَ لِي مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَدْخَلاَنِ : مَدْخَلٌ بِاللَّيْلِ ، وَمَدْخَلٌ بِالنَّهَارِ ، فَكُنْتُ إِذَا أَتَيْتُهُ وَهُوَ يُصَلِّي يَتَنَحْنَحُ لِي.

(۲۶۱۸۹) حضرت عبداللہ بن نجی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: نبی کریم ﷺ کے پاس میں دو مرتبہ جاتا تھا۔ ایک مرتبہ دن میں اور ایک مرتبہ رات میں، پس میں جب آپ ﷺ کے پاس آتا اور آپ ﷺ نماز پڑھ رہے ہوتے، تو آپ ﷺ میرے لیے کھنکھار دیتے۔

(٢٦١٩٠) حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي زِيَادٍ ، قَالَ : اسْتَأْذَنْتُ عَلَى عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى وَهُوَ يُصَلِّي بِالظَّلاَمِ فَفَتَحَ لِي.

(۲۶۱۹۰) حضرت یزید بن ابی زیاد رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عبدالرحمن بن ابی لیلیٰ رحمہ اللہ سے اجازت مانگی اس حال میں کہ وہ اندھیرے میں نماز پڑھ رہے تھے، تو آپ رحمہ اللہ نے میرے لیے دروازہ کھول دیا۔

(٥٤) فِي الرَّجُلِ يَرُدُّ السَّلاَمَ عَلَى الرَّجُلِ كَيْفَ يَرُدُّ عَلَيْهِ

اس آدمی کا بیان جو دوسرے آدمی کے سلام کا جواب دے تو وہ کس طرح جواب دے؟

(٢٦١٩١) حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ إِدْرِيسَ ، عَنْ حُصَيْنٍ ، عَنْ هِلاَلِ بْنِ يَسَافٍ ، عَنْ زُهْرَةَ بْنِ حُمَيْضَةَ ، قَالَ : رَدَفْتُ أَبَا بَكْرٍ فَكُنَّا نَمُرُّ بِالْقَوْمِ فَنُسَلِّمُ عَلَيْهِمْ فَيَرُدُّونَ عَلَيْنَا أَكْثَرَ مِمَّا نُسَلِّمُ ، فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ : مَا زَالَ النَّاسُ غَالِبِينَ لَنَا مُنْذُ الْيَوْمِ.

(۲۶۱۹۱) حضرت زُہرہ بن حمیضہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں سواری پر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پیچھے بیٹھا ہوا تھا کہ چند لوگوں پر ہمارا گزر ہوا تو ہم نے ان پر سلام کیا، تو انہوں نے ہمارے سلام کا جواب خوب بڑھا کر دیا۔ اس پر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کہ آج کے

دن تو لوگ ثواب میں ہم پر غالب آ رہے ہیں۔

(٢٦١٩٢) حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ وَأَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَيْسَرَةَ ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ ، عَنْ عُمَرَ ، قَالَ : كُنْتُ رِدْفَ أَبِي بَكْرٍ فَذَكَرَ ، مِثْلَهُ ، ثُمَّ قَالَ :لَقَدْ فَضَلَنَا النَّاسُ الْيَوْمَ بِخَيْرٍ كَثِيرٍ.

(۲۶۱۹۲) حضرت زید بن وہب رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: میں حضرت ابو بکر کے پیچھے سواری پر سوار تھا، پھر انہوں نے مذکورہ حدیث ذکر کی، اور فرمایا: کہ لوگ آج ثواب میں ہم سے آگے بڑھ گئے۔

(٢٦١٩٣) حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ ، قَالَ :حَدَّثَنَا الأَعْمَشُ ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ ، عَنْ أَبِي الْبَخْتَرِيِّ ، قَالَ :جَاءَ رَجُلٌ إِلَى عَلِي فَقَالَ :السَّلاَمُ عَلَيْكَ يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُهُ ، فَقَالَ :وَعَلَيْكُمْ فَظَنَّ أَنَّهُ لَمْ يَسْمَعْ فَقَالَ: السَّلاَمُ عَلَيْكَ يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُهُ ، فَقَالَ :وَعَلَيْكُمْ ، فَقَالَ :أَلاَ تَرُدُّ عَلَيَّ لِمَا أَقُولُ لَكَ؟ قَالَ :أَلَيْسَ قَدْ فَعَلْتُ ؟.

(۲۶۱۹۳) حضرت ابو البختری رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس آیا، اور کہا: اے امیر المؤمنین: السلام علیک ورحمۃ اللہ وبرکاتہ، آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: وعلیکم، وہ آدمی سمجھا کہ آپ رضی اللہ عنہ نے سنا نہیں۔ اس نے پھر کہا: اے امیر المؤمنین! السلام علیک ورحمۃ اللہ وبرکاتہ، آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: وعلیکم، اس آدمی نے کہا: آپ رضی اللہ عنہ مجھے ویسے جواب کیوں نہیں دے رہے جیسا کہ میں نے آپ رضی اللہ عنہ کو کہا؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا میں نے ایسا نہیں کیا؟

(٢٦١٩٤) حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ ، قَالَ :حَدَّثَنِي سَعِيدُ بْنُ أَبِي سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيُّ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَجُلاً دَخَلَ الْمَسْجِدَ وَرَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسٌ فِي نَاحِيَةِ الْمَسْجِدِ ، فَصَلَّى ، ثُمَّ جَاءَ فَسَلَّمَ عَلَيْهِ فَقَالَ :وَعَلَيْكَ السَّلاَمُ. (بخاری ٦٢٥١۔ ترمذی ٢٦٩٢)

(۲۶۱۹۴) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی مسجد میں داخل ہوا اس حال میں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مسجد کے کونے میں بیٹھے ہوئے تھے، اس آدمی نے نماز پڑھی پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو سلام کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وعلیک السلام، تجھ پر بھی سلام ہو۔

(٢٦١٩٥) حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُبَيْدَةَ ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ أَبِي أَنَسٍ ، عَنْ مَالِكِ بْنِ أَوْسِ بْنِ الْحَدَثَانِ ، قَالَ : قَدِمَ أَبُو ذَرٍّ مِنَ الشَّامِ فَدَخَلَ الْمَسْجِدَ وَفِيهِ عُثْمَانُ فَقَالَ : السَّلاَمُ عَلَيْكُمْ ، فَقَالَ : وَعَلَيْكُمُ السَّلاَمُ ، كَيْفَ أَنْتَ يَا أَبَا ذَرٍّ ؟ قَالَ :بِخَيْرٍ ، كَيْفَ أَنْتَ يَا عُثْمَانُ ؟. قَالَ :بِخَيرٍ.

(۲۶۱۹۵) حضرت مالک بن اوس بن حمد ثان رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابو ذر رضی اللہ عنہ شام سے واپس آئے اور مسجد میں داخل ہو گئے۔ اس حال میں کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ بھی مسجد میں تھے۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: السلام علیکم، انہوں نے جواب دیا: وعلیکم السلام، اے ابو ذر، کیسے ہو تم؟ انہوں نے فرمایا: خیریت سے ہوں، تم کیسے ہو؟ اے عثمان! آپ رضی اللہ عنہ نے جواب میں کہا، میں بھی خیریت سے ہوں۔

(٢٦١٩٦) حَدَّثَنَا كَثِيرُ بْنُ هِشَامٍ ، عَنْ جَعْفَرٍ ، عَنْ مَيْمُونٍ ، أَنَّ رَجُلاً سَلَّمَ عَلَى سَلْمَانَ الْفَارِسِيِّ فَقَالَ : السَّلاَمُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُهُ ، فَقَالَ : سَلْمَانُ : حَسْبُكَ حَسْبُكَ ، ثُمَّ رَدَّ عَلَيْهِ الَّذِى قَالَ ، ثُمَّ زَادَ أُخْرَى ، فَقَالَ لَهُ الرَّجُلُ : أَتَعْرِفُنِى يَا أَبَا عَبْدِ اللهِ ؟ فَقَالَ : أَمَّا رُوحِى فَقَدْ عَرَفَ رُوحَكَ .

(۲۶۱۹۶) حضرت میمون رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کو سلام کیا اور کہا: السلام علیک ورحمۃ اللہ وبرکاتہ، حضرت سلمان رحمہ اللہ نے کہا: کافی ہے کافی ہے، پھر آپ رضی اللہ عنہ نے ویسے ہی اس کو جواب دیا جیسا کہ اس شخص نے سلام کیا تھا، پھر چند اور کلمات کا اضافہ فرمایا: اس پر اس شخص نے آپ رضی اللہ عنہ سے پوچھا: اے ابوعبداللہ! کیا آپ رضی اللہ عنہ مجھے جانتے ہیں؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میری روح تمہاری روح کو جانتی ہے۔

(٢٦١٩٧) حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ ، عَنْ نَافِعٍ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ ، أَنَّهُ كَانَ يَرُدُّ السَّلاَمَ كَمَا يُقَالُ لَهُ : السَّلاَمُ عَلَيْكُمْ .

(۲۶۱۹۷) حضرت نافع رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ ویسے ہی سلام کا جواب دیتے تھے جیسے ان کو سلام کہا جاتا تھا، مثلاً السلام علیکم۔

(٢٦١٩٨) حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنِ الْجَلْدِ بْنِ أَيُّوبَ ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ ، قَالَ : أَوْصَانِى أَبِى ، قَالَ : إِذَا سُلِّمَ عَلَيْكَ ، فَلاَ تَقُلْ : وَعَلَيْكَ ، قُلْ : وَعَلَيْكُمْ ، فَإِنَّ مَعَهُ مَلاَئِكَةً .

(۲۶۱۹۸) حضرت معاویہ بن قرہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میرے والد نے مجھے وصیت فرمائی کہ جب تمہیں سلام کیا جائے تو جواب میں وعلیک مت کہہ۔ بلکہ وعلیکم۔ کہو۔ اس لیے کہ اس شخص کے ساتھ فرشتے بھی ہوتے ہیں۔

(٢٦١٩٩) حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنْ أَبِى حَيَّانَ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الرَّحَّالِ ، قَالَ : كَانَ الرَّبِيعُ بْنُ خُثَيْمٍ إِذَا رَدَّ السَّلاَمَ يَقُولُ : وَعَلَيْكُمْ يَعْنِى يَنْوِى الرَّدَّ عَلَى مَا سُلِّمَ عَلَيْهِ .

(۲۶۱۹۹) حضرت عبدالرحمٰن الرحال فرماتے ہیں کہ حضرت ربیع بن خثیم رحمہ اللہ جب سلام کا جواب دیتے تو یوں کہتے: وعلیکم اور سلام کرنے والے پر جواب کی نیت کر لیتے۔

(٢٦٢٠٠) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ أَبِى إِسْحَاقَ ، أَنَّ شُرَيْحًا إِذَا رَدَّ قَالَ : وَعَلَيْكُمْ .

(۲۶۲۰۰) حضرت ابواسحاق رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت شریح رحمہ اللہ جب سلام کا جواب دیتے تو یوں کہتے: وعلیکم: یعنی تم پر بھی ہو۔

(٢٦٢٠١) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ زَيد بن وَهب ، أَنَّهُ كَانَ إِذَا سُلِّمَ عَلَيْهِ قَالَ : وَعَلَيْكُمُ السَّلاَمُ وَرَحْمة الله وَبَرَكَاتُه وَمَغْفِرته .

(۲۶۲۰۱) حضرت اعمش فرماتے ہیں کہ حضرت زید بن وھب رحمہ اللہ کو جب سلام کیا جاتا تو آپ رحمہ اللہ یوں جواب دیتے۔ وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ومغفرتہ۔

(٢٦٢٠٢) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ :إِذَا رَدَّ الرَّجُلُ فَلْيَقُلْ :وَعَلَيْكُمْ - يَعْنِي مَعَهُ الْمَلاَئِكَةُ.

(۲۶۲۰۲) حضرت اعمش رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا: جب کوئی آدمی سلام کا جواب دے تو اس کو چاہیے کہ وہ جمع کا صیغہ استعمال کرے اور یوں کہے وعلیکم، اس لیے کہ آدمی کے ساتھ فرشتے بھی ہوتے ہیں۔

(٢٦٢٠٣) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ ، وَابْنُ عَوْنٍ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، أَنَّهُ كَانَ إِذَا رَدَّ ، قَالَ :وَعَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللهِ.

(۲۶۲۰۳) حضرت اسماعیل رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت ابن عون رحمۃ اللہ علیہ یہ دونوں حضرات فرماتے ہیں کہ حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ جب سلام کا جواب دیتے تو یوں کہتے، وعلیکم ورحمۃ اللہ۔

(٢٦٢٠٤) حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ مُعَاذٍ ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ ، قَالَ :كَانَ مُحَمَّدٌ إِذَا رَدَّ ، قَالَ :وَعَلَيْكُمْ.

(۲۶۲۰۴) حضرت ابن عون رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ امام محمد رحمۃ اللہ علیہ جب سلام کا جواب دیتے تو یوں کہتے: وعلیکم۔

(٥٥) فِي الرَّجلِ يبلِّغ الرَّجل السَّلام ما يقول له

اس آدمی کا بیان جو کسی دوسرے آدمی کو سلام پہنچائے تو اس کو یوں کہا جائے

(٢٦٢٠٥) حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنْ غَالِبٍ ، قَالَ :إِنَّا لَجُلُوسٌ بِبَابِ الْحَسَنِ إِذْ جَاءَهُ رَجُلٌ ، فَقَالَ :حَدَّثَنِي أَبِي ، عَنْ جَدِّي ، قَالَ :بَعَثَنِي أَبِي إِلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ :ائْتِهِ فَأَقْرِئْهُ السَّلاَمَ ، فَأَتَيْتُه فَقُلْت :إِنَّ أَبِي يُقْرِئُك السَّلاَمَ ، فَقَالَ :وَعَلَيْك وَعَلَى أَبِيك السَّلاَمُ. (ابو داؤد ٥١٨٩۔ احمد ٥/ ٣٦٦)

(۲۶۲۰۵) حضرت غالب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ہم لوگ حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ کے دروازے پر بیٹھے ہوئے تھے کہ ایک آدمی آیا اور کہنے لگا: میرے والد نے میرے دادا سے نقل کیا ہے کہ انہوں نے فرمایا: کہ میرے والد نے مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بھیجا اور کہا: کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جاؤ اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو میرا اسلام کہنا، پس میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا میں نے کہا کہ میرے والد آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو سلام کہہ رہے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: علیک وعلی ابیک السلام۔ تجھ پر اور تیرے والد پر سلام ہو۔

(٢٦٢٠٦) حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ ، عَنْ أَشْعَثَ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي الْمُجَالِدِ ، عَنِ ابْنِ أَبِي أَوْفَى ، قَالَ :قُلْتُ لَهُ : إِنَّ بَنِي أَخِيك يُقْرِئُونَك السَّلاَمَ ، ثُمَّ أَهْلَ الْمَسْجِدِ ، قَالَ :وَعَلَيْك وَعَلَيْهِمْ.

(۲۶۲۰۶) حضرت محمد بن ابو المخالد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن ابی اوفی سے عرض کیا: آپ رحمۃ اللہ علیہ کے بھتیجوں نے آپ رضی اللہ عنہ کو سلام کہا ہے پھر مسجد والوں نے بھی۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے جواب دیا۔ وَعَلَيْك وَعَلَيْهِمْ.

(٢٦٢٠٧) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، عَنِ الأَسْوَدِ ، قَالَ :قَالَ لِي عَبْدُ اللهِ : إِذَا لَقِيت عُمَرَ ، أَوْ كَلِمَةٌ نَحْوُهَا ، فَأَقْرِئْهُ السَّلاَمَ ، قَالَ : فَلَقِيته فَأَقْرَأْته فَقَالَ :عَلَيْهِ ، أَوْ وَعَلَيْهِ السَّلاَمُ وَرَحْمَةُ اللهِ.

(۲۶۲۰۷) حضرت اسود رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے مجھ سے ارشاد فرمایا: جب تم حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے ملو تو ان کو سلام کہنا۔ راوی کہتے ہیں کہ جب میں آپ رضی اللہ عنہ سے ملا تو میں نے ان کو سلام کہا۔ آپ رضی اللہ عنہ نے یوں جواب دیا۔ وعلیہ یا یوں جواب دیا، وعلیہ السلام ورحمۃ اللہ۔

(۲۶۲۰۸) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ زَكَرِيَّا ، عَنِ الشَّعْبِيِّ ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ ، أَنَّ عَائِشَةَ حَدَّثَتْهُ ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ لَهَا :إِنَّ جِبْرِيلَ يَقْرَأُ عَلَيْكِ السَّلاَمَ ، فَقَالَتْ :وَعَلَيْهِ السَّلاَمُ وَرَحْمَةُ اللهِ.

(بخاری ۶۲۵۳۔ ترمذی ۲۶۹۳)

(۲۶۲۰۸) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: بے شک جبرائیل علیہ السلام تمہیں سلام کہہ رہے ہیں۔ آپ رضی اللہ عنہا نے یوں جواب دیا وعلیہ السلام ورحمۃ اللہ۔

(۲۶۲۰۹) حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ مُعَاذٍ وَأَبُو أُسَامَةَ ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ ، قَالَ :كَانَ مُحَمَّدٌ إِذَا قِيلَ لَهُ إِنَّ فُلاَنًا يُقْرِئُكَ السَّلاَمَ ، قَالَ :وَعَلَيْكَ وَعَلَيْهِ السَّلاَمُ.

(۲۶۲۰۹) حضرت ابن عون رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ جب امام رحمہ اللہ سے کہا جاتا کہ فلاں شخص نے آپ رحمہ اللہ کو سلام کہا ہے تو آپ رحمہ اللہ یوں جواب دیتے، وعلیک وعلیہ السلام۔

(٥٦) مَنْ كَانَ يكره إذا سلّم أن يقول السّلام عليك ، حتّى يقول عليكم

جو شخص مکروہ سمجھے سلام کے جواب میں السلام علیک کہنے کو، یہاں تک کہ علیکم کہا جائے

(۲۶۲۱۰) حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنِ الجلدِ بْنِ أَيُّوبَ ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ :أَوْصَانِي أَبِي ، قَالَ :إِذَا لَقِيتَ رَجُلاً فَلاَ تَقُلْ :السَّلاَمُ عَلَيْكَ ، قُلْ :السَّلاَمُ عَلَيْكُمْ.

(۲۶۲۱۰) حضرت معاویہ بن قرہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میرے والد نے مجھے وصیت فرمائی کہ جب تم کسی آدمی سے ملاقات کرو تو اسے السلام علیک مت کہو، یوں کہو السلام علیکم۔

(۲۶۲۱۱) حَدَّثَنَا كَثِيرُ بْنُ هِشَامٍ ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ بُرْقَانَ ، عَنْ زِيَادِ بْنِ بَيَانٍ ، عَنْ مَيْمُونِ بْنِ مِهْرَانَ ، أَنَّ رَجُلاً سَلَّمَ عَلَى أَبِي بَكْرٍ فَقَالَ :السَّلاَمُ عَلَيْكَ يَا خَلِيفَةَ رَسُولِ اللهِ ، فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ :مِنْ بَيْنِ هَؤُلاَءِ أَجْمَعِينَ.

(۲۶۲۱۱) حضرت میمون بن مہران رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو یوں سلام کیا۔ اے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خلیفہ! السلام علیک۔ اس پر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ان سب کے درمیان صرف مجھے؟!

(۲۶۲۱۲) حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِالرَّحْمَنِ الرُّؤَاسِيُّ ، عَنْ حَسَنِ بْنِ صَالِحٍ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْتَشِرِ ، عَنْ خَالِدِ بْنِ أَبِي الصَّلْتِ ، قَالَ :دَخَلَ ابْنُ سِيرِينَ عَلَى ابْنِ هُبَيْرَةَ فَقَالَ :السَّلاَمُ عَلَيْكُمْ ، فَقَالَ :ابْنُ هُبَيْرَةَ :مَا

هَذَا السَّلاَمُ؟ فَقَالَ :هَكَذَا كَانَ يُسَلَّمُ عَلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. (ترمذی ۲۶۸۹۔ ابو داؤد ۵۱۵۳)

(۲۶۲۱۲) حضرت خالد بن ابی الصلت رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن سیرین رحمہ اللہ حضرت ابن ھبیرہ رحمہ اللہ کے پاس تشریف لائے اور کہا: السلام علیکم، اس پر حضرت ابن ھبیرہ رحمہ اللہ نے فرمایا: یہ سلام کا کون سا طریقہ ہے؟ آپ رحمہ اللہ نے فرمایا: اسی طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو سلام کیا جاتا تھا۔

(٢٦٢١٣) حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُبَيْدَةَ ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ أَبِي أَنَسٍ ، عَنْ مَالِكِ بْنِ أَوْسِ بْنِ الْحَدَثَانِ ، قَالَ :قَدِمَ أَبُو ذَرٍّ مِنَ الشَّامِ فَدَخَلَ الْمَسْجِدَ وَفِيهِ عُثْمَانُ ، فَقَالَ :السَّلاَمُ عَلَيْكُمْ.

(۲۶۲۱۳) حضرت مالک بن اوس بن حدثان رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ شام سے تشریف لائے تو مسجد میں داخل ہوئے، مسجد میں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ موجود تھے۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: السلام علیکم۔

(٢٦٢١٤) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ ، قَالَ :حَدَّثَنَا حَسَن ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ، قَالَ :جَاءَ عمر إِلَى بَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ :السَّلاَمُ عَلَى رَسُولِ اللهِ ، السَّلاَمُ عَلَيْكُمْ.

(بخاری ۱۰۸۵۔ احمد ۱/ ۳۲۵)

(۲۶۲۱۴) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے دروازے پر تشریف لائے اور فرمایا: رسول اللہ پر سلام ہو، السلام علیکم۔

(٢٦٢١٥) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ ، عَنْ حَسَنٍ ، عَنْ مُجَالِدٍ ، قَالَ : كَانَ يُسَلَّمُ عَلَى عُمَرَ السَّلاَمُ عَلَيْكَ يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ ، السَّلاَمُ عَلَيْكُمْ يَعْنِي عَلَى مَنْ عِنْدَهُ.

(۲۶۲۱۵) حضرت حسن رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت مجالد رحمہ اللہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو یوں سلام کرتے تھے۔ اے امیر المؤمنین! السلام علیک، السلام علیکم، یعنی ان لوگوں پر بھی جو آپ رضی اللہ عنہ کے پاس ہیں۔

(٢٦٢١٦) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي عَدِيٍّ ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ ، قَالَ : كَانَ مُحَمَّدٌ يَكْرَهُ أَنْ يَقُولَ السَّلاَمُ عَلَيْكَ حَتَّى يَقُولَ السَّلاَمُ عَلَيْكُمْ.

(۲۶۲۱۶) حضرت ابن عون رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ امام محمد رحمہ اللہ یوں کہنے کو مکروہ سمجھتے تھے: السلام علیک، یہاں تک کہ یوں کہا جائے۔ السلام علیکم۔

(٢٦٢١٧) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، قَالَ :إِذَا سَلَّمَ الرَّجُلُ عَلَى الرَّجُلِ ، وَإِنْ كَانَ وَحْدَهُ فَلْيَقُلِ السَّلاَمُ عَلَيْكُمْ - يَعْنِي مَعَهُ الْمَلاَئِكَةُ.

(۲۶۲۱۷) حضرت اعمش رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابراہیم رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: جب کوئی آدمی کسی آدمی کو سلام کرے اگرچہ وہ اکیلا بھی ہو تو اس کو یوں کہے: السلام علیکم، کیونکہ اس کے ساتھ ملائکہ بھی ہوتے ہیں۔

(٢٦٢١٨) أَبُو أُسَامَةَ، عَنْ عَبْدِ الْمُؤْمِنِ، قَالَ: سَلَّمْت عَلَى رَجُلٍ يَمْشِي مَعَ مُسْلِمِ بْنِ يَسَارٍ فَقُلْت: السَّلاَمُ عَلَيْك، فَقَالَ لِي مُسْلِمٌ: مَهْ، فَقُلْت: إنِّي عَرَفْته، فَقَالَ: وَإِنْ إذَا سَلَّمْت فَقُلْ: السَّلاَمُ عَلَيْكُمْ، فَإِنَّ مَعَهُ حَفَظَةً.

(۲۶۲۱۸) حضرت عبدالمومن رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے ایک آدمی کو سلام کیا جو حضرت مسلم بن یسار رحمہ اللہ کے ساتھ چل رہا تھا۔ میں نے یوں کہا: السلام علیک، اس پر حضرت مسلم نے مجھ سے فرمایا: رک جاؤ۔ میں نے کہا: میں اس کو جانتا ہوں۔ آپ رحمہ اللہ نے فرمایا: اگرچہ پہچانتے ہو۔ جب تم سلام کرو تو یوں کہا کرو: السلام علیکم، اس لیے کہ اس شخص کے ساتھ نگران فرشتے بھی ہوتے ہیں۔

(٥٧) فِي الرَّجُلِ يقول أقرِء فلانًا السَّلام

اس آدمی کا بیان جو یوں کہے: کہ فلاں آدمی کو سلام کہہ دینا

(٢٦٢١٩) حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ الأَحْمَرُ، عَنْ أَبِي غِفَارٍ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إلَى سَلْمَانَ، فَقَالَ: إنَّ فُلاَنًا يُقْرِئُك السَّلاَمَ، فَقَالَ: مُذْ كَمْ؟ فَذَكَرَ أَيَّامًا فَقَالَ: أَمَا لَوْ لَمْ تَفْعَلْ لَكَانَتْ أَمَانَةً تُؤَدِّيهَا.

(۲۶۲۱۹) حضرت ابوعثمان رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضرت سلمان رحمہ اللہ کے پاس آیا اور کہنے لگا: بے شک فلاں آدمی نے آپ کو سلام کیا ہے۔ آپ رضی اللہ عنہ نے پوچھا: کتنے دن پہلے؟ اس نے دن ذکر کیے آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر تم ایسا نہ کرتے تو یہ امانت تھی جس کا ادا کرنا تمہارے لیے ضروری تھا۔

(٢٦٢٢٠) حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ حَسَنٍ، عَنْ عَبْدِ الأَعْلَى، عَنِ ابْنِ الْحَنَفِيَّةِ؛ فِي الرَّجُلِ يَقُولُ: أَقْرِءْ فُلاَنًا السَّلاَمَ، قَالُوا: هِيَ أَمَانَةٌ إلاَّ أَنْ يَنْسَى.

(۲۶۲۲۰) حضرت عبدالاعلیٰ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن حنفیہ رحمہ اللہ نے ایک آدمی کے بارے میں کہا کہ فلاں کو سلام کہہ دینا اور فرمایا: یہ امانت ہے مگر یہ کہ وہ شخص بھول جائے۔

(٢٦٢٢١) حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ عَاصِمٍ، قَالَ: قُلْتُ لأَبِي مِجْلَزٍ: قَوْلُ الرَّجُلِ لِلرَّجُلِ: أَقْرِءْ فُلاَنًا السَّلاَمَ، وَلاَ حَرَجَ، قَالَ: هِيَ أَمَانَةٌ، وَإِذَا قَالَ: أُبَلِّغُ عَنْك، كَانَ فِي سَعَةٍ.

(۲۶۲۲۱) حضرت عاصم رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابومجلز رحمہ اللہ سے پوچھا کہ ایک آدمی کا دوسرے آدمی کو یوں کہنا: کہ فلاں کو سلام کہہ دینا اور کوئی حرج نہیں۔ آپ رحمہ اللہ نے فرمایا: یہ امانت ہوگی اور جب یوں کہے۔ میں تمہاری طرف سے سلام پہنچا دوں؟ آپ رحمہ اللہ نے فرمایا: اس میں گنجائش ہوگی۔

(٥٨) مَنْ كَانَ يكره أن يقول عليك السَّلام

جو شخص علیک السلام کہنے کو مکروہ سمجھے

(٢٦٢٢٢) حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ الأَحْمَرُ، عَنْ أَبِي غِفَارٍ، عَنْ أَبِي تَمِيمَةَ الْهُجَيْمِيِّ، عَنْ أَبِي جُرَيٍّ الْهُجَيْمِيِّ، قَالَ:

أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْت :عَلَيْك السَّلَامُ يَا رَسُولَ اللهِ ، قَالَ :لَا تَقُلْ :عَلَيْك السَّلَامُ ، فَإِنَّ عَلَيْك السَّلَامُ تَحِيَّةُ الْمَوْتَى.

(۲۶۲۲۲) حضرت ابو جری الجہمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور میں نے یوں کہا: علیک السلام، یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: علیک السلام، مت کہو۔ اس لیے کہ علیک السلام تو مردوں کا سلام ہے۔

(٢٦٢٢٣) حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ سَعِيدٍ ، عَنْ قَتَادَةَ ، أَنَّ رَجُلاً سَلَّمَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ :عَلَيْك السَّلَامُ يَا نبى اللهِ ، فَكَرِهَ ذَلِكَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ :تِيكَ تَحِيَّةُ الْمَوْتَى.

(۲۶۲۲۳) حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر یوں سلام کیا: علیک السلام یا نبی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو ناپسند کیا اور ارشاد فرمایا: یہ تو مردوں کا سلام ہے۔

(٢٦٢٢٤) حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ ، عَنْ حَسَنٍ ، عَنْ لَيْثٍ ، عَنْ طَاوُوسٍ ، أَنَّهُ كَرِهَ أَنْ يَقُولَ :عَلَيْكُمُ السَّلَامُ ، إِنَّمَا قَالَ : ﴿وَسَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِينَ﴾.

(۲۶۲۲۴) حضرت لیث رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت طاؤس رضی اللہ عنہ یوں سلام کرنے کو مکروہ سمجھتے تھے۔ علیکم السلام، فرماتے: بے شک یوں کہے، سلام علی المرسلین۔

(٥٩) الرّجل يسلّم على الرّجلِ كلّما لقِيه

اس آدمی کا بیان جو دوسرے آدمی سے جب بھی ملتا ہے تو سلام کرتا ہے

(٢٦٢٢٥) حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ الأَحْمَرُ ، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ ، عَنْ نَافِعٍ ، قَالَ :كُنْتُ أَسِيرُ مَعَ عَبْدِ اللهِ بْنِ أَبِى زَكَرِيَّا فِى أَرْضِ الرُّومِ ، فَبَالَتْ دَابَّتِى ، فَقَامَتْ فَبَالَتْ ، فَلَحِقْتُهُ فَقَالَ :أَلَا سَلَّمْتَ ؟ فَقُلْت :إِنَّمَا فَارَقْتُك الآنَ ، قَالَ : وَإِنْ فَارَقْتَنِى ، كَانَ أَصْحَابُ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَسَايَرُونَ فَتَفْرُقُ بَيْنَهُمُ الشَّجَرَةُ فَيَلْتَقُونَ فَيُسَلِّمُ بَعْضُهُمْ عَلَى بَعْضٍ.

(۲۶۲۲۵) حضرت نافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت عبداللہ بن ابی زکریا کے ساتھ روم کے علاقہ میں سفر کر رہا تھا کہ میری سواری کے جانور کو پیشاب آیا تو اس جانور نے کھڑے ہو کر پیشاب کیا، پھر میں دوبارہ آپ رضی اللہ عنہ کے ساتھ جا ملا۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم نے سلام کیوں نہیں کیا؟ میں نے عرض کیا: میں ابھی تو آپ رضی اللہ عنہ سے جدا ہوا تھا۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر چہ ابھی تم مجھ سے جدا ہوئے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ سفر کر رہے ہوتے تھے کہ ان کے درمیان درخت جدائی کر دیتے تھے جب وہ دوبارہ اکٹھے ہوتے تو ان میں سے بعض بعض کو سلام کرتے تھے۔

(٢٦٢٢٦) حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ الأَحْمَرُ ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ الأَسْوَدِ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ، قَالَ : كَانَ الرَّجُلاَنِ مِنْ أَصْحَابِ

النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَسَايَرَانِ فَتَفَرُّقُ بَيْنَهُمَا الشَّجَرَةُ فَيَلْتَقِيَانِ فَيُسَلِّمُ أَحَدُهُمَا عَلَى الآخَرِ.

(۲۶۲۲۶) حضرت مجاہد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ رضی اللہ عنہم میں سے دو آدمی اکٹھے سفر کر رہے تھے کہ ان کے درمیان کوئی درخت تفریق کر دیتا پھر جب وہ دوبارہ ملتے تو ان میں سے ایک دوسرے پر سلام کرتا تھا۔

(٢٦٢٢٧) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ ، عَنْ أَبِي الْبَخْتَرِيِّ ، وَسَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ أَنَّهُمَا كَانَا يَشْكِيَانِ بُطُونَهُمَا فَيَجِيئَانِ فَيُسَلِّمَانِ.

(۲۶۲۲۷) حضرت عمرو بن مرہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوالبختری رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت سعید بن جبیر رحمۃ اللہ علیہ، دونوں کو پیٹ کی تکلیف ہو رہی تھی، یہ دونوں واپس آتے، اور دوبارہ ایک دوسرے کو سلام کرتے۔

(٢٦٢٢٨) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ : كَانَ لاَ يُفَارِقُنِي إِلاَّ عَلَى سَلاَمٍ ، أَجِيءُ ، ثُمَّ أَذْهَبُ فَيُسَلِّمُ عَلَيَّ ، ثُمَّ أَجِيءُ ، ثُمَّ أَذْهَبُ فَيُسَلِّمُ عَلَيَّ.

(۲۶۲۲۸) حضرت اعمش رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ مجھ سے جدا نہیں ہوتے مگر سلام کر کے، میں آتا پھر میں جاتا تو وہ مجھے سلام کرتے، پھر میں آتا پھر میں جاتا تو وہ مجھے سلام کرتے۔

(٢٦٢٢٩) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، عَنِ الْعَوَّامِ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ ، قَالَ : إِنْ كَانَ الرَّجُلُ مِنْهُمْ لَيُفَارِقُ صَاحِبَهُ ، مَا يَحُولُ بَيْنَهُ إِلاَّ شَجَرَةٌ ، ثُمَّ يَلْقَاهُ فَيُسَلِّمُ عَلَيْهِ.

(۲۶۲۲۹) حضرت عوام رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابراہیم تیمی رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا: اگر مسلمانوں کا ایک آدمی اپنے ساتھی سے جدا ہو جائے اور ان دونوں کے درمیان ایک درخت حائل ہو اور پھر وہ دوبارہ ملیں تو یہ اپنے ساتھی کو سلام کرے۔

(٦٠) فِي المصافحةِ عِند السّلامِ ، من رخّص فِيها

جن لوگوں نے سلام کے وقت مصافحہ کرنے کی رخصت دی ہے

(٢٦٢٣٠) حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ سِمَاكٍ ، قَالَ : تَذَاكَرُوا الْمُصَافَحَةَ فَقَالَ النُّعْمَانُ بْنُ حُمَيْدٍ : دَخَلْتُ عَلَى سَلْمَانَ مَعَ خَالِي عَبَّادِ بْنِ شُرَحْبِيلَ ، فَلَمَّا رَآهُ صَافَحَهُ سَلْمَانُ.

(۲۶۲۳۰) حضرت سماک رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ لوگوں کے درمیان مصافحہ پر بات چیت ہو رہی تھی کہ حضرت نعمان بن حمید رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: کہ میں اپنے ماموں حضرت عباد بن شرحبیل کے ساتھ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ پر داخل ہوا جب آپ نے ان کو دیکھا تو حضرت سلمان رضی اللہ عنہ نے ان سے مصافحہ کیا۔

(٢٦٢٣١) حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ الأَحْمَرُ ، وَابْنُ نُمَيْرٍ ، عَنِ الأَجْلَحِ ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ ، عَنِ الْبَرَاءِ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَا مِنْ مُسْلِمَيْنِ يَلْتَقِيَانِ فَيَتَصَافَحَانِ إِلاَّ غُفِرَ لَهُمَا قَبْلَ أَنْ يَتَفَرَّقَا.

(ابو داؤد ۵۱۷۰۔ ابن ماجه ۳۷۰۳)

(۲۶۲۳۱) حضرت براء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: دو مسلمان آپس میں ملاقات نہیں کرتے، پھر وہ مصافحہ کرتے ہیں، مگر یہ کہ ان دونوں کے جدا ہونے سے پہلے ان کی مغفرت کر دی جاتی ہے۔

(٢٦٢٣٢) حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ الأَحْمَرُ ، عَنْ حَنْظَلَةَ السَّدُوسِيِّ ، عَنْ أَنَسٍ ، قَالَ : قُلْنَا : يَا رَسُولَ اللهِ ، أَيُصَافِحُ بَعْضُنَا بَعْضًا ؟ قَالَ : نَعَمْ. (ترمذی ۲۷۲۸۔ احمد ۳/ ۱۹۸)

(۲۶۲۳۲) حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم لوگوں نے عرض کیا۔ اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! کیا ہم میں سے بعض بعض سے مصافحہ کر لیا کریں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہاں۔

(٢٦٢٣٣) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ قَتَادَةَ ، عَنْ أَنَسٍ ، أَنَّ أَصْحَابَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : كَانَ يُصَافِحُ بَعْضُهُمْ بَعْضًا. (بخاری ۶۲۶۳۔ ترمذی ۲۷۲۹)

(۲۶۲۳۳) حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ ایک دوسرے سے مصافحہ کرتے تھے۔

(٢٦٢٣٤) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ غَالِبٍ ، قَالَ : قُلْتُ لِلشَّعْبِيِّ : إِنَّ ابْنَ سِيرِينَ كَانَ يَكْرَهُ الْمُصَافَحَةَ ، قَالَ : فَقَالَ الشَّعْبِيُّ : كَانَ أَصْحَابُ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَصَافَحُونَ ، وَإِذَا قَدِمَ أَحَدُهُمْ مِنْ سَفَرٍ عَانَقَ صَاحِبَهُ.

(۲۶۲۳۴) حضرت غالب رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے امام شعبی رحمہ اللہ کے سامنے ذکر کیا کہ حضرت ابن سیرین رحمہ اللہ مصافحہ کرنے کو مکروہ سمجھتے ہیں۔ اس پر امام شعبی رحمہ اللہ نے فرمایا: کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ ایک دوسرے سے مصافحہ کیا کرتے تھے اور جب ان میں سے کوئی سفر سے واپس آتا تو وہ اپنے ساتھی سے گلے ملتا تھا۔

(٢٦٢٣٥) حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ مُعَاذٍ ، قَالَ : سَأَلْتُ ابْنَ عَوْنٍ ، عَنِ الْمُصَافَحَةِ ، قَالَ : كَانَ مُحَمَّدٌ لاَ يَفْعَلُهُ بِنَا ، وَلاَ نَفْعَلُهُ بِهِ ، وَكَانَ إِذَا مَدَّ رَجُلٌ يَدَهُ ، لَمْ يَمْنَعْ يَدَهُ مِنْ أَحَدٍ.

(۲۶۲۳۵) حضرت معاذ بن معاذ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عون رحمہ اللہ سے مصافحہ کے متعلق پوچھا؟ آپ رحمہ اللہ نے فرمایا: امام محمد رحمہ اللہ ہمارے ساتھ نہیں کرتے تھے اور نہ ہم ان سے کرتے تھے اور جب کوئی آدمی اپنا ہاتھ بڑھا دیتا تو وہ کسی سے اپنا ہاتھ روکتے بھی نہیں تھے۔

(٢٦٢٣٦) حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ ، عَنْ لَيْثٍ ، عَنِ ابْنِ الأَسْوَدِ ، قَالَ : إِنَّ مِنْ تَمَامِ التَّحِيَّةِ الْمُصَافَحَةَ.

(۲۶۲۳۶) حضرت لیث رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن الاسود رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: بے شک مصافحہ کرنا سلام کو مکمل کرتا ہے۔

(٢٦٢٣٧) حَدَّثَنَا شَرِيكٌ ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ ، عَنِ الأَسْوَدِ ، قَالَ : إِنَّ مِنْ تَمَامِ التَّحِيَّةِ الْمُصَافَحَةَ.

(۲۶۲۳۷) حضرت ابو اسحاق رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت اسود رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: بے شک مصافحہ کرنا سلام کو مکمل کرنا ہے۔

(٢٦٢٣٨) حَدَّثَنَا ابْنُ مُبَارَكٍ ، عَنْ يَحْيَى بن أَيُّوبَ ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ زَحْرٍ ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ ، عَنِ الْقَاسِمِ ، عَنْ

أَبِي أُمَامَةَ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :تَمَامُ تَحِيَّتِكُمُ الْمُصَافَحَةُ. (ترمذی ۲۷۳۱)

(۲۶۲۳۸) حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تمہارا مکمل سلام مصافحہ ہے۔

(٦١) فِي مصافحةِ المشرك

مشرک سے مصافحہ کرنے کا بیان

(٢٦٢٣٩) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ أَبِي عَبْدِ اللهِ الْعَسْقَلاَنِيِّ ، قَالَ :أَخْبَرَنِي مَنْ رَأَى ابْنَ مُحَيْرِيزٍ يُصَافِحُ نَصْرَانِيًّا فِي مَسْجِدِ دِمَشْقَ.

(۲۶۲۳۹) حضرت ابوعبداللہ العسقلانی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ مجھے اس شخص نے خبر دی جس نے حضرت ابن محیریز رحمہ اللہ کو دیکھا کہ آپ رحمہ اللہ نے دمشق کی مسجد میں ایک نصرانی سے ہاتھ ملایا۔

(٢٦٢٤٠) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي عَدِيٍّ ، عَنْ أَشْعَثَ ، عَنِ الْحَسَنِ ، أَنَّهُ كَانَ يَكْرَهُ أَنْ يُصَافِحَ الْمُسْلِمُ الْيَهُودِيَّ ، وَالنَّصْرَانِيَّ.

(۲۶۲۴۰) حضرت اشعث رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت حسن بصری رحمہ اللہ مسلمان کے کسی یہودی یا نصرانی سے ہاتھ ملانے کو مکروہ سمجھتے تھے۔

(٢٦٢٤١) حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ ، عَنْ أَشْعَثَ ، عَنِ الْحَسَنِ ، قَالَ :إِنَّمَا الْمُشْرِكُونَ نَجَسٌ فَلاَ تُصَافِحُوهُمْ ، فَمَنْ صَافَحَهُمْ فَلْيَتَوَضَّأْ.

(۲۶۲۴۱) حضرت اشعث رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت حسن رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: بے شک مشرکین تو نجس ہیں ان سے مصافحہ مت کرو، جس شخص نے ان سے مصافحہ کرلیا تو اس کو چاہیے کہ وہ وضو کرلے۔

(٢٦٢٤٢) حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ ، عَنْ عَطَاءٍ ، قَالَ :سَأَلْتُهُ عَنْ مُصَافَحَةِ الْمَجُوسِيِّ فَكَرِهَ ذَلِكَ.

(۲۶۲۴۲) حضرت عبدالملک رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عطاء رحمہ اللہ سے مجوسی سے مصافحہ کرنے کے متعلق سوال کیا؟ تو آپ رحمہ اللہ نے اس کو مکروہ سمجھا۔

(٦٢) فِي المعانقةِ عِندما يلتقِي الرّجلانِ

دو آدمیوں کا ملاقات کرتے وقت گلے ملنے کا بیان

(٢٦٢٤٣) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ ، عَنِ الأَجْلَحِ ، عَنِ الشَّعْبِيِّ ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَلَقَّى جَعْفَرَ بْنَ أَبِي طَالِبٍ فَالْتَزَمَهُ ، وَقَبَّلَ مَا بَيْنَ عَيْنَيْهِ. (ابوداؤد ۵۱۷۸۔ حاکم ۶۲۴)

(۲۶۲۴۳) امام شعبی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت جعفر رضی اللہ عنہ بن ابی طالب سے ملے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو چمٹا لیا اور ان کی دونوں آنکھوں کے درمیان آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بوسہ لیا۔

(٢٦٢٤٤) حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ ، عَنْ حَجَّاجِ بْنِ دِينَارٍ ، عَنْ عُتْبَةَ بن أَبِي عُثْمَانَ ، أَنَّ عُمَرَ اعْتَنَقَ حُذَيْفَةَ.

(۲۶۲۴۴) حضرت عتبہ بن ابی عثمان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے مصافحہ کیا۔

(٢٦٢٤٥) حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ ، عَنْ أَبِي بَلْجٍ ، قَالَ : رَأَيْتُ عَمْرَو بْنَ مَيْمُونٍ وَالأَسْوَدَ بْنَ هلال التُقَيَا وَاعْتَنَقَ كُلٌّ مِنْهُمَا صَاحِبَهُ.

(۲۶۲۴۵) حضرت ابو بلج رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عمرو بن میمون رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت اسود بن ھلال رحمۃ اللہ علیہ کو ملتے ہوئے دیکھا۔ ان دونوں نے آپس میں معانقہ فرمایا۔

(٢٦٢٤٦) حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ عَبَّادٍ ، قَالَ : رَأَيْتُ أَبَا مِجْلَزٍ وَخَالِدًا الأَثْبَجَ التُقَيَا ، فَاعْتَنَقَ كُلٌّ مِنْهُمَا صَاحِبَهُ.

(۲۶۲۴۶) حضرت عباد بن عباد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابو مجلز رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت خالد اثبج رحمۃ اللہ علیہ کو دیکھا کہ جب دونوں ملے تو انہوں نے ایک دوسرے سے معانقہ کیا۔

(٢٦٢٤٧) حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ ، عَنْ إِيَاسِ بْنِ دَغْفَلٍ ، قَالَ : رَأَيْتُ أَبَا نَضْرَةَ قَبَّلَ خَدَّ الْحَسَنِ.

(۲۶۲۴۷) حضرت ایاس بن دغفل رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابو نضرہ رحمۃ اللہ علیہ کو دیکھا آپ رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ کے رخسار کا بوسہ لیا۔

(٢٦٢٤٨) حَدَّثَنَا عَفَّانُ ، قَالَ : حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ ، قَالَ : أَخْبَرَنَا ثَابِتٌ ، عَنْ مُعَاذَةَ الْعَدَوِيَّةِ ، قَالَتْ : كَانَ أَصْحَابُ صِلَةِ بْنِ أَشْيَمَ إِذَا دَخَلُوا عَلَيْهِ يَلْتَزِمُ بَعْضُهُمْ بَعْضًا.

(۲۶۲۴۸) حضرت معاذۃ العدویہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتی ہیں کہ حضرت صلہ بن اشیم رحمۃ اللہ علیہ کے اصحاب جب آپ رحمۃ اللہ علیہ کے پاس آتے تھے تو ان میں سے بعض بعض سے گلے ملتے تھے۔

(٦٣) ما قالوا فِي الرّجلِ يسلّم عليهِ وهو يبول

جن لوگوں نے یوں کہا: اس شخص کے بارے میں جس کو پیشاب کرتے ہوئے سلام کیا گیا ہو

(٢٦٢٤٩) حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ ، قَالَ : حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ ، قَالَ : حَدَّثَنَا الْحَسَنُ ، عَنِ الْمُهَاجِرِ بْنِ قُنْفُذٍ ، أَنَّهُ سَلَّمَ عَلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَبُولُ فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيْهِ حَتَّى فَرَغَ.

(ابوداؤد ۱۸۔ ابن ماجہ ۳۵۰)

(۲۶۲۴۹) حضرت مہاجر بن قنفذ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو سلام کیا اس حال میں کہ آپ ﷺ پیشاب کر رہے تھے تو آپ ﷺ نے ان کو جواب نہیں دیا، یہاں تک کہ آپ ﷺ فارغ ہو گئے۔

(۲۶۲۵۰) حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ سَعْدٍ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ عُثْمَانَ ، عَنْ نَافِعٍ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ ، قَالَ :مَرَّ رَجُلٌ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَبُولُ ، فَسَلَّمَ عَلَيْهِ فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيْهِ. (مسلم ۱۱۵۔ ترمذی ۹۰)

(۲۶۲۵۰) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نبی کریم ﷺ کے پاس سے گزرا اس حال میں کہ آپ ﷺ پیشاب کر رہے تھے۔ اس نے آپ ﷺ کو سلام کیا تو آپ ﷺ نے اس کو سلام کا جواب نہیں دیا۔

(٦٤) ما قالوا فِي إفشاءِ السّلامِ

سلام پھیلانے کا بیان

(۲۶۲۵۱) حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ الأَلْهَانِيِّ ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ ، قَالَ :أَمَرَنَا نَبِيُّنَا صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ نُفْشِيَ السَّلاَمَ. (ابن ماجه ۳۶۹۳۔ طبرانی ۷۵۲۴)

(۲۶۲۵۱) حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہمارے نبی ﷺ نے ہمیں حکم دیا کہ ہم سلام کو پھیلائیں۔

(۲۶۲۵۲) حَدَّثَنَا أَبُو الأَحْوَص ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ الْحَارِثِ ، عَنْ عَلِيٍّ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :لِلْمُسْلِمِ عَلَى الْمُسْلِمِ يُسَلِّمُ عَلَيْهِ إِذَا لَقِيَهُ.

(۲۶۲۵۲) حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: مسلمان کا مسلمان پر حق ہے جب بھی اس سے ملے تو اس کو سلام کرے۔

(۲۶۲۵۳) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَمْرٍو ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :اعْبُدُوا الرَّحْمَان ، وَأَفْشُوا السَّلاَمَ. (بخاری ۹۸۱۔ ابن ماجه ۳۶۹۴)

(۲۶۲۵۳) حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم رحمٰن کی عبادت کرو اور سلام کو پھیلاؤ۔

(۲۶۲۵۴) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ عَوْفٍ ، عَنْ زُرَارَةَ بْنِ أَوْفَى ، قَالَ :حَدَّثَنِي عَبْدُ اللهِ بْنُ سَلاَمٍ ، قَالَ :لَمَّا قَدِمَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِينَةَ انْجَفَلَ النَّاسُ قِبَلَهُ ، وَقِيلَ :قَدِمَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجِئْت فِي النَّاسِ لأَنْظُرَ ، فَلَمَّا تَبَيَّنْت وَجْهَهُ ، عَرَفْت أَنَّ وَجْهَهُ لَيْسَ بِوَجْهِ كَذَّابٍ ، فَكَانَ أَوَّلَ شَيْءٍ سَمِعْته يَتَكَلَّمُ بِهِ أَنْ قَالَ :يَا أَيُّهَا النَّاسُ ، أَفْشُوا السَّلاَمَ.

(۲۶۲۵۴) حضرت عبداللہ بن سلام فرماتے ہیں کہ جب رسول اللہ ﷺ مدینہ تشریف لائے تو لوگ جلدی سے آپ ﷺ کی خدمت میں آ گئے اور کہا جا رہا تھا کہ رسول اللہ ﷺ آ گئے۔ آپ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں بھی لوگوں کے ساتھ آیا تا کہ میں

آپ ﷺ کو دیکھوں۔ جب میں نے آپ ﷺ کا چمکتا ہوا چہرہ دیکھا تو میں نے پہچان لیا کہ بے شک یہ چہرہ کسی جھوٹے کا چہرہ نہیں ہے اور سب سے پہلی بات جو میں نے آپ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنی وہ یہ تھی کہ آپ ﷺ نے فرمایا: اے لوگو! سلام کو پھیلاؤ۔

(٢٦٢٥٥) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ ، عَنِ الشَّيْبَانِيِّ ، عَنْ أَشْعَثَ بْنِ أَبِي الشَّعْثَاءِ الْمُحَارِبِيِّ ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ سُوَيْدٍ ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ ، قَالَ : أَمَرَنَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِإِفْشَاءِ السَّلاَمِ.

(۲۶۲۵۵) حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ہمیں سلام کو پھیلانے کا حکم دیا۔

(٢٦٢٥٦) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، وَابْنُ نُمَيْرٍ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ ، لاَ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ حَتَّى تُؤْمِنُوا ، وَلاَ تُؤْمِنُوا حَتَّى تَحَابُّوا ، أَلاَ أَدُلُّكُمْ عَلَى أَمْرٍ إِذَا فَعَلْتُمُوهُ تَحَابَبْتُمْ ؟ أَفْشُوا السَّلاَمَ . (مسلم ٩٣۔ ترمذی ٢٦٨٨)

(۲۶۲۵۶) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے کہ تم لوگ جنت میں داخل نہ ہو گے، یہاں تک کہ تم ایمان لے آؤ اور تم ایمان نہیں لاؤ گے، یہاں تک کہ تم آپس میں محبت کرنے لگو، کیا میں تمہاری ایک معاملہ پر راہنمائی نہ کروں کہ جب تم یہ کام کرو گے تو تم آپس میں محبت کرنے لگو گے؟ تم سلام کرنے کو رواج دو۔

(٢٦٢٥٧) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ إِسْحَاقَ ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ سَعْدٍ ، عَنْ عَلِيٍّ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : إِنَّ فِي الْجَنَّةِ غُرَفًا تُرَى ظُهُورُهَا مِنْ بُطُونِهَا ، وَبُطُونُهَا مِنْ ظُهُورِهَا ، فَقَامَ أَعْرَابِيٌّ فَقَالَ : لِمَنْ هِيَ يَا رَسُولَ اللهِ ؟ قَالَ : هِيَ لِمَنْ قَالَ طَيِّبَ الْكَلاَمَ ، وَأَطْعَمَ الطَّعَامَ ، وَأَفْشَى السَّلاَمَ ، وَصَلَّى بِاللَّيْلِ وَالنَّاسُ نِيَامٌ. (ترمذی ١٢٣۔ ابو یعلی ٤٣٤)

(۲۶۲۵۷) حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: بے شک جنت میں بالا خانے ہیں جن کا ظاہر ان کے باطن سے دکھائی دیتا ہے اور ان کا باطن ان کے ظاہر سے دکھائی دیتا ہے۔ اس پر ایک دیہاتی کھڑا ہو کر کہنے لگا، اے اللہ کے رسول ﷺ! یہ بالا خانے کسی کے لیے ہوں گے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: یہ اس شخص کے لیے ہوں گے جو پاکیزہ کلام کرے اور کھانا کھلائے، اور سلام کو پھیلائے، اور رات کے وقت نماز پڑھے جب لوگ سو رہے ہوں۔

(٢٦٢٥٨) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، قَالَ : حَدَّثَنَا شَيْبَانُ ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ ، عَنْ يَعِيشَ بن الْوَلِيدِ ، عَنْ مَوْلًى لِلزُّبَيْرِ ، عَنِ الزُّبَيْرِ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : أَلاَ أُنَبِّئُكُمْ بِأَمْرٍ إِذَا فَعَلْتُمُوهُ تَحَابَبْتُمْ ؟ أَفْشُوا السَّلاَمَ بَيْنَكُمْ. (احمد ١٦٤۔ بیہقی ٢٣٢)

(۲۶۲۵۸) حضرت زبیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: کیا میں تمہیں کسی معاملہ پر خبردار نہ کروں کہ جب تم

وہ کام کرو گے تو آپس میں محبت کرنے لگو گے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: تم اپنے درمیان سلام کو رواج دو۔

(٢٦٢٥٩) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ ، قَالَ :إِنَّ السَّلاَمَ اسْمٌ مِنْ أَسْمَاءِ اللهِ فَأَفْشُوهُ.

(۲۶۲۵۹) حضرت زید بن وھب رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: یقیناً سلام اللہ کے ناموں میں سے ایک نام ہے تو اس کو پھیلاؤ۔

(٢٦٢٦٠) حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنِ الْمِنْهَالِ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ ، قَالَ :إِنْ كُنْت لأَخْرُجُ إِلَى السُّوقِ وَمَا لِي حَاجَةٌ إِلاَّ أَنْ أُسَلِّمَ وَيُسَلَّمَ عَلَيَّ.

(۲۶۲۶۰) حضرت مجاہد رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: میں اس بازار کی طرف جاتا تھا حالانکہ میری کوئی ضرورت نہیں ہوتی تھی، مگر صرف اس وجہ سے کہ میں سلام کروں اور مجھے سلام کا جواب دیا جائے۔

(٢٦٢٦١) حَدَّثَنَا حَفْصٌ ، عَنْ عَاصِمٍ ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، قَالَ :إِنَّ أَبْخَلَ النَّاسِ الَّذِي يَبْخَلُ بِالسَّلاَمِ.

(۲۶۲۶۱) حضرت ابوعثمان رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: بے شک لوگوں میں بخیل ترین وہ شخص ہے جو سلام کرنے میں بخل کرے۔

(٦٥) فِي أَهْلِ الذِّمَّةِ يبدؤون بِالسَّلاَمِ

ان ذمیوں کا بیان جو سلام میں پہل کریں

(٢٦٢٦٢) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ عَمَّارٍ الدُّهْنِيِّ ، عَنْ رَجُلٍ ، عَنْ كُرَيْبٍ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ، أَنَّهُ كَتَبَ إِلَى رَجُلٍ مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ :السَّلاَمُ عَلَيْك.

(۲۶۲۶۲) حضرت کریب رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے اہل کتاب میں سے ایک آدمی کو خط لکھا: تو اس میں اس کو سلام لکھا: السلام علیک۔

(٢٦٢٦٣) حَدَّثَنَا جَرِيرٌ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، قَالَ :إِذَا كَتَبْت إِلَى الْيَهُودِيِّ وَالنَّصْرَانِيِّ فِي الْحَاجَةِ فَابْدَأْهُ بِالسَّلاَمِ ، وَقَالَ مُجَاهِدٌ :اكْتُبِ السَّلاَمُ عَلَى مَنِ اتَّبَعَ الْهُدَى.

(۲۶۲۶۳) حضرت منصور رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابراہیم رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: جب تم میں سے کوئی کسی یہودی اور نصرانی کو کسی ضرورت کے بارے میں خط لکھے تو اس کو چاہیے کہ یہ سلام میں پہل کرے اور حضرت مجاہد رحمہ اللہ نے فرمایا: یوں سلام لکھیں، والسَّلاَمُ عَلَى مَنِ اتَّبَعَ الْهُدَى.

(٢٦٢٦٤) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، قَالَ :أَخْبَرَنَا الْمَسْعُودِيُّ ، عَنْ عَوْنِ بْنِ عَبْدِ اللهِ ، قَالَ :سَأَلَ مُحَمَّدُ بْنُ كَعْبٍ

عُمَرَ بْنَ عَبْدِ الْعَزِيزِ عَنِ ابْتِدَاءِ أَهْلِ الذِّمَّةِ بِالسَّلاَمِ فَقَالَ :تَرُدُّ عَلَيْهِمْ ، وَلاَ تَبْتَدِئُهُمْ ، فَقُلْتُ :فَكَيْفَ تَقُولُ أَنْتَ ؟ فَقَالَ :مَا أَرَى بَأْسًا أَنْ تَبْتَدِئَهُمْ ، قُلْتُ :لِمَ ؟ قَالَ :لِقَوْلِ اللهِ ﴿فَاصْفَحْ عَنْهُمْ وَقُلْ سَلاَمٌ فَسَوْفَ يَعْلَمُونَ﴾.

(۲۶۲۶۴) حضرت عون بن عبداللہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت محمد بن کعب رحمہ اللہ نے حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ سے ذمیوں کو سلام کرنے میں پہل کرنے کے بارے میں پوچھا؟ آپ رحمہ اللہ نے فرمایا: ان کو سلام کا جواب دیا جائے گا اور تم ان پر سلام میں پہل نہ کرو۔ میں نے پوچھا: آپ رحمہ اللہ یہ کیا کہہ رہے ہیں؟ آپ رحمہ اللہ نے فرمایا: اس میں کوئی حرج نہیں کہ تم بھی ان پر سلام میں پہل کرو۔ میں نے پوچھا: کیوں؟ آپ رحمہ اللہ نے فرمایا: اللہ رب العزت کے اس قول کی وجہ سے۔ ترجمہ: تم ان سے درگزر کرو اور یوں کہو: سلام، پس عنقریب وہ جان لیں گے۔

(۲۶۲۶۵) حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ الأَلْهَانِيِّ وَشُرَحْبِيلَ بْنِ مُسْلِمٍ ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ ، أَنَّهُ كَانَ لاَ يَمُرُّ بِمُسْلِمٍ ، وَلاَ يَهُودِيٍّ ، وَلاَ نَصْرَانِيٍّ إِلاَّ بَدَأَهُ بِالسَّلاَمِ.

(۲۶۲۶۵) حضرت محمد بن زیاد الالھانی رحمہ اللہ اور حضرت شرحبیل بن مسلم رحمہ اللہ یہ دونوں حضرات فرماتے ہیں کہ حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ کسی مسلمان، یہودی اور نصرانی کے پاس سے نہیں گزرتے تھے مگر یہ کہ آپ رضی اللہ عنہ سلام میں پہل کرتے تھے۔

(۲۶۲۶۶) حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ ، عَنِ ابْنِ عَجْلاَنَ ، أَنَّ عَبْدَ اللهِ وَأَبَا الدَّرْدَاءِ وَفَضَالَةَ بْنَ عُبَيْدٍ كَانُوا يَبْدَؤُونَ أَهْلَ الشِّرْكِ بِالسَّلاَمِ.

(۲۶۲۶۶) حضرت ابن عجلان رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ، حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ اور حضرت فضالہ بن عبید رضی اللہ عنہ یہ سب حضرات مشرکین سے سلام کرنے میں پہل کرتے تھے۔

(۲۶۲۶۷) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَمَانٍ ، عَنِ ابْنِ عَجْلاَنَ ، عَنْ أَبِي عِيسَى ، قَالَ :قَالَ عَبْدُ اللهِ :إِنَّ مِنْ رَأْسِ التَّوَاضُعِ أَنْ تَبْدَأَ بِالسَّلاَمِ مَنْ لَقِيتَ.

(۲۶۲۶۷) حضرت ابوعیسیٰ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: یقیناً عاجزی کی بنیاد کی یہ بات ہے کہ جب تم کسی سے ملو تو سلام میں ابتداء کرو۔

(۲۶۲۶۸) حَدَّثَنَا عَفَّانُ قَالَ :حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ ، قَالَ :حَدَّثَنَا عَاصِمٌ ، عَنِ الشَّعْبِيِّ ، قَالَ :كَتَبَ أَبُو بُرْدَةَ إِلَى رَجُلٍ مِنْ أَهْلِ الذِّمَّةِ يُسَلِّمُ عَلَيْهِ ، فَقِيلَ لَهُ :لِمَ قُلْتُ لَهُ ؟ فَقَالَ :إِنَّهُ بَدَأَنِي بِالسَّلاَمِ.

(۲۶۲۶۸) امام شعبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابو بردہ رحمہ اللہ نے ایک ذمی کی طرف خط لکھا اور اس کو سلام کہا، ان سے اس بارے میں پوچھا گیا: کہ آپ رحمہ اللہ نے اسے سلام کیوں کیا؟ آپ رحمہ اللہ نے فرمایا: بے شک اس نے سلام میں ابتداء کی تھی۔

(٦٦) فِي الَّذِي يبدأ بالسَّلامِ
اس شخص کا بیان جو سلام میں پہل کرے

(٢٦٢٦٩) حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ بَكْرٍ السَّهْمِيُّ ، عَنْ حَاتِمِ بْنِ أَبِي صَغِيرَةَ ، عَنْ عَطِيَّةَ وَكَانَ كَاتِبًا لِعَبْدِ اللهِ بْنِ مُطَرِّفِ بْنِ الشِّخِّيرِ ، قَالَ : سَمِعْتُ عَبْدَ اللهِ بْنَ مُطَرِّفِ بْنِ الشِّخِّيرِ يَقُولُ : مَا عَلَى وجه الأَرْضِ رَجُلٌ يَبْدَأُ آخَرَ بِالسَّلامِ إِلاَّ كَانَ ذَلِكَ صَدَقَةً عَلَيْهِ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ.

(۲۶۲۶۹) حضرت عطیہ رحمہ اللہ جو حضرت عبداللہ بن مطرف بن الشخیر رحمہ اللہ کے کاتب ہیں فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن مطرف بن الشخیر رحمہ اللہ کو یوں ارشاد فرماتے ہوئے سنا: نہیں ہے زمین پر کوئی شخص جو سلام میں پہل کرے مگر یہ قیامت کے دن اس شخص کے لیے صدقہ بن جائے گا۔

(٢٦٢٧٠) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ ، قَالَ : إِنَّ الرَّجُلَ إِذَا مَرَّ بِالْقَوْمِ فَسَلَّمَ عَلَيْهِمْ فَرَدُّوا عَلَيْهِ كَانَ لَهُ فَضْلُ دَرَجَةٍ عَلَيْهِمْ لأَنَّهُ أَذْكَرَهُمُ السَّلامَ.

(۲۶۲۷۰) حضرت زید بن وہب رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: جو شخص کسی قوم پر گزرا اور اس نے ان کو سلام کیا پھر ان لوگوں نے اس کو سلام کا جواب دیا تو اس شخص کو ان لوگوں پر ایک درجہ فضیلت حاصل ہوگی اس لیے کہ اس نے ان کو سلام یاد دلایا ہے۔

(٢٦٢٧١) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنِ الْمَسْعُودِيِّ ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الأَقْمَرِ ، عَنْ أَبِي عَاصِمٍ ، قَالَ : قَالَ عَبْدُ اللهِ : الْبَادِءُ بِالسَّلامِ يُرْبِي عَلَى صَاحِبِهِ فِي الأَجْرِ.

(۲۶۲۷۱) حضرت ابو عاصم رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: سلام میں پہل کرنے والا اپنے ساتھی سے اجر میں بڑھا ہوا ہوتا ہے۔

(٢٦٢٧٢) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ ، عَنِ الشَّعْبِيِّ ، عَنْ شُرَيْحٍ ، قَالَ : مَا الْتَقَى رَجُلاَنِ قَطُّ إِلاَّ كَانَ أَوْلاَهُمَا بِاللَّهِ الَّذِي يَبْدَأُ بِالسَّلامِ.

(۲۶۲۷۲) امام شعبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت شریح رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: کبھی بھی دو مسلمان آپس میں ملاقات نہیں کرتے مگر ان دونوں میں اللہ کے قریب وہ شخص ہوگا جو سلام میں پہل کرے۔

(٦٧) فِي رَدِّ السَّلامِ على أهلِ الذِّمَّةِ
ذمیوں کو سلام کا جواب دینے کا بیان

(٢٦٢٧٣) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ مُسْلِمٍ ، عَنْ مَسْرُوقٍ ، عَنْ عَائِشَةَ ، أَنَّهُ أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَاسٌ مِنَ الْيَهُودِ فَقَالُوا :السَّامُ عَلَيْكَ يَا أَبَا الْقَاسِمِ ، فَقَالَ :وَعَلَيْكُمْ. (مسلم ۱۱۔ احمد ۲۲۹)

(۲۶۲۷۳) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کے پاس یہود کے کچھ لوگ آئے اور انہوں نے یوں کہا: السام علیک۔ تم پر موت طاری ہو۔ اے ابوالقاسم! آپ ﷺ نے فرمایا: تم لوگوں پر بھی ہو۔

(۲۶۲۷٤) حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ وَمُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ ، عَنْ سَعِيدٍ ، عَنْ قَتَادَةَ ، عَنْ أَنَسٍ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :إِذَا سَلَّمَ عَلَيْكُمْ أَحَدٌ مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ فَقُولُوا :وَعَلَيْكُمْ. (مسلم ۱۷۰۵۔ ابو داؤد ۵۱۶۵)

(۲۶۲۷۴) حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب اہل کتاب میں سے تمہیں کوئی سلام کرے تو تم یوں جواب دو۔ وعلیکم۔

(۲۶۲۷۵) حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي حَبِيبٍ ، عَنْ مَرْثَدِ بْنِ عَبْدِ اللهِ الْيَزَنِيِّ ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْجُهَنِيِّ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :إِنِّي رَاكِبٌ غَدًا إِلَى يَهُود فَلاَ تَبْدَؤُوهُمْ بِالسَّلاَمِ ، فَإِذَا سَلَّمُوا عَلَيْكُمْ فَقُولُوا :وَعَلَيْكُمْ. (ابن ماجه ۳۶۹۹۔ احمد ۴/ ۱۴۴)

(۲۶۲۷۵) حضرت ابوعبدالرحمن الجہنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: بے شک کل میں یہود کے پاس جاؤں گا، تو تم لوگ سلام میں پہل مت کرنا اور جب وہ تمہیں سلام کریں تو تم یوں کہنا۔ وعلیکم۔

(۲۶۲۷٦) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ دِينَارٍ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :إِنَّ الْيَهُودَ إِذَا لَقُوكُمْ وَقَالُوا :السَّامُ عَلَيْكُمْ ، فَقُولُوا لَهُمْ :وَعَلَيْكُمْ.

(۲۶۲۷۶) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: بے شک یہودی جب بھی تم سے ملیں اور السام علیکم کہیں تو تم یوں جواب دو۔ وعلیکم۔

(۲۶۲۷۷) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ وَوَكِيعٌ ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ زَاذَوَيْهِ ، عَنْ أَنَسٍ ، قَالَ :نُهِينَا ، أَوْ أُمِرْنَا أَنْ لاَ نَزِيدَ أَهْلَ الْكِتَابِ عَلَى وَعَلَيْكُمْ. (احمد ۳/ ۱۱۳)

(۲۶۲۷۷) حضرت حمید بن زاذویہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: ہمیں منع کیا گیا یا ہمیں حکم دیا گیا کہ ہم اہل کتاب کو سلام کا جواب دینے میں علیکم پر کچھ بھی اضافہ نہ کریں۔

(۲۶۲۷۸) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ جَعْفَرٍ ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي حَبِيبٍ ، عَنْ مَرْثَدِ بْنِ عَبْدِ اللهِ الْيَزَنِيِّ ، عَنْ أَبِي بَصْرَةَ الْغِفَارِيِّ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :إِنَّا غَادُونَ إِلَى يَهُودَ فَلاَ تَبْدَؤُوهُمْ بِالسَّلاَمِ ، فَإِنْ سَلَّمُوا فَقُولُوا :وَعَلَيْكُمْ. (مسنده ۶۶۸)

(۲۶۲۷۸) حضرت ابوبصرہ الغفاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: بے شک ہم کل یہود کے پاس جائیں گے تو تم لوگ ان سے سلام میں پہل مت کرنا، پس اگر وہ تمہیں سلام کریں تو یوں جواب دینا۔ وعلیکم۔

(٢٦٢٧٩) حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ ، عَنْ حَسَنٍ ، عَنْ سِمَاكٍ ، عَنْ عِكْرِمَةَ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ، قَالَ :مَنْ سَلَّمَ عَلَيْكُمْ مِنْ خَلْقِ اللهِ فَرُدُّوا عَلَيْهِمْ ، وَإِنْ كَانَ يَهُودِيًّا ، أَوْ نَصْرَانِيًّا ، أَوْ مَجُوسِيًّا.

(۲۶۲۷۹) حضرت عکرمہ رایشید فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: اللہ کی مخلوق میں سے جو کوئی بھی تم کو سلام کرے تو تم اس کو سلام کا جواب دو اگر چہ وہ یہودی ہو یا نصرانی ہو یا مجوسی ہو۔

(٢٦٢٨٠) حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ ، عَنْ مَعْنٍ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، قَالَ :إِذَا سَلَّمَ عَلَيْكَ الرَّجُلُ مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ فَقُلْ وَعَلَيْكَ.

(۲۶۲۸۰) حضرت معن رایشید فرماتے ہیں کہ حضرت ابراہیم رایشید نے ارشاد فرمایا: جب اہل کتاب میں سے کوئی آدمی تمہیں سلام کرے تو تم اس کو یوں جواب دو۔ وعلیک۔

(٢٦٢٨١) حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ ، عَنْ زُهَيْرٍ ، عَنْ جَابِرٍ ، عَنْ عَامِرٍ ، قَالَ :إِذَا سَلَّمَ عَلَيْكُمْ يَهُودِيٌّ ، أَوْ نَصْرَانِيٌّ فَقُولُوا :وَعَلَيْكُمْ.

(۲۶۲۸۱) حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عامر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: جب کوئی یہودی یا نصرانی تمہیں سلام کرے تو تم یوں جواب دو۔ وعلیکم۔

(٢٦٢٨٢) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمٍ ، عَنْ زَمْعَةَ ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ وَهْرَام ، عَنْ طَاوُوسٍ ، قَالَ : كَانَ إِذَا سَلَّمَ عَلَيْهِ الْيَهُودِيُّ وَالنَّصْرَانِيُّ ، قَالَ :عَلَاكَ السَّلَامُ.

(۲۶۲۸۲) حضرت سلمہ بن وھرام رایشید فرماتے ہیں کہ حضرت طاؤس رایشید کو جب کوئی یہودی اور عیسائی سلام کرتا تو آپ رایشید یوں جواب دیتے، علاک السلام (ترجمہ:) تجھ پر سلام بلند ہو۔

(٦٨) فِي الرَّجُلِ يقول للرجل حيّاك الله ، من كرهه حتّى يقول بالسّلام

اس آدمی کا بیان جو دوسرے آدمی کو حیّاک اللہ کہے اور جنہوں نے اس کو مکروہ سمجھا یہاں تک کہ وہ سلام کرلے

(٢٦٢٨٣) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ عَاصِمٍ ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ ، وَعَنْ أَبِي مَعْشَرٍ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، وَعَنْ حَمَّادٍ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، قَالَا :إِذَا قُلْتَ حَيَّاكَ اللَّهُ ، فَقُلْ :بِالسَّلَامِ.

(۲۶۲۸۳) حضرت عاصم رایشید اور حضرت حماد رایشید دونوں حضرات بالترتیب فرماتے ہیں کہ حضرت ابن سیرین رایشید اور حضرت ابراہیم رایشید ان دونوں حضرات نے ارشاد فرمایا: جب تو یوں کہے حیّاک اللہ۔ اللہ تجھے زندہ رکھے۔ تو تم اس کے ساتھ سلام بھی کرو۔

(٢٦٢٨٤) حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ عَبْدِ الْمَجِيدِ ، قَالَ : كَانَ الحسن يَكْرَهُ أَنْ يَقُولَ الرَّجُلُ حَيَّاكَ اللَّهُ إِلَّا أَنْ يَقُولَ :بِالسَّلَامِ.

(۲۶۲۸۴) حضرت عبدالحمید رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ یوں کہنے کو مکروہ سمجھتے تھے: حَيَّاكَ اللَّهُ۔ مگر یہ کہ وہ سلام بھی کہے۔

(٢٦٢٨٥) حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ ، عَنِابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سُوقَةَ ، قَالَ : جَائَنَا مَيْمُونُ بْنُ مِهْرَانَ فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ حَيَّاكَ اللَّهُ فَقَالَ : لاَ تَقُلْ هَكَذَا ، هَذِهِ تَحِيَّةُ الشَّبابِّ ، وَلَكِنْ قُلْ : حَيَّاكُمَ اللَّهُ بِالسَّلاَمِ.

(۲۶۲۸۵) حضرت محمد بن سوقہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں حضرت میمون بن مہران رحمۃ اللہ علیہ ہمارے پاس تشریف لائے تو ایک آدمی نے ان سے یوں کہا: حَيَّاكَ اللَّهُ۔ اللہ آپ کو زندہ رکھے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: ایسے مت کہو۔ یہ تو نوجوانوں کا سلام ہے۔ لیکن یوں کہو۔ حَيَّاكُمَ اللَّهُ بِالسَّلاَمِ.

(٢٦٢٨٦) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، قَالَ : كَانُوا يَسْتَحِبُّونَ إِذَا قَالَ الرَّجُلُ لِلرَّجُلِ حَيَّاكَ اللَّهُ أَنْ يَقُولَ : بِالسَّلاَمِ.

(۲۶۲۸۶) حضرت اعمش رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا: صحابہ رضی اللہ عنہم پسند کرتے تھے کہ جب ایک آدمی کسی آدمی کو یوں کہے، حَيَّاكَ اللَّهُ۔ تو وہ سلام بھی ساتھ کہے۔

(٦٩) فِي الرَّجلِ يسلِّم على الرَّجلِ ويشِير بِيدِهِ

اس آدمی کا بیان جو کسی آدمی کو سلام کرے تو اپنے ہاتھ سے اشارہ بھی کرے

(٢٦٢٨٧) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ ، قَالَ : حَدَّثَنَا مِسْعَرٌ ، قَالَ : حَدَّثَنِي عَلْقَمَةُ بْنُ مَرْثَدٍ ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ ، أَنَّهُ كَرِهَ ، أَوْ قَالَ : كَانَ يُكْرَهُ السَّلاَمُ بِالْيَدِ وَلَمْ يَرَ بِالرَّأْسِ بَأْسًا.

(۲۶۲۸۷) حضرت علقمہ بن مرثد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت عطاء بن ابی رباح رحمۃ اللہ علیہ ہاتھ کے اشارے سے سلام کرنے کو مکروہ سمجھتے تھے اور سر سے اشارہ کرنے میں کوئی حرج نہیں سمجھتے تھے۔

(٧٠) فِي السَّلاَمِ على الصِّبيانِ

بچوں کو سلام کرنے کا بیان

(٢٦٢٨٨) حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ الأَحْمَرُ ، عَنْ حُمَيْدٍ ، عَنْ أَنَسٍ ، قَالَ : أَتَانَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ صِبْيَانٌ فَسَلَّمَ عَلَيْنَا. (بخاری ۶۲۴۷۔ ابوداؤد ۵۱۶۱)

(۲۶۲۸۸) حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہم بچوں کے پاس تشریف لائے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں سلام کیا۔

(٢٦٢٨٩) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ حُبَيْبِ بْنِ حُجْرٍ القيسي ، عَنْ ثَابِتٍ ، عَنْ أَنَسٍ ، قَالَ : مَرَّ عَلَيْنَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى

اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ صِبْيَانٌ فَقَالَ :السَّلاَمُ عَلَيْكُمْ يَا صِبْيَانُ. (احمد ۳/ ۱۸۳۔ دار قطنی ۶۲۷)

(۲۶۲۸۹) حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس سے گزرے اس حال میں کہ ہم بچے تھے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے بچو! السلام علیکم۔

(۲۶۲۹۰) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنِ الْحَكَمِ ، عَنْ شُرَيْحٍ ، أَنَّهُ كَانَ يُسَلِّمُ عَلَى الصِّبْيَانِ.

(۲۶۲۹۰) حضرت حکم رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت شریح رحمہ اللہ بچوں کو سلام کیا کرتے تھے۔

(۲۶۲۹۱) حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ الأَحْمَرُ، عَنْ حَجَّاجٍ، عَنِ الْحَكَمِ، أَنَّ شُرَيْحًا كَانَ يَمُرُّ عَلَى الصِّبْيَانِ فَيُسَلِّمُ عَلَيْهِمْ.

(۲۶۲۹۱) حضرت حکم رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت شریح رحمہ اللہ جب بچوں پر گزرتے تھے تو آپ رحمہ اللہ انہیں سلام کرتے تھے۔

(۲۶۲۹۲) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ وَحَفْصٌ ، عَنْ حَنَشِ بْنِ الْحَارِثِ ، قَالَ :كَانَ عَمْرُو بْنُ مَيْمُونٍ يَمُرُّ عَلَيْنَا وَنَحْنُ صِبْيَانٌ فَيُسَلِّمُ عَلَيْنَا.

(۲۶۲۹۲) حضرت حنش بن حارث رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمرو بن میمون رحمہ اللہ ہم بچوں کے پاس سے گزرتے تھے تو ہم پر سلام کرتے تھے۔

(۲۶۲۹۳) حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنْ أُبَىّ بن عَبْدِاللهِ قَالَ: كَانَ إِبرَاهِيم يَمُرُّ عَلَيْنَا وَنَحْنُ صِبْيَانٌ فَيُسَلِّمُ عَلَيْنَا.

(۲۶۲۹۳) حضرت اُبی بن عبداللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابراہیم رحمہ اللہ جب ہم بچوں کے پاس سے گزرتے تھے تو آپ رحمہ اللہ ہمیں سلام کرتے تھے۔

(۲۶۲۹۴) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِى عَدِىٍّ ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ ، قَالَ : كَانَ مُحَمَّدٌ يُسَلِّمُ عَلَى الصِّبْيَانِ ، وَلاَ يُسْمِعُهُمْ.

(۲۶۲۹۴) حضرت ابن عون رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت محمد رحمہ اللہ بچوں پر سلام کرتے تھے اور ان کو سناتے نہیں تھے۔

(۷۱) فِي السَّلاَمِ على النِّسَاءِ

عورتوں کو سلام کرنے کا بیان

(۲۶۲۹۵) حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنِ ابْنِ أَبِى حُسَيْنٍ سَمِعَهُ مِنْ شَهْرٍ يَقُولُ :أَخْبَرَتْهُ أَسْمَاءُ بِنْتُ يَزِيدَ ، قَالَتْ : مَرَّ عَلَيْنَا النَّبِىُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِى نِسْوَةٍ فَسَلَّمَ عَلَيْنَا. (ترمذی ۲۶۹۷۔ ابو داؤد ۵۱۶۲)

(۲۶۲۹۵) حضرت اسماء بنت یزید رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہم عورتوں پر گزرے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں سلام کیا۔

(۲۶۲۹۶) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ جَابِرٍ ، عَنْ طَارِقٍ التَّيْمِىِّ ، عَنْ جَرِيرٍ ، أَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ عَلَى نِسْوَةٍ فَسَلَّمَ عَلَيْهِنَّ. (احمد ۳/ ۳۶۳۔ ابو یعلی ۷۵۰۶)

(۲۶۲۹۶) حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم عورتوں کے پاس سے گزرے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان پر سلام کیا۔

(٢٦٢٩٧) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ، أَنَّ ابْنَ عُمَرَ مَرَّ عَلَى امْرَأَةٍ فِي ظلة فَسَلَّمَ عَلَيْهَا.

(۲۶۲۹۷) حضرت مجاہد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ ایک عورت پر گزرے جو سایہ میں بیٹھی ہوئی تھی آپ رضی اللہ عنہ نے اس کو سلام کیا۔

(٢٦٢٩٨) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ بِشرِ بن حَرب قَالَ :رَأَيت ابن عُمَر مَرَّ عَلَى امْرَأَةٍ فَسَلَّمَ عَلَيْهَا.

(۲۶۲۹۸) حضرت بشر بن حرب رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ آپ رضی اللہ عنہ ایک عورت کے پاس سے گزرے تو آپ رضی اللہ عنہ نے اس کو سلام کیا۔

(٢٦٢٩٩) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنِ ابن ذَرٍّ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ، أَنَّ عُمَرَ مَرَّ عَلَى نِسْوَةٍ فَسَلَّمَ عَلَيْهِنَّ.

(۲۶۲۹۹) حضرت مجاہد رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ عورتوں پر سے گزرے تو آپ رضی اللہ عنہ نے ان کو سلام کیا۔

(٢٦٣٠٠) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنْ زُرْزُر ، قَالَ :سَأَلْتُ عَطَاءً عَنِ السَّلاَمِ عَلَى النِّسَاءِ فَقَالَ :إِنْ كُنَّ شَوَابَّ فَلاَ.

(۲۶۳۰۰) حضرت زر رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عطاء رحمہ اللہ سے عورتوں کو سلام کرنے کے بارے میں پوچھا؟ آپ رحمہ اللہ نے فرمایا: اگر وہ عورتیں جوان ہوں تو پھر نہ کرو۔

(٢٦٣٠١) حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ ، قَالَ :قُلْتُ لِمُحَمَّدٍ :أُسَلِّمُ عَلَى الْمَرْأَةِ ؟ قَالَ :لاَ أَعْلَمُ بِهِ بَأْسًا

(۲۶۳۰۱) حضرت ابن عون رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے امام محمد رحمہ اللہ سے پوچھا: کہ کیا عورت کو سلام کیا جا سکتا ہے؟ آپ رحمہ اللہ نے فرمایا: میں اس میں کوئی حرج نہیں سمجھتا۔

(٢٦٣٠٢) حَدَّثَنَا حَفْصٌ ، عَنْ عَمْرٍو ، عَنِ الْحَسَنِ ، أَنَّهُ كَانَ لاَ يَرَى أَنْ يُسَلِّمَ الرَّجُلُ عَلَى الْمَرْأَةِ إِلاَّ أَنْ يَدْخُلَ عَلَيْهَا فِي بَيْتِهَا فَيُسَلِّمَ عَلَيْهَا.

(۲۶۳۰۲) حضرت عمرو رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت حسن بصری رحمہ اللہ عورتوں کو سلام کرنے کی رائے نہیں رکھتے تھے، مگر یہ کہ وہ اس عورت کے گھر میں داخل ہو تو اس کو سلام کر سکتا ہے۔

(٢٦٣٠٣) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ قُرَيْرٍ ، قَالَ :جَاءَ رَجُلٌ إِلَى الْحَسَنِ فَقَالَ :أُسَلِّمُ عَلَى النِّسَاءِ ؟ قَالَ :الْحَقْ بِأَهْلِكَ.

(۲۶۳۰۳) حضرت عبد العزیز قریر رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضرت حسن رحمہ اللہ کے پاس آیا، اور پوچھا: کیا عورتوں کو سلام کیا جا سکتا ہے؟ آپ رحمہ اللہ نے فرمایا: تو اپنے گھر والی کے ساتھ مل جا کر۔

(٢٦٣٠٤) حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ ، عَنْ زَائِدَةَ ، عَنِ الْحَسَنِ عن عُبَيْدِ اللهِ ، قَالَ : كَانَ عَمْرُو بْنُ مَيْمُونٍ يُسَلِّمُ عَلَى النِّسَاءِ وَالصِّبْيَانِ.

(۲۶۳۰۴) حضرت عبید اللہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمرو بن میمون رحمہ اللہ عورتوں اور بچوں کو سلام کیا کرتے تھے۔

(٢٦٣٠٥) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ، قَالَ: رَأَيْتُ مُوسَى بْنَ طَلْحَةَ مَرَّ عَلَى نِسْوَةٍ جُلُوسٍ فَسَلَّمَ عَلَيْهِنَّ.

(۲۶۳۰۵) حضرت عمرو بن عثمان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت موسیٰ بن طلحہ رحمۃ اللہ علیہ کو دیکھا کہ آپ رحمۃ اللہ علیہ بیٹھی ہوئی عورتوں کے پاس سے گزرے تو انہیں سلام کیا۔

(٢٦٣٠٦) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، قَالَ : سَأَلْتُ الْحَكَمَ ، وَحَمَّادًا ، عَنِ السَّلاَمِ عَلَى النِّسَاءِ فَكَرِهَهُ حماد عَلَى الشَّابَّةِ وَالْعَجُوزِ ، وَقَالَ الْحَكَمُ : كَانَ شُرَيْحٌ يُسَلِّمُ عَلَى كُلِّ أَحَدٍ ، قُلْتُ : النِّسَاءُ ؟ قَالَ : عَلَى كُلِّ أَحَدٍ.

(۲۶۳۰۶) حضرت شعبہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت حکم رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت حماد رحمۃ اللہ علیہ دونوں سے عورتوں کو سلام کرنے کے متعلق سوال کیا؟ تو حضرت حماد رحمۃ اللہ علیہ نے بوڑھی اور جوان عورتوں پر سلام کرنے کو مکروہ سمجھا اور حضرت حکم رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: حضرت شریح رحمۃ اللہ علیہ ہر ایک کو سلام کیا کرتے تھے، میں نے پوچھا: عورتوں کو بھی؟ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: ہر ایک کو سلام کرتے تھے۔

(٧٢) من كره أن يقول زعموا

جو شخص یوں کہنے کو مکروہ سمجھے: زعموا. انہوں نے گمان کیا

(٢٦٣٠٧) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنِ الأَوْزَاعِيِّ ، عَنْ يَحْيَى ، عَنْ أَبِي قِلاَبَةَ ، قَالَ : قَالَ أَبُو مَسْعُودٍ لأَبِي عَبْدِ اللهِ ، أَوْ قَالَ أَبُو عَبْدِ اللهِ لأَبِي مَسْعُودٍ : مَا سَمِعْتَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ فِي زَعَمُوا ؟ ، قَالَ : سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ : بِئْسَ مَطِيَّةُ الرَّجُلِ : زَعَمُوا. (احمد ۵/ ۴۰۱۔ طحاوی ۱۸۵)

(۲۶۳۰۷) حضرت ابی قلابہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابو مسعود رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت ابو عبداللہ سے پوچھا یا حضرت ابو عبداللہ نے حضرت ابو مسعود سے پوچھا: کہ تم نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے لفظ زعموا کے بارے میں کچھ سنا ہے؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو یوں فرماتے ہوئے سنا کہ آدمی کی بدترین سواری یہ ہے کہ وہ کہے لوگ یہ سمجھتے ہیں۔

(٢٦٣٠٨) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ ، أَنَّهُ كَرِهَ زَعَمُوا.

(۲۶۳۰۸) حضرت منصور رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ "زعموا" کہنے کو مکروہ سمجھتے تھے۔

(٢٦٣٠٩) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ شُعْبَةَ وَسُفْيَانُ ، عَنْ عَبْدِ رَبِّهِ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ، أَنَّهُ كَرِهَ زَعَمُوا ، ثُمَّ قَرَأَ سُفْيَانُ ﴿زَعَمَ الَّذِينَ كَفَرُوا﴾.

(۲۶۳۰۹) حضرت عبدربہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت مجاہد رحمۃ اللہ علیہ لفظ "زعموا" کے استعمال کرنے کو مکروہ سمجھتے تھے، پھر حضرت سفیان رحمۃ اللہ علیہ نے قرآن کی یہ آیت تلاوت فرمائی۔ زعم الذین کفروا.

(٢٦٣١٠) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ شُرَيْحٍ ، قَالَ : زَعَمُوا زَامِلَةُ الْكَذِبِ.

(۲۶۳۱۰) حضرت اعمش رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت شریح رحمۃ اللہ علیہ نے لفظ "زعموا" کے بارے میں فرمایا کہ یہ جھوٹ کے تابع ہے۔

(٢٦٣١١) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ قَيس ، عن أَبِي يَحيَى ، عن مُجَاهِد ، عن ابن عَون قَال :زَعَمُوا زَامِلَةُ الْكَذِبِ ، فَلَا تكُونَنَّ لِلْكَذِبِ زَامِلَة.

(۲۶۳۱۱) حضرت مجاہد رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عون رحمہ اللہ نے لفظ "زعموا" کے بارے میں فرمایا: یہ جھوٹ کے تابع ہے۔ اور تم ہرگز جھوٹ کے تابع مت بنو۔

(٢٦٣١٢) حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ سَعْدٍ أَبُو دَاوُدَ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ يَحْيَى بْنِ هَانِءٍ ، قَالَ :قَالَ لِي أَبِي :يَا بُنَيَّ ، هَبْ لِي من الْحَدِيثِ زَعَمُوا وَسَوْفَ.

(۲۶۳۱۲) حضرت یحییٰ بن ھانی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میرے والد نے مجھے کہا: اے میرے بیٹے: اپنے کلام میں دو لفظوں کو استعمال کرنے سے بچو۔ اور وہ یہ ہیں۔ "زعموا" اور "سوف"۔

(٢٦٣١٣) حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عُبَيْدَةَ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنِ الْأَعْمَشِ ، عَنْ يَحْيَى بْنِ وَثَّابٍ ، قَالَ :قَالَ لِي شُرَيْحٌ :إِنَّ زَعَمُوا كُنْيَةُ الْكَذِبِ.

(۲۶۳۱۳) حضرت یحییٰ بن وثاب رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت شریح رحمہ اللہ نے مجھ سے فرمایا: بے شک "زعموا" جھوٹ کی کنیت ہے۔

(٧٣) من رخّص فِي زعموا

جن لوگوں نے لفظ "زعموا" کے استعمال میں رخصت دی

(٢٦٣١٤) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ مِسْعَرٍ ، عَنْ حَبِيبٍ ، قَالَ :سَأَلْتُ أَبَا قِلَابَةَ فَقَالَ :زَعَمُوا.

(۲۶۳۱۴) حضرت حبیب رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابو قلابہ رحمہ اللہ سے سوال کیا؟ تو آپ رحمہ اللہ نے فرمایا: "زعموا"۔

(٢٦٣١٥) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ قُرَّةَ ، قَالَ :سَمِعْتُ الْحَسَنَ يَقُولُ :زَعَمُوا وَاللَّهِ.

(۲۶۳۱۵) حضرت قرہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت حسن رحمہ اللہ کو بارہا یوں فرماتے ہوئے سنا: "زعموا واللہ"۔

(٢٦٣١٦) حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ ثَابِتٍ ، قَالَ :قُلْتُ لابْنِ عُمَرَ :أَنُهِيَ ، عَنْ نَبِيذِ الْجَرِّ ، فَقَالَ : زَعَمُوا ذَلِكَ ، قَالَ :قُلْتُ :أَنْتَ سَمِعْته مِنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ؟ فَقَالَ :زَعَمُوا ذَلِكَ.

(۲۶۳۱۶) حضرت ثابت رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے پوچھا: کیا گھڑوں میں بنی ہوئی نبیذ سے منع کیا گیا ہے؟ تو آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ان لوگوں نے یوں کہا اور لفظ "زعموا" کا استعمال فرمایا۔ راوی کہتے ہیں: میں نے پوچھا: کیا آپ رضی اللہ عنہ نے یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ان لوگوں نے یوں کہا ہے۔ اور لفظ "زعموا" کا آپ نے استعمال فرمایا۔

(٢٦٣١٧) حَدَّثَنَا جَرِيرٌ ، عَنْ مُغِيرَةَ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، أَنَّهُ سُئِلَ عَنْ شَيْءٍ فَقَالَ :زَعَمُوا.

(۲۶۳۱۷) حضرت مغیرہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ سے کسی چیز کے بارے میں سوال کیا جاتا؟ تو آپ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے: ان لوگوں نے یوں کہا: اور لفظ "زعموا" کا استعمال فرماتے۔

(٢٦٣١٨) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ ، قَالَ : سَأَلْتُ الْقَاسِمَ عَنِ الرَّجُلِ يُوتِرُ عَلَى رَاحِلَتِهِ ، قَالَ : زَعَمُوا أَنَّ ابْنَ عُمَرَ كَانَ يُوتِرُ بِالأَرْضِ .

(۲۶۳۱۸) حضرت ابن عون رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت قاسم رحمۃ اللہ علیہ سے اس آدمی کے بارے میں سوال کیا جو سواری پر وتر پڑھ لے؟ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: لوگ یوں کہتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ زمین پر وتر پڑھتے تھے اور آپ رحمۃ اللہ علیہ نے لفظ "زعموا" کا استعمال فرمایا۔

(٧٤) فِي الرَّجلِ يقال له كيف أصبحت

اس آدمی کا بیان جس سے یوں پوچھا جائے۔ تو نے کیسے صبح کی؟

(٢٦٣١٩) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ عُثْمَانَ النَّقِفِيِّ ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ ، عَنِ ابْنِ أبي عَمْرَة ، قَالَ : قِيلَ يَا رَسُولَ اللهِ ، كَيْفَ أَصْبَحْت ؟ قَالَ : بِخَيْرٍ مِنْ قَوْمٍ لَمْ يَشْهَدُوا جِنَازَةً وَلَمْ يَعُودُوا مَرِيضًا .

(طبرانی ۷۳۲۹)

(۲۶۳۱۹) حضرت ابوعمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ پوچھا گیا: اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! آپ نے کس حالت میں صبح کی؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خیریت کے ساتھ اس قوم میں جو جنازے میں حاضر نہیں ہوتے اور نہ ہی مریض کی عیادت کرتے ہیں۔

(٢٦٣٢٠) حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مُسْلِمٍ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَابِطٍ ، عَنْ جَابِرٍ ، قَالَ : قُلْتُ : كَيْفَ أَصْبَحْت يَا رَسُولَ اللهِ ؟ قَالَ : بِخَيْرٍ مِنْ رَجُلٍ لَمْ يُصْبِحْ صَائِمًا وَلَمْ يَعُدْ سَقِيمًا .

(۲۶۳۲۰) حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! آپ نے کس حالت میں صبح کی؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خیر کے ساتھ اس آدمی سے بہتر جس نے صبح نہیں کی روزے دار کی حالت میں اور نہ کسی بیمار کی عیادت کی۔

(٢٦٣٢١) حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ خَيْثَمَةَ ، قَالَ : سَأَلْتُ عَائِشَةَ : كَيْفَ أَصْبَحْت ؟ قَالَتْ : بِنِعْمَةٍ مِنَ اللهِ .

(۲۶۳۲۱) حضرت خیثمہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا: آپ نے کس حال میں صبح کی؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ کی نعمتوں کے ساتھ۔

(٢٦٣٢٢) حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ مُعَاذٍ ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ ، قَالَ : مَرَرْت بِعَامِرٍ الشَّعْبِيِّ وَهُوَ جَالِسٌ بِفِنَائِهِ فَقُلْت : كَيْفَ أَنْتَ؟ فَقَالَ : كَانَ شُرَيْحٌ إِذَا قِيلَ لَهُ : كَيْفَ أَنْتَ ؟ قَالَ : بِنِعْمَةٍ وَمَدَّ إِصْبَعَهُ السَّبَّابَةَ إِلَى السَّمَاءِ .

(۲۶۳۲۲) حضرت ابن عون رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت عامر شعبی رحمۃ اللہ علیہ کے پاس سے گزرا اس حال میں کہ وہ اپنے گھر کے صحن میں بیٹھے ہوئے تھے، تو میں نے پوچھا: آپ کیسے ہیں؟ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: جب حضرت شریح رحمۃ اللہ علیہ سے پوچھا جاتا کہ آپ رحمۃ اللہ علیہ کیسے ہیں؟ تو وہ فرماتے: اس کی نعمتوں میں ہوں، اپنی شہادت کی انگلی سے آسمان کی طرف اشارہ کرتے تھے۔

(٢٦٣٢٢) حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ مُعَاذٍ ، قَالَ : أَخْبَرَنَا ابْنُ عَوْنٍ ، قَالَ : حَدَّثَنِي بَكْرٌ ، قَالَ : قَالَ : قَالَ رَجُلٌ لأَبِي تَمِيمَةَ الْهُجَيْمِي : كَيْفَ أَنْتُمْ ؟ قَالَ : بَيْنَ نِعْمَتَيْنِ : بَيْنَ ذَنْبٍ مَسْتُورٍ ، وَثَنَاءٍ لاَ يَعْلَمُ بِهِ أَحَدٌ مِنْ هَؤُلاَءِ النَّاسِ ، وَاللَّهِ مَا بَلَغْتُهُ ، وَلاَ أَنَا بِذَلِكَ.

(۲۶۳۲۳) حضرت بکیر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے حضرت ابوتمیمہ الہجیمی رحمۃ اللہ علیہ سے پوچھا: آپ کیسے ہیں؟ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: دو نعمتوں کے درمیان ہوں: ایک تو چھپے ہوئے گناہوں کے درمیان ہوں اور ایسی تعریف کے درمیان ہوں کہ ان لوگوں میں سے کوئی بھی اس کو نہیں جانتا اور اللہ کی قسم میں بھی اس تک نہیں پہنچا اور نہ میں اس قابل ہوں۔

(٢٦٣٢٤) حَدَّثَنَا جَرِيرٌ ، عَنْ مُغِيرَةَ ، قَالَ : سَمِعْتُ إِبْرَاهِيمَ وَسُلِّمَ عَلَيْهِ فَقَالَ : وَعَلَيْكُمْ ، فقيل له : كَيْفَ أَنْتَ ؟ قَالَ : بِنِعْمَةٍ مِنَ اللهِ.

(۲۶۳۲۴) حضرت مغیرہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جب حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ کو سلام کیا جاتا تو آپ رحمۃ اللہ علیہ یوں جواب دیتے وعلیکم اور جب ان سے پوچھا جاتا: آپ کیسے ہیں؟ تو آپ رحمۃ اللہ علیہ جواب دیتے اللہ کی نعمت میں ہوں۔

(٢٦٣٢٥) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ ، قَالَ : حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ حُمَيْدٍ ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ ، عَنِ الشَّعْبِيِّ ، أَنَّ رَجُلاً ، قَالَ لَهُ : كَيْفَ أَصْبَحْتَ يَا أَبَا عَمْرٍو ؟ فَقَالَ : بِنِعْمَةٍ ، قُلْتُ : مِمَّنْ ؟ قَالَ : مِنَ اللهِ.

(۲۶۳۲۵) حضرت اسماعیل بن ابی خالد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے امام شعبی رحمۃ اللہ علیہ سے پوچھا: اے ابوعمرو! آپ رحمۃ اللہ علیہ نے کس حالت میں صبح کی؟ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: نعمتوں میں۔ میں نے پوچھا: کس کی نعمت میں؟ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: اللہ کی نعمتوں میں۔

(٢٦٣٢٦) حَدَّثَنَا جَرِيرٌ ، عَنْ مُغِيرَةَ ، قَالَ : كَانَ عَلِيٌّ إِذَا سُئِلَ وَهُوَ مَرِيضٌ ، كَيْفَ أَنْتَ ؟ قَالَ : بِشَرٍّ : وَقَرَأَ هَذِهِ الآيَةَ : ﴿وَنَبْلُوكُمْ بِالشَّرِّ وَالْخَيْرِ فِتْنَةً﴾.

(۲۶۳۲۶) حضرت مغیرہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے جب بیماری کی حالت میں پوچھا جاتا کہ آپ رضی اللہ عنہ کیسے ہیں؟ آپ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے بہت بری حالت میں اور یہ آیت تلاوت فرماتے۔ ترجمہ: اور ہم تمہیں آزمائیں گے خیر اور شر کے ساتھ۔

(٢٦٣٢٧) حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنْ أَيُّوبَ ، قَالَ : لَقِيَ رَجُلٌ عِكْرِمَةَ بِالْمَدِينَةِ فَقَالَ : كَيْفَ أَنْتَ ؟ قَالَ : أَنَا بِشَرٍّ يَدَايَ مُتَشَقِّقَتَانِ وَأَنَا كَذَا وَأَنَا وَكَذَا ، قَالَ : وَكَانَ يَتَأَوَّلُ هَذِهِ الآيَةَ : ﴿وَنَبْلُوكُمْ بِالشَّرِّ وَالْخَيْرِ فِتْنَةً وَإِلَيْنَا تُرْجَعُونَ﴾.

(۲۶۳۲۷) حضرت ایوب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے ایک آدمی کو دیکھا کہ وہ حضرت عکرمہ رحمۃ اللہ علیہ سے مدینہ میں ملا، اور پوچھا: آپ رحمۃ اللہ علیہ کیسے ہیں؟ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: بری حالت میں ہوں، میرے دونوں ہاتھ پھٹے ہوئے ہیں اور میں اس طرح اور اس طرح

ہوں۔ راوی فرماتے ہیں کہ آپ رحمۃ اللہ علیہ اس آیت کی تاویل کرتے تھے۔ ﴿وَنَبْلُوكُمْ بِالشَّرِّ وَالْخَيْرِ فِتْنَةً وَإِلَيْنَا تُرْجَعُونَ﴾.

(٢٦٣٢٨) حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُوسَى ، قَالَ :حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ ، أَنَّ أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ السُّلَمِيَّ كَانَ إِذَا قِيلَ لَهُ : كَيْفَ أَنْتَ ؟ قَالَ :بِخَيْرٍ نَحْمَدُ اللَّهَ ، قَالَ عَطَاءٌ :فَذَكَرْتُ ذَلِكَ لأَبِي الْبَخْتَرِيِّ فَقَالَ :أَنَّى أَخَذَهَا ؟ ثَلاَثًا.

(۲۶۳۲۸) حضرت عطاء بن مبارک رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوعبدالرحمٰن سلمی رحمۃ اللہ علیہ سے جب پوچھا جاتا: کہ آپ کیسے ہیں؟ تو آپ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے خیریت کے ساتھ اور ہم اللہ کا شکر ادا کرتے ہیں۔ حضرت عطاء رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابو البختری رحمۃ اللہ علیہ کے سامنے یہ ذکر کیا تو آپ رحمۃ اللہ علیہ نے تین مرتبہ فرمایا: انہوں نے یہ طریقہ کہاں سے لیا؟

(٢٦٣٢٩) حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ ، قَالَ :لَقِيَ رَجُلٌ مُحَمَّدًا فَقَالَ : كَيْفَ أَنْتَ ؟ قَالَ :بِشَرٍّ ، أَجُوعُ فَلاَ أَسْتَطِيعُ أَنْ أَشْبَعَ ، وَأَعْطَشُ فَلاَ أَسْتَطِيعُ أَنْ أَرْوَى.

(۲۶۳۲۹) حضرت ابن عون رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی امام محمد رحمۃ اللہ علیہ سے ملا اور پوچھا: آپ رحمۃ اللہ علیہ کیسے ہیں؟ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: بہت بری حالت میں ہوں۔ مجھے بھوک لگتی ہے اور میں اتنی طاقت نہیں رکھتا کہ میں سیر ہوسکوں اور مجھے پیاس لگتی ہے اور میں طاقت نہیں رکھتا کہ میں پیاس بجھالوں۔

(٧٣) باب من كره أن يوطأ عقبه

جو شخص اپنے پیچھے چلنے کو ناپسند سمجھے

(٢٦٣٣٠) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ زَائِدَةَ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، قَالَ : كَانُوا يَكْرَهُونَ أَنْ تُوطَأَ أَعْقَابُهُمْ.

(دارمی ۵۲۴)

(۲۶۳۳۰) حضرت منصور رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا: صحابہ رضی اللہ عنہم اس بات کو ناپسند کرتے تھے کہ ان کے پیچھے چلا جائے۔

(٢٦٣٣١) حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ عَمْرٍو الْكَلْبِيُّ ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ ، عَنْ ثَابِتٍ ، عَنْ شُعَيْبِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ :مَا رُئِيَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْكُلُ مُتَّكِئًا قَطُّ ، وَلاَ يَطَأُ عَقِبَيْهِ رَجُلاَنِ.

(ابوداؤد ۳۷۶۴۔ احمد ۲/ ۱۶۵)

(۲۶۳۳۱) حضرت عبداللہ بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کبھی نہیں دیکھا گیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ٹیک لگا کر کھانا کھایا ہو اور نہ ہی کبھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے دو آدمی چلے۔

(٢٦٣٣٢) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ سُوَيْدٍ ، أَنَّ عَمَّارًا دَعَا عَلَى

رَجُلٍ فَقَالَ :اللَّهُمَّ إِنْ كَانَ كَاذِبًا فَابْسُطْ لَهُ الدُّنْيَا وَاجْعَلْهُ مَوْطِأَ الْعَقِبَيْنِ.

(۲۶۳۳۲) حضرت حارث بن سوید رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمار رضی اللہ عنہ نے ایک آدمی کو یوں بددعا دی۔اے اللہ! اگر یہ شخص جھوٹا ہے تو تو اس کے لیے دنیا کو کشادہ کردے اور اس کو ایسا بنادے کہ اس کے پیچھے پیچھے لوگ چلیں۔

(۷٤) فِي الرَّجُلِ يدخل منزله ما يقول

اس آدمی کا بیان جو گھر میں داخل ہو تو وہ یوں کہے

(۲٦۳۳۳) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ مِسْعَرٍ ، قَالَ :حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ قَيْسٍ ، عَنْ عَمْرِو بْنِ أَبِي قُرَّةَ الْكِنْدِيِّ ، قَالَ : انْطَلَقَ سَلْمَانُ، وَأَبِي حَتَّى أَتَيَا دَارَ سَلْمَانَ ، وَدَخَلَ سَلْمَانُ الدَّارَ فَقَالَ :السَّلامُ عَلَيْكُمْ ، ثُمَّ أَذِنَ لأَبِي قُرَّةَ.

(۲۶۳۳۳) حضرت عمرو بن ابی قرۃ الکندی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ اور میرے والد چلے یہاں تک کہ یہ دونوں حضرت سلمان رحمہ اللہ کے گھر پہنچے اور حضرت سلمان رضی اللہ عنہ گھر میں داخل ہوئے اور فرمایا: السلام علیکم، پھر آپ رضی اللہ عنہ نے ابو قرہ کو داخل ہونے کی اجازت دی۔

(۲٦۳۳٤) حَدَّثَنَا ابن فُضَيْلٌ ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ ، عَنْ عَطَاءٍ ، قَالَ :إِذَا دَخَلْتَ عَلَى أَهْلِكَ فَقُلْ :السَّلامُ عَلَيْكُمْ تَحِيَّةٌ مِنْ عِنْدِ اللهِ مُبَارَكَةٌ طَيِّبَةٌ.

(۲۶۳۳۴) حضرت عبدالملک فرماتے ہیں کہ حضرت عطاء رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: جب تم اپنے گھر والوں پر داخل ہو تو یوں کہو: السلام علیکم: ترجمہ: سلام نیک دعا ہے اللہ کے یہاں سے برکت والی ستھری۔

(۲٦۳۳٥) حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ ، عَنْ حُصَيْنٍ ، عَنْ أَبِي مَالِكٍ الْغِفَارِيِّ ، قَالَ :إِذَا دَخَلْتَ عَلَى أَهْلِكَ فَقُلْ : السَّلامُ عَلَيْكُمْ.

(۲۶۳۳۵) حضرت حصین رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابو مالک الغفاری رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: جب تو اپنے گھر والوں پر داخل ہو تو یوں کہہ، السلام علیکم۔

(۲٦۳۳٦) حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ ، عَنْ أَبِي خَلْدَةَ ، قَالَ :دَخَلْتُ مَعَ أَبِي الْعَالِيَةِ بَيْتَهُ فَسَلَّمَ وَلَيْسَ فِيهِ أَحَدٌ ، وَقَالَ شَيْئًا لَمْ أَفْهَمْهُ.

(۲۶۳۳۶) حضرت ابو خلدہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت ابو العالیہ رحمہ اللہ کے ساتھ ان کے گھر میں داخل ہوا تو آپ رحمہ اللہ نے سلام کیا حالانکہ گھر میں کوئی نہیں تھا اور کچھ کلمات پڑھے جن کو میں سمجھ نہیں سکا۔

(۲٦۳۳۷) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، قَالَ :أَخْبرنا ابْنُ عَوْنٍ ، عَنْ مُحَمَّدٍ فِي قَوْلِهِ تَعَالَى :﴿وَالَّذِينَ لَمْ يَبْلُغُوا الْحُلُمَ مِنْكُمْ﴾ قَالَ :كَانَ أَهْلُونَا يُعَلِّمُونَا أَنْ نُسَلِّمَ ، وَكَانَ أَحَدُنَا إِذَا جَاءَ يَقُولُ :السَّلامُ عَلَيْكُمْ ، أَيَدْخُلُ فُلانٌ ؟.

(۲۶۳۳۷) حضرت ابن عون رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ امام محمد رحمۃ اللہ علیہ نے اللہ رب العزت کے اس قول: ﴿وَالَّذِينَ لَمْ يَبْلُغُوا الْحُلُمَ مِنْكُمْ﴾ ترجمہ: اور تم میں سے وہ لوگ جو بلوغ کو پہنچ چکے ہیں۔

اس کے بارے میں ارشاد فرمایا: کہ ہمارے گھر والے ہمیں سکھاتے تھے کہ ہم سلام کریں اور جب ہم میں کوئی آتا تو وہ یوں کہتا۔ السلام علیکم۔ کیا فلاں داخل ہو جائے؟۔

(۲۶۳۳۸) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الأَسَدِيُّ ، قَالَ : حَدَّثَنَا مَعْقِلٌ ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ ، قَالَ : كَانَ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ إِذَا دَخَلَ بَيْتًا ، قَالَ : بِسْمِ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلَّهِ ، وَلاَ قُوَّةَ إِلاَّ بِاللَّهِ وَالسَّلاَمُ عَلَى نَبِيِّ اللهِ ، اللَّهُمَّ افْتَحْ لِي أَبْوَابَ رَحْمَتِكَ ﴿وَأَدْخِلْنِي مُدْخَلَ صِدْقٍ وَأَخْرِجْنِي مُخْرَجَ صِدْقٍ وَاجْعَلْ لِي مِنْ لَدُنْكَ سُلْطَانًا نَصِيرًا﴾ وَهَبْ لِي مِنْ لَدُنْكَ رَحْمَةً ، إِنَّكَ أَنْتَ الْوَهَّابُ ، اللَّهُمَّ احْفَظْنِي مِنْ فَوْقِي أَنْ أُخْتَطَفَ ، وَمِنْ تَحْتِ رِجْلِي أَنْ يُخْسَفَ بِي ، وَعَنْ يَمِينِي ، وَعَنْ شِمَالِي مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ.

(۲۶۳۳۸) حضرت عبد الکریم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر بن عبد العزیز رحمۃ اللہ علیہ جب گھر میں داخل ہوتے تو یہ کلمات کہتے۔ ترجمہ: اللہ کے نام کے ساتھ داخل ہوتا ہیں۔ اور سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں، نیکی کرنے کی طاقت نہیں ہے مگر اللہ کی مدد سے، اور اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر سلام ہو، اے اللہ! تو میرے لیے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے، اور تو مجھے سچائی کی جگہ میں داخل فرما اور مجھے سچائی کی جگہ نکال اور خالص کر دے میرے لیے اپنی جناب سے واضح مدد اور اپنی طرف سے مجھے رحمت عطا فرما، بے شک تو بہت عطا فرمانے والا ہے۔ اے اللہ! تو اوپر سے میری حفاظت فرما اس بات سے کہ میں اُچک لیا جاؤں، اور میری دونوں ٹانگوں کے نیچے سے بھی میری حفاظت فرما اس بات سے کہ میں اس میں دھنس جاؤں، اور میرے دائیں اور بائیں سے بھی حفاظت فرما شیطان مردود سے۔

(۲۶۳۳۹) حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ ، قَالَ : كَانَ عَبْدُ اللهِ إِذَا دَخَلَ دَارَهُ اسْتَأْنَسَ وَتَكَلَّمَ ، ثُمَّ رَفَعَ صَوْتَهُ.

(۲۶۳۳۹) حضرت ابو عبیدہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ جب اپنے گھر میں داخل ہوتے تو مانوس ہوتے اور بات کرتے پھر اپنی آواز کو بلند کرتے۔

(۷۷) فِي الْيَهُودِيِّ وَالنَّصْرَانِيِّ يُدْعَى لَهُ

یہودی اور نصرانی کے لیے یوں دعا کی جائے گی

(۲۶۳۴۰) حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ ، عَنْ مَعْمَرٍ ، عَنْ قَتَادَةَ ، أَنَّ يَهُودِيًّا حَلَبَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَاقَةً فَقَالَ : اللَّهُمَّ جَمِّلْهُ ، فَاسْوَدَّ شَعْرُهُ. (ابوداؤد ۴۹۲)

(۲۶۳۴۰) حضرت قتادہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ایک یہودی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے اونٹنی کا دودھ دھویا۔ اس پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو یوں دعا دی: اے اللہ! تو اس کو خوبصورت بنا دے، پس اس کے بال سیاہ ہو گئے۔

(٢٦٣٤١) حَدَّثَنَا جَرِيرٌ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، قَالَ : لاَ بَأْسَ أَنْ تَقُولَ لِلْيَهُودِيِّ هَدَاكَ اللهُ.

(۲۶۳۴۱) حضرت منصور رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا: اس میں کوئی حرج نہیں ہے کہ تم یہودی کو یوں کہو: ھداک اللہ۔ اللہ تمہیں ہدایت دے۔

(٢٦٣٤٢) حَدَّثَنَا جَرِيرٌ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، قَالَ : جَاءَ يَهُودِيٌّ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ : ادْعُ اللَّهَ لِي ، فَقَالَ : كَثَّرَ اللَّهُ مَالَكَ وَوَلَدَكَ وَأَصَحَّ جِسْمَكَ وَأَطَالَ عُمْرَكَ.

(۲۶۳۴۲) حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ایک یہودی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آیا اور کہنے لگا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ سے میرے حق میں دعا فرما دیجئے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تیرے حال اور تیری اولاد کو بڑھا دے اور تیرے جسم کو صحت مند کر دے اور تیری عمر کو لمبا کر دے۔

(٢٦٣٤٣) حَدَّثَنَا الْفَضْلُ ، عَنْ أَبِي سِنَانٍ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ ، قَالَ : لَوْ قَالَ لِي فِرْعَوْنُ بَارَكَ اللَّهُ فِيكَ لَقُلْتُ وَفِيكَ.

(۲۶۳۴۳) حضرت ابوسنان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت سعید بن جبیر رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا: اگر فرعون بھی مجھے کہے: بارك الله فيك: اللہ تجھ میں برکت دے تو میں بھی کہوں گا اور تجھ میں بھی۔

(٧٨) فِي الرَّجُلِ يستأذِن ولا يسلِّم

اس آدمی کا بیان جو اجازت طلب کرے اور سلام نہ کرے

(٢٦٣٤٤) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ أَشْعَثَ ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ ، عَنْ جَابِرٍ ، قَالَ : سَأَلْتُهُ عَنِ الرَّجُلِ يَسْتَأْذِنُ عَلَيَّ ، وَلاَ يُسَلِّمُ آذَنُ لَهُ ؟ قَالَ : أَكْرَهُ أَنْ آذَنَ لَهُ وَالنَّاسُ يَفْعَلُونَهُ.

(۲۶۳۴۴) حضرت ابوالزبیر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے اس آدمی کے بارے میں سوال کیا: جو مجھ سے اجازت تو طلب کرے اور سلام نہ کرے کیا میں اسے اجازت دے دوں؟ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: میں ناپسند کرتا ہوں کہ میں اس کو اجازت دوں اور لوگ تو ایسے ہی کرتے ہیں۔

(٢٦٣٤٥) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ ، عَنْ عَطَاءٍ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، قَالَ : لاَ تَأْذَنُوا حَتَّى تُؤْذَنُوا بِالسَّلاَمِ.

(۲۶۳۴۵) حضرت عطاء رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: تم اجازت نہ دو، یہاں تک کہ سلام کے ذریعہ تم سے اجازت مانگی جائے۔

(٢٦٣٤٦) حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ ، عَنْ أَبِي الأَحْوَصِ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ ، قَالَ :إِذَا دُعِيتَ ، فَهُوَ إِذْنُكَ ، فَسَلِّمْ ، ثُمَّ ادْخُلْ.

(۲۶۳۴۶) حضرت ابوالاحوص رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: جب تجھے بلایا گیا ہو تو یہ تیرے لیے اجازت ہے، پس سلام کر پھر داخل ہو جا۔

(٢٦٣٤٧) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، عَنِ الْجُرَيْرِيِّ ، عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ ، قَالَ :اسْتَأْذَنَ رَجُلٌ عَلَى رَجُلٍ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ قَائِمٌ عَلَى الْبَابِ فَقَالَ :أَدْخُلُ ، ثَلاَثَ مَرَّاتٍ ، وَهُوَ يَنْظُرُ إِلَيْهِ ، فَلَمْ يَأْذَنْ لَهُ ، ثُمَّ قَالَ :السَّلاَمُ عَلَيْكُمْ أَدْخُلُ ، فَقَالَ :ادْخُلْ ، ثُمَّ قَالَ :لَوْ أَقَمْتَ إِلَى اللَّيْلِ تَقُولُ أَدْخُلُ ، مَا أَذِنْتُ لَكَ حَتَّى تَبْدَأَ بِالسَّلاَمِ.

(۲۶۳۴۷) حضرت ابن بریدہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ رضی اللہ عنہم میں سے کسی صحابی سے اجازت مانگی اس حال میں کہ وہ دروازے پر کھڑے ہوئے تھے۔ اس شخص نے تین مرتبہ کہا۔ کیا میں داخل ہو جاؤں؟ آپ رضی اللہ عنہ اس کی طرف دیکھ رہے تھے مگر اس کو اجازت نہیں دی۔ پھر اس نے ان سے یوں پوچھا: السلام علیکم کیا میں داخل ہو جاؤں؟ آپ رضی اللہ عنہ نے اس سے کہا: داخل ہو جاؤ۔ پھر فرمایا: اگر تم پوری رات بھی کھڑے ہو کر کہتے رہتے کہ کیا میں داخل ہو جاؤں؟ تو میں تمہیں اجازت نہ دیتا یہاں تک کہ تم سلام سے ابتداء کرتے۔

(٢٦٣٤٨) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنْ صَالِحٍ الْقُدَادِى ، قَالَ :بَعَثَنِى أَهْلِى إِلَى سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ بِهَدِيَّةٍ ، فَانْتَهَيْتُ إِلَى الْبَابِ وَهُوَ يَتَوَضَّأُ فَقُلْتُ :أَدْخُلُ ؟ فَسَكَتَ ثَلاَثًا ، قَالَ :قُلْ :السَّلاَمُ عَلَيْكُمْ ، قَالَ :فَدَخَلْتُ فَقَالَ :لَمْ أَرَكَ تَهْتَدِى إِلَى السُّنَّةِ فَعَلَّمْتُكَ.

(۲۶۳۴۸) حضرت صالح القدادی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میرے گھر والوں نے مجھے حضرت سعید بن جبیر رحمہ اللہ کے پاس ہدیہ دے کر بھیجا، میں ان کے دروازے پر پہنچا اس حال میں کہ وہ وضو فرما رہے تھے۔ میں نے کہا: کیا میں داخل ہو جاؤں؟ پس وہ تین دفعہ خاموش رہے۔ فرمایا: یوں کہو: السلام علیکم۔ راوی کہتے ہیں، پھر میں داخل ہو گیا تو آپ رحمہ اللہ نے فرمایا: میں نے تمہیں سنت کے راستہ پر چلتے ہوئے نہیں دیکھا لہٰذا میں نے تمہیں سنت سکھا دی۔

(٢٦٣٤٩) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ ، عَنْ جَابِرٍ ، قَالَ :اسْتَأْذَنْتُ النَّبِىَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ :مَنْ هَذَا ؟ فَقُلْتُ :أَنَا ، فَقَالَ النَّبِىُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :أَنَا أَنَا. (بخاری ۶۲۵۰۔ مسلم ۳۸)

(۲۶۳۴۹) حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے اجازت طلب کی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا: یہ کون شخص ہے؟ میں نے کہا: میں ہوں۔ اس پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں میں! میں میں کیا ہوتا ہے۔

(٧٩) فِي الرَّجلِ يقال له ادخل بسلامٍ

اس آدمی کا بیان جس کو یوں کہا جائے کہ سلامتی کے ساتھ داخل ہو جاؤ

(٢٦٣٥٠) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ عِمْرَانَ ، عَنْ أَبِي مِجْلَزٍ ، قَالَ : كَانَ ابْنُ عُمَرَ إِذَا اسْتَأْذَنَ فَقِيلَ لَهُ : ادْخُلْ بِسَلَامٍ ، رَجَعَ ، قَالَ : لَا أَدْرِي أَدْخُلُ بِسَلَامٍ ، أَوْ بِغَيْرِ سَلَامٍ.

(۲۶۳۵۰) حضرت ابومجلز رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ جب اجازت طلب کرتے اور ان کو یوں کہہ دیا جاتا، کہ سلامتی کے ساتھ داخل ہو جاؤ، تو آپ رحمہ اللہ واپس لوٹ جاتے اور فرماتے میں نہیں جانتا کہ میں سلامتی کے ساتھ ہوں گا یا بغیر سلامتی کے؟

(٢٦٣٥١) حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنْ يُونُسَ ، عَنْ أَبِي الجَرَّاحِ ، عَنْ رَجُلٍ مِنْ أَهْلِ الْحِجَازِ ، قَالَ : قَالَتِ امْرَأَتِي : ائْتِنِي بِأَبِي هُرَيْرَةَ حَتَّى أَسْتَفْتِيَهُ ، عَنْ بَعْضِ شأني ، فَأَتَيْتُه ، فَجَاءَ مَعِي ، فَلَمَّا انْتَهَيْنَا إِلَى الْبَابِ ، قَالَ : ادْخُلِ الدَّارَ ، فَدَخَلْت فَقُلْت : هَذَا أَبُو هُرَيْرَةَ قَدْ جَاءَ فَقَالَ : السَّلَامُ عَلَيْكُمْ أَدْخُلُ ، فَقُلْنَا : ادْخُلْ بِسَلَامٍ ، فَعَادَ فَقَالَ : السَّلَامُ عَلَيْكُمْ أَدْخُلُ ، فَقُلْنَا : ادْخُلْ بِسَلَامٍ ، قَالَ : قُولُوا : ادْخُلْ ، فَقَالَ : السَّلَامُ عَلَيْكُمْ أَدْخُلُ ؟ فَقُلْنَا لَهُ : ادْخُلْ ، فَدَخَلَ.

(۲۶۳۵۱) حضرت ابوالجراح رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ اہل حجاز میں سے ایک آدمی نے بیان کیا کہ میری بیوی نے مجھے کہا: تم حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو میرے پاس لے آؤ یہاں تک کہ میں ان سے اپنے متعلق فتویٰ پوچھ لوں، پس میں آپ رضی اللہ عنہ کے پاس آیا تو آپ رضی اللہ عنہ میرے ساتھ آ گئے، جب ہم دروازے پر پہنچے تو آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: گھر میں داخل ہو جاؤ، تو میں داخل ہو گیا اور میں نے کہا: یہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ آ گئے ہیں۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: السلام علیکم: کیا میں داخل ہو جاؤں؟ ہم نے کہا: آپ رضی اللہ عنہ سلامتی کے ساتھ داخل ہو جائیں۔ آپ رضی اللہ عنہ نے دوبارہ کہا: السلام علیکم، کیا میں داخل ہو جاؤں؟ ہم نے پھر کہا: آپ رضی اللہ عنہ سلامتی کے ساتھ داخل ہو جائیں۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم لوگ یوں کہو کہ داخل ہو جائیں۔ آپ رضی اللہ عنہ نے پوچھا: السلام علیکم، کیا میں داخل ہو جاؤں؟ ہم نے ان سے کہا: داخل ہو جائیں۔ پس آپ رضی اللہ عنہ داخل ہو گئے۔

(٨٠) فِي الرَّجلِ يدخل البيت ليس فِيهِ أحدٌ

اس آدمی کا بیان جو ایسے گھر میں داخل ہو جس میں کوئی نہ ہو

(٢٦٣٥٢) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنْ عَمْرٍو ، عَنْ عِكْرِمَةَ ، قَالَ : إِذَا دَخَلْت بَيْتًا لَيْسَ فِيهِ أَحَدٌ فَقُلْ : السَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلَى عِبَادِ اللهِ الصَّالِحِينَ.

(۲۶۳۵۲) حضرت عمرو رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عکرمہ رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: جب تم ایسے گھر میں داخل ہو جس میں کوئی نہ ہو تو تم یوں کہو: (السَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلَى عِبَادِ اللهِ الصَّالِحِينَ) سلامتی ہو ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں پر۔

(٢٦٣٥٣) حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ ، عَنْ هِشَامِ بْنِ سَعْدٍ ، عَنْ نَافِعٍ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ ؛ فِي الرَّجُلِ يَدْخُلُ فِي الْبَيْتِ ، أَوْ فِي الْمَسْجِدِ لَيْسَ فِيهِ أَحَدٌ ، قَالَ :يَقُولُ :السَّلاَمُ عَلَيْنَا وَعَلَى عِبَادِ اللهِ الصَّالِحِينَ.

(۲۶۳۵۳) حضرت نافع رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے اس آدمی کے بارے میں جو کسی گھر یا مسجد میں داخل ہو اور وہاں کوئی نہ ہو یوں ارشاد فرمایا: کہ وہ شخص یوں کہے۔ (السَّلاَمُ عَلَيْنَا وَعَلَى عِبَادِ اللهِ الصَّالِحِينَ)۔

(٢٦٣٥٤) حَدَّثَنَا أَبُو الأَحوص ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ قَالَ :قُلِ :السَّلاَمُ عَلَيْنَا وَعَلَى عِبَادِ اللهِ الصَّالِحِينَ.

(۲۶۳۵۴) حضرت ابراہیم فرماتے ہیں کہ تم یہ کہو: ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں پر سلامتی ہو۔

(٢٦٣٥٥) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ أَبِي سِنَانٍ ، عَنْ مَاهَانَ فِي قَوْلِهِ تَعَالَى :﴿فَإِذَا دَخَلْتُمْ بُيُوتًا فَسَلِّمُوا عَلَى أَنْفُسِكُمْ تَحِيَّةً مِنْ عِنْدِ اللهِ مُبَارَكَةً طَيِّبَةً﴾ قَالَ :تَقُولُ :السَّلاَمُ عَلَيْنَا مِنْ رَبِّنَا.

(۲۶۳۵۵) حضرت ابوسنان رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ماہان رحمہ اللہ نے اللہ رب العزت کے اس قول: ﴿فَإِذَا دَخَلْتُمْ بُيُوتًا فَسَلِّمُوا عَلَى أَنْفُسِكُمْ تَحِيَّةً مِنْ عِنْدِ اللهِ مُبَارَكَةً طَيِّبَةً﴾ کے بارے میں یوں ارشاد فرمایا: کہ وہ آدمی یوں سلام کرے: (السَّلاَمُ عَلَيْنَا مِنْ رَبِّنَا) ہم پر ہمارے رب کی طرف سے سلامتی ہو۔

(٢٦٣٥٦) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَبْدِالْكَرِيمِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، قَالَ:تَقُولُ:السَّلاَمُ عَلَيْنَا، وَعَلَى عِبَادِ اللهِ الصَّالِحِينَ.

(۲۶۳۵۶) حضرت عبدالکریم رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت مجاہد رحمہ اللہ یوں فرماتے تھے: السَّلاَمُ عَلَيْنَا، وَعَلَى عِبَادِ اللهِ الصَّالِحِينَ.

(٢٦٣٥٧) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ، قَالَ :إِذَا دَخَلْتَ بَيْتًا ، لَيْسَ فِيهِ أَحَدٌ ، فَقُلْ بِسْمِ اللهِ ، الْحَمْدُ لِلَّهِ ، السَّلاَمُ عَلَيْنَا ، وَعَلَى عِبَادِ اللهِ الصَّالِحِينَ.

(۲۶۳۵۷) حضرت عبدالکریم رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت مجاہد رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: جب تم کسی گھر میں داخل ہو جہاں کوئی بھی نہ ہو تو تم یوں کہو: ''اللہ کے نام کے ساتھ داخل ہوتا ہوں۔ سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں۔ ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں پر سلامتی ہو۔''

(٢٦٣٥٨) حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ عَبْدِالْمَلِكِ ، عَنْ عَطَاءٍ ، قَالَ:إِذَا لَمْ يَكُنْ فِيهِ أَحَدٌ فَقُلْ:السَّلاَمُ عَلَيْنَا مِنْ رَبِّنَا.

(۲۶۳۵۸) حضرت عبدالملک رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عطاء رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: جب گھر میں کوئی نہ ہو تو یوں کہا کرو۔ السلام علینا من ربنا. ہم پر ہمارے رب کی طرف سے سلامتی ہو۔

(٨١) فِي الرَّجلِ يكتب بِسمِ اللهِ لِفلانٍ

اس آدمی کا بیان جو یوں خط لکھے: اللہ کے نام کے ساتھ فلاں شخص کے لیے

(٢٦٣٥٩) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، قَالَ :حَدَّثَنَا ابْنُ عَوْنٍ ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ ، أَنَّ رَجُلاً كَتَبَ لابْنِ عُمَرَ :بِسْمِ اللهِ لِفُلاَنٍ ،

فَقَالَ :ابْنُ عُمَرَ :مَهْ ، إِنَّ اسْمَ اللهِ هُوَ لَهُ وَحْدَهُ.

(۲۶۳۵۹) حضرت ابن سیرین رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کو خط میں یوں لکھا: اللہ کے نام کے ساتھ فلاں شخص کے لیے، اس پر حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: رک جاؤ۔ یقیناً اللہ کا نام صرف اسی کے لیے خاص ہے۔

(٢٦٣٦٠) حَدَّثَنَا جَرِيرٌ ، عَنْ مُغِيرَةَ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، قَالَ : كَانَ يُكْرَهُ أَنْ يُكْتَبَ أَوَّلَ الرِّسَالَةِ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ لِفُلاَنٍ ، وَلاَ يَرَى بَأْسًا أَنْ يُكْتَبَ فِي أول والعُنوان.

(۲۶۳۶۰) حضرت مغیرہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابراہیم رحمہ اللہ خط کے شروع میں یوں لکھنے کو مکروہ سمجھتے تھے۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لفلان. اور اُس کو پتہ کے شروع میں لکھنے میں کوئی حرج نہیں سمجھتے تھے۔

(٢٦٣٦١) حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ بَكْرٍ، قَالَ :أَكْتُبُ إِلَى فُلاَنٍ، وَلاَ أَكْتُبُ لِفُلاَنٍ.

(۲۶۳۶۱) حضرت حمید رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت بکر رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: یوں لکھا کرو۔ (الی فلان) فلاں آدمی کی طرف، یوں مت لکھا کرو۔ لِفلان. یعنی فلاں آدمی کے لیے۔

(٢٦٣٦٢) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَمَانٍ ، عَنْ إِسْرَائِيلَ ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ سَلمان ، عَنْ دِينَارٍ ، عَنِ ابْنِ الْحَنَفِيَّةِ ، قَالَ : لاَ بَأْسَ أَنْ يَكْتُبَ :بِسْمِ اللهِ لِفُلاَنٍ.

(۲۶۳۶۲) حضرت دینار رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن حنفیہ رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: کہ بسم اللہ لفلان لکھنے میں کوئی حرج کی بات نہیں ہے۔

(٢٦٣٦٣) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَمَانٍ ، عَنْ إِسْرَائِيلَ ، عَنِ الشَّعْبِيِّ مِثْلَهُ.

(۲۶۳۶۳) امام شعبی رحمہ اللہ سے مذکورہ ارشاد اس سند سے منقول ہے۔

(٨٢) فِي الرَّجلِ يكتب إلى الرَّجلِ كيف يكتب ؟

اس آدمی کا بیان جو کسی آدمی کو خط لکھنا چاہتا ہے تو وہ کیسے خط لکھے

(٢٦٣٦٤) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، أَنَّهُ قَالَ :إِذَا كَتَبَ كَتَبَ :السَّلاَمُ عَلَيْكَ فِيمَا أَحْمَدُ اللَّهَ الَّذِي لاَ إِلَهَ إِلاَّ هُوَ وَهُوَ لِلْحَمْدِ أَهْلٌ تَبَارَكَ وَتَعَالَى : ﴿لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ﴾.

(۲۶۳۶۴) حضرت منصور رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابراہیم رحمہ اللہ جب خط لکھتے تو یوں لکھتے: السلام علیك. ترجمہ: اس میں میں اللہ کی حمد بیان کرتا ہوں جس کے سوا کوئی معبود برحق نہیں اور وہی حمد کا اہل ہے۔ اس کی ذات بابرکت اور بلند ہے۔ اس ہی کا ملک اور اس ہی کی تعریف ہے اور وہ ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے۔

(۸۳) فِي الرَّجلِ يكتب أمّا بعد

اس آدمی کا بیان جو خط میں ''امابعد'' لکھے

(٢٦٣٦٥) حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سُوقَةَ ، قَالَ : أَتَيْتُ نُعَيْمَ بْنَ أَبِي هِنْدٍ فَأَخْرَجَ إِلَيَّ صَحِيفَةً فَإِذَا فِيهَا مِنْ أَبِي عُبَيْدَةَ بْنِ الْجَرَّاحِ وَمُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ إِلَى عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ سَلَامٌ عَلَيْكَ أَمَّا بَعْدُ فَكَتَبَ إِلَيْهِمَا مِنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ إِلَى أَبِي عُبَيْدَةَ بْنِ الْجَرَّاحِ وَمُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ سَلَامٌ عَلَيْكُمَا أَمَّا بَعْدُ .

(۲۶۳۶۵) حضرت محمد بن سوقہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت نعیم بن ابی ھند رحمہ اللہ کے پاس آیا تو آپ رحمہ اللہ نے مجھے ایک صحیفہ نکال کر دکھایا اس میں یوں لکھا ہوا تھا۔ ابوعبیدہ بن جراح اور معاذ بن جبل کی جانب سے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کی طرف۔ آپ پر سلامتی ہو۔ امابعد: حمد وصلوۃ کے بعد اور پھر جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان دونوں کو خط کا جواب لکھا تو وہ یوں تھا۔ عمر بن خطاب کی جانب سے حضرت ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ اور حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کی طرف، تم دونوں پر سلام ہو، امابعد۔

(٢٦٣٦٦) حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ نُمَيْرٍ ، عَنْ زَكَرِيَّا بْنِ أَبِي زَائِدَةَ ، عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ ذَرِيحٍ ، عَنِ الشَّعْبِيِّ ، قَالَ : كَتَبَتْ عَائِشَةُ إِلَى مُعَاوِيَةَ : أَمَّا بَعْدُ .

(۲۶۳۶۶) امام شعبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی طرف خط لکھا تو اس میں لکھا: امابعد۔

(٢٦٣٦٧) حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنْ أَيُّوبَ ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ ، قَالَ : حَدَّثَنِي مَنْ قَرَأَ كِتَابَ عُثْمَانَ ، أَوْ مَنْ قُرِئَ عَلَيْهِ : أَمَّا بَعْدُ .

(۲۶۳۶۷) حضرت ابوقلابہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ مجھے اس شخص نے بیان کیا جس نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا خط پڑھا یا اس پر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا خط پڑھا گیا۔ آپ رضی اللہ عنہ نے یوں لکھا تھا، امابعد۔

(٢٦٣٦٨) حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ ، قَالَ : قَرَأْتُ رَسَائِلَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلَّمَا انْقَضَتْ قِصَّةٌ ، قَالَ : أَمَّا بَعْدُ . (بخاری ۷۔ مسلم ۱۳۹۳)

(۲۶۳۶۸) حضرت عبدہ بن سلیمان رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ھشام بن عروہ رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے خطوط پڑھے جب بھی کوئی بات ختم ہوتی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ''امابعد''

(٢٦٣٦٩) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ ، قَالَ : حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا ، قَالَ : سَمِعْتُ عَامِرًا يَقُولُ : قَالَ زِيَادٌ : إِنَّ فَصْلَ الْخِطَابِ الَّذِي أُعْطِيَ دَاوُد أَمَّا بَعْدُ .

(۲۶۳۶۹) حضرت عامر رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت زیاد رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: بے شک حضرت داؤد علیہ السلام کو یہ فصل خطاب عطا کیا گیا تھا ''امابعد''۔

(٢٦٣٧٠) حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ بُرْقَانَ ، عَنْ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ ، أَنَّهُ كَتَبَ فِي رِسَالَةٍ أَمَّا بَعْدُ ، ثُمَّ قَالَ : كَانَ فِي رَسَائِلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَّا بَعْدُ.

(۲۶۳۷۰) حضرت جعفر بن برقان رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ نے خط میں یوں لکھا ''امابعد'' پھر ارشاد فرمایا: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے خطوط میں بھی یوں لکھا ہوتا تھا ''امابعد''۔

(٢٦٣٧١) حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ ، قَالَ : حَدَّثَنَا سُفْيَانُ ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ ، قَالَ : أَرْسَلَنِي أَبِي إِلَى ابْنِ عُمَرَ فَرَأَيْتُهُ يَكْتُبُ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ أَمَّا بَعْدُ.

(۲۶۳۷۱) حضرت زید بن اسلم رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میرے والد نے مجھے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کے پاس بھیجا میں نے ان کو دیکھا کہ وہ خط لکھ رہے تھے اور یوں لکھا کہ: بِسْمِ اللهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ أَمَّا بَعْدُ.

(٢٦٣٧٢) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ هِشَامٍ ، قَالَ : قَرَأْتُ فِي رَسَائِلَ مِنْ رَسَائِلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلَّمَا انْقَضَى أَمْرٌ ، قَالَ : أَمَّا بَعْدُ. (بخاری ۱۱۲۱)

(۲۶۳۷۲) حضرت ابو اسامہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ہشام نے ارشاد فرمایا کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے خطوط میں سے کچھ خطوط پڑھے جب بھی کوئی بات مکمل ہوتی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے: ''امابعد''۔

(٢٦٣٧٣) حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ سَعْدٍ أَبُو دَاوُدَ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنِ الأَسْوَدِ بْنِ قَيْسٍ ، عَنْ ثَعْلَبَةَ بْنِ عِبَادٍ ، عَنْ سَمُرَةَ ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَطَبَ فَقَالَ : أَمَّا بَعْدُ. (ابن حبان ۲۸۵۶۔ ابن خزيمة ۱۳۹۷)

(۲۶۳۷۳) حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبہ دیا اور فرمایا: ''امابعد''۔

(٢٦٣٧٤) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ ، وَابْنُ نُمَيْرٍ ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ ، عَنْ أَبِيهِ ، أَنَّ أَبَا حُمَيْدٍ السَّاعِدِيَّ حَدَّثَهُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَطَبَ فَقَالَ : أَمَّا بَعْدُ. (بخاری ۹۲۵۔ مسلم ۱۴۶۴)

(۲۶۳۷۴) حضرت ابوحمید الساعدی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبہ دیا اور فرمایا: ''امابعد''۔

(٢٦٣٧٥) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، قَالَ : حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ عَائِشَةَ ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَكَلَّمَ فَقَالَ : أَمَّا بَعْدُ. (بخاری ۳۱۴۱۔ مسلم ۲۱۳۷)

(۲۶۳۷۵) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بات کی اور فرمایا: امابعد۔

(٢٦٣٧٦) حَدَّثَنَا مَيْمُونٌ الزَّعْفَرَانِيُّ ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ جَابِرٍ ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَطَبَ فَقَالَ : أَمَّا بَعْدُ. (مسلم ۵۹۲۔ احمد ۳/ ۳۱۰)

(۲۶۳۷۶) حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبہ دیا اور فرمایا ''امابعد''۔

(٢٦٣٧٧) حَدَّثَنَا عَفَّانُ ، قَالَ : حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ ، عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ ، عَنِ

الطُّفَيْلِ بْنِ سَخْبَرَةَ أَخٍ لِعَائِشَةَ مِنَ الرَّضَاعَةِ ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ :أَمَّا بَعْدُ.

(ابن ماجه ۲۱۱۸۔ حاکم ۳)

(۲۶۳۷۷) حضرت طفیل بن سخبرہ رضی اللہ عنہ جو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے رضاعی بھائی ہیں فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: أَمَّابَعْدُ.

(۲۶۳۷۸) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ ، عَنْ أَبِي حَيَّانَ ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ حَيَّانَ ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَطَبَهُمْ فَقَالَ :أَمَّا بَعْدُ. (مسلم ۱۸۷۴۔ ابو داؤد ۴۹۳۴)

(۲۶۳۷۸) حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کو خطبہ دیا اور فرمایا: أَمَّابَعْدُ.

(۲۶۳۷۹) حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ ، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى ، قَالَ : كَتَبَ أَبُو الدَّرْدَاءِ إِلَى مَسْلَمَةَ بْنِ مَخْلَدٍ وَهُوَ أَمِيرٌ بِمِصْرَ :أَمَّا بَعْدُ.

(۲۶۳۷۹) حضرت ابن ابی لیلیٰ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابو الدرداء رضی اللہ عنہ نے حضرت مسلمہ بن مخلد رضی اللہ عنہ کو خط لکھا جو کہ مصر کے امیر تھے اور اس میں لکھا: أَمَّابَعْدُ.

(۲۶۳۸۰) حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ الأَحْمَرُ ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ هُبَيْرَةَ ، قَالَ : كَتَبَ أَبُو الدَّرْدَاءِ إِلَى سَلْمَانَ :أَمَّا بَعْدُ . وَكَتَبَ سَلْمَانُ إِلَى أَبِي الدَّرْدَاءِ أَمَّا بَعْدُ.

(۲۶۳۸۰) حضرت عبد اللہ بن ھبیرہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابو الدرداء رضی اللہ عنہ نے حضرت سلمان رضی اللہ عنہ کو خط میں لکھا ''امابعد'' اور حضرت سلمان رضی اللہ عنہ نے حضرت ابو الدرداء رضی اللہ عنہ کو خط میں لکھا ''أَمَّا بَعْدُ''۔

(۲۶۳۸۱) حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي بُرْدَةَ ، قَالَ : كَتَبَ عُمَرُ إِلَى أَبِي مُوسَى :أَمَّا بَعْدُ.

(۲۶۳۸۱) حضرت سعید بن ابی بردہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ کو خط میں یوں لکھا: أَمَّابَعْدُ۔

(۲۶۳۸۲) حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ إِسْحَاقَ ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ الْقُرَشِيِّ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُكَيْمٍ ، قَالَ :خَطَبَنَا أَبُو بَكْرٍ فَقَالَ :أَمَّا بَعْدُ.

(۲۶۳۸۲) حضرت عبد اللہ بن عکیم رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ نے ہمیں خطبہ دیا اور فرمایا: أَمَّابَعْدُ۔

(۲۶۳۸۳) حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ ، عَنْ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ دِلاَفٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ عَمِّ أَبِيهِ بِلاَلِ بْنِ الْحَارِثِ ، قَالَ :خَطَبَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ فَقَالَ :أَمَّا بَعْدُ.

(۲۶۳۸۳) حضرت بلال بن حارث رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے خطبہ دیا اور فرمایا: أَمَّابَعْدُ۔

(۲۶۳۸٤) حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ مُعَاذٍ ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ ، عَنْ مُحَمَّدٍ ، قَالَ : كَتَبَ أَبُو مُوسَى إِلَى عَامِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ الَّذِي

كَانَ يُدْعَى ابْنَ عَبْدِ الْقَيْسِ :أَمَّا بَعْدُ.

(۲۶۳۸۴) امام محمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوموسی نے حضرت عامر بن عبداللہ کو جو حضرت ابن عبدالقیس کے نام سے پکارے جاتے تھے کو خط میں یوں لکھا۔ أَمَّا بَعْدُ۔

(٨٤) فِي السَّلامِ على أهلِ الذِّمّةِ ، ومن قَالَ للصّحبة حقٌّ

ذمیوں پر سلام کرنے کا بیان اور جو یوں کہے کہ ہم نشینی کا بھی کچھ حق ہے

(٢٦٣٨٥) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، قَالَ: أَقْبَلْتُ مَعَ عَبْدِاللهِ مِنَ السَّيْلَحِين فَصَحِبَهُ دَهَاقِينَ مِنْ أَهْلِ الْحِيرَةِ ، فَلَمَّا دَخَلُوا الْكُوفَةَ أَخَذُوا فِي طَرِيقٍ غَيْرِ طَرِيقِهِمْ ، فَالْتَفَتَ إِلَيْهِمْ فَرَآهُمْ قَدْ عَدَلُوا ، فَأَتْبَعَهُمُ السَّلامَ ، فَقُلْتُ :أَتُسَلِّمُ عَلَى هَؤُلاءِ الْكُفَّارِ ، فَقَالَ :نَعَمْ إِنَّهُم صَحِبُونِي وَلِلصُّحْبَةِ حَقٌّ.

(۲۶۳۸۵) حضرت علقمہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے ساتھ سیلحین مقام سے آرہا تھا، کہ مقام حیرہ کے کچھ تاجر بھی آپ کے ساتھ ہو لیے، جب یہ لوگ کوفہ میں داخل ہوئے تو انہوں نے اس راستہ کو چھوڑ کر دوسرا راستہ پکڑ لیا تو آپ رضی اللہ عنہ ان کی طرف متوجہ ہوئے اور آپ رضی اللہ عنہ نے ان کو دیکھا کہ وہ راستہ سے ہٹ گئے ہیں تو آپ رضی اللہ عنہ نے ان کو سلام کیا، میں نے پوچھا: کیا آپ رضی اللہ عنہ نے ان کافروں کو سلام کیا؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: بے شک ان لوگوں نے میرا ساتھ اختیار کیا اور ساتھی کا بھی کچھ حق ہے۔

(٢٦٣٨٦) حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ ، عَنْ عَاصِمٍ ، عَنْ حَمَّادٍ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، عَنْ عَلْقَمَةَ ، قَالَ :مَا زَادَهُمْ عَبْدُ اللهِ عَنِ الإِشَارَةِ.

(۲۶۳۸۶) حضرت ابراہیم رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت علقمہ رحمہ اللہ نے فرمایا کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے ان کو اشارے سے زیادہ کچھ نہیں کہا۔

(٢٦٣٨٧) حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ ، عَنْ شُعَيْبِ بْنِ الْحَبْحَابِ ، قَالَ : كُنْتُ مَعَ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ اللهِ الْبَارِقِيِّ ، فَمَرَّ عَلَيْنَا يَهُودِيٌّ ، أَوْ نَصْرَانِيٌّ عَلَيْهِ كَارَةٌ مِنْ طَعَامٍ ، فَسَلَّمَ عَلَيْهِ عَلِيٌّ ، فَقَالَ شُعَيْبٌ :فَقُلْتُ :إِنَّهُ يَهُودِيٌّ، أَوْ نَصْرَانِيٌّ ، فَقَرَأَ عَلِيٌّ آخِرَ سُورَةِ الزُّخْرُفِ ﴿وَقِيلِهِ يَا رَبِّ إِنَّ هَؤُلاءِ قَوْمٌ لا يُؤْمِنُونَ فَاصْفَحْ عَنْهُمْ وَقُلْ سَلامٌ فَسَوْفَ يَعْلَمُونَ﴾.

(۲۶۳۸۷) حضرت شعیب بن حجاب رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت علی بن عبداللہ البارقی رحمہ اللہ کے ساتھ تھا کہ ہمارے پاس سے ایک یہودی یا نصرانی گزرا جس کے پاس کھانے کا بوجھ تھا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اس کو سلام کیا۔ اس پر حضرت شعیب رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ میں نے فرمایا: یہ تو یہودی یا نصرانی ہے! تو حضرت علی رحمہ اللہ نے سورۃ زخرف کے آخری حصہ کی تلاوت فرمائی۔ ترجمہ: قسم ہے

رسول کے اس کہے کی کہ اے رب یہ لوگ ہیں کہ یقین نہیں لاتے، سو تو منہ پھیر لے ان کی طرف سے اور کہہ سلام ہے۔ اب آخر کو وہ معلوم کر لیں گے۔

(٢٦٣٨٨) حَدَّثَنَا كَثِيرُ بْنُ هِشَامٍ ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ بُرْقَانَ ، قَالَ :حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ ، قَالَ :بَلَغَنِي ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ مَرَّ عَلَى يَهُودِيٍّ فَسَلَّمَ ، فَقِيلَ لَهُ :إِنَّهُ يَهُودِيٌّ ، فَقَالَ :يَا يَهُودِيُّ ، رُدَّ عَلَيَّ سَلاَمِي ، وَأَدْعُو لَكَ ، قَالَ :قَدْ رَدَدْتُه ، قَالَ :اللَّهُمَّ كَثِّرْ مَالَهُ وَوَلَدَهُ.

(۲۶۳۸۸) حضرت معمر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ مجھے خبر پہنچی کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ ایک یہودی کے پاس سے گزرے اور اس کو سلام کیا۔ آپ رضی اللہ عنہ کو بتلایا گیا: یہ تو یہودی ہے! آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے یہودی مجھے میرا اسلام لوٹا دو اور میں تمہارے لیے دُعا کرتا ہوں۔ اس یہودی نے کہا کہ تحقیق میں نے اس کو لوٹا دیا۔ آپ رضی اللہ عنہ نے یوں دعا فرمائی۔ اے اللہ! اس کے مال اور اولاد کو بڑھا دے۔

(٨٥) فِي الرَّاكِبِ يسلِّم على الماشِي

سوار کا پیدل چلنے والے کو سلام کرنے کا بیان

(٢٦٣٨٩) حَدَّثَنَا أَبُو الأَحْوَصِ ، عَنْ عَاصِمٍ ، عَنْ مُحَمَّدٍ ، قَالَ :يُسَلِّمُ الرَّاكِبُ عَلَى الْمَاشِي ، وَالْمَاشِي عَلَى الْقَاعِدِ ، فَإِذَا الْتَقَيَا بَدَأَ خيرهما.

(۲۶۳۸۹) حضرت عاصم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ امام محمد رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا: سوار پیدل چلنے والے کو سلام کرے گا، اور پیدل چلنے والا بیٹھے ہوئے کو سلام کرے گا اور جب دو شخص ایک ہی حالت میں ملیں تو ان میں سے بہتر ہی سلام میں پہل کرے گا۔

(٢٦٣٩٠) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ ، عَنْ حُصَيْنٍ ، قَالَ :كُنْتُ أَنَا وَالشَّعْبِيُّ فَلَقِينَا رَجُلاً رَاكِبًا ، فَبَدَأَهُ الشَّعْبِيُّ بِالسَّلاَمِ فَقُلْت :أَتَبْدَؤُهُ وَنَحْنُ رَاجِلاَنِ وَهُوَ رَاكِبٌ ؟ فَقَالَ :لَقَدْ رَأَيْت شُرَيْحًا يُسَلِّمُ عَلَى الرَّاكِبِ.

(۲۶۳۹۰) حضرت حصین رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں اور امام شعبی رحمۃ اللہ علیہ ایک سوار آدمی سے ملے تو امام شعبی رحمۃ اللہ علیہ نے سلام میں پہل کی، میں نے عرض کیا۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ سلام میں پہل کر رہے ہیں حالانکہ ہم دونوں پیدل ہیں اور وہ سوار ہے؟ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: میں نے حضرت شریح رحمۃ اللہ علیہ کو دیکھا تھا کہ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے سوار کو سلام کیا۔

(٢٦٣٩١) حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ ، عَنْ بُرْدٍ ، عَنْ مَكْحُولٍ وَسُلَيْمَانَ بْنِ مُوسَى ، قَالاَ :يُسَلِّمُ الصَّغِيرُ على الْكَبِيرِ ، وَالْقَائِمُ عَلَى الْقَاعِدِ ، وَيُسَلِّمُ الرَّاكِبُ عَلَى الْمَاشِي ، وَالْقَلِيلُونَ عَلَى الْكَثِيرِينَ.

(۲۶۳۹۱) حضرت برد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت مکحول رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت سلیمان بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ ان دونوں حضرات نے ارشاد فرمایا: چھوٹا بڑے کو سلام کرے گا، اور کھڑا شخص بیٹھے ہوئے کو سلام کرے گا، اور سوار شخص پیدل چلنے والے کو سلام کرے گا، اور تھوڑے لوگ

زیادہ لوگوں کو سلام کریں گے۔

(٨٦) فِي اتِّخاذِ كاتِبٍ نصرانِيّ

کسی نصرانی کو کاتب بنانے کا بیان

(٢٦٣٩٢) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ ، عَنْ أَبِي حَيَّانَ التَّيْمِيِّ ، عَنْ أَبِي الزِّنْبَاعِ ، عَنْ أَبِي الدِّهْقَانَةِ ، قَالَ : قِيلَ لِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ : إِنَّ هَاهُنَا غُلاَمًا مِنْ أَهْلِ الْحِيرَةِ ، لَمْ يُرَ قَطُّ أَحْفَظُ مِنْهُ ، وَلاَ أَكْتَبُ مِنْهُ ، فَإِنْ رَأَيْتَ أَنْ تَتَّخِذَهُ كَاتِبًا بَيْنَ يَدَيْكَ ، إِذَا كَانَتْ لَكَ الْحَاجَةُ شَهِدَكَ ، قَالَ : فَقَالَ عُمَرُ : قَدِ اتَّخَذْتَ إِذًا بِطَانَةً مِنْ دُونِ الْمُؤْمِنِينَ.

(۲۶۳۹۲) حضرت ابوالدھقانہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے کہا گیا: بے شک یہاں اہل حیرہ کا ایک لڑکا ہے۔ اس سے زیادہ مضبوط حافظہ والا اور اس سے اچھا کوئی بھی کاتب نہیں دیکھا گیا۔ اگر آپ رضی اللہ عنہ کی رائے ہو تو آپ رضی اللہ عنہ اس کو اپنے امور کے لیے کاتب رکھ لیں؟ جب بھی آپ رضی اللہ عنہ کو ضرورت ہوگی وہ آپ رضی اللہ عنہ کے پاس حاضر ہو جائے گا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تحقیق اس صورت میں تو میں مومنین کے علاوہ کسی اور کو ہم نشین بنانے والا ہوں گا۔

(٢٦٣٩٣) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنِ الْمَسْعُودِيِّ ، عَنِ الْقَاسِمِ ، قَالَ : كَانَ لِعَبْدِ اللهِ كَاتِبٌ نَصْرَانِيٌّ.

(۲۶۳۹۳) حضرت قاسم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا کاتب نصرانی تھا۔

(٢٦٣٩٤) حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ سِمَاكٍ ، عَنْ عِيَاضٍ الأَشْعَرِيِّ ، أَنَّ أَبَا مُوسَى كَانَ لَهُ كَاتِبٌ نَصْرَانِيٌّ.

(۲۶۳۹۴) حضرت عیاض اشعری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ کا کاتب نصرانی تھا۔

(٨٧) مَنْ كَانَ له كاتِبٌ ورخّص فِي اتِّخاذِهِ

جس شخص کا کوئی کاتب ہو اور جس نے کاتب رکھ لینے میں رخصت دی

(٢٦٣٩٥) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ شَقِيقٍ ، قَالَ : جَاءَنَا كِتَابُ أَبِي بَكْرٍ وَنَحْنُ بِالْقَادِسِيَّةِ ، وَكَتَبَ عَبْدُ اللهِ بْنُ الأَرْقَمِ.

(۲۶۳۹۵) حضرت شقیق رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ہمارے پاس حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا خط آیا۔ اس حال میں کہ ہم قادسیہ میں تھے تو حضرت عبداللہ بن ارقم نے اس کا جواب لکھا۔

(٢٦٣٩٦) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنْ عَمْرٍو ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مُحَمَّدٍ ، أَنَّ عُبَيْدَ اللهِ بْنَ أَبِي رَافِعٍ كَاتِبَ عَلِيٍّ أَخْبَرَهُ.

(۲۶۳۹۶) حضرت حسن بن محمد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبید اللہ بن ابورافع رحمۃ اللہ علیہ جو حضرت علی رضی اللہ عنہ کے کاتب ہیں انہوں نے آپ رضی اللہ عنہ کو خبر دی۔

(٢٦٣٩٧) حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ إِسْمَاعِيلَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ السَّبَّاقِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، أَنَّ أَبَا بَكْرٍ، قَالَ لَهُ: قَدْ كُنْتَ تَكْتُبُ الْوَحْيَ لِرَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاجْمَعِ الْقُرْآنَ فَاكْتُبْهُ.

(بخاری ۴۶۷۹۔ ترمذی ۳۱۰۳)

(۲۶۳۹۷) حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ان سے ارشاد فرمایا: کہ تم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے وحی بھی لکھا کرتے تھے، پس تم ہی قرآن کو جمع کرو، تو میں نے قرآن لکھا۔

(٢٦٣٩٨) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ إِسْرَائِيلَ ، عَنْ جَابِرٍ ، عَنْ عَامِرٍ ، عَنْ كَاتِبٍ لِعَلِيٍّ.

(۲۶۳۹۸) حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت جابر رحمہ اللہ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے کاتب سے روایت نقل فرمائی۔

(٢٦٣٩٩) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنِ الْمُسَيَّبِ بْنِ رَافِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي وَرَّادٌ كَاتِبُ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ.

(۲۶۳۹۹) حضرت مسیب بن رافع رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ مجھے حضرت وراد رحمہ اللہ نے حدیث بیان کی جو حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ کے کاتب تھے۔

(٢٦٤٠٠) حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنْ عَمْرٍو ، عَنْ بَجَالَةَ ، قَالَ : كُنت كَاتِبًا لِجَزِي بْنِ مُعَاوِيَةَ.

(۲۶۴۰۰) بجالہ کہتے ہیں کہ میں جزی بن معاویہ کا کاتب تھا۔

(٢٦٤٠١) حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ بَكْرٍ السَّهْمِيُّ ، عَنْ حَاتِمِ بْنِ أَبِي صَغِيرَةَ ، عَنْ عَطِيَّةَ ، كَاتِبٍ لِعَبْدِ اللهِ بْنِ مُطَرِّفٍ.

(۲۶۴۰۱) حضرت حاتم بن ابی مغیرہ رحمہ اللہ حضرت عطیہ رحمہ اللہ سے روایت نقل کرتے ہیں جو حضرت عبداللہ بن مطرف رضی اللہ عنہ کے کاتب تھے۔

(٨٨) مَنْ كَانَ إِذَا كتب بدأ بِنفسِهِ

جب کوئی شخص خط لکھے تو اپنی ذات سے ابتدا کرے

(٢٦٤٠٢) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، قَالَ : أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ ، عَنْ مَنصُور ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ ، أَنَّ الْعَلاَءَ بْنَ الْحَضْرَمِيِّ كَتَبَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَدَأَ بِنَفْسِهِ. (ابو داؤد ۵۰۹۲۔ حاکم ۶۳۶)

(۲۶۴۰۲) حضرت ابن سیرین رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت علاء بن الحضرمی رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو خط لکھا تو آپ رضی اللہ عنہ نے اپنی ذات سے ابتدا کی۔

(٢٦٤٠٣) حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ مُعَاذٍ ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ ، عَنْ مُحَمَّدٍ ، قَالَ : كَتَبَ أَبُو مُوسَى : مِنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ قَيْسٍ إِلَى عَامِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ.

(۲۶۴۰۳) امام محمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوموسی رحمہ اللہ نے یوں خط لکھا! عبداللہ بن قیس کی جانب سے عامر بن عبداللہ کی طرف۔

(٢٦٤٠٤) حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ بُرْقَانَ ، عَنْ مَيْمُونِ بْنِ مِهْرَانَ ، أَنَّ ابْنَ عُمَرَ كَتَبَ إِلَى عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ فَكَتَبَ :مِنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ إِلَى عُمَرَ ، قَالَ جَعْفَرٌ :قَالَ مَيْمُونٌ :إِنَّمَا هُوَ شَيْءٌ يُعَظِّمُ بِهِ الأَعَاجِمُ بَعْضُهَا بَعْضًا.

(۲۶۴۰۴) حضرت میمون بن مہران رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو خط لکھا تو آپ رضی اللہ عنہ نے یوں لکھا: عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کی جانب سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی طرف۔ فرماتے ہیں کہ حضرت میمون رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: بے شک یہ ایسی چیز ہے کہ عجمی اس کے ذریعہ ایک دوسرے کو فضیلت دیتے ہیں۔

(٢٦٤٠٥) حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ كَهْمَسٍ ، قَالَ :قَالَ لِي عَبْدُ اللهِ بْنُ مُسْلِمِ بْنِ يَسَارٍ :أَوَ حَرَجٌ عَلَيَّ أَلاَ أَبْدَأَ بِهِ فِي الْكِتَابِ ، فَإِنَّهُ لاَ يُبْدَأُ إِلاَّ بِأَمِينٍ وَيَبْدَأُ الرَّجُلُ بِأَبِيهِ.

(۲۶۴۰۵) حضرت کہمس رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسلم بن یسار رحمہ اللہ نے مجھ سے کہا: کیا مجھ پر حرج ہے اس بات میں کہ میں خط میں اس طرح ابتدا نہ کروں؟! اس لیے کہ وہ خط کی ابتدا نہیں کرتے تھے مگر امانت دار سے اور آدمی تو اپنے والد سے ابتدا کرتا ہے۔

(٢٦٤٠٦) حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ مُعَاذٍ ، قَالَ : كَتَبْتُ إِلَى شُعْبَةَ بِبَغْدَادَ فَبَدَأْتُ بِاسْمِهِ ، فَكَتَبَ إِلَيَّ يَنْهَانِي وَيَذْكُرُ أَنَّ الْحَكَمَ كَانَ يَكْرَهُهُ.

(۲۶۴۰۶) حضرت معاذ بن معاذ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے بغداد میں حضرت شعبہ کو خط لکھا اور اپنے نام سے ابتدا کی، تو آپ رحمہ اللہ نے مجھے خط لکھ کر ایسا کرنے سے منع فرمایا اور ذکر کیا کہ حضرت حکم رحمہ اللہ اس کو مکروہ سمجھتے تھے۔

(٨٩) فِي الرَّجُلِ يكتب إلى الرَّجلِ فيبدأ بِهِ

اس آدمی کا بیان جو کسی آدمی کی طرف خط لکھے اور اسی کے نام سے خط کی ابتدا کرے

(٢٦٤٠٧) حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ ، عَنِ الأَوْزَاعِيِّ ، عَنْ شَيْخٍ ، أَنَّ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ كَتَبَ إِلَى مُعَاوِيَةَ فَبَدَأَ بِمُعَاوِيَةَ.

(۲۶۴۰۷) حضرت اوزاعی رحمہ اللہ نے کسی شیخ سے نقل کیا کہ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کو خط لکھا تو حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے نام سے ابتدا کی۔

(٢٦٤٠٨) حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ ، عَنِ الأَوْزَاعِيِّ ، قَالَ : كَانَ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ يُكْتَبُ إِلَيْهِ فَيُبْدَأُ بِهِ ، فَلَمْ يَرَ بِهِ بَأْسًا.

(۲۶۴۰۸) حضرت اوزاعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ کو جب خط لکھا جاتا تھا تو آپ رحمہ اللہ کے نام ہی سے ابتدا کی جاتی تھی اور آپ رحمہ اللہ نے اس میں کوئی حرج نہیں سمجھا۔

(٢٦٤٠٩) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ ، قَالَ : كَانَتْ لابْنِ عُمَرَ حَاجَةٌ إِلَى مُعَاوِيَةَ ، فَأَرَادَ أَنْ يَكْتُبَ إِلَيْهِ فَقَالُوا : لَوْ بَدَأْتَ بِهِ ، فَلَمْ يَزَالُوا بِهِ حَتَّى كَتَبَ : بِسْمِ اللهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ إِلَى مُعَاوِيَةَ.

(۲۶۴۰۹) حضرت ابن سیرین رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کو حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ سے کوئی کام تھا، تو آپ نے ان کو خط لکھنے کا ارادہ فرمایا، لوگوں نے کہا: اگر آپ رضی اللہ عنہ ان کے نام سے خط لکھیں تو اچھا ہوگا اور ان لوگوں نے مسلسل یہی بات کہی یہاں تک کہ آپ رضی اللہ عنہ نے لکھا، بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی طرف۔

(٢٦٤١٠) حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنْ يُونُسَ ، قَالَ : كَتَبَ رَجُلٌ كِتَابًا مِنَ الْحَسَنِ إِلَى صَالِحِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ فَكَتَبَ : بِسْمِ اللهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ مِنَ الْحَسَنِ إِلَى صَالِحٍ ، فَقَالَ : الرَّجُلُ : يَا أَبَا سَعِيدٍ ، لَوْ بَدَأْتَ بِهِ ، فَبَدَأَ بِهِ.

(۲۶۴۱۰) حضرت یونس رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے حضرت حسن کی جانب سے صالح بن عبدالرحمٰن کی طرف خط لکھا تو اس نے یوں لکھا، بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ حسن کی جانب سے صالح کی طرف، تو ایک آدمی نے کہا: اے ابوسعید رحمہ اللہ اگر آپ رحمہ اللہ اس کے نام سے ابتدا کرتے تو اچھا ہوتا، تو آپ رحمہ اللہ نے اس شخص کے نام سے ابتدا کی۔

(٢٦٤١١) حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ الْمَكِّيِّ ، عَنِ الْحَسَنِ وَالنَّخَعِيِّ أَنَّهُمَا لَمْ يَرَيَا بَأْسًا أَنْ يَكْتُبَ الرَّجُلُ إِلَى الرَّجُلِ فَيَبْدَأَ بِهِ.

(۲۶۴۱۱) حضرت اسماعیل مکی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت حسن بصری رحمہ اللہ اور حضرت نخعی رحمہ اللہ یہ دونوں حضرات اس بات میں کوئی حرج نہیں سمجھتے تھے کہ ایک آدمی کسی آدمی کو خط لکھے تو اس کے نام سے خط کی ابتدا کرے۔

(٢٦٤١٢) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَمَانٍ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ أَبِي فَزَارَةَ ، عَنِ الْحَكَمِ ، قَالَ : لاَ بَأْسَ أَنْ تَبْدَأَ بِغَيْرِكَ إِذَا كَتَبْتَ إِلَيْهِ.

(۲۶۴۱۲) حضرت ابوفزارہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت حکم رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: اس میں کوئی حرج نہیں کہ تم جس کی طرف خط لکھ رہے ہو اس کے نام سے خط کی ابتدا کرو۔

(٩٠) فِي تغيير الأسماءِ

ناموں کے بدلنے کا بیان

(٢٦٤١٣) حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي مَيْمُونَةَ ، قَالَ : سَمِعْتُ أَبَا رَافِعٍ يُحَدِّثُ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، أَنَّ زَيْنَبَ كَانَ اسْمُهَا بَرَّةَ ، فَقِيلَ لَهَا : تُزَكِّي نَفْسَهَا ، فَسَمَّاهَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَيْنَبَ.

(مسلم ١٧ـ احمد ٢/ ٤٣٠)

(۲۶۴۱۳) حضرت ابورافع رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: کہ حضرت زینب رضی اللہ عنہا کا نام برّہ تھا۔ ان کو

کہا گیا کہ تم نے اپنے نفس کی پاکیزگی بیان کی! پس رسول اللہ ﷺ نے ان کا نام زینب رکھ دیا۔

(٢٦٤١٤) حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُوسَى ، قَالَ : حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ ، عَنْ نَافِعٍ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ ، أَنَّ ابْنَةً لِعُمَرَ كَانَ يُقَالُ لَهَا عَاصِيَةُ، فَسَمَّاهَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَمِيلَةَ. (مسلم ١٥۔ ابو داؤد ٤٩١٣)

(۲۶۴۱۴) حضرت نافع رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی ایک بیٹی تھی جس کا نام عاصیہ تھا، پس رسول اللہ ﷺ نے اس کا نام جمیلہ رکھ دیا۔

(٢٦٤١٥) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ ، عَنِ الْعَلاَءِ بْنِ الْمُسَيَّبِ ، عَنْ خَيْثَمَةَ ، قَالَ : كَانَ اسْمُ أَبِي فِي الْجَاهِلِيَّةِ عَزِيزًا ، فَسَمَّاهُ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَبْدَ الرَّحْمَنِ. (احمد ٤/ ١٧٨۔ ابن حبان ٥٨٢٨)

(۲۶۴۱۵) حضرت خیثمہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میرے والد کا نام زمانہ جاہلیت میں عزیز تھا، پس رسول اللہ ﷺ نے ان کا نام عبدالرحمٰن رکھ دیا۔

(٢٦٤١٦) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ : كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا سَمِعَ الاِسْمَ الْقَبِيحَ حَوَّلَهُ إِلَى مَا هُوَ أَحْسَنُ مِنْهُ. (ترمذی ٢٨٣٩)

(۲۶۴۱۶) حضرت عروہ بن زبیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ جب کوئی بُرا نام سنتے تو آپ ﷺ اس نام کو اچھے نام سے تبدیل فرما دیتے۔

(٢٦٤١٧) حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ ، قَالَ : حَدَّثَنَا الْمَسْعُودِيُّ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ مَوْلَى آلِ طَلْحَةَ ، عَنْ كُرَيْبٍ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ، قَالَ : كَانَ اسْمُ جُوَيْرِيَةَ بَرَّةَ ، فَحَوَّلَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْمَهَا.

(احمد ١/ ٣١٦)

(۲۶۴۱۷) حضرت کریب رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا کہ حضرت جویریہ رضی اللہ عنہا کا نام برہ تھا، پس رسول اللہ ﷺ نے ان کا نام تبدیل فرما دیا۔

(٢٦٤١٨) حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، أَنَّ رَجُلاً كَانَ اسْمُهُ الْحُبَابَ ، فَسَمَّاهُ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَبْدَ اللهِ وَقَالَ: الْحُبَابُ شَيْطَانٌ ، وَكَانَ اسْمُ رَجُلٍ الْمُضْطَجِعَ فَسَمَّاهُ الْمُنْبَعِثَ.

(ابن سعد ٥٤١)

(۲۶۴۱۸) حضرت عروہ بن زبیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی کا نام حباب تھا پس رسول اللہ ﷺ نے اس کا نام عبداللہ رکھا اور فرمایا: حباب تو شیطان ہے۔ حضرت عروہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ایک آدمی کا نام مضطجع تھا پس رسول اللہ ﷺ نے اس کا نام منبعث رکھا۔

(٢٦٤١٩) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ ، قَالَ : حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا ، عَنْ عَامِرٍ ، قَالَ : لَمْ يُدْرِكِ الإِسْلاَمَ مِنْ عُصَاةِ قُرَيْشٍ غَيْرُ مُطِيعٍ ، وَكَانَ اسْمُهُ الْعَاصِيَ ، فَسَمَّاهُ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُطِيعًا. (مسلم ١٤٠۔ احمد ٣/ ٤١٢)

(۲۶۴۱۹) حضرت عامر رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ قریش کے گناہ گاروں اور نافرمانوں میں سے سوائے حضرت مطیع کے کسی نے اسلام کو نہیں قبول کیا اور ان کا نام عاصی تھا پس رسول اللہ ﷺ نے ان کا نام مطیع رکھا۔

(٢٦٤٢٠) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَعْلَى أَبُو الْمُحَيَّاةِ ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ ، قَالَ : حَدَّثَنِي ابْنُ أَخِي عَبْدِ اللهِ بْنِ سَلاَمٍ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ سَلاَمٍ ، قَالَ : قَدِمْت عَلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَيْسَ اسْمِي عَبْدَ اللهِ بْنَ سَلاَمٍ ، فَسَمَّانِي رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَبْدَ اللهِ بْنَ سَلاَمٍ. (ترمذی ۳۲۵۶۔ حاکم ۴۱۳)

(۲۶۴۲۰) حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا اور میرا نام عبداللہ بن سلام نہیں تھا، رسول اللہ ﷺ نے میرا نام عبداللہ بن سلام رکھا۔

(٢٦٤٢١) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ الْمِقْدَامِ بْنِ شُرَيْحٍ ، عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ شُرَيْحٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ جَدِّهِ هَانِءِ بْنِ شُرَيْحٍ ، قَالَ : وَفَدَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي قَوْمِهِ فَسَمِعَهُمْ يُسَمُّونَ رَجُلاً عَبْدَ الْحَجَرِ ، فَقَالَ لَهُ : مَا اسْمُك ؟ قَالَ : عَبْدُ الْحَجَرِ ، فَقَالَ لَهُ : رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : إِنَّمَا أَنْتَ عَبْدُ اللهِ.

(۲۶۴۲۱) حضرت ھانی بن شریح رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ایک قوم وفد لے کر نبی کریم ﷺ کے پاس آئی پس آپ ﷺ نے سنا کہ ان لوگوں نے ایک آدمی کو عبدالحجر کے نام سے پکارا، آپ ﷺ نے اس شخص سے پوچھا: تیرا نام کیا ہے؟ اس نے کہا: عبدالحجر، تو رسول اللہ ﷺ نے اس سے فرمایا: بے شک تم تو عبداللہ (اللہ کے بندے) ہو۔

(٩١) ما يكره مِن الأسماءِ

مکروہ ناموں کا بیان

(٢٦٤٢٢) حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ ، قَالَ : حَدَّثَنَا أَبُو عَقِيلٍ ، قَالَ : حَدَّثَنَا مُجَالِدُ بْنُ سَعِيدٍ ، عَنِ الشَّعْبِيِّ ، عَنْ مَسْرُوقٍ ، قَالَ : لَقِيت عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ فَقَالَ : مَنْ أَنْتَ ؟ فَقُلْت : مَسْرُوقُ بْنُ الأَجْدَعِ ، فَقَالَ عُمَر : سَمِعْت رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ : الأَجْدَعُ شَيْطَانٌ. (ابو داؤد ۴۹۱۸۔ بزار ۳۱۸)

(۲۶۴۲۲) حضرت مسروق رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے ملا تو آپ رضی اللہ عنہ نے پوچھا! تم کون ہو؟ میں نے عرض کیا: کہ مسروق بن اجدع ہوں۔ اس پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یوں فرماتے سنا کہ اجدع تو شیطان ہے۔

(٢٦٤٢٣) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ ، أَنَّهُ كَرِهَ عَبْدُ رَبِّهِ.

(۲۶۴۲۳) حضرت اعمش رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرات ابن عمر رضی اللہ عنہ نے عبد ربہ نام رکھنے کو ناپسند کیا۔

(٢٦٤٢٤) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ قَيْسٍ الأسدى ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ، أَنَّهُ كَرِهَ عَبْدُ رَبِّهِ.

(۲۶۴۲۴) حضرت عبدالکریم رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت مجاہد نے عبدربہ نام کو ناپسند کیا۔

(٢٦٤٢٥) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنِ ابْنِ أَبِي نَجِيحٍ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ، قَالَ : كَرِهَ اللَّهُ مَالِكًا.

(۲۶۴۲۵) حضرت ابن ابی نجیح رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت مجاہد رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: کہ اللہ نے مالک نام رکھنے کو ناپسند فرمایا۔

(٢٦٤٢٦) حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنِ الرُّكَيْنِ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ سَمُرَةَ ، قَالَ : نَهَانَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ نُسَمِّيَ رَقِيقَنَا أَرْبَعَةَ أَسْمَاءٍ : أَفْلَحَ وَنَافِعًا وَرَبَاحًا وَيَسَارًا. (مسلم ١٦٨٥۔ ابوداؤد ٤٩٢٠)

(۲۶۴۲۶) حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں اپنے غلاموں کے چار نام رکھنے سے منع فرمایا: وہ نام یہ ہیں۔ أفلح، نافع، رباح، اور یسار۔

(٢٦٤٢٧) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ ، عَنْ جَابِرٍ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : إِنِّي عَسَيتُ إِنْ شَاءَ اللَّهُ أَنْ أَنْهَى أُمَّتِي أَنْ يُسَمُّوا نَافِعًا وَأَفْلَحَ وَبَرَكَةً ، قَالَ الأَعْمَشُ : لاَ أَدْرِي ذَكَرَ رَافِعًا أَمْ لاَ ، لأَنَّ الرَّجُلَ إِذَا جَاءَ يَقُولُ : أَثَمَّ بَرَكَةٌ ، فَيَقُولُونَ : لاَ. (بخاری ٨٣٣۔ ابوداؤد ٤٩٢١)

(۲۶۴۲۷) حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر اللہ نے چاہا تو میں عنقریب اپنی امت کو ان ناموں کے رکھنے سے منع کروں گا۔ نافع، افلح، اور برکۃ۔ حضرت اعمش فرماتے ہیں کہ مجھے معلوم نہیں کہ راوی نے رافع نام ذکر کیا یا نہیں۔ اس لیے کہ جب کوئی آدمی آکر پوچھتا: کیا برکۃ یہاں ہے؟ تو گھر والے کہتے ہیں: نہیں۔

(٢٦٤٢٨) حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ ، عَنْ أَبِي خَلْدَةَ ، عَنْ أَبِي الْعَالِيَةِ ، قَالَ : تَفْعَلُونَ شَرًّا مِنْ ذَلِكَ ، تُسَمُّونَ أَوْلاَدَكُمْ أَسْمَاءَ الأَنْبِيَاءِ ، ثُمَّ تَلْعَنُونَهُمْ.

(۲۶۴۲۸) حضرت ابوخلدہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوالعالیہ رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: تم لوگ یہ بہت برا کرتے ہو! کہ اپنے بچوں کے نام انبیاء کے نام پر رکھتے ہو پھر ان کو لعن طعن کرتے ہو۔

(٩٢) ما يستحبّ مِن الأسماءِ

پسندیدہ ناموں کا بیان

(٢٦٤٢٩) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنِ ابْنِ أَبِي نَجِيحٍ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ، قَالَ : أَحَبُّ الأَسْمَاءِ إِلَى اللهِ عَبْدُاللهِ ، وَعَبْدُالرَّحْمَنِ.

(۲۶۴۲۹) حضرت ابن ابی نجیح رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت مجاہد رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: اللہ کے نزدیک پسندیدہ ترین نام یہ ہیں۔ عبد اللہ اور عبدالرحمٰن۔

(٢٦٤٣٠) حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عَدِيٍّ ، عَنْ دَاوُدَ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ ، قَالَ : أَحَبُّ الأَسْمَاءِ إليه أَسْمَاءُ الأَنْبِيَاءِ.

(۲۶۴۳۰) حضرت داؤد رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت سعید بن المسیب رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: اللہ رب العزت کے نزدیک پسندیدہ

نام انبیاء کے نام ہیں۔

(٢٦٤٣١) حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ ، قَالَ : حَدَّثَنَا الْعُمَرِيُّ ، عَنْ نَافِعٍ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : أَحَبُّ الأَسْمَاءِ إِلَى اللهِ عَبْدُ اللهِ ، وَعَبْدُ الرَّحْمَنِ. (مسلم ١٦٨٢۔ ابو داؤد ۴۹۱۰)

(۲۶۴۳۱) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ رب العزت کے نزدیک پسندیدہ ترین نام یہ ہیں۔ عبداللہ اور عبدالرحمٰن۔

(٩٣) من رخّص أن يكنّى بِأَبِي القاسِمِ

جن لوگوں نے ابوالقاسم کنیت رکھنے کی اجازت دی

(٢٦٤٣٢) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ ، قَالَ : حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ ، عَنْ مُغِيرَةَ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، أَنَّ ابْنَ الْحَنَفِيَّةِ كَانَ يُكَنَّى أَبَا الْقَاسِمِ.

(۲۶۴۳۲) حضرت ابراہیم رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن حنفیہ رحمہ اللہ کو ابوالقاسم کنیت سے پکارا جاتا تھا۔

(٢٦٤٣٣) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ ، قَالَ : حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ ، عَنْ مُغِيرَةَ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، قَالَ : كَانَ مُحَمَّدُ بْنُ الأَشْعَثِ وَكَانَ ابْنَ أُخْتِ عَائِشَةَ وَكَانَ يُكَنَّى أَبَا الْقَاسِمِ.

(۲۶۴۳۳) حضرت ابراہیم رحمہ اللہ فرماتے ہیں حضرت محمد بن اشعث رحمہ اللہ جو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے بھانجے تھے ان کو ابوالقاسم کنیت سے پکارا جاتا تھا۔

(٢٦٤٣٤) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ فِطْرٍ ، عَنْ مُنْذِرٍ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَنَفِيَّةِ ، قَالَ : قَالَ عَلِيٌّ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : إِنْ وُلِدَ لِي غُلاَمٌ بَعْدَكَ أُسَمِّيهِ بِاسْمِكَ وَأُكَنِّيهِ بِكُنْيَتِكَ ؟ قَالَ : نَعَمْ. (ابو داؤد ۴۹۲۸)

(۲۶۴۳۴) حضرت محمد بن حنفیہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا: اگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد میرے کوئی لڑکا پیدا ہوا تو کیا میں اس کا نام آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے نام پر اور اس کی کنیت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی نیت پر رکھ دوں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہاں۔

(٩٤) فِي إطفاءِ النّارِ عند المبيتِ

سونے کے وقت آگ بجھانے کا بیان

(٢٦٤٣٥) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنِ الزُّهْرِيِّ ، عَنْ سَالِمٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ : لاَ تَتْرُكُوا النَّارَ فِي بُيُوتِكُمْ حِينَ تَنَامُونَ. (بخاری ۶۲۹۳۔ مسلم ۱۵۹۶)

(۲۶۴۳۵) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم لوگ سوتے وقت اپنے گھروں میں آگ کو جلتا ہوا مت چھوڑو۔

(٢٦٤٣٦) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ بُرَيْدِ بْنِ عَبْدِ اللهِ ، عَنْ أَبِي بُرْدَةَ ، عَنْ أَبِي مُوسَى ، قَالَ :احْتَرَقَ بَيْتٌ بِالْمَدِينَةِ عَلَى أَهْلِهِ ، فَحُدِّثَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِشَأْنِهِمْ فَقَالَ : إِنَّمَا هَذِهِ النَّارُ عَدُوٌّ لَكُمْ ، فَإِذَا نِمْتُمْ فَأَطْفِئُوهَا عَنْكُمْ. (بخاری ۶۲۹۴۔ مسلم ۱۵۹۶)

(۲۶۴۳۶) حضرت ابو بردہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: مدینہ میں ایک گھر جل گیا تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ان گھر والوں کی حالت بیان کی گئی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک آگ تمہاری دشمن ہے، پس جب تم سونے لگو تو اس کو بجھا دو۔

(٢٦٤٣٧) حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ ، عَنْ جَابِرٍ ، قَالَ :أَمَرَنَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَهَانَا ، فَأَمَرَنَا أَنْ نُطْفِءَ سُرُجَنَا. (بخاری ۶۲۹۶۔ مسلم ۱۵۹۴)

(۲۶۴۳۷) حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں کچھ حکم ارشاد فرمائے اور چند باتوں سے منع فرمایا: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں حکم دیا کہ ہم اپنے چراغوں کو بجھا دیا کریں۔

(٢٦٤٣٨) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ ، عَنْ عَطَاءٍ ، قَالَ :كَانَ يُكْرَهُ أَنْ نَدَعَ السِّرَاجَ حَتَّى نُصْبِحَ.

(۲۶۴۳۸) حضرت عبد الملک رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عطاء رحمہ اللہ چراغ کو صبح تک جلتا ہوا چھوڑ دینے کو مکروہ سمجھتے تھے۔

(٢٦٤٣٩) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْقَطَّانُ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي يَحْيَى ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ ، قَالَ :قَالَ لنا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْحُدَيْبِيَةِ :لاَ تُوقِدُوا نَارًا بِلَيْلٍ ، ثُمَّ قَالَ :أَوْقِدُوا وأطفئوا فَإِنَّهُ لَنْ يُدْرِكَ قَوْمٌ مُدَّكُمْ ، وَلاَ صَاعَكُمْ. (نسائی ۸۸۵۵۔ احمد ۳/ ۲۶)

(۲۶۴۳۹) حضرت ابو سعید رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ غزوہ حدیبیہ کے دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں ارشاد فرمایا: تم رات کے وقت آگ مت جلاؤ، پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم جلاؤ اور آگ بجھا دو۔ کیونکہ کوئی قوم تمہارے مد اور تمہارے صاع کو نہیں پا سکے گی۔

(٢٦٤٤٠) حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ طَلْحَةَ ، عَنْ أَسْبَاطِ بْنِ نَصْرٍ ، عَنْ سِمَاكٍ ، عَنْ عِكْرِمَةَ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ :إِذَا نِمْتُمْ فَأَطْفِئُوهَا. (بخاری ۱۲۲۲۔ ابو داؤد ۵۲۰۵)

(۲۶۴۴۰) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب تم سونے لگو تو آگ کو بجھا دو۔

(٩٥) باب كنسِ الدّارِ ونظافتِها والطّريقِ

گھر اور راستہ کو جھاڑو لگانے اور صاف کرنے کا بیان

(٢٦٤٤١) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ أَبِي الْعُمَيْسِ ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ ، عَنْ أَبِي زِيَادٍ ، عَنْ أُمِّ وَلَدٍ لِعَبْدِاللهِ بْنِ مَسْعُودٍ ،

قَالَتْ : كَانَ عَبْدُ اللهِ يَأْمُرُ بِدَارِهِ فَتُكْنَسُ حَتَّى لَوِ الْتَمَسْتَ فِيهَا تِبْنَةً ، أَوْ قَصَبَةً مَا قَدَرْتَ عَلَيْهَا.

(۲۶۴۴۱) حضرت ابو زیاد رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی ام ولد باندی نے فرمایا: کہ حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ گھر کے بارے میں حکم دیتے تھے پس گھر میں جھاڑو دی جاتی، یہاں تک کہ تم گھر میں بھوسہ یا لکڑی کا ٹکڑا بھی تلاش کرنا چاہتے تو تم اس کی قدرت نہ رکھتے!

(٢٦٤٤٢) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ سُرِّيَّةِ الرَّبِيعِ ، قَالَتْ : كَانَ الرَّبِيعُ يَأْمُرُ بِالدَّارِ تُنَظَّفُ كُلَّ يَوْمٍ.

(۲۶۴۴۲) حضرت سریۃ الربیع رحمہا اللہ فرماتی ہیں کہ حضرت ربیع رحمہ اللہ روزانہ گھر کو صاف کرنے کا حکم دیتے تھے۔

(٢٦٤٤٣) حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ ، قَالَ : أَخْبَرَنَا مَنْصُورٌ ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ ، قَالَ : لَمَّا قَدِمَ الأَشْعَرِيُّ الْبَصْرَةَ ، قَالَ لَهُمْ : فيما تقولون إِنَّ أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ بَعَثَنِي إِلَيْكُمْ لأُعَلِّمَكُمْ سُنَّتَكُمْ وَأُنَظِّفَ لَكُمْ طُرُقَكُمْ.

(۲۶۴۴۳) حضرت ابن سیرین رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ جب حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ بصرہ تشریف لائے تو آپ رضی اللہ عنہ نے ان لوگوں سے فرمایا: بے شک امیر المؤمنین نے مجھے تمہارے پاس بھیجا ہے کہ میں تمہیں تمہارے طریقے سکھاؤں اور میں تمہارے راستوں کو صاف کروں۔

(٩٦) فِي الجمعِ بين كنيةِ النّبيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ واسمِهِ

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی کنیت اور نام کو جمع کرنے کا بیان

(٢٦٤٤٤) حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنْ أَيُّوبَ ، عَنْ مُحَمَّدٍ ، قَالَ : سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ : قَالَ أَبُو الْقَاسِمِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : سَمُّوا بِاسْمِي ، وَلاَ تَكَنَّوْا بِكُنْيَتِي. (بخاری ۳۵۳۹۔ مسلم ۱۶۸۴)

(۲۶۴۴۴) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابو القاسم (صلی اللہ علیہ وسلم) نے ارشاد فرمایا: تم میرے نام پر نام رکھ لو اور میری کنیت اختیار مت کرو۔

(٢٦٤٤٥) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ ، عَنْ جَابِرٍ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : تَسَمَّوْا بِاسْمِي ، وَلاَ تَكَنَّوْا بِكُنْيَتِي. (احمد ۳۱۳۔ ابویعلی ۱۹۱۸)

(۲۶۴۴۵) حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم میرے نام پر اپنے نام رکھ لو اور میری کنیت اختیار مت کرو۔

(٢٦٤٤٦) حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ ، عَنْ حُمَيْدٍ ، عَنْ أَنَسٍ ، قَالَ : كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْبَقِيعِ ، فَنَادَى رَجُلٌ آخَرَ يَا أَبَا الْقَاسِمِ ، فَالْتَفَتَ إِلَيْهِ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ : إِنِّي لَمْ أَعْنِكَ يَا رَسُولَ اللهِ ، فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : تَسَمَّوْا بِاسْمِي ، وَلاَ تَكَنَّوْا بِكُنْيَتِي.

(بخاری ۲۱۲۰۔ مسلم ۱۶۸۲)

(۲۶۴۴۶) حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جنت البقیع میں تھے کہ ایک آدمی نے دوسرے آدمی کو یوں پکارا۔ اے ابوالقاسم، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس کی طرف متوجہ ہوئے، وہ کہنے لگا: اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! میں نے آپ کو مراد نہیں لیا۔ اس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میرے نام پر اپنے نام کو رکھ لو اور میری کنیت کو اختیار مت کرو۔

(٢٦٤٤٧) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ سَالِمٍ ، عَنْ جَابِرٍ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَسَمَّوا بِاسْمِي ، وَلاَ تَكَنَّوْا بِكُنْيَتِي ، فَإِنَّمَا جُعِلْتُ قَاسِمًا أَقْسِمُ بَيْنَكُمْ. (بخاری ٦١٨٧۔ مسلم ١٦٨٣)

(۲۶۴۴۷) حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم میرے نام پر اپنے نام رکھ لو اور میری کنیت اختیار مت کرو۔ اس لیے کہ مجھے قاسم بنایا گیا ہے میں تمہارے درمیان تقسیم کروں گا۔

(٢٦٤٤٨) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي عَمْرَةَ ، عَنْ عَمِّهِ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :لاَ تَجْمَعُوا بَيْنَ اسْمِي وَكُنْيَتِي. (احمد ٥/ ٣٦٤۔ ابن سعد ١٠٧)

(۲۶۴۴۸) حضرت عبدالرحمن بن ابی عمرہ رحمہ اللہ کے چچا فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم میرے نام اور میری کنیت کو جمع مت کرو۔

(٢٦٤٤٩) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ سَمِعَ جَابِرًا يَقُولُ :وُلِدَ لِرَجُلٍ مِنَّا غُلاَمٌ ، قَالَ :فَسَمَّاهُ الْقَاسِمَ ، قَالَ :فَقُلْنَا :لاَ نُكَنِّيهِ أَبَا الْقَاسِمِ ولاَ نُنْعِمُهُ عَيْنًا ، فَأَتَى رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ لَهُ ذَلِكَ فَقَالَ :أَسْمِ ابْنَكَ عَبْدَ الرَّحْمَنِ. (بخاری ٦١٨٦۔ مسلم ١٦٨٤)

(۲۶۴۴۹) حضرت محمد بن منکدر رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: کہ ہم میں سے ایک آدمی کے بیٹا پیدا ہوا تو اس نے اس کا نام قاسم رکھا۔ اس پر ہم نے کہا! کہ ہم تجھے ابوالقاسم کی کنیت سے نہیں پکاریں گے اور اس کے ذریعہ سے ہم تیری آنکھ کو ٹھنڈک نہیں پہنچائیں گے، پس وہ شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آیا اور اس نے یہ بات آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے ذکر کی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے بیٹے کا نام عبدالرحمن رکھ لو۔

(٢٦٤٥٠) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ ، قَالَ :قُلْتُ لِمُحَمَّدٍ :أَكَانَ يُكْرَهُ أَنْ يُكَنَّى الرَّجُلُ بِأَبِي الْقَاسِمِ ، وَإِنْ لَمْ يَكُنِ اسْمُهُ مُحَمَّدًا ؟ قَالَ :نَعَمْ.

(۲۶۴۵۰) حضرت ابن عون رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے امام محمد رحمہ اللہ سے پوچھا: کیا آدمی کی کنیت ابوالقاسم رکھنا مکروہ ہے اگرچہ اس کا نام محمد نہ ہو؟ آپ رحمہ اللہ نے فرمایا: جی ہاں!۔

(٢٦٤٥١) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنْ سُلَيْمَانَ الأَحْوَلِ ، قَالَ :كُنَّا نَطُوفُ وَمَعَنَا مِقْسَمٌ فَجَعَلَ طَاوُوسٌ يُحَدِّثُهُ وَيَقُولُ إِيهًا فَقُلْنَا :أَبُو الْقَاسِمِ ، فَقَالَ :وَاللَّهِ لاَ أَكْنِيهِ بِهَا.

(۲۶۴۵۱) حضرت سلیمان احول رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ہم لوگ طواف کر رہے تھے اس حال میں کہ حضرت مقسم ہمارے ساتھ تھے،

اور حضرت طاؤس باتیں کر رہے تھے۔ انہوں نے فرمایا: خاموش ہو جاؤ، ہم نے کہا: ابوالقاسم: تو حضرت طاؤس نے فرمایا: اللہ کی قسم! میں اس کنیت کو نہیں رکھتا۔

(۹۷) فِي لعنِ البهيمةِ

جانور کو برا بھلا کہنے کا بیان

(۲۶۴۵۲) حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنْ أَيُّوبَ ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ ، عَنْ أَبِي الْمُهَلَّبِ ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ ، قَالَ : بَيْنَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَعْضِ أَسْفَارِهِ وَامْرَأَةٌ مِنَ الأَنْصَارِ عَلَى نَاقَةٍ ، فَضَجِرَتْ فَلَعَنَتْهَا ، فَسَمِعَ ذَلِكَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ : خُذُوا مَا عَلَيْهَا وَدَعُوهَا فَإِنَّهَا مَلْعُونَةٌ ، قَالَ عِمْرَانُ بْنُ حُصَيْنٍ : فَكَأَنِّي أَرَاهَا تَجُولُ فِي السُّوقِ مَا يَعْرِضُ لَهَا أَحَدٌ. (مسلم ۲۰۰۴۔ ابو داؤد ۲۵۵۴)

(۲۶۴۵۲) حضرت عمران بن حصن رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کسی سفر میں تھے اور انصار کی ایک عورت اونٹنی پر تھی کہ اس اونٹنی نے تنگ کیا تو اس عورت نے اونٹنی کو لعنت کی، رسول اللہ ﷺ نے یہ سنا تو آپ ﷺ نے فرمایا: جو کچھ اس پر ہے وہ لے لو اور اس کو چھوڑ دو، بے شک یہ تو ملعونہ ہے، حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں گویا کہ میں اسے دیکھ رہا ہوں کہ وہ بازاروں میں چکر لگا رہی ہے اور کوئی بھی اس کو خریدنے کے لیے نہیں دیکھ رہا۔

(۲۶۴۵۳) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، قَالَ أَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ ، عَنْ أَبِي بَرْزَةَ ، أَنَّ جَارِيَةً بَيْنَمَا هِيَ عَلَى بَعِيرٍ ، أَوْ رَاحِلَةٍ عَلَيْهَا مَتَاعٌ لِلْقَوْمِ بَيْنَ جَبَلَيْنِ فَتَضَايَقَ بِهَا الْجَبَلُ ، فَأَتَى عَلَيْهَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، فَلَمَّا أَبْصَرَتْهُ جَعَلَتْ تَقُولُ : حل اللَّهُمَّ الْعَنْهُ حَلَّ اللَّهُمَّ الْعَنْهُ ، فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَنْ صَاحِبُ الرَّاحِلَةِ ؟ لاَ يَصْحَبْنَا بَعِيرٌ ، أَوْ رَاحِلَةٌ عَلَيْهَا لَعْنَةٌ مِنَ اللهِ ، أَوْ كَمَا قَالَ.

(مسلم ۲۰۰۵۔ احمد ۴/ ۴۱۹)

(۲۶۴۵۳) حضرت ابو برزہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہمارے درمیان ایک باندی تھی جو اونٹ یا کسی سواری پر سوار تھی اور اس اونٹ پر چند لوگوں کا سامان تھا جو دو پہاڑوں کے درمیان سے گزر رہا تھا، پس پہاڑ نے اس کا راستہ تنگ کر دیا۔ اتنے میں رسول اللہ ﷺ اس کے پاس آئے۔ جب عورت نے آپ ﷺ کو دیکھا تو اس نے اونٹ کو کہنا شروع کر دیا، چل چل۔ اے اللہ! اس پر لعنت فرما، چل چل۔ اے اللہ! اس پر لعنت فرما۔ اس پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اس سواری کا مالک کون ہے؟ ہمارے ساتھ وہ اونٹ یا سواری نہیں چلے گی جس پر اللہ کی لعنت ہو یا جیسا آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا۔

(۲۶۴۵۴) حَدَّثَنَا شَبَابَةُ ، قَالَ : حَدَّثَنَا لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلاَنَ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، قَالَ : بَيْنَمَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسِيرُ فِي نَاسٍ مِنْ أَصْحَابِهِ إِذْ لَعَنَ رَجُلٌ مِنْهُمْ بَعِيرَهُ ، فَقَالَ رَسُولُ اللهِ

صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ لَعَنَ بَعِيرَهُ ؟ فَقَالَ: أَنَا يَا رَسُولَ اللهِ، قَالَ: أَخِّرْهُ عَنَّا، فَقَدْ أُجِبْتَ. (احمد ۲/ ۴۲۸)

(۲۶۴۵۴) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اس درمیان رسول اللہ ﷺ اپنے صحابہ میں سے چند لوگوں کے درمیان سفر کر رہے تھے، کہ ان میں سے ایک آدمی نے اپنے اونٹ کو لعنت کی۔ اس پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کس نے اپنے اونٹ کو لعنت کی؟ اس شخص نے کہا: اے اللہ کے رسول ﷺ! میں نے، آپ ﷺ نے فرمایا: اس کو ہمارے سے دور کر دو۔ تحقیق تمہاری دعا قبول ہو گئی ہے۔

(٢٦٤٥٥) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ شِمْرٍ ، عَنْ يَحْيَى بْنِ وَثَّابٍ ، عَنْ عَائِشَةَ ، أَنَّهَا قُرِّبَ إِلَيْهَا بَعِيرًا لِتَرْكَبَهُ ، فَالْتَوَى عَلَيْهَا فَلَعَنَتْهُ ، فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لاَ تَرْكَبِيهِ فَإِنَّكِ لَعَنْتِيهِ.

(احمد ٦/ ٢٥٧۔ ابو یعلی ٤٧١٦)

(۲۶۴۵۵) حضرت یحییٰ بن وثاب رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے قریب ایک اونٹ کیا گیا تا کہ آپ اس پر سوار ہو جائیں پس اس اونٹ نے آپ پر سوار ہونا دشوار کر دیا تو آپ رضی اللہ عنہا نے اس پر لعنت کی، اس پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم اس پر سوار مت ہو کیونکہ تم نے اس کو لعنت کی ہے۔

(٢٦٤٥٦) حَدَّثَنَا عَبْدُ الأَعْلَى ، عَنِ الْجُرَيْرِيِّ ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ ، قَالَ : بَيْنَمَا عُمَرُ يَسِيرُ فِي أَصْحَابِهِ وَفِي الْقَوْمِ رَجُلٌ يَسِيرُ عَلَى بَعِيرٍ لَهُ مِنَ الْقَوْمِ يَضَعُهُ حَيْثُ يَشَاءُ ، فَلاَ أَدْرِي بِمَا الْتَوَى عَلَيْهِ فَلَعَنَهُ ، فَقَالَ عُمَرُ : مَنْ هَذَا اللاَّعِنُ ؟ قَالُوا : فُلاَنٌ ، قَالَ : تَخَلَّفْ عَنَّا أَنْتَ وَبَعِيرُكَ ، لاَ تَصْحَبْنَا رَاحِلَةٌ مَلْعُونَةٌ.

(۲۶۴۵۶) حضرت ابو عثمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اس درمیان کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ اپنے ساتھیوں میں سفر کر رہے تھے کہ لوگوں میں ایک شخص جو اپنے اونٹ پر سفر کر رہا تھا اور قوم میں سے جو چاہتا اس کو سامان رکھ دیتا، میں نہیں جانتا کہ اس پر کیا دشواری آئی کہ اس نے اونٹ کو لعنت کی، اس پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے پوچھا: یہ لعنت کرنے والا کون شخص ہے؟ لوگوں نے کہا: فلاں شخص ہے۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تو اور تیرا اونٹ ہم سے دور ہو جائیں ہم کسی ملعون سواری کو اپنے ساتھ نہیں رکھیں گے۔

(٩٨) مَنْ كَانَ يستحِبّ إذا جلس أن يجلِس مستقبل القِبلةِ

جو شخص اس بات کو مستحب سمجھتا ہو کہ وہ جب بھی بیٹھے تو قبلہ رخ ہو کر بیٹھے

(٢٦٤٥٧) حَدَّثَنَا عَبْدُ الأَعْلَى ، عَنْ بُرْدِ بْنِ سِنَانٍ ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُوسَى ، قَالَ : إِنَّ لِكُلِّ شَيْءٍ شَرَفًا ، وَأَشْرَفُ الْمَجَالِسِ مَا اسْتُقْبِلَ بِهِ الْقِبْلَةَ ، وقَالَ : مَا رَأَيْتُ سُفْيَانَ يَجْلِسُ إِلاَّ مُسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةِ.

(۲۶۴۵۷) حضرت سلیمان بن موسیٰ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ بے شک ہر چیز کے لیے عزت و بزرگی ہے۔ معزز ترین مجلس وہ ہیں جن میں قبلہ رخ ہو کر بیٹھا جاتا ہے اور آپ رحمہ اللہ نے فرمایا: میں نے حضرت سفیان رحمہ اللہ کو قبلہ رخ کے سوا بیٹھے ہوئے نہیں دیکھا۔

(٢٦٤٥٨) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي عَدِيٍّ ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ ، قَالَ : كَانَ مُحَمَّدٌ إِذَا نَامَ اسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ وَرُبَّمَا اسْتَلْقَى.

(۲۶۴۵۸) حضرت ابن عون رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ امام محمد رحمہ اللہ جب سوتے تو قبلہ رخ ہو کر سوتے اور کبھی کبھی چت ہو کر بھی لیٹ جاتے۔

(٢٦٤٥٩) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ مِسْعَرٍ ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ جَلَسَ مُسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةِ.

(۲۶۴۵۹) حضرت عبدالرحمٰن بن یزید رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ قبلہ رخ ہو کر بیٹھے۔

(٢٦٤٦٠) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِاللهِ الشُّعَيْثِيِّ ، عَنْ مَكْحُولٍ ، قَالَ : أَفْضَلُ الْمَجَالِسِ مُسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةِ.

(۲۶۴۶۰) حضرت محمد بن عبداللہ شعیثی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت مکحول رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: مجلسوں میں افضل ترین مجلس وہ ہے جس میں قبلہ رخ ہو کر بیٹھا جائے۔

(٢٦٤٦١) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ ثَوْرٍ ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُوسَى ، قَالَ : لِكُلِّ شَيْءٍ سَيِّدٌ ، وَسَيِّدُ الْمَجَالِسِ مُسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةِ.

(۲۶۴۶۱) حضرت ثور رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت سلیمان بن موسیٰ رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: کہ ہر چیز کا کوئی سردار ہوتا ہے مجلسوں کی سردار وہ مجلس ہے جس میں قبلہ رخ ہو کر بیٹھا جائے۔

(٩٩) فِي فضلِ العقلِ على غيرِهِ

عقل والے کی غیر عاقل پر فضیلت کا بیان

(٢٦٤٦٢) حَدَّثَنَا عَبْدُ الأَعْلَى ، عَنِ الْجُرَيْرِيِّ ، عَنْ أَبِي الْعَلاَءِ ، قَالَ : مَا أُعْطِيَ عَبْدٌ بَعْدَ الإِسْلاَمِ أَفْضَلَ مِنْ عَقْلٍ صَالِحٍ يُرْزَقُهُ.

(۲۶۴۶۲) حضرت جریری رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوالعلاء رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: کسی بندہ کو اسلام کے بعد نیک عقل سے بڑھ کر افضل کوئی چیز عطا نہیں کی گئی۔ جس کے ذریعہ وہ رزق حاصل کرتا ہو۔

(٢٦٤٦٣) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ ، قَالَ : حدَّثَنَا زَكَرِيَّا ، عَنْ عَامِرٍ ، قَالَ : قَالَ عُمَرُ : حَسْبُ الرَّجُلِ دِينُهُ وَمُرُوءَتُهُ : خُلُقُهُ ، وَأَصْلُهُ : عَقْلُهُ.

(۲۶۴۶۳) حضرت عامر رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: آدمی کی خاندانی شرافت اس کا دین ہے اور اس کی مروت اس کے اخلاق ہیں اور اس کا منبع اس کی عقل ہے۔

(٢٦٤٦٤) حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ أَبِي السَّفَرِ ، عَنِ الشَّعْبِيِّ ، عَنْ زِيَادِ بْنِ حُدَيرٍ ، عَنْ عُمَرَ بِنَحْوِهِ.

(۲۶۴۶۴) حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا مذکورہ ارشاد اس سند سے بھی منقول ہے۔

(٢٦٤٦٥) حَدَّثَنَا جَرِيرٌ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ، قَالَ : ﴿فَإِنْ آنَسْتُمْ مِنْهُمْ رُشْدًا﴾ قَالَ : عَقْلاً.

(۲۶۴۶۵) حضرت منصور رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت مجاہد رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: کہ آیت ﴿فَإِنْ آنَسْتُمْ مِنْهُمْ رُشْدًا﴾ میں عقل مراد ہے۔

(٢٦٤٦٦) حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ نُمَيْرٍ ، قَالَ : حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي خَالِدٍ ، عَنْ عَامِرٍ ، قَالَ : قَالَ عُمَرُ : حَسْبُ الْمَرْءِ دِينُهُ وَمُرُوءَتُهُ ، خُلُقُهُ ، وَأَصْلُهُ : عَقْلُهُ.

(۲۶۴۶۶) حضرت عامر رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: آدمی کی خاندانی شرافت اس کا دین ہے اور اس کی مروت اس کے اخلاق ہیں، اور اس کا منبع اس کی عقل ہے۔

(٢٦٤٦٧) حَدَّثَنَا جَرِيرٌ ، عَنْ قَابُوسَ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِي قَوْلِهِ تَعَالَى : ﴿قَسَمٌ لِذِي حِجْرٍ﴾ قَالَ : لِذِي النُّهَى وَالْعَقْلِ.

(۲۶۴۶۷) حضرت قابوس کے والد فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے اللہ رب العزت کے اس قول ﴿قَسَمٌ لِذِي حِجْرٍ﴾ ترجمہ: قسم عقل مندوں کے لیے، کے بارے میں ارشاد فرمایا: دانش منداور عقل والے مراد ہیں۔

(٢٦٤٦٨) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنْ عَاصِمٍ ، عَنْ عِكْرِمَةَ فِي قَوْلِهِ : ﴿قَسَمٌ لِذِي حِجْرٍ﴾ قَالَ : لِذِي لُبٍّ وَلِذِي عَقْلٍ.

(۲۶۴۶۸) حضرت عاصم رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عکرمہ رحمہ اللہ نے اللہ رب العزت کے اس قول: ﴿قَسَمٌ لِذِي حِجْرٍ﴾ کے بارے میں ارشاد فرمایا: کہ دانش منداور عقل مندلوگ مراد ہیں۔

(٢٦٤٦٩) حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ خَلِيفَةَ ، عَنْ هِلَالٍ بن خَبَّاب ، عَن مُجاهِد : ﴿قَسَمٌ لِذِي حِجْرٍ﴾ قَالَ : لِذِي عَقْلٍ.

(۲۶۴۶۹) حضرت ھلال بن خباب رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت مجاہد رحمہ اللہ نے اللہ رب العزت کے اس قول ﴿قَسَمٌ لِذِي حِجْرٍ﴾ کے بارے میں ارشاد فرمایا: کہ عقل مندلوگ مراد ہیں۔

(٢٦٤٧٠) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَن سُفيان ، عن الأَغَر ، عَنْ خَلِيفَةَ بْنِ حُصَيْنٍ ، عَنْ أَبِي نَصْرٍ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ﴿قَسَمٌ لِذِي حِجْرٍ﴾ : لِذِي لُبٍّ.

(۲۶۴۷۰) حضرت ابونصر رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے اللہ رب العزت کے اس قول ﴿قَسَمٌ لِذِي حِجْرٍ﴾ کے بارے میں یوں ارشاد فرمایا: کہ دانش مندلوگ مراد ہیں۔

(٢٦٤٧١) حَدَّثَنَا عَبْدَةُ ، عَنْ جُوَيْبِرٍ ، عَنِ الضَّحَّاكِ ﴿قَسَمٌ لِذِي حِجْرٍ﴾ قَالَ : لِذِي عَقْلٍ.

(۲۶۴۷۱) حضرت جویبر رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ضحاک رحمہ اللہ نے اللہ رب العزت کے اس قول ﴿قَسَمٌ لِذِي حِجْرٍ﴾ کے بارے میں ارشاد فرمایا: کہ عقل مندلوگ مراد ہیں۔

(۱۰۰) فِي نتفِ الشّيبِ

سفید بال اکھیڑنے کا بیان

(۲٦٤٧٢) حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ جَدِّهِ ، قَالَ : نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، عَنْ نَتْفِ الشَّيْبِ وَقَالَ :هُوَ نُورُ الْمُؤْمِنِ.

(ترمذی ۲۸۲۱۔ ابن ماجه ۳۷۲۱)

(۲٦٤٧٢) حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سفید بال اکھیڑنے سے منع کیا اور فرمایا: یہ مومن کا نور ہے۔

(۲٦٤٧٣) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ أَيُّوبَ السَّخْتِيَانِيِّ ، عَنْ يُوسُفَ ، عَنْ طَلْقِ بْنِ حَبِيبٍ ، أَنَّ حَجَّامًا أَخَذَ مِنْ شَارِبِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَأَى شَيْبَةً فِي لِحْيَتِهِ ، فَأَهْوَى إِلَيْهَا ، فَأَخَذَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِهِ وَقَالَ :مَنْ شَابَ شَيْبَةً فِي الإِسْلاَمِ كَانَتْ لَهُ نُورًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ. (ترمذی ۱۶۳۵۔ ابن سعد ۴۳۳)

(۲٦٤٧٣) حضرت طلق بن حبیب رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حجام نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی مونچھ کو چھانٹا اس نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی داڑھی میں ایک سفید بال دیکھا تو اس کو کاٹنا چاہا، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کا ہاتھ پکڑ لیا اور ارشاد فرمایا: جو شخص اسلام میں بوڑھا ہو تو قیامت کے دن اس کے لیے ایک نور ہوگا۔

(۲٦٤٧٤) حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ ، عَنِ الْمُثَنَّى ، عَنْ قَتَادَةَ ، عَنْ أَنَسٍ ، أَنَّهُ كَانَ يَكْرَهُ نَتْفَ الشَّيْبِ. (مسلم ۱۰۴)

(۲٦٤٧٤) حضرت قتادہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ سفید بالوں کے اکھیڑنے کو مکروہ سمجھتے تھے۔

(۲٦٤٧٥) حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنْ قَتَادَةَ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ ، قَالَ :عُذِّبَ رَجُلٌ فِي نَتْفِ الشَّيْبِ.

(۲٦٤٧٥) حضرت قتادہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت سعید بن جبیر رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: سفید بال اکھیڑنے کی وجہ سے آدمی کو عذاب دیا جائے گا۔

(۲٦٤٧٦) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ حُمَيْدٍ الأَعْرَجِ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ، قَالَ : كَانَ يَقُولُ :لاَ تَنْتِفُوا الشَّيْبَ فَإِنَّهُ نُورٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ.

(۲٦٤٧٦) حضرت حمید اعرج رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت مجاہد رحمہ اللہ فرمایا کرتے تھے کہ تم سفید بالوں کو مت اکھیڑو۔ بے شک یہ قیامت کے دن نور ہوگا۔

(۲٦٤٧٧) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنْ أَبِي مَعْشَرٍ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، أَنَّهُ كَرِهَ نَتْفَ الشَّيْبِ وَلَمْ يَرَ بِقَصِّهِ بَأْسًا.

(۲۶۴۷۷) حضرت ابو معشر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ نے سفید بال اکھیڑنے کو مکروہ قرار دیا اور اس کو کاٹنے میں کوئی حرج نہیں سمجھا۔

(۱۰۱) فِي القعودِ بين الظِّلِّ والشّمسِ

سائے اور سورج کے درمیان میں بیٹھنے کا بیان

(۲٦٤٧٨) حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ مُغِيرَةَ ، عَنِ الشَّعْبِيِّ ، قَالَ :سَمِعْتُ عَبْدَ اللهِ بْنَ عُمَرَ يَقُولُ :الْقُعُودُ بَيْنَ الظِّلِّ وَالشَّمْسِ مَقْعَدُ الشَّيْطَانِ.

(۲۶۴۷۸) امام شعبی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ کو یوں فرماتے ہوئے سنا کہ سائے اور سورج کے درمیان میں بیٹھنا شیطان کے بیٹھنے کا طریقہ ہے۔

(۲٦٤٧٩) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ قَتَادَةَ ، قَالَ :نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَقْعُدَ الرَّجُلُ بَيْنَ الظِّلِّ وَالشَّمْسِ. (بخاری ۱۱۷۴۔ عبدالرزاق ۱۹۸۰۰)

(۲۶۴۷۹) حضرت قتادہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات سے منع فرمایا کہ کوئی آدمی سائے اور سورج کے درمیان میں بیٹھے۔

(۲٦٤٨٠) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ ، عَنْ زِيَادٍ مَوْلَى بَنِي مَخْزُومٍ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، قَالَ :حَرْفُ الظِّلِّ مَقْعَدُ الشَّيْطَانِ. (ابوداؤد ۴۷۸۸۔ احمد ۲/ ۳۸۳)

(۲۶۴۸۰) حضرت زیاد جو بنو مخزوم کے آزاد کردہ غلام ہیں فرماتے ہیں کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: سائے کا کنارہ شیطان کے بیٹھنے کی جگہ ہے۔

(۲٦٤٨١) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ قُرَّةَ ، عَنْ نُفَيْعٍ الْجَمَّالِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، قَالَ:حَرْفُ الظِّلِّ مَقِيلُ الشَّيْطَانِ.

(۲۶۴۸۱) حضرت نفیع الجمال رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت سعید بن المسیب رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا: سایہ کا کناری شیطان کے قیلولہ کرنے کی جگہ ہے۔

(۲٦٤٨٢) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ ، قَالَ :حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ وَاسِعٍ ، عَنْ أَبِي عِيَاضٍ ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ ، قَالَ :حَدُّ الظِّلِّ وَالشَّمْسِ مَقَاعِدُ الشَّيْطَانِ.

(۲۶۴۸۲) حضرت ابو عیاض رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبید بن عمیر رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا: کہ سورج اور سایہ کا کنارہ شیطان کے بیٹھنے کی جگہیں ہیں۔

(۲٦٤٨٣) حَدَّثَنَا عَبْدُالأَعْلَى، عَنْ خَالِدٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ فِي الَّذِي يَقْعُدُ بَيْنَ الظِّلِّ وَالشَّمْسِ:قَالَ ذَاكَ مَقْعَدُ الشَّيْطَانِ.

(۲۶۴۸۳) حضرت خالد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت عکرمہ رحمۃ اللہ علیہ نے اس شخص کے بارے میں جو سورج اور سائے کے درمیان بیٹھے ہوں ارشاد فرمایا کہ وہ تو شیطان کے بیٹھنے کی جگہ ہے۔

(٢٦٤٨٤) حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ ، عَنْ أَبِي الْمُنِيبِ ، عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، أَنَّهُ نَهَى أَنْ يُقْعَدَ بَيْنَ الشَّمْسِ وَالظِّلِّ. (ابن ماجه ۳۷۲۔ حاكم ۲۷۲)

(۲۶۴۸۴) حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے سایہ اور سورج کے درمیان بیٹھنے سے منع فرمایا۔

(١٠٢) فِي الَّذِي يستمِع حدِيث القومِ

اس شخص کا بیان جو لوگوں کی بات غور سے سنتا ہے

(٢٦٤٨٥) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُدَيْرٍ ، قَالَ : سَمِعْتُ عِكْرِمَةَ يَقُولُ : مَنِ اسْتَمَعَ حَدِيثَ قَوْمٍ وَهُمْ لَهُ كَارِهُونَ صُبَّ فِي أُذُنِهِ الآنُكُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يَعْنِي الرَّصَاصَ. (بخاری ۷۰۴۲۔ ابو داؤد ۴۹۸۵)

(۲۶۴۸۵) حضرت عمران بن حدیر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عکرمہ رحمۃ اللہ علیہ کو یوں فرماتے ہوئے سنا جو شخص کسی قوم کی بات کو غور سے سنے اور وہ اس کو ناپسند کریں تو قیامت کے دن اس شخص کے کانوں میں سیسہ ڈالا جائے گا۔

(١٠٣) فِي طولِ الوقوفِ على الدّابّةِ

جانور کو دیر تک کھڑا رکھنے کا بیان

(٢٦٤٨٦) حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ الْمُبَارَكِ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي أَيُّوبَ ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ دِينَارٍ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لاَ تَتَّخِذُوا ظُهُورَ الدَّوَابِّ كَرَاسِيَ لأَحَادِيثِكُمْ ، فَرُبَّ رَاكِبِ مَرْكُوبَةٍ هِيَ خَيْرٌ مِنْهُ وَأَطْوَعُ لِلَّهِ وَأَكْثَرُ ذِكْرًا. (احمد ۳/ ۴۴۰۔ دارمی ۲۶۶۸)

(۲۶۴۸۶) حضرت عطاء بن دینار رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم اپنے جانوروں کی پشتوں کو اپنی باتوں کے لیے کرسیاں مت بناؤ۔ اس لیے کہ بہت سی سواریاں سوار سے بہتر ہوتی ہیں کہ وہ اللہ کی فرمانبردار بہت زیادہ ذکر کرنے والی ہوتی ہیں۔

(٢٦٤٨٧) حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ سَعِيدٍ الزُّبَيْدِيِّ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ ، أَنَّ عُمَرَ كَرِهَ الْوُقُوفَ عَلَى الدَّابَّةِ.

(۲۶۴۸۷) حضرت ابراہیم تیمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ عمر رضی اللہ عنہ نے جانور کو زیادہ دیر تک کھڑا رکھنے کو مکروہ قرار دیا۔

(٢٦٤٨٨) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ كَامِلٍ ، عَنْ حَبِيبٍ قَالَ : كَانَ يَكْرَهُ طُولَ الْوُقُوفِ عَلَى الدَّابَّةِ وَأَنْ تُضْرَبَ وَهِيَ محسنة.

(۲۶۴۸۸) حضرت کامل رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت حبیب رحمہ اللہ سواری کو زیادہ دیر تک کھڑا رکھنے کو اور اس کو مارنے کو مکروہ سمجھتے تھے حالانکہ وہ احسان کرنے والی ہوتی ہے۔

(۲۶۴۸۹) حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ ، عَنْ مُوسَى الْجُهَنِيِّ ، قَالَ : رَأَيْتُ الشَّعْبِيَّ وَطَلْحَةَ مُتَوَافِقَيْنِ عَلَى دَارِ سَعْدِ بْنِ طَلْحَةَ.

(۲۶۴۸۹) حضرت موسیٰ جہنی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے امام شعبی رحمہ اللہ اور حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ وہ دونوں حضرت سعد بن طلحہ کے گھر کھڑے ہوئے تھے۔

(۱۰۴) فِي الاِسْتِئْذَانِ كَمْ يَسْتَأْذِنُ مَرَّةً

اجازت طلب کرنے کا بیان۔ کتنی مرتبہ اجازت طلب کی جائے گی؟

(۲۶۴۹۰) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، قَالَ : أَخْبَرَنَا دَاوُدُ بْنُ أَبِي هِنْدٍ ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ ، أَنَّ أَبَا مُوسَى اسْتَأْذَنَ عَلَى عُمَرَ ثَلاَثًا فَلَمْ يَأْذَنْ لَهُ ، قَالَ : فَانْصَرَفَ فَأَرْسَلَ إِلَيْهِ عُمَرُ : مَا رَدَّكَ؟ قَالَ : اسْتَأْذَنْتُ الاِسْتِئْذَانَ الَّذِي أَمَرَنَا بِهِ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلاَثًا ، فَإِنْ أُذِنَ لَنَا دَخَلْنَا ، وَإِنْ لَمْ يُؤْذَنْ لَنَا رَجَعْنَا ، قَالَ : لِتَأْتِيَنَّ عَلَى هَذَا بِبَيِّنَةٍ ، أَوْ لأَفْعَلَنَّ وَأَفْعَلَنَّ ، فَأَتَى مَجْلِسَ قَوْمِهِ فَنَاشَدَهُمْ ، فَشَهِدُوا لَهُ ، فَخَلَّى عَنْهُ.

(بخاری ۲۰۶۲۔ مسلم ۳۵)

(۲۶۴۹۰) حضرت ابوسعید رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوموسیٰ اشعری رحمہ اللہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے تین مرتبہ اجازت طلب کی پس آپ رضی اللہ عنہ نے ان کو اجازت نہیں دی تو آپ رضی اللہ عنہ واپس لوٹ آئے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان کو قاصد بھیج کر بلایا اور پوچھا؟ کسی چیز نے تمہیں واپس لوٹایا؟ انہوں نے فرمایا: میں نے تین مرتبہ اجازت طلب کی جس کا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں حکم دیا تھا کہ اگر ہمیں اجازت مل جائے تو ہم داخل ہوں اور اگر اجازت نہ ملے تو ہم واپس لوٹ آئیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم اس بات پر کوئی گواہی لاؤ۔ ورنہ میں ایسا اور ایسا کروں گا، (میں تمہیں سزا دوں گا) تو وہ لوگوں کی ایک مجلس میں آئے اور لوگوں کو قسم دے کر اس بارے میں پوچھا تو انہوں نے ان کے حق میں گواہی دی پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان کو چھوڑ دیا۔

(۲۶۴۹۱) حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ ، عَنْ عَمْرٍو ، عَنِ الْحَسَنِ ، قَالَ : قَالَ عَلِيٌّ : الأُولَى إِذن ، وَالثَّانِيَةُ مُؤَامَرَةٌ ، وَالثَّالِثَةُ عَزْمَةٌ ، إِمَّا أَنْ يُؤْذَنُوا وَإِمَّا أَنْ يُرَدُّوا.

(۲۶۴۹۱) حضرت حسن بصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: پہلی مرتبہ اجازت ہوتی ہے، اور دوسری مرتبہ مشورہ ہوتا ہے اور تیسری مرتبہ پختہ عزم ہوتا ہے یا تو وہ اجازت دیں یا وہ لوٹا دیں۔

(۲۶۴۹۲) حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ الأَزْرَقُ ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنِ الْحَسَنِ ، قَالَ : الاِسْتِئْذَانُ ثَلاَثٌ ، فَإِنْ أُذِنَ لَكَ وَإِلاَّ فَارْجِعْ.

(۲۶۴۹۲) حضرت ہشام رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت حسن بصری رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: اجازت تین بار طلب کی جاتی ہے اگر تمہیں

اجازت دے دی جائے تو ٹھیک ورنہ واپس لوٹ جاؤ۔

(۱۰۵) فِي القومِ يستأذِن مِنهم رجلٌ هل يجزِئهم ؟

ان لوگوں کا بیان جن میں ایک آدمی اجازت مانگے تو کیا سب کے لیے یہ کافی ہے؟

(۲٦٤٩٣) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنِ الْحَسَنِ ؛ فِي الْقَوْمِ يَسْتَأْذِنُونَ ، قَالَ : قَالَ : إِنْ قَالَ رَجُلٌ مِنْهُمُ السَّلاَمُ عَلَيْكُمْ أَنَدْخُلُ ، أَجْزَأَ ذَلِكَ عَنْهُمْ.

(۲٦۴۹۳) حضرت ھشام رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ نے ان لوگوں کے بارے میں جو اجازت طلب کرنا چاہتے ہیں یوں ارشاد فرمایا: اگر ان میں سے ایک آدمی بھی یوں کہہ دے، السلام علیکم۔ کیا ہم داخل ہو جائیں؟ تو یہ سب کی طرف سے کافی ہو جائے گا۔

(۲٦٤٩٤) حَدَّثَنَا جَرِيرٌ ، عَنْ مُغِيرَةَ ، قَالَ : دَخَلْنَا عَلَى أَبِي رَزِينٍ وَنَحْنُ ذُو عَدَدٍ ، فَكَانَ كُلُّ إِنْسَانٍ مِنَّا يُسَلِّمُ وَيَسْتَأْذِنُ ، فَقَالَ : إِنَّهُ إِذَا أُذِنَ لأَوَّلِكُمْ أُذِنَ لآخِرِكُمْ.

(۲٦۴۹۴) حضرت مغیرہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ہم لوگ حضرت ابورزین رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں آئے اس حال میں کہ ہم کافی تعداد میں تھے اور ہم میں سے ہر ایک شخص سلام کر رہا تھا اور اجازت طلب کر رہا تھا۔ اس پر آپ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: بے شک جب تم میں پہلے کو اجازت دے دی گئی تو باقی سب کو اجازت دے دی گئی۔

(۱۰٦) فِي تشمِيتِ العاطِسِ ، مَنْ قَالَ لاَ يشمّت حتّى يحمد اللّه

چھینکنے والے کو یرحمک اللہ کہہ کر دعا دینے کا بیان۔ اور جو شخص یوں کہتا ہے کہ یرحمک اللہ نہیں کہا جائے گا یہاں تک کہ چھینکنے والا الحمد للہ کہے

(۲٦٤٩٥) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ، قَالَ : عَطَسَ رَجُلاَنِ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَشَمَّتَ ، أَوْ سَمَّتَ أَحَدَهُمَا وَلَمْ يُشَمِّتِ الآخَرَ ، فَقِيلَ : يَا رَسُولَ اللهِ ، عَطَسَ عِنْدَكَ رَجُلاَنِ فَشَمَّتَ أَحَدَهُمَا وَلَمْ تُشَمِّتِ الآخَرَ ، فَقَالَ : إِنَّ هَذَا حَمِدَ اللَّهَ ، وَإِنَّ هَذَا لَمْ يَحْمَدِ اللَّهَ.

(بخاری ٦٢٢١۔ مسلم ٢٢٩٢)

(۲٦۴۹۵) حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ دو آدمیوں کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس چھینک آئی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان میں سے ایک کو تو یرحمک اللہ کہہ کر دعا دی اور دوسرے کو یرحمک اللہ نہیں کہا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا: اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس دو آدمیوں کو چھینک آئی۔ ان میں سے ایک کو تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یرحمک اللہ کہہ کر دعا دی اور دوسرے کو یرحمک

اللہ نہیں کہا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اس نے الحمد للہ کہا تھا اور اس نے الحمد للہ نہیں کہا۔

(٢٦٤٩٦) حَدَّثَنَا قَاسِمُ بْنُ مَالِكٍ الْمُزَنِيّ ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ كُلَيْبٍ ، عَنْ أَبِي بُرْدَةَ ، قَالَ : دَخَلْت عَلَى أَبِي مُوسَى وَهُوَ فِي بَيْتِ بِنْتِ الْفَضْلِ فَعَطَسْت فَلَمْ يُشَمِّتْنِي وَعَطَسَتْ فَشَمَّتَهَا ؟ فَرَجَعْت إلَى أُمِّي فَأَخْبَرْتُهَا ، فَلَمَّا جَائَهَا ، قَالَتْ : عَطَسَ عِنْدَكَ ابْنِي فَلَمْ تُشَمِّتْهُ وَعَطَسَتْ فَشَمَّتَهَا ، قَالَ : إنَّ ابْنَك عَطَسَ وَلَمْ يَحْمَدِ اللَّهَ فَلَمْ أُشَمِّتْهُ ، وَعَطَسَتْ هذه وَحَمِدَتِ اللَّهَ فَشَمَّتُّهَا ، وَسَمِعْت رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ : إذَا عَطَسَ أَحَدُكُمْ فَحَمِدَ اللَّهَ فَشَمِّتُوهُ ، وَإِذَا لَمْ يَحْمَدِ اللَّهَ فَلَا تُشَمِّتُوهُ. (بخاری ۹۴۱۔ مسلم ۲۲۹۲)

(۲۶۴۹۶) حضرت ابو بردہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت ابو موسی رضی اللہ عنہ کے پاس آیا اس حال میں کہ آپ رضی اللہ عنہ بنت فضل کے گھر میں تھے، پس مجھے چھینک آئی تو آپ رضی اللہ عنہ نے مجھے یرحمک اللہ نہیں کہا اور بنت فضل کو چھینک آئی تو آپ رضی اللہ عنہ نے اس کو یرحمک اللہ کہا۔ میں اپنی والدہ کے پاس واپس آیا اور میں نے انہیں اس بارے میں بتایا جب وہ آپ رضی اللہ عنہ کی خدمت میں آئیں تو کہا: بے شک میرے بیٹے کو آپ رضی اللہ عنہ کے پاس چھینک آئی تو آپ رضی اللہ عنہ نے اس کو تو یرحمک اللہ نہیں کہا، اور اس لڑکی کو چھینک آئی تو آپ رضی اللہ عنہ نے اس کو یرحمک اللہ کہا۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تیرے بیٹے کو چھینک آئی اور اس نے الحمد للہ نہیں کہا تو میں نے بھی اسے یرحمک اللہ نہیں کہا، اور اس لڑکی کو چھینک آئی تو اس نے الحمد للہ کہا تو میں نے بھی اسے یرحمک اللہ کے ذریعہ جواب دیا اور میں نے رسول اللہ ﷺ کو یوں فرماتے ہوئے سنا کہ جب تم میں کسی کو چھینک آئے اور وہ الحمد للہ کہے تو تم اسے یرحمک اللہ کہہ کر دعا دو اور جب وہ الحمد للہ نہ کہے تو تم بھی یرحمک اللہ مت کہو۔

(٢٦٤٩٧) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ ، قَالَ : حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مِنْ حَقِّ الْمُسْلِمِ عَلَى الْمُسْلِمِ تَشْمِيتُ الْعَاطِسِ إذَا حَمِدَ اللَّهَ.

(مسلم ۱۷۰۴)

(۲۶۴۹۷) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: مسلمان کا مسلمان پر حق ہے: کہ چھینکنے والا جب الحمد للہ کہے تو اسے یرحمک اللہ کہہ کر دعا دے۔

(٢٦٤٩٨) حَدَّثَنَا يَعْلَى بْنُ عُبَيْدٍ ، عَنْ أَبِي مُنَيْنٍ ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، قَالَ : كُنَّا جُلُوسًا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَطَسَ رَجُلٌ فَحَمِدَ اللَّهَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : يَرْحَمُك اللَّهُ ، ثُمَّ عَطَسَ آخَرُ فَسَكَتَ ، فَلَمْ يَقُلْ لَهُ شَيْئًا ، فَقَالَ : يَا رَسُولَ اللهِ ، عَطَسَ هَذَا فَقُلْت لَهُ : رَحِمَك اللَّهُ ، وَعَطَسْت فَلَمْ تَقُلْ لِي شَيْئًا ؟ فَقَالَ : إنَّ هَذَا حَمِدَ اللَّهَ وَأَنْتَ سَكَتَّ. (بخاری ۹۳۰)

(۲۶۴۹۸) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم لوگ نبی کریم ﷺ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے کہ ایک آدمی کو چھینک آئی اس نے الحمد للہ کہا تو نبی کریم ﷺ نے کہا یرحمک اللہ، پھر دوسرے کو چھینک آئی تو آپ ﷺ خاموش رہے اور آپ ﷺ نے اسے

کچھ نہیں فرمایا: اس آدمی نے کہا: اے اللہ کے رسول ﷺ! اس کو چھینک آئی تو آپ ﷺ نے اس کو یرحمک اللہ کہہ کر دعا دی اور مجھے چھینک آئی تو آپ ﷺ نے مجھے کچھ دعا نہیں دی! آپ ﷺ نے فرمایا: اس نے الحمد للہ کہا تھا اور تو خاموش رہا۔

(٢٦٤٩٩) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَوَاءٍ، عَنْ غَالِبٍ، قَالَ: كَانَ الْحَسَنُ، وَابْنُ سِيرِينَ لاَ يُشَمِّتَانِ الْعَاطِسَ حَتَّى يَحْمَدَ اللَّهَ.

(۲۶۴۹۹) حضرت غالب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ یہ دونوں حضرات چھینکنے والے کو یرحمک اللہ کہہ کر دعا نہیں دیتے تھے یہاں تک کہ وہ الحمد للہ کہہ لیتا۔

(٢٦٥٠٠) حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ ، قَالَ : عَطَسَ رجل عِنْدَ الْقَاسِمِ فَقَالَ لَهُ الْقَاسِمُ : قُلْ : الْحَمْدُ لِلَّهِ ، فَلَمَا قَالَ شَمَّتَهُ.

(۲۶۵۰۰) حضرت عبید اللہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی کو حضرت قاسم رحمۃ اللہ علیہ کے پاس چھینک آئی، تو حضرت قاسم رحمۃ اللہ علیہ نے اس سے فرمایا: الحمد للہ کہو، جب اس نے کہا تو آپ رحمۃ اللہ علیہ نے اسے یرحمک اللہ کہہ کر دعا دی۔

(١٠٧) كم يشمّت ؟

کتنی مرتبہ یرحمک اللہ کہا جائے گا؟

(٢٦٥٠١) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ سَالِمٍ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو ، أَنَّ رَجُلاً عَطَسَ عِنْدَهُ فَشَمَّتَهُ ، ثُمَّ عَطَسَ فَشَمَّتَهُ ، ثُمَّ عَادَ فِي الثَّالِثَةِ فَقَالَ : إِنَّكَ مَضْنُوكٌ.

(۲۶۵۰۱) حضرت نعمان بن سالم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کے پاس ایک آدمی کو چھینک آئی تو آپ رضی اللہ عنہ نے اسے یرحمک اللہ کہہ کر دعا دی، پھر اسے دوبارہ چھینک آئی تو آپ رضی اللہ عنہ نے پھر یرحمک اللہ کہا، پھر اسے تیسری بار چھینک آئی تو آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: بے شک تو زکام میں مبتلا ہے۔

(٢٦٥٠٢) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ فِطْرٍ ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ ، عَنِ الْحَارِثِ ، عَنْ عَلِيٍّ ، قَالَ : شَمِّتِ الْعَاطِسَ مَا بَيْنَكَ وَبَيْنَهُ ثَلاَثًا ، فَإِنْ زَادَ ، فَهُوَ رِيحٌ.

(۲۶۵۰۲) حضرت حارث رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: تم چھینکنے والے کو یرحمک اللہ کہو جب وہ تمہارے سامنے تین مرتبہ چھینکے اگر وہ زیادہ چھینکتا ہے تو یہ بیماری ہے۔

(٢٦٥٠٣) حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ ، عَنْ عِكْرِمَةَ بْنِ عَمَّارٍ ، قَالَ : حَدَّثَنِي إِيَاسُ بْنُ سَلَمَةَ بْنِ الأَكْوَعِ ، أَنَّ أَبَاهُ حَدَّثَهُ ، أَنَّ رَجُلاً عَطَسَ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ : رَحِمَكَ اللَّهُ ، ثُمَّ عَطَسَ الثَّانِيَةَ ، فَقَالَ : هُوَ مَزْكُومٌ. (مسلم ٢٢٩٢۔ ابو داؤد ٤٩٩٨)

(۲۶۵۰۳) حضرت ایاس بن سلمہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ان کے والد حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: کہ ایک آدمی کو نبی

کریم ﷺ کے پاس چھینک آئی تو آپ ﷺ نے فرمایا: یرحمک اللہ، پھر دوسری مرتبہ اسے پھر چھینک آئی تو آپ ﷺ نے فرمایا: یہ تو زکام میں مبتلا ہے۔

(٢٦٥٠٤) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ ذُؤَيْبٍ ، قَالَ : عَطَسَ رَجُلٌ عِنْدَ ابْنِ الزُّبَيْرِ فَشَمَّتَهُ ، ثُمَّ عَطَسَ فَشَمَّتَهُ ، ثُمَّ عَطَسَ الثَّالِثَةَ فَشَمَّتَهُ ، ثُمَّ عَطَسَ فِي الرَّابِعَةِ فَقَالَ لَهُ : ابْنُ الزُّبَيْرِ : إِنَّكَ مَضْنُوكٌ فَامْتَخِطْ.

(۲۶۵۰۴) حضرت مصعب بن عبدالرحمٰن بن ذویب رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی کو حضرت ابن زبیر رحمہ اللہ کے پاس چھینک آئی تو آپ رضی اللہ عنہ نے اسے یرحمک اللہ کہہ کر دعا دی۔ اسے پھر چھینک آئی، تو آپ رضی اللہ عنہ نے دوبارہ یرحمک اللہ کہہ کر دعا دی اسے تیسری مرتبہ پھر چھینک آئی تو آپ رضی اللہ عنہ نے اسے یرحمک اللہ کہہ کر دعا دی، پھر جب چوتھی مرتبہ اسے چھینک آئی تو حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ نے اس سے فرمایا: بے شک تم تو زکام میں مبتلا ہو تم اپنی ناک صاف کرو۔

(٢٦٥٠٥) حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ ، عَنْ مُغِيرَةَ ، عَنِ الشَّعْبِيِّ ، قَالَ : قَالَ عَمْرُو بْنُ الْعَاصِ : إِذَا عَطَسَ أَحَدُكُمْ ثَلاَثَ مَرَّاتٍ فَشَمِّتُوهُ ، فَإِنْ زَادَ فَلاَ تُشَمِّتُوهُ ، فَإِنَّمَا هُوَ دَاءٌ يَخْرُجُ مِنْ رَأْسِهِ.

(۲۶۵۰۵) امام شعبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: جب تم میں کسی کو تین مرتبہ چھینک آئے تو تم اسے یرحمک اللہ کہہ کر دعا دو، اور اگر زیادہ مرتبہ آئے تو اسے یرحمک اللہ مت کہو کیونکہ یہ تو بیماری ہے جو اس کے سر سے نکلتی ہے۔

(٢٦٥٠٦) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، قَالَ : أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرِ بْنِ الزُّبَيْرِ ، أَنَّ رَجُلاً عَطَسَ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَشَمَّتَهُ ، ثُمَّ عَطَسَ فَشَمَّتَهُ ، ثُمَّ عَطَسَ فَشَمَّتَهُ ، ثُمَّ عَطَسَ الرَّابِعَةَ فَقَالَ لَهُ : النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : إِنَّكَ مَضْنُوكٌ فَامْتَخِطْ.

(۲۶۵۰۶) حضرت محمد بن جعفر بن زبیر رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی کو نبی کریم ﷺ کے پاس چھینک آئی تو آپ ﷺ نے اسے یرحمک اللہ کہہ کر دعا دی پھر اسے چھینک آئی تو آپ ﷺ نے یرحمک اللہ کہہ کر دعا دی، اسے پھر چھینک آئی تو آپ ﷺ نے یرحمک اللہ کہہ کر دعا دی، پھر جب چوتھی مرتبہ اسے چھینک آئی تو نبی کریم ﷺ نے اس سے فرمایا: تم تو زکام میں مبتلا ہو، جاؤ جا کر اپنی ناک صاف کرو۔

(٢٦٥٠٧) حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ الأَزْرَقُ ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنِ الْحَسَنِ ؛ فِي الرَّجُلِ يَعْطِسُ مِرَارًا ، قَالَ : شَمِّتْهُ مَرَّةً وَاحِدَةً.

(۲۶۵۰۷) حضرت ھشام رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت حسن بصری رحمہ اللہ نے اس شخص کے بارے میں جسے بار بار چھینک آ رہی ہو یوں ارشاد فرمایا: کہ تم اسے ایک مرتبہ ہی یرحمک اللہ کہہ دو۔

(٢٦٥٠٨) حَدَّثَنَا جَرِيرٌ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ، قَالَ يُجْزِئُهُ أَنْ يُشَمِّتَهُ مَرَّةً وَاحِدَةً.

(۲۶۵۰۸) حضرت منصور رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت مجاہد رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: ایسے شخص کو ایک مرتبہ یرحمک اللہ کہہ دینا کافی ہے۔

(۱۰۸) فِي الإِذنِ على أهلِ الذِّمّةِ

ذمیوں سے اجازت لینے کا بیان

(۲۶۵۰۹) حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ أَبِي الْمُنَبِّهِ ، قَالَ :سَأَلْتُ الْحَسَنَ عَنِ الرَّجُلِ يَحْتَاجُ إِلَى الدُّخُولِ عَلَى أَهْلِ الذِّمَّةِ مِنْ مَطَرٍ ، أَوْ بَرْدٍ ، أَيَسْتَأْذِنُ عَلَيْهِمْ ؟ قَالَ :نَعَمْ.

(۲۶۵۰۹) حضرت ابوالمنذر رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت حسن بصری رحمہ اللہ سے اس آدمی کے متعلق پوچھا: جو ٹھنڈ یا بارش کی وجہ سے ذمیوں کے پاس جانے کا محتاج ہے، کیا وہ ان سے اجازت طلب کرے؟ آپ رحمہ اللہ نے فرمایا: جی ہاں!۔

(۲۶۵۱۰) حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ مُعَاذٍ ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ ، قَالَ :قُلْتُ لِمُحَمَّدٍ : كَيْفَ أَسْتَأْذِنُ عَلَى أَهْلِ الْكِتَابِ ؟ قَالَ :إِنْ شِئْتَ قُلْتَ :السَّلاَمُ عَلَى مَنِ اتَّبَعَ الْهُدَى أَلِجُ ؟.

(۲۶۵۱۰) حضرت ابن عون رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے امام محمد رحمہ اللہ سے پوچھا کہ میں اہل کتاب سے کیسے اجازت مانگوں؟ آپ رحمہ اللہ نے فرمایا: اگر تم چاہو تو یوں کہو: ہدایت کی پیروی کرنے والوں پر سلام ہو، کیا میں داخل ہو جاؤں؟

(۲۶۵۱۱) حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ، عَنْ حُصَيْنٍ، عَنْ أَبِي مَالِكٍ الْغِفَارِيِّ ، قَالَ :إِذَا دَخَلْتَ بَيْتًا فِيهِ الْمُشْرِكُونَ فَقُلْ: السَّلاَمُ عَلَيْنَا وَعَلَى عِبَادِ اللهِ الصَّالِحِينَ، يَحْسَبُونَ أَنَّكَ قَدْ سَلَّمْتَ عَلَيْهِمْ، وَقَدْ صَرَفْتَ السَّلاَمَ عَنْهُمْ.

(۲۶۵۱۱) حضرت حصین رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابو مالک غفاری رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: جب تم کسی ایسے گھر میں داخل ہو جس میں مشرکین موجود ہوں تو تم یوں کہو: السَّلاَمُ عَلَيْنَا وَعَلَى عِبَادِ اللهِ الصَّالِحِينَ۔ ترجمہ: ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں پر سلام ہو، وہ سمجھیں گے کہ تم نے ان کو سلام کیا حالانکہ تم نے اُن سے سلام کو پھیر دیا ہے۔

(۲۶۵۱۲) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ ، أَنَّهُ كَانَ يَسْتَأْذِنُ عَلَى أَهْلِ الذِّمَّةِ.

(۲۶۵۱۲) حضرت ابراہیم رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبد الرحمن بن یزید رحمہ اللہ ذمیوں پر داخل ہونے سے پہلے اجازت طلب کرتے تھے۔

(۲۶۵۱۳) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ أَبِي سِنَانٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، قَالَ :لاَ تَدْخُلْ عَلَى أَهْلِ الْكِتَابِ إِلاَّ بِإِذْنٍ.

(۲۶۵۱۳) حضرت ابو سنان رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت سعید بن جبیر رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: تم اہل کتاب پر بھی بغیر جازت کے داخل مت ہو۔

(۲۶۵۱۴) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ حَمَّادٍ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، عَنِ الأَسْوَدِ ، أَنَّهُ كَانَ يَقُولُ :أندر آيم.

(۲۶۵۱۴) حضرت ابراہیم رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت اسود رحمہ اللہ فرماتے تھے کہ کیا میں اندر آ جاؤں؟

(۱۰۹) ما یکرہ أن یقول العاطِس خلف عطستِہِ

جو مکروہ سمجھے کہ چھینکنے والا اپنی چھینک کے بعد یوں کہے

(٢٦٥١٥) حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ أَبِي الْمُنَبِّهِ ، عَنِ ابْنِ أَبِي نَجِيحٍ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ، قَالَ :عَطَسَ رَجُلٌ عِنْدَ ابْنِ عُمَرَ فَقَالَ :أَشْهَبُ، قَالَ ابْنُ عُمَرَ :أَشْهَبُ اسْمُ شَيْطَانٍ، وَضَعَهُ إِبْلِيسُ بَيْنَ الْعَطْسَةِ وَالْحَمْدُ لِلَّهِ لِيُذْكَرَ.

(۲۶۵۱۵) حضرت مجاہد رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی کو حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کے پاس چھینک آئی تو اس نے کہا: اشھب. حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اشھب شیطان کا نام ہے، جو اس نے چھینک اور الحمد للہ کے درمیان رکھا ہے تا کہ اس کا ذکر ہو جائے۔

(٢٦٥١٦) حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ ، عَنْ مُغِيرَةَ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، أَنَّهُ كَانَ يَكْرَهُ أَنْ يَقُولَ :أَشْهَبُ ، إِذَا عَطَسَ.

(۲۶۵۱۶) حضرت مغیرہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابراہیم رحمہ اللہ مکروہ سمجھتے تھے کہ جب چھینک آئے تو یوں کہا جائے: اشھب.

(۱۱۰) الرّجل یعطِس وحدہ ما یقول ؟

اس شخص کا بیان جو اکیلا چھینکے تو وہ کیا کہے؟

(٢٦٥١٧) حَدَّثَنَا أَبُو الأَحْوَصِ ، عَنْ حُصَيْنٍ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، قَالَ :إِذَا عَطَسَ وَهُوَ وَحْدَهُ فَلْيَقُلِ :الْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ ، ثُمَّ يَقُولُ :يَرْحَمُنَا اللَّهُ وَإِيَّاكُمْ ، فَإِنَّهُ يُشَمِّتُهُ مَنْ سَمِعَهُ مِنْ خَلْقِ اللهِ.

(۲۶۵۱۷) حضرت حصین رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابراہیم رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: جب کسی شخص کو چھینک آئے اس حال میں کہ وہ تنہا ہو تو اس کو چاہیے کہ وہ یوں کہے: اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ۔ پھر یوں کہے: یَرْحَمُنَا اللّٰہُ وَاِیَّاکُمْ۔ اس سے کہ اللہ کی مخلوق میں سے جس نے اس کی چھینک کو سنا ہوگا تو اس نے یرحمک اللہ کہہ کر اس کو دعا دی ہوگی۔

(٢٦٥١٨) حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ ، عَنْ عَاصِمٍ ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ ، قَالَ :إِذَا عَطَسْتَ وَأَنْتَ وَحْدَكَ فَرُدَّ عَلَى مَنْ مَعَكَ يَعْنِي مِنَ الْمَلاَئِكَةِ.

(۲۶۵۱۸) حضرت عاصم رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابو وائل رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: جب تجھے چھینک آئے اور تو تنہا ہو، تو تو جواب دے ان کو جو تیرے ساتھ ہیں یعنی ملائکہ کو۔

(۱۱۱) ما یقول إذا عطس وما یقال لہ

جب چھینک آئے تو یوں کہے اور اس کو یوں کہا جائے گا

(٢٦٥١٩) حَدَّثَنَا علي بْنُ مُسْهِرٍ ، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى ، عَنْ عِيسَى ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى ، عَنْ عَلِيٍّ ،

قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :إِذَا عَطَسَ أَحَدُكُمْ فَلْيَقُلْ :الْحَمْدُ لِلَّهِ ، وَلْيَرُدَّ عَلَيْهِ مَنْ حَوْلَهُ رَحِمَكَ اللَّهُ ، وَلْيَرُدَّ عَلَيْهِمْ :يَهْدِيكُمُ اللَّهُ وَيُصْلِحُ بَالَكُمْ. (ترمذی ۲۷۴۱۔ احمد ۵/ ۱۲۲)

(۲۶۵۱۹) حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب تم میں کسی کو چھینک آئے تو وہ یوں کہے: الحمد للہ اور چاہیے کہ اس کے اردگرد والے لوگ اسے جواب میں یوں کہیں: رحمك الله اور ان کو یوں جواب دیا جائے گا: يَهْدِيكُمُ اللَّهُ وَيُصْلِحُ بَالَكُمْ.

(۲۶۵۲۰) حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ ، قَالَ :إِذَا عَطَسَ أَحَدُكُمْ فَلْيَقُلِ :الْحَمْدُ لِلَّهِ ، وَلْيَقُلْ مَنْ عِنْدَهُ :يَرْحَمُكَ اللَّهُ ، وَلْيَرُدَّ عَلَيْهِمْ :يَغْفِرُ اللَّهُ لَنَا وَلَكُمْ.

(بخاری ۹۳۴۔ حاکم ۲۶۶)

(۲۶۵۲۰) حضرت ابوعبدالرحمٰن رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: جب تم میں کسی کو چھینک آئے تو وہ یوں کہے: اَلْحَمْدُ لِلّٰه۔ اور جو لوگ اس کے پاس ہیں وہ جواب میں یوں کہیں: يَرْحَمُكَ اللّٰه. اور چاہیے کہ ان کو جواب میں یوں کہا جائے: يَغْفِرُ اللَّهُ لَنَا وَلَكُمْ.

(۲۶۵۲۱) حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ الأَحْمَرُ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، قَالَ: كَانَ أَصْحَاب عَبد الله إِذَا عَطَسَ الرَّجُل ، فَقَالَ الْحَمْدُ لِلَّهِ قَالُوا :يَرْحَمُنَا اللَّهُ وَإِيَّاك ، وَيَقُول هُو :يَغْفِرُ اللَّهُ لَنَا وَلَكُمْ.

(۲۶۵۲۱) امام اعمش رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابراہیم رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے اصحاب میں سے کسی آدمی کو چھینک آتی تو وہ یوں کہتا: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ۔ وہ لوگ یوں جواب دیتے۔ يَرْحَمُنَا اللَّهُ وَإِيَّاك اور پھر وہ شخص جواب میں یوں کہتا: يَغْفِرُ اللَّهُ لَنَا وَلَكُمْ.

(۲۶۵۲۲) حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ الأَحْمَرُ ، عَنِ ابْنِ عَجْلاَنَ ، عَن نَافِعٍ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ ، أَنَّهُ كَانَ إِذَا شَمَّتَ الْعَاطِسَ ، قَالَ :يَرْحَمُنَا اللَّهُ وَإِيَّاكُمْ ، فَإِذَا عَطَسَ هُوَ فَشُمِّتَ ، قَالَ :يَغْفِرُ اللَّهُ لَنَا وَلَكُمْ وَيَرْحَمُنَا وَإِيَّاكُمْ.

(۲۶۵۲۲) حضرت نافع رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ جب کسی چھینکنے والے کو يَرْحَمُكَ اللّٰه کہتے تو وہ جواب میں یوں کہتا: يَرْحَمُنَا اللَّهُ وَإِيَّاكُمْ ۔ اور جب آپ رضی اللہ عنہ کو چھینک آتی اور آپ رضی اللہ عنہ کو يَرْحَمُكَ اللّٰه کہہ کر دعا دی جاتی تو آپ رضی اللہ عنہ یوں فرماتے: يَغْفِرُ اللَّهُ لَنَا وَلَكُمْ وَيَرْحَمُنَا وَإِيَّاكُمْ.

(۲۶۵۲۳) حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ الأَحْمَرُ ، عَنِ ابْنِ عَجْلاَنَ ، عَنِ الْحَارِثِ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، قَالَ : كَانَ عَبْدُ اللهِ إِذَا عَطَسَ فَشُمِّتَ ، قَالَ :يَغْفِرُ اللَّهُ لَنَا وَلَكُمْ.

(۲۶۵۲۳) حضرت ابراہیم رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ جب حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو چھینک آنے کے بعد یرحمك اللّٰه کہہ کر دعا دی جاتی تو آپ رضی اللہ عنہ جواب میں یوں فرماتے۔ يَغْفِرُ اللَّهُ لَنَا وَلَكُمْ.

(٢٦٥٢٤) حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ الأَحْمَرُ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، قَالَ : كَانَ إِذَا شَمَّتُوا الْعَاطِسَ ، قَالُوا : يَغْفِرُ اللَّهُ لَنَا وَلَكُمْ.

(۲۶۵۲۴) حضرت اعمش رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابراہیم رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: صحابہ جب چھینکنے والے کو دعا دیتے تو یوں کہتے: يَغْفِرُ اللَّهُ لَنَا وَلَكُمْ.

(٢٦٥٢٥) حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ الأَحْمَرُ ، عَنِ الْحَجَّاجِ ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ ، عَنِ الْحَارِثِ ، عَنْ عَلِيٍّ ، قَالَ : إِذَا شَمَّتَّ الْعَاطِسَ فَقُلْ : يَرْحَمُكَ اللَّهُ ، وَيَقُولُ هُوَ : يَهْدِيكُمُ اللَّهُ وَيُصْلِحُ بَالَكُمْ.

(۲۶۵۲۵) حضرت حارث رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: جب کوئی چھینکنے والے کو دعا دے تو یوں کہے: يَرْحَمُكَ اللَّهُ۔ اور وہ جواب میں یوں کہے: يَهْدِيكُمَ اللَّهُ وَيُصْلِحُ بَالَكُمْ.

(٢٦٥٢٦) حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ عَمْرٍو ، قَالَ : أَخْبَرَنَا الْمَاجِشُونُ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ دِينَارٍ ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ : إِذَا رَدَّ فَلْيَقُلْ : يَهْدِيكُمُ اللَّهُ وَيُصْلِحُ بَالَكُمْ.

(بخاری ۶۲۲۴۔ احمد ۲/ ۳۵۳)

(۲۶۵۲۶) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا؛ جب چھینک والا جواب دے تو یوں کہے: يَهْدِيكُمُ اللَّهُ وَيُصْلِحُ بَالَكُمْ.

(٢٦٥٢٧) حَدَّثَنَا عَائِذُ بْنُ حَبِيبٍ ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ يَحْيَى ، قَالَ : سَمِعْتُ عُرْوَةَ بْنَ الزُّبَيْرِ ، وَيَحْيَى وَعِيسَى بْنَ أَبِي طَلْحَةَ وَإِبْرَاهِيمَ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ طَلْحَةَ يقولون إِذَا عَطَسَ أَحَدُكُمْ فَقِيلَ لَهُ : يَرْحَمُكَ اللَّهُ ، قَالَ : يَهْدِيكُمُ اللَّهُ وَيُصْلِحُ بَالَكُمْ.

(۲۶۵۲۷) حضرت طلحہ بن یحییٰ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عروہ بن زبیر، حضرت یحییٰ، حضرت عیسیٰ بن ابی طلحہ، حضرت ابراہیم بن محمد بن طلحہ رحمہ اللہ ان سب حضرات کو یوں فرماتے ہوئے سنا؛ جب تم میں سے کسی کو چھینک آئے تو اسے یوں کہا جائے گا: يَرْحَمُكَ اللَّهُ۔ اور وہ جواب میں یوں کہے: يَهْدِيكُمُ اللَّهُ وَيُصْلِحُ بَالَكُمْ.

(١١٢) الرّخصة فِي الشّعرِ

شعر کہنے میں رخصت کا بیان

(٢٦٥٢٨) حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ الْمُبَارَكِ ، عَنْ يُونُسَ ، عَنِ الزُّهْرِيِّ ، قَالَ : حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْحَارِثِ ، عَنْ مَرْوَانَ بْنِ الْحَكَمِ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الأَسْوَدِ بْنِ عَبْدِ يَغُوثَ ، عَنْ أُبَيٍّ ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ : إِنَّ مِنَ الشِّعْرِ حِكْمَةً.

(۲۶۵۲۸) حضرت اُبی فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: یقیناً بعض شعر پر حکمت ہوتے ہیں۔

(٢٦٥٢٩) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مِنَ الشِعْرِ حِكْمَةٌ.

(۲۶۵۲۹) حضرت عروہ بن زبیر رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: یقیناً بعض شعر پر حکمت ہوتے ہیں۔

(٢٦٥٣٠) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، قَالَ : حَدَّثَنَا زَائِدَةُ ، عَنْ سِمَاكٍ ، عَنْ عِكْرِمَةَ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ : إِنَّ مِنَ الشِّعْرِ حُكْمًا.

(۲۶۵۳۰) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ ارشاد فرمایا کرتے تھے۔ یقیناً بعض شعر فائدہ مند ہوتے ہیں۔

(٢٦٥٣١) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِي بُكَيْرٍ ، قَالَ : حَدَّثَنَا حُسَامُ بْنُ الْمِصَكِّ ، عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : إِنَّ مِنَ الشِّعْرِ حُكْمًا.

(۲۶۵۳۱) حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: یقیناً بعض شعر فائدہ مند ہوتے ہیں۔

(٢٦٥٣٢) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ : إِنَّ مِنَ الشِّعْرِ حُكْمًا.

(۲۶۵۳۲) حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: یقیناً بعض شعر فائدہ مند ہوتے ہیں۔

(٢٦٥٣٣) حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مَيْسَرَةَ ، عَنِ ابْنِ الشَّرِيدِ ، أَوْ يَعْقُوبَ بْنِ عَاصِمٍ سَمِعَ أَحَدُهُمَا الشَّرِيدَ يَقُولُ : أَرْدَفَنِي النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَلْفَهُ فَقَالَ : هَلْ مَعَكَ مِنْ شِعْرِ أُمَيَّةَ بْنِ أَبِي الصَّلْتِ شَيْءٌ؟ قُلْتُ : نَعَمْ، قَالَ : هِيهِ ، فَأَنْشَدْتُه بَيْتًا فَقَالَ : هِيهِ ، فَلَمْ يَزَلْ يَقُولُ : هِيهِ هِيهِ حَتَّى أَنْشَدْتُه مِئَةَ.

(۲۶۵۳۳) حضرت ابن شرید رحمہ اللہ یا حضرت یعقوب بن عاصم رحمہ اللہ ان دونوں میں سے ایک فرماتے ہیں کہ حضرت شرید رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ نبی کریم ﷺ نے سواری پر مجھے اپنے پیچھے بٹھایا۔ اور فرمایا: کیا تمہیں امیہ بن ابی صلت کے شعر کے کچھ اشعار یاد ہیں؟ میں نے کہا: جی ہاں آپ ﷺ نے فرمایا: سناؤ تو میں نے آپ ﷺ کو ایک شعر سنا دیا، آپ ﷺ نے فرمایا: اور سناؤ، مسلسل آپ ﷺ کہتے رہے۔ اور سناؤ اور سناؤ! یہاں تک کہ میں نے آپ ﷺ کو سو اشعار سنا دیئے۔

(٢٦٥٣٤) حَدَّثَنَا طَلْقُ بْنُ غَنَّامٍ ، عَنْ قَيْسٍ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، عَنْ عَبِيدَةَ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ : إِنَّ مِنَ الشِّعْرِ حُكْمًا ، وَإِنَّ مِنَ الْبَيَانِ سِحْرًا.

(۲۶۵۳۴) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: یقیناً بعض اشعار پر حکمت ہوتے ہیں اور یقیناً بعض بیان جادو کا اثر رکھتے ہیں۔

(٢٦٥٣٥) حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَعْلَى ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الشَّرِيدِ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ : أَنْشَدْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِئَةَ قَافِيَةٍ مِنْ شِعْرِ أُمَيَّةَ بْنِ أَبِي الصَّلْتِ يَقُولُ بَيْنَ كُلِّ قَافِيَةٍ : هِيهِ ، وَقَالَ : إِنْ كَادَ لَيُسْلِمُ.

(۲۶۵۳۵) حضرت شرید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو امیہ بن ابی صلت کے اشعار میں سے سو قافیہ سنائے۔ آپ ﷺ ہر قافیہ کے درمیان فرماتے۔ اور سناؤ۔ اور فرمایا: قریب تھا کہ وہ اسلام لے آتا۔

(٢٦٥٣٦) حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ ، عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ عُتْبَةَ ، عَنْ عِكْرِمَةَ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَدَّقَ أُمَيَّةَ بْنَ أَبِي الصَّلْتِ فِي شَيْءٍ مِنْ شِعْرِهِ ، أَوْ قَالَ فِي بَيْتَيْنِ مِنْ شِعْرِهِ، فَقَالَ :

زُحَلٌ وَثَوْرٌ تَحْتَ رِجْلِ يَمِينِهِ وَالنَّسْرُ لِلأُخْرَى وَلَيْثٌ مُرْصَدُ

قَالَ :فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :صَدَقَ.

وَالشَّمْسُ تَطْلُعُ كُلَّ آخِرِ لَيْلَةٍ حَمْرَاءَ يُصْبِحُ لَوْنُهَا يَتَوَرَّدُ

فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :صَدَقَ.

(۲۶۵۳۶) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے امیہ بن ابی صلت کے اشعار میں سے ایک یا دو اشعار کی تصدیق کی۔ اس نے یوں شعر کہا: ''زحل اور ثور اس کے دائیں پاؤں کے نیچے ہے اور نسر اس کے بائیں پاؤں کے نیچے ہے۔ اور لیث اس کی تاک میں ہے۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اس نے سچ کہا۔ دوسرا شعر یہ ہے: سورج رات کے آخری حصے میں اس طرح طلوع ہوتا ہے کہ وہ سرخ ہوتا ہے اور اس کا رنگ گلابی ہونے لگتا ہے نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اس نے سچ کہا۔

(٢٦٥٣٧) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ زَائِدَةَ ، عَنْ سِمَاكٍ ، عَنْ عِكْرِمَةَ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ، قَالَ : كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَمَثَّلُ مِنَ الأَشْعَارِ وَيَأْتِيكَ بِالأَخْبَارِ مَنْ لَمْ تُزَوِّدْ.

(۲۶۵۳۷) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ اس شعر کو پڑھا کرتے تھے۔ (ترجمہ) زمانہ تیرے پاس ایسی خبریں لائے گا جو تجھے پہلے حاصل نہیں ہوں گی۔

(٢٦٥٣٨) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ زَائِدَةَ ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ ، عَنْ مُوسَى بْنِ طَلْحَةَ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ :إِنَّ أَصْدَقَ كَلِمَةٍ ، قَالَهَا شَاعِرٌ كَلِمَةُ لَبِيدٍ ، ثُمَّ تَمَثَّلَ أَوَّلَهُ وَتَرَكَ آخِرَهُ : أَلاَ كُلُّ شَيْءٍ مَا خَلاَ اللَّهَ بَاطِلٌ.

وَكَادَ أُمَيَّةُ بْنُ أَبِي الصَّلْتِ أَنْ يُسْلِمَ.

(۲۶۵۳۸) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: بلاشبہ سچی ترین بات جو کسی شاعر نے کہی وہ لبید کی بات ہے۔ پھر آپ ﷺ نے اس کے شعر کا پہلا مصرعہ پڑھا اور اس کا دوسرا مصرعہ چھوڑ دیا۔ مصرعہ یہ ہے (ترجمہ) اللہ کے سوا ہر چیز باطل اور فانی ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: قریب تھا کہ امیہ بن ابی صلت اسلام لے آتا۔

(٢٦٥٣٩) حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ

قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :إِنَّ أَصْدَقَ كَلِمَةٍ ، قَالَهَا الشَّاعِرُ كَلِمَةُ لَبِيَدٍ أَلَا كُلُّ شَيْءٍ مَا خَلَا اللَّهَ بَاطِلٌ .وَكَادَ أُمَيَّةُ بْنُ أَبِي الصَّلْتِ يُسْلِمَ.

(۲۶۵۳۹) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یقیناً سچی ترین بات جو کسی شاعر نے کہی وہ لبید کا یہ مصرعہ ہے (ترجمہ) اللہ کے سوا ہر چیز باطل اور فانی ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قریب تھا کہ امیہ بن ابی صلت اسلام لے آتا۔

(٢٦٥٤٠) حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنِ سُلَيْمَانَ ، عَنْ أَبِي حيان ، عَنِ حَبِيبِ بْنِ أَبِي ثَابِتٍ ، أَنَّ حَسَّانَ بْنَ ثَابِتٍ أَنْشَدَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَبْيَاتًا فَقَالَ :

شَهِدْت بِإِذْنِ اللهِ أَنَّ مُحَمَّدًا ... رَسُولُ الَّذِي فَوْقَ السَّمَاوَاتِ مِنْ عَلُ

وَأَنَّ أَبَا يَحْيَى وَيَحْيَى كِلَاهُمَا ... لَهُ عَمَلٌ فِي دِينِهِ مُتَقَبَّلُ

وَأَنَّ أَخَا الْأَحْقَافِ إِذَا قَامَ فِيهِمُ ... يَقُولُ بِذَاتِ اللهِ فِيهِمْ وَيَعْدِلُ

(۲۶۵۴۰) حضرت حبیب بن ابی ثابت رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ اشعار سنائے۔ (ترجمہ) میں اللہ کے حکم سے گواہی دیتا ہوں کہ محمد اس اللہ کے رسول ہیں جو آسمانوں کے اوپر ہے۔ حضرت یحییٰ علیہ السلام اور ان کے والد (حضرت زکریا علیہ السلام) دونوں کا عمل اس دین میں قابلِ قبول ہے۔ اسی طرح حضرت ہود علیہ السلام کا عمل بھی جب وہ لوگوں میں کھڑے ہو کر انہیں دین کی دعوت دیا کرتے تھے۔

(٢٦٥٤١) حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ ، عَنْ مُجَالِدٍ ، عَنِ الشَّعْبِيِّ ، قَالَ :اسْتَأْذَنَ حَسَّانُ النَّبِيَّ فِي قُرَيْشٍ ، قَالَ : كَيْفَ تَصْنَعُ بِنَسَبِي فِيهِمْ ؟ قَالَ :أَسُلُّكَ مِنْهُمْ كَمَا تُسَلُّ الشَّعْرَةُ مِنَ الْعَجِينِ.

(۲۶۵۴۱) امام شعبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت حسان رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے قریش کے بارے میں اشعار کہنے کی اجازت مانگی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم ایسا کیسے کر سکتے ہو حالانکہ میرا نسب بھی اُن ہی میں سے ہے۔ انہوں نے عرض کیا۔ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو ان میں سے ایسے نکال لوں گا جیسا کہ آٹے سے بال کو نکال لیا جاتا ہے۔

(٢٦٥٤٢) حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ ، عَنْ مُجَالِدٍ ، عَنِ الشَّعْبِيِّ ، قَالَ :ذُكِرَ عِنْدَ عَائِشَةَ حَسَّانُ فَقِيلَ لَهَا :إِنَّهُ قَدْ أَعَانَ عَلَيْكِ وَفَعَلَ وَفَعَلَ ، فَقَالَتْ :مَهْلًا ، فَإِنِّي سَمِعْت رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ :إِنَّ اللَّهَ يُؤَيِّدُ حَسَّانَ فِي شِعْرِهِ بِرُوحِ الْقُدُسِ.

(۲۶۵۴۲) امام شعبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے سامنے حضرت حسان رضی اللہ عنہ کا ذکر ہوا تو آپ رضی اللہ عنہ سے کہا گیا: بے شک انہوں نے تو آپ رضی اللہ عنہ کے خلاف مدد کی اور ایسا اور ایسا کیا۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: چھوڑو، یقیناً میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یوں فرماتے ہوئے سنا: اللہ تعالیٰ نے حسان کی شعر کہنے میں روح القدس یعنی حضرت جبرائیل کے ذریعے مدد فرمائی۔

(٢٦٥٤٣) حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ ، عَنْ مُجَالِدٍ ، عَنِ الشَّعْبِيِّ ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ :اهْجُ

الْمُشْرِكِينَ , فَإِنَّ رُوحَ الْقُدُسِ مَعَكَ.

(۲۶۵۴۳) امام شعبی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مشرکین کی ہجو بیان کرو۔ یقیناً روح القدس حضرت جبرائیل علیہ السلام تمہارے ساتھ ہیں۔

(٢٦٥٤٤) حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ ، عَنْ أَبِيهِ ، أَنَّ حَسَّانَ بْنَ ثَابِتٍ سَأَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَهْجُوَ أَبَا سُفْيَانَ ، قَالَ :فَكَيْفَ بِقَرَابَتِي ؟ قَالَ :وَالَّذِي أَكْرَمَكَ لأَسُلَّنَّكَ مِنْهُمْ سَلَّ الشَّعْرِ مِنَ الْعَجِينِ.

(۲۶۵۴۴) حضرت عروہ بن زبیر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ابوسفیان کی ہجو کرنے کے بارے میں پوچھا: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیسے کرو گے وہ تو میرے قریبی رشتہ دار ہیں؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: قسم ہے اُس ذات کی جس نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو معزز بنایا۔ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایسے کھینچ لوں گا جیسے آٹے میں سے بال کھینچ لیا جاتا ہے۔

(٢٦٥٤٥) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ ، عَنِ الشَّيْبَانِيِّ ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِحَسَّانَ بْنِ ثَابِتٍ :اهْجُ الْمُشْرِكِينَ , فَإِنَّ جِبْرِيلَ مَعَكَ.

(۲۶۵۴۵) حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ سے فرمایا: مشرکین کی ہجو بیان کرو۔ بے شک حضرت جبرائیل علیہ السلام تمہارے ساتھ ہیں۔

(٢٦٥٤٦) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ أَبِي خَالِدٍ الْوَالِبِيِّ ، قَالَ :كُنَّا نُجَالِسُ أَصْحَابَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَنَاشَدُونَ الأَشْعَارَ وَيَذْكُرُونَ أَمْرَ الْجَاهِلِيَّةِ.

(۲۶۵۴۶) حضرت اعمش رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابو خالد والبی رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا کہ ہم لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب کی مجلسوں میں بیٹھا کرتے تھے تو وہ لوگ اشعار پڑھا کرتے تھے اور جاہلیت کے واقعات یاد کرتے تھے۔

(٢٦٥٤٧) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عن أسامة , عَنْ نَافِعٍ ، قَالَ :كَانَتْ لِعَبْدِ اللهِ بن رواحة جَارِيَةٌ ، فَكَانَ يُجَامِعُهَا امْرَأَتَهُ غَشَيَانَهَا ، قَالَ :فَوَقَعَ عَلَيْهَا ذَاتَ يَوْمٍ ، فَجَاءَ إِلَى امْرَأَتِهِ فَاتَّهَمَتْهُ أَنْ يَكُونَ وَقَعَ عَلَيْهَا ، فَأَنْكَرَ ذَلِكَ فَقَالَتْ لَهُ :اقْرَأْ إِذًا الْقُرْآنَ ، فَقَالَ :

شَهِدْتُ بِإِذْنِ اللهِ أَنَّ مُحَمَّدًا ... رَسُولُ الَّذِي فَوْقَ السَّمَاوَاتِ مِنْ عَلُ
وَأَنَّ أَبَا يَحْيَى وَيَحْيَى كِلاَهُمَا ... لَهُ عَمَلٌ فِي دِينِهِ مُتَقَبَّلُ

فَقَالَتْ :أَوَلَى لَكَ.

(۲۶۵۴۷) حضرت نافع رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ کی ایک باندی تھی۔ آپ رضی اللہ عنہ اُس سے جماع کرنے کو اپنی بیوی سے چھپاتے تھے۔ ایک دن آپ رضی اللہ عنہ نے اس سے جماع کیا اور جب اپنی بیوی کے پاس آئے تو اس نے آپ رضی اللہ عنہ پر الزام لگایا کہ آپ رضی اللہ عنہ نے اس باندی سے جماع کیا ہے؟ آپ رضی اللہ عنہ نے اس کا انکار کیا تو آپ رضی اللہ عنہ کی بیوی نے آپ سے کہا: اگر

ایسی بات ہے تو قرآن پڑھو: آپ رضی اللہ عنہ نے یہ اشعار پڑھ دیئے۔ (ترجمہ) میں اللہ کے حکم سے گواہی دیتا ہوں کہ محمد اس اللہ کے رسول ہیں جو آسمانوں کے اوپر ہے۔ حضرت یحییٰ علیہ السلام اور ان کے والد دونوں کا عمل اس دین میں قابلِ قبول ہے۔ اس نے کہا: تم سچے ہو۔

(٢٦٥٤٨) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ ، عَنْ مِسْعَرٍ ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ ، عَنْ خَيْثَمَةَ ، قَالَ أَتَى عُمَرَ شَاعِرٌ فَقَالَ : أُنْشِدُكَ ، فَاسْتَنْشَدَهُ ، فَجَعَلَ هُوَ يُنْشِدُهُ ، فَذَكَرَ مُحَمَّدًا فَقَالَ : غَفَرَ اللَّهُ لِمُحَمَّدٍ بِمَا صَبَرَ ، قَالَ : يَقُولُ عُمَرُ : قَدْ فَعَلَ ، ثُمَّ أَبَا بَكْرٍ جَمِيعًا وَعُمَرَ ، فَقَالَ : مَا شَاءَ اللَّهُ.

(۲۶۵۴۸) حضرت خیثمہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس ایک شاعر آیا اور کہنے لگا: کیا آپ رضی اللہ عنہ کو شعر سناؤں؟ آپ رضی اللہ عنہ نے شعر سنانے کا کہا: تو وہ شعر سنا رہا تھا کہ اس نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر کیا اور کہا: اللہ تعالیٰ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے درجات بلند فرمائے آپ نے تکالیف پر بہت صبر کیا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تحقیق آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسا ہی کیا پھر اس نے یہ مصرعہ پڑھا۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جو اللہ نے چاہا۔

(٢٦٥٤٩) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سُلَيْمٍ ، عَنْ أَنَسٍ ، قَالَ : تَمَثَّلَ الْبَرَاءُ بَيْتًا مِنْ شِعْرٍ فَقُلْت : تُمَثِّلُ أَخِي بِبَيْتٍ مِنْ شِعْرٍ لَا تَدْرِي لَعَلَّهُ آخِرُ شَيْءٍ تَكَلَّمْت بِهِ ، قَالَ : لَا أَمُوتُ عَلَى فِرَاشِي ، لَقَدْ قَتَلْت مِنَ الْمُشْرِكِينَ وَالْمُنَافِقِينَ مِئَةً إِلَّا رَجُلًا.

(۲۶۵۴۹) حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت براء رضی اللہ عنہ ایک شعر گنگنا رہے تھے، میں نے ان سے کہا کہ آپ شعر گنگنا رہے ہیں، اگر آپ کو اس حالت میں موت آ گئی تو کیا ہوگا۔ انہوں نے جواب دیا کہ میں اپنے بستر پر نہیں مروں گا۔ میں نے ننانوے مشرکوں اور منافقوں کو قتل کیا ہے۔

(٢٦٥٥٠) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ أَبِي خَالِدٍ الْوَالِبِيِّ ، قَالَ : كُنْتُ أَجْلِسُ مَعَ أَصْحَابِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَعَلَّهُمْ لَا يَذْكُرُونَ إِلَّا الشِّعْرَ حَتَّى يَتَفَرَّقُوا.

(۲۶۵۵۰) امام شعبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابو خالد والبی رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کے ساتھ بیٹھا کرتا تھا۔ بعض اوقات وہ اپنی مجالس میں صرف اشعار کا ہی تذکرہ کیا کرتے تھے۔

(٢٦٥٥١) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنِ الْحَسَنِ ، عَنْ أَبِي الْجَحَّافِ ، عَنِ الشَّعْبِيِّ ، قَالَ كَانَ أَبُو بَكْرٍ شَاعِرًا ، وَكَانَ عُمَرُ شَاعِرًا ، وَكَانَ عَلِيٌّ شَاعِرًا.

(۲۶۵۵۱) امام شعبی رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ شاعر تھے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ شاعر تھے اور حضرت علی رضی اللہ عنہ بھی شاعر تھے۔

(٢٦٥٥٢) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، قَالَ : أَخْبَرَنَا مُجَالِدٌ ، قَالَ : أَخْبَرَنِي عَامِرٌ ، قَالَ : أَخْبَرَنَا رِبْعِيُّ بْنُ حِرَاشٍ ، أَنَّهُ أَتَى عُمَرَ فِي نَفَرٍ مِنْ غَطَفَانَ فَذَكَرُوا الشِّعْرَ فَقَالَ عُمَرُ : أَيُّ شُعَرَائِكُمْ أَشْعَرُ ؟ فَقَالُوا : أَنْتَ أَعْلَمُ يَا أَمِيرَ

الْمُؤْمِنِينَ ، قَالَ :فَقَالَ عُمَرُ :مَنِ الَّذِى يَقُولُ :

أَتَيْتُكَ عَارِيًا خَلِقًا ثِيَابِى عَلَى خَوْفٍ تُظَنُّ بِى الظُّنُونُ
فَأَلْفَيْتَ الأَمَانَةَ لَمْ تَخُنْهَا كَذَلِكَ كَانَ نُوحٌ لاَ يَخُونُ

قُلنا النَّابِغَةُ , ثُمَّ قَالَ مِثْلَ ذَلِكَ ، ثُمَّ قَالَ :مَنِ الَّذِى يَقُولُ :

حَلَفْتُ فَلَمْ أَتْرُكْ لِنَفْسِكَ رِيبَةً وَلَيْسَ وَرَاءَ اللهِ لِلْمَرْءِ مَذْهَبُ

ثُمَّ قَالَ :مَنِ الَّذِى يَقُولُ :

إِلاَ سُلَيْمَانَ إِذْ قَالَ الإِلَهُ لَهُ قُمْ فِى الْبَرِيَّةِ فَاحْدُرْهَا عَلَى الْفَنَدِ

قُلْنَا :النَّابِغَةُ ، قَالَ :هَذَا أَشْعَرُ شُعَرَائِكُمْ.

(۲۶۵۵۲) حضرت عامر رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ربعی بن حراش رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: میں غطفان کے لشکر میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آیا تو وہ لوگ شعروں کا تذکرہ کر رہے تھے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تمہارے شعراء میں سب سے بڑا شاعر کون سا ہے؟ ان لوگوں نے جواب دیا: امیر المؤمنین! آپ رضی اللہ عنہ زیادہ جانتے ہیں۔ اس پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ شعر کس نے کہا؟ (ترجمہ) میں تیرے پاس اس حال میں آیا کہ میں ننگے پاؤں تھا اور میرے کپڑے پرانے تھے۔ بہت سے اندیشوں نے مجھے گھیرا ہوا تھا۔ میں اپنی امانت کو اس حال میں پایا کہ تو نے اس میں خیانت نہ کی تھی۔ حضرت نوح علیہ السلام بھی خیانت نہ کیا کرتے تھے۔

ہم لوگوں نے جواب دیا: نابغہ نے، آپ رضی اللہ عنہ پھر ایسے ہی فرمایا اور پوچھا: یہ شعر کس نے کہا؟ (ترجمہ) میں قسم کھاتا ہوں تا کہ تیرے دل میں کوئی شک باقی نہ رہے۔ اور اللہ کے سوا تو آدمی کا کوئی مذہب نہیں ہے۔

پھر آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ شعر کس نے کہا؟ (ترجمہ) سوائے سلیمان کہ جب اللہ تعالیٰ نے ان سے کہا لوگوں میں کھڑے ہو جاؤ اور انہیں دنیا کے فانی ہونے کا درس دو۔

ہم نے جواب دیا: نابغہ نے۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ تمہارے شعراء میں سب سے بڑا شاعر ہے۔

(٢٦٥٥٣) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ أَبِى الضُّحَى ، أَنَّ أَبَا بَكْرٍ اسْتَنْشَدَ مَعْدِى كَرِبَ فَأَنْشَدَهُ ، وَقَالَ :مَا اسْتَنْشَدْتُ فِى الإِسْلاَمِ أَحَدًا قَبْلَكَ.

(۲۶۵۵۳) حضرت ابوضحیٰ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے معدی کرب رضی اللہ عنہ سے شعر سنانے کا مطالبہ کیا، اور فرمایا: میں نے اسلام لانے کے بعد تجھ سے پہلے کسی سے بھی شعر سنانے کا مطالبہ نہیں کیا۔

(٢٦٥٥٤) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ حَسَّانَ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ ، قَالَ :قَالَ أَبُو بَكْرٍ :رُبَّمَا قَالَ الشَّاعِرُ الْكَلِمَةَ الْحِكْمِيَّةَ.

(۲۶۵۵۴) حضرت عبداللہ بن عبید بن عمیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: کبھی کبھار شاعر پر حکمت بات

کہہ دیتا ہے۔

(٢٦٥٥٥) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَن زَكَرِيَّا ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ ، عَن هَانِءٍ ، قَالَ :سَمِعْتُ عَلِيًّا يَقُولُ :

اشْدُدْ حَيَازِيمَكَ لِلْمَوْتِ فَإِنَّ الْمَوْتَ لَاقِيكَا

وَلَا تَجْزَعْ مِنَ الْمَوْتِ إِذَا حَلَّ بِوَادِيكَا

(۲۶۵۵۵) حضرت ھانی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو یہ شعر پڑھتے ہوئے سُنا: (ترجمہ) تو اپنے سینہ کو موت کے لیے تیار کر لے..... اس لیے کہ موت تجھ سے ملاقات کرنے والی ہے اور تو ہرگز موت سے نہ ڈر..... جب موت تیری وادی میں اتر آئے۔

(٢٦٥٥٦) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَن يَزِيدَ ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ ، قَالَ :قَالَ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ لِلْمُرَادِيِّ :

أُرِيدُ حَيَاتَهُ وَيُرِيدُ قَتْلِي عَذِيرَكَ مِنْ خَلِيلِكَ مِنْ مُرَادِ

(۲۶۵۵۶) حضرت ابن سیرین رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت علی بن ابی طالب نے عبد الرحمٰن بن ملجم مرادی سے یوں کہا: (ترجمہ) میں اس کی زندگی کا ارادہ کرتا ہوں اور وہ میرے قتل کرنے کا ارادہ رکھتا ہے۔ تم قبیلہ مراد میں سے کسی ایسے دوست کو لاؤ جو تمہارا عذر تسلیم کرے۔

(٢٦٥٥٧) حَدَّثَنَا يَعلى بْنُ عُبَيْدٍ ، عَنْ أَبِي حَيَّانَ ، عَن مُجَمِّعٍ ، قَالَ :بَنَى عَلِيٌّ سِجْنًا فَسَمَّاهُ نَافِعًا ، ثُمَّ بَدَا لَهُ فَكَسَّرَهُ وَبَنَى أَحْصَنَ مِنْهُ ، ثُمَّ قَالَ بَيْتَ شِعْرٍ :

أَلَمْ تَرَونِي كَيِّسًا مُكَيَّسًا بَنَيْت بَعْدَ نَافِعٍ مُخَيَّسًا

(۲۶۵۵۷) حضرت مجمع رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ایک جیل بنائی اور اس کا نام نافع رکھا پھر آپ رضی اللہ عنہ کے ذہن میں کوئی خیال آیا تو آپ رضی اللہ عنہ نے اسے توڑ کر اس سے بھی مضبوط جیل بنائی پھر آپ رضی اللہ عنہ نے یہ شعر کہا: (ترجمہ) کیا میں تمہیں صاحب عقل اور معروف عقلمند نہیں لگتا۔ میں نے نافع جیل کے بعد مخیس جیل بنا دی۔

(٢٦٥٥٨) حَدَّثَنَا عَبْدُ الأَعْلَى ، عَن دَاوُد ، عَنِ الشَّعْبِيِّ ، أَنَّ عُمَرَ كَتَبَ إِلَى الْمُغِيرَةِ أَنْ يَسْتَنْطِقَ الشُّعَرَاءَ عَندَهُ.

(۲۶۵۵۸) امام شعبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ کو خط لکھا کہ وہ شعراء کو اپنے پاس بلا کر ان سے شعر سنیں۔

(٢٦٥٥٩) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَن سُفْيَانَ ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ أَبِي بَشِيرٍ ، عَن عِكْرِمَةَ ، قَالَ :كُنْتُ أَسِيرُ مَعَ ابْنِ عَبَّاسٍ وَنَحْنُ مُنْطَلِقُونَ إِلَى عَرَفَاتٍ ، فَكُنْت أُنْشِدُهُ الشِّعْرَ ، وَيَفْتَحُهُ عَلَيَّ.

(۲۶۵۵۹) حضرت عبد الملک بن ابی بشیر رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عکرمہ رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: کہ میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کے ساتھ چل رہا تھا اور ہم لوگ عرفات کے میدان کی طرف جا رہے تھے۔ اور میں شعر پڑھ رہا تھا آپ رضی اللہ عنہ میری غلطیاں درست

فرمارہے تھے۔

(٢٦٥٦٠) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ قَتَادَةَ ، عَنْ مُطَرِّفِ بْنِ عَبْدِ اللهِ ، قَالَ : خَرَجْتُ مَعَ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ إِلَى الْكُوفَةِ ، فَكَانَ لاَ يَأْتِي عَلَيْهِ يَوْمٌ إِلاَّ أَنْشَدَنَا فِيهِ الشِّعْرَ.

(۲۶۵۶۰) حضرت قتادہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ رضی اللہ عنہ حضرت مطرف بن عبد اللہ رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا: کہ میں حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ کے ساتھ کوفہ کی جانب نکلا۔ پس ان پر کوئی دن نہیں گزرتا تھا مگر یہ کہ وہ ہمیں شعر سناتے تھے۔

(٢٦٥٦١) حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنْ أَيُّوبَ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ ، عَنْ كَثِيرِ بْنِ أَفْلَحَ ، قَالَ : كَانَ آخِرُ مَجْلِسٍ جَلَسْنَا فِيهِ مَعَ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ مَجْلِسًا تَنَاشَدْنَا فِيهِ الشِّعْرَ.

(۲۶۵۶۱) امام محمد بن سیرین رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت کثیر بن افلح رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا: سب سے آخری مجلس جس میں ہم حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کے ساتھ بیٹھے تھے وہ مجلس تھی جس میں ہم نے اشعار پڑھے تھے۔

(٢٦٥٦٢) حَدَّثَنَا عَبْدَةُ ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ عَائِشَةَ ، قَالَتْ : قَدِمْنَا الْمَدِينَةَ وَهِيَ وَبِيئَةٌ فَاشْتَكَى أَبُو بَكْرٍ وَاشْتَكَى بِلاَلٌ ، قَالَتْ : فَكَانَ أَبُو بَكْرٍ تعني إِذَا أَفَاقَ يَقُولُ :

كُلُّ امْرِءٍ مُصْبِحٌ فِي أَهْلِهِ ... وَالْمَوْتُ أَدْنَى مِنْ شِرَاكِ نَعْلِهِ

قَالَتْ : وَكَانَ بِلاَلٌ إِذَا أَفَاقَ يَقُولُ :

أَلاَ لَيْتَ شِعْرِي هَلْ أَبِيتَنَّ لَيْلَةً ... بِوَادٍ وَحَوْلِي إِذْخِرٌ وَجَلِيلُ

وَهَلْ أَرِدَنَّ يَوْمًا مِيَاهَ مِجَنَّةٍ ... وَهَلْ يَبْدُوَنَّ لِي شَامَةٌ وَطَفِيلُ

(۲۶۵۶۲) حضرت عروہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے ارشاد فرمایا: ہم لوگ مدینہ آئے اس حال میں کہ مدینہ وباء زدہ جگہ تھی، پس حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور حضرت بلال رضی اللہ عنہ بیمار ہو گئے۔ جب حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ صحت مند ہوئے تو آپ رضی اللہ عنہ یہ شعر پڑھتے تھے: (ترجمہ) ہر آدمی اپنے گھر والوں میں صبح کرتا ہے اس حال میں کہ موت اس کی جوتی کے تسمہ سے بھی قریب ہوتی ہے۔ اور جب حضرت بلال رضی اللہ عنہ صحت مند ہوئے تو وہ یہ شعر پڑھا کرتے تھے۔ (ترجمہ) کاش اے میرے شعر: میں رات گزاروں مکہ کی وادی میں اس حال میں کہ میرے اردگرد اذخر اور ثمامہ کی گھاس ہو۔ اور کیا میں کسی دن مجنہ کے پانی کی جگہ اتروں گا اور کیا میرے سامنے شامہ اور طفیل چشمے ظاہر ہوں گے۔

(٢٦٥٦٣) حَدَّثَنَا عَبْدَةُ ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ عَائِشَةَ ، قَالَتْ : كَانَتْ تَتَمَثَّلُ هَذَيْنِ الْبَيْتَيْنِ مِنْ قَوْلِ لَبِيدٍ :

ذَهَبَ الَّذِينَ يُعَاشُ فِي أَكْنَافِهِمْ ... وَبَقِيتُ فِي خَلَفٍ كَجِلْدِ الأَجْرَبِ

يَتَأَكَّلُونَ مَشِيحَةً وَخِيَانَةً ... وَيُعَابُ قَائِلُهُمْ وَإِنْ لَمْ يَشْغَبْ

(۲۶۵۶۳) حضرت عروہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا لبید کے اشعار میں سے اکثر ان دو مصرعوں کو پڑھا کرتی تھیں۔

(ترجمہ) وہ لوگ چلے گئے جن کی حفاظت میں زندگی گزاری جاتی تھی۔ اور میں باقی رہ گئی پیچھے خارش زدہ اونٹ کی کھال کی طرح۔ اور لوگ چغلیاں اور خیانت کرتے ہیں۔ اور کہنے والے کو عیب لگایا جاتا ہے اگر چہ وہ فساد نہ پھیلاتا ہو۔

(٢٦٥٦٤) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ عَائِشَةَ ، قَالَتْ : كَانَ عُمَرُ يَتَمَثَّلُ بِهَذَا الْبَيْتِ :

إِلَيْكَ تَعْدُو قَلِقًا وَضِينُهَا

مُعْتَرِضًا فِي بَطْنِهَا جَنِينُهَا .

مُخَالِفًا دِينَ النَّصَارَى دِينُهَا .

(۲۶۵۶۴) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ اس شعر کو پڑھا کرتے تھے۔ (ترجمہ) وہ تیرے پاس پریشان ہو کر اس حال میں بھاگتی ہوئے آئے گی کہ اس کے پیٹ کا بچہ تکلیف اٹھائے گا۔ اس کا دین نصاریٰ کے دین کے مخالف ہوگا۔

(٢٦٥٦٥) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ مُسْلِمٍ ، عَنْ مَسْرُوقٍ ، عَنْ عَائِشَةَ ، قَالَتْ : دَخَلَ عَلَيْهَا حَسَّانُ بْنُ ثَابِتٍ بَعْدَ مَا كُفَّ بَصَرُهُ ، فَقِيلَ لَهَا ، أَتُدْخِلِينَ عَلَيْكِ هَذَا الَّذِي قَالَ اللَّهُ : ﴿وَالَّذِي تَوَلَّى كِبْرَهُ مِنْهُمْ لَهُ عَذَابٌ عَظِيمٌ﴾ قَالَتْ : أَوَلَيْسَ فِي عَذَابٍ عَظِيمٍ ، قَدْ كُفَّ بَصَرُهُ ، قَالَ : فَأَنْشَدَهَا بَيْتًا ، قَالَهُ لابْنَتِهِ :

حَصَانٌ رَزَانٌ مَا تُزَنُّ بِرِيبَةٍ وَتُصْبِحُ غَرْثَى مِنْ لُحُومِ الْغَوَافِلِ

قَالَتْ : لَكِنَّ أَنْتَ لَسْتَ كَذَلِكَ .

(۲۶۵۶۵) حضرت مسروق رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ اپنی بینائی چلے جانے کے بعد آئے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو بتایا گیا کہ آپ کے پاس وہ شخص آیا ہے جس کے بارے میں اللہ رب العزت نے یوں فرمایا: کہ جس نے اٹھایا اس کا بڑا بوجھ اس کے لیے بڑا عذاب ہے؟! آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا وہ بڑے عذاب میں نہیں ہے کہ تحقیق اس کی بینائی چلی گئی۔ راوی کہتے ہیں کہ پھر حضرت حسان رضی اللہ عنہ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے بارے میں شعر سنایا جو اپنی بیٹی کے لیے کہا تھا۔ (ترجمہ) وہ پاکدامن ہیں، بے عیب ہیں، کسی برے کام کا انہوں نے ارتکاب نہیں کیا۔ وہ پاکدامن عورتوں کے عزت پر انگلی نہیں اٹھاتیں۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: لیکن تم ایسے نہیں ہو۔

(٢٦٥٦٦) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ أَبِي فَزَارَةَ ، عَنِ الْحَكَمِ ، أَنَّ عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ أَبِي لَيْلَى أَنْشَدَ شِعْرًا فِي الْمَسْجِدِ وَالْمُؤَذِّنُ يُقِيمُ .

(۲۶۵۶۶) حضرت حکم فرماتے ہیں کہ حضرت عبدالرحمن بن ابی لیلیٰ رحمہ اللہ نے مسجد میں شعر پڑھے اس حال میں کہ مؤذن اقامت کہہ رہا تھا۔

(٢٦٥٦٧) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ : مَا رَأَيْتُ أَحَدًا أَعْلَمَ بِشِعْرٍ ، وَلاَ فَرِيضَةٍ ، وَلاَ أَعْلَمَ بِفِقْهٍ مِنْ عَائِشَةَ .

(۲۶۵۶۷) حضرت ھشام بن عروہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ان کے والد حضرت عروہ رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے زیادہ کسی کو اشعار، فرائض اور فقہ کو جاننے والا نہیں دیکھا۔

(٢٦٥٦٨) حَدَّثَنَا شَرِيكٌ ، عَنْ فُرَاتٍ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ ، قَالَ :(الْقَانِعُ) السَّائِلُ ، ثُمَّ أَنْشَدَ بيت شَمَّاخٍ وَقَالَ: لَمَالُ الْمَرْءِ يُصْلِحُهُ فيغنى ... مَفَاقِرُهُ أَعَفُّ مِنَ الْقُنُوعِ.

(۲۶۵۶۸) حضرت فرات رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت سعید بن جبیر رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: کہ قرآن مجید میں القانع سے مراد سوال کرنے والا ہے۔ پھر آپ رحمہ اللہ نے شماخ کا یہ شعر پڑھا۔ (ترجمہ) آدمی کا مال درستی پیدا کرتا ہے اور اس کے فقر کو مالداری سے بدل کر اسے سوال کرنے والوں کے مقابلے میں عفیف بنا دیتا ہے۔

(٢٦٥٦٩) حَدَّثَنَا شَرِيكٌ ، عَنْ بَيَانٍ ، عَنْ عَامِرٍ ﴿فَإِذَا هُمْ بِالسَّاهِرَةِ﴾ قَالَ :بِالأَرْضِ ، ثُمَّ أَنْشَدَ بيتا لأُمَيَّةَ :

فأتانا بلَحْمٍ بِسَاهِرَةٍ وَبَحْر

(۲۶۵۶۹) حضرت بیان رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عامر رحمہ اللہ نے قرآن کی آیت: ﴿فَإِذَا هُمْ بِالسَّاهِرَةِ﴾ کے بارے میں ارشاد فرمایا: ساھرۃ سے مراد زمین ہے۔ پھر آپ رحمہ اللہ نے امیہ کے شعر کا یہ مصرعہ پڑھا۔ (ترجمہ) وہ ہمارے پاس زمین اور سمندر کے گوشت کے ساتھ آیا۔

(٢٦٥٧٠) حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ ، عَنْ عَاصِمٍ ، قَالَ :مَا سَمِعت الْحَسَنَ يَتَمَثَّلُ بِبَيْتٍ مِنْ شِعْرٍ قَطُّ إِلاَّ هَذَا الْبَيْتَ :

لَيْسَ مَنْ مَاتَ فَاسْتَرَاحَ بِمَيْتٍ إِنَّمَا الْمَيِّتُ مَيِّتُ الأَحْيَاءِ

ثُمَّ قَالَ :صَدَقَ وَاللَّهِ ، إِنَّهُ لَيَكُونُ حَيًّا وَهُوَ مَيِّتُ الْقَلْبِ.

(۲۶۵۷۰) حضرت عاصم رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے کبھی بھی حضرت حسن بصری رحمہ اللہ کو کسی شعر کے مصرعہ کو بطور تمثیل پڑھتے ہوئے نہیں سنا سوائے اس شعر کے: (ترجمہ) اصل مردہ وہ نہیں جو مر گیا اور آرام پا گیا اصل مردہ تو وہ ہے جو زندگی میں مردہ ہے۔

پھر آپ رحمہ اللہ نے فرمایا: اللہ کی قسم! شاعر نے سچ کہا: بے شک وہ زندہ ہے اس حال میں کہ دل مردار ہے۔

(٢٦٥٧١) حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنْ هِشَامٍ ، قَالَ :سَمِعْتُ أَبِي يَقُولُ :تَرَكْتُهَا يَعْنِي عَائِشَةَ قَبْلَ أَنْ تَمُوتَ بِثَلاَثِ سِنِينَ ، وَمَا رَأَيْت أَحَدًا أَعْلَمَ بِكِتَابِ اللهِ ، وَلاَ بِسُنَّةٍ ، عَنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، وَلاَ بِشِعْرٍ ، وَلاَ فَرِيضَةٍ مِنْهَا.

(۲۶۵۷۱) حضرت ھشام رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے والد حضرت عروہ رحمہ اللہ کو یوں فرماتے ہوئے سنا کہ میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو ان کی وفات سے تین سال قبل چھوڑا۔ اور میں نے کسی کو بھی آپ رضی اللہ عنہا سے زیادہ قرآن مجید، رسول اللہ کی سنت، اشعار اور فرائض کا جاننے والے کوئی نہیں دیکھا۔

(٢٦٥٧٢) حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ ، قَالَ :الطَّيَالِسِيُّ ، عَنْ مِسْمَعِ بْنِ مَالِكٍ الْيَرْبُوعِيِّ ، قَالَ :سَمِعْتُ عِكْرِمَةَ يَقُولُ :كَانَ

ابْنُ عَبَّاسٍ إِذَا سُئِلَ عَنْ شَيْءٍ مِنَ الْقُرْآنِ أَنْشَدَ أَشْعَارًا مِنْ أَشْعَارِهِمْ.

(۲۶۵۷۲) حضرت عکرمہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جب حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے قرآن مجید میں سے کسی چیز کے متعلق سوال کیا جاتا ۔تو آپ رضی اللہ عنہ اہل عرب کے اشعار میں سے کوئی شعر پڑھتے۔

(٢٦٥٧٣) حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ ، عَنِ ابْنِ أَبْجَرَ ، قَالَ : مَرَّ عَامِرٌ بِرَجُلَيْنِ عِنْدَ مَجْمَعِ طَرِيقَيْنِ وَهُمَا يَعْتَبَانِهِ وَيَقَعَانِ فِيهِ فَقَالَ :

هَنِيئًا مَرِيئًا غَيْرَ دَاءٍ مُخَامِرٍ لِعَزَّةَ مِنْ أَعْرَاضِنَا مَا اسْتَحَلَّتِ

(۲۶۵۷۳) حضرت ابن ابجر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت عامر رحمۃ اللہ علیہ کا گزر دو آدمیوں کے قریب سے ہوا جو دو راستوں کے چلنے کی جگہ کے پاس تھے۔اور وہ دونوں آپ رحمۃ اللہ علیہ کی غیبت کر رہے تھے اور آپ رحمۃ اللہ علیہ میں عیب نکال رہے تھے۔اس پر آپ رحمۃ اللہ علیہ نے یہ شعر پڑھا: (ترجمہ) بالکل ٹھیک ہیں، خوشحال ہیں اور کسی بیماری کا شکار بھی نہیں، پھر بھی وہ ہماری عزتوں کو اچھالتے ہیں۔

(٢٦٥٧٤) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ وَاضِحٍ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ قُسَيْطٍ ، عَنْ أَبِي الْحَسَنِ الْبُرَّادِ ، قَالَ : لَمَّا نَزَلَتْ هَذِهِ الآيَةُ ﴿وَالشُّعَرَاءُ يَتَّبِعُهُمُ الْغَاوُونَ﴾ جَاءَ عَبْدُ اللهِ بْنُ رَوَاحَةَ وَكَعْبُ بْنُ مَالِكٍ وَحَسَّانُ بْنُ ثَابِتٍ إِلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُمْ يَبْكُونَ ، فَقَالُوا : يَا رَسُولَ اللهِ ، أَنْزَلَ اللَّهُ هَذِهِ الآيَةَ وَهُوَ يَعْلَمُ أَنَّا شُعَرَاءُ ، فَقَالَ : اقْرَؤُوا مَا بَعْدَهَا : ﴿إِلاَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ﴾ أَنْتُمْ ﴿وَانْتَصَرُوا﴾ أَنْتُمْ.

(۲۶۵۷۴) حضرت یزید بن عبداللہ بن قسیط رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوالحسن برّاد رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا: جب یہ آیت نازل ہوئی ۔''اور رہے شعراء تو ان کے پیچھے بہکے ہوئے لوگ چلتے ہیں۔'' تو حضرت عبداللہ بن رواحہ رحمۃ اللہ علیہ، حضرت کعب بن مالک رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ، یہ تینوں حضرات روتے ہوئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آئے اور عرض کیا: یا رسول اللہ! اللہ رب العزت نے یہ آیت اتاری اس حال میں کہ وہ جانتے ہیں کہ ہم لوگ شاعر ہیں۔آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اس کے بعد والی آیت بھی پڑھو: مگر وہ جو ایمان لائے اور نیک اعمال کیے۔تم لوگ ہو۔ترجمہ: وہ لوگ کامیاب ہوئے۔یہ بھی تم لوگ ہو۔

(٢٦٥٧٥) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ سَلَمَةَ ، عَنْ عِكْرِمَةَ : ﴿وَالشُّعَرَاءُ يَتَّبِعُهُمُ الْغَاوُونَ﴾ قَالَ : عُصَاةُ الْجِنِّ.

(۲۶۵۷۵) حضرت سلمہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت عکرمہ رحمۃ اللہ علیہ نے قرآن مجید کی آیت ﴿وَالشُّعَرَاءُ يَتَّبِعُهُمُ الْغَاوُونَ﴾ کے متعلق یوں ارشاد فرمایا کہ اس سے نافرمان جن مراد ہیں۔

(٢٦٥٧٦) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، قَالَ : أَخْبَرَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ ، عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ الْخَطْمِيِّ ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَبْنِي الْمَسْجِدَ ، وَعَبْدُ اللهِ بْنُ رَوَاحَةَ يَقُولُ :

أَفْلَحَ مَنْ يُعَالِجُ الْمَسَاجِدَا.

وَرَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ :
قَدْ أَفْلَحَ مَنْ يُعَالِجُ الْمَسَاجِدَا.
يَتْلُو الْقُرْآنَ قَائِمًا وَقَاعِدَا.
وَرَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ :
وَيَتْلُو الْقُرْآنَ قَائِمًا وَقَاعِدَا.
وَهُمْ يَبْنُونَ الْمَسْجِدَ.

(۲۶۵۷۶) حضرت ابوجعفر خطمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مسجد کی تعمیر کرانے میں مصروف تھے اور حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ یہ شعر پڑھ رہے تھے:

(ترجمہ) کامیاب ہوگیا جس نے مسجد بنانے کی محنت کی۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تحقیق فلاح پا گیا جس نے مسجد بنانے کی کوشش کی۔

انہوں نے یہ مصرعہ پڑھا۔

(ترجمہ) وہ قرآن پڑھتا ہے کھڑے ہوکر اور بیٹھ کر۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: وہ قرآن کی تلاوت کرتا ہے کھڑے ہوکر اور بیٹھ کر۔

اس موقع پر صحابہ رضی اللہ عنہم مسجد کی تعمیر کر رہے تھے۔

(٢٦٥٧٧) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، حدَّثَنَا مُجَالِدٌ ، عَنْ عَامِرٍ ، أَنَّ حَارِثَةَ بْنَ بَدْرٍ التَّيْمِيَّ مِنْ أَهْلِ الْبَصْرَةِ ، قَالَ :

أَلاَ أَبْلِغَنْ هَمْدَانَ إِمَّا لَقِيتَهَا سَلاَما فَلاَ يَسْلَمْ عَدُوٌّ يَعِيبُهَا
لَعَمْرُ يَمِينًا إِنَّ هَمْدَانَ تَتَّقِي الإِلَهُ وَيَقْضِي بِالْكِتَابِ خَطِيبُهَا

وقال :

فَشَيَّبَ رَأْسِي وَاسْتَخَفَّ حَلومَنَا رُعُودُ الْمَنَايَا حَوْلَهَا وَبُرُوقُهَا
وَإِنَّا لَتَسْتَحْلِي الْمَنَايَا نُفُوسُنَا وَنَتْرُكُ أُخْرَى مَرَّةً مَا نَذُوقُهَا

قَالَ عَامِرٌ :فَحُدِّثَ بِهَذَا الْحَدِيثِ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ جَعْفَرٍ ، فَقَالَ :كُنَّا نَحْنُ أَحَقَّ بِهَذِهِ الأَبْيَاتِ مِنْ هَمْدَانَ.

(۲۶۵۷۷) حضرت عامر رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت حارثہ بن بدر تمیمی رحمہ اللہ جو کہ بصری ہیں انہوں نے یہ شعر پڑھا: (ترجمہ) جب تم ہمدان سے ملاقات کرو تو انہیں ہماری طرف سے سلام دینا اور پیغام دینا کہ ہمدان کو عیب دار کرنے والا دشمن سالم نہیں رہ سکتا۔ میں قسم کھا کر کہتا ہوں کہ ہمدان والے اللہ سے ڈرتے ہیں اور ان کا خطیب کتاب اللہ کی روشنی میں فیصلہ کرتا ہے۔

اور یہ شعر پڑھا: (ترجمہ) میرے سر کے بال سفید ہوگئے اور ہماری عقلوں کو موت کی کڑک اور چمک نے ہلکا کر دیا۔

ہمارے دل موت کو میٹھا سمجھتے ہیں اور زندگی کو کڑوا۔

حضرت عامر رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہ بات حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ کو بیان کی گئی تو آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہم لوگ ہمدان سے زیادہ ان اشعار کے حقدار تھے۔

(٢٦٥٧٨) حَدَّثَنَا يَزِيدُ ، قَالَ : أَخْبَرَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ قُدَامَةَ الْجُمَحِيُّ ، قَالَ : حَدَّثَنِي عُمَرُ بْنُ شُعَيْبٍ ، أَخو عَمْرُو بْنُ شُعَيْبٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ جَدِّهِ ، قَالَ : لَمَّا رَفَعَ النَّاسُ أَيْدِيَهُمْ مِنْ صِفِّينَ ، قَالَ عَمْرُو بْنُ الْعَاصِ :

شَبَّتِ الْحَرْبُ فَأَعْدَدْت لَهَا ... مُفْرَعَ الْحَارِكِ ملوىَّ الشبج

يَصِلُ الشَّدَّ بِشَدٍّ فَإِذَا ... ونت الْخَيْلُ مِنَ الشد مَعَجْ

جُرْشُعٌ أَعْظَمُهُ جُفْرَتُهُ ... فَإِذَا ابْتَلَّ مِنَ الْمَاءِ حدج

قَالَ : وَقَالَ عَبْدُ اللهِ بْنُ عَمْرٍو :

لَوْ شَهِدْت جَمَلٌ مَقَامِي وَمَشْهَدِي ... بِصِفِّينَ يَوْمًا شَابَ مِنْهَا الذَّوَائِبُ

غَدَاةَ أَتَى أَهْلُ الْعِرَاقِ كَأَنَّهُمْ ... سَحَابُ رَبِيعٍ رفَّعته الْجَنَائِبُ

وَجِئْنَاهُمْ بِرَدًى كَأَنَّ صُفُوفَنَا ... مِنَ الْبَحْرِ مَدٌّ مَوْجُهُ مُتَرَاكِبُ

وَدَارَتْ رَحَانَا وَاسْتَدَارَتْ رَحَاهُمْ ... سَرَاةَ النَّهَارِ مَا تُوَالِّي الْمَنَاكِبُ

إِذَا قُلْتَ قَدْ وَلَّوْا سِرَاعًا بَدَتْ لَنَا ... كَتَائِبُ مِنْهُمْ فَارْجَحَنَّتْ كَتَائِبُ

فَقَالُوا لَنَا إِنَّا نَرَى أَنْ تُبَايِعُوا ... عَلِيًّا فَقُلْنَا بَلْ نَرَى أَنْ تُضَارِبُوا

(۲۶۵۷۸) حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب لوگوں نے صفین جنگ سے اپنے ہاتھ کھڑے کر لیے تو حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ نے یہ اشعار کہے: (ترجمہ) جب جنگ نے زور پکڑا تو میں نے اس کے لیے اپنے کندھوں اور سینے کو تیار کر لیا۔ جب تیز چلنے کی وجہ سے گھوڑے سست پڑ جائیں گے تو سختی کا مقابلہ سختی سے ہوگا۔ میرا گھوڑا چوڑے سینے والا اور بڑے پیٹ والا ہے۔ اس کا قد درمیانہ ہے اور جب وہ کسی دیکھتا ہے یا آواز سنتا ہے تو اپنے کان کھڑے کر لیتا ہے۔

اور حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ نے یہ اشعار پڑھے: (ترجمہ) اگر جمل نامی عورت صفین میں میری بہادری کو دیکھ لیتا تو اس کے بال سفید ہو جاتے۔ جب عراق والے اس طرح حملہ آور ہوئے جیسے گھٹا چھاتی ہے۔ ہم اپنے دشمنوں کو نیست و نابود کرنے کے لیے اس طرح آئے ہیں کہ ہمارے لشکر سمندر کی موجوں کی طرح ہیں۔ دن کے روشن ہونے پر ہمارے اور ان کے درمیان جب جنگ تیز ہوئی تو نہ کسی نے پیٹھ پھیر نہ کوئی فرار ہوا۔ جب کوئی کہے کہ وہ تیزی سے پیٹھ پھیر گئے تو اتنی دیر میں ان کے مزید لشکر ظاہر ہو جاتے ہیں۔ وہ یہ کہتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ہاتھ پر بیعت کر لو، ہم کہتے ہیں کہ ہم جنگ کریں گے۔ (محمد عوامہ کی تحقیق کے مطابق ان اشعار کی نسبت ان جلیل القدر صحابہ کی طرف درست نہیں۔ انہوں نے اپنے اس موقف کو بہت سے دلائل سے ثابت کیا

ہے۔ دیکھیے۔ مصنف ابن ابی شیبہ ج ۱۳ صفحہ ۳۰۴)

(٢٦٥٧٩) حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ ، عَنْ حَمْزَةَ أَبِي عِمَارَةَ ، قَالَ : قَالَ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ لِعُبَيْدِ اللهِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُتْبَةَ : مَالَكَ وَلِلشِّعْرِ ؟ قَالَ : وَهَلْ يَسْتَطِيعُ الْمَصْدُورُ إِلاَّ أَنْ يَنْفُثَ .

(۲۶۵۷۹) حضرت حمزہ ابوعمارہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر بن عبدالعزیز نے حضرت عبید اللہ بن عبداللہ بن عتبہ سے فرمایا: تمہیں شعر سے کیا تعلق؟ انہوں نے کہا جو چیز سینے میں ہو اسے نکالے بغیر گزارہ نہیں۔

(٢٦٥٨٠) حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ ، عَنِ الزُّهْرِيِّ ، قَالَ : كنت إِذَا لَقِيت عُبَيْدَ اللهِ بْنَ عَبْدِ اللهِ فَكَأَنَّمَا أُفَجِّرُ بِهِ بَحْرًا .

(۲۶۵۸۰) امام زہری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے جب بھی حضرت عبید اللہ بن عبداللہ سے ملاقات کی گویا میں نے کسی سمندر میں انقلاب پیدا کر دیا ہو۔

(٢٦٥٨١) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ جُمَيْعٍ ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ ، قَالَ : لَمْ يَكُنْ أَصْحَابُ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُتَحَزِّقِينَ ، وَلاَ مُتَمَاوِتِينَ ، وَكَانُوا يَتَنَاشَدُونَ الشِّعْرَ فِي مَجَالِسِهِمْ ، وَيَذْكُرُونَ أَمْرَ جَاهِلِيَّتِهِمْ ، فَإِذَا أُرِيدَ أَحَدُهُمْ عَلَى شَيْءٍ مِنْ دِينِهِ دَارَتْ حَمَالِيقُ عَيْنَيْهِ كَأَنَّهُ مَجْنُونٌ .

(۲۶۵۸۱) حضرت ابوسلمہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ رضی اللہ عنہم بخل کرنے والے نہیں تھے اور نہ ہی عبادت کی ادائیگیوں میں کمزوری دکھانے والے تھے۔ وہ اپنی مجلسوں میں اشعار پڑھا کرتے تھے، اور زمانہ جاہلیت کے واقعات ذکر کرتے تھے۔ اور جب ان میں سے کسی کے دین کو نشانہ بنانے کا ارادہ کیا جاتا تو ان کے پپوٹوں کا اندرونی حصہ ایسے گھومتا تھا گویا کہ وہ شخص مجنون ہو۔

(٢٦٥٨٢) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ ، عَنِ ابْنِ شُبْرُمَةَ ، قَالَ : سَمعته يَقُول كَانَ الفَرَزْدَق مِن أَشْعَر النَّاس .

(۲۶۵۸۲) حضرت محمد بن فضیل رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن شبرمہ رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا: فرزدق سب سے بڑا شاعر تھا۔

(٢٦٥٨٣) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ السَّعْدِيِّ ، قَالَ : سَمِعْتُ الْحَسَنَ يَتَمَثَّلُ هَذَا الْبَيْتَ :

يَسُرُّ الْفَتَى مَا كَانَ قَدَّمَ مِنْ تُقًى إِذَا عَرَفَ الدَّاءَ الَّذِي هُوَ قَاتِلُهْ .

(۲۶۵۸۳) حضرت ابوسفیان سعدی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ کو کسی شاعر کا یہ شعر پڑھتے ہوئے سنا:

(ترجمہ) جب آدمی مہلک بیماری کی پہچان حاصل کر لے گا تو اسے اپنے تقویٰ اور پرہیز گاری پر خوشی ہوگی۔

(٢٦٥٨٤) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ ، قَالَ : حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مُهَاجِرٍ ، عَنْ عَامِرٍ ، عَنْ عَائِشَةَ ، قَالَتْ : كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا اسْتَرَاثَ الْخَبَرَ تَمَثَّلَ بِبَيْتِ طَرَفَةَ : وَيَأْتِيكَ بِالأَخْبَارِ مَنْ لَمْ تُزَوِّدْ .

(۲۶۵۸۴) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ جب رسول اللہ ﷺ کو بات پہنچنے میں تاخیر ہو جاتی تو آپ ﷺ طرفہ بن عبد کا یہ شعر پڑھتے: اور زمانہ تمہارے پاس وہ خبریں لائے گا جو تمہیں حاصل نہیں ہیں۔

(٢٦٥٨٥) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَبْدِالرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: كُنْتُ أُجَالِسُ أَصْحَابَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَ أَبِي فِي الْمَسْجِدِ فَيَتَنَاشَدُونَ الأَشْعَارَ ، وَيَذْكُرُونَ حَدِيثَ الْجَاهِلِيَّةِ.

(۲۶۵۸۵) حضرت عبدالرحمٰن کے والد فرماتے ہیں کہ میں اپنے والد کے ساتھ مسجد میں رسول اللہ ﷺ کے صحابہ رضی اللہ عنہم کی مجلس میں بیٹھا کرتا تھا وہ لوگ اشعار پڑھتے تھے اور زمانہ جاہلیت کی باتیں ذکر کرتے۔

(٢٦٥٨٦) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، قَالَ : أَخْبَرَنَا شَرِيكٌ ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ ، قَالَ : كُنَّا نَأْتِي النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيَجْلِسُ أَحَدُنَا حَيْثُ يَنْتَهِي، وَكَانُوا يَتَذَاكَرُونَ الشِّعْرَ وَحَدِيثَ الْجَاهِلِيَّةِ عِنْدَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلاَ يَنْهَاهُمْ ، وَرُبَّمَا تَبَسَّمَ.

(۲۶۵۸۶) حضرت جابر بن سمرۃ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم لوگ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں آتے تھے۔ اور ہم میں ہر کوئی مجلس کے آخری حصہ تک بیٹھتا تھا۔ اور صحابہ رضی اللہ عنہم شعر پڑھتے اور زمانہ جاہلیت کے واقعات کا ذکر کرتے۔ رسول اللہ ﷺ کے سامنے، اور آپ ﷺ ان کو منع نہیں کرتے اور کبھی کبھار مسکرا دیتے۔

(٢٦٥٨٧) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، قَالَ : أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ ، عَنْ قَتَادَةَ ، عَنْ مُطَرِّفٍ ، قَالَ : صَحِبْتُ عِمْرَانَ بْنَ حُصَيْنٍ فِي سَفَرٍ ، فَمَا كَانَ يَوْمٌ إِلاَّ يُنْشِدُ فِيهِ شِعْرًا.

(۲۶۵۸۷) حضرت مطرف رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں سفر میں حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھا۔ کوئی دن ایسا نہیں گزرا جس میں آپ رضی اللہ عنہ نے شعر نہ پڑھا ہو۔

(٢٦٥٨٨) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، قَالَ : أَخْبَرَنَا هِشَامٌ ، قَالَ : سَأَلَ رَجُلٌ مُحَمَّدًا وَهُوَ فِي الْمَسْجِدِ وَالرَّجُلُ يُرِيدُ أَنْ يُصَلِّيَ : أَيَتَوَضَّأُ مَنْ يُنْشِدُ الشِّعْرَ ؟ وَيُنْشِدُ الشِّعْرَ فِي الْمَسْجِدِ ؟ قَالَ : وَأَنْشَدَهُ أَبْيَاتًا مِنْ شِعْرِ حَسَّانَ ذَلِكَ الرَّقِيقِ ، ثُمَّ افْتَتَحَ الصَّلاَةَ.

(۲۶۵۸۸) حضرت ھشام رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ کسی آدمی نے جو نماز پڑھنے کا ارادہ کر رہا تھا اس نے حضرت محمد رضی اللہ عنہ سے یہ سوال کیے اس حال میں کہ آپ رحمہ اللہ مسجد میں تھے کیا شعر پڑھنے والا دوبارہ وضو کرے گا؟ اور مسجد میں شعر پڑھا جا سکتا ہے؟ راوی کہتے ہیں کہ آپ رضی اللہ عنہ نے حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ کے ان فصیح اشعار کو پڑھا پھر آپ رحمہ اللہ نے نماز شروع کر دی۔

(٢٦٥٨٩) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي بَكْرَةَ ، عَنِ الأَسْوَدِ بْنِ سَرِيعٍ ، قَالَ : قُلْتُ : يَا رَسُولَ اللهِ ، إِنِّي مَدَحْتُ اللَّهَ مَدْحَةً وَمَدَحْتُكَ أُخْرَى ، قَالَ : هَاتِ وَابْدَأْ بِمَدْحِكَ اللَّهَ.

(۲۶۵۸۹) حضرت اسود بن سریع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! یقیناً میں نے اللہ کی مدح وتعریف میں بھی اشعار کہے ہیں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سناؤ، اور جوتم نے اللہ کی مدح بیان کی ہے اس سے ابتدا کرو۔

(۲۶۵۹۰) حَدَّثَنَا عَفَّانُ ، قَالَ :حدَّثَنَا دَيْلَمُ بْنُ غَزْوَانَ ، قَالَ :حَدَّثَنَا ثَابِتٌ ، عَنْ أَنَسٍ ، قَالَ :حَضَرَتْ حَرْبًا فَقَالَ عَبْدُ اللهِ بْنُ رَوَاحَةَ :

يَا نَفْسُ أَلاَ أَرَاكِ تَكْرَهِينَ الْجَنَّةَ أَحْلِفُ بِاللَّهِ لَتَنْزِلَنَّهْ طَائِعَةً أَو لَتكرهنَّه

(۲۶۵۹۰) حضرت ثابت رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: میں جنگ میں حاضر تھا کہ حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ نے کہا: اے نفس! میں دیکھ رہا ہوں کہ تجھے جنت میں جانا پسند نہیں۔ میں اللہ کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ تجھے جنت میں جانا ہوگا خواہ خوش ہوکر جایا ناخوش ہوکر۔

(۲۶۵۹۱) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، قَالَ :أَخْبَرَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدِ بْنِ جُدْعَانَ ، عَنِ الْقَاسِمِ ، عَنْ عَائِشَةَ ، قَالَتْ :تَمَثَّلْت بِهَذَا الْبَيْتِ ، وَأَبُو بَكْرٍ يَقْضِي :

وَأَبْيَضُ يُسْتَسْقَى الْغَمَامُ بِوَجْهِهِ ثِمَالُ الْيَتَامَى عِصْمَةٌ لِلأَرَامِلِ

فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ :ذَاكَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

(۲۶۵۹۱) حضرت قاسم رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے ارشاد فرمایا: اس حال میں کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ فیصلہ فرمارہے تھے اور میں یہ شعر پڑھ رہی تھی۔ (ترجمہ) وہ سفید چہرے والا جس کی ذات کے وسیلہ سے بادل مانگے جاتے ہیں۔ وہ یتیموں کی پناہ گاہ اور بیواؤں کی عزت وآبرو ہیں۔

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: وہ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔

(۲۶۵۹۲) حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ ، عَن مَعْمَرٍ ، عَنِ الزُّهْرِيِّ ، أَنَّ رسول الله صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَقُلْ شَيْئًا مِنَ الشِّعْرِ إِلاَّ قَدْ قِيلَ له إِلاَّ هَذَا :

هَذَا الْحِمَالُ لاَ حِمَالُ خَيْبَرْ هَذَا أَبَرُّ رَبَّنَا وَأَطْهَرْ

(۲۶۵۹۲) امام زہری رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی کوئی شعر نہیں کہا سوائے اس شعر کے: (ترجمہ) یہ بوجھ خیبر کے بوجھ کی طرح نہیں ہے۔ یہ ہمارے رب کی طرف سے پاکیزہ اور برکت والا ہے۔ (یہ شعر آپ نے مسجد نبوی کی تعمیر کے وقت کہا تھا)

(۲۶۵۹۳) حَدَّثَنَا أَبُو الأَحْوَصِ ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ ، عَنِ الْبَرَاءِ ، قَالَ :رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْخَنْدَقِ ، وَكَانَ كَثِيرَ شَعْرِ الصَّدْرِ وَهُوَ يَرْتَجِزُ بِرَجَزِ عَبْدِ اللهِ بْنِ رَوَاحَةَ وَهُوَ يَقُولُ :

اللَّهُمَّ لَوْلاَ أَنْتَ مَا اهْتَدَيْنَا وَلاَ تَصَدَّقْنَا وَلاَ صَلَّيْنَا

فَأَنْزِلَنْ سَكِينَةً عَلَيْنَا وَثَبِّتِ الأَقْدَامَ إِنْ لاَقَيْنَا

إِنَّ الأُلَى قَدْ بَغَوْا عَلَيْنَا وَإِنْ أَرَادُوا فِتْنَةً أَبَيْنَا

(۲۶۵۹۳) حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو غزوہ خندق کے دن دیکھا اس حال میں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سینہ مبارک پر بالوں کی ایک لکیر تھی، اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ کے اِن اشعار کو بطور رجز پڑھ رہے تھے۔ اور فرما رہے تھے۔

اے اللہ! اگر آپ کا فضل نہ ہوتا تو ہم ہدایت یافتہ نہ ہوتے۔

اور نہ ہم صدقہ کرتے اور نہ ہم نماز پڑھتے۔

پس تو ہم پر رحمت وسکینہ نازل فرما

اور دشمن سے ملاقات ہونے کی صورت میں ہمیں ثابت قدمی عطا فرما۔

یقیناً ان لوگوں نے ہم پر سرکشی کی۔

اور اگر وہ ہمارے خلاف فتنہ پیدا کریں گے تو ہم قبول نہیں کریں گے۔

(۲۶۵۹۴) حَدَّثَنَا شَرِيكٌ ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ ، عَنِ الْبَرَاءِ ، قَالَ :مَا وَلَّى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دُبُرَهُ يَوْمَ حُنَيْنٍ ، قَالَ :وَالْعَبَّاسُ ، وَأَبُو سُفْيَانَ آخِذَانِ بِلِجَامِ بَغْلَتِهِ وَهُوَ يَقُولُ :

أَنَا النَّبِيُّ لاَ كَذِبْ أَنَا ابْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبْ

(۲۶۵۹۴) حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم غزوہ حنین کے دن پیٹھ پھیر کر نہیں بھاگے۔ اور حضرت عباس رضی اللہ عنہ اور حضرت ابوسفیان رضی اللہ عنہ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے خچر کی لگام پکڑی ہوئی تھی اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرما رہے تھے کہ: میں نبی ہوں، اس میں کوئی جھوٹ نہیں ہے۔ میں عبدالمطلب کا بیٹا ہوں۔

(۲۶۵۹۵) حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنِ الأَسْوَدِ بْنِ قَيْسٍ ، عَنْ جُنْدَبِ بْنِ سُفْيَانَ ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ فِي غَارٍ فَنُكِبَ فَقَالَ :

هَلْ أَنْتِ إِلاَّ إِصْبَعٌ دُمِيتِ وَفِي سَبِيلِ اللهِ مَا لَقِيتِ.

(۲۶۵۹۵) حضرت جندب بن سفیان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو کسی غزوہ میں چوٹ لگ گئی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو تو محض ایک انگلی ہے جس سے خود بہہ رہا ہے اور تجھے اللہ کے راستے میں چوٹ آئی ہے۔

(۲۶۵۹۶) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، قَالَ :أَخْبَرَنَا حُمَيْدٌ ، عَنْ أَنَسٍ ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ :

إِنَّ الْعَيْشَ عَيْشُ الآخِرَهْ فَاغْفِرْ لِلأَنْصَارِ وَالْمُهَاجِرَهْ

(۲۶۵۹۶) حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

یقیناً زندگی تو آخرت کی زندگی ہے۔

اے اللہ! تو انصار اور مہاجرین کی مغفرت فرما۔

(٢٦٥٩٧) حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنْ أَبِي الْمُعَلَّى ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ، أَنَّهُ كَانَ يَقْرَأُ (دَارَسْت) وَيَقُولُ :دَارِسٌ كَطَعْمِ الصَّابِ وَالْعُلْقَمِ.

(۲۶۵۹۷) حضرت سعید بن جبیر رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ اس آیت کو یوں پڑھتے تھے: ﴿ دارست ﴾۔اور اس شعر سے استشہاد فرماتے: (ترجمہ) دارس صاب اور علقم کے ذائقہ کی طرف کڑوا ہے۔

(٢٦٥٩٨) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ أَبِي صَفِيَّةَ ، عَنْ شَيْخٍ يُكَنَّى أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ، قَالَ : الزَّنِيمُ :اللَّئِيمُ الْمُلْزَقُ ، ثُمَّ أَنْشَدَ هَذَا الْبَيْتَ :

زَنِيمٌ تَدَاعَاهُ الرِّجَالُ زِيَادَةً كَمَا زِيدَ فِي عَرْضِ الأَدِيمِ الأَكَارِعُ

(۲۶۵۹۸) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ قرآن مجید میں مستعمل لفظ زنیم سے مراد کمینہ ہے۔پھر آپ رضی اللہ عنہ نے یہ شعر پڑھا۔(ترجمہ) کمینے آدمی کی کمینگی کو لوگ اس طرح بڑھا کر بیان کرتے ہیں جیسے چمڑے کو کشادہ کیا جاتا ہے۔

(٢٦٥٩٩) حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ ، قَالَ :أَخْبَرَنَا مَسْعُودُ بْنُ سَعْدٍ ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ ، عَنِ ابْنِ عِبَادٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، أَنَّ رَجُلاً مِنْ بَنِي لَيْثٍ أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ :يَا رَسُولَ اللهِ ، أُنْشِدُكَ ؟ قَالَ :لاَ ، فَأَنْشَدَهُ فِي الرَّابِعَةِ مَدْحَةً لَهُ فَقَالَ :إِنْ كَانَ أَحَدٌ مِنَ الشُّعَرَاءِ يُحْسِنُ ، فَقَدْ أَحْسَنْت.

(۲۶۵۹۹) حضرت عباد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ قبیلہ بنولیث کا ایک آدمی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آیا اور کہا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کیا میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو شعر سناؤں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین مرتبہ فرمایا: نہیں: پھر چوتھی مرتبہ اجازت ملنے کی صورت میں انہوں نے مدحیہ اشعار سنائے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر کوئی شاعر نیکی کرتا ہے تو تو نے نیکی کی ہے۔

(٢٦٦٠٠) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ مِسْعَرٍ ، عَنْ قَتَادَةَ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ، قَالَ :مَا كُنْت أَدْرِي مَا قَوْلُهُ :﴿رَبَّنَا افْتَحْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ قَوْمِنَا بِالْحَقِّ﴾ حَتَّى سَمِعْت بِنْتَ ذِي يَزَنٍ تَقُولُ :تَعَالَى أُفَاتِحُك.

(۲۶۶۰۰) حضرت قتادہ رحمہ اللہ فرماتے ہی کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: میں اللہ رب العزت کے قول: ﴿رَبَّنَا افْتَحْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ قَوْمِنَا بِالْحَقِّ﴾ کے بارے میں نہیں جانتا تھا کہ اس کا کیا مطلب ہے۔یہاں تک کہ میں نے بنت ذی یزن کو کہتے ہوئے سنا: آؤ میں تمہارا فیصلہ کروں۔

(٢٦٦٠١) حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ بِشْرٍ ، عَنْ مُجَالِدٍ ، عَنْ عَامِرٍ ، أَنَّ ابْنَ الزُّبَيْرِ اسْتَنْشَدَ أَبْيَاتَ خَالِدٍ وَهُوَ يَطُوفُ بِالْبَيْتِ.

(۲۶۶۰۱) حضرت عامر رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے جبکہ وہ بیت اللہ کا طواف کر رہے تھے، حضرت خالد رضی اللہ عنہ کے اشعار پڑھوائے۔

(٢٦٦٠٢) حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ ، قَالَ :كَانَ ابْنُ الزُّبَيْرِ يَحْمِلُ عَلَيْهِمْ حَتَّى يُخْرِجَهُمْ مِنَ

الأَبْوَابِ وَيَقُولُ :لَوْ كَانَ قَرْنِي وَاحِدًا كَفَيْتُه ؛

ويقول:

وَلَسْنَا عَلَى الأَعْقَابِ تَدْمَى كُلُومُنَا وَلَكِنْ عَلَى أَقْدَامِنَا تَقْطُرُ الدِّما

(۲۶۶۰۲) حضرت ھشام بن عروہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن زبیر رضی اللہ عنہ نے اپنے مخالفین پر حملہ کر دیا یہاں تک کہ ان کو دروازوں سے باہر نکال دیا۔ اور آپ رحمہ اللہ نے یہ رجز پڑھا: (ترجمہ) اگر مجھے اپنے جیسا ایک اور مل جاتا تو میرے لیے کافی ہوتا۔

اور یہ شعر پڑھ رہے تھے۔ (ترجمہ) ہم وہ لوگ نہیں ہیں جن کی کمروں سے خون ٹپکتا ہے، ہمارا خون تو ہمارے پیروں پر گرتا ہے۔

(۲۶۶۰۳) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، قَالَ :حَدَّثَنَا هِشَامٌ ، عَنْ أَبِيهِ ، أَنَّ أَهْلَ الشَّامِ كَانُوا يُقَاتِلُونَ ابْنَ الزُّبَيْرِ وَيَصِيحُونَ بِهِ :يَا ابْنَ ذَاتِ النِّطَاقَيْنِ ، فَقَالَ :ابْنُ الزُّبَيْرِ :

وتِلْكَ شَكَاةٌ ظَاهِرٌ عَنك عَارُهَا

فَقَالَتْ أَسْمَاءُ :عَيَّرُوك بِهِ ؟ قَالَ :نَعَمْ ، قَالَتْ :فَهُوَ وَاللَّهِ حَقٌّ.

(۲۶۶۰۳) حضرت ھشام بن عروہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عروہ بن زبیر رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: کہ شام والے حضرت ابن زبیر رضی اللہ عنہ سے قتال کر رہے تھے اور چیخ چیخ کر پکار رہے تھے: اے ذات نطاقین کے بیٹے (دو پٹکے باندھنے والی عورت کے بیٹے)۔

حضرت ابن زبیر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: (ترجمہ) یہ وہ بیماری ہے جس کا عار تجھ سے ظاہر ہو رہا ہے۔

حضرت اسماء رضی اللہ عنہا نے پوچھا: کیا وہ لوگ اس سے تجھے عار دلاتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں حضرت اسماء رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اللہ کی قسم! یہ حق ہے۔

(۲۶۶۰۴) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ رَجُلٍ ، أَنَّ ابْنَ الزُّبَيْرِ كَانَ يُنْشِدُ الشِّعْرَ وَهُوَ يَطُوفُ بِالْبَيْتِ.

(۲۶۶۰۴) حضرت سفیان رحمہ اللہ کسی شیخ سے نقل کرتے ہیں کہ حضرت ابن زبیر رضی اللہ عنہ بیت اللہ کے طواف کے دوران شعر پڑھ رہے تھے۔

(۲۶۶۰۵) حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ الأَحْمَرُ ، عَنْ دَاوُد ، أَنَّ سَعِيدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ ، قَالَ :لاَ تَطْلُعُ الشَّمْسُ حَتَّى يَصْحَبَهَا ثَلاَثُ مِئَةِ مَلَكٍ وَسَبْعُونَ مَلَكًا ، أَمَا سَمِعْت أُمَيَّةَ بْنَ أَبِي الصَّلْتِ يَقُولُ :

لَيْسَتْ بِطَالِعَةٍ لَنَا فِي رِسْلِهَا إلاَ مُعَذَّبَةً وَإِلاَّ تُجْلَدُ

(۲۶۶۰۵) حضرت داؤد رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت سعید بن مسیب رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: سورج طلوع نہیں ہوتا یہاں تک کہ اس کے ساتھ تین سو ستر فرشتے ہوتے ہیں۔ کیا تم نے امیہ بن ابی صلت کو کہتے ہوئے نہیں سنا:

یہ سورج ہم پر اپنی خوشی سے طلوع نہیں ہوتا بلکہ اسے عذاب دیا جاتا ہے اور اسے کوڑے مارے جاتے ہیں۔

(١١٣) من كره أن يكتب أمام الشّعر بسم الله الرّحمان الرّحيم

جو شخص شعر کے آغاز میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لکھنے کو مکروہ سمجھے

(٢٦٦٠٦) حَدَّثَنَا حَفْصٌ ، عَنْ مُجَالِدٍ ، عَنِ الشَّعْبِيِّ ، قَالَ : كَانَ يَكْرَهُ أَنْ يَكْتُبَ أَمَامَ الشِّعْرِ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ.

(۲۶۶۰۶) حضرت مجالد رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ امام شعبی رحمہ اللہ شعر کے آغاز میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لکھنے کو مکروہ سمجھتے تھے۔

(١١٤) من كره الشّعر وأن يعيه في جوفه

(٢٦٦٠٧) حَدَّثَنَا حَفْصٌ ، وَأَبُو مُعَاوِيَةَ ، وَوَكِيعٌ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لأَنْ يَمْتَلِءَ جَوْفُ الرَّجُلِ قَيْحًا حَتَّى يَرِيَهِ ، خَيْرٌ لَهُ مِنْ أَنْ يَمْتَلِءَ شِعْرًا ، إِلاَّ أَنْ حَفْصًا لَمْ يَقُلْ : جوف.

(۲۶۶۰۷) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کہ تم میں سے کسی کے پیٹ کا پیپ سے پر ہو کر خراب ہو جانا اس سے بہتر ہے کہ وہ شعر و شاعری سے پر ہو۔ حضرت حفص رحمہ اللہ نے اس حدیث کو بیان کرتے ہوئے لفظ جوف کا ذکر نہیں کیا۔

(٢٦٦٠٨) حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ ، قَالَ : حَدَّثَنَا لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ عَبْدِ اللهِ ، عَنْ يُحَنَّسَ مَوْلَى مُصْعَبِ بْنِ الزُّبَيْرِ ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ ، قَالَ : بَيْنَمَا نَحْنُ عِنْدَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بالعرج إِذْ عَرَضَ شَاعِرٌ يُنْشِدُ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : خُذُوا الشَّيْطَانَ أَوِ أَمْسِكُوا الشَّيْطَانَ لأَنْ يَمْتَلِءَ جَوْفُ الرَّجُلِ قَيْحًا خَيْرٌ لَهُ مِنْ أَنْ يَمْتَلِءَ شِعْرًا. (بخاری ٣٥٨٨ ـ مسلم ١٧٦٩)

(۲۶۶۰۸) حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس وادی عرج میں بیٹھے ہوئے تھے کہ ایک شاعر نے اپنا کلام پیش کرنا شروع کر دیا۔ اس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس شیطان کو پکڑو یا یوں فرمایا کہ اس شیطان کو روکو۔ اس لیے کہ تم میں سے کسی کے پیٹ کا پیپ سے بھر جانا اس سے بہتر ہے کہ وہ شعر و شاعری سے بھرا ہوا ہو۔

(٢٦٦٠٩) حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ مُوسَى ، عَنْ حَنْظَلَةَ ، عَنْ سَالِمٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لأَنْ يَمْتَلِءَ الرَّجُلُ قَيْحًا خَيْرٌ لَهُ مِنْ أَنْ يَمْتَلِءَ شِعْرًا. (بخاری ٦١٥٤ ـ احمد ٢/ ٩٦)

(۲۶۶۰۹) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کہ ایک آدمی کا پیٹ پیپ سے پُر ہو جانا اس سے بہتر ہے کہ وہ شعر و شاعری سے پُر ہو۔

(٢٦٦١٠) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ ، عَنْ أَبِي الزَّعْرَاءِ ، قَالَ : قَالَ عَبْدُ اللهِ : لأَنْ يَمْتَلِءَ

جَوْفُ الرَّجُلِ قَيْحًا خَيْرٌ مِنْ أَنْ يَمْتَلِءَ شِعْرًا.

(۲۶۶۱۰) حضرت ابوالزعراء رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: کہ ایک آدمی کے پیٹ کا پیپ سے پُر ہوجانا اس سے بہتر ہے کہ وہ شعروشاعری سے پُر ہو۔

(۲۶۶۱۱) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، قَالَ : حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ عُثْمَانَ ، قَالَ : لأَنْ يَمْتَلِءَ جَوْفُ الرَّجُلِ قَيْحًا خَيْرٌ لَهُ مِنْ أَنْ يَمْتَلِءَ شِعْرًا.

(۲۶۶۱۱) حضرت ابراہیم رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: کہ کسی آدمی کے پیٹ کا پیپ سے پُر ہوجانا اس سے بہتر ہے کہ وہ شعروشاعری سے پُر ہو۔

(۲۶۶۱۲) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عَائِذٍ ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، قَالَ : لأَنْ يَمْتَلِءَ جَوْفُ الرَّجُلِ قَيْحًا خَيْرٌ مِنْ أَنْ يَمْتَلِءَ شِعْرًا.

(۲۶۶۱۲) حضرت ابوصالح رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: کہ کسی آدمی کے پیٹ کا پیپ سے پُر ہوجانا اس سے بہتر ہے کہ وہ پیپ سے پُر ہو۔

(۲۶۶۱۳) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ ، عَنْ عَمْرِو بْنِ حُرَيْثٍ ، قَالَ : قَالَ عُمَرُ : لأَنْ يَمْتَلِءَ جَوْفُ الرَّجُلِ قَيْحًا خَيْرٌ لَهُ مِنْ أَنْ يَمْتَلِءَ شِعْرًا.

(۲۶۶۱۳) حضرت عمرو بن حریث رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: کہ کسی آدمی کے پیٹ کا پیپ سے پُر ہوجانا اس بات سے بہتر ہے کہ وہ شعروشاعری سے پُر ہو۔

(۲۶۶۱۴) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ أَبِي الضُّحَى ، عَنْ مَسْرُوقٍ ، أَنَّهُ تَمَثَّلَ مَرَّةً بِبَيْتِ شِعْرٍ فَسَكَتَ عَنْ آخِرِهِ وَقَالَ : إِنِّي لأَكْرَهُ أَنْ يُكْتَبَ فِي صَحِيفَتِي بَيْتُ شِعْرٍ.

(۲۶۶۱۴) حضرت ابوالضحی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت مسروق رحمہ اللہ نے ایک مرتبہ کسی شعر کا ایک مصرعہ پڑھا اور دوسرا مصرعہ پڑھنے سے خاموش ہوگئے، اور فرمایا: کہ میں ناپسند کرتا ہوں کہ میرے نامہ اعمال میں شعر کا ایک مصرعہ بھی لکھا جائے۔

(۲۶۶۱۵) حَدَّثَنَا عَفَّانُ ، قَالَ : حَدَّثَنَا الأَسْوَدُ بْنُ شَيْبَانَ ، قَالَ : حَدَّثَنَا أَبُو نَوْفَلِ بْنُ أَبِي عَقْرَبٍ ، قَالَ : سَأَلْتُ عَائِشَةَ : هَلْ كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُتَسَامَعُ عِنْدَهُ الشِّعْرُ ، قَالَتْ : كَانَ أَبْغَضَ الْحَدِيثِ إِلَيْهِ. (ابوداؤد ۴۹۷۷۔ احمد ۱۳۴)

(۲۶۶۱۵) حضرت ابونوفل بن ابوعقرب رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے سوال کیا گیا کہ کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاں اشعار سنائے جاتے تھے؟ آپ رحمہ اللہ نے جواب دیا: آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے نزدیک سب سے مبغوض ترین بات شعر کہنا تھی۔

(۲۶۶۱۶) حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنِ الْعَوَّامِ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، قَالَ : كَانُوا يَكْرَهُونَ مِنَ الشِّعْرِ مَا ضَاهَى الْقُرْآنَ.

(۲۶۶۱۶) حضرت عوام رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا: کہ صحابہ رضی اللہ عنہم اس شعر کو انتہائی ناپسند کرتے تھے جو قرآن مجید کے مشابہ ہو۔

(٢٦٦١٧) حَدَّثَنَا الأَسْوَدُ بْنُ عَامِرٍ ، قَالَ :حدَّثَنَا شُعْبَةُ ، عَنْ قَتَادَةَ ، عَنْ يُونُسَ بْنِ جُبَيْرٍ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سَعْدٍ ، عَنْ سَعْدٍ قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :لأَنْ يَمْتَلِءَ جَوْفُ أَحَدِكُمْ قَيْحًا يَرِيهِ ، خَيْرٌ لَهُ مِنْ أَنْ يَمْتَلِءَ شِعْرًا. (مسلم ۱۷۶۹۔ احمد ۱/ ۱۷۵)

(۲۶۶۱۷) حضرت سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کہ تم میں سے کسی کا پیٹ کا پیپ سے پُر ہو جانا اس سے بہتر ہے کہ وہ شعر و شاعری سے پُر ہو۔

(۱۱۵) من كره المعاريض ومن كان يحبّ ذلك

جو توریہ کو مکروہ سمجھتا ہے اور جو اس کو پسند کرتا ہے

(٢٦٦١٨) حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ بَكْرٍ السَّهْمِيُّ ، قَالَ :سَمِعْتُ حَبِيبَ بْنَ شَهِيدٍ يَذْكُرُ ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ ، أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ قَالَ :مَا يَسُرُّنِي أَنَّ لِي بِمَا أَعْلَمُ مِنْ مَعَارِيضِ الْقَوْلِ مِثْلَ أَهْلِي وَمَالِي ، أَوَلاَ يَحْسَبُونَ أَنِّي أَوَدُّ أَنَّ لِي مِثْلَ أَهْلِي وَمَالِي وَددتُ أَنَّ لِي مِثْلَ أَهْلِي وَمَالِي ، ثُمَّ مِثْلَ أَهْلِي وَمَالِي .

(۲۶۶۱۸) حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ کلام کا جو ہیر پھیر میں جانتا ہوں مجھے پسند نہیں کہ میرے لیے اس جتنا مال اور عیال ہوں مجھے پسند نہیں اور لوگ یہ گمان نہیں کرتے کہ میں خواہش کرتا ہوں کہ میرے لیے میرے اہل اور عیال کے مثل ہو اور میں خواہش کرتا ہوں کہ میرے لیے میرے اہل اور مال کے مثل ہو پھر میرے اہل اور مال کا مثل ہو۔

(٢٦٦١٩) حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ مُعَاذٍ ، عَنِ التَّيْمِيِّ ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ ، قَالَ :قَالَ عُمَرُ :إِنَّ فِي الْمَعَارِيضِ مَا يَكُفُّ ، أَوْ يَعِفُّ الرَّجُلَ عَنِ الْكَذِبِ.

(۲۶۶۱۹) حضرت ابو عثمان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: کہ توریہ آدمی کو جھوٹ سے بچاتا ہے یا یوں فرمایا: کہ جھوٹ کی شرمندگی سے بچاتا ہے۔

(٢٦٦٢٠) حَدَّثَنَا عُقْبَةُ بْنُ خَالِدٍ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ قَتَادَةَ ، عَنْ مُطَرِّفِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ الشِّخِّيرِ ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ ، قَالَ :إِنَّ فِي الْمَعَارِيضِ لَمَنْدُوحَةً عَنِ الْكَذِبِ. (ابن عدی ۴۹۔ بیہقی ۱۹۹)

(۲۶۶۲۰) حضرت مطرف بن شخیر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: کہ توریہ کے ذریعہ جھوٹ سے بچا جا سکتا ہے۔

(٢٦٦٢١) حَدَّثَنَا جَرِيرٌ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، قَالَ :بَلَغَنِي عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ، أَنَّهُ قَالَ :مَا أُحِبُّ لِي بِالْمَعَارِيضِ كَذَا وَكَذَا.

(۲۶۶۲۱) حضرت منصور رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: کہ میں پسند نہیں کرتا کہ میرے لیے توریہ کے عوض اتنا اور اتنا مال ہو۔

(٢٦٦٢٢) حَدَّثَنَا جَرِيرٌ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، قَالَ : كَانَ لَهُمْ كَلاَمٌ يَتَكَلَّمُونَ بِهِ يَدْرَؤُونَ بِهِ عَنْ أَنْفُسِهِمْ مَخَافَةَ الْكَذِبِ.

(۲۶۶۲۲) حضرت منصور رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا: کہ صحابہ رضی اللہ عنہم ایسا کلام کرتے تھے کہ اس کلام کے ذریعے خود سے جھوٹ کے خدشہ کو دور کرتے تھے۔

(٢٦٦٢٣) حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ شَهِيدٍ ، عَنْ عَمْرِو بْنِ سَعِيدٍ ، قَالَ : قَالَ حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ : مَا أُحِبُّ أَنَّ لِي بِنَصِيبِي مِنَ الْمَعَارِيضِ مِثْلَ أَهْلِي وَمَالِي ، وَلَعَلَّكُمْ تَرَوْنَ أَنِّي لاَ أُحِبُّ أَنَّ لِي مِثْلَ أَهْلِي وَمَالِي ، وَوَدِدْتُ أَنَّ لِي مِثْلَ أَهْلِي وَمَالِي.

(۲۶۶۲۳) حمید بن عبدالرحمٰن فرماتے ہیں کہ میں خواہش نہیں ہے کہ میرے لیے کلام کے ہیر پھیر میں میرے مال اور میرے اہل کے مثل ہو۔ تمہارا خیال ہے کہ میں پسند نہیں کرتا کہ میرے لیے میرے اہل اور میرے مال کے مثل ہو اور میری خواہش ہے کہ میرے لیے میرے اہل اور میرے مال کے مثل ہو۔

(١١٦) ما يكره أن يقول الرّجل لأخيه

کسی کا اپنے بھائی کے لیے ان الفاظ کا استعمال کرنا مکروہ ہے

(٢٦٦٢٤) حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ ، عَنِ الْعَلاَءِ بْنِ الْمُسَيَّبِ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ : لاَ تَقُلْ لِصَاحِبِكَ يَا حِمَارُ ، يَا كَلْبُ ، يَا خِنْزِيرُ ، فَيَقُولَ لَكَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ : أَتَرَانِي خُلِقْتُ كَلْبًا ، أَوْ حِمَارًا ، أَوْ خِنْزِيرًا ؟.

(۲۶۶۲۴) حضرت علاء بن مسیب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت مسیب رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا: کہ تم اپنے ساتھی کو یوں مت کہو۔ اے گدھے، اے کتے، اے خنزیر، پس وہ قیامت کے دن تمہیں یوں کہے گا۔ تمہارا میرے بارے میں کیا خیال ہے کیا مجھے کتا یا گدھا یا خنزیر پیدا کیا گیا تھا؟

(٢٦٦٢٥) حَدَّثَنَا جَرِيرٌ ، عَنْ لَيْثٍ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ، قَالَ : اسْتَسْقَى مُوسَى لِقَوْمِهِ فَقَالَ : اشْرَبُوا يَا حَمِيرُ ، قَالَ : فَقَالَ اللَّهُ لَهُ : لاَ تُسَمِّ عِبَادِي حَمِيرًا.

(۲۶۶۲۵) حضرت مجاہد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت موسیٰ نے اپنی قوم کے لیے پانی مانگا پھر ان سے کہا: اے گدھو! پیو اس پر اللہ رب العزت نے ان سے فرمایا: میرے بندوں کو گدھے کے نام سے مت پکارو۔

(٢٦٦٢٦) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، قَالَ : كَانُوا يَقُولُونَ : إِذَا قَالَ الرَّجُلُ لِلرَّجُلِ : يَا حِمَارُ

يَا كَلْبُ يَا خِنْزِيرُ ، قَالَ لَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ :أَتَرَانِي خَلَقْتُه كَلْبًا ، أَوْ حِمَارًا ، أَوْ خِنْزِيرًا ؟.

(۲۶۶۲۶) حضرت اعمش رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا: کہ جب کوئی شخص کسی کو یوں کہتا: اے گدھے، اے کتے، اے خنزیر، تو صحابہ رضی اللہ عنہم اس شخص کو کہا کرتے تھے۔ کہ اللہ قیامت کے دن تمہیں یوں فرمائیں گے: کہ تمہارا میرے بارے میں کیا خیال ہے کہ میں نے اس کو کتا یا گدھا یا خنزیر پیدا کیا تھا؟

(٢٦٦٢٧) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ ، عَنْ دَاوُد بْنِ أَبِي هِنْدٍ ، عَنْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِالْمُزَنِيِّ ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ عَبْدِاللهِ ، أَنَّ ابْنَ عُمَرَ قَالَ لِرَجُلٍ كَلَّمَ صَاحِبَهُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَالإِمَامُ يَخْطُبُ :أَمَّا أَنْتَ فَحِمَارٌ ، وَأَمَّا صَاحِبُك فَلاَ جُمُعَةَ لَهُ.

(۲۶۶۲۷) حضرت علقمہ بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ایک دن جمعہ کے خطبہ کے دوران ایک شخص دوسرے سے باتیں کر رہا تھا۔ نماز سے فارغ ہونے کے بعد حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے اس سے کہا کہ تم گدھے ہو اور تمہارے اس ساتھی کا جمعہ نہیں ہوا۔

(١١٧) ما يكره للرّجل أن ينتمِي إليهِ وليس كذلِك

آدمی کے لیے مکروہ ہے کہ وہ خود کو کسی کی طرف منسوب کرے حالانکہ ایسی بات نہ ہو

(٢٦٦٢٨) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنْ عَاصِمٍ ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ ، عَنْ سَعْدٍ ، وَأَبِي بَكْرَةَ ، كِلاَهُمَا يَقُولُ :سَمِعَتْه أُذُنَايَ ، وَوَعَاهُ قَلْبِي مُحَمَّدًا صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ :مَنِ ادَّعَى إِلَى غَيْرِ أَبِيهِ ، وَهُوَ يَعْلَمُ أَنَّهُ غَيْرُ أَبِيهِ ، فَالْجَنَّةُ عَلَيْهِ حَرَامٌ. (مسلم ١١٥۔ ابن ماجه ٢٦١٠)

(۲۶۶۲۸) حضرت سعد رضی اللہ عنہ اور حضرت ابو بکرہ رضی اللہ عنہ یہ دونوں حضرات فرماتے ہیں کہ ہمارے کانوں نے سنا اور ہمارے دل نے اس بات کو محفوظ کیا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کسی کو غیر باپ کی طرف منسوب کرے حالانکہ وہ جانتا ہے کہ وہ اس کا باپ نہیں ہے تو جنت اس شخص پر حرام ہے۔

(٢٦٦٢٩) حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنِ الْحَكَمِ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو ، رَفَعَهُ ، قَالَ :مَنِ ادَّعَى إِلَى غَيْرِ أَبِيهِ فَلَنْ يَرِيحَ رِيحَ الْجَنَّةِ ، فَلَمَّا رَأَى ذَلِكَ نُعَيْمُ بْنُ أَبِي أُمَيَّةَ ، وَكَانَ مُعَاوِيَةُ أَرَادَ أَنْ يَدَّعِيَهُ ، قَالَ لِمُعَاوِيَةَ :إِنَّمَا أَنَا سَهْمٌ مِنْ كِنَانَتِكَ ، فَاقْذِفْنِي حَيْثُ شِئْتَ. (ابن ماجه ٢٦١١۔ احمد ١٧١)

(۲۶۶۲۹) حضرت مجاہد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے مرفوعاً حدیث بیان فرمائی کہ جو شخص کسی کو غیر باپ کی طرف منسوب کرے، وہ ہرگز جنت کی خوشبو نہیں سونگھ سکے گا۔ جب نعیم بن ابی امیہ نے یہ معاملہ دیکھا اس حال میں کہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کا ارادہ تھا کہ وہ اس کو غیر باپ کی طرف منسوب کریں تو اس نے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ سے فرمایا: بے شک میں تو آپ کے ترکش کا ایک تیر ہوں آپ جہاں چاہیں مجھے پھینک دیں۔

(٢٦٦٣٠) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، قَالَ :أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، قَالَ :قَالَ

رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :مَنْ تَوَلَّى غَيْرَ مَوَالِيهِ فَعَلَيْهِ لَعَنَةُ اللهِ وَالْمَلاَئِكَةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ.

(مسلم ۱۱۴۶۔ ابو داؤد ۵۰۷۳)

(۲۶۶۳۰) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کہ جو شخص اپنے آقا کے علاوہ کسی سے تعلق رکھے تو اس پر اللہ کی، ملائکہ کی اور تمام لوگوں کی لعنت ہو۔

(۲۶۶۳۱) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، قَالَ :أَخْبَرَنَا سَعِيدُ بْنُ أَبِي عَرُوبَةَ ، عَنْ قَتَادَةَ ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ ، عَنْ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنِ غَنْمٍ ، عَنْ عَمْرِو بْنِ خَارِجَةَ ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَطَبَهُمْ وَهُوَ عَلَى رَاحِلَتِهِ ، وَإِنَّ رَاحِلَتَهُ لَتَقْصَعُ بِجِرَّتِهَا ، وَإِنَّ لُعَابَهَا يَسِيلُ بَيْنَ كَتِفَيَّ فَقَالَ :مَنِ ادَّعَى إِلَى غَيْرِ أَبِيهِ ، أَوْ تَوَلَّى غَيْرَ مَوَالِيهِ فَعَلَيْهِ لَعَنَةُ اللهِ ، لاَ يُقْبَلُ مِنْهُ صَرْفٌ ، وَلاَ عَدْلٌ ، أَوْ قَالَ :عَدْلٌ ، وَلاَ صَرْفٌ.

(۲۶۶۳۱) حضرت عمرو بن خارجہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں سے خطاب فرمایا اس حال میں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سواری پر تھے اور سواری کا جانور جگالی کر رہا تھا اور اس کی رال اس کے کندھوں کے درمیان بہہ رہی تھی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو کسی کو غیر باپ کی طرف منسوب کر لے، یا جو شخص اپنے آقا کے علاوہ کسی سے تعلق جوڑے تو اس پر اللہ کی لعنت ہے۔ اور اس کی کوئی فرض عبادت اور نفلی عبادت قبول نہیں کی جائے گی۔

(۲۶۶۳۲) حَدَّثَنَا شَبَابَةُ ، قَالَ :حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي ذِئْبٍ ، عَنِ الْحَارِثِ ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ زَيْدٍ ، قَالَ : أَشْهَدُ عَلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمِعْته يَقُولُ :مَنْ تَوَلَّى مَوْلًى بِغَيْرِ إِذْنِهِ فَعَلَيْهِ لَعَنَةُ اللهِ.

(۲۶۶۳۲) حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر گواہ بنتا ہوں کہ میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو یوں فرماتے ہوئے سنا کہ جو شخص اپنے آقا کی اجازت کے بغیر کسی کو آقا بنائے تو اس پر اللہ کی لعنت ہو۔

(۲۶۶۳۳) حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مُرَّةَ ، عَنْ أَبِي مَعْمَرٍ ، قَالَ :قَالَ أَبُو بَكْرٍ :كَفَرَ بِاللَّهِ مَنِ ادَّعَى نَسَبًا لاَ يُعْلَمُ ، وَتَبَرَّأَ مِنْ نَسَبٍ ، وَإِنْ دَقَّ. (دارمی ۲۸۶۳۔ احمد ۲۱۵)

(۲۶۶۳۳) حضرت ابو معمر رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: اپنے نسب کو چھوڑ کر کسی دوسرے خاندان کی طرف منسوب ہونے والے نے کفر کیا۔

(۲۶۶۳۴) حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ ، عَنْ شُرَحْبِيلَ بْنِ مُسْلِمٍ ، قَالَ :سَمِعْتُ أَبَا أُمَامَةَ الْبَاهِلِيَّ يَقُولُ :سَمِعْت رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ :مَنِ ادَّعَى إِلَى غَيْرِ أَبِيهِ وَانْتَمَى إِلَى غَيْرِ مَوَالِيهِ ، فَعَلَيْهِ لَعَنَةُ اللهِ التَّابِعَةُ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ. (ترمذی ۲۱۲۰۔ ابو داؤد ۲۸۶۲)

(۲۶۶۳۴) حضرت ابو امامہ باہلی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یوں ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ جو کسی کو غیر باپ کی طرف منسوب کرائے اور جو خود کو اپنے آقا کے علاوہ کسی سے منسوب کرے تو اس پر قیامت کے دن تک مسلسل اللہ کی

لعنت ہو۔

(٢٦٦٣٥) حَدَّثَنَا عَفَّانُ ، قَالَ :حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُثْمَانَ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ :مَنِ ادَّعَى إِلَى غَيْرِ أَبِيهِ ، أَوْ تَوَلَّى غَيْرَ مَوَالِيهِ ، فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللهِ وَالْمَلاَئِكَةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ. (احمد ۱/ ۳۲۸۔ ابو یعلی ۲۵۴۰)

(۲۶۶۳۵) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو کسی غیر باپ کی طرف اپنی نسبت کرے یا جو اپنے آقا کے علاوہ کسی سے تعلق جوڑے تو اس پر اللہ کی اور ملائکہ کی اور تمام لوگوں کی لعنت ہو۔

(١١٨) ما جاء فِي طلبِ العِلمِ وتعلِيمِهِ

ان روایات کا بیان جو علم سیکھنے اور سکھانے کے بارے میں آتی ہیں

(٢٦٦٣٦) حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنْ عَاصِمٍ ، عَنْ زِرٍّ ، قَالَ :أَتَيْتُ صَفْوَانَ بْنَ عَسَّالٍ الْمُرَادِيَّ فَقَالَ لِي :مَا جَاءَ بِكَ ؟ فَقُلْت :ابْتِغَاءَ الْعِلْمِ ، قَالَ :فَإِنَّ الْمَلاَئِكَةَ تَضَعُ أَجْنِحَتَهَا لِطَالِبِ الْعِلْمِ.

(۲۶۶۳۶) حضرت عاصم رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت زر رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: کہ میں نے حضرت صفوان بن عسال مرادی رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا، آپ رضی اللہ عنہ نے مجھ سے پوچھا: کس لیے آئے ہو؟ میں نے عرض کیا علم حاصل کرنے کے لیے۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: بلاشبہ ملائکہ اپنے پروں کو طالب علم کے لیے بچھاتے ہیں۔

(٢٦٦٣٧) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ شِمْرٍ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ، قَالَ :مُعَلِّمُ الْخَيْرِ يَسْتَغْفِرُ لَهُ كُلُّ شَيْءٍ حَتَّى الْحُوتُ فِي الْبَحْرِ. (دارمی ۳۴۳۔ عبدالبر ۱۸۰)

(۲۶۶۳۷) حضرت سعید بن جبیر رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: خیر کی بات سکھلانے والے کے لیے ہر چیز دعائے مغفرت کرتی ہے حتی کہ سمندر میں مچھلیاں بھی۔

(٢٦٦٣٨) حَدَّثَنَا أَبُو الأَحْوَصِ ، عَنْ هَارُونَ بْنِ عَنْتَرَةَ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ، قَالَ :مَا يَسْلُكُ رَجُلٌ طَرِيقًا يَلْتَمِسُ فِيهَا الْعِلْمَ إِلاَّ سَهَّلَ اللَّهُ لَهُ طَرِيقًا إِلَى الْجَنَّةِ. (ابوداؤد ۳۶۳۸۔ دارمی ۳۴۵)

(۲۶۶۳۸) حضرت عنترہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: کہ کوئی آدمی کسی راستہ پر نہیں چلتا کہ اس میں علم تلاش کرے مگر یہ کہ اللہ رب العزت اس کے لیے جنت کا راستہ آسان فرما دیتے ہیں۔

(٢٦٦٣٩) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، قَالَ :حَدَّثَنَا سُفْيَانُ ، عَنْ عَمْرِو بْنِ قَيْسٍ الْمُلاَئِيِّ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :فَضْلُ الْعِلْمِ خَيْرٌ مِنْ فَضْلِ الْعِبَادَةِ ، وَمِلاَكُ دِينِكُمُ الْوَرَعُ. (حاکم ۹۲۔ بزار ۲۹۶۹)

(۲۶۶۳۹) حضرت عمرو بن قیس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کہ علم کی فضیلت عبادت کی فضیلت سے بہتر

ہے۔اور تمہارے دین کی بنیاد تقویٰ ہے۔

(٢٦٦٤٠) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، قَالَ :حَدَّثَنَا ابْنُ عَوْنٍ ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ ، عَنِ الأَحْنَفِ ، قَالَ :قَالَ عُمَرُ :تَفَقَّهُوا قَبْلَ أَنْ تُسَوَّدُوا. (دارمی ۳۵۰)

(۲۶۶۴۰) حضرت احنف رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: علم حاصل کرو قبل ازیں کہ تمہیں سردار بنایا جائے۔

(٢٦٦٤١) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :مَنْ سَلَكَ طَرِيقًا يَلْتَمِسُ فِيهِ عِلْمًا ، سَهَّلَ اللَّهُ لَهُ طَرِيقًا إِلَى الْجَنَّةِ.

(مسلم ۲۰۷۴۔ ابوداؤد ۳۶۳۸)

(۲۶۶۴۱) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص کسی راستہ پر چلے تا کہ علم حاصل کرے، اللہ رب العزت اس کے لیے جنت کے راستہ کو آسان فرما دیتے ہیں۔

(٢٦٦٤٢) حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ ، عَنْ لَيْثٍ ، عَنْ طَاوُوس ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ، قَالَ :مَنْهُومَانِ لاَ يَشْبَعَانِ :طَالِبُ عِلْمٍ وَطَالِبُ دُنْيَا. (دارمی ۳۳۴)

(۲۶۶۴۲) حضرت طاؤس رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: کہ دو حریص ایسے ہیں جو کبھی سیر نہیں ہوتے: علم کا خواہش مند اور دنیا کا خواہش مند۔

(٢٦٦٤٣) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ شَقِيق ، عَنْ عَبْدِ اللهِ ، قَالَ :تَعَلَّمُوا ، فَإِنَّ أَحَدَكُمْ لاَ يَدْرِى مَتَى يُخْتل إِلَيْهِ.

(۲۶۶۴۳) حضرت شقیق رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: علم حاصل کرو اس لیے کہ کوئی نہیں جانتا کہ وہ کب اس کا محتاج ہو جائے!

(٢٦٦٤٤) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ تَمِيمِ بْنِ سَلَمَةَ ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ ، قَالَ :قَالَ عَبْدُ اللهِ :اغْدُ عَالِمًا ، أَوْ مُتَعَلِّمًا ، وَلاَ تَغْدُ بَيْنَ ذَلِكَ.

(۲۶۶۴۴) حضرت ابو عبیدہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: تو صبح کر عالم بن کر یا سیکھنے والا بن کر، اس کے علاوہ تو تیسرا بن کر صبح مت کر۔

(٢٦٦٤٥) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ مِسْعَرٍ ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ ، قَالَ :قَالَ أَبُو الدَّرْدَاءِ : تَعَلَّمُوا قَبْلَ أَنْ يُرْفَعَ الْعِلْمُ ، فَإِنَّ الْعَالِمَ وَالْمُتَعَلِّمَ فِي الأَجْرِ سَوَاءٌ.

(۲۶۶۴۵) حضرت سالم بن ابو الجعد رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابو الدرداء رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: علم سیکھو قبل ازیں کہ علم اٹھا لیا جائے۔ بے شک جاننے والا اور سیکھنے والا دونوں اجر میں برابر ہیں۔

(٢٦٦٤٦) حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ سَالِمٍ، قَالَ: قَالَ أَبُو الدَّرْدَاءِ: مُعَلِّمُ الْعِلْمِ وَمُتَعَلِّمُهُ فِي الأَجْرِ سَوَاءٌ.

(۲۶۶۴۶) حضرت سالم رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: علم کا سکھلانے والا اور سیکھنے والا دونوں اجر میں برابر ہیں۔

(٢٦٦٤٧) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ أَبِي الزَّعْرَاءِ ، عَنْ أَبِي الأَحْوَصِ ، قَالَ : قَالَ عَبْدُ اللهِ : إِنَّ الرَّجُلَ لاَ يُولَدُ عَالِمًا ، وَإِنَّمَا الْعِلْمُ بِالتَّعَلُّمِ.

(۲۶۶۴۷) حضرت ابوالاحوص رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: کہ بے شک کوئی بھی آدمی عالم بن کر پیدا نہیں ہوتا بے شک علم تو سیکھنے سے حاصل ہوتا ہے۔

(٢٦٦٤٨) حَدَّثَنَا دَاوُد ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الأَقْمَرِ ، عَنْ أَبِي الأَحْوَصِ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ مِثْلَهُ.

(۲۶۶۴۸) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا مذکورہ ارشاد اس سند سے بھی منقول ہے۔

(١١٩) فِي الرَّجُلِ يطلب العِلم يريد بِهِ النَّاس ويحدِّث بِهِ

اس آدمی کا بیان جو علم سیکھتا ہے، لوگوں کو دکھلانے اور بیان کرنے کے لیے

(٢٦٦٤٩) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، قَالَ : أَخْبَرَنَا التيمى ، عَنْ سَيَّارٍ ، عَنْ عَائِذِ اللهِ ، قَالَ : الَّذِى يَتَتَبَّعُ الأَحَادِيثَ لِيُحَدِّثَ بِهَا لاَ يَجِدُ رِيحَ الْجَنَّةِ.

(۲۶۶۴۹) حضرت سیار رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عائذ اللہ رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: جو شخص احادیث اس لیے تلاش کرتا ہے تاکہ وہ لوگوں کو بیان کرے تو وہ شخص جنت کی خوشبو بھی نہیں پائے گا۔

(٢٦٦٥٠) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ بُرْدٍ ، عَنْ مَكْحُولٍ ، قَالَ: مَنْ طَلَبَ الْحَدِيثَ لِيجارى بِهِ السُّفَهَاءَ، أَوْ لِيُمَارِيَ بِهِ الْعُلَمَاءَ ، أَوْ لِيَصْرِفَ بِهِ وُجُوهَ النَّاسِ إِلَيْهِ ، فَهُوَ فِي النَّارِ. (دارمی ۳۷۴)

(۲۶۶۵۰) حضرت برد رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت مکحول رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: کہ جو شخص علم حدیث حاصل کرتا ہے اس نیت سے کہ وہ اس کے ذریعہ بیوقوفوں سے جھگڑا کرے یا اس کے ذریعہ علماء پر فخر کرے یا اس کے ذریعہ لوگوں کو اپنی طرف متوجہ کرے تو وہ شخص جہنم میں ہوگا۔

(٢٦٦٥١) حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ النُّعْمَانِ ، قَالَ : حَدَّثَنَا فُلَيْحٌ ، عَنْ أَبِي طِوَالَةَ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ مَعْمَرٍ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ يَسَارٍ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَنْ تَعَلَّمَ عِلْمًا مِمَّا يُبْتَغَى بِهِ وَجْهُ اللهِ لاَ يَتَعَلَّمُهُ إِلاَّ لِيُصِيبَ بِهِ عَرَضًا مِنَ الدُّنْيَا لَمْ يَجِدْ عَرْفَ الْجَنَّةِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ - يَعْنِى رِيحَهَا.

(ابو داؤد ۳۶۵۶۔ ابن ماجہ ۲۵۲)

(۲۶۶۵۱) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے اُس علم کو جس سے اللہ تعالیٰ کی رضا طلب کی جاتی ہے، اس غرض سے سیکھا کہ وہ اس کے ذریعہ دنیا کی متاع حاصل کرے تو قیامت کے دن اسے جنت کی خوشبو بھی میسر نہیں ہوگی۔

(۱۲۰) فِي الرِّحلةِ فِي طلبِ العِلمِ

علم کی طلب میں سفر کرنے کا بیان

(٢٦٦٥٢) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنْ أَيُّوبَ ، عَنْ مُجَالِدٍ ، عَنِ الشَّعْبِيِّ ، قَالَ : مَا عَلِمْتُ أَحَدًا مِنَ النَّاسِ كَانَ أَطْلَبَ لِلْعِلْمِ فِي أُفُقٍ مِنَ الآفَاقِ مِنْ مَسْرُوقٍ.

(۲۶۶۵۲) حضرت مجالد رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ امام شعبی رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: کہ میں لوگوں میں سے کسی کو نہیں جانتا کہ اس نے علم طلب کرنے کے لئے حضرت مسروق رحمہ اللہ سے زیادہ دنیا میں سفر کیا ہو۔

(٢٦٦٥٣) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ رَجُلٍ لَمْ يُسَمِّهِ، أَنَّ مَسْرُوقًا رَحَلَ فِي حَرْفٍ، وَأَنَّ أَبَا سَعِيدٍ رَحَلَ فِي حَرْفٍ.

(۲۶۶۵۳) حضرت سفیان رحمہ اللہ کسی شخص سے جس کا انہوں نے نام بیان نہیں کیا، نقل کرتے ہیں کہ طلب علم کے لئے حضرت مسروق رحمہ اللہ ایک کنارے میں روانہ ہوئے اور حضرت ابو سعید رحمہ اللہ دوسرے کنارے میں روانہ ہوئے۔

(٢٦٦٥٤) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ صَالِحٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ : حَدَّثَنَا الشَّعْبِيُّ بِحَدِيثٍ ، ثُمَّ قَالَ لِي : أَعْطَيْتُكَهُ بِغَيْرِ شَيْءٍ ، وَإِنْ كَانَ الرَّاكِبُ لَيَرْكَبُ إِلَى الْمَدِينَةِ فِيمَا دُونَهُ. (بخاری ۵۰۸۳۔ مسلم ۲۴۱)

(۲۶۶۵۴) حضرت صالح رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ امام شعبی رحمہ اللہ نے ہمیں ایک حدیث بیان کی پھر ارشاد فرمایا: میں نے تمہیں یہ حدیث بغیر کسی چیز کے عطا کردی، وگرنہ ایک سوار اس سے بھی کم کے لیے مدینہ تک کا سفر کرتا تھا۔

(٢٦٦٥٥) حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ رَجُلٍ ، قَالَ : قَالَ لِي الشَّعْبِيُّ أَحَادِيثُ أَعْطَيْنَاكَهَا بِغَيْرِ شَيْءٍ ، وَإِنْ كَانَ الرَّاكِبُ لَيَرْكَبُ فِيمَا دُونَهَا إِلَى الْمَدِينَةِ.

(۲۶۶۵۵) حضرت عبدہ بن سلیمان رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے بیان کیا کہ امام شعبی رحمہ اللہ نے مجھ سے فرمایا: کہ بہت سی احادیث ہم نے تمہیں بغیر کسی چیز کے عطا کردی ہیں وگرنہ ایک سوار مدینہ تک اس سے بھی کم کے لیے سفر کرتا تھا۔

(٢٦٦٥٦) حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ عُمَارَةَ ، عَنْ أَبِي مِجْلَزٍ ، عَنْ قَيْسِ بْنِ عُبَادٍ ، قَالَ : خَرَجْتُ إِلَى الْمَدِينَةِ أَطْلُبُ الْعِلْمَ وَالشَّرَفَ.

(۲۶۶۵۶) حضرت ابو مجلز رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت قیس بن عباد رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: کہ میں مدینہ کی طرف نکلا تا کہ میں علم اور اعزاز طلب کروں۔

(۱۳۱) تذاكر الحديث

حدیث کا مذاکرہ کرنے کا بیان

(۲۶۶۵۷) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ إِيَاسٍ ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ ، قَالَ :تَحَدَّثُوا ، فَإِنَّ الْحَدِيثَ يَهِيجُ الْحَدِيثَ.

(۲۶۶۵۷) حضرت ابونضرہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: آپس میں حدیث بیان کیا کرو، اس لیے کہ حدیث ہی حدیث کو ابھارتی ہے۔

(۲۶۶۵۸) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، قَالَ :حَدَّثَنَا كَهْمَسُ بْنُ الْحَسَنِ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ بُرَيْدَةَ ، قَالَ :قَالَ عَلِيٌّ :تَزَاوَرُوا وَتَذَاكَرُوا الْحَدِيثَ فَإِنَّكُمْ إِنْ لاَ تَفْعَلُوا يَدْرُسْ.

(۲۶۶۵۸) حضرت عبداللہ بن بریدہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: باہم ملاقات کیا کرو۔ اور حدیث کا مذاکرہ کیا کرو اگر تم ایسا نہیں کرو گے تو حدیث مٹ جائے گی۔

(۲۶۶۵۹) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، قَالَ :حَدَّثَنَا فِطْرٌ ، عَنْ شَيْخٍ ، قَالَ :سَمِعْتُ عِكْرِمَةَ يَقُولُ :تَذَاكَرُوا الْحَدِيثَ ، فَإِنَّ إِحْيَائَهُ ذِكْرُهُ. (دارمی ۶۱۹)

(۲۶۶۵۹) حضرت عکرمہ فرماتے ہیں حدیث کا مذاکرہ کیا کرو، بیشک اس کا مذاکرہ کرنا اس کو زندہ رکھنا ہے۔

(۲۶۶۶۰) حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ رَجَاءٍ ، أَنَّهُ كَانَ يَأْتِي صِبْيَانَ الْكُتَّابِ فَيَعْرِضُ عَلَيْهِمْ حَدِيثَهُ كَيْ لاَ يَنْسَى.

(۲۶۶۶۰) حضرت اعمش رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت اسماعیل بن رجاء رحمہ اللہ لکھنے والے بچوں کے پاس تشریف لاتے تھے اور ان کے سامنے اپنی حدیثیں پیش کرتے تا کہ آپ رحمہ اللہ ان کو بھول نہ جائیں۔

(۲۶۶۶۱) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، قَالَ :حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ الْمُسَيَّبِ ، قَالَ :سَمِعْتُ إِبْرَاهِيمَ يَقُولُ :إِذَا سَمِعْتَ حَدِيثًا فَحَدِّثْ بِهِ حِينَ تَسْمَعُهُ ، وَلَوْ أَنْ تُحَدِّثَ بِهِ مَنْ لاَ يَشْتَهِيهِ ، فَإِنَّهُ يَكُونُ كَالْكِتَابِ فِي صَدْرِكَ.

(۲۶۶۶۱) حضرت عیسی بن مسیب رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابراہیم رحمہ اللہ کو یوں فرماتے ہوئے سُنا کہ جب تم کوئی حدیث سنو تو تم اس کو بیان کر دیا کرو جب بھی تم نے اس کو سنا ہو، اور اگر ایسا معاملہ ہو کہ تم نے اسے ایسے شخص کے سامنے بیان کر دیا جو اس کا خواہش مند نہیں ہے تو یہ تمہارے سینہ میں کتاب کی طرح محفوظ ہو جائے گی۔

(۲۶۶۶۲) حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ ، عَنْ يَزِيدَ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى ، قَالَ :إِحْيَاءُ الْحَدِيثِ مُذَاكَرَتُهُ ، فَقَالَ لَهُ عَبْدُ اللهِ بْنُ شَدَّادٍ :كَمْ مِنْ حَدِيثٍ قَدْ أَحْيَيْتَهُ فِي صَدْرِي.

(۲۶۶۶۲) حضرت یزید رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا: کہ علم حدیث کی بقا مذاکرہ کرنے میں ہے۔ اس پر حضرت عبداللہ بن شداد رحمۃ اللہ علیہ نے ان سے فرمایا: کہ کتنی احادیث ایسی ہیں جو تم نے میرے سینہ میں باقی رکھی ہیں۔

(٢٦٦٦٣) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، قَالَ : حَدَّثَنَا الأَعْمَشُ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : آفَةُ الْعِلْمِ النِّسْيَانُ، وَإِضَاعَتُهُ أَنْ تُحَدِّثَ بِهِ غَيْرَ أَهْلِهِ. (دارمی ٦٢٤)

(۲۶۶۶۳) حضرت اعمش رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: علم کی آفت بھولنا ہے، اور علم کا ضائع کرنا یہ ہے کہ اس کو نااہل کے سامنے بیان کیا جائے۔

(٢٦٦٦٤) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ أَبِي الْعُمَيْسِ ، عَنِ الْقَاسِمِ ، قَالَ : قَالَ عَبْدُ اللهِ : آفَةُ الْعِلْمِ النِّسْيَانُ.

(۲۶۶۶۴) حضرت قاسم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: علم کی آفت بھولنا ہے۔

(١٢٢) فِي اللَّعِبِ بِالنَّرْدِ وما جاء فِيهِ

چوسر کھیلنے کا بیان اور اس بارے میں جو روایات منقول ہیں

(٢٦٦٦٥) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ ، وَأَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ ، عَنْ نَافِعٍ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي هِنْدٍ، عَنْ أَبِي مُوسَى، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَنْ لَعِبَ بِالنَّرْدِ، فَقَدْ عَصَى اللَّهَ وَرَسُولَهُ.

(مالك ٩٥٨۔ احمد ٤/ ٣٩٤)

(۲۶۶۶۵) حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس نے چوسر کھیلی اس نے اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی نافرمانی کی۔

(٢٦٦٦٦) حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ ، وَأَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بُرَيْدَةَ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ : مَنْ لَعِبَ بِالنَّرْدَشِيرِ فَكَأَنَّمَا غَمَسَ يَدَهُ فِي لَحْمِ خِنْزِيرٍ وَدَمِهِ.

(بخاری ١٢٧١۔ مسلم ١٧٧٠)

(۲۶۶۶۶) حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس شخص نے چوسر کھیلی گویا کہ اس نے اپنا ہاتھ خنزیر کے گوشت اور خون میں ڈبو دیا۔

(٢٦٦٦٧) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ ، عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ مِثْلَهُ. (احمد ٥/ ٣٥٢)

(۲۶۶۶۷) حضرت سلیمان بن بریدہ رحمۃ اللہ علیہ سے رسول اللہ ﷺ کا مذکورہ ارشاد اس سند سے بھی منقول ہے۔

(٢٦٦٦٨) حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنِ ابْنِ أَبِي عَرُوبَةَ ، عَنْ قَتَادَةَ ، قَالَ : بَلَغَنَا أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ،

سُئِلَ عَنِ اللَّعِبِ بِالْكَعْبَيْنِ فَقَالَ : إِنَّهَا مَيْسِرُ الأَعَاجِمِ ، قَالَ : وَكَانَ قَتَادَةُ يَكْرَهُ اللَّعِبَ بِكُلِّ شَيْءٍ حَتَّى يَكْرَهَ اللَّعِبَ بِالْعَصَا. (احمد ۱/ ۴۴۶۔ بیهقی ۲۱۵)

(۲۶۶۶۸) حضرت قتادہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے نرد کے مہروں کے ساتھ کھیلنے کے متعلق سوال کیا گیا؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک یہ تو عجمیوں کا جوا ہے۔ راوی کہتے ہیں کہ حضرت قتادہ رحمہ اللہ ہر چیز کے ساتھ کھیلنے کو مکروہ سمجھتے تھے یہاں تک کہ لاٹھی کے ساتھ کھیلنے کو بھی۔

(۲۶۶۶۹) حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ وَجَرِيرٌ ، عَنِ الرُّكَيْنِ ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ حَسَّانَ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ حَرْمَلَةَ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ ، قَالَ : نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، عَنِ الضَّرْبِ بِالْكِعَابِ.

(۲۶۶۶۹) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چوسر کے مہروں کے ساتھ کھیلنے سے منع فرمایا۔

(۲۶۶۷۰) حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي عَرُوبَةَ ، عَنْ قَتَادَةَ ، عَنْ أَبِي أَيُّوبَ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو ، قَالَ : مَثَلُ الَّذِي يَلْعَبُ بِالْكَعْبَيْنِ ، وَلاَ يُقَامِرُ كَمَثَلِ الْمُدَّهِنِ بِشَحْمِهِ ، وَلاَ يَأْكُلُ لَحْمَهُ.

(۲۶۶۷۰) حضرت ابوایوب رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: کہ مثال اس شخص کی جو چوسر کے دو مہروں سے کھیلتا ہے اور جوا نہیں لگاتا اس شخص کی سی ہے جو خنزیر کی چربی کا تیل تو لگاتا ہو اور اس کا گوشت نہ کھاتا ہو۔

(۲۶۶۷۱) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ أَبِي عَمْرَةَ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ، عَنِ ابْنِ عُمر قَالَ : لأَنْ أَضَعَ يَدِي فِي لَحْمِ خِنْزِيرٍ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ أَلْعَبَ بِالنَّرْدِ.

(۲۶۶۷۱) حضرت مجاہد رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: کہ میں اپنا ہاتھ خنزیر کے گوشت میں ڈالوں یہ میرے نزدیک زیادہ پسندیدہ ہے اس بات سے کہ میں چوسر کھیلوں۔

(۲۶۶۷۲) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ ، عَنْ بُرْدِ بْنِ مَعْمَرِ بْنِ يَزِيدَ ، قَالَ : سَأَلْتُ عَائِشَةَ رضى الله عنها عَنِ النَّرْدَشِيرِ ، قَالَتْ : قَبَّحَ اللَّهُ النَّرْدَشِيرَ وَقَبَّحَ مَنْ لَعِبَ بِهَا.

(۲۶۶۷۲) حضرت برد بن معمر بن یزید رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے چوسر کے متعلق سوال کیا؟ آپ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اللہ نے چوسر کو بھلائی سے دور کیا اور اللہ تعالیٰ نے اس کے کھیلنے والے کو بھی بھلائی سے دور کیا۔

(۲۶۶۷۳) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ سُمَيْعٍ ، قَالَ : حَدَّثَنَا أَبُو الأَشْعَثِ النَّخَعِيُّ ، قَالَ : سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُولُ : لأَنْ يَتَلَطَّخَ الرَّجُلُ بِدَمِ خِنْزِيرٍ حَتَّى يَسْتَوْسِعَ مِنه خَيْرٌ لَهُ مِنْ أَنْ يَلْعَبَ بِالْكِعَابِ.

(۲۶۶۷۳) حضرت ابواشعث نخعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کو یوں فرماتے ہوئے سنا کہ کوئی خنزیر کے خون میں آلودہ ہو جائے یہ بہتر ہے اس سے کہ وہ چوسر کھیلے۔

(۲۶۶۷۴) حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ ، عَنْ جَعْفَرٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ : قَالَ عَلِيٌّ : النَّرْدُ ، أَوِ الشِّطْرَنْجُ مِنَ الْمَيْسِرِ.

(۲۶۶۷۴) حضرت جعفر رحمۃ اللہ علیہ کے والد فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: کہ چوسر اور شطرنج جوا ہیں۔

(۲۶۶۷۵) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ ، عَنْ نَافِعٍ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ ، قَالَ : كَانَ إِذَا وَجَدَ نَرْدًا فِي بَيْتٍ كَسَّرَهَا وَضَرَبَ مَنْ لَعِبَ بِهَا.

(۲۶۶۷۵) حضرت نافع رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: کہ جب کسی کے گھر میں چوسر کے مہرے پائے جاتے تو اس گھر کو توڑ دیا جاتا تھا اور جو شخص یہ کھیلتا تو اس کو مارا جاتا تھا۔

(۲۶۶۷۶) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، قَالَ : حَدَّثَنَا مِسْعَرٌ وَسُفْيَانُ ، عَنْ عَبْدِالْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ ، عَنْ أَبِي الأَحْوَصِ ، قَالَ سُفْيَانُ : عَنْ عَبْدِ اللهِ ، وَقَصَّرَ بِهِ مِسْعَرٌ : إِيَّاكُمْ وَهَذِهِ الْكِعَابَ الْمَوْسُومَةَ الَّتِي تُزْجَرُ زَجْرًا ، فَإِنَّهَا مِنَ الْمَيْسِرِ.

(۲۶۶۷۶) حضرت مسعر رحمۃ اللہ علیہ حضرت عبدالملک بن عمیر سے نقل کرتے ہیں کہ حضرت ابوالاحوص رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا: جبکہ حضرت سفیان رحمۃ اللہ علیہ حضرت عبدالملک بن عمیر سے اور وہ حضرت ابوالاحوص رحمۃ اللہ علیہ سے نقل کرتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: کہ تم ان نشان لگے مہروں سے بچو جن سے تمہیں ڈانٹا جاتا ہے، اس لیے کہ یہ جوا ہے۔

(۲۶۶۷۷) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، قَالَ : حَدَّثَنَا أُسَامَةُ بْنُ زَيد ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي هِنْدٍ سَمِعَهُ مِنْهُ ، عَنْ أَبِي مُوسَى ، قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَنْ لَعِبَ بِالنَّرْدِ ، فَقَدْ عَصَى اللَّهَ وَرَسُولَهُ.

(۲۶۶۷۷) حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس شخص نے چوسر کھیلی تحقیق اس نے اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی نافرمانی کی۔

(۲۶۶۷۸) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، قَالَ : حَدَّثَنَا سَلاَّمُ بْنُ مِسْكِينٍ ، عَنْ قَتَادَةَ ، عَنْ أَبِي أَيُّوبَ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو ، قَالَ : مَنْ لَعِبَ بِالنَّرْدِ قِمَارًا ، كَانَ كَآكِلِ لَحْمِ الْخِنْزِيرِ ، وَمَنْ لَعِبَ بِهَا غَيْرَ قِمَارٍ كَانَ كَالْمُدَّهِنِ بِوَدَكِ الْخِنْزِيرِ.

(۲۶۶۷۸) حضرت ابوایوب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: جس شخص نے چوسر کھیلی جوئے کے لیے گویا وہ خنزیر کا گوشت کھانے والے کی طرح ہے اور جو یہ کھیلے بغیر جوئے کے، گویا وہ خنزیر کی چربی کا تیل لگانے والے کی طرح ہے۔

(۲۶۶۷۹) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، قَالَ : حَدَّثَنَا معمر ، عَنْ بَسَّامٍ ، قَالَ : سَأَلْتُ أَبَا جَعْفَرٍ عَنِ اللَّعِبِ بِالنَّرْدِ فَكَرِهَهُ.

(۲۶۶۷۹) حضرت بسام رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوجعفر رحمۃ اللہ علیہ سے چوسر کے متعلق پوچھا؟ تو آپ رحمۃ اللہ علیہ نے اسے مکروہ کہا۔

(۲۶۶۸۰) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، قَالَ : حَدَّثَنَا كَامِلٌ أَبُو الْعَلاَءِ ، قَالَ : سَمِعْتُ صَلْتًا الدَّهَّانَ مُنْذُ أَرْبَعِينَ سَنَةً ، عَنْ عَلِيٍّ ، قَالَ : لأَنْ أَطْلِيَ بِجَوَاءِ قِدْرٍ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ أَطْلِيَ بِخَلُوقٍ ، وَلأَنْ أَقْلِبَ جَمْرَتَيْنِ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ أَقْلِبَ كَعْبَيْنِ.

(۲۶۶۸۰) حضرت صلت الدھان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: میں ہانڈی کے نیچے رکھے جانے والے

چمڑے کوملوں یہ مجھے زیادہ پسند ہے اس سے کہ میں زعفران سے بنی ہوئی خوشبوملوں۔اور میں آگ کے دوانگاروں کوالٹ پلٹ کروں یہ مجھے زیادہ پسند ہے اس سے کہ میں چوسر کے مہروں کوالٹ پلٹ کروں۔

(٢٦٦٨١) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، قَالَ : حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ الْوَلِيدِ ، عَنْ فُضَيْلِ بْنِ مُسْلِمٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ عَلِيٍّ ، أَنَّهُ كَانَ إِذَا مَرَّ بِهِمْ وَهُمْ يَلْعَبُونَ بِالنَّرْدِشِيرِ عَقَلَهُمْ إِلَى نِصْفِ النَّهَارِ.

(۲۶۶۸۱) حضرت مسلم رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کا گزر چند لوگوں پر ہوا اس حال میں کہ وہ چوسر کھیل رہے تھے۔ آپ رضی اللہ عنہ نے ان کو نصف النہار تک سزا دی۔

(١٣٣) فِي اللَّعِبِ بِالشِّطْرَنْجِ

شطرنج کھیلنے کا بیان

(٢٦٦٨٢) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، قَالَ : حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ مَرْزُوقٍ ، عَنْ مَيْسَرَةَ النَّهْدِيِّ ، قَالَ : مَرَّ عَلِيٌّ عَلَى قَوْمٍ يَلْعَبُونَ بِالشِّطْرَنْجِ ، فَقَالَ : ﴿مَا هَذِهِ التَّمَاثِيلُ الَّتِي أَنْتُمْ لَهَا عَاكِفُونَ﴾.

(۲۶۶۸۲) حضرت میسرہ نھدی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کا چند لوگوں پر گزر ہوا جو شطرنج کھیل رہے تھے۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ کسی مورتیاں ہیں جن پر تم جمے بیٹھے ہو؟!

(٢٦٦٨٣) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، قَالَ : حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ ، عَنْ بَسَّامٍ ، عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ ، أَنَّهُ كَرِهَ اللَّعِبَ بِالشِّطْرَنْجِ.

(۲۶۶۸۳) حضرت بسام رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابو جعفر رحمہ اللہ نے شطرنج کھیلنے کو مکروہ سمجھا۔

(٢٦٦٨٤) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ هَاشِمٍ ، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى ، عَنِ الْحَكَمِ فِي الشِّطْرَنْجِ ، قَالَ : كَانُوا يُنْزِلُونَ النَّاظِرَ إِلَيْهَا كَالنَّاظِرِ إِلَى لَحْمِ الْخِنْزِيرِ ، وَالَّذِي يُقَلِّبُهَا كَالَّذِي يُقَلِّبُ لَحْمَ الْخِنْزِيرِ.

(۲۶۶۸۴) حضرت ابن ابی لیلیٰ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت حکم رحمہ اللہ نے شطرنج کے بارے میں ارشاد فرمایا: کہ صحابہ رضی اللہ عنہم اس کی طرف دیکھنے والے کو خنزیر کا گوشت دیکھنے والے کے مرتبہ میں رکھتے تھے۔اور جو شخص اس کے پانسوں کو پلٹتا تھا اس کو خنزیر کا گوشت پلٹنے والے کے درجہ میں رکھتے تھے۔

(١٣٤) فِي اللَّعِبِ بِأَرْبَعَةَ عَشَرَ

چودہ گوٹ کھیلنے کا بیان

(٢٦٦٨٥) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، قَالَ : حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ بْنُ مُجَمِّعٍ ، عَنْ عُبَيْدٍ مَوْلَى سَلَمَةَ بْنِ الأَكْوَعِ ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الأَكْوَعِ أَنَّهُ كَانَ يَنْهَى بَنِيهِ عَنِ اللَّعِبِ بِأَرْبَعَةَ عَشَرَ أَشَدَّ النَّهْيِ.

(۲۶۶۸۵) حضرت عبید رحمہ اللہ جو حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ کے آزاد کردہ غلام ہیں فرماتے ہیں کہ حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ نے اپنے بیٹوں کو بہت سختی سے چودہ گوٹ کھیلنے سے منع فرمایا۔

(٢٦٦٨٦) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، قَالَ : حَدَّثَنَا إِسْرَائِيلُ ، عَنْ جَابِرٍ ، عَن نَافِعٍ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ ، قَالَ : كَانَ ابْنُ عُمَرَ يَنْهَى عَنِ اللَّعِبِ بِالشُّهَارْدَةِ.

(۲۶۶۸۶) حضرت نافع رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ چودہ گوٹ کھیلنے سے منع فرماتے تھے۔

(٢٦٦٨٧) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنِ الْعُمَرِيِّ ، عَن نَافِعٍ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ ، أَنَّهُ مَرَّ عَلَى قَوْمٍ يَلْعَبُونَ بِأَرْبَعَةَ عَشَرَ فَكَسَّرَهَا عَلَى رَأْسِ أَحَدِهِمْ.

(۲۶۶۸۷) حضرت نافع رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کا گزر چند لوگوں پر ہوا جو چودہ گوٹ کھیل رہے تھے۔ آپ رضی اللہ عنہ نے اس کو ان میں سے کسی کے سر پر مار کر توڑ دیا۔

(٢٦٦٨٨) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، قَالَ : حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ بْنِ مُجَمِّعٍ ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ أَبِي أُمَيَّةَ ، عَن أُمِّ قُثَم قَالَتْ : دَخَلَ عَلَيْنَا عَلِيٌّ وَنَحْنُ نَلْعَبُ بِأَرْبَعَةَ عَشَرَ فَقَالَ : مَا هَذَا ؟ فَقُلْنَا : نَحْنُ صِيَامٌ نَتَلَهَّى بِهِ ، قَالَ : أَفَلاَ أَشْتَرِي لَكُمْ بِدِرْهَمٍ جَوْزًا تَلْهُونَ بِهِ وَتَدَعُونَهَا ، قَالَ : فَاشْتَرَى لَنَا بِدِرْهَمٍ جَوْزًا.

(۲۶۶۸۸) حضرت عبدالکریم بن ابی امیہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت اُم قثم نے ارشاد فرمایا: کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ ہم پر داخل ہوئے اس حال میں کہ ہم چودہ گوٹ کھیل رہے تھے؟ آپ رضی اللہ عنہ نے پوچھا: یہ کیا کر رہے ہو؟! ہم نے کہا: کہ ہم روزے سے ہیں تو اس کے ساتھ ہم اپنا دل بہلا رہے ہیں! آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا میں تمہارے لیے ایک درھم کے اخروٹ نہ خرید لوں تم اس کے ساتھ دل بھی بہلانا اور تم اس کی دعوت بھی کرنا؟ راوی فرماتے ہیں کہ آپ رضی اللہ عنہ نے پھر ہمارے لیے ایک درہم کے اخروٹ خریدے۔

(٢٦٦٨٩) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَن بَسَّامٍ ، عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ ، قَالَ : كَانَ عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ يُلاَعِبُ أَهْلَهُ بِالشُّهَارْدَةِ.

(۲۶۶۸۹) حضرت ابوجعفر رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت علی بن حسین رحمہ اللہ اپنی گھر والی کے ساتھ چودہ گوٹ کھیلتے تھے۔

(٢٦٦٩٠) حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ ، قَالَ : حَدَّثَنِي الضَّحَّاكُ بْنُ عُثْمَانَ ، قَالَ : أَخْبَرَنِي نَافِعٌ ، أَنَّ ابْنَ عُمَرَ دَخَلَ عَلَى جَارِيَتَيْنِ لَهُ تَلْعَبَانِ بِالشُّهَارْدَةِ فَضَرَبَهُمَا بها حَتَّى تَكَسَّرَتْ.

(۲۶۶۹۰) حضرت نافع رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ اپنی دو باندیوں پر داخل ہوئے اس حال میں کہ وہ چودہ گوٹ کھیل رہی تھیں۔ آپ رضی اللہ عنہ نے اسی سے ان دونوں کو مارا یہاں تک کہ وہ ٹوٹ گئی۔

(٢٦٦٩١) حَدَّثَنَا صَفْوَانُ بْنُ عِيسَى ، عَن يَزِيدَ بْنِ أَبِي عُبَيْدٍ ، قَالَ : كَانَ سَلَمَةُ بْنُ الأَكْوَعِ يَنْهَى بَنِيهِ أَنْ يَلْعَبُوا بِأَرْبَعَةَ عَشَرَ ، وَيَقُولُ : إِنَّهُمْ يَكْذِبُونَ فِيهَا وَيَفْجُرُونَ.

(۲۶۶۹۱) حضرت یزید بن ابی عبید رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ اپنے بیٹوں کو چودہ گوٹ کھیلنے سے منع کرتے تھے

اور فرماتے کہ یہ لوگ اس میں جھوٹ بولتے ہیں اور جھوٹی قسمیں اٹھاتے ہیں۔

(٢٦٦٩٢) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ ، أَنَّهُ كَرِهَ اللَّعِبَ بِالشُّهَارْدَةِ.

(۲۶۶۹۲) حضرت اسماعیل بن عبدالملک رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت سعید بن جبیر رحمۃ اللہ علیہ چودہ گوٹ کھیلنے کو مکروہ سمجھتے تھے۔

(١٢٥) فِي لعِبِ الصِّبيانِ بِالجوزِ

بچوں کے اخروٹ سے کھیلنے کا بیان

(٢٦٦٩٣) حَدَّثَنَا حَفْصٌ ، عَنْ لَيْثٍ ، عَنْ طَاوُوس ، قَالَ : كَانَ يَكْرَهُ الْقِمَارَ وَيَقُولُ : إِنَّهُ مِنَ الْمَيْسِرِ حَتَّى لَعِبِ الصِّبْيَانِ بِالْجَوْزِ وَالْكِعَابِ.

(۲۶۶۹۳) حضرت لیث رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت طاؤس رحمۃ اللہ علیہ سے کو مکروہ سمجھتے تھے اور فرماتے ہیں کہ یہ بھی جوا ہے۔ یہاں تک کہ آپ رحمۃ اللہ علیہ بچوں کے اخروٹ اور چوسر کے مہروں سے کھیلنے کو بھی مکروہ سمجھتے تھے۔

(٢٦٦٩٤) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، قَالَ : حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ نَجِيحٍ ، قَالَ : رَأَيْتُ ابْنَ سِيرِينَ مَرَّ عَلَى غِلْمَانٍ يَوْمَ الْعِيدِ بِالْمِرْبَدِ وَهُمْ يَتَقَامَرُونَ بِالْجَوْزِ ، فَقَالَ : يَا غِلْمَانُ ، لاَ تُقَامِرُوا ، فَإِنَّ الْقِمَارَ مِنَ الْمَيْسِرِ.

(۲۶۶۹۴) حضرت حماد بن نجیح رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ کو دیکھا کہ وہ عید کے دن دو لڑکوں کے پاس سے گزرے تھے جو اونٹوں کے باڑے کے پاس اخروٹ میں سٹہ بازی لگا رہے تھے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: اے بچو! سٹہ مت لگاؤ۔ اس لیے کہ سٹہ بازی بھی جوا ہے۔

(٢٦٦٩٥) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ عَاصِمٍ ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ ، قَالَ : كُلُّ شَيْءٍ فِيهِ خَطَرٌ ، فَهُوَ مِنَ الْمَيْسِرِ.

(۲۶۶۹۵) حضرت عاصم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت محمد بن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا: ہر وہ بازی جس میں خطرہ ہو وہ جوا ہے۔

(٢٦٦٩٦) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ لَيْثٍ ، عَنْ عَطَاءٍ ، وَمُجَاهِدٍ ، وَطَاوُوس ، أَوِ اثْنَيْنِ مِنْهُمْ ، قَالاَ : كُلُّ شَيْءٍ مِنَ الْقِمَارِ ، فَهُوَ مِنَ الْمَيْسِرِ حَتَّى لَعِبِ الصِّبْيَانِ بِالْجَوْزِ.

(۲۶۶۹۶) حضرت لیث رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت عطاء رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت مجاہد رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت طاؤس رحمۃ اللہ علیہ یا ان میں سے دو حضرات نے فرمایا: کہ سٹہ بازی کی ہر قسم جوا ہے یہاں تک کہ بچوں کا اخروٹ کے ساتھ کھیلنا بھی جوا ہے۔

(١٢٦) فِي السَّلامِ على أصحابِ النَّردِ

چوسر کھیلنے والوں کو سلام کرنے کا بیان

(٢٦٦٩٧) حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ ، عَنْ أَسْلَمَ الْمُنْقِرِيِّ ، قَالَ : كَانَ سَعِيدُ بْنُ جُبَيْرٍ إِذَا مَرَّ عَلَى أَصْحَابِ

النَّرْدِ لَمْ يُسَلِّمْ عَلَيْهِمْ.

(۲۶۶۹۷) حضرت اسلم منقری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت سعید بن جبیر رحمۃ اللہ علیہ جب چوسر کھیلنے والوں پر گزرتے تو آپ رحمۃ اللہ علیہ انہیں سلام نہیں کرتے تھے۔

(۲۶۶۹۸) حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي زِيَادٍ ، عَنْ زِيَادِ بْنِ حُدَيْرٍ ، أَنَّهُ مَرَّ عَلَى قَوْمٍ يَلْعَبُونَ بِالنَّرْدِ فَسَلَّمَ وَهُوَ لاَ يَعْلَمُ ، ثُمَّ رَجَعَ فَقَالَ :رُدُّوا عَلَيَّ سَلاَمِي.

(۲۶۶۹۸) حضرت یزید بن ابوزیاد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت زیاد بن حدیر رحمۃ اللہ علیہ کا گزر چند لوگوں پر ہوا جو چوسر کھیل رہے تھے آپ رحمۃ اللہ علیہ نے لاعلمی میں انہیں سلام کر دیا۔ پھر آپ رحمۃ اللہ علیہ دوبارہ واپس آئے اور فرمایا: مجھے میرا اسلام واپس لوٹا دو۔

(۱۳۷) مَنْ كَانَ يتمطّر فِي أوّلِ مطرةٍ

جو شخص پہلی بارش میں بھیگتا ہو

(۲۶۶۹۹) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ أُمِّ غُرَابٍ ، عَنْ بُنَانَةَ ، أَنَّ عُثْمَانَ كَانَ يَتَمَطَّرُ فِي أَوَّلِ مَطْرَةٍ.

(۲۶۶۹۹) حضرت بنانہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتی ہیں کہ حضرت عثمان رحمۃ اللہ علیہ پہلی بارش میں نہاتے تھے۔

(۲۶۷۰۰) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ الْمُؤَمَّلِ ، عَنِ ابْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ ، أَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ كَانَ يَتَمَطَّرُ ، يُخْرِجُ ثِيَابَهُ حَتَّى يُخْرِجَ سَرْجَهُ فِي أَوَّلِ مَطْرَةٍ.

(۲۶۷۰۰) حضرت ابن ابی ملیکہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ بارش میں نہاتے تھے، اپنے کپڑے نکلواتے، یہاں تک کہ اپنی زین بھی پہلی بارش میں نکلواتے تھے۔

(۲۶۷۰۱) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنِ الرَّبِيعِ ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبَانَ ، عَنْ أَنَسٍ ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَتَمَطَّرُ فِي أَوَّلِ مَطْرَةٍ.

(۲۶۷۰۱) حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پہلی بارش میں نہایا کرتے تھے۔

(۲۶۷۰۲) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ ، عَنْ سعد بْنِ رَزِينٍ عَمَّنْ حَدَّثَهُ ، عَنْ عَلِيٍّ ، أَنَّهُ كَانَ إِذَا رأى الْمَطَرَ خَلَعَ ثِيَابَهُ وَجَلَسَ ، وَيَقُولُ :حَدِيثُ عَهْدٍ بِالْعَرْشِ.

(۲۶۷۰۲) حضرت سعد بن رزین رحمۃ اللہ علیہ اپنے کسی شیخ سے نقل کرتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ جب بارش دیکھتے تو اپنے کپڑے اتار دیتے اور بیٹھ جاتے اور فرماتے: یہ عرش سے پہلی بات ہے۔

(۲۶۷۰۳) حَدَّثَنَا عَفَّانُ ، قَالَ : حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ ، قَالَ :حَدَّثَنَا ثَابِتٌ ، قَالَ :حَدَّثَنَا أَنَسٌ ، قَالَ :أَصَابَنَا وَنَحْنُ مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَطَرٌ ، قَالَ :فَخَرَجَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَحَسَرَ

ثَوْبَهُ عَنْهُ حَتَّى أَصَابَهُ ، فَقُلْنَا :يَا رَسُولَ اللهِ ، لِمَ صَنَعْتَ هَذَا ؟ قَالَ :لأَنَّهُ حَدِيثُ عَهْدٍ بِرَبِّهِ.

(ابو داؤد ۵۰۵۹۔ مسلم ۶۱۵)

(۲۶۷۰۳) حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے کہ بارش شروع ہوگئی۔ آپ نے اپنے جسم مبارک کو بارش میں بھیگنے دیا اور فرمایا کہ یہ اللہ تعالیٰ سے گفتگو ہے۔

(۱۲۸) فِي إِتيانِ القُصّاصِ ومجالستِهم ومن فعله

قصہ گولوگوں کے پاس آنا اوران کی مجلس اختیار کرنے کا بیان، اور جو شخص ایسا کرتا ہو اس کا بیان

(٢٦٧٠٤) حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ بَكْرٍ السَّهْمِيُّ ، قَالَ :حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ أَبِي صَغِيرَةَ ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ سَالِمٍ ، أَنَّ عَمْرَو بْنَ أَوْسٍ أَخْبَرَهُ ، أَنَّ أَبَاهُ أَوْسًا أَخْبَرَهُ ، قَالَ :إِنَّا لَقُعُودٌ عِنْدَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَقُصُّ عَلَيْنَا وَيُذَكِّرُنَا. (ابن ماجه ۳۹۲۹۔ احمد ۸)

(۲۶۷۰۴) حضرت عمرو بن اوس رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ان کے والد حضرت اوس رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: کہ ہم لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھے ہوئے تھے اس حال میں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں قصہ بیان فرمارہے تھے اور ہمیں وعظ ونصیحت فرمارہے تھے۔

(٢٦٧٠٥) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ مَالِكِ بْنِ مِغْوَلٍ ، قَالَ :قَالَ أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ السُّلَمِيُّ :لاَ تُجَالِسُوا مِنَ الْقُصَّاصِ إِلاَّ أَبَا الأَحْوَصِ.

(۲۶۷۰۵) حضرت مالک بن مغول رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوعبد الرحمٰن سلمی رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: کہ تم لوگ حضرت ابو الاحوص رحمہ اللہ کے سوا کسی بھی قصہ گو کی مجلس اختیار مت کرو۔

(٢٦٧٠٦) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ ، قَالَ :ذَكَرُوا عِنْدَ الشَّعْبِيِّ الْجُلُوسَ مَعَ الْقُصَّاصِ كَعَدْلِ عِتْقِ رَقَبَةٍ ، فَقَالَ :لأَنْ أُعْتِقَ رَقَبَةً أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ أَجْلِسَ مَعَ الْقُصَّاصِ أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ.

(۲۶۷۰۶) حضرت اسماعیل رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ چند لوگوں نے امام شعبی رحمہ اللہ سے یہ بات ذکر کی کہ قصہ گو کے پاس بیٹھنا غلام آزاد کرنے کے برابر ہے! اس پر آپ رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: میں ایک غلام آزاد کروں یہ میرے نزدیک زیادہ پسندیدہ ہے اس سے کہ میں چار مہینہ تک قصہ گو کے ساتھ ہم مجلس ہوں۔

(٢٦٧٠٧) حَدَّثَنَا جَرِيرٌ ، عَنْ مُغِيرَةَ ، قَالَ : كَانَ إِبْرَاهِيمُ التَّيْمِيُّ يُذَكِّرُ فِي مَنْزِلِ أَبِي وَائِلٍ ، فَجَعَلَ أَبُو وَائِلٍ يَنْتَفِضُ كَمَا يَنْتَفِضُ الطَّيْرُ.

(۲۶۷۰۷) حضرت مغیرہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابراہیم رحمہ اللہ حضرت ابو وائل رحمہ اللہ کے گھر وعظ ونصیحت فرمایا کرتے تھے۔ اور حضرت ابو وائل رحمہ اللہ ایسے کانپتے تھے جیسا کہ پرندے کانپتے ہیں۔

(٢٦٧٠٨) حَدَّثَنَا جَرِيرٌ ، قَالَ : كَانَ الْحَسَنُ يَقُصُّ ، وَكَانَ سَعِيدُ بْنُ جُبَيْرٍ يَقُصُّ.

(۲۶۷۰۸) حضرت مغیرہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ قصہ سناتے تھے اور حضرت سعید بن جبیر رحمۃ اللہ علیہ قصہ سناتے تھے۔

(٢٦٧٠٩) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنْ دَاوُد بْنِ سَابُورَ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ، قَالَ : كُنَّا نَفْخَرُ عَلَى النَّاسِ بِأَرْبَعَةٍ : بِفَقِيهِنَا وَبِقَاصِّنَا وَبِمُؤَذِّنِنَا وَبِقَارِئِنَا ، فَفَقِيهُنَا ابْنُ عَبَّاسٍ ، وَمُؤَذِّنُنَا أَبُو مَحْذُورَةَ ، وَقَاصُّنَا عُبَيْدُ بْنُ عُمَيْرٍ ، وَقَارِئُنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ السَّائِبِ.

(۲۶۷۰۹) حضرت داؤد بن شابور رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت مجاہد رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا: کہ ہم لوگوں پر چار اشخاص کے ذریعہ فخر کرتے تھے۔ فقیہ کے ذریعہ، قصہ گو کے ذریعہ، مؤذن کے ذریعہ اور قرآن پڑھنے والے کے ذریعہ، اور ہمارے فقیہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ تھے۔ اور ہمارے مؤذن حضرت ابومحذورہ رضی اللہ عنہ تھے اور ہمارے قصہ گو حضرت عبید بن عمیر رحمۃ اللہ علیہ تھے اور ہمارے قرآن پڑھنے والے حضرت عبداللہ بن سائب رضی اللہ عنہ تھے۔

(٢٦٧١٠) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ شَجَرَةَ ، أَنَّهُ كَانَ يَقُصُّ ، وَكَانَ يُوَافِقُ قَوْلُهُ فِعْلَهُ.

(۲۶۷۱۰) حضرت مجاہد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت یزید بن شجرہ رحمۃ اللہ علیہ وعظ ونصیحت فرماتے تھے اور آپ کا قول آپ کے فعل کے موافق ہوتا تھا۔

(٢٦٧١١) حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ ، قَالَ : حَدَّثَنَا شُعْبَةُ ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَيْسَرَةَ ، عَنْ كُرْدُوسٍ ، قَالَ : كَانَ يَقُصُّ ، فَقَالَ : حَدَّثَنِي رَجُلٌ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ : لأَنْ أَجْلِسَ فِي مِثْلِ هَذَا الْمَجْلِسِ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ أُعْتِقَ أَرْبَعَ رِقَابٍ ، يَعْنِي الْقَصَصَ. (احمد ۳/ ۴۷۴)

(۲۶۷۱۱) حضرت عبدالملک بن میسرہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت کردوس رحمۃ اللہ علیہ قصہ گوئی کے ذریعہ وعظ ونصیحت کرتے تھے اور فرماتے تھے کہ مجھے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے کسی صحابی رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کہ میں قصہ گو کی مجلس میں بیٹھوں یہ مجھے زیادہ پسندیدہ ہے اس سے کہ میں چار غلام آزاد کروں۔

(٢٦٧١٢) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ حَجَّاجٍ ، عَنْ عَطَاءٍ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ، قَالَ : رَأَيْتُ تَمِيمًا الدَّارِيَّ يَقُصُّ فِي عَهْدِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رضى الله عنهما.

(۲۶۷۱۲) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت تمیم داری رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ وہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے زمانے میں قصہ گوئی کے ذریعہ وعظ ونصیحت فرماتے تھے۔

(٢٦٧١٣) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ ، قَالَ : حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ حَبِيبِ بْنِ أَبِي ثَابِتٍ ، قَالَ : رَأَيْتُ مُحَمَّدَ بْنَ كَعْبٍ الْقُرَظِيَّ يَقُصُّ.

(۲۶۷۱۳) حضرت عبداللہ بن حبیب بن ابی ثابت رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت محمد بن کعب قرظی رحمہ اللہ کو وعظ ونصیحت کرتے ہوئے دیکھا۔

(۱۳۹) من كره القصص وضرب فيه

جو شخص قصہ سنانے کو مکروہ سمجھتا ہے اور ایسا کرنے کی صورت میں مارے

(۲٦٧١٤) حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ ، قَالَ :حدَّثَنَا سُفْيَانُ ، عَن عُبَيْدِ اللهِ ، عَن نَافِعٍ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ ، قَالَ :لَمْ يُقَصَّ زَمَانَ أَبِي بَكْرٍ ، وَلاَ عُمَرَ ، إِنَّمَا كَانَ الْقَصَصُ زَمَنَ الْفِتْنَةِ.

(۲۶۷۱۴) حضرت نافع رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: کہ حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانے میں قصہ گوئی نہیں کی جاتی تھی یہ تو فتنے کے زمانے میں شروع ہوئے۔

(۲٦٧١٥) حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ ، قَالَ :حدَّثَنَا سُفْيَانُ ، عَن سَعِيدٍ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ ، قَالَ :كَتَبَ عَامِلٌ لِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ إِلَيْهِ ، أَنَّ هَاهُنَا قَوْمًا يَجْتَمِعُونَ فَيَدْعُونَ لِلْمُسْلِمِينَ وَلِلأَمِيرِ ، فَكَتَبَ إِلَيْهِ عُمَرُ :أَقْبِلْ وَأَقْبِلْ بِهِمْ مَعَك ، فَأَقْبَلَ ، وَقَالَ عُمَرُ لِلْبَوَّابِ :أَعِدَّ لِي سَوْطًا ، فَلَمَّا دَخَلُوا عَلَى عُمَرَ أَقْبَلَ عَلَى أَمِيرِهِمْ ضَرْبًا بِالسَّوْطِ ، فَقَالَ :يَا أمير المؤمنين ، إِنَّا لَسْنَا أُولَئِكَ الَّذِينَ يَعْنِي أُولَئِكَ قَوْمٌ يَأْتُونَ مِنْ قِبَلِ الْمَشْرِقِ.

(۲۶۷۱۵) حضرت ابوعثمان رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے کسی گورنر نے آپ رضی اللہ عنہ کو خط لکھا کہ بے شک یہاں چند لوگ ہیں جو جمع ہوتے ہیں اور مسلمانوں اور امیر کے لیے دعا کرتے ہیں۔ اس پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان کو خط کا جواب لکھا کہ آپ رضی اللہ عنہ بھی آئیں اور اپنے ساتھ ان لوگوں کو بھی میرے پاس لائیں، پس وہ آ گئے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دربان سے کہا: میرے لیے کوڑا تیار کرو۔ پس جب وہ لوگ حضرت عمر رضی اللہ عنہ پر داخل ہوئے تو آپ رضی اللہ عنہ نے ان کے امیر کو ایک کوڑا مارا۔ اس پر اس نے کہا: اے امیر المؤمنین! بے شک ہم وہ لوگ نہیں ہیں جو آپ رضی اللہ عنہ سمجھ رہے ہیں، یہ تو وہ لوگ ہیں جو مشرق کی جانب سے آئے ہیں۔

(۲٦٧١٦) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ ، عَن سُفْيَانَ ، عَنْ أَبِي حَصِينٍ ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ ، أَنَّ عَلِيًّا رَأَى رَجُلاً يَقُصُّ ، فَقَالَ :عَلِمْتَ النَّاسِخَ وَالْمَنْسُوخَ ؟ قَالَ :لاَ قَالَ :هَلَكْتَ وَأَهْلَكْتَ.

(۲۶۷۱۶) حضرت ابوعبدالرحمٰن فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ایک آدمی کو دیکھا جو وعظ ونصیحت کر رہا تھا آپ رضی اللہ عنہ نے اس سے پوچھا کیا تجھے ناسخ اور منسوخ معلوم ہیں؟ اس نے جواب دیا: نہیں۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تو خود بھی ہلاک ہوا اور تو نے دوسروں کو بھی ہلاک کر دیا۔

(۲٦٧١٧) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَن سُفْيَانَ ، عَنْ أَبِي سِنَانٍ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ أَبِي الْهُذَيْلِ ، عَنْ عَبْدِاللهِ بْنِ خَبَّابٍ ، قَالَ: رَآنِي أَبِي وَأَنَا عِنْدَ قَاصٍّ ، فَلَمَّا رَجَعت أَخَذَ الْهِرَاوَةَ ، قَالَ :قَرْنٌ قَدْ طَالَعَ الْعَمَالِقَةَ.

(۲۶۷۱۷) حضرت عبداللہ بن خباب رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میرے والد نے مجھے دیکھا کہ میں قصہ گو کے پاس ہوں۔ جب میں واپس لوٹا تو انہوں نے لاٹھی پکڑی اور فرمایا: یہ سینگ ہے جو عمالقہ کے ساتھ طلوع ہوا۔

(٢٦٧١٨) حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: سَمِعْتُ إِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيَّ، قَالَ: إِنَّمَا حَمَلَنِي عَلَى مَجْلِسِي هَذَا أَنِّي رُؤِيتُ كَأَنِّي أُقَسِّمُ رَيْحَانًا ، فَذَكَرْتُ ذَلِكَ لإِبْرَاهِيمَ فَقَالَ :إِنَّ الرَّيْحَانَ لَهُ مَنْظَرٌ وَطَعْمُهُ مُرٌّ.

(۲۶۷۱۸) حضرت ابراہیم تیمی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ مجھے اس مجلس کے قائم کرنے پر اس بات نے اُبھارا کہ میں نے خواب میں دیکھا گویا میں لوگوں کے درمیان ریحان تقسیم کر رہا ہوں۔ پھر میں نے یہ خواب حضرت ابراہیم نخعی رحمہ اللہ کے سامنے ذکر کیا، تو آپ رحمہ اللہ نے فرمایا: بے شک ریحان ہوتا خوبصورت ہے مگر اس کا ذائقہ کڑوا ہوتا ہے۔

(٢٦٧١٩) حَدَّثَنَا شَبَابَةُ بْنُ سَوَّارٍ ، قَالَ :حدَّثَنَا شُعْبَةُ ، قَالَ :حَدَّثَنِي عُقْبَةُ بْنُ حُرَيْثٍ ، قَالَ :سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ ، وَجَاءَ رَجُلٌ قَاصٌّ وَجَلَسَ فِي مَجْلِسِهِ فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ :قُمْ مِنْ مَجْلِسِنَا ، فَأَبَى أَنْ يَقُومَ ، فَأَرْسَلَ ابْنُ عُمَرَ إِلَى صَاحِبِ الشُّرَطِ :أَقِمِ الْقَاصَّ ، فَبَعَثَ إِلَيْهِ فَأَقَامَهُ.

(۲۶۷۱۹) حضرت عقبہ بن حریث رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ایک قصہ گو شخص آیا اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کی مجلس میں بیٹھ گیا۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہماری مجلس سے اُٹھ جا۔ تو اس نے کھڑے ہونے سے انکار کر دیا۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے کوتوال کی طرف پیغام بھیجا کہ اس قصہ گو کو اٹھاؤ۔ تو اس نے کسی کو بھیج کر اس کو اٹھوا دیا۔

(٢٦٧٢٠) حَدَّثَنَا شَرِيكٌ ، عَنْ عَاصِمٍ ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ ، عَنْ عَلْقَمَةَ ، قَالَ :قِيلَ لَهُ :أَلاَ تَقُصُّ عَلَيْنَا ؟ قَالَ :إِنِّي أَكْرَهُ أَنْ آمُرَكُمْ بِمَا لاَ أَفْعَلُ.

(۲۶۷۲۰) حضرت ابو وائل رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت علقمہ رحمہ اللہ سے پوچھا گیا: کہ آپ رحمہ اللہ ہمیں وعظ و نصیحت کیوں نہیں فرماتے؟ آپ رحمہ اللہ نے فرمایا کہ میں ناپسند کرتا ہوں کہ میں تمہیں اس بات کا حکم دوں جو میں خود نہیں کرتا۔

(٢٦٧٢١) حَدَّثَنَا شَرِيكٌ ، عَنْ أَبِي سِنَانٍ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ أَبِي الْهُذَيْلِ ، عَنْ خَبَّابٍ ، قَالَ :رَأَى ابْنَهُ عِنْدَ قَاصٍّ ، فَلَمَّا رَجَعَ اتَّزَرَ وَأَخَذَ السَّوْطَ وَقَالَ :أَمَعَ الْعَمَالِقَةِ ، هَذَا قَرْنٌ قَدْ طَلَعَ.

(۲۶۷۲۱) حضرت عبداللہ بن ابی الھذیل رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ذباب رحمہ اللہ نے اپنے بیٹے کو ایک قصہ گو کے پاس دیکھا جب وہ یہ گناہ کر کے لوٹا تو آپ رحمہ اللہ نے کوڑا پکڑا اور فرمایا: کیا عمالقے کے ساتھ ہو؟! یہ شیطان کا سینگ بھی طلوع ہو گیا!

(٢٦٧٢٢) حَدَّثَنَا شَرِيكٌ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ، قَالَ :دَخَلَ قَاصٌّ فَجَلَسَ قَرِيبًا مِنَ ابْنِ عُمَرَ فَقَالَ لَهُ :قُمْ ، فَأَبَى أَنْ يَقُومَ ، فَأَرْسَلَ إِلَى صَاحِبِ الشُّرَطِ ، فَأَرْسَلَ إِلَيْهِ شُرْطِيًّا فَقَامَ.

(۲۶۷۲۲) حضرت مجاہد رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ کوئی قصہ گو شخص آیا اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کے قریب بیٹھ گیا۔ آپ رضی اللہ عنہ نے اس سے فرمایا: اٹھ جاؤ تو اس نے اٹھنے سے انکار کر دیا۔ آپ رضی اللہ عنہ نے کوتوال کی طرف قاصد بھیجا۔ تو اس نے سپاہی کو بھیج کر اسے اٹھا دیا۔

(٢٦٧٢٣) حَدَّثَنَا شَرِيكٌ ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ ، قَالَ :بَلَغَ عُمَرَ ، أَنَّ رَجُلاً يَقُصُّ بِالْبَصْرَةِ فَكَتَبَ إِلَيْهِ : ﴿الر تِلْكَ آيَاتُ الْكِتَابِ الْمُبِينِ إِنَّا أَنْزَلْنَاهُ قُرْآنًا عَرَبِيًّا لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُونَ نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ أَحْسَنَ الْقَصَصِ﴾ إِلَى آخِرِ الآيَةِ ، قَالَ :فَعَرَفَ الرَّجُلُ فَتَرَكَهُ.

(۲۶۷۲۳) حضرت ابن سیرین رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو یہ خبر پہنچی کہ ایک آدمی بصرہ میں قصہ گوئی کے ذریعہ وعظ و نصیحت کرتا ہے۔ پس آپ رضی اللہ عنہ نے اس کو خط لکھا: الر، یہ واضح کتاب کی آیتیں ہیں۔ ہم نے قرآن کو عربی میں نازل کیا تا کہ تم سمجھ لو۔ ہم تم پر بہترین واقعات بیان کرتے ہیں۔ راوی فرماتے ہیں، کہ وہ شخص سمجھ گیا اور اس نے قصہ گوئی چھوڑ دی۔

(٢٦٧٢٤) حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ ، عَنْ أُكَيْلٍ ، قَالَ :قَالَ إِبْرَاهِيمُ :مَا أَحَدٌ مِمَّنْ يَذْكُرُ أَرْجَى فِي نَفْسِي أَنْ يَسْلَمَ مِنْهُ يَعْنِي إِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيَّ ، وَلَوَدِدْت ، أَنَّهُ يَسْلَمُ مِنْهُ كَفَافًا لاَ عَلَيْهِ ، وَلاَ لَهُ.

(۲۶۷۲۴) حضرت ابراہیم فرماتے ہیں کہ وعظ و نصیحت کرنے والا اگر برابری کا رتبہ بھی پالے تو غنیمت ہے یعنی نہ کچھ اس کے حق میں ہو اور نہ خلاف۔

(٢٦٧٢٥) حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ سَلَمَةَ ، عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ - جَارٍ لِسَلَمَةَ - قَالَ :قُلْتُ لِعَائِشَةَ أَوْ قَالَ لَهَا رَجُلٌ :آتِي الْقَاصَّ يَدْعُو لِي ، فَقَالَتْ :لأَنْ تَدْعُوَ لِنَفْسِكَ خَيْرٌ مِنْ أَنْ يَدْعُوَ لَكَ الْقَاصُّ.

(۲۶۷۲۵) حضرت ابو الدرداء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں جو حضرت سلمہ رضی اللہ عنہ کے پڑوسی ہیں کہ میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا: یا آپ رضی اللہ عنہا سے کسی شخص نے پوچھا: کیا میں قصہ گو کے پاس اس لیے آسکتا ہوں تا کہ وہ میرے لیے دعا کرے؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم خود اپنے لیے دعا کرو یہ بہتر ہے اس سے کہ تمہارے لیے قصہ گو دعا کرے۔

(٢٦٧٢٦) حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ ، عَنْ نَافِعٍ ، قَالَ :لَمْ يَكُنْ قَاصٌّ فِي زَمَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلاَ زَمَنِ أَبِي بَكْرٍ، وَلاَ زَمَنِ عُمَرَ، وَلاَ فِي زَمَنِ عُثْمَانَ. (ابن ماجه ٣٧٥٤۔ ابن حبان ٦٢٦١)

(۲۶۷۲۶) حضرت عبید اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت نافع رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں کوئی قصہ گو نہیں تھا نہ ہی حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کے زمانے میں نہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانے میں اور نہ ہی حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے زمانے میں۔

(٢٦٧٢٧) حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ ، حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ ، قَالَ :حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْكَلاَعِيُّ ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ الْحَضْرَمِيِّ ، أَنَّ أُمَّ الدَّرْدَاءِ بَعَثَتْهُ إِلَى نَوْفَلِ بْنِ فُلاَنٍ وَقَاصٍّ مَعَهُ ، يَقُصَّانِ فِي الْمَسْجِدِ ، فَقَالَتْ : قُلْ لَهُمَا :لِيَتَّقِيَا اللَّهَ وَتَكُنْ مَوْعِظَتُهُمَا لِلنَّاسِ لاَ نُفُسِهِمَا.

(۲۶۷۲۷) حضرت جبیر بن کثیر حضرمی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ام الدرداء رضی اللہ عنہا نے ان کو نوفل بن فلاں کی طرف بھیجا جو کسی خطیب کے ساتھ مسجد میں بیٹھ کر وعظ و نصیحت فرما رہے تھے۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ان دونوں سے کہو کہ تم دونوں اللہ سے ڈرو۔ اور چاہیے کہ تمہارا لوگوں کو وعظ و نصیحت کرنا اپنی ذات کے لیے ہو جائے۔

(٢٦٧٢٨) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ مِسْعَرٍ ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ الْحَسَنِ ، عَنِ ابْنِ مَعْقِلٍ ، قَالَ : كَانَ رَجُلٌ لاَ يَزَالُ يَقُصُّ فَقَالَ لَهُ ابْنُ مَسْعُودٍ : انْشُرْ سِلْعَتَكَ عَلَى مَنْ يُرِيدُهَا.

(۲۶۷۲۸) حضرت عبید بن حسن رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن معقل رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: کہ ایک آدمی ہمیشہ وعظ ونصیحت کرتا رہتا تھا۔ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے اس سے فرمایا: تم اپنا سامان اس کے سامنے پھیلاؤ جو اس کا ارادہ رکھتا ہو۔

(١٣٠) فِي الرَّجُلِ يُقَبِّلُ يَدَ الرَّجُلِ عِنْدَ السَّلاَمِ

اس آدمی کا بیان جو سلام کے وقت آدمی کے ہاتھ کا بوسہ لیتا ہو

(٢٦٧٢٩) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي زِيَادٍ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ ، قَالَ : قَبَّلْنَا يَدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. (ابوداؤد ٥٢٤٠۔ احمد ٢٣)

(۲۶۷۲۹) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم لوگوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ مبارک کا بوسہ لیا۔

(٢٦٧٣٠) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ يَزِيدَ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِهِ.

(۲۶۷۳۰) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا مذکورہ ارشاد اس سند سے بھی منقول ہے۔

(٢٦٧٣١) حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ وَغُنْدَرٌ ، وَأَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ سَلِمَةَ ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَسَّالٍ ، أَنَّ قَوْمًا مِنَ الْيَهُودِ قَبَّلُوا يَدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرِجْلَيْهِ.

(ترمذی ٢٧٣٣۔ احمد ٤/ ٢٣٩)

(۲۶۷۳۱) حضرت عبداللہ بن سلمہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت صفوان بن عسال رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: کہ یہود کے کچھ لوگوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ اور پاؤں کا بوسہ لیا۔

(٢٦٧٣٢) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ زِيَادِ بْنِ فَيَّاضٍ ، عَنْ تَمِيمِ بْنِ سَلَمَةَ ، أَنَّ أَبَا عُبَيْدَةَ قَبَّلَ يَدَ عُمَرَ ، قَالَ تَمِيمٌ : وَالْقُبْلَةُ سُنَّةٌ. (بیہقی ١٠١)

(۲۶۷۳۲) حضرت زیاد بن فیاض رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت تمیم بن سلمہ رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: کہ حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ہاتھ کا بوسہ لیا۔ اور حضرت تمیم رحمہ اللہ نے فرمایا: کہ بوسہ لینا سنت ہے۔

(٢٦٧٣٣) حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنْ مَالِكٍ ، عَنْ طَلْحَةَ ، قَالَ : قَبَّلَ خَيْثَمَةُ يَدِي ، قَالَ مَالِكٌ : وَقَبَّلَ طَلْحَةُ يَدِي.

(۲۶۷۳۳) حضرت مالک رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت طلحہ رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: کہ حضرت خیثمہ رحمہ اللہ نے میرے ہاتھ کا بوسہ لیا۔ اور حضرت مالک رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت طلحہ رحمہ اللہ نے میرے ہاتھ کا بوسہ لیا۔

(١٣١) فِي الرّجلِ يصغّر اسم الرّجلِ

اس آدمی کا بیان جو کسی آدمی کا نام حقارت سے لے

(٢٦٧٣٤) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ لَيْثٍ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ، أَنَّهُ كَرِهَ أَنْ يَقُولَ الرَّجُلُ :ذَيَّا.

(۲۶۷۳۴) حضرت لیث رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت مجاہد رحمۃ اللہ علیہ آدمی کے ذی کہنے کو مکروہ سمجھتے تھے۔

(٢٦٧٣٥) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ أَبِي سُعَادٍ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَنَفِيَّةِ ، أَنَّهُ سَمِعَ رَجُلاً يَقُولُ: يَا هَنَاهُ ، فَنَهَاهُ.

(۲۶۷۳۵) حضرت ابوسعاد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن محمد ابن حنفیہ رحمۃ اللہ علیہ نے کسی آدمی کو یوں کہتے ہوئے سنا: ''اوئے''۔ تو آپ رحمۃ اللہ علیہ نے اسے منع فرمایا۔

(٢٦٧٣٦) حَدَّثَنَا حَفْصٌ ، عَنْ عِيسَى بْنِ الْمُسَيَّبِ ، أَنَّهُ كَرِهَ كُلَّ شَيْءٍ يَكُونُ آخِرُهُ :وَيْهِ.

(۲۶۷۳۶) حضرت حفص رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت عیسیٰ بن مسیّب رحمۃ اللہ علیہ ہر اس چیز کو ناپسند سمجھتے تھے جس کے آخر میں لفظ ویہ آتا ہو۔

(١٣٢) التّقنّع وما ذكر فيه

کپڑا لپیٹنے کا بیان اور اس بارے میں جو روایات ذکر کی گئیں

(٢٦٧٣٧) حَدَّثَنَا ابْنُ يُونُسَ ، عَنِ الأَوْزَاعِيِّ ، عَنْ مُوسَى بْنِ سُلَيْمَانَ ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُخَيْمِرَةَ ، قَالَ : قَالَ لُقْمَانُ لابْنِهِ وَهُوَ يَعِظُهُ :يَا بُنَيَّ ، إِيَّاكَ وَالتَّقَنُّعَ فَإِنَّهُ مَخُوفَةٌ بِاللَّيْلِ مَذَلَّةٌ ، أَوْ مَذَمَّةٌ بِالنَّهَارِ.

(۲۶۷۳۷) حضرت قاسم بن مخیمرہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت لقمانؑ نے اپنے بیٹے سے فرمایا: اس حال میں کہ آپؑ اسے وعظ و نصیحت کر رہے تھے: اے میرے بیٹے! سر پر کپڑا لپیٹنے سے بچو، اس لیے کہ یہ رات میں خوف کا باعث اور دن میں ذلالت یا مذمت کا باعث بنتا ہے۔

(٢٦٧٣٨) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَمَانٍ ، عَنْ سَهْلِ بْنِ خَلِيفَةَ ، عَنْ عُبَيْدَةَ ، قَالَ :رَأَيْتُ طَاوُوسًا عَلَيْهِ مُقَنَّعَةٌ مِثْلُ مُقَنَّعَةِ الرُّهْبَانِ.

(۲۶۷۳۸) حضرت عبیدہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت طاؤس رحمۃ اللہ علیہ کو دیکھا انہوں نے راہبوں کی طرح سر پر کپڑا لپیٹا ہوا تھا راہبوں کی طرح۔

(٢٦٧٣٩) حَدَّثَنَا أَبُو الأَحْوَصِ ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ ، عَنْ أَبِي الْعَلاَءِ ، قَالَ :رَأَيْتُ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ يُصَلِّي مُقَنِّعًا رَأْسَهُ.

(عبدالرزاق ۱۹۸۴۰۔ بزار ۲۸۸۶)

(۲۶۷۳۹) حضرت ابوالعلاء رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ وہ اپنے سر پر کپڑا لپیٹ کر نماز پڑھا رہے تھے۔

(۱۳۳) فِي الرَّجلِ يبيت وفِي يدِهِ غمرٌ

اس آدمی کا بیان جو رات گزارے اس حال میں کہ اس کے ہاتھ میں گوشت کی چکناہٹ لگی ہو

(٢٦٧٤٠) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنِ الزُّهْرِيِّ ، عَن عُبَيْدِ اللهِ ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ :مَنْ نَامَ وَفِي يَدِهِ رِيحُ غَمَرٍ فَأَصَابَهُ شَيْءٌ فَلَا يَلُومَنَّ إِلَّا نَفْسَهُ.

(۲۶۷۴۰) حضرت عبید اللہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص اس حال میں سوئے کہ اس کے ہاتھ میں گوشت کی چکناہٹ کی بو ہو پھر اسے کوئی تکلیف پہنچ جائے تو وہ ہرگز ملامت نہ کرے مگر اپنے ہی نفس کو۔

(٢٦٧٤١) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَن سُفْيَانَ ، عَن وَاصِلٍ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، قَالَ :إِنَّ الشَّيْطَانَ يَحْضُرُ الدَّسَمَ.

(۲۶۷۴۱) حضرت واصل رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابراہیم رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: کہ یقیناً شیطان چکنائی میں موجود ہوتا ہے۔

(٢٦٧٤٢) حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ ، قَالَ :حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ ، عَن سُهَيْلٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :مَنْ نَامَ وَفِي يَدِهِ غَمَرٌ لَمْ يَغْسِلْهُ فَأَصَابَهُ شَيْءٌ فَلَا يَلُومَنَّ إِلَّا نَفْسَهُ.

(ابو داؤد ۳۸۴۸۔ ترمذی ۱۸۵۹)

(۲۶۷۴۲) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جو شخص اس حال میں سوئے کہ اس کے ہاتھ میں گوشت کی چکناہٹ کی بو ہو اس نے اسے دھویا نہ ہو پھر اسے کوئی تکلیف پہنچ جائے تو وہ ہرگز ملامت نہ کرے مگر اپنے ہی نفس کو۔

(۱۳٤) فِي مخالطةِ النّاسِ ومخالقتهم

لوگوں سے مل جل کر رہنے اور خوش اخلاقی کا برتاؤ کرنے کا بیان

(٢٦٧٤٣) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَن سُفْيَانَ ، عَن حَبِيبِ بْنِ أَبِي ثَابِتٍ ، عَن مَيْمُونِ بْنِ أَبِي شَبِيبٍ ، قَالَ :قَالَ صَعْصَعَةُ لابْنِ أَخِيهِ :إِنِّي كُنْت أَحَبَّ إِلَى أَبِيك مِنْك فَأَنْتَ أَحَبُّ إِلَيَّ مِن ابْنِي ، إِذَا لَقِيت الْمُؤْمِنَ فَخَالِطْهُ ، وَإِذَا لَقِيت الْفَاجِرَ فَخَالِقْهُ.

(۲۶۷۴۳) حضرت میمون بن ابوشبیب رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت صعصعہ رحمہ اللہ نے اپنے بھتیجے سے فرمایا: بے شک میں تیرے باپ کے نزدیک تجھ سے زیادہ پسندیدہ ہوں۔ اور تو میرے نزدیک میرے بیٹے سے زیادہ پسندیدہ ہے۔ جب تو کسی مومن سے ملے تو اس کے ساتھ مل جل کر رہ اور جب تو کسی بدکار سے ملے تو اس کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آ۔

(٢٦٧٤٤) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَن يَحْيَى بْنِ وَثَّابٍ ، عَن رَجُلٍ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :الْمُؤْمِنُ الَّذِي يُخَالِطُ النَّاسَ وَيَصْبِرُ عَلَى أَذَاهُمْ أَفْضَلُ مِنَ الَّذِي لاَ يُخَالِطُ النَّاسَ ، وَلاَ يَصْبِرُ عَلَى أَذَاهُمْ. (ترمذی ۲۵۰۷۔ احمد ۲/ ۴۳)

(۲۶۷۴۴) حضرت یحییٰ بن وثاب رحمۃ اللہ علیہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے کسی صحابی سے نقل کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: وہ مومن جو لوگوں کے ساتھ مل جل کر رہتا ہے اور ان کی تکلیفوں پر صبر کرتا ہے یہ افضل ہے اس شخص سے جو نہ لوگوں کے ساتھ مل جل کر رہتا ہے اور نہ ان کی تکلیفوں پر صبر کرتا ہے۔

(٢٦٧٤٥) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ أَبِي ثَابِتٍ عن عبد الله بن باه ، قَالَ :قَالَ عَبْدُ اللهِ بْنُ مَسْعُودٍ :خَالِطُوا النَّاسَ وَزَايِلُوهُمْ وَصَافِحُوهُمْ وَدِينُكُمْ فلاَ تُكَلِّمُونَهُ. (طبرانی ۹۷۵۷)

(۲۶۷۴۵) حضرت عبداللہ بن باہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ لوگوں کے ساتھ ملو اور ان سے جدا ہو جاؤ۔ اور ان سے مصافحہ کرو اور تمہارا دین تم اس کے متعلق ان سے بات چیت نہ کرو۔

(١٣٥) فِي هيبةِ الحدِيثِ عن رسولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث کے رعب کا بیان

(٢٦٧٤٦) حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ مُعَاذٍ ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ ، قَالَ :حَدَّثَنِي مُسْلِمٌ الْبَطِينُ ، عنْ إِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ ، عَنْ أَبِيه ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُونٍ ، قَالَ :مَا أَخْطَأَنِي ابْنُ مَسْعُودٍ خَمِيسًا إِلاَّ أَتَيْته فِيهِ ، قَالَ :فَمَا سَمِعْته يَقُولُ لِشَيْءٍ قَطُّ ، قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، فَلَمَّا كَانَ ذَاتَ عَشِيَّةٍ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ :فَنَكَّسَ ، قَالَ :فَنَظَرْت إِلَيْهِ وَهُوَ قَائِمٌ مُنحَلَّةً أَزْرَارُ قَمِيصِهِ ، قَدْ اغْرَوْرَقَتْ عَيْنَاهُ وَانْتَفَخَتْ أَوْدَاجُهُ ، قَالَ :أَوْ دُونَ ذَلِكَ ، أَوْ فَوْقَ ذَلِكَ ، أَوْ قَرِيبًا مِنْ ذَلِكَ ، أَوْ شَبِيهًا بِذَلِكَ. (احمد ۱/ ۴۵۲۔ دارمی ۲۷۰)

(۲۶۷۴۶) حضرت عمرو بن میمون رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں ہر جمعرات کو حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی خدمت میں آیا کرتا تھا۔ میں نے کبھی بھی آپ رضی اللہ عنہ کو کسی معاملہ میں یوں فرماتے ہوئے نہیں سنا کہ ''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:'' پس ایک شام کو آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے۔ اس پر آپ رضی اللہ عنہ کی حالت بدل گئی میں نے دیکھا کہ آپ رضی اللہ عنہ کھڑے ہو گئے اس حال میں کہ آپ رضی اللہ عنہ کی قمیص کے بٹن کھلے ہوئے ہیں۔ اور آپ رضی اللہ عنہ کی آنکھوں میں آنسو بھر آئے۔ اور آپ رضی اللہ عنہ کی رگیں پھول گئیں۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کہ یا تو اس سے کم فرمایا یا اس سے زیادہ یا اس کے قریب یا اس جیسا ارشاد فرمایا۔

(٢٦٧٤٧) حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ مُعَاذٍ ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ ، قَالَ :كَانَ أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ إِذَا حَدَّثَ عَنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدِيثًا فَفَرَغَ مِنْهُ ، قَالَ :أَوْ كَمَا قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

(دارمی ۲۷۶۔ احمد ۲۰۵)

(۲۶۷۴۷) حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی کوئی حدیث بیان کر کے فارغ ہوتے تو فرماتے کہ ''یا جیسا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔''

(٢٦٧٤٨) حَدَّثَنَا حَفْصٌ ، عَنْ عَاصِمٍ ، عَنِ الشَّعْبِيِّ ، قَالَ : حَدَّثَ بِحَدِيثٍ فَقِيلَ لَهُ : أَتَرْفَعُ هَذَا ؟ فَقَالَ : دُونَهُ أَحَبُّ إِلَيْنَا إِنْ كَانَ خَطَأً فِي ذَلِكَ ، أَوْ زِيَادَةٌ ، أَوْ نُقْصَانٌ كَانَ أَحَبَّ إِلَيْنَا .

(۲۶۷۴۸) حضرت عاصم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ امام شعبی رحمۃ اللہ علیہ نے ایک حدیث بیان فرمائی۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ سے پوچھا گیا کہ کیا آپ رحمۃ اللہ علیہ یہ حدیث مرفوعاً بیان فرما رہے ہیں؟ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: اس سے کم بیان کرنا ہمارے نزدیک زیادہ پسندیدہ ہے۔ اس لیے کہ اگر اس میں کوئی غلطی ہو یا کچھ زیادتی یا کمی ہو تو یہ ہمارے نزدیک زیادہ پسندیدہ ہے۔

(٢٦٧٤٩) حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ ، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى ، قَالَ : قُلْنَا لِزَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ : حَدِّثْنَا ، قَالَ : كَبِرْنَا وَنَسِينَا ، وَالْحَدِيثُ عَلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَدِيدٌ . (ابن ماجه ٢٥۔ احمد ٣٧٠)

(۲۶۷۴۹) حضرت ابن ابولیلیٰ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ہم لوگوں نے حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے درخواست کی کہ آپ ہمیں حدیث بیان کیجئے۔ آپ نے فرمایا: کہ ہم بوڑھے ہو گئے اور ہم بھول گئے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث بیان کرنا تو بہت سخت معاملہ ہے۔

(٢٦٧٥٠) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ ، قَالَ : خَرَجْتُ مَعَ سَعْدِ بْنِ مَالِكٍ مِنَ الْمَدِينَةِ إِلَى مَكَّةَ ، فَمَا سَمِعْتُهُ يُحَدِّثُ حَدِيثًا حَتَّى رَجَعْنَا .

(۲۶۷۵۰) حضرت سائب بن یزید رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت سعد بن مالک رضی اللہ عنہ کے ساتھ مدینہ منورہ سے مکہ کی طرف نکلا، پس میں نے انہیں کوئی حدیث بیان کرتے ہوئے نہیں سنا یہاں تک کہ ہم واپس لوٹ آئے۔

(٢٦٧٥١) حَدَّثَنَا شَبَابَةُ ، قَالَ : حَدَّثَنَا شُعْبَةُ ، قَالَ : حَدَّثَنَا تَوْبَةُ الْعَنْبَرِيُّ ، قَالَ : قَالَ لِي الشَّعْبِيُّ : أَرَأَيْتَ الْحَسَنَ حِينَ يَقُولُ ، قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لَقَدْ جَلَسْتُ إِلَى ابْنِ عُمَرَ ، فَمَا سَمِعْتُهُ يُحَدِّثُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلاَّ حَدِيثًا ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُتِيَ بِضَبٍّ فَقَالَ : إِنَّهُ لَيْسَ مِنْ طَعَامِي ، وَأَمَّا أَنْتُمْ فَكُلُوهُ . (بخاری ٧٢٦٧۔ مسلم ١٥٤٣)

(۲۶۷۵۱) حضرت توبہ عنبری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ امام شعبی رحمۃ اللہ علیہ نے مجھ سے فرمایا کہ تمہاری حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ کے بارے میں کیا رائے ہے جب وہ فرماتے ہیں کہ ''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا!'' حالانکہ میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کی مجلس میں بیٹھا ہوں میں نے انہیں کبھی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی کوئی حدیث بیان کرتے ہوئے نہیں سنا، سوائے ایک حدیث کے جو آپ رضی اللہ عنہ نے بیان فرمائی کہ: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس گوہ لائی گئی تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک یہ میرا کھانا نہیں ہے، رہے تم تو تم اسے کھالو۔

(٢٦٧٥٢) حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ ، قَالَ : حَدَّثَنَا شُعْبَةُ ، قَالَ : حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ أَبِي السَّفَرِ ، عَنِ الشَّعْبِيِّ ، قَالَ : جَلَسْتُ إِلَى ابْنِ عُمَرَ سَنَةً فَمَا سَمِعْتُهُ يُحَدِّثُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِشَيْءٍ . (ابن ماجه ٢٦۔ احمد ٢/ ١٥٧)

(۲۶۷۵۲) حضرت عبداللہ بن ابوالسفر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ امام شعبی رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا کہ میں ایک سال تک حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کی مجلس میں بیٹھا، میں نے انہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی کوئی حدیث بیان کرتے ہوئے نہیں سنا۔

(٢٦٧٥٣) حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ :قَالَ عُمَرُ لابْنِ مَسْعُودٍ وَلأَبِي الدَّرْدَاءِ وَلأَبِي مَسْعُودٍ وَعُقْبَةَ بْنِ عَمْرٍو :أَحْسَبُ مَا هَذَا الْحَدِيثُ ، عَنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ :وَأَحْسَبُهُ حَبَسَهُمْ بِالْمَدِينَةِ حَتَّى أُصِيبَ.

(۲۶۷۵۳) حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ، حضرت ابوالدرداء اور حضرت ابومسعود رضی اللہ عنہ، عقبہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے احادیث کے بارے میں سوال کیا کرتے تھے۔ آپ نے اپنی شہادت تک ان حضرات کو مدینے میں ہی رکھا تھا۔

(١٣٦) ما كره من اطّلاع الرّجل على الرّجل

آدمی کا دوسرے آدمی پر جھانکنے کی کراہت کا بیان

(٢٦٧٥٤) حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنِ الزُّهْرِيِّ ، سَمِعَ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ يَقُولُ :اطَّلَعَ رَجُلٌ مِنْ جُحْرٍ فِي حُجْرَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعَهُ مِدْرًى يَحُكُّ بِهِ رَأْسَهُ فَقَالَ :لَوْ أَعْلَمُ أَنَّكَ تَنْظُرُ لَطَعَنْتُ بِهِ فِي عَيْنِكَ : إِنَّمَا الاِسْتِئْذَانُ مِنَ الْبَصَرِ. (بخاری ٦٢٤١۔ مسلم ١٦٩٨)

(۲۶۷۵۴) حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ کسی شخص نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے حجرے میں سوراخ سے جھانکا، اس حال میں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کنگھی تھی جس سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنا سر کھجلا رہے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر مجھے معلوم ہوتا کہ تو دیکھ رہا ہے تو میں یہ کنگھی تیری آنکھ میں مار دیتا۔ اس لیے کہ اجازت تو آنکھ کی وجہ سے ہی مانگی جاتی ہے۔

(٢٦٧٥٥) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ بَرَكَةَ بْنِ يَعْلَى التَّيْمِيِّ ، عَنْ أَبِي سُوَيْدٍ الْعَبْدِيِّ ، قَالَ :كُنَّا بِبَابِ ابْنِ عُمَرَ نَسْتَأْذِنُ عَلَيْهِ ، فَحَانَتْ مِنِّي الْتِفَاتَةٌ ، فَرَآنِي فَقَالَ :أَيُّكُمُ اطَّلَعَ فِي دَارِي ؟ قَالَ قُلْتُ :أَنَا أَصْلَحَكَ اللَّهُ ، حَانَتْ مِنِّي الْتِفَاتَةٌ فَنَظَرْتُ ، قَالَ :وَيْحَكَ لَكَ أَنْ تَطَّلِعَ فِي دَارِي!.

(۲۶۷۵۵) حضرت ابوسوید عبدی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ہم لوگ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کے دروازے پر ان سے اجازت طلب کر رہے تھے کہ میری نگاہ پڑ گئی اور انہوں نے مجھے دیکھ لیا اور فرمایا تم میں سے کس نے میرے گھر میں جھانکا؟ میں نے عرض کیا: میں نے..... اللہ آپ کو درست رکھے..... کہ اچانک میری نظر پڑ گئی تو میں نے دیکھ لیا۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہلاکت ہو! تو نے کیوں میرے گھر میں جھانکا؟!

(٢٦٧٥٦) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنْ طَلْحَةَ ، عَنِ الْهُذَيْلِ بْنِ شُرَحْبِيلَ ، أَنَّ سَعْدًا اسْتَأْذَنَ

عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَدْخَلَ رَأْسَهُ ، فَقَالَ النبى صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : إِنَّمَا جُعِلَ الاِسْتِئْذَانُ مِنْ أَجْلِ النَّظَرِ. (ابو داؤد ۵۱۳۱۔ طبرانی ۵۳۸۶) .

(۲۶۷۵۶) حضرت ھذیل بن شرحبیل رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے اپنا سر داخل کر کے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے اجازت مانگی۔ اس پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک اجازت طلب کرنا تو نظر کی وجہ سے مقرر کیا گیا ہے۔

(۲۶۷۵۷) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ عَوْفٍ ، عَنِ الْحَسَنِ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَنْ سَبَقَهُ بَصَرُهُ إِلَى الْبُيُوتِ ، فَقَدْ دَمَرَ يَعْنِى دَخَلَ.

(۲۶۷۵۷) حضرت حسن سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے پہلے ہی گھر میں جھانک کر دیکھ لیا تو گویا کہ وہ داخل ہو گیا۔

(۲۶۷۵۸) حَدَّثَنَا حَفْصٌ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ طَلْحَةَ ، عَنْ هُزَيْلٍ ، قَالَ : جَاءَ رَجُلٌ فَوَقَفَ عَلَى بَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَأْذِنُ ، فَقَامَ عَلَى الْبَابِ ، فَقَالَ له النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : هَكَذَا ، عَنك هَكَذَا ، فَإِنَّمَا الاِسْتِئْذَانُ مِنَ النَّظَرِ.

(۲۶۷۵۸) حضرت ھزیل رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی آیا اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے دروازے پر کھڑے ہو کر اجازت طلب کرنے لگا۔ وہ بالکل دروازے پر کھڑا ہوا تھا اس پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہاں سے یہاں آ جاؤ۔ اس لیے کہ اجازت تو آنکھ کی وجہ سے مانگی جاتی ہے۔

(۲۶۷۵۹) حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلاَلٍ ، عَنْ سُهَيْلٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ أَبِى هُرَيْرَةَ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لَوْ أَنَّ أَحَدًا اطَّلَعَ عَلَى نَاسٍ بِغَيْرِ إِذْنِهِمْ حَلَّ لَهُمْ أَنْ يَفْقَؤُوا عَيْنَهُ.

(بخاری ۶۸۸۸۔ مسلم ۱۶۹۹)

(۲۶۷۵۹) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر کوئی شخص بغیر اجازت کے کچھ لوگوں پر جھانکے تو ان کے لیے حلال ہے کہ وہ اس کی آنکھ پھوڑ دیں۔

(۲۶۷۶۰) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، قَالَ : أَخْبَرَنَا حُمَيْدٌ ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ فِى بَيْتِهِ ، فَاطَّلَعَ رَجُلٌ مِنْ خَلَلِ الْبَابِ ، فَسَدَّدَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عليه بِمِشْقَصٍ ، فَتَأَخَّرَ الرَّجُلُ. (بخاری ۶۲۴۲۔ مسلم ۱۶۹۹)

(۲۶۷۶۰) حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم گھر میں تھے کہ کسی آدمی نے دروازے کے شگاف سے جھانکا۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس پر نیزے کا پھل پھینک دیا تو وہ آدمی پیچھے ہٹ گیا۔

(۲۶۷۶۱) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ أَبِى إِسْحَاقَ ، عَنْ مُسْلِمِ بْنِ نَذِيرٍ ، قَالَ : اسْتَأْذَنَ رَجُلٌ عَلَى حُذَيْفَةَ

فَأَدْخَلَ رَأْسَهُ فَقَالَ لَهُ حُذَيْفَةُ :قَدْ أَدْخَلْتَ رَأْسَكَ فَأَدْخِلْ إِسْتَكَ.

(۲۶۷۶۱) حضرت مسلم بن نذیر رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ کسی آدمی نے حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے اپنا سر داخل کر کے اجازت مانگی۔ اس پر حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے اس سے فرمایا: تو نے اپنا سر داخل کر ہی لیا ہے تو اپنی سرین بھی داخل کر لے!!

(۱۳۷) فِي تعمّدِ الكذِبِ على النّبيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وما جاء فِيهِ

جان بوجھ کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف جھوٹی بات منسوب کرنے کا بیان اور اس بارے میں جو روایات ذکر کی گئیں

(۲۶۷۶۲) حَدَّثَنَا شَرِيكٌ بْنُ عَبْدِ اللهِ ، عَنْ سِمَاكٍ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَبْدِ اللهِ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ. (بخاری ۶۸۸۸۔ ترمذی ۲۶۵۹)

(۲۶۷۶۲) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص جان بوجھ کر میری طرف جھوٹی بات کی نسبت کرے تو اس کو چاہیے کہ وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالے۔

(۲۶۷۶۳) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنْ عَاصِمٍ ، عَنْ أَنَسٍ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ. (بخاری ۱۰۹۔ مسلم ۱۰)

(۲۶۷۶۳) حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص جان بوجھ کر میری طرف جھوٹی بات کی نسبت کرے تو اس کو چاہیے کہ وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالے۔

(۲۶۷۶۴) حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنِ الْحَكَمِ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى ، عَنْ عَلِيٍّ مِثْلُ حَدِيثِ ابْنِ فُضَيْلٍ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ حَبِيبٍ. (بزار ۶۲۱)

(۲۶۷۶۴) ایک اور سند سے یونہی منقول ہے۔

(۲۶۷۶۵) حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ ، عَنِ الأَوْزَاعِيِّ ، عَنْ حَسَّانَ بْنِ عَطِيَّةَ ، عَنْ أَبِي كَبْشَةَ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ.

(بخاری ۳۴۶۱۔ ترمذی ۲۶۶۹)

(۲۶۷۶۵) حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کہ جو شخص جان بوجھ کر میری طرف جھوٹ کی نسبت کرے تو اس کو چاہیے کہ وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالے۔

(۲۶۷۶۶) حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ جَامِعِ بْنِ شَدَّادٍ ، عَنْ عَامِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ الزُّبَيْرِ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ :قُلْتُ لِلزُّبَيْرِ :يَا أَبَتِ ، مَالِي لاَ أَسْمَعُكَ تُحَدِّثُ عَنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَمَا أَسْمَعُ ابْنَ مَسْعُودٍ

وَفُلَانًا وَفُلَانًا ؟ فَقَالَ :أما إِنِّي لَمْ أُفَارِقْهُ مُنْذُ أَسْلَمْتُ ، وَلَكِنِّي سَمِعْتُ مِنْهُ كَلِمَةً :مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ. (بخاری ۱۰۷۔ ابوداؤد ۳۶۴۳)

(۲۶۷۶۶) حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے والد حضرت زبیر رضی اللہ عنہ سے پوچھا: اے ابا جان! میں نے کبھی آپ رضی اللہ عنہ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث بیان کرتے ہوئے نہیں سنا جیسا کہ میں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ اور فلاں، فلاں کو بیان کرتے ہوئے سنتا ہوں؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں جب سے اسلام لایا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے جدا نہیں ہوا لیکن میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک بات سنی کہ جو شخص جان بوجھ کر میری طرف جھوٹ کی نسبت کرے تو اس کو چاہیے کہ وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالے۔

(۲۶۷۶۷) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ ، قَالَ :حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا ، عَنْ خَالِدِ بْنِ سَلَمَةَ ، عَنْ مُسْلِمٍ مَوْلَى خَالِدِ بْنِ عُرْفُطَةَ ، أَنَّ خَالِدَ بْنَ عُرْفُطَةَ ذَكَرَ الْمُخْتَارَ فَقَالَ :كَذَّابٌ ، وَسَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ :مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنْ جَهَنَّمَ. (احمد ۵/ ۲۹۲۔ ابویعلی ۶۸۳۳)

(۲۶۷۶۷) حضرت مسلم رحمہ اللہ جو حضرت خالد بن عرفطہ رحمہ اللہ کے آزاد کردہ غلام ہیں فرماتے ہیں کہ حضرت خالد بن عرفطہ رحمہ اللہ نے مختار کا ذکر کیا اور فرمایا کہ وہ تو کذاب (جھوٹا) ہے۔ اور میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یوں ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جو شخص جان بوجھ کر میری طرف جھوٹی بات منسوب کرے تو اس کو چاہیے کہ وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالے۔

(۲۶۷۶۸) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَعْلَى التَّيْمِيُّ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ ، عَنْ مَعْبَدِ بْنِ كَعْبٍ ، عَنْ أَبِي قَتَادَةَ ، قَالَ : سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ عَلَى هَذَا الْمِنْبَرِ :إِيَّاكُمْ وَكَثْرَةَ الْحَدِيثِ عَلَيَّ ، فَمَنْ قَالَ فَلْيَقُلْ حَقًّا ، أَوْ صِدْقًا ، وَمَنْ تَقَوَّلَ عَلَيَّ مَا لَمْ أَقُلْ فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ. (احمد ۵/ ۲۹۷۔ دارمی ۲۳۷)

(۲۶۷۶۸) حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس منبر پر یوں فرماتے ہوئے سنا کہ تم لوگ کثرت سے میری حدیث بیان کرنے سے بچو۔ اور جو بیان کرتا ہے تو اس کو چاہیے کہ وہ حق یا سچ بیان کرے، جو شخص میری طرف وہ بات منسوب کرتا ہے جو میں نے نہیں کہی، تو اس کو چاہیے کہ وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالے۔

(۲۶۷۶۹) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ ، وَأَبُو أُسَامَةَ ، قَالَ :حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ :إِنَّ الَّذِي يَكْذِبُ عَلَيَّ يُبْنَى لَهُ بَيْتٌ فِي النَّارِ.

(احمد ۲/ ۲۲۔ طبرانی ۱۳۱۵۴)

(۲۶۷۶۹) حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص میری طرف جھوٹ کی نسبت کرتا ہے تو اس کے لیے جہنم میں ایک گھر تعمیر کر دیا جاتا ہے۔

(۲۶۷۷۰) حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ ، أَنَّهُ سَمِعَ عَلِيًّا يَخْطُبُ يَقُولُ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَكْذِبُوا عَلَيَّ، فَإِنَّهُ مَنْ يَكْذِبْ عَلَيَّ يَلِجِ النَّارَ. (بخاری ۱۰۶۔ مسلم ۱۲۳)

(۲۶۷۷۰) حضرت ربعی بن حراش رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو خطبہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ آپ رضی اللہ عنہ نے خطبہ دیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ تم لوگ میرے خلاف جھوٹ مت گھڑو بے شک جو شخص مجھ پر جھوٹ گھڑے گا وہ جہنم میں داخل ہوگا۔

(٢٦٧٧١) حَدَّثَنَا عَفَّانُ ، قَالَ : حَدَّثَنَا هَمَّامٌ ، قَالَ : حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ أَسْلَمَ ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ ، أَحْسَبُهُ قَالَ : مُتَعَمِّدًا ، فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ . (مسلم ۲۲۹۸۔ احمد ۳/ ۴۴)

(۲۶۷۷۱) حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص میری طرف جھوٹ کی نسبت کرے..... راوی کہتے ہیں میرا گمان ہے کہ یوں بھی کہا..... جان بوجھ کر تو اس کو چاہیے کہ وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالے۔

(٢٦٧٧٢) حَدَّثَنَا أَسْبَاطُ بْنُ مُحَمَّدٍ ، عَنْ مُطَرِّفٍ ، عَنْ عَطِيَّةَ ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ . (ابن ماجه ۳۷)

(۲۶۷۷۲) حضرت ابو سعید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کہ جو شخص جان بوجھ کر میری طرف جھوٹ کی منسوب کرے تو اس کو چاہیے کہ وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالے۔

(٢٦٧٧٣) حَدَّثَنَا أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمُقْرِىء ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي أَيُّوبَ ، قَالَ : حَدَّثَنِي بَكْرُ بْنُ عَمْرٍو ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ مُسْلِمِ بْنِ يَسَارٍ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَنْ تَقَوَّلَ عَلَيَّ مَا لَمْ أَقُلْ فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ . (بخاری ۱۱۰۔ مسلم ۱۰)

(۲۶۷۷۳) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص میری طرف وہ بات منسوب کرے جو میں نے نہیں کہی۔ تو اس کو چاہیے کہ وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالے۔

(٢٦٧٧٤) حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ ، عَنْ مُرَّةَ ، عَنْ رَجُلٍ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ قَامَ فِينَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ : قَدْ رَأَيْتُمُونِي وَسَمِعْتُمْ مِنِّي وَسَتُسْأَلُونَ عَنِّي ، فَمَنْ كَذَبَ عَلَيَّ فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ . (احمد ۵/ ۴۱۲)

(۲۶۷۷۴) حضرت مرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے کسی صحابی رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے درمیان کھڑے ہوئے اور ارشاد فرمایا: تحقیق تم نے مجھے دیکھا اور میری باتوں کو سنا عنقریب تم سے میری باتوں کی بابت سوال کیا جائے گا پس جو شخص جان بوجھ کر میری طرف جھوٹ کی نسبت کرے تو اس کو چاہیے کہ وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالے۔

(٢٦٧٧٥) قَالَ حُدِّثْتُ عَنْ هُشَيْمٍ ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ ، عَنْ جَابِرٍ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ . (ابن ماجه ۳۳۔ دارمی ۲۳۱)

(۲۶۷۷۵) حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص جان بوجھ کر میری طرف جھوٹ کی نسبت کرے تو وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالے۔

(٢٦٧٧٦) حَدَّثَنَا يَزِيدُ ، قَالَ : أَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ ، عَنْ أَنَسٍ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ ، وَرُبَّمَا قَالَ : فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ مُتَعَمِّدًا .

(نسائی ۵۹۱۴۔ احمد ۳/ ۱۱۶)

(۲۶۷۷۶) حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص جان بوجھ کر میری طرف جھوٹ کو منسوب کرے تو اس کو چاہیے کہ وہ اپنا ٹھکانہ جہنم کو بنالے اور کبھی یوں بھی فرمایا: کہ اس کو چاہیے کہ وہ جان بوجھ کر اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالے۔

(٢٦٧٧٧) حَدَّثَنَا سُوَيْد بْنُ عَمْرو ، قَالَ : حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ ، عَنْ عَبْدِ الأَعْلَى ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ .

(ترمذی ۲۹۵۱۔ احمد ۱/ ۲۹۳)

(۲۶۷۷۷) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص جان بوجھ کر میری طرف جھوٹ کو منسوب کرے تو اس کو چاہیے کہ وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالے۔

(٢٦٧٧٨) حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ ، قَالَ : حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عُبَيْدٍ ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ رَبِيعَةَ ، عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : إِنَّ كَذِبًا عَلَيَّ لَيْسَ كَكَذِبٍ أَحَدِكُمْ ، فَمَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ . (بخاری ۱۲۹۱۔ مسلم ۱۵)

(۲۶۷۷۸) حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یقیناً میرے خلاف جھوٹ گھڑنا کسی ایک کے خلاف جھوٹ گھڑنے کی طرح نہیں ہے، پس جس شخص نے جان بوجھ کر مجھ پر جھوٹ بولا تو وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالے۔

(٢٦٧٧٩) حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ قَالَ : وَجَدْت فِي كِتَابِ أَبِي مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ : عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ جَعْفَرٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ مَحْمُود بن لَبِيد ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ . (احمد ۱/ ۷۰۔ بزار ۳۸۴)

(۲۶۷۷۹) حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے جان بوجھ کر مجھ پر جھوٹ بولا تو وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالے۔

(٢٦٧٨٠) حَدَّثَنَا يَعْلَى بْنُ عُبَيْدٍ ، عَنْ أَبِي حَيَّانَ ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ حَيَّانَ ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ ، قَالَ : سَمِعْتُهُ يَقُولُ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ .

(احمد ۴/ ۳۶۶۔ طبرانی ۵۰۱۷)

(۲۶۷۸۰) حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں نے رسول اللہ ﷺ کو یوں ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ جس نے جان بوجھ کر مجھ پر جھوٹ بولا تو وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالے۔

(۱۳۸) فِي الرَّجلِ يُسأَلُ أنت أكبر أم فلانٌ ؟ ما يقول ؟

اس شخص کا بیان جس سے سوال کیا جائے کہ تم بڑے ہو یا فلاں؟ تو وہ جواب میں کیا کہے؟

(٢٦٧٨١) حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ ، قَالَ :حَدَّثَنَا جَرِيرٌ ، عَنْ مُغِيرَةَ ، عَنْ أَبِي رَزِينٍ ، قَالَ: قِيلَ لِلْعَبَّاسِ :أَنْتَ أَكْبَرُ ، أَوْ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ؟ قَالَ :هُوَ أَكْبَرُ مِنِّي وَوُلِدْت أَنَا قَبْلَهُ.

(حاكم ٣٢٠)

(۲۶۷۸۱) حضرت ابورزین عقیلی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے پوچھا گیا کہ آپ رضی اللہ عنہ بڑے ہیں یا رسول اللہ ﷺ؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا آپ ﷺ مجھ سے بڑے ہیں۔ اور میں آپ ﷺ سے پہلے پیدا ہوا۔

(٢٦٧٨٢) حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ :قِيلَ لأَبِي وَائِلٍ :أَيُّكُمَا أَكْبَرُ ؟ أَنْتَ أَكْبَرُ ، أَوِ الرَّبِيعُ بْنُ خُثَيْمٍ ؟ قَالَ :أَنَا أَكْبَرُ مِنْهُ سِنًّا وَهُوَ أَكْبَرُ مِنِّي عَقْلاً.

(۲۶۷۸۲) حضرت سفیان رحمہ اللہ کے والد رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابووائل رحمہ اللہ سے پوچھا گیا: تم دونوں میں سے کون بڑا ہے۔ آپ رحمہ اللہ بڑے ہیں یا حضرت ربیع بن خثیم؟ آپ رحمہ اللہ نے فرمایا: میں ان سے عمر میں بڑا ہوں اور وہ مجھ سے عقل و دانش کے اعتبار سے بڑے ہیں۔

(٢٦٧٨٣) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ بِنَحْوِهِ مِنْهُ.

(۲۶۷۸۳) حضرت ابووائل کا مذکورہ ارشاد اس سند سے بھی منقول ہے۔

(۱۳۹) فِي الرَّجلِ يمدح الرَّجل

اس آدمی کا بیان جو کسی آدمی کی تعریف کرے

(٢٦٧٨٤) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ أَبِي ثَابِتٍ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ، عَنْ أَبِي مَعْمَرٍ ، عَنِ الْمِقْدَادِ بْنِ الأَسْوَدِ قَالَ :أَمَرَنَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ نَحْثُوَ فِي وُجُوهِ الْمَدَّاحِينَ التُّرَابَ. (مسلم ٢٢٩٧۔ احمد ٦/ ٥)

(۲۶۷۸۴) حضرت مقداد بن اسود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ہمیں حکم دیا کہ ہم تعریف کرنے والوں کے چہروں پر مٹی ڈال دیں۔

(٢٦٧٨٥) حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ الْحَارِثِ ، أَنَّ رَجُلاً جَعَلَ يَمْدَحُ عُثْمَانَ ، فَعَمَدَ الْمِقْدَادُ فَجَثَا عَلَى رُكْبَتَيْهِ ، قَالَ : وَكَانَ رَجُلاً ضَخْمًا ، قَالَ : فَجَعَلَ يَحْثُو فِي وَجْهِهِ الْحَصَى ، فَقَالَ لَهُ عُثْمَانُ : مَا شَأْنُك ؟ قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : إِذَا رَأَيْتُمُ الْمَدَّاحِينَ فَاحْثُوا فِي وُجُوهِهِمُ التُّرَابَ . (مسلم ٢٢٩٧۔ احمد ٦/ ٥)

(۲۶۷۸۵) حضرت ابراہیم رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ہمام بن حارث رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا کہ کوئی شخص حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی تعریف کر رہا تھا، تو حضرت مقداد رضی اللہ عنہ سہارا لے کر اپنے گھٹنوں کے بل دوزانوں ہو کر بیٹھے، وہ ایک فربہ آدمی تھے۔ پس آپ رضی اللہ عنہ نے تعریف کرنے والے کے منہ کی طرف کنکریاں پھینکنا شروع کر دیں۔ اس پر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے ان سے پوچھا: آپ رضی اللہ عنہ کو کیا ہوا؟ آپ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب تم تعریف کرنے والوں کو دیکھو تو ان کے منہ میں مٹی ڈال دو۔

(٢٦٧٨٦) حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ ، عَنْ مَعْبَدٍ الْجُهَنِيِّ ، عَنْ مُعَاوِيَةَ ، قَالَ : سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ : إِيَّاكُمْ وَالتَّمَادُحَ فَإِنَّهُ الذَّبْحُ . (احمد ٤/ ٩٨۔ طبرانی ٨١٥)

(۲۶۷۸۶) حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یوں ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ تم لوگ ایک دوسرے کی تعریف کرنے سے بچو اس لیے کہ یہ ذبح کرنے کے مترادف ہے۔

(٢٦٧٨٧) حَدَّثَنَا أَبُو الأَحْوَصِ ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ مُسْلِمٍ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ : كُنَّا قُعُودًا عِنْدَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ ، فَدَخَلَ عَلَيْهِ رَجُلٌ فَسَلَّمَ عَلَيْهِ ، فَأَثْنَى عَلَيْهِ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ فِي وَجْهِهِ ، فَقَالَ لَهُ عُمَرُ : عَقَرْتَ الرَّجُلَ عَقَرَكَ اللَّهُ ، تُثْنِي عَلَيْهِ فِي وَجْهِهِ فِي دِينِهِ .

(۲۶۷۸۷) حضرت ابراہیم تیمی رحمہ اللہ کے والد فرماتے ہیں کہ ہم لوگ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھے تھے کہ آپ رضی اللہ عنہ کے پاس ایک شخص داخل ہوا، اس نے آپ رضی اللہ عنہ کو سلام کہا، پھر لوگوں میں سے ایک آدمی نے اس کے منہ پر اس کی تعریف کی۔ اس پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس شخص سے کہا: تو نے اس آدمی کو ہلاک کر دیا، اللہ تجھے ہلاک کرے، تو اس کے سامنے اس کے دین کی تعریف کر رہا ہے؟

(٢٦٧٨٨) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ قَالَ : حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ عُمَرَ ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ ، عَنْ أَبِيهِ أَسْلَمَ ، قَالَ : سَمِعْتُ عُمَرَ يَقُولُ : الْمَدِيحُ الذَّبْحُ . (بخاری ٣٣٦)

(۲۶۷۸۸) حضرت اسلم رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو یوں فرماتے ہوئے سنا کہ تعریف کرنا ذبح کرنے کے مترادف ہے۔

(٢٦٧٨٩) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ ، عَنْ أَبِي الأَحْوَصِ قَالَ : قَالَ عَبْدُ اللهِ : إِذَا طَلَبَ أَحَدُكُمُ الْحَاجَةَ فَلْيَطْلُبْهَا طَلَبًا يَسِيرًا ، وَلاَ يَأْتِي الرَّجُلَ فَيُثْنِي عَلَيْهِ فِي وَجْهِهِ فَيَقْطَعَ ظَهْرَهُ فَلاَ يَمْنَعُهُ شَيْئًا .

(۲۶۷۸۹) حضرت ابوالاحوص رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: جب تم میں سے کوئی ضرورت کی درخواست کرنا چاہے تو اس کو چاہیے کہ وہ ہلکی سی درخواست کرے۔ ایسا نہ کرے کہ وہ ایک آدمی کے پاس آئے اور اس کے چہرے پر تو اس کی تعریف کرے اور اس کی پیٹھ پیچھے اسے نظر انداز کرے، اس لیے کہ وہ آدمی اس سے کوئی چیز بھی نہیں روک سکتا۔

(٢٦٧٩٠) حَدَّثَنَا شَبَابَةُ بْنُ سَوَّارٍ قَالَ :حَدَّثَنَا شُعْبَةُ ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي بَكْرَةَ ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ : مَدَحَ رَجُلٌ رَجُلاً عِنْدَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَهُ : النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : وَيْحَك ، قَطَعْت عُنُقَ صَاحِبِكَ مِرَارًا ، ثُمَّ قَالَ :إِنْ كَانَ أَحَدكم مَادِحًا أَخَاهُ لاَ مَحَالَةَ فَلْيَقُلْ لَهُ :أَحْسَبُ ، وَلاَ أُزَكِّي عَلَى اللهِ أَحَدًا. (مسلم ٢٢٩٦۔ ابن ماجه ٣٧٤٤)

(۲۶۷۹۰) حضرت عبدالرحمٰن بن ابی بکرہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ان کے والد حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: کہ کسی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے کسی شخص کی تعریف کی۔ اس پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس تعریف کرنے والے کو کئی مرتبہ کہا کہ ہلاکت ہو تو نے اپنے ساتھی کی گردن کاٹ دی۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر تم میں کوئی اپنے بھائی کی تعریف کرتا، تو کوئی حرج نہیں اس کو چاہیے کہ وہ یوں کہے: میرا خیال ہے اور میں اللہ کے مقابلہ میں کسی کو پاک وصاف نہیں بتاتا۔

(٢٦٧٩١) حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ عَاصِمٍ قَالَ :قُلْتُ لغنيم :أَيُكْرَهُ لِلرَّجُلِ أَنْ يَمْدَحَ أَخَاهُ وَهُوَ شَاهِدٌ؟ قَالَ: نَعَمْ ، فَقُلْت :وَإِنْ كَانَ غَائِبًا ؟ قَالَ : كَانَ يُقَالُ :لاَ تَمْدَحْ أَخَاك.

(۲۶۷۹۱) حضرت عاصم رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت غنیم رحمہ اللہ سے پوچھا: کیا آدمی کے لیے مکروہ ہے کہ وہ اپنے بھائی کی موجودگی میں اس کی تعریف بیان کرے؟ آپ رحمہ اللہ نے فرمایا: جی ہاں! میں نے پوچھا: اگر وہ شخص موجود نہ ہو تو؟ آپ رحمہ اللہ نے فرمایا کہ یوں کہا جاتا تھا کہ تم اپنے بھائی کی مدح مت کرو۔

(٢٦٧٩٢) حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ عُمَرُ بْنُ سَعْدٍ ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ طَاوُوس، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: لاَ أُزَكِّي بعد النبي صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَحَدًا.

(۲۶۷۹۲) حضرت طاؤس رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: کہ میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کسی کو پاک و صاف نہیں گردانتا۔

(٢٦٧٩٣) حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ :حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَكَمِ ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ ، أَنَّ رَجُلاً كَانَ يَمْدَحُ رَجُلاً عِنْدَ ابْنِ عُمَرَ ، فَجَعَلَ ابْنُ عُمَرَ يَحْثُو التُّرَابَ نَحْوَ وَجْهِهِ بِأَصَابِعِهِ ، وَقَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :إِذَا رَأَيْتُمُ الْمَادِحِينَ فَاحْثُوا فِي أَفْوَاهِهِمُ التُّرَابَ ؟.

(احمد ٢/ ٩٣۔ ابن حبان ٥٧٧٠)

(۲۶۷۹۳) حضرت عطاء بن ابورباح رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ کوئی آدمی حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کے پاس کسی آدمی کی تعریف بیان کر رہا تھا

تو حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے اپنی انگلیوں کے ذریعہ اس کے چہرے پر مٹی ڈالنا شروع کر دی، اور کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جب تم تعریف کرنے والوں کو دیکھو تو ان کے منہ میں مٹی ڈال دو۔

(٢٦٧٩٤) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ قَالَ : حَدَّثَنَا سُفْيَانُ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، عَنْ هَمَّامٍ قَالَ : جَاءَ رَجُلٌ فَأَثْنَى عَلَى عُثْمَانَ فِي وَجْهِهِ فَأَخَذَ الْمِقْدَادُ بْنُ الأَسْوَدِ تُرَابًا فَحَثَاهُ فِي وَجْهِهِ ، وَقَالَ : إِنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ : إِذَا لَقِيتُمُ الْمَدَّاحِينَ فَاحْثُوا فِي وُجُوهِهِمُ التُّرَابَ . (مسلم ٢٢٩٧۔ ابوداؤد ٤٧٧١)

(۲۶۷۹۴) حضرت ہمام رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی آیا اور اس نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے منہ پر ان کی تعریف کی، اس پر حضرت مقداد بن اسود رضی اللہ عنہ نے مٹی اُٹھائی اور اس کے منہ میں ڈال دی۔ اور فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا تھا کہ جب تم تعریف کرنے والوں سے ملو تو ان کے چہروں میں مٹی ڈالنا۔

(٢٦٧٩٥) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ مُسْلِمٍ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ : كُنَّا جُلُوسًا عِنْدَ عُمَرَ فَأَثْنَى رَجُلٌ عَلَى رَجُلٍ فِي وَجْهِهِ حِينَ أَدْبَرَ فَقَالَ عمر : عَقَرْتَ الرَّجُلَ ، عَقَرَكَ اللَّهُ.

(۲۶۷۹۵) حضرت ابراہیم رحمہ اللہ کے والد حضرت یزید بن شریک رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ہم لوگ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے کہ کسی شخص نے دوسرے شخص کی اس کے منہ پر تعریف کی۔ جب وہ لوٹ گیا، تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تو نے آدمی کو ہلاک کر دیا اللہ تجھے بھی ہلاک کرے۔

(١٤٠) فِي المشورةِ من أمر بها

جس نے مشورہ کرنے کا حکم دیا

(٢٦٧٩٦) حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لَنْ يَهْلَكَ امْرُؤٌ بَعْدَ مَشُورَةٍ.

(۲۶۷۹۶) حضرت سعید بن مسیب رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: آدمی ہرگز مشورہ کرنے کے بعد ہلاک نہیں ہوگا۔

(٢٦٧٩٧) حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ ، عَنِ الأَوْزَاعِيِّ ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ قَالَ : قَالَ سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُد لابْنِهِ : يَا بُنَيَّ ، لاَ تَقْطَعْ أَمْرًا حَتَّى تُؤَامِرَ مُرْشِدًا ، فَإِنَّك إِذَا فَعَلْت ذَلِكَ لَمْ تَحْزَنْ عَلَيْهِ.

(۲۶۷۹۷) حضرت یحییٰ بن ابی کثیر رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت سلیمان بن داؤد علیہ السلام نے اپنے بیٹے کو فرمایا: اے میرے بیٹے! کسی معاملہ کو شروع مت کرنا یہاں تک کہ کسی رہنما سے مشورہ کر لینا، جب تم ایسا کرو گے تو کبھی اس معاملہ میں غمگین نہیں ہو گے۔

(٢٦٧٩٨) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ رَجُلٍ ، عَنِ الضَّحَّاكِ قَالَ : مَا أَمَرَ اللَّهُ نَبِيَّهُ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْمُشَاوَرَةِ

إِلَّا لِمَا يَعْلَمَ فِيهَا مِنَ الْفَضْلِ ، ثُمَّ تَلَا ﴿وَشَاوِرْهُمْ فِي الْأَمْرِ﴾.

(۲۶۷۹۸) حضرت ضحاک رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ اللہ رب العزت نے اپنے نبی کو مشورے کا حکم نہیں دیا مگر اس وجہ سے کہ اللہ اس کی فضیلت کو جانتے تھے۔ پھر آپ رحمہ اللہ نے آیت تلاوت فرمائی۔ ترجمہ: اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان سے معاملہ کے بارے میں مشورہ کریں۔

(۲۶۷۹۹) حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ ، عَنْ أَشْعَثَ ، عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ :إِذَا اخْتَلَفَ النَّاسُ فِي شَيْءٍ فَانْظُرْ كَيْفَ صَنَعَ فِيهِ عُمَرُ فَإِنَّهُ كَانَ لَا يَصْنَعُ شَيْئًا حَتَّى يَسْأَلَ وَيُشَاوِرَ.

(۲۶۷۹۹) حضرت اشعث رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ امام شعبی رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: جب لوگ کسی چیز کے بارے میں اختلاف کریں تو تم دیکھو کہ اس معاملہ میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کیا کیا۔ اس لیے کہ آپ رضی اللہ عنہ کوئی کام نہیں کرتے تھے یہاں تک کہ اس کے بارے میں پوچھ لیتے اور مشورہ کر لیتے۔

(۲۶۸۰۰) حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ ، عَنْ إِيَاسِ بْنِ دَغْفَلٍ قَالَ : حَدَّثَنَا الْحَسَنُ قَالَ : مَا تَشَاوَرَ قَوْمٌ إِلَّا هُدُوا لأَرْشَدِ أَمْرِهِمْ.

(۲۶۸۰۰) حضرت ایاس بن دغفل رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت حسن بصری رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: کہ کسی قوم نے باہم مشورہ نہیں کیا مگر یہ کہ ان کو اس مسئلہ کی بہترین صورت سجھا دی گئی۔

(۱۴۱) ما ذكر في طلب الحوائج

ان روایات کا بیان جو ضروریات طلب کرنے کے بارے میں ذکر کی گئیں

(۲۶۸۰۱) حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ ، عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ جَعْفَرٍ قَالَ :حَدَّثَنِي أَبُو مُصْعَبٍ الأَنْصَارِيُّ ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ :اطْلُبُوا الْحَوَائِجَ إِلَى حِسَانِ الْوُجُوهِ.

(۲۶۸۰۱) حضرت ابو مصعب انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم لوگ بہترین لوگوں سے ضروریات کو طلب کرو۔

(۲۶۸۰۲) حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ ، عَنْ طَلْحَةَ ، عَنْ عَطَاءٍ قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :ابْتَغُوا الْخَيْرَ عِنْدَ حِسَانِ الْوُجُوهِ. (ابن ابی الدنیا ۵۳)

(۲۶۸۰۲) حضرت عطاء رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم بھلائی بہترین لوگوں کے پاس تلاش کرو۔

(۲۶۸۰۳) حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ مُوسَى ، عَنِ ابْنِ أَبِي ذِئْبٍ ، عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْتَمِسُوا الْمَعْرُوفَ عِنْدَ حِسَانِ الْوُجُوهِ. (طبرانی ۹۸۳)

(۲۶۸۰۳) امام زہری رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم بھلائی بہترین لوگوں کے پاس تلاش کرو۔

(١٤٢) الرّجل يخرج أحسن حدِيثِهِ

اس آدمی کا بیان جو حدیث کو صحیح سندوں سے بیان کرے

(٢٦٨٠٤) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ قَالَ: كَانُوا يَكْرَهُونَ إِذَا اجْتَمَعُوا أَنْ يُخْرِجَ الرَّجُلُ أَحْسَنَ حَدِيثِهِ.

(۲۶۸۰۴) حضرت ابن عون رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابراہیم رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: کہ صحابہ رضی اللہ عنہم مکروہ سمجھتے تھے کہ جب وہ جمع ہوں تو ایک آدمی اپنی بہترین بات کو بیان کرے۔

(١٤٣) فِي الكلام بِالفارِسِيّةِ من كرِهه

جو شخص فارسی زبان میں کلام کرنے کو مکروہ سمجھے

(٢٦٨٠٥) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ أَبِي هِلَالٍ ، عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ ، قَالَ عُمَرُ : مَا تَعَلَّمَ الرَّجُلُ الْفَارِسِيَّةَ إِلاَّ خَبُث ، وَلاَ خَبُث إِلاَّ نَقَصَتْ مُرُوءَتُهُ.

(۲۶۸۰۵) حضرت ابن بریدہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: آدمی نے فارسی نہیں سیکھی مگر یہ کہ وہ خبیث ہو گیا اور کوئی خبیث نہیں ہوتا مگر یہ کہ اس کی مروت میں کمی آجاتی ہے۔

(٢٦٨٠٦) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ ثَوْرٍ ، عَنْ عَطَاءٍ قَالَ : لاَ تَعَلَّمُوا رَطَانَةَ الأَعَاجِمِ ، وَلاَ تَدْخُلُوا عَلَيْهِمْ كَنَائِسَهُمْ ، فَإِنَّ السَّخَطَةَ تَنْزِلُ عَلَيْهِمْ.

(۲۶۸۰۶) حضرت ثور رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عطاء رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: کہ تم لوگ عجمیوں کی زبان مت سیکھو اور ان کی عبادت گاہوں میں داخل مت ہو، اس لیے کہ ان پر اللہ کی ناراضگی اترتی ہے۔

(٢٦٨٠٧) حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنْ دَاوُد بْنِ أَبِي هِنْدٍ ، أَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ سَمِعَ قَوْمًا يَتَكَلَّمُونَ بِالْفَارِسِيَّةِ فَقَالَ : مَا بَالُ الْمَجُوسِيَّةِ بَعْدَ الْحَنِيفِيَّةِ.

(۲۶۸۰۷) حضرت داؤد بن ابی ھند رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت محمد بن سعد بن ابو وقاص رحمہ اللہ نے چند لوگوں کو فارسی زبان میں بات کرتے ہوئے سنا تو ارشاد فرمایا: کہ لوگوں کو کیا ہوا کہ مسلمان ہونے کے بعد مجوسی ہو گئے۔

(١٤٤) من رخّص فِي الفارِسِيّةِ

جس نے فارسی میں بات کرنے کی رخصت دی

(٢٦٨٠٨) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ أَبِي خَلْدَةَ قَالَ : كَلَّمَنِي أَبُو الْعَالِيَةِ بِالْفَارِسِيَّةِ.

(۲۶۸۰۸) حضرت ابو خلدہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابو العالیہ رحمہ اللہ نے مجھ سے فارسی میں بات کی۔

(٢٦٨٠٩) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنِ النَّهَّاسِ بْنِ قَهْمٍ ، قَالَ : سَمِعْتُ شَيْخًا بِمَكَّةَ يَقُولُ : أَشْرَفَ أَبُو هُرَيْرَةَ مِنْ هَذَا الْبَابِ عَلَى هَذَا السُّوقِ فَقَالَ : يَا بَنِي فَرُّوخَ ، سحت وداست .

(۲۶۸۰۹) حضرت نہاس بن قہم رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ مکہ مکرمہ کے کسی شیخ نے بیان کیا کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ اس دروازے سے اس بازار میں تشریف لائے اور فرمایا: اے بنو فروخ! سحت وداست۔

(٢٦٨١٠) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُتِيَ بِتَمْرٍ مِنَ الصَّدَقَةِ ، فَتَنَاوَلَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ تَمْرَةً فَلاَكَهَا فِي فِيهِ ، فَقَالَ لَهُ : النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : كِخْ كِخْ ، لاَ تَحِلُّ لَنَا الصَّدَقَةُ .

(۲۶۸۱۰) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس صدقہ کی کھجوریں لائی گئیں تو حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہ نے ایک کھجور لے لی اور منہ میں چبانے لگے۔ اس پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا: کخ کخ۔ نکالو نکالو۔ ہمارے لیے صدقہ حلال نہیں ہے۔

(٢٦٨١١) حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ أَبِي عَمْرَةَ ، عَنْ مُنْذِرٍ الثَّوْرِيِّ قَالَ : سَأَلَ رَجُلٌ ابْنَ الْحَنَفِيَّةِ ، عَنِ الْجُبْنِ فَقَالَ : يَا جَارِيَةُ ، اذْهَبِي بِهَذَا الدِّرْهَمِ فَاشْتَرِي بِهِ يَنِيرا ، فَاشْتَرَتْ بِهِ يَنِيرا ، ثُمَّ جَانَتْ بِهِ يَعْنِي الْجُبْنَ .

(۲۶۸۱۱) حضرت منذر ثوری رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ کسی آدمی نے حضرت ابن حنفیہ رحمہ اللہ سے پنیر مانگا؟ آپ رحمہ اللہ نے فرمایا: اے باندی یہ درہم لے جاؤ اور اس کا پنیر خرید لاؤ، پس وہ اس درہم کا پنیر خرید کر لے آئی۔

(١٤٥) ما قالوا فِي الرّجلِ يكتنِي قبل أن يولد له ، وما جاء فِيهِ

اس آدمی کا بیان جو لڑکا پیدا ہونے سے پہلے ہی کنیت اختیار کر لے اور اس بارے میں جو روایات منقول ہیں

(٢٦٨١٢) حَدَّثَنَا عَبْدُ الأَعْلَى ، عَنْ بُرْدٍ ، عَنِ الزُّهْرِيِّ قِيلَ لَهُ : أَيُكْتَنِي الرَّجُلُ قَبْلَ أَنْ يُولَدَ لَهُ ؟ قَالَ : كَانَ رِجَالٌ مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَكْتَنُوا قَبْلَ أَنْ يُولَدَ لَهُمْ .

(۲۶۸۱۲) حضرت برد رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت زہری رحمہ اللہ سے پوچھا گیا: کہ آدمی بچہ پیدا ہونے سے پہلے کنیت اختیار کر سکتا ہے؟ آپ رحمہ اللہ نے فرمایا: کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعض صحابہ رضی اللہ عنہم اولاد ہونے سے پہلے ہی اپنی کنیت اختیار کر لیتے تھے۔

(٢٦٨١٣) حَدَّثَنَا حَفْصٌ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، عَنْ عَلْقَمَةَ قَالَ : كَنَّانِي عَبْدُ اللهِ بِأَبِي شِبْلٍ ، وَكَانَ عَلْقَمَةُ لاَ يُولَدُ لَهُ .

(۲۶۸۱۳) حضرت ابراہیم رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت علقمہ رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے میری کنیت

ابوشبل رکھی، حالانکہ حضرت علقمہ رحمۃ اللہ علیہ کی کوئی اولاد نہیں تھی۔

(٢٦٨١٤) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الأَسَدِيُّ ، عَنْ أَبِي عَوَانَةَ ، عَنْ هِلاَلِ بْنِ أَبِي حُمَيْدٍ قَالَ : كَنَّانِي عُرْوَةُ قَبْلَ أَنْ يُولَدَ لِي.

(۲۶۸۱۴) حضرت ابوعوانہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت ھلال بن ابی حمید رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا: کہ حضرت عروہ رحمۃ اللہ علیہ نے میرے ہاں بچہ پیدا ہونے سے پہلے ہی میری کنیت رکھ دی۔

(٢٦٨١٥) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنْ مَوْلًى لِلزُّبَيْرِ ، عَنْ عَائِشَةَ ، أَنَّهَا قَالَتْ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : يَا رَسُولَ اللهِ ، كُلُّ أَزْوَاجِكَ قَدْ كَنَّيْتَه غَيْرِي ، قَالَ : فَأَنْتِ أُمُّ عَبْدِ اللهِ. (بخاری ۸۵۱۔ ابوداؤد ۴۹۳۱)

(۲۶۸۱۵) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! میرے سوا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی تمام بیبیوں کی کنیت رکھی ہوئی ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم ام عبداللہ ہو۔

(٢٦٨١٦) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِي بُكَيْرٍ قَالَ : حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيلٍ ، عَنْ حَمْزَةَ بْنِ صُهَيْبٍ ، أَنَّ عُمَرَ قَالَ لِصُهَيْبٍ : مَا لَكَ تَكْنِي بِأَبِي يَحْيَى وَلَيْسَ لَكَ وَلَدٌ ؟ قَالَ : كَنَّانِي رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِأَبِي يَحْيَى. (ابن ماجه ۳۷۳۸۔ احمد ۱۶)

(۲۶۸۱۶) حضرت حمزہ بن صھیب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت صھیب رضی اللہ عنہ سے فرمایا: کہ تم نے اپنی کنیت ابویحییٰ کیوں رکھی ہے، حالانکہ تمہارا تو کوئی لڑکا نہیں ہے؟ آپ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میری کنیت ابویحییٰ رکھی تھی۔

(٢٦٨١٧) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ أَبِي التَّيَّاحِ ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ : كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْتِينَا ، فَكَانَ يَقُولُ لأَخٍ لِي صَغِيرٍ : يَا أَبَا عُمَيْرٍ ، مَا فَعَلَ النُّغَيْرُ ؟.

(۲۶۸۱۷) حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لاتے تھے اور میرے چھوٹے بھائی سے فرماتے تھے کہ اے ابوعمیر چڑیا کا کیا ہوا۔

(٢٦٨١٨) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ جَابِرٍ ، عَنْ عَامِرٍ قَالَ : لاَ بَأْسَ أَنْ يَكْتَنِيَ الرَّجُلُ قَبْلَ أَنْ يُولَدَ لَهُ.

(۲۶۸۱۸) حضرت جابر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت عامر رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا: کہ آدمی کا بچہ پیدا ہونے سے قبل ہی کنیت اختیار کر لینا اس میں کوئی حرج نہیں۔

(١٤٦) ما يستحبّ مِن الكلام

کلام کی پسندیدہ چیزوں کا بیان

(٢٦٨١٩) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ مِسْعَرٍ ، عَنْ شَيْخٍ ، قَالَ : سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ ، أَوْ جَابِرًا قَالَ : كَانَ فِي كَلاَمِ رَسُولِ

اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَرْتِيلٌ ، أَوْ تَرْسِيلٌ. (ابوداؤد ۴۸۰۵)

(۲۶۸۱۹) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ یا حضرت جابر رضی اللہ عنہ ان دونوں حضرات میں سے کوئی ایک فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کلام میں خوش الحانی یا وضاحت ہوتی تھی۔

(۲۶۸۲۰) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ أَبِي الْعُمَيْسِ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: الإِنْبِعَاق فِي الْكَلاَمِ مِنْ شَقَاشِقِ الشَّيْطَانِ.

(۲۶۸۲۰) حضرت عطیہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: زیادہ فصیح کلام شیطان کے منہ کے جھاگ کی طرح ہے۔

(۲۶۸۲۱) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ أُسَامَةَ ، عَنِ الزُّهْرِيِّ ، عَنْ عُرْوَةَ ، عَنْ عَائِشَةَ رضى الله عنها قَالَتْ : كَانَ كَلاَمُ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَلاَمًا فَصْلاً ، يَفْهَمُهُ كُلُّ مَنْ سَمِعَهُ.

(ابوداؤد ۴۸۰۶۔ ترمذی ۳۶۳۹)

(۲۶۸۲۱) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا کلام ایسا واضح ہوتا تھا ہر سننے والا اس کو سمجھ جاتا تھا۔

(۲۶۸۲۲) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، قَالَ : أَخْبَرَنَا نَافِعُ بْنُ عُمَرَ الْجُمَحِيُّ ، عَنْ بِشْرِ بْنِ عَاصِمٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو - قَالَ نَافِعٌ : أُرَاهُ رَفَعَهُ - قَالَ : إِنَّ اللَّهَ يُبْغِضُ الْبَلِيغَ مِنَ الرِّجَالِ الَّذِي يَتَخَلَّلُ بِلِسَانِهِ تَخَلُّلَ الْبَاقِرَةِ بِلِسَانِهَا. (ابوداؤد ۴۹۶۶۔ ترمذی ۲۸۵۳)

(۲۶۸۲۲) حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ مرفوعاً بیان کرتے ہیں کہ اللہ رب العزت آدمیوں میں سے اس آدمی سے دشمنی رکھتے ہیں جو زبان ہلا ہلا کر فصیح کلام کرتا ہے گائیوں کے زبان سے چارہ ہلانے کی طرح۔

(۲۶۸۲۳) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ قَالَ : حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي خَالِدٍ ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ قَالَ : قَامَ رَجُلٌ فَتَكَلَّمَ بَيْنَ يَدَيِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى أَزْبَدَ شِدْقَاهُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : تَعَلَّمُوا ، وَإِيَّاكُمْ وَشَقَاشِقَ الْكَلاَمِ ، فَإِنَّ شَقَاشِقَ الْكَلاَمِ مِنَ شَقَائِقِ الشَّيْطَانِ.

(۲۶۸۲۳) حضرت عبدالملک بن عمیر رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے کھڑے ہو کر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے کلام کیا یہاں تک کہ اس نے اپنے منہ سے جھاگ نکالا، اس پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم سیکھو اور منہ پھاڑ کر کلام کرنے سے بچو، اس لیے کہ منہ پھاڑ کر کلام کرنا شیطان کے منہ سے نکلنے والے جھاگ کی طرح ہے۔

(۱۴۷) من كره أن يسمع المبتلى التعويذ

مصیبت میں مبتلا شخص کو اعوذ باللہ سنانا مکروہ ہے

(۲۶۸۲۴) حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنْ يَزِيدَ، عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ، أَنَّهُ كَانَ يَكْرَهُ أَنْ يُسْمِعَ الْمُبْتَلَى التَّعْوِيذَ مِنَ الْبَلاَءِ.

(۲۶۸۲۴) حضرت ابوجعفر نے مصیبت میں مبتلا شخص کو اعوذ باللہ سنانا مکروہ قرار دیا ہے۔

(١٤٨) ما لاَ ينبغِي لِلرّجلِ أن يدعو بِهِ

آدمی کے لیے مناسب نہیں ہے کہ وہ یوں دعا کرے

(٢٦٨٢٥) حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ ، عَنْ مُجَاهِدٍ قَالَ : كَانَ يَكْرَهُ أَنْ يَقُولَ اللَّهُمَّ لاَ تَبْتَلِنِي إِلاَّ بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ وَيَقُولُ :قَالَ اللَّهُ تَعَالَى :(وَنَبْلُوكُمْ بِالشَّرِّ وَالْخَيْرِ فِتْنَةً).

(۲۶۸۲۵) حضرت عبدالکریم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت مجاہد رحمۃ اللہ علیہ یوں دعا کرنے کو مکروہ سمجھتے تھے، اے اللہ! تو مجھے آزمائش میں مت ڈال مگر اس چیز کے ساتھ جو بہت بہترین ہو، اور فرماتے کہ اللہ رب العزت نے فرمایا ہے کہ: ترجمہ: اور ہم تمہیں آزمائیں گے شر اور بھلائی کے ساتھ۔

(١٤٩) فِي إحراقِ الكتبِ ومحوِها

خطوط کو جلانے اور ان کو مٹا دینے کا بیان

(٢٦٨٢٦) حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُبَارَكٍ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ ابْنِ طَاوُوس، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّهُ كَانَ إِذَا اجْتَمَعَتْ عِنْدَهُ الرَّسَائِلُ أَمَرَ بِهَا فَأُحْرِقَتْ.

(۲۶۸۲۶) حضرت ابن طاؤس رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت طاؤس رحمۃ اللہ علیہ کے پاس جب بہت زیادہ خطوط جمع ہو جاتے تو آپ رحمۃ اللہ علیہ ان کو جلانے کا حکم دیتے اور ان کو جلا دیا جاتا۔

(٢٦٨٢٧) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ قَيْسٍ ، أَنَّ عَبِيدَةَ أَوْصَى أَنْ تُمْحَى كُتُبُهُ.

(۲۶۸۲۷) حضرت نعمان بن قیس رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبیدہ رحمۃ اللہ علیہ نے وصیت فرمائی کی ان کے خطوط کو مٹا دیا جائے۔

(٢٦٨٢٨) حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ ، عَنْ كَهْمَسٍ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مُسْلِمِ بْنِ يَسَارٍ ، عَنْ مُسْلِمِ بْنِ يَسَارٍ قَالَ : كَانَ إِذَا جَائَهُ الْكِتَابُ مَحَا مَا كَانَ فِيهِ مِنْ ذِكْرِ اللهِ ، ثُمَّ أَلْقَاهُ.

(۲۶۸۲۸) حضرت عبداللہ بن مسلم بن یسار رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت مسلم بن یسار رحمۃ اللہ علیہ کے پاس جب خط آتا تو آپ رحمۃ اللہ علیہ اللہ کے ذکر کو اس میں سے مٹا دیتے پھر اس کو پھینک دیتے۔

(٢٦٨٢٩) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ جَامِعِ بْنِ شَدَّادٍ ، عَنِ الأَسْوَدِ بْنِ هِلاَلٍ قَالَ : أُتِيَ عَبْدَ اللهِ بِصَحِيفَةٍ فِيهَا حَدِيثٌ ، فَأَتَى بِمَاءٍ فَمَحَاهَا ، ثُمَّ غَسَلَهَا ، ثُمَّ أَمَرَ بِهَا فَأُحْرِقَتْ.

(۲۶۸۲۹) حضرت اسود بن ہلال رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس ایک صحیفہ لایا گیا جس میں کچھ

حدیثیں تھیں۔ آپ رضی اللہ عنہ نے پانی منگوایا، پہلے اسے مٹایا پھر اسے دھو دیا، پھر آپ رضی اللہ عنہ نے اسے جلانے کا حکم دیا تو اسے جلا دیا گیا۔

(۱۵۰) فِي الرَّجلِ يجد الكِتاب يقرؤه أم لاَ ؟

اس آدمی کا بیان جو خط پائے کیا وہ اس کو پڑھ لے یا نہ پڑھے؟

(٢٦٨٣٠) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ قَالَ :قُلْتُ لِعَبِيدَةَ :وَجَدْت كِتَابًا أَقْرَؤُهُ ؟ قَالَ :لاَ.

(ابو داؤد ۱۴۸۰)

(۲۶۸۳۰) حضرت ابن سیرین رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عبیدہ رحمہ اللہ سے پوچھا کہ مجھے ایک خط ملا ہے کیا میں اس کو پڑھ لوں؟ آپ رحمہ اللہ نے فرمایا: نہیں۔

(۱۵۱) كِتاب الحدِيثِ فِي الكراسِ

کاپیوں میں حدیث لکھنے کا بیان

(٢٦٨٣١) حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ ثَعْلَبَةَ الطَّائِيِّ ، عَنِ الضَّحَّاكِ ، أَنَّهُ كَانَ يَكْرَهُ أَنْ يُكْتَبَ الْحَدِيثُ فِي الْكَرَارِيسِ.

(۲۶۸۳۱) حضرت ولید بن ثعلبہ طائی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ضحاک رحمہ اللہ کاپیوں میں حدیث لکھنے کو مکروہ سمجھتے تھے۔

(٢٦٨٣٢) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ ثَعْلَبَةَ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ مُؤَذِّنِ الضَّحَّاكِ ، عَنِ الضَّحَّاكِ قَالَ :لاَ تَتَّخِذُوا لِلْحَدِيثِ كَرَارِيسَ كَكَرَارِيسِ الْمُصْحَفِ.

(۲۶۸۳۲) حضرت عبداللہ رحمہ اللہ جو حضرت ضحاک رحمہ اللہ کے مؤذن ہیں فرماتے ہیں کہ حضرت ضحاک رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: کہ تم حدیث کے لیے مصحف کی کاپیوں کی طرح کاپیاں مت بناؤ۔

(٢٦٨٣٣) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنِ الْحَسَنِ ، عَنْ لَيْثٍ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ، أَنَّهُ كَرِهَ الْكَرَارِيسَ.

(۲۶۸۳۳) حضرت لیث رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت مجاہد رحمہ اللہ نے کاپیوں میں حدیث لکھنے کو مکروہ سمجھا۔

(٢٦٨٣٤) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ أَبِي عَوَانَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَتِيكِ، عَنْ أَبِي مَعْشَرٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، أَنَّهُ كَرِهَهَا.

(۲۶۸۳۴) حضرت ابو معشر رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابراہیم رحمہ اللہ نے کاپیوں میں حدیث لکھنے کو مکروہ سمجھا۔

(۱۵۲) ما ينهى الرَّجل أن يسبّه

آدمی کو ان چیزوں کو گالی دینے سے منع کیا گیا ہے

(٢٦٨٣٥) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ هَاشِمٍ ، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى ، عَنْ عِيسَى ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى قَالَ :قَالَ

رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لاَ تَسُبُّوا اللَّيْلَ، وَلاَ النَّهَارَ، وَلاَ الشَّمْسَ، وَلاَ الْقَمَرَ، وَلاَ الرِّيحَ، فَإِنَّهَا تُبْعَثُ عَذَابًا عَلَى قَوْمٍ، وَرَحْمَةً عَلَى آخَرِينَ. (ابویعلی ۲۱۹۱)

(۲۶۸۳۵) حضرت عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کہ تم گالی مت دو رات کو نہ ہی دن کو، نہ سورج کو نہ چاند کو اور نہ ہی ہوا کو۔ اس لیے کہ انہیں ایک قوم پر عذاب بنا کر بھیجا گیا اور دوسری قوم پر رحمت بنا کر بھیجا گیا۔

(٢٦٨٣٦) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ ، عَنِ الأَوْزَاعِيِّ ، عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ :حَدَّثَنَا ثَابِتٌ الزُّرَقِيُّ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لاَ تَسُبُّوا الرِّيحَ فَإِنَّهَا مِنْ رُوحِ اللهِ ، تَأْتِي بِالرَّحْمَةِ وَالْعَذَابِ ، وَلَكِنْ سَلُوا اللَّهَ مِنْ خَيْرِهَا ، وَتَعَوَّذُوا بِاللَّهِ مِنْ شَرِّهَا. (ابوداؤد ۵۰۵۶۔ احمد ۲۶۸)

(۲۶۸۳۶) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کہ تم ہوا کو برا بھلا مت کہو، اس لیے کہ یہ اللہ کی مہربانی ہے، رحمت بھی لاتی ہے اور عذاب بھی، لیکن تم اللہ سے اس کی بھلائی کا سوال کرو اور اس کے شر سے اللہ کی پناہ مانگو۔

(٢٦٨٣٧) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ عَاصِمٍ الأَحْوَلِ ، عَنِ الْحَسَنِ ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ فِي سَيْرٍ ، فَهَبَّتْ رِيحٌ ، فَكَشَفَتْ عَنْ رَجُلٍ قَطِيفَةً كَانَتْ عَلَيْهِ ، فَلَعَنَهَا فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : أَلَعَنْتَهَا ؟ قَالَ : يَا رَسُولَ اللهِ ، كَشَفَتْ قَطِيفَتِي ، فَقَالَ : إِذَا رَأَيْتَهَا فَسَلِ اللَّهَ مِنْ خَيْرِهَا ، وَتَعَوَّذْ بِاللَّهِ مِنْ شَرِّهَا ، وَلاَ تَلْعَنْهَا فَإِنَّهَا مَأْمُورَةٌ. (ابوداؤد ۴۸۷۲۔ ترمذی ۱۹۷۸)

(۲۶۸۳۷) حضرت حسن بصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سفر میں تھے کہ ہوا چل پڑی اور ایک آدمی کی چادر اس وجہ سے کھل گئی تو اس نے ہوا کو لعن طعن کی، اس پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا: کیا تم نے ہوا کو لعنت کی ہے؟ اس نے کہا: اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! میری چادر کھل گئی! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم ہوا دیکھو تو اللہ سے اس کی بھلائی کا سوال کرو، اور اس کے شر سے اللہ کی پناہ مانگو، اور اس کو لعنت مت کرو اس لیے کہ یہ تو اللہ کی طرف سے مامور ہے۔

(١٥٣) ما يكره لِلرّجلِ أن يتّبع أو يجتمع عليهِ

مکروہ ہے آدمی کے لیے کہ اس کے پیچھے چلا جائے یا اس کے پاس جمع ہوا جائے

(٢٦٨٣٨) حَدَّثَنَا شَبَابَةُ قَالَ :حَدَّثَنَا شُعْبَةُ ، عَنِ الْهَيْثَمِ قَالَ :رَأَى عَاصِمُ بْنُ ضَمْرَةَ قَوْمًا يَتَّبِعُونَ رَجُلاً فَقَالَ :إِنَّهَا فِتْنَةٌ لِلْمَتْبُوعِ مَذَلَّةٌ لِلتَّابِعِ.

(۲۶۸۳۸) حضرت ہیثم رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عاصم رحمہ اللہ نے چند لوگوں کو دیکھا جو کسی آدمی کے پیچھے چل رہے تھے۔ آپ رحمہ اللہ نے فرمایا: بے شک یہ فتنہ ہے اس شخص کے لیے جس کے پیچھے چلا جا رہا ہے اور ذلت ہے پیچھے چلنے والوں کے لیے۔

(٢٦٨٣٩) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، عَنِ الْعَوَّامِ ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ أَبِي ثَابِتٍ قَالَ :تَبِعَ ابْنَ مَسْعُودٍ نَاسٌ فَجَعَلُوا

يَمْشُونَ خَلْفَهُ فَقَالَ :أَلَكُمْ حَاجَةٌ ؟ قَالُوا :لاَ ، قَالَ :ارْجِعُوا فَإِنَّهَا ذِلَّةٌ لِلتَّابِعِ فِتْنَةٌ لِلْمَتْبُوعِ.

(۲۶۸۳۹) حضرت حبیب بن ابی ثابت رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ کچھ لوگ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے پیچھے آئے اور آپ رضی اللہ عنہ کے پیچھے چلنے لگے، آپ رضی اللہ عنہ نے پوچھا: کیا تم لوگوں کو کوئی کام ہے؟ انہوں نے عرض کیا: نہیں، آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: واپس لوٹ جاؤ، اس لیے کہ یہ پیچھے آنے والے کے لیے ذلت ہے اور جس کے پیچھے چلا جا رہا ہے اس کے لئے فتنہ ہے۔

(٢٦٨٤٠) حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ ، عَنْ هَارُونَ بْنِ عَنتَرَةَ ، عَنْ سُلَيْمِ بْنِ حَنْظَلَةَ قَالَ :أَتَيْنَا أُبَيَّ بْنَ كَعْبٍ لِنَتَحَدَّثَ عِنْدَهُ ، فَلَمَّا قَامَ قُمْنَا نَمْشِي مَعَهُ ، فَلَحِقَهُ عُمَرُ فَرَفَعَ عَلَيْهِ الدِّرَّةَ فَقَالَ :يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ ، اعْلَمْ مَا تَصْنَعُ ؟ قَالَ :إِنَّمَا تَرَى فِتْنَةً لِلْمَتْبُوعِ ذِلَّةً لِلتَّابِعِ.

(۲۶۸۴۰) حضرت سلیم بن حنظلہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ہم لوگ حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ کے پاس آئے تا کہ ہم ان کے پاس گفتگو کریں۔ جب آپ رضی اللہ عنہ اٹھ گئے تو ہم بھی اٹھ کر ان کے ساتھ چلنے لگے۔ پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ ان سے ملے اور ان پر درّہ اٹھایا۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے امیر المؤمنین! جان لیں آپ جو کر رہے ہیں! انہوں نے فرمایا: بے شک یہ جو تم دیکھ رہے ہو یہ متبوع کے لیے فتنہ ہے اور تابع کے لیے ذلت ہے۔

(٢٦٨٤١) حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنْ عَاصِمٍ قَالَ :لَمْ يَكُنِ ابن سِيرِين يَتْرُكُ أَحَدًا يَمْشِي مَعَهُ.

(۲۶۸۴۱) حضرت عاصم رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن سیرین رحمہ اللہ کسی کو نہیں چھوڑتے تھے کہ وہ ان کے ساتھ چل سکے۔

(٢٦٨٤٢) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنْ عَاصِمٍ قَالَ :كَانَ أَبُو الْعَالِيَةِ إِذَا جَلَسَ إِلَيْهِ أَكْثَرُ مِنْ أَرْبَعَةٍ قَامَ.

(۲۶۸۴۲) حضرت عاصم رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابو العالیہ رحمہ اللہ کے پاس جب چار سے زیادہ لوگ بیٹھ جاتے تو آپ رحمہ اللہ کھڑے ہو جاتے۔

(١٥٤) ما ينبغي لِلرّجلِ أن يتعلّمه ويعلّمه ولده

آدمی کے لیے مناسب ہے کہ وہ خود سیکھے اور اپنے بچہ کو سکھلائے

(٢٦٨٤٣) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ قَالَ :حَدَّثَنَا مِسْعَرٌ ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ ، عَنْ سَعْدٍ قَالَ :يَا بَنِيَّ ، تَعَلَّمُوا الرَّمْيَ فَإِنَّهُ خَيْرٌ لَعِبِكُمْ.

(۲۶۸۴۳) حضرت مصعب بن سعد رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: اے میرے بیٹے! تیر اندازی سیکھو، اس لیے کہ یہ تمہارا بہترین کھیل ہے۔

(٢٦٨٤٤) حَدَّثَنَا عَبْدُ الأَعْلَى ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ ، عَنْ رَافِعِ بْنِ سَالِمٍ الْفَزَارِيِّ قَالَ :مَرَّ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ بِنَا فَقَالَ :ارْمُوا ، فَإِنَّ الرَّمْيَ عُدَّةٌ وَجَلاَدَةٌ.

(۲۶۸۴۴) حضرت رافع بن سالم فزاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ ہمارے پاس سے گزرے تو ارشاد فرمایا: کہ تیراندازی کرو، اس لیے کہ تیراندازی دشمن کے خلاف تیاری اور ہمت واستقلال ہے۔

(٢٦٨٤٥) حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ مُوسَى ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ يَحْيَى ، عَنْ أَبِي بُرْدَةَ قَالَ : قَالَ سَعِيدُ بْنُ الْعَاصِ : إِذَا عَلَّمْتَ وَلَدِي الْقُرْآنَ وَأَحْجَجْتُهُ وَزَوَّجْته ، فَقَدْ قَضَيْت حَقَّهُ ، وَبَقِيَ حَقِّي عَلَيْهِ.

(۲۶۸۴۵) حضرت ابو بردہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت سعید بن عاصی رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا: کہ جب میں نے اپنے بچہ کو قرآن سکھلا دیا اور میں نے اس کو حج کروا دیا اور اس کا نکاح کروا دیا تو میں نے اس کا حق ادا کر دیا اور اس پر میرا حق باقی رہ گیا۔

(٢٦٨٤٦) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ لَيْثٍ ، عَنْ مُجَاهِدٍ قَالَ : لاَ تَحْضُرُ الْمَلاَئِكَةُ شَيْئًا مِنْ لَهْوِكُمْ غَيْرَ الرِّهَانِ وَالرَّمْيِ ، نِعْمَ مُلْتَهَى الْمُؤْمِنِ الْقَوْسُ وَالنَّبْلُ.

(۲۶۸۴۶) حضرت لیث رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت مجاہد رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا: کہ فرشتے تمہارے کھیلوں میں حاضر نہیں ہوتے سوائے دوڑ اور تیراندازی کے۔ مومن کا بہترین کھیل تیر اور کمان کے ساتھ ہے۔

(١٥٥) مَنْ تَعَلَّمَ الرَّمْيَ ثُمَّ تَرَكَهُ كَانَتْ نِعْمَةً يَكْفُرُهَا

جو شخص تیراندازی سیکھے پھر اسے چھوڑ دے تو اس نے نعمت کی ناشکری کی

(٢٦٨٤٧) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ حَجَّاجٍ ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ جَدِّهِ ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ عَلَى أُنَاسٍ من أَسْلم يَرْمُونَ فَقَالَ : خُذُوا وَأَنَا مَعَ ابْنِ الأَدْرَعِ ، فَقَالُوا : يَا رَسُولَ اللهِ ، نَأْخُذُ وَأَنْتَ مَعَ بَعْضِنَا دُونَ بَعْضٍ ، فَقَالَ : خُذُوا وَأَنَا مَعَكُمْ يَا بَنِي إِسْمَاعِيلَ.

(بخاری ۲۸۹۹۔ احمد ۴/ ۵۰)

(۲۶۸۴۷) حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا قبیلہ اسلم کے چند لوگوں پر سے گزر ہوا جو تیراندازی کر رہے تھے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم پکڑو اور میں ابن الادرع کے ساتھ ہوں۔ اس پر ان لوگوں نے کہا: اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! ہم کیسے قابو کریں حالانکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہم میں سے بعض کو چھوڑ کر بعض کے ساتھ ہیں! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے بنو اسماعیل! تم پکڑو میں تم سب کے ساتھ ہوں۔

(٢٦٨٤٨) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ عَبْدِاللهِ بْنِ سَعِيدٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنِ ابن أَبِي حَدْرَدٍ الأَسْلَمِيِّ قَالَ : مَرَّ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنَاسٍ مِنْ أَسْلَمَ وَهُمْ يَتَنَاضَلُونَ فَقَالَ : ارْمُوا يَا بَنِي إِسْمَاعِيلَ ، فَإِنَّ أَبَاكُمْ كَانَ رَامِيًا ، ارْمُوا وَأَنَا مَعَ ابْنِ الأَدْرَعِ ، فَأَمْسَكَ الْقَوْمُ بِأَيْدِيهِمْ فَقَالَ : مَا لَكُمْ لاَ تَرْمُونَ؟ قَالُوا : يَا رَسُولَ اللهِ ، أَنَرْمِي وَقَدْ قُلْتَ : أَنَا مَعَ ابْنِ الأَدْرَعِ ، وَقَدْ عَلِمْنَا أَنَّ حِزْبَك لاَ يُغْلَبُ؟ قَالَ : ارْمُوا وَأَنَا مَعَكُمْ كُلِّكُمْ. (مسند ۶۲۹)

(۲۶۸۴۸) حضرت ابن ابو حدرد اسلمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کا گزر قبیلہ اسلم کے چند لوگوں کے پاس سے ہوا اس حال میں کہ وہ لوگ باہم تیراندازی کا مقابلہ کر رہے تھے۔ اس پر آپ ﷺ نے فرمایا: اے بنو اسماعیل! تیراندازی کرو، بے شک تمہارا باپ بھی تیرانداز تھا۔ اور تم تیر چلاؤ اور میں ابن الادرع کے ساتھ ہوں، تو لوگوں نے اپنے ہاتھوں کو روک لیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تمہیں کیا ہوا کہ تم نہیں چلا رہے؟ انہوں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول ﷺ! ہم کیسے تیر چلائیں؟ حالانکہ آپ ﷺ نے کہا ہے کہ آپ ﷺ تو ابن الادرع کے ساتھ ہیں، اور تحقیق ہم جانتے ہیں کہ آپ ﷺ کا لشکر کبھی مغلوب نہیں ہو سکتا! آپ ﷺ نے فرمایا: تم تیر چلاؤ میں تم سب کے ساتھ ہوں۔

(۲۶۸۴۹) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ سَعِيدٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ رَجُلٍ مِنْ أَسْلَمَ يُقَالُ لَهُ ابْنُ الأَدْرَعِ قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :تَمَعْدَدُوا وَاخْشَوْشِنُوا وَانْتَضِلُوا وَامْشُوا حُفَاةً.

(طبرانی ۸۴)

(۲۶۸۴۹) قبیلہ اسلم کے ایک شخص جن کا نام ابن الادرع رضی اللہ عنہ ہیں وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: قبیلہ معد کا طرز زندگی اختیار کرو، اور موٹا اور کھردرا (کپڑا) پہنو اور باہم تیراندازی کا مقابلہ کرو اور ننگے پیر چلا کرو۔

(۲۶۸۵۰) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ قَالَ :أَخْبَرَنَا الدَّسْتَوَائِيُّ ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ ، عَنْ أَبِي سَلاَّمٍ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ الأَزْرَقِ ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ الْجُهَنِيِّ ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ :إِنَّ اللَّهَ لَيُدْخِلُ بِالسَّهْمِ الْوَاحِدِ الثَّلاَثَةَ الْجَنَّةَ :صَانِعَهُ يَحْتَسِبُ فِي صَنْعَتِهِ الْخَيْرَ ، وَالرَّامِيَ بِهِ ، وَالْمُمِدَّ بِهِ ، وَقَالَ :ارْمُوا وَارْكَبُوا، وَإِنْ تَرْمُوا أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ تَرْكَبُوا ، وَكُلُّ مَا يَلْهُو بِهِ الْمَرْءُ الْمُسْلِمُ بَاطِلٌ إِلاَّ رَمْيَهُ بِقَوْسِهِ ، وَتَأْدِيبَهُ فَرَسَهُ، وَمُلاَعَبَتَهُ أَهْلَهُ ، فَإِنَّهُنَّ مِنَ الْحَقِّ.

(۲۶۸۵۰) حضرت عقبہ بن عامر جہنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: کہ یقیناً اللہ تعالیٰ ایک تیر کی وجہ سے تین لوگوں کو جنت میں داخل کریں گے، تیر کے بنانے والے کو جس نے ثواب کی نیت سے اس کو بنایا۔ اور اس کے چلانے والے کو اور تیر کے پکڑانے والے کو، اور آپ ﷺ نے فرمایا: تیراندازی کرو اور سواری کرو۔ اور تمہارا تیراندازی کرنا میرے نزدیک تمہارے سوار ہونے سے زیادہ پسندیدہ ہے۔ اور وہ تمام کھیل جو مسلمان بندہ کھیلتا ہے وہ باطل ہیں۔ سوائے اس کے کہ وہ اپنے کمان کے ذریعہ تیر چلاتا ہو، یا اپنے گھوڑے کو سدھاتا ہو یا اپنی بیوی کے ساتھ تفریح کرتا ہو، بے شک یہ تمام چیزیں حق میں سے ہیں۔

(۲۶۸۵۱) حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ بْنِ جَابِرٍ قَالَ :حَدَّثَنَا أَبُو سَلاَّمٍ الدِّمَشْقِيُّ ، عَنْ خَالِدِ بْنِ زَيْدٍ الْجُهَنِيِّ ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ ، عَنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَهُ نَحْوَهُ إِلاَّ أَنَّهُ قَالَ : وَمُنْبَلَهُ. (ابو داؤد ۲۵۰۵۔ احمد ۴/ ۱۴۶)

(۲۶۸۵۱) حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے رسول اللہ ﷺ کا مذکورہ ارشاد اس سند سے بھی منقول ہے۔ مگر یہ کہ اس سند میں منبلہ

کے الفاظ بھی ہیں۔

(٢٦٨٥٢) حَدَّثَنَا ابْنُ مُبَارَكٍ ، عَنِ الأَوْزَاعِيِّ ، عَنْ بِلاَلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ : أَدْرَكْتهمْ يَشْتَدُّونَ بَيْنَ الأَغْرَاضِ وَيَضْحَكُ بَعْضُهُمْ إِلَى بَعْضٍ ، فَإِذَا كَانَ اللَّيْلُ كَانُوا رُهْبَانًا .

(۲۶۸۵۲) امام اوزاعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت بلال بن سعد رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: کہ میں نے صحابہ رضی اللہ عنہم کو پایا اس حال میں کہ وہ لوگ اپنے مقاصد کے بارے میں بہت سخت تھے۔ اور ان میں سے بعض بعض کے ساتھ مذاق کرتے تھے اور جب رات ہوتی، تو وہ سب کے سب عبادت گزار بن جاتے۔

(٢٦٨٥٣) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: رَأَيْتُ حُذَيْفَةَ يَشْتَدُّ بَيْنَ الْهَدَفَيْنِ.

(۲۶۸۵۳) حضرت ابراہیم تیمی رحمہ اللہ کے والد فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کو دیکھا آپ رضی اللہ عنہ دو نشانوں کے درمیان حملہ کرتے تھے۔

(٢٦٨٥٤) حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ ، عَنْ عَاصِمٍ ، عَنْ أَبِي الْعَنْبَسِ ، قَالَ : سَمِعْتُ عُمَرَ يَقُولُ : أَخِيفُوا الْهَوَامَّ قَبْلَ أَنْ تُخِيفَكُمْ ، وَانْتَضِلُوا وَتَمَعْدَدُوا وَاخْشَوْشِنُوا وَاجْعَلُوا الرَّأْسَ رَأْسَيْنِ ، وَفَرِّقُوا عَنِ الْمَنِيَّةِ ، وَلاَ تُلْثُّوا بِدَارِ مُعْجِزَةٍ ، وَأَخِيفُوا الْحَيَّاتِ قَبْلَ أَنْ تُخِيفَكُمْ وَأَصْلِحُوا مَثَاوِيَكُمْ.

(۲۶۸۵۴) حضرت ابوالعنبس رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو یوں فرماتے ہوئے سنا کہ تم حشرات کو ڈراؤ قبل ازیں کہ وہ تمہیں خوف زدہ کریں اور تم باہم تیراندازی کا مقابلہ کیا کرو، اور قبیلہ معد کی طرز زندگی اختیار کرو اور موٹا، کھردرا کپڑا پہنو، اور اپنے مال کو ہلاک ہونے سے بچاؤ، اور تم ایسی جگہ اقامت اختیار مت کرو جہاں تمہارا رزق تنگ ہو اور تم سانپوں کو ڈراؤ قبل ازیں کہ وہ تمہیں خوف زدہ کریں اور اپنے گھر والوں کو درست رکھو۔

(١٥٦) ما يستحبّ لِلرّجلِ أن يوجد رِيحه مِنه

آدمی کے لیے مستحب ہے کہ اس سے ایسی خوشبو پائی جائے

(٢٦٨٥٥) حَدَّثَنَا زِيَادُ بْنُ الرَّبِيعِ ، عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ ، عَنْ أَبِي قِلاَبَةَ ، أَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ كَانَ إِذَا خَرَجَ مِنْ بَيْتِهِ إِلَى الْمَسْجِدِ عَرَفَ جِيرَانُ الطَّرِيقِ ، أَنَّهُ قَدْ مَرَّ مِنْ طِيبِ رِيحِهِ.

(۲۶۸۵۵) حضرت ابوقلابہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ جب حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ اپنے گھر سے مسجد کی طرف نکلتے تو راستہ کے پڑوسی آپ رضی اللہ عنہ کی مہکتی خوشبو سے پہچان لیتے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ گزرے ہیں۔

(٢٦٨٥٦) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ أَبِي الْعُمَيْسِ ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ قَالَ : كَانَ عَبْدُ اللهِ يَتَطَيَّبُ بِطِيبٍ فِيهِ مِسْكٌ.

(۲۶۸۵۶) حضرت قاسم بن عبدالرحمٰن رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ ایسی خوشبو لگاتے تھے جس میں مشک کی آمیزش ہوتی تھی۔

(۲۶۸۵۷) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَفْصٍ قَالَ :أَخْبَرَنَا ابْنُ أَبِي ذِئْبٍ ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عُبَيْدِ اللهِ مَوْلًى لِسَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ قَالَ :رَأَيْتُ ابْنَ عُمَرَ وَأَبَا هُرَيْرَةَ وَأَبَا قَتَادَةَ وَأَبَا أُسَيْدَ السَّاعِدِيَّ يَمُرُّونَ عَلَيْنَا وَنَحْنُ فِي الْكُتَّابِ فَنَجِدُ مِنْهُمْ رِيحَ الْعَبِيرِ وَهُوَ الْخَلُوقُ.

(۲۶۸۵۷) حضرت عثمان بن عبیداللہ رحمہ اللہ جو حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کے آزاد کردہ غلام ہیں وہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ، حضرت ابو قتادہ رضی اللہ عنہ اور حضرت ابو اُسید ساعدی رضی اللہ عنہ کو دیکھا، یہ حضرات ہم پر سے گزرتے تھے اس حال میں کہ ہم مکتب میں ہوتے تھے تو ہم ان سے عبیر کی خوشبو سونگھتے تھے جو زعفران ملی خوشبو ہے۔

(۲۶۸۵۸) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ قَالَ :حَدَّثَنَا الأَعْمَشُ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ قَالَ :كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعْرَفُ بِرِيحِ الطِّيبِ إِذَا أَقْبَلَ. (عبدالرزاق ۷۹۳۴۔ ابن سعد ۳۹۸)

(۲۶۸۵۸) حضرت ابراہیم رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب تشریف لاتے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے بہت پاکیزہ خوشبو آتی تھی۔

(۲۶۸۵۹) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ مِسْعَرٍ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُحَادَةَ ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ قَالَ :كَانَ ابْنُ مَسْعُودٍ يُعْرَفُ بِرِيحِ الطِّيبِ.

(۲۶۸۵۹) حضرت طلحہ بن مصرف رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے بہت پاکیزہ خوشبو آتی تھی۔

(۲۶۸۶۰) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنِ الْمَسْعُودِيِّ ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مِينَاءَ ، عَنْ نُفَيْعٍ مَوْلَى عَبْدِ اللهِ قَالَ :كَانَ عَبْدُ اللهِ مِنْ أَطْيَبِ النَّاسِ رِيحًا ، وَأَنْقَاهُمْ ثَوْبًا أَبْيَضَ.

(۲۶۸۶۰) حضرت نفیع رحمہ اللہ جو حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے آزاد کردہ غلام ہیں، وہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ لوگوں میں سب سے پاکیزہ خوشبو والے اور سب سے صاف سفید کپڑوں والے تھے۔

(۲۶۸۶۱) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ قَيْسٍ ، عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ :كَانَ عَبْدُ اللهِ بْنُ جَعْفَرٍ يَسْحَقُ الْمِسْكَ ، ثُمَّ جَعَلَهُ عَلَى يَافُوخِهِ.

(۲۶۸۶۱) امام شعبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ مشک کو کوٹ کر اس کا سفوف بناتے پھر اس کو اپنے سر کے اوپر کے حصہ میں ڈال لیتے۔

(١٥٧) من كره لِلمرأةِ أن تَطيب إذا خرجت

جوعورت کے گھر سے نکلتے وقت خوشبو لگانے کو مکروہ سمجھتے ہیں

(٢٦٨٦٢) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ خَرَجَ يَوْمَ عِيدٍ ، فَمَرَّ بِالنِّسَاءِ ، فَوَجَدَ رِيحَ رَأْسِ امْرَأَةٍ فَقَالَ :مَنْ صَاحِبَةُ هَذَا ؟ أَمَا لَوْ عَرَفْتُهَا لَفَعَلْت وَفَعَلْت ، إِنَّمَا تَطَيَّبُ الْمَرْأَةُ لِزَوْجِهَا، فَإِذَا خَرَجَتْ لَبِسَتْ أُطَيْمِرَهَا ، أَوْ أُطَيْمِرَ خَادِمِهَا ، فَتَحَدَّثَ النِّسَاءُ ، أَنَّهَا قَامَتْ عَن حَدَثٍ.

(۲۶۸۶۲) حضرت ابراہیم رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ عید کے دن نکلے، آپ رضی اللہ عنہ کا گزر عورتوں کے پاس سے ہوا، تو آپ رضی اللہ عنہ کو کسی عورت کے سر سے خوشبو محسوس ہوئی، آپ رضی اللہ عنہ نے پوچھا: یہ خوشبو والی عورت کون ہے؟ اگر میں نے اس کو پہچان لیا تو میں اس کو ایسی اور ایسی سزا دوں گا، اس لیے کہ عورت صرف اپنے خاوند کے لیے خوشبو لگا سکتی ہے۔ اور جب وہ نکلے تو اپنے کوئی بوسیدہ یا اپنی خادمہ کے بوسیدہ کپڑے پہن لے، اس پر عورتوں نے بتایا کہ یہ عورت حدث کی وجہ سے اٹھی ہے۔

(٢٦٨٦٣) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَن ثَابِتِ بْنِ عُمَارَةَ ، عَن غُنَيْمِ بْنِ قَيْسٍ ، عَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ :أَيُّمَا امْرَأَةٍ استعْطَرَتْ ، ثُمَّ خَرَجَتْ لتُوجَدَ رِيحُهَا فَهِي فَاعِلَة ، وَكُل عَين فَاعِلَة.

(۲۶۸۶۳) حضرت غنیم بن قیس رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جو کوئی عورت خوشبو لگائے، پھر وہ نکلے تا کہ اس کی خوشبو پھیلے، پس یہ عورت زنا کرنے والی ہے اور ہر آنکھ زنا کرنے والی ہوگی۔

(٢٦٨٦٤) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُبَيْدِ اللهِ ، عَنْ عُبَيْدٍ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :أَيُّمَا امْرَأَةٍ تَطَيَّبَتْ ثُمَّ خَرَجَتْ إِلَى الْمَسْجِدِ لِيُوجَدَ رِيحُهَا ، لَمْ تُقْبَلْ لَهَا صَلاَةٌ حَتَّى تَغْتَسِلَ اغْتِسَالَهَا مِنَ الْجَنَابَةِ. (ابو داؤد ۴۱۷۱۔ احمد ۲/ ۲۴۶)

(۲۶۸۶۴) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو کوئی عورت خوشبو لگائے پھر مسجد کی طرف نکلے تا کہ اس کی خوشبو محسوس کی جائے، تو اس کی نماز قبول نہیں ہوتی یہاں تک کہ وہ جنابت کے غسل کی طرح غسل کر لے۔

(٢٦٨٦٥) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ ، عَن مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلاَنَ ، عَن يَعْقُوبَ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ الأَشَجِّ ، عَن بُسْرِ بْنِ سَعِيدٍ ، عَن زَيْنَبَ امْرَأَةِ عَبْدِ اللهِ قَالَتْ :قَالَ لَنَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :إِذَا خَرَجَتْ إِحْدَاكُنَّ إِلَى الْمَسْجِدِ فَلاَ تَمَسَّ طِيباً. (مسلم ۳۲۸۔ احمد ۶/ ۳۶۳)

(۲۶۸۶۵) حضرت زینب رضی اللہ عنہا جو حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی زوجہ ہیں وہ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں ارشاد فرمایا: جب تم میں سے کوئی عورت مسجد کی طرف نکلے تو اس کو چاہیے کہ وہ خوشبو مت لگائے۔

(٢٦٨٦٦) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ أَبِي الْعُمَيْسِ ، عَنِ الْقَاسِمِ بن أَبِي بَزَّةَ ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُودٍ ،

أَنَّهُ وَجَدَ مِنِ امْرَأَتِهِ رِيحَ مِجْمَرٍ وَهِيَ بِمَكَّةَ ، فَأَقْسَمَ عَلَيْهَا أَلاَّ تَخْرُجَ تِلْكَ اللَّيْلَةَ.

(۲۶۸۶۶) حضرت ابوعبیدہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے اپنی بیوی سے عود کی خوشبو محسوس کی اس حال میں کہ وہ مکہ میں تھی، آپ رضی اللہ عنہ نے اس کو قسم دی کہ وہ اس رات نہیں نکلے گی۔

(٢٦٨٦٧) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ كَثِيرِ بْنِ زَيْدٍ ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ سُرَاقَةَ ، عَنْ أُمِّهِ قَالَتْ : نَزَلَ بِي حَمَوِيٌّ فَمَسِسْتُ طِيبًا ، ثُمَّ خَرَجْتُ فَأَرْسَلَتْ إِلَيَّ حَفْصَةُ : إِنَّمَا الطِّيبُ لِلْفِرَاشِ.

(۲۶۸۶۷) حضرت عثمان بن عبداللہ بن سراقہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میری والدہ نے ارشاد فرمایا: کہ میرے دیور نے میرے پاس قیام کیا تو میں نے خوشبو لگائی پھر میں نکلی، تو حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا نے میری طرف قاصد کے ذریعے پیغام بھیجا کہ بے شک خوشبو تو خاوند کے لیے لگائی جاتی ہے۔

(٢٦٨٦٨) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، أَنَّ امْرَأَتَهُ اسْتَأْذَنَتْهُ أَنْ تَأْتِيَ أَهْلَهَا ، فَأَذِنَ لَهَا فَوَجَدَ بِهَا رِيحَ دُخْنَةٍ فحبسها ، وَقَالَ : إِنَّ الْمَرْأَةَ إِذَا تَطَيَّبَتْ ثُمَّ خَرَجَتْ فَإِنَّمَا طِيبُهَا شَنَارٌ فِيهِ نَارٌ.

(۲۶۸۶۸) حضرت اعمش رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ سے ان کی بیوی نے اپنے گھر والوں کے پاس جانے کی اجازت مانگی تو آپ رحمۃ اللہ علیہ نے اسے اجازت دے دی۔ پھر آپ رحمۃ اللہ علیہ کو اس سے دھونی کی خوشبو محسوس ہوئی تو آپ رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو روک دیا اور فرمایا: بے شک عورت جب خوشبو لگائے پھر گھر سے نکلے، تو اس کی خوشبو میں ایسا فتنہ ہے جس میں آگ ہے۔

(٢٦٨٦٩) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُبَيْدَةَ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ قَالَ : زَارَتْ أَسْمَاءُ أُخْتَهَا عَائِشَةَ ، وَالزُّبَيْرُ غَائِبٌ ، فَدَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَجَدَ رِيحَ طِيبٍ فَقَالَ : مَا عَلَى امْرَأَةٍ أَنْ لاَ تَطَيَّبَ وَزَوْجُهَا غَائِبٌ. (طبرانی ۲۸۰)

(۲۶۸۶۹) حضرت محمد بن منکدر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت اسماء رضی اللہ عنہا اپنی بہن حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے ملاقات کے لیے آئیں اس حال میں کہ حضرت زبیر رضی اللہ عنہ موجود نہیں تھے۔ پس نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم داخل ہوئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پاکیزہ خوشبو محسوس کی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عورت کے لیے درست نہیں ہے کہ وہ خوشبو لگائے جبکہ اس کا خاوند موجود نہ ہو۔

(١٥٨) فِي تنحِيةِ الأذى عنِ الطَّرِيقِ

راستہ سے تکلیف دہ چیز ہٹا دینے کا بیان

(٢٦٨٧٠) حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ الأَحْمَرُ ، عَنِ ابْنِ عَجْلاَنَ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ دِينَارٍ ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : الإِيمَانُ سِتُّونَ ، أَوْ سَبْعُونَ ، أَوْ بِضْعَةٌ وَاحِدُ الْعَدَدَيْنِ : أَعْلاَهَا شَهَادَةُ أَنْ لاَ إِلَهَ إِلاَّ اللَّهُ ، وَأَدْنَاهَا إِمَاطَةُ الأَذَى عَنِ الطَّرِيقِ ، وَالْحَيَاءُ شُعْبَةٌ مِنَ الإِيمَانِ. (بخاری ۹۔ مسلم ۶۳)

(۲۶۸۷۰) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ ایمان کے ساٹھ یا ستر یا کچھ زائد شعبے ہیں۔ ان دونوں میں سے ایک عدد ارشاد فرمایا..... ان میں سے بلند ترین لا الہ الا اللہ کی گواہی دینا ہے اور سب سے آسان تکلیف دہ چیز کو راستہ سے ہٹانا ہے، اور حیاء بھی ایمان کا حصہ ہے۔

(۲۶۸۷۱) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ أَبَانَ بْنِ صَمْعَةَ ، عَنْ أَبِي الْوَازِعِ ، عَنْ أَبِي بَرْزَةَ قَالَ : قُلْتُ : يَا رَسُولَ اللهِ ، دُلَّنِي عَلَى عَمَلٍ أَنْتَفِعُ بِهِ ، قَالَ : نَحِّ الأَذَى عَنْ طَرِيقِ الْمُسْلِمِينَ. (مسلم ۲۰۲۱۔ ابن ماجه ۳۶۸۱)

(۲۶۸۷۱) حضرت ابو برزہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! میری کسی ایسے عمل پر راہنمائی فرما دیجئے جس پر عمل کرنے سے مجھے فائدہ ہو، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کہ مسلمانوں کے راستہ سے تکلیف دہ چیز کو ہٹاؤ۔

(۲۶۸۷۲) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ قَالَ : أَخْبَرَنَا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ قَالَ : حَدَّثَنَا بَشَّارُ بْنُ أَبِي سَيْفٍ ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ ، عَنْ عِيَاضِ بْنِ غُطَيْفٍ ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ ، قَالَ : سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ : مَنْ عَادَ مَرِيضًا ، أَوْ أَنْفَقَ عَلَى أَهْلِهِ ، أَوْ مَازَ أَذًى عَنْ طَرِيقٍ فَحَسَنَةٌ بِعَشْرَةِ أَمْثَالِهَا.

(۲۶۸۷۲) حضرت ابو عبیدہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یوں ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ جو شخص مریض کی عیادت کرے یا اپنے گھر والوں پر مال خرچ کرے یا راستہ سے تکلیف دہ چیز کو ہٹا دے تو ایک نیکی کا بدلہ دس کے برابر ہوگا۔

(۲۶۸۷۳) حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ الأَحْمَرُ ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَبَّانَ قَالَ : خَرَجَ رَجُلٌ مَعَ مُعَاذٍ ، فَجَعَلَ لاَ يَرَى أَذًى فِي طَرِيقٍ إِلاَّ نَحَّاهُ ، فَلَمَّا رَأَى ذَلِكَ الرَّجُلُ جَعَلَ لاَ يَمُرُّ بِشَيْءٍ إِلاَّ نَحَّاهُ ، فَقَالَ لَهُ : مَا حَمَلَكَ عَلَى هَذَا ؟ قَالَ : الَّذِي رَأَيْتُكَ تَصْنَعُ ، قَالَ : أَصَبْتَ ، أَوْ أَحْسَنْتَ ، إِنَّهُ مَنْ أَمَاطَ أَذًى ، عَنْ طَرِيقٍ كُتِبَتْ لَهُ حَسَنَةٌ ، وَمَنْ كُتِبَتْ لَهُ حَسَنَةٌ دَخَلَ الْجَنَّةَ.

(۲۶۸۷۳) حضرت محمد بن یحییٰ بن حبان رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کے ساتھ نکلا، وہ شخص راستہ میں کوئی بھی تکلیف دہ چیز دیکھتا تو اسے ہٹا دیتا، جب آپ رضی اللہ عنہ نے اس شخص کو دیکھا کہ یہ جو بھی تکلیف دہ چیز دیکھتا ہے تو اس کو راستہ سے ہٹا دیتا ہے، تو آپ رضی اللہ عنہ نے اس سے پوچھا کہ کس بات نے تجھے اس فعل پر اُبھارا؟ اس نے کہا: کہ میں نے آپ رضی اللہ عنہ کو ایسا کرتے ہوئے دیکھا تھا۔ آپ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: تحقیق تو نے ٹھیک کیا یا یوں فرمایا: کہ تو نے اچھا کام کیا۔ اس لیے کہ جو شخص راستہ سے تکلیف دہ چیز ہٹاتا ہے تو اس کے لیے ایک نیکی لکھ دی جاتی ہے اور جس کے لیے ایک نیکی لکھ دی جائے تو وہ جنت میں داخل ہوگا۔

(۲۶۸۷۴) حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُوسَى ، قَالَ : سَمِعْتُ أَبَا هِلاَلٍ قَالَ : حَدَّثَنَا قَتَادَةُ ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ : كَانَتْ شَجَرَةٌ عَلَى طَرِيقِ النَّاسِ ، فَكَانَتْ تُؤْذِيهِمْ ، فَعَزَلَهَا رَجُلٌ ، عَنْ طَرِيقِ النَّاسِ ، قَالَ : قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : فَلَقَدْ رَأَيْتُهُ يَتَقَلَّبُ فِي ظِلِّهَا فِي الْجَنَّةِ. (احمد ۱۵۴۔ ابو یعلی ۳۰۴۸)

(۲۶۸۷۴) حضرت قتادہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: کہ لوگوں کے راستہ میں ایک درخت تھا جو لوگوں کی

تکلیف کا باعث تھا، پس کسی آدمی نے راستہ سے اسے ہٹا دیا، تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا: کہ تحقیق میں نے اسے خواب میں دیکھا کہ وہ جنت میں اس درخت کے سایہ کے نیچے گھوم رہا تھا۔

(٢٦٨٧٥) حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ : كَانَ عَلَى طَرِيقٍ غُصْنُ شَجَرَةٍ يُؤْذِي النَّاسَ ، فَأَمَاطَهَا رَجُلٌ فَأُدْخِلَ الْجَنَّةَ. (ابن ماجه ٣٦٨٢)

(۲۶۸۷۵) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: کہ ایک راستہ میں درخت کی ٹہنی تھی جو لوگوں کی تکلیف کا باعث بنتی تھی، پس کسی آدمی نے اسے ہٹا دیا تو اس وجہ سے اسے جنت میں داخل کر دیا گیا۔

(٢٦٨٧٦) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ قَالَ : أَخْبَرَنَا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ ، عَنْ وَاصِلٍ مَوْلَى أَبِي عُيَيْنَةَ ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عَقِيلٍ ، عَنْ يَحْيَى بْنِ يَعْمُرَ ، عَنْ أَبِي ذَرٍّ ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ : عُرِضَتْ عَلَيَّ أُمَّتِي بِأَعْمَالِهَا ، حَسَنِهَا وَسَيِّئِهَا ، فَرَأَيْت فِي مَحَاسِنِ أَعْمَالِهَا الأَذَى يُنَحَّى عَنِ الطَّرِيقِ ، وَرَأَيْت فِي سَيِّىءِ أَعْمَالِهَا النُّخَامَةُ فِي الْمَسْجِدِ لاَ تُدْفَنُ. (مسلم ٣٩٠ـ احمد ٥/ ١٨٠)

(۲۶۸۷۶) حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: کہ مجھ پر میری امت کے اچھے اور برے اعمال پیش کیے گئے تو میں نے ان کے اچھے اعمال میں سے یہ دیکھا کہ وہ راستہ سے تکلیف دہ چیز ہٹانا تھا اور میں نے ان کے برے اعمال میں دیکھا کہ وہ مسجد میں تھوک کر اس پر مٹی نہ ڈالنا تھا۔

(١٥٩) فِي التَّحَشُّشِ على الطَّرِيقِ

راستہ پر قضائے حاجت کرنے کا بیان

(٢٦٨٧٧) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ قَالَ : حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بن قَيْسٍ ، قَالَ : سَمِعْتُ سَعْدًا يَقُولُ : اتَّقُوا هَذِي الْمُلاَعِنِ ، ثُمَّ قَالَ إِسْمَاعِيلُ : يَعْنِي التَّحَشُّشَ عَلَى ظَهْرِ الطَّرِيقِ.

(۲۶۸۷۷) حضرت اسماعیل بن قیس رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت سعد رضی اللہ عنہ کو یوں فرماتے ہوئے سنا کہ ان ملعون جگہوں سے بچو۔ پھر حضرت اسماعیل رحمہ اللہ نے فرمایا یعنی راستہ کے درمیان قضائے حاجت کرنے سے۔

(٢٦٨٧٨) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنْ عَاصِمٍ ، عَنْ عَوْنِ بْنِ عَبْدِ اللهِ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ : إِيَّاكُمْ وَالْمُلاَعِن ، قَالُوا : وَمَا الْمُلاَعِنُ ؟ قَالَ : قَارِعَةُ الْجُلُوسِ عَلَى الطَّرِيقِ وَتَحْتَ الشَّجَرَةِ يَسْتَظِلُّ تَحْتَهَا الرَّاكِبُ.

(مسلم ٢٢٦ـ ابو داؤد ٢٦)

(۲۶۸۷۸) حضرت عون بن عبداللہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا کہ تم ان ملعون جگہوں سے بچو۔ تو لوگوں نے پوچھا: ملعون جگہیں کیا ہیں؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ راستہ کے درمیان بیٹھنے اور اس درخت کے نیچے بیٹھنے سے جن کے

نیچے سوار سایہ حاصل کرتے ہیں۔

(٢٦٨٧٩) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ قَالَ :أَخْبَرَنَا هِشَامٌ ، عَنِ الْحَسَنِ ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :لاَ تَنْزِلُوا عَلَى جَوَادِّ الطَّرِيقِ ، وَلاَ تَقْضُوا عَلَيْهَا الْحَاجَاتِ.

(۲۶۸۷۹) حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم راستے کے درمیان میں قیام کرنے سے بچو اور نہ ہی ان جگہوں پر قضائے حاجت کرو۔

(١٦٠) التَّطيّب بِالمِسكِ

مشک خوشبو لگانے کا بیان

(٢٦٨٨٠) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ خُلَيْدِ بْنِ جَعْفَرٍ ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَكَرَ الْمِسْكُ فَقَالَ :هُوَ أَطْيَبُ طِيبِكُمْ. (مسلم ١٧٦٦)

(۲۶۸۸۰) حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مشک کا ذکر کیا اور فرمایا کہ یہ تمہاری خوشبوؤں میں پاکیزہ ترین خوشبو ہے۔

(٢٦٨٨١) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ ، عَنِ ابن عُمَرَ قَالَ :أَطْيَب طيبكم :الْمِسْكُ.

(۲۶۸۸۱) حضرت ابن سیرین رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: تمہاری خوشبوؤں میں پاکیزہ ترین خوشبو مشک ہے۔

(٢٦٨٨٢) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ إِسْمَاعِيلَ ، عَنْ عُبَيْدٍ مَوْلَى سَلَمَةَ ، عَنْ سَلَمَةَ ، أَنَّهُ كَانَ إِذَا تَوَضَّأَ أَخَذَ الْمِسْكَ فَمَسَحَ بِهِ وَجْهَهُ وَيَدَيْهِ.

(۲۶۸۸۲) حضرت سلمہ رضی اللہ عنہ جب وضو کرتے تو مشک خوشبو لیتے اور اسے اپنے چہرے اور ہاتھوں پر مل لیتے۔

(٢٦٨٨٣) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ قَيْسٍ ، عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ :كَانَ عَبْدُ اللهِ بْنُ جَعْفَرٍ يَسْحَقُ الْمِسْكَ ، ثُمَّ يَجْعَلُهُ عَلَى يَافُوخِهِ.

(۲۶۸۸۳) امام شعبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ مشک کو پیس کر اس کا سفوف بناتے پھر اسے اپنے سر کے اوپر والے حصہ میں ڈال لیتے۔

(٢٦٨٨٤) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنِ الرَّبِيعِ ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ قَالَ :لاَ بَأْسَ بِالْمِسْكِ لِلْحَيِّ وَالْمَيِّتِ.

(۲۶۸۸۴) حضرت ربیع رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن سیرین رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا کہ زندہ اور مردہ کے مشک لگانے میں کوئی حرج نہیں۔

(١٦١) من كره المسك

جو مشک لگانے کو مکروہ سمجھتے

(٢٦٨٨٥) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنِ ابْنِ أَبِي رَوَّادٍ ، عَنِ الضَّحَّاكِ قَالَ : الْمِسْكُ مَيْتَةٌ وَدَمٌ.

(۲۶۸۸۵) حضرت ابن ابی روّاد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت ضحاک رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا: کہ مشک تو مردار اور خون ہے۔

(٢٦٨٨٦) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ لَيْثٍ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ، أَنَّهُ كَرِهَ أَنْ يُجْعَلَ الْمِسْكُ فِي الْمُصْحَفِ.

(۲۶۸۸۶) حضرت لیث رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت مجاہد رحمۃ اللہ علیہ نے قرآن مجید کے نسخہ میں مشک لگانے کو مکروہ سمجھا۔

(٢٦٨٨٧) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنِ الرَّبِيعِ ، عَنِ الْحَسَنِ ، أَنَّهُ كَانَ يَكْرَهُ الْمِسْكَ لِلْحَيِّ وَالْمَيِّتِ.

(۲۶۸۸۷) حضرت ربیع رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ زندہ اور مردہ کے مشک لگانے کو مکروہ سمجھتے تھے۔

(١٦٢) فِي المبيتِ على السّطحِ

چھت پر رات گزارنے کا بیان

(٢٦٨٨٨) حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ مُسْلِمٍ ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ عُمَارَةَ قَالَ : جَاءَ أَبُو أَيُّوبَ ، فَأَرَادَ أَنْ يَبِيتَ عَلَى سَطْحٍ لَنَا أَجْلَحَ ، قَالَ : كِدْتُ أَنْ أَبِيتَ اللَّيْلَةَ لاَ ذِمَّةَ لِي.

(۲۶۸۸۸) حضرت علی بن عمارہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ آئے اور انہوں نے ارادہ کیا کہ وہ ہماری بغیر دیوار کی چھت پر رات گزاریں، فرمایا کہ قریب ہے کہ میں رات گزاروں اس حال میں کہ میری کوئی ذمہ داری نہیں۔

(٢٦٨٨٩) حَدَّثَنَا مَرْوَانُ ، عَنِ الْعَلاَءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ قَالَ : سَأَلْتُ مُجَاهِدًا عَنِ الرَّجُلِ يَنَامُ فَوْقَ السَّطْحِ لَيْسَ عَلَيْهِ حَائِطٌ ، فَقَالَ مُجَاهِدٌ : إِنَّمَا قِيلَ ذَاكَ لِمَنْ سَقَطَ فَمَاتَ.

(۲۶۸۸۹) حضرت علاء بن عبدالرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت مجاہد رحمۃ اللہ علیہ سے سوال کیا اس شخص کے بارے میں جو بغیر دیوار والی چھت پر سو جائے؟ حضرت مجاہد رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: یہ تو اس شخص کو کہا جاتا ہے جو گرتا ہے تو مر جاتا ہے۔

(١٦٣) فِي الرّجلِ يصِل مَنْ كَانَ أبوه يصِل

اس آدمی کا بیان جو اس شخص سے صلہ رحمی کرے جس سے اس کا والد صلہ رحمی کرتا ہے

(٢٦٨٩٠) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنِ ابْنِ عَمْرِو بْنِ عَلْقَمَةَ ، عَنِ ابْنِ أَبِي حُسَيْنٍ قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لاَ تَقْطَعْ مَنْ كَانَ يَصِلُ أَبَاكَ ، يُطْفَأْ بِذَلِكَ نُورُكَ ، إِنَّ وِدَّكَ وِدُّ أَبِيكَ. (مسلم ۱۱۔ ابوداؤد ۵۱۰۰)

(۲۶۸۹۰) حضرت ابن ابی حسین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ قطع رحمی مت کرو اس سے جس سے تمہارے والد صلہ رحمی کرتے تھے، اس سے تمہارا نور بجھ جائے گا اس لیے کہ تمہارا تعلق دار تمہارے والد کا تعلق دار ہے۔

(٢٦٨٩١) حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ ، عَنْ هَارُونَ بْنِ عَنتَرَةَ ، عَنْ عَوْنِ بْنِ عَبْدِ اللهِ قَالَ :قَالَ عَبْدُ اللهِ :صِلْ مَنْ كَانَ أَبُوكَ يُوَاصِلُ ، فَإِنَّ صِلَةً لِلْمَيِّتِ فِي قَبْرِهِ أَنْ تَصِلَ مَنْ كَانَ يُوَاصِلُ.

(۲۶۸۹۱) حضرت عون بن عبداللہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: کہ اس کے ساتھ صلح رحمی کرو جس کے ساتھ تمہارے والد صلہ رحمی کرتے تھے اس لیے کہ قبر میں موجود میت سے صلح رحمی یہی ہے کہ تم اس شخص سے صلہ رحمی کرو جس سے یہ صلہ رحمی کرتا تھا۔

(٢٦٨٩٢) حَدَّثَنَا عَفَّانُ قَالَ :حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ ، عَنْ ثَابِتٍ ، عَنْ بِلاَلٍ ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ :إِنْ مِنْ صِلَةِ الرَّجُلِ أَبَاهُ أَنْ يَصِلَ إِخْوَانَهُ الَّذِينَ كَانَ يَصِلُهُمْ ، قَالَ حَمَّادٌ :أَحْسَبُهُ ، عَنْ أَبِي مُوسَى ، قِيلَ لِحَمَّادٍ :بِلاَلُ بْنُ أَبِي بُرْدَةَ ؟ قَالَ :نَعَمْ.

(۲۶۸۹۲) حضرت بلال رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ان کے والد حضرت ابو بردہ رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: کہ بے شک آدمی کی اپنے والد سے صلہ رحمی یہ ہے کہ وہ اس کے بھائیوں سے صلہ رحمی کرے جن سے وہ خود صلہ رحمی کرتا تھا۔

حضرت حماد رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میرا گمان ہے کہ یہ حضرت ابو موسی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے اور حضرت حماد رحمہ اللہ سے پوچھا گیا کہ کیا بلال بن ابو بردہ رحمہ اللہ مراد ہیں۔ آپ رحمہ اللہ نے فرمایا: جی ہاں۔

(٢٦٨٩٣) حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ قَالَ :حَدَّثَنَا هِشَامٌ ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ :مَكْتُوبٌ فِي التَّوْرَاةِ :أَحْبِبْ حَبِيبَكَ وَحَبِيبَ أَبِيكَ.

(۲۶۸۹۳) حضرت ھشام رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ان کے والد حضرت عروہ رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: کہ تورات میں یوں لکھا ہے کہ تم اپنے محبوب اور اپنے والد کے محبوب سے محبت کرو۔

(١٦٤) فِي تتريب الكِتَابِ

لکھے ہوئے پر مٹی چھڑکنے کا بیان

(٢٦٨٩٤) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ قَالَ :أَخْبَرَنَا أَبُو عَقِيلٍ قَالَ :حَدَّثَنَا سَلَمَةُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ ، أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ قَالَ :تَرِّبُوا صُحُفَكُمْ أَنْجَحُ لَهَا.

(۲۶۸۹۴) حضرت سلمہ بن عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: تم اپنے صحیفوں پر مٹی چھڑک لیا کرو، یہ اس کے مقصد میں کامیابی ہے۔

(٢٦٨٩٥) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ قَالَ :أَخْبَرَنَا بَقِيَّةُ قَالَ :حَدَّثَنَا أَبُو أَحْمَدَ الدِّمَشْقِيُّ ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ ، عَنْ جَابِرٍ ،

أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ :تَرِّبُوا صُحُفَكُمْ أَنْجَحُ لَهَا وَالتُّرَابُ مُبَارَكٌ.

(ترمذی ۲۷۱۳۔ ابن ماجه ۳۷۷۴)

(۲۶۸۹۵) حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کہ تم اپنے صحیفوں پر مٹی چھڑک لیا کرو، یہ اس کے مقصد میں کامیابی ہے، اور مٹی بابرکت چیز ہے۔

(۲۶۸۹۶) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ قَالَ :أَخْبَرَنَا أَبُو شَيْبَةَ ، عَنْ رَجُلٍ ، عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :تَرِّبُوا صُحُفَكُمْ أَعْظَمُ لِلْبَرَكَةِ.

(۲۶۸۹۶) امام شعبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم اپنے صحیفوں پر مٹی چھڑک لیا کرو، یہ بہت برکت کا باعث ہے۔

(١٦٥) فِي ردِّ جوابِ الكِتابِ

خط کا جواب دینے کا بیان

(۲۶۸۹۷) حَدَّثَنَا شَرِيكٌ ، عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ ذُرَيْحٍ ، عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ :قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ :إِنِّي لَأَرَى لِجَوَابِ الْكِتَابِ عَلَيَّ حَقًّا كَرَدِّ السَّلَامِ. (ابن عدی ۱۷۶)

(۲۶۸۹۷) امام شعبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا کہ میں سمجھتا ہوں کہ خط کا جواب دینا مجھ پر سلام کے جواب دینے کی طرح لازم ہے۔

(١٦٦) فِي ركوبِ ثلاثةٍ على دابّةٍ

ایک سواری پر تین لوگوں کے سوار ہونے کا بیان

(۲۶۸۹۸) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ عَاصِمٍ الأَحْوَلِ ، عَنْ عَامِرٍ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ :مَا كُنْتُ أُبَالِي لَوْ كُنْتُ عَاشِرَ عَشَرَةٍ عَلَى دَابَّةٍ بَعْدَ أَنْ تُطِيقَنَا.

(۲۶۸۹۸) حضرت عامر رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: کہ میں پروانہیں کرتا کہ میں کسی سواری پر دس کا دسواں ہوں اس بات کے بعد کہ وہ ہمیں اٹھانے کی طاقت رکھتا ہو۔

(۲۶۸۹۹) حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنْ خَالِدٍ ، عَنْ عِكْرِمَةَ ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَلَقَّاهُ غِلْمَانٌ مِنْ بَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ ، فَحَمَلَ وَاحِدًا بَيْنَ يَدَيْهِ وَالآخَرَ خَلْفَهُ. (عبدالرزاق ۱۹۴۸۲)

(۲۶۸۹۹) حضرت عکرمہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو بنو عبدالمطلب کے دو لڑکے ملے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان میں سے

ایک کو اپنے آگے اور دوسرے کو پیچھے سوار کر لیا۔

(٢٦٩٠٠) حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنِ حَبِيبِ بْنِ الشَّهِيدِ ، عَنِ ابْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ قَالَ :قَالَ عَبْدُ اللهِ بْنُ جَعْفَرٍ لابْنِ الزُّبَيْرِ : أَتَذْكُرُ إِذْ تَلَقَّيْنَا رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَا وَأَنْتَ ، وَابْنُ عَبَّاسٍ ؟ قَالَ :نَعَمْ ، فَحَمَلَنَا وَتَرَكَكَ.

(مسلم ١٨٨٥۔ احمد ١/ ٢٠٣)

(۲۶۹۰۰) حضرت ابن ابی ملیکہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ نے حضرت ابن زبیر رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ کیا تمہیں یاد ہے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے، تمہیں اور ابن عباس رضی اللہ عنہ کو ملے تھے؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہاں، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم دونوں کو سوار کر لیا تھا اور تمہیں چھوڑ دیا تھا۔

(٢٦٩٠١) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ عَاصِمٍ قَالَ :حَدَّثَنَا مُوَرِّقٌ الْعِجْلِيّ قَالَ :حَدَّثَنِي عَبْدُ اللهِ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا قَدِمَ مِنْ سَفَرٍ تُلُقِّيَ بِنَا ، قَالَ: فَتُلُقِّيَ بِي ، وَبِالْحَسَنِ، أَوْ بِالْحُسَيْنِ ، قَالَ :فَحَمَلَ أَحَدَنَا بَيْنَ يَدَيْهِ ، وَالآخَرَ خَلْفَهُ ، حَتَّى دَخَلْنَا الْمَدِينَةَ. (ابو داؤد ٢٥٥٩۔ احمد ٢٠٣)

(۲۶۹۰۱) حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی سفر سے واپس آتے اور ہم سے ملاقات ہو جاتی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم مجھ سے اور حضرت حسن رضی اللہ عنہ یا حضرت حسین رضی اللہ عنہ سے ملتے پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم ایک کو اپنے آگے اور دوسرے کو اپنے پیچھے سوار کر لیتے یہاں تک کہ ہم مدینہ منورہ میں داخل ہو جاتے۔

(٢٦٩٠٢) حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ ، عَنْ سُفْيَانَ الْعَطَّارِ ، قَالَ :رَأَيْتُ الشَّعْبِيَّ مُرْتَدِفًا خَلْفَ رَجُلٍ ، قَالَ :وَكَانَ يَقُولُ : صَاحِبُ الدَّابَّةِ أَحَقُّ بِمُقَدَّمِهَا.

(۲۶۹۰۲) حضرت سفیان بن عطار رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے امام شعبی رحمۃ اللہ علیہ کو دیکھا کہ وہ سواری پر کسی آدمی کے پیچھے بیٹھے ہوتے تھے اور فرما رہے تھے کہ سواری کا مالک آگے بیٹھنے کا زیادہ حقدار ہے۔

(١٦٧) من كره ركوب ثلاثةٍ على الدّابّةِ

جو سواری پر تین لوگوں کے سوار ہونے کو مکروہ سمجھے

(٢٦٩٠٣) حَدَّثَنَا عَبْدُالْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ، عَنْ خَالِدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، أَنَّهُ كَانَ يَكْرَهُ أَنْ يَرْكَبَ ثَلاَثَةٌ عَلَى دَابَّةٍ.

(۲۶۹۰۳) حضرت خالد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت محمد بن سیرین رحمۃ اللہ علیہ ایک سواری پر تین آدمیوں کے سوار ہونے کو مکروہ سمجھتے تھے۔

(٢٦٩٠٤) حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ ، عَنِ الأَجْلَحِ ، عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ :أَيُّمَا ثَلاَثَةٍ رَكِبُوا عَلَى دَابَّةٍ فَأَحَدُهُمْ مَلْعُونٌ.

(۲۶۹۰۴) حضرت اجلح رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ امام شعبی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ جو کوئی بھی تین آدمی ایک سواری پر سوار ہوئے تو ان میں سے ایک ملعون ہوگا۔

(٢٦٩٠٥) حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ ، عَنْ جَبْرِيلَ بْنِ أَحْمَرَ ، عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ قَالَ :رَآنِي أَبِي رِدْفَ ثَالِثٍ فَقَالَ :مَلْعُونٌ.

(۲۶۹۰۵) حضرت ابن بریدہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میرے والد نے مجھے دیکھا کہ میں سوار کے پیچھے تیسرا سوار تھا تو آپ رحمہ اللہ نے فرمایا: ملعون شخص۔

(٢٦٩٠٦) حَدَّثَنَا شَرِيكٌ ، عَنْ جَابِرٍ ، عَنْ عَامِرٍ قَالَ :خَرَجْتُ إِلَى الْحِيرَةِ أَنْظُرُ إِلَى الْفِيلِ ، فَرَأَيْت الْحَارِثَ الأَعْوَرَ رَاكِبًا وَخَلْفَهُ رِدْفٌ ، قَالَ :فَقَالَ :لَوْ صَلُحَ ثَلاَثَةٌ حَمَلْنَاك.

(۲۶۹۰۶) حضرت جابر رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عامر رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: کہ میں حیرہ مقام کی طرف نکلا تا کہ میں ہاتھی دیکھوں، پس میں نے حضرت حارث اعور رحمہ اللہ کو سوار دیکھا اس حالت میں کہ ان کے پیچھے کوئی سوار تھا۔ آپ رحمہ اللہ نے فرمایا: اگر یہ سواری تیسرے کی صلاحیت رکھتی تو ہم آپ رحمہ اللہ کو بھی سوار کر لیتے۔

(٢٦٩٠٧) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ ، عَنْ حسن ، عَنْ مُهَاجِرِ بْنِ قُنْفُذٍ قَالَ :كُنَّا نَتَحَدَّثُ مَعَهُ إِذْ مَرَّ ثَلاَثَةٌ عَلَى حِمَارٍ ، فَقَالَ لِلآخِرِ مِنْهُمْ :انْزِلْ لَعَنَك اللَّهُ ، قَالَ :فَقِيلَ لَهُ :تَلْعَنُ هَذَا الإِنْسَان ؟ قَالَ :فَقَالَ :إِنَّا قَدْ نُهِينَا عَنْ هَذَا :أَنْ يَرْكَبَ الثَّلاَثَةُ عَلَى الدَّابَّةِ. (طبرانی ۷۸۲)

(۲۶۹۰۷) حضرت حسن رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت مہاجر بن قنفذ رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا کہ ہم لوگ آپس میں گفتگو کر رہے تھے کہ اتنے میں ایک گدھے پر سوار تین لوگ گزرے۔ ان میں سے ایک نے دوسرے کو کہا: اتر جا اللہ تجھ پر لعنت کرے، اس لعنت کرنے والے کو کہا گیا کہ تو انسان کو لعنت کرتا ہے؟ اس نے جواب دیا کہ ہمیں اس بات سے منع کیا گیا ہے کہ ایک جانور پر تین لوگ سوار ہوں۔

(٢٦٩٠٨) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ أَبِي الْعَنْبَسِ ، عَنْ زَاذَانَ قَالَ :رَأَى ثَلاَثَةً عَلَى بَغْلٍ فَقَالَ لِيَنْزِلْ أَحَدُكُمْ ، فَإِنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَعَنَ الثَّالِثَ. (ابوداؤد ۲۹۹)

(۲۶۹۰۸) حضرت ابوالعنبس رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت زاذان نے ایک خچر پر تین لوگوں کو سوار دیکھا آپ رحمہ اللہ نے فرمایا: کہ چاہیے کہ تم میں سے ایک اتر جائے، اس لیے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تیسرے سوار پر لعنت فرمائی ہے۔

(١٦٨) مَنْ كَانَ لاَ يدع أحدًا مِن أهلِهِ ينام بعد الفجرِ حتّى تطلع الشّمس

جو شخص اپنے گھر والوں میں سے کسی کو نہیں چھوڑتا کہ وہ فجر کے بعد سے سورج طلوع ہونے تک سو جائیں

(٢٦٩٠٩) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ بَشِيرِ بْنِ سَلْمَانَ ، عَنْ سَيَّارٍ أَبِي الْحَكَمِ ، عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ قَالَ :كَانَ عَبْدُ اللهِ إِذَا صَلَّى الْفَجْرَ لَمْ يَدَعْ أَحَدًا مِنْ أَهْلِهِ صَغِيرًا ، وَلاَ كَبِيرًا يُطِيقُ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ.

(۲۶۹۰۹) حضرت طارق بن شہاب رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ جب فجر کی نماز پڑھ لیتے تو اپنے گھر میں کسی چھوٹے اور بڑے کو سونے کے لیے نہیں چھوڑتے تھے یہاں تک کہ سورج طلوع ہو جاتا۔

(۲۶۹۱۰) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ فُضَيْلِ بْنِ غَزْوَانَ ، عَنْ مُهَاجِرِ بْنِ شَمَّاسٍ ، عَنْ عَمِّهِ قَالَ : كُنْتُ أَخْرُجُ إِلَى جَبَّانَةٍ مِنْ هَذِهِ الْجَبَابِينِ أَنْصِبُ بِفَخٍّ لِي ، فَخَرَجْتُ ثَلاَثَ غَدَوَاتٍ أَرَى رَجُلاً بَعْدَ الْفَجْرِ جَالِسًا فِي مَكَانٍ ، قُلْتُ : يَا عَبْدَ اللهِ ، مَنْ أَنْتَ ؟ قَالَ : أَنَا حُذَيْفَةُ بْنُ الْيَمَانِ ، قَالَ : قُلْتُ : أَيُّ شَيْءٍ تَصْنَعُ هَاهُنَا ؟ قَالَ : أَنْظُرُ إِلَى الشَّمْسِ مِنْ أَيْنَ تَطْلُعُ ؟ .

(۲۶۹۱۰) حضرت مہاجر بن شماس کے چچا فرماتے ہیں کہ میں تین دن تک فجر کے بعد ایک بلند جگہ ایک آدمی کو بیٹھا دیکھتا رہا۔ میں نے اس سے پوچھا کہ اے اللہ کے بندے تم کون ہو؟ انہوں نے کہا میں حذیفہ بن یمان ہوں۔ میں نے کہا کہ تم یہاں کیا کر رہے ہو؟ انہوں نے کہا کہ میں دیکھ رہا ہوں کہ سورج کہاں سے طلوع ہوتا ہے؟

(۲۶۹۱۱) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ قَالَ : حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ قَالَ : حَدَّثَنِي قَيْسُ بْنُ أَبِي حَازِمٍ ، عَنْ مُدْرِكِ بْنِ عَوْفٍ قَالَ : مَرَرْتُ عَلَى بِلاَلٍ وَهُوَ بِالشَّامِ جَالِسٌ غُدْوَةً ، فَقُلْتُ : مَا يُجْلِسُكَ يَا أَبَا عَبْدِ اللهِ ، قَالَ : أَنْتَظِرُ طُلُوعَ الشَّمْسِ .

(۲۶۹۱۱) حضرت مدرک بن عوف رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میرا گزر حضرت بلال رضی اللہ عنہ پر ہوا اس حال میں کہ وہ شام میں تھے اور صبح کے وقت بیٹھے ہوئے تھے۔ میں نے پوچھا: اے ابوعبداللہ! کس چیز نے آپ رضی اللہ عنہ کو یہاں بٹھایا ہوا ہے؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں سورج کے طلوع ہونے کا انتظار کر رہا ہوں۔

(۲۶۹۱۲) حَدَّثَنَا أَبُو الأَحْوَصِ ، عَنْ سِمَاكٍ ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا صَلَّى الْفَجْرَ جَلَسَ فِي مُصَلاَّهُ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ .

(۲۶۹۱۲) حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب فجر کی نماز پڑھ لیتے تو اپنی جگہ پر بیٹھے رہتے یہاں تک کہ سورج طلوع ہو جاتا۔

(۲۶۹۱۳) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سَلَمَةَ ، عَنِ الضَّحَّاكِ قَالَ : عَجَبًا لأَصْحَابِ عَبْدِ اللهِ ، إِنَّهُمْ يَنْظُرُونَ إِلَى الشَّمْسِ مِنْ حَيْثُ تَطْلُعُ ، أَوَلاَ يَعْلَمُونَ أَنَّ الْفَجْرَ إِذَا طَلَعَ مِنْ مَوْضِعٍ طَلَعَتْ مِنْهُ الشَّمْسُ .

(۲۶۹۱۳) حضرت سلمہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ضحاک رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: کہ حضرت عبداللہ کے اصحاب پر تعجب ہے! کہ وہ سورج کی طرف غور سے دیکھتے ہیں جب وہ طلوع ہوتا ہے۔ کیا انہیں معلوم نہیں کہ صبح جس جگہ سے طلوع ہوتی ہے اسی جگہ سے سورج بھی طلوع ہوتا ہے۔

(۲۶۹۱۴) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ ، عَنْ أَبِي بِشْرٍ ، عَنْ جُنْدُبِ بْنِ عَبْدِ اللهِ الْبَجَلِيِّ ، ثُمَّ الْقَسْرِيِّ قَالَ : اسْتَأْذَنْتُ عَلَى حُذَيْفَةَ ثَلاَثَ مَرَّاتٍ فَلَمْ يُؤْذَنْ لِي فَرَجَعْتُ : فَإِذَا رَسُولُهُ قَدْ لَحِقَنِي فَقَالَ : مَا رَدَّكَ ؟ قُلْتُ :

ظَنَنْت أَنَّك نَائِمٌ ؟ قَالَ :مَا كُنْت لأَنَامَ حَتَّى أَنْظُرَ مِنْ أَيْنَ تَطْلُعُ الشَّمْسُ قَالَ :فَحَدَّثْتُ بِهِ مُحَمَّدًا فَقَالَ :قَدْ فَعَلَهُ غَيْرُ وَاحِدٍ مِنْ أَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

(۲۶۹۱۴) حضرت جندب بن عبد اللہ بجلی قسری رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے تین مرتبہ اجازت چاہی، انہوں نے اجازت نہیں دی تو میں واپس لوٹ گیا، اتنے میں آپ رضی اللہ عنہ کا قاصد مجھے ملا۔ اس نے پوچھا: کہ کس چیز نے آپ کو واپس لوٹا دیا؟ میں نے عرض کیا: کہ میں سمجھا کہ آپ رضی اللہ عنہ سو رہے ہیں۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں سوتا نہیں ہوں یہاں تک کہ میں دیکھ لوں کہ سورج کہاں سے طلوع ہوتا ہے۔ راوی کہتے ہیں۔ میں نے یہ حدیث امام محمد رحمہ اللہ سے بیان کی۔ تو آپ رحمہ اللہ نے فرمایا: کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے بہت سے صحابہ رضی اللہ عنہم نے یہ عمل کیا ہے۔

(۱۶۹) فِي الرَّجُلِ يبيت فِي البيتِ وحده

اس آدمی کا بیان جو تنہا گھر میں رات گزارے

(۲۶۹۱۵) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ جَابِرٍ ، عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ قَالَ :لاَ تَبِتْ فِي بَيْتٍ وَحْدَك ، فَإِنَّ الشَّيْطَانَ أَشَدُّ مَا يَكُونُ وَلَعًا.

(۲۶۹۱۵) حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابو جعفر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: کہ تم گھر میں تنہا رات مت گزارو۔ اس لیے کہ شیطان سب سے زیادہ انسان کو اس وقت اکساتا ہے جب وہ اکیلا رات گزارتا ہے۔

(۲۶۹۱۶) حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ ، عَنْ عَطَاءٍ قَالَ :نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُسَافِرَ الرَّجُلُ وَحْدَهُ ، أَوْ يَبِيتَ فِي بَيْتٍ وَحْدَهُ. (ابو داؤد ۲۶۱۱۔ احمد ۹۱)

(۲۶۹۱۶) حضرت عطاء رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آدمی کو تنہا سفر کرنے سے یا تنہا رات گزارنے سے منع فرمایا۔

(۲۶۹۱۷) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ عَاصِمِ بن مُحَمَّد ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :لَوْ يَعْلَمُ أَحَدُكُمْ مَا فِي الْوَحْدَةِ مَا سَارَ أَحَدُكُمْ بِاللَّيْلِ. (بخاری ۲۹۹۸۔ ترمذی ۱۶۷۳)

(۲۶۹۱۷) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر تم میں کوئی جان لیتا جو تنہائی میں نقصان ہے تو تم میں کوئی رات میں سفر نہ کرتا۔

(۱۷۰) مَنْ كَانَ يسرّ حديثه مِن أهلِهِ

جو شخص اپنی بات گھر والوں سے چھپاتا ہو

(۲۶۹۱۸) حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ يَزِيدَ قَالَ :كَانَ أَبِي لاَ يَأْتَمِن

عَلَى حَدِيثِهِ أَهْلَهُ ، كَانَ يَخْلُو هُوَ وَأَصْحَابُهُ فِي غُرْفَةٍ يَتَحَدَّثُونَ.

(۲۶۹۱۸) حضرت محمد بن عبداللہ بن یزید رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میرے والد اپنی باتوں کے سلسلہ میں گھر والوں پر اعتماد نہیں کرتے تھے۔ اور وہ اور ان کے دوست کمرے میں تنہا بیٹھ کر باتیں کرتے تھے۔

(۱۷۱) مَا قَالُوا فِي الطِّيَرَةِ

بدفالی کا بیان

(۲۶۹۱۹) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ سَلَمَةَ ، عَنْ عِيسَى بْنِ عَاصِمٍ ، عَنْ زِرٍّ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :الطِّيَرَةُ شِرْكٌ ، الطِّيَرَةُ شِرْكٌ ، وَمَا مِنَّا إِلاَّ ، وَلَكِنَّ اللَّهَ يُذْهِبُهُ بِالتَّوَكُّلِ.

(ابو داؤد ۳۹۰۵۔ ابن ماجه ۳۵۳۸)

(۲۶۹۱۹) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بدفالی شرک ہے۔ بدفالی شرک ہے۔ اور ہم میں سے ہر ایک کو کوئی نہ کوئی حادثہ پیش آ ہی جاتا ہے۔ لیکن اللہ توکل کرنے کی وجہ سے اس کو رفع فرما دیتے ہیں۔

(۲۶۹۲۰) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ أَبِي ثَابِتٍ ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ :سُئِلَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الطِّيَرَةِ فَقَالَ :أَحْسَنُهَا الْفَأْلُ ، وَلاَ تَرُدَّ مُسْلِمًا ، فَإِذَا رَأَى أَحَدُكُمْ مِنْ ذَلِكَ مَا يَكْرَهُ فَلْيَقُلْ :اللَّهُمَّ لاَ يَأْتِي بِالْحَسَنَاتِ ، وَلاَ يَدْفَعُ السَّيِّئَاتِ إِلاَّ أَنْتَ ، وَلاَ حَوْلَ وَلاَ قُوَّةَ إِلاَّ بِكَ.

(ابو داؤد ۳۹۱۴۔ بیهقی ۱۳۹)

(۲۶۹۲۰) حضرت عروہ بن عامر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بدفالی کے متعلق پوچھا گیا؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس میں اچھی تو نیک فال ہے اور یہ مسلمان سے کوئی چیز نہیں ہٹا سکتی اور جب تم میں کوئی ایسی بات دیکھے جس کو وہ ناپسند کرتا ہو تو اس کو چاہیے کہ وہ یہ دعا پڑھ لے۔ ترجمہ: اے اللہ! تیرے سوا کوئی بھی اچھائی کو پہنچا نہیں سکتا اور نہ کوئی برائی کو دور کر سکتا ہے۔ اور گناہوں سے بچنے کی طاقت اور نیکی کرنے کی قوت صرف تیری مدد سے ہے۔

(۲۶۹۲۱) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ أَبِي جُنَابٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :لاَ عَدْوَى ، وَلاَ طِيَرَةَ ، وَلاَ هَامَةَ ، فَقَامَ إِلَيْهِ رَجُلٌ فَقَالَ :يَا رَسُولَ اللهِ ، الْبَعِيرُ يَكُونُ بِهِ الْجَرَبُ فَتُجْرَبُ بِهِ الإِبِلُ ؟ قَالَ :ذَلِكَ الْقَدَرُ ، فَمَنْ أَجْرَبَ الأَوَّلَ ؟. (بخاری ۵۷۱۷۔ مسلم ۱۷۴۲)

(۲۶۹۲۱) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: چھوت کی کوئی حقیقت نہیں، بدفالی کی کوئی حقیقت نہیں، اور ہامہ کی کوئی حقیقت نہیں۔ ایک بدوی شخص کھڑا ہوا اور کہنے لگا۔ اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! کسی ایک اونٹ کو خارش لگی ہو تو وہ تمام اونٹوں کو خارش لگا دیتا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ بھی تقدیر ہے ورنہ پہلے کو کس نے خارش لگائی؟

(٢٦٩٢٢) حَدَّثَنَا أَبُو الأَحْوَصِ ، عَنْ سِمَاكٍ ، عَنْ عِكْرِمَةَ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :لاَ عَدْوَى لاَ طِيَرَةَ ، وَلاَ هَامَةَ وَلاَ صَفَرَ. (احمد ٢٢٩)

(۲۶۹۲۲) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: چھوت کی کوئی حقیقت نہیں، بدفالی کی کوئی حقیقت نہیں، اور ہامہ کی کوئی حقیقت نہیں اور صفر کی کوئی حقیقت نہیں۔

(٢٦٩٢٣) حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنِ الْجُرَيرِيِّ ، عَنِ الْمُضَارِبِ بْنِ حَزْنٍ قَالَ :قُلْتُ لأَبِي هُرَيْرَةَ :أَسَمِعْتَ مِنْ نَبِيِّكَ شَيْئًا فَحَدِّثْنِيهِ ، قَالَ :نَعَمْ ، قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :لاَ عَدْوَى ، وَلاَ طِيَرَةَ ، وَلاَ هَامَةَ ، وَخَيْرُ الطِّيَرَةِ الْفَأْلُ ، وَالْعَيْنُ حَقٌّ. (بخاری ۵۷۴۰۔ احمد ۲/ ۴۸۷)

(۲۶۹۲۳) حضرت مضارب بن حزن رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی خدمت میں عرض کی: آپ رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے کوئی حدیث سنی ہے تو بیان کیجئے۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جی ہاں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: چھوت کی کوئی حقیقت نہیں، بدفالی کی کوئی حقیقت نہیں، ہامہ کی کوئی حقیقت نہیں اور بہترین فال تو نیک شگونی ہے اور نظر لگنا برحق ہے۔

(٢٦٩٢٤) حَدَّثَنَا عَلِى بْنُ مُسْهِرٍ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو ، عَنْ أَبِى سَلَمَةَ ، عَنْ أَبِى هُرَيْرَةَ قَالَ :كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحِبُّ الْفَأْلَ الْحَسَنَ وَيَكْرَهُ الطِّيَرَةَ. (ابن ماجه ۳۵۳۶۔ ابن حبان ۶۱۲۱)

(۲۶۹۲۴) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نیک فال کو پسند کرتے تھے۔ اور بدفالی کو ناپسند کرتے تھے۔

(٢٦٩٢٥) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ قَالَ :أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ ، عَنْ قَتَادَةَ ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :لاَ عَدْوَى ، وَلاَ طِيَرَةَ ، وَأُحِبُّ الْفَأْلَ الصَّالِحَ. (بخاری ۵۷۵۶۔ ابن ماجه ۳۵۳۷)

(۲۶۹۲۵) حضرت قتادہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: چھوت کی کوئی حقیقت نہیں، بدفالی کی کوئی حقیقت نہیں اور میں نیک فال کو پسند کرتا ہوں۔

(٢٦٩٢٦) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ قَالَ :قَالَ عَبْدُ اللهِ :لاَ تَضُر الطِّيَرَةُ إِلاَّ مَنْ تَطَيَّرَ.

(۲۶۹۲۶) حضرت ابراہیم رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: بدفالی نقصان نہیں پہنچاتی مگر اس شخص کو جو بدفالی مراد لیتا ہے۔

(٢٦٩٢٧) حَدَّثَنَا كَثِيرُ بْنُ هِشَامٍ قَالَ :حَدَّثَنَا الْفُرَاتُ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ ، عَنْ زِيَادِ بْنِ أَبِى مَرْيَمَ قَالَ : خَرَجَ سَعْدُ بْنُ أَبِى وَقَّاصٍ فِى سَفَرٍ ، قَالَ :فَأَقْبَلَتِ الظِّبَاءُ نَحْوَهُ حَتَّى إِذَا دَنَتْ مِنْهُ رَجَعَتْ ، فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ : أَيُّهَا الأَمِيرُ ، ارْجِعْ ، فَقَالَ لَهُ :سَعْدٌ :أَخْبِرْنِى مِنْ أَيُّهَا تَطَيَّرْتَ ؟ أَمِنْ قُرُونِهَا حِينَ أَقْبَلَتْ أَمْ مِنْ أَدْبَارِهَا حِينَ أَدْبَرَتْ ؟ ، ثُمَّ قَالَ سَعْدٌ عِنْدَ ذَلِكَ :إِنَّ الطِّيَرَةَ لَشُعْبَةٌ مِنَ الشِّرْكِ.

(۲۶۹۲۷) حضرت زیاد بن ابی مریم رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کسی سفر میں تشریف لے گئے۔ پس ایک

ہرن آپ رضی اللہ عنہ کی طرف آئی یہاں تک کہ جب وہ آپ رضی اللہ عنہ کے قریب ہوئی تو واپس لوٹ گئی۔ اس پر کسی شخص نے آپ رضی اللہ عنہ سے کہا: اے امیر آپ رضی اللہ عنہ واپس لوٹ جائیں۔ حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے اس سے فرمایا: مجھے بتلاؤ تم نے کس چیز سے بدشگونی لی؟ کیا اس کے آنے سے جب وہ میری طرف آئی؟ یا اس کے پلٹ جانے سے کہ جب وہ پلٹ کر چلی گئی؟ پھر اس وقت حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے یہ بھی ارشاد فرمایا: یقیناً بدفالی شرک کی شاخ ہے۔

(٢٦٩٢٨) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ مَرْزُوقٍ أَبِي بُكَيْرٍ التَّيْمِيِّ ، عَنْ عِكْرِمَةَ ، أَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ لُزِقَ بِمَجْذُومٍ فَقُلْتُ لَهُ :تَلْزَقُ بِمَجْذُومٍ ؟ قَالَ :فَأَمْضِ ، وَقَالَ :لَعَلَّهُ خَيْرٌ مِنِّي وَمِنْكَ.

(۲۶۹۲۸) حضرت عکرمہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ جذام میں مبتلا شخص سے چمٹ گئے۔ میں نے ان سے پوچھا: کہ آپ رضی اللہ عنہ جذام میں مبتلا شخص سے چمٹ گئے؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جانے دو ہوسکتا ہے وہ مجھ سے اور تم سے بہتر ہو۔

(٢٦٩٢٩) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ أَبِي يَزِيدَ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ سِبَاعِ بْنِ ثَابِتٍ ، عَنْ أُمِّ كُرْزٍ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :أَقِرُّوا الطَّيْرَ عَلَى مَكِنَاتِهَا. (ابو داؤد ۸۲۸۔ طیالسی ۱۶۳۴)

(۲۶۹۲۹) حضرت ام کرز رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بدفالی کو اپنی جگہ برقرار رکھو۔ (وہ نفع ونقصان نہیں پہنچاتی)۔

(٢٦٩٣٠) حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ الْقَاسِمِ ، عَنْ أُمِّهِ قَالَ :سَأَلَتْ أُمُّ سَعِيدٍ سُرِّيَّةَ عَلِيٍّ :هَلْ كَانَ الْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ يَتَطَيَّرَانِ ؟ قَالَتْ :كَانَا يَحْسَانِ وَيَمْضِيَانِ.

(۲۶۹۳۰) حضرت سلیمان بن قاسم رحمہ اللہ کی والدہ فرماتی ہیں کہ میں نے حضرت ام سعید رحمہ اللہ جو کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی خادمہ رضی اللہ عنہا ہیں ان سے سوال کیا کہ کیا حضرت حسن رضی اللہ عنہ اور حضرت حسین رضی اللہ عنہ یہ دونوں حضرات بدشگونی لیتے تھے؟ آپ رحمہ اللہ نے فرمایا: وہ دونوں حضرات اس کو محسوس کرتے تھے اور پھر بھی اپنا کام جاری رکھتے تھے۔

(٢٦٩٣١) حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ ، عَنْ عَوْفٍ ، عَنْ حَيَّانَ ، عَنْ قَطَنِ بْنِ قَبِيصَةَ ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :الْعِيَافَةُ وَالطِّيَرَةُ وَالطَّرْقُ مِنَ الْجِبْتِ. (ابو داؤد ۳۹۰۷۔ احمد ۳/ ۴۷۷)

(۲۶۹۳۱) حضرت قبیصہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: پرندوں کی آوازوں سے شگون لینا، بدفالی اور پیشین گوئی کے لیے کنکریاں پھینکنا شیطان کا طریقہ ہے۔

(٢٦٩٣٢) حَدَّثَنَا شَرِيكٌ ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ ، عَنْ رَجَاءِ بْنِ حَيْوَةَ ، عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ :ثَلاَثٌ مَنْ كُنَّ فِيهِ ، فَهُوَ مُنَافِقٌ :مَنْ تَكَهَّنَ ، أَوِ اسْتَقْسَمَ ، أَوْ رَجَعَتْهُ طِيَرَةٌ مِنْ سَفَرٍ.

(۲۶۹۳۲) حضرت رجاء بن حیوہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابو الدرداء رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: تین خصلتیں جس شخص میں بھی پائی جائیں تو وہ منافق ہوگا: جو کاہنوں جیسی بات کرے یا جوئے کے تیروں کے ذریعہ تقسیم چاہے یا بدفالی لیتے ہوئے سفر

سے لوٹ آئے۔

(٢٦٩٣٣) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لاَ غُولَ ، وَلاَ صَفَرَ. (مسلم ١٧٤٥۔ احمد ٣/ ٢٩٣)

(۲۶۹۳۳) حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: غول (جنوں کا شکل بدل کر راستہ سے گمراہ کر دینا) کی کوئی حقیقت نہیں اور صفر کی کوئی حقیقت نہیں۔

(١٧٢) من رخّص فِي الطِّيرةِ

جس نے بدفالی میں رخصت دی

(٢٦٩٣٤) حَدَّثَنَا شَرِيكٌ وَهُشَيْمٌ ، عَنْ يَعْلَى بْنِ عَطَاءٍ ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الشَّرِيدِ ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ : كَانَ فِي وَفْدِ ثَقِيفٍ رَجُلٌ مَجْذُومٌ ، فَأَرْسَلَ إِلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : إِنَّا قَدْ بَايَعْنَاكَ فَارْجِعْ.

(۲۶۹۳۴) حضرت شرید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ قبیلہ ثقیف کے وفد میں کوئی شخص جذام میں مبتلا تھا۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی طرف قاصد بھیج کر پیغام بھجوایا کہ ہم نے تجھ سے بیعت لے لی، تم واپس لوٹ جاؤ۔

(٢٦٩٣٥) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ سَعِيدٍ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ ، عَنْ أَمَةِ فَاطِمَةَ بِنْتِ حُسَيْنٍ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لاَ تُدِيمُوا النَّظَرَ إِلَى الْمَجْذُومِينَ.

(۲۶۹۳۵) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم لوگ کوڑھ میں مبتلا لوگوں کو مسلسل مت دیکھو۔

(٢٦٩٣٦) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنِ النَّهَّاسِ بْنِ قَهْمٍ ، قَالَ : سَمِعْتُ شَيْخًا بِمَكَّةَ يُحَدِّثُ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : فِرَّ مِنَ الْمَجْذُومِ فِرَارَكَ مِنَ الأَسَدِ.

(۲۶۹۳۶) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جذام زدہ شخص سے ایسے بھاگو جیسے شیر سے بھاگتے ہو۔

(٢٦٩٣٧) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ مُسْلِمٍ ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ عَبْدِ اللهِ ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ عَلَى مَجْذُومٍ فَخَمَّرَ أَنْفَهُ فَقِيلَ لَهُ : يَا رَسُولَ اللهِ ، أَلَيْسَ قُلْتَ : لاَ عَدْوَى ، وَلاَ طِيَرَةَ ؟ قَالَ : بَلَى.

(۲۶۹۳۷) حضرت ولید بن عبداللہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جذام زدہ شخص پر گزرے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی ناک کو ڈھانک لیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں فرمایا تھا: چھوت کی کوئی حقیقت نہیں، بدفالی کی کوئی حقیقت نہیں؟! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیوں نہیں۔

(٢٦٩٣٨) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ

صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لاَ يُورِدُ الْمُمْرِضَ عَلَى الْمُصِحِّ. (مسلم ۱۰۴۔ ابن ماجه ۳۵۴۱)

(۲۶۹۳۸) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بیمار کو تندرست کے پاس مت لاؤ۔

(۲۶۹۳۹) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ :قَالَ كَعْبٌ لِعَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو :هَلْ تَطَيَّرُ ؟ قَالَ :نَعَمْ ، قَالَ :فَمَا تَقُولُ ؟ قَالَ :أَقُولُ اللَّهُمَّ لاَ طَيْرَ إِلاَّ طَيْرُك ، وَلاَ خَيْرَ إِلاَّ خَيْرُك ، وَلاَ رَبَّ لَنَا غَيْرُك قَالَ :أَنْتَ أَفْقَهُ الْعَرَبِ.

(۲۶۹۳۹) حضرت نافع بن جبیر رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت کعب رضی اللہ عنہ نے حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے پوچھا: کیا بدشگونی ہوتی ہے؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جی ہاں! انہوں نے پوچھا: پھر آپ رضی اللہ عنہ کیا دعا پڑھتے ہو؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا میں یہ دعا کرتا ہوں۔ ترجمہ: اے اللہ! کوئی بدفالی نہیں سوائے تیری بدفالی کے۔ اور کوئی خیر نہیں سوائے تیری خیر کے۔ اور تیرے سوا ہمارا کوئی پروردگار نہیں۔ حضرت کعب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم عرب کے سب سے بڑے فقیہ ہو۔

(۲۶۹۴۰) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَوَاءٍ ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ ، عَنْ أَبِي قِلاَبَةَ ، أَنَّهُ كَانَ يُعْجِبُهُ أَنْ يُتَّقَى الْمَجْذُومُ.

(۲۶۹۴۰) حضرت خالد حذاء رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابو قلابہ رحمہ اللہ پسند کرتے تھے کہ جذام زدہ شخص سے بچا جائے۔

(۱۷۳) مَنْ كَانَ يستحِبّ أن يسأل ويقول سلوني

جو شخص پسند کرتا ہے کہ اس سے پوچھا جائے اور یوں کہتا ہے کہ مجھ سے سوال کرو

(۲۶۹۴۱) حَدَّثَنَا غَسَّانُ بْنُ مُضَرَ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ يَزِيدَ ، عَنْ عِكْرِمَةَ قَالَ :مَا لَكُمْ لاَ تَسْأَلُونَنَا أَفْلَسْتُمْ ؟.

(۲۶۹۴۱) حضرت سعید بن یزید رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عکرمہ رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: تمہیں کیا ہوا کہ تم سوال نہیں کرتے؟ کیا تم طالب علم نہیں ہو؟

(۲۶۹۴۲) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ مِسْعَرٍ ، عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ قَالَ :قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ :مَا سَأَلَنِي رَجُلٌ عَنْ مَسْأَلَةٍ إِلاَّ عَرَفْت ، فَقِيهٌ هُوَ ، أَوْ غَيْرُ فَقِيهٍ.

(۲۶۹۴۲) حضرت سعد بن ابراہیم رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: مجھ سے کسی بھی شخص نے سوال نہیں کیا مگر میں نے پہچان لیا کہ وہ فقیہ ہے یا غیر فقیہ۔

(۲۶۹۴۳) حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ سَعْدٍ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ :مَا أَحَدٌ يَسْأَلُنِي؟.

(۲۶۹۴۳) حضرت عطاء بن سائب رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت سعید بن جبیر رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: کوئی مجھ سے پوچھنے والا نہیں؟

(۲۶۹۴۴) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنْ عَمْرٍو قَالَ :قَالَ لَنَا عُرْوَةُ :ائْتُونِي فَتَلَقَّوْا مِنِّي.

(۲۶۹۴۴) حضرت عمرو رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عروہ رحمہ اللہ نے ہمیں ارشاد فرمایا: میرے پاس آؤ اور مجھ سے علم حاصل کرو۔

(٢٦٩٤٥) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ : كَانَ عُرْوَةُ يَتَأَلَّفُ النَّاسَ عَلَى حَدِيثِهِ.

(۲۶۹۴۵) امام زہری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت عروہ رحمۃ اللہ علیہ لوگوں کو اپنی باتوں سے مانوس کرتے تھے۔

(٢٦٩٤٦) حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ سَعْدٍ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ السَّائِبِ ، عَنْ زَاذَانَ قَالَ : سَأَلْتُ ابْنَ مَسْعُودٍ عَنْ أَشْيَاءَ مَا أَحَدٌ يَسْأَلُنِي عنها.

(۲۶۹۴۶) حضرت عبداللہ بن سائب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت زاذان رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا: کہ میں نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے چند اشیاء کے بارے میں پوچھا کہ کسی نے مجھ سے ان کے متعلق سوال نہیں کیا۔

(٢٦٩٤٧) حَدَّثَنَا أَبُو الأَحْوَصِ ، عَنْ سِمَاكٍ ، عَنْ خَالِدِ بن عَرْعَرَة ، قَالَ : أَتَيْتُ الرَّحْبَةَ فَإِذَا أَنَا بِنَفَرٍ جُلُوسٍ قَرِيبًا مِنْ ثَلاَثِينَ ، أَوْ أَرْبَعِينَ رَجُلاً فَقَعَدْتُ مَعَهُمْ ، فَخَرَجَ عَلَيْنَا عَلِيٌّ ، فَمَا رَأَيْته أَنْكَرَ أَحَدًا مِنَ الْقَوْمِ غَيْرِي فَقَالَ : أَلاَ رَجُلٌ يَسْأَلُنِي فَيَنْتَفِعُ وَيَنْتَفِعُ جُلَسَاؤُهُ.

(۲۶۹۴۷) حضرت خالد بن عرعرہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں کسی کشادہ میدان میں گیا تو میں نے وہاں تیس یا چالیس کے قریب آدمیوں کو بیٹھا ہوا پایا، تو میں بھی ان کے ساتھ بیٹھ گیا۔ اتنے میں حضرت علی رضی اللہ عنہ ہمارے پاس تشریف لائے۔ راوی کہتے ہیں کہ میں نے نہیں دیکھا کہ انہوں نے لوگوں میں سے کسی کو میرے سوا نہ پہچانا ہو۔ پھر آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا کوئی ایسا شخص نہیں جو مجھ سے سوال کر کے فائدہ اٹھائے اور اس کے ہمنشین بھی فائدہ اٹھائیں۔

(٢٦٩٤٨) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ قَالَ : نُرَاه عَنْ سَعِيد بن الْمُسَيَّب لَمْ يَكُنْ أَحَدٌ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ سَلُونِي إِلاَّ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ.

(۲۶۹۴۸) حضرت سعید بن المسیب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ رضی اللہ عنہم میں حضرت علی رضی اللہ عنہ بن ابی طالب کے سوا کوئی بھی نہیں تھا، جو یوں کہتا ہو کہ مجھ سے سوال کرو۔

(١٧٤) من كره النّظر فِي كتب أهل الكِتاب

جو اہل کتاب کی کتابوں کو دیکھنے کو مکروہ سمجھے

(٢٦٩٤٩) حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ ، عَنْ مُجَالِدٍ ، عَنِ الشَّعْبِيِّ ، عَنْ جَابِرٍ ، أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِكِتَابٍ أَصَابَهُ مِنْ بَعْضِ الْكُتُبِ ، فَقَالَ : يَا رَسُولَ اللهِ ، إِنِّي أَصَبْتُ كِتَابًا حَسَنًا مِنْ بَعْضِ أَهْلِ الْكِتَابِ ، قَالَ : فَغَضِبَ ، وَقَالَ : أَمُتَهَوِّكُونَ فِيهَا يَا ابْنَ الْخَطَّابِ ، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ ، لَقَدْ جِئْتُكُمْ بِهَا بَيْضَاءَ نَقِيَّةً ، لاَ تَسْأَلُوهُمْ عَنْ شَيْءٍ فَيُخْبِرُوكُمْ بِحَقٍّ فَتُكَذِّبُوا بِهِ ، أَوْ بِبَاطِلٍ فَتُصَدِّقُوا بِهِ ، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ ، لَوْ كَانَ مُوسَى كان حَيًّا الْيَوم مَا وَسِعَهُ إِلاَّ أَنْ يَتَّبِعَنِي.

(۲۶۹۴۹) حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اہل کتاب کی کتاب کا کوئی صفحہ لائے اور فرمایا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! مجھے اہل کتاب کی ایک بہت اچھی کتاب ملی ہے۔ راوی کہتے ہیں: آپ صلی اللہ علیہ وسلم غضبناک ہو گئے اور فرمایا: اے ابن خطاب! کیا تم اس بارے میں ابھی حیرت زدہ ہو؟ قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے کہ تحقیق میں تمہارے پاس واضح اور روشن دین لے کر آیا ہوں۔ تم اہل کتاب سے کسی بھی چیز کے متعلق سوال مت کرو کہ وہ تمہیں حق بات بتلائیں گے اور تم اس کو جھٹلا دو گے، یا وہ تمہیں باطل بات بتلائیں گے اور تم اس کی تصدیق کر دو گے، قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے۔ اگر آج حضرت موسیٰ علیہ السلام بھی زندہ ہوتے تو ان کے لیے میری اتباع کے سوا کوئی چارہ نہ ہوتا۔

(۲۶۹۵۰) حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ قَالَ: كَانَتِ الْيَهُودُ تَجِيءُ إِلَى الْمُسْلِمِينَ فَيُحَدِّثُونَهُمْ فَيَسْتَحْسِنُونَ، أَوْ قَالَ: يَسْتَحِبُّونَ، فَذَكَرُوا ذَلِكَ لِرَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: لاَ تُصَدِّقُوهُمْ، وَلاَ تُكَذِّبُوهُمْ قُولُوا: ﴿آمَنَّا بِاللَّهِ وَمَا أُنْزِلَ إِلَيْنَا وَمَا أُنْزِلَ إِلَيْكُمْ﴾ إِلَى آخِرِ الآيَةِ.

(۲۶۹۵۰) حضرت عطاء بن یسار رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ یہودی مسلمانوں کے پاس آتے تھے اور ان کو اپنی کتابوں سے باتیں بتلایا کرتے جو مسلمانوں کو اچھی لگتی تھیں۔ پس صحابہ رضی اللہ عنہم نے یہ بات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے ذکر فرمائی۔ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم نہ ان کی تصدیق کرو اور نہ ہی ان کو جھٹلاؤ۔ تم یوں کہہ دیا کرو۔ ہم ایمان لائے اللہ پر، اور اس چیز پر جو اس نے ہماری طرف نازل کی اور اس چیز پر جو اس نے تمہاری طرف نازل کی۔ آیت کے آخر تک۔

(۲۶۹۵۱) حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ وَرْدَانَ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ عِكْرِمَةَ قَالَ: قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: تَسْأَلُونَ أَهْلَ الْكِتَابِ عَنْ كُتُبِهِمْ وَعِنْدَكُمْ كِتَابُ اللهِ أَقْرَبُ الْكُتُبِ عَهْدًا بِاللَّهِ تَقْرَؤُونَهُ مَحْضًا لَمْ يُشَبْ. (بخاری ۲۶۸۵)

(۲۶۹۵۱) حضرت عکرمہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: تم لوگ اہل کتاب سے ان کی کتابوں کے متعلق پوچھتے ہو حالانکہ تمہارے پاس خود کتاب اللہ موجود ہے، جو تمام کتابوں میں اللہ کے عہد کے زیادہ قریب ہے، تم محض اس لیے قرآن پڑھتے ہو کہ دھوکہ نہ دے دیا جائے۔

(۲۶۹۵۲) حَدَّثَنَا يَعْلَى قَالَ: حَدَّثَنَا الأَعْمَشُ، عَنْ عُمَارَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللهِ: لاَ تَسْأَلُوا أَهْلَ الْكِتَابِ عَنْ شَيْءٍ فَتُكَذِّبُوا بِحَقٍّ، أَوْ تُصَدِّقُوا بِبَاطِلٍ، فَإِنَّهُمْ لَنْ يَهْدُوكُمْ وَيَضِلُّونَ أَنْفُسَهُمْ، وَلَيْسَ أَحَدٌ مِنْهُمْ إِلاَّ فِي قَلْبِهِ تَالِيَةٌ تَدْعُوهُ إِلَى دِينِهِ كَتَالِيَةِ الْمَالِ.

(۲۶۹۵۲) حضرت عبدالرحمن بن یزید رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: تم اہل کتاب سے کسی بھی چیز کے متعلق مت پوچھا کرو کہ تم حق بات کو جھٹلا دو گے یا غلط بات کی تصدیق کر دو گے۔ بے شک وہ تمہیں ہرگز سیدھی راہ نہیں دکھائیں گے۔ انہوں نے تو خود کو غلط راہ پر ڈالا ہوا ہے۔ ان میں سے ہر ایک کے دل میں خواہش ہے جو اسے اس کے دین کی طرف

بلاتی ہے مال کی خواہش کی طرح۔

(۱۷۵) من رخّص فِي كِتابِ العِلمِ

جس نے علم لکھنے کی رخصت دی

(٢٦٩٥٤) حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ ، عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ :رَأَيْتُ جَابِرًا يَكْتُبُ عِنْدَ ابْنِ سَابِطٍ فِي أَلْوَاحٍ.

(۲۶۹۵۴) حضرت ربیع بن سعد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت جابر رحمۃ اللہ علیہ کو دیکھا کہ وہ حضرت ابن سابط رحمۃ اللہ علیہ کے پاس تختیوں میں لکھ رہے تھے۔

(٢٦٩٥٤) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ حَرْمَلَةَ قَالَ : كُنْتُ سَيِّءَ الْحِفْظِ ، فَرَخَّصَ لِي سَعِيدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ فِي الْكِتَابِ.

(۲۶۹۵۴) حضرت یحییٰ بن سعید رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبدالرحمٰن بن حرملہ رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا کہ میں کمزور حافظہ کا مالک تھا۔تو حضرت سعید بن مسیّب رحمۃ اللہ علیہ نے مجھے لکھنے کی رخصت دے دی۔

(٢٦٩٥٥) حَدَّثَنَا الضَّحَّاكُ بْنُ مَخْلَدٍ ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ سُفْيَانَ ، عَنْ عَمِّهِ ، أَنَّهُ سَمِعَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ يَقُولُ :قَيِّدُوا الْعِلْمَ بِالْكِتَابِ. (دارمی ۴۹۷)

(۲۶۹۵۵) حضرت عبدالملک بن سفیان رحمۃ اللہ علیہ کے چچا فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو یوں فرماتے ہوئے سنا: علم کو لکھ کر محفوظ کرو۔

(٢٦٩٥٦) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ عِكْرِمَةَ بْنِ عَمَّارٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ قَالَ:قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ:قَيِّدُوا الْعِلْمَ بِالْكِتَابِ.

(۲۶۹۵۶) حضرت یحییٰ بن ابی کثیر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: علم کو لکھ کر محفوظ کرو۔

(٢٦٩٥٧) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ الأَخْنَسِ ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ عَبْدِ اللهِ ، عَنْ يُوسُفَ بْنِ مَاهَكَ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ : كُنْتُ أَكْتُبُ كُلَّ شَيْءٍ أَسْمَعُهُ مِنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأُرِيدُ حِفْظَهُ ، فَنَهَتْنِي قُرَيْشٌ عَنْ ذَلِكَ وَقَالُوا :تَكْتُبُ كُلَّ شَيْءٍ تَسْمَعُهُ مِنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَكَلَّمُ فِي الرِّضَا وَالْغَضَبِ قَالَ :فَأَمْسَكْتُ فَذَكَرْتُ ذَلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَشَارَ بِيَدِهِ إِلَى فِيهِ فَقَالَ :اكْتُبْ فَوَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ :مَا يَخْرُجُ مِنْهُ إِلاَّ حَقٌّ.

(دارمی ۴۸۴۔ احمد ۲/ ۱۹۲)

(۲۶۹۵۷) حضرت یوسف بن ماھک رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنی ہوئی ہر حدیث لکھ لیا کرتا تھا تا کہ میں اس کو یاد رکھوں۔قریش نے مجھے ایسا کرنے سے روک دیا۔اور کہنے لگے، کہ تم رسول

اللہ ﷺ کی ہر فرمودہ بات لکھ لیتے ہو؟ حالانکہ رسول اللہ ﷺ کبھی خوشی کی حالت میں ہوتے ہیں اور کبھی غصہ کی حالت میں! آپ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: کہ میں لکھنے سے رک گیا اور میں نے یہ بات نبی کریم ﷺ کے سامنے ذکر کی۔ تو آپ ﷺ نے اپنی زبان کی طرف اشارہ کر کے فرمایا: لکھ لیا کرو۔ پس قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے اس زبان سے صرف حق بات نکلتی ہے۔

(٢٦٩٥٨) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ مِسْعَرٍ ، عَنْ مَعْنٍ قَالَ : أَخْرَجَ إِلَيَّ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنِ عَبْدِ اللهِ كِتَابًا وَحَلَفَ لِي أَنَّهُ خَطُّ أَبِيهِ بِيَدِهِ.

(۲۶۹۵۸) حضرت معن رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبدالرحمٰن بن عبداللہ رحمہ اللہ نے میرے سامنے ایک کتاب نکالی، اور قسم اٹھا کر فرمایا کہ یہ میرے والد کے ہاتھ کی لکھی ہوئی ہے۔

(٢٦٩٥٩) حَدَّثَنَا جَرِيرٌ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ قَالَ : لاَ بَأْسَ بِكِتَابِ الأَطْرَافِ.

(۲۶۹۵۹) حضرت منصور رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابراہیم رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: کناروں پر لکھنے میں کوئی حرج نہیں۔

(٢٦٩٦٠) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ أَبِي كِبْرَانَ قَالَ : سَمِعت الضَّحَّاكَ يَقُولُ إِذَا سَمِعت شَيْئًا فَاكْتُبْهُ وَلَوْ فِي حَائِطٍ.

(۲۶۹۶۰) حضرت ابو کبران رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ضحاک رحمہ اللہ کو یوں فرماتے ہوئے سنا کہ جب تم کوئی بات سنو تو اسے لکھ لیا کرو اگر چہ دیوار پر ہی لکھو۔

(٢٦٩٦١) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ حُسَيْنِ بْنِ عُقَيْلٍ قَالَ : أَمْلَى عَلَيَّ الضَّحَّاكُ مَنَاسِكَ الْحَجِّ.

(۲۶۹۶۱) حضرت حسین بن عقیل رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ضحاک رحمہ اللہ نے مجھے حج کے مناسک کی املاء کروائی۔

(٢٦٩٦٢) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُدَيْرٍ ، عَنْ أَبِي مِجْلَزٍ ، عَنْ بَشِيرِ بْنِ نَهِيكٍ قَالَ : كُنْتُ أَكْتُبُ مَا أَسْمَعُهُ مِنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، فَلَمَّا أَرَدْت أَنْ أُفَارِقَهُ أَتَيْته بِكِتَابِي فَقُلْت هَذَا سَمِعْته مِنْك ؟ قَالَ : نَعَمْ.

(۲۶۹۶۲) حضرت بشیر بن نھیک رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے جو بھی حدیث سنتا تھا اسے لکھ لیا کرتا تھا۔ جب میں نے ان سے جدا ہونے کا ارادہ کیا تو میں اپنی لکھی ہوئی کاپی لایا اور میں نے عرض کیا: یہ وہ روایات ہیں جو میں نے آپ رضی اللہ عنہ سے سنی ہیں؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جی ہاں!۔

(٢٦٩٦٣) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عَتِيقٍ ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ قَالَ : كُنْتُ أَلْقَى عَبِيدَةَ بِالأَطْرَافِ فَأَسْأَلُهُ.

(۲۶۹۶۳) حضرت یحییٰ بن عتیق رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن سیرین رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: میں نے عبیدہ کو اطراف لکھوا دیے ہیں تم ان سے پوچھ لو۔

(٢٦٩٦٤) حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ حَكِيمٍ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ ، أَنَّهُ كَانَ يَكُونُ مَعَ ابْنِ عَبَّاسٍ ، فَيَسْمَعُ

مِنْهُ الْحَدِيثَ فَيَكْتُبُهُ فِي وَاسِطَةِ الرَّحْلِ ، فَإِذَا نَزَلَ نَسَخَهُ.

(۲۶۹۶۴) حضرت سعید بن جبیر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھا، میں ان سے جو حدیث بھی سنتا اس کو پالان کے اگلے حصہ میں لکھ لیتا، جب میں اترا تو میں نے اسے کاپی میں نقل کر لیا۔

(۲۶۹۶۵) حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ :حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ ، عَنْ أَيُّوبَ ، عَنْ أَبِي قِلاَبَةَ قَالَ :الْكِتَابُ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنَ النِّسْيَانِ.

(۲۶۹۶۵) حضرت ایوب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابو قلابہ رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا: کہ لکھنا میرے نزدیک بھولنے سے زیادہ پسندیدہ ہے۔

(۲۶۹۶۶) حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ :حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ ، عَنْ أَيُّوبَ ، عَنْ أَبِي الْمَلِيحِ قَالَ :يَعِيبُونَ عَلَيْنَا الْكِتَابَ وَقَدْ قَالَ اللَّهُ تَعَالَى :﴿عِلْمُهَا عِنْدَ رَبِّي فِي كِتَابٍ﴾.

(۲۶۹۶۶) حضرت ایوب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابو المیلیح رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا کہ لوگ ہمارے لکھنے پر عیب لگاتے ہیں حالانکہ اللہ رب العزت نے ارشاد فرمایا: ترجمہ: اس کا علم میرے رب کے پاس کتاب میں ہے۔

(۲۶۹۶۷) حَدَّثَنَا حَفْصٌ ، عَنْ مُجَالِدٍ ، عَنِ الشَّعْبِيِّ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَبْدِ اللهِ ، أَنَّهُ كَانَ إِذَا سَمِعَ شَيْئًا كَتَبَهُ.

(۲۶۹۶۷) امام شعبی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبد الرحمن بن عبد اللہ رحمۃ اللہ علیہ جب بھی کوئی حدیث سنتے تو اسے لکھ لیتے۔

(۲۶۹۶۸) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ حَنَشٍ قَالَ :رَأَيْتُهُمْ عِنْدَ الْبُرَاءِ يَكْتُبُونَ عَلَى أَكُفِّهِمْ بِالْقَصَبِ.

(۲۶۹۶۸) حضرت عبد اللہ بن حنش رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے لوگوں کو دیکھا کہ وہ اپنے ہاتھوں پر قلموں کے ساتھ لکھ رہے تھے۔

(۱۷۶) مَنْ كَانَ يكره كِتاب العِلمِ

جو علم لکھنے کو مکروہ سمجھتا ہو

(۲۶۹۶۹) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ جَابِرٍ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ يَسَارٍ قَالَ :سَمِعْتُ عَلِيًّا يَخْطُبُ يَقُولُ : أَعْزِمُ عَلَى كُلِّ مَنْ كَانَ عِنْدَهُ كِتَابٌ إِلاَّ رَجَعَ فَمَحَاهُ ، فَإِنَّمَا هَكَذَا النَّاسُ حَيْثُ تَتَبَّعُوا أَحَادِيثَ عُلَمَائِهِمْ وَتَرَكُوا كِتَابَ رَبِّهِمْ.

(۲۶۹۶۹) حضرت عبد اللہ بن یسار رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو خطبہ دیتے ہوئے سنا آپ رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: پختہ ارادہ کر لے ہر وہ شخص جس کے پاس کوئی لکھی ہوئی کتاب ہو کہ وہ لوٹ کر اسے مٹا دے گا۔ اس لیے کہ پہلے لوگ ہلاک ہوئے اس وجہ سے کہ انہوں نے اپنے علماء کی باتوں کو تو تلاش کیا اور اپنے رب کی کتاب کو چھوڑ دیا۔

(۲۶۹۷۰) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ كَهْمَسٍ ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ قَالَ :قُلْنَا لأَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ :لَوِ اكْتَبْنَا الْحَدِيثَ ؟

فَقَالَ :لاَ نُكْتِبُكُمْ ، خُذُوا عَنَّا كَمَا أَخَذْنَا عَنْ نَبِيِّنَا صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

(۲۶۹۷۰) حضرت ابونضرہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ہم نے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی خدمت میں عرض کیا: اگر آپ رضی اللہ عنہ اجازت دیں تو ہم حدیث لکھ لیا کریں۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہم تمہیں نہیں لکھوائیں گے، تم ہم سے حدیث حاصل کرو، جیسے ہم نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے حدیث حاصل کی تھی۔

(۲۶۹۷۱) حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ ، عَنْ أَبِي مَالِكٍ الأَشْجَعِيِّ ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ الأَسْوَدِ الْمُحَارِبِيِّ قَالَ : كَانَ ابْنُ مَسْعُودٍ يَكْرَهُ كِتَابَ الْعِلْمِ.

(۲۶۹۷۱) حضرت سلیمان بن اسود محاربی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ علم کے لکھنے کو مکروہ سمجھتے تھے۔

(۲۶۹۷۲) حَدَّثَنَا جَرِيرٌ ، عَنْ مُغِيرَةَ قَالَ : كَانَ عُمَرُ يَكْتُبُ إِلَى عُمَّالِهِ :لاَ تُخَلِّدُنَّ عَلَيَّ كِتَابًا.

(۲۶۹۷۲) حضرت مغیرہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ اپنے گورنروں کو خط لکھتے تھے کہ ہمیشہ مجھے خط نہ لکھتے رہا کرو۔

(۲۶۹۷۳) حَدَّثَنَا جَرِيرٌ ، عَنْ مُغِيرَةَ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ قَالَ :قَالَ لِي عَبِيدَةُ :لاَ تُخَلِّدُنَّ عَلَيَّ كِتَابًا.

(۲۶۹۷۳) حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبیدہ رحمۃ اللہ علیہ نے مجھے ارشاد فرمایا: کہ تم ہمیشہ مجھے خط مت لکھا کرو۔

(۲۶۹۷۴) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ يَحْيَى ، عَنْ أَبِي بُرْدَةَ قَالَ : كَتَبْتُ عَنْ أَبِي كِتَابًا كَبِيرًا فَقَالَ : ائْتِنِي بِكُتُبِكَ ، فَأَتَيْتُهُ بِهَا فَغَسَلَهَا.

(۲۶۹۷۴) حضرت ابو بردہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے والد سے بہت بڑی کتاب لکھی۔ انہوں نے فرمایا: اپنی کتابیں میرے پاس لاؤ۔ میں ان کے پاس لے آیا تو انہوں نے ان کو دھو دیا۔

(۲۶۹۷۵) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عَطِيَّةَ ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ قَالَ :إِنَّمَا ضَلَّتْ بَنُو إِسْرَائِيلَ بِكُتُبٍ وَرِثُوهَا عَنْ آبَائِهِمْ.

(۲۶۹۷۵) حضرت حکم بن عطیہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا: کہ بنو اسرائیل ان کتابوں کی وجہ سے ہلاک ہوئے جو انہیں اپنے آباؤ اجداد سے ورثہ میں ملی تھیں۔

(۲۶۹۷۶) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ ، عَنِ الشَّعْبِيِّ ، أَنَّ مَرْوَانَ دَعَا زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ وَقَوْمًا يَكْتُبُونَ وَهُوَ لاَ يَدْرِي، فَأَعْلَمُوهُ فَقَالَ :أَتَدْرُونَ لَعَلَّ كُلَّ شَيْءٍ حَدَّثْتُكُمْ لَيْسَ كَمَا حَدَّثْتُكُمْ.

(۲۶۹۷۶) امام شعبی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ مروان نے حضرت زید بن ثابت رحمۃ اللہ علیہ کو بلایا اس حال میں کہ لوگ لکھ رہے تھے اور آپ رضی اللہ عنہ نہیں جانتے تھے۔ پس لوگوں نے آپ رضی اللہ عنہ کو بتلایا تو آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: شاید کہ وہ حدیثیں جو میں نے تمہیں بیان کیں وہ ایسی نہ ہوں جیسے میں نے تمہیں بیان کی ہیں۔

(۲۶۹۷۷) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ جَامِعِ بْنِ شَدَّادٍ، عَنِ الأَسْوَدِ بْنِ هِلاَلٍ قَالَ: أُتِيَ عَبْدُ اللهِ بِصَحِيفَةٍ

فِيهَا حَدِيثٌ ، فَدَعَا بِمَاءٍ فَمَحَاهَا ، ثُمَّ غَسَلَهَا ، ثُمَّ أَمَرَ بِهَا فَأُحْرِقَتْ ، ثُمَّ قَالَ :أُذَكِّرُ بِاللَّهِ رَجُلاً يَعْلَمُهَا عِنْدَ أَحَدٍ إِلاَّ أَعْلَمَنِي بِهِ ، وَاللَّهِ لَوْ أَعْلَمُ أَنَّهَا بِدِيرِ هِنْدٍ لاَنْتَعَلْتُ إِلَيْهَا ، بِهَذَا هَلَكَ أَهْلُ الْكِتَابِ قَبْلَكُمْ حَتَّى نَبَذُوا كِتَابَ اللهِ وَرَاءَ ظُهُورِهِمْ كَأَنَّهُمْ لاَ يَعْلَمُونَ.

(۲۶۹۷۷) حضرت اسود بن ہلال فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے پاس ایک صحیفہ لایا گیا جس میں لکھی ہوئی تحریر تھی۔ انہوں نے پانی منگوا کر اسے صاف کیا اور پھر جلانے کا حکم دیا۔ پھر فرمایا کہ جس شخص کے بارے میں تمہیں علم ہو کہ اس کے پاس حدیث لکھی ہوئی ہے تو مجھے ضرور بتاؤ۔ خدا کی قسم! اگر مجھے پتہ چلے کہ دیر ہند میں کوئی لکھی ہوئی حدیث ہے کہ میں پیدل جا کر اس کو مٹاؤں گا پہلی امتیں اسی وجہ سے ہلاک ہوئیں کہ انہوں نے اللہ کی کتاب کو پس پشت ڈال دیا تھا۔

(۲۶۹۷۸) حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ كَهْمَسٍ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مُسْلِمٍ ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ :كُلُّ الْكِتَابِ أَكْرَهُ ، قَالَ :أَرَاهُ يَعْنِي مَا كَانَ فِيهِ مِنْ ذِكْرِ اللهِ ، قُلْتُ لِمُعْتَمِرٍ :يَعْنِي الْخَاتَمَ ؟ قَالَ :نَعَمْ.

(۲۶۹۷۸) حضرت عبداللہ بن مسلم رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ان کے والد حضرت مسلم رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: میں ہر طرح کے لکھنے کو مکروہ سمجھتا ہوں۔ راوی کہتے ہیں میرا گمان ہے کہ یوں فرمایا: جس کتابت میں اللہ کا ذکر لکھا جائے اس کو بھی۔ امام ابوبکر رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت معتمر رحمہ اللہ سے پوچھا: مہر کو بھی؟ انہوں نے کہا: جی ہاں!

(۲۶۹۷۹) حَدَّثَنَا مُعَاذٌ قَالَ :حَدَّثَنَا ابْنُ عَوْنٍ ، عَنِ الْقَاسِمِ ، أَنَّهُ كَانَ لاَ يَكْتُبُ الْحَدِيثَ.

(۲۶۹۷۹) حضرت ابن عون رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت قاسم حدیث نہیں لکھتے تھے۔

(۲۶۹۸۰) حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنْ أَيُّوبَ ، قَالَ :سَمِعْتُ سَعِيدَ بْنَ جُبَيْرٍ قَالَ :كُنَّا نَخْتَلِفُ فِي أَشْيَاءَ فَكَتَبْتُهَا فِي كِتَابٍ ، ثُمَّ أَتَيْتُ بِهَا ابْنَ عُمَرَ أَسْأَلُهُ عنها خَفِيًّا ، فَلَوْ عَلِمَ بِهَا كَانَتِ الْفَيْصَلُ فِيمَا بَيْنِي وَبَيْنَهُ.

(۲۶۹۸۰) حضرت ایوب رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت سعید بن جبیر رحمہ اللہ کو یوں فرماتے ہوئے سنا کہ ہم لوگ کچھ مسائل میں اختلاف کر رہے تھے، تو میں نے ان کو ایک کاپی میں لکھ لیا۔ پھر میں اس کو حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کے پاس لے آیا۔ ان سے ان مسائل کے بارے میں سوال کیا اس تحریر کو چھپاتے ہوئے کہ اگر انہیں اس بارے میں پتہ چل جاتا تو یہ میرے اور ان کے درمیان جدائی کا سبب بن جاتا۔

(۲۶۹۸۱) حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنِ الْحَكَمِ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ قَالَ :قَالَ عَبِيدَةُ :لاَ تُخَلِّدُنَّ عَلَيَّ كِتَابًا.

(۲۶۹۸۱) حضرت ابراہیم رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبیدہ رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: کہ تم ہمیشہ مجھے مت لکھتے رہا کرو۔

(۲۶۹۸۲) حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ ، عَنْ هَارُونَ بْنِ عَنْتَرَةَ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ، أَنَّهُ رَخَّصَ لَهُ أَنْ يَكْتُبَ وَلَمْ يَكَدْ.

(۲۶۹۸۲) حضرت عنترہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ نے مجھے لکھنے کی رخصت دی اور منع نہیں فرمایا۔

(۱۷۷) فِي الرّجلِ يكتم العِلم

اس آدمی کا بیان جو علم کو چھپائے

(۲۶۹۸۳) حَدَّثَنَا أَسْوَدُ بْنُ عَامِرٍ قَالَ : حَدَّثَنَا عُمَارَةُ بْنُ زَاذَانَ قَالَ : حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحَكَمِ ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ : مَا مِنْ رَجُلٍ حَفِظَ عِلْمًا فَسُئِلَ عَنْهُ فَكَتَمَهُ إِلاَّ جِيءَ بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مُلَجَّمًا بِلِجَامٍ مِنْ نَارٍ . (ابو داؤد ۳۶۵۰۔ ابن حبان ۹۵)

(۲۶۹۸۳) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس کسی آدمی نے علم کو محفوظ کیا، پھر اس بارے میں اس سے پوچھا گیا اور اس نے علم کو چھپالیا تو قیامت کے دن اس شخص کو اس حال میں لایا جائے گا کہ اسے آگ کی لگام ڈالی ہوئی ہوگی۔

(۲۶۹۸٤) حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ الأَحْمَرُ ، عَنْ حَجَّاجٍ ، عَنْ عَطَاءٍ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ : مَنْ كَتَمَ عِلْمًا عِنْدَهُ أَلْجَمَهُ اللَّهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِلِجَامٍ مِنْ نَارٍ . (احمد ۴۹۹)

(۲۶۹۸۴) حضرت عطاء رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: جو شخص اپنے علم کو چھپائے گا تو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس شخص کو آگ کی لگام پہنائیں گے۔

(۱۷۸) مَنْ كَانَ يحِبّ أن يجِيء بِالحدِيثِ كما سمِع ، ومن رخّص فِي ذلِك

جو شخص پسند کرتا ہے کہ وہ کیسے ہی حدیث کو بیان کرے جیسے اس نے سنی، اور جو اس بارے میں رخصت کے قائل ہیں

(۲۶۹۸۵) حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ مُعَاذٍ قَالَ : حَدَّثَنَا ابْنُ عَوْنٍ قَالَ : كَانَ مِمَّنْ يَتَّبِعُ أَنْ يُحَدِّثَ بِالْحَدِيثِ كَمَا سَمِعَ : محمد بْنُ سِيرِينَ وَالْقَاسِمُ بْنُ مُحَمَّدٍ وَرَجَاءُ بْنُ حَيْوَةَ ، وَكَانَ مِمَّنْ لاَ يَتَّبِعُ ذَلِكَ : الْحَسَنُ وَإِبْرَاهِيمُ وَالشَّعْبِيُّ ، قَالَ ابْنُ عَوْنٍ : فَقُلْتُ لِمُحَمَّدٍ : إِنَّ فُلاَنًا لاَ يَتَّبِعُ أَنْ يُحَدِّثَ بِالْحَدِيثِ كَمَا سَمِعَ ، فَقَالَ : أَمَا أَنَّهُ لَوِ اتَّبَعَهُ كَانَ خَيْرًا لَهُ .

(۲۶۹۸۵) حضرت ابن عون رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت محمد بن سیرین رحمہ اللہ، حضرت قاسم بن محمد رحمہ اللہ اور حضرت رجاء بن حیوہ رحمہ اللہ ان لوگوں میں سے تھے جو اس بات کی کوشش کرتے تھے کہ وہ حدیث کو ویسے ہی بیان کریں جیسے انہوں نے سنی۔ اور حضرت حسن بصری رحمہ اللہ، حضرت ابراہیم رحمہ اللہ اور حضرت شعبی رحمہ اللہ ان لوگوں میں سے تھے جو اس بات کی کوشش نہیں کرتے تھے۔

حضرت ابن عون رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے امام محمد رحمہ اللہ سے عرض کیا: بے شک فلاں شخص اس بات کی کوشش نہیں کرتا

کہ وہ حدیث کو ویسے ہی بیان کرے جیسے اس نے سنا۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: اگر وہ ایسا کر لے تو یہ اس کے لیے بہتر ہے۔

(٢٦٩٨٦) حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ عُمَارَةَ ، عَنْ أَبِي مَعْمَرٍ ، أَنَّهُ كَانَ يَتَبَعُ اللَّحْنَ فِي الْحَدِيثِ كَيْ يَجِيءُ بِهِ كَمَا سَمِعَ.

(۲۶۹۸۶) حضرت عمارہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابو معمر رحمۃ اللہ علیہ حدیث میں ہونے والی غلطی کے بعد صحیح الفاظ کو دہرا لیتے تھے تا کہ ویسے ہی بیان کر سکیں جیسے انہوں نے سنی۔

(٢٦٩٨٧) حَدَّثَنَا صَفْوَانُ ، عَنْ أَشْعَثَ ، عَنِ الْحَسَنِ وَالشَّعْبِيِّ أَنَّهُمَا كَانَا لاَ يَرَيَانِ بَأْسًا بِتَقْدِيمِ الْحَدِيثِ وَتَأْخِيرِهِ ، وَكَانَ ابْنُ سِيرِينَ يَتَكَلَّفُهُ كَمَا سَمِعَه.

(۲۶۹۸۷) حضرت اشعث رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت شعبی رحمۃ اللہ علیہ یہ دونوں حضرات حدیث کو مقدم اور مؤخر کر دینے میں کوئی حرج نہیں سمجھتے تھے۔ اور حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ اس بات میں تکلیف کرتے تھے کہ حدیث کو جیسے سنا ویسے بیان کریں۔

(٢٦٩٨٨) حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ إِسْمَاعِيلِ بْنِ أُمَيَّةَ قَالَ: كُنَّا نُرِيدُ نَافِعًا عَلَى إِقَامَةِ اللَّحْنِ فِي الْحَدِيثِ فَيَأْبَى.

(۲۶۹۸۸) حضرت اسماعیل بن امیہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ہم نے حضرت نافع رحمۃ اللہ علیہ کے پاس حدیث میں غلطی پر ٹھہرنے کا ارادہ کیا تو آپ رحمۃ اللہ علیہ نے انکار کر دیا۔

(٢٦٩٨٩) حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ ، عَنِ الأَعْمَشِ قَالَ :قلْت لأَبِي الضُّحَى :الْمُصَوِّرُونَ ، قَالَ :الْمُصَوِّرِينَ.

(۲۶۹۸۹) حضرت اعمش رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ہم نے حضرت ابو الضحیٰ رحمۃ اللہ علیہ سے پوچھا: المصورون الفاظ ہیں؟ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: المصورین ہیں۔

(٢٦٩٩٠) حَدَّثَنَا شَرِيكٌ ، عَنْ جَابِرٍ ، عَنْ عَامِرٍ قَالَ :قُلْتُ لَهُ :أَسْمَعُ اللَّحْنَ فِي الْحَدِيثِ ؟ قَالَ :أَقِمْهُ.

(۲۶۹۹۰) حضرت جابر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عامر رحمۃ اللہ علیہ سے پوچھا: میں حدیث میں غلطی کو سنوں تو کیا کروں؟ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: اس کو درست کرو۔

(١٧٩) الرّجل يجعل فِي يدِهِ الخيط يستذكر بِهِ

اس آدمی کا بیان جو اپنے ہاتھ میں دھاگہ باندھتا ہے تا کہ اس کے ذریعے یاد دہانی حاصل کرے

(٢٦٩٩١) حَدَّثَنَا أَبُو عَاصِمٍ ، عَنْ أَشْعَثَ ، عَنِ الْحَسَنِ ، أَنَّهُ كَانَ لاَ يَرَى بَأْسًا أَنْ يَجْعَلَ الرَّجُلُ فِي يَدِهِ الْخَيْطَ يَسْتَذْكِرُ بِهِ الرَّجُلُ فِي الشَّيْءِ.

(۲۶۹۹۱) حضرت اشعث رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ اس میں کوئی حرج نہیں سمجھتے تھے کہ آدمی اپنے ہاتھ میں

دھاگہ باندھے تا کہ اس کے ذریعے آدمی کسی کام کی یاددہانی کرے۔

(٢٦٩٩٢) حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُورٍ ، عَنْ مَنْصُورِ بْنِ أَبِي الأَسْوَدِ ، عَنْ مُغِيرَةَ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، أَنَّهُ كَرِهَ أَنْ يُرْبَطَ الْخَيْطُ فِي الْخَاتَمِ يَسْتَذْكِرُ بِهِ الْحَاجَةَ.

(۲۶۹۹۲) حضرت مغیرہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابراہیم رحمہ اللہ نے انگوٹھی میں دھاگہ باندھنے کو مکروہ سمجھا کہ اس کے ذریعہ کسی کام کی یاددہانی ہو جائے۔

(١٨٠) من كره الدّفّ

جو دف بجانے کو مکروہ سمجھے

(٢٦٩٩٣) ابْنُ فُضَيْلٍ ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عُبَيْدِ اللهِ ، عَنْ مَغْرَاءَ الْعَبْدِيِّ ، عَنْ شُرَيْحٍ ، أَنَّهُ سَمِعَ صَوْتَ دُفٍّ فَقَالَ : إِنَّ الْمَلاَئِكَةَ لاَ يَدْخُلُونَ بَيْتًا فِيهِ دُفٌّ.

(۲۶۹۹۳) حضرت مغراء عبدی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت شریح رحمہ اللہ نے دف کی آواز سنی تو فرمایا: بے شک ملائکہ اس گھر میں داخل نہیں ہوتے جس میں دف ہو۔

(٢٦٩٩٤) يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ ، وَابْنُ مَهْدِيٍّ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ مُسْلِمٍ قَالَ : قَالَ لِي خَيْثَمَةُ : أَمَا سَمِعْتَ سُوَيْدًا يَقُولُ : لاَ تَدْخُلُ الْمَلاَئِكَةُ بَيْتًا فِيهِ دُفٌّ.

(۲۶۹۹۴) حضرت عمران بن مسلم رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت خیثمہ رحمہ اللہ نے مجھ سے فرمایا: کیا تم نے حضرت سوید رحمہ اللہ کو یہ فرماتے ہوئے نہیں سنا کہ: ملائکہ اس گھر میں داخل نہیں ہوتے جس میں دف ہو؟!

(٢٦٩٩٥) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ قَالَ : كَانَ أَصْحَابُ عَبْدِ اللهِ يَسْتَقْبِلُونَ الْجَوَارِيَ فِي الأَزِقَّةِ مَعَهُنَّ الدُّفُوفُ فَيَشُقُّونَهَا.

(۲۶۹۹۵) حضرت ابراہیم رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے اصحاب گلیوں میں ان بچیوں کے پاس آتے تھے جن کے پاس دف ہوتی تھی اور یہ اس کو توڑ دیتے تھے۔

(١٨١) فِي الختانةِ من فعلها

ختنہ کرنے کا بیان اور جس نے ختنہ کیا

(٢٦٩٩٦) حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، أَنَّ إِبْرَاهِيمَ اخْتُتِنَ بِالْقَدُومِ وَهُوَ ابْنُ مِئَةٍ وَعِشْرِينَ سَنَةً ، ثُمَّ عَاشَ بَعْدَ ذَلِكَ ، ثَمَانِينَ سَنَةً. (بخاری ٣٣٥٦۔ مسلم ١٨٣٩)

(۲۶۹۹۶) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے قدوم مقام پر ایک سو بیس سال کی عمر میں ختنہ کیا، پھر آپ علیہ السلام اس کے بعد اسی سال تک زندہ رہے۔

(۲۶۹۹۷) حَدَّثَنَا عَبْدَةُ ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ قَالَ : كَانَ إِبْرَاهِيمُ أَوَّلَ النَّاسِ أَضَافَ الضَّيْفَ ، وَأَوَّلَ النَّاسِ قَصَّ شَارِبَهُ وَقَلَّمَ أَظْفَارَهُ وَاسْتَحَدَّ ، وَأَوَّلَ النَّاسِ اخْتُتِنَ ، وَأَوَّلَ النَّاسِ رَأَى الشَّيْبَ فَقَالَ :يَا رَبِّ ، مَا هَذَا ؟ قَالَ :الْوَقَارُ ، قَالَ :رَبِّ زِدْنِي وَقَارًا. (مالك ۴۔ ابن عدی ۱۵۱۱)

(۲۶۹۹۷) حضرت سعید بن مسیب رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام سب سے پہلے شخص تھے جنہوں نے مہمان کی ضیافت کی اور سب سے پہلے شخص تھے جنہوں نے مونچھ کاٹی، اور اپنے ناخنوں کو کاٹا، اور شرمگاہ کے بال صاف کیے، اور پہلے شخص تھے جنہوں نے ختنہ کیا، اور پہلے شخص تھے جنہوں نے سفید بال دیکھے۔ تو کہنے لگے: اے میرے پروردگار! یہ کیا چیز ہے؟ اللہ رب العزت نے ارشاد فرمایا: یہ عزت ووقار ہے۔ آپ علیہ السلام نے عرض کیا! پروردگار! میرے وقار میں اضافہ فرما۔

(۲۶۹۹۸) حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ ، عَنْ حَجَّاجٍ ، عَنْ رَجُلٍ ، عَنْ أَبِي الْمَلِيحِ ، عَنْ شَدَّادِ بْنِ أَوْسٍ قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :الْخِتَانُ سُنَّةٌ لِلرِّجَالِ مَكْرُمَةٌ لِلنِّسَاءِ. (طبرانی ۷۱۱۲۔ احمد ۷۵)

(۲۶۹۹۸) حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ختنہ کرنا آدمیوں کے لیے سنت ہے اور عورتوں کے لیے عزت کی چیز ہے۔

(۲۶۹۹۹) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنِ الزُّهْرِيِّ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ :خَمْسٌ مِنَ الْفِطْرَةِ فَذَكَرَ الْخِتَانَ.

(۲۶۹۹۹) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: پانچ چیزیں فطرت میں سے ہیں۔ اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ختنہ کا بھی ذکر فرمایا۔

(۲۷۰۰۰) حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُورٍ ، عَنْ إِسْرَائِيلَ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنْ مُجَاهِدٍ وَإِبْرَاهِيمَ ، قَالاَ :الْخِتَانُ من السُّنَّةِ.

(ابن حبان ۳۵۴۔ بزار ۹۹۰)

(۲۷۰۰۰) حضرت منصور رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت مجاہد رحمہ اللہ اور حضرت ابراہیم رحمہ اللہ ان دونوں حضرات نے ارشاد فرمایا: کہ ختنہ کرنا سنت ہے۔

(۱۸۲) فِي الأَخْذِ بِالرُّخَصِ

رخصتوں پر عمل کرنے کا بیان

(۲۷۰۰۱) حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنْ مَالِكِ بْنِ الْحَارِثِ ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُرَحْبِيلَ ، أَنَّ عَبْدَ اللهِ قَالَ :إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ أَنْ تُقْبَلَ رُخَصُهُ كَمَا يُحِبُّ أَنْ تُؤْتَى عَزَائِمُهُ. (طبرانی ۱۰۰۳)

(۲۷۰۰۱) حضرت عمرو بن شرحبیل رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: یقیناً اللہ رب العزت رخصتوں کے قبول کیے جانے کو پسند فرماتے ہیں جیسے عزیمتوں پر عمل کرنے کو پسند کرتے ہیں۔

(۲۷۰۰۲) حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنِ الْحَكَمِ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، عَنْ عَلْقَمَةَ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ قَالَ :إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ أَنْ تُؤْتَى رُخَصُهُ كَمَا يُحِبُّ أَنْ تُؤْتَى عَزَائِمُهُ.

(۲۷۰۰۲) حضرت علقمہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: یقیناً اللہ رب العزت رخصتوں پر عمل کیے جانے کو محبوب رکھتے ہیں جیسے عزیمتوں پر عمل کرنے کو محبوب رکھتے ہیں۔

(۲۷۰۰۳) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ تَمِيمِ بْنِ سَلَمَةَ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ :إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ أَنْ تُؤْتَى مَيَاسِرُهُ كَمَا يُحِبُّ أَنْ تُؤْتَى عَزَائِمُهُ. (احمد ۱۰۸۔ ابن حبان ۲۷۴۲)

(۲۷۰۰۳) حضرت تمیم بن سلمہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: یقیناً اللہ رب العزت آسانیوں پر عمل کرنے کو محبوب رکھتے ہیں جیسے عزیمتوں پر عمل کرنے کو محبوب رکھتے ہیں۔

(۲۷۰۰۴) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ :ذَكَرْته لِعَبْدِ الرَّحْمَنِ الرَّحَّالِ قَالَ :قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ :إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ أَنْ تُؤْتَى مَيَاسِرُهُ كَمَا يُحِبُّ أَنْ تُؤْتَى عَزَائِمُهُ.

(۲۷۰۰۴) حضرت سفیان رحمہ اللہ کے والد فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عبدالرحمٰن رحال رحمہ اللہ کے سامنے ذکر کیا کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: یقیناً اللہ رب العزت آسانیوں پر عمل کرنے کو محبوب رکھتے ہیں جیسے عزیمتوں پر عمل کرنے کو محبوب رکھتے ہیں۔

(۲۷۰۰۵) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُبَيْدَةَ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ أَنْ تُقْبَلَ رُخَصُهُ كَمَا يُحِبُّ أَنْ تُؤْتَى فَرِيضَتُهُ.

(۲۷۰۰۵) حضرت محمد بن منکدر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یقیناً اللہ رب العزت رخصتوں پر عمل کرنے کو محبوب رکھتے ہیں جیسے فرائض کے انجام دینے کو محبوب رکھتے ہیں۔

(۲۷۰۰۶) حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ ، عَنْ حُصَيْنٍ ، عَنِ الشَّعْبِيِّ ، عَنْ مَسْرُوقٍ قَالَ :إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ أَنْ تُؤْتَى رُخَصُهُ كَمَا يُحِبُّ أَنْ تُؤْتَى عَزَائِمُهُ.

(۲۷۰۰۶) امام شعبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت مسروق رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: یقیناً اللہ رب العزت رخصتوں پر عمل کرنے کو محبوب رکھتے ہیں جیسے عزیمتوں پر عمل کرنے کو محبوب رکھتے ہیں۔

(۲۷۰۰۷) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، عَنِ الْعَوَّامِ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ قَالَ :إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ أَنْ تُؤْتَى مَيَاسِرُهُ كَمَا يُحِبُّ أَنْ يُطَاعَ فِي عَزَائِمِهِ.

(۲۷۰۰۷) حضرت عوام رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابراہیم تیمی رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا: یقیناً اللہ رب العزت آسانیوں پر عمل کرنے کو ایسے ہی محبوب رکھتے ہیں جیسے عزیمتوں کی پیروی کیے جانے کو محبوب رکھتے ہیں۔

(۲۷۰۰۸) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ نَصْرِ بْنِ عَرَبِي ، عَنْ عَطَاءٍ قَالَ : إِذَا تَنَازَعَكَ أَمْرَانِ ، فَاحْمِلِ الْمُسْلِمِينَ عَلَى أَيْسَرِهِمَا.

(۲۷۰۰۸) حضرت نصر بن عربی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: کہ حضرت عطاء رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا: جب دو معاملے تجھ سے جھگڑا کریں تو ان میں سے آسان کا بار تو مسلمانوں پر ڈال دے۔

(۲۷۰۰۹) حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ عَائِشَةَ رضى الله عنها قَالَتْ : مَا خُيِّرَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ أَمْرَيْنِ أَحَدُهُمَا أَيْسَرُ مِنَ الآخَرِ إِلاَّ أَخَذَ الَّذِي هُوَ أَيْسَرُ. (مسلم ۱۸۱۴۔ احمد ۳۱)

(۲۷۰۰۹) حضرت عروہ بن زبیر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے ارشاد فرمایا: جب کبھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کسی دو کاموں میں اختیار دیا گیا درانحالیکہ ان میں سے ایک دوسرے سے آسان ہوتا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان میں سے آسان کام کا انتخاب فرماتے۔

(۲۷۰۱۰) حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ ، عَنْ لَيْثٍ ، عَنْ طَاوُوس ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : يَسِّرُوا ، وَلاَ تُعَسِّرُوا.

(۲۷۰۱۰) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: آسانی پیدا کرو اور مشکل پیدا مت کرو۔

(۲۷۰۱۱) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي بُرْدَةَ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ جَدِّهِ ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا بَعَثَهُ هُوَ وَمُعَاذًا إِلَى الْيَمَنِ قَالَ : يَسِّرَا ، وَلاَ تُعَسِّرَا. (بخاری ۳۰۳۸۔ مسلم ۱۳۵۹)

(۲۷۰۱۱) حضرت ابو بردہ رضی اللہ عنہ کے والد فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب انہیں اور حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کو یمن والوں کی طرف بھیجا تو ارشاد فرمایا: تم دونوں آسانی پیدا کرنا اور مشکل پیدا مت کرنا۔

(۱۸۳) مَنْ قَالَ ابن أختِ القومِ مِنهم

جو یوں کہے: قوم کا بھانجا انہیں میں سے ہوتا ہے

(۲۷۰۱۲) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ عَوْفٍ ، عَنْ زِيَادِ بْنِ مِخْرَاقٍ ، عَنْ أَبِي كِنَانَةَ ، عَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : ابْنُ أُخْتِ الْقَوْمِ مِنهم. (احمد ۳۹۶۔ بزار ۱۵۸۲)

(۲۷۰۱۲) حضرت ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قوم کا بھانجا انہیں سے ہوتا ہے۔

(۲۷۰۱۳) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ قَتَادَةَ ، عَنْ أَنَسٍ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : ابْنُ أُخْتِ الْقَوْمِ مِنْ أَنْفُسِهِمْ. (بخاری ۳۵۲۸۔ مسلم ۷۳۵)

(۲۷۰۱۳) حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قوم کا بھانجا انہی میں شمار ہوتا ہے۔

(۲۷۰۱٤) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، قَالَ : قُلْتُ لِمُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ : سَمِعْتَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلنُّعْمَانِ بْنِ مُقَرِّنٍ : ابْنُ أُخْتِ الْقَوْمِ مِنْ أَنْفُسِهِمْ قَالَ : نَعَمْ. (نسائی ۲۳۹۳۔ احمد ۲۲۲)

(۲۷۰۱۴) حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت نعمان بن مقرن رضی اللہ عنہ سے پوچھا: کیا قوم کا بھانجا انہی میں سے شمار ہوتا ہے؟ انہوں نے عرض کیا: جی ہاں۔

(۲۷۰۱۵) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنِ ابْنِ خُثَيْمٍ ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ رِفَاعَةَ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ جَدِّهِ قَالَ : جَمَعَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُرَيْشًا فَقَالَ : هَلْ فِيكُمْ مِنْ غَيْرِكُمْ ؟ قَالُوا : لاَ إِلاَّ ابْنُ أُخْتِنَا وَحَلِيفُنَا وَمَوْلاَنَا ، فَقَالَ : ابْنُ أُخْتِكُمْ مِنْكُمْ ، وَحَلِيفُكُمْ مِنْكُمْ ، وَمَوْلاَكُمْ مِنْكُمْ. (بخاری ۷۵۔ احمد ۳۴۰)

(۲۷۰۱۵) حضرت رفاعہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قبیلہ قریش کو جمع کیا اور پوچھا: کیا تم میں کوئی غیر تو موجود نہیں ہے؟ لوگوں نے عرض کیا: نہیں، سوائے ہمارے بھانجوں، ہمارے حلیفوں اور ہمارے غلاموں کے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارے بھانجے تم ہی میں سے ہیں، تمہارے حلیف تم ہی میں سے ہیں، اور تمہارے غلام بھی تم ہی میں سے ہیں۔

(۱۸٤) فِي الرُّخصةِ فِي حدِيثِ بنِي إسرائِيل

اسرائیلی روایات بیان کرنے کی رخصت کے بارے میں

(۲۷۰۱٦) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : حَدِّثُوا عَنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ ، وَلاَ حَرَجَ. (ابوداؤد ۳۶۵۴۔ احمد ۵۰۲)

(۲۷۰۱۶) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اسرائیلی روایات بیان کرو اس میں کوئی حرج نہیں۔

(۲۷۰۱۷) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ سَعْدٍ ، عَنِ ابْنِ سَابِطٍ ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : تَحَدَّثُوا عَنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ فَإِنَّهُ كَانَتْ فِيهِمْ أَعَاجِيبُ.

(۲۷۰۱۷) حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اسرائیلی روایات آپس میں بیان کرو کیونکہ اس میں عجیب وغریب باتیں ہوتی ہیں۔

(۲۷۰۱۸) حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ ، عَنِ الأَوْزَاعِيِّ ، عَنْ حَسَّانَ بْنِ عَطِيَّةَ ، عَنْ أَبِي كَبْشَةَ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : حَدِّثُوا عَنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ ، وَلاَ حَرَجَ.

(۲۷۰۱۸) حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اسرائیلی روایات بیان کرو اس میں کوئی حرج نہیں۔

(۲۷۰۱۹) حَدَّثَنَا عَفَّانُ قَالَ :حَدَّثَنَا هَمَّامٌ ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :حَدِّثُوا عَنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ ، وَلاَ حَرَجَ. (احمد ۳۹)

(۲۷۰۱۹) حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ بنواسرائیل کی طرف سے روایات بیان کرو، اس میں کوئی حرج نہیں۔

(۱۸۵) ما ذكر في التخنيث

ان روایات کا بیان جو مخنث بنانے کے بارے میں ذکر کی گئیں

(۲۷۰۲۰) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي زِيَادٍ ، عَنْ عِكْرِمَةَ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ :لَعَنَ اللَّهُ الْمُتَخَنِّثِينَ مِنَ الرِّجَالِ ، وَالْمُتَرَجِّلاَتِ مِنَ النِّسَاءِ قَالَ :قُلْتُ لِعِكْرِمَةَ :مَا الْمُتَرَجِّلاَتُ ؟ قَالَ :الْمُتَشَبِّهَاتُ بِالرِّجَالِ.

(بخاری ۵۸۸۵۔ ابوداؤد ۴۰۹۴)

(۲۷۰۲۰) حضرت عکرمہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: اللہ رب العزت نے آدمیوں میں سے مخنث بننے والوں پر اور عورتوں میں مرد کی مشابہت اختیار کرنے والیوں پر لعنت کی۔ راوی کہتے ہیں میں نے حضرت عکرمہ رحمہ اللہ سے پوچھا: مترجلات سے کیا مراد ہے؟ انہوں نے فرمایا: مردوں کی مشابہت اختیار کرنے والی عورتیں مراد ہیں۔

(۲۷۰۲۱) حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ ، عَنْ جَهْضَمِ بْنِ عَبْدِ اللهِ ، عَمَّنْ حَدَّثَ ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ :لَعَنَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُتَخَنِّثِينَ مِنَ الرِّجَالِ الَّذِينَ يَتَشَبَّهُونَ بِالنِّسَاءِ ، وَالْمُتَرَجِّلاَتِ مِنَ النِّسَاءِ اللاَّتِي يَتَشَبَّهْنَ بِالرِّجَالِ. (ابوداؤد ۴۰۹۵۔ احمد ۱۷۱۵)

(۲۷۰۲۱) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان مخنث مردوں پر جو عورتوں کی مشابہت اختیار کرتے ہیں اور ان مرد نما عورتوں پر جو مردوں کی مشابہت اختیار کرتی ہیں، لعنت فرمائی۔

(۲۷۰۲۲) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ أُمِّ سَلَمَةَ ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلَيْهَا فَسَمِعَ مُخَنَّثًا وَهُوَ يَقُولُ لِعَبْدِ اللهِ بْنِ أَبِي أُمَيَّةَ أَخِيهَا :إِنْ يَفْتَحِ اللَّهُ الطَّائِفَ غَدًا دَلَلْتُكَ عَلَى امْرَأَةٍ تُقْبِلُ بِأَرْبَعٍ وَتُدْبِرُ بِثَمَانٍ ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :أَخْرِجُوهُمْ مِنْ بُيُوتِكُمْ.

(مسلم ۱۷۱۵۔ ابوداؤد ۴۸۹۱)

(۲۷۰۲۲) حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ان کے پاس تشریف لائے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مخنث کی آواز سنی جو اپنے بھائی عبداللہ بن ابی امیہ سے یوں کہہ رہا تھا: اگر اللہ تعالیٰ نے کل کو طائف فتح کیا تو میں تیری راہنمائی کروں گا ایسی عورت پر جو آتی ہے چار پہلوؤں پر اور جاتی ہے آٹھ پہلوؤں پر۔ تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم ان کو اپنے گھروں سے نکال دو۔

(۲۷۰۲۳) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ إِسْرَائِيلَ ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ الْعَيْزَارِ ، عَنْ عِكْرِمَةَ ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ

لَا يَدْخُلُ بَيْتًا فِيهِ مُخَنَّثٌ.

(۲۷۰۲۳) حضرت عکرمہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اس گھر میں داخل نہیں ہوتے تھے جس میں مخنث ہوتا۔

(۲۷۰۲٤) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ ، عَنِ الأَجْلَحِ ، عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ : لَعَنَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُتَشَبِّهِينَ مِنَ الرِّجَالِ بِالنِّسَاءِ ، وَالْمُتَشَبِّهَاتِ مِنَ النِّسَاءِ بِالرِّجَالِ.

(۲۷۰۲۴) امام شعبی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان مردوں پر جو عورتوں کی مشابہت اختیار کریں اور ان عورتوں پر جو مردوں کی مشابہت اختیار کریں، لعنت فرمائی۔

(۲۷۰۲۵) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ قَالَ : حَدَّثَنَا أَبُو حَيَّانَ ، عَنْ يُونُسَ ، عَنِ الْحَسَنِ يَرْفَعُهُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ : لُعِنَ مِنَ الرِّجَالِ الْمُتَشَبِّهُ بِالنِّسَاءِ وَلُعِنَ مِنَ النِّسَاءِ الْمُتَشَبِّهَةُ الْمُتَرَجِّلَةُ.

(۲۷۰۲۵) حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی مرفوعاً حدیث بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ان مردوں پر جو عورتوں کی مشابہت اختیار کریں لعنت کی گئی ہے، اور ان عورتوں پر جو مردوں کی مشابہت اختیار کریں لعنت کی گئی ہے۔

(۲۷۰۲٦) حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ ، عَنْ حَسَنٍ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبْدِ الأَعْلَى ، عَنْ سُوَيْدِ بْنِ غَفَلَةَ قَالَ : الْمُتَشَبِّهَةُ بِالرِّجَالِ مِنَ النِّسَاءِ ، لَيْسَتْ مِنَّا وَلَسْنَا مِنْهَا.

(۲۷۰۲۶) حضرت ابراہیم بن عبدالاعلیٰ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت سوید بن غفلہ رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: عورتوں میں سے مردوں کی مشابہت اختیار کرنے والیاں ہم میں سے نہیں اور ہم ان میں سے نہیں۔

(۱۸٦) فِي كَفِّ اللِّسَانِ

زبان کو قابو رکھنے کا بیان

(۲۷۰۲۷) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ قَالَ : حَدَّثَنَا الأَعْمَشُ ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ : جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ : يَا رَسُولَ اللهِ ، أَيُّ الْمُسْلِمِينَ أَفْضَلُ ؟ فَقَالَ : مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُونَ مِنْ لِسَانِهِ وَيَدِهِ.

(مسلم ٦٥ ـ احمد ٣٧٢)

(۲۷۰۲۷) حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آیا اور عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! افضل ترین مسلمان کون ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کے ہاتھ اور زبان سے مسلمان محفوظ رہیں۔

(۲۷۰۲۸) حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ الْحَارِثِ ، عَنْ أَبِي كَثِيرٍ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ : قَامَ رَجُلٌ فَقَالَ : يَا رَسُولَ اللهِ ، أَيُّ الإِسْلَامِ أَفْضَلُ ، قَالَ : أَنْ يَسْلَمَ الْمُسْلِمُونَ مِنْ يَدِكَ وَلِسَانِكَ. (مسلم ٦٤ ـ احمد ٦٦٣٩١)

(۲۷۰۲۸) حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک صحابی رضی اللہ عنہ نے کھڑے ہو کر سوال کیا: اے اللہ کے رسول ﷺ! افضل ترین اسلام کیا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: یہ کہ تمہارے ہاتھ اور تمہاری زبان سے مسلمان محفوظ ہوں۔

(۲۷۰۲۹) حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنِ الْحَكَمِ ، قَالَ :سَمِعْتُ عُرْوَةَ بْنَ النَّزَّالِ يُحَدِّثُ عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهُ :أَلاَ أَدُلُّكَ عَلَى أَمْلَكِ ذَلِكَ كُلِّهِ ، قَالَ :قُلْتُ :يَا رَسُولَ اللهِ ، قَوْلُكَ أَلاَ أَدُلُّكَ عَلَى أَمْلَكِ ذَلِكَ كُلِّهِ قَالَ :فَأَشَارَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِهِ إِلَى لِسَانِهِ ، قَالَ :قُلْتُ :يَا رَسُولَ اللهِ ، وَإِنَّا لَمُؤَاخَذُ بِمَا نَتَكَلَّمُ بِهِ ، قَالَ :ثَكِلَتْكَ أُمُّكَ يَا مُعَاذُ ، وَهَلْ يَكُبُّ النَّاسَ عَلَى مَنَاخِرِهِمْ إِلاَّ حَصَائِدُ أَلْسِنَتِهِمْ ، قَالَ شُعْبَةُ :وَقَالَ الْحَكَمُ :وَحَدَّثَنِي بِهِ مَيْمُونُ بْنُ أَبِي شَبِيبٍ ، وَسَمِعْتُهُ مِنْهُ مُنْذُ أَرْبَعِينَ سَنَةً. (ترمذی ۲۶۱۶۔ احمد ۲۳۳)

(۲۷۰۲۹) حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے ان سے ارشاد فرمایا: کیا میں تمہیں ان تمام چیزوں کی جڑ نہ بتادوں؟ آپ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول ﷺ! آپ ﷺ کا کہنا کہ میں تمہیں تمام چیزوں کی جڑ نہ بتا دوں؟ آپ ﷺ نے اپنی زبان کی طرف اشارہ کیا۔ میں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول ﷺ! ہم اپنی زبان سے جو بھی لفظ نکالتے ہیں ان سب پر مؤاخذہ ہوگا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اے معاذ! تمہیں تمہاری ماں گم پائے۔ لوگوں کو جہنم میں پیشانی کے بل گرانے والی چیز اسی زبان کی کھیتیاں ہوں گی۔

(۲۷۰۳۰) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ حَيَّانَ ، عَنْ عَنْبَسِ بْنِ عُقْبَةَ قَالَ عَبْدُ اللهِ :وَالَّذِي لاَ إِلَهَ غَيْرُهُ ، مَا عَلَى الأَرْضِ شَيْءٌ أَحْوَجُ إِلَى طُولِ سِجْنٍ مِنْ لِسَانٍ. (ابوداؤد ۱۵۹)

(۲۷۰۳۰) حضرت عنبس بن عقبہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: قسم ہے اس ذات کی جس کے سوا کوئی معبود نہیں، زمین پر زبان سے زیادہ کوئی چیز بھی لمبی قید کی محتاج نہیں۔

(۲۷۰۳۱) حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ الأَحْمَرُ ، عَنِ ابْنِ عَجْلاَنَ ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ :دَخَلَ عُمَرُ عَلَى أَبِي بَكْرٍ وَهُوَ آخِذٌ بِلِسَانِهِ هَكَذَا ، يَقُولُ :هَا إِنَّ ذَا أَوْرَدَنِي الْمَوَارِدَ.

(۲۷۰۳۱) حضرت اسلم رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ پر داخل ہوئے اس حال میں کہ انہوں نے اپنی زبان کو پکڑا ہوا تھا اور یوں فرما رہے تھے۔ بے شک یہ ہی ہے جس نے مجھے مصیبتوں کے گھاٹ اتارا۔

(۲۷۰۳۲) حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ يَعْلَى بْنِ عَطَاءٍ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ سُفْيَانَ ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ :قُلْتُ :يَا رَسُولَ اللهِ ، أَيُّ شَيْءٍ أَتَّقِي ؟ فَأَشَارَ بِيَدِهِ إِلَى لِسَانِهِ. (ترمذی ۲۴۱۰۔ احمد ۳۸۴)

(۲۷۰۳۲) حضرت عبداللہ بن سفیان رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ان کے والد حضرت سفیان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کہ میں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول ﷺ! میں کن چیزوں سے بچوں؟ تو آپ ﷺ نے جواب میں اپنی زبان کی طرف اشارہ فرمایا۔

(٢٧٠٣٣) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ دِينَارٍ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ :أَحَقُّ مَا طَهَّرَ الْمُسْلِمُ لِسَانَهُ.

(۲۷۰۳۳) حضرت عبداللہ بن دینار رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: کہ سب سے زیادہ حقدار چیز جس کو مسلمان پاکیزہ رکھے وہ اس کی زبان ہے۔

(١٨٧) ما يكره لِلرّجلِ أن يتكلّم بِهِ

آدمی کے لیے مکروہ ہے کہ وہ ایسی بات کرے

(٢٧٠٣٤) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنِ الزُّهْرِيِّ ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ بْنِ سَهْلٍ قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لاَ يَقُلْ أَحَدُكُمْ :إِنِّي خَبِيثُ النَّفْسِ ، وَلْيَقُلْ ، إِنِّي لَقِسُ النَّفْسِ. (بخاری ٦١٨٠)

(۲۷۰۳۴) حضرت ابوامامہ بن سہل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم میں سے کوئی یوں مت کہے کہ: میں برے نفس والا یا بد باطن ہوں بلکہ وہ یوں کہے میں معیوب نفس والا ہوں۔

(٢٧٠٣٥) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ عَائِشَةَ رضى الله عنها ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ :لاَ يَقُلْ أَحَدُكُمْ :خَبُثَتْ نَفْسِي ، وَلْيَقُلْ :لَقِسَتْ نَفْسِي. (بخاری ٦١٧٩۔ مسلم ١٦)

(۲۷۰۳۵) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم میں کوئی یوں مت کہے: میں بد باطن ہوں بلکہ کہے کہ میں معیوب نفس والا ہوں۔

(٢٧٠٣٦) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ مِسْعَرٍ، عَنْ سِمَاكٍ الْحَنَفِيِّ ، قَالَ:سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ يَكْرَهُ أَنْ يَقُولَ :إِنِّي كَسْلاَنُ.

(۲۷۰۳۶) حضرت سماک حنفی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ یوں کہنے کو کہ میں سست ہوں، مکروہ سمجھتے تھے۔

(٢٧٠٣٧) حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ أَبِي رَاشِدٍ ، أَنَّ أُخْتًا لِعُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ اسْتَشْفَعَتْ لِرَجُلٍ عَلَيْهِ فَقَالَتْ :إِنَّمَا هُوَ بِاللَّهِ وَبِكَ ، فَغَضِبَ فَقَالَ :إِنَّمَا هُوَ بِاللَّهِ.

(۲۷۰۳۷) حضرت ابوراشد رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبید بن عمیر رحمہ اللہ کی بہن نے ان سے کسی آدمی کی سفارش کی۔ تو یوں کہا: بے شک وہی ہے اللہ کی قسم اور آپ رحمہ اللہ کی قسم۔ آپ رحمہ اللہ کو غصہ آ گیا اور فرمایا بے شک وہی ہے اللہ کی قسم۔

(٢٧٠٣٨) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ مُخْتَارٍ ، قَالَ :سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ عَبْدِ الْعَزِيزِ يَكْرَهُ أَنْ يَقُولَ :اللَّهُمَّ تَصَدَّقْ عَلَيَّ ، وَلَكِنْ لِيَقُلْ :اللَّهُمَّ امْنُنْ عَلَيَّ.

(۲۷۰۳۸) حضرت مختار رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ کو سنا کہ وہ یوں کہنے کو مکروہ سمجھتے تھے کہ اے اللہ! تو ہم پر صدقہ فرما۔ لیکن یوں کہا کرتے: اے اللہ! ہم پر احسان فرما۔

(١٨٨) فِي الثّناءِ الحسنِ

اچھی تعریف کرنے کا بیان

(٢٧٠٣٩) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ قَالَ :أَخْبَرَنَا هِشَامٌ ، عَنْ حَفْصَةَ ، عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ زِيَادٍ ، عَنْ كَعْبٍ قَالَ :وَاللَّهِ مَا اسْتَقَامَ لِعَبْدٍ ثَنَاءٌ فِي الأَرْضِ حَتَّى اسْتَقَرَّ لَهُ فِي أَهْلِ السَّمَاءِ.

(۲۷۰۳۹) حضرت ربیع بن زیاد رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت کعب رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: کہ دنیا میں کسی بندے کی تعریف مستقل نہیں ہوتی یہاں تک کہ آسمان والوں میں بھی اس کی وہ تعریف قرار پکڑ لیتی ہے۔

(٢٧٠٤٠) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ قَالَ :أَخْبَرَنَا الْعَوَّامُ بْنُ حَوْشَبٍ قَالَ :الْتَقَيْتُ أَنَا وَإِيَاسُ بْنُ مُعَاوِيَةَ بِذَاتِ عِرْقٍ فَذَكَرْنَا إِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيَّ فَقَالَ إِيَاسٌ :لَوْلاَ كَرَامَتُهُ عَلَيَّ لأَثْنَيْتُ عَلَيْهِ فَقُلْتُ :هَلْ تَعْرِفُهُ ؟ قَالَ :نَعَمْ ، قُلْتُ : فَلِمَ تَكْرَهُ الثَّنَاءَ عَلَيْهِ ، قَالَ :إِنَّهُ كَانَ يُقَالُ :إِنَّ الثَّنَاءَ مِنَ الْجَزَاءِ.

(۲۷۰۴۰) حضرت عوام بن حوشب رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میری اور حضرت ایاس بن معاویہ رحمہ اللہ کی ذات عرق مقام پر ملاقات ہوئی تو ہم نے حضرت ابراہیم تیمی رحمہ اللہ کا ذکر کیا۔ حضرت ایاس رحمہ اللہ فرمانے لگے: اگر ان کی میرے دل میں عزت نہ ہوتی تو میں ضرور ان کی تعریف کرتا میں نے پوچھا: کیا آپ رحمہ اللہ انہیں جانتے ہیں؟ انہوں نے کہا: جی ہاں! میں نے پوچھا: پھر آپ رحمہ اللہ ان کی تعریف کرنے کو برا کیوں سمجھ رہے ہیں؟ انہوں نے فرمایا: اس لیے کہ یوں کہا جاتا ہے کہ تعریف کرنا اجرت دینے کے مترادف ہے۔

(٢٧٠٤١) حَدَّثَنَا مُعَاذٌ ، عَنْ حُمَيْدٍ ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ :قَالَتِ الْمُهَاجِرُونَ :يَا رَسُولَ اللهِ ، مَا رَأَيْنَا مِثْلَ قَوْمٍ قَدِمْنَا عَلَيْهِمْ أَحْسَنَ بَذْلاً مِنْ كَثِيرٍ ، وَلاَ أَحْسَنَ مُوَاسَاةً فِي قَلِيلٍ ، كَفَوْنَا الْمؤنة ، وَأَشْرَكُونَا فِي الْمَهْنَأِ ، قَدْ خَشِينَا أَنْ يَذْهَبُوا بِالأَجْرِ كُلِّهِ ، فَقَالَ :لاَ ، مَا أَثْنَيْتُمْ عَلَيْهِمْ وَدَعَوْتُمُ اللَّهَ لَهُمْ. (بخاری ۲۱۷۔ ابوداؤد ۴۷۷۹)

(۲۷۰۴۱) حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مہاجرین نے فرمایا: یارسول اللہ ﷺ! جس قوم کے پاس ہم آئے ہیں ہم نے ان سے زیادہ اچھا کثرت سے خرچ کرنے والا اور تھوڑا ہونے کے باوجود غمخواری کرنے میں ان سے اچھا کسی کو نہیں دیکھا۔ انہوں نے ہمارا خرچہ برداشت کیا، اور ہمیں اپنی خوشیوں میں شریک کیا۔ ہمیں ڈر ہے کہ سارے کا سارا اجر یہ لوگ ہی لے جائیں گے۔ اس پر آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: نہیں! ایسی بات نہیں۔ بہر حال تم ان کی تعریف مت کرو، اور تم اللہ سے ان کے حق میں دعا کرو۔

(١٨٩) فِي الحدِيثِ لِلنّاسِ والإقبالِ عليهم

لوگوں کو بیان کرنا اور ان کی توجہ حاصل کرنا

(٢٧٠٤٢) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ قَالَ :أَخْبَرَنَا أَشْعَثُ بْنُ سَوَّارٍ ، عَنْ كُرْدُوسٍ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ قَالَ :إِنَّ لِلْقُلُوبِ

نَشَاطًا وَإِقْبَالاً ، وَإِنَّ لَهَا لَتَوْلِيَةً وَإِدْبَارًا ، فَحَدِّثُوا النَّاسَ مَا أَقْبَلُوا عَلَيْكُمْ.

(۲۷۰۴۲) حضرت کردوس رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: بے شک دلوں کے لیے بھی بشاشت اور توجہ بھی ہوتی ہے، اور سستی اور اکتاہٹ بھی ہوتی ہے، تم لوگوں کو وہ بات بیان کرو جس سے وہ تمہاری طرف متوجہ ہوں۔

(۲۷۰۴۳) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ عُثْمَانَ بْنَ غِيَاثٍ ، عَنْ أَبِي السَّلِيلِ قَالَ : قَدِمَ عَلَيْنَا رَجُلٌ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكَانُوا يَجْتَمِعُونَ عَلَيْهِ ، فَصَعِدَ عَلَى ظَهْرِ بَيْتٍ فَحَدَّثَهُمْ.

(۲۷۰۴۳) حضرت ابوالسلیل رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ہمارے پاس نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک صحابی تشریف لائے تو لوگ ان کے پاس جمع ہو گئے۔ وہ گھر کی چھت پر چڑھے اور انہوں نے لوگوں کو حدیث بیان کی۔

(۲۷۰۴۴) حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ قَالَ : أَخْبَرَنَا أَبُو الْعُمَيْسِ ، عَنْ أَبِي طَلْحَةَ قَالَ : قَدِمَ أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ الْكُوفَةَ فَاجْتَمَعْنَا عَلَيْهِ ، قَالَ : فَقُلْنَا : حَدِّثْنَا مَا سَمِعْتَ مِنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ : وَهُوَ يَقُولُ : أَيُّهَا النَّاسُ ، انْصَرِفُوا عَنِّي ، حَتَّى أَلْجَأَنَاهُ إِلَى حَائِطِ الْقَصْرِ فَقَالَ : لَوْ تَعْلَمُونَ مَا أَعْلَمُ لَبَكَيْتُمْ كَثِيرًا وَلَضَحِكْتُمْ قَلِيلاً أَيُّهَا النَّاسُ ، انْصَرِفُوا عَنِّي ، فَانْصَرَفْنَا عَنْهُ. (احمد ۱۸۰)

(۲۷۰۴۴) حضرت ابوطلحہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کوفہ تشریف لائے تو ہم لوگ ان کے پاس جمع ہو گئے۔ ہم نے عرض کی کہ آپ رضی اللہ عنہ ہمیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی ہوئی کوئی حدیث بیان کریں۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے: اے لوگو! میرے پاس سے جاؤ، یہاں تک کہ ہم آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو انتہائی مجبور کر دیتے پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے: جو میں جانتا ہوں اگر وہ بات تم جان لیتے تو تم زیادہ روتے اور تھوڑا ہنستے۔ اے لوگو! میرے پاس سے چلے جاؤ تو ہم آپ رضی اللہ عنہ کے پاس سے واپس لوٹ آئے۔

(۲۷۰۴۵) حَدَّثَنَا عَفَّانُ قَالَ : حَدَّثَنَا أَبُو هِلاَلٍ قَالَ : حَدَّثَنَا الْحَسَنُ قَالَ : حَدِّثُوا النَّاسَ مَا أَقْبَلُوا عَلَيْكُمْ بِوُجُوهِهِمْ ، فَإِذَا الْتَفَتُوا فَاعْلَمُوا أَنَّ لَهُمْ حَاجَاتٍ. (دارمی ۴۴۹)

(۲۷۰۴۵) حضرت ابو ہلال رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت حسن بصری رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: تم لوگوں کو وہ بات بیان کرو جس سے وہ تمہاری طرف متوجہ ہو جائیں، جب وہ تمہاری طرف متوجہ ہوں تو جان لو کہ ان کی ضرورتیں بھی ہیں۔

(۲۷۰۴۶) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ شَقِيقٍ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ قَالَ : كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَخَوَّلُنَا بِالْمَوْعِظَةِ مَخَافَةَ السَّآمَةِ عَلَيْنَا. (مسلم ۲۱۷۲۔ احمد ۴۲۵)

(۲۷۰۴۶) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے اکتا جانے کے اندیشے سے وعظ و نصیحت میں وقفہ فرمایا کرتے تھے۔

(۲۷۰۴۷) حَدَّثَنَا جَرِيرٌ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، عَنْ عَلْقَمَةَ ، أَنَّهُ كَانَ إِذَا رَأَى مِنْ أَصْحَابِهِ هَشَاشًا يَعْنِي

انْبِسَاطًا ذَكَّرَهُمْ.

(۲۷۰۴۷) حضرت ابراہیم رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت علقمہ رحمہ اللہ جب اپنے شاگردوں کو ہشاش بشاش دیکھتے تو ان کو وعظ و نصیحت فرماتے۔

(۲۷۰۴۸) حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ ، وَابْنُ عُيَيْنَةَ ، وَأَبُو خَالِدٍ الأَحْمَرُ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلاَنَ ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ الأَشَجِّ ، عَنْ مَعْمَرٍ ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عَدِيِّ بْنِ الْخِيَارِ قَالَ : قَالَ عُمَرُ : لاَ تُبَغِّضُوا اللَّهَ إِلَى عِبَادِهِ ، يَكُونُ أَحَدُكُمْ إِمَامًا فَيُطَوِّلُ عَلَيْهِمْ مَا هُمْ فِيهِ ، وَيَكُونُ أَحَدُكُمْ قَاصًّا فَيُطَوِّلُ عَلَيْهِمْ مَا هُمْ فِيهِ.

(۲۷۰۴۸) حضرت عبید اللہ بن عدی بن خیار رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: تم لوگ اللہ عزوجل کو اس کے بندوں کے سامنے مبغوض مت بناؤ۔ تم میں کوئی امام ہوتا ہے تو وہ ان پر نماز اتنی لمبی کر دیتا ہے۔ اور کوئی خطیب ہوتا ہے تو وہ ان پر اپنی بات اتنی طویل کر دیتا ہے۔

(۱۹۰) فِي قولِ الرّجلِ لأَخِيهِ جزاك اللّه خيرًا

آدمی کا اپنے بھائی کو یوں کہنا: جزاک اللہ خیراً (اللہ تمہیں بہترین بدلہ عطا کرے)

(۲۷۰۴۹) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُبَيْدَةَ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ ثَابِتٍ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : إِذَا قَالَ الرَّجُلُ لأَخِيهِ : جَزَاكَ اللَّهُ خَيْرًا ، فَقَدْ أَبْلَغَ فِي الثَّنَاءِ. (ترمذی ۲۰۳۵)

(۲۷۰۴۹) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب تم میں کوئی اپنے بھائی کو یوں کہے: اللہ تمہیں بہترین بدلہ عطا فرمائے تو اس نے تعریف میں مبالغہ کیا۔

(۲۷۰۵۰) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ كَرِيزٍ قَالَ : قَالَ عُمَرُ : لَوْ يَعْلَمُ أَحَدُكُمْ مَا لَهُ فِي قَوْلِهِ لأَخِيهِ : جَزَاكَ اللَّهُ خَيْرًا ، لأَكْثَرَ مِنْهَا بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ.

(۲۷۰۵۰) حضرت طلحہ بن عبید اللہ بن کریز رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: اگر تم میں کوئی جان لیتا کہ اس کے اپنے بھائی کو یہ کلمات ..... اللہ تمہیں بہترین بدلہ عطا فرمائے ..... کہنے میں کیا ثواب ہے تو تم ایک دوسرے سے زیادہ اس کلمہ کو کہتے۔

(۱۹۱) ما يقول الرّجل إذا نام وإذا استيقظ

آدمی جب سوئے اور جب بیدار ہو تو یہ دعا پڑھے

(۲۷۰۵۱) حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ ، عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ : كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَخَذَ

مَضْجَعَهُ قَالَ : اللَّهُمَّ إِلَيْكَ أَسْلَمْتُ نَفْسِي ، وَإِلَيْكَ وَجَّهْتُ وَجْهِي ، وَإِلَيْكَ فَوَّضْتُ أَمْرِي ، وَإِلَيْكَ أَلْجَأْتُ ظَهْرِي ، رَغْبَةً وَرَهْبَةً إِلَيْكَ ، لاَ مَلْجَأَ وَلاَ مَنْجَى مِنْكَ إِلاَّ إِلَيْكَ ، آمَنْتُ بِكِتَابِكَ الَّذِي أَنْزَلْتَ ، وَبِنَبِيِّكَ الَّذِي أَرْسَلْتَ ، أَوْ بِرَسُولِكَ الَّذِي أَرْسَلْتَ. (بخاری ۶۳۱۳۔ ترمذی ۳۳۹۴)

(۲۷۰۵۱) حضرت براء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب اپنے سونے کی جگہ پر لیٹتے تو یہ دعا پڑھتے: ترجمہ: اے اللہ! میں نے اپنی جان تیرے ہی سپرد کی، اور میں نے اپنا چہرہ تیری ہی طرف کر دیا اور میں نے اپنا معاملہ بھی تیرے ہی سپرد کر دیا اور تجھے ہی میں نے اپنا پشت پناہ بنالیا تیری رحمت کی رغبت کرتے ہوئے اور تیرے عذاب سے ڈرتے ہوئے اور تیری رحمت کے سوا کوئی ٹھکانہ اور جائے پناہ نہیں اور جو کتاب تو نے اتاری ہے میں اس پر ایمان لایا اور جو نبی یا رسول تو نے بھیجا ہے اس پر بھی ایمان لایا۔

(۲۷۰۵۲) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ ، عَنْ رِبْعِيٍّ ، عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ : كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا نَامَ قَالَ : اللَّهُمَّ بِاسْمِكَ أَحْيَا وَأَمُوتُ ، فَإِذَا اسْتَيْقَظَ قَالَ : الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي أَحْيَانَا بَعْدَ مَا أَمَاتَنَا وَإِلَيْهِ النُّشُورُ. (بخاری ۶۳۱۲۔ ترمذی ۳۴۱۷)

(۲۷۰۵۲) حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب سونے کا ارادہ کرتے تو یہ دعا فرماتے اے اللہ! میں تیرا ہی نام لے کر مرتا ہوں اور جیتا ہوں۔ اور جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم بیدار ہوتے تو یہ دعا فرماتے: اللہ کا شکر ہے جس نے ہمیں مارنے کے بعد جگا دیا اور اسی کی طرف مرنے کے بعد لوٹنا ہے۔

(۲۷۰۵۳) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ : كُنْتُ قَاعِدًا عِنْدَ عَمَّارٍ فَأَتَاهُ رَجُلٌ فَقَالَ : أَلاَ أُعَلِّمُكَ كَلِمَاتٍ ، قَالَ كَأَنَّهُ يَرْفَعُهُنَّ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : إِذَا أَخَذْتَ مَضْجَعَكَ مِنَ اللَّيْلِ فَقُلْ : اللَّهُمَّ أَسْلَمْتُ نَفْسِي إِلَيْكَ ، وَوَجَّهْتُ وَجْهِي إِلَيْكَ ، وَفَوَّضْتُ أَمْرِي إِلَيْكَ ، وَأَلْجَأْتُ ظَهْرِي إِلَيْكَ ، آمَنْتُ بِكِتَابِكَ الْمُنْزَلِ ، وَنَبِيِّكَ الْمُرْسَلِ ، نَفْسِي خَلَقْتَهَا ، لَكَ مَحْيَاهَا وَمَمَاتُهَا ، فَإِنْ كَفَفْتَهَا فَارْحَمْهَا ، وَإِنْ أَخَّرْتَهَا فَاحْفَظْهَا بِحِفْظِ الإِيمَانِ.

(۲۷۰۵۳) حضرت سائب رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت عمار رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھا ہوا تھا کہ آپ رضی اللہ عنہ کے پاس کوئی شخص آیا۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا میں تجھے چند کلمات نہ سکھا دوں؟ راوی کہتے ہیں گویا کہ آپ رضی اللہ عنہ یہ کلمات نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالہ سے بیان فرما رہے تھے کہ جب تو رات کو اپنے بستر پر لیٹے تو یوں کہہ: اے اللہ! میں نے اپنی جان تیرے سپرد کی، اور میں نے اپنا چہرہ تیری طرف کر دیا اور میں نے اپنا معاملہ تیرے سپرد کر دیا اور میں نے تجھے اپنا پشت پناہ بنالیا۔ میں ایمان لایا تیری نازل کردہ کتاب پر، اور تیرے بھیجے ہوئے نبی پر، میری جان کو تو نے ہی پیدا کیا، تیرے لیے ہی اس کا جینا اور اس کا مرنا ہے۔ اگر تو اس کو موت دے تو اس پر رحم کرنا اور اگر تو اس کی موت کو مؤخر کرے تو اس کی حفاظت کرنا ایمان محفوظ رکھنے کے ساتھ۔

(۲۷۰۵۴) حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ يَعْلَى بْنِ عَطَاءٍ ، قَالَ : سَمِعْتُ عَمْرَو بْنَ عَاصِمٍ يُحَدِّثُ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا

هُرَيْرَةَ ، أَنَّ أَبَا بَكْرٍ قَالَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :أَخْبِرْنِي بِشَيْءٍ أَقُولُهُ إِذَا أَمْسَيْتُ وَإِذَا أَصْبَحْتُ ، قَالَ :قُلِ اللَّهُمَّ ، عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ، فَاطِرَ السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضِ ، رَبَّ كُلِّ شَيْءٍ وَمَلِيكَهُ ، أَشْهَدُ أَنْ لاَ إِلَهَ إِلاَّ أَنْتَ ، أَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِي وَمِنَ الشَّيْطَانِ وَشِرْكِهِ ، قُلْهُ إِذَا أَصْبَحْتَ وَإِذَا أَمْسَيْتَ ، وَإِذَا أَخَذْتَ مَضْجَعَكَ. (نسائی ۷۷۱۵۔ دارمی ۲۶۸۹)

(۲۷۰۵۴) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ نے نبی کریم ﷺ کی خدمت میں عرض کی، کہ آپ ﷺ مجھے کوئی ایسی دعا بتلا دیجئے جو میں صبح وشام پڑھا کروں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: یہ دعا پڑھو: اے اللہ! پوشیدہ اور ظاہر باتوں کے جاننے والے، آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے، ہر چیز کے پروردگار اور بادشاہ۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ تیرے سوا کوئی معبود برحق نہیں، میں تیری پناہ لیتا ہوں اپنے نفس کے شر سے، اور شیطان سے اور اس کے شریکوں سے، آپ ﷺ نے فرمایا: تم یہ کلمات پڑھو جب تم صبح کرو اور جب شام کرو، اور جب اپنے بستر پر لیٹ جاؤ۔

(۲۷۰۵۵) حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ أَبِي السَّفَرِ ، قَالَ :سَمِعْتُ أَبَا بَكْرِ بْنَ أَبِي مُوسَى يُحَدِّثُ عَنِ الْبَرَاءِ ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا اسْتَيْقَظَ قَالَ :الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي أَحْيَانَا بَعْدَ مَا أَمَاتَنَا وَإِلَيْهِ النُّشُورُ ، قَالَ شُعْبَةُ :هَذَا ، أَوْ نَحْوَ هَذَا وَإِذَا نَامَ قَالَ :اللَّهُمَّ بِاسْمِكَ أَحْيَا وَبِاسْمِكَ أَمُوتُ.

(مسلم ۲۰۸۳۔ احمد ۳۰۲)

(۲۷۰۵۵) حضرت براء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ جب بیدار ہوتے تو یہ دعا پڑھتے: اللہ کا شکر ہے جس نے مجھے مارنے کے بعد زندہ کیا۔ اور جب آپ سونے کا ارادہ کرتے تو یہ دعا پڑھتے: اے اللہ! میں تیرا نام لے کر زندہ رہتا ہوں اور تیرا نام لے کر ہی مرتا ہوں۔

(۲۷۰۵۶) حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ قَالَ :حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ عُمَرَ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ :إِذَا أَرَادَ أَحَدُكُمْ أَنْ يَضْطَجِعَ عَلَى فِرَاشِهِ فَلْيَنْزِعْ دَاخِلَةَ إِزَارِهِ ، ثُمَّ لِيَنْفُضْ بِهَا فِرَاشَهُ فَإِنَّهُ لاَ يَدْرِي مَا خَلَّفَهُ عَلَيْهِ ، ثُمَّ لِيَضْطَجِعْ عَلَى شِقِّهِ الأَيْمَنِ ، ثُمَّ لِيَقُلْ ، بِاسْمِكَ رَبِّي وَضَعْتُ جَنْبِي وَبِكَ أَرْفَعُهُ ، فَإِنْ أَمْسَكْتَ نَفْسِي فَارْحَمْهَا ، وَإِنْ أَرْسَلْتَهَا فَاحْفَظْهَا بِمَا تَحْفَظُ بِهِ عِبَادَكَ الصَّالِحِينَ. (بخاری ۷۳۹۳۔ ترمذی ۳۴۰۱)

(۲۷۰۵۶) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب تم میں سے کوئی اپنے بستر پر لیٹنے کا ارادہ کرے تو اس کو چاہیے کہ وہ اپنے نیچے کے زائد کپڑے اتار دے، پھر وہ اپنے بستر کو جھاڑے۔ اس لیے کہ وہ نہیں جانتا کہ اس کے پیچھے بستر پر کیا چیز تھی۔ پھر اسے چاہیے کہ وہ داہنی کروٹ پر لیٹ جائے، پھر یہ دعا پڑھے: میرے رب تیرا نام لے کر میں نے اپنا پہلو رکھا اور تیرا نام لے کر ہی میں اسے اٹھاؤں گا، پس اگر تو میرے نفس کو موت دے تو اس پر رحم فرمانا۔ اور اگر تو اس کو زندہ چھوڑ دے تو

اس کی حفاظت کرنا ایسی حفاظت جو تو اپنے نیک بندوں کی کرتا ہے۔

(۲۷۰۵۷) حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ ، عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، أَنَّهُ قَالَ لِرَجُلٍ :إِذَا أَخَذْت مَضْجَعَك فَقُلْ :اللَّهُمَّ أَسْلَمْت نَفْسِي إِلَيْك ، وَوَجَّهْت وَجْهِي إِلَيْك ، وَفَوَّضْت أَمْرِي إِلَيْك ، وَأَلْجَأْت ظَهْرِي إِلَيْك رَغْبَةً وَرَهْبَةً إِلَيْك ، لاَ مَنْجَى ، وَلاَ مَلْجَأَ مِنْك إِلاَّ إِلَيْك ، آمَنْت بِكِتَابِك الَّذِي أَنْزَلْت ، وَنَبِيِّك الَّذِي أَرْسَلْت ، فَإِنْ مُتَّ ، مُتَّ عَلَى الْفِطْرَةِ.

(بخاری ۲۴۷۔ مسلم ۲۰۸۱)

(۲۷۰۵۷) حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک صحابی سے ارشاد فرمایا: جب تم اپنے بستر پر لیٹنے لگو تو یہ دعا پڑھو۔ اے اللہ! میں نے اپنی جان تیرے سپرد کر دی اور میں نے اپنا چہرہ تیری طرف کر دیا اور اپنا معاملہ تیرے سپرد کر دیا اور میں نے تجھے اپنا پشت پناہ بنا لیا تیری رحمت کی رغبت کرتے ہوئے اور تیرے عذاب کے خوف کی وجہ سے اور تیری پکڑ سے بچنے کا تیری رحمت کے سوا کوئی ٹھکانہ اور کوئی جائے پناہ نہیں اور جو کتاب تو نے اتاری ہے اس پر میں ایمان لایا اور جو نبی تو نے بھیجا ہے اس پر بھی ایمان لایا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر تیری موت واقع ہو گئی تو تو فطرت اسلام پر مرا۔

(۲۷۰۵۸) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ حَبِيبٍ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ بَابَاهُ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ :مَنْ قَالَ حِينَ يَأْوِي إِلَى فِرَاشِهِ، لاَ إِلَهَ إِلاَّ اللَّهُ وَحْدَهُ، لاَ شَرِيكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ، سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهِ الحَمدُ لله ، لاَ إِلَهَ إِلاَّ اللَّهُ ، اللَّهُ أَكْبَرُ ، غُفِرَتْ ذُنُوبُهُ ، وَإِنْ كَانَتْ مِثْلَ زَبَدِ الْبَحْرِ.

(ابن حبان ۵۵۲۸)

(۲۷۰۵۸) حضرت عبداللہ بن باباہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: جو شخص بستر پر لیٹتے ہوئے یہ دعا پڑھے: اللہ کے سوا کوئی معبود برحق نہیں وہ تنہا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اسی کا ملک ہے اور اسی کے لیے تعریف وشکر ہے اور اس کی ذات ہر چیز پر قادر ہے، اللہ پاک ہے تمام عیوب سے اور اپنی تعریف کے ساتھ ہے، سب تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں، اللہ کے سوا کوئی معبود برحق نہیں، اللہ سب سے بڑا ہے۔ تو اس شخص کے گناہوں کی مغفرت کر دی جائے گی اگرچہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہوں۔

(۲۷۰۵۹) حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ قَالَ :حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ فَرْوَةَ بْنِ نَوْفَلٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهُ :مَجِيءٌ مَا جَاءَ بِكَ ؟ قَالَ :جِئْت يَا رَسُولَ اللهِ تُعَلِّمُنِي شَيْئًا عِنْدَ مَنَامِي، قَالَ :إِذَا أَخَذْت مَضْجَعَك فَاقْرَأْ ﴿قُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُونَ﴾ ثُمَّ نَمْ عَلَى خَاتِمَتِهَا فَإِنَّهَا بَرَاءَةٌ مِنَ الشِّرْكِ.

(ابو داؤد ۵۰۱۶۔ دارمی ۳۴۲۷)

(۲۷۰۵۹) حضرت نوفل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا: آئے ہوئے تمہیں کیا چیز لائی؟ میں نے عرض کیا:

یارسول اللہ ﷺ! میں آیا ہوں کہ آپ ﷺ مجھے سوتے وقت پڑھنے کے لیے کوئی دعا سکھا دیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: جب تم اپنے بستر پر لیٹ جاؤ تو تم سورۃ الکافرون پڑھو، پھر اس کے ختم کرنے پر سو جاؤ۔ اس لیے کہ یہ سورت شرک سے بری ہونے کا پروانہ ہے۔

(۲۷۰۶۰) حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ ، عَنْ أَبِي مَالِكٍ الأَشْجَعِيِّ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ نَوْفَلٍ الأَشْجَعِيِّ ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ : قُلْتُ : يَا رَسُولَ اللهِ ، أَخْبِرْنِي بِشَيْءٍ أَقُولُهُ إِذَا أَصْبَحْتُ وَإِذَا أَمْسَيْتُ ؟ قَالَ : اقْرَأْ ﴿قُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُونَ﴾ ثُمَّ نَمْ عَلَى خَاتِمَتِهَا فَإِنَّهَا بَرَاءَةٌ مِنَ الشِّرْكِ.

(۲۷۰۶۰) حضرت نوفل اشجعی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! مجھے کوئی ایسی دعا بتلا دیجئے جو میں صبح وشام پڑھا کروں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تم سورۃ الکافرون پڑھا کرو، پھر اس کے ختم ہونے پر سو جایا کرو۔ اس لیے کہ یہ شرک سے بری ہونے کا پروانہ ہے۔

(۲۷۰۶۱) حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ قَالَ : حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ ، عَنْ عَاصِمٍ ، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ : إِذَا أَخَذْتَ مَضْجَعَكَ فَقُلْ : بِسْمِ اللهِ وَفِي سَبِيلِ اللهِ وَعَلَى مِلَّةِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَحِينَ تُدْخِلُ الْمَيِّتَ قَبْرَهُ.

(۲۷۰۶۱) حضرت عاصم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: جب تو اپنے بستر پر لیٹ جائے تو یہ دعا پڑھ: اللہ کے نام کے ساتھ، اور اللہ کے راستہ میں اور رسول اللہ ﷺ کی ملت پر۔ اور جب تو میت کو اس کی قبر میں داخل کرے اس وقت بھی یہ دعا پڑھ لے۔

(۲۷۰۶۲) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ قَالَ : أَخْبَرَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ ، عَنْ عَاصِمٍ ، عَنْ سَوَاءٍ ، عَنْ حَفْصَةَ ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا أَخَذَ مَضْجَعَهُ قَالَ : رَبِّ قِنِي عَذَابَكَ يَوْمَ تَبْعَثُ عِبَادَكَ.

(ابو داؤد ۵۰۰۶۔ احمد ۲۸۸)

(۲۷۰۶۲) حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ نبی کریم ﷺ جب اپنے بستر پر لیٹ جاتے تو یہ دعا پڑھتے: میرے پروردگار! مجھے اپنے عذاب سے بچا جس روز تو اپنے بندوں کو دوبارہ اٹھائے گا۔

(۲۷۰۶۳) حَدَّثَنَا أَبُو الأَحْوَصِ ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ ، عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِرَجُلٍ : يَا فُلاَنُ ، إِذَا أَوَيْتَ إِلَى فِرَاشِكَ فَقُلْ : اللَّهُمَّ أَسْلَمْتُ نَفْسِي إِلَيْكَ ، وَوَجَّهْتُ وَجْهِي إِلَيْكَ وَوَلَّيْتُ ظَهْرِي إِلَيْكَ ، لاَ مَلْجَأَ وَلاَ مَنْجَى مِنْكَ إِلاَّ إِلَيْكَ ، آمَنْتُ بِكِتَابِكَ الَّذِي أَنْزَلْتَ ، وَنَبِيِّكَ الَّذِي أَرْسَلْتَ فَإِنَّكَ مِتَّ مِنْ لَيْلَتِكَ مِتَّ عَلَى الْفِطْرَةِ ، فَإِنْ أَصْبَحْتَ أَصَبْتَ خَيْرًا. (بخاری ۶۳۱۱۔ احمد ۲۹۹)

(۲۷۰۶۳) حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے کسی صحابی سے فرمایا: اے فلاں! جب تو اپنے بستر پر

لیٹ جائے تو یہ دعا پڑھ: اے اللہ! میں نے اپنی جان کو تیرے سپرد کر دیا اور میں نے اپنا چہرہ بھی تیری طرف کر دیا اور میں نے تجھے ہی اپنا پشت پناہ بنا لیا۔ تیرے عذاب سے بچنے کے لیے تیری رحمت کے سوا کوئی ٹھکانہ اور کوئی جائے پناہ نہیں جو کتاب تو نے نازل کی ہے میں اس پر ایمان لایا اور جو نبی تو نے بھیجا ہے میں اس پر ایمان لایا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اگر اس رات کو تیری موت واقع ہوگئی تو تو فطرت اسلام پر مرا، اور اگر تو نے صبح کی تو تو نے خیر کو پا لیا۔

(٢٧٠٦٤) حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ ، عَنِ الأَفْرِيقِيِّ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ يَزِيدَ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِرَجُلٍ مِنَ الأَنْصَارِ : كَيْفَ تَقُولُ حِينَ تُرِيدُ أَنْ تَنَامَ ؟ قَالَ : أَقُولُ بِاسْمِكَ وَضَعْتُ جَنْبِي فَاغْفِرْ لِي قَالَ : قَدْ غُفِرَ لَكَ. (نسائی ١٠٦٠٦۔ احمد ١٧٣)

(۲۷۰۶۴) حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے ایک انصاری صحابی سے پوچھا: جب تم سونے کا ارادہ کرتے ہو تو کیا دعا پڑھتے ہو؟ انہوں نے عرض کیا: میں یوں پڑھتا ہوں: تیرا نام لے کر میں نے اپنے پہلو کو رکھا پس تو میری مغفرت فرما دے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تحقیق تیری مغفرت کر دی گئی۔

(٢٧٠٦٥) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ زَائِدَةَ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ قَالَ : كَانَ أَصْحَابُنَا يَأْمُرُونَنَا وَنَحْنُ غِلْمَانٌ إِذَا أَوَيْنَا إِلَى فِرَاشِنَا أَنْ نُسَبِّحَ ثَلاَثًا وَثَلاَثِينَ ، وَنَحْمَدَ ثَلاَثًا وَثَلاَثِينَ ، وَنُكَبِّرَ أَرْبَعًا وَثَلاَثِينَ.

(۲۷۰۶۵) حضرت منصور رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابراہیم رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: کہ ہمارے اصحاب رضی اللہ عنہم ہمیں حکم دیتے اس حال میں کہ ہم بچے تھے کہ ہم جب اپنے بستروں پر لیٹ جائیں تو ہم تینتیس مرتبہ سبحان اللہ، تینتیس مرتبہ الحمد للہ اور چونتیس مرتبہ اللہ اکبر کہیں۔

(١٩٢) مَنْ كَانَ يقول إذا أخذت مضجعك فضع يدك اليمنى تحت خدِّكَ الأيمنِ

جو شخص یوں کہتا ہو: جب تم اپنے بستر پر لیٹنے لگو تو اپنا دایاں ہاتھ اپنے داہنے رخسار کے نیچے رکھو

(٢٧٠٦٦) حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ ، عَنْ زَائِدَةَ ، عَنْ عَاصِمٍ ، عَنِ الْمُسَيَّبِ ، عَنْ حَفْصَةَ قَالَتْ : كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَخَذَ مَضْجَعَهُ وَضَعَ يَدَهُ الْيُمْنَى تَحْتَ خَدِّهِ الأَيْمَنِ.

(۲۷۰۶۶) ام المؤمنین حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جب اپنے بستر پر لیٹتے تو اپنا داہنا ہاتھ اپنے داہنے رخسار کے نیچے رکھ لیتے۔

(٢٧٠٦٧) حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ أَبِي الْمُؤَمِّلِ ، عَنِ الزُّهْرِيِّ ، عَنْ عُرْوَةَ ، عَنْ عَائِشَةَ ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا صَلَّى رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ اضْطَجَعَ وَوَضَعَ يَدَهُ الْيُمْنَى تَحْتَ خَدِّهِ الأَيْمَنِ.

(بخاری ٦٣٦۔ مسلم ١٣١)

(۲۷۰۶۷) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ آپ ﷺ جب فجر کی دو رکعات پڑھ لیتے تو لیٹ جاتے اور اپنا داہنا ہاتھ اپنے داہنے رخسار کے نیچے رکھ لیتے۔

(۲۷۰۶۸) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ زَكَرِيَّا ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ ، عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ : كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا نَامَ تَوَسَّدَ يَمِينَهُ تَحْتَ خَدِّهِ وَيَقُولُ : قِنِي عَذَابَكَ يَوْمَ تَبْعَثُ عِبَادَكَ. (احمد ۲۹۰)

(۲۷۰۶۸) حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ جب سونے لگتے تو اپنے دائیں ہاتھ کو اپنے رخسار کے نیچے رکھ لیتے اور یہ دعا پڑھتے تھے: اے اللہ! مجھے اپنے عذاب سے بچا جس دن تو اپنے بندوں کو دوبارہ اٹھائے گا۔

(۲۷۰۶۹) حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ مُوسَى قَالَ : أَخْبَرَنَا إِسْرَائِيلُ ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، أَنَّهُ كَانَ إِذَا نَامَ قَالَ : اللَّهُمَّ قِنِي عَذَابَكَ يَوْمَ تَجْمَعُ عِبَادَكَ ، وَكَانَ يَضَعُ يَمِينَهُ تَحْتَ خَدِّهِ. (ترمذی ۲۵۵۔ احمد ۳۹۴)

(۲۷۰۶۹) حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ جب سونے کا ارادہ کرتے تو یہ دعا پڑھتے: اے اللہ! مجھے اپنے عذاب سے بچا جس دن تو اپنے بندوں کو جمع کرے گا۔ اور آپ ﷺ اپنا دایاں ہاتھ اپنے رخسار کے نیچے رکھ لیتے تھے۔

(۲۷۰۷۰) حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ نُمَيْرٍ قَالَ : حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ : إِذَا أَرَادَ أَحَدُكُمْ أَنْ يَضْطَجِعَ عَلَى فِرَاشِهِ فَلْيَضْطَجِعْ عَلَى شِقِّهِ الأَيْمَنِ.

(۲۷۰۷۰) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب تم میں سے کوئی اپنے بستر پر لیٹنے کا ارادہ کرے تو اس کو چاہیے کہ وہ داہنے پہلو پر لیٹے۔

(۱۹۳) فِي الرَّجُلِ ما يقول إذا أصبح

آدمی جب صبح کرے تو وہ کون سی دعا پڑھے

(۲۷۰۷۱) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبْزَى ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ : كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَصْبَحَ قَالَ : أَصْبَحْنَا عَلَى فِطْرَةِ الإِسْلاَمِ ، وَكَلِمَةِ الإِخْلاَصِ ، وَدِينِ نَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمِلَّةِ أَبِينَا إِبْرَاهِيمَ حَنِيفًا مُسْلِمًا وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِينَ. (احمد ۴۰۷۔ دارمی ۲۶۸۸)

(۲۷۰۷۱) حضرت عبدالرحمٰن بن ابزی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جب صبح کرتے تو یہ دعا پڑھتے: ترجمہ: ہم نے صبح کی فطرت اسلام پر اور کلمہ اخلاص پر، اور ہمارے نبی محمد ﷺ کے دین پر اور ہمارے والد حضرت ابراہیم کی ملت پر جو پکے مسلمان تھے اور مشرکین میں سے نہیں تھے۔

(٢٧٠٧٢) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ قَالَ : حَدَّثَنَا مِسْعَرٌ قَالَ : حَدَّثَنِي أَبُو عَقِيلٍ ، عَنْ سَابِقٍ ، عَنْ أَبِي سَلاَّمٍ خَادِمِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ : مَا مِنْ مُسْلِمٍ ، أَوْ إِنْسَانٍ ، أَوْ عَبْدٍ يَقُولُ حِينَ يُمْسِي وَيُصْبِحُ ثَلاَثَ مَرَّاتٍ : رَضِيتُ بِاللَّهِ رَبًّا وَبِالإِسْلاَمِ دِينًا وَبِمُحَمَّدٍ نَبِيًّا إِلاَّ كَانَ حَقًّا عَلَى اللهِ أَنْ يُرْضِيَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ.

(ابن ماجه ٣٨٧٠)

(۲۷۰۷۲) حضرت ابوسلام رضی اللہ عنہ جو رسول اللہ ﷺ کے خادم ہیں وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: کوئی مسلمان یا کوئی انسان یا کوئی بندہ صبح وشام تین مرتبہ یہ کلمات نہیں پڑھتا: ترجمہ! میں اللہ کو رب مان کر، اسلام کو دین مان کر اور محمد ﷺ کو نبی مان کر راضی ہوں۔ مگر یہ کہ اللہ پر اس کا حق ہے کہ قیامت کے دن اللہ اس کو راضی کر دیں گے۔

(٢٧٠٧٣) حَدَّثَنَا أَبُو الأَحْوَصِ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ ، عَنْ رَجُلٍ مِنَ النَّخَعِ ، عَنْ سَلْمَانَ قَالَ : مَنْ قَالَ إِذَا أَصْبَحَ : اللَّهُمَّ أَنْتَ رَبِّي لاَ شَرِيكَ لَكَ ، أَصْبَحْنَا وَأَصْبَحَ الْمُلْكُ لِلَّهِ ، وَالْحَمْدُ لِلَّهِ لاَ شَرِيكَ لَهُ وَإِذَا أَمْسَى مِثْلُ ذَلِكَ ، كَانَ كَفَّارَةً لِمَا أَحْدَثَ بَيْنَهُمَا.

(۲۷۰۷۳) حضرت ربعی بن حراش رحمہ اللہ قبیلہ نخع کے کسی آدمی سے نقل کرتے ہیں کہ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: جو شخص صبح کے وقت یہ کلمات پڑھے: ترجمہ: اے اللہ! تو میرا پروردگار ہے تیرا کوئی شریک نہیں۔ ہم نے صبح کی اور تمام ملک نے اللہ کے لیے صبح کی اور سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں۔ اس کا کوئی شریک نہیں۔ اور جو شخص شام کے وقت بھی ایسے ہی پڑھے تو یہ دعا کفارہ بن جائے گی ان گناہوں کے لیے جو ان دونوں کے مابین سرزد ہوئے۔

(٢٧٠٧٤) حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ ، عَنْ حُصَيْنٍ ، عَنْ تَمِيمِ بْنِ سَلَمَةَ ، عَنْ عَبْدِاللهِ بْنِ سَبْرَةَ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ ، أَنَّهُ كَانَ يَقُولُ إِذَا أَصْبَحَ وَأَمْسَى : اللَّهُمَّ اجْعَلْنِي مِنْ أَفْضَلِ عِبَادِكَ الْغَدَاةَ ، أَوِ الْعَشِيَّةَ نَصِيبًا مِنْ خَيْرٍ تَقْسِمُهُ ، أَوْ نُورًا تَهْدِي بِهِ ، أَوْ رَحْمَةً تَنْشُرُهَا ، أَوْ رِزْقًا تَبْسُطُهُ ، أَوْ ضُرٍّ تَكْشِفُهُ ، أَوْ بَلاَءً تَدْفَعُهُ ، أَوْ فِتْنَةً تَصْرِفُهَا ، أَوْ شَرًّا تَدْفَعُهُ.

(۲۷۰۷۴) حضرت عبداللہ بن سبرہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ صبح وشام یہ دعا پڑھا کرتے تھے۔ ترجمہ: اے اللہ! تو مجھے بنا دے اپنے افضل ترین بندوں میں سے صبح یا شام کے وقت حصہ دیتے ہوئے اس بھلائی میں سے جس کو تو تقسیم کرے گا یا اس نور میں سے جس کے ذریعہ تو ہدایت دے گا یا اس رحمت میں سے جس کو تو بانٹے گا یا اس رزق میں سے جس کو تو عطا کرے گا یا اس تکلیف سے جس کو تو ہٹا دے گا یا اس مصیبت سے جس کو تو دفع کرے گا یا اس فتنہ سے جس کو تو پھیر دے گا یا اس شر سے جس کو تو دفع کر دے گا۔

(٢٧٠٧٥) حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ ، عَنْ حُصَيْنٍ ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ قَالَ : قُلْتُ لِسَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ : مَا تَقُولُونَ إِذَا أَصْبَحْتُمْ وَأَمْسَيْتُمْ مِمَّا تَدْعُونَ بِهِ ؟ قَالَ : تَقُولُ : أَعُوذُ بوجه اللهِ الْكَرِيمِ ، وَبِسْمِ اللهِ الْعَظِيمِ ، وَكَلِمَةِ اللهِ التَّامَّةِ ، مِنْ شَرِّ السَّآمَّةِ وَالْعَامَّةِ ، وَمِنْ شَرِّ مَا خَلَقْتَ أَيْ رَبِّي ، وَشَرِّ مَا أَنْتَ آخِذٌ بِنَاصِيَتِهِ ، وَمِنْ شَرِّ هَذَا

الْيَوْمِ ، وَمِنْ شَرِّ مَا بَعْدَهُ ، وَشَرِّ الدُّنْيَا وَالآخِرَةِ.

(۲۷۰۷۵) حضرت عمرو بن مرہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت سعید بن مسیب رحمہ اللہ سے پوچھا: جب آپ لوگ صبح و شام کرتے تھے۔ تو آپ لوگ کون سی دعا پڑھتے تھے؟ آپ رحمہ اللہ نے فرمایا: ہم لوگ یہ دعا پڑھتے تھے: ہم اللہ کے معزز چہرے کی اور اللہ کے عظیم نام کی اور اللہ کے مکمل کلمہ کی پناہ لیتے ہیں، موت اور عام چیزوں کے شر سے، اور اے پروردگار جو مخلوق تو نے پیدا کی اس کے شر سے اور جس کی پیشانی تیرے قبضہ میں ہے اس کے شر سے، اور اس دن کے شر سے جو اس کے بعد ہے اس کے شر سے، اور دنیا اور آخرت کے شر سے۔

(۲۷۰۷۶) حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ ، عَنْ مُوسَى الْجُهَنِيِّ قَالَ : حَدَّثَنِي رَجُلٌ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ ، أَنَّهُ قَالَ : مَنْ قَالَ (فَسُبْحَانَ اللهِ حِينَ تُمْسُونَ وَحِينَ تُصْبِحُونَ) حَتَّى يَفْرُغَ مِنَ الآيَةِ ثَلاَثَ مَرَّاتٍ ، أَدْرَكَ مَا فَاتَهُ مِنْ يَوْمِهِ ، وَمَنْ قَالَهَا لَيْلاً أَدْرَكَ مَا فَاتَهُ مِنْ يَوْمِهِ. (ابو داؤد ۵۰۳۷)

(۲۷۰۷۶) حضرت موسیٰ جہنی رحمہ اللہ کسی شخص سے نقل کرتے ہیں کہ حضرت سعید بن جبیر رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: جو شخص یہ آیت پڑھے: ترجمہ: اللہ کی پاکی بیان کرو جب تم شام کرو اور جب تم صبح کرو۔ یہاں تک کہ تین مرتبہ آیت پڑھ کر فارغ ہو جائے تو وہ پا لے گا اس عمل کا ثواب جو اس کا رات کو فوت ہو گیا تھا اور اگر رات میں یہ آیت پڑھے تو وہ پا لے گا اس عمل کا ثواب جو اس کا دن میں فوت ہو گیا تھا۔

(۲۷۰۷۷) حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُوسَى قَالَ : حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ ، عَنْ سُهَيْلٍ بن أبى صالح ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ أبى عياش قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَنْ قَالَ حِينَ يُصْبِحُ لاَ إِلَهَ إِلاَّ اللَّهُ وَحْدَهُ لاَ شَرِيكَ لَهُ ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيرٌ كَانَ لَهُ كَعَدْلِ رَقَبَةٍ مِنْ وَلَدِ إِسْمَاعِيلَ ، وَكُتِبَ لَهُ بها عَشْرُ حَسَنَاتٍ ، وَحُطَّ عَنهُ بِهَا عَشْرُ سَيِّئَاتٍ ، وَرُفِعَتْ لَهُ بِهَا عَشْرُ دَرَجَاتٍ ، وَكَانَ فِى حِرْزٍ مِنَ الشَّيْطَانِ حَتَّى يُمْسِيَ ، وَإِذَا أَمْسَى مِثْلَ ذَلِكَ حَتَّى يُصْبِحَ. (ابن ماجه ۳۸۶۷۔ احمد ۶۰)

(۲۷۰۷۷) حضرت ابو عیاش رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص صبح کے وقت یہ کلمات پڑھے: ترجمہ: اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کا ملک ہے اور اسی کے لیے تعریف ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ تو اس شخص کو حضرت اسماعیل علیہ السلام کی اولاد میں سے ایک غلام آزاد کرنے کے برابر ثواب ملے گا اور اس کے لیے دس نیکیاں لکھ دی جائیں گی، اور اس کے دس گناہوں کو مٹا دیا جائے گا اور دس درجات بلند کیے جائیں گے اور وہ شیطان سے حفاظت میں رہے گا یہاں تک کہ وہ شام کر لے۔ اور جب وہ شام کو یہ کلمات پڑھے گا تو اسی جیسا ثواب ملے گا یہاں تک کہ وہ صبح کر لے۔

(١٩٤) فِي التَّخلّلِ بِالقصبِ والسِّواكِ بعودِ الرّيحانِ

گنے سے سرکہ بنانے اور نازبو کی لکڑی سے مسواک کرنے کا بیان

(٢٧٠٧٨) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَن سَعِيدِ بْنِ صَالِحٍ ، عَن رَجُلٍ لَمْ يُسَمِّهِ ، أَنَّ عُمَرَ كَتَبَ : لاَ تُخَلِّلُوا بِالْقَصَبِ.

(۲۷۰۷۸) حضرت سعید بن صالح رحمہ اللہ کسی آدمی سے نقل کرتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے خط لکھا کہ تم لوگ گنے کا سرکہ مت بناؤ۔

(٢٧٠٧٩) حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ ، عَنْ أَبِي بَكْرٍ الغَسَّانِيِّ ، عَن ضَمُرَةَ بْنِ حَبِيبٍ قَالَ : نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ السِّوَاكِ بِعُودِ الرَّيْحَانِ وَالرُّمَّانِ ، وَقَالَ يُحَرِّكُ عِرْقَ الْجُذَامِ.

(۲۷۰۷۹) حضرت ضمرہ بن حبیب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے نازبو اور انار کی لکڑی کو مسواک بنانے سے منع کیا اور فرمایا: یہ کوڑھ کی رگ کو تحریک دیتی ہے۔

(١٩٥) الجُلُوس فِي المجالِسِ

مجلسوں میں بیٹھنے کا بیان

(٢٧٠٨٠) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ قَالَ : حَدَّثَنَا إِسْرَائِيلُ ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ ، عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ : مَرَّ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى مَجْلِسٍ لِلأَنْصَارِ فَقَالَ : إِنْ أَبَيْتُمْ أَنْ لاَ تَجْلِسُوا فَاهْدُوا السَّبِيلَ ، وَرُدُّوا السَّلاَمَ ، وَأَعِينُوا الْمَظْلُومَ. (ترمذی ۲۷۲۶۔ احمد ۲۸۲)

(۲۷۰۸۰) حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ انصار کی ایک مجلس پر سے گزرے تو فرمایا: اگر تم بیٹھنے پر اصرار کرتے ہو تو سیدھا راستہ دکھاؤ (مسافر کو) اور سلام کا جواب دو، اور مظلوم کی مدد کرو۔

(٢٧٠٨١) حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ قَالَ : حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ عُبَيْدَةَ ، عَنْ أَيُّوبَ بْنِ خَالِدٍ ، عَن مَالِكِ بْنِ التَّيِّهَانِ قَالَ : اجْتَمَعَتْ جَمَاعَةٌ مِنَّا عِنْدَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْنَا : يَا رَسُولَ اللهِ ، إِنَّا أَهْلُ سَافِلَةٍ وَأَهْلُ عَالِيَةٍ ، نَجْلِسُ هَذِهِ الْمَجَالِسَ فَمَا تَأْمُرُنَا ؟ قَالَ : أَعْطُوا الْمَجَالِسَ حَقَّهَا ، قُلْنَا وَمَا حَقُّهَا : قَالَ : غُضُّوا أَبْصَارَكُمْ ، وَرُدُّوا السَّلاَمَ ، وَأَرْشِدُوا الأَعْمَى ، وَأْمُرُوا بِالْمَعْرُوفِ ، وَانْهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ. (مسند ۶۸۵)

(۲۷۰۸۱) حضرت مالک بن تیہان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم میں سے ایک جماعت رسول اللہ ﷺ کے پاس جمع ہوئی اور ہم نے عرض کیا: یا رسول اللہ ﷺ! ہم لوگ شہر کے زیریں اور بالائی حصہ کے لوگ ہیں۔ ہم ان مجلسوں میں بیٹھتے ہیں پس آپ رضی اللہ عنہ اس بارے میں ہمیں کس چیز کا حکم دیتے ہیں؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم لوگ مجلسوں کو ان کا حق ادا کرو۔ ہم نے پوچھا: ان کا حق کیا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اپنی نظروں کو جھکاؤ، سلام کا جواب دو، اور اندھے کو راستہ دکھلاؤ، نیکی کا حکم کرو اور برائی سے منع کرو۔

(٢٧٠٨٢) حَدَّثَنَا عَفَّانُ قَالَ : حدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ قَالَ : حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ حَكِيمٍ قَالَ : حَدَّثَنِي إِسْحَاقُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ قَالَ : حَدَّثَنِي أَبِي قَالَ : قَالَ أَبُو طَلْحَةَ : كُنَّا جُلُوسًا بِالأُفْنِيَةِ ، فَمَرَّ بِنَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ : مَا لَكُمْ وَلِمَجَالِسِ الصُّعُدَاتِ اجتنبوا مجالس الصُّعُدَاتِ ؟ قَالَ : قُلْنَا : يَا رَسُولَ اللهِ ، إِنَّا جَلَسْنَا بِغَيْرِ مَا بَأْسٍ نَتَذَاكَرُ وَنَتَحَدَّثُ ، قَالَ : فَأَعْطُوا الْمَجَالِسَ حَقَّهَا ، قَالَ : قُلْنَا : وَمَا حَقُّهَا يَا رَسُولَ اللهِ ؟ قَالَ : غَضُّ الْبَصَرِ ، وَرَدُّ السَّلاَمِ ، وَحُسْنُ الْكَلاَمِ. (احمد ٣٠۔ ابویعلی ١٤١٧)

(۲۷۰۸۲) حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم لوگ کشادہ صحن میں بیٹھے ہوئے تھے کہ اتنے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ہمارے پاس سے گزر ہوا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم کیوں راستوں میں مجلس لگاتے ہو؟ تم راستوں کی مجلسوں سے بچو، ہم نے عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ہم بغیر گناہ کے بیٹھتے ہیں۔ صرف آپس میں گفتگو اور بات چیت کرتے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پھر مجلسوں کو ان کا حق دو، ہم نے پوچھا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! مجلسوں کا حق کیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نظر کا جھکانا، سلام کا جواب دینا، اور بہترین کلام کرنا۔

(٢٧٠٨٣) حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ ، عَنْ مَالِكِ بْنِ مِغْوَلٍ ، عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ : مَا جَلَسَ الرَّبِيعُ بْنُ خُثَيْمٍ مَجْلِسًا مُنْذُ تَأَزَّرَ بِإِزَارٍ ، قَالَ : أَخَافُ أَنْ يُظْلَمَ رَجُلٌ فَلاَ أنصره ، أَوْ يُفْتَرَى رَجُلٌ عَلَى رَجُلٍ فَأُكَلَّفُ الشَّهَادَةَ عَلَيْهِ ، وَلاَ أَغُضُّ الْبَصَرَ ، وَلاَ أَهْدِي السَّبِيلَ ، أَوْ تَقَعُ الْحَامِلَةُ فَلاَ أَحْمِلُ عَلَيْهَا.

(۲۷۰۸۳) امام شعبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ربیع بن خثیم رحمہ اللہ نے جب سے لنگی باندھی ہے، کبھی کسی مجلس میں نہیں بیٹھے اور فرمایا: کہ مجھے خوف ہے کہ کسی شخص پر ظلم کیا جائے اور میں اس کی مدد نہ کرسکوں یا کوئی شخص کسی شخص پر جھوٹ باندھے اور مجھے اس پر گواہی کا مکلف بنادیا جائے اور میں نظر کو نہ جھکا سکوں اور مسافر کو راستہ نہ بتا سکوں یا کوئی سوار گر جائے تو میں اس کو سوار نہ کرسکوں۔

(٢٧٠٨٤) حَدَّثَنَا هُشَيم ، عَنِ الْعَوَّامِ ، عَنِ ابْنِ أَبِي الْهُذَيْلِ قَالَ : كَانُوا يَكْرَهُونَ إِذَا اتَّخَذُوا الْمَجَالِسَ أَنْ يعروها لِلسُّفَهَاءِ.

(۲۷۰۸۴) حضرت عوام رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوالھذیل رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: صحابہ رضی اللہ عنہم جب مجالس قائم کرتے ہیں تو وہ بے وقوفوں کو نظر انداز کیے جانے کو ناپسند کرتے تھے۔

(١٩٦) فِي الرَّجُلِ يقول لابنِ غيرِهِ يا بنيّ

اس آدمی کا بیان جو غیر کے بیٹے کو کہے: اے میرے بیٹے

(٢٧٠٨٥) حَدَّثَنَا مَحْبُوبٌ الْقَوَارِيرِيُّ ، عَنِ الصَّعْبِ بْنِ حَكِيمٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ جَدِّهِ قَالَ : أَتَيْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ فَجَعَلَ يَقُولُ : يَا ابْنَ أَخِي ، ثُمَّ سَأَلَنِي فَانْتَسَبْتُ لَهُ ، فَعَرَفَ ، أَنَّ أَبِي لَمْ يُدْرِكِ الإِسْلاَمَ ، فَجَعَلَ يَقُولُ : يَا

بُنَيَّ يَا بُنَيَّ.

(۲۷۰۸۵) حضرت شریک بن غلہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے پاس تھا تو آپ رضی اللہ عنہ مجھے کہتے تھے: اے میرے بھتیجے! پھر انہوں نے مجھ سے پوچھا: تو میں نے ان کو اپنا نسب بیان کیا۔ انہوں نے جان لیا کہ میرے والد نے اسلام قبول نہیں کیا۔ پھر آپ رضی اللہ عنہ نے یوں کہنا شروع کر دیا: اے میرے بیٹے اے میرے بیٹے۔

(۲۷۰۸۶) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ قَالَ : حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ ، عَنْ قَيْسٍ ، عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ قَالَ : مَا سَأَلَ أَحَدٌ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الدَّجَّالِ ، أَكْثَرَ مِمَّا سَأَلْتُهُ ، فَقَالَ : أَيْ بُنَيَّ ، وَمَا يُصِيبُكَ مِنْهُ.

(مسلم ۱۶۹۳۔ ابن ماجه ۴۰۷۳)

(۲۷۰۸۶) حضرت قیس رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: کسی نے بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دجال کے بارے میں اتنا نہیں پوچھا جتنا میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کے بارے میں پوچھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے میرے بیٹے! تجھے اس سے کوئی مصیبت نہیں پہنچے گی۔

(۲۷۰۸۷) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنْ أَبِي وَجْزَةَ السَّعْدِيِّ ، عَنْ رَجُلٍ مِنْ مُزَيْنَةَ ، عَنْ عُمَرَ بْنِ أَبِي سَلَمَةَ ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُتِيَ بِطَعَامٍ فَقَالَ : يَا عُمَرُ يَا بُنَيَّ ، سَمِّ اللَّهَ وَكُلْ بِيَمِينِكَ وَكُلْ مِمَّا يَلِيكَ.

(ابو داؤد ۳۷۷۱۔ احمد ۲۶)

(۲۷۰۸۷) حضرت عمر بن ابی سلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کھانا لایا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے عمر، اے میرے بیٹے! اللہ کا نام لو اور دائیں ہاتھ سے کھانا کھاؤ اور اپنے سامنے سے کھاؤ۔

(۲۷۰۸۸) حَدَّثَنَا عَفَّانُ قَالَ : حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ ، عَنِ الْجَعْدِ أَبِي عُثْمَانَ ، عَنْ أَنَسٍ ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهُ : يَا بُنَيَّ. (مسلم ۱۶۹۳۔ ابو داؤد ۴۹۲۵)

(۲۷۰۸۸) حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے میرے بیٹے۔

(۲۷۰۸۹) حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ زَاذَانَ ، عَنْ مَكْحُولٍ الأَزْدِيِّ قَالَ : سُئِلَ ابْنُ عُمَرَ عَنِ الرَّجُلِ يُحْرِمُ مِنْ سَمَرْقَنْدَ ، أَوْ مِنْ خُرَاسَانَ ، أَوْ مِنَ الْكُوفَةِ فَقَالَ : يَا لَيْتَنَا نَنْفَلِتُ مِنْ وَقْتِنَا يَا بُنَيَّ.

(۲۷۰۸۹) حضرت مکحول ازدی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے اس آدمی کے متعلق پوچھا گیا جس کو سمرقند یا خراسان یا کوفہ سے روک دیا گیا تھا، آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے میرے بیٹے! کاش ہم نے بھی وقت سے چھٹکارا پالیا ہوتا۔

(۲۷۰۹۰) حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ أَبِي جَمْرَةَ قَالَ : حَدَّثَنَا إِيَاسٌ عن قَتَادَةَ ، عَنْ قَيْسِ بْنِ عُبَادٍ ، أَنَّ أُبَيَّ بْنَ كَعْبٍ قَالَ لَهُ : يَا بُنَيَّ ، لاَ يَسُوئُكَ اللَّهُ.

(۲۷۰۹۰) حضرت قیس بن عباد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ نے ان سے ارشاد فرمایا: اے میرے بیٹے! اللہ تمہارا

برا نہ کرے۔

(۲۷۰۹۱) حَدَّثَنَا جَرِيرٌ ، عَنْ قَابُوسَ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ عَلِيٍّ ، أَنَّهُ قَالَ :يَا بُنَيَّ.

(۲۷۰۹۱) حضرت قابوس رحمۃ اللہ علیہ کے والد فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کہا: اے میرے بیٹے۔

(۲۷۰۹۲) حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ سُلَيْمَانَ الرَّازِيّ ، عَنْ نُعَيْمٍ قَالَ :سَأَلْتُ عَاصِمًا ، عَنْ قَوْلِ اللهِ : ﴿فَنَادَاهَا مِنْ تَحْتِهَا﴾ قَالَ :﴿مِنْ تَحْتَهَا﴾ مَفْتُوحَةً ، قُلْتُ :عَمَّنْ تَرْوِي ؟ قَالَ :عَنْ زِرٍّ يَا بُنَيَّ.

(۲۷۰۹۲) حضرت نعیم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عاصم رحمۃ اللہ علیہ سے اللہ رب العزت کے قول ﴿فَنَادَاهَا مِنْ تَحْتِهَا﴾ کے متعلق پوچھا: تو آپ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: ﴿مِنْ تَحْتَهَا﴾ ہے فتح کے ساتھ۔ میں نے پوچھا: آپ رحمۃ اللہ علیہ نے کس سے روایت کی؟ انہوں نے فرمایا: اے میرے بیٹے! حضرت زر رحمۃ اللہ علیہ سے!

(۲۷۰۹۳) حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الزِّبْرِقَانِ ، قَالَ :قَالَ لِي أَبُو وَائِلٍ يَا بُنَيَّ.

(۲۷۰۹۳) حضرت زبرقان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابووائل رحمۃ اللہ علیہ نے مجھ سے فرمایا: اے میرے لاڈلے بیٹے!

(۱۹۷) من كره أن يقول لابنِ غيرِهِ يا بنيّ

جو شخص کسی دوسرے کے بیٹے کو یوں کہنا مکروہ سمجھے: اے میرے بیٹے!

(۲۷۰۹۴) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عُبَيْدِ اللهِ قَالَ :قُلْتُ لابْنِ صَاحِبٍ لِي :يَا بُنَيَّ ، فَكَرِهَ ذَلِكَ إِبْرَاهِيمُ.

(۲۷۰۹۴) حضرت حسن بن عبید اللہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے کسی ساتھی کے بیٹے کو کہا: اے میرے بیٹے! تو حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو مکروہ سمجھا۔

(۲۷۰۹۵) حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ قَالَ :حَدَّثَنَا سُفْيَانُ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ مُحَارِبٍ ، عَنِ شُتَيْرِ بن شَكَل أَنَّ امْرَأَةً قَالَتْ لَهُ :يَا بُنَيَّ ، فَقَالَ :وَلَدْتِنِي ، قَالَتْ :لاَ ، قَالَ :فَأَرْضَعْتِنِي ؟ قَالَتْ :لاَ ، قَالَ :فَلِمَ تَكْذِبِينَ ؟.

(۲۷۰۹۵) حضرت محارب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت شُتیر بن شکل رحمۃ اللہ علیہ کو کسی عورت نے کہا: اے میرے بیٹے! تو آپ رحمۃ اللہ علیہ نے کہا: کیا تم نے مجھے جنا ہے؟ اس عورت نے کہا: نہیں! آپ رحمۃ اللہ علیہ نے پوچھا: کیا تم نے مجھے دودھ پلایا ہے؟ اس نے کہا: نہیں۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: پھر تم جھوٹ کیوں بولتی ہو۔

(۱۹۸) ما رخّص فِيهِ مِن الكذِبِ

جس جھوٹ کی رخصت دی گئی ہے

(۲۷۰۹۶) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ قَالَ :حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ حُسَيْنٍ ، عَنِ الزُّهْرِيِّ ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ ، عَنْ

أُمِّهِ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَمْ يَكْذِبْ مَنْ قَالَ خَيْرًا، أَوْ نَمَى خَيْرًا، أَوْ أَصْلَحَ بَيْنَ اثْنَيْنِ.

(بخاری ۲۶۹۲۔ مسلم ۲۰۱۱)

(۲۷۰۹۶) حضرت ام کلثوم بنت عقبہ بن ابی معیط رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جھوٹ نہیں بولا جس نے خیر کی بات کہی یا خیر کو پھیلایا یا دو آدمیوں کے درمیان صلح کروائی۔

(۲۷۰۹۷) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الأَسَدِيُّ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ ، عَنْ شَهْرٍ ، عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ يَزِيدَ قَالَتْ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لاَ يَصْلُحُ الْكَذِبُ إِلاَّ فِي ثَلاَثٍ : كَذِبِ الرَّجُلِ امْرَأَتَهُ لِيُرْضِيَهَا ، أَوْ إِصْلاَحٌ بَيْنَ النَّاسِ ، أَوْ كَذِبٌ فِي الْحَرْبِ. (ترمذی ۱۹۳۹۔ احمد ۴۶۱)

(۲۷۰۹۷) حضرت اسماء بنت یزید رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جھوٹ بولنا درست نہیں ہے مگر تین جگہوں پر! آدمی کا اپنی بیوی سے جھوٹ بولنا تا کہ وہ اسے خوش کرے یا لوگوں کے درمیان صلح کرانے کے لیے یا جنگ میں جھوٹ بولنا۔

(۱۹۹) فِي السَّتْرِ على الرَّجلِ وعونِ الرَّجلِ لأَخِيهِ

آدمی کی پردہ پوشی کرنا اور آدمی کا اپنے بھائی کی مدد کرنے کا بیان

(۲۷۰۹۸) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ قَالَ : أَخْبَرَنَا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ وَاسِعٍ ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَنْ سَتَرَ أَخَاهُ الْمُسْلِمَ فِي الدُّنْيَا سَتَرَهُ اللَّهُ فِي الدُّنْيَا وَالآخِرَةِ ، وَمَنْ نَفَّسَ عَنْ أَخِيهِ كُرْبَةً مِنْ كُرَبِ الدُّنْيَا نَفَّسَ اللَّهُ عَنهُ كُرْبَةً مِنْ كُرَبِ يَوْمِ الْقِيَامَةِ ، وَاللَّهُ فِي عَوْنِ الْعَبْدِ مَا كَانَ الْعَبْدُ فِي عَوْنِ أَخِيهِ. (عبدالرزاق ۱۸۹۳۳۔ احمد ۵۱۴)

(۲۷۰۹۸) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص دنیا میں اپنے مسلمان بھائی کی ستر پوشی کرے گا اللہ رب العزت آخرت میں اس کی ستر پوشی فرمائیں گے اور جو شخص اپنے بھائی سے دنیا کی مصیبتوں میں سے کوئی مصیبت دور کرے گا تو اللہ رب العزت اس سے قیامت کے دن کی تکلیفوں کو دور فرمائیں گے اور اللہ رب العزت اس بندے کی مدد میں ہوتے ہیں جو شخص اپنے کسی بھائی کی مدد کرنے میں لگا ہوا ہو۔

(۲۷۰۹۹) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَنْ نَفَّسَ عَنْ مُسْلِمٍ كُرْبَةً مِنْ كُرَبِ الدُّنْيَا نَفَّسَ اللَّهُ عَنهُ كُرْبَةً مِنْ كُرَبِ الآخِرَةِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ، وَمَنْ سَتَرَ مُسْلِمًا سَتَرَهُ اللَّهُ فِي الدُّنْيَا وَالآخِرَةِ ، وَمَنْ يَسَّرَ عَلَى مُعْسِرٍ يَسَّرَ اللَّهُ عَلَيْهِ فِي الدُّنْيَا وَالآخِرَةِ ، وَاللَّهُ فِي عَوْنِ الْعَبْدِ مَا كَانَ الْعَبْدُ فِي عَوْنِ أَخِيهِ. (ابوداؤد ۴۸۵۴۔ حاکم ۳۷۷)

(۲۷۰۹۹) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص کسی مسلمان سے دنیا کی مصیبتوں میں سے کوئی مصیبت دور کرے گا، تو اللہ رب العزت قیامت کے دن اس سے آخرت کی تکلیفوں میں سے کوئی تکلیف دور فرما دیں گے، اور جو شخص کسی مسلمان کی ستر پوشی کرے گا تو اللہ رب العزت دنیا اور آخرت میں اس کی ستر پوشی فرمائیں گے، اور جو شخص کسی تنگ دست پر آسانی کرے گا تو اللہ رب العزت دنیا اور آخرت میں اس پر آسانیاں فرمائیں گے اور اللہ اس بندے کی مدد میں ہوتے ہیں جو اپنے کسی بھائی کی مدد میں لگا ہوا ہوتا ہے۔

(۲۷۱۰۰) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ قَالَ أُتِيَ ابْنُ مَسْعُودٍ فَقِيلَ لَهُ : هَذَا فُلاَنٌ تَقْطُرُ لِحْيَتُهُ خَمْرًا ، فَقَالَ عَبْدُ اللهِ : إِنَّا قَدْ نُهِينَا عَنِ التَّجَسُّسِ ، وَلَكِنْ إِنْ يَظْهَرَ لَنَا مِنْهُ شَىْءٌ نَأْخُذْهُ بِهِ.

(۲۷۱۰۰) حضرت زید بن وھب رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس کسی کو پکڑ کر لایا گیا اور آپ رضی اللہ عنہ کو بتلایا گیا کہ اس فلاں کی داڑھی سے شراب کے قطرے ٹپک رہے ہیں! اس پر حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: یقیناً ہمیں ٹوہ لگانے سے منع کیا گیا ہے۔ لیکن اگر کوئی معاملہ ہمارے سامنے ظاہر ہو جائے تو پھر ہم اس کا مؤاخذہ کریں گے۔

(۲۷۱۰۱) حَدَّثَنَا الثَّقَفِيُّ ، عَنْ أَيُّوبَ ، عَنْ أَبِي قِلاَبَةَ ، عَنْ أَبِي إِدْرِيسَ قَالَ : لاَ يَهْتِكُ اللَّهُ سِتْرَ عَبْدٍ فِي قَلْبِهِ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ مِنْ خَيْرٍ.

(۲۷۱۰۱) حضرت ابو قلابہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابو ادریس رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ اس بندے کی پردہ پوشی نہیں کرتے جس کے دل میں ذرہ برابر بھی بھلائی ہو۔

(۲۷۱۰۲) حَدَّثَنَا عَفَّانُ قَالَ : حَدَّثَنَا هَمَّامٌ ، قَالَ : سَمِعْتُ إِسْحَاقَ بْنَ عَبْدِ اللهِ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ قَالَ : حَدَّثَنِي شَيْبَةُ الْخُضْرِي ، أَنَّهُ شَهِدَ عُرْوَةَ يُحَدِّثُ عُمَرَ بْنَ عَبْدِ الْعَزِيزِ ، عَنْ عَائِشَةَ رضى الله عنها ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ : لاَ يَسْتُرُ اللَّهُ عَلَى عَبْدٍ فِي الدُّنْيَا إِلاَّ سَتَرَ الله عَلَيْهِ فِي الآخِرَةِ. (مسلم ۲۰۰۲۔ احمد ۱۴۵)

(۲۷۱۰۲) ام المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ رب العزت دنیا میں کسی بندے کی ستر پوشی نہیں کرتے مگر آخرت میں اس کی پردہ پوشی کریں گے۔

(۲۷۱۰۳) حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ ، عَنِ الأَوْزَاعِيِّ ، عَنْ عَبْدِ الْوَاحِدِ بْنِ قَيْسٍ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ : مَنْ أَطْفَأَ عَنْ مُؤْمِنٍ سيئة فَكَأَنَّمَا أَحْيَا مَوْؤُودَةً.

(۲۷۱۰۳) حضرت عبدالواحد بن قیس رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: جو شخص کسی مؤمن کی برائی کو دبائے گا تو گویا اس نے زندہ درگور کی ہوئی بچی کو زندہ کیا۔

(۲۰۰) ما يقع حديث الرّجل موقعه من قلبه

آدمی کی بات کا دل میں اتر جانے کا بیان

(۲۷۱۰۴) حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُوسَى قَالَ : حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ ، عَنْ سَعِيدٍ الْجَرِيرِيِّ ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ ، عَنْ أُسَيْرِ بْنِ جَابِرٍ ، أَنَّ أُوَيْسًا الْقَرَنِيَّ كَانَ إِذَا حَدَّثَ وَقَعَ حَدِيثُهُ مِنْ قُلُوبِنَا مَوْقِعًا لاَ يَقَعُهُ حَدِيثُ غَيْرِهِ.

(۲۷۱۰۴) حضرت اسیر بن جابر رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت اویس قرنی رضی اللہ عنہ جب بیان فرماتے تو جتنی ان کی بات ہمارے دل میں اثر انداز ہوتی تھی کسی اور کی اتنی اثر انداز نہیں ہوتی۔

(۲۷۱۰۵) حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُوسَى قَالَ : حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ ، عَنْ يسار بْنِ سَلاَمَةَ ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ، أَنَّهُ قَالَ : إِذَا حَدَّثَ الرَّجُلُ الْقَوْمَ فإن حديثه يَقَعُ مِنْ قُلُوبِهِمْ مَوْقِعَهُ مِنْ قَلْبِهِ.

(۲۷۱۰۵) حضرت شہر بن حوشب رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: جب کوئی آدمی لوگوں میں بیان کرتا ہے تو اس کی بات ان لوگوں کے دلوں میں اس کی دلی کیفیت کے مطابق ہی اثر انداز ہوتی ہے۔

(۲۰۱) مَنْ قَالَ لاَ تسبّ أحدًا ولا تلعنه

جو یوں کہے: تم کسی کو گالی مت دو اور نہ کسی کو لعنت کرو

(۲۷۱۰۶) حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ الأَحْمَرُ ، عَنْ أَبِي غَفَّارٍ ، عَنْ أَبِي تَمِيمَةَ الْهُجَيْمِيِّ ، عَنْ أَبِي جُرَيٍّ الْهُجَيْمِيِّ قَالَ : أَتَيْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ : قُلْتُ : أَنْتَ رَسُولُ اللهِ ؟ قَالَ : نَعَمْ ، قَالَ : قُلْتُ : يَا رَسُولَ اللهِ ، اعْهَدْ إِلَيَّ ، قَالَ : لاَ تَسُبَّ أَحَدًا ، قَالَ : فَمَا سَبَبْت أَحَدًا عَبْدًا ، وَلاَ حُرًّا ، وَلاَ شَاةً ، وَلاَ بَعِيرًا.

(۲۷۱۰۶) حضرت ابوجری ہجیمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آیا اور میں نے پوچھا: کیا آپ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی ہاں! میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! مجھے کوئی وصیت فرما دیجئے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی کو گالی مت دو، آپ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: پھر میں نے کسی کو گالی نہیں دی، نہ غلام کو نہ کسی آزاد کو، نہ کسی بکری اور نہ ہی کسی اونٹ کو۔

(۲۷۱۰۷) حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ : إِنَّ أَكْبَرَ الذَّنْبِ عِنْدَ اللهِ أَنْ يَسُبَّ الرَّجُلُ وَالِدَيْهِ ، قَالُوا : وَكَيْفَ يَسُبُّ الرَّجُلُ وَالِدَيْهِ ؟ قَالَ : يَسُبُّ أَبَا الرَّجُلِ فَيَسُبُّ أَبَاهُ ، وَيَسُبُّ أُمَّهُ فَيَسُبُّ أُمَّهُ.

(بخاری ۵۹۷۳۔ ابوداؤد ۵۰۹۸)

(۲۷۱۰۷) حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یقیناً اللہ کے نزدیک سب سے بڑا گناہ یہ ہے کہ آدمی اپنے والدین کو گالی دے۔ صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: آدمی کیسے اپنے والدین کو گالی دے سکتا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ کسی آدمی کے باپ کو گالی دیتا ہے تو وہ بدلے میں اس کے باپ کو گالی دیتا ہے۔ یہ کسی آدمی کی ماں کو گالی دیتا ہے تو وہ بدلہ میں اس کی ماں کو گالی دیتا ہے۔

(۲۷۱۰۸) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنِ ابْنِ أَبِي نَجِيحٍ ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ :يَبْلُغُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ :إِنَّ من أَرْبَى الرِّبَا تَفَضُّلُ الرَّجُلِ فِي عَرْضِ أَخِيهِ بِالشَّتْمِ ، وَإِنَّ أَكْبَرَ الْكَبَائِرِ شَتْمُ الرَّجُلِ وَالِدَيْهِ ، قِيلَ :يَا رَسُولَ اللهِ ، وَكَيْفَ يَشْتُمُ وَالِدَيْهِ ؟ قَالَ :يَسُبُّ النَّاسَ فَيَسْتَسِبُّ النَّاسُ بِهِمَا. (طبرانی ۸۹۹)

(۲۷۱۰۸) حضرت ابونجیح رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک برا سود یہ ہے کہ آدمی اپنے بھائی کی عزت خراب کرنے میں حد سے گزر جائے اور سب سے بڑا گناہ یہ ہے کہ آدمی اپنے والدین کو گالی دے۔ پوچھا گیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کیسے کوئی اپنے والدین کو گالی دے سکتا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ لوگوں کو گالی دیتا ہے تو وہ جواباً اس کے والدین کو گالی دیتے ہیں۔

(۲۷۱۰۹) حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ ، عَنْ عَاصِمٍ قَالَ :مَا رَأَيْت أَبَا وَائِلٍ سَابَّ شَيْئًا قَطُّ إِلاَّ أَنَّهُ ذَكَرَ الْحَجَّاجَ مَرَّةً فَقَالَ :اللَّهُمَّ أَطْعِمْهُ طَعَامًا مِنْ ضَرِيعٍ لاَ يُسْمِنُ ، وَلاَ يُغْنِي مِنْ جُوعٍ ، ثُمَّ قَالَ :إِنْ كَانَ أَحَبَّ إِلَيْك.

(۲۷۱۰۹) حضرت عاصم رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے کبھی حضرت ابووائل رضی اللہ عنہ کو گالی دیتے ہوئے نہیں دیکھا مگر حجاج بن یوسف کا ذکر کرتے ہوئے ایک مرتبہ آپ رضی اللہ عنہ نے کہا: اے اللہ! تو اس کو خاردار درخت کا کھانا کھلا دے۔ نہ یہ موٹا ہو اور نہ ہی اس کی بھوک مٹے۔ پھر آپ رحمہ اللہ نے فرمایا: اگرچہ وہ تجھے پسند ہو۔

(۲۰۲) ما ذكر في الكبر

ان روایات کا بیان جو تکبر کے بارے میں ذکر کی گئیں

(۲۷۱۱۰) حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ الأَحْمَرُ ، عَنْ حَجَّاجٍ ، عَنْ فُضَيْلٍ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، عَنْ عَلْقَمَةَ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ قَالَ :لاَ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مَنْ كَانَ فِي قَلْبِهِ مِثْقَالُ حَبَّةِ خَرْدَلٍ مِنْ كِبْرٍ.

(۲۷۱۱۰) حضرت علقمہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: وہ شخص جنت میں داخل نہیں ہوگا جس کے دل میں رائی کے دانے کے برابر تکبر ہو۔

(۲۷۱۱۱) حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ ، عَنِ الأَغَرِّ أَبِي مُسْلِمٍ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :يَقُولُ اللَّهُ :الْعَظَمَةُ إِزَارِي ، وَالْكِبْرِيَاءُ رِدَائِي ، فَمَنْ نَازَعَنِي وَاحِدًا مِنْهُمَا أَلْقَيْته فِي النَّارِ.

(۲۷۱۱۱) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ رب العزت فرماتے ہیں: عظمت میری ازار ہے اور کبریائی میری چادر ہے۔ جو شخص ان میں سے جس کو مجھ سے چھیننے کی کوشش کرے گا میں اس کو جہنم میں ڈال دوں گا۔

(۲۷۱۱۲) حَدَّثَنَا عَفَّانُ قَالَ :حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُسْلِمٍ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، عَنْ عَلْقَمَةَ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :لاَ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ أَحَدٌ فِي قَلْبِهِ مِثْقَالُ حَبَّةِ خَرْدَلٍ مِنْ كِبْرٍ ، وَلاَ يَدْخُلُ النَّارَ أَحَدٌ فِي قَلْبِهِ مِثْقَالُ حَبَّةِ خَرْدَلٍ مِنْ إِيمَانٍ. (مسلم ۹۳۔ ابو داؤد ۴۰۸۸)

(۲۷۱۱۲) حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جنت میں داخل نہیں ہوگا کوئی ایک جس کے دل میں دانہ کے برابر تکبر ہو اور جہنم میں داخل نہیں ہوگا کوئی ایک جس کے دل میں رائی کے دانے کے برابر ایمان ہو۔

(۲۷۱۱۳) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ ، عَنْ أَبِي حَيَّانَ ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ :الْتَقَى عَبْدُ اللهِ بْنُ عَمْرٍو ، وَابْنُ عُمَرَ فَانْتَجَيَا بَيْنَهُمَا ، ثُمَّ انْصَرَفَ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا إِلَى أَصْحَابِهِ فَانْصَرَفَ ابْنُ عُمَرَ وَهُوَ يَبْكِي ، فَقَالُوا لَهُ :مَا يُبْكِيكَ ؟ قَالَ :أَبْكَانِي الَّذِي زَعَمَ هَذَا ، أَنَّهُ سَمِعَهُ مِنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :لاَ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ أَحَدٌ فِي قَلْبِهِ مِثْقَالُ حَبَّةِ خَرْدَلٍ مِنْ كِبْرٍ. (احمد ۱۶۴)

(۲۷۱۱۳) حضرت سعید بن حیان تیمی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ اور حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ دونوں کی ملاقات ہوئی تو ان دونوں نے آپس میں سرگوشی کی، پھر ان دونوں میں سے ہر ایک اپنے اصحاب کی طرف لوٹ گیا۔ اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ لوٹے اس حال میں کہ آپ رضی اللہ عنہ رو رہے تھے۔ لوگوں نے آپ رضی اللہ عنہ سے پوچھا: کس چیز نے آپ رضی اللہ عنہ کو رلا دیا؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے رلایا اس شخص نے جو کہتا ہے کہ اس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یوں فرماتے ہوئے سنا: جنت میں داخل نہیں ہوگا کوئی ایک جس کے دل میں رائی کے دانے کے برابر تکبر ہوگا۔

(۲۷۱۱۴) حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ الأَحْمَرُ ، عَنِ ابْنِ عَجْلاَنَ ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ جَدِّهِ قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :يَجِيءُ الْمُتَكَبِّرُونَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ذَرًّا مِثْلَ صُوَرِ الرِّجَالِ ، يَعْلُوهُمْ كُلُّ شَيْءٍ مِنَ الصَّغَارِ ، قَالَ :ثُمَّ يُسَاقُونَ إِلَى سِجْنٍ فِي جَهَنَّمَ يُقَالُ لَهُ بُولَسَ ، تَعْلُوهُمْ نَارُ الأَنْيَارِ ، يُسْقَوْنَ مِنْ طِينَةِ الْخَبَالِ ، عُصَارَةِ أَهْلِ النَّارِ. (ترمذی ۲۴۹۲۔ احمد ۱۷۹)

(۲۷۱۱۴) حضرت عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: متکبرین قیامت کے دن آئیں گے چھوٹی چیونٹیوں کی طرح جن کی شکلیں آدمیوں کی مانند ہوں گی۔ ہر قسم کی ذلت ان پر غالب آ جائے گی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پھر اس جہنم میں ایک قید خانے کی طرف ہانکا جائے گا جس کا نام بولس ہے۔ اللہ کی بڑی آگ ان پر چڑھ جائے گی۔ انہیں اہل جہنم کا بچا ہوا پانی پلایا جائے گا۔

(۲۷۱۱۵) ابْنُ إِدْرِيسَ ، وَابْنُ عُيَيْنَةَ ، وَأَبُو خَالِدٍ الأَحْمَرِ ، عَنِ ابْنِ عَجْلاَنَ ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ الأَشَجِّ ،

عَنْ مَعْمَرِ بْنِ أَبِي حُبَيَّةَ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَدِيِّ بْنِ الْخِيَارِ قَالَ :قَالَ عُمَرُ :إِنَّ الْعَبْدَ إِذَا تَعَظَّمَ وَعَدَا طَوْرَهُ وَهَصَهُ اللَّهُ إِلَى الأَرْضِ ، وَقَالَ :اخْسَأْ أَخْسَأَكَ اللَّهُ ، فَهُوَ فِي نَفْسِهِ كَبِيرٌ ، وَفِي أَنْفُسِ النَّاسِ صغير حتى لهو أحقر عند الناس من خنزير.

(۲۷۱۱۵) حضرت عبید اللہ بن عدی بن خیار رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: یقیناً جب کوئی مغرور ہو جائے اور اپنی حد سے تجاوز کر لے، تو اللہ رب العزت اس کو زمین پر پٹخ دیتے ہیں۔ اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو دھتکارتا ہے تو اللہ تجھے دھتکار دیتے ہیں کہ وہ اپنی نظر میں بڑا ہوتا ہے اور لوگوں کی نظروں میں چھوٹا ہوتا ہے یہاں تک کہ وہ لوگوں کے سامنے خنزیر سے بھی زیادہ حقیر ہو جاتا ہے۔

(۲۷۱۱۶) حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ يَعْلَى بْنِ عَطَاءٍ ، قَالَ :سَمِعْتُ نَافِعَ بْنَ عَاصِمٍ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ :لاَ يَدْخُلُ حَظِيرَةَ الْقُدْسِ مُتَكَبِّرٌ.

(۲۷۱۱۶) حضرت نافع بن عاصم رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: تکبر کرنے والا جنت میں داخل نہیں ہوگا۔

(۲۰۳) ما جاء فِي النَّمِيمَةِ

ان روایات کا بیان جو چغل خوری کے بارے میں منقول ہیں

(۲۷۱۱۷) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ الْحَارِثِ ، عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :لاَ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَتَّاتٌ. (بخاری ۶۰۵۶۔ مسلم ۱۶۹)

(۲۷۱۱۷) حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: چغل خور جنت میں داخل نہیں ہوگا۔

(۲۷۱۱۸) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ ، عَنِ الشَّيْبَانِيِّ ، عَنْ وَاصِلٍ ، عَنْ شَقِيقٍ ، عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ :كُنَّا نَتَحَدَّثُ :أنه لاَ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَتَّاتٌ. (مسلم ۱۰۱۔ احمد ۱۶۸)

(۲۷۱۱۸) حضرت شقیق رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: کہ ہم حدیث بیان کرتے تھے کہ یقیناً چغل خور جنت میں داخل نہیں ہوگا۔

(۲۷۱۱۹) حَدَّثَنَا حَفْصٌ ، عَنِ الأَعْمَشِ أَبِي إِسْحَاقَ ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُونٍ قَالَ :لَمَّا رَفَعَ اللَّهُ مُوسَى نَجِيًّا رَأَى رَجُلاً مُتَعَلِّقًا بِالْعَرْشِ فَقَالَ :يَا رَبِّ ، مَنْ هَذَا ؟ فَقَالَ :عَبْدٌ مِنْ عِبَادِي صَالِحٌ ، إِنْ شِئْتَ أَخْبَرْتُكَ بِعَمَلِهِ ، قَالَ :يَا رَبِّ ، أَخْبِرْنِي ، قَالَ :كَانَ لاَ يَمْشِي بِالنَّمِيمَةِ.

(۲۷۱۱۹) حضرت ابو اسحاق رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمرو بن میمون رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: جب اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو

سرگوشی کے لیے عزت بخشی تو آپ علیہ السلام نے ایک آدمی کو عرش سے چمٹے ہوئے دیکھا۔ آپ علیہ السلام نے پوچھا: اے پروردگار! یہ کون شخص ہے؟ اللہ رب العزت نے فرمایا: میرے نیک بندوں میں سے ایک بندہ ہے۔ اگر تم چاہو تو میں تمہیں اس کے عمل کے متعلق خبر دوں۔ آپ علیہ السلام نے فرمایا: اے پروردگار! مجھے خبر دیجئے۔ اللہ رب العزت نے فرمایا: یہ شخص چغل خوری نہیں کرتا تھا۔

(۲۷۱۲۰) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ قَالَ :حَدَّثَنَا الأَعْمَشُ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ قَالَ :كَانَتْ لَنَا جَارِيَةٌ أَعْجَمِيَّةٌ ، فَمَرِضَتْ فَجَعَلَتْ تَقُولُ عِنْدَ الْمَوْتِ :هَذَا فُلاَنٌ تَمَرَّغَ فِي الْحَمْأَةِ ، فَلَمَّا أَنْ مَاتَتْ سَأَلْنَا عَنِ الرَّجُلِ ، قَالَ :فَقَالَ :مَا كَانَ بِهِ بَأْسٌ إِلاَّ أَنَّهُ كَانَ يَمْشِي بِالنَّمِيمَةِ.

(۲۷۱۲۰) حضرت ابراہیم رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبدالرحمٰن بن یزید رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: ہمارے پاس ایک عجمی باندی تھی وہ بیمار ہوگئی۔ اس نے موت کے وقت یہ کہنا شروع کر دیا: یہ فلاں شخص گندی بدبودار مٹی میں پلٹیاں کھا رہا ہے۔ جب وہ مرگئی تو ہم نے اس آدمی کے متعلق پوچھا؟ تو انہوں نے کہا: اس میں کوئی خرابی نہیں تھی سوائے اس بات کے کہ وہ چغل خوری کرتا تھا۔

(۲۰٤) ما جاء فِي المنّانِ

ان روایات کا بیان جو احسان جتانے والے کے بارے میں منقول ہیں

(۲۷۱۲۱) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي زِيَادٍ ، عَنْ مُجَاهِدٍ وَسَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :لاَ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مَنَّانٌ.

(۲۷۱۲۱) حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: احسان جتلانے والا جنت میں داخل نہیں ہوگا۔

(۲۷۱۲۲) حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ يَعْلَى بْنِ عَطَاءٍ ، قَالَ :سَمِعْتُ نَافِعَ بْنَ عَاصِمٍ يُحَدِّثُ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ :لاَ يَدْخُلُ حَظِيرَةَ الْقُدْسِ مَنَّانٌ.

(۲۷۱۲۲) حضرت نافع بن عاصم رحمہ اللہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: احسان جتلانے والا جنت میں داخل نہیں ہوگا۔

(۲۷۱۲۳) حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ مُدْرِكٍ ، عَنْ أَبِي زُرْعَةَ ، عَنْ خَرَشَةَ بْنِ الْحُرِّ ، عَنْ أَبِي ذَرٍّ ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ :ثَلاَثَةٌ لاَ يُكَلِّمُهُمُ اللَّهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ، وَلاَ يَنْظُرُ إِلَيْهِمْ ، وَلاَ يُزَكِّيهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ، قَالَ :فَقَرَأَهَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلاَثَ مَرَّاتٍ ، فَقَالَ أَبُو ذَرٍّ :خَابُوا وَخَسِرُوا ، مَنْ هُمْ يَا رَسُولَ اللهِ ؟ قَالَ :الْمُسْبِلُ وَالْمَنَّانُ وَالْمُنْفِقُ سِلْعَتَهُ بِالْحَلِفِ الْكَاذِبِ.

(مسلم ۱۷۱۔ ابوداؤد ۴۰۸۵۔ احمد ۱۴۸)

(۲۷۱۲۳) حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تین شخص ایسے ہیں کہ اللہ رب العزت قیامت کے دن نہ ان سے بات کریں گے۔ نہ ان کی طرف رحمت کی نظر سے دیکھیں گے، نہ ان کو پاک صاف کریں گے اور ان کے لیے دردناک عذاب ہوگا۔ راوی فرماتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین مرتبہ یہ بات دہرائی۔ حضرت ابوذر رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: یہ لوگ نامراد وخسارے میں ہوئے۔ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! وہ کون لوگ ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تہبند کو لٹکانے والا، احسان جتلانے والا، اور اپنے سامان کو جھوٹی قسم کے ذریعہ فروخت کرنے والا۔

(۲۷۱۲٤) حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ ، عَنْ نُبَيْطِ بْنِ شَرِيطٍ ، عَنْ جَابَانَ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :لاَ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مَنَّانٌ.

(۲۷۱۲۴) حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: احسان جتانے والا شخص جنت میں داخل نہیں ہوگا۔

(۲۰۵) ما جاء فِي الحسدِ

ان روایات کا بیان جو حسد کے بارے میں منقول ہیں

(۲۷۱۲۵) حَدَّثَنَا حَفْصٌ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُونٍ قَالَ :لَمَّا رَفَعَ اللَّهُ مُوسَى نَجِيًّا رَأَى رَجُلاً مُتَعَلِّقًا بِالْعَرْشِ فَقَالَ :يَا رَبِّ ، مَنْ هَذَا ؟ قَالَ :عَبْدٌ مِنْ عِبَادِي صَالِحٌ ، إِنْ شِئْتَ أَخْبَرْتُكَ بِعَمَلِهِ، قَالَ :يَا رَبِّ ، أَخْبِرْنِي ، قَالَ :كَانَ لاَ يَحْسُدُ النَّاسَ مَا آتَاهُمُ اللَّهُ مِنْ فَضْلِهِ.

(۲۷۱۲۵) حضرت ابواسحاق رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمرو بن میمون رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا: جب اللہ رب العزت نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو سرگوشی کے لیے عزت بخشی، تو آپ علیہ السلام نے ایک آدمی کو عرش سے چمٹا ہوا دیکھا۔ آپ علیہ السلام نے پوچھا: اے پروردگار! یہ کون شخص ہے؟ اللہ رب العزت نے فرمایا: میرے بندوں میں سے نیک بندہ ہے۔ اگر تم چاہو تو میں تمہیں اس کے عمل کے متعلق بتلاؤں؟ آپ علیہ السلام نے عرض کی، اے پروردگار! مجھے بتلایئے۔ اللہ رب العزت نے فرمایا: یہ شخص لوگوں سے حسد نہیں کرتا ان چیزوں میں جو اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں کو اپنے فضل سے عطا کی تھیں۔

(۲۷۱۲٦) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ يَزِيدَ الرَّقَاشِيِّ ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :إِنَّ الْحَسَدَ لَيَأْكُلُ الْحَسَنَاتِ كَمَا تَأْكُلُ النَّارُ الْحَطَبَ. (ابن ماجه ۴۲۱۰۔ ابویعلی ۳۶۴۴)

(۲۷۱۲۶) حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یقیناً حسد نیکیوں کو ایسے ہی کھا جاتا ہے جیسے آگ لکڑیوں کو کھا جاتی ہے۔

(۲۷۱۲۷) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ يَزِيدَ الرَّقَاشِيِّ ، عَنِ الْحَسَنِ قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : كَادَ الْحَسَدُ أَنْ يَغْلِبَ الْقَدَرَ ، وَكَادَتِ الْفَاقَةُ أَنْ تَكُونَ كُفْرًا.

(۲۷۱۲۷) حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قریب ہے کہ حسد تقدیر پر غالب آ جائے اور قریب ہے کہ فقر وفاقہ کفر کا سبب بن جائے۔

(۲۷۱۲۸) حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ أَبِي رَجَاءٍ ، عَنِ الْحَسَنِ ، ﴿وَلَا يَجِدُونَ فِي صُدُورِهِمْ حَاجَةً مِمَّا أُوتُوا﴾ قَالَ :الْحَسَدُ.

(۲۷۱۲۸) حضرت ابو رجاء رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ نے اس آیت کے متعلق: ترجمہ: اور نہیں پاتے اپنے دلوں میں کوئی حاجت اس چیز کی جو انہیں دی جائے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: حسد مراد ہے۔

(۲۰۶) فِي الإِسرافِ فِي النَّفقةِ

فضول خرچی کا بیان

(۲۷۱۲۹) حَدَّثَنَا عَبْدُ السَّلَامِ ، عَنْ مُغِيرَةَ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ فِي قَوْلِهِ تَعَالَى : ﴿وَالَّذِينَ إِذَا أَنْفَقُوا لَمْ يُسْرِفُوا وَلَمْ يَقْتُرُوا وَكَانَ بَيْنَ ذَلِكَ قَوَامًا﴾ قَالَ: لَا يُجِيعُهُمْ، وَلَا يُعَرِّيهِمْ، وَلَا يُنْفِقُ نَفَقَةً يَقُولُ النَّاسُ :إِنَّهُ أَسْرَفَ فِيهَا.

(۲۷۱۲۹) حضرت مغیرہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ نے اللہ رب العزت کے اس قول کے مطابق:

ترجمہ: اور وہ لوگ جب خرچ ہیں تو نہ اسراف کرتے ہیں اور نہ بخل کرتے ہیں اور ہوتا ہے ان کا خرچ کرنا ان دونوں کے درمیان اعتدال سے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: نہ وہ ان کو بھوکا رکھتے ہیں اور نہ ان کو لباس سے محروم کرتے ہیں اور نہ ہی ایسے طور پر خرچ کرتے ہیں کہ لوگ کہنے لگے کہ اس نے اس معاملہ میں فضول خرچی کی۔

(۲۷۱۳۰) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ عَمْرِو بْنِ قَيْسٍ ، عَنِ الْمِنْهَالِ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ : ﴿وَمَا أَنْفَقْتُمْ مِنْ شَيْءٍ فَهُوَ يُخْلِفُهُ وَهُوَ خَيْرُ الرَّازِقِينَ﴾ قَالَ :فِي غَيْرِ إِسْرَافٍ ، وَلَا تَقْتِيرٍ.

(۲۷۱۳۰) حضرت منہال فرماتے ہیں کہ حضرت سعید بن جبیر رحمۃ اللہ علیہ نے اللہ رب العزت کے اس قول کے مطابق: ''اور جو خرچ کر دیتے ہو تم کوئی بھی چیز تو وہ اس کی جگہ اور دیتا ہے تم کو اور وہ سب سے بہتر رزق عطا فرمانے والا ہے۔''

آپ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: یہ صورت اسراف اور کنجوسی کے علاوہ میں ہے۔

(۲۷۱۳۱) حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنِ الْحَكَمِ ، عَنْ يَحْيَى بْنِ الْجَزَّارِ ، عَنْ أَبِي الْعُبَيْدَيْنِ ، أَنَّهُ سَأَلَ ابْنَ مَسْعُودٍ عَنِ التَّبْذِيرِ فَقَالَ :إِنْفَاقُ الْمَالِ فِي غَيْرِ حَقِّهِ.

(۲۷۱۳۱) حضرت یحییٰ بن جزار رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابو العبیدین رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے فضول خرچی کے متعلق پوچھا: تو آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مال کو حق کے علاوہ جگہ میں خرچ کرنا فضول خرچی ہے۔

(٢٧١٣٢) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ ، عَنْ دَاوُد قَالَ :قُلْتُ لِلْحَسَنِ :أَشْتَرِي لامْرَأَتِي فِي السَّنَةِ طِيبًا بِعِشْرِينَ دِرْهَمًا أَسَرَفٌ هَذَا ؟ قَالَ :لَيْسَ هَذَا بِسَرَفٍ.

(۲۷۱۳۲) حضرت داؤد رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت حسن بصری رحمہ اللہ سے پوچھا: کہ میں نے سال میں اپنی بیوی کے لیے بیس درہم کی خوشبو خریدی کیا یہ اسراف ہے؟ آپ رحمہ اللہ نے فرمایا: یہ اسراف نہیں ہے۔

(٢٧١٣٣) حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنَ مَيْسَرَةَ ، عَنْ طَاوُوس ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ :الْبَسْ مَا شِئْت وَكُلْ مَا شِئْت مَا أَخْطَأَتْك خِلَّتَانِ :سَرَفٌ ، أَوْ مَخِيلَةٌ.

(۲۷۱۳۳) حضرت طاؤس رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: جو چاہو پہنو اور جو چاہو کھاؤ۔ لیکن دو عادتوں سے بچنا ایک فضول خرچی اور دوسری فخر۔

(٢٧١٣٤) حَدَّثَنَا يَعْلَى بْنُ عُبَيْدٍ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سُوقَةَ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ :سَأَلَهُ رَجُلٌ ، عَنْ إِضَاعَةِ الْمَالِ ، قَالَ :أَنْ يَرْزُقَك اللَّهُ رِزْقًا فَتُنْفِقُهُ فِيمَا حَرَّمَ عَلَيْك.

(۲۷۱۳۴) حضرت محمد بن سوقہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت سعید بن جبیر رحمہ اللہ سے کسی آدمی نے مال ضائع کرنے کے متعلق پوچھا؟ آپ رحمہ اللہ نے فرمایا: مال ضائع کرنا یہ ہے کہ اللہ رب العزت تجھے رزق عطا کریں اور تم اس کو ان کاموں میں خرچ کرو جو اللہ نے تم پر حرام کیے ہیں۔

(٢٧١٣٥) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ، عَنِ الْعَوَّامِ قَالَ :قَالَ كَعْبٌ :أَنْفِقُوا لِخَلَفٍ يَأْتِيكُمْ.

(۲۷۱۳۵) حضرت عوام رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت کعب رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: خرچ کرو، اس کا بدل تمہیں مل جائے گا۔

(٢٧١٣٦) حَدَّثَنَا عَفَّانُ ، عَنْ سُكَيْنِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ ، عَنِ الْهَجَرِيِّ ، عَنْ أَبِي الأَحْوَصِ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :مَا عَالَ مَنِ اقْتَصَدَ. (احمد ۴۴۷۔ طبرانی ۱۰۱۱۸)

(۲۷۱۳۶) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے میانہ روی کی وہ محتاج نہیں ہوا۔

(٢٧١٣٧) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ يُوسُفَ ، عَنْ أَبِي السَّرِيَّةِ بن الْحَسَنِ قَالَ :لَيْسَ فِي الطَّعَامِ إِسْرَافٌ.

(۲۷۱۳۷) حضرت یوسف رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوالسریہ بن حسن رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: کھانے میں اسراف نہیں ہے۔

(٢٧١٣٨) حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ ، عَنْ أَبِي الْعُمَيْسِ ، عَنْ زِيَادٍ مَوْلَى مُصْعَبٍ ، عَنِ الْحَسَنِ ، أَنَّ أَصْحَابَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَأَلُوهُ :مَا نَفَقَتنَا عَلَى أَهْلِينَا ؟ فَقَالَ :مَا أَنْفَقْتُمْ عَلَى أَهْلِيكُمْ فِي غَيْرِ إِسْرَافٍ ، وَلاَ تَقْتِيرٍ ، فَهُوَ فِي سَبِيلِ اللهِ. (بیہقی ۶۵۵۴)

(۲۷۱۳۸) حضرت حسن بصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ رضی اللہ عنہم نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا کہ جو ہم اپنے گھر

والوں پر خرچ کرتے ہیں اس کی کیا حیثیت ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جو مال تم اپنے گھر والوں پر بغیر اسراف اور بغیر کنجوسی کے خرچ کرتے ہو وہ اللہ کے راستہ میں شمار ہوتا ہے۔

(۲۰۷) ما ذكر في الشح

ان روایات کا بیان جو بخل کے بارے میں ذکر کی گئیں

(۲۷۱۳۹) حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ الْحَارِثِ ، عَنْ أَبِي كَثِيرٍ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ : إِيَّاكُمْ وَالشُّحَّ فَإِنَّهُ أَهْلَكَ مَنْ قَبْلَكُمْ أَمَرَهُمْ بِالْقَطِيعَةِ فَقَطَعُوا ، وَبِالْبُخْلِ فَبَخِلُوا ، وَبِالْفُجُورِ فَفَجَرُوا. (ابوداؤد ۱۶۹۵۔ احمد ۱۹۱)

(۲۷۱۳۹) حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم لالچ کرنے سے بچو: کیوں کہ لالچ نے پہلے لوگوں کو قطع رحمی پر ابھارا انہوں نے قطع رحمی کی، بخل پر ابھارا انہوں نے بخل کیا اور بے حیائی پر ابھارا انہوں نے بے حیائی کی۔

(۲۷۱۴۰) حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ ، عَنْ حُصَيْنِ بْنِ اللَّجْلاَجِ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :لاَ يَجْتَمِعُ الشُّحُّ وَالإِيمَانُ فِي جَوْفِ رَجُلٍ مُسْلِمٍ.

(۲۷۱۴۰) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: بخل اور ایمان کسی مسلمان آدمی کے اندر جمع نہیں ہو سکتے۔

(۲۷۱۴۱) حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُلَيٍّ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ مَرْوَانَ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ.:قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :شَرُّ مَا فِي الرَّجُلِ شُحٌّ هَالِعٌ وَجُبْنٌ خَالِعٌ.

(ابوداؤد ۲۵۰۳۔ احمد ۳۰۲)

(۲۷۱۴۱) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: آدمی میں پائی جانے والی بری عادت: حد سے زیادہ کنجوسی اور دل دہلا دینے والی بزدلی ہے۔

(۲۷۱۴۲) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :لَوْ قَدْ جَاءَ مَالُ الْبَحْرَيْنِ لَقَدْ أَعْطَيْتُكَ كَذَا وَكَذَا فَأَتَيْتُ أَبَا بَكْرٍ فَقُلْتُ :تَبْخَلُ عَنِّي ، قَالَ :وَأَيُّ دَاءٍ أَدْوَأُ مِنَ الْبُخْلِ ؟ مَا سَأَلْتَنِي مِنْ مَرَّةٍ إِلاَّ وَأَنَا أُرِيدُ أَنْ أُعْطِيَكَ. (بخاری ۲۵۹۸۔ مسلم ۱۸۰۶)

(۲۷۱۴۲) حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اگر بحرین کا مال آ گیا تو میں تجھے اتنا اور اتنا مال عطا کروں گا۔ راوی کہتے ہیں۔ میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس آیا۔ اور میں نے کہا: آپ رضی اللہ عنہ مجھ سے بخل کر رہے ہیں؟ انہوں نے فرمایا: کون سی بیماری ہے جو بخل سے زیادہ خطرناک ہے؟ تم نے مجھ سے ایک مرتبہ بھی نہیں مانگا مگر یہ کہ میں نے ارادہ کر لیا کہ میں

تمہیں عطا کردوں گا۔

(٢٧١٤٣) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ جَامِعِ بْنِ شَدَّادٍ ، عَنِ الأَسْوَدِ بْنِ هِلاَلٍ قَالَ :جَاءَ رَجُلٌ إِلَى عَبْدِ اللهِ فَقَالَ :خَشِيتُ أَنْ تُصِيبَنِى هَذِهِ الآيَةُ ﴿وَمَنْ يُوقَ شُحَّ نَفْسِهِ﴾ الآيَةَ ، مَا أَسْتَطِيعُ أَنْ أُعْطِىَ شَيْئًا أُطِيقُ مَنْعَهُ ، قَالَ عَبْدُ اللهِ :ذَاكَ الْبُخْلُ ، وَبِئْسَ الشَّىْءُ الْبُخْلُ.

(۲۷۱۴۳) حضرت اسود بن ہلال رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ایک شخص حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی خدمت میں آ کر کہنے لگا: مجھے ڈر ہے کہ میں قرآن مجید کی اس آیت ﴿وَمَنْ يُوقَ شُحَّ نَفْسِهِ﴾ کا مصداق نہیں بن پاؤں گا کیونکہ مجھ میں چیزوں کو خرچ کرنے کی طاقت نہیں بلکہ روکنے کی طاقت ہے۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ یہ بخل ہے اور بخل بدترین چیز ہے۔

(٢٧١٤٤) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ كَهْمَسٍ ، عَنْ أَبِى الْعَلاَءِ ، عَنِ ابْنِ الأَحْمَسِ قَالَ :قُلْتُ لأَبِى ذَرٍّ :حَدِيثٌ بَلَغَنِى عَنْكَ تُحَدِّثُهُ عَنِ النَّبِىِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ؟ ، قَالَ :سَمِعْتُهُ مِنْهُ وَقُلْتُه ، فَذَكَرَ ثَلاَثَةً يَشْنَؤُهُمُ اللَّهُ : الْبَخِيلُ وَالْمَنَّانُ وَالْمُخْتَالُ.

(۲۷۱۴۴) حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تین لوگ ایسے ہیں کہ اللہ رب العزت کا ان پر غصہ ہوگا: بخیل شخص، احسان جتانے والا اور تکبر کرنے والا۔

(٢٧١٤٥) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنْ عَاصِمٍ ، عَنْ أَبِى عُثْمَانَ ، وَعَبْدِ اللهِ بْنِ الْحَارِثِ ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ ، أَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ :اللَّهُمَّ إِنِّى أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْبُخْلِ.

(۲۷۱۴۵) حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا مانگا کرتے تھے: ترجمہ: اے اللہ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں بخل کرنے سے۔

(٢٧١٤٦) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ إِسْرَائِيلَ ، عَنْ أَبِى إِسْحَاقَ ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُونٍ ، عَنْ عُمَرَ ، أَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَتَعَوَّذُ مِنَ الْبُخْلِ.

(۲۷۱۴۶) حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم بخل سے پناہ مانگتے تھے۔

(٢٧١٤٧) حَدَّثَنَا شَبَابَةُ قَالَ :حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ أَبِى إِسْحَاقَ ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُونٍ ، عَنْ عُمَرَ ، عَنِ النَّبِىِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، مِثْلَهُ.

(۲۷۱۴۷) حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا مذکورہ ارشاد اس سند سے بھی منقول ہے۔

(٢٧١٤٨) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنْ قَتَادَةَ ، عَنْ أَنَسٍ ، أَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَتَعَوَّذُ مِنَ الْبُخْلِ.

(۲۷۱۴۸) حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم بخل سے پناہ مانگا کرتے تھے۔

(٢٧١٤٩) حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ الأَحْمَرُ ، عن حجاج ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ سُحَيْمٍ ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ كُرَيزٍ قَالَ:

قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللَّهَ جَوَادٌ يُحِبُّ الْجُودَ، وَيُحِبُّ مَعَالِيَ الأَخْلاَقِ وَيَكْرَهُ سَفْسَافَهَا.

(عبدالرزاق ۲۰۱۵۰۔ حاکم ۶۲۸)

(۲۷۱۴۹) حضرت طلحہ بن عبید اللہ بن کریز رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یقیناً اللہ رب العزت فیاض ہیں اور فیاضی کو پسند کرتے ہیں اور بلند اخلاق کو پسند کرتے ہیں اور اخلاق کی گراوٹ کو ناپسند کرتے ہیں۔

(۲۷۱۵۰) حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ ، عَنِ الأَوْزَاعِيِّ ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ قَالَ : كَانَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ من سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ جَفْنَةٌ تَدُورُ مَعَهُ حَيْثُمَا دَارَ مِنْ نِسَائِهِ ، وَكَانَ يَقُولُ فِي دُعَائِهِ : اللَّهُمَّ ارْزُقْنِي مَالاً فَإِنَّهُ لاَ يُصْلِحُ الْفِعَالَ إِلاَّ الْمَالُ.

(۲۷۱۵۰) حضرت یحییٰ بن ابی کثیر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کی طرف سے ایک پیالہ ملا تھا جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ہی گھومتا تھا جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن کے پاس چکر لگاتے تھے۔ اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی دعا میں یوں فرماتے تھے: اے اللہ! مجھے مال عطاء فرما: اس لیے کہ کوئی کارنامہ انجام نہیں دیا جا سکتا مگر مال سے۔

(۲۷۱۵۱) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، أَنَّ سَعْدَ بْنَ عُبَادَةَ كَانَ يَدْعُو اللَّهُمَّ هَبْ لِي حَمْدًا وَهَبْ لِي مَجْدًا ، وَلاَ مَجْدَ إِلاَّ بِفِعَالٍ ، وَلاَ فِعَالَ إِلاَّ بِمَالٍ ، اللَّهُمَّ لاَ يُصْلِحُنِي الْقَلِيلُ ، وَلاَ أُصْلِحُ عَلَيْهِ.

(ابن سعد ۶۱۴۔ حاکم ۲۵۳)

(۲۷۱۵۱) حضرت عروہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ دعا فرمایا کرتے تھے: ترجمہ: اے اللہ! تو مجھے شکر کی توفیق عطا فرما اور عزت و بزرگی عطا فرما اور عزت و بزرگی حاصل نہیں ہوتی مگر کسی کارنامہ کی وجہ سے اور کارنامہ نہیں ہوتا مگر مال کے ذریعہ۔ اے اللہ! تھوڑا مال مجھے نفع نہیں پہنچا سکتا اور نہ میں اس پر مصالحت کرتا ہوں۔

(۲۷۱۵۲) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ قَالَ : حَدَّثَنَا هِشَامٌ ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ : أَدْرَكْت سَعْدَ بْنَ عُبَادَةَ وَهُوَ يُنَادِي عَلَى أُطُمِهِ : مَنْ أَحَبَّ شَحْمًا ، ولَحْمًا فَلْيَأْتِ سَعْدَ بْنَ عُبَادَةَ ، ثُمَّ أَدْرَكْت ابْنَهُ بَعْدَ ذَلِكَ يَدْعُو بِهِ ، وَلَقَدْ كُنْت أَمْشِي فِي طَرِيقِ الْمَدِينَةِ وَأَنَا شَابٌّ فَمَرَّ عَلَيَّ عَبْدُ اللهِ بْنُ عُمَرَ مُنْطَلِقًا إلَى أَرْضِهِ بالغابة ، فَقَالَ : يَا فَتَى ، انْظُرْ هَلْ تَرَى عَلَى أُطُمِ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ أَحَدًا يُنَادِي ، فَنَظَرْت فَقُلْت : لاَ ، فَقَالَ : صَدَقْت.

(۲۷۱۵۲) حضرت عروہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کو پایا کہ وہ اپنے بلند مکان پر یوں ندا لگا رہے تھے: جو شخص چربی اور گوشت کو محبوب رکھتا ہے اس کو چاہیے کہ وہ سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کے پاس آجائے۔ راوی فرماتے ہیں: پھر اس کے بعد میں نے ان کے بیٹے کو یہ ندا لگاتے ہوئے پایا۔ اور میں زمانہ جوانی میں مدینہ کے راستہ میں چل رہا تھا کہ مجھ پر حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کا گزر ہوا جو جنگل میں اپنی زمین کی طرف جا رہے تھے۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے جوان! ذرا دیکھو کہ کوئی سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کے بلند گھر میں ندا لگا رہا ہے؟ میں نے دیکھا۔ میں نے عرض کیا: نہیں۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم نے سچ کہا۔

(٢٧١٥٣) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ قَالَ : حَدَّثَنَا هِشَامٌ ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ : كَانَ قَيْسُ بْنُ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ ارْتَحَلَ نَحْوَ الْمَدِينَةِ وَمَعَهُ أَصْحَابٌ ، فَجَعَلَ يَنْحَرُ كُلَّ يَوْمٍ جَزُورًا حَتَّى بَلَغَ صِرَارَ.

(۲۷۱۵۳) حضرت عروہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت قیس بن سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ اپنے ساتھیوں کے ساتھ مدینہ کی طرف روانہ ہوئے۔تو آپ رحمۃ اللہ علیہ روزانہ اونٹ ذبح کرتے تھے یہاں تک کہ آپ رضی اللہ عنہ مدینہ کے قریب حرار مقام تک پہنچ گئے۔

(٢٧١٥٤) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ جَرِيرِ بْنِ حَازِمٍ ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ قَالَ : كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَمْسَى قَسَمَ نَاسًا مِنْ أَهْلِ الصُّفَّةِ بَيْنَ أُنَاسٍ مِنْ أَصْحَابِهِ ، فَكَانَ الرَّجُلُ يَذْهَبُ بِالرَّجُلِ ، وَالرَّجُلُ بِالرَّجُلَيْنِ ، وَالرَّجُلُ بِالثَّلاَثَةِ حَتَّى ذَكَرَ عَشَرَةً ، قَالَ : وَكَانَ سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ يَرْجِعُ إِلَى أَهْلِهِ كل ليلة بِثَمَانِينَ منهم يُعَشِّيهِمْ.

(۲۷۱۵۴) حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جب شام ہو جاتی تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اصحاب صفہ کو صحابہ رضی اللہ عنہم کے درمیان تقسیم فرما دیتے۔ پھر ایک صحابی رضی اللہ عنہ ایک کو لے جاتے اور ایک صحابی رضی اللہ عنہ دو لوگوں کو لے جاتے اور ایک صحابی رضی اللہ عنہ تین لوگوں کو لے جاتے۔ یہاں تک کہ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے دس کا ذکر کیا۔ اور فرمایا: حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ ہر رات کو ان میں سے آٹھ لوگوں کو لے کر لوٹتے اور ان کو رات کا کھانا کھلاتے۔

(٢٧١٥٥) حَدَّثَنَا يَعْلَى ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ ، عَنِ الزُّهْرِيِّ ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عَبْدِ اللهِ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ : كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَجْوَدَ مِنَ الرِّيحِ الْمُرْسَلَةِ. (بخاری ۳۲۲۰۔ احمد ۲۳۰)

(۲۷۱۵۵) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم چلتی ہوئی ہوا سے بھی زیادہ فیاض تھے۔

(٢٧١٥٦) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ قَالَ : حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ ، عَنِ الزُّهْرِيِّ ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ : كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَجْوَدَ النَّاسِ بِالْخَيْرِ ، وَكَانَ أَجْوَدَ مَا يَكُونُ حِينَ يَلْقَاهُ جِبْرِيلُ.

(بخاری ۱۹۰۲۔ مسلم ۱۸۰۳)

(۲۷۱۵۶) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں میں خیر کے اعتبار سے سب سے زیادہ فیاض تھے۔اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی سخاوت اور زیادہ بڑھ جاتی تھی جب سے حضرت جبریل علیہ السلام آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے ملاقات کرتے تھے۔

(٢٠٨) فِي الجلوسِ إلى الأسطوانةِ

ستون سے ٹیک لگا کر بیٹھنے کا بیان

(٢٧١٥٧) حَدَّثَنَا مَعْنُ بْنُ عِيسَى ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ أَبِي يَحْيَى الأَنْصَارِيِّ قَالَ : رَأَيْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَجْلِسُ إِلَى سَارِيَةٍ.

(۲۷۱۵۷) حضرت سلمہ بن ابو یحییٰ انصاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کو لکڑی کے ستون سے ٹیک لگا

کر بیٹھے ہوئے دیکھا۔

(۲۷۱۵۸) حَدَّثَنَا مَعْنُ بْنُ عِيسَى ، عَنِ الْمُخْتَارِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ :رَأَيْتُ الْقَاسِمَ بْنَ مُحَمَّدٍ يَجْلِسُ إِلَى سَارِيَةٍ.

(۲۷۱۵۸) حضرت مختار بن سعد رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت قاسم بن محمد رضی اللہ عنہ کو لکڑی کے ستون سے ٹیک لگا کر بیٹھے ہوئے دیکھا۔

(۲۷۱۵۹) حَدَّثَنَا مَعْنُ بْنُ عِيسَى ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ قَيْسٍ قَالَ :رَأَيْتُ نَافِعَ بْنَ جُبَيْرٍ يَجْلِسُ إِلَى سَارِيَةٍ.

(۲۷۱۵۹) حضرت ثابت بن قیس رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت نافع بن جبیر رحمہ اللہ کو لکڑی کے ستون سے ٹیک لگا کر بیٹھے ہوئے دیکھا۔

(۲۷۱۶۰) حَدَّثَنَا مَعْنُ بْنُ عِيسَى ، عَنْ خَالِدِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ قَالَ :رَأَيْتُ عُبَيْدَ اللهِ بْنَ عَبْدِ اللهِ يَجْلِسُ إِلَى سَارِيَةٍ.

(۲۷۱۶۰) حضرت خالد بن ابو بکر رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عبید اللہ بن عبد اللہ رحمہ اللہ کو لکڑی کے ستون سے ٹیک لگا کر بیٹھے ہوئے دیکھا۔

(۲۰۹) مَنْ كَانَ لاَ يجلِس إلى سارِيةٍ

جو ستون سے ٹیک لگا کر نہیں بیٹھتے تھے

(۲۷۱۶۱) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ قَالَ : كَانَ إِبْرَاهِيمُ لاَ يَجْلِسُ إِلَى أُسْطُوَانَةٍ.

(۲۷۱۶۱) حضرت اعمش رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابراہیم رحمہ اللہ ستون سے ٹیک لگا کر نہیں بیٹھتے تھے۔

(۲۷۱۶۲) حَدَّثَنَا مَعَن ، عَنْ خَالِدِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ قَالَ :لَمْ أَرَ سَالِمَ بْنَ عَبْدِ اللهِ يَجْلِسُ إِلَى سَارِيَةٍ.

(۲۷۱۶۲) حضرت خالد بن ابو بکر رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت سالم بن عبد اللہ رحمہ اللہ کو ستون سے ٹیک لگا کر بیٹھے ہوئے نہیں دیکھا۔

(۲۱۰) فِي الكوكبِ يتبعه الرّجل بصره

ستارے کے پیچھے اپنی نظریں لگانے کا بیان

(۲۷۱۶۳) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ عَاصِمٍ ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ قَالَ :نَزَلَ عَلَيْنَا أَبُو قَتَادَةَ الأَنْصَارِيُّ ، فَانْقَضَّ كَوْكَبٌ ، فَأَتْبَعْنَاهُ أَبْصَارَنَا ، فَنَهَانَا عَنْ ذَلِكَ. (احمد ۲۹۹۔ حاکم ۲۸۶)

(۲۷۱۶۳) حضرت ابن سیرین رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابو قتادہ انصاری رضی اللہ عنہ ہمارے مہمان بنے۔ اتنے میں ایک ستارہ ٹوٹ گیا تو ہم اسے دیکھنے لگے تو آپ رضی اللہ عنہ نے ہمیں اس سے منع فرمایا۔

(٢٧١٦٤) حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ مُعَاذٍ ، عَنْ أَشْعَثَ ، عَنِ الْحَسَنِ ، أَنَّهُ كَانَ لاَ يَرَى بَأْسًا أَنْ يُتْبَعَ الرَّجُلُ بَصَرَهُ الْكَوْكَبَ إِذَا رمى بِهِ.

(۲۷۱۶۴) حضرت اشعث رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت حسن بصری رحمہ اللہ کوئی حرج نہیں سمجھتے تھے کہ جب ستارہ کو مارا جائے تو آدمی اس کے پیچھے اپنی نظر دوڑائے۔

(٢٧١٦٥) حَدَّثَنَا قَبِيصَةُ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ الْحَارِثِ ، عَنْ أَبِي قَتَادَةَ مِثْلُ حَدِيثِ عَبْدِ الرَّحِيمِ ، عَنْ عَاصِمٍ.

(۲۷۱۶۵) حضرت عبداللہ بن حارث رحمہ اللہ سے بھی حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ کا وہ ارشاد جو حضرت عاصم رحمہ اللہ سے نقل کیا، منقول ہے۔

(٢٧١٦٦) حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ ، قَالَ : حدَّثَنَا أَبُو عَقِيلٍ قَالَ : حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ الْقُرَشِيُّ ، قَالَ : سَمِعْتُ زَيْدَ بْنَ عَلِيٍّ يُحَدِّثُ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ جَدِّهِ ، عَنْ عَلِيٍّ ، أَنَّهُ كَانَ إِذَا رَأَى الْكَوْكَبَ مُنْقَضًّا قَالَ : اللَّهُمَّ صَوِّبْهُ وَأَصِبْ بِهِ ، وَقِنَا شَرَّ مَا يَتْبَعُ.

(۲۷۱۶۶) حضرت علی رضی اللہ عنہ جب ٹوٹتا ہوا ستارہ دیکھتے تو یہ دعا کرتے: اے اللہ! تو اس کو درست فرما اور اس کے ذریعہ درستگی فرما اور ہمیں بچا اس چیز کے شر سے جس کے یہ پیچھے ہے۔

(٢١١) من كره أن يقول لِلشّيءِ لاَ شيء

جو مکروہ سمجھے کسی چیز کے متعلق یوں کہنا۔ کوئی چیز نہیں

(٢٧١٦٧) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ قَالَ : حدَّثَنَا شُعْبَةُ ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ ، عَنْ غَيْلاَنَ بْنِ جَرِيرٍ ، عَنْ مُطَرِّفٍ قَالَ : لاَ يَكْذِبَنَّ أَحَدُكُمْ مَرَّتَيْنِ ، يَقُولُ لِلشَّيْءِ : لاَ شَيْءَ ، لَيْسَ بِشَيْءٍ.

(۲۷۱۶۷) حضرت غیلان بن جریر رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت مطرف رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: تم میں کوئی ہرگز دو مرتبہ جھوٹ مت بولے کہ وہ کسی چیز کے متعلق یوں کہے: کوئی چیز نہیں، وہ کوئی چیز نہیں۔

(٢١٢) فِيمن يؤخذ مِنه العِلم

اس شخص کے بارے میں جس سے علم حاصل کیا جاتا ہے

(٢٧١٦٨) حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ مُعَاذٍ قَالَ : أَخْبَرَنَا ابْنُ عَوْنٍ ، عَنْ مُحَمَّدٍ قَالَ : كَانَ يَقُولُ : إِنَّ هَذَا الْعِلْمَ دِينٌ فَانْظُرُوا عَمَّنْ تَأْخُذُونَهُ. (دارمی ۴۱۹)

(۲۷۱۶۸) حضرت ابن عون رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت محمد بن سیرین رحمہ اللہ فرمایا کرتے تھے۔ یقیناً یہ علم دین ہے تم غور کرلیا کرو کہ تم اس کو کس سے حاصل کر رہے ہو۔

(٢١٣) من كره أن يقول ليس في البيت أحدٌ

جو مکروہ سمجھے یوں کہنے کو: گھر میں کوئی نہیں ہے

(٢٧١٦٩) حَدَّثَنَا جَرِيرٌ ، عَنْ مُغِيرَةَ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ قَالَ : كَانَ يَكْرَهُ أَنْ يَقُولَ : لَيْسَ فِي الْبَيْتِ أَحَدٌ ، وَلاَ بَأْسَ أَنْ يَقُولَ : لَيْسَ فِي الْبَيْتِ أَحَدٌ مِنَ النَّاسِ.

(۲۷۱۶۹) حضرت مغیرہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ مکروہ سمجھتے تھے یوں کہنے کو کہ گھر میں کوئی نہیں ہے اور فرماتے کہ: یوں کہنے میں کوئی حرج نہیں کہ گھر میں کوئی شخص بھی موجود نہیں ہے۔

(٢١٤) فِي إعادةِ الحدِيثِ

حدیث کو دوبارہ دہرانے کا بیان

(٢٧١٧٠) حَدَّثَنَا عَفَّانُ قَالَ : حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ قَالَ : أَيُّوبُ قَالَ : حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ جُبَيْرٍ ذَاتَ يَوْمٍ حَدِيثًا فَقُمْتُ إِلَيْهِ فَقُلْتُ : أَعِدْهُ ، فَقَالَ : إِنِّي مَا كُلَّ سَاعَةٍ أَحْلِبُ فَأَشْرَبُ.

(۲۷۱۷۰) حضرت ایوب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ایک دن حضرت سعید بن جبیر رحمۃ اللہ علیہ نے ہمیں حدیث بیان کی۔ میں نے کھڑے ہو کر آپ رحمۃ اللہ علیہ سے عرض کیا: آپ رحمۃ اللہ علیہ اس کو دوبارہ دہرا دیں۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: میں ہر وقت دودھ دوہ کر پی نہیں سکتا۔

(٢٧١٧١) حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ ، عَنْ عَبْدِ الْجَبَّارِ ، قَالَ : سَمِعْتُ ابْنَ شِهَابٍ يَقُولُ : تَرْدَادُ الْحَدِيثِ أَشَدُّ مِنْ نَقْلِ الْحِجَارَةِ.

(۲۷۱۷۱) حضرت عبد الجبار رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن شہاب رحمۃ اللہ علیہ کو یوں فرماتے ہوئے سنا: حدیث کو دہرانا پتھروں کے اٹھانے سے زیادہ سخت ہے۔

(٢١٥) الرّجل يوضّىء الرّجل أين يقوم منه

جو شخص ایک آدمی کو وضو کرواتا ہے تو وہ کس جانب کھڑا ہو؟

(٢٧١٧٢) حَدَّثَنَا يَعْلَى قَالَ : حَدَّثَنَا أَبُو حَيَّانَ ، عَنْ عَبَايَةَ قَالَ : وَضَّأْتُ ابْنَ عُمَرَ فَقُمْتُ ، عَنْ يَمِينِهِ أُفْرِغُ عَلَيْهِ الْمَاءَ ، فَلَمَّا فَرَغَ صَعَّدَ فِيَّ بَصَرَهُ فَقَالَ : مِنْ أَيْنَ أَخَذْتَ هَذَا الأَدَبَ ؟ فَقُلْتُ : مِنْ جَدِّي رَافِعٍ ، قَالَ : قَالَ : هنيئا لك.

(۲۷۱۷۲) حضرت عبایہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کو وضو کروایا تو میں ان کی دائیں جانب کھڑا ہو گیا اور میں نے ان پر پانی ڈالا۔ جب آپ رضی اللہ عنہ فارغ ہوئے تو آپ رضی اللہ عنہ نے مجھ پر نظر ڈالی اور فرمایا: تم نے یہ ادب کہاں سے سیکھا؟ میں نے

کہا: اپنے دادا حضرت نافع رحمۃ اللہ علیہ سے، انہوں نے فرمایا: تمہیں مبارک ہو۔

(٢١٦) الرّجل يلقى الرّجل يسأله مِن حيث جاء

جو شخص ایک آدمی سے ملتا ہے اور سوال کرتا ہے کہ وہ کہاں سے آیا؟

(٢٧١٧٣) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَن حَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ ، عَن لَيْثٍ ، عَن مُجَاهِدٍ قَالَ :إِذَا لَقِيتَ أَخَاكَ فَلاَ تَسْأَلْهُ مِنْ أَيْنَ جِئْت ؟ وَلاَ أَيْنَ تَذْهَبُ ؟ وَلاَ تَحُدُّ النَّظَرَ إِلَى أَخِيك.

(۲۷۱۷۳) حضرت لیث رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت مجاہد رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا: جب تم اپنے بھائی سے ملو تو اس سے مت پوچھو! کہ تم کہاں سے آئے؟ اور نہ یہ پوچھو کہ تم کہاں جا رہے ہو؟ اور نہ تم اپنے بھائی کی طرف گھور کر دیکھو۔

(٢١٧) إسراع المشي عند الحائِطِ المائِلِ

جھکی ہوئی دیوار کے نزدیک جلدی چلنے کا بیان

(٢٧١٧٤) حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَن حَجَّاجٍ الصَّوَّافِ قَالَ :حَدَّثَنِى يَحْيَى بْنُ أَبِى كَثِيرٍ قَالَ :بَلَغَنِى ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ :إِذَا مَرَّ أَحَدُكُمْ بِهَدَفٍ مَائِلٍ ، أَوْ صَدَفٍ هَائِلٍ فَلْيُسْرِعِ الْمَشْىَ وَلْيَسْأَلِ اللَّهَ الْمُعَافَاةَ.

(۲۷۱۷۴) حضرت یحییٰ بن ابی کثیر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ مجھے یہ حدیث پہنچی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب تم میں کوئی جھکی ہوئی دیوار یا جھکی ہوئی چوٹی کے پاس سے گزرے تو اس کو چاہیے کہ وہ جلدی چلے، اور اللہ رب العزت سے عفو و درگزر کا سوال کرے۔

(٢١٨) الرّجل يؤاخِي الرّجل ، مَنْ قَالَ يسأله عنِ اسمِهِ

جو شخص دوسرے آدمی سے بھلائی کرتا ہے، وہ اس سے اس کا نام پوچھ لے

(٢٧١٧٥) حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ ، عَن عِمْرَانَ الْقَصِيرِ قَالَ :أَخْبَرَنِى سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَن يَزِيدَ بْنِ نَعَامَةَ الضَّبِّىِّ قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :إِذَا آخَى الرَّجُلُ الرَّجُلَ فَلْيَسْأَلْهُ ، عَنِ اسْمِهِ وَاسْمِ أَبِيهِ وَمِمَّنْ هُوَ ، فَإِنَّهُ أَوْصَلُ لِلْمَوَدَّةِ. (ابو نعيم ١٨١)

(۲۷۱۷۵) حضرت یزید بن نعامہ ضبی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب ایک آدمی دوسرے آدمی سے بھلائی کا معاملہ کرے تو اس کو چاہیے کہ وہ اس سے اس کا نام اور اس کے والد کا نام پوچھ لے اور یہ پوچھ لے کہ وہ کس قبیلہ سے ہے؟

اس لیے کہ یہ بات محبت کو زیادہ کرنے والی ہے۔

(۲۷۱۷٦) حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنِ ابْنِ أَبِي نَجِيحٍ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأَى رَجُلاً فَسَأَلَ عَنْهُ ، فَقَالَ رَجُلٌ :أَنَا أَعْرِفُ وَجْهَهُ ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :لَيْسَ تِلْكَ بِمَعْرِفَةٍ.

(۲۷۱۷٦) حضرت مجاہد رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی آدمی کو دیکھا تو اس کے متعلق سوال کیا؟ تو ایک شخص کہنے لگا: میں اس کا چہرہ پہچانتا ہوں۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ پہچاننا تو نہ ہوا۔

(۲۱۹) فِي نفقةِ الرَّجلِ على أهلِهِ ونفسِهِ

آدمی کا اپنے گھر والوں اور اپنی ذات پر خرچ کرنے کا بیان

(۲۷۱۷۷) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، وَيَزِيدُ ، عَنْ مِسْعَرٍ ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ الْحَسَنِ ، عَنِ ابْنِ مَعْقِلٍ ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :نَفَقَةُ الرَّجُلِ عَلَى أَهْلِهِ صَدَقَةٌ.

(۲۷۱۷۷) حضرت ابن معقل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: آدمی کا اپنے گھر والوں پر خرچ کرنا صدقہ ہے۔

(۲۷۱۷۸) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنْ عَاصِمٍ ، عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ :إِنَّ مِنَ النَّفَقَةِ الَّتِي تُضَاعَفُ بِسَبْعِمِئَةِ ضِعْفٍ نَفَقَةَ الرَّجُلِ عَلَى نَفْسِهِ وَأَهْلِ بَيْتِهِ.

(۲۷۱۷۸) حضرت عاصم رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ امام شعبی رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: بے شک وہ نفقہ جس کا سات سو گنا ثواب ملتا ہے: وہ آدمی کا اپنی ذات پر اور اپنے گھر والوں پر خرچ کرنا ہے۔

(۲۷۱۷۹) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ قَالَ :أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ يَزِيدَ ، عَنْ أَبِي مَسْعُودٍ ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ :نَفَقَةُ الرَّجُلِ عَلَى أَهْلِهِ صَدَقَةٌ. (بخاری ۵۵۔ مسلم ۶۹۵)

(۲۷۱۷۹) حضرت ابو مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: آدمی کا اپنے گھر والوں پر خرچ کرنا صدقہ ہے۔

(۲۷۱۸۰) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ قَالَ :أَخْبَرَنَا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ قَالَ :حَدَّثَنَا بَشَّارُ بْنُ أَبِي سَيْفٍ ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ ، عَنْ عِيَاضِ بْنِ غُطَيْفٍ قَالَ :دَخَلْنَا عَلَى أَبِي عُبَيْدَةَ بْنِ الْجَرَّاحِ فَقَالَ :سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ :مَنْ أَنْفَقَ عَلَى أَهْلِهِ ، أَوْ مَازَ أَذًى عَنْ طَرِيقٍ فَهِيَ حَسَنَةٌ بِعَشْرِ أَمْثَالِهَا.

(۲۷۱۸۰) حضرت عیاض بن غطیف رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ہم لوگ حضرت ابو عبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ کے پاس آئے، آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یوں فرماتے ہوئے سنا: جو شخص اپنے گھر والوں پر خرچ کرے یا راستہ سے تکلیف دہ چیز ہٹا دے تو یہ نیکی دس نیکیوں کے برابر ہے۔

(۲۷۱۸۱) حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ قَالَ :حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ أَبِي مُرَاوِحَ ، عَنْ أَبِي ذَرٍّ قَالَ :قُلْتُ :يَا

رَسُولَ اللهِ ، أَيُّ الأَعْمَالِ أَفْضَلُ ؟ قَالَ :إِيمَانٌ بِاللَّهِ وَجِهَادٌ فِي سَبِيلِهِ ، قَالَ :قُلْتُ :أَيُّ الرِّقَابِ أَفْضَلُ ؟ قَالَ :أَنْفَسُهَا عِنْدَ أَهْلِهَا وَأَغْلاَهَا ، ثَمَنًا ، قُلْتُ :فَإِنْ لَمْ أُطِقْ ذَلِكَ ؟ قَالَ :تُعِينُ صَانِعًا ، أَوْ تَصْنَعُ لأَخْرَقَ ، قَالَ :فَإِنْ لَمْ أَسْتَطِعْ ؟ قَالَ :فَدَعِ النَّاسَ مِنَ الشَّرِّ ، فَإِنَّهَا صَدَقَةٌ تَصَدَّقُ بِهَا عَلَى نَفْسِكَ.

(۲۷۱۸۱) حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! کون سا عمل افضل ترین ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ پر ایمان لانا، اور اس کے راستہ میں جہاد کرنا، میں نے پوچھا: کون سا غلام افضل ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جو اپنے گھر والوں سے اچھا سلوک کرے اور اس کی قیمت بھی زیادہ ہو۔ میں نے پوچھا: اگر میں اس کی طاقت نہ رکھتا ہوں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: پھر تم کسی کام کرنے والے کی مدد کرو یا کسی بیوقوف سے اچھا سلوک کرو۔ میں نے کہا: اگر میں اس کی بھی استطاعت نہ رکھوں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: لوگوں کو برائی سے بچاؤ، اس لیے کہ یہ ایسا صدقہ ہے جو تم اپنی ذات پر کرتے ہو۔

(۲۷۱۸۲) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي بُرْدَةَ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ جَدِّهِ ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ :عَلَى كُلِّ مُسْلِمٍ صَدَقَةٌ ، قَالَ :قِيلَ أَرَأَيْتَ إِنْ لَمْ يَجِدْ ؟ قَالَ :يَعْمَلُ بِيَدَيْهِ فَيَنْفَعُ نَفْسَهُ وَيَتَصَدَّقُ ، قَالَ :أَرَأَيْتَ إِنْ لَمْ يَسْتَطِعْ ؟ قَالَ :يُعِينُ ذَا الْحَاجَةِ الْمَلْهُوفَ ، قَالَ :أَرَأَيْتَ إِنْ لَمْ يَسْتَطِعْ ؟ قَالَ :يَأْمُرُ بِالْمَعْرُوفِ أو الخير ، قَالَ :أَرَأَيْتَ إِنْ لَمْ يَفْعَلْ ؟ قَالَ :يُمْسِكُ عَنِ الشَّرِّ فَإِنَّهَا صَدَقَةٌ.

(بخاری ۱۴۴۵۔ مسلم ۶۹۹)

(۲۷۱۸۲) حضرت ابو بردہ رضی اللہ عنہ کے والد فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ہر مسلم پر صدقہ کرنا ضروری ہے۔ راوی کہتے ہیں: پوچھا گیا: آپ ﷺ کی کیا رائے ہے اگر کوئی صدقہ کے لیے کچھ بھی نہ پائے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: وہ اپنے ہاتھ سے کام کر کے خود کو بھی نفع پہنچائے اور صدقہ بھی کرے۔ کسی نے پوچھا: اگر وہ اس کی طاقت نہ رکھتا ہو؟ آپ ﷺ نے فرمایا: وہ شخص کسی ستم رسیدہ حاجت مند کی مدد کر دے۔ کسی نے پوچھا: اگر وہ اس کی طاقت بھی نہ رکھتا ہو؟ آپ ﷺ نے فرمایا: وہ نیکی یا بھلائی کا حکم دے۔ کسی نے پوچھا: اگر وہ اس کی طاقت بھی نہ رکھتا ہو؟ آپ ﷺ نے فرمایا: وہ برائی سے روک دے پس بے شک یہ بھی صدقہ ہے۔

(۲۲۰) فِي الرَّجُلِ ينقطِع شِسعه فيسترجع

اس شخص کا بیان جس کے چپل کا تسمہ ٹوٹ جائے تو وہ اِنا للہ وانا الیہ راجعون پڑھتا ہو

(۲۷۱۸۳) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ قَالَ :حَدَّثَنَا سُفْيَانُ ، عَنْ دِينَارٍ التَّمَّارِ ، عَنْ عَوْنِ بْنِ عَبْدِ اللهِ قَالَ :كَانَ عَبْدُ اللهِ يَمْشِي مَعَ نَاسٍ مِن أَصْحَابِهِ ذَاتَ يَوْمٍ فَانْقَطَعَ شِسْعُ نَعْلِهِ فَاسْتَرْجَعَ ، فَقَالَ لَهُ بَعْضُ الْقَوْمِ :يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ ، تَسْتَرْجِعُ عَلَى سَيْرٍ ؟ قَالَ :مَا بِي أَن لاَ تَكُونَ السُّيُورُ كَثِيرًا وَلَكِنَّهَا مُصِيبَةٌ.

(۲۷۱۸۳) حضرت عون بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ایک دن حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ اپنے اصحاب میں سے چند لوگوں کے ساتھ چل رہے تھے کہ آپ کی جوتی کا تسمہ ٹوٹ گیا۔ اس پر آپ نے انا للہ وانا الیہ راجعون پڑھا۔ لوگوں میں سے کسی نے آپ سے کہا: اے ابوعبدالرحمن! آپ ایک تسمہ پر انا للہ وانا الیہ راجعون پڑھتے ہیں؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے افسوس نہیں کیونکہ تسمہ تو بہت ہیں لیکن یہ مصیبت ہی ہے۔

(۲۷۱۸٤) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ خَلِيفَةَ ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ ، أَنَّهُ انْقَطَعَ شِسْعُهُ فَاسْتَرْجَعَ ، وَقَالَ : كُلُّ مَا سَاءَكَ ، فَهُوَ مُصِيبَةٌ.

(۲۷۱۸۴) حضرت عبداللہ بن خلیفہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کی جوتی کا تسمہ ٹوٹ گیا تو آپ رضی اللہ عنہ نے انا للہ وانا الیہ راجعون پڑھی۔ اور فرمایا: ہر وہ چیز جو تمہیں بری معلوم ہو وہ مصیبت و تکلیف ہے۔

(۲۷۱۸۵) حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ مُوسَى قَالَ : أَخْبَرَنَا شَيْبَانُ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ قَالَ : انْقَطَعَ قِبَالُ نَعْلِ عُمَرَ فَقَالَ : إِنَّا لِلَّهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ ، فَقَالُوا : يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ ، أَفِي قِبَالِ نَعْلِكَ ؟ قَالَ : نَعَمْ ، كُلُّ شَيْءٍ أَصَابَ الْمُؤْمِنَ يَكْرَهُهُ ، فَهُوَ مُصِيبَةٌ.

(۲۷۱۸۵) حضرت مجاہد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت سعید بن مسیب رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی جوتی کا تسمہ ٹوٹ گیا، اس پر آپ رضی اللہ عنہ نے انا للہ وانا الیہ راجعون پڑھی۔ لوگوں نے کہا: اے امیر المؤمنین! کیا جوتی کا تسمہ ٹوٹنے کی صورت میں بھی؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جی ہاں۔ ہر وہ چیز جو مومن کو تکلیف پہنچائے اور وہ اسے برا سمجھے تو یہ مصیبت ہے۔

(۲۲۱) من كره أن يقول لا نبيّ بعد النّبيّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

جو یوں کہنے کو مکروہ سمجھے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کوئی نبی نہیں

(۲۷۱۸٦) حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ : حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ ، عَنْ عَائِشَةَ رضى الله عنها قَالَتْ : قُولُوا : خَاتَمُ النَّبِيِّينَ ، وَلاَ تَقُولُوا : لاَ نَبِيَّ بَعْدَهُ.

(۲۷۱۸۶) حضرت محمد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے ارشاد فرمایا: تم یوں کہو کہ خاتم النبیین ہیں۔ یوں مت کہو: آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کوئی نبی نہیں۔

(۲۷۱۸۷) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ مُجَالِدٍ قَالَ : أَخْبَرَنَا عَامِرٌ قَالَ : قَالَ رَجُلٌ عِنْدَ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ : صَلَّى اللَّهُ عَلَى مُحَمَّدٍ خَاتَمِ الأَنْبِيَاءِ ، لاَ نَبِيَّ بَعْدَهُ ، قَالَ الْمُغِيرَةُ : حَسْبُكَ إِذَا قُلْتَ : خَاتَمُ الأَنْبِيَاءِ ، فَإِنَّا كُنَّا نُحَدِّثُ ، أَنَّ عِيسَى خَارِجٌ ، فَإِنْ هُوَ خَرَجَ ، فَقَدْ كَانَ قَبْلَهُ وَبَعْدَهُ.

(۲۷۱۸۷) حضرت عامر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ کسی شخص نے حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ کے پاس یوں درود پڑھا۔ اللہ رحمت بھیجے

محمد ﷺ پر جو خاتم النبیین ﷺ ہیں اور ان کے بعد کوئی نبی نہیں۔ حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تمہارے لیے اتنا کہنا کافی ہے کہ خاتم الانبیاء ہیں اس لیے کہ ہم گفتگو کرتے تھے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نکلنے والے ہیں۔ پس جب وہ نکل آئیں گے تو وہ آپ ﷺ سے پہلے بھی تھے اور بعد میں بھی ہوئے۔

(۲۲۲) فِي قتلِ النّملِ

چیونٹی کو مارنے کا بیان

(۲۷۱۸۷) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ يُونُسَ ، عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ : نَهَى النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، عَنْ قَتْلِ النَّمْلِ وَالنَّحْلِ .

(ابو داؤد ۵۲۲۵۔ احمد ۳۳۲)

(۲۷۱۸۸) حضرت زہری رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے چیونٹی اور شہد کی مکھی کو مارنے سے منع فرمایا ہے۔

(۲۷۱۸۹) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ حَمَّادٍ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ قَالَ : إِذَا آذَاكَ النَّمْلُ فَاقْتُلْهُ .

(۲۷۱۸۹) حضرت حماد رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابراہیم رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: جب چیونٹی تمہیں تکلیف پہنچائے تو تم اسے مار دو۔

(۲۷۱۹۰) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ خَالِدِ بْنِ دِينَارٍ قَالَ : رَأَيْتُ أَبَا الْعَالِيَةِ رَأَى نَمْلاً عَلَى بِسَاطٍ فَقَتَلَهُنَّ .

(۲۷۱۹۰) حضرت خالد بن دینار رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابو العالیہ رحمہ اللہ کو دیکھا کہ انہوں نے اپنے بچھونے پر چیونٹیوں کو دیکھا تو انہیں مار دیا۔

(۲۷۱۹۱) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ نَافِعٍ ، عَنْ سُلَيْمَانَ الأَحْوَلِ ، عَنْ طَاوُوس قَالَ : إِنَّا لَنُفرِّقُ النَّمْلَ بِالْمَاءِ يَعْنِي إِذَا آذَتْنَا .

(۲۷۱۹۱) حضرت سلیمان بن احول رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت طاؤس رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: ہم چیونٹیوں کو پانی کے ذریعہ منتشر کر دیتے ہیں یعنی جب وہ ہمیں تکلیف پہنچاتی ہیں۔

(۲۲۳) المعارضة بِالحدِيثِ

حدیث کی عبارت کا دوسری حدیث سے مقابلہ کرنے کا بیان

(۲۷۱۹۲) حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ قَالَ : قَالَ لِي أَبِي : كَتَبْتَ ؟ قَالَ : قُلْتُ : نَعَمْ ، قَالَ : عَارَضْتَ ؟ قُلْتُ : لاَ ، قَالَ : لَمْ تَكْتُبْ . (رامهرمزی ۷۱۸)

(۲۷۱۹۲) حضرت ہشام بن عروہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میرے والد حضرت عروہ رحمہ اللہ نے مجھے پوچھا: کیا تو نے لکھا ہے؟ میں نے کہا: جی ہاں! انہوں نے پوچھا: کیا تم نے اس کو دوسری حدیث سے ملا کر دیکھا؟ میں نے کہا: نہیں۔ انہوں نے فرمایا: تم نہ لکھو۔

(٢٢٤) فِي الرّجلِ يرفع القصّة لِلرّجلِ

اس آدمی کا بیان جو کسی آدمی کو قصہ بیان کرے

(٢٧١٩٣) حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ ، عَنْ سَوَّارِ بْنِ عَبْدِ اللهِ قَالَ : كَانَ مُحَمَّدٌ يَكْرَهُ أَنْ يَرْفَعَ قَصَّةً لاَ يَعْلَمُ مَا فِيهَا .

(۲۷۱۹۳) حضرت سوار بن عبداللہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت محمد رحمہ اللہ مکروہ سمجھتے تھے کہ وہ کوئی ایسا واقعہ بیان کریں جس کے بارے میں وہ نہیں جانتے۔

(٢٢٥) الرّجل يبزق عن يمِينِهِ فِي غيرِ صلاةٍ و كيف يبزق ؟

اس آدمی کا بیان جو نماز کے علاوہ میں دائیں طرف تھوکتا ہو، اور کیسے تھوکا جائے

(٢٧١٩٤) حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، قَالَ : سَمِعْتُ أَبَا إِسْحَاقَ يُحَدِّثُ قَالَ : كَانَ عَبْدُ اللهِ يَكْرَهُ أَنْ يَبْزُقَ الرَّجُلُ عَنْ يَمِينِهِ فِي غَيْرِ صَلاَةٍ ، فَقَالَ لَه أَبَانُ : عَمَّنْ ؟ فَقَالَ : عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ .

(۲۷۱۹۴) حضرت ابو اسحاق رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ مکروہ سمجھتے تھے کہ آدمی نماز کے علاوہ میں بھی دائیں طرف تھوک پھینکے۔

حضرت ابان رحمہ اللہ نے راوی سے پوچھا: آپ رحمہ اللہ نے کس سے نقل کیا: انہوں نے فرمایا: حضرت عبدالرحمٰن بن یزید رحمہ اللہ سے انہوں نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے۔

(٢٧١٩٥) حَدَّثَنَا حَفْصٌ ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ قَالَ : كَانَ ابْنُ سِيرِينَ لَهُ بَابٌ عَنْ يَسَارِهِ مَسْدُودٌ ، وَكَانَ يَلْتَفِتُ إِلَيْهِ فَيَبْزُقُ فِيهِ .

(۲۷۱۹۵) حضرت ابن عون رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن سیرین رحمہ اللہ کے بائیں جانب ایک بند دروازہ تھا۔ آپ رحمہ اللہ وہاں جا کر اس جگہ تھوکا کرتے تھے۔

(٢٧١٩٦) حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ ، عَنْ مِسْعَرٍ ، عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ ، قَالَ : سَمِعْتُهُ يَقُولُ : مِنْ عَقْلِ الرَّجُلِ مَوْضِعُ بُزَاقِهِ .

(۲۷۱۹۶) حضرت مسعر رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت سعد بن ابراہیم رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: آدمی کی عقلمندی میں ہے کہ وہ کس جگہ تھوکتا ہے۔

(٢٧١٩٧) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ مِسْعَرٍ ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ قَالَ : كَانَ عَبْدُ اللهِ جَالِسًا مُسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةِ ، فَأَرَادَ أَنْ يَبْزُقَ عَنْ شِمَالِهِ وَكَانَ مَشْغُولاً فَكَرِهَ أَنْ يَبْزُقَ عَنْ يَمِينِهِ .

(۲۷۱۹۷) حضرت عبدالرحمٰن بن یزید رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ قبلہ رخ ہو کر بیٹھے ہوئے تھے۔ آپ رضی اللہ عنہ نے اپنے بائیں جانب تھوکنے کا ارادہ کیا تو وہ جگہ بھری ہوئی تھی۔ پس آپ رضی اللہ عنہ نے دائیں جانب تھوکنے کو مکروہ سمجھا۔

(۲۷۱۹۸) حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنْ أَيُّوبَ ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلاَلٍ ، أَنَّ مُعَاذًا تَفَلَ ذَاتَ يَوْمٍ ، عَنْ يَمِينِهِ ، ثُمَّ قَالَ :هاه ، مَا صَنَعْتُ هَذَا مُنْذُ صَحِبْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، أَوْ قَالَ :مُنْذُ أَسْلَمْتُ.

(۲۷۱۹۸) حضرت حمید بن ھلال رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے ایک دن اپنے دائیں جانب تھوک دیا پھر فرمایا: آہ افسوس! جب سے میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت میں آیا ہوں یا فرمایا: جب سے اسلام لایا ہوں، میں نے ایسا نہیں کیا۔

(۲۷۱۹۹) حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ قَالَ :حَدَّثَنَا أَبُو هِلاَلٍ ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلاَلٍ قَالَ :بَزَقَ أَبُو بَكْرٍ أَو تَفَلَ عَنْ يَمِينِهِ فِي مِرْضَةٍ مَرِضَهَا ، فَقَالَ :مَا فَعَلْتُه إِلاَّ مَرَّةً ، أَوْ قَالَ :غَيْرَ هَذِهِ الْمَرَّةِ.

(۲۷۱۹۹) حضرت حمید بن ھلال رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اپنے مرض الوفات میں دائیں طرف تھوک دیا۔ اور فرمایا: میں نے ایسا کبھی نہیں کیا مگر صرف ایک مرتبہ یا یوں فرمایا: میں نے ایک مرتبہ کے علاوہ ایسا کبھی نہیں کیا۔

(۲۲۶) فِي الرَّجُلِ يعتذِر إلى الرَّجُلِ مِن شيءٍ يبلغه عنه

اس آدمی کا بیان جو دوسرے آدمی کے سامنے اظہار براءت کرتا ہے اس خبر سے جو اس شخص کو اس کے متعلق پہنچی

(۲۷۲۰۰) حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ قَالَ :اعْتَذَرْتُ إِلَى إِبْرَاهِيمَ مِنْ شَيْءٍ بَلَغَهُ عَنِّي ، فَقَالَ :لاَ تَعْتَذِرْ ، قَدْ عَذَرْنَاكَ غَيْرَ مُعْتَذِرٍ.

(۲۷۲۰۰) حضرت ابن عون رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابراہیم رحمہ اللہ کے سامنے اس خبر سے اظہار براءت کی جو انہیں میرے متعلق پہنچی تھی۔ آپ رحمہ اللہ نے فرمایا: تم عذر پیش مت کرو، ہم نے تمہارا عذر قبول کر لیا، عذر پیش کرنے سے پہلے ہی۔

(۲۷۲۰۱) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ قَالَ :حَدَّثَنَا الأَعْمَشُ ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مَيْسَرَةَ ، عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ ، عَنْ رَافِعِ بْنِ أَبِي رَافِعٍ الطَّائِيِّ قَالَ :أَتَيْتُ أَبَا بَكْرٍ فَقُلْتُ :أَمَرْتَنِي بِمَا أَمَرْتَنِي بِهِ وَدَخَلْتَ فِيمَا دَخَلْتُ فِيهِ ، فَمَا زَالَ يَعْتَذِرُ إِلَيَّ حَتَّى عَذَرْتُه.

(۲۷۲۰۱) حضرت رافع بن ابورافع طائی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس آیا اور میں نے کہا: آپ رضی اللہ عنہ نے مجھے جو بھی حکم دیا تھا وہ دے دیا اور میں نے جہاں داخل ہونا تھا میں داخل ہو گیا۔ پھر آپ رضی اللہ عنہ نے مسلسل عذر پیش کرتے رہے یہاں تک کہ میں نے ان کا عذر قبول کر لیا۔

(٢٧٢٠٢) حَدَّثَنَا حَفْصٌ، وَابْنُ نُمَيْرٍ، وَوَكِيعٌ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللهِ اتَّقُوا، وَقَالَ حَفْصٌ: إِيَّاكُمْ وَالْمَعَاذِرَ ، فَإِنَّ كَثِيرًا مِنْهَا كَذِبٌ.

(۲۷۲۰۲) حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: عذر کرنے سے بچو۔ اس لیے کہ اس میں بہت زیادہ جھوٹ ہوتا ہے۔

(٢٧٢٠٣) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِاللهِ الأَسَدِيُّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ طَارِقٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ: خَرَجَ إِلَيْنَا شُرَيْحٌ يَعْتَذِرُ.

(۲۷۲۰۳) حضرت طارق رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ امام شعبی رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا: کہ حضرت شریح رحمۃ اللہ علیہ ہمارے پاس عذر پیش کرنے کے لیے تشریف لائے۔

(٢٧٢٠٤) حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ ، عَنْ شُعْبَةَ قَالَ : كُنْتُ أَمْشِي مَعَ الْحَكَمِ فَرَأَيْنَا أَبَا مَعْشَرٍ فَقَالَ الْحَكَمُ : إِنَّ هَذَا قَدْ بَلَغَهُ عَنِّي شَيْءٌ أَنِّي قُلْتُه ، وَلاَ وَاللَّهِ الَّذِي لاَ إِلَهَ إِلاَّ هُوَ مَا قُلْتُه ، قَالَ : فَلَمَّا جَاءَ أَبُو مَعْشَرٍ اعْتَذَرَ إِلَيْهِ الْحَكَمُ ، وَقَالَ : قَدْ حَلَفْتُ لِشُعْبَةَ أَنِّي لَمْ أَقُلِ الَّذِي بَلَغَكَ عَنِّي.

(۲۷۲۰۴) حضرت شعبہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت حکم رحمۃ اللہ علیہ کے ساتھ چل رہا تھا، اتنے میں ہم نے حضرت ابومعشر رحمۃ اللہ علیہ کو دیکھا، حضرت حکم رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: بے شک ان کو میرے بارے میں یہ بات پہنچی ہے کہ میں نے ان کے متعلق کچھ کہا ہے۔ نہیں! اللہ کی قسم جس کے سوا کوئی معبود نہیں، میں نے ایسا کچھ نہیں کہا۔ راوی کہتے ہیں: جب حضرت ابومعشر رحمۃ اللہ علیہ آئے تو حضرت حکم رحمۃ اللہ علیہ نے ان کے سامنے عذر پیش کیا اور فرمایا: تحقیق میں نے شعبہ کے سامنے قسم اٹھائی ہے کہ جو بات آپ رحمۃ اللہ علیہ کو میری طرف سے پہنچی ہے وہ میں نے نہیں کہی۔

(٢٧٢٠٥) حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ، عَنْ عَمِّهِ، قَالَ: سَمِعْتُ الشَّعْبِيَّ يَقُولُ: أَتَانِي إِبْرَاهِيمُ يَعْتَذِرُ إِلَيَّ مِنْ أَمْرٍ مَا بَلَغَنِي عَنْهُ.

(۲۷۲۰۵) امام شعبی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ میرے پاس تشریف لائے اور آپ رحمۃ اللہ علیہ نے میرے سامنے اس بات کا عذر پیش کیا جو مجھے ان کی طرف سے پہنچی تھی۔

(٢٢٧) مايكره للرجل أن يكتنى به

آدمی کے لیے اس کنیت کا اختیار کرنا مکروہ ہے

(٢٧٢٠٦) حَدَّثَنَا حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ ، عَنْ مُوسَى بن عَلِي ، عَنْ أَبِيهِ أَنَّ رَجُلاً اكْتَنَى بِأَبِي عِيسَى : فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : إِنَّ عِيسَى لاَ أَب لَه.

(۲۷۲۰۶) حضرت موسیٰ بن علی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ان کے والد حضرت علی رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا: کسی آدمی نے ابوعیسیٰ کنیت اختیار کی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یقیناً عیسیٰ علیہ السلام کے والد نہیں تھے۔

(۲۷۲۰۷) حَدَّثَنَا حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنُ عُمَرَ بْنُ حَفْصٍ ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ ، عَنْ أَبِيهِ أَنَّ عُمَرَ ضَرَبَ ابنًا لَهُ اكْتَنَى بِأَبِي عِيسَى ، وَقَالَ :إِنَّ عِيسَى لَيْسَ لَهُ أَب. (عبدالرزاق ۱۹۸۵۷)

(۲۷۲۰۷) حضرت اسلم رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے ایک بیٹے کو مارا جس نے ابوعیسیٰ کنیت اختیار کی اور فرمایا: یقیناً حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے کوئی والد نہیں تھے۔

(۲۲۸) ما ذكر في الضّحكِ و كثرتِهِ

ان روایات کا بیان جو ہنسنے اور کثرت سے ہنسنے کے متعلق ذکر کی گئیں

(۲۷۲۰۸) حَدَّثَنَا عَفَّانُ قَالَ : حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ ، عَنْ حُمَيْدٍ ، عَنِ الْحَسَنِ قَالَ : كَثْرَةُ الضَّحِكِ تُمِيتُ الْقَلْبَ. (بخاری ۲۵۲۔ ابن ماجه ۴۲۱۷)

(۲۷۲۰۸) حضرت حمید رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت حسن بصری رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: زیادہ ہنسنا دل کو مردہ کر دیتا ہے۔

(۲۷۲۰۹) حَدَّثَنَا عَفَّانُ ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ ، عَنْ ثَابِتٍ ، عَنِ الْحَسَنِ قَالَ :ضَحِكُ الْمُؤْمِنِ غَفْلَةٌ مِنْ قَلْبِهِ.

(۲۷۲۰۹) حضرت ثابت رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت حسن بصری رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: مومن کا ہنسنا اس کے دل کے غافل ہونے کی نشانی ہے۔

(۲۷۲۱۰) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ مِسْعَرٍ ، عَنْ عَوْنٍ قَالَ :كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لاَ يَضْحَكُ إِلاَّ تَبَسُّمًا ، وَلاَ يَلْتَفِتُ إِلاَّ مَعًا.

(۲۷۲۱۰) حضرت عون رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہنستے نہیں تھے مگر مسکرا کر اور متوجہ نہیں ہوتے تھے مگر مکمل طور پر۔

(۲۲۹) ما ذكر في القائلةِ نصف النّهارِ

ان روایات کا بیان جو آدھے دن کے وقت قیلولہ کرنے کے بارے میں ذکر کی گئیں

(۲۷۲۱۱) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ زَائِدَةَ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنْ مُجَاهِدٍ قَالَ :بَلَغَ عُمَرَ ، أَنَّ عَامِلاً لَهُ لاَ يَقِيلُ ، فَكَتَبَ إِلَيْهِ عُمَرُ :قِلْ ، فَإِنِّي حُدِّثْتُ أَنَّ الشَّيْطَانَ لاَ يَقِيلُ ، قَالَ مُجَاهِدٌ :إِنَّ الشَّيَاطِينَ لاَ يَقِيلُونَ.

(۲۷۲۱۱) حضرت مجاہد رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو خبر ملی کہ ان کا مقرر کردہ گورنر قیلولہ نہیں کرتا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس کو خط لکھا: قیلولہ کیا کرو، اس لیے کہ مجھے بیان کیا گیا ہے کہ بے شک شیطان قیلولہ نہیں کرتا۔ حضرت مجاہد رحمہ اللہ نے فرمایا: بے شک شیاطین قیلولہ نہیں کرتے۔

(۲۷۲۱۲) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ وَوَكِيعٌ قَالَ :حَدَّثَنَا مِسْعَرٌ قَالَ :حَدَّثَنِي ثَابِتُ بْنُ عُبَيْدٍ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ

أَبِي لَيْلَى ، عَنْ خَوَّاتِ بْنِ جُبَيْرٍ وَكَانَ بَدْرِيًّا قَالَ :نَوْمٌ أَوَّلِ النَّهَارِ خُرْقٌ ، وَأَوْسَطُهُ خُلُقٌ ، وَآخِرُهُ حُمْقٌ.

(۲۷۲۱۲) حضرت عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت خوات بن جبیر رضی اللہ عنہ جو بدری صحابی ہیں انہوں نے ارشاد فرمایا: دن کے ابتدائی حصہ میں سونا بے وقوفی ہے اور دن کے درمیان میں سونا فطرت ہے اور دن کے آخری حصہ میں سونا حماقت ہے۔

(۲۷۲۱۳) حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ بْنِ جَابِرٍ ، عَنْ مَكْحُولٍ ، أَنَّهُ كَانَ يَكْرَهُ النَّوْمَ بَعْدَ الْعَصْرِ ، وَقَالَ :يَخَافُ عَلَى صَاحِبِهِ مِنْهُ الْوَسْوَاسَ.

(۲۷۲۱۳) حضرت عبدالرحمٰن بن یزید بن جابر رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت مکحول رحمہ اللہ عصر کے بعد سونے کو مکروہ سمجھتے تھے اور فرماتے: ایسا کرنے پر وسوسوں میں مبتلا ہو جانے کا اندیشہ ہے۔

(۲۳۰) فِي الرَّجُلِ ينبطِح على وجهِهِ

اس آدمی کا بیان جو منہ کے بل اوندھا لیٹتا ہو

(۲۷۲۱٤) حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ :مَرَّ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِرَجُلٍ مُنْبَطِحٍ عَلَى بَطْنِهِ ، فَقَالَ :إِنَّ هَذِهِ ضَجْعَةٌ لَا يُحِبُّهَا اللَّهُ.

(ترمذی ۲۷۶۸۔ احمد ۲۸۷)

(۲۷۲۱۴) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا گزر کسی آدمی کے پاس سے ہوا جو پیٹ کے بل لیٹا ہوا تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک یہ وہ لیٹنا ہے جسے اللہ پسند نہیں فرماتے۔

(۲۷۲۱۵) حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُوسَى قَالَ :حَدَّثَنَا شَيْبَانُ ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ ، أَنَّ يَعِيشَ بْنَ قَيْسِ بْنِ طِخْفَةَ حَدَّثَهُ ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ :وَكَانَ أَبِي مِنْ أَصْحَابِ الصُّفَّةِ ، قَالَ :بَيْنَا أَنَا نَائِمٌ عَلَى بَطْنِي مِنَ السَّحَرِ إِذْ دَفَعَنِي رَجُلٌ بِرِجْلِهِ فَقَالَ :هَذِهِ ضَجْعَةٌ يُبْغِضُهَا اللَّهُ ، فَرَفَعْتُ رَأْسِي فَإِذَا هُوَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. (ابو داؤد ۵۰۰۱۔ احمد ۴۲۹)

(۲۷۲۱۵) حضرت یعیش بن قیس بن طخفہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میرے والد اصحاب صفہ میں سے تھے وہ فرماتے ہیں کہ اس درمیان کہ میں صبح کے وقت پیٹ کے بل لیٹا ہوا تھا کہ اچانک کسی آدمی نے مجھے اپنی ٹانگ ماری اور فرمایا: یہ وہ لیٹنا جسے اللہ تعالیٰ پسند نہیں فرماتے۔ آپ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے سر اٹھا کر دیکھا تو وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تھے۔

(۲۳۱) ما قالوا فِيما يستحبّ أن يبدأ بِهِ مِن الكلام

مستحب ہے کہ کلام کی ابتدا ایسے کی جائے

(۲۷۲۱٦) حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ :حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ قَالَ :حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ كُلَيْبٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ

أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : كُلُّ خُطْبَةٍ لَيْسَ فِيهَا تَشَهُّدٌ كَالْيَدِ الْجَذْمَاءِ.

(ترمذی ۱۱۰۶۔ ابو داؤد ۴۸۰۸)

(۲۷۲۱۶) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہر وہ خطبہ جس میں کلمہ شہادت نہ ہو وہ مفلوج ہاتھ کی مانند ہے۔

(۲۷۲۱۷) حَدَّثَنَا أَسْوَدُ بْنُ عَامِرٍ قَالَ :حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ ، عَنْ عَطَاءٍ ، عَنْ أَبِي الْبَخْتَرِيِّ قَالَ : كُلُّ حَاجَةٍ لَيْسَ فِيهَا تَشَهُّدٌ فَهِيَ بَتْرَاءُ.

(۲۷۲۱۷) حضرت عطاء رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابو البختری رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: ہر وہ ضرورت جس میں کلمہ شہادت نہ ہو تو وہ دم بریدہ ہے۔

(۲۷۲۱۸) حَدَّثَنَا أَسْوَدُ بْنُ عَامِرٍ قَالَ :حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ ، قَالَ :سَمِعت حُمَيْدَ بْنَ هِلَالٍ يقول : كُل خطبة لَيْسَ فِيهَا تَشَهُّدٌ فَهِيَ بَتْرَاءُ.

(۲۷۲۱۸) حضرت حماد بن سلمہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت حمید بن ھلال رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: ہر وہ خطبہ جس میں کلمہ شہادت نہ ہو تو وہ دم بریدہ ہے۔

(۲۷۲۱۹) حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ مُوسَى ، عَنِ الأَوْزَاعِيِّ ، عَنْ قُرَّةَ ، عَنِ الزُّهْرِيِّ ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ : كُلُّ كَلامٍ ذِي بَالٍ لاَ يُبْدَأُ فِيهِ بِالْحَمْدِ لِلَّهِ ، فَهُوَ أَقْطَعُ.

(ابو داؤد ۴۸۰۷۔ احمد ۳۵۹)

(۲۷۲۱۹) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہر وہ شاندار کلام جس کی ابتدا الحمد للہ سے نہ کی جائے تو وہ نامکمل ہے۔

(۲۳۲) الغلام يشتدّ خلف الرّجلِ وهو راكِبٌ

جو بچہ آدمی کے پیچھے بھاگ رہا ہو اس حال میں کہ وہ سوار ہو

(۲۷۲۲۰) حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ ، عَنْ أَبِي الْمُهَزِّمِ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، أَنَّهُ رَأَى رَجُلاً يَشْتَدُّ خَلْفَهُ غُلاَمٌ فَقَالَ :احْمِلْهُ فَإِنَّهُ أَخُوكَ الْمُسْلِمُ ، وَرُوحُهُ مِثْلُ رُوحِكَ.

(۲۷۲۲۰) حضرت ابو المھزم رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کسی آدمی کو دیکھا جس کے پیچھے ایک لڑکا بھاگ رہا تھا، آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس کو بھی سوار کرلو۔ بے شک یہ تمہارا مسلمان بھائی ہے اور اس کی روح بھی تمہاری روح کی طرح ہے۔

(۲۷۲۲۱) حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ ، عَنْ يُوسُفَ بْنِ الْمُهَاجِرِ قَالَ :رَأَيْتُ أَبَا جَعْفَرٍ رَاكِبًا عَلَى بَغْلٍ ، أَوْ بَغْلَةٍ مَعَهُ

غُلَامٌ يَمْشِي جَنْبَتَيْهِ.

(۲۷۲۲۱) حضرت یوسف بن مہاجر رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوجعفر رحمہ اللہ کو دیکھا اس حال میں کہ وہ خچر یا خچرنی پر سوار تھے اور ان کے ساتھ ایک بچہ تھا جو ان کے دائیں بائیں جانب چل رہا تھا۔

(۲۳۳) فِي أَدَبِ الْيَتِيمِ

یتیم بچہ کو ادب سکھانے کا بیان

(۲۷۲۲۲) حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ، عَنْ شُعْبَةَ قَالَ حَدَّثَتْنِي شُمَيْسَةُ ، قَالَتْ :سَمِعْتُ عَائِشَةَ ، وَسُئِلَتْ عَنْ أَدَبِ الْيَتِيمِ فَقَالَتْ :إِنِّي لأَضْرِبُ أَحَدَهُمْ حَتَّى يَنْبَسِطَ.

(۲۷۲۲۲) حضرت شمیسہ رحمہا اللہ فرماتی ہیں کہ میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو یوں فرماتے ہوئے سنا کہ ان سے یتیم بچہ کو ادب سکھانے کے متعلق سوال کیا گیا؟ آپ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: بے شک میں ان میں سے کسی کو اتنا ماروں گی کہ وہ خوش ہو جائے۔

(۲۷۲۲۳) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنْ عَمْرٍو ، عَنِ الْحَسَنِ الْعُرَنِيِّ ، أَنَّ رَجُلاً قَالَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :مِمَّ أَضْرِبُ يَتِيمِي ؟ قَالَ :اضْرِبْهُ مِمَّا كُنْتَ ضَارِبًا مِنْهُ وَلَدَكَ. (طبری ۲۶۰)

(۲۷۲۲۳) حضرت حسن عُرنی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کسی صحابی رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا: میں یتیم کو کس حد تک مار سکتا ہوں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اس کو اتنا مارو جتنا تم اپنے بچہ کو مارتے ہو۔

(۲۷۲۲۴) حَدَّثَنَا عَفَّانُ قَالَ :حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ ، عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ الْخَطْمِيِّ ، أَنَّ أَبَاهُ سَأَلَ سَعِيدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ ، أَوْ قَالَ :أَرْسِلْ مَوْلًى لَهُ وَأَنَا مَعَهُ يَسْأَلُهُ :مِمَّ يَضْرِبُ الرَّجُلُ يَتِيمَهُ ؟ قَالَ :مِمَّ يَضْرِبُ الرَّجُلُ وَلَدَهُ ، قَالَ أَبُو جَعْفَرٍ :وَسَأَلَ مُحَمَّدَ بْنَ كَعْبٍ فَقَالَ مِثْلَ ذَلِكَ.

(۲۷۲۲۴) حضرت ابوجعفر خطمی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ان کے والد نے حضرت سعید بن مسیب رحمہ اللہ سے سوال کیا یا یوں فرمایا: کہ انہوں نے اپنے غلام کو بھیجا اور میں ان کے ساتھ تھا کہ آدمی یتیم کو کس حد تک مار سکتا ہے؟ آپ رحمہ اللہ نے فرمایا: جتنا آدمی اپنے بچہ کو مار سکتا ہے۔ حضرت ابوجعفر رحمہ اللہ فرماتے ہیں: کہ انہوں نے حضرت محمد بن کعب رحمہ اللہ سے پوچھا: انہوں نے بھی یہی ارشاد فرمایا۔

(۲۳۴) فِي الرَّجُلِ يَقُولُ مَا شَاءَ اللَّهُ وَشَاءَ فُلاَنٌ

اس آدمی کا بیان جو یوں کہے: جو اللہ نے چاہا اور فلاں نے چاہا

(۲۷۲۲۵) حَدَّثَنَا أَزْهَرُ ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ ، عَنْ مُحَمَّدٍ قَالَ :قَرَأْتُ كِتَابًا فِيهِ مَا شَاءَ اللَّهُ وَالأَمِيرُ فَقَالَ :مَا شَاءَ الأَمِيرُ بَعْدَ اللهِ.

(۲۷۲۲۵) حضرت ابن عون رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت محمد رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا: کہ میں نے ایک کتاب پڑھی جس میں یوں لکھا تھا: جو اللہ نے چاہا اور امیر نے، آپ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: امیر نے اللہ کے بعد چاہا۔

(٢٧٢٢٦) حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ يَسَارٍ ، عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :لاَ تَقُولُوا :مَا شَاءَ اللَّهُ وَشَاءَ فُلاَنٌ ، وَلَكِنْ قُولُوا :مَا شَاءَ اللَّهُ ، ثُمَّ شَاءَ فُلاَنٌ.

(ابو داؤد ۴۹۸۰۔ احمد ۳۸۴)

(۲۷۲۲۶) حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم یوں مت کہو: جو اللہ نے چاہا اور فلاں نے چاہا، لیکن یوں کہہ لیا کرو جو اللہ نے چاہا پھر فلاں نے چاہا۔

(٢٧٢٢٧) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ ، عَنِ الأَجْلَحِ ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ الأَصَمِّ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ :جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَحَدَّثَهُ بِبَعْضِ الْكَلاَمِ فَقَالَ :مَا شَاءَ اللَّهُ وَشِئْتَ ، فَقَالَ :جَعَلْتَنِي وَالله عَدْلاً ، لاَ بَلْ مَا شَاءَ اللَّهُ. (ابن ماجه ۲۱۱۷۔ احمد ۲۱۴)

(۲۷۲۲۷) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آیا، اس نے کچھ بات بیان کی اور فرمایا: جو اللہ نے چاہا اور آپ نے چاہا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم نے مجھے اللہ کے برابر کر دیا۔ نہیں بلکہ یوں کہو: جو اللہ نے چاہا۔

(٢٣٥) ما يكره أن يظهر مِن جسدِ الرّجلِ

آدمی کے جسم کے جس حصہ کا ظاہر ہونا مکروہ ہے

(٢٧٢٢٨) حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنْ سَالِمٍ ، عَنْ زُرْعَةَ بْنِ مُسْلِمِ بْنِ جَرْهَدٍ ، عَنْ جَدِّهِ ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَبْصَرَهُ فِي الْمَسْجِدِ وَعَلَيْهِ بُرْدَةٌ قَدِ انْكَشَفَ فَخِذُهُ فَقَالَ :إِنَّ الْفَخِذَ مِنَ الْعَوْرَةِ.

(ترمذی ۲۷۹۸۔ ابو داؤد ۴۰۱۰)

(۲۷۲۲۸) حضرت جرہد رضی اللہ عنہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں، فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مسجد میں ان کو دیکھا اس حال میں کہ ان پر چادر تھی اور ان کی ران کھلی ہوئی تھی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک ران ستر کا حصہ ہے۔

(٢٧٢٢٩) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ قَالَ :حَدَّثَنَا ابْنُ صَالِحٍ ، عَنْ مَنْصُورٍ قَالَ :قَالَ عُمَرُ :فَخِذُ الرَّجُلِ مِنَ الْعَوْرَةِ.

(۲۷۲۲۹) حضرت منصور رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: آدمی کی ران ستر کا حصہ ہے۔

(٢٧٢٣٠) حَدَّثَنَا جَرِيرٌ ، عَنْ مُغِيرَةَ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، أَنَّهُ كَانَ يَقُولُ :الْفَخِذُ مِنَ الْعَوْرَةِ.

(۲۷۲۳۰) حضرت مغیرہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے: ران ستر کا حصہ ہے۔

(٢٧٢٣١) حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ ، عَنْ لَيْثٍ ، عَنْ مُجَاهِدٍ قَالَ :خُرُوجُ الْفَخِذِ فِي الْمَسْجِدِ مِنَ الْعَوْرَةِ.

(۲۷۲۳۱) حضرت لیث رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت مجاہد رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: مسجد میں ران کا کھلنا ستر کا حصہ ہے۔

(۲۷۲۳۲) حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ ، عَنْ إِسْرَائِيلَ ، عَنْ أَبِي يَحْيَى ، عَنْ مُجَاهِدٍ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ :الْفَخْذُ مِنَ الْعَوْرَةِ. (ترمذی ۲۷۹۶۔ احمد ۲۷۵)

(۲۷۲۳۲) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ران ستر کا حصہ ہے۔

(۲۳۶) فِيما آخى النّبيّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بينه وبينه

ان لوگوں کا بیان نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جن کے درمیان بھائی چارہ قائم کیا

(۲۷۲۳۳) حَدَّثَنَا جَعفَر بْنُ عَوْنٍ ، عَنْ أَبِي الْعُمَيْسِ ، عَنْ عَوْنِ بْنِ أَبِي جُحَيْفَةَ ، عَنْ أَبِيهِ ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ آخَى بَيْنَ سَلْمَانَ ، وَأَبِي الدَّرْدَاءِ. (بخاری ۱۹۶۸۔ ترمذی ۲۴۱۳)

(۲۷۲۳۳) حضرت ابو جحیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت سلمان رضی اللہ عنہ اور حضرت ابو الدرداء رضی اللہ عنہ کے درمیان بھائی چارہ قائم کیا۔

(۲۷۲۳٤) حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ ، عَنْ بَشِيرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ : كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ آخَى بَيْنَ الزُّبَيْرِ وَبَيْنَ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ. (ابن سعد ۱۰۲)

(۲۷۲۳۴) حضرت بشیر بن عبد الرحمن بن کعب بن مالک رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت زبیر رضی اللہ عنہ اور حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ کے درمیان بھائی چارہ قائم کیا۔

(۲۷۲۳۵) حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ ، عَنْ زَائِدَةَ ، عَنْ أَبِي فَرْوَةَ قَالَ :قَالَ ابْنُ أَبِي لَيْلَى : كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ آخَى بَيْنَ زَيْدٍ وحَمْزَةَ .

(۲۷۲۳۵) حضرت ابن ابی لیلیٰ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت زید رضی اللہ عنہ اور حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کے درمیان بھائی چارہ قائم کیا۔

(۲۷۲۳٦) حَدَّثَنَا قَبِيصَةُ ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ ، عَنْ ثَابِتٍ ، عَنْ أَنَسٍ ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ آخَى بَيْنَ أَبِي طَلْحَةَ وَبَيْنَ أَبِي عُبَيْدَةَ بْنِ الْجَرَّاحِ. (حاکم ۲۶۸)

(۲۷۲۳۶) حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابو طلحہ رضی اللہ عنہ اور حضرت ابو عبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ کے درمیان بھائی چارہ قائم کیا۔

(۲۷۲۳۷) حَدَّثَنَا عَفَّانُ قَالَ :حدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ ، عَنْ ثَابِتٍ ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ آخَى بَيْنَ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ وَالصَّعْبِ بْنِ جَثَّامَةَ.

(۲۷۲۳۷) حضرت شہر بن حوشب رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عوف بن مالک رضی اللہ عنہ اور حضرت صعب بن جثامہ رضی اللہ عنہ کے درمیان بھائی چارہ قائم کیا۔

(۲۷۲۳۸) حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ ، عَنِ الْحَجَّاجِ ، عَنِ الْحَكَمِ ، عَنْ مِقْسَمٍ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِعَلِيٍّ ، أَنْتَ أَخِي وَصَاحِبِي. (ترمذی ۳۷۲۰۔ احمد ۲۳۰)

(۲۷۲۳۸) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا: تم میرے بھائی اور میرے ساتھی ہو۔

(۲۷۲۳۹) حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ مُعَاذٍ قَالَ :أَخْبَرَنَا حُمَيْدٌ ، عَنْ أَنَسٍ ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ آخَى بَيْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ وَسَعْدِ بْنِ الرَّبِيعِ. (بخاری ۲۰۴۹۔ احمد ۲۷۱)

(۲۷۲۳۹) حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ اور حضرت سعد بن ربیع رضی اللہ عنہ کے درمیان بھائی چارہ قائم کیا۔

(۲۳۷) فِي الرَّجلِ يأخذ مِن مالِ أخِيهِ

اس آدمی کا بیان جو اپنے بھائی کا مال لے لے

(۲۷۲۴۰) حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ ، عَنْ مُحَمَّدٍ قَالَ :مَا تَرَكَ الرَّجُلُ أَنْ يَأْخُذَ مِنْ دِرْهَمِ صَدِيقِهِ.

(۲۷۲۴۰) حضرت ابن عون رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت محمد رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: آدمی نہیں چھوڑتا کہ وہ اپنے دوست کے دراہم لے لیتا ہے۔

(۲۷۲۴۱) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ نَافِعٍ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ :لَقَدْ رَأَيْتُنَا وَمَا الرَّجُلُ الْمُسْلِمُ بِأَحَقَّ بِدِينَارِهِ ، وَلاَ دِرْهَمِهِ مِنْ أَخِيهِ الْمُسْلِمِ.

(۲۷۲۴۱) حضرت نافع رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: ہم نے خود کو دیکھا کہ مسلمان آدمی اپنے درہم اور دینار کا اپنے مسلمان بھائی سے زیادہ حق دار نہیں تھا۔

(۲۳۸) الرَّجل يقول لِلرَّجلِ لبّيك

جو آدمی دوسرے شخص کو کہے: لبیک (میں حاضر ہوں)

(۲۷۲۴۲) حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، عَنِ الأَسْوَدِ قَالَ :قَالَ لَهُ عَلْقَمَةُ :يَا أَبَا عَمْرٍو ، فَقَالَ : لَبَّيْكَ ، فَقَالَ لَهُ :عَلْقَمَةُ :لَبِّ يَدَيْكَ.

(۲۷۲۴۲) حضرت اسود رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت علقمہ رحمہ اللہ نے ان کو پکارا۔ اے ابوعمرو؟ آپ رحمہ اللہ نے کہا: لبیک: میں حاضر

ہوں۔ حضرت علقمہ رحمۃ اللہ علیہ نے آپ رحمۃ اللہ علیہ سے کہا: اپنے دونوں ہاتھ حاضر کرو۔

(٢٧٢٤٣) حَدَّثَنَا عَفَّانُ قَالَ :حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ ، عَنْ مُغِيرَةَ ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ قَالَ : كَانَ إِذَا دُعِيَ قَالَ :لَبَّى اللَّهَ ، وَلَا يَقُولُ :لَبَّيْكَ.

(۲۷۲۴۳) حضرت مغیرہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابو وائل رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا: جب کسی کو پکارا جائے تو وہ یوں کہے: اللہ نے مجھے حاضر کر دیا یوں نہ کہے: میں حاضر ہوں۔

(٢٣٩) فِي الرَّجلِ يقيِّد غلامه

جن لوگوں نے یوں کہا اس آدمی کے بارے میں جو اپنے لڑکے کو مقید کر دے

(٢٧٢٤٤) حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ سَعْدِ بْنِ يُوسُفَ بْنِ يَعْقُوبَ قَالَ :قَالُوا لِطَاوُوس فِي عَبْدٍ لَهُ فَقَالَ : مَا لَهُ مَالٌ أكاتبه ، وَلَا هُوَ صَالِحٌ فَأُزَوِّجُهُ ، وَكَانَ يَكْرَهُ الضَّرْبَ ، وَيَقُولُ :الْقَيْدُ.

(۲۷۲۴۴) حضرت سعد بن یوسف بن یعقوب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ چند لوگوں نے حضرت طاؤس رحمۃ اللہ علیہ سے اپنے کسی غلام کے متعلق عرض کیا: نہ تو اس کے پاس مال ہے کہ میں اس کو مکاتب بنا دوں نہ ہی وہ نیک ہے کہ میں اس کی شادی کر دوں اور وہ شخص مارنے کو ناپسند کرتا تھا: آپ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: اس کو قید کر دو۔

(٢٧٢٤٥) حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ طَهْمَانَ عَمَّنْ حَدَّثَهُ ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ ، أَنَّهُ كَانَ يَكْرَهُ أَنْ يَجْعَلَ الرَّجُلُ فِي عُنُقِ غُلَامِهِ الرَّايَةَ.

(۲۷۲۴۵) حضرت ابراہیم بن طھمان رحمۃ اللہ علیہ اپنے کسی شیخ سے نقل کرتے ہیں کہ حضرت جابر بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ بچہ کی گردن میں طوق ڈالنے کو مکروہ سمجھتے تھے۔

(٢٧٢٤٦) حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ ، عَنْ هِشَامٍ ، عَنِ الْحَسَنِ ، أَنَّهُ كَانَ يَكْرَهُ أَنْ يَجْعَلَ الرَّجُلُ فِي عُنُقِ غُلَامِهِ الْبَرَّايَةَ.

(۲۷۲۴۶) حضرت ھشام رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ مکروہ سمجھتے تھے کہ آدمی اپنے بچہ کی گردن میں طوق ڈالے۔

(٢٧٢٤٧) حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي زَائِدَةَ ، عَنِ الْأَعْمَشِ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، عَنْ مَسْرُوقٍ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ ، أَنَّهُ قَالَ لِرَجُلٍ وَذَكَرَ امْرَأَتَهُ فَقَالَ :قَيِّدْهَا.

(۲۷۲۴۷) حضرت مسروق رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے اس آدمی سے فرمایا: جس نے اپنی بیوی کا ذکر کیا تھا کہ تم اسے قید کر دو۔

(٢٧٢٤٨) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ ، عَنْ جَابِرٍ ، قَالَ :سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ :سَلُوا اللَّهَ عِلْمًا نَافِعًا وَتَعَوَّذُوا بِاللَّهِ مِنْ عِلْمٍ لَا يَنْفَعُ. (بخاری ۳۲۲۰۔ احمد ۲۳۰)

(۲۷۲۴۸) حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو یوں فرماتے ہوئے سنا کہ تم لوگ اللہ رب العزت سے نفع پہنچانے والے علم کا سوال کرو اور اللہ رب العزت کی پناہ مانگو ایسے علم سے جو نفع نہ پہنچائے۔

(۲٤٠) ما قالوا فِي كراهِيةِ العِرَافةِ

نگران بننے کی کراہت کا بیان

(۲۷۲۴۹) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ شُعْبَةَ ، عَنْ غَالِبٍ الْعَبْدِيِّ ، عَنْ رَجُلٍ مِنْ بَنِي نمير ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ جَدِّهِ ، أَوْ جَدِّ أَبِيهِ قَالَ :قُلْتُ :يَا رَسُولَ اللهِ ، إِنَّ أَبِي يُقْرِئُكَ السَّلاَمَ ، قَالَ :عَلَيْكَ وَعَلَى أَبِيكَ السَّلاَمُ ، قُلْتُ :يَا رَسُولَ اللهِ ، إِنَّ قَوْمِي يُرِيدُونَ أَنْ يُعَرِّفُونِي ، قَالَ :لاَ بُدَّ مِنْ عَرِيفٍ ، وَالْعَرِيفُ فِي النَّارِ.

(۲۷۲۴۹) حضرت غالب عبدی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ قبیلہ بنو نمیر کے ایک شخص اپنے دادا سے نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا: میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میرے والد آپ کو سلام کہتے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تجھ پر اور تیرے والد پر بھی سلام ہو۔ میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میری قوم چاہتی ہے کہ وہ مجھے نگران مقرر کر دے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نگران لازمی ہے۔ اور نگران جہنم میں ہوگا۔

(۲۷۲۵۰) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ أَبِي سَعِيد ، عَنْ رَجُلٍ لَمْ يَكْنُ يُسَمِّهِ سَمِعَ أَنَسًا يَقُولُ :وَيْلٌ لِلْعُرَفَاءِ وَالنُّقَبَاءِ ، وَيْلٌ لِلأُمَنَاءِ ، وَدَّ أَحَدُهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ لَوْ كَانَ مُعَلَّقًا بِالثُّرَيَّا. (احمد ۱۳۱۵۔ ابو یعلی ۶۱۸۹)

(۲۷۲۵۰) حضرت ابو سعید رحمہ اللہ کسی آدمی سے نقل کرتے ہیں جس کا انہوں نے نام بیان نہیں کیا۔ اس نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کو یوں فرماتے ہوئے سنا: منتظمین نگرانوں کے لیے ہلاکت ہے اور ان میں کوئی آرزو کرے گا کہ کاش وہ ثریا ستارے سے چمٹ جائے۔

(۲۷۲۵۱) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُدَيْرٍ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ شَقِيقٍ ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ حَيْدَةَ قَالَ :لأَنْ أُقْطَعَ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ أَكُونَ عَرِيفًا عَلَى عَشْرَةٍ سَنَةً.

(۲۷۲۵۱) حضرت عبداللہ بن شقیق رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت حبیب بن حیدہ رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: مجھے ٹکڑے ٹکڑے کر دیا جائے یہ زیادہ پسندیدہ ہے اس سے کہ مجھے دس آدمیوں پر ایک سال کے لیے نگران مقرر کر دیا جائے۔

(۲۷۲۵۲) حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ حَكِيمٍ قَالَ :أَخْبَرَنِي عَبْدُ اللهِ بْنُ عُثْمَانَ ، عَنْ رَجُلٍ مِنْ بَنِي سَلُولَ ، أَنَّهُ دَعَاهُ قَوْمُهُ لِيُعَرِّفُوهُ ، وَاخْتَارُوهُ لِذَلِكَ ، فَأَبَى وَامْتَنَعَ ، فَذَهَبَ إِلَى عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو فَشَاوَرَهُ وَاسْتَأْمَرَهُ فَقَالَ : لاَ تَعْرِفَنَّ عَلَيْهِمْ فَجَاؤوا بِالْغَدْوَى فَلَمْ يَزَالُوا حَتَّى أَلْزَمُوهَا إِيَّاهُ ، فَذَهَبَ إِلَى عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو فَأَخْبَرَهُ ، أَنَّهُ قَدْ أُكْرِهَ فَقَالَ :أَوَّلُهَا شُفْعَةٌ وَأَوْسَطُهَا خِيَانَةٌ وَآخِرُهَا عَذَابُ النَّارِ.

(۲۷۲۵۲) حضرت عثمان بن حکیم رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عثمان رحمہ اللہ جو قبیلہ بنو سلول کے آدمی ہیں وہ فرماتے ہیں کہ

میری قوم نے مجھے بلایا تا کہ وہ مجھے نگران مقرر کریں اور اس عہدے کے لیے منتخب کریں۔ آپ رحمہ اللہ نے انکار کر دیا اور اس کو چھوڑ دیا۔ آپ رحمہ اللہ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کے پاس گئے آپ نے ان سے مشورہ کیا اور ان کی رائے مانگی۔ انہوں نے فرمایا: تم ہرگز ان پر نگران مت بننا، وہ لوگ اگلی صبح پھر آپ رحمہ اللہ کے پاس آ گئے اور مسلسل اصرار کرتے رہے یہاں تک کہ انہوں نے آپ رحمہ اللہ کو اس کے لیے مقرر کر دیا۔ آپ رحمہ اللہ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کے پاس گئے اور انہیں بتلایا کہ مجھے مجبور کر دیا گیا۔ اس پر انہوں نے فرمایا: اس کی ابتدا تو سفارش ہے اور اس کا درمیان خیانت ہے اور اس کی انتہاء جہنم کا عذاب ہے۔

(٢٧٢٥٣) حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ، عَنْ غَالِبٍ قَالَ: إِنَّا لَجُلُوسٌ إِذْ رَجُلٌ دَخَلَ فَقَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ جَدِّي، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنِ ابْتَدَأَ قَوْمًا بِسَلامٍ فَضَلَهُمْ بِعَشْرِ حَسَنَاتٍ، وَقَالَ: بَعَثَنِي أَبِي إِلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقَالَ: ائْتِهِ فَأَقْرِئْهُ السَّلامَ، وَقُلْ لَهُ هُوَ يَطْلُبُ إِلَيْكَ أَنْ تَجْعَلَ لَهُ الْعِرَافَةَ مِنْ بَعْدُ، قَالَ: الْعِرَافَةُ حَقٌّ، الْعِرَافَةُ حَقٌّ، وَلا بُدَّ مِنْ عُرَفَاءَ، وَلَكِنَّ الْعَرِيفَ بِمَنْزِلَةٍ قَبِيحَةٍ. (ابو داؤد ۵۱۸۹۔ بزار ۸۰۸)

(۲۷۲۵۳) حضرت غالب رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ہم لوگ بیٹھے ہوئے تھے کہ اتنے میں ایک آدمی داخل ہوا اور کہا کہ میرے دادا فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص لوگوں سے سلام میں پہل کرے تو وہ ان سے دس نیکیوں میں بڑھ جائے گا۔ راوی کہتے ہیں: میرے والد نے مجھے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بھیجا اور فرمایا: کہ جا کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو سلام کہو۔ اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہو میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے درخواست کرتا ہوں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے اپنے بعد نگران مقرر فرما دیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نگرانی و انتظام برحق ہے۔ نگرانی و انتظام برحق ہے۔ نگران بنانا ضروری ہے، لیکن نگران برے مرتبہ میں ہوگا۔

(٢٧٢٥٤) حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ قَالَ: حَدَّثَنَا قُرَّةُ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلالٍ قَالَ: قَالَ أَبُو السَّوَّارِ: وَاللَّهِ لَوَدِدْتُ أَنَّ حَدَقَتِي فِي حِجْرِي مَكَانَ الْعِرَافَةِ.

(۲۷۲۵۴) حضرت حمید بن ھلال رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابو السوار رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: اللہ کی قسم! میں پسند کرتا ہوں کہ میری آنکھ کی سیاہی، میری آنکھ کے حلقہ میں پھیل جائے نگران بننے کے بجائے۔

(٢٧٢٥٥) حَدَّثَنَا الْفَضْلُ قَالَ: حَدَّثَنَا سَلامُ بْنُ مِسْكِينٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ وَاسِعٍ، عَنِ الْمَهْرِيِّ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ لِي: يَا مَهْرِيُّ، لا تَكُنْ جَابِيًا، وَلا عَرِيفًا، وَلا شُرْطِيًّا.

(۲۷۲۵۵) حضرت مہری رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے مجھے ارشاد فرمایا: اے مہری! تم مت بنو خراج وصول کرنے والا، نہ ہی نگران اور نہ ہی سپاہی۔

(٢٤١) مَنْ رَخَّصَ فِي الْعِرَافَةِ

جس نے نگران بننے میں رخصت دی

(٢٧٢٥٦) حَدَّثَنَا الثَّقَفِيُّ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ مُحَمَّدٍ قَالَ: كَانَ عَبِيدَةُ عَرِيفَ قَوْمِهِ.

(۲۷۲۵۶) حضرت محمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبیدہ رحمہ اللہ اپنی قوم کے نگران تھے۔

(۲۷۲۵۷) حَدَّثَنَا الْفَضْلُ ، عَنْ قُرَّةَ قَالَ : كَانَ أَبُو السَّوَّارِ عَرِيفًا فِي زَمَنِ الْحَجَّاجِ.

(۲۷۲۵۷) حضرت قرۃ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوالسوار رحمہ اللہ حجاج کے زمانے میں نگران مقرر تھے۔

(۲۷۲۵۸) حَدَّثَنَا غَسَّانُ بْنُ مُضَرَ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ يَزِيدَ ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ : لَمَّا وَلِيَ عُمَرُ الْخِلاَفَةَ فَرَضَ الْفَرَائِضَ ، وَدَوَّنَ الدَّوَاوِينَ ، وَعَرَّفَ الْعُرَفَاءَ ، قَالَ جَابِرٌ : فَعَرَّفَنِي عَلَى أَصْحَابِي.

(۲۷۲۵۸) حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو خلافت ملی تو آپ رضی اللہ عنہ نے حصے مقرر فرمائے اور دیوان مدون کروائے اور نگران مقرر کیے۔ حضرت جابر رحمہ اللہ نے فرمایا: کہ آپ رضی اللہ عنہ نے مجھے میرے ساتھیوں پر نگران مقرر کیا۔

(۲۷۲۵۹) حَدَّثَنَا الْفَضْلُ قَالَ : حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ أَبِي إِسْحَاقَ قَالَ : رَأَيْتُ سَعِيدَ بْنَ وَهْبٍ وَكَانَ عَرِيفَ قَوْمِهِ.

(۲۷۲۵۹) حضرت یونس بن ابی اسحاق رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت سعید بن وھب رحمہ اللہ کو دیکھا کہ وہ اپنی قوم کے نگران تھے۔

(۲۷۲۶۰) حَدَّثَنَا مَرْحُومُ بن عَبْدِ العزيز ، عَنْ أَبِيهِ : كَانَ أَبُو السَّوَّارِ عَرِيفَ بَنِي عَدِيٍّ.

(۲۷۲۶۰) حضرت عبدالعزیز رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوالسوار رحمہ اللہ قبیلہ بنو عدی کے نگران تھے۔

MAKTABA-E-REHMANIA

مکتبہ رحمانیہ

اقرا سنٹر، غزنی سٹریٹ، اردو بازار لاہور

فون: 042-7224228-7355743

فیکس: 042-7221395